﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾

سیرت سیدِ الاُمم صلی اللہ علیہ وسلم

ماخذ

قرآنِ مجید، کتبِ احادیث، فقہ وتاریخ

جلد ۵

مولوی محمد اصغر ہاشمی

صفحہ نمبر	فہرست مضامین
	۶ بعثت نبوی
۲۳۱۰	سید الشہداء حمزہ رضی اللہ عنہ بن عبدالمطلب کا قبول اسلام
۲۳۱۰	ذی الحجہ چھ نبوی
۲۳۱۴	مضامین حم السجدۃ
۲۳۲۰	تخلیق کائنات کا مرحلہ وار ذکر
۲۳۲۴	انبیاء کی تکذیب عذاب الٰہی کا سبب
۲۳۳۵	شیطانی منصوبہ
۲۳۳۷	اللہ کی الوہیت و ربوبیت پر استقامت اور اس کا انعام
۲۳۳۹	اللہ تعالیٰ کا محبوب انسان
۲۳۴۲	مخلوق کو نہیں خالق کو سجدہ کرو
۲۳۴۴	حیات بعد الموت پر ایک دلیل
۲۳۵۴	انسان کی سرکشی کا حال
۲۳۶۰	سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب کا قبول اسلام
۲۳۷۶	مضامین سورۃ الشوریٰ
۲۳۸۶	تمام انبیاء کا ایک ہی دین اسلام تھا
۲۳۹۴	غفور و رحیم اللہ
۲۳۹۹	خالص توبہ گناہوں کی معافی کا ذریعہ
۲۴۰۴	سمندروں کی تسخیر قدرت الٰہی کی نشانی
۲۴۰۵	دنیا آخرت کی کھیتی ہے
۲۴۰۹	اللہ تعالیٰ سے کوئی پوچھنے والا نہیں

آسانی میں شکر، تنگی میں صبر مومنوں کی صفت ہے	۲۴۱۳
اولاد کا اختیار اللہ کے پاس ہے	۲۴۱۴
قرآن حکیم شفا ہے	۲۴۱۶
مضامین سورۃ المومنون	۲۴۱۷
انسان کی پیدائش مرحلہ وار	۲۴۲۶
رسالت اور بشریت	۲۴۳۴
اکثریت ہمیشہ بدکاروں کی رہی	۲۴۴۳
کسب حلال کی فضیلت	۲۴۴۶
مومن کی تعریف	۲۴۴۹
برائی کے بدلے اچھائی	۲۴۶۹
مختصر زندگی طویل گناہ	۲۴۷۹
مضامین سورۃ الفرقان	۲۴۸۱
مقصد قرآن	۲۴۸۲
مشرکین کی حماقتیں	۲۴۸۸
میدان حشر میں ایک مکالمہ	۲۴۹۱
تصدیق نبوت کے لئے احمقانہ شرط	۲۴۹۴
فیصلوں کا دن	۲۴۹۸
قرآن حکیم مختلف اوقات میں کیوں نازل ہوا	۲۵۰۲
انبیاء کو جھٹلانے کا خمیازہ	۲۵۰۴
اللہ تعالیٰ کی رفعت وعظمت	۲۵۱۹
اللہ تعالیٰ کے انعامات	۲۵۳۰

۷ بعثت نبوی	
پہلا وفد حبشہ	۲۵۳۳
مقاطعہ بنی ہاشم	۲۵۳۴
مضامین سورۂ الانبیاء	۲۵۴۹
قیامت سے غافل انسان	۲۵۵۰
قدر ناشناس لوگ	۲۵۵۸
آسمان وزمین کوئی کھیل تماشہ نہیں ہے	۲۵۵۹
حق سے غافل مشرک	۲۵۶۲
ایک حیرت انگیز انکشاف	۲۵۶۷
جلد باز انسان	۲۵۷۴
ذلت ورسوائی کے مارے لوگ	۲۵۷۸
کتاب النور	۲۵۸۱
ابراہیم علیہ السلام اور کذبات ثلاثہ	۲۵۸۹
نوح علیہ السلام کی دعا	۲۵۹۴
آزمائش ایوب علیہ السلام	۲۶۰۰
مضامین سورۂ الزخرف	۲۶۱۹
کفر کا انجام بد	۲۶۲۳
مشرکین کا بدترین فعل	۲۶۲۸
سرمایہ پرستی۔ایک قدیم مرض	۲۶۳۳
ذکر اللہ سے غفلت کا نتیجہ، شیطان کا تسلط	۲۶۳۸
شیطان کے شر سے بچنے کا طریقہ	۲۶۴۰
فرعون کے دعوے	۲۶۴۴

کفار ومشرکین کی دوزخ میں درگت	۲۶۵۲
رسول اللہ ﷺ کی قحط کے لئے دعا	۲۶۵۷
مضامین سورۃ الدخان	۲۶۵۷
دھواں ہی دھواں اور کفار	۲۶۶۳
قبطیوں کا انجام	۲۶۶۷
گمراہوں کو تنبیہ	۲۶۷۳
مضامین سورۃ الجاثیہ	۲۶۷۸
اللہ تعالیٰ کے ابن آدم پر احسانات	۲۶۸۲
کفار کے لئے یہ دنیا ہی سب کچھ ہے	۲۶۸۹
زندگی اور موت کی حقیقت	۲۶۹۰
قیامت کے روز ہر گروہ گھٹنوں کے بل گرا ہو گا	۲۶۹۲
مضامین سورۃ الطارق	۲۶۹۶
۸ بعثت نبوی	
مضامین سورۃ یٰسین	۲۷۰۱
رسول اللہ ﷺ کو تسلی	۲۷۰۲
نامہ اعمال کی تیاری	۲۷۰۴
ایک قصہ پارینہ	۲۷۰۵
انبیاء ورسل سے کافروں کا رویہ	۲۷۰۸
ایک مسلمان کی شان	۲۷۱۱
حق کی پاداش میں قتل	۲۷۱۴
وجود باری تعالیٰ کی ایک نشانی	۲۷۱۶
گردش شمس وقمر	۲۷۱۷

سمندر کی تسخیر	۲۷۲۰
کفار کا تکبر و عناد	۲۷۲۰
حشر کی منظر کشی	۲۷۲۱
قیامت کا دوسرا نفخہ	۲۷۲۳
مجرموں کی چھانٹ	۲۷۲۵
اعضاء کی گواہی	۲۷۲۷
مویشیوں کے فوائد	۲۷۳۱
آخرت پر قوی دلائل	۲۷۳۲
مضامین سورۂ اللھب	۲۷۳۶
۹ بعثت نبوی	
مضامین سورۂ القمر	۲۷۴۱
دیرینہ انداز کفر	۲۷۴۷
فریب نظر کے شکار لوگ	۲۷۵۱
ہم جنس پرستوں کی ہلاکت و بربادی	۲۷۵۳
سچائی کے دلائل سے اعراض کرنے والی قوم	۲۷۵۴
عام الحزن یعنی غم کا سال	۲۷۶۱
۱۰ بعثت نبوی	
مضامین سورۂ الرحمٰن	۲۷۶۱
حشر کا ایک منظر	۲۷۷۰
اہل جنت کے لئے انعام و اکرام	۲۷۷۵
مضامین سورۂ ھود	۲۷۸۱
تعارف قرآن کریم	۲۷۸۳

مشرکین کی تنقید کی پرواہ نہ کریں	۲۷۹۱
مومن کون ہیں	۲۷۹۵
قوم شعیب علیہ السلام	۲۸۲۸
دین ذاتی معاملہ نہیں	۲۸۳۰
نیکی کی دعوت دینے والے چند لوگ	۲۸۴۶
مضامین سورۃ یونس	۲۸۵۰
کفار کی بدترین حجتیں	۲۸۶۳
معجزہ طلب کرنے والے	۲۸۶۸
ظن وتخمین بمقابلہ ایمان ویقین	۲۸۸۴
مساجد کی تعمیر کا حکم	۲۹۱۷
فرعون کا غرق ہونا	۲۹۱۹
بنی اسرائیل پر اللہ کے انعامات	۲۹۲۱
دعوت غور وفکر	۲۹۲۶
ابو طالب کی وفات	۲۹۳۰
ام المومنین خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہ کی وفات	۲۹۳۵
رمضان المبارک ۱۰ بعثت نبوی	۲۹۳۵
ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کی بڑی فضیلت ہیں	۲۹۳۷
ام المومنین سودہ رضی اللہ عنہا بنت زمعہ سے شادی	۲۹۴۵
طائف کا سفر	۲۹۴۹
طائف کا مرکز اقتدار کہاں تھا	۲۹۵۴
مضامین سورۃ الاحقاف	۲۹۵۵
والدین سے بہتر سلوک	۲۹۶۷

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو صبر کی تلقین	۲۹۸۲
طفیل رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ بن عمرو دوسی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کا قبول اسلام	۲۹۸۷

۶ بعثتِ نبوی

سید الشہداء حمزہ رضی اللہ عنہ بن عبدالمطلب کا قبول اسلام

ذی الحجہ چھ بعثت نبوی

حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا تھے

وَأَخُوهُ مِنَ الرَّضَاعَةِ

کیونکہ انہوں نے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ابولہب کی لونڈی ثوبیہ کا دودھ پیا تھا اس لئے رضاعی بھائی بھی تھے۔[1]

آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے صرف دو سال ہی بڑے تھے،

كَانَ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يُكَنَّى أَبَا عُمَارَةَ

حمزہ بن عبدالمطلب کی کنیت ابوعمارہ تھی۔[2]

حمزہ رضی اللہ عنہ بڑے بہادر، جنگجو، طاقت ور اور قد آور تھے، یہ قریش میں بڑے معزز، باوقار اور خوددار مانے جاتے تھے جبکہ شکار کے بھی بہت شوقین تھے، ان کا معمول تھا کہ جب شکار سے واپس آتے تو پہلے کعبہ کا طواف کرتے، طواف کے بعد قریش کے دارشوری میں جاتے وہاں حاضرین سے باتیں کرتے اور پھر گھر تشریف لے جاتے، اتنے قریبی تعلق کے باوجود ابھی تک قبول اسلام سے سرفراز نہیں ہوئے تھے لیکن اللہ کی تدبیر کے آگے کس کی تدبیر چل سکتی ہے وہ جب کسی کے لئے خیر کا ارادہ فرماتا ہے تو عجیب وغریب طریقے سے خیر عنایت فرما دیتا ہے ،چنانچہ اللہ نے مسلمانوں کی مدد کے لئے حمزہ رضی اللہ عنہ کو شرف عطا کرنے کا ارادہ فرمایا:

أَنَّ أَبَا جَهْلٍ اعْتَرَضَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الصَّفَا، فَآذَاهُ وَشَتَمَهُ وَقَالَ فِيهِ مَا يُكْرَهُ مِنَ الْعَيْبِ لِدِينِهِ، وَالتَّضْعِيفِ لَهُ، فَلَمْ يُكَلِّمْهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ،وَمَوْلَاةٌ لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ جُدْعَانَ التَّيْمِيِّ فِي مَسْكَنٍ لَهَا فَوْقَ الصَّفَا تَسْمَعُ ذَلِكَ، ثُمَّ انْصَرَفَ عَنْهُ، فَعَمَدَ إِلَى نَادِي قُرَيْشٍ عِنْدَ الْكَعْبَةِ فَجَلَسَ مَعَهُمْ، وَكَانَ يَوْمَئِذٍ مُشْرِكًا عَلَى دَيْنِ قَوْمِهِ

ایک دن یہ شکار پر گئے ہوئے تھے کہ ابوالحکم (ابوجہل) کا کوہ صفا میں واقع غلاموں کے مشہور تاجر عبداللہ بن جدعان کے مکان کے قریب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آمنا سامنا ہو گیا، اس کا دل تو پہلے ہی دعوت اسلام کے اعلان سے بغض وعناد سے بھرا ہوا تھا اس پر مسلمانوں کا ہجرت حبشہ کرنا اور وہاں سے قریش کے وفد کی ذلت ونامرادی سے واپسی سے اور بھر گیا تھا چنانچہ اس نے اپنی شقاوت قلبی کا مظاہر کرتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اکیلا دیکھ کر دین اسلام کی خوب تنقیص وتحقیر کرتا رہا مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کوئی جواب نہ دیا اور خاموشی سے اس

---

[1] مستدرک حاکم ۴۸۷۷

[2] مستدرک حاکم ۴۸۹۹

کی باتیں سنتے رہے، عبد اللہ بن جدعان کی ایک لونڈی (جس سے اللہ نے کام لینا تھا) مکان کی بالائی منزل سے یہ سب باتیں سنتی اور دیکھتی رہی، وہ مسلمان تو نہیں تھی مگر جس طرح ابوجہل نے رسول اللہ ﷺ کے دین کی تنقیص وتحقیر کی اور ایذا پہنچائی اس سے اس کی آنکھوں میں خون اتر آیا مگر وہ کیا کرسکتی تھی، اس معاشرے میں ایک عورت کی کیا حیثیت تھی اور اس پر ایک بیوہ کی لونڈی کی کیا حیثیت ہوسکتی تھی، وہ بس تلملا کر رہ گئی اور اس نے فیصلہ کیا کہ وہ اس واقعہ کی خبر آپ ﷺ کے بہادر چچا حمزہ رضی اللہ عنہ کو دے گی، چنانچہ وہ حمزہ رضی اللہ عنہ کا انتظار کرنے لگی جو کہ ابھی اپنے آباؤ اجداد کے مشرکانہ دین پر تھے،

وَلَمْ يَلْبَثْ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَنْ أَقْبَلَ مُتَوَشِّحًا قَوْسَهُ رَاجِعًا مِنْ قَنْصٍ لَهُ، وَكَانَ إِذَا فَعَلَ ذَلِكَ لَمْ يَمُرَّ عَلَى نَادِي قُرَيْشٍ، وَأَشَدُّهَا شَكِيمَةً، فَجَاءَتْهُ الْمَوْلَاةُ وَقَدْ قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَرْجِعَ إِلَى بَيْتِهِ، فَقَالَتْ لَهُ: يَا عُمَارَةُ، لَوْ رَأَيْتَ مَا لَقِيَ ابْنُ أَخِيكَ مُحَمَّدٍ مِنْ أَبِي الْحَكَمِ آنِفًا وَجَدَهُ هَا هُنَا، فَآذَاهُ وَشَتَمَهُ، وَبَلَغَ مَا يُكْرَهُ، ثُمَّ انْصَرَفَ عَنْهُ فَعَمَدَ إِلَى نَادِي قُرَيْشٍ عِنْدَ الْكَعْبَةِ، فَجَلَسَ مَعَهُمْ وَلَمْ يُكَلِّمْ مُحَمَّدًا

تھوڑی دیر بعد جب حمزہ رضی اللہ عنہ شکار سے واپس ہوئے اور اپنے معمولات سے فارغ ہو کر گھر جاتے ہوئے مضبوط قدموں سے عبد اللہ بن جدعان کے مکان کے پاس سے گزرے جہاں وہی لونڈی ان کا انتظار کر رہی تھی تو اس نے حمزہ رضی اللہ عنہ کو روکا اور کہا اے ابوعمارہ! کاش آپ دیکھ سکتے کہ ابوالحکم نے آپ کے بھتیجے کے ساتھ کتنا برا سلوک کیا ہے، اس نے محمد (ﷺ) کو یہاں اکیلا پا کر سب وشتم کیا اور آپ کی شان کے خلاف نازیبا باتیں کیں، آپ کے بھتیجے خاموشی سے اس کی نفرت انگیز اور زہر میں بجھی باتیں سنتے رہے، مگر پھر بھی اس نے انہیں تکلیف پہنچائی اور اپنے دل کا بوجھ ہلکا کر کے وہ آگے بڑھ گیا اور آپ کے بھتیجے بھی گھر تشریف لے گئے، اے ابوعمارہ! کیا اپنے دودھ شریک بھائی محمد (ﷺ) کی شان میں نازیبا باتیں سن کر اور ان پر ناروا ظلم دیکھ کر تمہاری خاندانی غیرت وحمیت بیدار نہیں ہوتی؟ کیا اعلائے کلمہ حق کا یہ صلہ ہے کہ اللہ کے برگزیدہ بندے سے یہ معاملہ کیا جائے اور اس کے بھائی بند خاموشی سے دیکھتے رہیں؟

فَاحْتَمَلَ حَمْزَةُ الْغَضَبَ لِمَا أَرَادَ اللَّهُ مِنْ كَرَامَتِهِ، فَخَرَجَ سَرِيعًا لَا يَقِفُ عَلَى أَحَدٍ كَمَا كَانَ يَصْنَعُ، يُرِيدُ الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ مُتَعَمِّدًا لِأَبِي جَهْلٍ أَنْ يَقَعَ بِهِ، فَلَمَّا دَخَلَ الْمَسْجِدَ نَظَرَ إِلَيْهِ جَالِسًا فِي الْقَوْمِ فَأَقْبَلَ نَحْوَهُ، حَتَّى إِذَا قَامَ عَلَى رَأْسِهِ رَفَعَ الْقَوْسَ فَضَرَبَهُ عَلَى رَأْسِهِ ضَرْبَةً مَمْلُوءَةً، وَقَامَتْ رِجَالٌ مِنْ قُرَيْشٍ مِنْ بَنِي مَخْزُومٍ إِلَى حَمْزَةَ لِيَنْصُرُوا أَبَا جَهْلٍ، فَقَالُوا: مَا نَرَاكَ يَا حَمْزَةُ إِلَّا صَبَأْتَ

لونڈی کی باتیں سن کر حمزہ رضی اللہ عنہ کی قبائلی غیرت وحمیت جاگ اٹھی اور وہ غیض وغضب سے بھڑک اٹھے اور ابوجہل کی تلاش میں بیت اللہ کی طرف روانہ ہو گئے، جب حرم میں پہنچے تو دیکھا کہ ابوجہل بنو مخزوم کی ایک جماعت کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے، حمزہ رضی اللہ عنہ نے اس کے قریب پہنچ کر اس کے سر پر اپنی کمان اتنے زور سے ماری کہ اس کا سر پھٹ گیا اور کہا زبان کی گستاخی کے ساتھ اب تیرے ہاتھ بھی گستاخ ہو گئے ہیں، دیکھ لو میں نے خود ان کا دین اختیار کرلیا ہے اور جو وہ کہتا ہے وہی میں بھی کہتا ہوں اگر تجھ میں کچھ طاقت ہے تو مجھے جواب دو، محفل میں بیٹھے بنی مخزوم کے کچھ لوگوں نے ابوجہل کی حمایت میں کھڑا ہونا چاہا لیکن ابوجہل کے دل میں خود ہی چور تھا اسے علم تھا کہ اس نے محمد ﷺ کے ساتھ

چند لمحوں پہلے کیا سلوک کیا تھا اور یہ اسی کی ہی سزا ہے اس لئے اس نے ان لوگوں کو خود ہی کوئی کاروائی کرنے سے منع کر دیا اور کہا ابوعمارہ سے کچھ نہ کہو واقعی میں نے ان کے بھتیجے کو آج بہت سی بے ہودہ باتیں کی ہیں، بعض حاضرین مجلس نے حیرت سے کہا اے حمزہ! کیا تم صابی (بے دین) ہو گئے ہو،

فَقَالَ حَمْزَةُ: وَمَا يَمْنَعُنِي وَقَدِ اسْتَبَانَ لِي ذَلِكَ مِنْهُ، أَنَا أَشْهَدُ أَنَّهُ رَسُولُ اللَّهِ، وَأَنَّ الَّذِي يَقُولُ حَقٌّ، فَوَاللَّهِ لَا أَنْزِعُ، فَامْنَعُونِي إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ، فَقَالَ أَبُو جَهْلٍ: دَعُوا أَبَا عُمَارَةَ، لَقَدْ سَبَبْتُ ابْنَ أَخِيهِ سَبًّا قَبِيحًا، وَمَرَّ حَمْزَةُ عَلَى إِسْلَامِهِ، وَتَابَعَ يُخَفِّفُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حمزہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا ہاں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کی حقانیت وصداقت مجھ پر اچھی طرح منکشف ہو چکی ہے اور میں تم سب کے سامنے گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے سچے رسول ہیں اور جو کچھ آپ پر نازل ہوتا ہے سراسر حق ہے، اب جبکہ صراط مستقیم مجھے صاف دکھائی دے رہی ہے تو میں اس سچی، صاف ستھری راہ کو کبھی نہیں چھوڑوں گا تم لوگ میرے مقابل آنا چاہتے تو میں اس کے لئے تیار ہوں، غصہ میں یہ سب کام کر کے اور زبان سے کہہ کر جب گھر تشریف لے آئے اور کچھ غصہ بھی ٹھنڈا ہو گیا تو شیطان نے ان کے دل میں وسوسہ جگایا کہ اے حمزہ! یہ تم نے کیا کہہ ڈالا تم تو قریش کے ایک بہادر سردار ہو کیا تم اپنا آبائی دین چھوڑ کر ایک صابی کی پیروی کرو گے جو تم سے عمر میں بھی چھوٹا ہے ایسا کرنے سے تو مر جانا زیادہ بہتر ہے، جب اس طرح کے خیالات دماغ میں جمع ہو گئے تو حمزہ رضی اللہ عنہ کچھ تردد اور اشتباہ میں پڑ گئے کہ اب وہ کیا کریں کیا اپنے آبائی دین پر قائم رہیں یا جو اعلان کر کے آئے ہیں اس پر کاربند رہیں، جب کچھ سمجھ میں نہ آیا تو اللہ تعالیٰ کے حضور ہاتھ اٹھا کر بیٹھ گئے اور کہنے لگے اے اللہ اگر یہ تیری بخشی ہوئی ہدایت ہے تو میرے دل کو اس پر مضبوط فرما دے، ورنہ اس سے نکلنے کی کوئی سبیل پیدا فرما دے۔[1]

ایک اور روایت میں ہے

ثُمَّ رَجَعَ حَمْزَةُ إِلَى بَيْتِهِ فَأَتَاهُ الشَّيْطَانُ، فَقَالَ: أَنْتَ سَيِّدُ قُرَيْشٍ اتَّبَعْتَ هَذَا الصَّابِئَ وَتَرَكْتَ دِينَ آبَائِكَ، لَلْمَوْتُ خَيْرٌ لَكَ مِمَّا صَنَعْتَ، فَأَقْبَلَ عَلَى ح۔ ان کے دل میں جو وسوسہ ڈالا تھا کہ تم قریش کے سردار ہو تم اپنے اباؤاجداد کا دین ترک کر کے ایک صابی کی اطاعت کرو گے، اس سے تو موت بہتر ہے، ان خیالات کی وجہ سے ان کی تمام رات اسی پریشانی واضطراب میں کٹ گئی اور وہ ایک لمحہ کے لئے بھی آرام نہ کر سکے اور انہوں نے دعا فرمائی، اے اللہ! اگر یہی راہ راست ہے تو میرے قلق و بے چینی کو دور فرما دے اور میرے لیے راستہ نکال دے جس میں میں پڑا ہوا ہوں، ساری رات اسی تردد وقلق میں اس طرح گزاری کہ اس سے قبل ایسی رات کبھی نہیں گزاری تھی جب صبح ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لے آئے،

فَقَالَ: ابْنَ أَخِي، إِنِّي وَقَعْتُ فِي أَمْرٍ لَا أَعْرِفُ الْمَخْرَجَ مِنْهُ، وَأَقَامَهُ مِثْلِي عَلَى مَا لَا أَدْرِي مَا هُوَ أَرْشَدُ هُوَ أَمْ غَيْرُ شَدِيدٍ، فَحَدِّثْنِي حَدِيثًا فَقَدِ اسْتَشْهَيْتُ يَا ابْنَ أَخِي أَنْ تُحَدِّثَنِي، فَأَقْبَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَّرَهُ وَوَعَظَهُ

[1] مستدرک حاکم ۴۸۷۸

وَخَوَّفَهُ وَبَشَّرَهُ ، فَأَلْقَى اللَّهُ فِي نَفْسِهِ الْإِيمَانَ

اور کہا اے بھتیجے! میں ایسی پریشانی میں مبتلا ہو گیا ہوں جس سے راہ نجات مجھے نہیں سوج رہی اس معاملے میں میری رہنمائی فرمائیں کہ صحیح اور غلط میں تمیز ہو سکے اور آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے واقعہ کا حل بتایا تو میں نے عرض کیا اے بھتیجے! تو نے ایسی رہنمائی فرمائی کہ میرا خیال بھی اسی کے موافق تھا تو رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم (اپنے چچا کی طرف) متوجہ ہو کر پند و نصائح فرمائی، جہنم سے ڈرایا اور جنت کی خوشخبری دی تو اللہ نے ان کے دل میں ایمان ڈال دیا۔

وَتَضَرَّعْت إِلَى اللهِ سُبْحَانَهُ أَنْ يَشْرَحَ صَدْرِي لِلْحَقّ وَيُذْهِبَ عَنّي الرّيْبَ فَمَا اسْتَتْمَمْتُ دُعَائِي حَتّى زَاحَ عَنّي الْبَاطِلُ وَامْتَلَأَ قَلْبِي يَقِينًا - أَوْ كَمَا قَالَ - فَغَدَوْت إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْته بِمَا كَانَ مِنْ أَمْرِي، فَدَعَا لِي بِأَنْ يُثَبّتَنِي اللهُ

جب صبح ہوئی تو حرم میں تشریف لے گئے اور ہاتھ اٹھا کر نہایت تضرع و گریہ زاری کے ساتھ دعا مانگی کہ اے اللہ! جو حق ہے اس کے لئے میرا سینہ کھول دے اور میرے دل کے شک و تردد کو دور فرما دے، اللہ تعالیٰ جو دعاؤں کا سننے اور انہیں پورا کرنے والا ہے نے ان کی دعا سنی اور قبول فرمائی اور یک لخت تمام فاسد خیالات، شیطانی وسوسے ان کے دل سے کافور ہو گئے اور ان کا دل حق پر یقین کی دولت سے بھر گیا، پھر وہ رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تمام واقعہ گوش گزار کیا ان کی تمام روداد سنکر رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے ان کی دین پر استقامت کے لئے دعا فرمائی۔ [۱]

ایک روایت ہے کہ جب رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو کہا

أَشْهَدُ إِنَّكَ لَصَادِقٌ شَهَادَةَ الْمُصَدِّقِ وَالْمُعَارِفِ، فَأَظْهِرْ يَا ابْنَ أَخِي دِينَكَ، فَوَاللَّهِ مَا أُحِبُّ أَنْ لِي مَا أَلْمَعَتِ الشَّمْسُ، وَإِنِّي عَلَى دِينِي الْأَوَّلِ

میں تصدیق کرنے والے اور پہچاننے والے کی طرح گواہی دیتا ہوں کہ آپ یقیناً سچے نبی ہیں، اے میرے بھتیجے آپ اپنے دین کو کھلم کھلا بیان کریں، واللہ اگر مجھے دنیا کی تمام نعمتیں بھی مل جائیں میں تب بھی ان کے بدلے دین اسلام چھوڑ کر آبائی دین اختیار نہیں کروں گا۔ [۲]

فَلَمّا أَسْلَمَ حَمْزَةُ عَرَفَتْ قُرَيْشٌ أَنّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ عَزّ وَامْتَنَعَ وَأَنّ حَمْزَةَ سَيَمْنَعُهُ فَكَفّوا عَنْ بَعْضِ مَا كَانُوا يَنَالُونَ مِنْهُ

جب قریش نے حمزہ رَضِیَ اللہُ عَنْہُ کا اسلام دیکھا تو ان کی ہمتیں پست ہو گئیں اور وہ سمجھ گئے کہ حمزہ رَضِیَ اللہُ عَنْہُ اب ان کی حمایت پر ہیں اور پھر وہ بہت سی ایذا رسانی کی باتوں سے باز آ گئے۔ [۳]

---

[۱] الروض الانف ۳،۵۸

[۲] مستدرک حاکم۴۸۷۸

[۳] الروض الانف۳،۵۸،ابن ہشام۱،۲۹۲

مضامین حم السجدہ:

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے ایمان سے پہلے سردار قریش عتبہ کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملنا اور مختلف لالچ دینا، جواب میں یہ سورت تلاوت کی گئی۔

سورۃ کے آغاز میں فرمایا کہ یہ کتاب اس ہستی کی طرف سے نازل ہوئی ہے جو بے حد مہربان اور انتہائی رحم کرنے والا ہے، اس قرآن کو عربی زبان میں اس لیے نازل کیا گیا ہے تاکہ تم اس کی تہ تک با آسانی رسوخ حاصل کر کے اللہ تعالیٰ کی رحمت کے حقدار بن جاؤ، اب اس ہدایت کی طرف رہنمائی کرنے والی کتاب کو اگر تم لوگ زحمت قرار دو تو یہ تمہاری محرومی اور بد قسمتی ہے۔

○ اہل مکہ کو یہ اعتراض تھا کہ یہ شخص عربی میں قرآن سناتا ہے یہ تو کوئی معجزہ نہیں ہے، کوئی بھی صاحب فکر اپنی زبان میں ایک کلام تصنیف کر کے اسے من جانب اللہ منسوب کر سکتا ہے، جواب میں ارشاد فرمایا کہ عربی زبان میں قرآن نازل کرنے کی حکمت یہ ہے کہ تم اس کے اسرار و رموز اور معارف و حکم کو خوب اچھی طرح سمجھ لو، اگر یہ قرآن کسی عجمی زبان میں ہوتا تو تمہیں یہ اشکال ہوتا کہ یہ ہماری سمجھ سے بالا چیز ہے، اب اگر تم اپنے دلوں میں اس کتاب کی حقانیت کے قائل ہو کر، اس کی آفاقیت کو پہچان کر اس کا انکار کر دو تو یہ تمہاری بد قسمتی ہے مگر عنقریب اس پیغام حق کو پھیلتے اور آفاق میں غالب آتے ہوئے تم اپنی آنکھوں سے دیکھ لو گے۔

○ تم لوگ کہتے ہو کہ تمہارے کانوں میں ڈاٹ، آنکھیں بند اور دلوں پر پردے پڑے ہوئے ہیں اس لیے اے نبی! ہمارے اور تمہارے درمیان ایک دیوار حائل ہو گئی ہے لہذا نہ تو ہم تمہاری دعوت کو سمجھتے ہیں، نہ سن سکتے ہیں اور نہ ہی تجھے دیکھ پاتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم فرمایا کہ آپ اپنی شخصیت کا تعارف اور اپنی بعثت کا مقصد بتا دیں، آپ برملا کہہ دیں کہ میں فرشتہ یا کوئی دوسری مخلوق ہونے کا دعویٰ دار نہیں ہوں، میں بشری تقاضے اور ضروریات رکھنے والا تمہارے جیسا انسان ہوں لیکن اللہ تعالیٰ نے مجھے وحی اور رسالت کے ساتھ امتیاز بخشا ہے، ارشاد ہوا کہ یاد رکھو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کام اس ہدایت کو تمہارے دلوں میں اتارنا نہیں بلکہ لوگوں تک اس پاکیزہ دعوت کو پوری امانت و دیانت کے ساتھ صاف صاف پہنچا دینا ہے اور اگر تم علم و عقل کی راہ خود ہی اپنے پر بند کر لو تو پھر تمہیں کون سمجھا سکتا ہے؟ لیکن اس کے باوجود یاد رکھو کہ تمہارا معبود برحق صرف اللہ وحدہ لاشریک ہی ہے، جس نے اپنی قدرت کاملہ سے یہ عظیم الشان کائنات، بلند و بالا آسمان، ہموار زمین، بلند و بالا ٹھوس پہاڑ، ستاروں اور تمہارا رزق کو پیدا کیا ہے، اب اگر ان تمام نعمتوں کے باوجود بھی تم کفر و شرک پر جمے رہو تو تمہاری یہ ہٹ دھرمی اور بغض و عناد تمہیں پہلی زبردست اقوام قوم عاد و ثمود جیسے عذاب کی طرف لے جا رہی ہے اور اس دنیاوی عذاب کے علاوہ آخرت میں باز پرس الگ ہو گی اور تمہارے اعضاء اور جسم کی کھال بھی تمہارے خلاف گواہی دے گی۔

○ بد قسمت انسان کی بابت فرمایا کہ یہ وہ شخص ہوا کرتا ہے جو اور اللہ تعالیٰ کی عظمت و جلال کے آثار و براہین دیکھ کر اور اپنی عقل و فراست سے کام لے کر راہ ہدایت اختیار کو نہیں کرتا بلکہ شیاطین کے دکھائے گئے سبز باغ کو دیکھ کر دنیا کی رنگینیوں میں گم ہو جاتا ہے اور اپنی گھٹیا چالوں اور باطل اعمال کے ذریعے اہل حق کو شکست دینے کے خیال میں مست رہتا ہے، حالانکہ باطل کسی صورت بھی حق پر غالب نہیں آ سکتا جبکہ حق ہمیشہ باطل پر غالب آ کر رہتا ہے، اور قیامت کے روز ان میں ہر ایک کہے گا کہ جن لوگوں نے مجھے راہ حق سے گمراہ کیا تھا وہ میرے ہاتھ لگ جائیں تو انہیں اپنے پاؤں میں روند ڈالوں۔

○اہل ایمان کے خلاف ہونے والی مزاحمت اور درپیش مشکلات سے نبرد آزما ہونے اور ہمت افزائی کے لیے فرمایا کہ دشمنوں کی اس کثرت اور ان کے بے پناہ مظالم کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ تم بے یار و مددگار چھوڑ دیئے گئے ہو بلکہ جو شخص بھی ایک دفعہ اللہ رب العالمین کو اپنا رب مان لے اور اس عقیدے اور مسلک پر مضبوطی سے جم جائے اس پر اللہ تعالیٰ کے فرشتے رحمت، سلامتی اور برکت لے کر اہل ایمان پر نازل ہوتے ہیں اور اہل ایمان کے لیے استقامت کی دعا کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ کی ہمت افزائی کے لیے فرمایا کہ کفر و شرک کی نمائشی سنگلاخ چٹانوں کو ہٹانے کے لیے بہترین ہتھیار اخلاق حسنہ ہے جس کے باعث ہر سنگلاخ چٹان از خود پگھل کر تمہارا راستہ چھوڑ دے گی۔

○اخلاق حسنہ کے ضمن میں زکوٰۃ، استعانت باللہ، استغفار، توبہ، ایمان اور اعمال حسنہ کی تلقین ہے جبکہ شک، نفاق، ایمان سے اندھاپن اور برے اعمال سے بچنے کی تلقین کی گئی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ۚ ﴿۱﴾ تَنۡزِيۡلٌ مِّنَ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۚ ﴿۲﴾ كِتٰبٌ فُصِّلَتۡ اٰيٰتُهٗ

حا، میم. اتاری ہوئی ہے بڑے مہربان بہت رحم والے کی طرف سے، (ایسی) کتاب جس کی آیتوں کی واضح تفصیل

قُرۡاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوۡمٍ يَّعۡلَمُوۡنَ ۙ ﴿۳﴾ بَشِيۡرًا وَّ نَذِيۡرًا ۚ فَاَعۡرَضَ

کی گئی ہے (اس حال میں کہ) قرآن عربی زبان میں ہے، اس قوم کے لیے جو جانتی ہے، خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا ہے

اَكۡثَرُهُمۡ فَهُمۡ لَا يَسۡمَعُوۡنَ ﴿۴﴾ وَ قَالُوۡا قُلُوۡبُنَا فِىۡۤ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدۡعُوۡنَاۤ

پھر بھی ان کی اکثریت نے منہ پھیر لیا اور وہ سنتے ہی نہیں، اور انہوں نے کہا کہ تو جس کی طرف ہمیں بلا رہا ہے

اِلَيۡهِ وَ فِىۡۤ اٰذَانِنَا وَقۡرٌ وَّ مِنۡۢ بَيۡنِنَا وَ بَيۡنِكَ حِجَابٌ فَاعۡمَلۡ

ہمارے دل تو اس سے پردے میں ہیں اور ہمارے کانوں میں گرانی ہے اور ہم میں اور تجھ میں ایک حجاب ہے، اچھا تو اب

اِنَّنَا عٰمِلُوۡنَ ﴿۵﴾ (حم السجدۃ ۱ تا ۵)

اپنا کام کئے جا ہم بھی یقیناً کام کرنے والے ہیں۔

حا، میم، مشرکین بڑے زور و شور سے پروپیگنڈا کرتے تھے کہ یہ عظیم الشان کلام اللہ کی طرف سے نازل نہیں ہوا بلکہ محمد (ﷺ) نے ہم پر بڑائی حاصل کرنے کے لیے کچھ لوگوں کی مدد سے خود تصنیف کر لیا ہے، جیسے فرمایا:

وَلَقَدۡ نَعۡلَمُ اَنَّهُمۡ يَقُوۡلُوۡنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِىۡ يُلۡحِدُوۡنَ اِلَيۡهِ اَعۡجَمِىٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِىٌّ مُّبِيۡنٌ ﴿۱۰۳﴾ [1]

ترجمہ: ہمیں معلوم ہے یہ لوگ تمہارے متعلق کہتے ہیں کہ اس شخص کو ایک آدمی سکھاتا پڑھاتا ہے حالانکہ ان کا اشارہ جس آدمی کی طرف ہے

[1] النحل ۱۰۳

اس کی زبان عجمی ہے اور یہ صاف عربی زبان ہے۔

اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾ فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖۤ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿۳۴﴾ [۱]

ترجمہ: کیا یہ کہتے ہیں کہ اس شخص نے یہ قرآن خود گھڑ لیا ہے؟ اصل بات یہ ہے کہ یہ ایمان نہیں لانا چاہتے، اگر یہ اپنے اس قول میں سچے ہیں تو اسی شان کا ایک کلام بنا لائیں۔

اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰىهُ... ﴿۸﴾ [۲]

ترجمہ: کیا ان کا کہنا یہ ہے کہ رسول نے اسے خود گھڑ لیا ہے؟۔

اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ﴿۱۴﴾ [۳]

ترجمہ: ان کی غفلت کہاں دور ہوتی ہے؟ ان کا حال تو یہ ہے کہ ان کے پاس رسول مبین آ گیا پھر بھی یہ اس کی طرف ملتفت نہ ہوئے اور کہا کہ یہ تو سکھایا پڑھایا باولا ہے۔

اللہ رب العزت نے تمہید کے طور پر فرمایا یہ جلیل القدر کتاب قرآن مجید محمد ﷺ کی تصنیف کردہ نہیں بلکہ پہلی منزل کتابوں کی طرح یہ کتاب بھی اللہ رحمان ورحیم نے نازل فرمائی ہے، جیسے فرمایا:

قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ [۴]

ترجمہ: ان سے کہو کہ اسے تو روح القدس نے ٹھیک ٹھیک میرے رب کی طرف سے بتدریج نازل کیا ہے تا کہ ایمان لانے والوں کے ایمان کو پختہ کرے اور فرماں برداروں کو زندگی کے معاملات میں سیدھی راہ بتائے اور انہیں فلاح وسعادت کی خوشخبری دے۔

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۹۲﴾ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿۱۹۳﴾ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ [۵]

ترجمہ: یہ رب العالمین کی نازل کردہ چیز ہے، اسے لے کر تیرے دل پر امانت دار روح اتری ہے تا کہ تو ان لوگوں میں شامل ہو جو (اللہ کی طرف سے اس کی مخلوق کو) متنبہ کرنے والے ہیں۔

یہ ایک ایسی کتاب ہے جو حق وباطل، صحیح وغلط عقائد، اچھے اور برے اخلاق، نیکی اور بدی، صحیح اور غلط راہ وغیرہ ہر چیز کو پیچیدگی سے نہیں بلکہ صاف صاف اور سادہ انداز میں بیان کرتی ہے، جیسے فرمایا:

الٓرٰ ۟ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۙ ﴿۱﴾ [۶]

---

[۱] الطور ۳۴،۳۳

[۲] الاحقاف ۸

[۳] الدخان ۱۴،۱۳

[۴] النحل ۱۰۲

[۵] الشعراء ۱۹۲تا۱۹۴

[۶] ھود ۱

ترجمہ: فرمان ہے، جس کی آیتیں پختہ اور مفصل ارشاد ہوئی ہیں، ایک دانا اور باخبر ہستی کی طرف سے۔

جو واضح عربی زبان زبان میں ہے، جیسے فرمایا:

بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِينٍ ﴿۱۹۵﴾ [۱]

ترجمہ: صاف صاف عربی زبان میں۔

جن کے معانی مفصل اور عام فہم ہیں، اس قوم کے لئے جو عربی زبان، اس کے معانی ومفاہیم اور اس کے اسرار واسلوب کو خوب جانتی ہے، اس کتاب سے دانا لوگ فائدہ حاصل کرتے ہیں، جیسے فرمایا

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۲﴾ [۲]

ترجمہ: یہ اللہ کی کتاب ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے، ہدایت ہے پرہیزگاروں کے لئے۔

مگر اعراض کرنے والوں کی گمراہی اور اندھے پن میں اضافہ کرتی ہے، پہلی منزل کتابوں کی طرح یہ کتاب بھی ان لوگوں کو انواع واقسام کی لازوال نعمتوں سے بھری جنت کی خوشخبری سناتی ہے جو اس پر ایمان لاتے ہیں، اپنے عقائد درست کرتے ہیں، آخرت پر یقین رکھتے ہیں اور اعمال صالحہ اختیار کرتے ہیں، اور مشرکین ومکذین کو جہنم کے دردناک عذاب سے ڈرانے والی ہے، چاہیے تو یہ تھا کہ یہ لوگ اس کلام پر، اس کی فصاحت وبلاخت پر اس کے وسیع مضامین پر اور پہلی اقوام کے عبرت ناک واقعات پر غور وفکر اور تدبر وتعقل کرتے، اللہ کی اس عظیم نعمت پر شکر گزار ہوتے اور اپنے خالق مالک اور رازق کے حضور سر اطاعت خم کر دیتے کہ اس نے انہیں ظلمتوں میں بھٹکنے اور جہنم کے ہولناک گڑھوں میں گرنے کے لئے نہیں چھوڑ دیا بلکہ دنیاوی واخروی زندگی سنوارنے کے لئے رہنمائی کا بندوبست فرمایا، جیسے فرمایا

فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ﴿۸﴾ [۳]

ترجمہ: پھر اس کی بدی اور اس کی پرہیزگاری اس پر الہام کر دی۔

وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ﴿۱۰﴾ [۴]

ترجمہ: اور (نیکی اور بدی کے) دونوں نمایاں راستے اسے (نہیں) دکھادیے؟۔

مگر متکبرین نے اس دعوت کو محض اپنی ہٹ دھرمی اور بغض وعناد کی وجہ سے قبول کرنے سے انکار کیا اور اپنے فخر وغرور اور ڈھٹائی سے کہنے لگے اے محمد ﷺ! ہمارے دلوں پر حجاب اور کانوں پر گرانی ہے اس لیے تو جس دین کی ہمیں دعوت دے رہا ہے وہ دعوت ہمارے دلوں تک نہیں پہنچتی، اس لیے ہم تیری توحید وایمان کی دعوت کو نہیں سمجھ سکتے، اس لیے تم اپنے دین پر عمل کرتے ہو اور ہم بھی اپنے آباؤ اجداد کے دین پر پوری طرح عمل پیرا رہیں گے، تم بھی اپنا کام کیے جاؤ ہم بھی اس انوکھے دین کو نیچا دکھانے کے لئے تمام جتن کر گزریں گے۔

[۱] الشعراء ۱۹۵

[۲] البقرۃ ۲

[۳] الشمس ۸

[۴] البلد ۱۰

قُلۡ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ يُوۡحٰۤى اِلَىَّ اَنَّمَاۤ اِلٰـهُكُمۡ اِلٰـهٌ وَّاحِدٌ

آپ کہہ دیجئے کہ میں تم ہی جیسا انسان ہوں مجھ پر وحی نازل کی جاتی ہے کہ تم سب کا معبود ایک اللہ ہی ہے

فَاسۡتَقِيۡمُوۡۤا اِلَيۡهِ وَ اسۡتَغۡفِرُوۡهُ‌ؕ وَ وَيۡلٌ لِّلۡمُشۡرِكِيۡنَۙ ۝۶ الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡتُوۡنَ الزَّكٰوةَ

سو تم اس کی طرف متوجہ ہو جاؤ اور اس سے گناہوں کی معافی چاہو، اور ان مشرکوں کے لیے (بڑی ہی) خرابی ہے جو زکوۃ نہیں دیتے

وَ هُمۡ بِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ كٰفِرُوۡنَ ۝۷ اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور آخرت کے بھی منکر ہی رہتے ہیں، بیشک جو لوگ ایمان لائیں اور بھلے کام کریں

لَهُمۡ اَجۡرٌ غَيۡرُ مَمۡنُوۡنٍ ۝۸ (حم السجدۃ ۶ تا ۸)

ان کے لیے نہ ختم ہونے والا اجر ہے۔

اے نبی ﷺ! آپ انہیں واضح طور پر بتا دیں کہ میں تو تمہارے جیسا بشر ہوں، میرے ہاتھ میں کسی طرح کا کوئی اختیار نہیں، نہ میں تمہارے مطالبہ پر کوئی معجزہ دکھا سکتا ہوں اور نہ عذاب نازل کر سکتا ہوں جس کے لئے تم جلدی مچا رہے ہو، معجزہ دکھانا یا عذاب نازل کرنا تو رب کا کام ہے جو وہ اپنی مشیت و حکمت سے سر انجام دیتا ہے، البتہ اللہ تعالیٰ نے انسانیت کے ساتھ مجھے تمہاری ہدایت و رہنمائی کا شرف بخشا ہے، میں اس عام فہم دعوت سے اسی انسان کو سمجھانے کی کوشش کر سکتا ہوں جس میں حق کی جستجو ہو اور جو صراط مستقیم پر چلنے کے لئے تیار ہو، تم نے اپنے دلوں پر از خود جو غلاف چڑھا رکھے ہیں یہ میرے بس سے باہر ہے کہ تمہارے دلوں سے غلاف اتار دوں اور تمہارے بہرے کانوں کو کھول دوں، کسی کو ہدایت نصیب کرنا یا نہ کرنا اللہ تعالیٰ ہی کا کام ہے، جیسے فرمایا:

... يَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ۝۱۴۲ [1]

ترجمہ: اللہ جسے چاہتا ہے سیدھی راہ دکھاتا ہے۔

... وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهۡدِىۡ مَنۡ يُّرِيۡدُ ۝۱۶ [2]

ترجمہ: اور ہدایت اللہ جسے چاہتا ہے دیتا ہے۔

... يَهۡدِى اللّٰهُ لِنُوۡرِهٖ مَنۡ يَّشَآءُ ... ۝۳۵ [3]

ترجمہ: اللہ اپنے نور کی طرف جس کی چاہتا ہے رہنمائی فرماتا ہے۔

اگر وہ تمہارے دلوں کے اندر کچھ بھی بھلائی پائے گا تو تمہیں ہدایت عطا فرما دے گا ورنہ شیطان کے ساتھ اندھیروں میں بھٹکنے اور ٹھوکریں کھانے کے لیے چھوڑ دے گے، اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ فرض سونپا ہے کہ میں تمہیں تمہارا حقیقی مقام بتلاؤں، تمہارے ان گنت باطل معبودوں

[1] البقرۃ ۱۴۲

[2] الحج ۱۶

[3] النور ۳۵

کی پرستش، مشرکانہ رسم ورواج، اور ظالمانہ قانون وضابطوں کی نفی کر کے تمہیں تمہارے معبود حقیقی کی طرف دعوت دوں، اور دلائل وبراہین سے سمجھاؤں کہ اپنے خالق ومالک حقیقی کو چھوڑ کر کسی اور کو الہٰ نہ بناؤ، اس وحدہ لاشریک کے سوا کسی اور کی بندگی و پرستش نہ کرو، اپنی مشکلات ومصائب اور پریشانیوں میں اس کے سوا کسی اور کو مدد کے لئے مت پکارو، اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے سوا کسی اور کے آگے سر تسلیم خم نہ کرو، اللہ کا نازل فرمایا ہوا قانون وضابطہ چھوڑ کر کسی اور کے رسم ورواج اور قانون وضابطہ کو شریعت واجب الاطاعت نہ مانو، اور اپنی گزشتہ زندگی میں جو کفر وشرک اور جن صغیرہ وکبیرہ گناہوں کا تم نے ارتکاب کیا ہے اس پر خلوص نیت سے بخشش ومغفرت چاہو تا کہ وہ غفور رحیم تمہارے گناہوں کو معاف فرما کر تمہیں پاک وصاف کر دے، اور ان لوگوں کے لیے تباہی وبربادی ہے جو اللہ کو چھوڑ کر ان ہستیوں کی پرستش کرتے ہیں جو کسی نفع یا نقصان کا اختیار نہیں رکھتیں، اور جو نہ موت وحیات کا اور نہ مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کرنے کا اختیار رکھتی ہیں، جیسے فرمایا:

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔـا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ۝۳ [1]

ترجمہ: لوگوں نے اسے چھوڑ کر ایسے معبود بنا لیے جو کسی چیز کو پیدا نہیں کرتے بلکہ خود پیدا کیے جاتے ہیں، جو خود اپنے لیے بھی کسی نفع یا نقصان کا اختیار نہیں رکھتے، جو نہ مار سکتے ہیں نہ جلا سکتے ہیں نہ مرے ہوئے کو پھر اٹھا سکتے ہیں۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَوْلُهُ: وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ ، قَالَ: هُمُ الَّذِينَ لَا يَشْهَدُونَ أَنَّ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے آیت کریمہ ''اور ان مشرکوں کے لئے (بڑی ہی) خرابی ہے جو زکوۃ نہیں دیتے۔'' کے بارے میں روایت ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ جو لاالہٰ الااللہ کی گواہی نہیں دیتے۔ [2]

یہ لوگ اپنے رب اللہ وحدہ لاشریک کی وحدانیت اور ربوبیت پر ایمان لا کر پاکیزگی اختیار نہیں کرتے، اور حیات بعد الموت، حساب کتاب، جنت وجہنم اور جزاوسزا کو جھٹلاتے ہیں، اور وہ لوگ جو اللہ وحدہ لاشریک، رسولوں، کتابوں، آخرت اور اچھی بری تقدیر پر ایمان لائے اور رسول کی اطاعت میں نیک اعمال کیے ان کے لئے یقیناً ایسا اجر عظیم ہے جس میں کبھی کمی نہیں آئے گی، جیسے فرمایا

۔۔۔عَطَاۗءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ۝۱۰۸ [3]

ترجمہ: ایسی بخشش ان کو ملے گی جس کا سلسلہ کبھی منقطع نہ ہوگا۔

ایک مقام پر فرمایا

مّٰكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۝۳ [4]

ترجمہ: جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

[1] الفرقان ۳

[2] تفسیر طبری ۴۳۰/۲۱

[3] ہود ۱۰۸

[4] الکہف ۳

قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ وَ تَجْعَلُوْنَ لَهٗۤ اَنْدَادًا ؕ

آپ کہہ دیجئے کہ تم اس (اللہ) کا انکار کرتے ہو اور تم اس کے شریک مقرر کرتے ہو جس نے دو دن میں زمین پیدا کر دی،

ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۚ۝۹ وَ جَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا وَ بٰرَكَ فِيْهَا

سارے جہانوں کا پروردگار وہی ہے، اور اس نے زمین میں اس کے اوپر سے پہاڑ گاڑ دیئے اور اس میں برکت رکھ دی

وَ قَدَّرَ فِيْهَاۤ اَقْوَاتَهَا فِيْۤ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ؕ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝۱۰

اور اس میں (رہنے والوں) کی غذاؤں کی تجویز بھی اسی میں کر دی (صرف) چار دن میں، ضرورت مندوں کے لیے یکساں طور پر،

ثُمَّ اسْتَوٰۤى اِلَى السَّمَآءِ وَ هِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَ لِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ

پھر آسمانوں کی طرف متوجہ ہوا اور وہ دھواں (سا) تھا پس اسے اور زمین سے فرمایا کہ تم دونوں خوشی سے آؤ یا ناخوشی سے،

قَالَتَاۤ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ۝۱۱ فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَ اَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ

دونوں نے عرض کیا بخوشی حاضر ہیں، پس دو دن میں سات آسمان بنا دیئے اور ہر آسمان میں اس کے مناسب احکام کی وحی بھیج دی،

اَمْرَهَا ؕ وَ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ ۖۗ وَ حِفْظًا ؕ

اور ہم نے آسمان دنیا کو چراغوں سے زینت دی اور نگہبانی کی،ی

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝۱۲ (حم السجدۃ ۹ تا ۱۲)

یہ تدبیر اللہ غالب و دانا کی ہے۔

تخلیق کائنات کا مرحلہ وار ذکر:

اے نبی ﷺ! ان سے یہ بھی کہو کہ کیا تم اپنے باطل معبودوں کی محبت اور اپنے گمراہ آباؤ اجداد کے بنائے ہوئے مشرکانہ رسم و رواج کی بنا پر اللہ احکم الحاکمین کا انکار کرتے ہو جس کی قدرت کا کمال تو یہ ہے کہ وہ چاہے تو اپنی قدرت کے کلمہ کُن سے تمام کائنات کو ایک لمحے میں تخلیق کر دے مگر اس نے اپنی مشیت و حکمت سے دو دنوں یعنی اتوار اور پیر کے روز اس وسیع و عریض ہموار زمین کو پھیلا دیا، اور پھر زمین ہی سے پہاڑوں کو پیدا کر کے ان کو اس کے اوپر گاڑ دیا تاکہ زمین ادھر ادھر نہ ڈولے، زمین کو رہائش کے قابل بنانے کے لئے دو روز یعنی منگل اور بدھ کے روز اس میں پانی کے ذخائر رکھے جن کی بدولت ہی زمین پر نباتی، حیوانی اور انسانی زندگی ممکن ہوئی، زمین کو پیداوار کی صلاحیت بخشی، زمین کی خشکی و تری میں ہر قسم کی مخلوق کی خوراک و ضروریات کے مطابق جمادات و نباتات کی بے شمار اقسام رکھیں، جیسے فرمایا

اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰىهَا ۝۳۱ وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ۝۳۲ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ۝۳۳ [1]

---

[1] النازعات ۳۱ تا ۳۳

ترجمہ:اس کے اندر سے اس کا پانی اور چارہ نکالا اور پہاڑ اس میں گاڑ دیے سامان زیست کے طور پر تمہارے لیے اور تمہارے مویشیوں کے لیے۔

فَجُعِلَتِ الأَرْضُ وَمَا فِيهَا مِنْ شَيْءٍ فِي أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ

اس طرح زمین اور اس کے متعلقات کی تخلیق پورے چار دنوں میں مکمل ہوگئی۔[1]

پھر اس نے آسمانوں کی تخلیق کا قصد کیا جو دھویں کی شکل میں تھا(یعنی کائنات کی ابتداء میں دھواں دھواں تھی،آج سے ڈیڑھ ہزار سال قبل کسی کے تصور میں بھی یہ بات نہیں تھی کہ کائنات ابتدا میں دھواں تھی اور اس میں سے اجرام فلکی پیدا کیے گئے،ہاں جدید سائنس یہ کہتی ہے کہ کائنات کی تشکیل ایسے گیسی مادے سے ہوئی جو ہائیڈروجن اور ہیلیم جیسے عناصر سے مرکب تھا اور آہستہ آہستہ گردش کر رہا تھا،یہ دھواں دھار مادہ انجام کار متعدد ٹکڑوں میں بٹ گیا اور اس سے ستارے اور سیارے وجود میں آئے)پھر اللہ کو آسمان وزمین تخلیق کرنے کے لیے کوئی محنت یا کوشش نہیں کرنی پڑی بس اللہ نے دھویں کو حکم فرمایا کہ تم چاہو یا نہ چاہو سیاروں،تاروں اور کہکشاؤں کی شکل میں ڈھل جاؤ ،دونوں نے کہا ہم تیرے فرمانبردار ہیں ہم تیرے ارادے کی مخالفت نہیں کر سکتے چنانچہ وہ اپنے مالک کے فرمان کے مطابق ڈھلتا چلا گیا، الغرض دو دنوں یعنی جمعرات اور جمعہ کے روز سات آسمانوں کی تخلیق فرمائی،سورج،چاند اور ستاروں کی گردش مقرر فرمائی،آسمان دنیا کو ان گنت ستاروں،کہکشاؤں اور سیاروں سے مزین فرمایا جو زمین پر چمکتے ہیں اور ان شیاطین کی نگہبانی کرتے ہیں جو ملاء اعلی کی باتیں سننے کے لئے اوپر چڑھنا چاہتے ہیں،جیسے فرمایا:

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ۝۱۶ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۝۱۷ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ۝۱۸ [2]

ترجمہ:یہ ہماری کارفرمائی ہے کہ آسمان میں ہم نے بہت سے مضبوط قلعے بنائے،ان کو دیکھنے والوں کے لیے مزین کیا اور ہر شیطان مردود سے ان کو محفوظ کر دیا کوئی شیطان ان میں راہ نہیں پا سکتا،الا یہ کہ کچھ سن گن لے لے اور جب وہ سن گن لینے کی کوشش کرتا ہے تو ایک شعلہ روشن اس کا پیچھا کرتا ہے۔

اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِۨ الْكَوَاكِبِ ۝۶ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝۷ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝۸ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝۹ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝۱۰ [3]

ترجمہ:ہم نے آسمان دنیا کو تاروں کی زینت سے آراستہ کیا ہے اور ہر شیطان سرکش سے اس کو محفوظ کر دیا ہے،یہ شیاطین ملاء اعلیٰ کی باتیں سن سکتے ہر طرف سے مارے اور ہانکے جاتے ہیں اور ان کے لیے پیہم عذاب ہے تاہم اگر کوئی ان میں سے کچھ لے اڑے تو ایک تیز شعلہ

---

[1] صحیح بخاری کتاب تفسیرسُورَةُ حم السَّجْدَةِ

[2] الحجر۱۶تا۱۸

[3] الصافات۶تا۱۰

اس کا پیچھا کرتا ہے۔

اللہ نے مختلف بازو والی نورانی مخلوق فرشتوں کو پیدا کیا، جیسے فرمایا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا اُولِیْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ؕ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ① [1]

ترجمہ: تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جو آسمانوں اور زمین کا بنانے والا اور فرشتوں کو پیغام رساں مقرر کرنے والا ہے (ایسے فرشتے) جن کے دو دو اور تین تین اور چار چار بازو ہیں وہ اپنی مخلوق کی ساخت میں جیسا چاہتا ہے اضافہ کرتا ہے یقیناً اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اور انہیں مختلف کاموں پر مقرر فرمادیا۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَخَذَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي فَقَالَ:خَلَقَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ التُّرْبَةَ يَوْمَ السَّبْتِ، وَخَلَقَ فِيهَا الْجِبَالَ يَوْمَ الْأَحَدِ، وَخَلَقَ الشَّجَرَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، وَخَلَقَ الْمَكْرُوهَ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ، وَخَلَقَ النُّورَ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ، وَبَثَّ فِيهَا الدَّوَابَّ يَوْمَ الْخَمِيسِ، وَخَلَقَ آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بَعْدَ الْعَصْرِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ، فِي آخِرِ الْخَلْقِ، فِي آخِرِ سَاعَةٍ مِنْ سَاعَاتِ الْجُمُعَةِ، فِيمَا بَيْنَ الْعَصْرِ إِلَى اللَّيْلِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا اللہ تعالیٰ نے مٹی (زمین) کو ہفتہ کے دن پیدا کیا اور اتوار کے دن اس میں پہاڑوں کو پیدا کیا اور پیر کے دن درخت کو پیدا کیا اور کام کاج کی چیزیں (مختلف دھاتیں) منگل کو پیدا کیں اور نور کو بدھ کے دن پیدا کیا اور جمعرات کے دن زمین میں جانور پھیلائے، اور سب سے آخری مخلوق آدم علیہ السلام کو جمعہ کے دن عصر کے بعد رات تک بنایا۔ [2]

اللہ تعالیٰ عرش کے اوپر اپنی شان کے لائق اپنے تخت سلطنت پر متمکن ہے، اس مضمون کو متعدد مقامات پر بیان فرمایا:

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۣ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۢ بِاَمْرِهٖ ۭ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ۭ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۵۴ [3]

ترجمہ: درحقیقت تمہارا رب اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا پھر اپنے تختِ سلطنت پر جلوہ فرما ہوا جو رات کو دن پر ڈھانک دیتا ہے اور پھر دن رات کے پیچھے دوڑا چلا آتا ہے، جس نے سورج اور چاند اور تارے پیدا کیے سب اس کے فرمان کے تابع ہیں، خبردار رہو! اُسی کی خلق ہے اور اسی کا امر ہے، بڑا بابرکت ہے اللہ سارے جہانوں کا مالک و پروردگار۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ۭ مَا مِنْ

---

[1] فاطر ا

[2] صحیح مسلم کتاب صفات المنافقین بَابُ ابْتِدَاءِ الْخَلْقِ وَخَلْقِ آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ علیہ السلام ۷۰۵۴،صحیح ابن حبان ۶۱۶۱،السنن الکبری للبیہقی ۱۷۷۰۵،مسندابی یعلی ۶۱۳۲

[3] الاعراف ۵۴

شَفِيۡعٍ اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ اِذۡنِهٖ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمۡ فَاعۡبُدُوۡهُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوۡنَ ۝۳ [1]

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ تمہارا رب وہی خدا ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا، پھر تختِ سلطنت پر جلوہ گر ہو کر کائنات کا انتظام چلا رہا ہے کوئی شفاعت (سفارش) کرنے والا نہیں ہے اِلا یہ کہ اس کی اجازت کے بعد شفاعت کرے، یہی اللہ تمہارا رب ہے لہٰذا تم اسی کی عبادت کرو، پھر کیا تم ہوش میں نہ آؤ گے؟۔

اَللّٰهُ الَّذِىۡ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيۡرِ عَمَدٍ تَرَوۡنَهَا ثُمَّ اسۡتَوٰى عَلَى الۡعَرۡشِ وَسَخَّرَ الشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجۡرِىۡ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الۡاَمۡرَ يُفَصِّلُ الۡاٰيٰتِ لَعَلَّكُمۡ بِلِقَآءِ رَبِّكُمۡ تُوۡقِنُوۡنَ ۝۲ [2]

ترجمہ: وہ اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں کو ایسے سہاروں کے بغیر قائم کیا جو تم کو نظر آتے ہوں، پھر وہ اپنے تخت سلطنت پر جلوہ فرما ہوا اور اس نے آفتاب و ماہتاب کو ایک قانون کا پابند بنایا، اس سارے نظام کی ہر چیز ایک وقتِ مقرر تک کے لیے چل رہی ہے اور اللہ ہی اس سارے کام کی تدبیر فرما رہا ہے، وہ نشانیاں کھول کھول کر بیان کرتا ہے شاید کہ تم اپنے رب کی ملاقات کا یقین کرو۔

اَلرَّحۡمٰنُ عَلَى الۡعَرۡشِ اسۡتَوٰى ۝۵ [3]

ترجمہ: وہ رحمان (کائنات کے) تختِ سلطنت پر جلوہ فرما ہے۔

الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰى عَلَى الۡعَرۡشِ ۛ اَلرَّحۡمٰنُ فَسۡـَٔلۡ بِهٖ خَبِيۡرًا ۝۵۹ [4]

ترجمہ: وہ جس نے چھ دنوں میں زمین اور آسمانوں کو اور ان ساری چیزوں کو بنا کر رکھ دیا جو آسمان و زمین کے درمیان ہیں، پھر آپ ہی عرش پر جلوہ فرما ہوا، رحمن اس کی شان بس کسی جاننے والے سے پوچھو۔

هُوَ الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰى عَلَى الۡعَرۡشِ ؕ يَعۡلَمُ مَا يَلِجُ فِى الۡاَرۡضِ وَمَا يَخۡرُجُ مِنۡهَا وَمَا يَنۡزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعۡرُجُ فِيۡهَا ؕ وَهُوَ مَعَكُمۡ اَيۡنَ مَا كُنۡتُمۡ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ ۝۴ [5]

ترجمہ: وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا اور پھر عرش پر جلوہ فرما ہوا، اس کے علم میں ہے جو کچھ زمین میں جاتا ہے اور جو کچھ اس سے نکلتا ہے اور جو کچھ آسمان سے اُترتا ہے اور جو کچھ اس میں چڑھتا ہے، وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں بھی تم ہو جو کام بھی تم کرتے ہو اسے وہ دیکھ رہا ہے۔

یہ عظیم الشان کائنات ایک زبردست علیم ہستی کا منصوبہ ہے جو کوئی کام عبث نہیں کرتا، جیسے فرمایا:

---

[1] یونس ۳

[2] یونس ۳

[3] طٰہٰ ۵

[4] الفرقان ۵۹

[5] الحدید ۴

اَفَحَسِبۡتُمۡ اَنَّمَا خَلَقۡنٰكُمۡ عَبَثًا وَّاَنَّكُمۡ اِلَيۡنَا لَا تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۱۱۵﴾ [۱]

ترجمہ: کیا تم نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ ہم نے تمہیں فضول ہی پیدا کیا ہے اور تمہیں ہماری طرف کبھی پلٹنا ہی نہیں ہے؟۔

وَمَا خَلَقۡنَا السَّمَآءَ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا لٰعِبِيۡنَ ﴿۱۶﴾ لَوۡ اَرَدۡنَاۤ اَنۡ نَّتَّخِذَ لَهۡوًا لَّاتَّخَذۡنٰهُ مِنۡ لَّدُنَّاۤ ۖ اِنۡ كُنَّا فٰعِلِيۡنَ ﴿۱۷﴾ [۲]

ترجمہ: ہم نے اس آسمان اور زمین کو اور جو کچھ بھی ان میں ہے کچھ کھیل کے طور پر نہیں بنایا ہے، اگر ہم کوئی کھلونا بنانا چاہتے اور بس یہی کچھ ہمیں کرنا ہوتا تو اپنے ہی پاس سے کر لیتے۔

وہ مخلوقات کی تمام حرکات وسکنات سے آگاہ ہے اس لئے دانائی کا تقاضا یہ ہے کہ اللہ نے جو ہدایت نازل فرمائی اس پر ایمان لاؤ اور باطل معبودوں کی پرستش سے تائب ہو کر اللہ رب العالمین کی بارگاہ میں جھک جاؤ۔

فَاِنۡ	اَعۡرَضُوۡا	فَقُلۡ	اَنۡذَرۡتُكُمۡ	صٰعِقَةً	مِّثۡلَ	صٰعِقَةِ	عَادٍ

اب بھی یہ روگردان ہوں تو کہہ دیجئے! کہ میں تمہیں اس کڑک (عذاب آسمانی) سے اتارتا ہوں جو مثل عادیوں

وَّثَمُوۡدَ ﴿۱۳﴾ اِذۡ جَآءَتۡهُمُ الرُّسُلُ مِنۡۢ بَيۡنِ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمِنۡ خَلۡفِهِمۡ اَلَّا تَعۡبُدُوۡۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ

اور ثمودیوں کی کڑک کے ہوگی، ان کے پاس جب ان کے آگے پیچھے سے پیغمبر آئے کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو تو

قَالُوۡا لَوۡ شَآءَ رَبُّنَا لَاَنۡزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَاِنَّا بِمَاۤ اُرۡسِلۡتُمۡ بِهٖ كٰفِرُوۡنَ ﴿۱۴﴾ (حم السجدۃ ۱۴،۱۳)

انہوں نے جواب دیا کہ اگر ہمارا پروردگار چاہتا تو فرشتوں کو بھیجتا ہم تو تمہاری رسالت کے بالکل منکر ہیں۔

انبیاء کی تکذیب عذاب الٰہی کا سبب:

ہر طرح کے دلائل وبراہین کے باوجود اب بھی یہ لوگ اس بات پر ایمان نہیں لاتے کہ الٰہ اور معبود صرف وہی ہے جس نے یہ وسیع وعریض زمین اور بے حد وحساب پھیلی ہوئی کائنات بنائی ہے، خشکی وتری میں بے شمار انواع کی جاندار مخلوقات کو پیدا کر کے ان کے رزق کا بندوبست فرمایا ہے، اور اپنی جہالت پر اصرار ہی کیے چلے جاتے ہیں کہ اللہ وحدہ لاشریک کے ساتھ دوسروں کو بھی، جو حقیقت میں اس کے مخلوق ومملوک ہیں، معبود بنائیں گے اور اللہ کی ذات وصفات اور حقوق واختیارات میں انہیں اس کا شریک ٹھہرائیں گے، تو آپ ان سے کہہ دیں کہ اب تمہیں قوم عاد وثمود کی طرح کے اچانک ٹوٹ پڑنے والی کڑک کے عذاب کی کسر باقی رہ گئی ہے کہیں تمہاری شامت اعمال بھی تمہیں انہی میں سے نہ کر دے، کہیں اللہ کا عذاب تمہار املیامیٹ نہ کر کے رکھ دے، اللہ کا عذاب تمہاری جڑ کاٹ کر نہ رکھ دے، اللہ نے ان کی قوم میں بھی یکے بعد دیگرے لگاتار بشر رسول بھیجے، جو بستی بستی گاؤں گاؤں اللہ کا پیغام لیکر پھرتے رہے، رسولوں نے اپنی قوموں کو ہر پہلو سے باطل معبودوں کی لاچاری وبے اختیاری اور اللہ کی وحدانیت وربوبیت کو سمجھانے کی کوشش کی، انہیں صراط مستقیم پر لانے کے لئے کوئی تدبیر اختیار کرنے میں

[۱] المومنون ۱۱۵

[۲] الانبیاء ۱۷،۱۶

کسر نہ اٹھا رکھی لیکن ان کی آنکھوں میں چربی چڑھی ہوئی تھی اور دماغوں میں رعونیت بسی ہوئی تھی اس لئے انہوں نے بھی اپنے ظلم و کفر کے باعث ایک بشر کو رسول تسلیم کرنے سے انکار کر دیا، جیسے فرمایا:

وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ۭ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ؀۲۱ [1]

ترجمہ: ذرا انہیں عاد کے بھائی (ہود علیہ السلام) کا قصہ سناؤ جبکہ اس نے احقاف میں اپنی قوم کو خبردار کیا تھا اور ایسے خبردار کرنے والے اس سے پہلے بھی گزر چکے تھے اور اس کے بعد بھی آتے رہے کہ اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو، مجھے تمہارے حق میں ایک بڑے ہولناک دن کے عذاب کا اندیشہ ہے۔

اور کہا کہ چونکہ تم ہماری طرح ہی کے انسان ہو، ہماری طرح کھاتے پیتے ہو، بازاروں میں چلتے پھرتے ہو، شادی بیاہ کرتے ہو، جیسے فرمایا

وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ۭ لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا Ċ اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ۭ وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا Ď [2]

ترجمہ: اور کہتے ہیں کہ یہ کیسا رسول ہے جو کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے اس کے پاس کوئی ایسا فرشتہ کیوں نہ بھیج دیا گیا جو اس کے ساتھ رہ کر نہ ماننے والوں کو ڈراتا دھمکاتا رہتا؟ یا اس کے لیے غیب سے کوئی خزانہ آپڑتا، یا اس کے پاس کم از کم کوئی ایسا باغ ہوتا جس سے یہ خود کھایا پیا کرتا اور یہ ظالم تو مسلمانوں سے یہاں تک کہتے ہیں کہ تم لوگ تو بس جادو کے مارے ہوئے ایک شخص کے پیچھے چلتے ہو۔

اس لئے ہم تمہیں نبی تسلیم نہیں سکتے اور بطور طنز کہا اگر اللہ تعالیٰ ہمارے پاس کوئی رسول بھیجنا چاہتا تو وہ کسی فرشتے کو بھیجتا کسی انسان کو نہیں، اس لئے جو دعوت تم دے رہے ہو ہم اس پر ایمان نہیں لاتے، چنانچہ ایک وقت مقررہ پر عذاب الٰہی ان پر ٹوٹ پڑا، جیسے فرمایا:

وَفِيْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِيْنٍ ؀۴۳ فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ؀۴۴ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ ؀۴۵ [3]

ترجمہ: اور (تمہارے لیے نشانی ہے) ثمود میں جب ان سے کہا گیا تھا کہ ایک خاص وقت تک مزے کر لو مگر اس تنبیہ پر بھی انہوں نے اپنے رب کے حکم سے سرتابی کی، آخر کار ان کے دیکھتے دیکھتے ایک اچانک ٹوٹ پڑنے والے عذاب (ایک زبردست کلیجے پھاڑ دینے والی چنگھاڑ) نے ان کو آلیا، پھر نہ ان میں اٹھنے کی سکت تھی اور نہ وہ اپنا بچاؤ کر سکتے تھے۔

فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ۭ اَوَلَمْ يَرَوْا

اب عاد نے تو بے وجہ زمین میں سرکشی شروع کر دی اور کہنے لگے ہم سے زور آور کون ہے؟ کیا انہیں یہ نظر نہ آیا

---

[1] الاحقاف ۲۱

[2] الفرقان ۸،۷

[3] الذاریات ۴۳ تا ۴۵

اَنَّ اللّٰهَ الَّذِیْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَ كَانُوْا بِاٰیٰتِنَا یَجْحَدُوْنَ ﴿۱۵﴾

جس نے اسے پیدا کیا وہ ان سے (بہت ہی) زیادہ زور آور ہے، وہ (آخر تک) ہماری آیتوں کا انکار ہی کرتے رہے

فَاَرْسَلْنَا عَلَیْهِمْ رِیْحًا صَرْصَرًا فِیْۤ اَیَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِیْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْیِ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ؕ

بالآخر ہم نے ان پر ایک تیز تند آندھی منحوس دنوں میں بھیج دی کہ انہیں دنیاوی زندگی میں ذلت کے عذاب کا مزہ چکھا دیں،

وَ لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰی وَ هُمْ لَا یُنْصَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ (حم السجدة ۱۶،۱۵)

اور (یقین مانو) کہ آخرت کا عذاب اس سے بہت زیادہ رسوائی والا، اور وہ مدد نہیں کئے جائیں گے۔

اللہ تعالیٰ نے عاد کو دراز قد اور نہایت زور آور بنایا تھا، جیسے فرمایا:

الَّتِیْ لَمْ یُخْلَقْ مِثْلُهَا فِی الْبِلَادِ ﴿۸﴾ [1]

ترجمہ: جن کے مانند کوئی قوم دنیا کے ملکوں میں پیدا نہیں کی گئی تھی۔

اس قوم کے تیرہ (۱۳) بڑے بڑے قبیلے تھے اور سب کے سب شرک کے اندھیروں میں غرق ہو چکے تھے، ان کی قوت وطاقت نے ان کو فریب میں مبتلا کر دیا اور وہ اپنے اس تکبر میں اپنے اردگرد کے لوگوں پر قہر اور ظلم وستم کے پہاڑ توڑتے تھے، ہود علیہ السلام نے ان کی اس روش پر فرمایا تھا۔

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ ﴿۱۳۰﴾ [2]

ترجمہ: اور جب کسی پر ہاتھ ڈالتے ہو جبار بن کر ڈالتے ہو۔

اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف ہود علیہ السلام کو مبعوث فرمایا:

وَاِلٰی عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا... ﴿۵۰﴾ [3]

ترجمہ: اور عاد کی طرف ہم نے ان کے بھائی ہود علیہ السلام کو بھیجا۔

جب ہود علیہ السلام نے انہیں دعوت توحید پیش کی اور انہیں اللہ کے عذاب سے ڈرایا تو انہوں نے اطاعت کے بجائے سرکشی اختیار کی اور اپنی قوت وطاقت پر نازاں ہو کر کہنے لگے لے آؤ وہ عذاب جس سے تم ہمیں ڈرا رہے ہو، جیسے فرمایا:

...فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۲۲﴾ [4]

ترجمہ: اچھا تو لے آ اپنا وہ عذاب جس سے تو ہمیں ڈراتا ہے اگر واقعی تو سچا ہے۔

---

[1] الفجر ۸

[2] الشعراء ۱۳۰

[3] ہود ۵۰

[4] الاحقاف ۲۲

ہم نہایت طاقتور ہیں ہم عذاب کو روک لینے کی طاقت و قوت رکھتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا ان کو یہ سمجھ نہ آئی کہ جس خالق مطلق نے ان کو تخلیق کیا اور ایسی قوت وطاقت سے نوازا ہے وہ ان سے زیادہ زور آور ہے؟ ہود علیہ السلام انہیں دلائل و براہین کے ساتھ اللہ کی وحدانیت، ربوبیت اور رزاقیت کی وعظ و نصیحت کرتے رہے مگر وہ آخر وقت تک ہماری توحید کے دلائل اور ہر سو بکھری نشانیوں کا انکار ہی کرتے رہے، آخر کار جب ایک عرصہ گزر گیا اور اس قوم نے بھی کفر کا راستہ ترک کر کے ایمان و تقویٰ کی راہ اختیار نہ کی تو ہم نے ان چند دنوں میں جو قوم عاد کے لیے منحوس تھے ان پر طوفانی ہوا کا عذاب نازل کر دیا تا کہ انہیں دنیا ہی کی زندگی میں ذلت و رسوائی کے عذاب کا مزا چکھا دیں، یہ تند و تیز سرد، سرسراتی ہوئی ہوا ان پر مسلسل سات راتیں اور آٹھ دن تک مسلط رہی جو انہیں اٹھا اٹھا کر پٹخ رہی تھی یہاں تک کہ وہ کھجور کے کھوکھلے بوسیدہ تنوں جیسے بن کر رہ گئے، جیسے فرمایا:

اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا عَلَیۡهِمۡ رِیۡحًا صَرۡصَرًا فِیۡ یَوۡمِ نَحۡسٍ مُّسۡتَمِرٍّ ﴿۱۹﴾ تَنۡزِعُ النَّاسَ ۙ كَاَنَّهُمۡ اَعۡجَازُ نَخۡلٍ مُّنۡقَعِرٍ ﴿۲۰﴾ [1]

ترجمہ: ہم نے ایک پیہم نحوست کے دن سخت طوفانی ہوا ان پر بھیج دی جو لوگوں کو اٹھا اٹھا کر اس طرح پھینک رہی تھی جیسے وہ جڑ سے اکھڑے ہوئے کھجور کے تنے ہوں۔

وَاَمَّا عَادٌ فَاُهۡلِكُوۡا بِرِیۡحٍ صَرۡصَرٍ عَاتِیَةٍ ﴿۶﴾ سَخَّرَهَا عَلَیۡهِمۡ سَبۡعَ لَیَالٍ وَّثَمٰنِیَةَ اَیَّامٍ ۙ حُسُوۡمًا فَتَرَى الۡقَوۡمَ فِیۡهَا صَرۡعٰى ۙ كَاَنَّهُمۡ اَعۡجَازُ نَخۡلٍ خَاوِیَةٍ ﴿۷﴾ فَهَلۡ تَرٰى لَهُمۡ مِّنۡۢ بَاقِیَةٍ ﴿۸﴾ [2]

ترجمہ: اور عاد ایک بڑی شدید طوفانی آندھی سے تباہ کر دیے گئے، اللہ تعالیٰ نے اس کو مسلسل سات رات اور آٹھ دن ان پر مسلط رکھا (تم وہاں ہوتے تو) دیکھتے کہ وہ وہاں اس طرح پچھاڑے پڑے ہیں جیسے وہ کھجور کے بوسیدہ تنے ہوں اب کیا ان میں سے کوئی تمہیں باقی نظر آتا ہے۔

اس ہوا نے ان کے مکانات کے سوا کچھ باقی نہ چھوڑا

...فَاَصۡبَحُوۡا لَا یُرٰۤى اِلَّا مَسٰكِنُهُمۡ... ﴿۲۵﴾ [3]

ترجمہ: آخر کار ان کا حال یہ ہوا کہ ان کے رہنے کی جگہوں کے سوا وہاں کچھ نظر نہ آتا تھا۔

اور آخرت کا عذاب تو اس سے بھی زیادہ رسوا کن ہے، وہاں کوئی ان کی مدد کرنے والا نہ ہوگا۔

وَ اَمَّا ثَمُوۡدُ فَهَدَیۡنٰهُمۡ فَاسۡتَحَبُّوا الۡعَمٰى عَلَى الۡهُدٰى فَاَخَذَتۡهُمۡ صٰعِقَةُ

رہے قوم ثمود، سو ہم نے ان کی بھی راہبری کی پھر بھی انہوں نے ہدایت پر اندھے پن کو ترجیح دی جس بنا پر انہیں (سراپا)

الۡعَذَابِ الۡهُوۡنِ بِمَا كَانُوۡا یَكۡسِبُوۡنَ ﴿۱۷﴾ وَ نَجَّیۡنَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا

ذلت کے عذاب کی کڑک نے ان کے کرتوتوں کے باعث پکڑ لیا، اور (ہاں) ایمان دار اور پارساؤں کو ہم نے

---

(۱) القمر ۲۰،۱۹

(۲) الحاقة ٦ تا ٨

(۳) الاحقاف ۲۵

وَ كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸﴾ (حم السجدۃ ۱۸،۱۷)

(بال بال) بچالیا۔

رہے ثمود تو ہم نے اتمام حجت کے لیے ان کی طرف صالح علیہ السلام کو مبعوث کیا اور انہوں نے کفروشرک اور دوسری اخلاقی برائیوں میں ڈوبی اس قوم کو شرک اور ان برائیوں سے روکا اور دلائل وبراہین کے ساتھ توحید کی دعوت پیش کی، جیسے فرمایا

وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ۭ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿۶۱﴾ [1]

ترجمہ:اور ثمود کی طرف ہم نے ان کے بھائی صالح علیہ السلام کو بھیجا،اس نے کہا اے میری قوم کے لوگو!اللہ کی بندگی کرو اس کے سوا تمہارا کوئی الٰہ نہیں ہے ،وہی ہے جس نے تم کو زمین سے پیدا کیا ہے اور یہاں تم کو بسایا ہے لہذا تم اس سے معافی چاہو اور اس کی طرف پلٹ آؤ،یقیناً میرا رب قریب ہے اور وہ دعاؤں کا جواب دینے والا ہے۔

مگر انہوں نے بھی اس دعوت کو قبول کرنے کے بجائے تکذیب اور مخالفت کی اور معجزات کا مطالبہ کیا، جیسے فرمایا:

قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ښ فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۴﴾ [2]

ترجمہ:انہوں نے جواب دیا تو محض ایک سحر زدہ آدمی ہے، تو ہم جیسے ایک انسان کے سوا اور کیا ہے؟لا کوئی نشانی اگر تو سچا ہے؟۔

اللہ تعالیٰ نے ان کے مطالبے پر ایک اونٹنی کو معجزہ بنا کر بھیجا اور پانی کی باری مقرر فرمادی، جیسے فرمایا

قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۱۵۵﴾ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْۗءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵۶﴾ [3]

ترجمہ:صالح علیہ السلام نے کہا یہ (اللہ کی) اونٹنی ہے،ایک دن اس کے پینے کا ہے اور ایک دن تم سب کے پانی لینے کا،اس کو ہرگز نہ چھیڑنا ورنہ ایک بڑے دن کا عذاب تم کو آلے گا۔مگر اس پیشگی سخت تنبیہ کے باوجود انہوں نے اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں۔

فَعَقَرُوْهَا ۔۔۔ ﴿۱۵۷﴾ [4]

ترجمہ: مگر انہوں نے اس کی کونچیں کاٹ دیں۔

آخر ہم نے ان کے کرتوتوں کی بدولت ایک کلیجے پھاڑ دینے والی چنگھاڑ اور دل پاش پاش کر دینے والے زلزلے کے ساتھ عذاب نازل کیا اور انہیں ذلت ورسوائی کے ساتھ صفحہ ہستی سے مٹا دیا، جیسے فرمایا:

---

[1] ھود ۶۱

[2] الشعراء ۱۵۳، ۱۵۴

[3] الشعراء ۱۵۵ ، ۱۵۶

[4] الشعراء ۱۵۷

وَاَخَذَ الَّذِیۡنَ ظَلَمُوا الصَّیۡحَةُ فَاَصۡبَحُوۡا فِیۡ دِیَارِهِمۡ جٰثِمِیۡنَ ۙ﴿۶۷﴾ [۱]

ترجمہ: وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا تھا تو ایک سخت دھماکے نے ان کو دھر لیا اور وہ اپنی بستیوں میں اس طرح بے حس و حرکت پڑے کے پڑے رہ گئے کہ گویا وہ وہاں کبھی بسے ہی نہ تھے۔

فَاَمَّا ثَمُوۡدُ فَاُهۡلِكُوۡا بِالطَّاغِيَةِ ﴿۵﴾ [۲]

ترجمہ: ثمود ایک سخت حادثہ سے ہلاک کیے گئے۔

اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ صَيۡحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوۡا كَهَشِيۡمِ الۡمُحۡتَظِرِ ﴿۳۱﴾ [۳]

ترجمہ: ہم نے ان پر بس ایک ہی دھما کا چھوڑا اور وہ باڑے والے کی روندی ہوئی باڑھ کی طرح بھس ہو کر رہ گئے۔

اور اپنی سنت کے مطابق ہم نے ان لوگوں کو اس دردناک عذاب سے پہلے ہی وہاں سے نکال لیا جو اللہ وحدہ لاشریک اور اس کے رسول پر ایمان لائے تھے اور گمراہی و بدعملی سے پرہیز کرتے تھے۔

وَ یَوۡمَ یُحۡشَرُ اَعۡدَآءُ اللّٰهِ اِلَی النَّارِ فَهُمۡ یُوۡزَعُوۡنَ ﴿۱۹﴾ حَتّٰۤی اِذَا

اور جس دن اللہ کے دشمن دوزخ کی طرف لائے جائیں گے اور ان (سب) کو جمع کر دیا جائے گا یہاں تک کہ جب بالکل

مَا جَآءُوۡهَا شَهِدَ عَلَیۡهِمۡ سَمۡعُهُمۡ وَ اَبۡصَارُهُمۡ وَ جُلُوۡدُهُمۡ بِمَا كَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۰﴾

جہنم کے پاس آجائیں گے ان پر ان کے کان پر اور ان کی آنکھیں اور ان کی کھالیں ان کے اعمال کی گواہی دیں گی،

وَ قَالُوۡا لِجُلُوۡدِهِمۡ لِمَ شَهِدۡتُّمۡ عَلَیۡنَا ؕ قَالُوۡۤا اَنۡطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِیۡۤ اَنۡطَقَ

یہ اپنی کھالوں سے کہیں گے کہ تم نے ہمارے خلاف شہادت کیوں دی، وہ جواب دیں گی ہمیں اس اللہ نے قوت گویائی عطا

كُلَّ شَیۡءٍ وَّ هُوَ خَلَقَكُمۡ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ اِلَیۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۲۱﴾ (حم السجدۃ ۱۹ تا ۲۱)

فرمائی جس نے ہر چیز کو بولنے کی طاقت بخشی ہے، اسی نے تمہیں اول مرتبہ پیدا کیا اور اسی کی طرف تم سب لوٹائے جاؤ گے۔

قوم ثمود تو تم لوگوں سے زیادہ زور آور تھے، ہم نے انہیں تم سے زیادہ مال و اسباب سے بھی خوب نوازا تھا، ان کا تم سے زیادہ یک بڑے علاقہ پر اقتدار تھا اور انہوں نے تم سے زیادہ اس زمین کو آباد کیا تھا مگر اپنے غلط عقائد اور اعمال کی بدولت انہیں نیست و نابود کر دیا گیا، مگر تم لوگ ذرا اس وقت کا خیال کرو جب جہنم کے تندخو فرشتے اللہ مالک یوم الدین، اس کے رسولوں، اس کی کتابوں اور حیات بعد الموت کے منکرین کو اللہ کی بارگاہ میں پیش کرنے کے لیے سختی کے ساتھ گھیر لائیں گے، پیاس کی شدت سے ان کا برا حال ہو گا، جیسے فرمایا:

---

[۱] ہود ۶۷

[۲] الحاقہ ۵

[۳] القمر ۳۱

وَّنَسُوۡقُ الۡمُجۡرِمِيۡنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرۡدًا ۝۸۶ [1]

ترجمہ:اور مجرموں کو پیاسے جانوروں کی طرح جہنم کی طرف ہانک لے جائیں گے۔

مگر جہنم میں دھکیل دینے سے پہلے باقی لوگوں کے آنے تک انہیں روک رکھا جائے گا، پھر جب اول وآخر تمام نسلیں جہنم کے کنارے پر جمع ہو جائیں گی تو یہ لوگ اپنے کفروشرک کا انکار کر دیں گے کہیں گے کہ میں اپنی ذات کی گواہی کے سواکسی کی گواہی تسلیم نہیں کرتا، باری تعالیٰ فرمائے گاٹھیک ہے ہم تیری ذات کی گواہی ہی لے لیتے ہیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ ان کے منہ پر مہر لگادے گا اور ان کے اپنے اعضاو جوارح کو گواہی دینے کے لیے زبان عطافرمادے گا چنانچہ ان کے مادی اور جسمانی کان اور ان کی آنکھیں اور ان کے جسم کی کھالیں ان پر گواہی دیں گی اور ان کے تمام گناہوں اور لغزشوں کو وہاں اگل دیں گے، اس وقت انہیں معلوم ہو جائے گا کہ یہ سب تو پرائے اور بیگانے نکلے، جیسے فرمایا:

اَلۡيَوۡمَ نَخۡتِمُ عَلٰٓى اَفۡوَاهِهِمۡ وَتُكَلِّمُنَاۤ اَيۡدِيۡهِمۡ وَتَشۡهَدُ اَرۡجُلُهُمۡ بِمَا كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ۝۶۵ [2]

ترجمہ:آج ہم ان کے منہ بند کیے دیتے ہیں، ان کے ہاتھ ہم سے بولیں گے اور ان کے پاؤں گواہی دیں گے کہ یہ دنیا میں کیا کمائی کرتے رہے ہیں۔

يَّوۡمَ تَشۡهَدُ عَلَيۡهِمۡ اَلۡسِنَتُهُمۡ وَاَيۡدِيۡهِمۡ وَاَرۡجُلُهُمۡ بِمَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ۝۲۴ [3]

ترجمہ:وہ اس دن کو بھول نہ جائیں جبکہ ان کی اپنی زبانیں اور ان کے اپنے ہاتھ پاؤں ان کے کرتوتوں کی گواہی دیں گے۔

انسان کے اعضا ہی نہیں زمین بھی انسان کے خلاف گواہی دے گی، جیسے فرمایا

وَاَخۡرَجَتِ الۡاَرۡضُ اَثۡقَالَهَا ۝۲ وَقَالَ الۡاِنۡسَانُ مَا لَهَا ۝۳ يَوۡمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخۡبَارَهَا ۝۴ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوۡحٰى لَهَا ۝۵

ترجمہ:اور زمین اپنے اندر کے سارے بوجھ نکال کر باہر ڈال دے گی اور انسان کہے گا کہ یہ اس کو کیا ہو رہا ہے؟ اس روز وہ اپنے (اوپر گزرے ہوئے) حالات بیان کرے گی کیونکہ تیرے رب نے اسے (ایسا کرنے کا) حکم دیا ہوگا۔

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَحِكَ، فَقَالَ: هَلْ تَدْرُونَ مِمَّ أَضْحَكُ؟ قَالَ قُلْنَا: اللهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: مِنْ مُخَاطَبَةِ الْعَبْدِ رَبَّهُ، يَقُولُ: يَا رَبِّ أَلَمْ تُجِرْنِي مِنَ الظُّلْمِ؟ قَالَ: يَقُولُ: بَلَى، قَالَ: فَيَقُولُ: فَإِنِّي لَا أُجِيزُ عَلَى نَفْسِي إِلَّا شَاهِدًا مِنِّي، قَالَ: فَيَقُولُ: كَفَى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ شَهِيدًا، وَبِالْكِرَامِ الْكَاتِبِينَ شُهُودًا، قَالَ: فَيُخْتَمُ عَلَى فِيهِ، فَيُقَالُ لِأَرْكَانِهِ: انْطِقِي، قَالَ: فَتَنْطِقُ بِأَعْمَالِهِ، قَالَ: ثُمَّ يُخَلَّى بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْكَلَامِ، قَالَ فَيَقُولُ: بُعْدًا لَكُنَّ وَسُحْقًا، فَعَنْكُنَّ كُنْتُ أُنَاضِلُ

انس بن مالک سے مروی ہے ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، اتنے میں آپ ہنسے آپ ﷺ نے فرمایا تم جانتے ہو میں کس واسطے ہنستا ہوں؟ ہم نے کہا کہ اللہ اور اس کا رسول خوب جانتا ہے، آپ ﷺ نے فرمایا میں بندے کی گفتگو پر ہنستا ہوں جو وہ اپنے مالک

---

[1] مریم۸۶

[2] یسین ۶۵

[3] النور۲۴

سے کرے گا بندہ کہے گا اے مالک! کیا تو مجھ کو ظلم سے پناہ نہیں دے چکا (یعنی تو نے وعدہ کیا ہے کہ ظلم نہ کروں گا)؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیوں نہیں، بندہ کہے گا میں اپنی ذات کی گواہی کے سوا اپنے اوپر کسی کی گواہی کو جائز نہیں رکھتا، پروردگار فرمائے گا اچھا آج کے دن کراماً کاتبین کی گواہی اور تیری ذات کی گواہی تجھ پر کفایت کرتی ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پھر بندہ کے منہ پر مہر لگادی جائے گی اور اس کے ہاتھ پاؤں سے کہا جائے گا تم بولو، وہ اس کے سارے اعمال بول دیں گے، پھر بندہ کو بات کرنے کی اجازت دی جائے گی تو مجرمین ناراض ہو کر اپنے جسم کی کھالوں سے کہیں گے تمہارے لیے ہلاکت اور دوری ہو میں تو تمہاری ہی خاطر جھگڑ رہا اور مدافعت کر رہا تھا۔ [1]

قَالَ أَبُو بُرْدَةَ قَالَ أَبُو مُوسَى: وَيُدْعَى الْكَافِرُ وَالْمُنَافِقُ لِلْحِسَابِ فَيَعْرِضُ عليه ربه عز وجل عَمَلَهُ فَيَجْحَدُ وَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ وَعِزَّتِكَ لَقَدْ كَتَبَ عَلَيَّ هَذَا الْمَلَكُ مَا لَمْ أَعْمَلْ! فيق، ل لَهُ الْمَلَكُ: أَمَا عَمِلْتَ كَذَا فِي يَوْمِ كذا في مكان كذا؟ فيقول: لا وعزتك أَيْ رَبِّ مَا عَمِلْتُهُ فَإِذَا فَعَلَ ذَلِكَ خُتِمَ عَلَى فِيهِ قَالَ الْأَشْعَرِيُّ: فَإِنِّي لاحْسَبَ أَوَّلَ مَا يَنْطِقُ مِنْهُ فَخِذَهُ الْيُمْنَى.

ابو بردہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ کافر اور منافق کو حساب کے لیے بلایا جائے گا اور اللہ عزوجل اس کے سامنے اس کے عمل کو پیش فرمائے گا تو وہ انکار کر دے گا اور کہے گا اے میرے رب! مجھے تیری عزت کی قسم! اس فرشتے نے میرے ذمے ایسے عمل لکھ دیے ہیں جو میں نے کیے ہی نہیں، فرشتہ کہے گا کیا تو نے فلاں دن، فلاں جگہ فلاں عمل نہیں کیا تھا؟ بندہ جواب دے گا اے اللہ! مجھے تیری عزت کی قسم! میں نے یہ عمل نہیں کیا، جب وہ یہ بات کہے گا تو اس کے منہ پر مہر لگادی جائے گی، ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میرے خیال میں اس کے اعضاء میں سے سب سے پہلے اس کی دائیں ران بات کرے گی۔ [2]

ان کی کھالیں جواب دیں گی ہمیں اسی اللہ وحدہ لاشریک نے گویائی کی قوت عطا فرمائی ہے جس نے ہر چیز کو گویا کر دیا ہے، اسی خالق وحدہ لاشریک نے تم کو اپنے ہاتھوں سے پہلی مرتبہ مٹی سے بغیر کسی نمونے کے پیدا کیا تھا، اور دنیا میں انبیاء و مرسلین کے ذریعے تمہیں خبردار کر دیا گیا تھا کہ ایک دن تمہیں اپنے اعمال کی جوابدہی کے لیے اس کی بارگاہ میں پیش ہونا ہے مگر تم اس کا انکار کرتے تھے، اس حقیقت کو دیوانے کی ایک بڑ سے زیادہ وقعت نہیں دیتے تھے، مگر دیکھ لو اللہ کا وعدہ سچا تھا اور اب اسی کی طرف تم واپس لائے جا رہے ہو۔

وَ مَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَ لَاۤ اَبْصَارُكُمْ وَ لَا جُلُوْدُكُمْ

اور تم (اپنی بداعمالیوں) اس وجہ سے پوشیدہ رکھتے ہی نہ تھے کہ تم پر تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں اور تمہاری کھالیں

وَ لٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝۲۲ وَ ذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ

گواہی دیں گی، ہاں تم یہ سمجھتے رہے کہ تم جو کچھ کر رہے ہو اس میں سے بہت سے اعمال سے اللہ بے خبر ہے، تمہاری اس

[1] صحیح مسلم كِتَابُ الزُّهْدِ وَالرَّقَائِقِ باب الدنیاسجن للمومن وجنة للكافر۷۴۳۹، صحیح ابن حبان ۷۳۵۸، السنن الکبری للنسائی ۱۱۵۸۹، مسندابی یعلی ۳۹۷۷، مستدرک حاکم ۸۷۷۸

[2] تفسیرابن ابی حاتم۱۷، ۳۲۷، ۱۰

ظَنَنۡتُمۡ بِرَبِّکُمۡ اَرۡدٰىکُمۡ فَاَصۡبَحۡتُمۡ مِّنَ الۡخٰسِرِیۡنَ ﴿۲۳﴾ (حم السجدة ۲۲،۲۳)

بدگمانی نے جو تم نے اپنے رب سے کر رکھی تھی تمہیں ہلاک کر دیا اور بالآخر تم زیاں کاروں میں ہو گئے۔

تم دنیا میں جرائم کرتے وقت لوگوں سے تو چھپنے کی کوشش کرتے تھے مگر عقیدہ حیات بعد الموت پر ایمان نہ لانے کی وجہ سے تمہیں اس بات کا کوئی خوف نہ تھا کہ روز محشر تمہارے اپنے کان، تمہاری آنکھیں اور تمہارے جسم کی کھالیں تم پر گواہ نہ بن جائیں، (اللہ نے تین اعضا کا خاص طور پر ذکر فرمایا ہے کیونکہ اکثر گناہوں کا ارتکاب یہی تین اعضا کرتے ہیں) بلکہ تم تو یہ سمجھتے تھے کہ اللہ کو تمہارے بہت سے اعمال کی خبر ہی نہیں ہے، اس لیے تم اللہ کی مقررہ حدوں کو توڑنے اور اپنے مالک کی نافرمانی کرنے میں بہت بے باک تھے، اپنے رب کے بارے میں تمہارے اسی اعتقاد فاسد اور گمان باطل نے کہ تمہارے بہت سے اعمال کی اللہ کو بھی خبر نہیں ہے تمہیں ہلاکت میں ڈال دیا اور اسی کی بدولت تم خسارے میں پڑ گئے،

عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: اخْتَصَمَ عِنْدَ البَيْتِ ثَلاَثَةُ نَفَرٍ قُرَشِيَّانِ وَثَقَفِيٌّ، أَوْ ثَقَفِيَّانِ وَقُرَشِيٌّ، قَلِيلٌ فِقْهُ قُلُوبِهِمْ كَثِيرٌ شَحْمُ بُطُونِهِمْ، فَقَالَ أَحَدُهُمْ: أَتَرَوْنَ أَنَّ اللَّهَ يَسْمَعُ مَا نَقُولُ؟ فَقَالَ الآخَرُ: يَسْمَعُ إِنْ جَهَرْنَا وَلاَ يَسْمَعُ إِنْ أَخْفَيْنَا وَقَالَ الآخَرُ: إِنْ كَانَ يَسْمَعُ إِذَا جَهَرْنَا فَهُوَ يَسْمَعُ إِذَا أَخْفَيْنَا قَالَ: فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: {وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلاَ أَبْصَارُكُمْ وَلاَ جُلُودُكُمْ}[1] الآيَةَ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے بیت اللہ کے پاس تین آدمی اکٹھے ہوئے اور ان میں دو قریش کے تھے اور ایک ثقیف کا یا دو ثقیف تھے اور ایک قریش کا تھا، ان کے دلوں میں سمجھ کم تھی اور ان کے پیٹوں میں چربی بہت تھی، (ان تینوں) میں سے ایک نے کہا تم لوگوں کا خیال ہے کہ جو باتیں ہم کر رہے ہیں وہ اللہ تعالیٰ سن رہا ہے؟ دوسرا کہنے لگا اگر زور سے بولیں تو سنتا ہے اور اگر آہستہ سے بولیں تو نہیں سنتا، دوسرے نے کہا کہ اگر اللہ ہماری اونچی آوازوں کو سنتا ہے تو نیچی آوازوں کو بھی سنتا ہوگا، فرمایا میں نے اس بات کا ذکر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا جس پر یہ آیت '' تم دنیا میں جرائم کرتے وقت جب چھپتے تھے تو تمہیں یہ خیال نہ تھا کہ کبھی تمہارے اپنے کان اور تمہاری آنکھیں اور تمہارے جسم کی کھالیں تم پر گواہی دیں گی بلکہ تم نے تو یہ سمجھا تھا کہ تمہارے بہت سے اعمال کی اللہ کو بھی خبر نہیں ہے۔'' نازل ہوئی۔[2]

خط کشیدہ الفاظ مسند احمد میں ہیں۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ:أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :قَالَ اللَّهُ أَنَا مَعَ عَبْدِي عِنْدَ ظَنِّهِ بِي، وَأَنَا مَعَهُ إِذَا دَعَانِي

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارا رب کہتا ہے میں اپنے بندے کے گمان کے پاس ہوں، اور میں اس کے ساتھ

---

[1] فصلت : ۲۲

[2] صحیح بخاری کتاب التفسیر تفسیرسورۃحم السجدہ بَابُ قَوْلِهِ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلاَ أَبْصَارُكُمْ وَلاَ جُلُودُكُمْ، وَلَكِنْ ظَنَنْتُمْ أَنَّ اللَّهَ لاَ يَعْلَمُ كَثِيرًا مِمَّا تَعْمَلُونَ ۴۸۱۶،صحیح مسلم کتاب صفات المنافقین باب صِفَاتِ الْمُنَافِقِينَ وَأَحْكَامِهِمْ ۲۷۷۵،جامع ترمذی ابواب تفسیرالقرآن بَابٌ: وَمِنْ سُورَةِ السَّجْدَةِ ۳۲۴۸،مسنداحمد ۳۶۱۴

ہوں جب وہ مجھے بلائے۔ [1]

فَاِنۡ یَّصۡبِرُوۡا فَالنَّارُ مَثۡوًی لَّهُمۡ ۚ وَ اِنۡ یَّسۡتَعۡتِبُوۡا فَمَا هُمۡ

اب اگر یہ صبر کریں تو بھی ان کا ٹھکانا جہنم ہی ہے اور اگر یہ (عذر و) معافی کے خواستگار ہوں تو بھی (معذور و) معاف

مِّنَ الۡمُعۡتَبِیۡنَ ﴿۲۴﴾ وَ قَیَّضۡنَا لَهُمۡ قُرَنَآءَ فَزَیَّنُوۡا لَهُمۡ مَّا بَیۡنَ اَیۡدِیۡهِمۡ وَ مَا خَلۡفَهُمۡ

نہیں رکھے جائیں گے، اور ہم نے ان کے کچھ ہم نشین مقرر کر رکھے تھے جنہوں نے ان کے اگلے پچھلے اعمال ان کی

وَ حَقَّ عَلَیۡهِمُ الۡقَوۡلُ فِیۡۤ اُمَمٍ قَدۡ خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ مِّنَ الۡجِنِّ

نگاہوں میں خوبصورت بنا رکھے تھے، اور ان کے حق میں بھی اللہ کا قول امتوں کے ساتھ پورا ہوا جو ان سے پہلے جنوں

وَ الۡاِنۡسِ ۚ اِنَّهُمۡ کَانُوۡا خٰسِرِیۡنَ ﴿۲۵﴾ (حم السجدة ۲۴،۲۵)

اور انسانوں کی گزر چکی ہیں، یقیناً وہ زیاں کار ثابت ہوئے۔

اس حالت میں وہ اللہ مالک یوم الدین سے دنیا میں واپس بھیجنے کی درخواست کریں تا کہ وہ نیک اعمال کر کے آئیں مگر ان کی درخواست کو مسترد کر دیا جائے گا، جیسے فرمایا:

قَالُوۡا رَبَّنَا غَلَبَتۡ عَلَیۡنَا شِقۡوَتُنَا وَ کُنَّا قَوۡمًا ضَآلِّیۡنَ ﴿۱۰۶﴾ رَبَّنَاۤ اَخۡرِجۡنَا مِنۡهَا فَاِنۡ عُدۡنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوۡنَ ﴿۱۰۷﴾ قَالَ اخۡسَـُٔوۡا فِیۡهَا وَ لَا تُکَلِّمُوۡنِ ﴿۱۰۸﴾ [2]

ترجمہ: وہ کہیں گے اے ہمارے رب! ہماری بدبختی ہم پر چھا گئی تھی ہم واقعی گمراہ لوگ تھے، اے پروردگار! اب ہمیں یہاں سے نکال دے پھر ہم ایسا قصور کریں تو ظالم ہوں گے، اللہ تعالیٰ جواب دے گا دور ہو میرے سامنے سے، پڑے رہو اسی میں اور مجھ سے بات نہ کرو۔

اللہ تعالیٰ نے مشرکین کی خصلت کے بارے میں فرمایا

...وَلَوۡ رُدُّوۡا لَعَادُوۡا لِمَا نُهُوۡا عَنۡهُ وَاِنَّهُمۡ لَکٰذِبُوۡنَ ﴿۲۸﴾ [3]

ترجمہ: اگر انہیں سابق زندگی کی طرف واپس بھیجا جائے تو پھر وہی سب کچھ کریں جس سے انہیں منع کیا گیا ہے، وہ تو ہیں ہی جھوٹے (اس لیے اپنی اس خواہش کے اظہار میں بھی جھوٹ ہی سے کام لیں گے)۔

اور اگر وہ توبہ کرنا چاہیں گے تو قبول نہیں کی جائے گی کیونکہ اس کا وقت موت کے ساتھ ہی ختم ہو جاتا ہے اور جہنم کی آگ ہی ان کا ٹھکانا ہو گی

---

[1] صحیح بخاری کتاب التوحید الجهمية بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى يُرِيدُونَ أَنْ يُبَدِّلُوا كَلاَمَ اللَّهِ۷۵۰۵، صحیح مسلم کتاب بَابُ فَضْلِ الذِّكْرِ وَالدُّعَاءِ وَالتَّقَرُّبِ إِلَى اللهِ تَعَالَى۶۸۲۹ ، مسند احمد ۷۹۴۹،مسندابی یعلی ۳۲۳۲

[2] المومنون۱۰۶تا۱۰۸

[3] الانعام۲۸

جیسے فرمایا:

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ۝۵۲ [1]

ترجمہ: جب ظالموں کو ان کی معذرت کچھ بھی فائدہ نہ دے گی اور ان پر لعنت پڑے گی اور بدترین ٹھکانہ ان کے حصے میں آئے گا۔

یہ اللہ تعالیٰ کی مستقل اور دائمی سنت ہے کہ جو لوگ دعوت حق کو قبول نہیں کرتے اللہ ان پر ایسے شیاطین جن وانس مسلط کر دیتا ہے جو انہیں کفر وشرک اور دوسرے اعمال بد کو خوشنما بنا کر دکھاتے رہتے تھے، درخشاں مستقبل کے خواب دکھاتے رہتے ہیں اور یہ سمجھتے رہتے ہیں کہ وہ صحیح راہ کے مسافر ہیں جیسے فرمایا:

وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ۝۳۶ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝۳۷ [2]

ترجمہ: جو شخص رحمان کے ذکر سے تغافل برتتا ہے ہم اس پر ایک شیطان مسلط کر دیتے ہیں اور وہ ان کا رفیق بن جاتا ہے، یہ شیاطین ایسے لوگوں کو راہ راست پر آنے سے روکتے ہیں اور وہ اپنی جگہ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم ٹھیک جا رہے ہیں۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ۝۸۳ [3]

ترجمہ: کیا تم دیکھتے نہیں ہو کہ ہم نے منکرین حق پر شیاطین چھوڑ رکھے ہیں جو انہیں خوب خوب (مخالفت حق پر) اکسا رہے ہیں۔

اس لیے وہ اپنے پیروں پر خود کلہاڑی چلا کر ظلمتوں میں ٹھوکریں کھاتے رہے اور دائمی خسارے کے مستحق قرار پائے، آخرکار اللہ کی قضاوقدر کا فیصلہ عذاب ان پر چسپاں ہو کر رہا جو ان سے پہلے گزرے ہوئے جنوں اور انسانوں کے گروہوں پر چسپاں ہو چکا تھا، یقیناً وہ خسارے میں رہ جانے والے تھے۔

وَ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَ الْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ۝۲۶

اور کافروں نے کہا اس قرآن کی سنو ہی مت، (اس کے پڑھے جانے کے وقت) اور بے ہودہ گوئی کرو کیا عجب کہ تم غالب آجاؤ،

فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّ لَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۲۷

پس یقیناً ہم ان کافروں کو سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے اور انہیں ان کے بدترین اعمال کا بدلہ (ضرور) ضرور دیں گے،

ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ؕ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا

اللہ کے دشمنوں کی سزا یہی دوزخ کی آگ ہے جس میں ان کا ہمیشگی کا گھر ہے، (یہ) بدلہ ہے ہماری

[1] المومن ۵۲

[2] الزخرف ۳۶، ۳۷

[3] مریم ۸۳

بِاٰيٰتِنَا يَجۡحَدُوۡنَ ﴿۲۸﴾ (حم السجدة ۲۶ تا ۲۸)

آیتوں سے انکار کرنے کا۔

شیطانی منصوبہ:

مشرکین مکہ نے دعوت اسلام کو روکنے کے لئے ہر ممکن جتن کیے، دعوت اسلام کا مذاق اڑایا، اس کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈا کیا، مسلمانوں کو ظلم وستم کی چکی میں پیسا جس کی وجہ سے ایک بڑی تعداد میں مرد وزن اپنا گھر بار، عزیز واقارب اور وطن چھوڑنے پر مجبور ہو گئی مگر ان میں سے کسی نے بھی ان معمولی چیزوں کی خاطر اس عظیم نعمت سے منہ نہ موڑا، کفار مکہ کو خوب تجربہ ہو چکا تھا کہ قرآن مجید اپنے اندر کس بلا کی تاثیر رکھتا ہے اور اسے سنانے والے محمد ﷺ ہیں، جو صادق وامین ہیں، ان کی زبان مبارک سے جو اس جلیل القدر کلام کو سنے گا وہ آخر کار اس پر ایمان لا کر رہے گا، چنانچہ اپنے ظلم وعناد کے باعث دعوت اسلام کا راستہ روکنے اور اپنا غلبہ حاصل کرنے کے لئے انہوں نے یہ شیطانی منصوبہ بنایا کہ پہلے تو خود اس کلام کو نہ سنو تا کہ اس کلام کا جادو ہم میں سے کسی پر اثر انداز نہ ہو سکے، اور دوسرا کام یہ کرو کہ جب محمد ﷺ یا ان کے اصحاب میں سے کوئی کسی کو یہ کلام سنانے کی کوشش کریں تو خوب تالیاں پیٹو، سیٹیاں بجاؤ، آوازے کسو، اعتراضات کی بارش کر دو، آپس میں چیخ چیخ کر باتیں کرو تا کہ ان کی آواز تمہاری آواز کے مقابلے میں دب جائے اور لاشعوری طور پر بھی حاضرین کے کانوں میں اس کلام کی آواز نہ پہنچ سکے، ممکن ہے اس طرح شور وغل کرنے سے محمد ﷺ اور ان کے اصحاب اس کلام کی تلاوت ہی نہ کر سکیں جسے سن کر لوگ متاثر ہوتے ہیں، چنانچہ انہوں نے اس شیطانی منصوبہ پر عمل کرنا شروع کر دیا اور رسول اللہ ﷺ یا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جہاں کہیں جاتے پیچھے ٹولیوں کی شکل میں چلتے رہتے اور جب وہ کسی کو دعوت اسلام دینے کی کوشش کرتے تو شور وغل مچاتے،

قَالَ مُجَاهِدٌ: {وَالۡغَوۡا فِيۡهِ} يَعْنِي: بِالْمُكَاءِ وَالصَّفِيرِ وَالتَّخْلِيطِ فِي الْمَنْطِقِ عَلَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذا قَرَأَ الْقُرْآنَ قُرَيْشٌ تَفْعَلُهُ

مجاہد رحمہ اللہ نے کہا ''اور بے ہودہ گوئی کرو۔'' سے مراد یہ ہے جب رسول اللہ ﷺ قرآن پڑھنے لگیں تو سیٹیاں اور تالیاں بجا کر شور مچادیا کرو جیسا کہ قریش کیا کرتے تھے۔[1]

اس کے برخلاف اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو حکم فرمایا

وَاِذَا قُرِئَ الۡقُرۡاٰنُ فَاسۡتَمِعُوۡا لَهٗ وَاَنۡصِتُوۡا لَعَلَّكُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ ﴿۲۰۴﴾ [2]

ترجمہ: اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے کان لگا کر سنو اور خاموش رہو تا کہ (اس کی برکت سے) تم پر رحمت ہو جائے۔

اللہ تعالیٰ نے ان کی ان حرکات پر فرد جرم لگائی۔

○ اس جرم میں کہ یہ خود اس دعوت حق پر ایمان نہیں لائے اور کفر ومعاصی کی راہ اختیار کی۔

---

[1] تفسیر طبری ۲۱/۴۶۰

[2] الاعراف ۲۰۴

○ اس جرم میں کہ جولوگ ایمان لائے ان پر ناحق انسانیت سوز ظلم وستم کیا۔

○ اس جرم میں کہ دوسرے لوگوں تک اس آواز کو روکنے کی کوشش کرتے ہیں۔

ان جرائم اور دوسرے گناہوں کی پاداش میں روز محشر جہنم کے بدترین عذاب میں جھونک دیئے جائیں گے اور کہا جائے گا اب چکھو اپنے اعمال کا مزہ جو تم دنیا میں کرتے رہے ہو۔

وَ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَآ اَرِنَا الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا

اور کافر لوگ کہیں گے اے ہمارے رب! ہمیں جنوں انسانوں (کے وہ دونوں فریق) دکھا جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا ہے

تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۲۹﴾ (حم السجدۃ ۲۹)

(تاکہ) ہم انہیں اپنے قدموں تلے ڈال دیں، تاکہ وہ جہنم میں سب سے نیچے (سخت عذاب میں) ہو جائیں۔

اللہ تعالیٰ نے کفار کو ان کی ہٹ دھرمی اور مخالفت حق کے نتائج پر متنبہ فرمایا کہ دنیا میں تو یہ کافر کارندے چند ٹکوں کے لالچ، عہدوں اور قربت میں اپنے لیڈروں، پیشواؤں اور فریب دینے والے شیاطین کے اشاروں پر ناچ رہے ہیں، نہ تو یہ خود اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاتے ہیں اور ساتھ ہی دعوت حق کا راستہ روکنے کی ناکام کوشش بھی کر رہے ہیں، مگر جب قیامت کے روز ان پر حقیقت کھلے گی کہ ان کے رہنماؤں نے انہیں اپنے مفادات کے لئے کیسے استعمال کیا تھا اور رسولوں کے مقابلے میں ان سے کیسے غلط کام کرائے تھے، جس کی پاداش میں انہیں جہنم میں جھونکا جانے والا ہے تو یہی وفادار و جانثار کارندے اپنے لیڈروں اور پیشواؤں کو کوسنے لگیں گے اور بیزاری کا اظہار کریں گے اور اپنے غصہ کی تشفی کے لئے رب سے التجا کریں گے کہ اے ہمارے رب! ہمیں وہ جن و انس ایک بار دکھا دے جنہوں نے گمراہی اور عذاب کی طرف ہماری قیادت کی اور اپنے مفادات کے لیے ہمیں رسولوں کے مقابلے پر کھڑا کیا اور ہمیں جہنم میں ڈالنے کا سبب بنے تاکہ ہم انہیں اپنے پاؤں تلے روند کر خوب ذلیل و خوار کریں، اور التجا کریں گے اے اللہ! ان ظالموں کو دوہرا عذاب دے، جیسے فرمایا

۔۔۔كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ؕ حَتّٰٓى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ؕ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ [۱]

ترجمہ: ہر گروہ جب جہنم میں داخل ہوگا تو اپنے پیش رو گروہ پر لعنت کرتا ہوا داخل ہوگا حتیٰ کہ جب سب وہاں جمع ہو جائیں گے تو ہر بعد والا گروہ پہلے گروہ کے حق میں کہے گا کہ اے رب! یہ لوگ تھے جنہوں نے ہم کو گمراہ کیا لہٰذا انہیں آگ کا دوہرا عذاب دے، جواب میں ارشاد ہوگا ہر ایک کے لیے دوہرا عذاب ہی ہے مگر تم جانتے نہیں ہو۔

ایک مقام پر فرمایا

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿۸۸﴾ [۲]

[۱] الاعراف ۳۸

[۲] النحل ۸۸

ترجمہ: جن لوگوں نے خود کفر کی راہ اختیار کی اور دوسروں کو اللہ کی راہ سے روکا انہیں ہم عذاب پر عذاب دیں گے اس فساد کے بدلے جو وہ دنیا میں برپا کرتے رہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ

(واقعی) جن لوگوں نے کہا ہمارا پروردگار اللہ ہے اور پھر اسی پر قائم رہے ان کے پاس فرشتے (یہ کہتے ہوئے) آتے ہیں

اَلَّا تَخَافُوْا وَ لَا تَحْزَنُوْا وَ اَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۰﴾ نَحْنُ

کہ تم کچھ بھی اندیشہ اور غم نہ کرو (بلکہ) اس جنت کی بشارت سن لو جس کا تم وعدہ دیئے گئے ہو، تمہاری دنیاوی زندگی میں بھی ہم

اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ فِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَ لَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَ لَكُمْ

تمہارے رفیق تھے اور آخرت میں بھی رہیں گے، جس چیز کو تمہارا جی چاہے اور جو کچھ تم مانگو سب تمہارے لیے

فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ﴿۳۱﴾ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ﴿۳۲﴾ (حم السجدۃ ۳۰ تا ۳۲)

(جنت میں موجود) ہے، غفور ورحیم (معبود) کی طرف سے یہ سب کچھ بطور مہمانی کے ہے۔

اللہ کی الوہیت وربوبیت پر استقامت اور اس کا انعام:

کفار ومشرکین کی ہٹ دھرمی اور دعوت حق کی مخالفت کے نتائج پر متنبہ کر دینے کے بعد اہل ایمان کی تسکین قلب کے لئے فرمایا جو لوگ اسلام اور اس کی تعلیمات کو قبول کر لینے کے بعد مرتے دم تک اس پر قائم رہے، اور اسلام کی تعلیمات کے خلاف کوئی دوسرا عقیدہ یا نظریہ اختیار نہ کیا، اور نہ ہی عقیدہ توحید اور عقیدہ ربوبیت کے ساتھ کسی باطل عقیدے یا نظریہ (شرک) کی آمیزش کی اور اپنی عملی زندگی میں بھی اپنے اعمال کو اللہ کے لئے خالص کر لیا اور اللہ کے عائد کردہ فرائض فرمانبرداری کے ساتھ ادا کرتے رہے، سخت سے سخت حالات، مصائب میں بھی ایمان وتوحید پر قائم رہے، راہ راست پر استقامت اور پختگی کے ساتھ گامزن رہے اور اس سے انحراف نہیں کیا، تو حق وباطل کی کشمکش، مصیبتوں اور مصائب میں اور موت کے وقت اللہ ان کی ہمت بندھانے، تسکین دینے اور ان کے دلوں کو مطمئن کرنے کے لئے ان پر نہایت عزت واکرام والے فرشتے نازل فرماتا ہے جو اس شخص کو خوشخبری دیتے ہیں کہ دنیا میں باطل کی طاقتیں خواہ کتنی ہی بالادست اور چیرہ دست ہوں ان سے خوف زدہ نہ ہو، دنیا میں حق پرستی کی وجہ سے جو تکالیف اور محرومیاں بھی تمہیں سہنی پڑیں ان پر رنج وغم نہ کرو کیونکہ مستقبل میں تمہیں اس کے بدلے جنت میں ایسی نعمتیں اور درجات ملیں گے جس کے مقابلے میں دنیا کی ہر نعمت اور درجہ ہیچ ہے،

عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ حَدِّثْنِي بِأَمْرٍ أَعْتَصِمُ بِهِ، قَالَ: قُلْ: رَبِّيَ اللّٰهُ، ثُمَّ اسْتَقِمْ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا أَكْثَرُ مَا تَخَافُ عَلَيَّ؟ فَأَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِلِسَانِ نَفْسِهِ، ثُمَّ قَالَ: هٰذَا

سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے کہا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے ایک ایسی بات بتلا دیں جس کو میں مضبوط تھامے

رہوں، تو آپ ﷺ نے فرمایا کہہ اللہ تعالیٰ میرا رب ہے پھر اس پر استقامت اختیار کر، میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ کو میرے اوپر سب سے زیادہ ڈر کس چیز کا ہے؟ آپ ﷺ نے اپنی زبان تھامی اور فرمایا اس کا۔[1]

اور موت کی سختیوں، قبر کی تاریکیوں، قیامت کے روز پل صراط کے ہولناک منظر کے وقت ثابت قدم رہنے کی ہمت بڑھاتے ہیں اور جنت کے اندر ان کے رب کی طرف سے عطا کردہ اکرام وتکریم پر انہیں مبارک باد دیتے ہیں اور جنت کے ہر دروازے میں داخل ہوتے ہوئے ان سے کہیں گے۔

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۴﴾ [2]

ترجمہ: تم پر سلامتی ہے، تم نے دنیا میں جس طرح صبر سے کام لیا اس کی بدولت آج تم اس کے مستحق ہوئے ہو۔

اس زندگی کو چھوڑ کر جہاں تم جا رہے ہو وہاں کے حالات کا اندیشہ نہ کرو، وہاں تمہارے لئے کوئی غم وخوف نہ ہو گا بلکہ رب کی بخشیش وعنایات ہوں گی، تم اپنے پیچھے جو دنیا چھوڑے جا رہے ہو اس پر بھی کوئی رنج وغم نہ کرو تمہارے اہل وعیال، مال ومتاع کی دین ودیانت کی حفاظت ہمارے ذمے ہے،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ،عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ الْمَيِّتَ تَحْضُرُهُ الْمَلَائِكَةُ، فَإِذَا كَانَ الرَّجُلُ الصَّالِحُ، قَالُوا: اخْرُجِي أَيَّتُهَا النَّفْسُ الطَّيِّبَةُ، كَانَتْ فِي الْجَسَدِ الطَّيِّبِ، اخْرُجِي حَمِيدَةً، وَأَبْشِرِي بِرَوْحٍ، وَرَيْحَانٍ، وَرَبٍّ غَيْرِ غَضْبَانَ ، قَالَ: فَلَا يَزَالُ يُقَالُ ذَلِكَ حَتَّى تَخْرُجَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا قریب المرگ آدمی کے پاس فرشتے آتے ہیں اگر وہ نیک آدمی ہو تو اس سے کہتے ہیں کہ اے نفس طیبہ! جو پاکیزہ جسم میں رہا یہاں سے نکل قابل تعریف ہو کر نکل اور روح وریحان کی خوش خبری قبول کر اور اس رب سے ملاقات کر جو تجھ سے ناراض نہیں، فرمایا اس کے سامنے یہ جملے بار بار دہراتے جاتے ہیں حتی کہ اس کی روح نکل جاتی ہے۔[3]

اور ثابت قدمی کے لئے ان کی ہمت بڑھانے کے لئے مزید خوشخبری دیتے ہیں کہ ہم اس دنیوی زندگی میں بھی تمہارے ساتھی رہے ہیں اور روز قیامت بھی تمہارے ساتھی ہوں گے، اس زندگی میں تم نے اپنی تمناؤں اور خواہش کا گلا گھونٹا ہوا ہے مگر جنت میں تم جن لذات وشہوات کی تمنا کرو گے اللہ تمہیں عنایت فرما دے گا، وہ ایسی لذات ہوں گی جن کو کسی آنکھ نے دیکھا ہے نہ کان نے سنا ہے اور نہ کسی بشر کے قلب میں اس کا خیال گزرا ہے، یہ بے پایاں ثواب اور ہمیشہ رہنے والی نعمت، مہمانی اور ضیافت رحم وکرم اور بخشش ومغفرت کرنے والی ہستی کی طرف سے ہو گا جس نے تمہارے گناہوں کو بخش دیا ہے یہاں تک کہ تمہاری تمنائیں اور خواہش ختم ہو جائیں گی مگر رب کی طرف سے نعمتوں کا نزول جاری وساری رہے گا۔

---

[1] صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ جَامِعِ أَوْصَافِ الْإِسْلَامِ۱۵۹،جامع ترمذی ابواب الزهدبَابُ مَا جَاءَ فِي حِفْظِ اللِّسَانِ۲۴۱۰،سنن ابن ماجه کتاب الفتن بَابُ كَفِّ اللِّسَانِ فِي الْفِتْنَةِ ۳۹۷۲،مسنداحمد۱۵۴۱۸،صحیح ابن حبان ۵۶۹۹،سنن الدارمی ۲۷۵۳

[2] الرعد۲۴

[3] مسنداحمد۸۷۶۹،سنن ابن ماجه كِتَابُ الزُّهْدِ بَابُ ذِكْرِ الْمَوْتِ وَالِاسْتِعْدَادِ لَهُ۴۲۶۲

وَ مَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَاۤ اِلَى اللّٰهِ وَ عَمِلَ صَالِحًا وَّ قَالَ اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۳۳﴾

اور اس سے زیادہ اچھی بات والا کون ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک کام کرے اور کہے کہ میں یقیناً مسلمانوں میں سے ہوں،

وَ لَا تَسْتَوِی الْحَسَنَةُ وَ لَا السَّیِّئَةُ ؕ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَ بَیْنَهٗ

نیکی اور بدی برابر نہیں ہوتی، برائی کو بھلائی سے دفع کرو پھر وہی جس کے اور تمہارے درمیان دشمنی ہے ایسا ہو جائے گا

عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ ﴿۳۴﴾ وَ مَا یُلَقّٰىهَاۤ اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا ۚ وَ مَا یُلَقّٰىهَاۤ ا

جیسے دلی دوست،اور یہ بات انہیں نصیب ہوتی ہے جو صبر کریں اور اسے سوائے

لَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِیْمٍ ﴿۳۵﴾ وَ اِمَّا یَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ

بڑے نصیبے والوں کے کوئی نہیں پا سکتا،اور اگر شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ آئے تو اللہ کی پناہ طلب کرو،

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۳۶﴾ (حم السجدۃ ۳۳ تا ۳۶)

یقیناً وہ بہت ہی سننے والا جاننے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا محبوب انسان:

مکہ مکرمہ میں اس وقت حالت یہ تھی کہ دعوت حق کا مقابلہ انتہائی ہٹ دھرمی اور سخت جارحانہ مخالفت سے کیا جا رہا تھا، جس میں اخلاق، انسانیت اور شرافت کی تمام حدیں توڑ ڈالی گئی تھیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب رضی اللہ عنہم کے خلاف ہر جھوٹ بولا جا رہا تھا، ہر طرح کے ہتھکنڈے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بدنام کرنے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے لوگوں کو بدگمان کرنے کے لئے استعمال کیے جا رہے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر طرح طرح کے الزامات چسپاں کیے جا رہے تھے اور مخالفانہ پروپیگنڈا کرنے والوں کی ایک فوج آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف دلوں میں وسوسے ڈالتی پھر رہی تھی، ہر قسم کی اذیتیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آپ کے اصحاب رضی اللہ عنہم کو دی جا رہی تھیں، جو شخص بھی مسلمان ہونے کا اظہار کرتا تھا اسے یکا یک یہ محسوس ہوتا تھا کہ اس نے خونخوار درندوں کے جنگل میں قدم رکھ دیا ہے جہاں ہر ایک اسے پھاڑ کھانے کو دوڑ رہا ہے، اور اس سے آگے بڑھ کر جس نے اسلام کی تبلیغ کے لئے زبان کھولی اس نے گویا درندوں کو پکار دیا کہ آؤ مجھے بھنبھوڑ ڈالو، جس سے تنگ آ کر مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد اپنا وطن چھوڑ کر نکل جانے پر مجبور ہو گئی تھی، پھر آپ کو تبلیغ سے روک دینے کے لئے یہ پروگرام بنایا گیا کہ اس کلام کو لوگوں تک پہنچنے ہی نہ دیا جائے، چنانچہ اس مقصد کے لیے ہلڑ مچانے والوں کا ایک گروہ ہر وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تاک میں لگا رہتا تھا اور جب آپ دعوت حق کے لئے زبان کھولتے تو وہ اتنا شور برپا کرتے کہ کوئی آپ کی بات نہ سن سکتا تھا، یہ ایسے ہمت شکن حالات تھے جن میں بظاہر دعوت کے تمام راستے مسدود نظر آتے تھے، ان حالات میں اہل ایمان کو تسکین دینے اور ہمت بندھانے کے بعد فرمایا کہ کسی شخص کا اللہ کو اپنا رب مان کر سیدھی راہ اختیار کر لینا اور اس سے پیچھے نہ ہٹنا بلاشبہ اپنی جگہ بڑی اور بنیادی نیکی ہے لیکن کمال درجے کی نیکی یہ ہے کہ شدید مخالفت کے ماحول میں بھی جہاں اسلام کا اعلان و اظہار کرنا اپنے اوپر مصیبتوں کو دعوت دینا ہو آدمی ڈٹ کر اللہ وحدہ لاشریک

کی الوہیت وربوبیت کااعلان کر دے اور نتائج سے بے پر واہو کر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی دعوت دے ایسے ہی لوگوں کااللہ کے ہاں بڑامرتبہ ہے،جیسے فرمایا

وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝۱۳۲ [1]

ترجمہ:ہر شخص کادرجہ اس کے عمل کے لحاظ سے ہے اور تمہارا رب لوگوں کے اعمال سے بے خبر نہیں۔

کیونکہ موذن لوگوں کوحی الصلاۃ پکار کر لوگوں کو اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی کی طرف بلاتا ہے،اس لیے ان کی فضیلت میں یہ روایت ہے،

مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ:قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤَذِّنُونَ أَطْوَلُ النَّاسِ أَعْنَاقًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

امیرمعاویہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن موذن سب لوگوں سے زیادہ لمبی گردنوں والے ہوں گے(یعنی اپنے اس عمل کی وجہ سے دور سے پہچانے جائیں گے کہ یہ لوگوں کو اللہ کی بندگی کی پکار کرتے تھے)۔[2]

اور لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دینے کے ساتھ ساتھ خود بھی اللہ کے حکم کی اطاعت اور عمل صالحہ اختیار کرے تاکہ کسی کو دین اسلام اور اس کے علمبرداروں پر انگلی اٹھانے کا کوئی موقعہ نہ ملے،اور مخالفتوں کے توڑنے کا پہلا اخلاقی نسخہ رسول اللہ ﷺ کو بتایا گیا کہ نیکی اور بدی یکساں نہیں بلکہ ان میں عظیم فرق ہے،تم برائی کو اچھائی کے ساتھ ٹالو یعنی قول وفعل سے برائی کا بدلہ احسان کے ساتھ،ظلم وزیادتی کابدلہ عفو کے ساتھ،غصہ وغضب کا صبر کے ساتھ،بے ہودگیوں کا جواب چشم پوشی کے ساتھ،ناپسندیدہ باتوں کا جواب برداشت اور حلم کے ساتھ،قطع رحمی کا صلہ رحمی کے ساتھ اور جہالت پر بردباری کے ساتھ دیا جائے،جیسے فرمایا

اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِىَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ۔۔۔[3]

ترجمہ:اے نبی برائی کو اس طریقہ سے دفع کرو جو بہترین ہو۔

قَالَ عُمَرُ [رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ] مَا عَاقَبْتَ مَنْ عَصَى اللَّهَ فِيكَ بِمِثْلِ أَنْ تُطِيعَ اللَّهَ فِيهِ

سیدناعمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو تمہارے بارے میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرے تو تم اسے اس سے بڑھ کر اور کوئی سزا نہیں دے سکتے کہ تم اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری کرو۔[4]

مگر اس کے لئے بڑا دل گردہ،بڑا عزم،بڑا حوصلہ،بڑی قوت برداشت،بڑا ضبط وتحمل،بڑا صبر اور اپنے نفس پر بہت بڑا قابو درکار ہے،اور یہ اوصاف ان لوگوں کو حاصل ہوتے ہیں جن کے لیے جنت میں جانا لکھ دیا گیا ہو،جس کے ذریعے سے بندے کو دنیا وآخرت میں رفعت عطا ہوتی ہے اور یہ مکارم اخلاق میں سب سے بڑی خصلت ہے،اگر آپ نے اپنے نفس کو عقل وشعور کے تابع کر لیا تو آپ کو عظیم فائدہ حاصل

---

[1] الانعام ۱۳۲

[2] سنن ابن ماجه كتاب الاذان بَابُ فَضْلِ الْأَذَانِ، وَثَوَابِ الْمُؤَذِّنِينَ ۷۲۵،صحيح مسلم كتاب الصلاة بَابُ فَضْلِ الْأَذَانِ وَهَرَبِ الشَّيْطَانِ عِنْدَ سَمَاعِهِ ۸۵۲،مسنداحمد۱۳۷۸۹،المعجم الكبيرللطبرانی ۷۳۶،صحيح ابن حبان ۱۶۶۹،مسندابی یعلی ۷۳۸۴

[3] المومنون ۹۶

[4] الدر المنثور۷؍۲۲

ہوگا،اس طرح کے طریقہ کار سے تمہارے دشمن اپنی کمینہ چالوں،ذلیل ہتھکنڈوں اور رکیک حرکتوں سے باز آجائیں گے اور تمہارے قریبی اور انتہائی مشفق دوست بن جائیں گے،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي تَفْسِيرِ هَذِهِ الْآيَةِ:أَمر الله الْمُؤمِنِينَ بِالصبرِ عِنْد الْغَضَب والحلم عِنْد الْجَهْل وَالْعَفو عِنْد الإِساءة فَإِذا فعلوا ذَلِك عصمهم الله من الشَّيْطَان وخضع لَهُم عدوهم {كَأَنَّهُ ولي حميم}

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے اس آیت کریمہ کی تفسیر میں روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو حکم دیا ہے کہ وہ غصے کے وقت صبر سے کام لیں اور جہالت کے وقت حلم اور بردباری کا مظاہرہ کریں،اور برے سلوک کے جواب میں عفو ودرگزر کا ثبوت دیں،اور جب وہ ایسا کریں گے تو اللہ تعالیٰ انہیں شیطان سے بچالے گا اور ان کا دشمن اس کے لیے اس طرح ہوجائے گا جیسے گرم جوش دوست ہو۔[1]

مگر دنیا میں قلیل التعداد ایسے خبیث شخص بھی ہیں جن کے ساتھ کچھ بھی احسان وبھلائی کریں اس کا زہریلا پن زرہ برابر بھی کم نہیں ہوتا،اور اپنی قوت فیصلہ وقوت ارادی کے زعم میں مبتلا نہ ہوجانا یہ شیطان کا دوسرا اور خطرناک وار ہے اس لئے جب کبھی شیطان کا اشتعال محسوس کرو تو اس کے شر سے بچنے کے لئے فوراً اللہ کی پناہ طلب کرو،جیسے فرمایا

خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ۱۹۹ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۲۰۰ [2]

ترجمہ: اے نبی! نرمی ودرگزر کا طریقہ اختیار کرو،معروف کی تلقین کیے جاؤ اور جاہلوں سے نہ الجھو،اگر کبھی شیطان تمہیں اکسائے تو اللہ کی پناہ مانگو۔

اسی مضمون کو ایک مقام پر یوں بیان فرمایا

اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِىَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ۭ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ۹۶ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۹۷ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۹۸ [3]

ترجمہ:اے نبی(صلی اللہ علیہ وسلم) ! برائی کو اس طریقہ سے دفع کرو جو بہترین ہو جو کچھ باتیں وہ تم پر بناتے ہیں وہ ہمیں خوب معلوم ہیں،اور دعا کرو کہ پروردگار! میں شیاطین کی اکساہٹوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں،بلکہ اے میرے رب! میں تو اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ أَعُوذُ بِاللَّهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ مِنْ هَمْزِهِ، وَنَفْخِهِ، وَنَفْثِهِ

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو پڑھتے میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں جو سننے والا اور جاننے

[1] الدر المنثور۷؍۳۲۲،صحیح بخاری کِتَابُ تَفْسِيرِ القُرْآنِ سورۃ حٰم السجدۃ قبل الحدیث ۴۸۱۶، السنن الکبری للبیہقی۱۳۲۹۹

[2] الاعراف ۱۹۹، ۲۰۰

[3] المومنون۹۶تا۹۸

والا ہے، مردود شیطان سے یعنی اس کے وسوسوں اس کے تکبر اور اس کے پیدا کردہ بے ہودہ خیالات سے۔ [1]

عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، أَنَّهُ قَالَ: بَيْنَمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ وَمَعَهُ أَصْحَابُهُ وَقَعَ رَجُلٌ بِأَبِي بَكْرٍ، فَآذَاهُ، فَصَمَتَ عَنْهُ أَبُو بَكْرٍ ثُمَّ آذَاهُ الثَّانِيَةَ، فَصَمَتَ عَنْهُ أَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ آذَاهُ الثَّالِثَةَ، فَانْتَصَرَ مِنْهُ أَبُو بَكْرٍ، فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ حِينَ انْتَصَرَ أَبُو بَكْرٍ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: أَوَجَدْتَ عَلَيَّ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:نَزَلَ مَلَكٌ مِنَ السَّمَاءِ يُكَذِّبُهُ بِمَا قَالَ لَكَ، فَلَمَّا انْتَصَرْتَ وَقَعَ الشَّيْطَانُ، فَلَمْ أَكُنْ لِأَجْلِسَ إِذْ وَقَعَ الشَّيْطَانُ

اسی ضبط وتحمل اور نفس پر قابو کے بارے میں سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے اور آپ کے ساتھ آپ کے صحابہ کرام بھی تھے کہ ایک آدمی نے سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کو برا بھلا کہا اور انہیں اذیت دی سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ خاموش رہے، اس نے پھر دوسری مرتبہ اذیت دی تو سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ خاموش رہے، اس نے پھر تیسری مرتبہ اذیت دی تو سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کا پیمانہ صبر لبریز ہوگیا اور انہوں نے بھی جواب میں اسے ایک سخت بات کہہ دی، جب سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس سے بدلہ لیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اٹھ کھڑے ہوئے تو سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ مجھ سے ناراض ہو گئے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آسمان سے ایک فرشتہ اترا تھا جو اس آدمی کو اس کے کہے پر جھٹلا رہا تھا جب تم نے اس سے بدلہ لیا تو فرشتے کی جگہ شیطان آ گیا میں شیطان کے ساتھ تو نہیں بیٹھ سکتا تھا۔ [2] اور یقین رکھو کہ اللہ بے خبر نہیں ہے، وہ ہر بات کو سننے والا اور جاننے والا ہے اور وہی پناہ کے طلب گاروں کو پناہ دے سکتا ہے۔

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۭ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا

اور دن رات اور سورج چاند بھی (اسی کی) نشانیوں میں سے ہیں، تم سورج کو سجدہ نہ کرو نہ چاند کو بلکہ سجدہ

لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝۳۷ فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ

اس اللہ کے لیے کرو جس نے سب کو پیدا کیا ہے اگر تمہیں اس کی عبادت کرنی ہے تو، پھر بھی اگر یہ کبر و غرور کریں تو وہ (فرشتے)

عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْــَٔـمُوْنَ ۝۳۸ (حم السجدۃ ۴۱: ۳۷، ۳۸)

جو آپ کے رب کے نزدیک ہیں وہ تو رات دن اس کی تسبیح بیان کر رہے ہیں اور (کسی وقت بھی) نہیں اکتاتے۔

مخلوق کو نہیں خالق کو سجدہ کرو:

عرب میں مظاہر پرست بھی تھے، جو سورج و چاند اور دوسرے سیاروں کی پرستش کرتے تھے، ان کو حقیقت سمجھانے کے لیے فرمایا لوگو! یہ

---

[1] سنن ابوداودکتاب تَفْرِيعِ اسْتِفْتَاحِ الصَّلَاةِ بَابُ مَنْ رَأَى الِاسْتِفْتَاحَ بِسُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ ۷۷۵، جامع ترمذی أَبْوَابُ الصَّلَاةِ بَابُ مَا يَقُولُ عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ ۲۴۲، مسنداحمد ۳/ ۱۱۴۷۳

[2] سنن ابوداودکتاب الادب بَابٌ فِي الِانْتِصَارِ ۴۸۹۶

دن و رات، یہ چاند و سورج اللہ کے مظاہر نہیں ہیں کہ یہ سمجھنے لگو کہ اللہ ان کی شکل میں خود اپنے آپ کو ظاہر کر رہا ہے بلکہ یہ تو اللہ کی نشانیاں ہیں جو اس کے کمال قدرت، نفوذ مشیت، لامحدود قوت اور بندوں پر بے پایاں رحمت پر دلالت کرتی ہیں، ان نشانیوں پر غور و تدبر کر کے تم کائنات اور اس کے نظام کو سمجھ سکتے ہو، اور یہ اچھی طرح جان سکتے ہو کہ انبیاء و مرسلین جو دعوت دے رہے ہیں وہ حق ہے، رات کو سورج کا چھپنا اور چاند کا نکل آنا تا کہ تم چاند کی ٹھنڈی میٹھی روشنی میں آرام حاصل کر سکو اور دن کو چاند کا چھپنا اور سورج کا نمودار ہو جانا تا کہ تمہیں کسب معاش میں پریشانی نہ ہو، پھر یکے بعد دیگرے ایک دوسرے کا آنا جانا اور کبھی رات کا لمبا اور دن کا چھوٹا ہونا اور کبھی اس کے برعکس دن کا لمبا اور رات کا چھوٹا ہونا، اسی طرح سورج اور چاند کا اپنے اپنے وقت پر طلوع و غروب ہونا اور اپنے اپنے مدار پر اپنی منزلیں طے کرتے رہنا اور آپس میں باہمی تصادم سے محفوظ رہنا وغیرہ صاف طور پر دلالت کر رہا ہے کہ ان کا یقیناً کوئی خالق اور مالک ہے، نیز وہ ایک اور صرف ایک ہے اور کائنات میں صرف اسی کا تصرف اور حکم چلتا ہے، اگر اس کائنات میں تدبیر و حکم کا اختیار رکھنے والے ایک سے زیادہ ہوتے تو یہ نظام کائنات ایسے مستحکم طریقہ سے کبھی نہیں چل سکتا تھا، جیسے فرمایا

قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ۝۴۲ [1]

ترجمہ: اے نبی ﷺ ان سے کہو! اگر اللہ کے ساتھ دوسرے الٰہ بھی ہوتے جیسا کہ یہ لوگ کہتے ہیں تو وہ مالک عرش کے مقام کو پہنچنے کی ضرور کوشش کرتے۔

لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ... ۝۲۲ [2]

ترجمہ: اگر آسمان و زمین میں ایک اللہ کے سوا دوسرے خدا بھی ہوتے تو (زمین و آسمان) دونوں کا نظام بگڑ جاتا۔

سورج چاند وغیرہ بھی تمہاری طرح اللہ کی مجبور و لاچار مخلوق ہیں، اور انہیں کسی طرح کا کوئی قدرت یا اختیار حاصل نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے روز اول سے ان کے لیے جو ضابطہ مقرر فرما دیا ہے اسی کے مطابق وہ اپنے راستے پر گردش کرتے ہوئے اپنا کام سرانجام دے رہے ہیں، کیونکہ سجدہ کرنے کے لائق خالق و رازق ہوتا ہے مخلوق نہیں اس لئے مظاہر قدرت کو اپنا معبود سمجھ کر ان کی رسوم عبادت بجالانے کے بجائے خالق عظیم کی بندگی کرو اور اسی کے لئے اپنے دین کا خالص کرو، لیکن اگر یہ لوگ غرور و تکبر میں مبتلا ہو کر اللہ کی بندگی نہیں کرتے، اللہ تعالیٰ کی آیات و براہین کے سامنے سر تسلیم خم نہیں کرتے تو یہ اللہ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے، اللہ جہانوں سے بے نیاز اور اپنی ذات میں آپ محمود ہے، اس کے مقرب فرشتے شب و روز اس کی تسبیح و تحمید بیان کرتے ہوئے اکتاتے نہیں ہیں، جیسے فرمایا

اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَاۗءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ۝۸۹ [3]

---

[1] بنی اسرائیل ۴۲

[2] الانبیاء ۲۲

[3] الانعام ۸۹

ترجمہ: اب اگر یہ لوگ اس کو ماننے سے انکار کرتے ہیں تو (پروانہیں) ہم نے کچھ اور لوگوں کو یہ نعمت سونپ دی ہے جو اس سے منکر نہیں ہیں۔

وَ مِنْ اٰیٰتِهٖۤ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَیْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَ رَبَتْ ؕ

اس اللہ کی نشانیوں میں سے (یہ بھی) ہے کہ تو زمین کو دبی دبائی دیکھتا ہے، پھر جب ہم اس پر مینہ برساتے ہیں تو وہی تر و تازہ ہو کر

اِنَّ الَّذِیْۤ اَحْیَاهَا لَمُحْیِ الْمَوْتٰى ؕ اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۳۹﴾ (حم السجدۃ ۳۹)

ابھرنے لگتی ہے، جس نے اسے زندہ کیا وہی یقینی طور پر مردوں کو بھی زندہ کرنے والا ہے، بیشک وہ ہر (ہر) چیز پر قادر ہے۔

حیات بعد الموت پر ایک دلیل:

اور اللہ تعالیٰ کی بیشمار نشانیوں میں سے زمین بھی ہے، جو اس کے کمال قدرت، ملکیت و تدبیر کائنات اور وحدانیت میں منفرد ہونے پر دلالت کرتی ہیں فرمایا یہ تمہارے روزمرہ کا مشاہدہ ہے کہ زمین مردہ پڑی ہوئی ہے اور اس کے اندر کوئی نباتات پیدا نہیں ہو رہی، پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے وہاں بارش برسادی، پانی کے چند چھینٹے پڑتے ہی اسی مردہ زمین میں زندگی کے چشمے ابلنے لگتے ہیں، اسی مردہ زمین کی تہوں میں دبی ہوئی بیشمار مردہ نباتات لہلہا اٹھتی ہیں، پھر یہی زمین انواع واقسام کے خوش ذائقہ پھل اور دوسری نباتات پیدا کرتی ہے جس سے تمام بندوں اور زمین کی زندگی ہوتی ہے، بے شمار حشرات الارض جن کا نام ونشان تک گرمی کے زمانے میں باقی نہ رہا تھا یکا یک پھر اسی شان سے نمودار ہو گئے جیسے پہلے دیکھے گئے تھے، یہ سب کچھ تم اپنی زندگی میں بار بار دیکھتے رہتے ہو اور پھر نبی ﷺ کی زبان سے یہ سنکر حیرت زدہ ہوتے ہو کہ اللہ تمام انسانوں کو مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کرے گا، حالانکہ جس طرح اللہ بارش کے ذریعے سے مردہ زمین کو زندہ اور روئید گی کے قابل بنا دیتا ہے، یہ اس بات کی کھلی دلیل ہے کہ وہ مردوں کو زندہ کرنے میں بھی بے بس و عاجز نہیں، اللہ تعالیٰ یقیناً جن وانس کے اعمال کی جزاء کے لئے انہیں زندہ کرے گا بیشک اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ فِیْۤ اٰیٰتِنَا لَا یَخْفَوْنَ عَلَیْنَا ؕ اَفَمَنْ یُّلْقٰى فِی النَّارِ خَیْرٌ اَمْ مَّنْ

بیشک جو لوگ ہماری آیتوں میں کج روی کرتے ہیں وہ (کچھ) ہم سے مخفی نہیں، (بتلاؤ تو) جو آگ میں ڈالا جائے وہ اچھا ہے یا

یَّاْتِیْۤ اٰمِنًا یَّوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۴۰﴾ (حم السجدۃ ۴۰)

وہ جو امن وامان کے ساتھ قیامت کے دن آئے؟ تم جو چاہو کرتے چلے جاؤ وہ تمہارا سب کیا کرایا دیکھ رہا ہے۔

دعوت اسلام کو زک پہنچانے کے لئے کفار مکہ کی ایک چال یہ بھی تھی کہ وہ اللہ کا کلام سن کر جاتے پھر اپنے غلط عقائد و نظریات کے اثبات کے لئے کسی آیت کو سیاق وسباق سے کاٹ کر، کسی آیت میں لفظی تحریف کر کے، کسی فقرے یا لفظ کو غلط معنی پہنا کر طرح طرح کے اعتراضات جڑتے اور لوگوں کو بہکاتے پھرتے، اللہ تعالیٰ نے انہیں وعید فرمائی کہ وہ لوگ جو اللہ کی قدرتوں پر ایمان نہیں لاتے اور پوری ہٹ دھرمی کے ساتھ مخالفت پر ڈٹے ہوئے ہیں اور اللہ کے نازل کردہ پاکیزہ کلام میں ٹیڑھ نکالنے کی کوشش کرتے ہیں،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَوْلُهُ: {إِنَّ الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي آيَاتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا} الْإِلْحَادُ:هُوَ أَنْ يُوضَعَ الْكَلَامُ عَلَى غَيْرِ مَوْضِعِهِ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے آیت کریمہ ''بیشک جولوگ ہماری آیتوں میں کج روی کرتے ہیں وہ (کچھ) ہم سے مخفی نہیں۔'' کے بارے میں فرمایاالحادیہ ہے کہ کلام کواس کے اپنے مقام کے بجائے غیرمقام پر رکھاجائے۔ [۱]

جس سے خود بھی گمراہ ہوتے ہیں اور دوسروں کو بھی گمراہی میں ڈالتے ہیں اللہ ایسے ملحدین کے ظاہروباطن سے خوب باخبر ہے،اور یہ اللہ کے دردناک عذاب سے بچ نہیں سکیں گے،یہ اپنی چالوں،سازشوں،جھوٹے پروپیگنڈے اور اپنی مخالفت کاطوفان کھڑاکردیں مگریہ اللہ کی مشیت کوروک دینے پرقادرنہیں ہیں،اب ان کی مرضی ہے جوراستہ چاہیں پسندکرلیں،اگرچاہیں توہدایت کاراستہ اختیارکرلیں جواللہ کی رضااورجنت کی منزل ہے اورچاہیں توگمراہی کے راستے کواختیارکرلیں جواللہ کی ناراضی اوربدبختی کی منزل پرجاکرختم ہوتاہے۔بیشک جواچھایابراعمل تم کرتے ہواللہ اسے دیکھ رہاہے،اورتمہارے اعمال کے مطابق تمہیں اس کی جزادے گا،جیسے فرمایا:

وَقُلِ الْحَقُّ مِن رَّبِّكُمْ ۖ فَمَن شَاءَ فَلْيُؤْمِن وَمَن شَاءَ فَلْيَكْفُرْ ۚ إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلظَّالِمِينَ نَارًا أَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ﴿۲۹﴾ [۲]

ترجمہ: صاف کہہ دوکہ یہ حق ہے تمہارے رب کی طرف سے،اب جس کاجی چاہے مان لے اورجس کاجی چاہے انکارکردے،ہم نے (انکارکرنے والے)ظالموں کے لیے ایک آگ تیارکررکھی ہے جس کی لپیٹیں انہیں گھیرے میں لے چکی ہیں۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ وَإِنَّهُ لَكِتَابٌ عَزِيزٌ ﴿۴۱﴾ لَّا يَأْتِيهِ

جن لوگوں نے اپنے پاس قرآن پہنچ جانے کے باوجوداس سے کفرکیا(وہ بھی ہم سے پوشیدہ نہیں) یہ باوقعت کتاب ہے،

الْبَاطِلُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ ۖ تَنزِيلٌ مِّنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ ﴿۴۲﴾

جس کے پاس باطل پھٹک نہیں سکتانہ اس کے آگے سے اورنہ اس کے پیچھے سے،یہ ہے نازل کردہ حکمتوں والے خوبیوں

مَّا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيلَ لِلرُّسُلِ مِن قَبْلِكَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ

والے(اللہ) کی طرف سے، آپ سے وہی کہاجاتاہے جوآپ سے پہلے کے رسولوں سے بھی کہا گیاہے،یقیناً آپ کارب

لَذُو مَغْفِرَةٍ وَذُو عِقَابٍ أَلِيمٍ ﴿۴۳﴾ (حم السجدة ۴۱تا۴۳)

معافی والااوردردناک عذاب والاہے۔

اورنبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کوتسلی کے لئے فرمایاکہ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم!یہ وہ لوگ ہیں جن کے سامنے اللہ کاجلیل القدرکلام آیاجس میں انہیں دلائل

---

[۱] تفسیرطبری۴۷۸/۲۱

[۲] الکہف۲۹

وبراہین کے ساتھ دعوت توحید دی گئی، معبودان باطلہ کی بے بسی ولاچاری بیان کی گئی، دعوت حقہ کو نہ ماننے والی اقوام کے عبرت ناک واقعات بیان کیے گئے مگر انہوں نے اس سے کچھ سبق حاصل نہ کیا اور محض اپنے بغض وعناد میں اس پر ایمان لانے سے انکار کر دیا، اللہ تعالیٰ نے کئی جگہوں پر دعویٰ کیا کہ یہ ایسی عظیم الشان منزل کتاب ہے جس میں بیان کردہ حقائق اور واقعات کو غلط ثابت نہیں کیا جا سکتا، شیاطین جن وانس میں سے کوئی اس میں چوری، دخل اندازی یا کمی بیشی کے ارادے سے قریب بھی نہیں آسکتے، یہ اپنی تنزل میں محفوظ اور اس کے الفاظ ومعانی ہر تحریف سے مامون ومحفوظ ہیں کیونکہ یہ اس ہستی کی طرف سے نازل کیا گیا ہے جو اپنے اقوال وافعال میں حکیم ومحمود ہے اور اسی نے اس کتاب کی حفاظت کا ذمہ اٹھایا ہے، جیسے فرمایا

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝۹ [1]

ترجمہ: بے شک ہم نے اس ذکر کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

اور چودہ سو سال سے زائد کی مدت نے ثابت کر دیا کہ اللہ کا یہ دعویٰ سچا ہے، کفار ومشرکین کی ہر طرح کی کوششوں کے باوجود یہ کتاب پوری آب وتاب کے ساتھ دنیا میں محفوظ ہے اور قیامت تک محفوظ رہے گی، ان شاء اللہ، چنانچہ اے نبی ﷺ! جس طرح یہ مشرکین اللہ وحدہ لاشریک کی دعوت پر تعجب کرتے اور ہر ممکن طریقے سے اس دعوت کا راستہ روکنے کی کوشش کرتے ہیں، تمہیں بشر رسول تسلیم نہیں کرتے، جیسے فرمایا

...قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۭ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا... ۝۱۰ [2]

ترجمہ: انہوں نے جواب دیا تم کچھ نہیں ہو مگر ویسے ہی انسان جیسے ہم ہیں تم ہمیں ان ہستیوں کی بندگی سے روکنا چاہتے ہو جن کی بندگی باپ دادا سے ہوتی چلی آرہی ہے۔

...الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ڰ هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ۝۳ [3]

ترجمہ: اور ظالم آپس میں سرگوشیاں کرتے ہیں کہ یہ شخص آخر تم جیسا ایک بشر ہی تو ہے پھر کیا تم آنکھوں دیکھتے جادو کے پھندے میں پھنس جاؤ گے؟۔

...مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ۝۳۳ [4]

ترجمہ: انہوں نے کہا کہ یہ شخص اس کے سوا کچھ نہیں کہ ایک بشر اور انسان ہے تم ہی جیسا وہی کچھ کھاتا ہے جو تم کھاتے ہو اور وہی کچھ پیتا ہے جو تم لوگ پیتے ہو۔

---

[1] الحجر ۹

[2] ابراہیم ۱۰

[3] الانبیاء ۳

[4] المومنون ۳۳

مَآ اَنۡتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثۡلُنَا ۚۖ فَاۡتِ بِاٰيَةٍ اِنۡ كُنۡتَ مِنَ الصّٰدِقِيۡنَ ﴿۱۵۴﴾ [۱]

ترجمہ: تو ہم جیسے ایک انسان کے سوا اور کیا ہے؟ لا کوئی نشانی اگر تو سچا ہے۔

تم سے معجزات کا مطالبہ کرتے ہیں، اس کتاب کو تمہاری تصنیف کہتے ہیں، جیسے فرمایا

وَقَالُوۡۤا اَسَاطِيۡرُ الۡاَوَّلِيۡنَ اكۡتَتَبَهَا فَهِىَ تُمۡلٰى عَلَيۡهِ بُكۡرَةً وَّاَصِيۡلًا ﴿۵﴾ [۲]

ترجمہ: کہتے ہیں یہ پرانے لوگوں کی لکھی ہوئی چیزیں ہیں جنہیں یہ شخص نقل کراتا ہے اور وہ اسے صبح و شام سنائی جاتی ہیں۔

تمہیں شاعر اور مجنون کے القابات سے نوازتے ہیں، جیسے فرمایا

بَلۡ قَالُوۡۤا اَضۡغَاثُ اَحۡلَامٍۢ بَلِ افۡتَرٰٮهُ بَلۡ هُوَ شَاعِرٌ ... ﴿۵﴾ [۳]

ترجمہ: وہ کہتے ہیں بلکہ یہ پراگندہ خواب ہیں بلکہ یہ اس کی من گھڑت ہے بلکہ یہ شخص شاعر ہے۔

اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيۡبَ الۡمَنُوۡنِ ﴿۳۰﴾ [۴]

ترجمہ: کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ شخص شاعر ہے جس کے حق میں ہم گردش ایام کا انتظار کر رہے ہیں؟۔

ثُمَّ تَوَلَّوۡا عَنۡهُ وَقَالُوۡا مُعَلَّمٌ مَّجۡنُوۡنٌ ﴿۱۴﴾ [۵]

ترجمہ: پھر بھی یہ اس کی طرف ملتفت نہ ہوئے اور کہا کہ یہ تو سکھایا پڑھایا باولا ہے۔

تمہاری تعلیم کا مذاق اڑاتے ہیں، اسی طرح کی حجت بازیاں پہلی اقوام بھی اپنے رسولوں سے کر چکی ہیں، جیسے فرمایا

كَذٰلِكَ مَاۤ اَتَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ مِّنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا قَالُوۡا سَاحِرٌ اَوۡ مَجۡنُوۡنٌ ﴿۵۲﴾ [۶]

ترجمہ: یونہی ہوتا رہا ہے، ان سے پہلے کی قوموں کے پاس بھی کوئی رسول ایسا نہیں آیا جسے انہوں نے یہ نہ کہا ہو کہ یہ ساحر ہے یا مجنون۔

کیونکہ کفر و شرک میں ان کے دل ایک دوسرے سے مشابہت رکھتے ہیں اس لیے ان کے اقوال بھی ایک دوسرے سے مشابہ ہیں،

عَنْ قَتَادَة رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِي قَوْلِهِ: مَا يُقَالُ لَكَ مِنَ التَّكْذِيبِ إلا مَا قَدْ قِيلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ، فَكَمَا كُذِّبَتْ فَقَدْ كُذِّبُوا وَكَمَا صَبَرُوا عَلَى أَذَى قَوْمِهِمْ لَهُمْ فَاصْبِرْ عَلَى أَذَى قَوْمِكَ إِلَيْكَ

قتادہ رحمہ اللہ نے کہا ہے کہ آپ کی تکذیب میں بھی وہی کچھ کہا جاتا ہے جو آپ سے پہلے پیغمبروں سے کہا گیا تھا، جیسے آپ کی تکذیب کی جارہی ہے ان کی بھی تکذیب کی گئی تھی، لہذا جس طرح انہوں نے اپنی قوم کی طرف سے ایذا پر صبر کیا تھا آپ بھی اپنی قوم کی تکلیفوں

---

[۱] الشعراء ۱۵۴

[۲] الفرقان ۵

[۳] الانبیاء ۵

[۴] الطور ۳۰

[۵] الدخان ۱۴

[۶] الذاریات ۵۲

پر صبر کریں۔ (۱)

کفار کو توبہ اور اسباب مغفرت کی طرف آنے کی دعوت دی کہ جو اللہ کی طرف رجوع کرلے اور اعمال صالحہ اختیار کرے تو بیشک تمہارا رب لوگوں کی توبہ قبول کرتا اور ان کے گناہوں سے درگزر فرماتا ہے اور جو تکبر کرتے ہوئے گناہوں پر اصرار کرتے ہیں اور دعوت ایمان قبول نہیں کرتے تو ایسے لوگوں کو بڑی دردناک سزا دینے والا بھی ہے، جیسے ارشاد فرمایا

نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾ وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾ (۲)

ترجمہ: اے نبی! میرے بندوں کو خبر دے دو کہ میں بہت درگزر کرنے والا اور رحیم ہوں مگر اس کے ساتھ میرا عذاب بھی نہایت دردناک عذاب ہے۔

وَ لَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْ لَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ ءَاَعْجَمِيٌّ

اور اگر ہم اسے عجمی زبان کا قرآن بناتے تو کہتے کہ اس کی آیتیں صاف صاف بیان کیوں نہیں کی گئیں؟ یہ کیا کہ عجمی کتاب

وَّ عَرَبِيٌّ ؕ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ ؕ وَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

اور آپ عربی رسول؟ آپ کہہ دیجیے! کہ یہ تو ایمان والوں کے لیے ہدایت و شفا ہے اور جو ایمان نہیں لاتے

فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّ هُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ؕ اُولٰٓئِكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۭ

ان کے کانوں میں تو (بہرہ پن اور) بوجھ ہے اور یہ ان پر اندھا پن ہے، یہ وہ لوگ ہیں جو کسی بہت دور دراز جگہ سے

بَعِيْدٍ ﴿۴۴﴾ وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَ لَوْ لَا كَلِمَةٌ

پکارے جا رہے ہیں، یقیناً ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب دی تھی سو اس میں بھی اختلاف کیا گیا اور اگر (وہ) بات نہ ہوتی

سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَ اِنَّهُمْ لَفِيْ

(جو) آپ کے رب کی طرف سے پہلے ہی مقرر ہو چکی ہے تو ان کے درمیان (کبھی) کا فیصلہ ہو چکا ہوتا، یہ لوگ تو

شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۴۵﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَ مَنْ اَسَآءَ

اسکے بارے میں سخت بے چین کرنے والے شک میں ہیں، جو شخص نیک کام کرے گا وہ اپنے نفع کے لیے اور جو برا کام

فَعَلَيْهَا ؕ وَ مَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۴۶﴾ (حم السجدۃ ۴۴ تا ۴۶)

کرے گا اس کا وبال بھی اسی پر ہے، اور آپ کا رب بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔

(۱) تفسیر ابن ابی حاتم ۱۰/۳۲۷۳

(۲) الحجر ۴۹،۵۰

مشرکین مکہ کا ایک اعتراض یہ بھی تھا کہ رسول اللہ جس کلام کو اللہ کا کلام کہتے ہیں وہ عربی زبان میں ہے، کیونکہ آپ ﷺ کی زبان عربی ہے اس لیے یہ کلام ان کا اپنا تصنیف کردہ ہے اگر یہ اللہ کا کلام ہوتا تو عربی کے بجائے کسی اور عجمی زبان میں ہوتا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا اگر ہم اس قرآن کو عربی زبان کے بجائے کسی اور زبان میں نازل کرتے تو یہ لوگ اعتراض کرتے کہ اسے ہماری زبان میں نازل ہونا چاہیے تھا تاکہ ہم اس کو سمجھ سکتے، عجمی زبان تو ہماری سمجھ سے بالاتر ہے، اور اس پر بھی اعتراض کرتے کہ رسول تو عربی زبان جاننے والا ہے مگر اس پر کلام عجمی زبان میں نازل ہوا ہے، جسے یہ خود نہیں جانتے، جیسے فرمایا۔

وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ۝۱۹۸ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ۝۱۹۹ [۱]

ترجمہ: (لیکن ان کی ہٹ دھرمی کا حال تو یہ ہے کہ) اگر ہم اسے کسی عجمی پر بھی نازل کر دیتے اور یہ (فصیح عربی کلام) وہ ان کو پڑھ کر سناتا تب بھی یہ مان کر نہ دیتے۔

مگر ہم نے قرآن کریم کو عربی زبان میں نازل کر کے ان کا کوئی عذر باقی نہیں چھوڑا، اے نبی ﷺ! ان سے کہو یہ قرآن ایمان لانے والوں کے لئے تو سراسر ہدایت اور جسمانی و روحانی امراض کی شفا ہے، یہ انہیں رشد و ہدایت اور راہ رست کی طرف رہنمائی کرتا ہے مگر جو لوگ اس پر ایمان نہیں لاتے وہ اس کو سننے سے محروم اور روگردانی کا شکار ہیں، اور یہ ان کے حق میں اندھا پن ہے جس کی وجہ سے انہیں رشد و ہدایت نظر آتی ہے نہ راہ راست ملتی ہے، جیسے فرمایا۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاۗءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝۸۲ [۲]

ترجمہ: ہم اس قرآن کے سلسلہ تنزل میں وہ کچھ نازل کر رہے ہیں جو ماننے والوں کے لیے شفا اور رحمت ہے مگر ظالموں کے لیے خسارے کے سوا اور کسی چیز میں اضافہ نہیں کرتا۔

حقیقت یہ ہے کہ جس طرح دور کا شخص دوری کی وجہ سے پکارنے والے کی آواز سمجھنے سے قاصر ہوتا ہے اسی طرح یہ قرآن ان لوگوں کی عقل وفہم میں نہیں آتا،

قَالَ ابْنُ جَرِيرٍ: مَعْنَاهُ: كَأَنَّ مَنْ يُخَاطِبُهُمْ يُنَادِيهِمْ مِنْ مَكَانٍ بَعِيدٍ، لَا يَفْهَمُونَ مَا يَقُولُ

ابن جریر کہتے ہیں اس کے معنی یہ ہیں کہ گویا وہ شخص جو ان سے مخاطب ہے وہ انہیں کسی دور جگہ سے آواز دے رہا ہے تو یہ سمجھتے ہی نہیں کہ وہ کیا کہہ رہا ہے۔ [۳]

جیسے فرمایا

وَمَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَاۗءً وَّنِدَاۗءً ۭ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ [۴]

---

[۱] الشعراء۱۹۸،۱۹۹

[۲] بنی اسرائیل ۸۲

[۳] تفسیرابن کثیر ۱۸۴؍۷

[۴] البقرة۱۷۱

ترجمہ:ان کی حالت بالکل ایسی ہے جیسے چرواہا جانوروں کو پکارتا ہے اور وہ ہانک کی پکار کی صدا کے کچھ نہیں سنتے، یہ بہرے ہیں، گونگے ہیں،اس لیے کوئی بات ان کی سمجھ میں نہیں آتی۔

آپ پر کتاب نازل کرنے سے پہلے ہم نے موسیٰ علیہ السلام پر تورات نازل کی تھی،ان کے ساتھ بھی وہی سلوک کیا گیا تھا جو یہ لوگ آپ کے ساتھ کر رہے ہیں، بنی اسرائیل میں کچھ لوگ اس پر ایمان لائے اور انہوں نے اس سے رہنمائی حاصل کی اور کچھ لوگوں نے جھٹلایا اور اس سے فائدہ حاصل نہ کر سکے،اگر اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو سوچنے سمجھنے کے لیے ڈھیل دینے کی بات طے نہ کر دی ہوتی تو اختلاف کرنے والوں پر فوراً عذاب نازل کر دیتا اور ان کا نام ونشان تک مٹا دیتا، جیسے فرمایا:

وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَأَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿١٢٩﴾ [1]

ترجمہ:اگر تیرے رب کی طرف سے پہلے ایک بات طے نہ کر دی گئی ہوتی اور مہلت کی ایک مدت مقرر نہ کی جا چکی ہوتی تو ضرور ان کا بھی فیصلہ چکا دیا جاتا۔

مگر وہ اپنی سنت کے مطابق بندوں کو سوچنے سمجھنے کے لیے مہلت عطا فرماتا ہے، جیسے فرمایا:

وَلَٰكِن يُؤَخِّرُهُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ۖ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِعِبَادِهِ بَصِيرًا ﴿٤٥﴾ [2]

ترجمہ: مگر وہ انہیں ایک مقررہ وقت تک کے لیے مہلت دے رہا ہے، پھر جب ان کا وقت آن پورا ہو گا تو اللہ اپنے بندوں کو دیکھ لے گا۔

حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ اس کلام پر اس لیے ایمان نہیں لا رہے کہ انہوں نے اس پر کوئی غور و تدبر کیا ہے،اور اس میں کوئی کجی تلاش کر لی ہے بلکہ عقل وبصیرت کو بروئے کار لائے بغیر محض جاہلانہ تعصّبات،، بغض وعناد اور ذاتی اغراض کی بنا پر محمد ﷺ کی رسالت اور اس دعوت کی تکذیب کر رہے ہیں، جو کوئی اللہ وحدہ لاشریک،اس کے رسولوں، منزل کتابوں، حیات بعد الموت اور اعمال کی جزاوسزا پر کامل ایمان لائے گا اور سنت رسول میں اعمال صالحہ اختیار کرے گا تو وہ اللہ پر احسان نہیں کرے گا بلکہ اپنے ہی حق میں اچھا فیصلہ کرے گا،اور جو اللہ کی دعوت کی تکذیب کرے گا اور اعمال خبیثہ میں ملوث ہو گا تو وہی اس کے وبال میں گرفتار ہو گا، جیسے فرمایا:

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ أَسَاءَ فَعَلَيْهَا... ﴿١٥﴾ [3]

ترجمہ:جو کوئی نیک عمل کرے گا اپنے ہی لیے کرے گا،اور جو برائی کرے گا وہ آپ ہی اس کا خمیازہ بھگتے گا۔

مَن كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ ۖ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِأَنفُسِهِمْ يَمْهَدُونَ ﴿٤٤﴾ [4]

ترجمہ:جس نے کفر کیا ہے اس کے کفر کا وبال اسی پر ہے اور جن لوگوں نے نیک عمل کیا ہے وہ اپنے ہی لیے فلاح کا راستہ صاف کر رہے ہیں۔

روز محشر اللہ عدل وانصاف کے تمام تقاضوں کو بروے کار لا کر فیصلہ فرمادے گا اور ہر شخص کو اس کے اعمال کے مطابق سزا یا جزا دے گا،اللہ

---

[1] طٰہٰ ۱۲۹

[2] فاطر ۴۵

[3] الجاثیۃ ۱۵

[4] الروم ۴۴

تعالیٰ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے کہ وہ کسی کی نیکی کو ضائع کر دے اور بدکاروں کو ان کی برائیوں کی سزا نہ دے یا ان پر ان کی برائیوں سے بڑھ کر عذاب مسلط کر دے۔

اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ وَ مَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا وَ مَا تَحْمِلُ

قیامت کا علم اللہ ہی کی طرف لوٹایا جاتا ہے اور جو جو پھل اپنے شگوفوں میں سے نکلتے ہیں اور جو مادہ حمل سے ہوتی ہے

مِنْ اُنْثٰى وَ لَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ وَ يَوْمَ يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ شُرَكَآءِيْ ۙ

اور جو بچے وہ جنتی ہے سب کا علم اسے ہے، اور جس دن اللہ تعالیٰ ان (مشرکوں) کو بلا کر دریافت فرمائے گا میرے شریک کہاں ہیں،

قَالُوْٓا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ۚ﴿۴۷﴾ وَ ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ

وہ جواب دیں گے کہ ہم نے تو تجھے کہہ سنایا کہ ہم میں سے تو کوئی اس کا گواہ نہیں، اور یہ جن (جن) کی پرستش اس سے پہلے کرتے

وَ ظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿۴۸﴾ (حم السجدة ۴۸،۴۷)

تھے وہ ان کی نگاہ سے گم ہو گئے اور انہوں نے سمجھ لیا کہ اب ان کے لیے کوئی بچاؤ نہیں۔

پہلی اقوام کی طرح کفار مکہ بھی مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کے قائل نہیں تھے اس لئے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے بطور مذاق بار بار ایک سوال یہ بھی کرتے تھے کہ آخر وہ قیامت کی گھڑی کب آئے گی جس سے آپ ہمیں ڈراتے رہتے ہیں؟ وہ گھڑی کب آئے گی جب برائی کرنے والے کو اس کی برائی کی سزا اور نیکو کاروں کو جزا دی جائے گی، اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اللہ کے سوا کوئی دوسرا عالم الغیب نہیں ہے، قیامت کی گھڑی ہو یا امور غیب کا علم ہو ان کو اللہ کے سوا کوئی نبی، رسول یا فرشتہ یا بزرگ نہیں جانتا، سب اپنے عجز اور بے بسی کا اقرار کرتے ہیں، جیسے فرمایا

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ﴿۴۲﴾ فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿۴۳﴾ اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ﴿۴۴﴾ [1]

ترجمہ: یہ لوگ تم سے پوچھتے ہیں کہ آخر وہ گھڑی کب آ کر ٹھہرے گی؟ تمہارا کیا کام کہ اس کا وقت بتاؤ اس کا علم تو اللہ پر ختم ہے۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ... ﴿۱۸۷﴾ [2]

ترجمہ: یہ لوگ تم سے پوچھتے ہیں کہ آخر وہ قیامت کی گھڑی کب نازل ہو گی؟ کہو اس کا علم میرے رب ہی کے پاس ہے اسے اپنے وقت پر وہی ظاہر کرے گا۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ: مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: مَا المَسْؤُولُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ

ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے مروی ہے جبرائیل عَلَیْہِ السَّلَام نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے قیامت کے وقت کے بارے میں معلوم کیا قیامت کب واقع ہو گی؟

---

[1] النازعات ۴۲تا۴۴

[2] الاعراف۱۸۷

آپ ﷺ نے فرمایا جس سے پوچھا جاتا ہے وہ بھی پوچھنے والے سے زیادہ جاننے والا نہیں۔ [1]
اس لئے قیامت کی گھڑی معلوم کرنے کی فکر کرنے کے بجائے اس بات کی فکر کرو کہ جب وہ عظیم گھڑی واقع ہو گی تو تمہیں اپنی گمراہیوں اور گناہوں کا کیا خمیازہ بھگتنا پڑے گا،

حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: بَيْنَمَا أَنَا وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَارِجَانِ مِنَ المَسْجِدِ، فَلَقِيَنَا رَجُلٌ عِنْدَ سُدَّةِ المَسْجِدِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟، فَكَأَنَّ الرَّجُلَ اسْتَكَانَ، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ ، مَا أَعْدَدْتُ لَهَا كَبِيرَ صِيَامٍ، وَلاَ صَلاَةٍ، وَلاَ صَدَقَةٍ، وَلَكِنِّي أُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ، قَالَ:أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ

اسی کے بارے میں انس بن مالک سے مروی ہے ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ مسجد سے نکل رہے تھے، اتنے ایک شخص ہم کو مسجد کے سائبان کے پاس ملا اور بولا اے اللہ کے رسول ﷺ قیامت کب قائم ہو گی ؟ آپ ﷺ نے دریافت فرمایا (اے اللہ کے بندے !وہ تو بہر حال آنی ہی ہے) تو نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے ؟اس نے عرض کیا میں نے اس کے لیے بہت ساری نمازیں، روزے اور صدقے نہیں تیار کر رکھے ہیں لیکن میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا تو ان کے ساتھ ہو گا جن سے تو محبت رکھتا ہے۔ [2]

اللہ تعالیٰ نے اپنے علم کامل کا بیان فرمایا کہ صرف قیامت ہی نہیں بلکہ تمام امور غیب کا علم اللہ ہی کے لیے مخصوص ہے، اس کے سوا کوئی عالم الغیب نہیں ہے، وہی ان سارے درختوں کے پھلوں کو جانتا ہے جو اپنے شگوفوں میں سے نکلتے ہیں، اسی کو معلوم ہے کہ کونسی مادہ چاہے بنی آدم میں سے ہو یا تمام حیوانات میں سے حاملہ ہوئی ہے اور کس نے بچہ جنا ہے، اس کی علم کی وسعت تو یہ ہے

۔۔لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ [3] ۳

ترجمہ:اس سے ذرہ برابر کوئی چیز نہ آسمانوں میں چھپی ہوئی ہے نہ زمین میں، نہ ذرے سے بڑی اور نہ اس سے چھوٹی، سب کچھ ایک نمایاں دفتر میں درج ہے۔

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۵۹ [4]

---

[1] صحیح بخاری کتاب الایمان بَابُ سُؤَالِ جِبْرِيلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الإِيمَانِ، وَالإِسْلاَمِ، وَالإِحْسَانِ، وَعِلْمِ السَّاعَةِ ۵۰،صحیح مسلم کتاب الایمان بَابٌ : الْإِيمَانُ مَا هُوَ وَبَيَانُ خِصَالِهِ ۹۷،سنن ابوداودکتاب السنة بَابٌ فِي الْقَدَرِ۴۶۹۵، مسند احمد ۱۸۴،صحیح ابن حبان۱۵۹، السنن الکبری للبیھقی ۲۰۸۷۱،مصنف ابن ابی شیبة۳۷۵۵۸،شرح السنة للبغوی ۲

[2] صحیح بخاری کتاب الادب بَابُ عَلاَمَةِ حُبِّ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ لقوله تعالیٰ ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ۶۱۶۷،۶۱۷۱ ،صحیح مسلم کتاب ابروالصلة بَابُ الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ ۶۷۱۰،مسند احمد ۱۲۷۶۲،مسندابی یعلی ۳۶۳۲

[3] سبا۳

[4] الانعام ۵۹

ترجمہ:اسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جنہیں اس کے سوا کوئی نہیں جانتا،بحر و بر میں جو کچھ ہے سب سے وہ واقف ہے،درخت سے گرنے والا کوئی پتہ ایسا نہیں ہے جس کا اسے علم نہ ہو،زمین کے تاریک پردوں میں کوئی دانہ ایسا نہیں جس سے وہ باخبر نہ ہو،خشک و تر سب کچھ ایک کھلی کتاب میں لکھا ہوا ہے۔

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۭ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝۸ [1]

ترجمہ:اللہ ایک ایک حاملہ کے پیٹ سے واقف ہے،جو کچھ اس میں بنتا ہے اسے بھی وہ جانتا ہے اور جو کچھ اس میں کمی یا بیشی ہوتی ہے اس سے بھی وہ باخبر رہتا ہے ہر چیز کے لیے اس کے ہاں ایک مقدار مقرر ہے۔

لہذا جو رب اس عظیم الشان کائنات کی تمام چیزوں کا اتنا وسیع علم رکھتا ہے اس کی نظروں سے کسی شخص کے اعمال وافعال اوجھل نہیں ہیں اس لیے اللہ کی پکڑ سے بے خوف ہو کر دنیا کی رنگینیوں میں مست نہ ہو جاؤ بلکہ آخرت کی فکر کرو،اللہ تعالیٰ قیامت کے روز مشرکین کو ان کے جھوٹ کو ظاہر کرنے کے لیے بار بار ہر مرحلے میں با آواز بلند کہے گا کہاں ہیں میرے وہ شریک جن کی تم اللہ وحدہ لاشریک کو چھوڑ کر رسوم عبادت بجالاتے تھے،جنہیں تم معبود حقیقی کو چھوڑ کر مشکلات و مصائب میں پکارتے تھے،مالک حقیقی کے بجائے جن سے آس و امید رکھتے تھے،جن کی محبت میں سرشار ہو کر رسولوں کی دعوت کا مذاق اڑاتے اور ان سے عداوت رکھتے تھے،اپنے دینوی مفادات کے لئے اللہ کے کلام میں تحریف کرتے اور رسول اللہ ﷺ کے پاکیزہ اسوہ میں نئی نئی باتیں داخل کرتے تھے،اس وقت یہ مجرمین ہر طرف نظر دوڑائیں گے کہ عمر بھر جن ہستیوں کی سیوا کرتے رہے،جن سے آس و امیدیں رکھتے تھے،جن کے درباروں پر نذرانے چڑھاتے رہے،جن کی قبروں کو عرق گلاب سے دھوتے رہے،جن کی قبروں پر قیمتی چادریں چڑھاتے رہے،جن کی درگاہوں،خانقاؤں پر لنگر تقسیم کرتے رہے،شاید ان میں سے کوئی مدد کو پہنچ جائے اور ہمیں اللہ کے عذاب سے چھڑا لے،یا کم از کم سزا میں کمی کرا دے مگر کسی طرف سے کوئی مددگار نظر نہیں آئے گا ان کا گمان جھوٹا ثابت ہو جائے گا تو مایوسی کے عالم میں جواب دیں گے اے ہمارے رب! اب ہم اچھی طرح جان گئے ہیں کہ دنیا میں ہمارا عقیدہ سراسر غلط تھا کہ اللہ کی قدرتوں اور اختیارات میں کوئی شریک ہے،اللہ کے سوا کوئی اور بھی مشکل کشا،حاجت روا، کرنی بھرنی اور ڈوبے بیڑے تیرانے والا بھی ہے،اپنے خود ساختہ معبودوں کی الوہیت اور ان کی شرکت کا انکار کرتے ہوئے کہیں گے اے ہمارے رب!اب ہم میں سے کوئی بھی ان معبودان باطلہ کی الوہیت اور شرکت گواہی دینے والا نہیں ہے،اس وقت وہ اچھی طرح جان لیں گے کہ اب انہیں جہنم میں جھونکا جانے والا ہے اور انہیں اللہ کے سوا کوئی اور پناہ دینے والا نہیں ہے،جیسے فرمایا:

وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ۝۵۳ [2]

ترجمہ: اور گنہگار لوگ دوزخ کو دیکھیں گے تو یقین کرلیں گے کہ وہ اس میں گرنے والے ہیں اور اس سے بچنے کا کوئی راستہ نہ پائیں گے۔

یہ ہے اس شخص کا انجام جس نے اپنے معبود حقیقی کو چھوڑ کر غیر اللہ کو اپنی آس و امیدوں کا مرکز قرار دیا۔

---

[1] الرعد۸

[2] الکہف۵۳

لَا يَسْـَٔمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ ۫ وَ اِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَـُٔوْسٌ قَنُوْطٌ ۝۴۹ وَ لَىِٕنْ اَذَقْنٰهُ

بھلائی کے مانگنے سے انسان تھکتا نہیں اور اگر اسے کوئی تکلیف پہنچ جائے تو مایوس اور ناامید ہو جاتا ہے، اور جو مصیبت اسے

رَحْمَةً مِّنَّا مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ وَ مَآ اَظُنُّ

پہنچ چکی ہے اس کے بعد اگر ہم اسے کسی رحمت کا مزہ چکھائیں تو وہ کہہ اٹھتا ہے کہ اس کا تو میں حقدار ہی تھا اور میں تو خیال نہیں

السَّاعَةَ قَآىِٕمَةً ۙ وَّ لَىِٕنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْۤ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ

کرسکتا کہ قیامت قائم ہوگی اور اگر میں اپنے رب کے پاس واپس گیا تو بھی یقیناً میرے لیے اس کے پاس بھی بہتری ہے،

فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا ۫ وَ لَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۝۵۰ وَ اِذَآ

یقیناً ہم ان کفار کو ان کے اعمال سے خبردار کریں گے اور انہیں سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے، اور جب

اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَ نَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ

ہم انسان پر اپنا انعام کرتے ہیں تو وہ منہ پھیر لیتا ہے اور کنارہ کش ہو جاتا ہے اور جب اسے مصیبت پڑتی ہے ت

فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ۝۵۱ (حم السجدۃ ۴۹ تا ۵۱)

وبڑی لمبی چوڑی دعائیں کرنے والا بن جاتا ہے۔

انسان کی سرکشی کا حال:

دنیا میں ہر طرح کے انسان بستے ہیں، انبیاء اور صلحاء بھی انسان ہی ہوتے ہیں مگر یہ اللہ پر غیر متزلزل یقین و بھروسہ رکھتے ہیں، کچھ ایسے انسان ہوتے ہیں جو دنیا کے طالب نہیں ہوتے بلکہ ان کے سامنے ہر وقت آخرت کی فکر ہی ہوتی ہے، ایسے لوگوں کو کسی طرح کی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اللہ کی رحمت وفضل وکرم سے مایوس نہیں ہوتے بلکہ وہ آزمائشوں کو بھی گناہوں کا کفارہ اور رفع درجات کا باعث گردانتے ہیں اور آزمائشوں پر رب کی پناہ اور نعمتوں پر اس کا شکر ادا کرتے رہتے ہیں اور کچھ غالب اکثریت کم ظرف اور چھچھورے انسان بھی ہوتے ہیں جن کا مطمع نظر صرف دنیا ہوتا ہے، جو اکثر وبیشتر دینوی نعمتوں یعنی فوز وفلاح، مال واولاد اور دیگر دنیاوی مطالب ومقاصد کے لئے لمبی لمبی دعائیں کرتے ہوئے کبھی نہیں تھکتے، اگر انہیں دنیا کی ہر چیز مل جائے تب بھی وہ مزید دنیا طلبی میں لگے رہتے ہیں مگر ان کے اعمال بد کے سبب ان پر جب کوئی مصیبت یعنی بیماری، فقر اور مختلف مصائب وارد ہوجاتی ہے تو فوراً ہی اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس اور ناامید ہو جاتے ہیں اور دل شکستہ ومایوس ہو کر اللہ تعالیٰ سے شکوے شکایات کرنے لگتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ یہ مصیبت انہیں ہلاک کر ڈالے گی، پھر وہ ایسے اسباب اختیار کرنے کی فکر کرنے لگتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ پسند نہیں فرماتا مگر جب اللہ تعالیٰ ان کی پریشانیوں ومصیبتوں، بیماریوں اور فقر کو ٹال دیتا ہے اور اپنے رحم وکرم سے انہیں دینوی نعمتیں عنایت کر دیتا ہے تو اللہ کے رحم وکرم اور فضل کا شکر کرنے کے بجائے بغاوت اور سرکشی کا رویہ اختیار کرتے

ہیں، اور اللہ کی اطاعت و بندگی سے منہ موڑتے ہیں اور اللہ کی بارگاہ میں جھکنے کو اپنی توہین سمجھتے ہیں اور کفریہ کلمات کہتے ہیں کہ یہ سب کچھ ہمیں اپنی قابلیت و اہلیت کی بدولت حاصل ہوا ہے، جیسے فرمایا:

...قَالَ اِنَّمَاۤ اُوۡتِیۡتُهٗ عَلٰی عِلۡمٍ عِنۡدِیۡ... ۷۸ [۱]

ترجمہ: اس نے کہا یہ سب کچھ تو مجھے اس علم کی بنا پر دیا گیا ہے جو مجھ کو حاصل ہے۔

فَاِذَا مَسَّ الۡاِنۡسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ اِذَا خَوَّلۡنٰهُ نِعۡمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَاۤ اُوۡتِیۡتُهٗ عَلٰی عِلۡمٍ... ۴۹ [۲]

ترجمہ: یہی انسان جب ذرا سی مصیبت اسے چھو جاتی ہے تو ہمیں پکارتا ہے اور جب ہم اسے اپنی طرف سے نعمت دے کر اپھار دیتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ تو مجھ علم کی بنا پر دیا گیا ہے! ۔

وَاِذَا مَسَّ الۡاِنۡسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنۡۢبِهٖۤ اَوۡ قَاعِدًا اَوۡ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفۡنَا عَنۡهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنۡ لَّمۡ يَدۡعُنَاۤ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ... ۱۲ [۳]

ترجمہ: انسان کا حال یہ ہے کہ جب اس پر کوئی سخت وقت آتا ہے تو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے ہم کو پکارتا ہے، مگر جب ہم اس کی مصیبت ٹال دیتے ہیں تو ایسا چل نکلتا ہے کہ گویا اس نے کبھی اپنے کسی برے وقت پر ہم کو پکارا ہی نہ تھا۔

ایک مقام پر فرمایا

فَتَوَلّٰى بِرُكۡنِهٖ... ۳۹ [۴]

ترجمہ: تو وہ اپنے بل بوتے پر اکڑ گیا۔

قال مُجاهِدِ، لَيَقُولَنَّ هَذَالِي :أَيْ بِعَمَلِي، وَأَنَا مَحْقُوقٌ بِهَذَا

امام مجاہد رحمہ اللہ نے ''اس کا تو میں حقدار ہی تھا۔'' کی تفسیر میں فرمایا یہ مال و دولت تو میری محنت و کاوش کا نتیجہ ہے اور میں اس کا حقدار بھی ہوں۔

[۵]وقال ابن عباس :يريد من عندي

ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ میری اپنی کاوش ہے۔

چنانچہ وہ اس غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمارے عقائد و اعمال سے خوش ہے اور ہم اللہ کے ہاں محبوب ہیں اس لئے وہ ہمیں اپنی ان گنت نعمتوں سے نواز رہا ہے، حالانکہ مال و اسباب کی کمی بیشی محبت یا ناراضگی کی علامت ہرگز نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ صرف آزمائش کے لئے کسی

---

[۱] القصص ۷۸

[۲] الزمر ۴۹

[۳] یونس ۱۲

[۴] الزاریات ۳۹

[۵] تفسیر طبری ۲۱/۴۹۱

کو زیادہ عنایت فرما دیتا ہے اور کسی کو کم دیتا ہے یا چھین لیتا ہے یا تکالیف میں مبتلا فرما دیتا ہے تا کہ وہ دیکھے کہ اس کی بخشی ہوئی نعمتوں پر کون شکر گزار اور تکلیفوں میں کون صابر ہے؟ کیونکہ دنیادار بندے کی تمام تر کاوشیں دنیا حاصل کرنے کے لیے ہوتی ہیں اور ان میں غرق ہو کر وہ آخرت کے بارے میں کبھی نہیں سوچتا اس لئے اس کا عقیدہ یہی ہوتا ہے کہ قیامت کبھی قائم نہیں ہو گی، اور لمبی امیدیں باندھ کر کہتا ہے اگر بالفرض محال قائم ہو بھی گئی تو جس طرح میں دنیا میں خیر و عافیت کے ساتھ رہ رہا ہوں اس طرح آخرت میں بھی میں مزے کروں گا، جیسے ایک مقام پر دنیادار شخص کا قول نقل فرمایا گیا ہے۔

وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ۙ ﴿۳۵﴾ وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ [1]

ترجمہ: پھر وہ اپنی جنت میں داخل ہوا اور اپنے نفس کے حق میں ظالم بن کر کہنے لگا میں نہیں سمجھتا کہ یہ دولت کبھی فنا ہو جائے گی اور مجھے توقع نہیں کہ قیامت کی گھڑی کبھی آئے گی تاہم اگر کبھی مجھے اپنے رب کے حضور پلٹایا بھی گیا تو ضرور اس سے بھی زیادہ شاندار جگہ پاؤں گا۔

ایک مقام پر فرمایا:

كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۙ ﴿۶﴾ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ؕ ﴿۷﴾ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ؕ ﴿۸﴾ [2]

ترجمہ: ہرگز نہیں، انسان سرکشی کرتا ہے اس بنا پر کہ وہ اپنے آپ کو بے نیاز دیکھتا ہے (حالانکہ) پلٹنا یقیناً تیرے رب ہی کی طرف ہے۔

یہ ان کی طرف سے بڑی جسارت اور انکار قیامت ہے اور اللہ تعالیٰ کی عطا فرمائی ہوئی نعمتوں اور رحمتوں کی ناسپاسی ہے، ایسے کٹے کافروں کے لئے اللہ تعالیٰ نے جہنم کا عذاب تیار کر رکھا ہے جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ مَنْ اَضَلُّ

آپ کہہ دیجئے! کہ بھلا یہ تو بتاؤ کہ اگر یہ قرآن اللہ کی طرف سے آیا ہوا ہو پھر تم نے اسے نہ مانا بس اس سے بڑھ کر بہکا ہوا

مِمَّنْ هُوَ فِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۵۲﴾ سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَ فِيْٓ

کون ہو گا جو مخالفت میں (حق سے) دور چلا جائے، عنقریب ہم انہیں اپنی نشانیاں آفاق عالم میں بھی دکھائیں گے اور خود

اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ؕ اَوَ لَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

ان کی اپنی ذات میں بھی یہاں تک کہ ان پر کھل جائے کہ حق یہی ہے، کیا آپ کے رب کا ہر چیز سے واقف و آگاہ ہونا کافی نہیں،

شَهِيْدٌ ﴿۵۳﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ؕ اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ

یقین جانو! کہ یہ لوگ اپنے رب کے روبرو جانے سے شک میں ہیں، یاد رکھو کہ

[1] الکہف ۳۶،۳۵

[2] العلق ۶ تا ۸

شَىۡءٍ مُّحِيۡطٌ ﴿۵۴﴾ (حم السجدة ۵۲تا۵۴)

اللہ تعالیٰ ہر چیز کااحاطہ کئے ہوئے ہے۔

اے نبی ﷺ! قرآن کی تکذیب اور کفران نعمت میں جلدی کرنے والوں سے کہہ دیجئے، آج تم بغیر سوچ وبچار کے محض اپنے تعصبات، بغض وعناد اور اپنے وہم وگمان پر کلام الٰہی کاانکار کر رہے ہو، مگر کبھی یہ بھی سوچا کہ اگر یہ کلام اللہ کی طرف سے ہوااور وہ سب کچھ پیش آ گیا جس کی یہ پیشگی خبر دے رہاہے توپھر سوچ لو کہ اس کاانکار اور اس کی مخالفت کر کے تم کس انجام سے دوچار ہوجاؤ گے،اس لئے تمہارے اپنے مفاد کاتقاضاہے کہ خوامخواہ کی ضد وہٹ دھرمی چھوڑ کر سنجیدگی سے کلام اللہ پر غور وتدبر کرو،اس کے بعد بھی اگر تم ایمان نہیں لاتے تو یہ تمہاری اپنی مرضی ہے، مگر اس کی مخالفت میں اتنے آگے نہ بڑھ جاؤ کہ اس دعوت کو روکنے کے لئے جھوٹ وفریب،اور ظلم وستم کے ہتھیار استعمال کرنے لگو،اے نبی ﷺ! یہ لوگ اس دعوت کو روکنے کی جتنی چاہے کوشش کرلیں مگر یہ اللہ کی مشیت کو روک نہیں سکتے، عنقریب ان پر قرآن مجید کی صداقت،اس کامن جانب اللہ ہونااور دین اسلام کی حقانیت خود بخود واضح ہوجائے گا،اس کلام کی دعوت تمام گرد وپیش کے علاقوں پر چھاکر رہے گی اور یہ خود بھی اس کے آگے سرنگوں ہوجائیں گے،اس وقت انہیں معلوم ہوجائے گا کہ اس کلام کی دعوت سراسر حق تھی، کیاان کے لیے اللہ تعالیٰ کی شہادت کافی نہیں کہ قرآن حق ہے اور اس کو پیش کرنے والی ہستی سچی ہے؟ مگر یہ لوگ حیات بعد الموت اور قیامت کے بارے میں شک رکھتے ہیں،جیسے فرمایا:

لٰكِنِ اللّٰهُ يَشۡهَدُ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اِلَيۡكَ اَنۡزَلَهٗ بِعِلۡمِهٖ‌ ۚ وَالۡمَلٰۤٮِٕكَةُ يَشۡهَدُوۡنَ‌ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيۡدًا ؕ‏ ﴿۱۶۶﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَصَدُّوۡا عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ قَدۡ ضَلُّوۡا ضَلٰلًاۢ بَعِيۡدًا‏ ﴿۱۶۷﴾ [۱]

ترجمہ:(لوگ نہیں مانتے تو نہ مانیں) مگر اللہ گواہی دیتا ہے کہ اے نبی! جو کچھ اس نے تم پر نازل کیاہے اپنے علم سے نازل کیاہے اور اس پر ملائکہ بھی گواہ ہیں اگرچہ اللہ کا گواہ ہونا بالکل کفایت کرتاہے،جولوگ اس کو ماننے سے خود انکار کرتے ہیں اور دوسروں کو اللہ کے راستے سے روکتے ہیں وہ یقیناً گمراہی میں حق سے بہت دور نکل گیا۔

آ گاہ رہو بیشک اللہ نے اپنے علم وقدرت اور غلبے سے ہر چیز کااحاطہ کر رکھاہے اور یہ اس کی گرفت سے بچ کر نہیں جاسکتے۔

کفار مکہ کی چند تجاویز:

جب کفار نے دیکھا کہ حمزہ رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کے بعد سید الامم ﷺ کے ماننے والوں میں روز بروز اضافہ ہوتاجارہاہے، توابوجہل،عتبہ بن ربیعہ ،شیبہ ،ولید بن مغیرہ،امیہ بن خلف،اسود بن المطلب اور دوسرے سرداران قریش جو یہ تسلیم کرنے کو توبالکل تیار نہیں تھے کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور ان پر کلام اللہ نازل ہو رہاہے جو رشد وہدایت سے لبریز ہے،اس لئے محمد ﷺ جو دعوت پیش کر رہے ہیں اس کامقصد یاتو مال ودولت ہے یاپھر حکومت واقتدار حاصل کرناہے، کیونکہ انسان طبعاًخاص کر جب کہ وہ فقیر ومحتاج ہومال ودولت کالالچ کرنے لگتاہے اور حکومت کی عظمت وطمطراق اسے دھوکہ میں ڈال دیتے ہیں،اس لئے ان دونوں سے تعلق خاطر رہتاہے اور ان کے حصول

[۱] النساء۱۶۷،۱۶۶

کے لئے جو تدبیر بھی بن پڑے اس کی جدوجہد کرتا ہے، یا پھر پچھلی قوموں کی طرح ان کا بھی یہی خیال تھا کہ معاذ اللہ آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کی عقل میں کچھ فتور پیدا ہو گیا ہے جس کی وجہ سے ایسی بہکی بہکی باتیں کرتے ہیں،

قَالَ يَوْمًا وَهُوَ جَالِسٌ فِي نَادِي قُرَيْشٍ، وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ وَحْدَهُ : يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ، أَلَا أَقُومُ إِلَى مُحَمَّدٍ فَأُكَلِّمَهُ وَأَعْرِضَ عَلَيْهِ أُمُورًا لَعَلَّهُ يَقْبَلُ بَعْضَهَا فَنُعْطِيهِ أَيَّهَا شَاءَ، وَيَكُفُّ عَنَّا؟فَقَالُوا: بَلَى يَا أَبَا الْوَلِيدِ، قُمْ إِلَيْهِ فَكَلِّمْهُ، فَقَامَ إِلَيْهِ عُتْبَةُ حَتَّى جَلَسَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يابن أَخِي، إِنَّكَ مِنَّا حَيْثُ قَدْ علمتَ مِنْ السِّطَة فِي الْعَشِيرَةِ، وَالْمَكَانِ فِي النَّسَبِ، وَإِنَّكَ أَتَيْتَ قومَك بِأَمْرٍ عَظِيمٍ فرَّقت بِهِ جَمَاعَتَهُمْ وسفهتَ بِهِ أحلامَهم وعِبتَ بِهِ آلِهَتَهُمْ وَدِينَهُمْ وكفَّرت بِهِ مَنْ مَضَى مِنْ آبَائِهِمْ، فَاسْمَعْ مِنِّي أعرضْ عَلَيْكَ أُمُورًا تَنْظُرُ فِيهَا لَعَلَّكَ تَقْبَلُ مِنْهَا بَعْضَهَا

ایک دن نبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم مسجد میں تنہا تشریف فرما تھے، انہیں دیکھ کر عتبہ بن ربیعہ نے جو سحر، کہانت اور شعر گوئی میں یکتا تھا کہا اے جماعت قریش! کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ میں محمد (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم) کے پاس جا کر ان سے کچھ گفتگو کروں اور انہیں چند تجاویز پیش کروں، ہوسکتا ہے کہ وہ میری تجاویز کو قبول کر لیں اور ہماری تکفیر اور اس نئے دین کی دعوت دینا بند کر دیں اور ہم اس مصیبت سے چھٹکارا پا جائیں؟ حاضرین نے کہا ضرور اے ابو ولید! تم جا کر ان سے گفتگو کرو اور اپنی تجاویز انہیں پیش کرو، ابو الولید کا گمان تھا کہ وہ مال وجاہ اور ملک نبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کو پیش کرے گا تو وہ اسے قبول کر لیں گے، اور ان کے دین سے تعرض نہ کریں اور نہ ہی انہیں بتوں کی پرستش ترک کرنے کی دعوت دیں گے، چنانچہ عتبہ بن ربیعہ اپنے ساتھیوں کی مجلس سے اٹھ کر رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کی خدمت میں پہنچا اور آپ کے نزدیک بیٹھ کر کہنے لگا اے میرے بھتیجے! جیسا کہ تمہیں علم ہے تم ہم میں ایک معزز اور اعلیٰ کنبہ کے فرد اور نسبی شرافت میں ہم سے برتر ہو، تم اپنی قوم کے لئے ایک عظیم تحریک لیکر آئے جس کی وجہ سے تم نے اپنی جماعت میں تفریق پیدا کر دی، اپنی قوم کے بڑے بوڑھے سرداروں کو نادان گردانا حالانکہ ان کی سرداری اور دانشمندی کو اہل عرب تسلیم کرتے ہیں، ان کے آباؤ اجداد سے پرستش کیے جانے والے معبودوں اور ان کے دین میں طرح طرح کے عیب نکالے، ان کے گزرے ہوئے آباؤ اجداد کو گمراہ اور کافر بتایا، اب میں تمہارے سامنے چند تجاویز رکھتا ہوں، ان پر ٹھنڈے دل سے غور کرو شاید تم ان میں سے کوئی بات تسلیم کر لو اس طرح ہم میں جو تفرقہ برپا ہے ختم ہو جائے گا اور ہم امن وسکون سے رہنے لگیں گے،

قَالَ: فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ يَا أبا الوليد، أسمع ، قال: يابنَ أَخِي، إنْ كنتَ إِنَّمَا تُرِيدُ بِمَا جئتَ بِهِ مِنْ هَذَا الْأَمْرِ مَالًا جَمَعْنَا لَكَ مِنْ أَمْوَالِنَا حَتَّى تكُونَ أَكْثَرَنَا مَالًا وَإِنْ كُنْتَ تُرِيدُ بِهِ شَرَفًا سَوَّدْنَاكَ عَلَيْنَا، حَتَّى لَا نَقْطَعَ أَمْرًا دُونَكَ، وَإِنْ كُنْتَ تُرِيدُ بِهِ مُلكًا مَلَّكْنَاكَ عَلَيْنَا وَإِنْ كَانَ هَذَا الَّذِي يَأْتِيكَ رَئِيًّاتَرَاهُ لَا تَسْتَطِيعُ رَدَّهُ عَنْ نفسِك، طَلَبْنَا لَكَ الطبَّ، وَبَذَلْنَا فِيهِ أَمْوَالَنَا حَتَّى نبرئَك مِنْهُ، فَإِنَّهُ رُبَّمَا غَلَبَ التابعُ عَلَى الرَّجُلِ حَتَّى يُدَاوَى مِنْهُ أَوْ كَمَا قَالَ لَهُ، حَتَّى إذَا فَرَغَ عُتْبَةُ، وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَمِعُ مِنْهُ

رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے فرمایا اے ابو ولید! آپ جو کہنا چاہتے ہیں شوق سے کہیں میں ہمہ تن گوش ہوں، عتبہ بن ربیعہ نے کہا اے بھتیجے جو تحریک

تم نے چلائی ہے اگر اس سے تمہارا مقصد مال و دولت حاصل کرنا ہے تو ہم تمہیں اتنا مال و دولت جمع کر دیں گے کہ تم ہم سب سے زیادہ متمول بن جاؤ گے، اگر تمہیں عزت وجاہ کی خواہش ہے تو ہم تمہیں اپنا سردار تسلیم کر لیتے ہیں یہاں تک کہ کبھی تمہاری مرضی کے بغیر کوئی کام نہیں کریں گے، اور اگر تم بادشاہ بننا چاہتے ہو تو ہم تمہیں اپنا بادشاہ بنانے کو تیار ہیں، اور بقول تمہارے تم پر جو شخص آتا ہے اگر تم سمجھتے ہو کہ یہ کوئی جن ہے جسے تم خود اپنے آپ سے نہیں ہٹا سکتے تو ہم کسی طبیب کو بلا کر تمہارا علاج کرانے کو تیار ہیں، اس پر جو خرچ ہو گا وہ سب ہم برداشت کر لیں گے تاکہ تمہیں اس سے نجات دلا سکیں کیونکہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ کوئی جن کسی انسان پر مسلط ہو جاتا ہے اور موثر تدبیر کے بغیر نہیں ٹلتا، اس طرح عتبہ بن ربیعہ نے پہلے آپ سے سودے بازی کی بات کی اور پھر دوسری بات کر کے آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کی توہین کرنے لگا، رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم عتبہ بن ربیعہ کی ان بیہودہ تجاویز کو خاموشی سے سنتے رہے جب وہ اپنی تجاویز پیش کر چکا تو آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے فرمایا:

قَالَ: أَقَدْ فَرَغْتَ يَا أَبَا الْوَلِيدِ؟قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاسْمَعْ مِنِّي، قَالَ: أَفْعَلُ، فَقَالَ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمنِ الرَّحِيمِ. حم. تَنْزِيلٌ مِنَ الرَّحْمنِ الرَّحِيمِ. كِتابٌ فُصِّلَتْ آياتُهُ قُرْآناً عَرَبِيًّا لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ. بَشِيراً وَنَذِيراً، فَأَعْرَضَ أَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ. وَقالُوا قُلُوبُنا فِي أَكِنَّةٍ مِمَّا تَدْعُونا إِلَيْهِ 41: -0 5 ثُمَّ مَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا يَقْرَؤُهَا عَلَيْهِ. فَلَمَّا سَمِعَهَا مِنْهُ عُتْبَةُ، أَنْصَتَ لَهَا، وَأَلْقَى يَدَيْهِ خَلْفَ ظَهْرِهِ مُعْتَمِدًا عَلَيْهِمَا يَسْمَعُ مِنْهُ، ثُمَّ انْتَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى السَّجْدَةِ مِنْهَا،فَسَجَدَ ثُمَّ قَالَ: قَدْ سَمِعْتَ يَا أَبَا الْوَلِيدِ مَا سَمِعْتَ، فَأَنْتَ وَذَاكَ.

اے ابو ولید! کیا تم اپنی تجاویز پیش کر چکے؟ قَالَ: نَعَمْ اس نے کہا ہاں! قَالَ: فَاسْمَعْ مِنِّي آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے فرمایا اب میری بات غور سے سنو، اس نے کہا فرمایئے اور پھر آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے حم السجدہ کی آیت ۱ تا ۳۸ تلاوت فرمائیں، آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم برابر تلاوت فرماتے رہے اور عتبہ بن ربیعہ اپنے ہاتھوں کو کمر کے پیچھے زمین پر ٹیک کر اس سورہ کو سنتا رہا حتی کہ آیت سجدہ پر پہنچے اور سجدہ فرمایا پھر عتبہ بن ربیعہ سے فرمایا اے ابو ولید! جو کچھ تم نے سننا تھا تم نے سن لیا یہی تمہاری تجاویز کا جواب ہے،

فَقَامَ عُتْبَةُ إِلَى أَصْحَابِهِ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: نَحْلِفُ بِاللَّهِ لَقَدْ جَاءَكُمْ أَبُو الْوَلِيدِ بِغَيْرِ الْوَجْهِ الَّذِي ذَهَبَ بِهِ. فَلَمَّا جَلَسَ إِلَيْهِمْ قَالُوا: مَا وَرَاءَكَ يَا أَبَا الْوَلِيدِ؟ قَالَ:وَرَائِي أَنِّي قَدْ سَمِعْتُ قَوْلًا وَاللَّهِ مَا سَمِعْتُ مِثْلَهُ قَطُّ، وَاللَّهِ مَا هُوَ بِالشِّعْرِ، وَلَا بِالسِّحْرِ، وَلَا بِالْكِهَانَةِ، يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ، أَطِيعُونِي وَاجْعَلُوهَا بِي، وَخَلُّوا بَيْنَ هَذَا الرَّجُلِ وَبَيْنَ مَا هُوَ فِيهِ فاعتزلوه، فو الله لَيَكُونَنَّ لِقَوْلِهِ الَّذِي سَمِعْتُ مِنْهُ نَبَأٌ عَظِيمٌ، فَإِنْ تُصِبْهُ الْعَرَبُ فَقَدْ كُفِيتُمُوهُ بِغَيْرِكُمْ، وَإِنْ يَظْهَرْ عَلَى الْعَرَبِ فَمُلْكُهُ مُلْكُكُمْ، وَعِزُّهُ عِزُّكُمْ، وَكُنْتُمْ أَسْعَدَ النَّاسِ بِهِ، قَالُوا: سَحَرَكَ وَاللَّهِ يَا أَبَا الْوَلِيدِ بِلِسَانِهِ، قَالَ: هَذَا رَأْيِي فِيهِ، فَاصْنَعُوا مَا بَدَا لَكُمْ.

عتبہ بن ربیعہ رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے پاس سے اٹھ کر اپنے ساتھیوں کی طرف روانہ ہوا اس کے چہرے کی ہیئت دیکھتے ہی ایک نے دوسرے سے کہنا شروع کر دیا ابو ولید تمہارے پاس سے جس طرح گئے تھے اس سے بدلے ہوئے واپس ہو رہے ہیں، جب یہ جا کر اپنی مجلس میں بیٹھا تو سب نے پوچھا اے ابو ولید! کہو کیا خبر لائے ہو؟ اس نے جواب دیا بخدا میں نے وہ کلام سنا ہے کہ اس سے پہلے کبھی ایسا کلام نہ سنا تھا

،واللہ وہ نہ شعر ہے نہ جادو اور نہ ہی کہانت ہے اے جماعت قریش! میری بات مانو اور میری رائے سے اتفاق کر و تم اس شخص کو اپنے حال پر چھوڑ دو، اللہ کی قسم! میں نے اس سے جو کلام سنا ہے وہ ایک عظیم مستقبل کا حامل ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ کلام کچھ رنگ لا کر رہے گا، پس اگر عرب نے از خود اس کی تائید کر دی تو ان کا یہ طرز تمہیں ممکنہ تہمت سے باز رکھنے کا سبب بن جائے گا اور اگر یہ شخص عرب پر غالب آ گیا تو اس کا ملک تمہارا اپنا ہی ملک ہو گا اس کی عزت تمہاری اپنی عزت ہو گی اور تم اس کی وجہ سے اقوام عالم میں بہت سر بلند، صاحب نصیب اور خوش بخت رہو گے، اس کی باتیں سنکر سب نے کہا واللہ اے ابو ولید! اس شخص نے اپنی لسانی سے تم پر جادو کر دیا ہے، ابو ولید نے کہا میری اس کے بارے میں یہی رائے ہے، اب تم جو چاہو سو کرو۔[1]

وَقَرَأَ السُّورَةَ إِلَى قَوْلِهِ: {فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنْذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ} فَأَمْسَكْتُ بِفِيهِ، وَنَاشَدْتُهُ بِالرَّحِمِ أَنْ يَكُفَّ، وَقَدْ عَلِمْتُمْ أَنَّ مُحَمَّدًا إِذَا قَالَ شَيْئًا لَمْ يَكْذِبْ، فَخَشِيتُ أَنْ يَنْزِلَ بِكُمُ الْعَذَابُ .

بعض روایات میں ہے کہ جب نبی ﷺ تلاوت فرماتے ہوئے آیت ’’اب اگر یہ لوگ منہ موڑتے ہیں تو ان سے کہہ دو کہ میں تمہیں عاد و ثمود کے عذاب جیسے ایک اچانک ٹوٹ پڑنے والے عذاب سے ڈراتا ہوں۔‘‘ پر پہنچے تو عتبہ بن ربیعہ نے بے اختیار آپ ﷺ کے منہ مبارک پر ہاتھ رکھ دیا اور کہا اللہ کے لئے اپنی قوم پر رحم کرو، بعد میں اس نے سرداران قریش کے سامنے اپنے اس فعل کی وجہ یہ بیان کی کہ آپ جانتے ہیں محمد کی زبان سے جو بات نکلتی ہے پوری ہو کر رہتی ہے اس لئے میں ڈر گیا کہ کہیں ہم پر عذاب نازل نہ ہو جائے۔[2]

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب کا قبول اسلام

عام طور پر سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے ایمان لانے کا قصہ یوں بیان کیا جاتا ہے جب رسول اللہ ﷺ کو مبعوث کیا گیا اس وقت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کا ستائیسواں سال تھا، رسول اللہ ﷺ نے جب لوگوں کو اسلام کی دعوت دی تو سعید رضی اللہ عنہ بن زید بن نفیل اولین سابقین میں شامل ہوئے، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی حقیقی بہن فاطمہ رضی اللہ عنہا جو سعید بن زید بن نفیل کی اہلیہ تھیں بھی اپنے شوہر کے ساتھ ایمان لانے والوں میں شامل ہو گئیں، اسی خاندان کا ایک اور معزز شخص ابو نعیم بن عبداللہ بھی اس دولت سے فیض یاب ہو چکا تھا لیکن سیدنا عمر رضی اللہ عنہ ابھی تک اسلام سے کوسوں دور تھے، ان کے کانوں میں جب توحید کی صدا پہنچی تو سخت غصہ ہوئے اور ان کے قبیلہ میں جو لوگ ایمان لا چکے تھے ان کی جان کے دشمن ہو گئے اور جس جس پر بس چلتا تھا اسے زدوکوب سے دریغ نہیں کرتے تھے۔

وجارية بني المؤمل بن حبيب بن تميم بن عبد الله بن قرظ بن رازح ابن عديّ، ويقال لها لبيبة، أسلمت قبل إسلام عمر بن الخطاب رضى الله تبارك وتعالى عنه كان عمر يعذبها حتى تفتر، فيدعها ثم يقول: أما أنى أعتذر إليك، ما أدعوك الا مسلمة ، فتقول: كذلك يعذبك الله إن لم تسلم

اور بنی المومل بن حبیب بن تمیم بن عبداللہ بن قرظ بن رازح ابن عدی کی ایک کنیز جس کا نام لبیبہ تھا نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب سے قبل

[1] ابن ہشام ۲۹۴،۲۹۳/۱، الروض الانف ۶۰/۳،عیون الآثر ۱۲۴/۱

[2] تفسیرابن کثیر ۱۶۱/۷ ،البداية والنهاية ۸۰/۳، السيرة النبوية لابن كثير ۵۰۳/۱

اسلام قبول کرلیا تھا سیدنا عمر اس کو بے تحاشا مارتے یہاں تک کہ مارتے مارتے تھک جاتے تو اسے کہتے کہ میں ذرا دم لے لوں پھر تمہیں مارتا ہوں یہاں تک کہ تو میری بات کو تسلیم کرلے، وہ کہتی اگر تم نے اسلام قبول نہ کیا تو بیشک اللہ تمہیں عذاب دے گا۔[1]

هي زنيرة الروميّة، كانت من السابقات في الإسلام فعذبها المشركون على إسلامها فاحتملت عذابهم بصبر ورباطة جأش ولم تصبأ عن دينها ثم اشتراها أبو بكر الصديق فأعتقها

اور زنیرہ رومی تھیں جو اسلام قبول کرنے میں سبقت رکھتی تھیں، اسلام قبول کرنے کے جرم میں مشرکین ان پر ظلم وستم کرتے یہاں تک کہ ان کی بنیائی کو نقصان پہنچا مگر انہوں نے دین کو نہیں چھوڑا، پھر سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے انہیں خرید کر آزاد کر دیا۔

[2]زنّيرة الرومية أمة عمر بن الخطاب، أسلمت قبله، فكان يضربها حتى يفتر ويشاركه في ضربها أبو جهل، فلا يزيدها ذلك إلا إصرارا على الإسلام، ولما أسلمت أصيب بصرها فقالت قريش: ما أذهب بصرها إلا اللات والعزّى، فقالت: كذبوا وبيت الله ما تضر اللات والعزى، وما تنفعان، ولكن هذا أمر من السماء، وربي قادر على أن يرد عليّ بصري، فرد الله بصرها فقالت قريش: هذا من سحر محمد

ایک روایت یوں بھی ہے یہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی ایک لونڈی زنیرہ تھیں جو سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب سے پہلے اسلام قبول کر چکی تھیں، اسلام قبول کرنے کے جرم میں سیدنا عمر رضی اللہ عنہ انہیں اس قدر مارتے کہ تھک جاتے، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی والدہ حنتمہ بنت ہشام قبیلہ مخزوم سے تعلق رکھتی تھیں اس رشتہ سے ابوجہل سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کا ماموں ہوتا تھا وہ بھی ان پر ظلم وستم ڈھاتا تھا مگر ان مظالم کے باوجود وہ اپنے اسلام پر قائم رہیں لیکن انہیں مظالم میں زنیرہ کی بینائی جاتی رہی، اس پر مشرکین کہنے لگے لات ومنات نے اسے اندھا کر دیا ہے، اس پر زنیرہ نے جواب دیا لات ومنات وعزیٰ کو جن کی تم پرستش کرتے ہو لکڑی پتھر کے چند بے جان ٹکڑے ہیں جو نہ نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ نقصان یہ تو محض اللہ کی طرف سے ہے اللہ اگر چاہے تو میری بینائی واپس لوٹا سکتا تھا، اللہ کی قدرت کہ اسی شب کی صبح جب وہ بیدار ہوئیں تو ان کی بینائی واپس آچکی تھی، مشرکین مکہ نے کہا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے جادو کر دیا ہے۔[3]

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ ظالم ہرگز نہ تھے، وہ ایک بہادر انسان تھے اور کسی بہادر شخص سے اس طرح کی سنگ دلی منسوب کرنا محض حماقت ہی ہے، علاوہ ازیں ایمان لانے والوں کی فہرست دیکھ لیں بنو موئل بن حبیب کی لبیبہ نامی کوئی کنیز جو ایمان لائی ہو آپ کو نہیں ملے گی، اسی طرح زنیرہ بھی آپ کو کہیں نہیں ملے گی اور اگر وہ تھیں بھی تو آخر وہ کہاں گم ہو گئیں۔

ابوجہل اور دوسرے سرداران مکہ زنیرہ کے قدموں کو ڈگمگانے کے لئے کہا کرتے تھے کہ اگر اسلام میں کوئی بھلائی ہوتی تو زنیرہ یا دوسرے کم عقل لوگوں سے قبل ہم جیسے دانشمند لوگ اسلام قبول کر چکے ہوتے۔

فاشتراها أبو بكر فأعتقها

[1] امتاع الاسماع ۹/۱۱۲
[2] امتاع الاسماع ۹/۱۱۲
[3] السيرة النبوية على ضوء القرآن والسنة ۱/۳۴۴

سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے خرید کر آزاد کر دیا۔ (۱)

لیکن اسلام کا نشہ ایسا تھا کہ جس پر چڑھ جاتا تھا پھر لاکھ کوششوں سے بھی اترتا نہیں تھا اس لئے تمام تر سختیوں کے باوجود وہ کسی ایک شخص کو بھی اسلام سے بد دل نہ کر سکے

فخرج عُمَر بْن الْخَطَّابِ ذات يَوْم متوشحا بالسيف، يريد رَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ورهطا من أصحابه ذكروا لَهُ،فَلَقِيَهُ نُعَيْمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، فَقَالَ لَهُ: أَيْنَ تُرِيدُ يَا عُمَرُ؟ فَقَالَ: أُرِيدُ مُحَمَّدًا هَذَا الصَّابِئَ، الَّذِي فَرَّقَ أَمْرَ قُرَيْشٍ، وَسَفَّهُ أَحْلَامَهَا، وَعَابَ دِينَهَا، وَسَبَّ آلِهَتَهَا، وذم من مضى من آبائها،فَأَقْتُلَهُ فيرجع الأمر إِلَى مَا كَانَ عَلَيْهِ، أيظن مُحَمَّد أن قريشا تنقاد لَهُ؟ كلا واللات والعزى، فَقَالَ لَهُ نُعَيْمٌ: وَاللَّهِ لَقَدْ غَرَّتْكَ نَفْسُكَ مِنْ نَفْسِكَ يَا عُمَرُ، أَتَرَى بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ تَارِكِيكَ تَمْشِي عَلَى الْأَرْضِ وَقَدْ قَتَلْتَ مُحَمَّدًا!لا أعلم رجلا جاء قومه بمثل مَا جئت بِهِ

آخر مجبور ہو کر کمر سے تلوار لگا کر نعوذ باللہ رسول اللہ صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اور ان کے ساتھیوں کو قتل کرنے کے ارادے سے رسول اللہ کی طرف نکلے،اتفاقاً راہ میں ان کے خاندان سے ایک معزز شخص نعیم رضی اللہ عنہ بن عبداللہ مل گئے،سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے تیور دیکھے تو ان سے پوچھا اے عمر رضی اللہ عنہ! خیر تو ہے کہاں کا ارادہ ہے؟سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا میں آج محمد صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا قصہ ہی تمام کرنے جارہا ہوں جس نے قریشیوں کے مابین تفریق ڈالی،ان کے بزرگوں کو برا بھلا کہا،ان کے دین کی عیب جوئی،سب وشتم، آباءواجداد کے معبودوں کی مذمت کرتا ہے لات وعزیٰ کی قسم آج قریش محمد صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو میرے ہاتھوں سے نہیں بچا سکتے،نعیم رضی اللہ عنہ نے کہا اے عمر !اللہ کی قسم! تیرے نفس نے تجھ کو فریب دیا ہے کیا تو یہ خیال کرتا ہے کہ محمد صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو قتل کر کے بنی عبد مناف تجھے زمین پر چلنے پھرنے دیں گے میں نہیں جانتا کہ محمد صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم جس طرح کی خیر وبرکت اپنی قوم کے پاس لائے ہیں کوئی اور شخص لایا ہو

فَقَالَ عمر: إن مَعَ عدي غيرها من قُرَيْش، وأراك تتكلم عَنْهُ وَمَا أظنك إلا قد تبعته، فسكت نعيم وَقَالَ ارجع إِلَى بَيْتِكَ فأقم أمره، فَقَالَ: وَأَيُّ أَهْلِ بَيْتِي اتبع محمدا؟ قَالَ: فاطمة أختك، وختنك سَعِيد بْن زَيْد قدوَاللَّهِ أَسْلَمَا فَقَالَ عمر: أراك وَاللَّه صادقاقَالَ: فدخل عمر عَلَى أخته وزوجها وعندهما خباب، ومعه صحيفة فِيهَا سورة طه وَهُوَ يقرئهما إياها ،فلما سمعوا حسه تغيب خباب فِي مخدع لهم فِي البيت، فَلَمَّا دَخَلَ قَالَ: مَا هَذِهِ الْهَيْنَمَةُ الَّتِي سَمِعْتُ؟ قَالَا لَهُ: مَا سَمِعْتَ شَيْئًا، قَالَ: بَلَى وَاللَّهِ، لَقَدْ أُخْبِرْتُ أَنَّكُمَا تَابَعْتُمَا مُحَمَّدًا عَلَى دِينِهِ، وَبَطَشَ بِخَتَنِهِ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، فَقَامَتْ إِلَيْهِ أُخْتُهُ فَاطِمَةُ بِنْتُ الْخَطَّابِ لَتَكُفَّهُ عَنْ زَوْجِهَا، فَضَرَبَهَا فَشَجَّهَا

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے قریش کی کچھ پرواہ نہیں بنی عدی میرے ساتھ ہیں اور میں خیال کرتا ہوں کہ تو بھی اسلام قبول کر چکا ہے،سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کا جواب سن کر نعیم خاموش ہو گئے اور انہوں نے کہا پہلے اپنے گھر کی خبر لو اور کہا تمہارے تو اپنے گھر والے محمد صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی اطاعت قبول کر چکے ہیں،اللہ کی قسم! تمہاری بہن فاطمہ اور تمہارے بہنوئی سعید اسلام میں داخل ہو چکے ہیں، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے کہا واللہ! میں

(۱) شرح الزرقاني على المواهب ۵۰۲/۱

اس خبر کی تصدیق کروں گا، یہ سن کر سیدنا عمر رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف جانے کے بجائے پلٹ کر اپنی بہن و بہنوئی کے ہاں جا پہنچے جہاں رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے جو انہیں ایک ورق پر لکھی ہوئی سورۂ طہٰ پڑھا رہے تھے، جب انہوں نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی آہٹ سنی تو ایک کوٹھری میں چھپ گئے

وَأَخَذَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ الْخَطَّابِ الصَّحِيفَةَ فَجَعَلَتْهَا تَحْتَ فَخِذِهَا

اور فاطمہ بنت خطاب رضی اللہ عنہا نے اس کاغذ کو اپنی ران کے نیچے چھپالیا،

لیکن قرآن پڑھنے کی آواز ان کے کانوں میں پڑ چکی تھی اپنی بہن سے پوچھا یہ کیسی آواز تھی جو میں نے سنی ہے؟ بہن اور بہنوئی نے جواب دیا یہاں تو کچھ ذکر نہیں جس کی تم نے آواز سنی ہو گی، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے کہا واللہ! میں یہ سن چکا ہوں کہ تم دونوں ہمارے دین سے پھر چکے ہو اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کے پیروکار بن گئے ہو، یہ کہہ کر غصہ سے اپنے بہنوئی سعید رضی اللہ عنہ بن زید سے دست و گریباں ہو گئے، ان کی بہن اپنے خاوند کو بچانے کے لئے آگے بڑھیں تو ان کی بھی خوب خبر لی اور مار مار کر انہیں لہولہان کر دیا،

فَلَمَّا فَعَلَ ذَلِكَ قَالَتْ لَهُ أُخْتُهُ وَخَتَنُهُ: نَعَمْ قَدْ أَسْلَمْنَا وَآمَنَّا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ، فَاصْنَعْ مَا بَدَا لَكَ، فَلَمَّا رَأَى عُمَرُ مَا بِأُخْتِهِ مِنْ الدَّمِ نَدِمَ عَلَى مَا صَنَعَ، فَارْعَوى ، وَقَالَ لِأُخْتِهِ: أَعْطِينِي هَذِهِ الصَّحِيفَةَ الَّتِي سَمِعْتُكُمْ تَقْرَءُونَ آنِفًا أَنْظُرْ مَا هَذَا الَّذِي جَاءَ بِهِ مُحَمَّدٌ، وَكَانَ عُمَرُ كَاتِبًا فَقَالَتْ: لا أفعل حَتَّى تغتسل فإنه كتاب لَا يَمَسُّهَا إِلَّا الطَّاهِرُ فَاغْتَسَلَ عُمَر، ثُمَّ فَأَعْطَتْهُ الصَّحِيفَةَ وَفِيهَا :طَه، فَلَمَّا قَرَاءِ صدرا مِنْهَا قَالَ: مَا أَحْسَنَ هَذَا الْكَلَامَ وَأَكْرَمَهُ!فلما سمع خباب قوله طمع فِيهِ فخرج وقرأ عَلَيْهِ السورة، وَقَالَ:وَاَللَّهِ إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَكُونَ اللَّهُ قَدْ خَصَّكَ بِدَعْوَةِ نَبِيِّهُ فَإِنِّي سَمِعْتُهُ أَمْسِ وَهُوَ يَقُولُ: اللَّهمّ أَيِّدْ الْإِسْلَامَ بِأَبِي الْحَكَمِ بْنِ هِشَامٍ، أَوْ بِعُمَرِ بْنِ الْخَطَّابِ فاللَّه اللَّهَ يَا عُمَرُ

لیکن اسلام کی محبت ان چند زخموں سے بالاتر تھی جب یہ سب ہو چکا تو فاطمہ رضی اللہ عنہا اپنے بھائی سے بولیں اے عمر! ہاں، اللہ کی قسم! ہم نے اسلام قبول کر لیا ہے اور اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لے آئے ہیں اب جو تم کر سکتے ہو کر گزرو لیکن اب ہم اسلام کو اپنے دلوں سے نکال نہیں سکتے، جب سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی بہن کے سر میں سے خون بہتا ہوا دیکھا تو بہت شرمندہ ہوئے، درد بھرے دل سے نکلے ہوئے یہ الفاظ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ پر بہت اثر انداز ہوئے، اپنی بہن کی طرف جن کے جسم سے خون جاری تھا محبت سے دیکھا اور رقت طاری ہوئی فرمایا لاؤ یہ کاغذ مجھ کو تو دو میں دیکھوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر کیا نازل ہوا ہے؟ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ پڑھے لکھے تھے، فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا تم اسے چھو نہیں سکتے جب تک کہ غسل کر کے پاک نہ ہو جاؤ اس کتاب کو صرف پاک لوگ ہی چھو سکتے ہیں، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے غسل کیا تو فاطمہ رضی اللہ عنہا نے چھپائے ہوئے قرآن کے اجزا سامنے لا کر رکھ دیئے، اٹھا کر دیکھا تو سورۂ طہٰ کی آیات تھیں، جب سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے وہ سورۂ پڑھی تو اس کلام نے دل پر اثر کیا تو کہا یہ کلام کیسا اچھا اور کیسا بزرگ کلام ہے، جب خباب رضی اللہ عنہ نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کا یہ کلام سنا تو کوٹھری سے باہر نکل آئے اور کہا اے عمر رضی اللہ عنہ! واللہ! میں امید کرتا ہوں کہ تمہیں اللہ نے اپنے رسول کی دعا کے ساتھ مخصوص کیا ہے کیونکہ کل میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا آپ دعا فرما رہے تھے کہ اے اللہ! ابو حکم بن ہشام (فرعون امت ابو جہل) یا عمر بن خطاب کے ذریعے اسلام کی تائید فرما پس اے

عمر رضی اللہ عنہ! اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس دعا کے ساتھ مخصوص کیا ہے،

قَالَ عمر: فدلني على محمد حتى آتيه فأسلم، فدله عَلَيْهِ، فخرج حَتَّى انتهى إِلَى دار الأرقم المخزومي فَضَرَبَ عَلَيْهِمْ الْبَابَ، فلما سمعوا صوته قَالَ الأرقم :يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مُتَوَشِّحًا السَّيْفَ، فَقَالَ حمزة بْن عَبْدِ الْمُطَّلِبِ: إن كَانَ يُرِيدُ خَيْرًا بَذَلْنَاهُ لَهُ، وَإِنْ كَانَ يريد سوى ذَلِكَ قَتَلْنَاهُ بِسَيْفِهِ، فَأْذَنْ لَهُ، فدخل ونهض إِلَيْه رَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى لَقِيَهُ فِي الْحُجْرَةِ فَأَخَذَ مُجْزَتَهُ ، أَوْ بِمَجْمَعِ رِدَائِهِ، ثُمَّ جَبَذَهُ (بِهِ) جَبْذَةً شَدِيدَة، وَقَالَ:وَاللَّه مَا أراك تَنْتَهِيَ أَوْيُنْزِلَ اللَّهُ بِكَ قَارِعَةً، فَقَالَ: جِئْتُكَ لِأُومِنَ باللَّه وَبِرَسُولِهِ، وَبِمَا جَاءَ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ، فقد سمعت قولا لم أسمع مثله قط، فكبر رَسُول اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تكبيرة عرف أهل البيت بها أنه قد أسلم

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے بتلاؤ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت کہاں ہیں تا کہ میں حاضر ہو کر اسلام قبول کرلوں، وہ انہیں ساتھ لے کر روانہ ہوئے یہاں تک کہ کوہ صفا کی تلی میں دار ارقم مخزومی رضی اللہ عنہ کے مکان پر پہنچ گئے اور ایسی شمشیر بکف حالت میں وہاں پہنچ کر دروازے پر دستک دی، جب ارقم رضی اللہ عنہ نے دستک کی آواسنی تو جھانک کر سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کو اس حالت میں دیکھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! سیدنا عمر رضی اللہ عنہ! شمشیر بکف دروازے پر کھڑے ہیں، حمزہ رضی اللہ عنہ جو تین دن قبل ایمان لا چکے تھے اس وقت وہاں موجود تھے انہوں نے کہا اسے اندر آنے دو مخلصانہ طور پر آیا ہے تو بہتر ہے اور اگر کسی برے ارادے سے آئے ہیں تو ان کی تلوار سے ان کا سر قلم کر دوں گا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کا اندر انے کی اجازت دو، چنانچہ دروازہ کھول دیا گیا اور عمر رضی اللہ عنہ نے گھر کے اندر قدم رکھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود آگے بڑھے اور سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی چادر کو پکڑ کر زور سے کھینچا اور کہا اے ابن خطاب! کس ارادہ سے آیا ہے؟ واللہ! تو باز نہ رہے گا جب تک کہ اللہ تیرے اوپر کوئی سخت آفت نہ نازل فرمائے، نبوت کی پر جلال آواز نے عمر رضی اللہ عنہ کو کپکپا دیا نہایت خضوع کے ساتھ عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میں اس لیے حاضر ہوا ہوں کہ اللہ اور اس کے رسول اور اس پر جو نازل ہوا ہے اس پر ایمان لے آؤں، یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز سے اللہ اکبر کہا اس طرح کہ گھر کے تمام افراد نے سنی اور سمجھ گئے کہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کرلیا ہے۔

قَالَ: فَكَبَّرَ أَهْلُ الدَّارِ تَكْبِيرَةً سَمِعَهَا أَهْلُ الْمَسْجِدِ

ایک روایت میں ہے اور ساتھ ہی تمام صحابہ کرام نے بھی مل کر اس زور سے اللہ اکبر کا نعرہ مارا کہ مسجد بیت الحرام تک آواز سنی گئی۔ [1]

فَتَفَرَّقَ اَصْحَابُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَانِهِمْ ذَلِكَ، وعزوا بإسلام حَمْزَةَ، وعُمَر،وعلموا أَنَّهُمَا سَيَمْنَعَانِ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَنْتَصِفُونَ لَهُ مِنْ عدوه

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ جگہ جگہ پھیل گئے اور ان کو سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام سے بہت زیادہ تقویت حاصل ہوئی جیسی کہ سید الشہداء حمزہ رضی اللہ عنہ کے اسلام سے حاصل ہوئی تھی اور سب صحابہ رضی اللہ عنہ نے سمجھ لیا کہ اب یہ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دشمنوں سے حفاظت کریں

---

[1] دلائل النبوة لابی نعیم ۲۴۱/۱

گے۔[1]

ایسی ہی ایک دوسری روایت ہے جس میں سورہ طہ کے بجائے سورۃ الحدید کی ابتدائی آیات کا ذکر ہے

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ حَتّٰى بَلَغَتْ: آمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ۔۔[2]

ترجمہ: آسمانوں اور زمینوں میں جتنی بھی اشیاء ہیں سب اللہ کی تسبیح کرتی ہیں اور وہ غالب وحکیم ہے۔ ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول پر۔[3]

مکہ مکرمہ میں لوگ لکھنا پڑھنا جانتے ہی نہ تھے تو پھر یہ لکھا ہوا قرآن ان کے پاس کہاں سے آ گیا اور کیا خباب بن الارت رضی اللہ عنہ جو ام انمار کے غلام تھے پڑھنا جانتے تھے۔

عرب کے قبائلی معاشرے میں کسی انسان کو قتل کرنا معمولی کام نہیں تھا اور یہاں معاملہ بنو ہاشم اور بنو عبد المطلب کا تھا، کیا سیدنا عمر رضی اللہ عنہ اور ان کا قبیلہ اتنا طاقتور تھا کہ وہ بنو ہاشم اور بنو عبد المطلب کے سامنے کھڑا ہو سکتا تھا حالانکہ جب قریش نے تیرہ بعثت نبوی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دار الندوۃ میں بحث وتمحیص کے بعد قتل کرنے کا ارادہ کیا تو اس مقصد کے لیے تمام قبائل سے ایک ایک نوجوان کا انتخاب کیا گیا تا کہ وہ رات کی تاریکی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر سکیں تا کہ بنو ہاشم کسی سے انتقام نہ لے سکیں اور فدیہ پر معاملہ ٹل جائے۔

اس روایت کے ضعیف ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ چھ بعثت نبوی میں سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے ایمان لانے کا واقعہ بیان کیا جا رہا ہے جبکہ سورہ الحدید پندرہ سال بعد فتح مکہ کے بعد مدینہ منورہ میں نازل ہوئی تھی۔

ان دونوں روایات کے مشترک راوی اسحاق بن یوسف، قاسم بن عثمان، اسحاق بن ابراہیم الحنینی اور اسامہ بن زید بن اسلم ہیں اور سب کے سب پایہ اعتبار سے ساقط ہیں۔

خَرَجَ عُمَرُ مُتَقَلِّدًا السَّيْفَ فَلَقِيَهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِي زُهْرَةَ فَقَالَ: أَيْنَ تَعْمَدُ يَا عُمَرُ؟ قَالَ: أُرِيدُ أَنْ أَقْتُلَ مُحَمَّدًا، قَالَ: وَكَيْفَ تَأْمَنُ بَنِي هَاشِمٍ وَبَنِي زُهْرَةَ إِذَا فَعَلْتَ ذَلِكَ؟ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: مَا أَرَاكَ إِلا قَدْ صَبَوْتَ. فَقَالَ لَهُ: أَفَلا أَدُلُّكَ عَلَى أُخْتِكَ وَخَتَنِكَ فَقَدْ صَبَآ وَتَرَكَا دِينَكَ الَّذِي أَنْتَ عَلَيْهِ، فَمَشَى عمر متذمرا حتى أتاهما وَعِنْدَهُمَا خَبَّابُ بْنُ الأَرَتِّ، فَلَمَّا سَمِعَ خَبَّابٌ حِسَّ عُمَرَ تَوَارَى فِي الْبَيْتِ

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے سیدنا عمر ننگی تلوار لے کر نکلے راستے میں بنی زہرہ کا ایک شخص آپ کو ملا اور کہا اے عمر! کہاں کا ارادہ ہے؟ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو قتل کرنے کے لیے جا رہا ہوں، اس شخص نے کہا اگر تم نے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو قتل کر دیا تو کیا بنو ہاشم اور بنو زہرہ تجھے زندہ چھوڑ دیں گے، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے کہا میرا خیال ہے تم بھی صابی ہو گئے ہو، اس شخص نے کہا کیا تمہیں معلوم ہے کہ تمہاری بہن اور تمہارے بہنوئی بھی صابی ہو گئے ہیں اور انہوں نے اس دین ترک کر دیا ہے جس پر تم ہو، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ اسی حالت میں اپنی بہن کے گھر پہنچے اور اندر خباب رضی اللہ عنہ بن الارت بھی موجود تھے جب انہوں نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے قدموں کی آہٹ سنی

[1] ابن ہشام ۳۴۶؍۱، الروض الانف ۱۶۳؍۳، انساب الاشراف للبلاذری ۲۸۶؍۱۰

[2] ۔الحدید ۱تا۷

[3] دلائل النبوۃ للبیہقی ۲۱۶؍۲

تو گھر کے اندر چھپ گئے۔

فَدَخَلَ عَلَيْهِمَا فَقَالَ: مَا هَذِهِ الْهَيْنَمَةُ الَّتِي سَمِعْتُهَا عِنْدَكُمْ؟ قَالَ: وَكَانُوا يَقْرَأُونَ:طه، فَقَالا: حَدِيثٌ تَحَدَّثْنَاهُ بَيْنَنَا، فَقَالَ: لَعَلَّكُمَا قَدْ صَبَأْتُمَا؟فَقَالَ خَتَنُهُ:أَرَأَيْتَ يَا عُمَرُ إِنْ كَانَ الْحَقُّ فِي غَيْرِ دِينِكَ،قَالَ: فَوَثَبَ عَلَيْهِ عُمَرُ فَوَطِئَهُ وَطْئًا شَدِيدًا فَجَاءَتْ أُخْتُهُ فَدَفَعَتْهُ عَنْ زَوْجِهَا فَنَفَحَهَا نَفْحَةً بِيَدِهِ فَدَمَى وَجْهُهَا، فَقَالَتْ وَهِيَ غَضْبَى: يَا عُمَرُ إِنَّ الْحَقَّ لَفِي غَيْرِ دِينِكَ، أَشْهَدُ أَنْ لا إِلَهَ إِلا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، أَشْهَدُ أَنْ لا إِلَهَ إِلا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ اندر داخل ہوئے اور بہن سے پوچھا تم کیا پڑھ رہے تھے جس کی آواز میں نے اندر سے سنی ہے،اور وہ سورۃ طہ پڑھ رہی تھیں، بہن نے جواب دیا ہم تو آپس میں باتیں کر رہے تھے، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے معلوم ہو گیا ہے کہ تم دونوں صابی ہو گئے ہو؟ ان کے بہنوئی نے کہا اے عمر تمہارا کیا خیال ہے کہ صرف تمہارا ہی دین برحق ہے، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے بہنوئی کو پکڑ لیا اور انہیں خوب زدوکوب کیا فاطمہ رضی اللہ عنہا اپنے خاوند کو چھڑانے کے لیے کھڑی ہوئی تو سیدنا عمر رضی اللہ عنہ اپنی بہن کے چہرے پر اس زور سے طمانچہ مارا بھی کہ ان کے چہرے سے خون بہنے لگا، بہن نے کہا اے عمر رضی اللہ عنہ! تم چاہے کچھ کر لو مگر ہم اس دین حق کو چھوڑ کر دوسرا دین اختیار نہیں کریں گے،اور کلمہ شہادت اشھد ان لاالٰہ الااللہ وان محمد رسول اللہ پڑھا،

فَقَالَ: أَعْطُونِي هَذَا الْكِتَابَ الَّذِي عِنْدَكُمْ أَقْرَأْهُ، وَكَانَ عُمَرُ يَقْرَأُ الْكُتُبَ، فَقَالَتْ أُخْتُهُ: إِنَّكَ نَجِسٌ، وَإِنَّهُ (لا يمسه إلا المطهرون) فَقُمْ فَاغْتَسِلْ، أَوْ تَوَضَّأْ فَقَامَ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ أَخَذَ الْكِتَابَ فَقَرَأَ:طه،حَتَّى انْتَهَى إِلَى قوله: إني أَنَا اللَّهُ لا إِلَهَ إِلا أَنَا فَاعْبُدْنِي وأقم الصلاة لذكري، فَقَالَ: دُلُّونِي عَلَى مُحَمَّدٍ فَلَمَّا سَمِعَ خَبَّابٌ قَوْلَ عُمَرَ خَرَجَ مِنَ الْبَيْتِ فَقَالَ: أَبْشِرْ يا عمر فَإِنِّي أَرْجُو أَنْ تَكُونَ دَعْوَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْخَمِيسِ لَكَ، فَإِنَّهُ قَالَ:اللَّهُمَّ أَعِزَّ الدِّينَ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، أَوْ بِعَمْرِو بْنِ هِشَامٍ

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے کہا جس کتاب کو تم پڑھ رہے تھے مجھے وہ دکھلاؤ،اور سیدنا عمر لکھنا پڑھنا جانتے تھے،ان کی بہن فاطمہ بولیں تم ناپاک ہو اور اس کتاب کو سوائے پاک لوگوں کے کوئی نہیں چھو سکتا اس لئے اٹھو پہلے غسل کرو یا وضو کر کے پاک ہو جاؤ، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور وضو کیا پھر کتاب لے کر سورۃ طہ پڑھی جب آیت إني أَنَا اللَّهُ لا إِلَهَ إِلا أَنَا فَاعْبُدْنِي وأقم الصلاة لذكري پر پہنچے تو کہا مجھے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے چلو، جب خباب رضی اللہ عنہ نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی یہ بات سنی تو گھر کے اندر سے باہر نکلے اور کہا اے عمر رضی اللہ عنہ! خوشخبری قبول کرو کیونکہ کل میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دعا کرتے ہوئے سنا ہے اے اللہ! عمر بن خطاب یا عمرو بن ہشام (ابوجہل) سے اسلام کو طاقت وعزت عطا فرما،

قَالَ: وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الدَّارِ الَّتِي فِي أَصْلِ الصَّفَا فَانْطَلَقَ عُمَرُ حَتَّى أَتَى الدَّارَ وَعَلَى بَابِهَا حَمْزَةُ، وَطَلْحَةُ وَنَاسٌ من أصحاب النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَأَوْهُ وَجِلُوا مِنْهُ، فَقَالَ حَمْزَةُ: هَذَا عُمَرُ فَإِنْ يُرِدِ اللَّهُ بِهِ خَيْرًا يُسْلِمْ، وَإِنْ يَكُنْ غَيْرُ ذَلِكَ يَكُنْ قَتْلُهُ عَلَيْنَا هَيِّنًا، قَالَ: وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَئِذٍ دَاخِلٌ يُوحَى

إِلَيْهِ فَخَرَجَ حَتَّى أَتَى عُمَرَ فَأَخَذَ بِمَجَامِعِ ثَوْبِهِ وَحَمَائِلِ سَيْفِهِ، وَقَالَ: مَا أَرَاكَ يَا عُمَرُ مُنْتَهِيًا حَتَّى يُنْزِلَ بِكَ مِنَ الْخِزْيِ وَالنَّكَالِ كَمَا نَزَلَ بِالْوَلِيدِ اللَّهُمَّ هَذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَأَعِزَّ بِهِ الدِّينَ، فَقَالَ عُمَرُ:أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُولُ اللَّهِ. وَأَسْلَمَ،ثُمَّ قَالَ: أَخْرُجُ يَا رَسُولَ اللَّهِ

کہتے ہیں اس وقت رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کوہ صفا کی تلی میں ایک گھر میں تشریف رکھتے تھے، سیدنا عمر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وہاں سے روانہ ہوئے اور اس گھر تک پہنچ گئے، اس گھر میں اس وقت سید الشہدا حمزہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ، طلحہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اور دوسرے بہت سے اصحاب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے، جب ان لوگوں نے سیدنا عمر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کو دیکھا تو حمزہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ نے کہا اگر سیدنا عمر خیر کے ارادے سے آئے ہیں تو بہتر ہے اور اگر کسی ارادہ بد سے آئے ہیں تو اسی کی تلوار سے اس کو قتل کر دوں گا، اسی اثنا میں نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر وحی نازل ہوئی اور سیدنا عمر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اندر داخل ہوئے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ان کی قمیص کا دامن پکڑ کر فرمایا اے عمر! کس ارادے سے آئے ہو کیا اس وقت ایمان لاؤ گے جب اللہ کا عذاب تم پر نازل ہو جائے جیسے ولید پر نازل ہوا ہے، پھر دعا فرمائی اے اللہ! سیدنا عمر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے دین کو طاقت اور عزت عطا فرما، سیدنا عمر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ بولے میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں اور اسلام قبول کر لیا پھر عرض کیا اے اللہ کے رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! باہر نکلیں۔ [1]

سیدنا عمر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کے اسلام لانے کی ایک روایت اس طرح ہے

أَنَّ إِسْلَامَ عُمَرَ فِيمَا تَحَدَّثُوا بِهِ عَنْهُ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ:كُنْتُ لِلْإِسْلَامِ مُبَاعِدًا، وَكُنْتُ صَاحِبَ خَمْرٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، أُحِبُّهَا وَأُسَرُّ بِهَا، وَكَانَ لَنَا مَجْلِسٌ يَجْتَمِعُ فِيهِ رِجَالٌ مِنْ قُرَيْشٍ بِالْحَزْوَرَةِ ، عِنْدَ دُورَ آلِ عُمَرَابْنِ عَبْدِ بْنِ عِمْرَانَ الْمَخْزُومِيِّ،قَالَ: فَخَرَجْتُ لَيْلَةً أُرِيدُ جُلَسَائِي أُولَئِكَ فِي مَجْلِسِهِمْ ذَلِكَ، قَالَ: فَجِئْتُهمْ فَلَمْ أَجِدْ فِيهِ مِنْهُمْ أَحَدًا، قَالَ: فَقُلْتُ: لَوْ أَنِّي جِئْتُ فُلَانًا الْخَمَّارَ، وَكَانَ بِمَكَّةَ يَبِيعُ الْخَمْرَ، لَعَلِّي أَجِدُ عِنْدَهُ خَمْرًا فَأَشْرَبَ مِنْهَاقَالَ: فَخَرَجْتُ فَجِئْتُهُ فَلَمْ أَجِدْهُ

سیدنا عمر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ خود فرماتے ہیں کہ میں زمانہ جاہلیت میں اسلام کا سخت دشمن تھا اور شراب کا شغل بھی کثرت کے ساتھ کرتا تھا اور ہم چند شرابیوں نے ایک مکان میں اپنی نشست مقرر کر رکھی تھی جس میں جمع ہو کر شراب کا شغل کیا کرتے تھے اور یہ مکان مقام حزورہ میں آل عمر بن عبد بن عمران مخزومی کے گھروں کے پاس تھا، ایک شب میں حسب دستور اس مکان میں گیا مگر وہاں ساتھیوں میں سے کسی کو نہ دیکھا، میں نے خیال کیا کہ فلاں شراب فروش کے پاس چلنا چاہیے وہاں چل کر شراب نوشی کریں گے میں اس کی دوکان پر آیا تو اس کو بھی موجود نہ پایا

قَالَ: فَقُلْتُ: فَلَوْ أَنِّي جِئْتُ الْكَعْبَةَ فَطُفْتُ بِهَا سَبْعًا أَوْ سَبْعِينَ، قَالَ: فَجِئْتُ الْمَسْجِدَ أُرِيدُ أَنْ أَطُوفَ بِالْكَعْبَةِ، فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يُصَلِّي وَكَانَ إِذَا صَلَّى اسْتَقْبَلَ الشَّامَ، وَجَعَلَ الْكَعْبَةَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الشَّامِ، وَكَانَ مُصَلَّاهُ بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ: الرُّكْنِ الْأَسْوَدِ، وَالرُّكْنِ الْيَمَانِيِّ.قَالَ: فَقُلْتُ حِينَ رَأَيْتُهُ، وَاللَّهِ لَوْ أَنِّي اسْتَمَعْتُ لِمُحَمَّدٍ اللَّيْلَةَ حَتَّى أَسْمَعَ مَا يَقُولُ!

---

[1] انساب الاشراف للبلاذری ۲۸۶؍۱۰

تب مجھے خیال آیا کہ جاکر کعبہ کے سات یا ستر طواف کروں، پس میں طواف کی غرض سے کعبہ آیا وہاں رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ نماز پڑھ رہے ہیں اور آپ ﷺ شام کی طرف منہ کر کے رکن اسود اور رکن یمانی کے درمیان میں کعبہ کو اپنے سامنے کر کے نماز پڑھتے تھے، میں نے سوچا کہ آج سنوں کہ محمد! کیا پڑھ رہے ہیں؟

(قَالَ) فَقُلْتُ: لَئِنْ دَنَوْتُ مِنْهُ أَسْتَمِعُ مِنْهُ لَأُرَوِّعَنَّهُ، فَجِئْتُ مِنْ قِبَلِ الْحِجْرِ، فَدَخَلْتُ تَحْتَ ثِيَابِهَا، فَجَعَلْتُ أَمْشِي رُوَيْدًاوَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يُصَلِّي يَقْرَأُ الْقُرْآنَ، حَتَّى قُمْتُ فِي قِبْلَتِهِ مُسْتَقْبِلَهُ، مَا بَيْنِي وَبَيْنَهُ إِلَّا ثِيَابُ الْكَعْبَةِ، قَالَ: فَلَمَّا سَمِعْتُ الْقُرْآنَ رَقَّ لَهُ قَلْبِي، فَبَكَيْتُ وَدَخَلَنِي الْإِسْلَامُ، فَلَمْ أَزَلْ قَائِمًا فِي مَكَانِي ذَلِكَ، حَتَّى قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ، ثُمَّ انْصَرَفَ،

پھر سوچا کہ ان کے پاس جانا تو مناسب نہیں ہو گا اس لیے چھپ کر سنوں تو بہتر ہو گا چنانچہ میں کعبہ کے پردے کے اندر داخل ہو گیا اور تھوڑا تھوڑا کھسکتا ہوا آپ کے سامنے آ گیا یعنی میں آپ ﷺ کے اور کعبہ کے درمیان میں تھا رسول اللہ ﷺ نماز کی حالت میں قرآن کی تلاوت فرما رہے تھے اور میرے اور آپ ﷺ کے درمیان میں صرف غلاف کعبہ تھا، پھر میں نے خوب اچھی طرح قرآن سنا اور میرے دل میں اسلام اثر کر گیا یہاں تک کہ جب رسول اللہ ﷺ فارغ ہو کر چلے میں بھی آپ ﷺ کے پیچھے پیچھے چلا،

وَكَانَ إِذَا انْصَرَفَ خَرَجَ عَلَى دَارِ ابْنِ أَبِي حُسَيْنٍ وَكَانَتْ طَرِيقَهُ، ثُمَّ يَسْلُكُ بَيْنَ دَارِ عَبَّاسِ بْنِ الْمُطَّلِبِ، وَبَيْنَ دَارِ ابْنِ أَزْهَرَ بْنِ عَبْدِ عَوْفٍ الزُّهْرِيِّ، ثُمَّ عَلَى دَارِ الْأَخْنَسِ بْنِ شَرِيقٍ حَتَّى يَدْخُلَ بَيْتَهُ، وَكَانَ مَسْكَنُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الدَّارِ الرَّقْطَاءِ ، الَّتِي كَانَتْ بِيَدَيْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ ،قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: فَتَبِعْتُهُ حَتَّى إِذَا دَخَلَ بَيْنَ دَارِ عَبَّاسٍ، وَدَارِ ابْنِ أَزْهَرَ، أَدْرَكْتُهُ، فَلَمَّا سَمِعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِسِّي عَرَفَنِي، فَظَنَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّي إِنَّمَا تَبِعْتُهُ لِأُوذِيَهُ فَنَهَمَنِي ، ثُمَّ قَالَ: مَا جَاءَ بِكَ يَا بن الْخَطَّابِ هَذِهِ السَّاعَةَ؟

آپ ﷺ کا راستہ دار ابن ابی حسین کی طرف سے تھا پھر وہاں سے آپ عباس رضی اللہ عنہ بن عبد المطلب کے گھر کی طرف آئے پھر اخنس بن شریق کے گھر کے پاس سے نکل کر اپنے دولت خانہ میں داخل ہوئے، اور آپ ﷺ کا دولت خانہ دار الرقطاء کے محلہ میں معاویہ بن ابی سفیان کے پاس تھا، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جب رسول اکرم ﷺ عباس رضی اللہ عنہ اور ابن ازہر کے گھروں کے درمیان میں پہنچے تو میں آپ ﷺ کے قریب ہوا آپ نے میری آہٹ سن کر مجھے پہچانا اور خیال فرمایا کہ میں آپ کی ایذا رسانی کے خیال سے آیا ہوں چنانچہ مجھے آواز دے کر کہا اے ابن خطاب! اس وقت کیوں آئے ہو؟

قَالَ: قُلْتُ: (جِئْتُ) لِأُومِنَ بِاللَّهِ وَبِرَسُولِهِ، وَبِمَا جَاءَ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ،قَالَ: فَحَمِدَ اللَّهَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ:قَدْ هَدَاكَ اللَّهُ يَا عُمَرُ ثُمَّ مَسَحَ صَدْرِي، وَدَعَا لِي بِالثَّبَاتِ، ثُمَّ انْصَرَفْتُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَدَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَهُ

میں نے عرض کیا میں اللہ وحدہ لاشریک اور اس کے رسول اور اس کتاب پر جو اللہ کی طرف سے ان پر نازل ہوئی ہے ایمان لانے

آیا ہوں، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سن کر فرمایا الحمد اللہ پھر فرمایا اے عمر رضی اللہ عنہ! اللہ تعالیٰ نے تجھے ہدایت فرمائی، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سینہ پر ہاتھ پھیرا اور ثابت قدمی کی دعا فرمائی، پھر میں واپس چلا آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دولت کدے میں داخل ہو گئے۔ [1]

اس روایت کے غلط ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ شراب نہیں پیتے تھے اور اس سے شدید نفرت کرتے تھے اور انہی کی خواہش پر شراب کی مناہی نازل ہوئی تھی۔

عن عمر :أن أبا جهل جعل لمن يقتل محمدا مائة ناقة حمراء أو سوداء وألف أوقية من فضة،فقلت له: يا أبا الحكم! الضمان صحيح،قال :نعم، فخرجت متقلدا السيف متنكبا كنانتي أريد رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فمررت على عجل وهم يريدون ذبحه فقمت أنظر إليه، فإذا صائح يصيح من جوف العجل: يا آل ذريح، أمر نجيح رجل يصيح بلسان فصيح يدعو إلى شهادة أن لا إله إلا الله وأن محمدا رسول الله، فقلت في نفسي: إن هذا الأمر ما يراد به إلا أنا ثم مررت بصنم، فإذا هاتف من جوفه

ایک روایت میں ہے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ابوجہل نے اعلان کیا کہ جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر دے گا میں اسے سو سرخ یا کالی اونٹنیاں اور ایک ہزار اوقیہ چاندی انعام میں دوں گا میں نے اسے کہا اے ابو الحکم کیا یہ اعلان صحیح ہے اس نے کہا ہاں یہ صحیح ہے، میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاش میں بے نیام شمشیر لے کر نکلا تو میرا گزر ایک بچھڑے سے ہوا جسے ذبح کے لیے لایا گیا تھا میں ٹھہر کر دیکھتا رہا کہ ایک چیخنے والا بچھڑے کے پیٹ سے چیخ رہا ہے کہ اے آل ذریح! ایک راہ راست شخص فصیح و بلیغ زبان میں دعوت کا اقرار کر رہا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور محمد اللہ کے رسول ہیں میں نے اپنے دل میں کہا کہ یہ معاملہ میرے ہی متعلق ہو سکتا ہے پھر میرا گزر بت سے ہوا جس کے پیٹ سے پکارنے کی آواز آرہی تھی جو یہ کہہ رہا تھا

يَا أَيُّهَا النَّاسُ ذَوُو الْأَجْسَامِ — مَا أَنْتُمْ وَطَائِشُ الْأَحْلَامِ
وَمُسْنِدُ الحُكم إِلَى الْأَصْنَامِ — أصبحتهم كراتع الأنعام
أما ترون ما أرى أمامي — من ساطع يجلو دجى الظلام
قد لاح للناظر من تهام — وقد بدا للناظر الشآمي
محمد ذو البر والإكرام — أَكْرَمَهُ الرَّحْمَنُ مِنْ إِمَامِ
قد جاء بعد الشرك بالإسلام — يأمرُ بِالصَّلَاةِ وَالصِّيَامِ
وَالْبِرِّ وَالصِّلَاتِ لِلْأَرْحَامِ — ويزجرُ النَّاسَ عَنِ الْآثَامِ
فبادروا سبقا إلى الإسلام — بلا فتور وبلا إحجام

---

[1] ابن ہشام ۱/۳۴۶، الروض الانف ۳/۱۶۷، شرح الزرقانی علی المواهب ۲/۱۱

قال عمر: فقلت: والله ما أراه إلا أرادني، ثم مررت بالضمار فإذا هاتف من جوفه

سید نا عمر فرماتے ہیں واللہ! میرے خیال میں مجھے ہی بلایا جارہا ہے، پھر میرا گزر بتوں سے ہوا کہ جس کے پیٹ سے پکارنے کی آواز آرہی تھی وہ یہ کہہ رہا تھا۔

أودي الضمار وكان يعبد مدة	قبل الكتاب وقبل بعث محمد
إن الذي ورث النبوة والهدى	بعد ابن مريم من قريش مهتدي
سيقول من عبد الضمار ومثله	وليت الضمار ومثله لم يعبد
أبشر أبا حفص بدين صادق	تهدي إليه وبالكتاب المرشد
واصبر أبا حفص فإنك آمر	يأتيك عز غير عز بني عدي
لا تعجلن فأنت ناصر دينه	حقا يقينا باللسان وباليد

قال عمر: فوالله لقد علمت أنه أرادني، فلقيني نعيم وكان يخفي إسلامه فرقا من قومه فقال: أين تذهب؟ قلت: أريد هذا الصابي الذي فرق أمر قريش فأقتله، فقال نعيم: يا عمر أترى بني عبد مناف تاركيك تمشي على وجه الأرض وبالغ في منعه، ثم قال: ألا ترجع إلى أهل بيتك فتقيم أمرهم، فذكر دخوله على أخته

سید نا عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اللہ جانتا ہے جو میں نے دل میں ارادہ کیا، راستے میں مجھے نعیم ملا جس نے اپنا ایمان چھپایا ہوا تھا اور قوم سے الگ ہو گیا تھا، اس نے پوچھا کہاں جارہے ہو؟ میں نے اسے کہا میں اس صابی کو قتل کرنے جارہا ہوں جس نے قریش میں تفرقہ پیدا کر دیا ہے، نعیم نے کہا اے عمر رضی اللہ عنہ! کیا بنی عبد مناف تجھے زمین پر چلتا پھرتا چھوڑ دیں گے اور ایسی حرکت کرنے سے انہیں منع کیا پھر اس نے کہا پہلے تم اپنے گھر کی خبر لو پھر وہی قصہ ہے کہ میں اپنی بہن کے گھر میں داخل ہوا[۱]

قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ خَرَجْتُ أَتَعَرَّضُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ أُسْلِمَ، فَوَجَدْتُهُ قَدْ سَبَقَنِي إِلَى الْمَسْجِدِ، فَقُمْتُ خَلْفَهُ فَاسْتَفْتَحَ سُورَةَ الْحَاقَّةِ فَجَعَلْتُ أَعْجَبُ مِنْ تَأْلِيفِ الْقُرْآنِ، قَالَ: فَقُلْتُ: هَذَا وَاللَّهِ شَاعِرٌ كَمَا قَالَتْ قُرَيْشٌ، قَالَ: فَقَرَأَ {إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ قَلِيلًا مَا تُؤْمِنُونَ} [الحاقة: 41] قَالَ: قُلْتُ: كَاهِنٌ، قَالَ: {وَلا بِقَوْلِ كَاهِنٍ قَلِيلًا مَا تَذَكَّرُونَ تَنْزِيلٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْأَقَاوِيلِ لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِينِ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ فَمَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِينَ} [الحاقة: 42] إِلَى [ص:263] آخِرِ السُّورَةِ، قَالَ: فَوَقَعَ الْإِسْلَامُ فِي قَلْبِي كُلَّ مَوْقِعٍ

ایک روایت میں ہے سید نا عمر رضی اللہ عنہ کا کہنا ہے ایک مرتبہ میں قبول اسلام سے پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کے ارادے سے نکلا لیکن پتہ چلا کہ وہ مجھ سے پہلے ہی مسجد میں جا چکے ہیں، میں جا کر ان کے پیچھے کھڑا ہو گیا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورت الحاقہ کی تلاوت شروع کر دی مجھے نظم قرآن اور اس کے اسلوب سے تعجب ہونے لگا، قرآن مجید کے نظم و اسلوب بیان کو دیکھ کر دل میں یہ خیال کیا کہ یہ کوئی شاعر ہے

[۱] شرح الزرقانی علی المواهب ۱۰/۲

جیسا قریش کہتے ہیں ابھی دل میں یہ خیال گزر رہا ہی تھا کہ آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی ''یہ ایک رسول کریم کا قول ہے کسی شاعر کا قول نہیں ہے، تم لوگ بہت کم ایمان لاتے ہو۔'' (یعنی وہ بات نہیں جو تم لوگوں نے سمجھ رکھی ہے)۔ میں نے دل میں کہا یہ تو کاہن ہے جو میرے دل کی بات جان گیا ہے، اس پر آپ نے یہ آیت پڑھی، ''اور نہ یہ کسی کاہن کا قول ہے تم لوگ کم ہی غور کرتے ہو، یہ رب العالمین کی طرف سے نازل ہوا ہے، اور اگر اس نبی کریم ﷺ نے خود گھڑ کر کوئی بات ہماری طرف منسوب کی ہوتی تو ہم اس کا دایاں ہاتھ پکڑ لیتے اور اس کی رگ گردن کاٹ ڈالتے، پھر تم میں سے کوئی ہمیں اس کام سے روکنے والا نہ ہوتا، رسول اللہ ﷺ نے پوری سورت تلاوت فرمائی۔''

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں اور میرے دل میں اسلام پوری طرح گھر گیا اس طرح وہ اسلام قبول کرنے والوں میں شامل ہو گئے۔[1]

قَالَ: عُمَرُ صَدَقَ بَيْنَمَا أَنَا نَائِمٌ، عِنْدَ آلِهَتِهِمْ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ بِعِجْلٍ فَذَبَحَهُ، فَصَرَخَ بِهِ صَارِخٌ، لَمْ أَسْمَعْ صَارِخًا قَطُّ أَشَدَّ صَوْتًا مِنْهُ يَقُولُ: يَا جَلِيحْ، أَمْرٌ نَجِيحْ، رَجُلٌ فَصِيحْ، يَقُولُ: لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ ، فَوَثَبَ القَوْمُ، قُلْتُ: لاَ أَبْرَحُ حَتَّى أَعْلَمَ مَا وَرَاءَ هَذَا، ثُمَّ نَادَى: يَا جَلِيحْ، أَمْرٌ نَجِيحْ، رَجُلٌ فَصِيحْ، يَقُولُ لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، فَقُمْتُ، فَمَا نَشِبْنَا أَنْ قِيلَ: هَذَا نَبِيٌّ

ایک روایت میں ہے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک روز کفار کے بتوں کے درمیان لیٹا ہوا تھا کہ ایک شخص ایک بچھڑا لے کر آیا اور اسے ذبح کر دیا اس بچھڑے کے ذبح ہوتے ہی ایک چیخنے والے کی زبردست چیخ سنائی دی جو میں نے کبھی نہیں سنی تھی جو کہہ رہا تھا کہ اے دشمن عمدہ کام ظہور پذیر ہوا ہے، ایک عقل مند انسان ہے جو کہتا ہے اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں اتنی زبردست چیخ کو سن کر باقی لوگ بھاگ کھڑے ہوئے مگر میں نے دل میں تہیہ کر لیا کہ اصل حقیقت معلوم ہونے تک اس جگہ سے نہ ہٹوں گا، اس طرح دوبارہ وہی آواز سنائی دی کہ اے دشمن ایک عمدہ کام کا ظہور پذیر ہوا ہے ایک عقل مند انسان کہتا ہے لاالٰہ الااللہ، یہ سنکر میں وہاں سے چلا آیا اور چند دن ہی گزرے تھے کہ سننے میں آیا کہ فلاں شخص نبی ہے۔[2]

یہ کہانیاں آپ نے پڑھیں اصل واقعات کچھ یوں تھے زید بن عمرو بن نفیل جو عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب کے چچا زاد بھائی تھے ان لوگوں میں سے تھے جنہوں نے دور جہالت میں بت پرستی اور ان کے ناموں پر قربانی اور چڑھائے ہوئے کھانوں سے لوگوں کو روکا تھا جس کی پاداش میں انہیں تکالیف بھی پہنچائی گئیں مگر وہ اپنی بات پر قائم رہے، بنو تمیم میں لڑکیوں کو زندہ دفن کر دینے کا رواج تھا، شاعر فرزدق کے دادا صعصعہ اور زید بن عمرو بن نفیل انہیں اس عمل سے روکتے اور ان لڑکیوں کو والدین سے حاصل کرنے کی کوشش کرتے تاکہ ان کی جان ان کے شقی القلب والد سے بچ جائے، وہ ان لڑکیوں کے سنگدل باپوں سے گزارش کرتے ہوئے کہتے

وَكَانَ يُحْيِي المَوْءُودَةَ، يَقُولُ لِلرَّجُلِ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَقْتُلَ ابْنَتَهُ، لاَ تَقْتُلْهَا، أَنَا أَكْفِيكَهَا مَئُونَتَهَا فَيَأْخُذُهَا فَإِذَا تَرَعْرَعَتْ قَالَ لِأَبِيهَا: إِنْ شِئْتَ دَفَعْتُهَا إِلَيْكَ، وَإِنْ شِئْتَ كَفَيْتُكَ مَئُونَتَهَا

اس لڑکی کی جان مت لو میں اس کے تمام اخراجات کا ذمہ لیتا ہوں چنانچہ وہ لڑکیوں کو اپنی آغوش شفقت میں لے لیتے جب وہ جوان ہوتیں

---

[1] مسند احمد ۱۰۷، شرح الزرقانی علی المواهب ۲/۱۱

[2] صحیح بخاری بَابُ مَنَاقِبِ الأَنْصَارِ بَابُ إِسْلاَمِ عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ۳۸۶۶، شرح الزرقانی علی المواهب ۲/۱۰

تو پھر ان لڑکیوں کے والدین کے پاس جاتے اور عرض کرتے کہ تمہاری بیٹی اب جوان ہو چکی ہے اگر تم پسند کرو تو اسے تمہارے حوالے کر دوں اور اگر پسند نہیں کرتے تو میں خود اس کی شادی کے تمام مصارف برداشت کر کے اس کو رخصت کر دیتا ہوں۔ [۱]

اس وقت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب ایک سمجھدار نوجوان بن چکے تھے اور اپنے چچازاد بھائی کی باتوں اور رفلاحی کاموں کا ان کے اور خاندان کے دوسرے لوگوں کے ذہن پر یقیناً مثبت اثرات مرتب ہوئے ہوں گے اس لئے جیسے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت حق دی تو ان کے خاندان سے کئی لوگوں نے لبیک کہا جن میں زید بن عمرو بن نفیل کے بیٹے اور سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے چچازاد بھائی سعید رضی اللہ عنہ بن زید بن عمرو بن نفیل اور ان کی زوجہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت الخطاب (سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی حقیقی بہن) اور عمر رضی اللہ عنہ کے بڑے بھائی زید رضی اللہ عنہ بن الخطاب بھی ایمان لائے اور ان کے خاندان سے ایک معزز شخص نعیم رضی اللہ عنہ بن عبد اللہ بھی ایمان لا چکے تھے اس طرح زید بن عمرو بن نفیل کی بیٹی اور سعید رضی اللہ عنہ کی بہن عمر رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں، یعنی سعید رضی اللہ عنہ بن زید اور سیدنا عمر رضی اللہ عنہ آپس میں سالے بہنوئی تھے، چھ ہجری تک دعوت اسلام خوب پھیل چکی تھی اور جو لوگ ایمان لا چکے تھے وہ سب اہل مکہ کی نظروں کے سامنے تھے اور جو لوگ دعوت قبول کرتے ان کی سب سے بڑی خواہش یہ ہوتی تھی کہ بیت اللہ میں جا کر جہاں قریش موجود ہوتے اپنے ایمان کا برملا اعلان کر دیں چنانچہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کو بھی ان کے ایمان لانے کا علم تھا کیونکہ سعید رضی اللہ عنہ کا خود یہ بیان ہے جیسے قتیبہ بن سعید، سفیان ثوری، اسماعیل بن ابی خالد اور قیس بن ابی حازم نے روایت کیا ہے

وَاللَّهِ لَقَدْ رَأَيْتُنِي، وَإِنَّ عُمَرَ لَمُوثِقِي عَلَى الإِسْلاَمِ، قَبْلَ أَنْ يُسْلِمَ عُمَرُ

اللہ کی قسم! میں نے خود کو اس حال میں دیکھا ہے کہ اسلام لانے سے قبل سیدنا عمر رضی اللہ عنہ مجھے باندھ کر ڈال دیا کرتے تھے تا کہ ان کا دوسرے لوگوں سے میل جول نہ ہو۔ [۲]

اس کے علاوہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب اپنی ایک عزیزہ لیلیٰ بنت حثمہ اور ان کے خاوند عامر بن ربیعہ کو ہجرت حبشہ کی تیاری کرتے دیکھ کر دل پر چوٹ لگی اور انہوں نے بھی اسلام کے بارے میں سنجیدگی سے سوچنا شروع کر دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی تھی۔

اللَّهُمَّ أَعِزَّ الْإِسْلَامَ بِأَحَبِّ الرَّجُلَيْنِ إِلَيْكَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَوْ عَمْرِو بْنِ هِشَامٍ

اے اللہ! عمر بن خطاب یا عمرو بن ہشام میں سے کسی ایک کے ساتھ جو تیرے نزدیک زیادہ محبوب ہو اسلام کو قوت وطاقت دے۔ [۳]

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّهُمَّ أَعِزَّ الْإِسْلَامَ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ خَاصَّةً

جبکہ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں صرف سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں دعا فرمائی تھی اے اللہ! عمر بن خطاب کے ذریعہ اسلام کو قوت وطاقت دے [۴]

اس دعا کی خوشخبری کا ذکر عامر رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ سے ہجرت حبشہ کے وقت کیا تھا کہ بہت جلد سیدنا عمر رضی اللہ عنہ حلقہ بگوش اسلام ہو جائیں

---

[۱] صحیح بخاری کتاب مناقب الانصار بَابُ حَدِيثِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ ۳۸۲۸ ،ابن سعد ۳/۲۹۱،البدایة والنهایة ۲/۲۹۹

[۲] بخاری کتاب مَنَاقِبِ الأَنْصَارِ بَابُ إِسْلاَمِ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ۳۸۶۲

[۳] مستدرک حاکم ۶۱۲۹

[۴] سنن ابن ماجه كتاب السنة باب فضل عمر رضی الله عنه :۱۰۵

گے،اس کے علاوہ خباب رضی اللہ عنہ نے بھی سید نا عمر رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کے بارے میں بتایا تھا اور کہا تھا کہ عنقریب اللہ آپ سے اپنے دین کی نشر و اشاعت کا خوب کام لے گا،چنانچہ رب نے دعا کو قبولیت عطا فرمائی اور اس دعا کو ابھی چند دن ہی گزرے تھے کہ سید نا عمر رضی اللہ عنہ اسلام کے حلقہ بگوش ہو گئے۔

أنه لما أسلم، قال: يا رسول الله! لا ينبغي أن يكتم هذا الدين، أظهر دينك، فخرج ومعه المسلمون وعمر أمامهم معه سيف ينادي: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ حتى دخل المسجد فقالت قريش: لقد أتاكم عمر مسرورا، ما وراءك يا عمر؟قال: ورائي لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، فإن تحرك أحد منكم لأمكنن سيفي منه، ثم تقدم أمامه صلى الله عليه وسلم يطوف ويحميه حتى فرغ من طوافه

ایک روایت ہے جب سید نا عمر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کرلیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم!ہمیں اپنے دین کو چھپانے کی ضرورت نہیں ہم اپنے دین کو ظاہر کریں گے،چنانچہ وہ دوسرے مسلمانوں کے ساتھ باہر نکلے اور سید نا عمر رضی اللہ عنہ اپنی ننگی تلوار اٹھائے کلمہ لاالٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھتے ہوئے ان کے آگے آگے تھے یہاں تک کہ مسجد الحرام میں داخل ہو گئے، قریش کے لوگ جو وہاں موجود تھے کہنے لگے عمر بڑے خوش خوش آرہے ہیں اے عمر اس کی کیا وجہ ہے؟ سید نا عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے کلمہ اختیار کرلیا ہے اگر تم میں سے کسی نے حرکت کی تو میری تلوار اس پر اٹھے گی، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھے اور سب مسلمانوں کے ساتھ بیت اللہ کا طواف کیا یہاں تک کہ طواف سے فارغ ہو گئے۔[1]

قَالَ عُمَرُ: لَمَّا أَسْلَمْتُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ، تَذَكَّرْتُ أَيَّ أَهْلِ مَكَّةَ أَشَدُّ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَدَاوَةً حَتَّى آتِيَهُ فَأُخْبِرَهُ أَنِّي قَدْ أَسْلَمْتُ، قَالَ:قُلْتُ: أَبُو جَهْلٍ وَكَانَ عُمَرُ لِحَنْتَمَةَ بِنْتِ هِشَامِ بْنِ الْمُغِيرَةِ- قَالَ: فَأَقْبَلْتُ حِينَ أَصْبَحْتُ حَتَّى ضَرَبْتُ عَلَيْهِ بَابَهُ، قَالَ: فَخَرَجَ إِلَيَّ أَبُو جَهْلٍ، فَقَالَ: مَرْحَبًا وَأَهْلًا بِابْنِ أُخْتِي، مَا جَاءَ بِكَ؟ قَالَ : جِئْتُ لِأُخْبِرَكَ أَنِّي قَدْ آمَنْتُ بِاللَّهِ وَبِرَسُولِهِ مُحَمَّدٍ، وَصَدَّقْتُ بِمَا جَاءَ بِهِ، قَالَ: فَضَرَبَ الْبَابَ فِي وَجْهِي وَقَالَ: قَبَّحَكَ اللَّهُ، وَقَبَّحَ مَا جِئْتَ بِهِ

ایک روایت ہے سید نا عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب میں نے اسلام قبول کیا تو اسی رات کو میں نے خیال کیا کہ قریش میں سے جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ عداوت رکھتا ہو پہلے اس کے پاس جا کر اپنے اسلام قبول کرنے کی خبر بیان کروں، پس میں نے دل میں کہا کہ ابو جہل سے بڑھ کر کوئی شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دشمن نہیں ہے چنانچہ صبح ہوتے ہی میں ابو جہل کے گھر گیا اور ابو جہل سید نا عمر رضی اللہ عنہ کا سگا ماموں تھا اور میں نے دروازہ کھٹکھٹایا، ابو جہل نے آکر دروازہ کھولا اور مجھے دیکھ کر کہا آؤ میرے بھانجے آؤ خوب آئے کس طرح آنا ہوا؟ میں نے کہا میں اس لیے آیا ہوں کہ تم کو اپنے اسلام قبول کرنے کی خبر دے دوں، میں اللہ وحدہ لاشریک اور اس کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا ہوں اور جو ان پر نازل ہوا ہے اس کی تصدیق کی ہے، سید نا عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میرے یہ کہتے ہی ابو جہل نے زور سے دروازہ

---

[1] شرح الزرقانی علی المواهب ۲/۱۲

بند کر دیا اور کہا اللہ تجھ کو خراب کرے اور اس کو بھی جو تو لایا ہے۔ [1]

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ خِرَاشٍ الْحَوْشَبِيُّ، عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ،عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:لَمَّا أَسْلَمَ عُمَرُ، نَزَلَ جِبْرِيلُ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، لَقَدِ اسْتَبْشَرَ أَهْلُ السَّمَاءِ بِإِسْلَامِ عُمَرَ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب سیدنا عمر نے اسلام قبول کیا تو جبرائیل علیہ السلام آئے اور کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام قبول کرنے پر فرشتوں نے مبارک باد دی۔ [2]

حكم الألباني ضعيف جدا

شیخ البانی رحمہ اللہ کہتے ہیں یہ ضعیف روایت ہے۔ اس روایت کی سند میں راوی عبداللہ بن خراش ضعیف ہے۔

سید الشہداء حمزہ رضی اللہ عنہ بن عبدالمطلب کے بعد سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کا قبول اسلام کفر کے لئے یہ ایک بہت بڑا جھٹکا تھا

بَيْنَمَا هُوَ فِي الدَّارِ خَائِفًا، إِذْ جَاءَهُ العَاصِ بْنُ وَائِلٍ السَّهْمِيُّ أَبُو عَمْرٍو، عَلَيْهِ حُلَّةُ حِبَرَةٍ وَقَمِيصٌ مَكْفُوفٌ بِحَرِيرٍ، وَهُوَ مِنْ بَنِي سَهْمٍ، وَهُمْ حُلَفَاؤُنَا فِي الجَاهِلِيَّةِ، فَقَالَ لَهُ: مَا بَالُكَ؟ قَالَ: زَعَمَ قَوْمُكَ أَنَّهُمْ سَيَقْتُلُونِي إِنْ أَسْلَمْتُ، قَالَ: لاَ سَبِيلَ إِلَيْكَ، بَعْدَ أَنْ قَالَهَا أَمِنْتُ، فَخَرَجَ العَاصِ فَلَقِيَ النَّاسَ قَدْ سَالَ بِهِمُ الوَادِي، فَقَالَ: أَيْنَ تُرِيدُونَ؟ فَقَالُوا: نُرِيدُ هَذَا ابْنَ الخَطَّابِ الَّذِي صَبَا قَالَ: لاَ سَبِيلَ إِلَيْهِ فَكَرَّ النَّاسُ

ان کے اسلام قبول کرتے ہی ایک بڑی تعداد میں لوگوں نے ان کے مکان کو گھیر لیا، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ خوفزدہ ہو کر گھر میں بیٹھے رہے، گھر کے باہر لوگ (غصہ) سے چلا رہے تھے کہ عمر بے دین ہو گیا کہ ان کے پاس عاص بن وائل سہمی ابوعمرو آیا جو ایک ریشمی حلہ اور ایک ریشمی گوٹ کا کرتہ پہنے ہوئے تھا، عاص قبیلہ بنوسہم کا تھا اور بنوسہم زمانہ جاہلیت میں ہمارے حلیف تھے تو عاص نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ سے کہا تمہارا کیا حال ہے؟ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے کہا تمہاری قوم کہتی ہے کہ اگر میں نے اسلام قبول کر لیا تو وہ مجھے قتل کر دے گی، عاص بن وائل نے کہا میرے امان دینے کے بعد وہ تم پر قابو نہیں پا سکتے، چنانچہ عاص بن وائل گھر سے باہر نکلا تو دیکھا کہ وادی لوگوں سے کھچا کھچ بھری ہوئی ہے، عاص بن وائل نے پوچھا کیا معاملہ ہے (یعنی تم یہاں کیوں جمع ہو) لوگوں نے کہا سیدنا عمر بے دین ہو گیا ہے، عاص بن وائل نے کہا میں نے اسے پناہ دی ہے اب تم اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے، عاص بن وائل کی پناہ کا سنکر لوگ منتشر ہو گئے۔ [3]

ایک حلیف کی حیثیت سے عاص بن وائل نے اس وقت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کو پناہ دے کر حمایت کی مگر کفر پر سختی سے جما رہا اور اسلام قبول نہیں کیا۔

اہل مکہ حیات بعد از موت، حشر نشر اور حساب وجزا کی تمام باتوں کو ڈھکوسلا، اور دیوانے کی ایک بڑ قرار دیتے تھے، اور اپنے آبائی مشرکانہ

---

[1] ابن ہشام ۳۵۰/۱، الروض الانف ۱۷۳/۳

[2] سنن ابن ماجه افتتاح الكتاب في الإيمان وفضائل الصحابة والعلم باب فَضْلُ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ۱۰۳

[3] صحیح بخاری کتاب مناقب الانصار بَابُ إِسْلاَمِ عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ۳۸۶۴

دین کو برحق سمجھتے تھے جبکہ حیات بعد از موت اسلام کا ایک بنیادی عقیدہ ہے، جب سیدنا عمر رضی اللہ عنہ ایمان لائے تو مشرکین کے لئے یہ ایک دوسرا بڑا دھکا تھا، چنانچہ ابوسفیان اور حرب بن امیہ بن خلف نے ان سے مل کر ان کو ڈگمگانے کے لئے کہا زندگی بعد از موت کی یہ سب باتیں فضول اور لایعنی ہیں، مرنے کے بعد جب ہڈیاں بھی منتشر ہو جائیں گی تب کس نے زندہ ہونا ہے اور کس نے زندہ کرنا ہے، تم ہمارے کہنے سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دین چھوڑ دو اور اپنے آبائی دین کی طرف پلٹ آؤ یا دین کے کچھ حصے کو ترک کر دو اگر بالفرض کوئی اور زندگی ہے بھی تو اور اس میں حساب کتاب بھی ہونا ہے تو ہم یہ ذمہ لیتے ہیں کہ اللہ کے سامنے ہم سارا عذاب اپنی گردن پر لے لیں گے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ ۭ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٢﴾ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۡ وَلَيُسْــَٔـلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿١٣﴾ [1]

ترجمہ: یہ کافر لوگ ایمان لانے والوں سے کہتے ہیں کہ تم ہمارے طریقے کی پیروی کرو اور تمہاری خطاؤں کو ہم اپنے اوپر لے لیں گے حالانکہ ان کی خطاؤں سے کچھ بھی وہ اپنے اوپر لینے والے نہیں ہیں، وہ قطعاً جھوٹ کہتے ہیں ہاں ضرور وہ اپنے بوجھ بھی اٹھائیں گے اور اپنے بوجھوں کے ساتھ دوسرے بہت سے بوجھ بھی، اور قیامت کے روز ان سے ان افترا پردازیوں کی باز پرس ہو گی جو وہ کرتے رہے ہیں۔

یعنی ہر شخص اپنے کیے کا آپ ذمہ دار ہے، اللہ کے قانون میں ایسا ہرگز نہیں کہ کوئی کسی کا گناہ اپنے ذمہ لے لے اور گناہ کرنے والا خود اپنے گناہ کی سزا سے بچ جائے، کسی نے دوسرے کے گناہ تو اپنے ذمہ کیا لینے ہیں، دہکتی اور غیض وغضب سے پھٹتی جہنم کو دیکھ اس روز تو نفسا نفسی کا یہ عالم ہو گا ماں، باپ اپنی اولاد کی طرف نہیں دیکھیں گے اور اولاد والدین کی طرف نہیں دیکھیں، کوئی دوست کسی دوست کے کام نہ آسکے گا بلکہ ہر شخص کی خواہش ہو گی کہ وہ اس جہنم میں جانے سے کسی طرح بچ جائے چاہئے ساری مخلوق جس میں اس کے والدین، بہن بھائی ،عزیز واقارب، دوست احباب بھی ہوں گے آگ میں ڈال دی جائے، یہ لوگ جو ایسی باتیں کر رہے ہیں یہ اپنے گناہوں کے بوجھ کے ساتھ ساتھ ان لوگوں کا بوجھ بھی اٹھائیں گے جنہیں ان لوگوں نے گمراہ کیا ہو گا،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:مَنْ دَعَا إِلَى هُدًى، كَانَ لَهُ مِنَ الْأَجْرِ مِثْلُ أُجُورِ مَنْ تَبِعَهُ، لَا يَنْقُصُ ذَلِكَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْئًا، وَمَنْ دَعَا إِلَى ضَلَالَةٍ، كَانَ عَلَيْهِ مِنَ الْإِثْمِ مِثْلُ آثَامِ مَنْ تَبِعَهُ، لَا يَنْقُصُ ذَلِكَ مِنْ آثَامِهِمْ شَيْئًا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس دعوت دینے والے نے ہدایت کی طرف بلایا پھر اس کی پیروی کی گئی تو اس کو پیروی کرنے والوں کے برابر اجر ملے گا اور پیروی کرنے والے کے اجر میں کچھ کمی نہیں کی جائے گی اور جس دعوت دینے والے نے بھی گمراہی کی دعوت دی اور اس کی پیروی کی گئی تو اس کو پیروی کرنے والوں کے برابر گناہ ہو گا پیروی کرنے والوں کے گناہ میں کمی کئے بغیر۔ [2]

---

[1] العنکبوت ۱۲،۱۳

[2] صحیح مسلم کتاب الْعِلْمِ بَابُ مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً أَوْ سَيِّئَةً وَمَنْ دَعَا إِلَى هُدًى أَوْ ضَلَالَةٍ۶۸۰۰،سنن ابن ماجه کتاب السنة

مضامین سورۃ الشوریٰ:

اس سورۃ میں کفار کو مخاطب کر کے ان کو دعوت فکر دی گئی اور ان کی جانب سے پیدا کیے جانے والے اعتراضات واشکالات کو دور کیا گیا۔

○ اہل مکہ رسول اللہ ﷺ کی بابت مختلف قسم کی باتیں کیا کرتے تھے، اس سلسلہ میں فرمایا کہ انسانیت کی تخلیق کی طرح ان کی ہدایت ورہنمائی بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے، محمد ﷺ سے قبل بھی اللہ تعالیٰ نے بت شمار انبیاء ورسل انسانوں کی ہدایت ورہنمائی کے لیے مبعوث فرمائے تھے، اسی لیے تمام انبیاء کی تعلیمات میں یکسانیت پائی جاتی ہے اور یہی اس کے برحق ہونے کی واضح دلیل ہے کیونکہ انسانی دماغ وفکر کی کاوش کے نتیجہ میں جو چیز تیار ہو گی اس کی جہتیں مختلف اور متفرق ہوں گی، اس حقیقت کے واضح ہو جانے کے باوجود تمہاری ہٹ دھرمی، دین سے دوری اور شرک ایسے عظیم گناہ کے سبب تم پر آسمان پھٹ پڑیں تو کچھ بعید نہیں، تمہاری اس بے راہروی اور گمراہی پر تو فرشتے بھی حیران ہیں اور ہر وقت ڈر رہے ہیں کہ نہ معلوم کب تم پر اللہ کا غضب ٹوٹ پڑے۔

○ اہل مکہ کا ایک اعتراض یہ تھا کہ رسول اللہ ﷺ جو دین پیش کر رہے ہیں اگر یہ دین برحق ہے تو اللہ تعالیٰ ساری انسانیت کو اس پر ہی کیوں نہیں جمع کر دیتا؟ اس سلسلہ میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کو جبری ہدایت مطلوب نہیں ہے، انسان کی عظمت وشرافت کی بنیاد ہی یہ ہے کہ اسے عقل وشعور اور حق وباطل کے امتیاز کی صلاحیت دے کر پیدا کیا گیا ہے، اس کو ایک حد تک ذی اختیار بنایا گیا ہے کہ سوچ وبچار کر کے چاہے تو ہدایت کو اختیار کرے اور اگر چاہے تو گمراہی کی راہ پر گامزن ہو جائے، اور آخرت کی زندگی اس لیے ہی بنائی گئی ہے کہ انسان کو اس کی سوچ وفکر اور اس کے اختیاری اعمال پر جزا وسزا کا مستحق ٹھہرایا جا سکے جبکہ دیگر مخلوقات کو یہ امتیاز حاصل نہیں، یہ عقل وشعور کا امتیاز ہی انسان کی ولایت وخلافت کی بنیاد بنایا گیا ہے، جو شخص اپنے اختیار سے حق ولایت ادا کرے گا وہی ولی وخلیفہ ہو گا اور انعامات کا حقدار بھی۔

○ منصب نبوت پر کوئی شخص اپنے کسب اور ریاضت سے فائز نہیں ہو سکتا بلکہ یہ اللہ کا انعام ہے کہ جس کو چاہے اس منصب پر فائز فرما دے، اور نبی کی ذمہ داری یہ ہے کہ گمراہ اور بھٹکے ہوئے لوگوں کو غفلت سے بیدار کر کے راہ راست کی دعوت دے اور قبل از وقت اللہ کے منکروں کو آخرت کے محاسبہ اور جہنم کے دردناک عذاب کی خبر پہنچا دے تاکہ لوگ آخرت کے دردناک عذاب اور اللہ کے غضب سے بچنے کی راہ پر چل سکیں، اور یہ بھی نبی کی ذمہ داری میں شامل ہے کہ وہ لوگوں کو اس عظیم الشان کائنات کے خالق کا صحیح تعارف کرائے اور حق وباطل کے امتیاز کے لیے معیار اور کسوٹی دے، اسی لیے ہر نبی اللہ کی حاکمیت اور الوہیت کا ذکر کر کے انسانوں کو اپنے رب کے آگے جھکنے کا حکم دیتا ہے۔

○ دین داری اس کا نام نہیں ہے کہ انسان اس کی حقانیت کا اقرار کر کے بیٹھ رہے بلکہ اس کے ذمہ یہ ہے کہ وہ اس حقیقت کو سمجھ کر اللہ کی زمین پر بسنے والے سارے انسانوں کو اس سے متعارف کرائے اور اس دین کو اللہ کی زمین پر نافذ اور رائج کرنے کی جدوجہد کرے تاکہ خودنمائی اور خودپسندی کی بدولت پیدا شدہ فرقوں اور مصنوعی مذہبوں کا خاتمہ ہو جائے اور یہ کہ اس زمین پر بسنے والے انسان اپنی بے راہروی

بَابُ مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً أَوْ سَيِّئَةً ۲۰۶، سنن ابوداودکِتَاب السُّنَّةِ بَابُ لُزُومِ السُّنَّةِ۴۶۰۹، شرح السنة للبغوی۱۰۹، صحیح ابن حبان ۱۱۲، مسندابی یعلی ۶۴۸۹، مسنداحمد۹۱۶۰

اور گمراہی پر اڑے رہیں اور نبی کی پرزور مخالفت کرتے رہیں تو نبی کو ذرہ برابر نقصان نہ پہنچا سکیں گے البتہ بدترین جرم (شرک اور اللہ کے نبیوں کی مخالفت) کے باعث اللہ کے غضب کے مستحق ضرور ہو جائیں گے۔

○ نبی کریم ﷺ اور ان کے ساتھیوں کی بے داغ سیرت و کردار کا تذکرہ ہوا اور فرمایا کہ تمہارے ساتھی محمد ﷺ چالیس برس تک تم میں رہے اور اس دوران کتاب کے تصور سے بالکل خالی الذہن اور ایمان کے مسائل و مباحث سے قطعی ناآشنا تھے اور اس بات کے تم خود بھی شاہد ہو اور یہ سب اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ آپ ﷺ کی یہ نبوت کسبی نہیں اور نہ ہی آپ کی خواہش پر یہ آپ ﷺ کو عطا کی گئی ہے، اور یہ ضروری نہیں کہ اللہ تعالیٰ ہر نبی کے ساتھ براہ راست کلام کرے۔

○ اس سورۃ میں تفرقہ سے بچنے، وحدت امت اور محبت و مروت کی ضرورت کے ساتھ ایمان، اعمال صالحہ، اقامت صلوٰۃ، انفاق فی سبیل اللہ، عفو و درگزر اور اصلاح عامہ کی تلقین ہے، بے حیائی گناہ اور ہر قسم کی برائی سے بچنے کا حکم ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ۚ ﴿۱﴾ عٓسٓقٓ ﴿۲﴾ كَذٰلِكَ يُوۡحِىۡۤ اِلَيۡكَ وَ اِلَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِكَ ۙ اللّٰهُ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۳﴾

حم، عسق، اللہ تعالیٰ جو زبردست ہے اور حکمت والا ہے اسی طرح تیری طرف اور تجھ سے اگلوں کی طرف وحی بھیجتا رہا،

لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ وَ هُوَ الۡعَلِىُّ الۡعَظِيۡمُ ﴿۴﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ

آسمانوں کی (تمام) چیزیں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے، وہ برتر اور عظیم الشان ہے، قریب ہے آسمان اوپر سے

يَتَفَطَّرۡنَ مِنۡ فَوۡقِهِنَّ وَ الۡمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوۡنَ بِحَمۡدِ رَبِّهِمۡ وَ يَسۡتَغۡفِرُوۡنَ

پھٹ پڑیں اور تمام فرشتے اپنے رب کی پاکی تعریف کے ساتھ بیان کر رہے ہیں اور زمین والوں کے لیے استغفار کر رہے

لِمَنۡ فِى الۡاَرۡضِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِيۡمُ ﴿۵﴾ (الشوریٰ ۱تا۵)

ہیں، خوب سمجھ رکھو کہ اللہ تعالیٰ ہی معاف فرمانے والا ہے۔

ح، م، ع، س، ق، اللہ رب العزت کی طرف سے نزول قرآن کا سلسلہ جاری تھا، واضح دلائل کے ساتھ اللہ کی توحید اور معبودان باطلہ کی بے بسی و لاچاری بیان ہو رہی تھی، لوگوں کو براہین کے ساتھ باطل معبودوں کی بندگی سے روک کر مالک حقیقی کی بندگی کی طرف راغب کیا جا رہا تھا، اخلاقی تعلیم کے ساتھ نئے نئے مضامین پیش ہو رہے تھے، اہل مکہ کو ان کے ہر اعتراض کا جواب دے کر لاجواب کیا جا رہا تھا جس کی وجہ سے اہل مکہ میں دعوت اسلام اور قرآن کریم کے بارے میں شدید اضطراب پایا جاتا تھا، اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے نبی ﷺ! جس

طرح اللہ جو انتقام لینے میں غالب اور اپنے اقوال و افعال میں حکمت والا ہے نے انسانوں کی ہدایت و رہنمائی کے لئے تمہاری طرف قرآن کریم نازل کیا ہے اسی طرح گزشتہ زمانوں میں بھی انبیاء و مرسلین کی طرف بھی فرشتے کے ذریعے صحیفے اور کتابیں نازل کرتا رہا ہے، جیسے فرمایا

وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۞ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۞ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۞ [1]

ترجمہ: حالانکہ آخرت بہتر ہے اور باقی رہنے والی ہے یہی بات پہلے آئے ہوئے صحیفوں میں کہی گئی تھی، ابراہیم علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کے صحیفوں میں۔

یعنی رسولوں اور کتابوں کا یہ سلسلہ کوئی انوکھی بات نہیں ہے اور نہ ہی یہ دعوت نئی ہے اور نہ اس کلام میں کوئی نرالی دعوت دی گئی ہے اس لیے اہل مکہ کا قرآنی تعلیمات پر اعتراض اور دعوت پر اضطراب بے معنی ہے، آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے سب کا خالق اللہ وحدہ لاشریک ہے، یہ تمام اشیاء اس کی عاجز و لاچار مخلوق اور اس کی ملکیت ہیں، اور کوئی بھی مخلوق چاہے وہ کتنی بڑی اور عظیم ہو خالق و مالک کے ساتھ ملک میں شریک نہیں ہوسکتی، وہ تو اپنی ذات، اپنی قدرت اور اپنے قہر و غلبہ کے ساتھ بلند اور عظمت والا ہے، جیسے فرمایا

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۞ [2]

ترجمہ: وہ پوشیدہ اور ظاہر ہر چیز کا عالم ہے، وہ بزرگ ہے اور ہر حال میں بالاتر رہنے والا ہے۔

...وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ۞ [3]

ترجمہ: اور وہ بزرگ و برتر ہے۔

کائنات کی کوئی مخلوق اس کی ہمسر نہیں ہوسکتی، اس کی ذات، صفات، اختیارات اور حقوق میں کوئی حصہ دار نہیں ہوسکتا، اللہ وحدہ لاشریک کے ساتھ کسی مخلوق کا نسب ملا دینا، اس کے صالح بندوں کو اس کا بیٹا اور فرشتوں کو اس کی بیٹی قرار دے دینا، خود ساختہ معبودوں کو خدائی کے اختیارات سونپ دینا وغیرہ اتنا بڑا گناہ ہے کہ اس کے جرم سے باوجود اپنی عظمت اور مضبوطی کے آسمان پھٹ پڑیں تو کچھ بعید نہیں ہے، جیسے فرمایا:

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ۞ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْـًٔا اِدًّا ۞ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ۞ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ۞ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ۞ اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ۞ [4]

ترجمہ: وہ کہتے ہیں کہ رحمان نے کسی کو بیٹا بنایا ہے سخت بیہودہ بات ہے جو تم لوگ گھڑ لائے ہو، قریب ہے کہ آسمان پھٹ پڑیں زمین شق

---

[1] الاعلی ۱۷تا۱۹

[2] الرعد ۹

[3] سبا ۲۳

[4] مریم ۸۸تا۹۳

ہو جائے اور پہاڑ گر جائیں اس بات پر کہ لوگوں نے رحمان کے لئے اولاد ہونے کا دعویٰ کیا، رحمان کی یہ شان نہیں ہے کہ وہ کسی کو بیٹا بنائے، زمین اور آسمان کے اندر جو بھی ہیں سب اس کے حضور بندوں کی حیثیت سے پیش ہونے والے ہیں۔

جن مکرم فرشتوں کو یہ اللہ کی بیٹیاں قرار دیتے ہیں اس کی عظمت کے سامنے سرنگوں، اس کے غلبہ کے سامنے عاجز اور اس کی ربوبیت کے سامنے مطیع اور فروتن ہیں اور اپنے رب کی عظمت وجلالت سے کپکپاتے ہوئے اس کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے رہتے ہیں اور اہل زمین کی جسارتوں پر جو رب کی عظمت اور کبریائی کے لائق نہیں اللہ غفور ورحیم کی بارگاہ میں درگزر کی درخواستیں کرتے رہتے ہیں، جیسے فرمایا

اَلَّذِیْنَ یَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ یُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَیُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَیَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِیْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِیْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِیْمِ ۝ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ الَّتِیْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآىِٕهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّیّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۙ۝ وَقِهِمُ السَّیِّاٰتِ ؕ وَمَنْ تَقِ السَّیِّاٰتِ یَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ۝ [1]

ترجمہ: عرش الٰہی کے حامل فرشتے اور وہ جو عرش کے گرد وپیش حاضر رہتے ہیں سب اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کر رہے ہیں، وہ اس پر ایمان رکھتے ہیں اور ایمان لانے والوں کے حق میں دعائے مغفرت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! تو اپنی رحمت اور اپنے علم کے ساتھ ہر چیز پر چھایا ہوا ہے، پس معاف کر دے اور عذاب دوزخ سے بچالے ان لوگوں کو جنہوں نے توبہ کی ہے اور تیرا راستہ اختیار کر لیا ہے ،اے ہمارے رب! اور داخل کر ان کو ہمیشہ رہنے والی ان جنتوں میں جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور ان کے والدین اور بیویوں اور اولاد میں سے جو صالح ہوں (ان کو بھی وہاں ان کے ساتھ پہنچادے) تو بلاشبہ قادر مطلق اور حکیم ہے، اور بچادے ان کو برائیوں سے، جس کو تو نے قیامت کے دن برائیوں سے بچادیا اس پر تو نے بڑا رحم کیا یہی بڑی کامیابی ہے۔

حقیقت میں اللہ غفور ورحیم ہے اس لیے فوراً عذاب نازل کر دینے کے بجائے کفر وشرک، دہریت، فسق وفجور اور ظلم وستم کی انتہا کر دینے والے لوگوں کو بھی سوچنے، سمجھنے اور سنبھلنے کے لیے مہلت دیے چلا جا رہا ہے۔

وَ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِیَآءَ اللّٰهُ حَفِیْظٌ عَلَیْهِمْ ۖؗ وَ مَاۤ اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِوَكِیْلٍ ۝

اور جن لوگوں نے اس کے سوا دوسروں کو کارساز بنالیا ہے اللہ تعالیٰ ان پر نگران ہے اور آپ ان کے ذمہ دار نہیں ہیں،

وَ كَذٰلِكَ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَ مَنْ حَوْلَهَا وَ تُنْذِرَ

اسی طرح ہم نے آپ کی طرف عربی قرآن کی وحی کی ہے تاکہ آپ مکہ والوں کو اور اس کے آس پاس کے لوگوں کو خبردار

یَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَیْبَ فِیْهِ ؕ فَرِیْقٌ فِی الْجَنَّةِ وَ فَرِیْقٌ فِی السَّعِیْرِ ۝ (الشوریٰ ۶،۷)

کر دیں اور جمع ہونے کے دن جس کے آنے میں کوئی شک نہیں ڈرا دیں، ایک گروہ جنت میں ہوگا اور ایک گروہ جہنم میں ہوگا۔

[1] المومن ۷تا۹

آج یہ لوگ اپنے آباؤاجداد کے مقرر کیے ہوئے طریقوں،رسموں اور قوانین وضوابط کی پیروی کر رہے ہیں،جن بزرگوں پر ان کو یقین ہے کہ وہ انہیں غلطیوں سے پاک صحیح راستہ پر چھوڑ کر گئے ہیں،اور انہیں یہ اعتماد ویقین بھی ہے کہ دنیامیں وہ ان کی پریشانیوں،مصیبتوں میں فوق الفطری طریقے سے مدد کرتے ہیں،روزگار دلواتے ہیں،اولاد عطا کرتے ہیں،مرادیں برلاتے ہیں،اور ہر طرح کی حاجات پوری کرتے ہیں،اور اسی طرح اگر آخرت ہے بھی تو جہاں جزاوسزا ملے گی تو یہ بزرگ جن کی خوشنودی کے لئے ہم ان کی درگاہوں پر رسوم عبادت بجالاتے ہیں انہیں اللہ کے عذاب سے بچالیں گے یا ہماری بدعملی اور بے عملی کے باوجود اللہ کے قریب کر دیں گے،فرمایااے نبی ﷺ! اللہ لوگوں کے عقائد واعمال کانامہ اعمال تیار کر رہاہے اور وہ ان کو ان کے اعمال کے مطابق جزایاسزادے گا،آپ کا کام لوگوں کو پوری امانت ودیانت کے ساتھ اللہ کاپیغام پہنچادیناہے، کسی کو ہدایت سے سرفراز کرنایاہدایت نہ دینااللہ کا کام ہے،اور اپنے احسان کاذکر فرمایا کہ جس طرح ہم نے ہر رسول اس کی قوم کی زبان میں بھیجااسی طرح اللہ نے اس قرآن کو تمہاری قوم کی زبان عربی میں نازل کیا گیاہے،جو اپنے الفاظ ومعانی میں واضح ہے اور جسے وہ براہ راست خود سمجھ سکتے ہیں،چنانچہ اے لوگو!اس میں بیان کیے گئے توحید،رسالت اور آخرت کے پر زور دلائل،اس کے مضامین کی وسعت وگہرائی،پہلی اقوام کے عبرت ناک واقعات پر غور وتدبر کرواور سوچو کہ اللہ رب العالمین کے سواکون ایسے جلیل القدر کلام کو کون نازل کرسکتاہے؟اللہ کے سواکون ایسی رہنمائی کرسکتاہے،اور اے نبی ﷺ!اس قرآن کی مدد سے،اہل مکہ مکرمہ ،شرق وغرب کی دیگر بستیوں اور دنیاکے تمام لوگوں کو ہوشیار کر دو کہ اگر وہ عقائد واعمال کی گمراہیوں اور اخلاق وکردار کی خرابیوں سے باز نہ آئے،اگر وہ اللہ کی ذات،صفات،اختیارات،حقوق،سفارش کے باطل عقیدہ اور اللہ کی عظمت کااقرار کرتے ہوئے مخلوق میں سے اپنے لیےاولیاءاور کارساز بنانے سے باز نہ آئے تو ان کاانجام بڑاخوفناک ہوگا،اور وہ حیات بعد الموت کاعقیدہ تسلیم کریں یانہ کریں لیکن ایک دن ایسابھی آنے والاہے جب اللہ مالک یوم الدین تمام جن وانس،ظالم ومظلوم،مومن وکافر کو ان کی قبروں سے زندہ کر کے میدان محشر میں جمع کرے گااور ان سے زرہ زرہ کاحساب لے گا،اگر کوئی شخص اللہ کی مشیت سے دنیامیں اپنی گمراہی وبداعمالیوں کے برے نتائج سے بچ بھی گیا ہو مگر حساب کتاب کے دن اس کے بچاؤ کی کوئی صورت نہیں ہوگی،اس وقت پوری خلقت دو گروہوں میں بٹ جائے گی ایک گروہ ان خوش نصیب لوگوں کاہوگاجو اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے ہوں گے،انبیاءومرسلین کی تصدیق کی ہوگی،جو اللہ کے حکموں کو بجالائے ہوں گے اور اللہ کی مقررہ کردہ حدود کی پابندی کی ہوگی،جنہوں نے اللہ کے خوف ورجاکے ساتھ زندگی بسر کی ہوگی،اللہ اس گروہ کو اجرعظیم عطافرما کر لازوال نعمتوں بھری جنت میں داخل فرمائے گااور دوسراگروہ ان بدقسمت لوگوں پر مشتمل ہوگاجو اللہ کے دین سے بغاوت،احکامات میں سرکشی، حدود سے تجاوز اور بداعمالیوں کے سبب عذاب الٰہی کے مستحق قرار پائیں گے،جیسے فرمایا:

...ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ۝۱۰۳ وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ۝۱۰۴ يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ۝۱۰۵ [1]

ترجمہ:وہ ایک دن ہوگاجس میں سب لوگ جمع ہوں گے اور پھر جو کچھ بھی اس روز ہوگاسب کی آنکھوں کے سامنے ہوگا،ہم اس کے لانے

[1] ھود۱۰۳تا۱۰۵

میں کچھ بہت زیادہ تاخیر نہیں کر رہے بس ایک گنی چنی مدت اس کے لیے مقرر ہے، جب وہ آئے گا تو کسی کو بات کرنے کی مجال نہ ہو گی الایہ کہ اللہ کی اجازت سے کچھ عرض کرے، پھر کچھ لوگ اس روز بد بخت ہوں گے اور کچھ نیک بخت۔

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي يَدِهِ كِتَابَانِ فَقَالَ:أَتَدْرُونَ مَا هَذَانِ الْكِتَابَانِ؟ قَالَ: قُلْنَا: لَا، إِلَّا أَنْ تُخْبِرَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ لِلَّذِي فِي يَدِهِ الْيُمْنَى :هَذَا كِتَابٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى، بِأَسْمَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَأَسْمَاءِ آبَائِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ، ثُمَّ أُجْمِلَ عَلَى آخِرِهِمْ، لَا يُزَادُ فِيهِمْ وَلَا يُنْقَصُ مِنْهُمْ أَبَدًا ثُمَّ قَالَ لِلَّذِي فِي يَسَارِهِ:هَذَا كِتَابُ أَهْلِ النَّارِ، بِأَسْمَائِهِمْ وَأَسْمَاءِ آبَائِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ، ثُمَّ أُجْمِلَ عَلَى آخِرِهِمْ، لَا يُزَادُ فِيهِمْ وَلَا يُنْقَصُ مِنْهُمْ أَبَدًا فَقَالَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلِأَيِّ شَيْءٍ إِذَنْ نَعْمَلُ إِنْ كَانَ هَذَا أَمْرًا قَدْ فُرِغَ مِنْهُ؟

عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک مرتبہ ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اس وقت آپ کے مبارک ہاتھوں میں دو کتابیں تھیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیا تم جانتے ہو کہ یہ دونوں کتابیں کیسی ہیں؟ ہم نے عرض کیا نہیں، ہاں اگر آپ اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں بتا دیں تو ہمیں معلوم ہو جائے گا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دائیں ہاتھ والی کتاب کی طرف اشارہ کر کے فرمایا یہ اللہ رب العلمین کی کتاب ہے، جس میں اہل جنت ان کے آباؤ اجداد اور ان کے قبائل کے نام لکھے ہوئے ہیں اس میں کسی قسم کی کمی بیشی نہیں ہو سکتی کیونکہ اس میں آخری آدمی تک سب کے نام آ گئے ہیں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بائیں ہاتھ والی کتاب کے بارے میں فرمایا یہ اہل دوزخ کی کتاب ہے اس میں ان کے نام اور ان کے آباؤ اجداد اور قبائل کے نام ہیں، اس میں کسی قسم کی کمی بیشی نہیں ہو سکتی کیونکہ اس میں آخری آدمی تک سب کے نام آ گئے ہیں، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! جب اس کام سے فراغت ہو چکی تو پھر ہم عمل کس مقصد کے لئے کریں؟

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:سَدِّدُوا وَقَارِبُوا، فَإِنَّ صَاحِبَ الْجَنَّةِ يُخْتَمُ لَهُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَإِنْ عَمِلَ أَيَّ عَمَلٍ، وَإِنَّ صَاحِبَ النَّارِ لَيُخْتَمُ لَهُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنْ عَمِلَ أَيَّ عَمَلٍ ثُمَّ قَالَ: بِيَدِهِ فَقَبَضَهَا ثُمَّ قَالَ:فَرَغَ رَبُّكُمْ عَزَّ وَجَلَّ مِنَ الْعِبَادِ ثُمَّ قَالَ بِالْيُمْنَى: فَنَبَذَ بِهَا، فَقَالَ:فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ ، وَنَبَذَ بِالْيُسْرَى، فَقَالَ:فَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا درستگی پر رہو اور قریب ہو جاؤ کیونکہ جنتی کا خاتمہ جنتیوں والے اعمال پر ہی ہو گا گو کہ وہ کوئی سے اعمال کرتا رہے، اور جہنمی کا خاتمہ جہنمیوں والے اعمال پر ہو گا گو کہ وہ کیسے ہی اعمال کرتا رہے، پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے اس کی مٹھی بنائی اور فرمایا تمہارا رب بندوں کی تقدیر لکھ کر فارغ ہو چکا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم دائیں ہاتھ کی طرف اشارہ کر کے پھونک ماری اور فرمایا ایک فریق جنت میں ہو گا اس کے بعد بائیں ہاتھ پر پھونک کر فرمایا اور ایک فریق جہنم میں ہو گا۔[1]

عَنْ أَبِي نَضْرَةَ: أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهُ: أَبُو عَبْدِ اللَّهِ، دَخَلَ عَلَيْهِ أَصْحَابُهُ يَعُودُونَهُ

[1] مسند احمد ۶۵۶۳، جامع ترمذی أَبْوَابُ الْقَدَرِ بَابُ مَا جَاءَ أَنَّ اللَّهَ كَتَبَ كِتَابًا لِأَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَهْلِ النَّارِ ۲۱۴۱، السنن الکبری للنسائی ۱۱۴۰۹، سلسلة الأحاديث الصحيحة وشيء من فقهها وفوائدها ۸۴۸

وَهُوَ يَبْكِي، فَقَالُوا لَهُ: مَا يُبْكِيكَ؟ أَلَمْ يَقُلْ لَكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:خُذْ مِنْ شَارِبِكَ، ثُمَّ أَقِرَّهُ حَتَّى تَلْقَانِي؟ قَالَ: بَلَى، وَلَكِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:إِنَّ اللَّهَ قَبَضَ بِيَمِينِهِ قَبْضَةً، وَأُخْرَى بِالْيَدِ الْأُخْرَى، وَقَالَ: هَذِهِ لِهَذِهِ، وَهَذِهِ لِهَذِهِ، وَلَا أُبَالِي فَلَا أَدْرِي فِي أَيِّ الْقَبْضَتَيْنِ أَنَا

ابونضرہ سے مروی ہے صحابہ کرام میں سے ایک شخص کو ابوعبداللہ کہاجاتا تھاان کے رفقاء ان کی زیارت کے لیےان کے پاس گئے،انہوں نے دیکھا کہ وہ رو رہے ہیں رفقاء نے ان سے پوچھا آپ کیوں رو رہے ہیں؟ کیارسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے آپ سے یہ نہیں فرمایا تھااپنی مونچھیں کترائواور پھراسی حالت پر انہیں رکھوحتی کہ مجھ سے ملاقات کرو؟ انہوں نے جواب دیاہاں یہ تو رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا تھالیکن میں نے آپ کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا ہے بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے دائیں ہاتھ میں ایک مٹھی پکڑی اور دوسری اپنے دوسرے ہاتھ میں اور فرمایا کہ یہ مٹھی اس(جنت) کے لیے اور یہ مٹھی اس(دوزخ) کے لیے ہے اور مجھے کوئی پرواہ نہیں اور مجھے نہیں معلوم کہ میں ان میں سے کس مٹھی میں ہوں۔[1]

وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ لٰكِنْ یُّدْخِلُ مَنْ یَّشَآءُ فِیْ رَحْمَتِهٖ ؕ

اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو ان سب کو ایک ہی امت کا بنا دیتا لیکن جسے چاہتا اپنی رحمت میں داخل کرلیتا ہے

وَ الظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِیٍّ وَّ لَا نَصِیْرٍ ۸ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِیَآءَ ۚ

اور ظالموں کا حامی اور مددگار کوئی نہیں، کیا ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے سوا اور کارساز بنا لیے ہیں

فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِیُّ وَ هُوَ یُحْیِ الْمَوْتٰى ؗ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۹ (الشوریٰ۸،۹)

(حقیقتاً تو) اللہ تعالیٰ ہی کارساز ہے،وہی مردوں کو زندہ کرے گااور وہی ہر چیز کا قادر ہے۔

اگر اللہ تعالیٰ کی مشیت ہوتی توسب انسانوں کو ایک ہی گروہ بنادیتا جو راہ ہدایت پر چلتا لیکن اس میں انسان کو ارادہ واختیار کی آزادی نہ ہوتی ،جبکہ اللہ نے انسانوں کو دونوں راستوں سے خوب آگاہ فرما کر ارادہ واختیار کی آزادی بخشی ہے تاکہ وہ اپنا راستہ خود متعین کرے اور اسی کے مطابق جزایا سزاپائے،چنانچہ جس کے دل میں وہ خیر کی روشنی پاتا ہے اسے راہ راست کی توفیق بخش دیتا ہے اور کفار ومشرکین کا نہ کوئی ولی ہے جو ان کی مدد کرسکے اور نہ کوئی مددگار جو ان سے کسی تکلیف کو دور کرسکے،مشرکین کی جہالت بیان فرمائی کہ انہوں نے اپنے معبود حقیقی اللہ وحدہ لاشریک کو چھوڑ کر بے شمار معبودوں کو اپنا سرپرست بنا رکھا ہے،حالانکہ انسان کا حقیقی سرپرست وہی ہوسکتا ہے جو زندگی وموت اور نفوذ مشیت وقدرت میں تصرف کرتا ہو،جو حق ولایت ادا کرنے کی قدرت اور اختیارات بھی رکھتا ہو،جو اپنے مومن بندوں کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لاتا ہو،جیسے فرمایا:

---

[1] مسند احمد ۱۷۵۹۳

اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ۙ یُخۡرِجُہُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ ...۬ ﴿۲۵۷﴾ [1]

ترجمہ: جولوگ ایمان لاتے ہیں ان کا حامی و مددگار اللہ ہے اور وہ ان کو تاریکیوں سے روشنی میں نکال لاتا ہے۔

...وَیُخۡرِجُہُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ بِاِذۡنِہٖ وَیَہۡدِیۡہِمۡ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ﴿۱۶﴾ [2]

ترجمہ: اور اپنے اذن سے ان کو اندھیروں سے نکال کر اجالے کی طرف لاتا ہے اور راہ راست کی طرف ان کی رہنمائی کرتا ہے۔

ہُوَ الَّذِیۡ یُنَزِّلُ عَلٰی عَبۡدِہٖۤ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ لِّیُخۡرِجَکُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ ... ﴿۹﴾ [3]

ترجمہ: وہ اللہ ہی تو ہے جو اپنے بندے پر صاف صاف آیتیں نازل کر رہا ہے تاکہ تمہیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لے آئے۔

جو اپنے لطف و کرم سے ان کی تربیت کرتا اور تمام امور میں ان پر اپنی اعانت کا فیضان کرتا ہو، اگر اللہ کے سوا کسی اور کے پاس ایسی قدرت اور اختیارات ہوں تو انہیں اپنا ولی بناؤ اور اگر اللہ کے سوا کسی کے پاس ایسی کوئی قدرت و اختیارات نہیں تو پھر اس کے سوا کسی اور کو اپنا ولی بنالینا جہالت، حماقت اور خودکشی کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

وَ مَا اخۡتَلَفۡتُمۡ فِیۡہِ مِنۡ شَیۡءٍ فَحُکۡمُہٗۤ اِلَی اللّٰہِ ؕ ذٰلِکُمُ اللّٰہُ رَبِّیۡ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ ٭ۖ

اور جس جس چیز میں تمہارا اختلاف ہو اس کا فیصلہ اللہ تعالیٰ کی طرف ہے، یہی اللہ میرا رب ہے جس پر میں نے بھروسہ کر رکھا ہے

وَ اِلَیۡہِ اُنِیۡبُ ﴿۱۰﴾ فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ جَعَلَ لَکُمۡ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ اَزۡوَاجًا

اور جس کی طرف میں جھکتا ہوں، وہ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے اس نے تمہارے لیے تمہاری جنس کے جوڑے بنا دیئے

وَّ مِنَ الۡاَنۡعَامِ اَزۡوَاجًا ۚ یَذۡرَؤُکُمۡ فِیۡہِ ؕ لَیۡسَ کَمِثۡلِہٖ شَیۡءٌ ۚ وَ ہُوَ السَّمِیۡعُ

ہیں، اور چوپایوں کے جوڑے بنائے ہیں تمہیں وہ اس میں پھیلا رہا ہے، اس جیسی کوئی چیز نہیں، وہ سننے والا اور

الۡبَصِیۡرُ ﴿۱۱﴾ لَہٗ مَقَالِیۡدُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ۚ یَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ یَّشَآءُ وَ یَقۡدِرُ ؕ

دیکھنے والا ہے، آسمانوں اور زمین کی کنجیاں اسی کی ہیں، جس کی چاہے روزی کشادہ کر دے اور تنگ کر دے،

اِنَّہٗ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ﴿۱۲﴾ (الشوریٰ ۱۰تا۱۲)

یقیناً وہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

یہود و نصاریٰ، مجوسیوں اور اسلام میں اختلافات ہیں، اور ہر مذہب کا پیروکار یہی دعویٰ کرتا ہے کہ وہ راہ راست پر ہے اور باقی تمام گروہ گمراہ ہیں، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے قیامت تک کے لیے انسانوں کی ہدایت و رہنمائی کے لیے اپنی آخری کتاب نازل فرما دی ہے، اس کو حکم مان کر باآسانی

---

[1] البقرۃ ۲۵۷

[2] المائدۃ ۱۶

[3] الحدید ۹

ہر معاملے کا چاہے وہ یہود و نصاریٰ اور اسلام کے درمیان ہو یا مسلمانوں کے گروہوں کے درمیان ہو فیصلہ کیا جا سکتا ہے اور تمام اختلافات ختم کیے جا سکتے ہیں مگر لوگ اپنے تعصب اور بغض و عناد میں قرآن مجید کو ثالث ماننے کو تیار نہیں ہوتے، حالاں کہ اللہ تعالیٰ نے اس اصول کو قرآن مجید میں یوں بیان فرمایا

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ ۖ فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ﴿٥٩﴾ [1]

ترجمہ: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور ان لوگوں کی جو تم میں سے صاحب امر ہوں، پھر اگر تمہارے درمیان کسی معاملہ میں نزاع ہو جائے تو اسے اللہ اور رسول کی طرف پھیر دو اگر واقعی اللہ اور روز آخر پر ایمان رکھتے ہو۔ یہی ایک صحیح طریق کار ہے اور انجام کے اعتبار سے بھی بہتر ہے۔

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَمْرًا أَنْ يَكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ أَمْرِهِمْ ۗ وَمَنْ يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا مُبِينًا ﴿٣٦﴾ [2]

ترجمہ: کسی مومن مرد اور کسی مومن عورت کو یہ سزاوار نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی معاملے کا فیصلہ کر دے تو اسے اپنے اس معاملے میں خود فیصلہ کرنے کا اختیار رہے، اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی وہ صریح گمراہی میں پڑ گیا۔

اتَّبِعُوا مَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ مِنْ رَبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوا مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءَ ۗ قَلِيلًا مَا تَذَكَّرُونَ ﴿٣﴾ [3]

ترجمہ: لوگو! جو کچھ تمہارے رب کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے اس کی پیروی کرو اور اپنے رب کو چھوڑ کر دوسرے سرپرستوں کی پیروی نہ کرو مگر تم نصیحت کم ہی مانتے ہو۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا انسانی گروہوں میں جن معاملات میں بھی اختلافات اور تنازعات ہیں اس کا فیصلہ اللہ احکم الحاکمین کر دے گا، وہی اللہ جو اختلافات اور تنازعات کا فیصلہ کرنے والا اصل حاکم ہے میرا رب ہے، میں اسی کی مدد، رہنمائی، حمایت و حفاظت اور فیصلوں پر اعتماد کرتا ہوں اور اپنے دل و جان سے اس کی طرف اور اس کی عبادت و اطاعت کی طرف متوجہ ہوتا ہوں، اللہ تعالیٰ نے انہی دو اصولوں کو کثرت سے بیان کیا ہے۔

إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ ﴿٤﴾ [4]

ترجمہ: ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد کے طلب گار ہیں۔

---

[1] النساء۵۹
[2] الاحزاب ۳۶
[3] الاعراف۳
[4] الفاتحۃ۴

...فَاعۡبُدۡهُ وَتَوَكَّلۡ عَلَيۡهِ...﴿۱۲۳﴾ [1]

ترجمہ: پس اے نبی! تو اسی کی بندگی کر اور اسی پر بھروسہ رکھ۔

اللہ خالق کائنات نے اپنی قدرت، مشیت اور حکمت سے ساتوں آسمانوں اور زمین کو سات دنوں میں تخلیق کیا اور یہ اس کا احسان ہے کہ جس نے تمہاری جنس سے تمہارے لیے جوڑے بنائے تا کہ تم ان کے پاس سکون حاصل کرو اور تمہاری نسل بڑھ سکے اور چوپایوں میں بھی انہی کے ہم جنس جوڑے بنائے تا کہ ان کی نسل باقی رہ کر بڑھتی رہے اور تمہاری بہت سی ضروریات پوری ہوں، اس طرح وہ مذکر اور مونث کے ملاپ سے تمہاری اور چوپایوں کی نسلیں کثرت سے پھیلاتا ہے، وہ اپنی ذات، صفات، اسماء اور افعال میں بے نظیر ہے، وہ اپنے کمال میں واحد اور منفرد ہے ، اور وہ کائنات کو تخلیق کر کے غافل نہیں ہو گیا بلکہ وہ اپنے بندوں کی مختلف زبانوں اور متنوع دعاؤں کے باوجود سب کی آوزیں سنتا اور ان کے کھلے اور چھپے تمام اعمال دیکھتا ہے، سارے عالم کا متصرف مالک اور حاکم وہی یکتا لاشریک ہے، اور اسی کے ہاتھ میں رحمت و رزق اور ظاہری و باطنی نعمتوں کی کنجیاں ہیں، اور وہ مشیت و حکمت سے جس کو چاہتا ہے کھلا رزق عطا فرما دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے تنگ حال کر دیتا ہے۔

مَا يَفۡتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنۡ رَّحۡمَةٍ فَلَا مُمۡسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمۡسِكۡ ۙ فَلَا مُرۡسِلَ لَهٗ مِنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۲﴾ [2]

ترجمہ: اللہ جس رحمت کا دروازہ بھی لوگوں کے لیے کھول دے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جسے وہ بند کر دے اسے اللہ کے بعد پھر کوئی دوسرا کھولنے والا نہیں، وہ زبردست اور حکیم ہے۔

اس کا وسیع علم ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے، یعنی وہ اپنے بندوں کے احوال کو خوب جانتا ہے اور ہر شخص کو وہی کچھ عطا کرتا ہے جو اس کی مشیت تقاضا کرتی ہے اور جو اس کی حکمت کے لائق ہے۔

شَرَعَ لَكُمۡ مِّنَ الدِّيۡنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوۡحًا وَّ الَّذِيۡۤ

اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے وہی دین مقرر کر دیا ہے جس کے قائم کرنے کا اس نے نوح (علیہ السلام) کو حکم دیا تھا اور جو

اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ وَ مَا وَصَّيۡنَا بِهٖۤ اِبۡرٰهِيۡمَ وَ مُوۡسٰى وَ عِيۡسٰۤى

(بذریعہ وحی) ہم نے تیری طرف بھیج دی ہے، اور جس کا تاکیدی حکم ہم نے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ (علیہم السلام) کو

اَنۡ اَقِيۡمُوا الدِّيۡنَ وَ لَا تَتَفَرَّقُوۡا فِيۡهِ ؕ كَبُرَ عَلَى الۡمُشۡرِكِيۡنَ

دیا تھا کہ اس دین کو قائم رکھنا اور اس میں پھوٹ نہ ڈالنا جس چیز کی طرف آپ انہیں بلا رہے ہیں وہ تو (ان) مشرکین پر

---

[1] ہود ۱۲۳

[2] فاطر ۲

مَا تَدۡعُوۡهُمۡ اِلَيۡهِ‌ؕ اَللّٰهُ يَجۡتَبِىۡۤ اِلَيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ وَ يَهۡدِىۡۤ اِلَيۡهِ مَنۡ يُّنِيۡبُ ﴿۱۳﴾

گراں گزرتی ہے،اللہ تعالیٰ جسے چاہتاہے اپنابرگزیدہ بناتاہےاور جو بھی اس کی طرف رجوع کرے وہ اس کی صحیح راہنمائی کرتاہے،

وَ مَا تَفَرَّقُوۡۤا اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ الۡعِلۡمُ بَغۡيًۢا بَيۡنَهُمۡ‌ؕ وَ لَوۡ لَا كَلِمَةٌ

ان لوگوں نے اپنے پاس علم آجانے کے بعد ہی اختلاف کیا(اور وہ بھی) باہمی ضد بحث سے،اور اگر آپ کے رب کی بات

سَبَقَتۡ مِنۡ رَّبِّكَ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِىَ بَيۡنَهُمۡ‌ؕ وَ اِنَّ الَّذِيۡنَ

ایک وقت تک کے لیے پہلے ہی سے قرار پا گئی ہوئی ہوتی، تو یقیناً ان کا فیصلہ ہوچکا ہوتا اور جن لوگوں کو

اُوۡرِثُوا الۡكِتٰبَ مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ لَفِىۡ شَكٍّ مِّنۡهُ مُرِيۡبٍ ﴿۱۴﴾ (الشوریٰ۱۳،۱۴)

ان کے بعد کتاب دی گئی وہ بھی اس کی طرف سے الجھن والے شک میں پڑے ہوئے ہیں۔

تمام انبیاء کاایک ہی دین اسلام تھا:

اے لوگو!محمد رسول اللہ ﷺ کسی نئے دین کی بنیاد نہیں رکھ رہے،اور نہ ہی اللہ تعالیٰ نے تمہارے پاس کوئی نیا دین بھیجاہے بلکہ اللہ کی طرف سے ہمیشہ ایک ہی دین، دین اسلام رہاہے جوتمام ادیان میں سب سے افضل اور سب سے پاک دین ہے، دین اسلام جوتمام انبیاء ومرسلین کادین تھااور جس کی دعوت تمام انبیاء اپنی اپنی قوم کو پیش کرتے چلے آرہے ہیں، جیسے فرمایا

وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا نُوۡحِىۡۤ اِلَيۡهِ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعۡبُدُوۡنِ ﴿۲۵﴾ [1]

ترجمہ:ہم نے تم سے پہلے جو رسول بھی بھیجاہے اس کو یہی وحی کی ہے کہ میرے سوا کوئی الٰہ نہیں ہے پس تم لوگ میری بندگی کرو۔

وَمَاۤ اُمِرُوۡۤا اِلَّا لِيَعۡبُدُوا اللّٰهَ مُخۡلِصِيۡنَ لَهُ الدِّيۡنَ ۙ حُنَفَآءَ وَيُقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤۡتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيۡنُ الۡقَيِّمَةِ ؕ﴿۵﴾ [2]

ترجمہ:اور ان کو اس کے سوا کوئی حکم نہیں دیا گیاتھا کہ اللہ کی بندگی کریں اپنے دین کو اس کے لیے خالص کرکے بالکل یکسو ہو کر اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں، یہی نہایت صحیح اور درست دین ہے۔

چنانچہ اصولی طور پر تمام انبیاء ومرسلین کادین ایک ہی رہاہے،البتہ حالات کے لحاظ سے احکام شرح میں جزوی فرق تھا، جیسے فرمایا

۔۔۔لِكُلٍّ جَعَلۡنَا مِنۡكُمۡ شِرۡعَةً وَّمِنۡهَاجًا ۔۔۔ ﴿۴۸﴾ [3]

ترجمہ:ہم نے تم(انسانوں) میں سے ہر ایک کے لیے ایک شریعت اور ایک راہ عمل مقرر کی۔

---

[1] الانبیاء۲۵

[2] البینۃ۵

[3] المائدۃ۴۸

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:أَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَالْأَنْبِيَاءُ إِخْوَةٌ لِعَلَّاتٍ، أُمَّهَاتُهُمْ شَتَّى وَدِينُهُمْ وَاحِدٌ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ابن مریم کے دنیا اور آخرت میں سب سے زیادہ قریب ہوں اور انبیاء کی جماعت علاتی بھائیوں (کی طرح) ہیں، ان کے مسائل میں اگرچہ اختلاف ہے لیکن دین سب کا ایک ہی ہے۔[1]

اور اب اسی قدیم دین کو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے سامنے پیش کر رہے ہیں تاکہ وہ خود اسے اپنی ذات پر نافذ کریں اور دوسروں پر نافذ کرنے کے لیے جدوجہد کریں، اور اے لوگو! اب صحیح وسچا دین آ گیا ہے تو اس کے اصول وفروع پر متفق رہو، سب لوگ مل کر اللہ کے دین کو قائم کرنے میں لگ جاؤ اور پہلے انبیاء کی امتوں کی طرح تفرقہ برپا مت کرو یعنی اس کی عبادت واطاعت سے گریز نہ کرو، اللہ کی ذات وصفات، اسماء اور افعال میں دوسروں کو شریک کر کے افتراق وانتشار انگیزی نہ کرو، اللہ کے دین میں اپنی طرف سے نئی نئی باتیں شامل نہ کرو، دین کے نصوص میں تاویلات کر کے نرالے عقائد اور انوکھے اعمال ایجاد نہ کرو، اگر ایسا کرو گے تو تم گروہ درگروہ تقسیم ہو جاؤ اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی، جیسے فرمایا

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ... ﴿۱۰۳﴾ [2]

ترجمہ: سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑ لو اور تفرقہ میں نہ پڑو۔

مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۳۱﴾ مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۳۲﴾ [3]

ترجمہ: (قائم ہو جاؤ اس بات پر) اللہ کی طرف رجوع کرتے ہوئے اور ڈرو اس سے اور نماز قائم کرو اور نہ ہو جاؤ ان مشرکین میں سے جنہوں نے اپنا اپنا دین الگ بنا دیا ہے اور گروہوں میں بٹ گئے ہیں، ہر ایک گروہ کے پاس جو کچھ ہے اسی میں وہ مگن ہے۔

اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! جب آپ ان لوگوں کو اللہ کے لیے اخلاص کی دعوت دیتے ہیں تو مشرکین کو اللہ رب العالمین کی توحید اور اللہ و رسول کی اطاعت کی صدائیں ناگوار گزرتی ہیں، شعیب علیہ السلام کی قوم کو بھی دعوت حق ناگوار گزرتی تھی۔

قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰۗؤُا ۭ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ﴿۸۷﴾ [4] ترجمہ: انہوں نے جواب دیا اے شعیب علیہ السلام کیا تیری نماز تجھے یہ سکھاتی ہے کہ ہم ان سارے معبودوں کو چھوڑ دیں جن کی پرستش ہمارے باپ دادا کرتے تھے؟ یا یہ کہ ہم کو اپنے مال میں اپنے منشا کے مطابق تصرف کرنے کا اختیار نہ ہو؟ بس تو ہی تو ایک عالی

---

[1] صحیح بخاری کتاب احادیث بَابُ قَوْلِ اللَّهِ وَاذْكُرْ فِي الكِتَابِ مَرْيَمَ إِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا ۳۴۴۳، صحیح مسلم کتاب الفضائل بَابُ فَضَائِلِ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ ۶۱۳۰، مسند احمد ۱۰۲۵۸

[2] آل عمران ۱۰۳

[3] الروم ۳۱،۳۲

[4] هود ۸۷

ظرف اور راستباز آدمی رہ گیا ہے۔

وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝۴۵ [۱]

ترجمہ: جب اکیلے اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو آخرت پر ایمان نہ رکھنے والوں کے دل کڑھنے لگتے ہیں اور جب اس کے سوا دوسروں کا ذکر ہوتا ہے تو یکایک وہ خوشی سے کھل اٹھتے ہیں۔

وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ ۡ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۝۴ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ښ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝۵ [۲]

ترجمہ: منکرین کہنے لگے کہ یہ ساحر ہے سخت جھوٹا ہے، کیا اس نے سارے خداؤں کی جگہ بس ایک ہی خدا بنا ڈالا؟ یہ تو ایک عجیب بات ہے۔

اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی بارگاہ میں برگزیدہ بنالیتا ہے، اور اس کو راستہ دکھاتا ہے جو اس کی طرف رجوع کرتا ہے، جیسے فرمایا:

...قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ڛ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۝۱۵ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۱۶ [۳]

ترجمہ: ہمارا رسول تمہارے پاس آ گیا ہے جو کتاب الٰہی کی بہت سی ان کتابوں کو تمہارے سامنے کھول رہا ہے جن پر تم پردہ ڈالا کرتے تھے، اور بہت سی باتوں سے درگزر بھی کر جاتا ہے تمہارے پاس اللہ کی طرف سے روشنی آ گئی ہے اور ایک ایسی حق نما کتاب جس کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جو اس کی رضا کے طالب ہیں سلامتی کے طریقے بتاتا ہے، اور اپنے اذن سے ان کو اندھیروں سے نکال کر اجالے کی طرف لاتا ہے اور راہ راست کی طرف ان کی رہنمائی کرتا ہے۔

مگر لوگوں نے انبیاء کے مبعوث ہونے اور ان پر کتابیں نازل ہو جانے کے بعد جب حجت ان پر قائم ہوگئی محض بغض و عناد، ہٹ دھرمی اور حسد کی وجہ سے اختلاف اور تفریق کا راستہ اختیار کیا اور ان کے اختلاف کی وجہ یہ تھی کہ وہ شریعت کے خلاف نئے عقائد، نئی عبادات، مراسم اور نئے نظام حیات ایجاد کر کے ایک دوسرے پر ظلم و زیادتی کرنا چاہتے تھے، اگر تیرا رب پہلے ہی یہ نہ فیصلہ کر چکا ہوتا کہ قیامت کے دن تک فیصلہ کن عذاب کو ملتوی رکھا جائے گا تو دنیا میں ہی ان کا قضیہ کبھی کا چکا دیا گیا ہوتا، اور حقیقت یہ ہے کہ یہود و نصاریٰ جو اگلوں کے بعد تورات و انجیل کے وارث بنائے گئے انہوں نے ان کتابوں کو یقین و اعتماد کے ساتھ نہیں لیا بلکہ وہ اس کی طرف سے شکوک و شبہات اور ذہنی الجھنوں میں مبتلا ہو گئے۔

---

[۱] الزمر ۴۵

[۲] ص ۵،۴

[۳] المائدہ ۱۶،۱۵

فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَ اسْتَقِمْ كَمَاۤ اُمِرْتَ ۚ وَ لَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ

پس آپ لوگوں کو اسی طرف بلاتے رہیں اور جو کچھ آپ سے کہا گیا ہے اس پر مضبوطی سے جم جائیں اور ان کی خواہشوں پر نہ چلیں

وَ قُلْ اٰمَنْتُ بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَ اُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَیْنَكُمْ ؕ

اور کہہ دیں کہ اللہ تعالیٰ نے جتنی کتابیں نازل فرمائی ہیں میرا ان پر ایمان ہے، اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ تم میں انصاف کرتا رہوں،

اَللّٰهُ رَبُّنَا وَ رَبُّكُمْ ؕ لَنَاۤ اَعْمَالُنَا وَ لَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؕ لَا حُجَّةَ بَیْنَنَا وَ بَیْنَكُمْ ؕ

ہمارا اور تم سب کا پروردگار اللہ ہی ہے ہمارے اعمال ہمارے لیے اور تمہارے اعمال تمہارے لیے ہیں ہم تم میں کوئی کٹ حجتی نہیں،

اَللّٰهُ یَجْمَعُ بَیْنَنَا ۚ وَ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ ؕ ﴿۱۵﴾ (الشوریٰ ۱۵)

اللہ تعالیٰ ہم (سب) کو جمع کرے گا اور اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

اے محمد ﷺ! اب آپ اسی دین اور صراط مستقیم کی طرف اپنی امت کو دعوت دیں، اور اس کے پھیلانے کی کوشش کرتے رہیں جس کی خاطر اللہ تعالیٰ نے رسول مبعوث کئے اور ان پر کتابیں نازل فرمائیں اور جو اس کو قبول نہیں کرتے ان لوگوں سے جہاد کریں، اللہ کی الوہیت، وحدانیت و ربوبیت اور عبادت پر آپ خود اور اہل ایمان استقامت رکھیں، اور کفار و مشرکین کو راضی کرنے کے لئے اس دین کے اندر کوئی ردوبدل اور کمی بیشی نہ کریں، جس شخص کو ایمان لانا ہے وہ اس خالص دین پر ایمان لے آئے اور پورا کا پورا اس میں داخل ہو جائے اور جو اپنے تعصّبات بغض وعناد میں اس پر ایمان نہیں لاتا اور اندھا بن کر زندگی گزارنا چاہتا ہے وہ جلد اپنا انجام خود دیکھ لے گا، اگر آپ نے علم کے آجانے کے بعد بھی ان کی خواہشات کی پیروی کی تو آپ کا شمار ظالموں میں ہو گا، اگر اہل کتاب بعض کتابوں اور بعض رسولوں پر ایمان لا کر اور دیگر کا انکار کر کے مناظرہ کریں تو ان سے احسن طریقے پر بحث و مباحثہ کرو، جیسے فرمایا:

وَلَا تُجَادِلُوْۤا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ... ﴿۴۶﴾ [1]

ترجمہ: اور اہل کتاب سے بحث نہ کرو مگر عمدہ طریقے سے۔

اور صاف کہہ دو کہ مجھ سے پہلے اللہ نے جو آسمانی کتاب نازل فرمائیں ہیں میرا ان سب پر پختہ ایمان ہے، میں ان تفرقہ پرداز لوگوں کی طرح نہیں ہوں جو اللہ کی نازل کردہ بعض کتابوں کو مانتے ہیں اور بعض کو نہیں مانتے، اللہ تعالیٰ نے مجھے تمہارے درمیان قاضی مقرر کیا ہے تاکہ میں لوگوں کے درمیان انصاف کروں، اللہ ہی ہمارا رب بھی ہے اور تمہارا رب بھی، یعنی وہ سب کا رب ہے تم ہم سے زیادہ اس کے مستحق نہیں ہو، ہم میں ہر ایک اپنے اپنے عمل کا خود ذمہ دار و جوابدہ ہے، اگر تم نیکی کرو گے تو اس کا پھل ہمیں نہیں پہنچ جائے گا بلکہ تم ہی اس سے متمتع ہو گے، اور اگر ہم برائی کریں گے تو اس کی پاداش میں تم نہیں پکڑے جاؤ گے بلکہ ہمیں خود ہی اس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا، جیسے فرمایا

---

[1] العنکبوت ۴۶

وَاِنۡ كَذَّبُوۡكَ فَقُلْ لِّىۡ عَمَلِىۡ وَلَـكُمۡ عَمَلُكُمۡ‌ۚ اَنۡتُمۡ بَرِيۡٓـئُوۡنَ مِمَّاۤ اَعۡمَلُ وَاَنَا بَرِىۡٓءٌ مِّمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ۝۴۱ [۱]

ترجمہ: اگر یہ تجھے جھٹلاتے ہیں تو کہہ دے کہ میرا عمل میرے لیے ہے اور تمہارا عمل تمہارے لیے، جو کچھ میں کرتا ہوں اس کی ذمہ داری سے تم بری ہو اور جو کچھ تم کر رہے ہو اس کی ذمہ داری سے میں بری ہوں۔

قُلۡ اَتُحَآجُّوۡنَنَا فِى اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّکُمۡ‌ۚ وَلَنَآ اَعۡمَالُنَا وَلَـكُمۡ اَعۡمَالُكُمۡ‌ۚ وَنَحۡنُ لَهٗ مُخۡلِصُوۡنَۙ ۝۱۳۹ [۲]

ترجمہ: اے نبی ان سے کہو! کیا تم اللہ کے بارے میں ہم سے جھگڑتے ہو؟ حالانکہ وہی ہمارا رب بھی ہے اور تمہارا رب بھی، ہمارے اعمال ہمارے لیے ہیں تمہارے اعمال تمہارے لیے اور ہم اللہ ہی کے لیے اپنی بندگی کو خالص کر چکے ہیں۔

اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰٮهُ‌ؕ قُلۡ اِنِ افۡتَرَيۡتُهٗ فَعَلَىَّ اِجۡرَامِىۡ وَاَنَا بَرِىۡٓءٌ مِّمَّا تُجۡرِمُوۡنَ ۝۳۵ [۳]

ترجمہ: اے نبی! کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اس شخص نے یہ سب کچھ خود گھڑ لیا ہے؟ ان سے کہو اگر میں نے یہ خود گھڑا ہے تو مجھ پر اپنے جرم کی ذمہ داری ہے اور جو جرم تم کر رہے ہو اس کی ذمہ داری سے میں بری ہوں۔

ہم نے معقول دلائل سے یہ بات سمجھانے کا حق ادا کر دیا ہے، حق ظاہر اور واضح ہو چکا ہے اب حجت بازی کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہی، روز قیامت اللہ تعالیٰ تمام اولین و آخرین کو جمع کرے گا اس وقت تم پر واضح ہو جائے گا کہ سچا کون تھا اور جھوٹا کون؟ جیسے فرمایا

قُلۡ يَجۡمَعُ بَيۡنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفۡتَحُ بَيۡنَنَا بِالۡحَـقِّ ؕ وَهُوَ الۡفَتَّاحُ الۡعَلِيۡمُ ۝۲۶ [۴]

ترجمہ: کہو ہمارا رب ہم کو جمع کرے گا پھر ہمارے درمیان ٹھیک ٹھیک فیصلہ کر دے گا، وہ ایسا زبردست حاکم ہے جو سب کچھ جانتا ہے۔

وَ الَّذِيۡنَ يُحَآجُّوۡنَ فِى اللّٰهِ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا اسۡتُجِيۡبَ لَهٗ حُجَّتُهُمۡ دَاحِضَةٌ

اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کی باتوں میں جھگڑا ڈالتے ہیں اس کے بعد کہ (مخلوق) اسے مان چکی، ان کی کٹ حجتی

عِنۡدَ رَبِّهِمۡ وَ عَلَيۡهِمۡ غَضَبٌ وَّ لَهُمۡ عَذَابٌ شَدِيۡدٌ ۝۱۶ اَللّٰهُ الَّذِىۡۤ اَنۡزَلَ

اللہ کے نزدیک باطل ہے اور ان پر غضب ہے اور ان کے لیے سخت عذاب ہے، اللہ تعالیٰ نے حق کے ساتھ کتاب نازل

الۡكِتٰبَ بِالۡحَـقِّ وَ الۡمِيۡزَانَ‌ ؕ وَ مَا يُدۡرِيۡكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيۡبٌ ۝۱۷

فرمائی ہے اور ترازو بھی (اتاری ہے)، اور آپ کو کیا خبر شاید قیامت قریب ہی ہو، اس کی جلدی انہیں پڑی ہے

---

[۱] یونس ۴۱

[۲] البقرة ۱۳۹

[۳] ھود ۳۵

[۴] سبا ۲۶

يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۚ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ

جو اسے نہیں مانتے اور جو اس پر یقین رکھتے ہیں وہ تو اس سے ڈر رہے ہیں انہیں اس کے

وَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا الْحَقُّ ؕ اَلَاۤ اِنَّ الَّذِيْنَ يُمَارُوْنَ فِى السَّاعَةِ

حق ہونے کا پورا علم ہے، یاد رکھو جو لوگ قیامت کے معاملہ میں لڑ جھگڑ رہے ہیں وہ دور کی

لَفِىْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ۝۱۸ (الشوریٰ ۱۶تا۱۸)

گمراہی میں پڑے ہوئے ہیں۔

مشرکین ان اہل ایمان سے جو دین اسلام پر قطعی دلائل اور روشن براہین کو دیکھ کر ایمان لائے اور محمد رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرنے والے ہیں ان سے اللہ کے دین کے معاملہ میں مجادلہ، جھگڑا کرتے ہیں تاکہ وہ انہیں راہ راست سے بھٹکا دیں،

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ، وَمُجَاهِدٌ: جَادَلُوا الْمُؤْمِنِينَ بَعْدَ مَا اسْتَجَابُوا لِلَّهِ وَلِرَسُولِهِ، لِيَصُدُّوهُمْ عَنِ الْهُدَى، وَطَمِعُوا أَنْ تَعُودَ الْجَاهِلِيَّةُ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور مجاہد نے کہا کہ مومنوں نے جب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کو مان لیا تو انہوں نے مومنوں سے جھگڑا کیا تاکہ وہ انہیں ہدایت سے روک دیں اور یہ لوگ خواہش رکھتے تھے کہ اے کاش! مومن پھر جاہلیت کی طرف لوٹ آئیں۔[1]

وَقَالَ قَتَادَةُ: هُمُ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى، قَالُوا لَهُمْ: دِينُنَا خَيْرٌ مِنْ دِينِكُمْ، وَنَبِيُّنَا قَبْلَ نَبِيِّكُمْ، وَنَحْنُ خَيْرٌ مِنْكُمْ، وَأَوْلَى بِاللَّهِ مِنْكُمْ وَقَدْ كَذَبُوا فِي ذَلِكَ

قتادہ رحمہ اللہ کہتے ہیں اس سے مراد یہود و نصاریٰ ہیں جنہوں نے مومنوں سے کہا کہ ہمارا دین تمہارے دین سے بہتر ہے، ہمارا نبی تمہارے نبی سے بہتر ہے، اور ہم تم سے بہتر اور تمہاری نسبت اللہ تعالیٰ کے زیادہ قریب ہیں حالانکہ وہ ان سب باتوں میں جھوٹے تھے۔[2]

ان کی اس طرح کی حجت بازیاں اللہ کے نزدیک باطل اور ناقابل قبول ہیں، اللہ کے رسول کو جھٹلانے، اللہ تعالیٰ کے دلائل و براہین سے روگردانی کے جرم عظیم کے سبب ان پر اللہ کا غیض و غضب ہے جس کے نتیجے میں آخرت میں ان کے لئے جہنم کا سخت عذاب ہے، وہ اللہ ہی ہے جس نے انسانوں کی ہدایت و رہنمائی کے لیے پہلے رسولوں پر کتابیں اور تم پر یہ کتاب قرآن عظیم اور شریعت نازل کی ہے جو حق اور سچ ہے، جیسے فرمایا

لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ ۝۲۵ [3]

ترجمہ: ہم نے اپنے رسولوں کو صاف صاف نشانیوں اور ہدایت کے ساتھ بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب اور میزان نازل کی تاکہ لوگ انصاف

---

[1] تفسیر ابن کثیر ۱۹۶؍۷

[2] تفسیر ابن کثیر ۱۹۶؍۷

[3] الحدید ۲۵

پر قائم ہوں۔

وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ﴿۷﴾ اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ﴿۸﴾ وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ﴿۹﴾ [۱]

ترجمہ: آسمان کو اس نے بلند کیا اور میزان قائم کر دی، اس کا تقاضا یہ ہے کہ تم میزان میں خلل نہ ڈالو، انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو اور ترازو میں ڈنڈی نہ مارو۔

اور تم لوگوں کو کیا خبر شاید کہ فیصلے کی گھڑی قریب ہی آ لگی ہو اس لیے بلا تاخیر ایمان لے آؤ ورنہ پچھتاتے اور حسرت ہی کرتے رہ جاؤ گے،، جو لوگ قیامت کے آنے پر ایمان نہیں رکھتے وہ تو بطور استہزا اس کے لئے جلدی مچاتے ہیں مگر جو اس پر ایمان رکھتے ہیں وہ اس سے ڈرتے اور خوف محسوس کرتے ہیں کہ کہیں وہ مواخذہ الٰہی کی زد میں نہ آ جائیں، جیسے فرمایا:

وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾ [۲]

ترجمہ: اور جن کا حال یہ ہے کہ دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اور دل ان کے اس خیال سے کانپتے رہتے ہیں کہ ہمیں اپنے رب کی طرف پلٹنا ہے۔

اہل ایمان کو کامل یقین ہے کہ یقیناً ایک وقت مقررہ پر قیامت آنے والی ہے، اس لیے وہ خوف ورجاع کے ساتھ عمل صالحہ کرتے ہیں تا کہ اللہ کی خوشنودی حاصل کر کے لازوال نعمتوں سے بھری جنتوں میں داخل ہو سکیں، خوب سن لو جو لوگ اس گھڑی کے آنے کے دلائل پر غور و تدبر نہیں کرتے بلکہ انبیاء اور ان کے پیروکاروں سے شک وشبہ میں ڈالنے والی بحثیں کرتے ہیں وہ راہ راست سے بھٹک کر گمراہی میں بہت دور نکل گئے ہیں۔

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۱۹﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بڑا ہی لطف کرنے والا ہے، جسے چاہتا ہے کشادہ روزی دیتا ہے اور وہ بڑی طاقت بڑے غلبے والا ہے،

الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ

جس کا ارادہ آخرت کی کھیتی کا ہو ہم اسے اس کی کھیتی میں ترقی دیں گے اور جو دنیا کی کھیتی کی طلب رکھتا ہو ہم اسے اس میں

مِنْ نَّصِيْبٍ ﴿۲۰﴾ (الشوریٰ ۱۹،۲۰)

سے ہی کچھ دے دیں گے، ایسے شخص کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔

غفور ورحیم اللہ:

اللہ احکم الحاکمین کی ایک صفت یہ ہے کہ وہ اپنے تمام بندوں کافر ومومن، نیک وبد پر بڑی شفقت وعنایت اور ان کی دقیق ترین ضروریات پر بھی نگاہ رکھتا ہے، اگرچہ وہ اپنے خزانوں سے سب ہی کو عنایت کر رہا ہے، جیسے فرمایا

---

[۱] الرحمٰن ۷تا۹

[۲] المومنون ۶۰

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا ... ۝۶ (۱)

ترجمہ: زمین میں چلنے والا کوئی جاندار ایسا نہیں ہے جس کا رزق اللہ کے ذمہ نہ ہو۔

مگر اس لطف عام کا تقاضا یہ نہیں ہے کہ وہ سب بندوں کو یکساں ہی عطا بخشش اور رزق عطا فرمائے بلکہ وہ اپنی مشیت وحکمت سے جس کو چاہتا ہے کشادہ رزق عنایت فرماتا ہے اور جسے چاہتا ناپا تلا رزق دیتا ہے، جیسے فرمایا

اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ ... ۝۵۲ (۲)

ترجمہ: اور کیا انہیں معلوم نہیں ہے کہ اللہ جس کا چاہتا ہے رزق کشادہ کر دیتا ہے اور جس کا چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے؟۔

قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ... ۝۳۹ (۳)

ترجمہ: اے نبی (ﷺ)! ان سے کہو میرا رب اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے کھلا رزق دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے نپا تلا دیتا ہے۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ ... ۝۳۷ (۴)

ترجمہ: کیا یہ لوگ دیکھتے نہیں ہیں کہ اللہ ہی رزق کشادہ کرتا ہے جس کا چاہتا ہے اور تنگ کرتا ہے (جس کا چاہتا ہے)۔

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ... ۝۶۲ (۵)

ترجمہ: اللہ ہی ہے جو اپنے بندوں میں سے جس کا چاہتا ہے رزق کشادہ کرتا ہے اور جس کا چاہتا ہے تنگ کرتا ہے۔

اس کی بخشش وعطا کا یہ نظام اس کے اپنے زور پر قائم ہے، کسی مخلوق میں اتنی طاقت اور اختیار نہیں کہ اللہ جسے دینا چاہے کوئی اسے روک سکے اور جسے نہ دینا چاہے اسے زبردستی دلا سکے، یہ دنیا دار العمل اور دار الامتحان ہے اس لیے اللہ کسی بندے کو بھی کسی عمل پر زبردستی مجبور نہیں کرتا بلکہ ہر شخص کو نیکی اور برائی کا برابر موقع دیتا ہے، اگر کوئی بندہ اللہ، اس کے رسول، نازل کردہ کتابوں اور آخرت پر ایمان لاتا ہے، اور پھر دنیا میں آخرت کے اجر وثواب کے لئے ممکن حد تک سعی وعمل کرتا ہے تو اللہ اس کی کوشش کی قدر دانی کرتا ہے، جیسے فرمایا

وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰۗىِٕكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ۝۱۹ (۶)

ترجمہ: اور جو آخرت کا خواہشمند ہو اور اس کے لیے سعی کرے جیسی کہ اس کے لیے سعی کرنی چاہیے اور ہو وہ مومن تو ایسے ہر شخص کی سعی مشکور ہو گی۔

اور دنیا میں اس کے لیے بھلائی کے اسباب مہیا کر کے اسے بھلائی کی راہ دکھلاتا اور اسے اور زیادہ نیک عمل کی توفیق عطا فرماتا ہے، اور نیکیوں کی

---

(۱) ھود۶

(۲) الزمر۵۲

(۳) سبا۳۹

(۴) الروم۳۷

(۵) العنکبوت۶۲

(۶) بنی اسرائیل۱۹

کوششوں کے باوجود جو گناہ سرزد ہوجاتے ہیں ان سے چشم پوشی کرتا ہے، اللہ کے مکرم فرشتے اس مومن بندے کو بھلائی کی ترغیب دیتے ہیں اور مشکلات و پریشانیوں میں صراط مستقیم پر ثابت قدم رکھتے ہیں، اور سب سے زیادہ یہ کہ آخرت میں بھی اس کا حصہ ہوگا، اس دنیا میں اس کی ایک ایک نیکی کا اجر کم از کم دس گنا سے لیکر سات سو گنا بلکہ اس سے زیادہ تک بھی بڑھا کر عطا فرمائے گا، اور جس شخص کی مطلوب ومقصود دنیا ہی ہو، اسے آخرت کے ثواب کی امید ہے نہ اس کے عذاب کا ڈر تو اللہ کی مشیت وتقدیر کے مطابق جو اس کا رزق مقرر ہے وہ اسے دنیا میں ہی دے دیا جاتا ہے اور آخرت کی بھلائیوں میں اس کا کوئی حصہ نہیں ہوگا، جنت اس پر حرام کر دی گئی اور وہ راندۂ درگاہ ہو کر جہنم کے عذاب میں دھکیل دیا جائے گا، جیسے فرمایا:

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۱۸﴾ [1]

ترجمہ: جو کوئی (اس دنیا میں) جلدی حاصل ہونے والے فائدوں کا خواہشمند ہوا سے ہم دے دیتے ہیں جو کچھ بھی جسے دینا چاہیں، پھر اس کے مقسوم میں جہنم لکھ دیتے ہیں جسے وہ تاپے گا ملامت زدہ اور رحمت سے محروم ہو کر۔

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ [2]

ترجمہ: جو لوگ بس اس دنیا کی زندگی اور اس کی خوشنمائیوں کے طالب ہوتے ہیں اس کی کارگزاری کا سارا پھل ہم یہیں ان کو دے دیتے ہیں اور اس میں ان کے ساتھ کوئی کمی نہیں کی جاتی، مگر آخرت میں ایسے لوگوں کے لیے آگ کے سوا کچھ نہیں ہے، (وہاں معلوم ہو جائے گا) جو کچھ انہوں نے دنیا میں بنایا وہ سب ملیا میٹ ہو گیا اور اب ان کا سارا کیا دھرا محض باطل ہے۔

عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَشِّرْ هَذِهِ الْأُمَّةَ بِالسَّنَاءِ وَالرِّفْعَةِ، وَالدِّينِ، وَالنَّصْرِ، وَالتَّمْكِينِ فِي الْأَرْضِ ، وَهُوَ يَشُكُّ فِي السَّادِسَةِ، قَالَ: فَمَنْ عَمِلَ مِنْهُمْ عَمَلَ الْآخِرَةِ لِلدُّنْيَا، لَمْ يَكُنْ لَهُ فِي الْآخِرَةِ نَصِيبٌ

ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا اس امت کو عظمت، رفعت، مذہب (اسلام) نصرت اور زمین میں غلبے کی بشارت سنادو، پس ان میں سے جو شخص آخرت کا عمل دنیا کے لیے کرے گا اس کا آخرت میں کوئی حصہ نہ ہوگا۔ [3]

اب انسان کو خود فیصلہ کر لینا چاہیے کہ اس کا بہترین فائدہ طالب دنیا بننے میں ہے یا طالب آخرت بننے میں ہے۔

اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْۢ

کیا ان لوگوں نے ایسے (اللہ کے) شریک (مقرر کر رکھے) ہیں جنہوں نے ایسے احکام دین مقرر کر دیئے جو

---

[1] بنی اسرائیل ۱۸

[2] ھود ۱۶،۱۵

[3] مسند احمد ۲۱۲۲۰

بِهِ اللّٰهُ ؕ وَ لَوْ لَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ

اللہ کے فرمائے ہوئے نہیں، اگر فیصلے کا دن کا وعدہ نہ ہوتا تو (ابھی ہی) ان میں فیصلہ کر دیا جاتا، یقیناً (ان) ظالموں کے

لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾ (الشوریٰ ۲۱)

لیے دردناک عذاب ہے۔

یہ کفار ومشرکین اللہ رب العالمین کے پاکیزہ دین کے تو پیروکار نہیں ہیں جس میں ان کی دنیاوی واخروی فلاح پنہاں ہے مگر انہوں نے اپنی خواہشات نفس کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے شیاطین صفت انسانوں کو اللہ کے ساتھ شریک فی الحکم ٹھہرالیا ہے، جو ان کے باطل عقائد ونظریات کا پرچار کرتے ہیں، اپنے من پسند اخلاقی اصولوں کو فروغ دیتے ہیں، خلاف فطرت قوانین، ضابطے اور حدود مقرر کرتے ہیں، جو اللہ کی حلال کردہ چیزوں کو حرام اور اس کی محرمات کو حلال ٹھہراتے ہیں حالانکہ دین وہ ہے جسے اللہ تعالیٰ دین قرار دے تاکہ لوگ اسے دین بنائیں اور اس کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کریں، یہ ایسا ظلم عظیم ہے کہ اگر فیصلہ قیامت پر نہ اٹھار کھا گیا ہوتا کہ میں گنہگاروں کو قیامت کے آنے تک ڈھیل دوں گا تو دنیا ہی میں ہر اس شخص پر عذاب نازل کر دیا جاتا جس نے اللہ کا بندہ ہوتے ہوئے اللہ کی زمین پر خود اپنا دین جاری کیا اور وہ سب لوگ بھی تباہ کر دیے جاتے جنہوں نے اللہ کے دین کو چھوڑ کر دوسروں کے بنائے ہوئے دین کو قبول کیا، مگر آخرت میں ایسے ظالموں کے لئے جہنم کا دردناکلل عذاب تیار ہے جو بدترین ٹھکانا ہے۔

تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَ هُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ؕ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

آپ دیکھیں گے کہ یہ ظالم اپنے اعمال سے ڈر رہے ہوں گے جن کے وبال ان پر واقع ہونے والے ہیں، اور جو لوگ ایمان لائے

وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ

اور انہوں نے نیک اعمال کئے وہ بہشتوں کے باغات میں ہوں گے وہ جو خواہش کریں اپنے رب کے پاس موجود پائیں گے

ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿۲۲﴾ ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

یہی ہے بڑا فضل، یہی وہ ہے جس کی بشارت اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو دے رہا ہے جو ایمان لائے ،

وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ؕ وَ مَنْ

اور (سنت کے مطابق) نیک عمل کئے تو کہہ دیجئے! کہ میں اس پر تم سے کوئی بدلہ نہیں چاہتا مگر محبت رشتہ داری کی، جو شخص

يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۲۳﴾ (الشوریٰ ۲۳،۲۲)

جو کوئی نیکی کرے ہم اس کے لیے اس کی نیکی میں اور نیکی بڑھا دیں گے، بیشک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا (اور) بہت قدر دان ہے۔

اے نبی ﷺ! قیامت کے دن، میدان محشر میں تم ان ظالموں کو دیکھو گے کہ یہ اپنے کرتوتوں کے انجام سے لرزاں وترساں ہوں گے

مگر اس وقت ان کا اپنے کرتوتوں پر حسرت وافسوس اور ان کے نتائج سے ڈرنا بے فائدہ ہو گا کیونکہ اللہ اور اس کے رسول کی تکذیب، دین حق کے مقابلے میں سرکشی وبغاوت، اور باطل عقائد ونظریات اور اعمال کی سزا تو انہیں بہر حال بھگتنی ہی ہو گی، بخلاف اس کے جو لوگ اللہ وحدہ لاشریک اور اس کے آخری رسول، اللہ تعالیٰ کی طرف سے منزل کتابوں، قیامت، حیات بعد الموت اور اعمال کی جزاوسزا پر ایمان لے آئے ہیں اور جنہوں نے رسول صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ کی اطاعت میں اعمال صالحہ اختیار کیے ہیں، اس روز وہ ہر طرح کے غم وفکر سے آزاد انواع واقسام کی لازوال نعمتوں سے بھری جنت کے حسین گلستانوں میں ہوں گے، جس میں طرح طرح کی نہریں بہہ رہی ہوں گی، جیسے فرمایا:

يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۶۸﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿۶۹﴾ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ﴿۷۰﴾ [۱]

ترجمہ: اے میرے بندو! آج تمہارے لیے کوئی خوف نہیں اور نہ تمہیں کوئی غم لاحق ہو گا اس روز ان لوگوں سے جو ہماری آیات پر ایمان لائے تھے اور مطیع فرمان بن کر رہے تھے کہا جائے گا کہ داخل ہو جاؤ جنت میں تم اور تمہاری بیویاں تمہیں خوش کر دیا جائے گا۔

جنتی جنت کا حریری لباس پہن کر اپنے بالاخانوں میں جنت کی حوروں کے ساتھ طرح طرح کی راحتوں اور لذتوں میں ہوں گے،

وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ:فِيمَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ

اور رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ نے فرمایا اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے اور وہ ایسی نعمتیں ہوں گی جنہیں کسی آنکھ نے نہیں دیکھا کسی کان نے نہیں سنا اور کسی انسان کے دل میں ان کا تصور تک نہیں آیا۔[۲]

وہاں وہ جس چیز کی بھی تمنا کریں گے اللہ تعالیٰ ان کی ہر خواہش کو فوراً پورا کر دے گا، جیسے فرمایا:

لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ﴿۳۵﴾ [۳]

ترجمہ: وہاں ان کے لیے وہ سب کچھ ہو گا جو وہ چاہیں گے اور ہمارے پاس اس سے زیادہ بھی بہت کچھ ان کے لیے ہے۔

۔۔۔وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ﴿۳۱﴾ [۴]

ترجمہ: وہاں جو کچھ تم چاہو گے تمہیں ملے گا اور ہر چیز جس کی تم تمنا کرو گے وہ تمہاری ہو گی۔

اللہ کی رضا وخوشنودی کے حصول میں کامیابی اور جنت کی نعمتوں سے بہرہ مند ہونے سے بڑھ کر بھی کوئی فضل ہو سکتا ہے، یہ ہے وہ انمول نعمت ہے جس کی خوشخبری اللہ اپنے ان بندوں کو دیتا ہے جنہوں نے اللہ کی دعوت کو مان لیا، اللہ کا تقویٰ اختیار کیا اور اللہ نے جو شریعت نازل کی ہے اس پر کاربند رہے، اے نبی! ان منکرین حق سے کہہ دو کہ میں اس وعظ ونصیحت، دعوت وتبلیغ کا تم سے کسی بھی طرح کے اجر کا طالب

[۱] الزخرف۶۸تا۷۰

[۲] مسند احمد ۸۱۴۳

[۳] ق۳۵

[۴] حم السجدة۳۱

نہیں ہوں البتہ ایک چیز کا سوال ضرور کرتا ہوں کہ میرے اور تمہارے درمیان قرابت داری کا جو رشتہ ہے اس کی وجہ سے صلہ رحمی کرو،

فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: عَجِلْتَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ بَطْنٌ مِنْ قُرَيْشٍ، إِلَّا كَانَ لَهُ فِيهِمْ قَرَابَةٌ، فَقَالَ: إِلَّا أَنْ تَصِلُوا مَا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ مِنَ القَرَابَةِ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے قریش کی کوئی شاخ ایسی نہیں جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قرابت داری نہ ہو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ تم سے صرف یہ چاہتا ہوں کہ تم اس قرابت داری کی وجہ سے صلہ رحمی کا معاملہ کرو جو میرے اور تمہارے درمیان میں موجود ہے۔[1]

تم لوگ اللہ کی دعوت پر ایمان نہیں لاتے اور طاغوت کی بندگی کرنا پسند کرتے ہو تو یہ تمہاری اپنی منتخب راہ ہے لیکن مجھے نقصان پہنچانے سے تو باز رہو کیونکہ صلہ رحمی اور قرابت کا پاس شرفاء کی پہچان ہے، جو کوئی بھلائی کمائے گا ہم اس کو مزید توفیق بخش دیں گے اور اس کے اجر وثواب میں کئی گنا اضافہ کر دیں گے، جیسے فرمایا

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ [2]

ترجمہ: اللہ کسی پر ذرّہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا اگر کوئی ایک نیکی کرے تو اللہ اسے دو چند کرتا ہے اور پھر اپنی طرف سے بڑا اجر عطا فرماتا ہے۔

بے شک اللہ اپنے بندوں کے گناہوں سے پردہ پوشی فرماتا اور معاف کر دینا پسند کرتا ہے اور ان کے تھوڑے سے عمل پر بھی زیادہ اجر عطا فرما کر اس عمل کی قدر کرتا ہے۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۚ فَاِنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخْتِمْ عَلٰى قَلْبِكَ ۭ وَ يَمْحُ اللّٰهُ

کیا یہ کہتے ہیں کہ (پیغمبر نے) اللہ پر جھوٹ باندھا ہے، اگر اللہ چاہے تو آپ کے دل پر مہر لگا دے اور اللہ تعالیٰ اپنی

الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۲۴ (الشوریٰ ۲۴)

باتوں سے جھوٹ کو مٹا دیتا ہے اور سچ کو ثابت رکھتا ہے، وہ سینے کی باتوں کو جاننے والا ہے۔

اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! یہ جاہل کفار آپ پر بدترین اور قبیح ترین بہتان لگاتے ہیں کہ آپ نے نبوت کا دعویٰ کر کے اور اس قرآن کو خود تصنیف کر کے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھا ہے، کیا ان لوگوں کو آپ جیسے بہترین اخلاق و کردار کے حامل شخص پر جس کے اخلاق و کردار کو دیکھ کر خود صادق و امین کا خطاب دے چکے ہیں مگر اللہ پر جھوٹ جیسے گھناونے فعل کا الزام رکھتے ہوئے ذرا ندامت نہیں ہوتی، اگر اس الزام میں ذرہ برابر بھی صداقت ہوتی تو ہم آپ کے دل پر مہر لگا دیتے، جس سے قرآن ہی آپ کے دل سے محو ہو جاتا اور آپ کے دل میں کوئی بھلائی داخل

---

[1] صحیح بخاری کتاب التفسیرسورۃ الشوری بَابُ قَوْلِهِ إِلَّا المَوَدَّةَ فِي القُرْبَى ۴۸۱۸،جامع ترمذی ابواب تفسیرالقرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ حم عسق ۳۲۵۱، مسند احمد ۲۵۹۹

[2] النساء۴۰

نہ ہوتی، ایک مقام پر اسی مضمون کو یوں بیان فرمایا:

تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۳﴾ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ﴿۴۴﴾ لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ﴿۴۵﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حٰجِزِيْنَ ﴿۴۷﴾ [۱]

ترجمہ: یہ رب العالمین کی طرف سے نازل ہوا ہے اور اگر اس (نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم) نے خود گھڑ کر کوئی بات ہماری طرف منسوب کی ہوتی تو ہم اس کا دایاں ہاتھ پکڑ لیتے اور اس کی رگ گردن کاٹ ڈالتے، پھر تم میں سے کوئی (ہمیں) اس کام سے روکنے والا نہ ہوتا۔

اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! یہ اللہ کی سنت جاریہ ہے کہ وہ باطل کو کبھی بھی سر بلندی نہیں بخشتا بلکہ باطل کو نیست و نابود اور حق کو اپنے سچے وعدے اور احکام تکوینی کے ذریعے سر بلند کر کے دکھا دیتا ہے، اس لئے یہ قرآن بھی مکذبین کے دعویٰ کے مطابق اگر باطل ہوتا تو یقیناً اللہ تعالیٰ اپنی عادت کے مطابق اس کو بھی مٹا دیتا، جن اغراض و مقاصد کے لیے یہ اس دعوت کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے ہیں اللہ کو ان کی حقیقت خوب معلوم ہے، اس لئے اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! آپ ان کے شور و غل کی کچھ بھی پرواہ نہ کریں اور ان کی شرارتوں سے بے فکر ہو کر اپنا فرض منصبی ادا کرتے رکھیں، جزا و سزا کا مقررہ وقت قریب آ لگا ہے، جیسے فرمایا:

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ ... ﴿۱﴾ [۲]

ترجمہ: قریب آ گیا ہے لوگوں کے حساب کا وقت۔

اس دن ان کے جھوٹ اور ان کے مکر و فریب کا پول کھل جائے گا اور دین اسلام کی حقانیت ثابت ہو جائے گی، جیسے فرمایا

وَنَزَعْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا اَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ [۳]

ترجمہ: اور ہم ہر امت میں سے ایک گواہ نکال لائیں گے پھر کہیں گے کہ لاؤ اب اپنی دلیل، اس وقت انہیں معلوم ہو جائے گا کہ حق اللہ کی طرف ہے اور گم ہو جائیں گے ان کے وہ سارے جھوٹ جو انہوں نے گھڑ رکھے تھے۔

وَ هُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَ يَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲۵﴾

وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور گناہوں سے درگزر فرماتا ہے اور جو کچھ تم کر رہے ہو (سب) جانتا ہے،

وَ يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ يَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَ الْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ

ایمان والوں اور نیکوکار لوگوں کی سنتا ہے اور انہیں اپنے فضل سے اور بڑھا کر دیتا ہے اور کفار کے لیے

---

[۱] الحاقۃ ۴۳ تا ۴۷

[۲] الانبیاء ۱

[۳] القصص ۷۵

عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿۲۶﴾ (الشوریٰ۲۶؍۲۵)

سخت عذاب ہے۔

خالص توبہ گناہوں کی معافی کاذریعہ:

لوگو!تم نے اس دعوت حق اور رسول کی تکذیب اور اس کے راستے میں روڑے اٹکا کر جوجرم عظیم کیا ہے ان سب پر اپنے رب سے معافی مانگ لو،وہ تمہاراغفورورحیم رب ہی توہے جواپنے بندوں کی گناہوں پر ندامت کااظہاراور مستقبل میں نہ کرنے کے عزم پران کی توبہ قبول فرماتااوران کی برائیوں سے درگزرکرتااوران کے برے اثرات اورعقوبات کوبھی ختم فرمادیتاہے حالانکہ وہ تمہارے کھلے یاچھپے،چھوٹے یابڑے تمام اقوال وافعال کاعلم رکھتاہے جیسے فرمایا:

وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْۗءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۱۰﴾ [۱]

ترجمہ:اگرکوئی شخص برافعل کرگزرے یااپنے نفس پرظلم کرجائے اوراس کے بعداللہ سے درگزرکی درخواست کرے تواللہ کودرگزرکرنے والااوررحیم پائے گا۔

وہ ایمان لانے والوں اورنیک عمل کرنے والوں کی دعاقبول کرتاہے اوران کی خواہشیں اورتمنائیں پوری کرتاہے اوراپنے فضل وکرم سے ان کواورزیادہ دیتاہے،

حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ وَهُوَ عَمُّهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَلَّهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ حِينَ يَتُوبُ إِلَيْهِ، مِنْ أَحَدِكُمْ كَانَ عَلَى رَاحِلَتِهِ بِأَرْضِ فَلَاةٍ، فَانْفَلَتَتْ مِنْهُ وَعَلَيْهَا طَعَامُهُ وَشَرَابُهُ، فَأَيِسَ مِنْهَا، فَأَتَى شَجَرَةً، فَاضْطَجَعَ فِي ظِلِّهَا، قَدْ أَيِسَ مِنْ رَاحِلَتِهِ، فَبَيْنَا هُوَ كَذَلِكَ إِذَا هُوَ بِهَا، قَائِمَةً عِنْدَهُ، فَأَخَذَ بِخِطَامِهَا، ثُمَّ قَالَ مِنْ شِدَّةِ الْفَرَحِ: اللهُمَّ أَنْتَ عَبْدِي وَأَنَا رَبُّكَ، أَخْطَأَ مِنْ شِدَّةِ الْفَرَحِ

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایااللہ تعالیٰ کواپنے بندے کی توبہ سے زیادہ خوشی ہوتی ہے جب وہ توبہ کرتاہے،اس شخص سے بھی زیادہ خوش ہوتاہے جوایک صاف بے آب ودانہ جنگل میں اپنے اونٹ پرسوارہواوروہ اونٹ مع کھانے پینے کے سامان کے صحرا،بیابان میں گم ہوجائے،اوروہ ناامیدہوکرکسی درخت کے سایہ کے نیچے آکرلیٹ جائے اوروہ اونٹ سے بالکل ناامیدہوگیاہووہ اسی حال میں ہوکہ اچانک اونٹ اس کے سامنے آکرکھڑاہوجائے اوروہ اس کی نکیل تھام لے،اورفرط مسرت میں غلطی سے یہ کلمہ اس کے منہ سے نکل جائے اے اللہ!تومیرابندہ اورمیں تیرارب۔[۲]

عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ الحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ، حَدِيثَيْنِ: أَحَدُهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالآخَرُ عَنْ نَفْسِهِ، قَالَ:إِنَّ المُؤْمِنَ يَرَى ذُنُوبَهُ كَأَنَّهُ قَاعِدٌ تَحْتَ جَبَلٍ يَخَافُ أَنْ يَقَعَ عَلَيْهِ، وَإِنَّ الفَاجِرَ يَرَى

[۱] النساء۱۱۰

[۲] صحیح مسلم کتاب التوبة بَابٌ فِي الْحَضِّ عَلَى التَّوْبَةِ وَالْفَرَحِ بِهَا۶۹۶۰، شرح السنة للبغوی ۱۳۰۳

ذُنُوبَهُ كَذُبَابٍ مَرَّ عَلَى أَنْفِهِ،فَقَالَ بِهِ هَكَذَا، قَالَ أَبُو شِهَابٍ: بِيَدِهِ فَوْقَ أَنْفِهِ،ثُمَّ قَالَ: لَلَّهُ أَفْرَحُ بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ مِنْ رَجُلٍ نَزَلَ مَنْزِلًا وَبِهِ مَهْلَكَةٌ، وَمَعَهُ رَاحِلَتُهُ، عَلَيْهَا طَعَامُهُ وَشَرَابُهُ، فَوَضَعَ رَأْسَهُ فَنَامَ نَوْمَةً، فَاسْتَيْقَظَ وَقَدْ ذَهَبَتْ رَاحِلَتُهُ، حَتَّى إِذَا اشْتَدَّ عَلَيْهِ الحَرُّ وَالعَطَشُ أَوْ مَا شَاءَ اللَّهُ، قَالَ: أَرْجِعُ إِلَى مَكَانِي، فَرَجَعَ فَنَامَ نَوْمَةً، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، فَإِذَا رَاحِلَتُهُ عِنْدَهُ

اعمش، عمارہ بن عمیر حارث بن سوید سے روایت کرتی ہیں ہم سے عبداللہ نے دو حدیثیں بیان کیں ایک تو رسول اللہ ﷺ سے اور دوسرے خود سے نقل کرتے ہیں بیان کیا کہ مومن اپنے گناہوں کو اس طرح دیکھتا ہے گویا وہ ایک پہاڑ کے نیچے بیٹھا ہے اور ڈر رہا ہے کہ کہیں گر نہ جائے اور بدکار اپنے گناہوں کو مکھی کے برابر سمجھتا ہے جو اس کی ناک پر سے گزرتی ہے، اور وہ ایسے اڑا دیتا ہے، پھر ابوشہاب نے ناک پر اپنے ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے بتایا، پھر کہا کہ اللہ اپنے بندے کی توبہ سے اس آدمی سے بھی زیادہ خوش ہوتا ہے جو ایسی جگہ میں اترے کہ جان کا خوف ہو اور اس کے ساتھ اس کی سواری ہو جس پر اس کا کھانا اور پانی ہو، وہ سر رکھ کر سو گیا اور جب بیدار ہوا تو دیکھا کہ اس کی سواری غائب تھی یہاں تک کہ گرمی اور پیاس کی شدت ہوئی تو اس کہا کہ میں اپنی جگہ واپس جاتا ہوں، وہاں جاکر وہ تھوڑی دیر سو گیا پھر اپنا سر اٹھایا تو دیکھا کہ اس کی سواری اس کے پاس تھی۔ [1]

أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَلَّهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ مِنْ أَحَدِكُمْ يَجِدُ ضَالَّتَهُ فِي الْمَكَانِ الَّذِي يَخَافُ أَنْ يَقْتُلَهُ مِنَ الْعَطَشِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی توبہ سے اس شخص سے بھی زیادہ خوش ہوتا ہے جو اپنی گم شدہ سواری کو اس جگہ پالے جہاں اسے یہ خدشہ ہو کہ پیاس کی وجہ سے ہلاک ہو جائے گا۔ [2]

وَقَالَ هَمَّامُ بْنُ الْحَارِثِ: سُئِلَ ابْنُ مَسْعُودٍ عَنْ الرَّجُلِ يَفْجُرُ بِالْمَرْأَةِ ثُمَّ يَتَزَوَّجُهَا؟ قَالَ: لَا بَأْسَ بِهِ،وَقَرَأَ:وَهُوَ الَّذِي يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ

ہمام بن حارث سے روایت ہے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو کسی عورت کے ساتھ بدکاری کرتا اور پھر اس سے شادی کر لیتا ہے؟ انہوں نے فرمایا کوئی حرج نہیں پھر انہوں نے یہی آیت کریمہ پڑھی ”وہی ہے جو اپنے بندوں سے توبہ قبول کرتا ہے اور برائیوں سے درگزر فرماتا ہے۔“ [3]

رہے اس دعوت کی تکذیب کرنے والے تو ان کے لئے ہم نے جہنم کا سخت ترین عذاب تیار کر رکھا ہے۔

---

[1] صحیح بخاری کتاب الدعوات بَابُ التَّوْبَةِ ۶۳۰۸، صحیح مسلم کتاب التوبة بَابٌ فِي الْحَضِّ عَلَى التَّوْبَةِ وَالْفَرَحِ بِهَا۶۹۵۵

[2] تفسیرعبدالرزاق۱۶۱؍۳،السنن الکبری للنسائی۱۱۴۱۱

[3] تفسیرابن کثیر۲۰۵؍۷

وَ لَوۡ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزۡقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوۡا فِی الۡاَرۡضِ وَ لٰکِنۡ یُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ

اگر اللہ تعالیٰ اپنے (سب) بندوں کی روزی فراخ کر دیتا تو وہ زمین میں فساد برپا کر دیتے لیکن وہ اندازے کے ساتھ

مَّا یَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِیۡرٌۢ بَصِیۡرٌ ﴿۲۷﴾ (الشوریٰ ۲۷)

جو کچھ چاہتا نازل فرماتا ہے، وہ اپنے بندوں سے پورا خبردار ہے اور خوب دیکھنے والا ہے۔

مکہ مکرمہ کے سرداروں کی حیثیت ایک پس ماندہ قوم کے ایک تجارت پیشہ قبیلے سے زیادہ حیثیت نہ تھی، اللہ نے ان کو بیت اللہ کے متولی ہونے کی حیثیت سے دوسرے عربوں کی نسبت زیادہ خوشحالی، بڑائی اور امن نصیب کیا ہوا تھا، زمین کے اس مختصر سے ٹکڑے پر اقتدار، بڑائی، خود مختاری اور مال واسباب نے ان کو اتنا مغرور و متکبر بنا دیا تھا کہ قریش کے سردار محمد رسول اللہ ﷺ کو اپنا ھادی و پیشوا ماننے، ان کی اطاعت قبول کرنے اور مفلس مسلمانوں کے ساتھ بیٹھنے کو اپنی کسرشان سمجھتے تھے، اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ وہ ان لوگوں کے ظرف کو خوب جانتا ہے اگر اللہ ان لوگوں پر واقعی ہی رزق کے دروازے کھول دیتا اور ہر شخص کو حاجت و ضرورت سے زیادہ یکساں طور پر وسائل رزق عطا فرما دیتا تو سرکشی، تکبر اور بے پرواہی حد سے بڑھ جاتی ہر شخص خرمستی میں مبتلا ہو کر شر و فساد میں ایک دوسرے سے بڑھ کر ہوتا جس سے اللہ کی زمین فتنہ و فساد سے بھر جاتی، اس لئے اللہ تعالیٰ اپنے لطف و کرم اور حکمت سے ہر شخص کو اس کے ظرف اور صلاحیت کے مطابق ناپ تول کر اتنا ہی عنایت کر رہا ہے جو ان کو آپے سے باہر نہ ہونے دے، یقیناً وہ اپنے بندوں کے ظرف اور صلاحیتوں سے باخبر ہے اور ان کے اعمال پر نگاہ رکھتا ہے۔

وَ هُوَ الَّذِیۡ یُنَزِّلُ الۡغَیۡثَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا قَنَطُوۡا وَ یَنۡشُرُ رَحۡمَتَهٗ ؕ وَ هُوَ الۡوَلِیُّ الۡحَمِیۡدُ ﴿۲۸﴾

اور وہی ہے جو لوگوں کے ناامید ہو جانے کے بعد بارش برساتا ہے اور اپنی رحمت پھیلا دیتا ہے، وہی ہے کارساز اور قابل حمد و ثنا،

وَ مِنۡ اٰیٰتِهٖ خَلۡقُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ مَا بَثَّ فِیۡهِمَا مِنۡ دَآبَّةٍ ؕ وَ هُوَ

اور اس کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی پیدائش ہے اور ان میں جانداروں کا پھیلانا، وہ اس پر بھی قادر ہے کہ جب چاہے

عَلٰی جَمۡعِهِمۡ اِذَا یَشَآءُ قَدِیۡرٌ ﴿۲۹﴾ وَ مَاۤ اَصَابَکُمۡ مِّنۡ مُّصِیۡبَةٍ فَبِمَا کَسَبَتۡ اَیۡدِیۡکُمۡ

انہیں جمع کر دے، تمہیں جو کچھ مصیبتیں پہنچتی ہیں وہ تمہارے اپنے ہاتھوں کے

وَ یَعۡفُوۡا عَنۡ کَثِیۡرٍ ﴿ؕ۳۰﴾ وَ مَاۤ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِیۡنَ فِی الۡاَرۡضِ ۚۖ

کرتوت کا بدلہ ہے، اور وہ تو بہت سی باتوں سے درگزر فرما دیتا ہے، اور تم ہمیں زمین میں عاجز کرنے والے نہیں ہو،

وَ مَا لَکُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مِنۡ وَّلِیٍّ وَّ لَا نَصِیۡرٍ ﴿۳۱﴾ (الشوریٰ ۲۸ تا ۳۱)

تمہارے لیے سوائے اللہ تعالیٰ کے نہ کوئی کارساز نہ مددگار۔

یہ اللہ رب العالمین ہی کی قدرت ہے کہ جب لوگ باران رحمت کاانتظار کرتے کرتے ناامید ہوجاتے ہیں اور قحط سالی کا خطرہ پڑجاتا ہے تو اس سخت حاجت اور مصیبت کے وقت آسمان سے بارش برساتا ہے جس سے ان کی خشک سالی ختم ہوجاتی ہے، جیسے فرمایا

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ۝۴۹ [1]

ترجمہ: حالانکہ اس کے نزول سے پہلے وہ مایوس ہو رہے تھے۔

اور اس بارش کے نتیجے میں اللہ انسانوں، چوپایوں اور ہر طرح کی جاندار مخلوق کی خوراک کا سامان پیدا کر دیتا ہے، اور وہی کارساز ہے جو مختلف تدابیر کے ساتھ اپنی مخلوقات کی سرپرستی اور ان کے دینی و دنیاوی مصالح کا انتظام فرماتا ہے، اس کا ہر کام قابل ستائش وتعریف ہے، یہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، الوہیت، رزاقیت اور قدرت کاملہ کی کھلی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے اپنی حکمت ومشیت سے اس وسیع وعریض اور ہموار زمین اور بغیر ستونوں کے بلند وبالا ساتوں آسمانوں اور ان کے درمیان جو کچھ ہے کی تخلیق کی ہے، جیسے فرمایا:

۔۔۔اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ۝۲ [2]

ترجمہ: وہ اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں کو ایسے سہاروں کے بغیر قائم کیا جو تم کو نظر آتے ہوں۔

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا۔۔۔ ۝۱۰ [3]

ترجمہ: اس نے آسمانوں کو پیدا کیا بغیر ستونوں کے جو تم کو نظر آئیں۔

اور ہر طرح کی جاندار مخلوقات، فرشتے، جن وانس اور مختلف قسم کے حیوانات، پرندے وغیرہ جن کی شکلیں، رنگتیں، زبانیں اور طبائع مختلف ہیں کو آسمانوں، زمین اور کائنات کے کونے کونے میں پھیلا رکھا ہے، جس طرح اس نے اپنی قدرت کاملہ سے مخلوقات کو کائنات میں پھیلا رکھا ہے اسی طرح اور وہ جب چاہے اعمال کی جوابدہی کے لیے انہیں میدان محشر میں اکٹھا بھی کرسکتا ہے، اس کی قدرت ومشیت ایسا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے اور یقیناً ایک وقت مقررہ پر وہ تمام اولین وآخرین جن وانس کو میدان محشر میں جمع بھی کرے گا، لوگو! تم لوگوں پر جو بھی بیماریاں، مصائب، بلائیں اور آفتیں آتی ہیں وہ تمہارے اپنے گناہوں کا نتیجہ ہوتی ہیں، اللہ تو ظالم نہیں ہے کہ خواہ مخواہ تم پر کوئی مصیبت ڈال دے، اس لیے ہوش کے ناخن لو اور غور وفکر کرو کہ جن ہستیوں کو تم اللہ کو چھوڑ کر اپنا کارساز اور مشکل کشا سمجھتے ہو وہ تو اتنی بے بس ولاچار ہیں کہ تمہارے علاقہ سے یہ قحط سالی دور نہیں کرسکتیں کیا وہ قیامت کے روز تمہیں اللہ کے عذاب سے بچالیں گی؟ اللہ کی شان رحیمی تو یہ ہے کہ تمہارے بہت سی عام لغزشوں اور حکم عدولیوں سے ویسے ہی چشم پوشی فرماتا اور انہیں معاف کر دیتا ہے، جیسے فرمایا

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰي ظَهْرِهَا مِنْ دَاۗبَّةٍ ۔۔۔ ۝۴۵ [4]

---

[1] الروم۴۹

[2] الرعد۲

[3] لقمان۱۰

[4] فاطر۴۵

ترجمہ: اگر کہیں وہ لوگوں کو ان کے کیے کرتوتوں پر پکڑتا تو زمین پر کسی متنفس کو جیتا نہ چھوڑتا۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا يُصِيبُ الْمُسْلِمَ، مِنْ نَصَبٍ وَلاَ وَصَبٍ، وَلاَ هَمٍّ وَلاَ حُزْنٍ وَلاَ أَذًى وَلاَ غَمٍّ، حَتَّى الشَّوْكَةِ يُشَاكُهَا إِلَّا كَفَّرَ اللَّهُ بِهَا مِنْ خَطَايَاهُ

ابوسعید خدری اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن جب بھی کسی پریشانی، بیماری، رنج و ملال، تکلیف اور غم و حزن میں مبتلا ہوتا ہے حتی کہ اس کے پیر میں کانٹا بھی چبھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کے گناہ معاف فرمادیتا ہے۔ (۱)

عَنْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ شَيْءٍ يُصِيبُ الْمُؤْمِنَ فِي جَسَدِهِ يُؤْذِيهِ، إِلَّا كَفَّرَ اللَّهُ عَنْهُ بِهِ مِنْ سَيِّئَاتِهِ

معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مومن کو اس کے جسم میں ایذا دینے والی جو چیز بھی پہنچے تو اللہ تعالیٰ اسے اس کے گناہوں کا کفارہ بنا دیتا ہے۔ (۲)

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كَثُرَتْ ذُنُوبُ الْعَبْدِ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ مَا يُكَفِّرُهَا مِنَ الْعَمَلِ، ابْتَلَاهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ بِالْحُزْنِ لِيُكَفِّرَهَا عَنْهُ

اور ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب بندے کے گناہ زیادہ ہو جائیں اور اس کے پاس ان کا کفارہ بننے والی کوئی چیز نہ ہو تو اللہ تعالیٰ اسے غم و حزن میں مبتلا فرما دیتا ہے تا کہ اسے اس کے گناہوں کا کفارہ بنادے۔

(۳) اگر اللہ تعالیٰ تم پر کوئی مصیبت یا عذاب نازل کرنا چاہے تو تم اللہ کی گرفت سے بچ کر کہیں بھاگ یا چھپ نہیں سکتے، جیسے فرمایا

...وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ۝۴۴ (۴)

ترجمہ: اللہ کو کوئی چیز عاجز کرنے والی نہیں ہے نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں، وہ سب کچھ جانتا ہے اور ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِي الْاَرْضِ وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ۝۱۲ (۵)

ترجمہ: اور یہ کہ ہم سمجھتے تھے کہ نہ زمین میں ہم اللہ کو عاجز کر سکتے ہیں اور نہ بھاگ کر اسے ہرا سکتے ہیں۔

(۱) صحیح بخاری کتاب المرضی بَابُ مَا جَاءَ فِي كَفَّارَةِ الْمَرَضِ ۵۶۴۲، صحیح مسلم کتاب البروصلة بَابُ ثَوَابِ الْمُؤْمِنِ فِيمَا يُصِيبُهُ مِنْ مَرَضٍ، أَوْ حُزْنٍ، أَوْ نَحْوِ ذَلِكَ حَتَّى الشَّوْكَةِ يُشَاكُهَا ۶۵۵۹، مسند احمد ۸۰۲۷، شعب الایمان ۹۳۷۱، صحیح ابن ابی شیبۃ ۱۰۸۰۶، مسند ابی یعلی ۱۲۳۷، شرح السنۃ للبغوی ۱۴۲۱

(۲) مسند احمد ۱۶۸۹۹

(۳) مسند احمد ۲۵۲۳۶

(۴) فاطر ۴۴

(۵) الجن ۱۲

اور اللہ کے مقابلے میں تمہارا کوئی کارساز اور مددگار نہیں ہے۔

وَ مِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿۳۲﴾ اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ

اور دریا میں چلنے والی پہاڑوں جیسی کشتیاں اس کی نشانیوں میں سے ہیں اگر وہ چاہے تو ہوا بند کر دے اور یہ کشتیاں

رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۳﴾ اَوْ يُوْبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوْا

سمندروں پر رکی رہ جائیں، یقیناً اس میں ہر صبر کرنے والے شکر گزار کے لیے نشانیاں ہیں، یا انہیں ان کے کرتوتوں کے باعث

وَ يَعْفُ عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۴﴾ وَّ يَعْلَمَ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْۤ اٰيٰتِنَا ؕ

تباہ کر دے، وہ تو بہت سی خطاؤں سے درگزر فرمایا کرتا ہے اور تا کہ جو لوگ ہماری نشانیوں میں جھگڑتے ہیں

مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿۳۵﴾ (الشوریٰ ۳۲تا۳۵)

وہ معلوم کر لیں کہ ان کے لیے کوئی چھٹکارہ نہیں۔

سمندروں کی تسخیر قدرت الٰہی کی نشانی:

یہ بھی اللہ کی قدرت تامہ کی دلیل ہے کہ اس نے ٹھاٹھیں مارتے سمندر کو مسخر کر رکھا ہے، جس میں پہاڑوں کی طرح اونچے بادبانی جہاز جو سمندر میں ہوا کے دوش پر وزنی سامان لے کر دور دراز ملکوں میں جانے کے لیے رواں دواں ہوتے ہیں، اللہ جب چاہے اپنی مخلوق ہوا کو ساکن ہونے کا حکم فرما دے تو ان جہازوں کے بادبان جہاز کو دھکیل ہی نہ سکیں اور یہ جہاز سمندر کی سطح پر کھڑے کے کھڑے رہ جائیں، اس میں بڑی نشانیاں ہیں ہر اس شخص کے لئے جو ہر حالت میں اپنے نفس پر قابو رکھتا ہو اور جو خوشحالی و بدحالی دونوں حالتوں میں اپنے رب کا شکر گزار ہو، یا وہ ہواؤں کو ناموافق کر دے اور یہ بڑے بڑے جہاز متلاطم موجوں پر تنکوں کی طرح ادھر ادھر ڈولنے لگیں اور پھر سب سمندروں میں غرق ہو جائیں اس وقت، منکرین حق کو پتہ چل جائے کہ وہ اللہ کے عذاب سے بھاگ کر کہیں چھپ سکتے ہیں اور نہ اس سے چھٹکارا ہی حاصل کر سکتے ہیں مگر یہ اس کا حلم اور اس کی بے پایاں رحمت ہی ہے کہ وہ بندوں کے بہت سے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے اور ان جہازوں کو رواں دواں رکھنے کے لیے موافق ہوائیں چلاتا ہے۔

فَمَاۤ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى

تو تمہیں جو کچھ دیا گیا وہ زندگانی دنیا کا کچھ یونہی سا اسباب ہے، اور اللہ کے پاس جو ہے وہ اس سے بدرجہ بہتر اور پائیدار ہے،

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَ الَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَ الْفَوَاحِشَ

وہ ان کے لیے ہے جو ایمان لائے اور صرف اپنے رب ہی پر بھروسہ رکھتے ہیں اور کبیرہ گناہوں سے اور بے حیائیوں سے بچتے

وَ اِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ۟ۚ وَ الَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۪

ہیں اور غصے کے وقت (بھی) معاف کر دیتے ہیں اور اپنے رب کے فرمان کو قبول کرتے ہیں اور نماز کی پابندی کرتے ہیں،

وَ اَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۪ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۟ۚ

اور ان کا (ہر) کام آپس کے مشورے سے ہوتا ہے اور جو ہم نے انہیں دے رکھا ہے اس میں سے (ہمارے نام پر) دیتے

وَ الَّذِيْنَ اِذَاۤ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ۟ (الشوریٰ ۳۶تا۳۹)

ہیں اور جب ان پر ظلم (و زیادتی) ہو تو وہ صرف بدلہ لے لیتے ہیں۔

دنیا آخرت کی کھیتی ہے:

اے لوگو! اللہ نے تمہیں اقتدار، ریاست، سرداری، اولاد، مال و دولت اور صحت و عافیت عطا فرمائی ہے، یہ بہت معمولی و حقیر اور عارضی و فانی نعمتیں ہیں، اس لیے ان کے دھوکے میں مبتلا نہ ہو جانا جبکہ اللہ کے ہاں نیکیوں کا جو بے پایاں ثواب، جلیل القدر اور دائمی نعمتوں ملیں گی وہ لذات دنیا سے کہیں زیادہ بہتر اور پائیدار ہیں، اخروی نعمتوں اور دنیاوی لذتوں کے مابین کوئی نسبت ہی نہیں، اس لیے دنیا کے عارضی فائدوں کو آخرت کی دائمی نعمتوں پر ترجیح نہ دو، اور یہ پائیدار نعمتیں ان لوگوں کے لئے لکھ دی گئی ہیں جو اللہ تعالیٰ پر غیر متزلزل ایمان اور اس کی رہنمائی پر کامل اعتماد رکھتے ہیں، جو لوگ حقوق اللہ، حقوق والدین، حقوق العباد وغیرہ کو ادا کر کے کبیرہ گناہوں سے بچتے ہیں، وہ لوگ جب انہیں کسی کے قول یا فعل پر غصہ آجائے تو غیض و غضب میں بھی اللہ کے بندوں سے درگزر، چشم پوشی اور حسن سلوک کا معاملہ کرتے ہیں، جیسے فرمایا

اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ۝ وَمَا يُلَقّٰىهَاۤ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا يُلَقّٰىهَاۤ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝ [1]

ترجمہ: تم بدی کو اس نیکی سے دفع کرو جو بہترین ہو، تم دیکھو گے کہ تمہارے ساتھ جس کی عداوت پڑی ہوئی تھی وہ جگری دوست بن گیا ہے، یہ صفت نصیب نہیں ہوتی مگر ان لوگوں کو جو صبر کرتے ہیں اور یہ مقام حاصل نہیں ہوتا مگر ان لوگوں کو جو بڑے نصیبے والے ہیں۔

چنانچہ سید الامم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی زندگی عفو و درگزر کی ایک مکمل تصویر تھی، آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے غورث بن حارث کو معاف فرمادیا جس نے آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے سوتے وقت آپ کی تلوار پر قبضہ کر لیا تھا اور

حَتَّى قَامَ عَلَى رَأْسِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالسَّيْفِ مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّي؟ قُلْتُ: اللَّهُ،فَسَقَطَ السَّيْفُ مِنْ يَدِهِ، فَأَخَذَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّي؟ثُمَّ لَمْ يُعَاقِبْهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

برہنہ تلوار رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے سر پر لہرا کر کہا تھا اب آپ کو کون میرے ہاتھ سے بچا سکتا ہے؟ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا اللہ مجھے تیرے ہاتھ سے بچا سکتا ہے تو خوف سے اس کے ہاتھ سے تلوار گر گئی، رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے اپنی تلوار اٹھالی اور اس سے پوچھا اب تمہیں کون میرے ہاتھ

---

[1] حم السجدہ ۳۴،۳۵

سے بچائے گا؟ وہ سر جھکا کر کھڑا ہو گیا، مگر رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اس سے کوئی بدلہ نہیں لیا اور اسے جانے دیا۔[1]

اور جب مرحب یہودی کی بہن زینب نے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو غزوہ خیبر کے موقعہ پر بکرے کی دستی پر زہر لگا کر دیا تھا مگر آپ نے اس سے بدلہ لینے کی قدرت ہونے کے باوجود اسے معاف فرما دیا تھا، حدیبیہ میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ان ۸۰ آدمیوں کو بدلہ لینے کی قدرت ہونے کے باوجود معاف فرما دیا جنہوں نے آپ کے خلاف سازش تیار کی تھی، رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے لبید بن اعصم یہودی جس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر جادو کیا تھا سے بدلہ لینے کی قدرت ہونے کے باوجود کوئی بدلہ نہیں لیا، اور فتح مکہ کے موقعہ پر اپنے خون کے پیاسوں کو بدلہ لینے کی قدرت ہونے کے باوجود عام معافی دے دی،

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، أَنَّهَا قَالَتْ:مَا خُيِّرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَمْرَيْنِ قَطُّ إِلَّا أَخَذَ أَيْسَرَهُمَا، مَا لَمْ يَكُنْ إِثْمًا فَإِنْ كَانَ إِثْمًا كَانَ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنْهُ، وَمَا انْتَقَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهِ فِي شَيْءٍ قَطُّ، إِلَّا أَنْ تُنْتَهَكَ حُرْمَةُ اللَّهِ، فَيَنْتَقِمَ بِهَا لِلَّهِ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے جب بھی رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو دو چیزوں میں سے ایک کو اختیار کرنے کا اختیار دیا گیا تو آپ نے ہمیشہ ان میں آسان چیزوں کو اختیار کیا بشرطیکہ اس میں گناہ کا کوئی پہلو نہ ہوتا اگر اس میں گناہ کا کوئی پہلو ہوتا تو رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اس سے سب سے زیادہ دور ہونے والے ہوتے تھے اور سید الامم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے کبھی اپنی ذات کے لئے کسی سے انتقام نہیں لیا سوائے اس کے کہ اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی حرمتوں میں سے کسی حرمت کو توڑتا تو رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم ان سے تو محض اللہ کے لئے انتقام لیتے تھے۔[2]

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: لَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَّابًا، وَلاَ فَحَّاشًا، وَلاَ لَعَّانًا، كَانَ يَقُولُ لِأَحَدِنَا عِنْدَ المَعْتِبَةِ:مَا لَهُ تَرِبَ جَبِينُهُ

اور انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نہ گالی دیتے، نہ بدگو تھے اور نہ بدخو تھے اور نہ لعنت ملامت کرتے تھے، اگر ہم میں سے کسی پر ناراض ہوتے تو اتنا فرماتے اسے کیا ہو گیا ہے اس کی پیشانی پر خاک لگے۔[3]

وہ لوگ جو اپنے رب کی پکار پر لبیک کہتے اور اطاعت کرتے ہیں، جو لوگ رب کی یاد کے لئے اپنے وقت پر خشوع وخضوع کے ساتھ نماز قائم

---

[1] صحیح بخاری کتاب المغازی بَابُ غَزْوَةِ ذَاتِ الرِّقَاعِ ۴۱۳۵، مسند احمد ۱۴۹۲۹، مستدرک حاکم ۴۳۲۲، صحیح ابن حبان ۲۸۸۳، مسند ابی یعلی ۱۷۷۸

[2] صحیح بخاری کتاب الادب بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسِّرُوا وَلاَ تُعَسِّرُوا ۶۱۲۶ ، کتاب المناقب بَابُ صِفَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۳۵۶۰، صحیح مسلم کتاب الفضائل بَابُ مُبَاعَدَتِهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْآثَامِ وَاخْتِيَارِهِ مِنَ الْمُبَاحِ، أَسْهَلَهُ وَانْتِقَامِهِ لِلَّهِ عِنْدَ انْتِهَاكِ حُرُمَاتِهِ ۶۰۴۵، سنن ابوداود کتاب الادب بَابٌ فِي التَّجَاوُزِ فِي الْأَمْرِ ۴۷۸۵، مسند احمد ۲۴۸۳۰، شعب الایمان ۷۷۱۱، السنن الکبری للبیہقی ۱۳۲۸۳، شرح السنة للبغوی ۳۷۰۳

[3] صحیح بخاری کتاب الادب بَابُ لَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاحِشًا وَلاَ مُتَفَحِّشًا ۶۰۳۱، وبَابُ مَا يُنْهَى مِنَ السِّبَابِ وَاللَّعْنِ ۶۰۴۶، مسند احمد ۱۲۴۶۳، شرح السنة للبغوی ۳۶۶۹

کرتے ہیں، جولوگ خود کو عقل کل اور اپنی رائے کو حرف آخر سمجھنے اور اسے مسلط کرنے کے بجائے اپنے دینی اور دنیاوی معاملات اہل رائے کے ساتھ اپنے بہترین علم اور ایمان وضمیر کے مطابق طے کرتے ہیں، ایک مقام پر فرمایا

وَشَاوِرۡهُمۡ فِي الۡاَمۡرِ ﴿۱۵۹﴾ [۱]

ترجمہ: اور دین کے کام میں ان کو بھی شریک مشورہ رکھو۔

چنانچہ جیسے رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق جہاد وغیرہ کے موقع پر اہل رائے سے (جو معاملے کی نزاکتوں اور ضرورتوں کو سمجھتے تھے) مشاورت فرماتے تھے، اسی طرح سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے بستر مرگ پر جانشین بنانے کے لئے چھ جلیل القدر صحابہ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ، سیدنا علی رضی اللہ عنہ، زبیر رضی اللہ عنہ، سعد رضی اللہ عنہ اور عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کو مشورے کے لئے نامزد فرمایا چنانچہ مشاورت کے بعد اس کمیٹی نے سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کو خلیفہ مقرر کر دیا، جولوگ اللہ کا عطا فرمایا ہوا پاکیزہ رزق سینت سینت کر رکھنے، یا صرف اپنی ذات پر ہی خرچ نہیں بلکہ اس کے بجائے فی سبیل اللہ یتیموں، مسکینوں، بیواؤں، محتاجوں وغیرہ پر بھی خرچ کرتے ہیں، اور اگر کوئی اپنی طاقت کے زعم میں، ان کی نرم مزاجی، درگزر و چشم پوشی کو ان کی کمزوری سمجھ کر ان پر دست درازی کرے تو یہ ایسے ذلیل، پست اور بے زور نہیں ہوتے کہ ظالم کے ظلم کی کوئی روک تھام نہ کر سکیں بلکہ ڈٹ کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور ظالموں کے دانت کھٹے کر دیتے ہیں۔

وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثۡلُهَا ۚ فَمَنۡ عَفَا وَ اَصۡلَحَ فَاَجۡرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ

اور برائی کا بدلہ اسی جیسی برائی ہے، اور جو معاف کر دے اور اصلاح کر لے اس کا اجر اللہ کے ذمے ہے، (فی الواقع)

اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۴۰﴾ وَ لَمَنِ انۡتَصَرَ بَعۡدَ ظُلۡمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيۡهِمۡ

اللہ تعالیٰ ظالموں سے محبت نہیں کرتا، اور جو شخص اپنے مظلوم ہونے کے بعد (برابر کا) بدلہ لے لے تو ایسے لوگوں پر (الزام)

مِّنۡ سَبِيۡلٍ ؕ ﴿۴۱﴾ اِنَّمَا السَّبِيۡلُ عَلَى الَّذِيۡنَ يَظۡلِمُوۡنَ النَّاسَ وَ يَبۡغُوۡنَ فِي الۡاَرۡضِ

کا کوئی راستہ نہیں، یہ راستہ صرف ان لوگوں پر ہے جو خود دوسروں پر ظلم کریں اور زمین میں ناحق فساد کرتے پھریں یہی لوگ

بِغَيۡرِ الۡحَقِّ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۴۲﴾ وَ لَمَنۡ صَبَرَ وَ غَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ

ہیں جن کے لیے دردناک عذاب ہے، اور جو شخص صبر کرلے اور معاف کر دے یقیناً

لَمِنۡ عَزۡمِ الۡاُمُوۡرِ ﴿۴۳﴾ (الشوریٰ ۴۰ تا ۴۳)

یہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے (ایک کام) ہے۔

اصولی طور پر جیسی برائی کسی کے ساتھ کی گئی ہو اس کا بدلہ ویسی ہی برائی ہے، اس سے زیادہ کا وہ حقدار نہیں، جیسے فرمایا

---

[۱] آل عمران ۱۵۹

...فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ... ﴿۱۹۴﴾ [۱]

ترجمہ:لہٰذا جو کوئی تم پر دست درازی کرے تم بھی اسی طرح اس پر دست درازی کرو۔

وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ... ﴿۱۲۶﴾ [۲]

ترجمہ:اور اگر تم لوگ بدلہ لو تو بس اسی قدر لو جس قدر تم پر زیادتی کی گئی ہو۔

بیشک زیادتی کرنے والے سے بدلہ لینا جائز ہے مگر پھر جو کوئی کڑوا گھونٹ پی کر معاف کر دے اور صلح وصفائی کر لے تو یہ بہتر ہے اور اس کا اجر عظیم اور ثواب جزیل اللہ تعالیٰ عطا فرمائے گا،جیسے فرمایا:

...فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ... ﴿۴۵﴾ [۳]

ترجمہ: پھر جو قصاص کا صدقہ کر دے تو وہ اس کے لیے کفارہ ہے۔

اور اللہ اس کی عزت اور بڑھا دیتا ہے،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِنْ مَالٍ، وَمَا زَادَ اللهُ عَبْدًا بِعَفْوٍ، إِلَّا عِزًّا، وَمَا تَوَاضَعَ أَحَدٌ لِلَّهِ إِلَّا رَفَعَهُ اللهُ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صدقہ دینے سے کوئی مال گھٹتا نہیں،اور جو بندہ معاف کر دیتا ہے اللہ اس کی عزت بڑھاتا ہے اور جو بندہ اللہ تعالیٰ کے لیے عاجزی کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کا درجہ بلند کرتا ہے۔[۴]

دوسروں پر زیادتی کرنے میں ابتدا کرنے والے اور اس کے جرم سے بڑھ کر بدلہ لینے والے ظالموں کو اللہ پسند نہیں کرتا،اور جو لوگ ظلم ہونے کے بعد بدلہ لیں ان کو ملامت نہیں کی جا سکتی،ملامت کے مستحق تو وہ ہیں جو دوسروں پر ظلم کرتے ہیں اور زمین میں ناحق زیادتیاں کرتے ہیں،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا فَعَلَى الْبَادِئِ، مَا لَمْ يَعْتَدِ الْمَظْلُومُ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو گالیاں دینے والے جو کہیں اس کا گناہ ابتدا کرنے والے پر ہے بشرطیکہ مظلوم حد سے تجاوز نہ کرے۔[۵] ایسے لوگوں کے لئے جہنم کا دردناک عذاب ہے،البتہ جو شخص کسی کے ایذا پر صبر سے کام لے اور معاف کر دے تو یہ بڑی اولوالعزمی کے کاموں میں سے ہے۔

---

[۱] البقرة ۱۹۴

[۲] النحل ۱۲۶

[۳] المائدة ۴۵

[۴] صحیح مسلم کتاب البروصلة بَابُ اسْتِحْبَابِ الْعَفْوِ وَالتَّوَاضُعِ ۶۵۹۲،جامع ترمذی ابواب البروالصلةبَابُ مَا جَاءَ فِي التَّوَاضُعِ ۲۰۲۹،مسنداحمد۹۰۰۸،صحیح ابن خزیمة۲۴۳۸،صحیح ابن حبان ۳۲۴۸،شعب الایمان۳۱۳۸،سنن الدارمی ۱۷۱۸،السنن الکبری للبیہقی ۷۸۱۷، مسندابی یعلی ۶۴۵۸،شرح السنة للبغوی ۱۶۳۳

[۵] صحیح مسلم کتاب الْبِرِّ وَالصِّلَةِ وَالْآدَابِ بَابُ النَّهْيِ عَنِ السِّبَابِ۶۵۹۱،مسنداحمد۷۲۰۵

وَ مَنۡ یُّضۡلِلِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنۡ وَّلِیٍّ مِّنۡۢ بَعۡدِہٖ ؕ وَ تَرَی الظّٰلِمِیۡنَ لَمَّا رَاَوُا الۡعَذَابَ

''اور جسے اللہ تعالیٰ بہکا دے اس کا اس کے بعد کوئی چارہ ساز نہیں، اور تو دیکھے گا کہ ظالم لوگ عذاب کو دیکھ کر

یَقُوۡلُوۡنَ ہَلۡ اِلٰی مَرَدٍّ مِّنۡ سَبِیۡلٍ ﴿ۚ۴۴﴾ وَ تَرٰىہُمۡ یُعۡرَضُوۡنَ عَلَیۡہَا

کہہ رہے ہوں گے کہ کیا واپس جانے کی کوئی راہ ہے، اور تو انہیں دیکھے گا کہ وہ (جہنم کے) سامنے لا کھڑے کئے جائیں گے

خٰشِعِیۡنَ مِنَ الذُّلِّ یَنۡظُرُوۡنَ مِنۡ طَرۡفٍ خَفِیٍّ ؕ وَ قَالَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّ الۡخٰسِرِیۡنَ

مارے ذلت کے جھکے جا رہے ہوں گے اور کن آنکھوں سے دیکھ رہے ہونگے، ایمان دار صاف کہیں گے کہ

الَّذِیۡنَ خَسِرُوۡۤا اَنۡفُسَہُمۡ وَ اَہۡلِیۡہِمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ الظّٰلِمِیۡنَ فِیۡ عَذَابٍ

حقیقی زیاں کار وہ ہیں جنہوں نے آج قیامت کے دن اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو نقصان میں ڈال دیا،

مُّقِیۡمٍ ﴿۴۵﴾ وَ مَا کَانَ لَہُمۡ مِّنۡ اَوۡلِیَآءَ یَنۡصُرُوۡنَہُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ ؕ وَ مَنۡ

یاد رکھو کہ یقیناً ظالم لوگ دائمی عذاب میں ہیں، ان کے کوئی مددگار نہیں جو اللہ سے الگ ان کی امداد کر سکیں، اور جسے

یُّضۡلِلِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنۡ سَبِیۡلٍ ﴿ؕ۴۶﴾ (الشوریٰ ۴۴ تا ۴۶)

اللہ گمراہ کر دے اس کے لیے کوئی راستہ ہی نہیں۔

اللہ تعالیٰ سے کوئی پوچھنے والا نہیں:

جب اللہ ہی کسی کو اس کے ظلم کے سبب سے اپنے دروازے سے دھتکار دے تو اللہ کے سوا اسے راہ راست پر لانے کا کون ذمہ لے سکتا ہے، جیسے فرمایا

...مَنۡ یَّہۡدِ اللّٰہُ فَہُوَ الۡمُہۡتَدِ ۚ وَ مَنۡ یُّضۡلِلۡ فَلَنۡ تَجِدَ لَہٗ وَلِیًّا مُّرۡشِدًا ﴿۱۷﴾ [1]

ترجمہ: جس کو اللہ ہدایت دے وہی ہدایت پانے والا ہے اور جسے اللہ بھٹکا دے اس کے لیے تم کوئی ولی مرشد نہیں پا سکتے۔

اس دنیا میں یہ ظالم محض تعصّبات، بغض وعناد، فخروغرور اور معمولی سے مفادات کے پیش نظر دعوت حق پر ایمان نہیں لاتے، لیکن میدان محشر میں جہاں ایک طرف جہنم غیض وغضب سے پھٹی جا رہی ہو گی اور اس میں سے خوفناک آوازیں نکل رہی ہوں گی، جیسے فرمایا

اِذَاۤ اُلۡقُوۡا فِیۡہَا سَمِعُوۡا لَہَا شَہِیۡقًا وَّ ہِیَ تَفُوۡرُ ۙ﴿۷﴾ تَکَادُ تَمَیَّزُ مِنَ الۡغَیۡظِ ؕ ﴿۸﴾ [2]

ترجمہ: جب وہ اس میں پھینکے جائیں گے تو اس کے دھاڑنے کی ہولناک آوازیں سنیں گے اور وہ جوش کھا رہی ہو گی، شدت غضب سے پھٹی

---

[1] الکہف ۱۷

[2] الملک ۸

جاتی ہو گی۔

اور دوسری طرف جنت پوری دل فریبیوں، رعنائیوں کے ساتھ نظر آ رہی ہو گی، جیسے فرمایا

وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ﴿۱۳﴾ (۱)

ترجمہ: اور جب جنت قریب لائی جائے گی۔

اللہ تعالیٰ عدل وانصاف کے تمام تقاضوں کو پورا کر کے تمام جن وانس کے اعمال ومقدمات کے فیصلے فرما دے گا، اس وقت ساری خلقت کے سامنے مجرموں کے چہروں پر ذلت برس رہی ہو گی، ذلت وندامت کے مارے وہ جھکے جا رہے ہوں گے، جیسے فرمایا:

خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ... ﴿۴۴﴾ (۲)

ترجمہ: ان کی نگاہیں جھکی ہوئی ہوں گی، ذلت ان پر چھا رہی ہو گی۔

خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ... ﴿۴۳﴾ (۳)

ترجمہ: ان کی نگاہیں نیچی ہوں گی، ذلت ان پر چھا رہی ہو گی۔

اپنے کرتوتوں پر حسرت وافسوس کا اظہار کر رہے ہوں گے، جیسے فرمایا

يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ قَدَّمْتُ لِحَيَاتِيْ ﴿۲۴﴾ (۴)

ترجمہ: وہ کہے گا کہ کاش میں نے اپنی اس زندگی کے لیے کچھ پیشگی سامان کیا ہوتا!۔

خوف زدہ اور حواس باختہ ہو کر جہنم کے ہولناک اور قبیح منظر کو گوشہ چشم سے دیکھیں گے تو لرز جائیں گے، جہنم کی ہیبت اور خوف کی شدت سے ان کی آنکھیں نیلی پڑ جائیں گی، جیسے فرمایا:

فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ﴿۷﴾ (۵)

ترجمہ: پھر جب دیدے پتھرا جائیں گے۔

اور ان کے دل ان کے حلق میں پھنس رہے ہوں گے کہ اب ہم اس میں داخل ہونے والے ہیں، جیسے فرمایا:

وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ... ﴿۱۸﴾ (۶)

ترجمہ: اے نبی (ﷺ)! ڈرا دو ان لوگوں کو اس دن سے جو قریب آ لگا ہے جب کلیجے منہ کو آ رہے ہوں گے اور لوگ چپ چاپ غم کے

---

(۱) التکویر ۱۳

(۲) المعارج ۴۴

(۳) القلم ۴۳

(۴) الفجر ۲۴

(۵) القیامۃ ۷

(۶) المومن ۱۸

گھونٹ پیے کھڑے ہونگے۔

...يَخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ ﴿٣٧﴾ [1]

ترجمہ: وہ اس دن سے ڈرتے رہتے ہیں جس میں دل الٹنے اور دیدے پتھرا جانے کی نوبت آجائے گی۔

اللہ کے حکم سے مجرموں کو گلے میں طوق ڈال کر اور ستر ہاتھ لمبی زنجیروں میں جکڑ کر منہ کے بل گھسیٹتے ہوئے جہنم کے قریب لایا جائے گا، جیسے فرمایا

خُذُوهُ فَغُلُّوهُ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ الْجَحِيمَ صَلُّوهُ ﴿٣١﴾ ثُمَّ فِي سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوهُ ﴿٣٢﴾ [2]

ترجمہ: (حکم ہوگا) پکڑو اسے اور اس کی گردن میں طوق ڈال دو پھر اسے جہنم میں جھونک دو پھر اس کو ستر ہاتھ لمبی زنجیر میں جکڑ دو۔

إِذِ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلَاسِلُ يُسْحَبُونَ ﴿٧١﴾ فِي الْحَمِيمِ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُونَ ﴿٧٢﴾ [3]

ترجمہ: جب طوق ان کی گردنوں میں ہوں گے اور زنجیریں جن سے پکڑ کر وہ کھولتے ہوئے پانی کی طرف کھینچے جائیں گے اور پھر دوزخ کی آگ میں جھونک دیے جائیں گے۔

اس وقت یہ اللہ تعالیٰ سے التجا کریں گے کہ انہیں دنیا میں عمل صالح اختیار کرنے کے لئے واپس بھیج دیا جائے، جیسے فرمایا

وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ وُقِفُوا عَلَى النَّارِ فَقَالُوا يَا لَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِآيَاتِ رَبِّنَا وَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٢٧﴾ [4]

ترجمہ: کاش تم اس وقت کی حالت دیکھ سکتے جب وہ دوزخ کے کنارے کھرے کیے جائیں گے اس وقت وہ کہیں گے کاش کوئی صورت ایسی ہو کہ ہم دنیا میں واپس بھیجے جائیں اور اپنے رب کی نشانیوں کو نہ جھٹلائیں اور ایمان لانے والوں میں شامل ہوں۔

کیونکہ دنیا میں دوبارہ واپسی ممکن نہیں ہوگی اس لئے ان کی یہ گزارش رد کر دی جائے گی، اس وقت اہل ایمان مجرمین کو دیکھ کر کہیں گے دنیا میں ہم دنیاوی کام بھی کرتے تھے مگر ہم اس میں الجھ کر نہیں رہ گئے تھے بلکہ ہماری زیادہ تر تگ و دو صرف آخرت کی کامیابی و کامرانی کے لئے تھی اس لئے ہم دنیا کے معمولی خسارے کو کوئی اہمیت نہیں دیتے تھے، اس وقت تم لوگ ہمیں بیوقوف اور دنیوی خسارے کا حامل سمجھتے تھے اور ہم پر آوازے کستے تھے، مگر آج دیکھ لو حقیقی خسارے سے کون دوچار ہے، کیا وہ جنہوں نے دنیا کے عارضی خسارے کو نظرانداز کیے رکھا اور آج وہ جنت میں لازوال انواع واقسام کی نعمتوں کے مزے لوٹ رہے ہیں؟ یا وہ جنہوں نے دنیا ہی کو سب کچھ سمجھ رکھا تھا اور دنیا کی رنگینیوں میں غرق ہو گئے تھے اور آج ایسے جہنم کے دردناک عذاب میں گرفتار ہیں جس سے اب چھٹکارا ممکن ہی نہیں؟ لوگو! خبردار ہو جاؤ، وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت قبول نہیں کرتے، جو اللہ کی اس جلیل القدر کتاب قرآن کریم سے ہدایت ورہنمائی حاصل کرنے کے بجائے اپنے من مانے اصول وقوانین بناتے ہیں وہ دائمی، ابدی اور سرمدی عذاب کے لئے جہنم میں دھکیل دیے جائیں گے، جہاں اللہ کے مقابلے میں ان

[1] النور ۳۷

[2] الحاقۃ ۳۲

[3] المومن ۷۲،۷۱

[4] الانعام ۲۷

کا کوئی حامی یا مدد گار نہ ہو گا، جسے اللہ گمراہی میں پھینک دے پھر اس کے لئے اللہ تعالیٰ کی ہدایت حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہیں ہے۔

اِسْتَجِیْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ

اپنے رب کا حکم مان لو اس سے پہلے کہ اللہ کی جانب سے وہ دن آجائے جس کا ہٹ جانا ناممکن ہے، تمہیں

یَّوْمَىٕذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِیْرٍ ﴿۴۷﴾ (الشوریٰ ۴۷)

اس روز نہ تو کوئی پناہ کی جگہ ملے گی نہ چھپ کر انجان بن جانے کی۔

اے لوگو! اس سے پہلے کہ تمہیں موت آئے یا قیامت ہی ٹوٹ پڑے، مہلت کی ان گھڑیاں کو غنیمت جانو اور اس سے فائدہ اٹھالو اور کچھ تاخیر کیے بغیر کفر و شرک سے تائب ہو کر اپنی دنیاوی و اخروی زندگی کی کامیابی و سربلندی کے لئے دعوت حق کو قبول کر لو، اور اپنی زندگیوں کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے فرامین کے تابع کر لو، وہ علام الغیوب ہے اس لیے تمہارے فائدوں اور نقصانات کو تم سے زیادہ جانتا ہے اس لیے وہ جس بات کا حکم دے چاہے تمہیں اس کی غرض و غایت سمجھ آئے یا نہ آئے اس کی بخوشی تعمیل کر و اور جس چیز سے روک دے بغیر چوں و چرا کیے اس سے فوراً اجتناب کرو، اللہ کے حکم سے یقیناً ایک وقت مقررہ پر قیامت قائم ہو گی پھر نہ خود اللہ اسے موخر کرے گا اور نہ کسی مخلوق میں یہ طاقت و قدرت ہے کہ اسے رد یا ٹال سکے، وہ ایسا سخت دن ہو گا جس میں تمہیں کہیں کوئی جائے پناہ یا کوئی راہ فرار نہ مل سکے گی اور نہ ہی کوئی ایسی جگہ ملے گی جہاں جا کر اللہ کی نظر سے چھپ سکو، جیسے فرمایا:

یَقُوْلُ الْاِنْسَانُ یَوْمَىٕذٍ اَیْنَ الْمَفَرُّ ﴿۱۰﴾ كَلَّا لَا وَزَرَ ﴿۱۱﴾ اِلٰى رَبِّكَ یَوْمَىٕذِ الْمُسْتَقَرُّ ﴿۱۲﴾ [1]

ترجمہ: اس وقت یہی انسان کہے گا کہاں بھاگ کر جاؤں؟ ہرگز نہیں، وہاں کوئی جائے پناہ نہ ہو گی اس روز تیرے رب ہی کے سامنے جا کر ٹھہرنا ہو گا۔

فرشتے تمام خلائق کو پیچھے سے گھیرے ہوئے ہوں گے اور انہیں پکار کر کہا جائے گا۔

یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾ [2]

ترجمہ: اے گروہ جن و انس! اگر تم زمین اور آسمانوں کی سرحدوں سے نکل کر بھاگ سکتے ہو تو بھاگ دیکھو، نہیں بھاگ سکتے اس کے لیے بڑا زور چاہیے۔

پھر جب اللہ تعالیٰ چاہے گا اعمال کی جزا و سزا کے لئے تمہیں تمہاری قبروں سے اسی جسم و جان کے ساتھ دوبارہ زندہ فرمائے گا اور میدان محشر میں جمع کرے گا، کراماً کاتبین کے تیار کردہ تمہارے اعمال نامے تمہارے ہاتھ میں پکڑا دیے جائیں گے، اس روز تم اپنے نامہ اعمال میں لکھے

[1] القیامة ۱۰تا۱۲

[2] الرحمٰن ۳۳

ہوئے جرائم کا اعتراف کروگے، اور اگر اس اعمال نامہ کی صحت سے انکار کروگے تو اللہ تعالیٰ تمہارے منہ پر مہر لگادے گا اور تمہارے اعضا اور تمہاری کھالوں کو زبان عطا فرمادے گا اور وہ تمہارے خلاف گواہی دیں گے، اس لیے اعتراف گناہ کے علاوہ کوئی چارہ نہیں ہوگا، جیسے فرمایا

حَتّٰۤى اِذَا مَا جَآءُوۡهَا شَهِدَ عَلَيۡهِمۡ سَمۡعُهُمۡ وَاَبۡصَارُهُمۡ وَجُلُوۡدُهُمۡ بِمَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ۝٢٠ [1]

ترجمہ: پھر جب سب وہاں پہنچ جائیں گے تو ان کے کان اور ان کی آنکھیں اور ان کے جسم کی کھالیں ان پر گواہی دیں گی کہ وہ دنیا میں کیا کچھ کرتے رہے ہیں۔

پھر اللہ تعالیٰ گناہوں کی پاداش میں تمہیں جہنم کے دردناک عذاب میں ڈال دے گا اور اس عذاب سے تمہیں نجات دلانے والا کوئی مشفق دوست نہ ہوگا۔

فَاِنۡ اَعۡرَضُوۡا فَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ عَلَيۡهِمۡ حَفِيۡظًا‌ؕ اِنۡ عَلَيۡكَ اِلَّا الۡبَلٰغُ‌ؕ وَ اِنَّاۤ اِذَاۤ اَذَقۡنَا

اگر یہ منہ پھیر لیں تو ہم نے آپ کو ان پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجا آپ کے ذمہ تو صرف پیغام پہنچا دینا ہے، ہم جب کبھی

الۡاِنۡسَانَ مِنَّا رَحۡمَةً فَرِحَ بِهَا‌ ۚ وَ اِنۡ تُصِبۡهُمۡ سَيِّئَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ

انسان کو اپنی مہربانی کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ اس پر اترا جاتا ہے، اور اگر انہیں ان کے اعمال کی وجہ سے کوئی مصیبت پہنچتی ہے

فَاِنَّ الۡاِنۡسَانَ كَفُوۡرٌ ۝٤٨ (الشوریٰ ۴۸)

تو بیشک انسان بڑا ہی ناشکرا ہے۔

آسانی میں شکر، تنگی میں صبر مومنوں کی صفت ہے:

اب اگر یہ لوگ واضح دلائل و براہین کے باوجود دعوت حق کو قبول نہیں کرتے تو اے نبی! ہم نے تم کو ان پر نگہبان بنا کر تو نہیں بھیجا ہے، تم پر تو صرف اللہ کا پیغام پہنچا دینے کی ذمہ داری ہے، اس دعوت پر ایمان لائیں یا روگردانی کریں اس کا حساب ہم خود کریں گے، اللہ نے ان کے صغیرہ و کبیرہ، ظاہری اور باطنی اعمال کو محفوظ کر رکھا ہے، آپ سے اس کے بارے میں کوئی باز پرس نہیں کی جائے گی جیسے فرمایا

لَيۡسَ عَلَيۡكَ هُدٰٮهُمۡ وَلٰـكِنَّ اللّٰهَ يَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ ... ۝٢٧٢ [2]

ترجمہ: اے نبی! لوگوں کو ہدایت بخش دینے کی ذمہ داری تم پر نہیں ہے ہدایت تو اللہ ہی جسے چاہتا ہے بخشتا ہے۔

فَذَكِّرۡ ؕ اِنَّمَاۤ اَنۡتَ مُذَكِّرٌ ؕ‏ ۝٢١ لَسۡتَ عَلَيۡهِمۡ بِمُصَيۡطِرٍۙ‏ ۝٢٢ [3]

ترجمہ: اچھا تو (اے نبی ﷺ!) نصیحت کیے جاؤ، تم بس نصیحت ہی کرنے والے ہو کچھ ان پر جبر کرنے والے نہیں ہو۔

---

[1] حم السجدة ۲۰

[2] البقرة ۲۷۲

[3] الغاشية ۲۱، ۲۲

فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ۝۴۰ [1]

ترجمہ: بہرحال تمہارا کام صرف پیغام پہنچا دینا ہے اور حساب لینا ہمارا کام ہے۔

انسانوں کی غالب اکثریت میں یہ کمزوری پائی جاتی ہے کہ جب ہم اپنی رحمت سے اسے رزق کی فراوانی، صحت و عافیت، اولاد کی کثرت اور جاہ و منصب عنایت کرتے ہیں تو اس پر اللہ کا شکر گزار ہونے کے بجائے غرور و تکبر میں مبتلا ہو جاتا ہے اور اگر اس کے گناہوں کے نتیجے میں اس پر مال کی کمی، بیماری، اولاد سے محرومی وغیرہ کی صورت میں کوئی مصیبت الٹ پڑتی ہے تو اس پر صبر کرنے کے بجائے اگلی نعمتوں کا بھی منکر بن جاتا ہے، مگر اہل ایمان کا یہ شیوہ نہیں ہے وہ ہر حال میں اپنے رب کا شکر بجالاتے ہیں، عَنْ صُهَيْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجَبًا لِأَمْرِ الْمُؤْمِنِ، إِنَّ أَمْرَهُ كُلَّهُ خَيْرٌ، وَلَيْسَ ذَاكَ لِأَحَدٍ إِلَّا لِلْمُؤْمِنِ، إِنْ أَصَابَتْهُ سَرَّاءُ شَكَرَفَكَانَ خَيْرًا لَهُ، وَإِنْ أَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ، صَبَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَهُ

صہیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن کا بھی عجب حال ہے اس کا ثواب کہیں نہیں گیا، یہ بات کسی کو حاصل نہیں ہے اگر اس کو خوشی حاصل ہو تو وہ شکر کرتا ہے اس میں بھی ثواب ہے اور جو اس کو نقصان پہنچا تو صبر کرتا ہے اس میں بھی ثواب ہے۔ [2]

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ؕ یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّ یَهَبُ لِمَنْ

آسمانوں کی اور زمین کی سلطنت اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے جس کو چاہتا ہے بیٹیاں دیتا ہے جسے

یَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ۝۴۹ اَوْ یُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّ اِنَاثًا ۚ وَ یَجْعَلُ مَنْ یَّشَآءُ عَقِیْمًا ؕ

چاہے بیٹے دیتا ہے یا انہیں جمع کر دیتا ہے بیٹے بھی اور بیٹیاں بھی اور جسے چاہے بانجھ کر دیتا ہے، وہ بڑے علم والا اور کامل

اِنَّهٗ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ ۝۵۰ (الشوریٰ ۴۹،۵۰)

قدرت والا ہے۔

اولاد کا اختیار اللہ کے پاس ہے:

یہ حقیقت اپنی جگہ مسلم ہے کہ اللہ وحدہ لاشریک ہی زمین اور آسمانوں کا خالق، بادشاہی کا مالک ہے اور متصرف ہے، اس کی سلطنت میں اسی کی ہی مشیت اور تدبیر کام کرتی ہے، کوئی دوسرا اس کی قدرت و اختیار میں دخل اندازی کی طاقت نہیں رکھتا، کائنات میں اللہ تعالیٰ کی بادشاہی اور اس میں تصرف کی ایک واضح دلیل یہ ہے کہ وہ مخلوق میں کسی کو صرف بیٹیاں دیتا ہے،

يَعْنِي لُوطًا لَمْ يُولَدْ لَهُ ذَكَرٌ إِنَّمَا وُلِدَ لَهُ ابْنَتَانِ

امام بغوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایسے لوگوں میں لوط علیہ السلام بھی ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے صرف بیٹیوں ہی سے نوازا تھا۔ [3]

[1] الرعد ۴۰

[2] صحیح مسلم کتاب الزھد بَابُ الْمُؤْمِنُ أَمْرُهُ كُلُّهُ خَيْرٌ ۷۵۰۰، مسند احمد ۲۳۹۲۴، صحیح ابن حبان ۲۸۹۶، شعب الایمان ۴۱۶۹

[3] تفسیر البغوی ۱۵۲؍۴

کسی کو صرف لڑکے عطا فرماتا ہے،

يَعْنِي إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَمْ يُولَدْ له أنثى

امام بغوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جیسے اللہ تعالیٰ نے ابراہیم خلیل علیہ السلام کو بیٹوں ہی سے نوازا۔ [۱]

کسی کو بیٹیاں اور بیٹے دونوں عطا کر دیتا ہے،

يَعْنِي مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُلِدَ لَهُ بَنُونَ وَبَنَاتٌ

امام بغوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جیسے اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بیٹے بھی عطا فرمائے اور بیٹیاں بھی۔ [۲]

اور کسی کو بانجھ رکھتا ہے،

يَحْيَى وَعِيسَى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ لَمْ يُولَدْ لَهُمَا

امام بغوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جیسے یحییٰ اور عیسیٰ علیہ السلام جن کے ہاں کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ [۳]

وہ علیم ہے اور ہر مستحق کو جانتا اور کامل قدرت والا ہے

وَ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا

ناممکن ہے کہ کسی بندے سے اللہ تعالیٰ کلام کرے مگر وحی کے ذریعہ یا پردے کے پیچھے سے یا کسی فرشتہ کو بھیجے

فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَ كَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ

اور وہ اللہ کے حکم سے جو وہ چاہے وحی کرے، بیشک وہ برتر حکمت والا ہے، اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف اپنے حکم سے

مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَ لَا الْاِيْمَانُ وَ لٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ

روح کو اتارا ہے، آپ اس سے پہلے یہ بھی نہیں جانتے تھے کہ کتاب اور ایمان کیا چیز ہے؟ لیکن ہم نے اسے نور بنایا، اس کے ذریعے

مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَ اِنَّكَ لَتَهْدِيْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۙ﴿۵۲﴾ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ

سے اپنے بندوں میں جس کو چاہتے ہیں ہدایت دیتے ہیں، بیشک آپ راہ راست کی رہنمائی کر رہے ہیں، اس اللہ کی راہ جس

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ اَلَاۤ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ﴿۵۳﴾ (الشوریٰ ۵۱ تا ۵۳)

کی ملکیت میں آسمانوں اور زمین کی ہر چیز ہے، آگاہ رہو سب کام اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹتے ہیں۔

---

[۱] تفسیر البغوی ۱۵۲/۴

[۲] تفسیر البغوی ۱۵۳/۴

[۳] تفسیر البغوی ۱۵۳/۴

قرآن حکم شفا ہے:

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں کی تکذیب کرنے والے اپنے تکبر وسرکشی میں کہتے تھے کہ اللہ خود ہم سے روبرو گفتگو کرے پھر ہم ایمان لائیں گے، جیسے فرمایا:

...لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ... ﴿۱۱۸﴾ [1]

ترجمہ: نادان کہتے ہیں کہ اللہ خود ہم سے بات کیوں نہیں کرتا یا کوئی نشانی ہمارے پاس کیوں نہیں آتی؟۔

اللہ تعالیٰ نے ان کے اس مطالبے کو رد کر دیا اور فرمایا کسی بشر کا یہ مقام نہیں ہے کہ اللہ اس سے روبرو بات کرے یا تو وہ کسی پیغام کو اپنے رسول کے دل میں القا کر دیتا ہے،

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ:أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:وَإِنَّ الرُّوحَ الأَمِينَ نَفَثَ فِي رُوعِي، أَنَّهُ لَيْسَ مِنْ نَفْسٍ تَمُوتُ حَتَّى تَسْتَوْفِيَ رِزْقَهَافَاتَّقُوا اللَّهَ، وَأَجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا روح القدس نے میرے دل میں یہ بات پھونکی ہے کہ کوئی نفس اس وقت ترک ہرگز فوت نہیں ہو گا جب تک وہ اپنے رزق اور عمر کو پورا نہیں کر لیتا خبردار! پس تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اچھے طریقے سے رزق تلاش کرو۔ [2]

یا وہ پس پردہ بالمشافہ کلام کرتا ہے، جیسا کہ کوہ طور پر موسیٰ علیہ السلام سے پس پردہ گفتگو فرمائی، اور معراج کے موقع پر رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے پس پردہ بالمشافہ گفتگو فرمائی، جب عبداللہ رضی اللہ عنہ غزوہ احد میں شہید ہو گئے تو رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا

قَالَ: مَا كَلَّمَ اللَّهُ أَحَدًا قَطُّ إِلَّا مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ(وَأَنَّهُ) وَكَلَّمَ أَبَاكَ كِفَاحًا

اللہ تعالیٰ نے ہر شخص سے پس پردہ کلام فرمایا مگر تمہارے والد سے آمنے سامنے کلام فرمایا۔ [3]

قوسین والا لفظ مستدرک حاکم میں ہے۔

یا پھر وہ وحی کو لانے پر مامور جبریل امین یا کسی اور فرشتہ کے ذریعہ پیغام بھیجتا ہے، جو اپنے رب کے حکم سے وحی القا کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس سے بہت برتر اور بالا ہے کہ کسی بشر سے روبرو گفتگو کرے اور وہ تمام مخلوقات اور شرائع میں سے ہر چیز کو اس کے لائق مقام پر رکھنے میں حکمت والا ہے، اے محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! جس طرح پہلے انبیاء ومرسلین پر ہم وحی کرتے رہے ہیں اسی طرح ہم نے بندوں پر احسان فرماتے ہوئے اس قرآن کریم کو تینوں طریقوں سے آپ کی طرف اتارا ہے، منصب نبوت پر سرفراز ہونے سے قبل آپ کے تصور میں بھی نہ تھا کہ آپ کو کتاب ملنے والی ہے بلکہ آپ کو سرے سے سابقہ آسمانی کتب کا علم تھا اور نہ شرائع الٰہیہ پر ایمان وعمل کا علم تھا لیکن ہم نے اس قرآن کو نور اور ہدایت

---

[1] البقرة ۱۱۸

[2] شرح السنة للبغوی ۴۱۱۳

[3] جامع ترمذی أَبْوَابُ تَفْسِيرِ الْقُرْآنِ بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ آلِ عِمْرَانَ ۳۰۱۰،سنن ابن ماجه افتتاح الكتاب في الإيمان وفضائل الصحابة والعلم بَابٌ فِيمَا أَنْكَرَتِ الْجَهْمِيَّةُ ۱۹۰،جامع الأصول في أحاديث الرسول ۶۲۳۰،مستدرک حاکم ۴۹۱۴

بنادیا تا کہ اس کے ذریعہ سے ہم اپنے ایمان دار بندوں کو راہ راست دکھلائیں مگر جو لوگ خود ہی اپنی عقل وفہم کو بروے کار نہ لائیں انہیں اس سے کوئی ہدایت نہیں مل سکتی، جیسے فرمایا

...قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاۗءٌ ۭ وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى...۝۴۴ [۱]

ترجمہ:ان سے کہو یہ قرآن ایمان لانے والوں کے لیے تو ہدایت اور شفا ہے مگر جو لوگ ایمان نہیں لاتے ان کے لیے یہ کانوں کی ڈاٹ اور آنکھوں کی پٹی ہے۔

آپ ان کے سامنے انتہائی خلوص کے ساتھ دین اسلام کی تعلیمات کو واضح کرتے ہیں اور یہ وہ دین ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لئے پسند فرمایا ہے، جیسے فرمایا

اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ...۝۱۹ [۲]

ترجمہ:اللہ کے نزدیک دین صرف اسلام ہے۔

وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَھُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝۸۵ [۳]

ترجمہ:اس فرماں برداری (اسلام) کے سوا جو شخص کوئی اور طریقہ اختیار کرنا چاہے اس کا وہ طریقہ ہرگز قبول نہ کیا جائے گا اور آخرت میں وہ ناکام ونامراد رہے گا۔

...اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا...۝۳ [۴]

ترجمہ:آج میں نے تمہارے دین کو تمہارے لیے مکمل کر دیا ہے اور اپنی نعمت تم پر تمام کر دی ہے اور تمہارے لیے اسلام کو تمہارے دین کی حیثیت سے قبول کر لیا ہے۔

اور یہ وہ سیدھا راستہ ہے جو اللہ کی رضا وخوشنودی کا باعث ہے اور اس کے عزت وتکریم کے گھر تک پہنچاتا ہے، روز قیامت تمام اچھے اور برے معاملات کا فیصلہ اللہ ہی کے ہاتھ میں ہو گا اور وہ ہر ایک کو اس کے عمل کی جزدے گا اگر عمل اچھا ہو گا تو اس کی جزا بھی اچھی ہی ملے گی اور اگر برا عمل ہو گا تو بری جزا ہو گی۔

مضامین سورۂ المومنون:

اس سورۂ کا مرکزی مضمون اتباع رسول کی دعوت ہے، سورہ کے شروع میں ترغیب دینے کے لئے دنیا وآخرت میں کامیاب وکامران لوگوں کے اخلاق واوصاف بیان کئے گئے کہ وہ اپنی نماز میں خشوع وخضوع اختیار کرتے ہیں، لغویات سے دور رہتے ہیں، کامل طریقے سے زکوٰۃ ادا کرتے

[۱] حم السجدہ ۴۴

[۲] آل عمران ۱۹

[۳] آل عمران ۸۵

[۴] المائدۃ ۳

ہیں، زنا اور فحش کاموں سے اپنے آپ کو بچا کر رکھتے ہیں، امانتیں کی حفاظت کرتے ہیں، اپنے عہد و پیمان کا پاس رکھتے ہیں اور اپنی نمازوں کی محافظت کرتے ہیں، عقیدہ توحید و آخرت کو ثابت کرنے کے لئے آسمان، زمین، اور اس میں سے پیدا ہونی والی نبات و جمادات، حیوانات اور انسان کی تخلیق کو بیان کیا گیا، اہل مکہ نبوت و دسالت کے قائل ہی نہ تھے، بتایا گیا کہ محمد ﷺ کی دعوت پر جو شبہات اور اعتراضات وارد کر رہے ہو وہ کچھ نئے نہیں بلکہ تم سے پہلے جتنی امتیں آئیں انہوں نے بھی یہی اعتراضات کیے تھے، دین اللہ ہی کی طرف سے نازل ہوا کرتا ہے، انسانوں کے بنائے ہوئے رسم و رواج دین نہیں ہوا کرتے اور رسول اللہ ﷺ جو عقائد و نظریات پیش کر رہے ہیں یہ کوئی نئے نہیں بلکہ پہلے انبیاء بھی یہی پیش کرتے رہے ہیں، جس کی انکار کی پاداش میں ان پر قہر الٰہی نازل ہوا اور وہ عبرت کا نشان بن گئے، اس کے علاوہ اپنی یہ غلط فہمی بھی دور کر دو کہ اگر ہم نے تمہیں مال و دولت، طاقت اور افرادی قوت دی ہوئی ہے تو ہم تم سے خوش ہیں اور تم ہمارے محبوب ہو اور جن کو ہم نے اپنی نعمتوں سے نہیں نوازا تو ہم ان سے ناراض ہیں، ایسا ہرگز نہیں بلکہ ہمارے پسندیدہ اور محبوب بندے وہ ہیں جو ایمان لاتے ہیں اور ہر معاملے میں ہمارے رسول کی اطاعت کرتے ہیں، اس کے علاوہ یہ ہماری سنت ہے کہ ہم اصل عذاب آنے سے بیشتر آخری بار سمجھانے کے لئے چھوٹے چھوٹے عذاب نازل کرتا ہے تا کہ لوگ سمجھ جائیں، موجودہ قحط سالی بھی تمہیں تمہاری بداعمالیوں پر تنبہ کرنے کے لئے ہمارا ہلکا سا عذاب ہے تمہارے لئے بہتر یہی ہے کہ سمجھ جاؤ اور اپنا بغض و عناد اور غرور و تکبر کو چھوڑ کر دعوت اسلام قبول کر لو ورنہ جب ہمارا عذاب نازل ہو گا تو پھر تم بلبلا اٹھو گے، اور اگر تم نے اہل ایمان کے ساتھ اپنے ظلم و ستم کو بند نہ کیا تو روز آخرت تمہیں اس کا سخت حساب دینا ہو گا، رسول اللہ ﷺ کو عفو و درگزر کی تلقین کی گئی اور فرمایا گیا کہ ان ناسمجھ لوگوں کی برائی کا بدلہ اچھائی کی شکل میں دو، ظالم، متکبر، ہٹ دھرم، اور نقصان اٹھانے والے لوگوں کے حالات اور ان کا انجام بد بیان کیا گیا اور آخر میں ایک بہترین دعا ہے،

وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

ترجمہ: اے میرے رب! مجھے معاف فرمادے اور مجھ پر رحم فرما اور تو سب رحم کرنے والوں میں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑا رحم والا ہے

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ﴿۲﴾ وَ الَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ

یقیناً ایمان والوں نے فلاح حاصل کرلی جو اپنی نماز میں خشوع کرتے ہیں، جو لغویات سے منہ

مُعْرِضُوْنَ ﴿۳﴾ وَ الَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ﴿۴﴾ وَ الَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ﴿۵﴾ اِلَّا

موڑ لیتے ہیں ،جو زکوۃ ادا کرنے والے ہیں، جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں بجز اپنی

عَلٰۤى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ﴿۶﴾

بیویوں اور ملکیت کی لونڈیوں کے یقیناً یہ ملامتیوں میں سے نہیں ہیں

فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝۷ وَ الَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَ عَهْدِهِمْ

جو اس کے سوا کچھ اور چاہیں وہی حد سے تجاوز کر جانے والے

رٰعُوْنَ ۝۸ وَ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝۹ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝۱۰

ہیں، جو اپنی امانتوں اور وعدے کی حفاظت کرنے والے ہیں، جو اپنی نمازوں کی نگہبانی کرتے ہیں یہی وارث ہیں

الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝۱۱ (المومنون ۱تا۱۱)

جو فردوس کے وارث ہوں گے جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

مومنین کو نوید سنائی گئی کہ دنیادار، صاحب ثروت اور صاحب مرتبہ لوگوں نے نہیں بلکہ دعوت حقہ پر ایمان لانے والوں نے دنیاو آخرت میں فلاح وسعادت پائی ہے، جو ان اوصاف سے متصف ہوں گی کہ وہ اپنی نمازوں میں عجز وانکساری اور خشوع وخضوع اختیار کرتے ہیں،

عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: الْخُشُوعُ فِي الْقَلْبِ

سیدنا علی رضی اللہ عنہ بن ابوطالب سے روایت ہے خشوع دل کے عجز وانکسار کا نام ہے۔[۱]

عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُبِّبَ إِلَيَّ مِنَ الدُّنْيَا: النِّسَاءُ، وَالطِّيبُ، وَجُعِلَ قُرَّةُ عَيْنِي فِي الصَّلَاةِ

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے دنیا کی سب چیزوں میں عورتیں اور خوشبو زیادہ پسند ہیں اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔[۲]

وہ شرک، صغیرہ وکبیرہ گناہوں اور بے فائدہ قول وعمل سے بچتے ہیں، جیسے فرمایا:

۔۔۔وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا [۳]

ترجمہ: اور کسی لغو چیز پر ان کا گزر ہو جائے تو مہذب، پروقار طریقے سے گزر جاتے ہیں۔

جو اپنے نفس کا تزکیہ کرتے اور دوسروں کو بھی پاک کرنے کی کوشش کرتے ہیں، جیسے فرمایا

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝۱۴ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ؕ ۝۱۵ [۴]

ترجمہ: فلاح پائی اس شخص نے جس نے پاکیزگی اختیار کی اور اپنے رب کا نام یاد کر کے نماز پڑھی۔

---

[۱] ۔تفسیر طبری ۹/۱۹

[۲] سنن نسائی كِتَابُ عِشْرَةِ النِّسَاءِ بَابُ حُبِّ النِّسَاءِ ۳۹۳۹،مسند احمد ۱۲۲۹۴،السنن الکبری للنسائی ۸۸۳۶،مسند ابی یعلی ۳۴۸۲

[۳] الفرقان ۷۲

[۴] الاعلی ۱۴،۱۵

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ۝ [۱]

ترجمہ: بامراد ہوا وہ جس نے نفس کا تزکیہ کیا اور نامراد ہوا وہ جس نے اس کو دبا دیا۔

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَأَصْبَحْتُ يَوْمًا قَرِيبًا مِنْهُ وَنَحْنُ نَسِيرُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ أَخْبِرْنِي بِعَمَلٍ يُدْخِلُنِي الجَنَّةَ وَيُبَاعِدُنِي عَنِ النَّارِ، قَالَ: لَقَدْ سَأَلْتَنِي عَنْ عَظِيمٍ، وَإِنَّهُ لَيَسِيرٌ عَلَى مَنْ يَسَّرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ، تَعْبُدُ اللّٰهَ وَلاَ تُشْرِكْ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيمُ الصَّلاَةَ، وَتُؤْتِي الزَّكَاةَ، وَتَصُومُ رَمَضَانَ، وَتَحُجُّ البَيْتَ،

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھا کہ ایک صبح میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہو گیا ہم سب چل رہے تھے میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے ایسا عمل بتائیں جو مجھے جنت میں داخل اور جہنم سے دور کر دے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے مجھ سے ایک بہت بڑی بات پوچھی ہے البتہ جس کے لیے اللہ تعالیٰ آسان فرما دے اس کے لیے آسان ہے، اور وہ یہ کہ تم صرف اللہ ہی کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور رمضان کے روزے رکھو اور بیت اللہ کا حج کرو،

ثُمَّ قَالَ: أَلاَ أَدُلُّكَ عَلَى أَبْوَابِ الخَيْرِ: الصَّوْمُ جُنَّةٌ، وَالصَّدَقَةُ تُطْفِئُ الخَطِيئَةَ كَمَا يُطْفِئُ الْمَاءُ النَّارَ، وَصَلاَةُ الرَّجُلِ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ قَالَ: ثُمَّ تَلاَ {تَتَجَافَى جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ}، حَتَّى بَلَغَ {يَعْمَلُونَ}، ثُمَّ قَالَ: أَلاَ أُخْبِرُكَ بِرَأْسِ الأَمْرِ كُلِّهِ وَعَمُودِهِ، وَذِرْوَةِ سَنَامِهِ؟ قُلْتُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللهِ، قَالَ: رَأْسُ الأَمْرِ الإِسْلاَمُ، وَعَمُودُهُ الصَّلاَةُ، وَذِرْوَةُ سَنَامِهِ الجِهَادُ،

پھر فرمایا کیا میں تمہیں خیر کا دروازہ نہ بتاؤں، روزہ ڈھال ہے اور صدقہ گناہوں کو اس طرح ختم کر دیتا ہے جیسے پانی آگ کو اور آدھی رات کو نماز پڑھنا (یعنی یہ بھی اور خیر ہے) پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی "ان کے پہلو بستروں سے الگ رہتے ہیں اور اپنے رب کو خوف اور امید سے پکارتے ہیں۔" یہ آیت پڑھ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں تمام امور کی جڑ اس کی بالائی چوٹی اور اس کی ریڑھ کی ہڈی نہ بتادوں؟ میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کیوں نہیں! فرمایا اس کی جڑ اسلام، اس کی بالائی چوٹی نماز اور اس کی ریڑھ کی ہڈی جہاد ہے،

ثُمَّ قَالَ: أَلاَ أُخْبِرُكَ بِمِلاَكِ ذَلِكَ كُلِّهِ؟ قُلْتُ: بَلَى يَا نَبِيَّ اللهِ، فَأَخَذَ بِلِسَانِهِ قَالَ: كُفَّ عَلَيْكَ هَذَا، فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللهِ، وَإِنَّا لَمُؤَاخَذُونَ بِمَا نَتَكَلَّمُ بِهِ؟ فَقَالَ: ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ يَا مُعَاذُ، وَهَلْ يَكُبُّ النَّاسَ فِي النَّارِ عَلَى وُجُوهِهِمْ أَوْ عَلَى مَنَاخِرِهِمْ إِلاَّ حَصَائِدُ أَلْسِنَتِهِمْ.

کیا میں تمہیں اس چیز کے بارے میں آگاہ نہ کروں جس پر ان سب چیزوں کا دارومدار ہے؟ میں نے عرض کیا اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ضرور بتائیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ نے زبان پکڑی اور فرمایا اس کو اپنے قابو میں رکھو، میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہم جو باتیں کرتے ہیں ان پر پکڑے جائیں گے؟ فرمایا اے معاذ تیری ماں تجھ پر روئے! لوگوں کو اوندھے منہ دوزخ میں اور کیا چیز گراتی ہے سوائے اپنی باتوں ہی کی وجہ سے۔ [۲]

[۱] الشمس ۹،۱۰

[۲] جامع ترمذی کتاب الایمان بَابُ مَا جَاءَ فِي حُرْمَةِ الصَّلاَةِ ۲۶۱۶، سنن ابن ماجه كتاب الفتن بَابُ كَفِّ اللِّسَانِ فِي الْفِتْنَةِ ۳۹۷۳، مسند احمد ۲۲۰۱۶، السنن الكبرى للنسائی ۱۱۳۳۰، شرح السنة للبغوی ۱۱

جو عریانی سے پرہیز کرتے ہیں اور اپنا ستر دوسروں کے آگے نہیں کھولتے سوائے اپنی منکوحہ بیویوں کے اور ان عورتوں کے جو ان کی ملک یمین میں ہوں کہ ان پر محفوظ نہ رکھنے میں وہ قابل ملامت نہیں ہیں البتہ جو اس کے علاوہ کچھ اور چاہیں وہی زیادتی کرنے والے ہیں، یعنی جنسی تسکین کے صرف دو ذریعہ مقرر فرمائے منکوحہ بیوی اور مملوکہ لونڈی اس کے علاوہ جنسی تسکین کا کوئی دوسرا جائز طریقہ نہیں، مثلاً عمل قوم لوط، مشت زنی اور متعہ کرنا تو اسلام میں اس کی قطعاً اجازت نہیں ہے، کیونکہ لواطت کی وجہ سے قوم لوط کو عذاب نازل کر کے نشان عبرت بنادیا گیا، جیسے فرمایا

اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَاۗءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۳۴ [۱]

ترجمہ: ہم اس بستی کے لوگوں پر آسمان سے عذاب نازل کرنے والے ہیں اس فسق کی بدولت جو یہ کرتے رہے ہیں۔

مشت زنی کرنے والا شخص بھی حد سے گزرنے والا ہے، اور متعہ والی عورت نہ تو منکوحہ بیوی کے زمرے میں آتی ہے نہ ہی ملک یمین کے ، جو اپنی امانتوں کی چاہے وہ راز درانہ باتیں ہوں یا مالی امانتیں ہوں حفاظت کرتے ہیں، جیسے فرمایا

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَھْلِھَا ... ۵۸ [۲]

ترجمہ: اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں اہل امانت کے سپرد کرو۔

اور اپنے رب، بندوں اور قوموں سے عہد و پیمان کا پاس رکھتے ہیں،

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ:لَا إِيمَانَ لِمَنْ لَا أَمَانَةَ لَهُ، وَلَا دِينَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَهُ

انس رضی اللہ عنہ بن مالک سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ میں فرمایا جو امانت کی صفت نہیں رکھتا وہ ایمان نہیں رکھتا اور جو عہد کا پاس نہیں رکھتا وہ دین نہیں رکھتا۔ [۳]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ،عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: آيَةُ المُنَافِقِ ثَلاَثٌ: إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَإِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا منافق کی تین نشانیاں ہیں جب بات کرے تو جھوٹ بولے اور جب وعدہ کرے تو اس کی خلاف ورزی کرے اور جب اس کے پاس کوئی امانت رکھی جائے تو اس میں خیانت کرے۔ [۴]

---

[۱] العنکبوت ۳۴

[۲] النساء ۵۸

[۳] مسنداحمد ۱۲۳۸۳، مسندالبزار ۷۱۹۶، صحیح ابن حبان ۱۹۴، شعب الایمان ۴۰۴۵، السنن الکبری للبیہقی ۱۲۶۹۰، مصنف ابن ابی شیبۃ ۳۰۴۰۱، مسندابی یعلی ۲۸۶۳، شرح السنۃ للبغوی ۳۸

[۴] صحیح بخاری کتاب الایمان بَابُ عَلاَمَةِ المُنَافِقِ ۳۳، صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ بَيَانِ خِصَالِ الْمُنَافِقِ ۲۱۱، جامع ترمذی ابواب الایمان بَابُ مَا جَاءَ فِي عَلَامَةِ الْمُنَافِقِ ۲۶۳۱، مسنداحمد ۸۶۸۵، مسندالبزار ۸۳۱۵، شعب الایمان ۴۴۶۵، السنن الکبری

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:أَرْبَعٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ كَانَ مُنَافِقًا خَالِصًا، وَمَنْ كَانَتْ فِيهِ خَصْلَةٌ مِنْهُنَّ كَانَتْ فِيهِ خَصْلَةٌ مِنَ النِّفَاقِ حَتَّى يَدَعَهَا: إِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ، وَإِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا عَاهَدَ غَدَرَ، وَإِذَا خَاصَمَ فَجَرَ

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار خصلتیں ہیں کہ جس میں وہ چاروں پائی جائیں وہ خالص منافق ہے اور جس میں کوئی ایک پائی جائے اس کے اندر نفاق کی ایک خصلت ہے جب تک کہ وہ اسے چھوڑ نہ دے جب کوئی امانت اس کے سپرد کی جائے تو خیانت کرے، جب بولے تو جھوٹ بولے، جب عہد کرے تو توڑ دے اور جب کسی سے جھگڑے تو (اخلاق و دیانت کی) ساری حدیں پھلاند جائے۔[1]

نماز کی اہمیت کے پیش نظر دوبارہ فرمایا کہ جو اوقات نماز، آداب نماز، ارکان واجزائے نماز الغرض نماز سے تعلق رکھنے والی ہر چیز کی نگہداشت کرتے ہیں،

عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ العَمَلِ أَحَبُّ إِلَى اللَّهِ؟ قَالَ:الصَّلاَةُ عَلَى وَقْتِهَا، قَالَ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ:ثُمَّ بِرُّ الوَالِدَيْنِ قَالَ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ:الجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے محبوب عمل کونسا ہے؟ فرمایا نماز کو اپنے وقت پر ادا کرنا، میں نے پوچھا اس کے بعد؟ فرمایا ماں باپ سے اچھا سلوک کرنا، میں نے پوچھا اس کے بعد؟ فرمایا اللہ کی راہ میں جہاد کرنا۔[2]

عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَقِيمُوا، وَلَنْ تُحْصُوا، وَاعْلَمُوا أَنَّ خَيْرَ أَعْمَالِكُمُ الصَّلَاةَ، وَلَا يُحَافِظُ عَلَى الْوُضُوءِ إِلَّا مُؤْمِنٌ

ثوبان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سیدھے سیدھے رہو اور تم ہرگز احاطہ نہ کرسکو گے جان لو کہ تمہارے تمام اعمال میں بہترین عمل نماز ہے، دیکھو وضو کی حفاظت صرف مومن ہی کرسکتا ہے۔[3]

ان اوصاف کے علاوہ بھی مومنین کی خصوصیات بیان فرمائیں۔

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةِ

للبیہقی ۱۲۶۸۹،شرح السنة للبغوی ۳۵

[1] صحیح بخاری کتاب الایمان بَابُ عَلاَمَةِ المُنَافِقِ ۳۴ ، صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ بَيَانِ خِصَالِ الْمُنَافِقِ ۲۱۰،صحیح ابن حبان ۲۵۴،شعب الایمان ۴۰۴۳،السنن الکبری للبیہقی ۱۸۸۴۵،شرح السنة للبغوی ۳۷

[2] صحیح بخاری کتاب مواقیت الصلاة بَابُ فَضْلِ الصَّلاَةِ لِوَقْتِهَا ۵۲۷،صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ بَيَانِ كَوْنِ الْإِيمَانِ بِاللهِ تَعَالَى أَفْضَلَ الْأَعْمَالِ ۲۵۲،مسنداحمد ۳۸۹۰،شعب الایمان ۲۵۴۴،السنن الکبری للبیہقی ۳۱۶۵

[3] سنن ابن ماجه کتاب الطھارة بَابُ الْمُحَافَظَةِ عَلَى الْوُضُوءِ ۲۷۷، مسنداحمد ۲۲۴۳۶، مسندالبزار ۲۳۶۷، مستدرک حاکم ۴۴۹،صحیح ابن حبان ۱۰۳۷،شعب الایمان ۲۵۴۵،شرح السنة للبغوی ۱۵۵

وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ۗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ [۱]

ترجمہ: نیکی یہ نہیں کہ تم نے اپنے چہرے مشرق کی طرف کر لیے یا مغرب کی طرف بلکہ نیکی یہ ہے کہ آدمی اللہ کو اور یوم آخر اور ملائکہ کو اور اللہ کی نازل کی ہوئی کتاب اور اس کے پیغمبروں کو دل سے مانے اور اللہ کی محبت میں اپنا دل پسند مال رشتے داروں اور یتیموں پر، مسکینوں اور مسافروں پر، مدد کے لئے ہاتھ پھیلانے والوں پر اور غلاموں کی رہائی پر خرچ کرے، نماز قائم کرے اور زکوٰۃ دے اور نیک وہ لوگ ہیں کہ جب عہد کریں تو اسے وفا کریں اور تنگی و مصیبت کے وقت میں اور حق و باطل کی جنگ میں صبر کریں، یہ ہیں راستباز لوگ اور یہی لوگ متقی ہیں۔

اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ [۲]

ترجمہ: اللہ کی طرف بار بار پلٹنے والے، اس کی بندگی بجالانے والے، اس کی تعریف کے گن گانے والے، اس کی خاطر زمین میں گردش کرنے والے، اس کے آگے رکوع اور سجدے کرنے والے، نیکی کا حکم دینے والے بدی سے روکنے والے اور اللہ کی حدود کی حفاظت کرنے والے (اس شان کے ہوتے ہیں وہ مومن جو اللہ سے بیع کا یہ معاملہ کرتے ہیں) اور اے نبی! ان مومنوں کو خوشخبری دے دیں۔

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿۶۳﴾ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ﴿۶۴﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۖ ﴿۶۵﴾ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۶۶﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴿۶۷﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ ﴿۶۸﴾ [۳]

ترجمہ: رحمان کے (اصلی) بندے وہ ہیں جو زمین پر نرم چال چلتے ہیں اور جاہل ان کے منہ آئیں تو کہہ دیتے ہیں کہ تم کو سلام، جو اپنے رب کے حضور سجدے اور قیام میں راتیں گزارتے ہیں، جو دعائیں کرتے ہیں کہ اے ہمارے رب! جہنم کے عذاب سے ہم کو بچالے اس کا عذاب تو جان کا لاگو ہے وہ تو بڑا ہی برا مستقر اور مقام ہے، جو خرچ کرتے ہیں تو نہ فضول خرچی کرتے ہیں نہ بخل بلکہ ان کا خرچ دونوں انتہاؤں کے درمیان اعتدال پر قائم رہتا ہے، جو اللہ کے سوا کسی اور معبود کو نہیں پکارتے، اللہ کی حرام کی ہوئی کسی جان کو ناحق ہلاک نہیں کرتے اور نہ زنا کے مرتکب ہوتے ہیں۔

---

[۱] البقرۃ ۱۷۷

[۲] التوبۃ ۱۱۲

[۳] الفرقان ۶۳ تا ۶۸

مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيۡنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الۡكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيۡنَهُمۡ تَرٰٮهُمۡ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبۡتَغُوۡنَ فَضۡلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضۡوَانًا سِيۡمَاهُمۡ فِىۡ وُجُوۡهِهِمۡ مِّنۡ اَثَرِ السُّجُوۡدِ ... ﴿۲۹﴾ [1]

ترجمہ: محمد اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کفار پر سخت اور آپس میں رحیم ہیں، تم جب دیکھو گے انہیں رکوع وسجود اور اللہ کے فضل اور اس کی خوشنودی کی طلب میں مشغول پاؤ گے، سجود کے اثرات ان کے چہروں پر موجود ہیں جن سے وہ الگ پہچانے جاتے ہیں۔

الَّذِيۡنَ هُمۡ عَلٰى صَلَاتِهِمۡ دَآٮِٕمُوۡنَ ۙ﴿۲۳﴾ وَالَّذِيۡنَ فِىۡۤ اَمۡوَالِهِمۡ حَقٌّ مَّعۡلُوۡمٌ ۙ﴿۲۴﴾ لِّلسَّآٮِٕلِ وَالۡمَحۡرُوۡمِ ۙ﴿۲۵﴾ وَالَّذِيۡنَ يُصَدِّقُوۡنَ بِيَوۡمِ الدِّيۡنِ ۙ﴿۲۶﴾ وَالَّذِيۡنَ هُمۡ مِّنۡ عَذَابِ رَبِّهِمۡ مُّشۡفِقُوۡنَ ۚ﴿۲۷﴾ اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمۡ غَيۡرُ مَاۡمُوۡنٍ ﴿۲۸﴾ وَالَّذِيۡنَ هُمۡ لِفُرُوۡجِهِمۡ حٰفِظُوۡنَ ۙ﴿۲۹﴾ اِلَّا عَلٰٓى اَزۡوَاجِهِمۡ اَوۡ مَا مَلَكَتۡ اَيۡمَانُهُمۡ فَاِنَّهُمۡ غَيۡرُ مَلُوۡمِيۡنَ ۚ﴿۳۰﴾ فَمَنِ ابۡتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓٮِٕكَ هُمُ الۡعٰدُوۡنَ ۚ﴿۳۱﴾ وَالَّذِيۡنَ هُمۡ لِاَمٰنٰتِهِمۡ وَعَهۡدِهِمۡ رٰعُوۡنَ ۙ﴿۳۲﴾ وَالَّذِيۡنَ هُمۡ بِشَهٰدٰتِهِمۡ قَآٮِٕمُوۡنَ ۙ﴿۳۳﴾ وَالَّذِيۡنَ هُمۡ عَلٰى صَلَاتِهِمۡ يُحَافِظُوۡنَ ؕ﴿۳۴﴾ اُولٰٓٮِٕكَ فِىۡ جَنّٰتٍ مُّكۡرَمُوۡنَ ؕ﴿۳۵﴾ [2]

ترجمہ: جو نماز پڑھنے والے ہیں، جو اپنی نماز کی ہمیشہ پابندی کرتے ہیں، جن کے مالوں میں سائل اور محروم کا ایک مقرر حق ہے، جو روز جزا کو برحق مانتے ہیں، جو اپنے رب کے عذاب سے ڈرتے ہیں کیونکہ ان کے رب کا عذاب ایسی چیز نہیں ہے جس سے کوئی بے خوف ہو، جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں بجز اپنی بیویوں یا اپنی مملوکہ عورتوں کے جن سے محفوظ نہ رکھنے میں ان پر کوئی ملامت نہیں البتہ جو اس کے علاوہ کچھ اور چاہیں وہی حد سے تجاوز کرنے والے ہیں، جو اپنی امانتوں کی حفاظت اور اپنے عہد کا پاس کرتے ہیں، جو اپنی گواہیوں میں راست بازی پر قائم رہتے ہیں اور جو اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں، یہ لوگ عزت کے ساتھ جنت کے باغوں میں رہیں گے۔

فرمایا یہی لوگ فلاح یاب ہوں گے اور میراث میں (جنت کا بلند ترین، بہتر اور افضل طبقہ) جنت فردوس پائیں گے، جیسے فرمایا

اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتۡ لَهُمۡ جَنّٰتُ الۡفِرۡدَوۡسِ نُزُلًا ۙ﴿۱۰۷﴾ [3]

ترجمہ: البتہ وہ لوگ جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے ان کی میزبانی کے لیے فردوس کے باغ ہوں گے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا لَهُ مَنْزِلَانِ: مَنْزِلٌ فِي الْجَنَّةِ، وَمَنْزِلٌ فِي النَّارِ، فَإِذَا مَاتَ، فَدَخَلَ النَّارَ، وَرِثَ أَهْلُ الْجَنَّةِ مَنْزِلَهُ، فَذَلِكَ قَوْلُهُ تَعَالَى: {أُولَٰٓئِكَ هُمُ الْوَارِثُونَ} [4]

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے ہر شخص کے لیے دو مقام ہیں ایک مقام جنت میں اور دوسرا مقام جہنم میں، اگر وہ مرنے کے بعد جہنم میں داخل ہو گا تو اس کے جنت والے مقام کے اہل جنت وارث ہوں گے یہی معنی ہیں اس آیت کریمہ کے،

[1] الفتح۲۹

[2] المعارج۲۳تا۳۵

[3] الکہف۱۰۷

[4] [المؤمنون : ۱۰]

یہی لوگ وارث ہوں گے۔ [1]

اور جنتی اس کی لازوال انواع واقسام کی نعمتوں سے ہمیشہ فیض یاب ہوں گے،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَبِرَسُولِهِ، وَأَقَامَ الصَّلاَةَ، وَصَامَ رَمَضَانَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللَّهِ أَنْ يُدْخِلَهُ الجَنَّةَ، جَاهَدَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَوْ جَلَسَ فِي أَرْضِهِ الَّتِي وُلِدَ فِيهَا، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَفَلاَ نُبَشِّرُ النَّاسَ؟ قَالَ:إِنَّ فِي الجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ، أَعَدَّهَا اللَّهُ لِلْمُجَاهِدِينَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، مَا بَيْنَ الدَّرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ، فَإِذَا سَأَلْتُمُ اللَّهَ، فَاسْأَلُوهُ الفِرْدَوْسَ، فَإِنَّهُ أَوْسَطُ الجَنَّةِ وَأَعْلَى الجَنَّةِ - أُرَاهُ - فَوْقَهُ عَرْشُ الرَّحْمَنِ، وَمِنْهُ تَفَجَّرُ أَنْهَارُ الجَنَّةِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جوشخص اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے اور نماز قائم کرے اور رمضان کے روزے رکھے تو اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ وہ جنت میں داخل کرے گا خواہ اللہ کے راستے میں وہ جہاد کرے یا اسی جگہ پڑا رہے جہاں پیدا ہوا تھا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہم لوگوں کو اس کی بشارت نہ دے دیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں سو درجے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے راستے میں جہاد کرنے والوں کے لئے تیار کئے ہیں ان کے دو درجوں میں اتنا فاصلہ ہے جتنا آسمان وزمین میں ہے اس لئے جب اللہ تعالیٰ سے مانگنا ہو تو جنت الفردوس مانگو وہ سب سے اعلیٰ اور اوسط جنت ہے، اسی کے اوپر اللہ تعالیٰ کا عرش ہے اور وہیں سے جنت کی نہریں جاری ہوتی ہیں۔ [2]

وَ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً

یقیناً ہم نے انسان کو مٹی کے جوہر سے پیدا کیا پھر اسے نطفہ بنا کر محفوظ جگہ میں قرار دے دیا، پھر نطفہ کو ہم

فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً

نے جما ہوا خون بنا دیا، پھر خون کے لوتھڑے کو گوشت کا ٹکڑا کر دیا، پھر گوشت کے ٹکڑے کو ہڈیاں بنا دیں،

فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ

پھر ہڈیوں کو ہم نے گوشت پہنا دیا پھر دوسری بناوٹ میں اسے پیدا کر دیا،

فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ﴿۱۵﴾

برکتوں والا ہے وہ اللہ جو سب سے بہترین پیدا کرنے والا ہے، اس کے بعد پھر تم سب یقیناً مرجانے والے ہو،

[1] سنن ابن ماجہ كِتَابُ الزُّهْدِ بَابُ صِفَةِ الْجَنَّةِ ۴۳۴۱

[2] صحیح بخاری کتاب الجهاد بَابُ دَرَجَاتِ المُجَاهِدِينَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ يُقَالُ هَذِهِ سَبِيلِي وَهَذَا سَبِيلِي ۲۷۹۰، مسند احمد ۸۴۱۹، صحیح ابن حبان ۴۶۱۱، السنن الکبری للبیہقی ۱۸۴۹۴، شرح السنة للبغوی ۲۶۱۰

ثُمَّ اِنَّكُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ تُبۡعَثُوۡنَ ۝۱۶ (المومنون۱۲تا۱۶)

پھر قیامت کے دن بلاشبہ تم سب اٹھائے جاؤ گے۔

انسان کی پیدائش مرحلہ وار:

انسان کی تخلیق میں تدبر کی دعوت دی کہ ہم نے انسان کے جد امجد آدم علیہ السلام کو تمام زمین سے حاصل کردہ مٹی کے ست سے بنایا، جیسے متعدد مقامات پر فرمایا

اِنَّا خَلَقۡنٰهُمۡ مِّنۡ طِيۡنٍ لَّازِبٍ ۝۱۱ [۱]

ترجمہ: ان کو تو ہم نے لیس دار گارے سے پیدا کیا ہے۔

وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنۡ صَلۡصَالٍ مِّنۡ حَمَاٍ مَّسۡنُوۡنٍ ۝۲۶ [۲]

ترجمہ: ہم نے انسان کو سڑی ہوئی مٹی کے سوکھے گارے سے بنایا۔

وَمِنۡ اٰيٰتِهٖۤ اَنۡ خَلَقَكُمۡ مِّنۡ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَاۤ اَنۡتُمۡ بَشَرٌ تَنۡتَشِرُوۡنَ ۝۲۰ [۳]

ترجمہ: اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تم کو مٹی سے پیدا کیا پھر یکا یک تم بشر ہو کہ (زمین میں) پھیلتے چلے جا رہے ہو۔

عَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وحَدَّثَنَاهُ هَوْذَةُ، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ قَسَامَةَ قَالَ: سَمِعْتُ الْأَشْعَرِيَّ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ خَلَقَ آدَمَ مِنْ قَبْضَةٍ قَبَضَهَا مِنْ جَمِيعِ الْأَرْضِ، فَجَاءَ بَنُو آدَمَ عَلَى قَدْرِ الْأَرْضِ. جَاءَ مِنْهُمْ: الْأَحْمَرُ وَالْأَبْيَضُ وَالْأَسْوَدُ وَبَيْنَ ذَلِكَ، وَالسَّهْلُ وَالْحَزْنُ وَبَيْنَ ذَلِكَ، وَالْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَبَيْنَ ذَلِكَ

ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو (مٹی کی) ایک مٹھی سے پیدا فرمایا جسے اس نے ساری زمین سے اکٹھا کیا تھا تو اسی زمین کے مطابق بنو آدم پیدا ہوئے ان میں سے کچھ کا رنگ سرخ ہے کچھ کا سفید اور کچھ کا بین بین، ان میں سے کچھ برے کچھ اچھے، کچھ نرم اور کچھ سخت جبکہ کچھ درمیانے ہیں۔ [۴]

پھر نسل انسانی کے فروغ کے لئے اسے رحم مادر میں ٹپکی ہوئی بوند میں تبدیل کیا، جیسے فرمایا

---

[۱] الصافات۱۱

[۲] الحجر۲۶

[۳] الروم۲۰

[۴] مسند احمد۱۹۶۴۲،سنن ابوداودکِتَاب السُّنَّةِ بَابٌ فِي الْقَدَرِ۴۶۹۳، جامع ترمذی أَبْوَابُ تَفْسِيرِ الْقُرْآنِ بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ البَقَرَةِ۲۹۵۵

وَبَدَاَ خَلۡقَ الۡاِنۡسَانِ مِنۡ طِیۡنٍ ۚ﴿۷﴾ ثُمَّ جَعَلَ نَسۡلَہٗ مِنۡ سُلٰلَۃٍ مِّنۡ مَّآءٍ مَّہِیۡنٍ ۚ﴿۸﴾ [۱]

ترجمہ:اس نے انسان کی تخلیق کی ابتدا گارے سے کی، پھر اس کی نسل ایک ایسے ست سے چلائی جو حقیر پانی کی طرح کا ہے۔

اَلَمۡ نَخۡلُقۡکُّمۡ مِّنۡ مَّآءٍ مَّہِیۡنٍ ﴿ۙ۲۰﴾ فَجَعَلۡنٰہُ فِیۡ قَرَارٍ مَّکِیۡنٍ ﴿ۙ۲۱﴾ [۲]

ترجمہ: کیا ہم نے ایک حقیر پانی سے تمہیں پیدا نہیں کیا اور ایک مقرر مدت تک اسے ایک محفوظ جگہ ٹھہرائے رکھا؟۔

جو مرد کی پشت اور عورت کے سینے کی ہڈیوں سے نکلتا ہے، جیسے فرمایا:

یَّخۡرُجُ مِنۡۢ بَیۡنِ الصُّلۡبِ وَ التَّرَآئِبِ ؕ﴿۷﴾ [۳]

ترجمہ:جو پیٹھ اور سینے کی ہڈیوں کے درمیان سے نکلتا ہے۔

پھر اس حقیر بدبودار پانی کی اس بوند کو لوتھڑے کی شکل دی،

قَالَ عَبْدُ اللَّهِ:حَدَّثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ المَصْدُوقُ، قَالَ: إِنَّ أَحَدَكُمْ يُجْمَعُ خَلْقُهُ فِي بَطْنِ أُمِّهِ أَرْبَعِينَ يَوْمًا ثُمَّ يَكُونُ عَلَقَةً مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ يَكُونُ مُضْغَةً مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللَّهُ مَلَكًا فَيُؤْمَرُ بِأَرْبَعِ كَلِمَاتٍ وَيُقَالُ لَهُ: اكْتُبْ عَمَلَهُ، وَرِزْقَهُ، وَأَجَلَهُ، وَشَقِيٌّ أَوْ سَعِيدٌ ثُمَّ يُنْفَخُ فِيهِ الرُّوحُ، فَإِنَّ الرَّجُلَ مِنْكُمْ لَيَعْمَلُ حَتَّى مَا يَكُونُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الجَنَّةِ إِلَّا ذِرَاعٌ، فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ كِتَابُهُ، فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ وَيَعْمَلُ حَتَّى مَا يَكُونُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّارِ إِلَّا ذِرَاعٌ، فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الكِتَابُ، فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الجَنَّةِ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ہم سے صادق المصدوق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہاری پیدائش کی تیاری تمہاری ماں کے پیٹ میں چالیس دن تک (نطفہ کی صورت میں) کی جاتی ہے، اتنے ہی دنوں تک پھر ایک بستہ خون کی صورت میں اختیار کئے رہتا ہے، اور پھر وہ اتنے ہی دنوں تک ایک مضغہ گوشت رہتا ہے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ بھیجتا ہے اور اسے چار باتوں (کے لکھنے) کا حکم دیتا ہے، اس سے کہا جاتا ہے کہ اس کے عمل، اس کا رزق، اس کی مدت زندگی اور یہ کہ بد ہے یا نیک، لکھ لے، اب اس نطفہ میں روح ڈالی جاتی ہے (یاد رکھ) ایک شخص (زندگی بھر نیک) عمل کرتا رہتا ہے اور جب جنت اور اس کے درمیان صرف ایک ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا ہے تو اس کی تقدیر سامنے آجاتی ہے اور وہ دوزخ والوں کے عمل شروع کر دیتا ہے، اسی طرح ایک شخص (زندگی بھر برے) کام کرتا رہتا ہے اور جب دوزخ اور اس کے درمیان صرف ایک ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا ہے تو اس کی تقدیر غالب آجاتی ہے اور جنت والوں کے کام شروع کر دیتا ہے۔ [۴]

---

[۱] السجدة۸،۷

[۲] المرسلات۲۱،۲۰

[۳] الطارق۷

[۴] صحیح بخاری کتاب بدء الخلق بَابُ ذِكْرِ المَلاَئِكَةِ۳۲۰۸ ،کتاب احادیث الانبیائ بَابُ خَلْقِ آدَمَ صَلَوَاتُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَذُرِّيَّتِهِ۳۳۳۲، کتاب القدر بَابٌ فِي القَدَرِ۶۵۹۴، کتاب توحیدالجھمیة بَابُ قَوْلِهِ تَعَالَى وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا المُرْسَلِينَ ۷۴۵۴،صحیح مسلم کتاب القدربَابُ كَيْفِيَّةِ خَلْقِ الْآدَمِيِّ فِي بَطْنِ أُمِّهِ وَكِتَابَةِ رِزْقِهِ وَأَجَلِهِ وَعَمَلِهِ وَشَقَاوَتِهِ وَسَعَادَتِهِ۶۷۲۳،جامع

عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ،يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَدْخُلُ الْمَلَكُ عَلَى النُّطْفَةِ بَعْدَ مَا تَسْتَقِرُّ فِي الرَّحِمِ بِأَرْبَعِينَ، أَوْ خَمْسَةٍ وَأَرْبَعِينَ لَيْلَةً، فَيَقُولُ:يَا رَبِّ أَشَقِيٌّ أَوْ سَعِيدٌ؟فَيُكْتَبَانِ،فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ أَذَكَرٌ أَوْ أُنْثَى؟فَيُكْتَبَانِ ،وَيُكْتَبُ عَمَلُهُ وَأَثَرُهُ وَأَجَلُهُ وَرِزْقُهُ،ثُمَّ تُطْوَى الصُّحُفُ فَلَا يُزَادُ فِيهَا وَلَا يُنْقَصُ

حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چالیس یا پینتالیس دن کے بعد جب وہ بچہ دانی میں جم جاتا ہے توفرشتہ نطفے کے پاس جاتا ہے،اور وہ اللہ تعالیٰ سے دریافت کرتا ہے اے رب!اس کو بدبخت لکھوں یا نیک بخت؟پھر جو پروردگار کہتا ہے ویسا ہی لکھتا ہے، پھر کہتا ہے مرد لکھوں یا عورت ؟پھر جو پروردگار فرماتا ہے ویسا لکھ لیتا ہے،اور اس کا عمل اور عمر اور روزی لکھتا ہے، پھر کتاب لپیٹ دی جاتی ہے نہ اس سے کوئی چیز بڑھتی ہے نہ گھٹتی ہے۔[1]

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:إِنَّ اللَّهَ وَكَّلَ فِي الرَّحِمِ مَلَكًا، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ نُطْفَةٌ، يَا رَبِّ عَلَقَةٌ، يَا رَبِّ مُضْغَةٌ، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَخْلُقَهَا قَالَ: يَا رَبِّ أَذَكَرٌ، يَا رَبِّ أُنْثَى، يَا رَبِّ شَقِيٌّ أَمْ سَعِيدٌ، فَمَا الرِّزْقُ، فَمَا الأَجَلُ، فَيُكْتَبُ كَذَلِكَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ماں کے رحم کے لئے ایک فرشتہ مقرر کر دیا ہے وہ فرشتہ عرض کرتا ہے ،اے رب، یہ نطفہ ہے،اے رب! یہ مضغہ (لوتھڑا) ہے،اے رب!علقہ (گوشت کا ٹکڑا) ہے، پھر جب باری تعالیٰ اسے پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے توفرشتہ پوچھتا ہے اے رب!یہ مرد ہے یا اے رب!یہ عورت ہے،اے رب!یہ شقی ہے یا سعید؟اس کی روزی کیا ہے؟اور مدت زندگی کتنی ہے؟چنانچہ اسی کے مطابق ماں کے پیٹ ہی میں سب کچھ فرشتہ لکھ لیتا ہے۔[2]

پھر لوتھڑے کو چالیس دن بعد سرخ رنگ کی بوٹی میں بدل دیا جس کی کوئی شکل وصورت نہیں ہوتی، پھر اس کو نک سک سے درست کیا، پھر ہڈیوں پر ایک خاص تناسب اور مقدار سے گوشت کا لباس چڑھایا، پھر اسے متوازن جسامت، خوبصورت شکل وصورت، دیکھنے، سننے اور ادراک کی قوتیں اور کئی طرح کی صلاحیتیں عطا کر کے نوماہ بعد ماں کے پیٹ سے باہر نکال لائے،یعنی نطفے کو ایک حالت کے بعد دوسری حالت میں تبدیل کرنے کے بعد ایک جیتا جاگتا بچہ بنا دیتے ہیں،اتنی کامل قدرتوں کو بیان فرما کر فرمایا جو اللہ اس بوند کو مختلف مراحل سے

ترمذی ابواب القدر بَابُ مَا جَاءَ أَنَّ الأَعْمَالَ بِالخَوَاتِيمِ ۲۱۳۷،سنن ابن ماجه كتاب السنة بَابٌ فِي الْقَدَرِ۷۶،سنن ابوداود كتاب السنة بَابٌ فِي الْقَدَرِ ۴۷۰۸

[1] صحیح مسلم كتاب القدربَابُ كَيْفِيَّةِ خَلْقِ الْآدَمِيِّ فِي بَطْنِ أُمِّهِ وَكِتَابَةِ رِزْقِهِ وَأَجَلِهِ وَعَمَلِهِ وَشَقَاوَتِهِ وَسَعَادَتِهِ ۶۷۲۵ ، مسنداحمد۱۶۱۴۲

[2] صحیح بخاری كتاب احاديث الانبياء بَابُ خَلْقِ آدَمَ صَلَوَاتُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَذُرِّيَّتِهِ ۳۳۳۳،صحیح مسلم كتاب القدربَابُ كَيْفِيَّةِ خَلْقِ الْآدَمِيِّ فِي بَطْنِ أُمِّهِ وَكِتَابَةِ رِزْقِهِ وَأَجَلِهِ وَعَمَلِهِ وَشَقَاوَتِهِ وَسَعَادَتِهِ ۶۷۳۰،مسنداحمد۱۲۴۹۹،السنن الكبرى للبيهقى ۱۵۴۲۲،شرح السنة للبغوى ۷۰

گزار کر پورا انسان بنا دیتا ہے وہ اس سے بدرجہا زیادہ منزہ ہے کہ کوئی اس کا شریک ہو اور اس سے بدرجہ مقدس ہے کہ اسی انسان کو دوبارہ پیدا کرنے پر قادر نہ ہو، اور اللہ تمام تخلیق کاروں سے بڑا اور سب سے اچھا تخلیق کار ہے، تخلیق کے ان مراحل کے بعد ایک مرحلہ پر تم موت سے ہم کنار ہو گے، پھر قیامت کے روز اعمال کی جزا کے لئے یقیناً تم اٹھائے جاؤ گے، جیسے فرمایا

اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ﴿۳۶﴾ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ﴿۳۷﴾ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۳۸﴾ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿۳۹﴾ اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰۤى اَنْ يُّحْيِ الْمَوْتٰى ﴿۴۰﴾ [1]

ترجمہ: کیا انسان نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ وہ یونہی مہمل چھوڑ دیا جائے گا؟ کیا وہ ایک حقیر پانی کا نطفہ نہ تھا جو (رحم مادر میں) ٹپکایا جاتا ہے؟ پھر وہ ایک لوتھڑا بنا پھر اللہ نے اس کا جسم بنایا اور اس کے اعضاء درست کیے پھر اس سے مرد اور عورت کی دو قسمیں بنائیں، کیا وہ اس پر قادر نہیں ہے کہ مرنے والوں کو پھر سے زندہ کر دے۔

...ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ... ﴿۲۰﴾ [2]

ترجمہ: پھر اللہ بار دیگر بھی زندگی بخشے گا۔

أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَبَيْتُ وَيَبْلَى كُلُّ شَيْءٍ مِنَ الإِنْسَانِ، إِلَّا عَجْبَ ذَنَبِهِ، فِيهِ يُرَكَّبُ الخَلْقُ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انسان کا تمام جسم گل جائے گا سوائے ریڑھ کی ہڈی کے، اور اسی سے ساری مخلوق دوبارہ بنائی جائے گی۔ [3]

وَ لَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَ مَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَ اَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ

ہم نے تمہارے اوپر سات آسمان بنائے ہیں اور ہم مخلوقات میں غافل نہیں ہیں، ہم ایک صحیح انداز سے آسمان سے

مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ۖ وَ اِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۭ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ

پانی برساتے ہیں پھر اسے زمین میں ٹھہرا دیتے ہیں اور ہم اس کے لے جانے پر یقیناً قادر ہیں، اسی پانی کے ذریعے سے

جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ اَعْنَابٍ ۘ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّ مِنْهَا

ہم تمہارے لیے کھجوروں اور انگوروں کے باغات پیدا کر دیتے ہیں کہ تمہارے لیے ان میں بہت سے میوے ہوتے ہیں انہی میں

تَاْكُلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَ شَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَ صِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿۲۰﴾

---

[1] القیامۃ۳۶تا۴۰

[2] العنکبوت۲۰

[3] صحیح بخاری کتاب التفسیرسورۃ الزمرباب قَوْلِهِ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمَوَاتِ وَمَنْ فِي الأَرْضِ، إِلَّا مَنْ شَاءَ اللَّهُ، ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ أُخْرَى فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنْظُرُونَ ۴۸۱۴ ، صحیح مسلم کتاب الفتن بَابُ مَا بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ ۷۴۱۴

سے تم کھاتے بھی ہو،اور وہ درخت جو طور سینا پہاڑ سے نکلتا ہے جو تیل نکالتا ہے،اور کھانے والے کے لیے سالن ہے،

وَ اِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا وَ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ

تمہارے لیے چوپایوں میں بھی بڑی بھاری عبرت ہے ان کے پیٹوں میں سے ہم تمہیں دودھ پلاتے ہیں اور بھی بہت سے نفع

وَّ مِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۙ﴿۲۱﴾ وَ عَلَيْهَا وَ عَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ (المومنون ۱۷تا۲۲)

تمہارے لیے ان میں ہیں ان میں سے بعض کو تم کھاتے بھی ہو،اور ان پر اور کشتیوں پر تم سوار کرائے جاتے ہو۔

دلائل النفس کے بعد دلائل آفاق کا ذکر فرمایا کہ ہم نے تمہارے اوپر دو دنوں میں طبق بر طبق سات آسمان بنائے، جیسے فرمایا

الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا... ﴿۳﴾ [1]

ترجمہ: جس نے تہ بر تہ سات آسمان بنائے۔

اَلَمْ تَرَوْا كَیْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ﴿۱۵﴾ [2]

ترجمہ: کیا دیکھتے نہیں ہو کہ اللہ نے کس طرح سات آسمان تہ بر تہ بنائے۔

تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِیْهِنَّ... ﴿۴۴﴾ [3]

ترجمہ: اس کی پاکی توساتوں آسمان اور زمین اور وہ ساری چیزیں بیان کر رہی ہیں جو آسمان وزمین میں ہیں۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ... ﴿۱۲﴾ [4]

ترجمہ: اللہ وہ ہے جس نے سات آسمان بنائے اور زمین کی قسم سے بھی انہی کے مانند۔

گو سائنس کا یہ دعویٰ ہے کہ آسمانوں کا کوئی وجود نہیں بس ایک منتہائے نظر ہے جو رنگوں کی رنگینی ہے،اس کو ہم لفظ آسمان کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں اور بس۔

اور اس سارے نظام کو ہم نے ایک سوچے سمجھے منصوبے پر پورے علم کے ساتھ بنایا گیا ہے،اہم قوانین اس میں کارفرما ہیں،اور سارے نظام کائنات میں ایک مکمل ہم آہنگی پائی جاتی اور مقصدیت نظر آتی ہے،

وَقَالَ أَكْثَرُ الْمُفَسِّرِينَ: الْمُرَادُ الْخَلْقُ كُلُّهُمْ بِغَافِلِينَ، بَلْ حَفِظْنَا

بعض مفسرین کہتے ہیں کہ اس کے بعد ہم مخلوق کے مصالح اور ان کی ضروریات زندگی سے غافل نہیں ہو گئے بلکہ ہم اس کا انتظام کرتے

---

[1] الملک ۳

[2] نوح ۱۵

[3] بنی اسرائیل ۴۴

[4] الطلاق ۱۲

ہیں۔ [1]

جیسے فرمایا:

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ... ۶ [2]

ترجمہ: زمین میں چلنے والا کوئی جاندار ایسا نہیں ہے جس کا رزق اللہ کے ذمے نہ ہو اور جس کے متعلق وہ نہ جانتا ہو کہ کہاں وہ رہتا ہے اور کہاں وہ سونپا جاتا ہے۔

اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ۭ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۱۴ [3]

ترجمہ: کیا وہی نہ جانے گا جس نے پیدا کیا ہے؟ حالاں کہ وہ باریک بین اور باخبر ہے۔

...بَلٰى ۤ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۸۱ [4]

ترجمہ: کیوں نہیں جب کہ وہ ماہر خلاق ہے۔

أي: ويعلم مَا يَلِجُ فِي الْأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا، وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يعرُج فِيهَا، وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَمَا كُنْتُمْ

بعض یوں کہتے ہیں زمین سے جو کچھ نکلتا ہے یا داخل ہوتا اسی طرح آسمان سے جو اترتا اور چڑھتا ہے سب اس کے علم میں ہے اور ہر چیز پر وہ نظر رکھتا ہے اور ہر جگہ وہ اپنے علم کے لحاظ سے تمہارے ساتھ ہوتا ہے۔ [5]

اور ہم سمندروں سے پانی کشید کرتے ہیں اور پھر بادلوں کے ذریعے زمین کے کسی حصے پر ایک خاص مقدار میں میٹھا اور خوش ذائقہ پانی برساتے ہیں، نہ اتنا زیادہ کہ جس سے تباہی پھیل جائے اور نہ اتنا کم کہ پیداوار اور دیگر ضروریات کے لئے کافی نہ ہو، اور اس کے ساتھ یہ انتظام بھی کر دیا کہ پانی برس کر فوراً بہہ نہ جائے بلکہ ہم نے زمین میں جذب کرنے کی صلاحیت بھی پیدا کر دی تاکہ پانی جذب ہو کر چشموں، نہروں، دریاؤں اور تالابوں اور کنوؤں کی شکل میں محفوظ ہو جائے، اور اسی میں کچھ حصہ برف کی شکل میں پہاڑوں پر گر کر سینکڑوں فٹ برف کی شکل میں جمع ہو گیا اور گرمیوں میں وہ برف پگھلنا شروع ہوئی اور تھوڑا تھوڑا پانی دریاؤں میں آنے لگا تاکہ بعد میں ان دونوں ذرائع سے حسب ضرورت استعمال میں لایا جاسکے، جس طرح ہم نے اپنے فضل و کرم سے پانی کا ایسا وسیع انتظام کیا ہے، وہیں اس بات پر بھی قدرت رکھتے ہیں کہ ہم آسمان سے پانی نہ برسائیں یا کڑوا کر دیں، جیسے فرمایا

اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ۶۸ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ۶۹ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا

---

[1] فتح القدیر ۵۶۵، ۳

[2] ھود ۶

[3] الملک ۱۴

[4] یٰسین ۸۱

[5] تفسیر ابن کثیر ۵۵۰، ۳

فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ۝٧٠ [۱]

ترجمہ: کبھی تم نے آنکھیں کھول کر دیکھا یہ پانی جو تم پیتے ہو اسے تم نے بادل برسایا ہے یا اس کے برسانے والے ہم ہیں؟ ہم چاہیں تو اسے سخت کھاری بنا کر رکھ دیں پھر کیوں تم شکر گزار نہیں ہوتے؟۔

یا پانی کی سطح اتنی نیچی کر دیں کہ تمہارے لئے پانی کا حصول ناممکن ہو جائے، جیسے فرمایا:

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ۝٣٠ [۲]

ترجمہ: کبھی تم نے یہ بھی سوچا کہ اگر تمہارے کنوؤں کا پانی زمین میں اتر جائے تو کون ہے جو اس پانی کی بہتی ہوئی سوتیں تمہیں نکال کر لا دے گا؟۔

پھر اس پانی کے ذریعہ سے ہم نے تمہارے لئے کھجور، انگور، انار، سیب اور طرح طرح کے پھلوں کے باغ پیدا کر دیے، جیسے فرمایا

يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ... ۝١١ [۳]

ترجمہ: وہ اس پانی کے ذریعہ سے کھیتیاں اگاتا ہے اور زیتون اور کھجور اور انگور اور طرح طرح کے دوسرے پھل پیدا کرتا ہے۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۖ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ۝٣٣ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ۝٣٤ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝٣٥ [۴]

ترجمہ: ان لوگوں کے لئے بے جان زمین ایک نشانی ہے ہم نے اس کو زندگی بخشی اور اس سے غلہ نکالا جسے یہ کھاتے ہیں، ہم نے اس میں کھجوروں اور انگوروں کے باغ پیدا کیے اور اس کے اندر چشمے پھوڑ نکالے تا کہ یہ اس کے پھل کھائیں، یہ سب کچھ ان کے اپنے ہاتھوں کا پیدا کیا ہوا نہیں ہے پھر کیا یہ شکر ادا نہیں کرتے؟۔

ان باغوں میں تمہارے لئے انواع و اقسام کے لذیذ پھل ہیں جن کو تم کھاتے اور ان سے اپنی معاش پیدا کرتے ہو، اور ہم نے زیتون بھی پیدا کیا جو طور سینا سے نکلتا ہے، جس کا روغن تیل کے طور پر اور اس کا پھل سالن کے طور پر استعمال ہوتا ہے،

عَنْ عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ائْتَدِمُوا بِالزَّيْتِ، وَادَّهِنُوا بِهِ، فَإِنَّهُ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روغن زیتون سے روٹی کھاؤ اور اس کو سر اور بدن میں لگاؤ کیونکہ وہ مبارک درخت سے نکلتا ہے۔ [۵]

---

[۱] الواقعۃ ۶۸ تا ۷۰

[۲] الملک ۳۰

[۳] النحل ۱۱

[۴] یسین ۳۳ تا ۳۵

[۵] جامع ترمذی أَبْوَابُ الأَطْعِمَةِ بَابُ مَا جَاءَ فِي أَكْلِ الزَّيْتِ ۱۸۵۱، سنن ابن ماجه كِتَابُ الْأَطْعِمَةِ بَابُ الزَّيْتِ ۳۳۱۹، مسند

اور تمہارے لئے مویشیوں میں بھی ایک سبق ہے،ان کے پیٹوں میں جو کچھ ہے (یعنی خون اور گوبر) اسی میں سے خوش ذائقہ اور صحت بخش دودھ نکال کر ہم تمہیں پلاتے ہیں، جیسے فرمایا

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۚ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۶۶﴾ [1]

ترجمہ:اور تمہارے لئے مویشیوں میں بھی ایک سبق موجود ہے،ان کے پیٹ سے گوبر اور خون کے درمیان ہم ایک چیز تمہیں پلاتے ہیں یعنی خالص دودھ جو پینے والوں کے لئے نہایت خوشگوار ہے۔

اور ان میں بہت سے دوسرے فائدے بھی ہیں،ان کو تم کھاتے ہو، صحرا کی وسعتوں میں اونٹوں کی سواری اور بار برداری کے کام کرتے ہو ، جیسے فرمایا

وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ۔۔۔ ﴿۷﴾ [2]

ترجمہ:وہ تمہارے لیے بوجھ ڈھو کر ایسے ایسے مقامات تک لے جاتے ہیں جہاں تم سخت جانفشانی کے بغیر نہیں پہنچ سکتے۔

ان کے بالوں اور اون سے لباس تیار کرتے ہو،ان کے چمڑے سے خیمے وغیرہ تیار کرتے ہو، جیسے فرمایا

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾ [3]

ترجمہ: کیا یہ لوگ دیکھتے نہیں ہیں کہ ہم نے اپنے ہاتھوں کی بنائی ہوئی چیزوں میں سے ان کے لیے مویشی پیدا کیے اور اب یہ ان کے مالک ہیں، ہم نے انہیں اس طرح ان کے بس میں کر دیا ہے کہ ان میں سے کسی پر یہ سوار ہوتے ہیں، کسی کا یہ گوشت کھاتے ہیں اور ان کے اندر ان کے لیے طرح طرح کے فوائد اور مشروبات ہیں پھر کیا یہ شکر گذار نہیں ہوتے؟۔

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۸۰﴾ [4]

ترجمہ:اللہ ہی نے تمہارے لیے یہ مویشی جانور بنائے ہیں تاکہ ان میں سے کسی پر تم سوار ہو اور کسی کا گوشت کھاؤ ان کے اندر تمہارے لیے اور بھی بہت سے منافع ہیں،وہ اس کام بھی آتے ہیں کہ تمہارے دلوں میں جہاں جانے کی حاجت ہو وہاں تم ان پر پہنچ سکو ان پر بھی اور کشتیوں پر بھی تم سوار کیے جاتے ہو۔

اور پانی میں تیرتی کشتیوں پر بھی سوار ہوتے ہو، جیسے فرمایا

البزار المنشور باسم البحر الزخار۲۷۵،شرح مشکل الآثار۴۴۴۸، مستدرک حاکم۱۴۲۷

[1] النحل ۶۶

[2] النحل ۷

[3] یسین ۷۳

[4] المومن ۷۹،۸۰

وَاٰیَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّیَّتَهُمْ فِی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا یَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ [1]

ترجمہ:ان کے لیے یہ بھی ایک نشانی ہے کہ ہم نے ان کی نسل کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کر دیا اور پھر ان کے لیے ویسی ہی کشتیاں اور پیدا کیں جن پر یہ سوار ہوتے ہیں۔چنانچہ جو اللہ یہ سب کچھ اور آسمان جس کی بناوٹ انسانی بناوٹ سے بہت بڑی،بہت بھاری اور بہت بڑی صنعت والی ہے تخلیق کرسکتا ہے وہ تمہیں دوبارہ کیوں پیدا نہیں کرسکتا،جیسے فرمایا

لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ ... ﴿۵۷﴾ [2]

ترجمہ: آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا انسان کو پیدا کرنے کی بہ نسبت یقیناً زیادہ بڑا کام ہے۔

اس لئے جس رب کی ان نعمتوں سے تم فیض یاب ہوتے ہو،کیا وہ اس لائق نہیں کہ تم اس کے شکر گزار بندے بنو اور صرف اسی کی عبادت واطاعت کرو اور روز آخرت پر ایمان لاؤ۔

وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

یقیناً ہم نے نوح (علیہ السلام) کو اس کی قوم کی طرف رسول بنا کر بھیجا اس نے کہا کہ اے میری قوم کے لوگو! اللہ کی عبادت

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ

کرو اور اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، کیا تم (اس سے) نہیں ڈرتے،اس کی قوم کے کافر سرداروں نے صاف کہہ

مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ یُرِیْدُ اَنْ یَّتَفَضَّلَ عَلَیْكُمْ ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓىِٕكَةً ۚۖ

دیا کہ یہ تو تم جیسا ہی انسان ہے یہ تم پر فضیلت اور بڑائی حاصل کرنا چاہتا ہے اگر اللہ ہی کو منظور ہوتا تو کسی فرشتے کو اتارتا،

مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِیْۤ اٰبَآىِٕنَا الْاَوَّلِیْنَ ﴿۲۴﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ

ہم نے تو اسے اپنے اگلے باپ دادوں کے زمانے میں سنا ہی نہیں ،یقیناً اس شخص کو جنون ہے پس تم اسے ایک وقت

حَتّٰى حِیْنٍ ﴿۲۵﴾ (المومنون ۲۳تا۲۵)

مقرر تک ڈھیل دو۔

رسالت اور بشریت:

ہم نے نوح عَلَیْہِ السَّلَام کو اس کی مشرک قوم کی طرف بشیر ونذیر بنا کر مبعوث کیا،اس نے اپنی قوم کو دعوت توحید دیتے ہوئے کہا اے میری قوم کے لوگو!طاغوت کی بندگی سے تائب ہو کر اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی کرو اس کے سوا تمہارے لئے کوئی معبود نہیں ہے، کیا تم اپنے خالق

---

[1] یٰسین ۴۱،۴۲

[2] المومن ۵۷

و مالک اور رازق رب کو چھوڑ کر غیر اللہ کی بندگی و اطاعت کرتے ہوئے ڈرتے نہیں ہو؟ جیسے فرمایا

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝۵۹ [1]

ترجمہ: ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا اس نے کہا اے برادران قوم! اللہ کی بندگی کرو اسکے سوا تمہارا کوئی خدا نہیں ہے میں تمہارے حق میں ایک ہولناک دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ ۡ اِنِّىْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۲۵ۙ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ۝۲۶ [2]

ترجمہ: ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا تھا (اس نے کہا) میں تم لوگوں کو صاف صاف خبردار کرتا ہوں کہ اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو ورنہ مجھے اندیشہ ہے کہ تم پر ایک روز دردناک عذاب آئے گا۔

جو روز آخرت تم سے تمہارے اعمال کی بابت سوال کرے گا، پھر نیکو کاروں کو لازوال نعمتوں بھری جنتوں میں اور حق کی تکذیب کرنے والوں اور بدکاروں کو جہنم کے دردناک عذاب میں داخل کرے گا، جیسے فرمایا

فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۝۶ۙ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝۷ۭ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۝۸ۙ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ۝۹ۭ [3]

ترجمہ: پھر جس کے پلڑے بھاری ہوں گے وہ دل پسند عیش میں ہوگا، اور جس کے پلڑے ہلکے ہوں گے اس کی جائے قرار گہری کھائی ہوگی۔

وَالْوَزْنُ يَوْمَىِٕذِۨ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۸ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ... ۝۹ [4]

ترجمہ: اور وزن اس روز عین حق ہوگا جن کے پلڑے بھاری ہوں گے وہی فلاح پائیں گے، اور جن کے پلڑے ہلکے ہوں گے وہی اپنے آپ کو خسارے میں مبتلا کرنے والے ہوں گے۔

مشرک قوموں کو بڑی اور اصلی ٹھوکر قبول رسالت کی راہ میں انبیاء کی بشریت ہی لگی ہے، وہ یہ بات کسی طور پر تسلیم کرنے کو تیار نہیں ہوتے تھے کہ کوئی بشر بھی رسول ہوسکتا ہے، جیسے متعدد مقامات پر فرمایا:

اس کی قوم کے جن متکبر وڈیروں نے اس پاکیزہ دعوت کو ماننے سے انکار کیا وہ اپنی قوم سے کہنے لگے کہ یہ شخص تم جیسے ایک بشر کے سوا کچھ نہیں ہے جو تمہاری طرح کھاتا پیتا ہے، جس کے بیوی بچے ہیں اور جو عام انسانوں کی طرح معاش کے لئے بازاروں میں چلتا پھرتا ہے۔

---

[1] الاعراف۵۹

[2] ھود۲۶،۲۵

[3] القارعة۶تا۹

[4] الاعراف۸،۹

فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا... ﴿۲۷﴾ [۱]

ترجمہ:اس کی قوم کے سردار جنہوں نے بات ماننے سے انکار کیا تھا بولے ہماری نظر میں تو تم اس کے سوا کچھ نہیں ہو کہ بس ایک انسان ہم جیسے۔

...قَالُوْۤا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا١ؕ تُرِیْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ یَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا... ﴿۱۰﴾ [۲]

ترجمہ:انہوں نے جواب دیا تم کچھ نہیں ہو مگر ویسے ہی انسان جیسے ہم ہیں،تم ہمیں ان ہستیوں کی بندگی سے روکنا چاہتے ہو جن کی بندگی باپ دادا سے ہوتی چلی آرہی ہے۔

قَالُوْا مَاۤ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا... ﴿۱۵﴾ [۳]

ترجمہ:بستی والوں نے کہا تم کچھ نہیں ہو مگر ہم جیسے چند انسان۔

مَاۤ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا١ۖۚ فَاْتِ بِاٰیَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۱۵۴﴾ [۴]

ترجمہ:تو ہم جیسے ایک انسان کے سوا اور کیا ہے؟لا کوئی نشانی اگر تو سچا ہے۔

وَمَاۤ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِیْنَۚ ﴿۱۸۶﴾ [۵]

ترجمہ:اور تو کچھ نہیں ہے مگر ایک انسان ہم ہی جیسا اور ہم تو تجھے بالکل جھوٹا سمجھتے ہیں۔

...الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا١ۖۗ هَلْ هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ... ﴿۳﴾ [۶]

ترجمہ: اور ظالم آپس میں سرگوشیاں کرتے ہیں کہ یہ شخص آخر تم جیسا ایک بشر ہی تو ہے۔

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ یُّؤْمِنُوْۤا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰۤى اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْۤا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا [۷]

ترجمہ:لوگوں کے سامنے جب کبھی ہدایت آئی تو اس پر ایمان لانے سے ان کو کسی چیز نے نہیں روکا مگر ان کے اسی قول نے کہ کیا اللہ نے بشر کو پیغمبر بنا کر بھیج دیا؟۔

اس کا نبوت ورسالت کا دعویٰ محض جھوٹ ہے،اور اس کا پیغمبری کا دعویٰ کرنے کی غرض وغایت یہ ہے کہ تم پر فضیلت اور بڑائی حاصل کرے ،یعنی یہ مال ودولت اور اقتدار کا بھوکا ہے،نوح علیہ السلام کی قوم اللہ کی منکر نہ تھی،وہ فرشتوں کو بھی اللہ کا تابع فرمان سمجھتے تھے مگر وہ اللہ کی صفات

[۱] هود۲۷

[۲] ابراہیم۱۰

[۳] یٰسین۱۵

[۴] الشعراء۱۵۴

[۵] الشعراء۱۸۶

[۶] الانبیاء۳

[۷] بنی اسرائیل۹۴

واختیارات اور حقوق میں غیر اللہ کو شامل کرتے تھے، اس لئے کہنے لگے اگر اللہ کو ہماری ہدایت ورہنمائی کے لئے پیغمبر بھیجنا ہوتا تو کسی فرشتے کو رسول بنا کر بھیجتا، یہ بات کہ کوئی ہم جیسا بشر رسول بن کر آئے ہم نے کبھی اپنے باپ دادا کے وقتوں میں سنی ہی نہیں، یعنی بشر رسول نہیں ہوسکتا، اصل بات یہ ہے کہ نوح علیہ السلام جو ہمیں ایک انوکھی دعوت دے رہا ہے، جو ہمارے معبودوں کی شان میں گستاخیاں کرتا ہے، انہیں بے بس اور لاچار کہتا ہے اور جو ہمارے آباواجداد کو گمراہ سمجھتا اور کہتا ہے اس کو بس ذرا جنون لاحق ہو گیا ہے اسے کچھ مدت تک ڈھیل دے دو اس کی موت کے ساتھ اس دعوت بھی دم توڑ دے گی۔

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِیْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۲۶﴾ فَاَوْحَیْنَاۤ اِلَیْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ

نوح (علیہ السلام) نے دعا کی اے میرے رب! ان کو جھٹلانے پر تو میری مدد کر، تو ہم نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ تو

بِاَعْیُنِنَا وَ وَحْیِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَ فَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِیْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَیْنِ

ہماری آنکھوں کے سامنے ہماری وحی کے مطابق ایک کشتی بنا، جب ہمارا حکم آجائے اور تنور ابل پڑے تو تو ہر قسم کا ایک ایک جوڑا

اثْنَیْنِ وَ اَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَیْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ وَ لَا تُخَاطِبْنِیْ فِی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ۚ

اس میں رکھ لے اور اپنے اہل کو بھی، مگر ان میں سے جن کی بابت ہماری بات پہلے گزر چکی ہے، خبردار جن لوگوں نے ظلم کیا

اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِذَا اسْتَوَیْتَ اَنْتَ وَ مَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ

ان کے بارے میں مجھ سے کچھ کلام نہ کرنا وہ تو سب ڈبوئے جائیں گے، جب تو اور تیرے ساتھی کشتی پر باطمینان بیٹھ جاؤ

فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۲۸﴾ وَ قُلْ رَّبِّ

تو کہنا کہ سب تعریف اللہ کے لیے ہی ہے جس نے ہمیں ظالم لوگوں سے نجات عطا فرمائی، اور کہنا کہ اے میرے رب!

اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ وَّ اِنْ كُنَّا

مجھے بابرکت اتارنا اتار اور تو ہی بہتر ہے اتارنے والوں میں، یقیناً اس میں بڑی بڑی نشانیاں ہیں اور ہم بیشک

لَمُبْتَلِیْنَ ﴿۳۰﴾ (المومنون ۲۶ تا ۳۰)

آزمائش کرنے والے ہیں۔

جب نوح علیہ السلام کو وعظ ونصیحت کرتے ہوئے نو سو پچاس برس بیت گئے، جیسے فرمایا:

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا... ﴿۱۴﴾ [۱]

ترجمہ:ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا اور وہ پچاس کم ایک ہزار برس ان کے درمیان رہا۔

اور قوم کے چند مفلس مگر سلیم الفطرت لوگوں کے سوا کوئی اسلام کو قبول کرنے کو تیار نہ ہوا تو انہوں نے دعا کی اے پروردگار!ان لوگوں نے جو میری تکذیب کی ہے اس پر اب تو ہی میری نصرت فرما،جیسے فرمایا:

فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّىْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿۱۰﴾ [۲]

ترجمہ: پس نوح علیہ السلام نے اپنے رب کو پکارا کہ میں دبالیا گیا ہوں اب تو ان سے بدلہ لے۔

وہ اپنی قوم سے اس قدر مایوس ہوگئے کہ ایک جگہ ان کی دعا یوں مذکور ہے۔

وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ﴿۲۶﴾ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿۲۷﴾ [۳]

ترجمہ:اور نوح نے کہا اے میرے پروردگار!اس زمین پر کافروں میں سے ایک بسنے والا بھی نہ چھوڑ اگر تو نے ان کو رہنے دیا تو یہ تیرے بندوں کو گمراہ کر دیں گے اور ان کی نسل سے بدکار منکرین حق ہی پیدا ہوں گے۔

اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا کو شرف قبولیت بخشا،جیسے فرمایا

وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿۷۵﴾ [۴]

ترجمہ:ہم کو (اس سے پہلے) نوح علیہ السلام نے پکارا تھا تو دیکھو کہ ہم کیسے اچھے جواب دینے والے تھے۔

اور ان پر وحی کی کہ ہماری نگرانی میں اور ہماری وحی کے مطابق ایک بڑی کشتی تیار کر،پھر جب ہمارا عذاب نازل ہونے کا وقت آجائے اور اس مخصوص تنور سے پانی پھوٹ پڑے تو ہر قسم کے جانوروں میں سے ایک ایک جوڑا لے کر اس میں سوار ہو جا اور اپنے اہل وعیال کو بھی ساتھ لے سوائے ان کے جن کے خلاف پہلے فیصلہ ہو چکا ہے،اور اب ظالموں کے بارے میں مجھ سے کوئی درخواست نہ کرنا،اب یہ سب اجتماعی طور پر پانی میں غرق ہونے والے ہیں،پھر جب تو اپنے ساتھیوں سمیت سرکش موجوں پر تیرتی کشتی پر سوار ہو جائے تو اپنی نجات وسلامتی اور قوم کی تباہی پر اللہ کا شکر کرتے ہوئے کہو شکر ہے اس اللہ کا جس نے ہمیں ظالم لوگوں سے نجات دی اور کشتی کے خیر وعافیت کے ساتھ کنارے پر لگنے کی یہ دعا بھی کرنا،اے پروردگار!اب ہم تیرے مہمان ہیں اور تو ہمارا میزبان ہے مجھے اور اہل ایمان کو برکت والی جگہ اتار اور تو بہترین جگہ دینے والا ہے،چنانچہ جب کشتی نوح علیہ السلام جودی پہاڑ یا کسی اونچی جگہ پر جا کر رکی تو فرمایا

---

[۱] العنکبوت ۱۴

[۲] القمر ۱۰

[۳] نوح ۲۶،۲۷

[۴] الصافات ۷۵

قِيۡلَ يٰنُوۡحُ اهۡبِطۡ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيۡكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنۡ مَّعَكَ ۔۔۔ ﴿۴۸﴾ [۱]

ترجمہ: حکم ہوا اے نوح اتر جا، ہماری طرف سے سلامتی اور برکتیں ہیں تجھ پر اور ان گروہوں پر جو تیرے ساتھ ہیں۔

اس عبرت آموز واقعہ میں بڑی نشانیاں ہیں جو دلالت کرتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہی معبود حقیقی ہے، اس کی ذات، صفات، اور اختیارات میں کوئی شریک نہیں اور انبیاء دعوت حق ہی پیش کرتے رہے ہیں، اس لئے اللہ کی نصرت بھی ان کے شامل حال رہی اور بالآخر فیصلہ ان کے حق میں ہوا اور کفر وشرک پر اصرار کرنے والے باطل پر تھے، اس لئے نشان عبرت بنادیے گئے، جیسے فرمایا

وَلَقَدۡ تَّرَكۡنٰهَآ اٰيَةً فَهَلۡ مِنۡ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۵﴾ [۲]

ترجمہ: اس کشتی کو ہم نے ایک نشان بنا کر چھوڑا پھر کوئی ہے نصیحت قبول کرنے والا؟۔

اور فرمایا کہ ہمارا قانون ہے کہ کسی قوم کو مال و دولت، طاقت واقتدار عطا کر کے آزاد نہیں چھوڑ دیتے بلکہ انبیاء و رسل کے ذریعے ہم ان کی آزمائش کرکے ہی رہتے ہیں، اور اہل مکہ سنبھل جاؤ اب تمہاری آزمائش کی جارہی ہے۔

ثُمَّ اَنۡشَاۡنَا مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ قَرۡنًا اٰخَرِيۡنَ ﴿۳۱﴾ۚ فَاَرۡسَلۡنَا فِيۡهِمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡهُمۡ اَنِ اعۡبُدُوا

ان کے بعد ہم نے ایک اور امت پیدا کی پھر ان میں خود ان میں سے (ہی) رسول بھی بھیجا کہ تم سب اللہ کی عبادت کرو

اللّٰهَ مَا لَكُمۡ مِّنۡ اِلٰهٍ غَيۡرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الۡمَلَاُ مِنۡ قَوۡمِهِ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا

اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں تم کیوں نہیں ڈرتے ؟ اور سردار قوم نے جواب دیا جو کفر کرتے تھے

وَكَذَّبُوۡا بِلِقَآءِ الۡاٰخِرَةِ وَاَتۡرَفۡنٰهُمۡ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ۙ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ ۙ

اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلاتے تھے اور ہم نے انھیں دنیاوی زندگی میں خوشحال کر رکھا تھا کہ یہ تو تم جیسا ہی انسان ہے،

يَاۡكُلُ مِمَّا تَاۡكُلُوۡنَ مِنۡهُ وَيَشۡرَبُ مِمَّا تَشۡرَبُوۡنَ ﴿۳۳﴾ۙ وَلَـئِنۡ اَطَعۡتُمۡ بَشَرًا مِّثۡلَـكُمۡ اِنَّكُمۡ

تمہاری ہی خوراک یہ بھی کھاتا ہے اور تمہارے پینے کا پانی ہی یہ بھی پیتا ہے، اگر تم نے اپنے جیسے ہی انسان کی تابعداری کرلی

اِذًا لَّخٰسِرُوۡنَ ﴿۳۴﴾ۙ (المومنون ۳۱تا۳۴)

تو بیشک تم سخت خسارے والے ہو۔

قوم نوح علیہ السلام کے بعد ہم نے ایک دوسرے دور کی مشرک قوم عاد اٹھائی، جیسے فرمایا:

۔۔۔وَاذۡكُرُوۡۤا اِذۡ جَعَلَكُمۡ خُلَفَآءَ مِنۡۢ بَعۡدِ قَوۡمِ نُوۡحٍ ۔۔۔ ﴿۶۹﴾ [۳]

[۱] هود ۴۸

[۲] القمر ۱۵

[۳] الاعراف ۶۹

ترجمہ: بھول نہ جاؤ کہ تمہارے رب نے نوح علیہ السلام کی قوم کے بعد تم کو اس کا جانشین بنایا۔

بعض کے مطابق قوم ثمود کا ذکر ہے، بہر حال پھر ہم نے ان میں خود انہی کی قوم کا ایک رسول مبعوث کیا جس کے حسب ونسب، کردار اور معاملات کو وہ اچھی طرح جانتے تھے، اس نے بھی اپنے پیش روکی طرح انہیں دعوت توحید پیش کی کہ اپنے ہاتھوں سے تراشے ہوئے خودساختہ معبودوں کی بندگی اور اطاعت سے منہ موڑ کر اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی کرو، خالق کائنات کے سوا کوئی بندگی واطاعت کا مستحق نہیں ہے، کیا تم اپنے خالق ومالک اور رازق رب کو چھوڑ کر غیر اللہ کی بندگی واطاعت کرتے ہوئے ڈرتے نہیں ہو؟ جو روز آخرت تم سے تمہارے اعمال کی بابت سوال کرے گا، پھر نیکوکاروں کو لازوال نعمتوں بھری جنتوں میں اور حق کی تکذیب کرنے والوں اور بدکاروں کو جہنم کے دردناک عذاب میں داخل کرے گا، قوم نوح علیہ السلام کے سرداروں کی طرح اس کی قوم کے سرداروں نے بھی اس پاکیزہ دعوت پر ایمان لانے سے انکار کر دیا اور حیات بعد الموت، روز آخرت اللہ مالک یوم الدین کی بارگاہ میں پیشی اور جنت ودوزخ کو جھٹلایا، جن رؤسا کو ہم نے دنیاوی آسائشوں کی فراوانی عطا کر رکھی تھی، دنیاوی زندگی کی خوشحالی اور آسودگی نے انہیں سرکش بنا دیا تھا جب انہیں خطرہ محسوس ہوا کہ عوام پیغمبر کی پاکیزہ شخصیت اور دعوت حقہ سے متاثر ہو جائیں گے تو عوام الناس کو بہکانے کے لئے کہنے لگے یہ شخص جو مدعی نبوت ورسالت ہے تم جیسا گوشت پوست کے ایک انسان کے سوا کچھ نہیں ہے، یعنی اس کا دعویٰ نبوت ورسالت جھوٹ پر مبنی ہے، جو کچھ تم کھاتے ہو وہی یہ کھاتا ہے اور جو کچھ تم پیتے ہو وہی یہ پیتا ہے، یعنی نبوت ورسالت کے لئے تو کوئی فرشتہ ہونا چاہیے تھا جو نہ کھاتا نہ پیتا، اب اگر تم نے اپنے ہی جیسے ایک انسان کی فضیلت وبرتری تسلیم کر لی تو تم اپنے اس فعل پر ندامت اٹھاؤ گے، جیسے فرمایا

فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ۝۲۴ ءَاُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ۝۲۵ [1]

ترجمہ: اور کہنے لگے! ایک اکیلا آدمی جو ہم ہی میں سے ہے کیا ہم اس کے پیچھے چلیں؟ اس کا اتباع ہم قبول کر لیں تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ ہم بہک گئے اور ہماری عقل ماری گئی ہے، کیا ہمارے درمیان بس یہی ایک شخص تھا جس پر اللہ کا ذکر نازل کیا گیا؟ نہیں، بلکہ یہ پرلے درجے کا جھوٹا اور برخود غلط ہے۔

یعنی قوم نوح علیہ السلام کی طرح ان کے انکار کی وجہ بھی یہی تھی کہ کوئی بشر رسول نہیں ہوسکتا نبوت ورسالت کے لئے فرشتہ ہونا چاہیے۔

اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ۝۳۵ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ

کیا یہ تمہیں اس بات کا وعدہ کرتا ہے کہ جب تم مر کر صرف خاک اور ہڈی رہ جاؤ گے تو تم پھر زندہ کیے جاؤ گے، نہیں نہیں

لِمَا تُوْعَدُوْنَ ۝۳۶ اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ

دور اور بہت دور ہے وہ جس کا تم وعدہ دیے جاتے ہو، (زندگی) تو صرف دنیا کی زندگی ہے ہم مرتے جیتے رہتے ہیں اور یہ نہیں کہ

---

[1] القمر ۲۴،۲۵

بِمَبۡعُوۡثِيۡنَ ﴿۳۷﴾ اِنۡ هُوَ اِلَّا رَجُلُ اِۨفۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّ مَا نَحۡنُ لَهٗ بِمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۳۸﴾

ہم اٹھائے جائیں گے، یہ تو بس ایسا شخص ہے جس نے اللہ پر جھوٹ (بہتان) باندھ لیا ہے، ہم تو اس پر ایمان لانے والے نہیں ہیں،

قَالَ رَبِّ انۡصُرۡنِىۡ بِمَا كَذَّبُوۡنِ ﴿۳۹﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيۡلٍ لَّيُصۡبِحُنَّ نٰدِمِيۡنَ ﴿۴۰﴾

نبی نے دعا کی کہ پروردگار! ان کے جھٹلانے پر میری مدد کر، جواب ملا کہ یہ تو بہت ہی جلد اپنے کیے پر پچھتانے لگیں گے،

فَاَخَذَتۡهُمُ الصَّيۡحَةُ بِالۡحَـقِّ فَجَعَلۡنٰهُمۡ غُثَآءً‌ ۚ فَبُعۡدًا لِّـلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۴۱﴾ (المومنون ۳۵ تا ۴۱)

بالآخر عدل کے تقاضے کے مطابق چیخ نے پکڑ لیا اور ہم نے انھیں کوڑا کرکٹ کر ڈالا پس ظالموں کے لیے دوری ہو۔

یہ تمھیں وعدہ دیتا ہے کہ جب تم مر کر مٹی ہو جاؤ گے اور ہڈیوں کا پنجر بن کر رہ جاؤ گے اس وقت تمھیں قبروں سے زندہ کر کے نکالا جائے گا؟ جیسے فرمایا

ءَاِذَا مِتۡنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ ﴿۱۶﴾ [1]

ترجمہ: بھلا کہیں ایسا ہو سکتا ہے کہ جب ہم مر چکے ہوں اور مٹی بن جائیں اور ہڈیوں کا پنجر رہ جائیں اس وقت ہم پھر زندہ کر کے اٹھا کھڑے کیے جائیں؟۔

وَكَانُوۡا يَقُوۡلُوۡنَ ۙ اَئِذَا مِتۡنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ ﴿۴۷﴾ [2]

ترجمہ: کہتے تھے کیا جب ہم مر کر خاک ہو جائیں گے تو پھر اٹھا کر کھڑے کیے جائیں گے؟۔

وَاِنۡ تَعۡجَبۡ فَعَجَبٌ قَوۡلُهُمۡ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِىۡ خَلۡقٍ جَدِيۡدٍ ﴿۵﴾ [3]

ترجمہ: اب اگر تمھیں تعجّب کرنا ہے تو تعجّب کے قابل لوگوں کا یہ قول ہے کہ جب ہم مر کر مٹی ہو جائیں گے تو کیا ہم نئے سرے سے پیدا کیے جائیں گے؟۔

لوگو! جو وعدہ تم سے کیا جا رہا ہے وہ ناممکن ہے، بالکل دور از قیاس ہے، جیسے فرمایا:

فَقَالَ الۡكٰفِرُوۡنَ هٰذَا شَىۡءٌ عَجِيۡبٌ ﴿۲﴾ ءَاِذَا مِتۡنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجۡعٌ ۢ بَعِيۡدٌ ﴿۳﴾ [4]

ترجمہ: پھر منکرین کہنے لگے یہ تو عجیب بات ہے کیا جب ہم مر جائیں گے اور خاک ہو جائیں گے (تو دوبارہ اٹھائے جائیں گے)؟ یہ واپسی تو عقل سے بعید ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ان کی خام خیالی پر فرمایا

[1] الصافات ۱۶

[2] الواقعہ ۴۷

[3] الرعد ۵

[4] ق ۲، ۳

قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ۝۴ [1]

ترجمہ:(حالاں کہ) زمین ان کے جسم میں سے جو کچھ کھاتی ہے وہ سب ہمارے علم میں ہے اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے جس میں سب کچھ محفوظ ہے۔

مشرکین حیات بعد الموت کے منکر تھے اور ان کاعقیدہ یہ تھا کہ زندگی کچھ نہیں ہے مگر بس یہی دنیا کی زندگی، یہیں ہم کو مرنا اور جینا ہے اور اس کے بعد کوئی زندگی نہیں ہے، جیسے فرمایا:

وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ۝۲۴ [2]

ترجمہ:یہ لوگ کہتے ہیں کہ زندگی بس یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے، یہیں ہمارا مرنا اور جینا ہے اور گردش ایام کے سوا کوئی چیز نہیں جو ہمیں ہلاک کرتی ہو۔

یہ شخص خود جھوٹ گھڑ کر اللہ کے نام سے منسوب کر رہا ہے اور ہم کبھی اس کی لایعنی باتوں پر ایمان نہیں لائیں گے، یعنی یہ قوم بھی اللہ تعالیٰ کی ہستی کی منکر نہ تھی بلکہ اللہ کے ساتھ غیر اللہ کی بندگی واطاعت بھی کرتی تھی، جیسے فرمایا

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا ... ۝۷۰ [3]

ترجمہ:انہوں نے جواب دیا کیا تو ہمارے پاس اس لئے آیا ہے کہ ہم اکیلے اللہ ہی کی عبادت کریں اور انہیں چھوڑ دیں جن کی عبادت ہمارے باپ دادا کرتے آئے ہیں۔ قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝۵۳ [4]

ترجمہ:انہوں نے جواب دیا اے ہود! تو ہمارے پاس کوئی صریح شہادت لے کر نہیں آیا ہے اور تیرے کہنے سے ہم اپنے معبودوں کو نہیں چھوڑ سکتے اور تجھ پر ہم ایمان لانے والے نہیں ہیں۔

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ... ۝۲۲ [5]

ترجمہ:انہوں نے کہا کیا تو اس لیے آیا ہے کہ ہمیں بہکا کر ہمارے معبودوں سے برگشتہ کر دے؟۔

جب مکذبین کا کفر وعناد بہت بڑھ گیا اور انذار نے ان کو کوئی فائدہ نہ پہنچایا تو نوح علیہ السلام کی طرح اس پیغمبر نے بھی دست دعا دراز کیا کہ اے پروردگار! ان لوگوں نے جو میری تکذیب کی ہے اس پر اب تو ہی میری نصرت فرما اور انہیں دنیا وآخرت میں رسوا کر دے، اللہ تعالیٰ نے ان

---

[1] ق ۴

[2] الجاثیة ۲۴

[3] الاعراف ۷۰

[4] ہود ۵۳

[5] الاحقاف ۲۲

کی دعا کو بھی شرف قبولیت بخشا اور جواب دیا بہت جلد یہ حق کی تکذیب اور اپنے عقائد واعمال پر پچھتائیں گے مگر اس وقت کا پچھتانا ان کے کچھ کام نہ آئے گا، آخر کار ایک وقت مقررہ پر عدل وانصاف کے مطابق تند وتیز ہوا کے ساتھ ایک زبردست چیخ اور بے پناہ چنگھاڑ نے ان کو آلیا اور ہم نے ان مکذبین اور متکبرین کو کوڑا کرکٹ بنا کر پھینک دیا، جیسے فرمایا

اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا عَلَیۡهِمۡ صَیۡحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوۡا كَهَشِیۡمِ الۡمُحۡتَظِرِ ﴿۳۱﴾ [1]

ترجمہ: ہم نے ان پر بس ایک ہی دھماکا چھوڑا اور وہ باڑے والے کی روندی ہوئی باڑھ کی طرح بھس ہو کر رہ گئے۔

...فَاَصۡبَحُوۡا لَا یُرٰۤی اِلَّا مَسٰكِنُهُمۡ... ﴿۲۵﴾ [2]

ترجمہ: آخر کار ان کا حال یہ ہوا کہ ان کے رہنے کی جگہوں کے سوا وہاں کچھ نظر نہ آتا تھا۔

پھر ان کی حالت پر کوئی چشم نم نہ ہوئی،

فَمَا بَكَتۡ عَلَیۡهِمُ السَّمَآءُ وَالۡاَرۡضُ وَمَا كَانُوۡا مُنۡظَرِیۡنَ ﴿۲۹﴾ [3]

ترجمہ: پھر نہ آسمان ان پر رویا نہ زمین اور ذرا سی مہلت بھی ان کو نہ دی گئی۔

دور ہو ظالم قوم۔

ثُمَّ اَنۡشَاۡنَا مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ قُرُوۡنًا اٰخَرِیۡنَ ﴿۴۲﴾ مَا تَسۡبِقُ مِنۡ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَ مَا

ان کے بعد ہم نے اور بھی بہت سی امتیں پیدا کیں نہ تو کوئی امت اپنے وقت مقرہ سے آگے بڑھی اور نہ

یَسۡتَاۡخِرُوۡنَ ﴿۴۳﴾ ثُمَّ اَرۡسَلۡنَا رُسُلَنَا تَتۡرَا ؕ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوۡلُهَا كَذَّبُوۡهُ فَاَتۡبَعۡنَا

پیچھے رہی، پھر ہم نے لگاتار رسول بھیجے، جب جب جس امت کے پاس اس کا رسول آیا اس نے جھٹلایا پس ہم نے

بَعۡضَهُمۡ بَعۡضًا وَّ جَعَلۡنٰهُمۡ اَحَادِیۡثَ ۚ فَبُعۡدًا لِّقَوۡمٍ لَّا یُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۴۴﴾ (المومنون ۴۲ تا ۴۴)

ایک کو دوسرے کے پیچھے لگا دیا اور انھیں افسانہ بنا دیا، ان لوگوں کو دوری ہے جو ایمان قبول نہیں کرتے۔

اکثریت ہمیشہ بدکاروں کی رہی:

پھر ان کے بعد ہم نے قوم صالح علیہ السلام، قوم لوط علیہ السلام اور قوم شعیب علیہ السلام اٹھائیں مگر یہ قومیں بھی نبیوں کی منکر رہیں، جیسے فرمایا

یٰحَسۡرَةً عَلَی الۡعِبَادِ ۚ مَا یَاۡتِیۡهِمۡ مِّنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا كَانُوۡا بِهٖ یَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ﴿۳۰﴾ [4]

---

[1] القمر ۳۱

[2] الاحقاف ۲۵

[3] الدخان ۲۹

[4] یٰسین ۳۰

ترجمہ:افسوس بندوں کے حال پر،جو رسول بھی ان کے پاس آیا اس کا مذاق ہی اڑاتے رہے۔

چنانچہ یہ سب امتیں بھی دعوت حق اور رسالت کی تکذیب کی وجہ سے جب ان کی ہلاکت کا وقت موعود آ گیا تو ایک لمحہ آگے پیچھے نہ ہوئیں اور تباہ و برباد ہوگئیں،جیسے فرمایا

وَ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَ كَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ۝۱۷ [۱]

ترجمہ:،دیکھ لو کتنی ہی نسلیں ہیں جو نوح علیہ السلام کے بعد ہمارے حکم سے ہلاک ہوئیں،تیرا رب اپنے بندوں کے گناہوں سے پوری طرح باخبر ہے اور سب کچھ دیکھ رہا ہے۔

پھر ہم نے ہر بستی میں پیغام حق پہنچانے کے لئے واضح نشانیوں کے ساتھ یکے بعد دیگرے اپنے رسول بھیجے شاید کہ وہ ایمان لے آئیں اور اللہ کی طرف رجوع کریں مگر کفر اور تکذیب کافر اور باغی قوموں کا وطیرہ بنا رہا،چنانچہ جس قوم کے پاس بھی اس کا رسول آیا اس نے ان کی رسالت کو جھٹلایا اور ہم تکذیب کے جرم میں ایک کے بعد ایک قوم کو صفحہ ہستی سے مٹاتے چلے گئے حتی کہ ان کو بس قصے کہانیاں ہی بنا کر رکھ دیا،جیسے فرمایا

...فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ... ۝۱۹ [۲]

ترجمہ:آخر کار ہم نے انہیں افسانہ بنا کر رکھ دیا اور انھیں بالکل تتر بتر کر ڈالا۔

جو لوگ دعوت حق اور رسالت پر ایمان نہیں لاتے وہ اللہ کی رحمت سے دور ہیں۔

ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَ اَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ۬ بِاٰيٰتِنَا وَ سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝۴۵ ۙ اِلٰى فِرْعَوْنَ

پھر ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اور اس کے بھائی ہارون (علیہ السلام) کو اپنی آیتوں اور کھلی دلیل کے ساتھ بھیجا فرعون

وَ مَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَ كَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ۝۴۶ ۚ فَقَالُوْۤا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ

اور اس کے لشکروں کی طرف،پس انہوں نے تکبر کیا اور تھے ہی وہ سرکش لوگ، کہنے لگے کہ کیا ہم اپنے جیسے دو شخصوں

مِثْلِنَا وَ قَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ۝۴۷ ۚ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا

پر ایمان لائیں ؟ حالانکہ خود ان کی قوم (بھی) ہمارے ماتحت ہے،پس انہوں نے دونوں کو جھٹلایا آخر وہ بھی

مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ۝۴۸ وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝۴۹ (المومنون ۴۵تا۴۹)

ہلاک شدہ لوگوں میں مل گئے،ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب (بھی) دی کہ لوگ راہ راست پر آجائیں۔

پھر ہم نے موسیٰ علیہ السلام اور اس کے بھائی ہارون علیہ السلام کو نو معجزات اور کھلی دلیلوں کے ساتھ فرعون اور اس کے اعیان سلطنت کو دعوت حق پہنچانے کے لئے بھیجا مگر وہ بھی گزشتہ قوموں کی طرح بڑے گھمنڈی،ظالم اور دراز دست تھے،انہوں نے بھی سابقہ امتوں کی طرح دعوت

[۱] بنی اسرائیل ۱۷

[۲] سبا۱۹

حق، رسالت اور عقیدہ آخرت سے انکار کیا اور تکبر و غرور سے ضعیف العقل لوگوں سے فریب کاری کرتے ہوئے کہنے لگے کیا ہم اپنے ہی جیسے دو آدمیوں پر ایمان لے آئیں؟ اور اس پر مستزاد یہ کہ ہم ان آدمیوں پر ایمان لے آئیں جن کی قوم بنی اسرائیل ہماری غلام ہے، یعنی ان کا بھی یہی خیال تھا کہ بشر رسول نہیں ہوسکتا، رسالت کے لئے کوئی فرشتہ ہی ہونا چاہیے، پس انہوں نے دونوں کو جھٹلایا اور پچھلی تباہ شدہ قوموں کے ساتھ جا ملے، یعنی جتنی بھی قومیں آئیں انہوں نے پیغمبروں کو بشر تسلیم کرنے سے انکار کیا اس طرح ان لوگوں کی ذہنیتیں ایک جیسی ہی تھیں، جیسے فرمایا:

... كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ... ﴿۱۱۸﴾ [۱]

ترجمہ: ایسی ہی باتیں ان سے پہلے لوگ بھی کیا کرتے تھے ان سب (اگلے پچھلے گمراہوں) کی ذہنیتیں ایک جیسی ہیں۔

فرعون اور اس کی قوم کو بنی اسرائیل کے سامنے غرق کرنے کے بعد موسیٰ علیہ السلام کو طور پر ہم نے تورات عطا فرمائی، تا کہ لوگ اس سے ہدایت و رہنمائی حاصل کریں، جیسے فرمایا:

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَاۤ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۳﴾ [۲]

ترجمہ: پچھلی نسلوں کو ہلاک کرنے کے بعد ہم نے موسیٰ کو کتاب عطا کی، لوگوں کے لئے بصیرتوں کا سامان بنا کر، ہدایت اور رحمت بنا کر تا کہ شاید لوگ سبق حاصل کریں۔

وبعد أن أَنْزَلَ اللّٰهُ التَّوْرَاةَ لَمْ يُهْلِكْ أُمَّةً بِعَامَّةٍ، بَلْ أَمَرَ الْمُؤْمِنِينَ بِقِتَالِ الْكَافِرِينَ

چنانچہ نزول تورات کے بعد اللہ نے کسی قوم کو عذاب عام سے ہلاک نہیں کیا بلکہ مومنوں کو یہ حکم دیا جاتا رہا کہ وہ کافروں سے جہاد کریں۔ [۳]

وَ جَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَ اُمَّهٗۤ اٰيَةً وَّ اٰوَيْنٰهُمَاۤ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّ مَعِيْنٍ ﴿۵۰﴾

ہم نے ابن مریم اور اس کی والدہ کو ایک نشانی بنایا اور ان دونوں کو بلند صاف قرار والی اور جاری پانی والی جگہ میں پناہ دی،

يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَ اعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَ اِنَّ هٰذِهٖۤ

اے پیغمبر! حلال چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو تم جو کچھ کر رہے ہو اس سے میں بخوبی واقف ہوں، یقیناً تمہارا یہ

اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ اَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾ فَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ

دین ایک ہی دین ہے اور میں ہی تم سب کا رب ہوں، پس تم مجھ سے ڈرتے رہو، پھر انہوں نے خود (ہی) اپنے امر (دین)

---

[۱] البقرة ۱۱۸

[۲] القصص ۴۳

[۳] تفسیر ابن کثیر ۴۷۶/۵

بَيْنَهُمْ زُبُرًا ۖ كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ ﴿٥٣﴾ فَذَرْهُمْ

کے آپس میں ٹکڑے ٹکڑے کر لئے ہر گروہ جو کچھ اس کے پاس ہے اس پر اترا رہا ہے، پس آپ (بھی) انھیں ان کی

فِي غَمْرَتِهِمْ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿٥٤﴾ (المومنون ۵۰ تا ۵۴)

غفلت میں ہی کچھ مدت پڑا رہنے دیں۔

کسب حلال کی فضیلت:

اور ابن مریم اور اس کی ماں کو ہم نے اپنی قدرت کی ایک نشانی بنایا یعنی مریم علیہا السلام کا کسی مرد کی صحبت کے بغیر حاملہ ہونا اور عیسیٰ علیہ السلام کو جنم دینا ہماری قدرت کی ایک نشانی ہے ،مریم علیہا السلام عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کے بعد ان کی حفاظت کے لئے دو مرتبہ وطن چھوڑنے پر مجبور ہوئیں، چنانچہ فرمایا کہ اس غریب الوطنی میں ہم نے ان کو ایک بلند ہموار زمین پر ٹھکانہ دیا جس میں چشمے جاری تھے،اور ضرورت کی سب چیزیں پائی جاتی تھیں،اور ہر قوم میں مبعوث ہونے والے انبیاء کو یہی ہدایت کی تھی کہ اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ پاکیزہ اور لذت بخش چیزوں کو جو حلال طریقے سے حاصل کی گئی ہوں کھاؤ اور عمل صالحہ کر کے اللہ تعالیٰ کا شکر بجالاؤ،تم جو عمل بھی کرتے ہو میں اس کو خوب جانتا ہوں، یعنی لقمہ حلال عمل صالحہ کا مددگار ہے، جیسے فرمایا

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَاشْكُرُوا لِلَّهِ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ ﴿١٧٢﴾ [1]

ترجمہ: اے لوگو جو ایمان لائے ہو!اگر تم حقیقت میں اللہ ہی کی بندگی کرنے والے ہو تو جو پاک چیزیں ہم نے تمھیں بخشی ہیں انہیں بے تکلف کھاؤ اور اللہ کا شکر ادا کرو۔

چنانچہ تمام پیغمبر محنت کر کے حلال کی روزی کمانے اور کھانے کا اہتمام کرتے رہے،

عَنِ الْمِقْدَامِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ،عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:مَا أَكَلَ أَحَدٌ طَعَامًا قَطُّ، خَيْرًا مِنْ أَنْ يَأْكُلَ مِنْ عَمَلِ يَدِهِ،وَإِنَّ نَبِيَّ اللَّهِ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ، كَانَ يَأْكُلُ مِنْ عَمَلِ يَدِهِ

مقدام رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی انسان نے اس شخص سے بہتر روزی نہیں کھائی جو خود اپنے ہاتھوں سے کما کر کھاتا ہے،اللہ کے نبی داود علیہ السلام بھی اپنے ہاتھ سے کام کر کے روزی کھایا کرتے تھے۔ [2]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:مَا بَعَثَ اللَّهُ نَبِيًّا إِلَّا رَعَى الغَنَمَ، فَقَالَ أَصْحَابُهُ: وَأَنْتَ؟ فَقَالَ:نَعَمْ، كُنْتُ أَرْعَاهَا عَلَى قَرَارِيطَ لِأَهْلِ مَكَّةَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کوئی ایسا نبی نہیں بھیجا جس نے بکریاں نہ چرائی ہوں،اس پر آپ کے صحابہ

---

[1] البقرة ۱۷۲

[2] صحیح بخاری البیوع بَابُ كَسْبِ الرَّجُلِ وَعَمَلِهِ بِيَدِهِ ۲۰۷۲،شعب الایمان ۱۱۷۰،شرح السنة للبغوی ۲۰۲۶

کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا کیا آپ نے بھی بکریاں چرائی ہیں؟ فرمایا ہاں! کبھی میں بھی اہل مکہ کی بکریاں چند قراریط کے عوض چرایا کرتا تھا۔ (۱)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ اللهَ طَيِّبٌ لَا يَقْبَلُ إِلَّا طَيِّبًا، وَإِنَّ اللهَ أَمَرَ الْمُؤْمِنِينَ بِمَا أَمَرَ بِهِ الْمُرْسَلِينَ، فَقَالَ: {يَا أَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوا صَالِحًا إِنِّي بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ} (۲) وَقَالَ: {يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ} (۳) ثُمَّ ذَكَرَ الرَّجُلَ يُطِيلُ السَّفَرَ أَشْعَثَ أَغْبَرَ، يَمُدُّ يَدَيْهِ إِلَى السَّمَاءِ، يَا رَبِّ، يَا رَبِّ، وَمَطْعَمُهُ حَرَامٌ، وَمَشْرَبُهُ حَرَامٌ، وَمَلْبَسُهُ حَرَامٌ، وَغُذِيَ بِالْحَرَامِ، فَأَنَّى يُسْتَجَابُ لِذَلِكَ؟

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگو! اللہ خود پاک ہے (یعنی صفات حدوث اور سمات نقص وزوال سے) اس لئے پاک ہی چیز کو پسند کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو وہی حکم کیا جو مرسلین کو حکم کیا اور فرمایا ''اے پیغمبرو! کھاؤ پاک چیزیں اور عمل کرو صالح، تم جو کچھ بھی کرتے ہو میں اس کو خوب جانتا ہوں۔'' اور ''اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اگر تم حقیقت میں اللہ ہی کی بندگی کرنے والے ہو تو جو پاک چیزیں ہم نے تمہیں بخشی ہیں انہیں بے تکلف کھاؤ۔'' پھر ایسے شخص کا ذکر فرمایا جو لمبے لمبے سفر کرتا ہے اور گردوغبار آلودہ میں بھرا ہے اور پھر آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر دعائیں مانگتا ہے، یارب! یارب! حالانکہ کھانا اس کا حرام ہے، اور پینا اس کا حرام ہے اور لباس اس کا حرام ہے اور غذا اس کی حرام ہے پھر اس کی دعا کیونکر قبول ہو۔ (۴)

وَقَدِ اخْتَلَفَ الْعُلَمَاءُ فِي أَفْضَلِ الْمَكَاسِبِ،قَالَ الْمَاوَرْدِيُّ أُصُولُ الْمَكَاسِبِ الزِّرَاعَةُ وَالتِّجَارَةُ وَالصَّنْعَةُ،وَالْأَشْبَهُ بِمَذْهَبِ الشَّافِعِيِّ أَنَّ أَطْيَبَهَا التِّجَارَةُ ،قَالَ وَالْأَرْجَحُ عِنْدِي أَنَّ أَطْيَبَهَا الزِّرَاعَةُ لِأَنَّهَا أَقْرَبُ إِلَى التَّوَكُّلِ، وَتَعَقَّبَهُ النَّوَوِيُّ بِحَدِيثِ الْمِقْدَامِ الَّذِي فِي هَذَا الْبَابِ وَأَنَّ الصَّوَابَ أَنَّ أَطْيَبَ الْكَسْبِ مَا كَانَ بِعَمَلِ الْيَدِ قَالَ فَإِنْ كَانَ زِرَاعًا فَهُوَ أَطْيَبُ الْمَكَاسِبِ لِمَا يَشْتَمِلُ عَلَيْهِ مِنْ كَوْنِهِ عَمَلَ الْيَدِ وَلِمَا فِيهِ مِنَ التَّوَكُّلِ وَلِمَا فِيهِ مِنَ النَّفْعِ الْعَامِّ لِلْآدَمِيِّ وَلِلدَّوَابِّ، وَلِأَنَّهُ لَا بُدَّ فِيهِ فِي الْعَادَةِ أَنْ يُوكَلَ مِنْهُ بِغَيْرِ عِوَضٍ

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ لکھتے ہیں علماء کا اس بارے میں اختلاف ہے کہ افضل کسب کونسا ہے، ماوردی نے کہا کہ کسب کے تین اصولی طریقے ہیں زراعت، تجارت اور صنعت وحرفت اور امام شافعی رحمہ اللہ کے قول میں افضل تجارت ہے، مگر ماوردی کہتے ہیں کہ میں زراعت کو ترجیح دیتا ہوں کہ یہ توکل سے قریب ہے، اور امام نووی رحمہ اللہ نے اس پر تعاقب کیا ہے اور کہا درست بات یہ ہے کہ بہترین پاکیزہ کسب وہ ہے جس میں اپنے ہاتھ کو دخل زیادہ ہو، اگر زراعت کو افضل کسب مانا جائے تو بجا ہے کیونکہ اس میں انسان زیادہ تر اپنے ہاتھ سے محنت کرتا ہے

---

(۱) صحیح بخاری کتاب الاجارة بَابُ رَعْيِ الغَنَمِ عَلَى قَرَارِيطَ ۲۲۶۲،شرح السنة للبغوی ۲۱۸۵

(۲) [المؤمنون: ۵۱

(۳) [البقرة: ۱۷۲

(۴) صحیح مسلم کتاب الزکوٰة بَابُ قَبُولِ الصَّدَقَةِ مِنَ الْكَسْبِ الطَّيِّبِ وَتَرْبِيَتِهَا ۲۳۴۶، جامع ترمذی ابواب تفسیرالقرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ البَقَرَةِ ۲۹۸۹، مسنداحمد ۸۳۴۸،شعب الایمان ۵۳۵۳،مصنف عبدالرزاق ۸۸۳۹

اس میں توکل بھی ہے اور انسانوں اور حیوانوں کے لئے عام نفع بھی ہے، اس میں بغیر کسی معاوضہ کے حاصل ہوئے غلہ سے کھایا جاتا ہے اس لئے زراعت بہترین کسب ہے بشرطیکہ کامیاب زراعت ہو ورنہ عام طور پر زراعت پیشہ لوگ مقروض، تنگ دست اور پریشان حال ملتے ہیں اس لئے کہ نہ تو ان کے پاس زراعت کے قابل کافی زمین ہوتی ہے نہ دیگر وسائل بفراغی مہیا ہوتے ہیں نتیجہ یہ کہ ان کا افلاس دن بدن بڑھتا ہی چلا جاتا ہے، ایسی حالت میں زراعت کو بہترین کسب نہیں کہا جا سکتا ان حالات میں مزدوری بھی بہتر ہے۔ (۱)

انبیاء چونکہ اختلاف زمانہ ومقام کے باوجود ایک عقیدے، ایک دین اور ایک دعوت پر جمع تھے اس لئے فرمایا کہ سب انبیاء کی دعوت یہی تھی کہ طاغوت کی بندگی سے تائب ہو کر اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت واطاعت کرو اسی میں تمہاری دنیاوی اور اخروی کامیابی کی ضمانت ہے اور میں تمہارا رب ہوں پس مجھ سے تم ڈرو، مگر بعد میں لوگ دین حق چھوڑ کر الگ الگ فرقوں اور گروہوں میں بٹ گئے اور ہر گروہ اپنے عقیدہ وعمل پر خوش ہے چاہے وہ حق سے کتنا ہی دور ہو، اور بطور ڈانٹ کے فرمایا اچھا اگر یہ حق قبول نہیں کرتے تو انہیں گمراہی کی تاریکیوں میں چھوڑ دو، جیسے فرمایا

فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾ (۲)

ترجمہ: پس چھوڑ دو اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم)! ان کافروں کو اک ذرا کی ذرا ان کے حال پر چھوڑ دو۔

ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾ (۳)

ترجمہ: چھوڑو انہیں، کھائیں پئیں مزے کریں اور بھلاوے میں ڈالے رکھے ان کو جھوٹی امید، عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا۔

مگر یہ مقصد نہیں کہ انہیں وعظ ونصیحت ترک کر دو، ایک وقت مقررہ پر جب ان پر عذاب نازل ہوگا تو یہ اپنی غفلت سے چونک پڑیں گے اور انہیں حقیقت حال کا علم ہو جائے گا۔

اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّ بَنِيْنَ ﴿۵۵﴾ نُسَارِعُ لَهُمْ

"کیا یہ (یوں) سمجھ بیٹھے ہیں کہ ہم جو بھی ان کے مال واولاد بڑھا رہے ہیں وہ ان کے لیے بھلائیوں میں جلدی کر رہے

فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَ الَّذِيْنَ

ہیں، (نہیں نہیں) بلکہ یہ سمجھتے ہی نہیں، یقیناً جو لوگ اپنے رب کی ہیبت سے ڈرتے ہیں اور جو اپنے

هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَ الَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَ الَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ

رب کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں اور جو اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے، اور جو لوگ دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں

---

(۱) فتح الباری ۴/۳۰۴

(۲) الطارق ۱۷

(۳) الحجر ۳

مَآ اٰتَوْا وَّ قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۝۶۰ اُولٰۗىِٕكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ

اور ان کے دل کپکپاتے ہیں کہ وہ اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں، یہی ہیں جو جلدی جلدی بھلائیاں حاصل کر رہے

وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ۝۶۱ (المومنون ۵۵ تا ۶۱)

ہیں اور یہی ہیں جو ان کی طرف دوڑ جانے والے ہیں۔

مومن کی تعریف:

کیا یہ مادہ پرستانہ نقطہ نظر رکھنے والے مکذبین ومتکبرین یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم جو انہیں مال واولاد دے رہے ہیں وہ اس امر کی دلیل ہے کہ وہ بھلائی اور سعادت سے بہرہ مند ہیں اور دنیا اور آخرت کی بھلائی انہی کے لئے ہے؟ یہ ان کا زعم باطل ہے، حالانکہ معاملہ ایسے نہیں ہے بلکہ وہ سمجھتے نہیں ہیں کہ ہم ان کو ڈھیل اور مہلت دیئے جا رہے ہیں اور ان کو نعمتوں سے نواز رہے ہیں، وہ اس لئے کہ تاکہ وہ اپنے گناہوں میں اور اضافہ کر لیں، اور آخرت میں اپنے عذاب کو بڑھا لیں، اور دنیا میں ان کو جو نعمتیں عطا ہوئی ہیں انہی سے مزے لیتے رہیں، جیسے فرمایا

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَھُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِھِمْ ۭ اِنَّمَا نُمْلِيْ لَھُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَھُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝۱۷۸ [1]

ترجمہ: یہ ڈھیل جو ہم انھیں دیے جاتے ہیں اس کو یہ کافر اپنے حق میں بہتری نہ سمجھیں، ہم تو انھیں اس لیے ڈھیل دے رہے ہیں کہ یہ خوب بار گناہ سمیٹ لیں پھر ان کے لیے سخت ذلیل کرنے والی سزا ہے۔

فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۝۵۵ [2]

ترجمہ: ان کے مال و دولت اور ان کی کثرت اولاد کو دیکھ کر دھوکا نہ کھاؤ، اللہ تو یہ چاہتا ہے کہ انہی چیزوں کے ذریعہ سے ان کو دنیا کی زندگی میں بھی مبتلائے عذاب کرے اور یہ جان بھی دیں تو انکار حق ہی کی حالت میں دیں۔

... حَتّٰٓي اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً ... ۝۴۴ [3]

ترجمہ: یہاں تک کہ جب وہ ان بخششوں میں جو انہیں عطا کی گئی تھیں خوب مگن ہو گئے تو اچانک ہم نے انہیں پکڑ لیا اور اب حال یہ تھا کہ ہر خیر سے مایوس تھے۔

ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ۝۱۱ وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ۝۱۲ وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ۝۱۳ وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ۝۱۴ ثُمَّ يَطْمَعُ

---

[1] آل عمران ۱۷۸

[2] التوبة ۵۵

[3] الانعام ۴۴

اَنۡ اَزِیۡدَ ۚ﴿۱۵﴾ کَلَّا ؕ اِنَّہٗ کَانَ لِاٰیٰتِنَا عَنِیۡدًا ﴿ؕ۱۶﴾ سَاُرۡہِقُہٗ صَعُوۡدًا ﴿ؕ۱۷﴾ [1]

ترجمہ: چھوڑ دو مجھے اور اس شخص کو جسے میں نے اکیلا پیدا کیا بہت سامال اس کو دیا اس کے ساتھ حاضر رہنے والے بیٹے دیے اور اس کے لئے ریاست کی راہ ہموار کی، پھر وہ طمع رکھتا ہے کہ میں اسے اور زیادہ دوں، ہرگز نہیں وہ ہماری آیات سے عناد رکھتا ہے، میں تو اسے عنقریب ایک کٹھن چڑھائی چڑھواؤں گا۔

وَمَاۤ اَمۡوَالُکُمۡ وَلَاۤ اَوۡلَادُکُمۡ بِالَّتِیۡ تُقَرِّبُکُمۡ عِنۡدَنَا زُلۡفٰۤی اِلَّا مَنۡ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۫ فَاُولٰٓئِکَ لَہُمۡ جَزَآءُ الضِّعۡفِ بِمَا عَمِلُوۡا وَہُمۡ فِی الۡغُرُفٰتِ اٰمِنُوۡنَ ﴿۳۷﴾ [2]

ترجمہ: یہ تمہاری دولت اور تمہاری اولاد نہیں ہے جو تمہیں ہم سے قریب کرتی ہو، ہاں مگر جو ایمان لائے اور نیک عمل کرے یہی لوگ ہیں جن کے لئے ان کے عمل کی دہری جزا ہے، اور وہ بلند و بالا عمارتوں میں اطمینان سے رہیں گے۔

حقیقت میں تو جو لوگ اپنے رب کی بارگاہ میں جوابدہی کے خوف سے ڈرنے والے ہوتے ہیں جو اپنے نفس اور ہر طرف آفاق میں پھیلی ہوئی آیات پر ایمان لاتے ہیں، جو اپنے رب کی ذات وصفات اور افعال میں کسی کو شریک نہیں کرتے اور جن کا حال یہ ہے کہ اللہ کی فرمانبرداری میں جو کچھ بھی نیکیاں کرتے ہیں، جو بھی قربانیاں کرتے ہیں ان پر پھول نہیں جاتے، غرور تقویٰ اور پندار خدارسیدگی میں مبتلا نہیں ہوتے، بلکہ مقدور بھر اس خیال سے کانپتے رہتے ہیں کہ کسی کوتاہی کی وجہ سے ہمارا عمل یا صدقہ نامقبول قرار نہ پائے، بالآخر ہمیں اپنے اعمال کی جوابدہی کے لئے رب کی طرف پلٹنا ہے،

عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ فِي هَذِهِ الْآيَةِ: {الَّذِينَ يُؤْتُونَ مَا آتَوْا وَقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ} [3] أَنَّهُمْ إِلَى رَبِّهِمْ رَاجِعُونَ يَا رَسُولَ اللَّهِ، هُوَ الَّذِي يَسْرِقُ وَيَزْنِي وَيَشْرَبُ الْخَمْرَ، وَهُوَ يَخَافُ اللَّهَ؟ قَالَ:لَا يَا بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ، يَا بِنْتَ الصِّدِّيقِ، وَلَكِنَّهُ الَّذِي يُصَلِّي وَيَصُومُ وَيَتَصَدَّقُ وَهُوَ يَخَافُ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے میں نے عرض کی اے اللہ کے رسول ﷺ!'' اور جن کا حال یہ ہے کہ دیتے ہیں جو کچھ بھی دیتے ہیں اور دل ان کے اس خیال سے کانپتے رہتے ہیں کہ ہمیں اپنے رب کی طرف پلٹنا ہے۔'' سے کیا مراد ہے۔ جو چوری کرتا، زنا کرتا، شراب پیتا اور عزوجل سے ڈرتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں، اے بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما! اے بنت صدیق رضی اللہ عنہما ! بلکہ اس سے مراد وہ شخص ہے جو نماز پڑھتا، روزے رکھتا، صدقہ کرتا اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے۔ [4]

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں

---

[1] المدثر ۱۱تا ۱۷

[2] سبا۳۷

[3] [المؤمنون: ۶۰

[4] مسنداحمد ۲۵۲۶۳

قَالَ: لاَ يَا بِنْتَ الصِّدِّيقِ، وَلَكِنَّهُمُ الَّذِينَ يَصُومُونَ وَيُصَلُّونَ وَيَتَصَدَّقُونَ، وَهُمْ يَخَافُونَ أَنْ لاَ تُقْبَلَ مِنْهُمْ،أُولَئِكَ يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ وَهُمْ لَهَا سَابِقُونَ

نہیں،اے بنت صدیق رضی اللہ عنہا! بلکہ اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو نماز پڑھتے ہیں، روزہ رکھتے، صدقہ کرتے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ان کے اعمال قبول ہی نہ ہوں، یہی لوگ ہیں کہ جلدی کرتے ہیں بھلائیوں میں اور وہ ان کے لیے سبقت کرنے والے ہیں۔[1]

ایسے عقائد واعمال کرنے والے لوگ ہی بھلائیوں کی طرف دوڑنے اور سبقت کر کے انہیں پالینے والے ہیں۔

وَ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَ لَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ

ہم کسی نفس کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے، اور ہمارے پاس ایسی کتاب ہے جو حق کے ساتھ بولتی ہے ان کے

وَ هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَ لَهُمْ اَعْمَالٌ

اوپر کچھ بھی ظلم نہ کیا جائے گا، بلکہ ان کے دل اس طرف سے غفلت میں ہیں اور ان کے لیے اس کے سوا بھی بہت سے اعمال ہیں

مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿۶۳﴾ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ

جنہیں وہ کرنے والے ہیں، یہاں تک کہ جب ہم نے ان کے آسودہ حال لوگوں کو عذاب میں پکڑ لیا تو

اِذَا هُمْ يَجْــَٔرُوْنَ ﴿۶۴﴾ لَا تَجْــَٔرُوا الْيَوْمَ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ

بلبلانے لگے، آج مت بلبلاؤ یقیناً تم ہمارے مقابلہ پر مدد نہ کئے جاؤ گے، میری آیتیں تو تمہارے سامنے پڑھی

تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿۶۶﴾ مُسْتَكْبِرِيْنَ

جاتی تھیں پھر بھی تم اپنی ایڑیوں کے بل الٹے بھاگتے تھے، اکڑتے، اینٹھتے ،

بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿۶۷﴾ (المومنون ۶۲ تا ۶۷)

افسانہ گوئی کرتے اسے چھوڑ دیتے تھے۔

مومنوں کا یہ کردار و اخلاق کوئی فوق البشری چیز نہیں ہے جس پر تم چل نہ سکو، ہم انسان پر اتنی ہی ذمہ داری ڈالتے ہیں جو اس کے بس میں ہوتی ہے، جیسے فرمایا

---

[1] سنن ابن ماجه كِتَابُ الزُّهْدِ بَابُ التَّوَقِّي عَلَى الْعَمَلِ ۴۱۹۸،جامع ترمذی أَبْوَابُ تَفْسِيرِ الْقُرْآنِ بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ الْمُؤْمِنُونَ ۳۱۷۵

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ... ﴿۲۸۶﴾ [1]

ترجمہ: اللہ کسی متنفس پر اس کی مقدرت سے بڑھ کر ذمہ داری کا بوجھ نہیں ڈالتا، ہر شخص نے جو نیکی کمائی ہے اس کا پھل اسی کے لئے ہے اور جو بدی سمیٹی ہے اس کا وبال اسی پر ہے۔

اور ہمارے پاس ہر متنفس کا نامہ اعمال ہے جس میں اس کے ارادوں، خیالات، چھوٹے یا بڑے، اچھے یا برے اعمال کے بارے میں ٹھیک ٹھیک لکھا ہے، جیسے فرمایا:

وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾ [2]

ترجمہ: اور نامہ اعمال سامنے رکھ دیا جائے گا پھر تم دیکھو گے کہ مجرم لوگ اس کے مندراجات سے ڈر رہے ہوں گے اور کہہ رہے ہوں گے کہ ہائے ہماری کم بختی! یہ کیسی کتاب ہے کہ ہماری کوئی چھوٹی یا بڑی حرکت ایسی نہیں رہ گئی جو اس میں درج نہ ہو، جو جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ سب اپنے سامنے حاضر پائیں گے اور تیرا رب کسی پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔

اور اعمال کی جزا دیتے ہوئے ہم کسی پر کسی طرح کا ظلم نہیں کریں گے کہ کسی کی نیکیوں میں کمی اور کسی کے گناہوں میں اضافہ کر دیں، مگر یہ لوگ اس معاملے سے بے خبر ہیں کہ ان کا اعمال نامہ مرتب ہو رہا ہے، اور ان وڈیروں کے اعمال بھی مومنوں کے اعمال کے برعکس ہیں، وہ حق کی تکذیب، حق کو دبانے کی کوششیں اور دوسرے اعمال بد کیے چلے جائیں گے، ان کی جہالت اور غفلت انہیں قرآن تک نہیں پہنچنے دیتی، جیسے فرمایا

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ﴿۴۵﴾ وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ... ﴿۴۶﴾ [3]

ترجمہ: جب تم قرآن پڑھتے ہو تو ہم تمہارے اور آخرت پر ایمان نہ لانے والوں کے درمیان ایک پردہ حائل کر دیتے ہیں، اور ان کے دلوں پر ایسا غلاف چڑھا دیتے ہیں کہ وہ کچھ نہیں سمجھتے اور ان کے کانوں میں گرانی پیدا کر دیتے ہیں۔

یہاں تک کہ جب ہم ان کی عیش کوشی کو دنیاوی عذاب میں پکڑ لیں گے تو پھر وہ عذاب کی تکلیف سے بلبلانے لگیں گے، جیسے فرمایا

كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ﴿۳﴾ [4]

ترجمہ: ان سے پہلے ہم ایسی کتنی ہی قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں (اور جب ان کی شامت آتی ہے) تو وہ چیخ اٹھتے ہیں مگر وہ وقت بچنے کا نہیں ہوتا۔

وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ﴿۱۱﴾ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ﴿۱۲﴾ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا

[1] البقرہ ۲۸۶

[2] الکہف ۴۹

[3] بنی اسرائیل ۴۵،۴۶

[4] ص ۳

اَلِيۡمًا ﴿۱۳﴾ [۱]

ترجمہ:ان جھٹلانے والے خوشحال لوگوں سے نمٹنے کا کام تم مجھ پر چھوڑ دو اور انہیں ذرا کچھ دیر اسی حالت پر رہنے دو، ہمارے پاس (ان کے لئے) بھاری بیڑیاں ہیں اور بھڑکتی ہوئی آگ اور حلق میں پھنسنے والا کھانا اور دردناک عذاب۔

اللہ تحقیر اور طنز کے انداز میں فرمائے گا اب بند کرو اپنی فریاد و فغاں! اب تمہاری یہ جزع و فزع تمہیں اللہ کے عذاب سے بچا نہیں سکتی، اور تم اس لئے مبتلائے عذاب ہوئے کہ جب ہمارے پیغمبر تمہیں ہدایت و رہنمائی کے لئے قرآن مجید کی آیات یا احکام الٰہی سناتے تھے تو تم کبر و نخوت میں مبتلا ہو جاتے تھے، حق اور اہل حق کو حقیر سمجھتے تھے اور ان کی بات سننا تک گوارا نہیں کرتے تھے، اپنے غرور و تکبر میں اس کو خاطر ہی میں نہ لاتے تھے، جیسے فرمایا

ذٰلِكُمۡ بِاَنَّهٗۤ اِذَا دُعِىَ اللّٰهُ وَحۡدَهٗ كَفَرۡتُمۡۚ وَاِنۡ يُّشۡرَكۡ بِهٖ تُؤۡمِنُوۡا ؕ فَالۡحُكۡمُ لِلّٰهِ الۡعَلِىِّ الۡكَبِيۡرِ‏ ﴿۱۲﴾ [۲]

ترجمہ:(جواب ملے گا) یہ حالت جس میں تم مبتلا ہو، اس وجہ سے ہے کہ جب اکیلے اللہ کی طرف بلایا جاتا تھا تو تم ماننے سے انکار کر دیتے تھے اور جب اس کے ساتھ دوسروں کو ملایا جاتا تو تم مان لیتے تھے اب فیصلہ اللہ بزرگ و برتر کے ہاتھ ہے۔

اور راتوں کو تم اپنی چوپالوں میں قرآن کے بارے میں قبیح گفتگو کرتے تھے، جیسے فرمایا

اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ تَقَوَّلَهٗ ... ۚ ﴿۳۳﴾ [۳]

ترجمہ: کیا یہ کہتے ہیں کہ اس شخص نے یہ قرآن خود گھڑ لیا ہے؟۔

وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَا تَسۡمَعُوۡا لِهٰذَا الۡقُرۡاٰنِ وَالۡغَوۡا فِيۡهِ لَعَلَّكُمۡ تَغۡلِبُوۡنَ‏ ﴿۲۶﴾ [۴]

ترجمہ: یہ منکرین حق کہتے ہیں اس قرآن کو ہرگز نہ سنو اور جب یہ سنایا جائے تو اس میں خلل ڈالو شاید کہ اسی طرح تم غالب آجاؤ۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا

اَفَمِنۡ هٰذَا الۡحَدِيۡثِ تَعۡجَبُوۡنَۙ‏ ﴿۵۹﴾ وَتَضۡحَكُوۡنَ وَلَا تَبۡكُوۡنَۙ‏ ﴿۶۰﴾ وَاَنۡتُمۡ سٰمِدُوۡنَ‏ ﴿۶۱﴾ [۵]

ترجمہ: اب کیا یہی وہ باتیں ہیں جن پر تم اظہار تعجب کرتے ہو؟ ہنستے ہو اور روتے نہیں ہو؟ اور گا بجا کر انہیں ٹالتے ہو؟۔

اور اپنی گپ شپ میں پیغمبر آخر الزماں صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو شاعر، کاہن، مجنون وغیرہ کے القابات سے نوازتے تھے۔

اَفَلَمۡ يَدَّبَّرُوا الۡقَوۡلَ اَمۡ جَآءَهُمۡ مَّا لَمۡ يَاۡتِ اٰبَآءَهُمُ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۶۸﴾

کیا انہوں نے اس بات میں غور و فکر ہی نہیں کیا؟ بلکہ ان کے پاس وہ آیا جو ان کے اگلے باپ دادوں کے پاس نہیں آیا تھا؟

[۱] المزمل ۱۱تا۱۳

[۲] المومن ۱۲

[۳] الطور ۳۳

[۴] حم السجدہ ۲۶

[۵] النجم ۵۹تا۶۱

اَمۡ لَمۡ يَعۡرِفُوۡا رَسُوۡلَهُمۡ فَهُمۡ لَهٗ مُنۡكِرُوۡنَ ﴿۶۹﴾ اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلۡ جَآءَهُمۡ

یاانہوں نے اپنے پیغمبر کو پہچانا نہیں کہ اس کے منکر ہو رہے ہیں؟ یا یہ کہتے ہیں کہ اسے جنون ہے؟ بلکہ وہ تو ان کے پاس

بِالۡحَقِّ وَ اَكۡثَرُهُمۡ لِلۡحَقِّ كٰرِهُوۡنَ ﴿۷۰﴾ وَ لَوِ اتَّبَعَ الۡحَقُّ اَهۡوَآءَهُمۡ لَفَسَدَتِ

حق لایا ہے، ہاں ان میں اکثر حق سے چڑنے والے ہیں اگر حق ہی ان کی خواہشوں کا پیرو ہوجائے تو

السَّمٰوٰتُ وَ الۡاَرۡضُ وَ مَنۡ فِيۡهِنَّ ؕ بَلۡ اَتَيۡنٰهُمۡ بِذِكۡرِهِمۡ فَهُمۡ

زمین وآسمان اور ان کے درمیان کی ہر چیز درہم برہم ہوجائے، حق تو یہ ہے کہ ہم نے انھیں ان کی نصیحت پہنچا دی ہے

عَنۡ ذِكۡرِهِمۡ مُّعۡرِضُوۡنَ ﴿۷۱﴾ (المومنون ۶۸ تا ۷۱)

لیکن وہ اپنی نصیحت سے منہ موڑنے والے ہیں۔

مشرکین اور مکذبین کو جو رسول اللہ ﷺ کی دعوت اسلام سن کر اعراض کرتے تھے انہیں متوجہ کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے چند سوال پیش کیے کہ کیا تم لوگوں نے کبھی اس پاکیزہ کلام کے مضامین، موضوع اور ان کی وسعت وگہرائی پر غور وفکر اور تدبر نہیں کیا؟ یہ بات نہیں ہے ،یہ کلام خود تمہاری اپنی زبان فصیح عربی میں نازل کیا گیا ہے اور یہ اتنا عام فہم ہے کہ ہر شخص اس کو باآسانی سمجھ سکتا ہے،اور یہ وہ دعوت دے رہا ہے جو تمہاری فطرت میں موجود ہے اور اس عہد کی یاد دہانی کرا رہا ہے جو تم نے اپنے رب سے کیا تھا جب اس نے پوچھا تھا کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ اور تم لوگوں نے جواب دیا تھا ہاں تو ہمارا رب ہے،اور ان قوموں کے عبرت ناک واقعات پیش کر رہا ہے جنہوں نے فخر وغرور میں دعوت حقہ اور رسول کی تکذیب کی اور طاغوت کی پرستش پر قائم رہے پھر بالآخر دردناک عذاب سے دوچار ہوئے،

وَقَالَ قَتَادَةُ: أَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ، إِذًا وَاللَّهِ يَجِدُونَ فِي الْقُرْآنِ زَاجِرًا عَنْ مَعْصِيَةِ اللَّهِ لَوْ تَدَبَّرَهُ الْقَوْمُ وَعَقَلُوهُ، وَلَكِنَّهُمْ أَخَذُوا بِمَا تَشَابَهَ فَهَلَكُوا عند ذلك

قتادہ رحمہ اللہ آیت کریمہ أَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ کے بارے میں فرماتے ہیں یہ لوگ قرآن میں غور کرتے تو اللہ کی قسم!اس میں ایسی چیزیں پاتے جو انہیں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے روکتیں،لیکن یہ تو متشابہات کے پیچھے لگ گئے جس کی وجہ سے تباہ وبرباد ہو گئے۔[1]

یا اس رسول کا دعوت توحید دینا، آخرت کی باز پرس سے ڈرانا اور اخلاق کی معروف بھلائیاں پیش کرنا کوئی نرالی تعلیم ہے جو کبھی ان کے آباؤ اجداد کو نہیں دی گئی تھی؟ یہ بات نہیں ہے کیونکہ یہ خود تسلیم کرتے ہیں کہ ہود علیہ السلام، صالح علیہ السلام، ابراہیم علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام ان کی سرزمین پر دعوت حق پہنچانے کے لئے آئے تھے اور اس لئے یہ خود کو دین ابراہیمی کا پیروکار سمجھتے ہیں، یا یہ اپنے رسول کی نسبی شرافت، اس کی صداقت وامانت ،راست بازی، عفت وپاکدامنی اور قوم وفعل کی بلندی کے شاہد نہ تھے کہ اب انجانا آدمی سمجھ کر اس سے بدکتے ہیں؟ یہ بات بھی نہیں ہے کیونکہ

[1] تفسیرابن کثیر ۴۸۳؍۵، الدر المنثور ۱۱۰؍۶

یہ تمام حقائق کااعتراف کرتے اور اخلاق جمیلہ کے حامل ہونے کی وجہ سے برملا آپ ﷺ کو صادق وامین کہتے تھے،

قَالَ جَعْفَرَ بْنَ أَبِي طَالِبٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، لِلنَّجَاشِيِّ مَلِكِ الْحَبَشَةِ: أَيُّهَا الْمَلِكُ، إِنَّ اللَّهَ بَعَثَ إِلَيْنَا رَسُولًا نَعْرِفُ نَسَبَهُ وَصِدْقَهُ وَأَمَانَتَهُ

جعفر رضی اللہ عنہ بن ابوطالب نے شاہ حبشہ نجاشی سے کہا تھا اے بادشاہ! بے شک اللہ تعالیٰ نے ہماری طرف ایک ایسے رسول کو مبعوث فرمایا ہے جن کے نسب اور جن کی صداقت وامانت کو ہم خوب جانتے ہیں۔[1]

اسی طرح ابوسفیان صخر بن حرب نے بھی جب وہ ابھی دائرہ اسلام میں داخل نہیں ہوئے تھے شاہ روم ہرقل سے آپ ﷺ کی صداقت وامانت کااعتراف کیا تھا۔[2]

حق وہ ہے جس کی دشمن بھی گواہی دیں۔

یا یہ بھی پچھلی تباہ شدہ قوموں کی طرح پیغمبر ﷺ کو (نعوذ باللہ) مخبوط الحواس آدمی سمجھتے ہیں؟ یہ بات بھی نہیں کیونکہ اس پیغمبر نے ایسا قرآن پیش کیا ہے جس کی مثل اور نظیر پیش کرنے سے دنیا قاصر ہے،اسی طرح اس کی تعلیمات نوع انسانی کے لئے رحمت اور امن وسکون کا باعث ہیں، کیاایسا قرآن اور ایسی تعلیمات کوئی ایسا شخص بھی پیش کرسکتا ہے جومخبوط الحواس ہو؟ نہیں، بلکہ وہ بھی گزشتہ انبیاء کی طرح دعوت حق لایا ہے کہ طاغوت کی بندگی سے تائب ہو کر اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی اور اطاعت کرو، پھر نتیجہ بیان فرمایا کہ مکذبین کے پاس اس دعوت کی تکذیب کے لئے کوئی دلیل نہیں ہے،ان کے اعراض کی اصل وجہ حق سے ان کی کراہت ہے،اور اگر دین وشریعت کہیں ان کے خیالات وخواہشات کے مطابق اترے توزمین وآسمان اور ان کے درمیان جو کچھ ہے کانظام درہم برہم ہو جاتا،حقیقت یہ ہے کہ ہم ان کے پاس وہ چیزلائے ہیں جو ان کے اپنے ہی بھلے کے لئے ہے،اگر یہ اسے قبول کرلیں توانہی کو دنیاوآخرت میں عزت اور سرفرازی نصیب ہوگی،اور اس سے روگردانی کسی اور چیز سے نہیں اپنی ہی ترقی اور اپنے ہی اٹھان کے ایک زریں موقع سے روگردانی ہے،چنانچہ اپنی بدبختی کے سبب اللہ نے انہیں فراموش کر دیا جیسے فرمایا

...نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ...[3]

ترجمہ:یہ اللہ کو بھول گئے تو اللہ نے بھی انہیں بھلادیا۔

...نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ... ﴿۱۹﴾[4]

ترجمہ:جو اللہ کو بھول گئے تو اللہ نے انہیں خود اپنا نفس بھلادیا۔

---

[1] مسنداحمد ۱۷۴۰، صحیح ابن خزیمہ۲۲۶۰،ابن ہشام۳۳۶؍۱

[2] صحیح بخاری کتاب بَدْءِ الوَحْيِ كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟۷ الحق ماشھدت بہ الاعدائ

[3] التوبة۶۷

[4] الحشر۱۹

اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّ هُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝۷۲

کیا آپ ان سے کوئی اجرت چاہتے ہیں؟ یاد رکھیے کہ آپ کے رب کی اجرت بہت ہی بہتر ہے اور وہ سب سے بہتر روزی رساں ہے،

وَ اِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۷۳ وَ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

یقیناً آپ انھیں راہ راست کی طرف بلا رہے ہیں، بیشک جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے وہ

عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ۝۷۴ وَ لَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَ كَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ

سیدھے راستے سے مڑ جانے والے ہیں، اور اگر ہم ان پر رحم فرمائیں اور ان کی تکلیفیں دور کر دیں تو یہ تو اپنی اپنی سرکشی میں

يَعْمَهُوْنَ ۝۷۵ وَ لَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَ مَا يَتَضَرَّعُوْنَ ۝۷۶

جم کر اور بہکنے لگیں، اور ہم نے انھیں عذاب میں پکڑا تاہم یہ لوگ نہ تو اپنے پروردگار کے سامنے جھکے اور نہ ہی عاجزی اختیار کی،

حَتّٰۤى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ۝۷۷ (المومنون ۷۲ تا ۷۷)

یہاں تک کہ جب ہم نے ان پر سخت عذاب کا دروازہ کھول دیا تو اسی وقت فوراً مایوس ہو گئے۔

اور اے نبی ﷺ! یہ مشرکین دعوت حق سن کر انحراف کرتے ہیں کیا آپ اس وعظ و نصیحت کے لئے تو ان سے مال و دولت یا حیثیت و مرتبہ طلب کر رہے ہیں؟ یہ بات بھی نہیں ہے، کسی پیغمبر نے اپنی قوم سے اس خیر خواہی کے لئے کبھی کچھ بھی طلب نہیں کیا بلکہ وہ تو بانگ دہل یہ کہتے تھے کہ ہم تم سے کوئی اجر کے طالب نہیں ہیں ہمارا اجر تو اللہ رب العالمین کے ذمہ ہے، جس نے ہماری یہ ڈیوٹی لگائی ہے،

نوح علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا

وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱۰۹ [1]

ترجمہ: میں اس کام پر تم سے کسی اجر کا طالب نہیں ہوں میرا اجر تو رب العالمین کے ذمہ ہے۔

ہودؑ نے بھی اپنی قوم کو یہی کہا تھا

وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱۲۷ [2]

ترجمہ: میں اس کام پر تم سے کسی اجر کا طالب نہیں ہوں، میرا اجر تو رب العالمین کے ذمہ ہے۔

يٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَي الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ... ۝۵۱ [3]

ترجمہ: اے برادران قوم! اس کام پر میں تم سے کوئی اجر نہیں چاہتا، میرا اجر تو اس کے ذمّہ ہے جس نے مجھے پیدا کیا ہے۔

---

[1] الشعراء ۱۰۹

[2] الشعراء ۱۲۷

[3] ہود ۵۱

صالح علیہ السلام نے بھی اپنی قوم سے یہی کہا تھا

اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۴۲﴾ اِنِّیْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿۱۴۳﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿۱۴۴﴾ وَمَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۴۵﴾ [1]

ترجمہ: یاد کرو جبکہ ان کے بھائی صالح علیہ السلام نے ان سے کہا کیا تم ڈرتے نہیں؟ میں تمہارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں، لہذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو میں اس کام پر تم سے کسی اجر کا طالب نہیں ہوں میرا اجر تو رب العالمین کے ذمہ ہے۔

لوط علیہ السلام نے بھی اپنی قوم سے یہی کہا تھا

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ ِۨ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۱۶۰﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ اِنِّیْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿۱۶۲﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۶۴﴾ [2]

ترجمہ: لوطؑ کی قوم نے رسولوں کو جھٹلایا یاد کرو جبکہ ان کے بھائی لوطؑ نے ان سے کہا تھا کیا تم ڈرتے نہیں؟ میں تمہارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں، لہذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو، اور میں تبلیغ حق کے اس کام پر تم سے کوئی مزدوری نہیں مانگتا میری مزدوری تو بس رب العالمین کے ذمے ہے۔

ایک مقام پر ایک مومن کی نصیحت یوں بیان فرمائی۔

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِیْنَةِ رَجُلٌ یَّسْعٰی قَالَ یٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۲۰﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا یَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾ [3]

ترجمہ: اتنے میں شہر کے دور دراز گوشے سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا اور بولا اے میری قوم کے لوگو! رسولوں کی پیروی اختیار کرلو، پیروی کرو ان لوگوں کی جو تم سے کوئی اجر نہیں چاہتے اور ٹھیک راستے پر ہیں۔

اور سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی یہی کچھ کہا ہے، جیسے فرمایا

...قُلْ لَّاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰی لِلْعٰلَمِیْنَ ﴿۹۰﴾ [4]

ترجمہ: اور کہہ دو کہ میں (اس تبلیغ وہدایت کے) کام پر تم سے کسی اجر کا طالب نہیں ہوں یہ تو ایک عام نصیحت ہے تمام دنیا والوں کے لئے۔

فَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۷۲﴾ [5]

ترجمہ: تم نے میری نصیحت سے منہ موڑا (تو میرا کیا نقصان کیا) میں تم سے کسی اجر کا طلب گار نہ تھا میرا اجر تو اللہ کے ذمہ ہے، اور مجھے حکم

---

[1] الشعراء ۱۴۲ تا ۱۴۵

[2] الشعراء ۱۶۰ تا ۱۶۴

[3] یٰسین ۲۰، ۲۱

[4] الانعام ۹۰

[5] یونس ۷۲

دیا گیا ہے کہ (خواہ کوئی مانے یا نہ مانے) میں خود مسلم بن کر رہوں۔

وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ [1]

ترجمہ: حالاں کہ تم اس خدمت پر ان سے کوئی اجرت بھی نہیں مانگتے ہو یہ تو ایک نصیحت ہے جو دنیا والوں کے لئے عام ہے۔

قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۴۷﴾ [2]

ترجمہ: ان سے کہو اگر میں نے تم سے کوئی اجر مانگا ہے تو وہ تم ہی کو مبارک رہے میرا اجر تو اللہ کے ذمہ ہے اور وہ ہر چیز پر گواہ ہے۔

قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿۸۶﴾ [3]

ترجمہ: اے نبی (صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم)! ان سے کہہ دو کہ میں اس تبلیغ پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا اور نہ میں بناوٹی لوگوں میں سے ہوں۔

۔۔۔قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى۔۔۔ ﴿۲۳﴾ [4]

ترجمہ: اے نبی (صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم) ! ان لوگوں سے کہہ دو کہ میں اس کام پر تم سے کسی اجر کا طالب نہیں ہوں البتہ قرابت کی محبت ضرور چاہتا ہوں۔ اور رزق دینے والا تو رب العالمین ہے جو بحر و بر میں اپنی انگنت مخلوقات کو رزق پہنچاتا ہے، آپ تو ان لوگوں کو صراط مستقیم کی طرف دعوت دے رہے ہیں جس میں ان کی دنیاوی و اخروی سعادت و فلاح ہے، مگر جو لوگ حیات بعد الموت، روز آخرت، حشر نشر اور اعمال کی جزا پر ایمان نہیں رکھتے وہ راہ راست سے ہٹ کر جانوروں کی طرح زندگی گزارنا چاہتے ہیں،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ:أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَاهُ فِيمَا يَرَى النَّائِمُ مَلَكَانِ، فَقَعَدَ أَحَدُهُمَا عِنْدَ رِجْلَيْهِ، وَالْآخَرُ عِنْدَ رَأْسِهِ، فَقَالَ الَّذِي عِنْدَ رِجْلَيْهِ لِلَّذِي عِنْدَ رَأْسِهِ: اضْرِبْ مَثَلَ هَذَا، وَمَثَلَ أُمَّتِهِ، فَقَالَ: إِنَّ مَثَلَهُ وَمَثَلَ أُمَّتِهِ كَمَثَلِ قَوْمٍ سَفْرٍ، انْتَهَوْا إِلَى رَأْسِ مَفَازَةٍ، فَلَمْ يَكُنْ مَعَهُمْ مِنَ الزَّادِ مَا يَقْطَعُونَ بِهِ الْمَفَازَةَ، وَلا مَا يَرْجِعُونَ بِهِ، فَبَيْنَمَا هُمْ كَذَلِكَ، إِذْ أَتَاهُمْ رَجُلٌ فِي حُلَّةٍ حِبَرَةٍ، فَقَالَ: أَرَأَيْتُمْ إِنْ وَرَدْتُ بِكُمْ رِيَاضًا مُعْشِبَةً، وَحِيَاضًا رُوَاءً، أَتَتَّبِعُونِي؟ فَقَالُوا: نَعَمْ،

عبداللہ بن عباس رَضِیَ اللہُ عَنْہُمَا سے مروی ہے ایک مرتبہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے خواب میں دو فرشتے آئے ان میں سے ایک آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے پاؤں کی طرف بیٹھ گیا اور دوسرا سر کی طرف، جو فرشتہ پاؤں کی طرف بیٹھا تھا اس نے سر کی طرف بیٹھے ہوئے فرشتے سے کہا کہ ان کی اور ان کی امت کی مثال بیان کرو، اس نے کہا کہ ان کی اور ان کی امت کی مثال اس مسافر قوم کی طرح ہے جو ایک جنگل کے کنارے پہنچی ہوئی ہے، ان کے پاس اتنا زادسفر نہ ہو کہ وہ اس جنگل کو طے کر سکیں یا واپس جا سکیں، ابھی یہ لوگ اسی حال میں ہوں کہ ان کے پاس یمنی حلے میں ایک آدمی آئے اور

---

[1] یوسف ۱۰۴

[2] سبا ۴۷

[3] ص ۸۶

[4] الشوری ۲۳

ان سے کہے دیکھو! اگر میں ایک سرسبز وشاداب باغ اور جاری حوض پر لے کر جاؤں تو کیا تم میری پیروی کروگے؟وہ جواب دیں کہ ہاں!

قَالَ: فَانْطَلَقَ بِهِمْ، فَأَوْرَدَهُمْ رِيَاضًا مُعْشِبَةً، وَحِيَاضًا رُوَاءً، فَأَكَلُوا وَشَرِبُوا وَسَمِنُوا، فَقَالَ لَهُمْ: أَلَمْ أَلْقَكُمْ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ، فَجَعَلْتُمْ لِي إِنْ وَرَدْتُ بِكُمْ رِيَاضًا مُعْشِبَةً، وَحِيَاضًا رُوَاءً، أَنْ تَتَّبِعُونِي؟ فَقَالُوا: بَلَى، قَالَ: فَإِنَّ بَيْنَ أَيْدِيكُمْ رِيَاضًا أَعْشَبَ مِنْ هَذِهِ، وَحِيَاضًا هِيَ أَرْوَى مِنْ هَذِهِ، فَاتَّبِعُونِي، قَالَ: فَقَالَتْ طَائِفَةٌ: صَدَقَ وَاللَّهِ لَنَتَّبِعَنَّهُ، وَقَالَتْ طَائِفَةٌ: قَدْ رَضِينَا بِهَذَا نُقِيمُ عَلَيْهِ

چنانچہ وہ شخص انہیں لے کر سرسبز وشاداب باغات اور سیراب کرنے والے جاری حوضوں پر پہنچ جائے اور یہ لوگ کھاپی کر خوب صحت مند ہو جائیں، پھر وہ آدمی ایک دن ان سے کہے کیا تم سے میری ملاقات اس حالت میں نہیں ہوئی تھی کہ تم نے مجھ سے یہ وعدہ کیا تھا کہ اگر میں تمہیں سرسبز وشاداب باغات اور سیراب کرنے والے جاری حوضو پر لے کر پہنچ جاؤں تو تم میری پیروی کروگے؟ وہ جواب دیں کیوں نہیں!وہ آدمی کہیں کہ پھر تمہارے آگے اس سے بھی زیادہ سرسبز وشاداب باغات ہیں اور اس سے زیادہ سیراب کرنے والے حوض ہیں اس لئے اب میری پیروی کرو،اس پر ایک گروہ ان کی تصدیق کرے اور کہے کہ ان شاء اللہ ہم ان کی پیروی کریں گے اور دوسرا گروہ کہے ہم یہیں رہنے میں خوش ہیں۔[1]

رسول اللہ ﷺ کو مکہ مکرمہ میں دعوت اسلام دیتے ہوئے تقریباً پانچ سال بیت چکے تھے مگر قوم مسلسل تکذیب ہی کرتی چلی آرہی تھی اور دن بدن ان کی مزاحمت بڑھتی ہی چلی جاتی تھیں،چنانچہ قوم کی شرارتوں سے تنگ آ کر آپ ﷺ نے ان پر بددعا فرمائی تھی،

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ،أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَأَى قُرَيْشًا قَدِ اسْتَعْصَوْا عَلَيْهِ، قَالَ:اللَّهُمَّ أَعِنِّي عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوسُفَ، قَالَ:فَأَخَذَتْهُمُ السَّنَةُ، حَتَّى حَصَّتْ كُلَّ شَيْءٍ، حَتَّى أَكَلُوا الْجُلُودَ وَالْعِظَامَ ، وَقَالَ أَحَدُهُمَا: حَتَّى أَكَلُوا الْجُلُودَ، وَالْمَيْتَةَ، وَجَعَلَ يَخْرُجُ مِنَ الرَّجُلِ كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ، فَأَتَاهُ أَبُو سُفْيَانَ فَقَالَ: أَيْ مُحَمَّدُ، إِنَّ قَوْمَكَ قَدْ هَلَكُوا، فَادْعُ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَكْشِفَ عَنْهُمْ ،قَالَ:فَدَعَا ، ثُمَّ قَالَ:اللَّهُمَّ إِنْ يَعُودُوا فَعُدْ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے جب قریش رسول اللہ ﷺ کی نافرمانی میں حد سے آگے بڑھ گئے تو نبی کریم ﷺ نے بددعاء فرمائی اے اللہ!جس طرح یوسف علیہ السلام کے زمانے میں سات سال قحط رہا،اسی طرح قحط سالی میں انہیں مبتلا کر کے ان کے مقابلے میں میری مدد فرما،چنانچہ قریش کو قحط سالی اور مشکلات نے آگھیرا یہاں تک کہ وہ کھالیں اور ہڈیاں کھانے پر مجبور ہوگئے اور یہ کیفیت ہوگئی کہ جب کوئی شخص آسمان کی طرف دیکھتا تو بھوک کی وجہ سے اسے اپنے اور آسمان کے درمیان دھواں دکھائی دیتا،چنانچہ ابوسفیان رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا اے محمد (ﷺ)! آپ کی قوم ہلاک ہو رہی ہے اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ یہ قحط ان سے ٹل جائے رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی اے اللہ!ان پر سے قحط دور فرمادے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے دعا کو شرف قبولیت بخشا اور سخت قحط دور فرمادیا۔[2]

---

[1] مسند احمد ۲۴۰۲

[2] صحیح بخاری کتاب الدعوات بَابُ الدُّعَاءِ عَلَى المُشْرِكِينَ ۶۳۹۲،وکتاب التفسیرسورۃ الروم باب الم غلبت الروم

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: جَاءَ أَبُو سُفْيَانَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، أَنْشُدُكَ اللَّهَ وَالرَّحِمَ، فَقَدْ أَكَلْنَا الْعِلْهِزَ يَعْنِي الْوَبَرَ وَالدَّمَ. فَأَنْزَلَ اللَّهُ: {وَلَقَدْ أَخَذْنَاهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُونَ} [1]

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے ابوسفیان نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)! میں آپ کو اللہ تعالیٰ اور قرابت داری کی قسم دے کر کہتا ہوں کہ اب تو ہم نے اون اور خون کھالیا ہے تو اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمائی ان کا حال تو یہ ہے کہ ہم نے انہیں تکلیف میں مبتلا کیا پھر بھی یہ اپنے رب کے آگے نہ جھکے اور نہ عاجزی اختیار کرتے ہیں۔ [2]

فرمایا کہ اگر ہم ان پر رحم کریں اور قحط سالی دور کر دیں تو یہ اپنی سرکشی میں بالکل ہی بہک جائیں گے، ان کا حال تو یہ ہے کہ ہم نے انہیں قحط سالی میں مبتلا کیا تا کہ یہ اپنے رب کی بارگاہ میں جھک جائیں اور عاجزی اختیار کریں مگر پھر بھی یہ اپنے رب کے آگے جھکے اور نہ عاجزی اختیار کی بلکہ کفر وضلالت پر اڑے رہے، جیسے فرمایا:

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۴۲﴾ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ [3]

ترجمہ: تم سے پہلے بہت سی قوموں کی طرف ہم نے رسول بھیجے اور ان قوموں کو مصائب وآلام میں مبتلا کیا تا کہ وہ عاجزی کے ساتھ ہمارے سامنے جھک جائیں، پس جب ہماری طرف سے ان پر سختی آئی تو کیوں نہ انہوں نے عاجزی اختیار کی؟ مگر ان کے دل تو اور سخت ہو گئے اور شیطان نے ان کو اطمینان دلایا کہ جو کچھ تم کر رہے ہو خوب کر رہے ہو۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿۹۴﴾ [4]

ترجمہ: کبھی ایسا نہیں ہوا کہ ہم نے کسی بستی میں نبی بھیجا ہو اور اس بستی کے لوگوں کو پہلے تنگی اور سختی میں مبتلا نہ کیا ہو اس خیال سے کہ شاید وہ عاجزی پر اتر آئیں۔

البتہ جب نوبت یہاں تک پہنچ جائے گی کہ ہم ان پر اچانک سخت عذاب کا دروازہ کھول دیں تو تم دیکھو گے کہ ان کی تمام امیدیں منقطع ہو جائیں گی اور خوف ودہشت کے مارے دم بخود ہو جائیں گے۔

۴۷۷۴، وكِتَابُ تَفْسِيرِ الْقُرْآنِ بَابُ قَوْلِهِ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِي هُوَ فِي بَيْتِهَا عَنْ نَفْسِهِ وَغَلَّقَتِ الأَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ۴۶۹۳، وكتاب الِاسْتِسْقَاءِبَابُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْعَلْهَا عَلَيْهِمْ سِنِينَ كَسِنِي يُوسُفَ۱۰۰۷،صحيح مسلم كِتَابُ الْمَسَاجِدِ وَمَوَاضِعِ الصَّلَاةَ بَابُ اسْتِحْبَابِ الْقُنُوتِ فِي جَمِيعِ الصَّلَاةِ إِذَا نَزَلَتْ بِالْمُسْلِمِينَ نَازِلَةٌ۱۵۴۰،وكتاب صفات المنافقين بَابُ الدُّخَانِ۲۷۶۶،جامع ترمذی ابواب تفسیرالقرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ الدُّخَانِ ۳۲۵۴،مسند احمد۴۱۰۴،۴۲۰۶

[1] [المؤمنون: ۷۶]

[2] تفسیر طبری ۱۹٫۶۰، السنن الكبرى للنسائی۱۱۳۸۹

[3] الانعام۴۳،۴۲

[4] الاعراف ۹۴

وَ هُوَ الَّذِیْۤ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۷۸ وَ هُوَ الَّذِیْ

وہ اللہ ہے جس نے تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل پیدا کئے مگر تم بہت (ہی) کم شکر کرتے ہو، اور وہی ہے جس نے

ذَرَاَكُمْ فِی الْاَرْضِ وَ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝۷۹ وَ هُوَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ وَ لَهُ اخْتِلَافُ الَّیْلِ

تمہیں پیدا کر کے زمین میں پھیلا دیا اور اسی کی طرف جمع کئے جاؤ گے، اور وہی ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے اور رات

وَ النَّهَارِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۸۰ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ۝۸۱ قَالُوْۤا ءَاِذَا مِتْنَا وَ كُنَّا

دن کے ردوبدل کا مختار بھی وہی ہے، کیا تم کو سمجھ بوجھ نہیں؟ بلکہ ان لوگوں نے بھی ویسی ہی بات کہی جو اگلے کہتے چلے آئے کہ

تُرَابًا وَّ عِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝۸۲ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَ اٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ

کیا جب ہم مر کر مٹی اور ہڈی ہو جائیں گے کیا پھر بھی ہم ضرور اٹھائے جائیں گے؟ ہم سے ہمارے باپ دادوں سے پہلے

اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ۝۸۳ (المومنون ۷۸ تا ۸۳)

ہی سے یہ وعدہ ہوتا چلا آیا ہے کچھ نہیں یہ صرف اگلے لوگوں کے افسانے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ کا بیان فرمایا کہ وہ اللہ ہی تو ہے جس نے تمہیں عقل وفہم اور سننے کی یہ صلاحیتیں عطا کیں تا کہ ان کے ذریعے سے تم حق کو پہچانو اور اللہ کی وحدانیت کو اختیار کرو مگر اللہ کی پے در پے نعمتوں کے باوجود تم لوگ کم ہی شکر گزار ہوتے ہو، جیسے فرمایا

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۱۰ [1]

ترجمہ: ہم نے تمہیں زمین میں اختیارات کے ساتھ بسایا اور تمہارے لیے یہاں سامان زیست فراہم کیا مگر تم لوگ کم ہی شکر گزار ہوتے ہو۔

ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِیْنٍ ۝۸ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۹ [2]

ترجمہ: پھر اس کی نسل ایک ایسے ست سے چلائی جو حقیر پانی کی طرح کا ہے، پھر اسے نک سک سے درست کیا اور اس کے اندر اپنی روح پھونک دی اور تم کو کان دیے، آنکھیں دیں اور دل دیے تم لوگ کم ہی شکر گزار ہوتے ہو۔

اَفَرَءَیْتُمُ الْمَآءَ الَّذِیْ تَشْرَبُوْنَ ۝۶۸ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ۝۶۹ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ۝۷۰ [3]

ترجمہ: کبھی تم نے آنکھیں کھول کر دیکھا، یہ پانی جو تم پیتے ہو، اسے تم نے بادل برسایا ہے یا اس کے برسانے والے ہم ہیں؟ ہم چاہیں تو اسے

---

[1] الاعراف ۱۰

[2] السجدة ۸،۹

[3] الواقعة ۶۸ تا ۷۰

سخت کھاری بنا کر رکھ دیں، پھر کیوں تم شکر گزار نہیں ہوتے؟۔

اور یہ بھی اللہ کی قدرت ہے کہ اس نے تمہیں پیدا کر کے زمین کے اطراف میں میں پھیلا دیا ہے، جیسے فرمایا

قُلۡ هُوَ الَّذِیۡ ذَرَاَكُمۡ فِی الۡاَرۡضِ وَاِلَیۡهِ تُحۡشَرُوۡنَ ۝۲۴ [1]

ترجمہ: ان سے کہو اللہ ہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا ہے اور اسی کی طرف تم سمیٹے جاؤ گے۔

پھر ایک وقت مقررہ پر وہ تم سب کی بوسیدہ اور کھوکھلی ہڈیوں کو قبروں سے زندہ کر کے اعمال کی جوابدہی کے لئے اپنی بارگاہ میں جمع فرمائے گا، جیسے فرمایا:

وَاَقۡسَمُوۡا بِاللّٰهِ جَهۡدَ اَیۡمَانِهِمۡ ۙ لَا یَبۡعَثُ اللّٰهُ مَنۡ یَّمُوۡتُ ؕ بَلٰی وَعۡدًا عَلَیۡهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ۙ ۝۳۸ [2]

ترجمہ: یہ لوگ اللہ کے نام سے کڑی کڑی قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ اللہ کسی مرنے والے کو پھر سے زندہ کر کے نہ اٹھائے گا اٹھائے گا کیوں نہیں، یہ تو ایک وعدہ ہے جسے پورا کرنا اس نے اپنے اوپر واجب کر لیا ہے مگر اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں۔

اور اللہ ہی زندگی بخشتا ہے اور وہی موت دینے پر قادر ہے، جیسے فرمایا:

قُلۡ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیۡ رَسُوۡلُ اللّٰهِ اِلَیۡكُمۡ جَمِیۡعَا ۨ الَّذِیۡ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحۡیٖ وَیُمِیۡتُ... ۝۱۵۸ [3]

ترجمہ: اے محمد کہو کہ اے انسانو! میں تم سب کی طرف اس اللہ کا پیغمبر ہوں جو زمین اور آسمانوں کی بادشاہی کا مالک ہے، اس کے سوا کوئی الٰہ نہیں ہے، وہی زندگی بخشتا ہے اور وہی موت دیتا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ یُحۡیٖ وَیُمِیۡتُ... ۝۱۱۶ [4]

ترجمہ: اور یہ بھی واقعہ ہے کہ اللہ ہی کے قبضے میں آسمان وزمین کی سلطنت ہے، اسی کے اختیار میں زندگی و موت ہے۔

هُوَ یُحۡیٖ وَیُمِیۡتُ وَاِلَیۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ۝۵۶ [5]

ترجمہ: وہی زندگی بخشتا ہے اور وہی موت دیتا ہے اور اسی کی طرف تم سب کو پلٹنا ہو گا۔

هُوَ الَّذِیۡ یُحۡیٖ وَیُمِیۡتُ... ۚ ۝۶۸ [6]

---

[1] الملک ۲۴

[2] النحل ۳۸

[3] الاعراف ۱۵۸

[4] التوبة ۱۱۶

[5] یونس ۵۶

[6] المومن ۶۸

ترجمہ: وہی ہے زندگی دینے والا اور وہی ہے موت دینے والا ہے۔

رات کے بعد دن اور دن کے بعد رات کا آنا اور رات و دن کا چھوٹا بڑا ہونے کا نظام بھی اسی نے بنایا ہے، جیسے فرمایا

لَا الشَّمْسُ يَنۡۢبَغِىۡ لَهَاۤ اَنۡ تُدۡرِكَ الۡقَمَرَ وَلَا الَّيۡلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ ﴿۴۰﴾ [1]

ترجمہ: نہ سورج کے بس میں یہ ہے کہ وہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات دن پر سبقت لیجا سکتی ہے۔

اگر اللہ چاہے تو تم پر ہمیشہ کے لئے دن طاری کر دے یا ہمیشہ کے لئے رات طاری کرے تو اللہ کے سوا تمہارا کون سا معبود ہے جو ان میں تبدیلی کر سکے جب تم اللہ کی ان نشانیوں کو کھلی آنکھوں دیکھتے ہو، جیسے فرمایا:

قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ اِنۡ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيۡكُمُ الَّيۡلَ سَرۡمَدًا اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ مَنۡ اِلٰهٌ غَيۡرُ اللّٰهِ يَاۡتِيۡكُمۡ بِضِيَآءٍ ؕ اَفَلَا تَسۡمَعُوۡنَ ﴿۷۱﴾ قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ اِنۡ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيۡكُمُ النَّهَارَ سَرۡمَدًا اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ مَنۡ اِلٰهٌ غَيۡرُ اللّٰهِ يَاۡتِيۡكُمۡ بِلَيۡلٍ تَسۡكُنُوۡنَ فِيۡهِ ؕ اَفَلَا تُبۡصِرُوۡنَ ﴿۷۲﴾ [2]

ترجمہ: اے نبی (ﷺ)! ان سے کہو کبھی تم لوگوں نے غور کیا کہ اگر اللہ قیامت تک تم پر ہمیشہ کے لیے رات طاری کر دے تو اللہ کے سوا وہ کونسا معبود ہے جو تمہیں روشنی لا دے؟ کیا تم سنتے نہیں ہو؟ ان سے پوچھو کبھی تم نے سوچا کہ اگر اللہ قیامت تک تم پر ہمیشہ کے لیے دن طاری کر دے تو اللہ کے سوا وہ کونسا معبود ہے جو تمہیں رات لا دے تا کہ تم اس میں سکون حاصل کر سکو؟ کیا تم کو سوجھتا نہیں ؟۔

اور تسلیم کرتے ہو کہ یہ سب کچھ اللہ کے قبضہ قدرت واختیار میں ہے تو تمہاری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ کائنات کا یہ عظیم الشان نظام بہت سے معبودوں کی مدد سے نہیں بلکہ ایک اللہ وحدہ لاشریک کے اشارے پر چل رہا ہے جو ہر چیز پر غالب ہے اور ہر مخلوق اس کے سامنے جھکی ہوئی ہے؟ مگر یہ لوگ وہی کچھ کہتے ہیں جو ان کی پیش رو قومیں اللہ کی قدرت وحکمت کا انکار کرتے ہوئے کہہ چکی ہیں کہ کیا جب ہم مر کر مٹی ہو جائیں گے اور رہڈیوں کا پنجر بن کر رہ جائیں گے تو ہم کو پھر زندہ کر کے اٹھایا جائے گا؟ ہم اور ہمارے آباواجداد بھی زندہ کیے جائیں گے، جیسے فرمایا

وَكَانُوۡا يَقُوۡلُوۡنَ ۙ اَئِذَا مِتۡنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ ۙ ﴿۴۷﴾ اَوَ اٰبَآؤُنَا الۡاَوَّلُوۡنَ ﴿۴۸﴾ [3]

ترجمہ: کہتے تھے کیا جب ہم مر کر خاک ہو جائیں گے تو پھر اٹھا کر کھڑے کیے جائیں گے؟ اور کیا ہمارے باپ دادا بھی اٹھائے جائیں گے جو پہلے گزر چکے ہیں ؟۔

وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَاۤ اَئِنَّا لَمُخۡرَجُوۡنَ ﴿۶۷﴾ [4]

ترجمہ: یہ منکرین کہتے ہیں کیا جب ہم اور ہمارے باپ دادا مٹی ہو چکے ہوں گے تو ہمیں واقعی قبروں سے نکالا جائے گا؟۔

---

[1] یسین ۴۰

[2] القصص ۷۲،۷۱

[3] الواقعۃ ۴۸،۴۷

[4] النمل ۶۷

ءَاِذَا مِتۡنَا وَ كُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ ﴿۱۶﴾ اَوَ اٰبَآؤُنَا الۡاَوَّلُوۡنَ ﴿۱۷﴾ [1]

ترجمہ: بھلا کہیں ایسا ہوسکتا ہے کہ جب ہم مر چکے ہوں اور مٹی بن جائیں اور ہڈیوں کا پنجر رہ جائیں اس وقت ہم پھر زندہ کر کے اٹھا کھڑے کیے جائیں؟ اور کیا ہمارے اگلے وقتوں کے آباؤ اجداد بھی اٹھائے جائیں گے؟۔

ایسی لایعنی باتیں سنتے رہے ہیں یہ محض افسانہائے پارینہ ہیں، ان میں حقیقت کچھ بھی نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلۡقَهٗ ؕ قَالَ مَنۡ يُّحۡىِ الۡعِظَامَ وَهِىَ رَمِيۡمٌ ﴿۷۸﴾ [2]

ترجمہ: اب وہ ہم پر مثالیں چسپاں کرتا ہے اور اپنی پیدائش کو بھول جاتا ہے کہتا ہے کون ان ہڈیوں کو زندہ کرے گا جب کہ یہ بوسیدہ ہو چکی ہوں؟۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا

قُلۡ يُحۡيِيۡهَا الَّذِىۡۤ اَنۡشَاَهَاۤ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ خَلۡقٍ عَلِيۡمُۨ ﴿۷۹﴾ [3]

ترجمہ: اس سے کہو انہیں وہی زندہ کرے گا جس نے پہلے انہیں پیدا کیا تھا اور وہ تخلیق کا ہر کام جانتا ہے۔

قُلۡ لِّمَنِ الۡاَرۡضُ وَ مَنۡ فِيۡهَاۤ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۸۴﴾ سَيَقُوۡلُوۡنَ لِلّٰهِ ؕ قُلۡ اَفَلَا

پوچھیئے تو سہی کہ زمین اور اس کی کل چیزیں کس کی ہیں؟ بتلاؤ اگر جانتے ہو؟ فوراً جواب دیں گے کہ اللہ کی، کہہ دیجئے کہ پھر

تَذَكَّرُوۡنَ ﴿۸۵﴾ قُلۡ مَنۡ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبۡعِ وَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِيۡمِ ﴿۸۶﴾

تم نصیحت کیوں نہیں حاصل کرتے، دریافت کیجئے کہ ساتوں آسمانوں کا اور بہت باعظمت عرش کا رب کون ہے؟

سَيَقُوۡلُوۡنَ لِلّٰهِ ؕ قُلۡ اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ ﴿۸۷﴾ قُلۡ مَنۡۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوۡتُ كُلِّ شَىۡءٍ

وہ لوگ جواب دیں گے کہ اللہ ہی ہے، کہہ دیجئے کہ پھر تم کیوں نہیں ڈرتے؟ پوچھئے کہ تمام چیزوں کا اختیار کس کے ہاتھ میں ہے؟

وَّ هُوَ يُجِيۡرُ وَ لَا يُجَارُ عَلَيۡهِ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۸۸﴾ سَيَقُوۡلُوۡنَ لِلّٰهِ ؕ قُلۡ فَاَنّٰى

جو پناہ دیتا ہے اور جس کے مقابلے میں کوئی پناہ نہیں دیا جاتا اگر تم جانتے ہو تو بتلاؤ؟ یہی جواب دیں گے کہ اللہ ہی ہے،

تُسۡحَرُوۡنَ ﴿۸۹﴾ بَلۡ اَتَيۡنٰهُمۡ بِالۡحَقِّ وَ اِنَّهُمۡ لَكٰذِبُوۡنَ ﴿۹۰﴾ (المومنون ۸۴ تا ۹۰)

کہہ دیجئے پھر تم کدھر جادو کر دیئے جاتے ہو؟ حق یہ ہے کہ ہم نے انھیں حق پہنچا دیا ہے اور یہ بیشک جھوٹے ہیں۔"

---

[1] الصافات ۱۶،۱۷

[2] یٰسین ۷۸

[3] یٰسین ۷۹

اہل مکہ اللہ تعالیٰ کی ربوبیت، خالقیت، ملکیت تصرف اور رزاقیت کے منکر نہیں تھے بلکہ یہ سب باتیں تسلیم کرتے تھے، انہیں انکار تھا تو صرف توحید الوہیت سے، وہ اس مغالطے میں تھے کہ یہ بھی اللہ کے نیک بندے تھے، ان کو بھی اللہ نے کچھ اختیارات دے رکھے ہیں اور ہم ان کے ذریعے سے اللہ کا قرب حاصل کرتے ہیں اور آج بھی یہی مغالطہ ہے، مردہ پرست فوت شدگان کو جو قیامت تک ان کی فریادوں کو سن نہیں سکتے مدد کے لئے پکارتے ہیں، جیسے فرمایا:

لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۱۴﴾ [۱]

ترجمہ: اسی کو پکارنا برحق ہے، رہیں وہ دوسری ہستیاں جنہیں اس کو چھوڑ کر یہ لوگ پکارتے ہیں وہ ان کی دعاؤں کا کوئی جواب نہیں دے سکتیں، انہیں پکارنا تو ایسا ہے جیسے کوئی شخص پانی کی طرف ہاتھ پھیلا کر اس سے درخواست کرے کہ تو میرے منہ تک پہنچ جا، حالانکہ پانی اس تک پہنچنے والا نہیں، بس اسی طرح کافروں کی دعائیں بھی کچھ نہیں ہیں مگر ایک تیر بے ہدف!۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ؕ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ﴿۵۷﴾ [۲]

ترجمہ: جن کو یہ لوگ پکارتے ہیں وہ تو خود اپنے رب کے حضور رسائی حاصل کرنے کا وسیلہ تلاش کر رہے ہیں کہ کون اس سے قریب تر ہو جائے اور وہ اس کی رحمت کے امیدوار اور اس کے عذاب سے خائف ہیں، حقیقت یہ ہے کہ تیرے رب کا عذاب ہے ہی ڈرنے کے لائق۔ ان کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے ان کے نام کی نذرونیاز دیتے اور ان کو اللہ کی عبادت میں شریک گردانتے ہیں، حالانکہ اللہ نے اور اس کے کسی پیغمبر نے کہیں بھی یہ نہیں فرمایا کہ اللہ نے کسی فوت شدہ بزرگ، ولی یا نبی کو کچھ اختیارات تفویض کر رکھے ہیں اس لئے تم ان کے ذریعے سے اللہ کا قرب حاصل کر و یا انہیں مشکلات و پریشانیوں میں مدد کے لئے پکارو یا ان کے نام کی نذرونیاز دو، چنانچہ ان کو متوجہ کرنے کے لئے کہ معبود برحق صرف وہی ہے، اس کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں فرمایا اے نبی ﷺ! ان سے کہو بتاؤ کہ زمین اور زمین کی تمام مخلوقات، حیوانات، نباتات، جمادات، سمندروں، دریاؤں اور پہاڑوں کو کس نے پیدا کیا ہے؟ ان کا مالک کون ہے اور کون ان کی تدبیر کرتا ہے؟ یہ صاف لفظوں میں دوٹوک جواب دیں گے کہ صرف اللہ، تو ان سے کہو پھر تم یہ بات کیوں نہیں سمجھتے کہ اللہ کے سوا کوئی بندگی کا مستحق نہیں اور اس کے لئے انسانوں کو دوبارہ پیدا کر دینا کوئی مشکل نہیں ہے؟ دوسری دلیل بیان فرمائی کہ اے نبی ﷺ! ان سے پوچھو ساتوں بلندوبالا اور وسعتوں والے آسمانوں، ان کے اندر ستاروں، سیاروں، کواکب اور عرش عظیم کا مالک کون ہے؟ اس حقیقت کا اقرار کرتے ہوئے یہ دوٹوک جواب دیں گے کہ اللہ وحدہ لاشریک ہی ہر چیز کا مالک اور متصرف ہے، تو ان سے کہو پھر تم اللہ سے بغاوت و سرکشی کیوں کرتے ہو، عاجز اور بے بس مخلوق کی عبادت سے تائب ہو کر اور اللہ کی وحدانیت کو تسلیم کر کے اس کے عذاب سے بچنے کا اہتمام کیوں نہیں

---

[۱] الرعد ۱۴

[۲] بنی اسرائیل ۵۷

کرتے؟عرب میں دستور تھا کہ سردار قبیلہ اگر کسی کو پناہ دے دے تو سارا قبیلہ اس کا پابند تھا لیکن قبیلے میں سے کوئی کسی کو اپنی پناہ میں لے لے تو سردار پر اس کی پابندی نہیں تھی،چنانچہ اللہ نے اپنی بادشاہی،اپنے اقتدار اور تصرف کا ذکر فرمایا کہ اے نبی ﷺ! ان سے کہو بتاؤ اگر تم جانتے ہو کہ کائنات کی ہر چیز پر کامل اقتدار اور مالکانہ اختیارات کس کو حاصل ہے؟اور کون ہے جو پناہ دیتا ہے اور کوئی اسے نقصان نہیں پہنچا سکتا اور جس کو وہ نقصان پہنچانا چاہے، کیا کائنات میں اللہ کے سوا کوئی ایسی ہستی ہے کہ وہ اسے نقصان سے بچالے اور اپنی پناہ میں لے لے، یہ ضرور کہیں گے کہ کائنات کی ہر چیز پر اقتدار و تصرف رب العالمین ہی کا ہے اور اس کے مقابلے میں کوئی پناہ نہیں دے سکتا، تو اے نبی ﷺ! تو ان سے کہو پھر تمہاری آنکھوں پر کس نے پٹی باندھ دی ہے کہ اس اعتراف اور علم کے باوجود تم غیر اللہ کو اس کی عبادت میں شریک کرتے ہو؟

مشرکین تو یہ تسلیم کرتے تھے کہ ہر چیز کی طاقت،اختیار و تصرف اللہ کے ہاتھ میں ہے، مگر آج مسلمانوں کی راہبری کے دعویداروں کے نظریات کیا ہیں۔

جو پکڑے خدا تو چھڑائے محمد　　　جو پکڑے محمد چھڑا کوئی نہیں سکتا

اور

اللہ کے پلے میں وحدت کے سوا کیا ہے　　　جو کچھ ہمیں لینا ہے لے لیں گے محمد سے

اے نبی ﷺ!ہم نے ان کے سامنے توحید ربوبیت کے ساتھ ساتھ توحید الوہیت کو واضح کر دیا ہے،اور اتنی ساری تسلیم شدہ صداقتوں یعنی زمین میں جو کچھ ہے اس کا مالک اور خالق اللہ ہے اور اس کے سوا کوئی خالق اور مالک نہیں ہے، سات آسمانوں اور عرش عظیم کا رب صرف اللہ ہے اور ہر چیز کا اختیار و تصرف صرف اللہ کو حاصل ہے، اصل پناہ دینے والا وہی ہے اس کے سوا کوئی پناہ نہیں دے سکتا، وہ جب کسی کو گرفت میں لے لے تو پھر کوئی چھڑانے والا نہیں ہے، پھر کوئی پناہ نہیں دے سکتا، پھر بھی غیر اللہ کو سجدے کرتے ہو، ان سے مرادیں مانگتے ہو، ان کی اطاعت کرتے ہو، مانتے ہو کہ یہ سب کچھ اللہ کا ہے اور جھکتے ہو غیروں کے آگے، اس سے یہ بات کھل کر واضح ہو گئی ہے کہ ان لوگوں نے اپنے معبودوں کے بارے میں جھوٹے عقائد گھڑ رکھے ہیں، اللہ کی ذات، صفات، اختیارات اور حقوق میں کسی کا کوئی نہیں حصہ ہے، اللہ ہر طرح کے شرک سے پاک ہے۔

مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّ مَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۭ بِمَا خَلَقَ وَ لَعَلَا

نہ تو اللہ نے کسی کو بیٹا بنایا اور نہ اس کے ساتھ اور کوئی معبود ہے، ورنہ ہر معبود اپنی مخلوق کو لیے لیے پھرتا،

بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۹۱﴾ عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى

اور ہر ایک دوسرے پر چڑھ دوڑتا، جو اوصاف یہ بتلاتے ہیں ان سے اللہ پاک (اور بے نیاز) ہے، وہ غائب حاضر کا جاننے

عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۹۲﴾ قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ مَا يُوْعَدُوْنَ ﴿۹۳﴾

والا ہے اور جو شرک یہ کرتے ہیں اس سے بالاتر ہے، آپ دعا کریں کہ اے میرے پروردگار! اگر تو مجھے وہ دکھائے جس کا

رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ وَ اِنَّا عَلٰٓى اَنْ نُّرِيَكَ

وعدہ انھیں دیا جارہا ہے تو اے رب! تو مجھے ان ظالموں کے گروہ میں نہ کرنا، ہم جو کچھ وعدے انھیں دے رہے ہیں

مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۹۵﴾ (المومنون ۹۱تا۹۵)

سب آپ کو دکھادینے پر یقیناً قادر ہیں۔

اللہ وحدہ لاشریک ہے، اس نے کسی کو اپنی اولاد نہیں بنایا ہے، وہ بیوی اور اولاد کی حاجت سے پاک ہے، جیسے فرمایا

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ [1]

ترجمہ: وہ تو آسمانوں اور زمین کا موجد ہے اس کا کوئی بیٹا کیسے ہوسکتا ہے جبکہ کوئی اس کی شریک زندگی ہی نہیں ہے، اس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اور وہ ہر چیز کا علم رکھتا ہے۔

وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا [2]

ترجمہ: اور یہ کہ ہمارے رب کی شان بہت اعلیٰ وارفع ہے اس نے کسی کو بیوی یا بیٹا نہیں بنایا ہے۔

اور اس عظیم الشان کائنات کا نظام چلانے کے لئے اس کے ساتھ کوئی کوئی دوسرا الٰہ نہیں ہے، اگر تخلیق کائنات میں اللہ کے ساتھ دوسرے الٰہ بھی ہوتے تو ان میں مکمل تعاون برقرار نہ رہتا اور ہر الٰہ جب چاہتا اپنی خلق کو لے کر الگ ہوجاتا اور پھر اپنی بالادستی قائم کرنے کے لئے وہ ایک دوسرے پر چڑھ دوڑتے، اور اس کھینچا تانی میں کائنات کا یہ عظیم الشان نظام قائم نہیں رہ سکتا تھا، جیسے فرمایا

لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ... ﴿۲۲﴾ [3]

ترجمہ: اگر زمین اور آسمان میں اللہ کے سوا دوسرے الٰہ بھی ہوتے تو دونوں کا نظام بگڑ جاتا۔

قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾ [4]

ترجمہ: اگر اللہ کے ساتھ دوسرے الٰہ بھی ہوتے جیسا کہ یہ لوگ کہتے ہیں تو ضرور وہ مالک عرش کے مقام پر پہنچنے کی کوشش کرتے۔

نظام کی یہ باقاعدگی اور اجزائے نظام کی ہم آہنگی، اقتدار کی مرکزیت و وحدت خود دلالت کر رہی ہے کہ کائنات کا خالق و مالک اور متصرف اللہ

---

[1] الانعام ۱۰۱

[2] الجن ۳

[3] الانبیاء ۲۲

[4] بنی اسرائیل ۴۲

وحدہ لاشریک ہی ہے، اس لئے وہی بندگی کے لائق ہے، اور ہر طرح کی حمد و ثنا اور ستائش اسی کے لئے ہے، جبکہ مشرک جو فرشتوں اور اپنی دیویوں کو، یہودی عزیرؑ کو اور عیسائی عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کی اولاد ٹھہراتے اور اس کا شریک گردانتے ہیں اللہ ان نقائص سے بلند و بالا، برتر و منزہ ہے، وہ ہر طرح کے شرک سے بالاتر ہے جو یہ لوگ تجویز کرتے ہیں، جیسے فرمایا:

...سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۸﴾ [۱]

ترجمہ: اللہ پاک ہے اور بہت بالاتر ہے اس شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ [۲]

ترجمہ: پاک ہے تیرا رب، عزت کا مالک ان تمام باتوں سے جو یہ لوگ بنا رہے ہیں۔

سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۸۲﴾ [۳]

ترجمہ: پاک ہے آسمانوں اور زمین کا فرماں روا عرش کا مالک، ان ساری باتوں سے جو یہ لوگ اس کی طرف منسوب کرتے ہیں۔

اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۴۳﴾ [۴]

ترجمہ: کیا اللہ کے سوا یہ کوئی اور معبود رکھتے ہیں؟ اللہ پاک ہے اس شرک سے جو یہ لوگ کر رہے ہیں۔

وہ غیب اور حاضر کا جاننے والا ہے، اس کے سوا کسی کوئی غیب کا علم نہیں رکھتا، جیسے فرمایا:

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ... ﴿۵۹﴾ [۵] x

ترجمہ: اسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جنہیں اس کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر محمد ﷺ کو حکم دیا کہ مصیبت کے وقت یہ دعا کریں اے پروردگار! جس عذاب کی ان کو دھمکی دی جا رہی ہے وہ اگر میری موجودگی میں تو لائے تو اے میرے رب! مجھے ان ظالم لوگوں میں شامل نہ کرنا، یعنی اے میرے رب، مجھ پر رحم فرما مجھے ان گناہوں سے بچالے جو تیری ناراضگی کے موجب ہیں اور جن کے ذریعے سے تو نے ان کفار کو آزمائش میں مبتلا کیا ہے، اے میرے رب! مجھے اس عذاب سے بھی بچالے جو ان پر نازل ہوگا کیونکہ عذاب عام جب نازل ہوتا ہے تو نیک و بد سب کو اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے، اور حقیقت یہ ہے کہ ہم تمہاری آنکھوں کے سامنے ہی عذاب نازل کر دینے کی پوری قدرت رکھتے ہیں جس کی دھمکی ہم انہیں دے رہے ہیں۔

---

[۱] القصص ۶۸

[۲] الصافات ۱۸۰

[۳] الزخرف ۸۲

[۴] الطور ۴۳

[۵] الانعام ۵۹

اِدۡفَعۡ بِالَّتِیۡ هِیَ اَحۡسَنُ السَّیِّئَةَ ؕ نَحۡنُ اَعۡلَمُ بِمَا یَصِفُوۡنَ ﴿۹۶﴾ وَ قُلۡ

برائی کو اس طریقے سے دور کریں جو سراسر بھلائی والا ہو، جو کچھ بیان کرتے ہیں ہم بخوبی واقف ہیں، اور دعا کریں کہ

رَّبِّ اَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیۡنِ ﴿ۙ۹۷﴾ وَ اَعُوۡذُ بِکَ رَبِّ

اے میرے پروردگار! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور اے میرے رب! میں تیری پناہ چاہتا ہوں

اَنۡ یَّحۡضُرُوۡنِ ﴿۹۸﴾ حَتّٰۤی اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الۡمَوۡتُ قَالَ

کہ وہ میرے پاس آجائیں یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کو موت آنے لگتی ہے تو کہتا ہے

رَبِّ ارۡجِعُوۡنِ ﴿ۙ۹۹﴾ لَعَلِّیۡۤ اَعۡمَلُ صَالِحًا فِیۡمَا تَرَکۡتُ کَلَّا ؕ اِنَّهَا کَلِمَةٌ

اے میرے پروردگار! مجھے واپس لوٹا دے کہ اپنی چھوڑی ہوئی دنیا میں جا کر نیک اعمال کر لوں، ہرگز ایسا نہیں ہوگا یہ تو

هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَ مِنۡ وَّرَآئِهِمۡ بَرۡزَخٌ اِلٰی یَوۡمِ یُبۡعَثُوۡنَ ﴿۱۰۰﴾ (المومنون ۹۶ تا ۱۰۰)

صرف ایک قول ہے جس کا یہ قائل ہے، ان کے پس پشت تو ایک حجاب ہے ان کے دوبارہ جی اٹھنے کے دن تک۔

برائی کے بدلے اچھائی:

اور ایک مبلغ کی حیثیت سے آپ کو حکمت بتائی کہ اے نبی ﷺ! برائی کو برائی کے ساتھ نہیں بلکہ بھلائی کے ساتھ دفع کرو، جیسے فرمایا

وَلَا تَسۡتَوِی الۡحَسَنَةُ وَلَا السَّیِّئَةُ ؕ اِدۡفَعۡ بِالَّتِیۡ هِیَ اَحۡسَنُ فَاِذَا الَّذِیۡ بَیۡنَکَ وَ بَیۡنَهٗ عَدَاوَةٌ کَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیۡمٌ ﴿۳۴﴾ [۱]

ترجمہ: اور اے نبی! نیکی اور بدی یکساں نہیں ہیں تم بدی کو اس نیکی سے دفع کرو جو بہترین ہو، تم دیکھو گے کہ تمہارے ساتھ جس کی عداوت پڑی ہوئی تھی وہ جگری دوست بن گیا ہے۔

اور جو بدلہ لینے کے بجائے معاف کر دیتا ہے اس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے، جیسے فرمایا:

...فَمَنۡ عَفَا وَ اَصۡلَحَ فَاَجۡرُهٗ عَلَی اللّٰهِ... ﴿۴۰﴾ [۲]

ترجمہ: پھر جو کوئی معاف کر دے اور اصلاح کرے اس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے۔

اور جو برے القابات وہ تمہیں دیتے ہیں وہ ہمیں خوب معلوم ہیں، اور جب ان مصائب میں ابلیسی افکار آپ کا پیچھا کرنے لگیں تو اس دعا کے ذریعے سے ان سے چھٹکارا حاصل کریں، اے میرے پروردگار! میں شیاطین کی اکساہٹوں، وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں،

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ أَعُوذُ بِاللَّهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ، مِنْ هَمْزِهِ وَنَفْخِهِ وَنَفْثِهِ

[۱] حم السجدة ۳۴

[۲] الشوریٰ ۴۰

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو کھڑے ہوتے تو شیطان سے اس طرح استعاذہ کرتے، اور میں پناہ مانگتا ہوں کہ شیطان میرے کسی کام میں حائل ہو اور وہ میرے پاس پہنچ جائے اور اے میرے رب! میں تو اس سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔ [1]

اس لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تاکید فرمائی کہ ہر اہم کام کی ابتدا بسم اللہ پڑھ کر کرو کیوں کہ اللہ کی یاد شیطان کو دور کرنے والی چیز ہے،

عَنْ أَبِي الْيَسَرِ، أَنَّ رَسُولَ صَلَّى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو :اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الهَدْمِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ التَّرَدِّي، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْغَرَقِ، وَالْحَرَقِ، وَالْهَرَمِ، وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ يَتَخَبَّطَنِي الشَّيْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ، وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ أَمُوتَ فِي سَبِيلِكَ مُدْبِرًا، وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ أَمُوتَ لَدِيغًا

اس لئے ابوالیسر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا بھی مانگتے تھے اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ کوئی مکان یا دیوار مجھ پر آ گرے اور پناہ مانگتا ہوں میں اس بات سے کہ کسی بلند مقام (فضا سے یا پہاڑ سے یا مکان کی چھت وغیرہ سے کہ بچنے کا امکان نہ ہو) سے گر پڑوں، اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں غرق ہونے سے اور آگ میں جلنے سے اور از حد بوڑھا ہونے سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ شیطان مجھے موت کے وقت کے بدحواس کر دے (یعنی گمراہ کر دے یا توبہ وکلمہ کی طرف توجہ نہ کرنے دے یا اللہ تعالیٰ سے بدگمان کر دے وغیرہ) اور پناہ چاہتا ہوں میں تیری راہ میں (جہاد سے) منہ موڑ کر بھاگنے سے یا اس کیفیت سے کہ زہریلے جانور کے کاٹے سے مجھے موت آئے۔ [2]

ان میں سے اکثر حادثاتی موتیں ہیں جن میں انسان اچانک مرجاتا ہے، کلمہ اور توبہ کا موقع نہیں ملتا لہذا یہ موتیں اچھی نہیں، ویسے بھی ان سے انسان کی شکل بگڑ جاتی ہے جو ظاہر ہے اچھی بات نہیں، اس لیے ان سے پناہ مانگنا حق ہے، میدان جنگ سے بھاگنا جرم عظیم ہے اس حالت میں موت گناہ والی موت ہے، قرآن مجید میں اس کی مذمت کی گئی ہے جیسے فرمایا

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِیْتُمُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ﴿۱۵﴾ وَمَنْ یُّوَلِّهِمْ یَوْمَىٕذٍ دُبُرَهٗۤ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَیِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ ﴿۱۶﴾ [3]

ترجمہ: اے ایمان والو، جب تم ایک لشکر کی صورت میں کفار سے دوچار ہو تو ان کے مقابلہ میں پیٹھ نہ پھیرو جس نے ایسے موقع پر پیٹھ پھیرے الا یہ کہ جنگی چال کے طور پر ایسا کرے یا کسی دوسری فوج سے جا ملنے کے لیے تو وہ اللہ کے غضب میں گھر جائے گا، اس کا ٹھکانا جہنّم ہوگا اور وہ بہت بری جائے بازگشت ہے۔

[1] سنن ابوداود کتاب الصلوۃ بَابُ مَنْ رَأَى الِاسْتِفْتَاحَ بِسُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ۷۷۵ ، جامع ترمذی بَابُ مَا يَقُولُ عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلَاۃِ۲۴۲، مسنداحمد۱۱۴۷۳، صحیح ابن خزیمۃ۴۶۷، سنن الدارقطنی ۱۱۴۲

[2] سنن ابوداود کتاب الوتر بَابٌ فِي الِاسْتِعَاذَۃِ ۱۵۵۲، سنن نسائی کتاب الاستعاذه الِاسْتِعَاذَۃُ مِنَ التَّرَدِّي، وَالْهَدْمِ ۵۵۳۳، مسنداحمد۱۵۵۲۳

[3] الانفال۱۶،۱۵

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَلِّمُهُمْ مِنَ الْفَزَعِ كَلِمَاتٍ:أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّةِ، مِنْ غَضَبِهِ وَشَرِّ عِبَادِهِ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَنْ يَحْضُرُونِ

عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ ڈر یا گھبراہٹ کے موقع پر انہیں یہ دعا سکھلایا کرتے تھے میں اللہ کے کامل کلمات کی پناہ میں آتا ہوں اس کے غضب سے اور اس کے بندوں کی شرارتوں سے اور شیطان کے وسوسوں سے اور اس بات سے کہ وہ میرے پاس آئیں۔ (۱)

یہ لوگ مرتے دم تک اپنی سازشوں سے باز نہ آئیں گے اور جب ان میں سے کسی کی موت کا وقت آجائے گی تو وہ جان کنی کے عالم میں کہے گا کہ اے میرے رب! مجھے اسی دنیا میں واپس بھیج دیجئے جسے میں چھوڑ آیا ہوں، امید ہے کہ اب میں نیک عمل کروں گا، جیسے فرمایا

وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝۱۰ (۲)

ترجمہ: جو رزق ہم نے تمہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرو قبل اس کے کہ تم میں سے کسی کی موت کا وقت آجائے اور اس وقت وہ کہے گا کہ اے میرے رب! کیوں نہ تو نے مجھے تھوڑی سی مہلت اور دے دی کہ میں صدقہ دیتا اور صالح لوگوں میں شامل ہو جاتا۔

اور میدان محشر میں حسرت و افسوس کے ساتھ یہ آرزو کریں گے۔

...قَدْ جَاۗءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَاۗءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ... ۝۵۳ (۳)

ترجمہ: کہیں گے کہ واقعی ہمارے رب! رسول حق لے کر آئے تھے، پھر کیا اب ہمیں کچھ سفارشی ملیں گے جو ہمارے حق میں سفارش کریں؟ یا ہمیں دوبارہ واپس ہی بھیج دیا جائے تا کہ جو کچھ ہم پہلے کرتے تھے اس کے بجائے اب دوسرے طریقے پر کام کر کے دکھائیں۔

رب کی بارگاہ میں کھڑے ہو کر آرزو کریں گے۔

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ۝۱۲ (۴)

ترجمہ: کاش تم دیکھو وہ وقت جب یہ مجرم سر جھکائے اپنے رب کے حضور کھڑے ہوں گے (اس وقت یہ کہہ رہے ہوں گے) اے ہمارے رب! ہم نے خوب دیکھ لیا اور سن لیا اب ہمیں واپس بھیج دے تا کہ ہم نیک عمل کریں، ہمیں اب یقین آ گیا ہے۔

---

(۱) سنن ابوداودکتاب الطب بَابُ كَيْفَ الرُّقَى ۳۸۹۳،جامع ترمذی ابواب الدعوات بَاب مَا جَاءَ فِي عَقْدِ التَّسْبِيحِ بِالْيَدِ ۳۵۲۸، مسند احمد ۶۶۹۶، مستدرک حاکم ۲۰۱۰،مصنف ابن ابی شیبة ۲۳۵۴۷

(۲) المنافقون ۱۰

(۳) الاعراف ۵۳

(۴) السجدة ۱۲

ایک مقام پر مجرمین کی حسرت کو یوں بیان فرمایا

فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ ﴿١٠٠﴾ وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٢﴾ [1]

ترجمہ: اب نہ ہمارا کوئی سفارشی ہے اور نہ کوئی جگری دوست، کاش ہمیں ایک دفعہ پھر پلٹنے کا موقع مل جائے تو ہم مومن ہوں۔

اور مجرمین دوزخ کے کنارے پر کھڑے ہو کر آرزو کریں گے۔

وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٧﴾ [2]

ترجمہ: کاش تم اس وقت ان کی حالت دیکھ سکتے جب وہ دوزخ کے کنارے کھڑے کیے جائیں گے اس وقت وہ کہیں گے کاش! کوئی صورت ایسی ہو کہ ہم دنیا میں پھر واپس بھیجے جائیں اور اپنے رب کی نشانیوں کو نہ جھٹلائیں اور ایمان لانے والوں میں شامل ہوں۔

مجرمین جہنم میں بھی یہ آرزو کریں گے۔

وَاَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ﴿٤٤﴾ [3]

ترجمہ: اے نبی! اس دن سے تم انہیں ڈرا دو جبکہ عذاب انہیں آلے گا اس وقت یہ ظالم کہیں گے کہ اے ہمارے رب! ہمیں تھوڑی سی مہلت اور دیدے، ہم تیری دعوت پر لبیک کہیں گے اور رسولوں کی پیروی کریں گے۔

اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٥٧﴾ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٥٨﴾ [4]

ترجمہ: یا کہے کاش اللہ نے مجھے ہدایت بخشی ہوتی تو میں بھی متقیوں میں سے ہوتا یا عذاب دیکھ کر کہے کاش! کاش! مجھے ایک موقع اور مل جائے اور میں نیک عمل کرنے والوں میں شامل ہو جاؤں۔

...وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿٤٤﴾ [5]

ترجمہ: تم دیکھو گے کہ یہ ظالم جب عذاب دیکھیں گے تو کہیں گے اب پلٹنے کی بھی کوئی سبیل ہے؟۔

قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿١١﴾ [6]

ترجمہ: کہیں گے اے ہمارے رب! تو نے واقعی ہمیں دو دفعہ موت اور دو دفعہ زندگی دے دی اب ہم اپنے قصوروں کا اعتراف کرتے ہیں

[1] الشعراء ۱۰۰تا۱۰۲

[2] الانعام ۲۷

[3] ابراہیم ۴۴

[4] الزمر ۵۸،۵۷

[5] الشوری ۴۴

[6] المومن ۱۱

کیا اب یہاں سے نکلنے کی بھی کوئی سبیل ہے۔

وَهُمْ يَصْطَرِخُونَ فِيهَا ۚ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِي كُنَّا نَعْمَلُ ... ۳۷ (۱)

ترجمہ: وہ وہاں چیخ چیخ کر کہیں گے کہ اے ہمارے رب! ہمیں یہاں سے نکال لے تا کہ ہم نیک عمل کریں ان اعمال سے مختلف جو پہلے کرتے رہے تھے۔

فرمایا ایسا کبھی نہیں ہوسکتا کہ انہیں دوبارہ دنیا میں بھیج دیا جائے، یہ تو بس ایک بات ہے جو وہ بک رہا ہے اگر انہیں دنیا میں دوبارہ بھیج بھی دیا جائے تو وہی عمل کریں گے جو کرتے رہے ہیں، جیسے فرمایا:

... وَلَوْ رُدُّوا لَعَادُوا لِمَا نُهُوا عَنْهُ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ۲۸ (۲)

ترجمہ: اگر انہیں دنیا میں لوٹا دیا جائے تو یہ پھر وہی کام کریں گے جن سے انہیں منع کیا گیا تھا کچھ شک نہیں کہ یہ جھوٹے ہیں۔

اب ان سب مرنے والوں کے پیچھے دوبارہ زندہ ہونے تک ایک حجاب حائل ہے جس میں وہ مبتلائے عذاب ہوں گے جو قیامت تک جاری رہے گا، جیسے فرمایا

مِنْ وَرَائِهِمْ جَهَنَّمُ ... ۱۰ (۳)

ترجمہ: ان کے آگے جہنم ہے۔

... وَمِنْ وَرَائِهِ عَذَابٌ غَلِيظٌ ۱۷ (۴)

ترجمہ: اور آگے ایک سخت عذاب اس کی جان کو لاگو رہے گا۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قُبِرَ الْمَيِّتُ، أَوْ قَالَ: أَحَدُكُمْ، أَتَاهُ مَلَكَانِ أَسْوَدَانِ أَزْرَقَانِ، يُقَالُ لأَحَدِهِمَا: الْمُنْكَرُ، وَلِلآخَرِ: النَّكِيرُ، فَيَقُولاَنِ: مَا كُنْتَ تَقُولُ فِي هَذَا الرَّجُلِ؟ فَيَقُولُ: مَا كَانَ يَقُولُ: هُوَ عَبْدُ اللهِ وَرَسُولُهُ، أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، فَيَقُولاَنِ: قَدْ كُنَّا نَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُولُ هَذَا، ثُمَّ يُفْسَحُ لَهُ فِي قَبْرِهِ سَبْعُونَ ذِرَاعًا فِي سَبْعِينَ، ثُمَّ يُنَوَّرُ لَهُ فِيهِ، ثُمَّ يُقَالُ لَهُ، نَمْ، فَيَقُولُ: أَرْجِعُ إِلَى أَهْلِي فَأُخْبِرُهُمْ، فَيَقُولاَنِ: نَمْ كَنَوْمَةِ العَرُوسِ الَّذِي لاَ يُوقِظُهُ إِلاَّ أَحَبُّ أَهْلِهِ إِلَيْهِ، حَتَّى يَبْعَثَهُ اللَّهُ مِنْ مَضْجَعِهِ ذَلِكَ، وَإِنْ كَانَ مُنَافِقًا قَالَ: سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُولُونَ، فَقُلْتُ مِثْلَهُ، لاَ أَدْرِي، فَيَقُولاَنِ: قَدْ كُنَّا نَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُولُ ذَلِكَ، فَيُقَالُ لِلأَرْضِ: التَئِمِي عَلَيْهِ، فَتَلْتَئِمُ عَلَيْهِ، فَتَخْتَلِفُ فِيهَا أَضْلاَعُهُ، فَلاَ يَزَالُ فِيهَا مُعَذَّبًا حَتَّى يَبْعَثَهُ اللَّهُ مِنْ مَضْجَعِهِ ذَلِكَ.

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کسی میت یا فرمایا تم میں سے کسی ایک کو قبر میں رکھ دیا جاتا ہے تو اس کے پاس

(۱) فاطر ۳۷

(۲) الانعام ۲۸

(۳) الجاثیۃ ۱۰

(۴) ابراہیم ۱۷

سیاہ رنگ کے نیلی آنکھوں والے دو فرشتے آتے ہیں ایک کو منکر دوسرے کو نکیر کہا جاتا ہے وہ دونوں اس میت سے پوچھتے ہیں تو اس شخص (یعنی نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم) کے بارے میں کیا کہتا ہے، وہ شخص وہی جواب دیتا ہے جو دنیا میں کہتا تھا کہ وہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد اللہ کے بندے اور رسول ہیں، پھر وہ فرشتے کہیں گے کہ ہم جانتے تھے تو یہی جواب دے گا، پھر اس کی قبر ستر گز وسیع کر دی جاتی ہے اور پھر اسے منور کر دیا جاتا ہے، پھر اسے کہا جاتا ہے کہ سوجا، وہ کہتا ہے میں اپنے گھر والوں کے پاس جا کر ان کو بتادوں (کہ قبر میں منکر نکیر کے سوالات حق ہیں اور یہ کہ میں امتحان میں پاس ہو گیا ہوں) وہ کہتے ہیں دلہن کی طرح سوجا جسے اس کے محبوب ترین شخص کے علاوہ کوئی نہیں جگاتا حتی کہ اللہ اسے قیامت کے دن اس کی خواب گاہ سے اٹھائے گا، اور اگر وہ منافق ہو تو یہ جواب دے گا میں لوگوں سے کچھ سنا کرتا تھا اور اسی طرح کہا کرتا تھا مجھے نہیں معلوم، فرشتے کہیں گے ہمیں معلوم تھا کہ تو یہی جواب دے گا، رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا پھر زمین کو حکم ہوتا ہے کہ اس کو دبوچ لے چنانچہ وہ اس کو دبوچ لیتی ہے جس سے اس کی ادھر کی پسلیاں ادھر ہو جاتی ہیں اور وہ ہمیشہ عذاب میں رہتا ہے جب تک اللہ اس کو اس پڑے رہنے کی جگہ سے اٹھائے۔ [1]

فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَلَاۤ اَنْسَابَ بَیْنَهُمْ یَوْمَىٕذٍ وَّ لَا یَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ فَمَنْ ثَقُلَتْ

پس جب صور پھونک دیا جائے گا اس دن نہ تو آپس کے رشتے ہی رہیں گے، نہ آپس کی پوچھ گچھ، جن کی ترازو

مَوَازِیْنُهٗ فَاُولٰٓىٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَ مَنْ خَفَّتْ مَوَازِیْنُهٗ فَاُولٰٓىٕكَ

کا پلہ بھاری ہوگیا وہ تو نجات والے ہوگئے، اور جن کے ترازو کا پلہ ہلکا ہوگیا یہ ہیں

الَّذِیْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فِیْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ

وہ جنہوں نے اپنا نقصان آپ کرلیا، جو ہمیشہ جہنم واصل ہوئے، ان کے چہروں کو آگ جھلستی رہے گی

وَ هُمْ فِیْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ (المومنون ۱۰۱ تا ۱۰۴)

اور وہ وہاں بدشکل بنے ہوئے ہوں گے۔

پھر جب ایک وقت مقررہ پر اللہ تعالیٰ کے حکم پر اسرافیل عَلَیْہِ السَّلَام صور میں پھونک دیں گے تو کائنات کا تمام نظام تہہ وبالا ہو جائے گا، اور پھر انسانوں کے درمیان بھی کوئی رشتہ نہ رہے گا، محشر کی ہولناکیوں اور دل دہلا دینے والے مناظر کی وجہ سے کسی کو کسی کا ہوش نہ ہو گا نہ تو باپ کو اولاد پر شفقت ہو گی نہ اولاد باپ کا غم کھائے گی، جیسے فرمایا:

یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِیْهِ ﴿۳۴﴾ وَ اُمِّهٖ وَ اَبِیْهِ ﴿۳۵﴾ وَ صَاحِبَتِهٖ وَ بَنِیْهِ ﴿۳۶﴾ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ یَوْمَىٕذٍ شَاْنٌ یُّغْنِیْهِ ﴿۳۷﴾ [2]

---

[1] جامع ترمذی کتاب الجنائز: بَابُ مَا جَاءَ فِي عَذَابِ القَبْرِ ۱۰۷۱، مسند البزار ۸۴۶۲، صحیح ابن حبان ۳۱۱۷

[2] عبس ۳۴ تا ۳۷

ترجمہ:وہ دن کہ آدمی اپنے بھائی اور ماں اور باپ اور بیوی اور اولاد سے بھاگے گا اس روز ہر شخص اپنے حال میں ایسا مبتلا ہوگا کہ اسے کسی کا ہوش نہ رہے گا۔

اور نہ ہی کوئی دوست اپنے جگری دوست کو پوچھے گا، جیسے فرمایا:

وَلَا يَسْـَٔلُ حَمِيمٌ حَمِيمًا ۝١٠ [١]

ترجمہ: کوئی جگری دوست اپنے دوست کو نہ پوچھے گا۔

ایک نفسانفسی کا عالم ہوگا اور ہر شخص کو صرف اپنی نجات کی فکر ہوگی، جیسے فرمایا:

يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيْهِ ۝١١ وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيْهِ ۝١٢ وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُـْٔوِيْهِ ۝١٣ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ ثُمَّ يُنْجِيْهِ ۝١٤ [٢]

ترجمہ:اس روز مجرم کا جی چاہے گا کہ اپنی اولاد اور بیوی اور بھائی اور اپنی حمایت کرنے والے قریب ترین کنبے اور دنیا بھر کے سب لوگوں کو فدیے میں دے دے اور اپنے آپ کو عذاب سے بچالے۔

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ جَمَعَ اللَّهُ الْأَوَّلِينَ وَالْآخَرِينَ ثُمَّ نَادَى مُنَادٍ أَلَا مَنْ كَانَ يَطْلُبُ مظلمة فليجئ إِلَى حَقِّهِ فَلْيَأْخُذْهُ، فَيَفْرَحُ الْمَرْءُ أَنْ يَكُونُ لَهُ الْحَقُّ عَلَى وَالِدِهِ أَوْ وَلَدِهِ أَوْ زَوْجَتِهِ أَوْ أَخِيهِ، فَيَأْخُذُ مِنْهُ وَإِنْ كَانَ صَغِيرًا، وَمِصْدَاقُ ذَلِكَ فِي كِتَابِ اللَّهِ تَعَالَى: فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ فَلَا أَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَلَا يَتَسَاءَلُونَ [٣]

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں قیامت کے دن اللہ تعالیٰ پہلے اور پچھلے تمام لوگوں کو جمع کرے گا اور پھر ایک منادی کرنے والا یہ اعلان کرے گا لوگو! جس پر ظلم ہوا ہو وہ آئے اور اپنا حق وصول کر لے تو اس وقت ہر شخص خوش ہوگا کہ اس کے والد یا بیٹے یا بیوی پر حق ہے خواہ وہ حق کتنا چھوٹا ہی کیوں نہ ہو، اور اس کی تائید اللہ تعالیٰ کی کتاب سے اس طرح ہوتی ہے" پھر جونہی کہ صور پھونک دیا گیا ان کے درمیان پھر کوئی رشتہ نہ رہے گا اور نہ وہ ایک دوسرے کو پوچھیں گے۔" [٤]

میدان محشر میں ترازو عدل نصب کر دیا جائے گا جس میں لوگوں کے اچھے برے اعمال تولے جائیں گے، جیسے فرمایا

وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ۭ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ۭ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ۝٤٧ [٥]

[١] المعارج۱۰

[٢] المعارج۱۱تا۱۴

[٣] [المؤمنون : ۱۰۱

[٤] تفسير البغوى ۶۲۴/۱، تفسير طبرى ۳۶۳/۸

[٥] الانبیاء۴۷

ترجمہ:اور قیامت کے دن ہم انصاف کی ترازو میں قائم کریں گے پھر کسی پر کچھ بھی ظلم نہ کیا جائے گا اور اگر رائی کے دانہ کے برابر بھی کسی کا عمل ہو گا تو اس کو بھی ہم لا موجود کریں گے اور ہم حساب لینے کے لیے ہم کافی ہیں۔

اس وقت جن خوش نصیبوں کا نیکیوں کا پلڑا برائیوں کے پلڑے سے بھاری ہو گا وہی جہنم سے نجات اور لازوال نعمتوں سے بھرپور جنتوں میں داخل ہونے کی سعادت پائیں گے اور جن کا برائیوں کا پلڑا نیکیوں کے پلڑے سے بھاری ہو گا یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو گھاٹے میں ڈالا جس کی تلافی ممکن ہی نہیں ایسے لوگ عذاب جہنم میں مبتلا رہیں گے، جیسے فرمایا:

وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ﴿۹﴾ [۱]

ترجمہ:اور وزن اس روز عین حق ہو گا جن کے پلڑے بھاری ہوں گے وہی فلاح پائیں گے، اور جن کے پلڑے ہلکے ہوں گے وہی اپنے آپ کو خسارے میں مبتلا کرنے والے ہوں گے کیونکہ وہ ہماری آیات کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کرتے رہے تھے۔

وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ﴿۸﴾ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ﴿۹﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ﴿۱۰﴾ نَارٌ حَامِيَةٌ ﴿۱۱﴾ [۲]

ترجمہ:اور جس کے پلڑے ہلکے ہوں گے اس کی جائے قرار گہری کھائی ہو گی، اور تمہیں کیا خبر کہ وہ کیا چیز ہے؟ وہ ایک بڑی ہی ہولناک دہکتی (بھڑکتی) آگ ہو گی۔

آگ ان کے جسموں کی کھالوں سمیت ان کے چہروں (جو انسان کا اہم اور اشرف حصہ ہے) کی کھال چاٹ جائے گی، جیسے فرمایا:

...وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ﴿۵۰﴾ [۳]

ترجمہ:اور آگ کے شعلے ان کے چہروں پر چھائے جا رہے ہوں گے۔

لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ... ﴿۳۹﴾ [۴]

ترجمہ: کاش ان کافروں کو اس وقت کا کچھ علم ہوتا جب کہ یہ نہ اپنے منہ آگ سے بچا سکیں گے نہ اپنی پیٹھیں۔

اور ان کے جبڑے باہر نکل آئیں گے اور وہ ایک ڈراؤنی شکل وصورت والے انسان بن کر رہ جائیں گے۔

اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوْا رَبَّنَا

کیا میری آیتیں تمہارے سامنے تلاوت نہیں کی جاتی تھیں؟ پھر بھی تم انھیں جھٹلاتے تھے، کہیں گے کہ اے پروردگار

---

[۱] الاعراف ۸،۹

[۲] القارعۃ ۸ تا ۱۱

[۳] ابراہیم ۵۰

[۴] الانبیاء ۳۹

غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَ كُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا

! ہماری بدبختی ہم پر غالب آ گئی (واقعی) ہم تھے ہی گمراہ، اے پروردگار! ہمیں یہاں سے نجات دے اگر اب بھی

فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قَالَ اخْسَئُوْا فِيْهَا وَ لَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ اِنَّهٗ كَانَ

ہم ایسا ہی کریں تو بیشک ہم ظالم ہیں، اللہ تعالیٰ فرمائے گا پھٹکارے ہوئے یہیں پڑے رہو اور مجھ سے کلام نہ کرو میرے

فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَ ارْحَمْنَا

بندوں کی ایک جماعت تھی جو برابر یہی کہتی رہی کہ اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لا چکے ہیں تو ہمیں بخش اور ہم پر رحم فرما

وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ

تو سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے، (لیکن) تم انھیں مذاق ہی اڑاتے رہے یہاں تک کہ (اس مشغلے نے) تم کو

ذِكْرِيْ وَ كُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا

میری یاد (بھی) بھلادی اور تم ان سے مذاق کرتے رہے، میں نے آج انھیں ان کے اس صبر کا بدلہ دے دیا ہے ک

اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ (المومنون ۱۰۵تا۱۱۱)

ہ وہ خاطر خواہ اپنی مراد کو پہنچ چکے ہیں۔

اللہ تعالیٰ مجرمین سے فرمائے گا میں نے اتمام حجت کے لئے تمہاری طرف رسول بھیجے تھے، جنہوں نے وعظ ونصیحت کا حق ادا کر دیا تھا، تمہاری ہدایت وہنمائی کے لئے ان پر کتابیں نازل کی تھیں، تمہیں سوچنے سمجھنے کے لئے وقت دیا تھا مگر تم اپنی گمراہی میں اس قدر غرق تھے کہ جب میری آیات تمہیں سنائی جاتی تھیں تو ان پر غور وفکر اور تدبر کرنے کے بجائے ظلم وعناد کی وجہ سے انہیں جھٹلاتے تھے؟ مجرمین اپنے جرائم کا اعتراف کرتے ہوئے کہیں گے اے ہمارے رب! دنیاوی لذات اور شہوات ہم پر غالب آ گئی، ہم واقعی گمراہ لوگ تھے، پروردگار! اب ہمیں عذاب جہنم سے نکال دے پھر ہم ایسا قصور کریں تو ظالم ہوں گے، جیسے فرمایا:

قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۱۱﴾ ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗٓ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ۭ فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ﴿۱۲﴾ [1]

ترجمہ: وہ کہیں گے اے ہمارے رب! تو نے واقعی دو دفعہ موت اور دو دفعہ زندگی دے دی اب ہم اپنے قصوروں کا اعتراف کرتے ہیں کیا اب یہاں سے نکلنے کی بھی کوئی سبیل ہے؟ (جواب ملے گا) یہ حالت جس میں تم مبتلا ہو، اس وجہ سے ہے کہ جب اکیلے اللہ کی طرف بلایا جاتا تھا تو تم ماننے سے انکار کر دیتے تھے اور جب اس کے ساتھ دوسروں کو ملایا جاتا تو تم مان لیتے تھے اب فیصلہ اللہ بزرگ وبرتر کے ہاتھ ہے۔

[1] المومن ۱۲،۱۱

وَقَالُوۡا لَوۡ كُنَّا نَسۡمَعُ اَوۡ نَعۡقِلُ مَا كُنَّا فِيۡۤ اَصۡحٰبِ السَّعِيۡرِ ۝۱۰ (۱)

ترجمہ: اور وہ کہیں گے کاش! ہم سنتے یا سمجھتے تو آج اس بھڑکتی ہوئی آگ کے سزاواروں میں شامل نہ ہوتے۔

اللہ تعالیٰ جواب دے گا میری رحمت سے دور ہو کر اسی طرح ذلیل وخوار ہو کر جہنم میں پڑے رہو اور اپنی رہائی کے لئے معذرتیں پیش مت کرو، تم وہی غرور وتکبر کے مارے ہوئے لوگ تو ہو کہ جب میرے کچھ بندے ہماری بارگاہ میں رحمت ومغفرت کی التجا کرتے تھے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم تجھ پر، تیرے تمام رسولوں پر، تیری تمام نازل کردہ کتابوں پر، ان گنت فرشتوں پر، اچھی بری تقدیر پر، حیات بعد الموت پر اور جنت وجہنم پر ایمان لائے پس ہمارے گناہوں اور تقصیروں کو معاف کر دے، وغفور ورحیم ہے، ہم پر رحم فرما تو سب سے بہتر رحیم کرنے والا ہے تو تم انہیں استہزاو ملامت کا نشانہ بنا لیتے تھے، جیسے فرمایا

اِنَّ الَّذِيۡنَ اَجۡرَمُوۡا كَانُوۡا مِنَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا يَضۡحَكُوۡنَ ۝۲۹ وَاِذَا مَرُّوۡا بِهِمۡ يَتَغَامَزُوۡنَ ۝۳۰ وَاِذَا انۡقَلَبُوۡۤا اِلٰۤى اَهۡلِهِمُ انۡقَلَبُوۡا فَكِهِيۡنَ ۝۳۱ وَاِذَا رَاَوۡهُمۡ قَالُوۡۤا اِنَّ هٰٓؤُلَاۤءِ لَضَآلُّوۡنَ ۝۳۲ (۲)

ترجمہ: مجرم لوگ دنیا میں ایمان لانے والوں کا مذاق اڑاتے تھے، جب ان کے پاس سے گزرتے تو آنکھیں مار مار کر ان کی طرف اشارے کرتے تھے، اپنے گھر والوں کی طرف پلٹتے تو مزے لیتے ہوئے پلٹتے تھے اور جب انہیں دیکھتے تو کہتے تھے کہ یہ بہکے ہوئے لوگ ہیں۔

یہاں تک کہ ان کی ضد وبغض نے تمہیں میری یاد ہی بھلا دی اور تم ان سے مذاق کرتے رہے، آج ان کے حق کی خاطر اذیتوں پر صبر، اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت اور اعمال صالحہ کا میں نے یہ پھل دیا ہے کہ وہی کامیاب ہیں اور جنت کی انواع واقسام کی لازوال نعمتوں سے فیض یاب ہو رہے ہیں اور تمہاری حالت زار پر ہنس رہے ہیں، جیسے فرمایا:

فَالۡيَوۡمَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا مِنَ الۡكُفَّارِ يَضۡحَكُوۡنَ ۝۳۴ (۳)

ترجمہ: آج ایمان لانے والے کفار پر ہنس رہے ہیں۔

قٰلَ كَمۡ لَبِثۡتُمۡ فِى الۡاَرۡضِ عَدَدَ سِنِيۡنَ ۝۱۱۲ قَالُوۡا لَبِثۡنَا يَوۡمًا اَوۡ بَعۡضَ يَوۡمٍ

اللہ تعالیٰ دریافت فرمائے گا کہ زمین میں باعتبار برسوں کی گنتی کے کس قدر رہے؟ وہ کہیں گے ایک دن یا ایک دن سے بھی کم،

فَسۡـئَلِ الۡعَآدِّيۡنَ ۝۱۱۳ قٰلَ اِنۡ لَّبِثۡتُمۡ اِلَّا قَلِيۡلًا لَّوۡ اَنَّكُمۡ كُنۡتُمۡ

گنتی گننے والوں سے بھی پوچھ لیجئے، اللہ تعالیٰ فرمائے گا فی الواقع تم وہاں بہت ہی کم رہے ہو اے کاش! تم اسے پہلے ہی

(۱) الملک ۱۰

(۲) المطففین ۲۹ تا ۳۲

(۳) المطففین ۳۴

تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا

جان لیتے ؟ کیا تم یہ گمان کئے ہوئے ہو کہ ہم نے تمہیں یونہی بیکار پیدا کیا ہے اور یہ کہ تم ہماری طرف

لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ (المومنون ۱۱۲تا۱۱۵)

لوٹائے ہی نہ جاؤ گے۔

مختصر زندگی طویل گناہ:

پھر اللہ تعالیٰ ان سے پوچھے گا بتاؤ زمین میں تم کتنے سال زندہ رہے اور ہماری ان گنت نعمتوں سے فیض یاب ہوتے رہے؟ قیامت کی ہولناکیاں ان کے ذہنوں سے دنیا کی عیش وعشرت کو محو کر چکے ہوں گے اور دنیا کی زندگی انہیں ایسے لگے گی جیسے دن یا آدھا دن، اس لئے جواب دیں گے ہم تو ایک دن یا اس سے بھی کم وقت دنیا میں رہے ہیں بیشک آپ حساب جاننے والوں سے پوچھ لیں، باری تعالیٰ ارشاد فرمائے گا آخرت کی دائمی زندگی کے مقابلے میں یقیناً دنیا کی زندگی بہت ہی قلیل ہے لیکن اس نکتے کو دنیا میں تم نے نہیں جانا، تم حیات بعد الموت کو محض من گھڑت افسانہ سمجھتے رہے، تم سمجھتے تھے کہ بس اسی دنیا میں جینا ہے اور اسی میں مرنا ہے کوئی قیامت نہیں کوئی جزا وسزا نہیں، کاش! تم دنیا میں اس حقیقت سے دنیا کی بے ثباتی سے آگاہ ہو جاتے تو آج تم بھی اہل ایمان کی طرح کامیاب وکامران ہوتے،

ثنا صَفْوَانُ،قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِنَّ اللَّهَ لَمَّا أَدْخَلَ أَهْلَ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، وَأَهْلَ النَّارِ النَّارَ، وَقَالَ:يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ، كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْأَرْضِ عَدَدَ سِنِينَ ؟، {قَالُوا:لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ} [1]، قَالَ:لَنِعْمَ مَا اتَّجَرْتُمْ فِي يَوْمٍ أَوْ بَعْضِ يَوْمٍ، رَحْمَتِي وَرِضْوَانِي وَجَنَّتِي، امْكُثُوا فِيهَا خَالِدِينَ ، ثُمَّ يَقُولُ:يَا أَهْلَ النَّارِ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْأَرْضِ عَدَدَ سِنِينَ؟ قَالُوا: لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ، فَيَقُولُ:بِئْسَ مَا اتَّجَرْتُمْ فِي يَوْمٍ أَوْ بَعْضِ يَوْمٍ، نَارِي وَسُخْطِي، امْكُثُوا فِيهَا خَالِدِينَ مُخَلَّدِينَ

صفوان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ جب اہل جنت کو جنت میں اور اہل دوزخ کو دوزخ میں داخل کر دے گا تو وہ فرمائے گا اے اہل جنت! تم زمین میں کتنے برس رہے؟ وہ جواب دیں گے ہم وہاں ایک روز یا ایک روز سے بھی کم رہے، اللہ تعالیٰ فرمائے گا وہ بہت اچھی تجارت ہے جو تم نے ایک روز یا ایک روز سے بھی کم عرصے میں کی تھی اور اس طرح تم نے میری رحمت، میری خوشنودی اور میری جنت کو حاصل کر لیا لہذا اب تم ہمیشہ کے لیے جنت میں رہو گے، پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے دوزخیو! تم زمین میں کتنے برس رہے تھے؟'' وہ بھی یہی جواب دیں گے کہ ہم ایک روز یا ایک روز سے بھی کم عرصے رہے تھے۔'' اللہ تعالیٰ فرمائے گا وہ بہت بری تجارت ہے جو تم نے ایک روز یا ایک روز سے بھی کم مدت میں کی تھی اور اس طرح تم نے میری دوزخ اور میری ناراضی کو حاصل کر لیا لہذا اب تم

---

[1] [الکہف : ۱۹

ہمیشہ ہمیشہ کے لیے دوزخ ہی میں رہو گے۔ [۱]

خط کشیدہ الفاظ اسد الغابہ میں ہیں۔

کیا تم نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ ہم نے تمہیں یونہی بطور تفریح بنا کر دنیا میں پھیلا دیا تھا کہ تم جانوروں کی طرح کھاؤ پیو اور آنکھیں بند کر کے سو جاؤ، جیسے فرمایا

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا لٰعِبِیْنَ ﴿۱۶﴾ [۲]

ترجمہ: ہم نے اس آسمان اور زمین کو اور جو کچھ بھی ان میں ہے کچھ کھیل کے طور پر نہیں بنایا ہے۔

اللہ کی زمین میں اکڑ کر چلو، دنیا کی لذتوں سے متمتع ہوتے رہو، تمہاری تخلیق کی کوئی غرض و غایت نہیں ہے اور تمہیں اپنے اعمال کی جوابدہی کے لئے ہماری بارگاہ میں حاضر نہیں ہونا، جیسے فرمایا

اَیَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ یُّتْرَكَ سُدًی ﴿۳۶﴾ [۳]

ترجمہ: کیا انسان نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ وہ یونہی مہمل چھوڑ دیا جائے گا۔

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَ مَنْ

اللہ تعالیٰ سچا بادشاہ ہے وہ بڑی بلندی والا ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی بزرگ عرش کا مالک ہے، جو شخص

یَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ ا

اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو پکارے جس کی کوئی دلیل اس کے پاس نہیں، پس اس کا حساب تو اس کے رب کے اوپر

نَّهٗ لَا یُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَ قُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَ ارْحَمْ وَ اَنْتَ

ہی ہے، بیشک کافر لوگ نجات سے محروم ہیں، اور کہو کہ اے میرے رب! تو بخش اور رحم کر اور تو

خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۱۱۸﴾ (المومنون ۱۱۶تا۱۱۸)

سب مہربانوں سے بہتر مہربانی کرنے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ اس فعل عبث سے بہت بالا و برتر ہے کہ وہ انسان جیسی باشعور مخلوق کو بغیر کسی مقصد کے یوں ہی ایک کھیل کے طور پر بے کار پیدا کر دے اور وہ جو چاہے کرتا پھرے اور اس کی کوئی باز پرس ہی نہ ہو، اللہ بالا و برتر ہے اس سے کہ اس کی مخلوق اس کی خدائی میں

---

[۱] تفسیرابن ابی حاتم۲۵۱۱/۸، أسد الغابة۱۸۷/۱

[۲] الانبیاء۱۶

[۳] القیامة۳۶

اس کے ساتھ شریک ہو، وہ عرش عظیم کا مالک ہے جہاں سے رحمتوں اور برکتوں کا نزول ہوتا ہے، اور جو کوئی اللہ کے ساتھ کسی اور خود ساختہ معبود کو پکارے جس کے لئے اس کے پاس اپنے اس فعل کے حق میں کوئی دلیل نہیں، وہ اللہ کے محاسبے اور باز پرس سے بچ نہیں سکے گا، حق کی تکذیب اور دنیاوی مال واسباب کی کثرت پر تکبر اور دنیا کی رنگینیوں میں گم ہوجانے والے کافر نجات جہنم سے محروم رہیں گے، پہلے اہل ایمان کی یہ دعا گزر چکی ہے اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لائے، ہمیں معاف کر دے، ہم پر رحم کر تو سب رحیموں سے اچھا رحیم ہے، جن کا کفار مذاق اڑاتے تھے اور بالآخر داخل جہنم ہوئے، اب وہی دعا پھر فرمائی کہ اے نبی! دین کو اپنے رب کے لئے خالص کر کے رحمت ومغفرت کی دعا کرو کہ میرے رب درگزر فرما اور رحم کر تو سب رحیموں سے اچھا رحیم ہے، اگر یہ لوگ بھی تمہارا مذاق اڑاتے ہیں تو ان کا انجام بھی ان لوگوں سے مختلف نہیں ہوگا۔

مضامین سورۃ الفرقان:

اہل مکہ کبھی قرآن مجید کو گزشتہ اقوام کے قصے اور کہانیاں قرار دیتے تھے، کبھی اسے رسول اللہ ﷺ کا افتراء اور ایسی تخلیق کہتے تھے جس میں اہل کتاب نے آپ کے ساتھ تعاون کیا تھا اور کبھی اسے واضح جادو قرار دیتے تھے، چنانچہ سورہ کے آغاز میں قرآن مجید اور رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات پر جو مختلف اعتراضات کیے جاتے تھے ان میں سے ایک ایک کا جچا تلا جواب دیا گیا ہے، اور ساتھ ہی اہل مکہ کو تنبیہ کی گئی کہ سابقہ قوم عاد، ثمود، اصحاب الرس، قوم موسیٰ، قوم نوح اور بنی اسرائیل کے واقعات سے عبرت حاصل کریں کہ دعوت حقہ کی تکذیب کی پاداش میں ان پر کیسا دردناک عذاب نازل ہوا، حشر کی منظر کشی کی گئی کہ مشرکین کے معبودوں کو گھیر کر لایا جائے گا اور ان سے پوچھا جائے گا کہ کیا تم نے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا تھا یا یہ خود راہ راست سے بھٹک گئے تھے؟ ان کے معبود انہیں جھٹلا دیں گے، اس وقت یہ مکذبین حسرت وافسوس کے ساتھ اپنے ہاتھ چبائیں گے اور کہیں گے کاش! میں نے رسول کا ساتھ دیا ہوتا، ہائے میری کم بختی! کاش میں نے فلاں شخص کو دوست نہ بنایا ہوتا اس کے بہکائے میں آ کر میں نے وہ نصیحت نہ مانی جو میرے پاس آئی تھی، شیطان انسان کے حق میں بڑا ہی بے وفا نکلا، اور جب وہ دست وپا بستہ جہنم کی بھڑکتی ہوئی آگ میں ایک تنگ جگہ ٹھونسے جائیں گے تو المناک عذاب سے گھبرا کر اپنی موت کو پکارنے لگیں گے مگر موت نہیں آئے گی اور ان سے کہا جائے گا آج ایک موت نہیں بہت سی موتوں کو پکارو، کامل مومن کے تیرہ اوصاف واخلاق بیان کیے گئے، اور ایمان، اعمال صالح، رب کے حضور توبہ، نیکی وبھلائی، آداب تلاوت قرآن اور اللہ کی اطاعت کا حکم دیا گیا اور اس کے مقابلے میں ظلم، کفروشرک اور جہالت سے گریز کی تلقین فرمائی گئی۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

تَبٰرَكَ الَّذِىۡ نَزَّلَ الۡفُرۡقَانَ عَلٰى عَبۡدِهٖ لِيَكُوۡنَ لِلۡعٰلَمِيۡنَ نَذِيۡرَا ۙ‏ ﴿۱﴾

بہت بابرکت ہے وہ اللہ تعالیٰ جس نے اپنے بندے پر فرقان اتارا تا کہ وہ تمام لوگوں کے لیے آگاہ کرنے والا بن جائے،

ﮣ الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّ لَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَ

اس اللہ کی سلطنت ہے آسمانوں اور زمین کی، اور وہ کوئی اولاد نہیں رکھتا، نہ اس کی سلطنت میں کوئی ساتھی ہے، اور ہر چیز کو

خَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِیْرًا ۝۲ وَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً لَّا یَخْلُقُوْنَ شَیْـًٔا وَّ هُمْ

اس نے پیدا کر کے ایک مناسب انداز ٹھہرایا ہے، ان لوگوں نے اللہ کے سوا جنہیں اپنے معبود ٹھہرا رکھے ہیں وہ کسی چیز

یُخْلَقُوْنَ وَ لَا یَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّ لَا نَفْعًا وَّ لَا یَمْلِكُوْنَ مَوْتًا

کو پیدا نہیں کر سکتے بلکہ وہ خود پیدا کئے جاتے ہیں، یہ تو اپنی جان کے نقصان کا بھی اختیار نہیں رکھتے، اور نہ موت و حیات

وَّ لَا حَیٰوةً وَّ لَا نُشُوْرًا ۝۳ (الفرقان ۱ تا ۳)

کے، اور نہ دوبارہ جی اٹھنے کے وہ مالک ہیں۔''

مقصد قرآن:

اللہ تعالیٰ نے رسالت اور نبوت کا ذکر فرمایا نہایت بزرگ و باعظمت، مقدس و منزہ، کمال قدرت کے لحاظ سے بلند و برتر ہے اللہ جس نے یہ حق و باطل، ہدایت و گمراہی، توحید و شرک اور عدل و ظلم کے درمیان فرق کرنے والا اپنا آخری کلام قرآن مجید اپنے مخلص بندے محمد مصطفی ﷺ پر تھوڑا تھوڑا کر کے نازل فرمایا، جیسے فرمایا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَ لَمْ یَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۝۱ قَیِّمًا لِّیُنْذِرَ بَاْسًا شَدِیْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَ یُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِیْنَ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۝۲ [1]

ترجمہ: تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے اپنے بندے پر یہ کتاب نازل کی اور اس میں کوئی ٹیڑھ نہ رکھی، ٹھیک ٹھیک سیدھی بات کہنے والی کتاب تا کہ وہ لوگوں کو خدا کے سخت عذاب سے خبردار کر دے، اور ایمان لا کر نیک عمل کرنے والوں کو خوشخبری دیدے کہ ان کے لیے اچھا اجر ہے۔

جس کی صفت یہ ہے کہ اس میں جھوٹ کہیں سے بھی داخل نہیں ہو سکتا، جیسے فرمایا:

لَّا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَ لَا مِنْ خَلْفِهٖ تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَكِیْمٍ حَمِیْدٍ ۝۴۲ [2]

ترجمہ: باطل نہ سامنے سے اس پر آ سکتا ہے نہ پیچھے سے، یہ ایک حکیم و حمید کی نازل کردہ چیز ہے۔

تا کہ سارے جہان والے انسانوں اور جنوں کے لئے غفلت اور گمراہی کے برے نتائج سے ڈرانے والا ہو، جیسے فرمایا

قُلْ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ جَمِیْعًا ... ۝۱۵۸ [3]

[1] الکہف ۲

[2] حم السجدۃ ۴۲

[3] الاعراف ۱۵۸

ترجمہ: اے محمد کہو! اے انسانوں میں تم سب کی طرف اللہ کا پیغمبر ہوں۔

۔۔۔وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ۔۔۔ ﴿۱۹﴾ [۱]

ترجمہ: میری طرف یہ قرآن بھیجا گیا ہے تا کہ اس کے ذریعہ سے میں تم کو خبردار کروں اور جس جس کو بھی یہ پہنچے۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَاۗفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۔۔۔ ﴿۲۸﴾ [۲]

ترجمہ: ہم نے تم کو سارے ہی انسانوں کے لئے بشارت دینے والا اور خبردار کرنے والا بنا کر بھیجا ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ [۳]

ترجمہ: ہم نے تم کو تمام دنیا والوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

أَخْبَرَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:أُعْطِيتُ خَمْسًا لَمْ يُعْطَهُنَّ أَحَدٌ قَبْلِي: نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِيرَةَ شَهْرٍ، وَجُعِلَتْ لِي الأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُورًا، فَأَيُّمَا رَجُلٍ مِنْ أُمَّتِي أَدْرَكَتْهُ الصَّلاَةُ فَلْيُصَلِّ، وَأُحِلَّتْ لِي المَغَانِمُ وَلَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِي، وَأُعْطِيتُ الشَّفَاعَةَ، وَكَانَ النَّبِيُّ يُبْعَثُ إِلَى قَوْمِهِ خَاصَّةً وَبُعِثْتُ إِلَى النَّاسِ عَامَّةً

جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا مجھے پانچ چیزیں ایسی دی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی کو نہ دی گئی تھیں میری ایک مہینہ کی مسافت سے رعب کے ذریعہ مدد دی گئی، اور زمین میرے لیے مسجد اور پاک بنادی گئی لہذا میری امت میں جس شخص پر نماز کا وقت (جہاں) آجائے اسے چاہئے کہ (وہیں زمین پر) نماز پڑھ لے، اور میرے لئے مال غنیمت حلال کر دیئے گئے، حالانکہ مجھ سے پہلے کسی (نبی) کے لئے حلال نہ کئے گئے تھے اور مجھے شفاعت کی اجازت دی گئی، اور پہلے نبی کسی ایک قوم کی طرف مبعوث ہوتا تھا اور میں تمام لوگوں کی طرف نبی بنا کر بھیجا گیا ہوں۔ [۴]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَأُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً، وَخُتِمَ بِيَ النَّبِيُّونَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک روایت میں ہے میں ساری خلقت کی طرف بھیجا گیا ہوں اور میری آمد پر انبیاء ختم کر دیے گئے۔ [۵]

اللہ کی وحدانیت پر آفاق کو بطور دلیل پیش کیا گیا اللہ جو زمین اور آسمانوں کی بادشاہی کا مالک اور متصرف ہے، یہود عزیر کو اور نصاریٰ عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا سمجھتے تھے، جیسے فرمایا

---

[۱] الانعام۱۹

[۲] سبا۲۸

[۳] الانبیاء۱۰۷

[۴] صحیح بخاری كِتَابُ التَّيَمُّمِ باب ۱،ح۳۳۵،صحیح مسلم كِتَابُ الْمَسَاجِدِ وَمَوَاضِعِ الصَّلَاةَ ۱۱۶۳،مسند احمد ۱۴۲۶۴،صحیح ابن حبان ۶۳۹۸،السنن الکبری للبیہقی ۱۰۱۷،مصنف ابن ابی شیبة ۳۱۶۴۲،شرح السنة للبغوی ۳۶۱۶

[۵] صحیح مسلم کتاب المساجد باب الْمَسَاجِدِ وَمَوَاضِعِ الصَّلَاةَ ۱۱۶۷

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ۔۔۔ ﴿۳۰﴾ [۱]

ترجمہ: یہودی کہتے ہیں کہ عزیر اللہ کا بیٹا ہے، اور عیسائی کہتے ہیں کہ مسیح اللہ کا بیٹا ہے۔

اور مشرکین مکہ فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں سمجھتے تھے، جیسے فرمایا

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰۗىِٕكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ﴿۲۷﴾ [۲]

ترجمہ: مگر جو لوگ آخرت کو نہیں مانتے وہ فرشتوں کو دیویوں کے ناموں سے موسوم کرتے ہیں۔

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ [۳]

ترجمہ: یہ کہتے ہیں رحمن اولاد رکھتا ہے، سبحان اللہ! وہ (یعنی فرشتے) تو بندے ہیں جنہیں عزت دی گئی ہے۔

اس کی تردید میں فرمایا وہ ہر طرح کے نقائص سے پاک اور بالا و برتر ہے کہ کوئی اس کی بیوی یا بیٹا یا بیٹی ہو، جیسے فرمایا

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝۲ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝۳ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝۴ [۴]

ترجمہ: کہو وہ اللہ ہے یکتا، اللہ سب سے بے نیاز ہے اور سب اس کے محتاج ہیں، نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد، اور کوئی اس کا ہمسر نہیں ہے۔

صنم پرست اور مشرکین بہت سے دیوی دیوتاؤں کے جبکہ مجوسی دو خداؤں خیر و شر، ظلمت و نور کے قائل تھے، ان قائلین کے رد میں فرمایا کہ کائنات میں بادشاہی صرف اللہ وحدہ لاشریک کی ہے، وہ ہی ساری کائنات کا مختار مطلق ہے، کائنات کی تخلیق، اس میں فرمانروائی و تصرف کے اختیارات میں، اس کائنات کا عظیم الشان نظام چلانے اور رزق پہنچانے میں کوئی اس کا ذرہ برابر ساجھے دار اور مدد کرنے والا نہیں ہے، اللہ وحدہ لاشریک نے اس عظیم الشان کائنات کی ہر چھوٹی بڑی چیز کو تخلیق کیا پھر اپنی حکمت و مشیت کے تحت اس کی صورت، جسامت، قوت و استعداد، اوصاف و خصائص، کام اور کام کا طریق، بقاء کی مدت، عروج و ارتقاء کی حد اور دوسری وہ تمام تفصیلات مقرر فرمائیں جو اس چیز کی ذات سے متعلق ہیں، اور پھر اسی نے عالم وجود میں وہ اسباب و وسائل اور مواقع پیدا کیے ہیں جن کی بدولت ہر چیز یہاں اپنے اپنے دائرے میں اپنے حصے کا کام کر رہی ہے، جیسے فرمایا:

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۝۱ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۝۲ وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۝۳ [۵]

ترجمہ: (اے نبی ﷺ) اپنے رب برتر کے نام کی تسبیح کرو جس نے پیدا کیا اور تناسب قائم کیا جس نے تقدیر بنائی پھر راہ دکھائی۔

---

[۱] التوبۃ ۳۰

[۲] النجم ۲۷

[۳] الانبیاء ۲۶

[۴] اخلاص ۱تا۴

[۵] الاعلیٰ ۱تا۳

...رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ۝۵۰ [1]

ترجمہ: ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کی ساخت بخشی پھر اس کو راستہ بتایا۔

مشرکین کے من گھڑت معبودوں کے عجز اور بے چارگی کا ذکر فرمایا لیکن ظالموں نے ایسے ہمہ صفات رب کو چھوڑ کر فرشتوں، جنوں، انبیاء، اولیا، سورج چاند، ستاروں، سیاروں، درختوں، جانوروں اور اپنے ہاتھ کے تراشے ہوئے لکڑی، پتھر اور سونے چاندی کے بتوں کو اپنا معبود بنالیا، جو ایک مچھر کا پر یا کھجور کی گھٹلی کے اوپر کا چھلکا تک بنا سکنے کی قدرت نہیں رکھتے، جیسے فرمایا

...وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ۝۱۳ [2]

ترجمہ: جنہیں تم اس کے سوا پکار رہے ہو وہ تو کھجور کی گھٹلی کے چھلکے کے بھی مالک نہیں۔

بلکہ اگر کوئی مکھی ان سے کچھ چھین کر لے جائے تو اس سے واپس لینے سے بھی عاجز ہیں، بلکہ خود پیدا کیے جاتے ہیں یعنی خالق نہیں بلکہ مخلوق ہیں، اور مخلوق کو کوئی قدرت و اختیار حاصل نہیں ہوتا، جیسے فرمایا

اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ۭ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَـيْـــًٔـا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ۭ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ۝۷۳ [3]

ترجمہ: جن معبودوں کو تم خدا کو چھوڑ کر پکارتے ہو وہ سب مل کر ایک مکھی بھی پیدا کرنا چاہیں تو نہیں کر سکتے بلکہ اگر مکھی ان سے کوئی چیز چھین لے جائے تو وہ اسے چھڑا بھی نہیں سکتے، مدد چاہنے والے بھی کمزور اور جن سے مدد چاہی جاتی ہے وہ بھی کمزور۔

وہ معبود ایسے ہیں جو خود اپنے لئے بھی کسی نفع یا نقصان کا اختیار نہیں رکھتے، چہ جائیکہ وہ کسی اور کے لئے کچھ کر سکنے کے اختیارات سے بہرہ ور ہوں، جیسے فرمایا

وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَكُمْ وَلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ۝۱۹۷ [4]

ترجمہ: بخلاف اس کے تم جنہیں اللہ کو چھوڑ کر پکارتے ہو وہ نہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں اور نہ خود اپنی مدد ہی کرنے کے قابل ہیں۔

وہ معبود ایسے ہیں جو اپنی موت وزیست کا اور دوبارہ جی اٹھنے کا بھی اختیار نہیں رکھتے، جیسے فرمایا

اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَاۗءٍ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ۝۲۱ [5]

ترجمہ: مردہ ہیں نہ کہ زندہ، اور ان کو کچھ معلوم نہیں ہے کہ انہیں کب دوبارہ زندہ کر کے اٹھایا جائے گا۔

پھر وہ اپنی عبادت کرنے والوں کی موت وحیات کے مالک کیسے ہوجائیں گے، ان تمام کاموں پر تو اللہ وحدہ لاشریک کو قدرت و

---

[1] طہ ۵۰

[2] فاطر ۱۳

[3] الحج ۷۳

[4] الاعراف ۱۹۷

[5] النحل ۲۱

اختیار ہے، اور وہی جب چاہے گا اپنی تمام مخلوق کو زندہ کر کے میدان محشر میں جمع کر لے گا، اور وہ معبود ایسے ہیں کہ مرے ہوئے کو پھر دوبارہ زندہ بھی نہیں کر سکتے ہیں۔

وَ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ ﹰافْتَرٰىهُ وَ اَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۚ فَقَدْ

اور کافروں نے کہا یہ تو بس خود اسی کا گھڑا گھڑایا جھوٹ ہے، جس پر اور لوگوں نے بھی اس کی مدد کی ہے، دراصل یہ کافر

جَآءُوْ ظُلْمًا وَّ زُوْرًا ۚ﴿۴﴾ وَ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ

بڑے ہی ظلم اور سر تا سر جھوٹ کے مرتکب ہوئے ہیں، اور یہ بھی کہا کہ یہ تو اگلوں کے افسانے ہیں جو اس نے لکھا رکھے ہیں،

بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا ﴿۵﴾ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ

بس وہی صبح و شام اس کے سامنے پڑھے جاتے ہیں، کہہ دیجئے کہ اسے تو اس اللہ نے اتارا ہے جو آسمان و زمین کی تمام پوشیدہ

اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۶﴾ (الفرقان ۴ تا ۶)

باتوں کو جانتا ہے، بیشک وہ بڑا ہی بخشنے والا ہے مہربان ہے۔

جن لوگوں نے دعوت حق کو ماننے سے انکار کر دیا ہے وہ پیغمبر پر بہتان تراشتے ہیں کہ یہ قرآن جو سراسر رحمت و ہدایت ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل نہیں ہوا ہے بلکہ محمد ﷺ نے اسے خود تصنیف کر لیا ہے، کفار حق سے فرار کے لئے ہمیشہ اسی طرح کی باتیں کرتے آئے ہیں، جیسے فرمایا:

قَالُوْا بَلٰى قَدْ جَآءَنَا نَذِيْرٌ ۙ فَكَذَّبْنَا وَ قُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۚۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ كَبِيْرٍ ﴿۹﴾ [1]

ترجمہ: وہ جواب دیں گے ہاں خبردار کرنے والا ہمارے پاس آیا تھا مگر ہم نے اسے جھٹلا دیا اور کہا اللہ نے کچھ بھی نازل نہیں کیا ہے تم بڑی گمراہی میں پڑے ہوئے ہو۔

اور کہتے ہیں یہود نے یا ان کے بعض موالی مثلاً ابوفکیہ، حویطب بن عبدالعزیٰ کا آزاد کردہ غلام عدس، علاء بن الحضرمی کا آزاد کردہ غلام یسار اور عامر بن ربیعہ کا آزاد کردہ غلام جبر وغیرہ نے اس کام میں اس کی مدد کی ہے، بڑی بے انصافی اور سخت جھوٹ ہے جس پر یہ لوگ نازاں ہیں، کبھی یہ یوں کہتے ہیں کہ یہ پرانے لوگوں کی لکھی ہوئی چیزیں ہیں جو اسے راتوں کو چپکے چپکے ترجمہ اور نقل کرائے جاتے ہیں اور یہ ان کے اقتباسات نکلوا نکلوا کر یاد کرتا ہے اور دن کو ہمیں سناتا ہے مگر حق سے فرار کے لئے یہ صرف الزامات ہی تھے، رسول اللہ ﷺ کا گھر اپنے چچا ابولہب کا ہم دیوار ہی تھا اگر وہ اپنے الزامات میں سچے ہوتے تو رات کو کسی وقت چھاپہ مار کر حقیقت حال لوگوں کے سامنے لے آتے، یا دن دھاڑے مکان میں گھس کر پرانی کتابیں نکال لاتے، پھر جن لوگوں کے بارے میں سکھانے پڑھانے کا دعویٰ کرتے تھے وہ محض عجمی غلام تھے اور ان کی ذہنی اڑان، تعلیم اور تجربے کو بھی اہل مکہ خوب جانتے تھے، اور ان لوگوں نے بھی یہ کبھی دعویٰ نہیں کیا کہ ہم ایسا ایسا کام کرتے

[1] الملک ۹

رہے ہیں، اس لئے تفصیلات میں جانے کے بجائے اللہ تعالیٰ نے اہل مکہ کے ان شبہات کو حقارت سے رد کر دیا اور ان کی کم عقلی پر فرمایا

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۳﴾ [۱]

ترجمہ: ہمیں معلوم ہے یہ لوگ تمہارے متعلق کہتے ہیں کہ اس شخص کو ایک آدمی سکھاتا پڑھاتا ہے حالانکہ ان کا اشارہ جس آدمی کی طرف ہے اس کی زبان عجمی ہے اور یہ صاف عربی زبان ہے۔

اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! ان سے کہو کہ اس پاکیزہ کلام کو اس نے نازل کیا ہے جو زمین اور آسمانوں کی ہر پوشیدہ بات تک جانتا ہے، جیسے فرمایا

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۹۲﴾ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿۱۹۳﴾ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿۱۹۵﴾ [۲]

ترجمہ: یہ رب العالمین کی نازل کردہ چیز ہے، اسے لے کر تیرے دل پر امانت دار روح اتری ہے تاکہ تو ان لوگوں میں شامل ہو جو (اللہ کی طرف سے اس کی مخلوق کو) متنبہ کرنے والے ہیں، صاف عربی زبان میں۔

اس لئے وہ عفو ودرگزر سے کام لیتا ہے، ورنہ رسول پر قرآن مجید کو خود تصنیف کر لینے کا الزام اتنا شدید ہے کہ جس پر وہ فوری طور پر عذاب الٰہی کی گرفت میں آسکتے ہیں، اس لئے ظالمو ابھی وقت ہے اپنے تعصّبات اور بغض وعناد سے باز آجاؤ اور دعوت حق پر ایمان لے آؤ، دین اسلام قبول کرتے ہی اللہ تعالیٰ تمہارے گناہوں کو معاف فرما دے گا۔

وَ قَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَ يَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ؕ لَوْ لَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِ

اور انہوں نے کہا کہ یہ کیسا رسول ہے کہ کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے، اس کے پاس کوئی فرشتہ کیوں نہیں

مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۙ﴿۷﴾ اَوْ يُلْقٰۤى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ

بھیجا جاتا کہ وہ بھی اس کے ساتھ ہو کر ڈرانے والا بن جاتا، یا اس کے پاس کوئی خزانہ ہی ڈال دیا جاتا، یا اس کا کوئی باغ ہی ہوتا

يَّاْكُلُ مِنْهَا ؕ وَ قَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿۸﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ

جس میں سے یہ کھاتا، اور ان ظالموں نے کہا کہ تم ایسے آدمی کے پیچھے ہو لیے ہو جس پر جادو کر دیا گیا ہے، خیال تو کیجئے کہ

ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۹﴾

یہ لوگ آپ کی نسبت کیسی کیسی باتیں بناتے ہیں، پس جس سے خود ہی بہک رہے ہیں اور کسی طرح راہ پر نہیں آسکتے،

[۱] النحل ۱۰۳

[۲] الشعرائ ۱۹۲تا۱۹۵

تَبٰرَكَ الَّذِیْۤ اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَیْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ

اللہ تعالیٰ تو ایسا بابرکت ہے کہ اگر چاہے تو آپ کو بہت سے ایسے باغات عنایت فرمادے جو ان کے کہے ہوئے باغ سے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ١ۙ وَ یَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ۝۱۰ (الفرقان ۷ تا ۱۰)

بہت ہی بہتر ہوں جس کے نیچے نہریں لہریں لے رہی ہوں، اور آپ کو بہت سے (پختہ) محل بھی دے دے۔

مشرکین کی حماقتیں:

مشرکین بشر رسول پر طعن کرتے ہوئے کہتے ہیں یہ کیسا رسول ہے جو منصب رسالت کا دعویٰ کرتا ہے مگر عام انسانوں کی طرح کھانا کھاتا ہے اور معاشی ضروریات کے لئے بازاروں میں جوتیاں چٹخاتا پھرتا ہے؟ اگر یہ رسول ہی ہوتا تو کم از کم اس کے ساتھ کوئی فرشتہ بھیجا جاتا جو اس کا معاون بنتا اور تکذیب کرنے والوں کو ڈراتا دھمکاتا؟ یا اگر یہ بھی نہیں تو اس کے لئے کوئی خزانہ ہی اتار دیا جاتا تاکہ یہ طلب رزق سے بے نیاز ہو جاتا، فرعون نے بھی موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں یہی کہا تھا

فَلَوْلَاۤ اُلْقِیَ عَلَیْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِیْنَ ۝۵۳ [1]

ترجمہ: کیوں نہ اس پر سونے کے کنگن اتارے گئے؟ یا فرشتوں کا ایک دستہ اس کی اردلی میں نہ آیا؟۔

یا اس کے پاس کوئی باغ ہی ہوتا جس سے یہ اطمینان کی روزی حاصل کرتا اور اس کی حیثیت ہم سے ممتاز ہو جاتی، اور یہ ظالم اہل ایمان کا مذاق اور استہزا کرتے ہوئے کہتے ہیں تم لوگ کسی رسول کے نہیں بلکہ ایک ایسے شخص کے اطاعت گزار ہو گئے ہو جس کی عقل وفہم سحر زدہ اور مختل ہے، جیسے فرمایا

وَیَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْۤا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ۝۳۶ [2]

ترجمہ: اور کہتے تھے کیا ہم ایک شاعر مجنون کی خاطر اپنے معبودوں کو چھوڑ دیں؟۔

ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَ قَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ۝۱۴ [3]

ترجمہ: پھر بھی انہوں نے منہ پھیرا اور کہہ دیا کہ سکھایا پڑھایا ہوا باؤلا ہے۔

الغرض پچھلی تباہ شدہ اقوام کا بھی اپنے بغض وعناد میں یہی وطیرہ تھا کہ رسولوں کو ساحر اور مجنون کہتے تھے۔

كَذٰلِكَ مَاۤ اَتَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ۝۵۲ [4]

ترجمہ: یونہی ہوتا رہا ہے، ان سے پہلے کی قوموں کے پاس بھی کوئی رسول ایسا نہیں آیا جسے انہوں نے یہ نہ کہا ہو کہ یہ ساحر ہے یا مجنون۔

---

[1] الزخرف ۵۳

[2] الصافات ۳۶

[3] الدخان ۱۴

[4] الذاریات ۵۲

اے نبی ﷺ! دیکھو تو سہی یہ کیسی مثالیں بیان کرتے ہیں حالانکہ جن میں کچھ بھی عقل وفہم ہے وہ انکا جھوٹا ہونا اچھی طرح جانتے ہیں، پس یہ گمراہ ہوگئے اور انہیں راہ راست نصیب نہیں ہوسکتی، اللہ بڑا ہی بابرکت ہے، اگر اس کی حکمت ومشیت ہو تو ان کی تجویز کردہ چیزوں سے بھی زیادہ بڑھ چڑھ کر تم کو عطا کر دینے پر قادر ہے، تمہارے رزق اور تمہاری حیثیت ممتاز کرنے کے لئے دنیا میں ایک دو نہیں بہت سے باغ عطا فرما سکتا ہے، جن کے نیچے میٹھے پانی کی نہریں بہتی ہوں اور بڑے بڑے آراستہ محل بھی عطا کر سکتا ہے، جس سے ان کی آنکھیں چکا چوند ہو جائیں مگر ان کے مطالبے تو محض تکذیب وبغض وعناد کے طور پر ہیں نہ کہ طلب ہدایت اور تلاش نجات کے لئے۔

بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ ۣ وَ اَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ۚ۝۱۱

بات یہ ہے کہ یہ لوگ قیامت کو جھوٹ سمجھتے ہیں اور قیامت کے جھٹلانے والوں کے لیے ہم نے بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے،

اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّ زَفِيْرًا ۝۱۲ وَ اِذَاۤ اُلْقُوْا مِنْهَا

جب وہ انھیں دور سے دیکھے گی تو یہ غصے سے بپھرنا اور دھاڑنا سنیں گے، اور جب یہ جہنم کی کسی تنگ جگہ میں مشکیں کس کر

مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ۝۱۳ؕ لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا

پھینک دیئے جائیں گے تو وہاں اپنے لیے موت ہی موت پکاریں گے، (ان سے کہا جائے گا) آج ایک ہی موت کو نہ پکارو

وَّ ادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ۝۱۴ قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ

بلکہ بہت سی اموات کو پکارو، آپ کہہ دیجئے کہ یہ بہتر ہے یا وہ ہمیشگی والی جنت جس کا وعدہ پرہیزگاروں سے کیا گیا ہے،

كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّ مَصِيْرًا ۝۱۵ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ؕ كَانَ عَلٰى

جو ان کا بدلہ ہے اور ان کے لوٹنے کی اصلی جگہ ہے، وہ جو چاہیں گے ان کے لیے وہاں موجود ہوگا، ہمیشہ رہنے والے، یہ تو

رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ۝۱۶ (الفرقان ۱۱تا۱۶)

آپ کے رب کے ذمے وعدہ ہے جو قابل طلب ہے۔

اصل بات یہ ہے کہ یہ لوگ روز آخرت کو جھٹلا چکے ہیں اس لئے عقیدہ واعمال کی جزاوسزا، جنت وجہنم کے بارے میں وہ سرے سے کسی غور وفکر اور تحقیق وجستجو کی ضرورت ہی محسوس نہیں کرتے، اور جو کوئی عقیدہ واعمال کی جوابدہی کے لئے اللہ کی بارگاہ میں کھڑے ہونے کو جھٹلائے اس کے لئے ہم نے جہنم کی بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے، وہ جب ان کافروں کو دور سے دیکھے گی تو غصے سے کھول اٹھے گی اور یہ اس کے غضب اور جوش کی آوازیں سن لیں گے، جیسے فرمایا

اِذَاۤ اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّ هِيَ تَفُوْرُ ۝۷ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ۝۸ [1]

[1] الملک ۷،۸

ترجمہ جب وہ اس میں پھینکے جائیں گے تو اس کے دہاڑنے کی ہولناک آوازسنیں گے اور وہ جوش کھا رہی ہو گی، شدت غضب سے پھٹی جاتی ہو گی۔

عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اللَّيْثِيِّ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: {سَمِعُوا لَهَا تَغَيُّظًا وَزَفِيرًا} إِنَّ جَهَنَّمَ تَزْفِرُ زَفْرَةً لَا يَبْقَى مَلَكٌ، وَلَا نَبِيٌّ إِلَّا خَرَّ تَرْعَدُ فَرَائِصُهُ، حَتَّى إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَيَجْثُو عَلَى رُكْبَتَيْهِ فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ إِنِّي لَا أَسْأَلُكَ الْيَوْمَ إِلَّا نَفْسِي

عبید بن عمیر لیثی آیت کریمہ ''تو یہ غصے سے بھپرنا اور دھاڑنا سنیں گے۔'' کے بارے میں فرمایا ہے دوزخ جوش غضب سے اس قدر شدت کے ساتھ چیخے چلائے گی جس سے ہر ملک مقرب اور نبی مرسل چہرے کے بل گر جائے گا اور اس کا جسم کانپ رہا ہو گا حتی کہ ابراہیم علیہ السلام جیسے جلیل القدر پیغمبر بھی گھٹنوں کے بل ہو کر عرض کریں گے اے اللہ! آج میں صرف اپنے بارے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ [۱]

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: من يَقُلْ عَلَيَّ مَا لَمْ أَقُلْ، أَوِ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ وَالِدَيْهِ، أَوِ انْتَمَى إِلَى غَيْرِ مَوَالِيهِ، فَلْيَتَبَوَّأْ [مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ. وَفِي رِوَايَةٍ: فَلْيَتَبَوَّأْ بَيْنَ عَيْنَيْ جَهَنَّمَ مَقْعَدًا قِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ وَهَلْ لَهَا مِنْ عَيْنَيْنِ؟ قَالَ: أَمَا سَمِعْتُمُ اللَّهَ يَقُولُ: إِذَا رَأَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّزَفِيْرًا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص میرا نام لے کر میرے ذمے وہ بات کہے جو میں نے نہ کہی ہو، اور جو شخص اپنے ماں باپ کے سوا دوسروں کو اپنا ماں باپ کہے، اور جو غلام اپنے آقا کے سوا اور کی طرف اپنی غلامی نسب کرے، وہ جہنم کی دونوں آنکھوں کے درمیان اپنا ٹھکانہ بنا لے، لوگوں نے کہا اے اللہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کیا جہنم کی بھی آنکھیں ہیں؟ کیا تم نے اللہ کے کلام کی یہ آیت ''وہ جب دور سے ان کو دیکھے گی تو یہ اس کے غضب اور جوش کی آوازیں سن لیں گے۔'' نہیں سنی۔ [۲]

اور جب یہ ستر ہاتھ لمبی زنجیروں میں باندھ کر اور گلے میں طوق ڈال کر جہنم کی ایک تنگ جگہ میں ٹھونسے جائیں گے تو شدت عذاب سے تنگ آ کر موت کی آرزو کریں گے، اس وقت فرشتے ان سے کہیں گے اب تمہاری قسمت میں ہمیشہ کے لئے انواع واقسام کے عذاب ہیں، تم کہاں تک موت کا مطالبہ کرو گے، اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! ان سے پوچھو کفر وشرک کے بدلہ میں یہ انجام بد اچھا ہے یا لازوال نعمتوں سے بھری دائمی جنت، جس کا وعدہ اللہ نے متقین سے ان کے تقویٰ واطاعت الٰہی کی بنا پر کر رکھا ہے جو ان کے اعمال صالحہ کی جزا اور ان کے لوٹنے کی اصلی جگہ ہے، جس میں ان کے لئے من مانی نعمتیں، ابدی لذتیں اور دائمی مسرتیں ہوں گی اور جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، جیسے فرمایا

اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿۶۲﴾ [۳]

ترجمہ: بولو، یہ ضیافت اچھی ہے یا زقوم کا درخت؟۔

جس کا عطا کرنا تمہارے رب کے ذمے ایک واجب الادا وعدہ ہے جو یقیناً پورا ہو کر رہے گا۔

---

[۱] تفسیر عبد الرزاق ۲؍۴۵۲

[۲] تفسیرابن ابی حاتم ۸؍۲۶۶۷

[۳] الصافات ۶۲

وَ يَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَ مَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ

اور جس دن اللہ تعالیٰ انہیں اور سوائے اللہ کے جنہیں یہ پوجتے رہے انہیں جمع کر کے پوچھے گا کہ کیا میرے ان بندوں

هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۱۷﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ

وتم نے گمراہ کیا یا یہ خود ہی راہ سے گم ہو گئے، وہ جواب دیں گے کہ تو پاک ذات ہے خود ہمیں ہی یہ زیبا نہ تھا کہ تیرے سوا

مِنْ اَوْلِيَآءَ وَ لٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَ اٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا

کاوروں کو اپنا کارساز بناتے، بات یہ ہے کہ تو نے انھیں اور ان کے باپ دادوں کو آسودگیاں عطا فرمائیں یہاں تک کہ وہ

الذِّكْرَ ۚ وَ كَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۸﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ

نصیحت بھلا بیٹھے، یہ لوگ تھے ہی ہلاک ہونے والے، تو انہوں نے تمہیں تمہاری تمام باتوں میں جھٹلایا،

فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّ لَا نَصْرًا ۚ وَ مَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿۱۹﴾

اب نہ تو تم عذابوں کے پھیرنے کی طاقت ہے، نہ مدد کرنے کی، تم میں سے جس نے ظلم کیا ہے ہم اسے بڑا عذاب چکھائیں گے،

وَ مَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَ يَمْشُوْنَ

ہم نے آپ سے پہلے جتنے رسول بھیجے سب کے سب کھانا بھی کھاتے تھے اور بازاروں میں بھی چلتے پھرتے تھے،

فِي الْاَسْوَاقِ ؕ وَ جَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ؕ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ

اور ہم نے تم میں سے ہر ایک کو دوسرے کی آزمائش کا ذریعہ بنادیا کیا تم صبر کروگے ؟

وَ كَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿۲۰﴾ (الفرقان ۱۷تا۲۰)

تیرا رب سب کچھ دیکھنے والا ہے۔'

میدان حشر میں ایک مکالمہ:

جس دن تمہارا رب میدان محشر میں کفار و مشرکین کو بھی گھیر لائے گا اور ان کے معبودوں مثلاً عزیرؑ، عیسیٰ علیہ السلام، فرشتوں، جنات اور دیگر بہت سے نیک بندوں کو بھی بلالے گا جنہیں آج یہ اللہ کو چھوڑ کر پوج رہے ہیں پھر اللہ تعالیٰ ان سے سوال کرے گا کیا تم نے میرے ان بندوں کو اپنی عبادت کا حکم دیا تھا یا یہ خود ہی تمہاری عبادت کر کے راہ راست سے بھٹک گئے تھے؟ وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب! تیری ذات ہر طرح کے شرک سے پاک و منزہ ہے، ہم نے انہیں ایسا کرنے کو کبھی کچھ نہیں کہا تھا ہم تو خود تیرے سوا کسی کو کارساز نہیں سمجھتے تھے تو پھر ہم اپنی بابت کس طرح لوگوں کو کہہ سکتے تھے کہ تم اللہ کے بجائے ہمیں اپنا ولی، کارساز اور حاجت روا سمجھو، ہمارا خیال یہ ہے کہ آپ نے

ان کو اور ان کے آباؤ اجداد کو خوب سامان زندگی عطا کیا حتیٰ کہ دنیا کے مال واسباب کی فراوانی نے انہیں تیری یاد سے غافل کر دیا اور ہلاکت وتباہی ان کا مقدر بن گئی۔فرشتے عرض کریں گے

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ يَقُولُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿۴۰﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿۴۱﴾ (۱)

ترجمہ:جس روز وہ ان سب کو جمع کرے گا پھر فرشتوں سے پوچھے گا کیا یہ لوگ تمہاری ہی بندگی کر رہے تھے؟وہ کہیں گے پاک ہے آپ کی ذات!ہمارا تعلق تو آپ سے ہے نہ کہ ان سے،یہ لوگ تو جنوں یعنی شیاطین کی بندگی کر رہے تھے ان میں سے اکثر انہی کے مومن تھے۔

اللہ تعالیٰ عیسیٰ علیہ السلام سے سوال فرمائے گا

وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۚ بِحَقٍّ ۚ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ۚ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۱۶﴾ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ﴿۱۱۷﴾ (۲)

ترجمہ:اللہ فرمائے گا کہ اے عیسیٰ بن مریم! کیا تو نے لوگوں سے کہا تھا کہ اللہ کے سوا مجھے اور میری ماں کو بھی الٰہ بنا لو؟ تو وہ جواب میں عرض کرے گا کہ سبحان اللہ!میرا یہ کام نہ تھا کہ وہ بات کہتا جس کے کہنے کا مجھے حق نہ تھا،اگر میں نے ایسی بات کہی ہوتی تو آپ کو ضرور علم ہوتا،آپ جانتے ہیں جو کچھ میرے دل میں ہے اور میں نہیں جانتا جو کچھ آپ کے دل میں ہے آپ تو ساری پوشیدہ حقیقتوں کے عالم ہیں،میں نے ان سے اس کے سوا کچھ نہیں کہا جس کا آپ نے حکم دیا تھا یہ کہ اللہ کی بندگی کرو جو میرا رب بھی ہے اور تمہارا رب بھی۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا جن کو تم اپنا معبود گمان کرتے ہو،جن کو مشکل کشا اور اور حاجت روا سمجھتے ہو،جن کے بارے میں تمہیں بھروسہ ہے کہ یہ اللہ کے ہاں ہمارے سفارشی ہوں گے،روز محشر وہ تو تمہاری آنکھوں کے سامنے تمہاری عبادت سے منکر اور تمہارے دشمن ہو جائیں گے، جیسے فرمایا:

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۵﴾ (۳)

ترجمہ: آخر اس شخص سے زیادہ بہکا ہوا انسان اور کون ہو گا جو اللہ کو چھوڑ کر ان کو پکارے جو قیامت تک اسے جواب نہیں دے سکتے بلکہ اس سے بھی بے خبر ہیں کہ پکارنے والے ان کو پکار رہے ہیں اور جب تمام انسان جمع کیے جائیں گے اس وقت وہ اپنے پکارنے والوں کے دشمن اور ان کی عبادت کے منکر ہوں گے۔

اب نہ تو تم جہنم کے عذابوں کو پھیرنے کی طاقت رکھتے ہو اور نہ کہیں سے مدد پا سکو گے،تم میں جو بھی حق کی تکذیب کرے گا اور کفر وشرک

---

(۱) سبا۴۱،۴۰

(۲) المائدۃ۱۱۷،۱۱۶

(۳) الاحقاف۵

کا مرتکب ہوگا ہم اسے ہم سخت عذاب کا مزا چکھائیں گے، اے نبی ﷺ! تم سے پہلے بھی ہم نے نوح علیہ السلام، موسیٰ علیہ السلام، عیسیٰ علیہ السلام ابراہیم علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام اور بہت سے رسول مبعوث کیے ہیں جن سے یہ لوگ واقف ہیں اور ان کی رسالت کو تسلیم کرتے ہیں وہ بھی تو انسان ہی تھے اور غذا کے محتاج تھے اور رزق حلال کی فراہمی کے لئے بازاروں میں چلتے پھرتے تھے پھر آپ کے بارے میں یہ نرالا اعتراض کیوں اٹھا رہے ہیں؟ جیسے فرمایا

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ... ﴿۱۰۹﴾ [۱]

ترجمہ: اے نبی! تم سے پہلے ہم نے جو پیغمبر بھیجے تھے وہ سب بھی انسان ہی تھے اور انہی بستیوں کے رہنے والوں میں سے تھے۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۷﴾ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ﴿۸﴾ [۲]

ترجمہ: اور اے نبی! تم سے پہلے بھی ہم نے انسانوں ہی کو رسول بنا کر بھیجا تھا جن پر ہم وحی کیا کرتے تھے، تم لوگ اگر علم نہیں رکھتے تو اہل کتاب سے پوچھ لو ان رسولوں کو ہم نے کوئی ایسا جسم نہیں دیا تھا کہ وہ کھاتے نہ ہوں اور نہ وہ سدا جینے والے تھے۔

یعنی یہ بات شان نبوت کے خلاف نہیں کہ نبی یا رسول بشر ہو، اس کے بشری تقاضے ہوں اور ان کو پورا کرنے کے لئے اسے عام انسانوں کی طرح بازاروں میں چلت پھرت کرنی پڑے، بشریت نبوت کے منافی نہیں بلکہ نبوت کا تقاضا ہے کیونکہ زمین میں انسان بستے ہیں اس لیے تمام رسول بشر ہی تھے، اور اگر زمین میں فرشتے بستے ہوتے تو یقیناً ان کی طرف فرشتے ہی رسول بن کر مبعوث ہوتے، جیسے فرمایا:

قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿۹۵﴾ [۳]

ترجمہ: ان سے کہو اگر زمین میں فرشتے اطمینان سے چل پھر رہے ہوتے تو ہم ضرور آسمان سے کسی فرشتے ہی کو ان کے لیے پیغمبر بنا کر بھیجتے۔

ہاں رسالت اپنی جگہ عظیم ترین منصب ہے، اس طرح ہم نے ان انبیاء کی اور ان کے ذریعے سے ان پر ایمان لانے والوں کی بھی آزمائش کی تاکہ کھرے کھوٹے کی تمیز ہو جائے، جن لوگوں نے آزمائش میں صبر کا دامن تھامے رکھا وہ کامیاب و کامران ٹھہرے اور دوسرے ناکام و نامراد ہوئے، اب اس حقیقت کو سمجھ لینے کے بعد کیا تم صبر کرتے ہو؟ جس خلوص اور راست بازی کے ساتھ تم دعوت حق کو پھیلانے کی کوشش کر رہے ہو وہ اور اس کا مقابلہ جن سازشوں اور ہتھکنڈوں سے کیا جا رہا ہے وہ بھی اس سے چھپا ہوا نہیں ہے۔

وَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْ لَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ نَرٰى

اور جنہیں ہماری ملاقات کی توقع نہیں انہوں نے کہا کہ ہم پر فرشتے کیوں نہیں اتارے جاتے؟ یا ہم اپنی آنکھوں سے

[۱] یوسف ۱۰۹

[۲] الانبیاء ۷،۸

[۳] بنی اسرائیل ۹۵

رَبَّنَا ؕ لَقَدِ اسۡتَکۡبَرُوۡا فِیۡۤ اَنۡفُسِہِمۡ وَ عَتَوۡ عُتُوًّا کَبِیۡرًا ﴿۲۱﴾ یَوۡمَ یَرَوۡنَ الۡمَلٰٓئِکَۃَ

اپنے رب کو دیکھ لیتے، ان لوگوں نے اپنے آپ کو ہی بہت بڑا سمجھ رکھا ہے اور سخت سرکشی کر لی ہے، جس دن یہ فرشتوں کو

لَا بُشۡرٰی یَوۡمَئِذٍ لِّلۡمُجۡرِمِیۡنَ وَ یَقُوۡلُوۡنَ حِجۡرًا مَّحۡجُوۡرًا ﴿۲۲﴾ وَ قَدِمۡنَاۤ اِلٰی

دیکھ لیں گے اس دن ان گناہ گاروں کو کوئی خوشی نہ ہو گی اور کہیں گے یہ محروم ہی محروم کئے گئے، اور انہوں نے جو جو

مَا عَمِلُوۡا مِنۡ عَمَلٍ فَجَعَلۡنٰہُ ہَبَآءً مَّنۡثُوۡرًا ﴿۲۳﴾ اَصۡحٰبُ الۡجَنَّۃِ یَوۡمَئِذٍ

اعمال کیے تھے ہم نے ان کی طرف بڑھ کر انھیں پراگندہ ذروں کی طرح کر دیا، البتہ اس دن جنتیوں کا ٹھکانا بہتر ہو گا

خَیۡرٌ مُّسۡتَقَرًّا وَّ اَحۡسَنُ مَقِیۡلًا ﴿۲۴﴾ (الفرقان۲۱تا۲۴)

اور خواب گاہ بھی عمدہ ہو گی۔

تصدیق نبوت کے لئے احمقانہ شرط:

جولوگ روز محشراور ہماری بارگاہ میں پیش ہونے کی تکذیب کرتے ہیں وہ کہتے ہیں اگر واقعی اللہ کاارادہ یہ ہے کہ ہم تک اپنا پیغام پہنچائے تو ایک نبی کو واسطہ بناکر صرف اس کے پاس فرشتہ بھیج دینا کافی نہیں ہے، ہرشخص کے پاس ایک فرشتہ آنا چاہیے جو اسے بتائے کہ تیرا رب تجھے یہ ہدایت دیتاہے، یافرشتوں کاایک وفد مجمع عام میں ہم سب کے سامنے آجائے اور اللہ کاپیغام پہنچادے، یا پھر رب آ کر ہمیں کہتا کہ محمد ﷺ میرارسول ہے اور اس پر ایمان لاناضروری ہے، جیسے فرمایا

...اَوۡ تَاۡتِیَ بِاللّٰہِ وَ الۡمَلٰٓئِکَۃِ قَبِیۡلًا ﴿۹۲﴾ [1]

ترجمہ: یااللہ اور فرشتوں کو رودررو ہمارے سامنے لے آئے۔

یہ اپنے نفس میں بڑا گھمنڈ لے بیٹھے اور یہ اپنی سرکشی میں حد سے گزر گئے، ان لوگوں نے اپنی دانست میں خود کو بڑی چیز سمجھ لیا ہے، ابھی تو یہ فرشتوں کو دیکھنے کی آرزو کر رہے ہیں مگرسکرات موت کے وقت جب یہ فرشتوں کو دیکھیں گے وہ مجرموں کے لئے کسی بشارت کادن نہ ہو گا ، جیسے فرمایا:

وَ قَالُوۡا لَوۡ لَاۤ اُنۡزِلَ عَلَیۡہِ مَلَکٌ ؕ وَ لَوۡ اَنۡزَلۡنَا مَلَکًا لَّقُضِیَ الۡاَمۡرُ ثُمَّ لَا یُنۡظَرُوۡنَ ﴿۸﴾ [2]

ترجمہ: کہتے ہیں کہ اس نبی پر کوئی فرشتہ کیوں نہیں اتارا گیا؟ اگر کہیں ہم نے فرشتہ اتار دیا ہوتا تو اب تک کبھی کافیصلہ ہو چکاہوتا پھر انہیں کوئی مہلت نہ دی جاتی۔

لَوۡ مَا تَاۡتِیۡنَا بِالۡمَلٰٓئِکَۃِ اِنۡ کُنۡتَ مِنَ الصّٰدِقِیۡنَ ﴿۷﴾ مَا نُنَزِّلُ الۡمَلٰٓئِکَۃَ اِلَّا بِالۡحَقِّ وَ مَا کَانُوۡۤا اِذًا مُّنۡظَرِیۡنَ ﴿۸﴾ [3]

[1] بنی اسرائیل ۹۲

[2] الانعام ۸

[3] الحجر ۷،۸

ترجمہ: اگر تو سچا ہے تو ہمارے سامنے فرشتوں کو لے کیوں نہیں آتا؟ ہم فرشتوں کو یوں ہی نہیں اتار دیا کرتے، وہ جب اترتے ہیں تو حق کے ساتھ اترتے ہیں اور پھر لوگوں کو مہلت نہیں دی جاتی۔

موت کی سختیوں پر وہ چیخ اٹھیں گے اور فرشتے انہیں کہیں گے تم ان چیزوں سے محروم ہو جن کی خوش خبری متقین کو دی جاتی ہے، جیسے فرمایا

وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا ۙ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ۚ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۵۰﴾ (۱)

ترجمہ: کاش تم اس حالت کو دیکھ سکتے جب کہ فرشتے مقتول کافروں کی روحیں قبض کر رہے تھے، وہ ان کے چہروں اور ان کے کوٹھوں پر ضربیں لگاتے جاتے تھے اور کہتے جاتے تھے لو اب جلنے کی سزا بھگتو۔

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۹۳﴾ (۲)

ترجمہ: کاش! تم ظالموں کو اس حالت میں دیکھو جب کہ وہ سکرات موت میں ڈبکیاں کھا رہے ہوتے اور فرشتے ہاتھ بڑھا بڑھا کر کہہ رہے ہوتے ہیں کہ لاؤ نکالو اپنی جان، آج تمہیں ان باتوں کی پاداش میں ذلت کا عذاب دیا جائے گا جو تم اللہ پر تہمت رکھ کر ناحق بکا کرتے تھے اور اس کی آیات کے مقابلہ میں سرکشی دکھاتے تھے۔

دوسرا موقع وہ ہے جب قبر میں ان کے پاس منکر نکیر آئیں گے اور ان سے ان کے رب، ان کے نبی ﷺ اور ان کے دین کے بارے میں دریافت کریں گے اور وہ کوئی جواب نہ دے سکیں گے جو ان کو عذاب قبر سے نجات دلا سکے، تیسرا موقع وہ ہے جب قیامت کے روز فرشتے انہیں جہنم کی طرف ہانک کر لے جائیں گے اور پھر انہیں داروغہ جہنم کے حوالے کر دیں گے جو ان کو سزا اور عذاب دینے پر مقرر ہوں گے، اور ان کے اعمال جن کے بارے میں انہیں امید ہے کہ وہ نیکی کے کام ہیں اور ان کے لئے انہوں نے محنت مشقت کی ہے، کیونکہ وہ ایمان واخلاص سے خالی اور شریعت کے مطابق بھی نہیں ہوں گے اس لئے ہم انہیں غبار کی طرح اڑا دیں گے یعنی انہیں کوئی اہمیت دیں گے اور نہ وزن، جیسے فرمایا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَاۗءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ۭ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰي شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶۴﴾ (۳)

ترجمہ: اے ایمان لانے والو! اپنے صدقات کو احسان جتا کر اور دکھ دے کر اس شخص کی طرح خاک میں نہ ملا دو جو اپنا مال محض لوگوں کے دکھانے کو خرچ کرتا ہے اور نہ اللہ پر ایمان رکھتا ہے نہ آخرت پر، اس کے خرچ کی مثال ایسی ہے جیسے ایک چٹان تھی جس پر مٹی کی تہہ جمی ہوئی

(۱) الانفال ۵۰

(۲) الانعام ۹۳

(۳) البقرۃ ۲۶۴

تھی اس پر جب زور کا مینہ برسا تو ساری مٹی بہہ گئی اور صاف چٹان کی چٹان رہ گئی، ایسے لوگ اپنے نزدیک خیرات کر کے جو نیکی کماتے ہیں اس سے کچھ بھی ان کے ہاتھ نہیں آتا اور کافروں کو سیدھی راہ دکھانا اللہ کا دستور نہیں ہے۔

مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ ِۨاشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ۭ لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰي شَيْءٍ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ⑱ [۱]

ترجمہ: جن لوگوں نے اپنے رب سے کفر کیا ہے ان کے اعمال کی مثال اس راکھ کی سی ہے جسے ایک طوفانی دن کی آندھی نے اڑا دیا ہو، وہ اپنے کیے کا کچھ بھی پھل نہ پاسکیں گے یہی پرلے درجے کی گم گشتگی ہے۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۢ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَاۗءً ۭ حَتّٰٓي اِذَا جَاۗءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَـيْــــًٔا ۔۔۔ ؀۳۹ [۲]

ترجمہ: جنہوں نے کفر کیا ان کے اعمال کی مثال ایسی ہے جیسے دشت بے آب میں سراب کہ پیاسا اس کو پانی سمجھے ہوئے تھا مگر جب وہاں پہنچا تو کچھ نہ پایا۔

بس وہی لوگ جو جنت کے مستحق ہیں اس دن اچھی جگہ ٹھہریں گے اور دوپہر گزارنے کو عمدہ مقام پائیں گے، یعنی اہل ایمان کے لئے قیامت کا یہ ہولناک دن اتنا مختصر اور ان کا حساب اتنا آسان ہو گا کہ قیلولے کے وقت تک یہ فارغ ہو جائیں گے اور جنت میں یہ اپنے اہل خاندان اور حور عین کے ساتھ دوپہر کو استراحت فرما رہے ہوں گے،

عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، فِي قَوْلِ اللَّهِ:{أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّأَحْسَنُ مَقِيلًا}قَالَ: يَفْرُغُ اللَّهُ مِنْ حِسَابِ النَّاسِ نِصْفَ النَّهَارِ فَيَقِيلُ أَهْلُ الْجَنَّةِ فِي الْجَنَّةِ وَأَهْلُ النَّارِ فِي النَّارِ فَيَقُولُ اللَّهُ يَوْمَئِذٍ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُسْتَقَرًّا وَأَحْسَنُ مَقِيلًا

سعید بن جبیر آیت کریمہ ''البتہ اس دن جنتیوں کا ٹھکانا بہتر ہو گا اور خواب گاہ بھی عمدہ ہو گی۔'' کے بارے میں فرمایا ہے اللہ تعالیٰ حساب سے نصف النہار کے وقت فارغ ہو جائے گا اور اس وقت اہل جنت جنت میں اور اہل دوزخ دوزخ میں اپنے اپنے ٹھکانے پر پہنچا دیے جائیں گے، اس لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے ''بس وہی لوگ جو جنت کے مستحق ہیں اس دن اچھی جگہ ٹھہریں گے اور دوپہر گزارنے کو عمدہ مقام پائیں گے۔'' [۳]

قَالَ عِكْرِمَةُ: إِنِّي لَأَعْرِفُ السَّاعَةَ الَّتِي يَدْخُلُ فِيهَا أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ وَأَهْلُ النَّارِ النَّارَ السَّاعَةُ الَّتِي تَكُونُ فِي الدُّنْيَا ارْتِفَاعَ الضُّحَى الْأَكْبَرِ إِذَا انْقَلَبَ النَّاسُ إِلَى أَهْلِيهِمْ لِلْقَيْلُولَةِ، فَيَنْصَرِفُ أَهْلُ النَّارِ إِلَى النَّارِ وَأَمَّا أَهْلُ الْجَنَّةِ، فَيُنْطَلَقُ بِهِمْ إِلَى الْجَنَّةِ، فَكَانَتْ قَيْلُولَتُهُمْ فِي الْجَنَّةِ، وَأُطْعِمُوا كَبِدَ حُوتٍ فَأَشْبَعَهُمْ، ذَلِكَ كُلُّهُمْ فَذَلِكَ قَوْلُهُ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَىِٕذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ مَقِيْلًا

[۱] ابراہیم ۱۸

[۲] النور ۳۹

[۳] تفسیر ابن ابی حاتم ۲۶۸۱؍۸

عکرمہ کہتے ہیں مجھے اس گھڑی کا علم ہے جب اہل جنت جنت میں اور اہل دوزخ دوزخ میں داخل ہوں گے ، یہ وہ گھڑی ہوگی جس کے حساب سے دنیا میں دوپہر کے وقت سورج خوب بلند ہو جاتا ہے اور لوگ قیلولہ کرنے کے لیے اپنے گھر والوں کے پاس آجاتے ہیں ، اس وقت اہل دوزخ دوزخ میں ہوں گے اور اہل جنت کو جنت میں پہنچا دیا جائے گا جہاں وہ محو استراحت ہوں گے اور انہیں مچھلی کے کباب کھلائے جائیں گے جس سے سب سیر ہو جائیں گے یہی معنی ہے اس آیت کریمہ کا ''بس وہی لوگ جو جنت کے مستحق ہیں اس دن اچھی جگہ ٹھہریں گے اور دوپہر گزارنے کو عمدہ مقام پائیں گے۔'' [۱]

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قِيلَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَوْمًا كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ، مَا أَطْوَلَ هَذَا الْيَوْمَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، إِنَّهُ لَيُخَفَّفُ عَلَى الْمُؤْمِنِ، حَتَّى يَكُونَ أَخَفَّ عَلَيْهِ مِنْ صَلَاةٍ مَكْتُوبَةٍ يُصَلِّيهَا فِي الدُّنْيَا

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا ایک ایسے دن میں ''جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے۔'' یہ تو بہت لمبا دن ہوگا ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ، قیامت کا عظیم الشان اور خوفناک دن ایک مومن کے لئے ہلکا کر دیا جائے گا ، حتی کہ اتنا ہلکا جتنا دنیا میں ایک فرض نماز ادا کر لینے کا ہے۔ [۲]

اللہ تعالیٰ نے فرمایا

...اَللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ [۳]

ترجمہ: (ان سے پوچھو) اللہ بہتر ہے یا وہ معبود جنہیں یہ لوگ اس کا شریک بنا رہے ہیں؟۔

وَ يَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَ نُزِّلَ الْمَلٰٓىِٕكَةُ تَنْزِيْلًا ۝۲۵ اَلْمُلْكُ يَوْمَىِٕذِ ِالْحَقُّ

اور جس دن آسمان بادل سمیت پھٹ جائے گا اور فرشتے لگا تار اتارے جائیں گے ، اور اس دن صحیح طور پر ملک صرف

لِلرَّحْمٰنِ ؕ وَ كَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ۝۲۶ وَ يَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ

رحمٰن کا ہی ہوگا ، اور یہ دن کافروں پر بڑا بھاری ہوگا ، اور اس دن ظالم شخص اپنے ہاتھوں کو چبا چبا کر کہے گا ہائے

يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ۝۲۷ يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ۝۲۸

کاش! کہ میں نے رسول اللہ کی راہ اختیار کی ہوتی ، ہائے افسوس! کاش کہ میں نے فلاں کو دوست نہ بنایا ہوتا ،

---

[۱] تفسیرابن ابی حاتم ۱۸۲۶۸،۸

[۲] مسنداحمد ۱۱۷۱۷،صحیح ابن حبان ۷۳۳۴،شعب الایمان ۳۵۵،مسندابی یعلی ۱۳۹۰،شرح السنۃ للبغوی ۴۳۱۸

[۳] النمل ۵۹

لَقَدْ اَضَلَّنِیْ عَنِ الذِّکْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِیْ ؕ وَ کَانَ الشَّیْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿۲۹﴾

اس نے تو مجھے اس کے بعد گمراہ کر دیا کہ نصیحت میرے پاس آ پہنچی تھی، اور شیطان تو انسان کو (وقت پر) دغا دینے والا ہے،

وَ قَالَ الرَّسُوْلُ یٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِی اتَّخَذُوْا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ مَھْجُوْرًا ﴿۳۰﴾ وَ کَذٰلِکَ جَعَلْنَا لِکُلِّ نَبِیٍّ

اور رسول کہے گا کہ اے میرے پروردگار! بیشک میری امت نے اس قرآن کو چھوڑ رکھا تھا، اور اسی طرح ہم نے ہر نبی

عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِیْنَ ؕ وَ کَفٰی بِرَبِّکَ ھَادِیًا وَّ نَصِیْرًا ﴿۳۱﴾ (الفرقان ۲۵ تا ۳۱)

کے دشمن گناہ گاروں کو بنادیا ہے اور تیرا رب ہی ہدایت کرنے والا کافی ہے۔

فیصلوں کا دن:

روز قیامت آسمان پھٹ جائے گا، جیسے فرمایا:

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿۱﴾ [۱]

ترجمہ: جب آسمان پھٹ جائے گا۔

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿۱﴾ [۲]

ترجمہ: جب آسمان پھٹ جائے گا۔

وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَکَانَتْ اَبْوَابًا ﴿۱۹﴾ [۳]

ترجمہ: اور آسمان کھول دیا جائے گا حتی کہ وہ دروازے ہی دروازے بن کر رہ جائے گا۔

وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ﴿۹﴾ [۴]

ترجمہ: اور آسمان پھاڑ دیا جائے گا۔

اور بادل سایہ فگن ہو جائیں گے، اس وقت اللہ عزوجل کا عرش آٹھ فرشتوں نے اٹھا رکھا ہو گا، اور ساتوں آسمانوں کے فرشتوں کے جلو میں میدان محشر میں جہاں ساری مخلوق جمع ہو گی اعمال کے حساب کتاب کے لئے جلوہ فرما ہو گا، جیسے فرمایا

وَّالْمَلَکُ عَلٰٓی اَرْجَآئِھَا ؕ وَیَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّکَ فَوْقَھُمْ یَوْمَئِذٍ ثَمٰنِیَۃٌ ﴿۱۷﴾ [۵]

ترجمہ: فرشتے اس کے اطراف و جوانب میں ہوں گے اور آٹھ فرشتے اس روز تیرے رب کا عرش اپنے اوپر اٹھائے ہوئے ہوں گے۔

---

[۱] الانشقاق ۱

[۲] الانفطار ۱

[۳] النبا ۱۹

[۴] المرسلات ۹

[۵] الحاقۃ ۱۷

فرشتے میدان محشر میں صف در صف کھڑے ہو کر اللہ کی تسبیح وتہلیل وتقدس بیان کریں گے، جیسے فرمایا

يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا... ۝۳۸ [۱]

ترجمہ: جس روز روح اور ملائکہ صف بستہ کھڑے ہوں گے۔

وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ۝۲۲ [۲]

ترجمہ: اور تمہارا رب جلوہ فرما ہوگا اس حال میں کہ فرشتے صف در صف کھڑے ہوں گے۔

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ۝۲۱۰ [۳]

ترجمہ: کیا اب وہ اس کے منتظر ہیں کہ اللہ بادلوں کا چتر لگائے فرشتوں کے پرے ساتھ لئے خود سامنے آموجود ہو اور فیصلہ کر ڈالا جائے۔

قیامت کے ساتھ ہی دنیاوی بادشاہیاں، ریاستیں اور اختیارات جو انسانوں کو دھوکے میں رکھتی ہیں ختم ہو جائیں گی، حالانکہ کائنات کا مالک حقیقی اللہ ہی ہے، چنانچہ اس روز حقیقی بادشاہی صرف رحمان کی ہوگی، جیسے فرمایا

...وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ... ۝۷۳ [۴]

ترجمہ: اور جس روز صور پھونکا جائیگا اس روز بادشاہی اسی کی ہوگی۔

...لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ۭ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝۱۶ [۵]

ترجمہ: (اس روز پکار کر پوچھا جائے گا) آج بادشاہی کس کی ہے؟ (سارا عالم پکار اٹھے گا) اللہ واحد قہار کی۔

عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ:قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَطْوِي اللهُ عَزَّ وَجَلَّ السَّمَاوَاتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، ثُمَّ يَأْخُذُهُنَّ بِيَدِهِ الْيُمْنَى، ثُمَّ يَقُولُ: أَنَا الْمَلِكُ، أَيْنَ الْجَبَّارُونَ؟ أَيْنَ الْمُتَكَبِّرُونَ؟ ثُمَّ يَطْوِي الْأَرَضِينَ بِشِمَالِهِ، ثُمَّ يَقُولُ: أَنَا الْمَلِكُ أَيْنَ الْجَبَّارُونَ؟ أَيْنَ الْمُتَكَبِّرُونَ؟

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ آسمانوں کو اپنے داہنے ہاتھ میں لپیٹ لے گا پھر فرمائے گا میں بادشاہ ہوں کہاں ہیں جابر؟ کہاں ہیں غرور کرنے والے؟ پھر بائیں ہاتھ سے زمین کو لپیٹ لے گا (جو داہنے کے مثل ہے اور اسی واسطے دوسری حدیث میں ہے کہ پروردگار کے دونوں ہاتھ داہنے ہیں) پھر فرمائے گا میں بادشاہ ہوں، کہاں ہیں جابر؟ کہاں ہیں تکبر کرنے والے؟۔ [۶]

---

[۱] النبا۳۸

[۲] الفجر۲۲

[۳] البقرة۲۱۰

[۴] الانعام۷۳

[۵] المومن۱۶

[۶] سنن ابوداودکتاب السنةبَابٌ فِي الرَّدِّ عَلَى الْجَهْمِيَّةِ۴۷۳۲،صحیح بخاری کتاب التوحیدالجهمیةبَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: {لِمَا

وہ دن منکرین حق کے لئے بڑا سخت ہوگا، جیسے فرمایا:

فَذٰلِكَ يَوْمَىٕذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ۙ﴿۹﴾ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ﴿۱۰﴾ [۱]

ترجمہ: وہ دن بڑا ہی سخت دن ہوگا کافروں کے لیے ہلکانہ ہوگا۔

وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿۸۶﴾ [۲]

ترجمہ: اور مجرموں کو پیاسے جانوروں کی طرح جہنم کی طرف ہانک کر لے جائیں گے۔

اور اس کے برعکس مومن کا معاملہ آسان اور اس کا بوجھ بہت ہلکا ہوگا، جیسے فرمایا

لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ ۭ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ [۳]

ترجمہ: وہ انتہائی گھبراہٹ کا وقت ان کو ذرا پریشان نہ کرے گا اور ملائکہ بڑھ کر ان کو ہاتھوں ہاتھ لیں گے کہ یہ تمہارا وہی دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔

يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿۸۵﴾ [۴]

ترجمہ: وہ دن آنے والا ہے جب متقی لوگوں کو ہم مہمانوں کی طرح رحمان کے حضور پیش کریں گے۔

اس وقت ظالم انسان اپنے شرک، کفر اور انبیاء ورسل کی تکذیب کی بنا پر تاسف وحسرت سے اپنے ہاتھ چبائے گا اور حزن وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہے گا کاش! میں نے حق کی تکذیب کرنے والوں کا ساتھ دینے کے بجائے رسول اور اس کی تعلیمات پر ایمان لاتا، ان کی اطاعت کرتا اور راور ان کے طریقہ کے مطابق نیک اعمال انجام دیتا، ہائے میری بدنصیبی کاش! میں نے فلاں شخص کو اپنا جگری دوست اور مخلص ساتھی نہ بنایا ہوتا جس نے مکر وفریب سے گمراہی کو مزین کیا جس سے متاثر ہو کر میں نے وہ نصیحت نہ مانی جو میرے پاس آئی تھی، اکثر لوگوں کی گمراہی کا سبب راہ راست سے بھٹکے ہوئے دوستوں کا انتخاب اور صحبت بد کا اختیار کرنا ہی ہے جیسے فرمایا

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿۶۶﴾ [۵]

ترجمہ: جس روز ان کے چہرے آگ پر الٹ پلٹ کیے جائیں گے اس وقت وہ کہیں گے کہ کاش! ہم نے اللہ اور رسول کی اطاعت کی ہوتی۔

اور شیطان تو انسان کے سامنے باطل کو آراستہ کرتا ہے اور حق کو بری صورت میں پیش کرتا ہے، اس سلسلہ میں رسول اللہ ﷺ نے ایک مثال بیان فرمائی،

خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ۷۴۱۲، صحیح مسلم کتاب صفات المنافقین باب صِفَةِ الْقِيَامَةِ وَالْجَنَّةِ وَالنَّارِ ۷۰۵۱، مسندابی یعلی ۵۵۵۸

[۱] المدثر ۹،۱۰

[۲] مریم ۸۶

[۳] الانبیاء ۱۰۳

[۴] مریم ۸۵

[۵] الاحزاب ۶۶

عَنْ أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:مَثَلُ الجَلِيسِ الصَّالِحِ وَالسَّوْءِ، كَحَامِلِ المِسْكِ وَنَافِخِ الكِيرِ، فَحَامِلُ المِسْكِ: إِمَّا أَنْ يُحْذِيَكَ، وَإِمَّا أَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ، وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحًا طَيِّبَةً، وَنَافِخُ الكِيرِ: إِمَّا أَنْ يُحْرِقَ ثِيَابَكَ، وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ رِيحًا خَبِيثَةً

ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نیک مصاحب اور بد مصاحب کی مثال ایسی ہے جیسے مشک بیچنے والے اور بھٹی دھونکنے والے کی، (جس کے پاس مشک ہے اور تم اس کی محبت میں ہو) وہ اس میں سے یا تمہیں کچھ تحفہ کے طور پر دے دے گا یا تم اس سے خرید سکو گے، یا (کم از کم) تم اس کی عمدہ خوشبو سے تو محفوظ ہو ہی سکو گے، اور بھٹی دھونکنے والا یا تو تمہارے کپڑے (بھٹی کی آگ سے) جلا دے گا یا تمہیں اس کے پاس سے ایک ناگوار بدبو دار دھواں پہنچے گا۔[1]

اور رسول قرآن سے ان کی روگردانی کا شکوہ کرتے اور ان کے رویے پر تاسف کا اظہار کرتے ہوئے بارگاہ الٰہی میں استغاثہ دائر کرے گا کہ اے میرے رب! میری قوم کے لوگوں نے اس قرآن عظیم کو نشانہ تضحیک بنا لیا تھا، جب قرآن پڑھا جاتا تھا تو یہ اس وقت شور وغل مچاتے تھے تا کہ دعوت حق کسی کے کان تک نہ پہنچے، جیسے فرمایا

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ۝۲۶ [2]

ترجمہ: یہ منکرین حق کہتے ہیں اس قرآن کو ہرگز نہ سنو اور جب یہ سنایا جائے تو اس میں خلل ڈالو شاید کہ اسی طرح تم غالب آجاؤ۔

یہ لوگ اس پر کامل ایمان لائے اور نہ ہی اس کی تعلیمات پر کوئی غور وفکر اور تدبر کیا اور نہ ہی اس کے امر پر عمل اور نواہی سے اجتناب کیا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہم نے تو اسی طرح مجرموں کو ہر نبی کا دشمن بنایا ہے یعنی اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! تیری قوم میں سے جو لوگ تیرے دشمن ہیں، جنہوں نے قرآن کو چھوڑ دیا اسی طرح گزشتہ امتوں میں بھی تھا یعنی ہر نبی کے دشمن وہ لوگ ہوتے تھے جو گنہگار تھے اور لوگوں کو گمراہی کی دعوت دیتے تھے، جیسے فرمایا:

وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ۝۱۱۲ [3]

ترجمہ: اور ہم نے تو اسی طرح ہمیشہ شیطان انسانوں اور شیطان جنوں کو ہر نبی کا دشمن بنایا ہے جو ایک دوسرے پر خوش آئند باتیں دھوکے اور فریب کے طور پر القا کرتے رہے ہیں۔

یہ کفار و مشرکین لوگوں کو اللہ کے راستے سے روکتے ہیں، لیکن تیرا رب اپنی رحمت وحکمت سے جس کو ہدایت دے اس کو ہدایت سے کون روک سکتا ہے؟ جیسے فرمایا:

---

[1] صحیح بخاری کتاب الذبائح والصید بَابُ المِسْكِ ۵۵۳۴، صحیح مسلم کتاب البر و الصلة بَابُ اسْتِحْبَابِ مُجَالَسَةِ الصَّالِحِينَ، وَمُجَانَبَةِ قُرَنَاءِ السُّوءِ ۶۶۹۲، السنن الکبری للبیہقی ۱۱۱۲۶، شرح السنة للبغوی ۳۴۸۳ ، صحیح ابن حبان ۵۶۱

[2] حم السجدة ۲۶

[3] الانعام ۱۱۲

مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۷۸﴾ [۱]

ترجمہ: جسے اللہ ہدایت بخشے بس وہی راہ راست پاتا ہے اور جس کو اللہ اپنی رہنمائی سے محروم کر دے وہی نا کام و نامراد ہو کر رہتا ہے۔

وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ... ﴿۹۷﴾ [۲]

ترجمہ: جس کو اللہ ہدایت دے وہی ہدایت پانے والا ہے، اور جسے وہ گمراہی میں ڈال دے تو اس کے بعد ایسے لوگوں کے لیے تو کوئی حامی و ناصر نہیں پا سکتا۔

مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾ [۳]

ترجمہ: جس کو اللہ ہدایت دے وہی ہدایت پانے والا ہے اور جسے اللہ بھٹکا دے اس کے لیے تم کوئی ولی مرشد نہیں پا سکتے۔

اصل ہادی اور مددگار تو تیرا رب ہی ہے۔

وَ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ لَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚ كَذٰلِكَ ۚ

اور کافروں نے کہا اس پر قرآن سارا کا سارا ایک ساتھ ہی کیوں نہ اتارا گیا، اسی طرح ہم نے (تھوڑا تھوڑا)

لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَ رَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ﴿۳۲﴾ وَ لَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ

کر کے اتارا تا کہ اس سے ہم آپ کا دل قوی رکھیں، ہم نے اسے ٹھہر ٹھہر کر ہی پڑھ سنایا ہے، یہ آپ کے پاس جو کوئی مثال

وَ اَحْسَنَ تَفْسِيْرًا ﴿۳۳﴾ اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ

لائیں گے ہم اس کا سچا جواب اور عمدہ دلیل آپ کو بتا دیں گے، جو لوگ اپنے منہ کے بل جہنم کی طرف جمع کئے جائیں گے،

اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۳۴﴾ (الفرقان ۳۲ تا ۳۴)

وہی بدتر مکان والے اور گمراہ تر راستے والے ہیں۔

قرآن حکیم مختلف اوقات میں کیوں نازل ہوا:

منکرین حق کا ایک دل پسند اعتراض بیان فرمایا جسے وہ بار بار دہراتے تھے کہ تورات، انجیل اور زبور کی طرح اس شخص (محمد رسول اللہ ﷺ) پر سارا قرآن بیک وقت کیوں نہ نازل کر دیا گیا؟ یعنی اللہ کا طریقہ تو یہ تھا کہ جو بھی کتاب نازل فرمائی بیک وقت ہی نازل فرما دی گئی، یہ جو تھوڑا تھوڑا کر کے ہمیں سنایا جاتا ہے وہ دراصل محمد ﷺ خود ہی تصنیف کر رہے ہیں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا اگر اللہ کی مشیت و حکمت ہوتی تو ایسا بھی ممکن ہو سکتا تھا مگر ۲۳ سالوں میں تھوڑا تھوڑا کر کے اس لئے نازل کیا گیا تا کہ وہ لفظ بلفظ حافظہ میں محفوظ ہو سکے،

[۱] الاعراف ۱۷۸

[۲] بنی اسرائیل ۹۷

[۳] الکہف ۱۷

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:أُنْزِلَ الْقُرْآنُ جُمْلَةً إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ ثُمَّ أُنْزِلَ بَعْدَ ذَلِكَ فِي عِشْرِينَ سَنَةً

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے سارا قرآن ایک دفعہ لیلۃ القدر میں آسمان دنیا پر نازل کر دیا گیا تھا پھر اس کے بعد بیس سالوں میں اس کا نزول مکمل ہوا۔[1]

اس کی تعلیمات اچھی طرح ذہن نشین ہوسکیں،اس کے بتائے ہوئے طریق زندگی پر دل جمتا جائے،اور تحریک اسلامی کے دوران جبکہ حق وباطل کی مسلسل کشمکش میں پیغمبر اور اہل ایمان کی ہمت بندھائی جاتی رہے،جیسے فرمایا

وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝۴ [2]

ترجمہ:قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو۔

یعنی قرآن مجید کو اس طرح ترتیل کے ساتھ پڑھا جائے کہ حروف نہ کٹنے پائیں،ہر ہر حرف الگ الگ اور واضح پڑھا جائے،ایک مقام پر اس کی حکمت وعلت یوں بیان فرمائی

وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَي النَّاسِ عَلٰي مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ۝۱۰۶ [3]

ترجمہ: اور اس قرآن کو ہم نے تھوڑا تھوڑا کر کے نازل کیا ہے تا کہ تم ٹھہر ٹھہر کر اسے لوگوں کو سناؤ اور اسے ہم نے (موقع موقع سے) بتدریج اتارا ہے۔

اور اسی غرض کے لئے ہم نے اس کو ایک خاص ترتیب کے ساتھ الگ الگ اجزاء کی شکل دی ہے اور اس میں یہ مصلحت بھی ہے کہ جب کبھی وہ تمہارے سامنے کوئی نرالی بات یا عجیب سوال لے کر آئے اس کا ٹھیک جواب بروقت ہم نے تمہیں دے دیا اور بہترین طریقے سے بات کھول دی اس طرح انہیں لوگوں کو گمراہ کرنے کا موقع نہیں ملا،روز قیامت تکذیب حق کرنے اور اللہ کی حکمت پر اعتراضات کرنے والے یہ لوگ اوندھے منہ جہنم کی طرف دھکیلے جانے والے ہیں،جیسے فرمایا

وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰي وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ۭ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ۝۹۷ [4]

ترجمہ:ان لوگوں کو ہم قیامت کے روز اوندھے منہ کھینچ لائیں گے،اندھے، گونگے اور بہرے ان کا ٹھکانا جہنم ہے جب کبھی اس کی آگ دھیمی ہونے لگے گی ہم اسے اور بھڑکا دیں گے۔

ان کا عقیدہ بہت ہی برا اور ان کا عمل حد درجہ غلط ہے،

حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ:أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ كَيْفَ يُحْشَرُ الْكَافِرُ عَلَى وَجْهِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟قَالَ:

[1] السنن الکبری للنسائی۱۱۳۰۸

[2] المزمل۴

[3] بنی اسرائیل۱۰۶

[4] بنی اسرائیل۹۷

أَلَيسَ الَّذِي أَمْشَاهُ عَلَى الرِّجْلَيْنِ فِي الدُّنْيَا قَادِرًا عَلَى أَنْ يُمْشِيَهُ عَلَى وَجْهِهِ يَوْمَ القِيَامَةِ

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! کافر کو قیامت کے دن اس کے چہرہ کے بل کس طرح چلایا جائے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ جس نے اسے اس دنیا میں دو پاؤں پر چلایا ہے اس پر قادر ہے کہ قیامت کے دن اس کو اس کے چہرہ کے بل چلا دے۔[1]

وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَ جَعَلْنَا مَعَهٗۤ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ﴿۳۵﴾ فَقُلْنَا اذْهَبَاۤ اِلَى الْقَوْمِ

اور بلاشبہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور ان کے ہمراہ ان کے بھائی ہارون کو ان کا وزیر بنا دیا، اور کہہ دیا کہ تم دونوں ان

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ﴿۳۶﴾ وَ قَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا

لوگوں کی طرف جاؤ جو ہماری آیتوں کو جھٹلا رہے ہیں، پھر ہم نے انھیں بالکل ہی پامال کر دیا، اور قوم نوح نے بھی جب

كَذَّبُوا الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَ جَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ؕ وَ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ

رسولوں کو جھوٹا کہا تو ہم نے انھیں غرق کر دیا اور لوگوں کے لیے انھیں نشان عبرت بنا دیا، اور ہم نے ظالموں کے لیے

عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۳۷﴾ وَّ عَادًا وَّ ثَمُوْدَاۡ وَ اَصْحٰبَ الرَّسِّ وَ قُرُوْنًاۢ بَيْنَ ذٰلِكَ

دردناک عذاب مہیا کر رکھا ہے، اور عادیوں اور ثمودیوں اور کنوئیں والوں کو اور ان کے درمیان کی بہت سی امتوں کو

كَثِيْرًا ﴿۳۸﴾ وَ كُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ٘ وَ كُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ﴿۳۹﴾ وَ لَقَدْ اَتَوْا

(ہلاک کر دیا)، اور ہم نے ان کے سامنے مثالیں بیان کیں، پھر ہر ایک کو بالکل ہی تباہ و برباد کر دیا، یہ لوگ

عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْۤ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ؕ اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ۚ

اس بستی کے پاس سے بھی آتے جاتے ہیں جن پر بری طرح بارش برسائی گئی، کیا یہ پھر بھی اسے دیکھتے نہیں؟

بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ﴿۴۰﴾ (الفرقان ۳۵ تا ۴۰)

حقیقت یہ ہے کہ انھیں مر کر جی اٹھنے کی امید ہی نہیں۔

انبیاء کو جھٹلانے کا خمیازہ:

منصب رسالت پر فائز ہونے کے وقت ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو ہدایات عطا فرمائیں اور اس کے ساتھ اس کے بھائی ہارون علیہ السلام

[1] صحیح بخاری کتاب التفسیر سورۃ فرقان بَابُ قَوْلِهِ الَّذِينَ يُحْشَرُونَ عَلَى وُجُوهِهِمْ إِلَى جَهَنَّمَ أُولَئِكَ شَرٌّ مَكَانًا وَأَضَلُّ سَبِيلًا ۴۷۶۰، صحیح مسلم کتاب صفات المنافقین بَابُ يُحْشَرُ الْكَافِرُ عَلَى وَجْهِهِ ۷۰۸۷، مسند ابی یعلی ۳۰۴۶، شرح السنة للبغوی ۴۳۱۵، مسند احمد ۱۳۳۹۲

کو مددگار کے طور پر لگایا اور ان دونوں سے کہا کہ فرعون اور قوم فرعون کو دعوت اسلام پیش کریں، اس نے اپنی سرکشی اور غرور و تکبر میں یعقوب علیہ السلام اور یوسف علیہ السلام کے ذریعے پہنچی ہوئی ہماری آیات کو جھٹلا دیا ہے، جب ہر طرح کی دلیل اور براہین کے باوجود وہ دعوت اسلام پر ایمان نہ لائے تو آخر کار ان ظالم لوگوں کو ہم نے سمندر میں غرق کر دیا، جیسے فرمایا

وَاَنْجَیْنَا مُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗۤ اَجْمَعِیْنَ ۟ۚ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِیْنَ ۟ؕ [1]

ترجمہ: موسیٰ علیہ السلام اور ان سب لوگوں کو جو اس کے ساتھ تھے ہم نے بچالیا اور دوسروں کو غرق کر دیا۔

یہی حال قوم نوح علیہ السلام کا ہوا انہوں نے بشر رسول کی تکذیب کی، ہماری آیات کا مذاق اڑایا اور طاغوت کی پرستش میں لگے رہے، آخر کار ایک لمبی مہلت کے بعد ہم نے انہیں پانی میں غرق کر کے دنیا بھر کے لوگوں کے لئے ایک نشان عبرت بنا دیا، جیسے فرمایا

فَاَنْجَیْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ۟ۚ ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِیْنَ ۟ؕ [2]

ترجمہ: آخر کار ہم نے اس کو اور اس کے ساتھیوں کو ایک بھری ہوئی کشتی میں بچالیا اور اس کے بعد باقی لوگوں کو غرق کر دیا۔

سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۟ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ۟ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ ۟ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِیْنَ ۟ [3]

ترجمہ: سلام ہے نوح علیہ السلام پر تمام دنیا والوں میں، ہم نیکی کرنے والوں کو ایسی ہی جزا دیا کرتے ہیں، درحقیقت وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا پھر دوسرے گروہ کو ہم نے غرق کر دیا۔

اور ان ظالموں کے لئے ہم نے آخرت کا دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے، اسی طرح قوم عاد، قوم ثمود، اصحاب الرس اور بیچ کی صدیوں کی بہت سی قومیں طاغوت کی بندگی، دعوت حق قبول نہ کرنے اور اللہ کی آیات کا مذاق اڑانے کے جرم میں تباہ کیے گئے، ان میں سے ہر قوم کو دعوت اسلام پیش کی گئی، گزشتہ تباہ شدہ قوموں کی مثالیں دے دے کر سمجھایا گیا مگر وہ باطل معبودوں پر تکیہ کرتے ہوئے حق کا مذاق ہی اڑاتے رہے، آخر کار اتمام حجت کے بعد ہر قوم کو ہم نے نشان عبرت بنا دیا، جیسے فرمایا

وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ... ۟ [4]

ترجمہ: دیکھ لو، کتنی ہی نسلیں ہیں جو نوح علیہ السلام کے بعد ہمارے حکم سے ہلاک ہوئیں۔

اور شام و فلسطین کے راستے پر قوم لوط کی بستیاں سدوم اور عمورہ وغیرہ پر تو دن رات ان کا گزر ہوتا رہتا ہے جو خلاف فطرت فعل انجام دیتے تھے، جیسے فرمایا

---

[1] الشعراء ۶۵،۶۶

[2] الشعراء ۱۱۹،۱۲۰

[3] الصافات ۷۹تا۸۲

[4] بنی اسرائیل ۱۷

اِنَّکُمۡ لَتَاۡتُوۡنَ الرِّجَالَ شَہۡوَۃً مِّنۡ دُوۡنِ النِّسَآءِ ؕ بَلۡ اَنۡتُمۡ قَوۡمٌ مُّسۡرِفُوۡنَ ﴿۸۱﴾ (۱)

ترجمہ: تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں سے اپنی خواہش پوری کرتے ہو حقیقت یہ ہے کہ تم بالکل ہی حد سے گزر جانے والے لوگ ہو۔

اَئِنَّکُمۡ لَتَاۡتُوۡنَ الرِّجَالَ شَہۡوَۃً مِّنۡ دُوۡنِ النِّسَآءِ ؕ بَلۡ اَنۡتُمۡ قَوۡمٌ تَجۡہَلُوۡنَ ﴿۵۵﴾ (۲)

ترجمہ: کیا تمہارا یہی چلن ہے کہ عورتوں کو چھوڑ کر مردوں کے پاس شہوت رانی کے لیے جاتے ہو؟ حقیقت یہ ہے کہ تم لوگ سخت جہالت کا کام کرتے ہو۔

جب انہوں نے کسی طرح حق و سچ کو قبول نہ کیا اور اپنی روش کو نہ بدلا تو ان پر پکی ہوئی مٹی کے پتھروں کی بدترین بارش برسائی گئی تھی، جیسے فرمایا

وَ اَمۡطَرۡنَا عَلَیۡہِمۡ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الۡمُنۡذَرِیۡنَ ﴿۱۷۳﴾ (۳)

ترجمہ: اور ان پر برسائی ایک برسات، بڑی ہی بری بارش تھی جو ان ڈرائے جانے والوں پر نازل ہوئی۔

وَ اَمۡطَرۡنَا عَلَیۡہِمۡ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الۡمُنۡذَرِیۡنَ ﴿۵۸﴾ (۴)

ترجمہ: اور برسائی ان لوگوں پر ایک برسات، بہت ہی بری برسات تھی وہ ان لوگوں کے حق میں جو متنبہ کیے جا چکے تھے۔

اصل بات یہ ہے کہ یہ لوگ حیات بعد الموت اور اعمال کی جزا کے منکر ہیں، اس لئے ان تباہ شدہ بستیوں اور ان کے کھنڈرات دیکھنے کے باوجود عبرت حاصل نہیں کرتے اور آیات الٰہی اور اللہ کے رسول کی تکذیب سے باز نہیں آتے۔

وَ اِذَا رَاَوۡکَ اِنۡ یَّتَّخِذُوۡنَکَ اِلَّا ہُزُوًا ؕ اَہٰذَا الَّذِیۡ بَعَثَ اللّٰہُ رَسُوۡلًا ﴿۴۱﴾

اور تمہیں جب کبھی دیکھتے ہیں تو تم سے مسخر پن کرنے لگتے ہیں کہ کیا یہی وہ شخص ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے رسول بنا کر بھیجا ہے،

اِنۡ کَادَ لَیُضِلُّنَا عَنۡ اٰلِہَتِنَا لَوۡ لَاۤ اَنۡ صَبَرۡنَا عَلَیۡہَا ؕ وَ سَوۡفَ یَعۡلَمُوۡنَ حِیۡنَ یَرَوۡنَ

(وہ تو کہئے) کہ ہم اس پر جمے رہے ورنہ انہوں نے تو ہمیں ہمارے معبودوں سے بہکا دینے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی،

الۡعَذَابَ مَنۡ اَضَلُّ سَبِیۡلًا ﴿۴۲﴾ اَرَءَیۡتَ

اور یہ جب عذابوں کو دیکھیں گے تو انھیں صاف معلوم ہو جائے گا کہ پوری طرح راہ سے بھٹکا ہوا کون تھا؟ کیا آپ نے اسے

---

(۱) الاعراف۸۱

(۲) النمل۵۵

(۳) الشعراء۱۷۳

(۴) النمل۵۸

مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ﴿۴۳﴾ اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ

بھی دیکھا جو اپنی خواہش نفس کو اپنا معبود بنائے ہوئے ہے، کیا آپ اس کے ذمہ دار ہو سکتے ہیں؟ کیا آپ اسی خیال میں

اَوْ يَعْقِلُوْنَ ؕ اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۴﴾ (الفرقان ۴۱ تا ۴۴)

ہیں کہ ان میں سے اکثر سنتے یا سمجھتے ہیں، وہ تو نرے چوپایوں جیسے ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ بھٹکے ہوئے۔

یہ مکذبین جب تمہیں دیکھتے ہیں تو تمہارا مذاق بنا لیتے ہیں، جیسے فرمایا:

وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ﴿۳۶﴾ [۱]

ترجمہ: یہ منکرین حق جب تمہیں دیکھتے ہیں تو تمہارا مذاق بنا لیتے ہیں کہتے ہیں کیا یہ ہے وہ شخص جو تمہارے خداؤں کا ذکر کیا کرتا ہے۔

یعنی ہمارے معبودوں کی شان میں گستاخی کرتے ہوئے کہتا ہے کہ وہ تمہاری حالت زار کو دیکھ نہیں سکتے، چاہے قیامت تک پکارتے رہو تمہاری پکار کو سن نہیں سکتے ہیں، جیسے فرمایا

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآىِٕهِمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۵﴾ [۲]

ترجمہ: آخر اس شخص سے زیادہ بہکا ہوا انسان اور کون ہو گا جو اللہ کو چھوڑ کر ان کو پکارے جو قیامت تک اسے جواب نہیں دے سکتے بلکہ اس سے بھی بے خبر ہیں کہ پکارنے والے ان کو پکار رہے ہیں۔

تمہیں کچھ ہدایت دینے کے لئے بول نہیں سکتے اور انہیں کسی قسم کی قدرت واختیار حاصل نہیں ہے، اور طنز واستہزا اور حقارت آمیز لہجے میں کہتے ہیں کیا یہی وہ شخص ہے جسے اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہے؟ یعنی یہ تو اس منصب کے لائق ہی نہیں ہے، جیسے ان لوگوں کا خیال تھا

وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿۳۱﴾ [۳]

ترجمہ: کہتے ہیں یہ قرآن دونوں شہروں (مکہ اور طائف) کے بڑے آدمیوں میں سے کسی پر کیوں نہ نازل کیا گیا۔

اگر ہم اپنے آباؤاجداد کی تقلید میں اپنے معبودوں کی پرستش پر جم نہ گئے ہوتے تو اس نے ہمیں گمراہ کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی، جیسے فرمایا:

وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ ښ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ يُّرَادُ ﴿۶﴾ [۴]

ترجمہ: اور سرداران قوم یہ کہتے ہوئے نکل گئے کہ چلو اور ڈٹے رہو اپنے معبودوں کی عبادت پر۔

اچھا وہ وقت دور نہیں ہے جب انہیں کفر وشرک کے سبب عذاب جہنم سے دوچار ہونا پڑے گا تو انہیں خود ہی معلوم ہو جائے گا کہ اللہ وحدہ

---

[۱] الانبیاء ۳۶

[۲] الاحقاف ۵

[۳] الزخرف ۳۱

[۴] ص ۶

لاشریک کی عبادت واطاعت کرنے والے حق پر تھے یا در در پر اپنی پیشانیاں ٹیکانے والے کون گمراہی میں دور نکل گیا تھا، کیونکہ اللہ کے احکام اور اس کی ہدایت کو چھوڑ کر کسی دوسرے کے احکام اور رہنمائی کا اتباع دراصل اس کو خدائی میں اللہ کا شریک ٹھہرانا ہے، خواہ آدمی اس دوسرے کو زبان سے اللہ کا شریک قرار دیتا ہو یا نہ قرار دیتا ہو، بلکہ اگر آدمی دوسری ہستیوں پر لعنت بھیجتے ہوئے بھی امر الٰہی کے مقابلے میں ان کے اوامر کا اتباع کر رہا ہو تب بھی وہ شرک کا مجرم ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ نے گمراہی کا سب سے بڑا سبب بیان فرمایا اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! تم نے کبھی اس شخص کے حال پر غور کیا ہے جس نے اپنی خواہش نفس کو اپنا الٰہ بنالیا ہو؟ جیسے فرمایا

اَفَرَءَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰـهَهٗ هَوٰىهُ... ﴿۲۳﴾ [1]

ترجمہ: پھر کیا تم نے کبھی اس شخص کے حال پر بھی غور کیا جس نے اپنی خواہش نفس کو اپنا خدا بنالیا۔

...وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ... ﴿۵۰﴾ [2]

ترجمہ: اور اس شخص سے بڑھ کر کون گمراہ ہو گا جو خدائی ہدایت کے بغیر بس اپنی خواہشات کی پیروی کرے؟۔

ان کا نفس اور شیطان جس چیز کو مزین کر کے انہیں دکھاتا ہے اسے اچھا سمجھنے لگتے ہیں، جیسے فرمایا

اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْۗءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا... ﴿۸﴾ [3]

ترجمہ: (بھلا کچھ ٹھکانا ہے اس شخص کی گمراہی کا) جس کے لیے اس کا برا عمل خوشنما بنا دیا گیا ہو اور وہ اسے اچھا سمجھ رہا ہو؟۔

کیا تم ایسے نفس کے بندے اور خواہشات کے غلام کو جو ایک شتر بے مہار کی طرح ہے راہ راست پر لانے کا ذمہ لے سکتے ہو؟

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ:قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَا تَحْتَ ظِلِّ السَّمَاءِ مِنْ إِلَهٍ يُعْبَدُ مِنْ دُونِ اللهِ أَعْظَمُ مِنْ عِنْدِ اللهِ مِنْ هَوًى مُتَّبَعٍ

ابوامامہ سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا اس آسمان کے نیچے اللہ تعالیٰ کے سوا جتنے معبود بھی پوجے جارہے ہیں ان میں اللہ کے نزدیک بدترین معبود وہ خواہش نفس ہے جس کی پیروی کی جارہی ہو۔[4]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:تَعِسَ عَبْدُ الدِّينَارِ، وَالدِّرْهَمِ، وَالقَطِيفَةِ، وَالخَمِيصَةِ، إِنْ أُعْطِيَ رَضِيَ، وَإِنْ لَمْ يُعْطَ لَمْ يَرْضَ

ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے مروی ہے نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا اشرفی کا بندہ، دینار کا بندہ، چادر کا بندہ، کمبل کا بندہ ہلاک ہوا، اگر اسے کچھ دے دیا جائے تب تو خوش ہو جاتا ہے اور اگر نہیں دیا جائے تو ناراض ہو جاتا ہے۔[5]

[1] الجاثیة ۲۳

[2] القصص ۵۰

[3] فاطر ۸

[4] المعجم الکبیر للطبرانی ۷۵۰۲

[5] صحیح بخاری کتاب الجهاد بَابُ الحِرَاسَةِ فِي الغَزْوِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۲۸۸۶ ،وکتاب الرقاق بَابُ مَا يُتَّقَى مِنْ فِتْنَةِ المَالِ ۶۴۳۵،السنن الکبری للبیہقی ۲۱۱۴۸،شرح السنة للبغوی ۴۰۵۹

یعنی جس چیز کو ہم اتنی اہمیت دے دیں کہ وہ ہم سے دین ومذہب ہی چھڑا دے، وہی ہمارا معبود باطل ہے، یہ لوگ اپنے شیطان نفس اور اپنے گمراہ کن لیڈروں کے اشاروں پر آنکھیں بند کر کے چلے جا رہے ہیں، یہ تو چوپاؤں جیسے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے عقل وشعور سے نہیں نوازا ہے مگر مویشیوں کو جب ان کا چرواہا راہ دکھاتا ہے تو وہ اس راہ پر چل پڑتے ہیں، مگر حیف ہے انسانوں پر جب انہیں صراط مستقیم کی طرف بلایا جاتا ہے تو کفر کرتے ہیں تو پھر ان سے زیادہ بدتر اور گمراہ کون ہیں، جیسے فرمایا

... لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ [1]

ترجمہ: ان کے پاس دل ہیں مگر وہ ان سے سوچتے نہیں، ان کے پاس آنکھیں ہیں مگر وہ ان سے دیکھتے نہیں، ان کے پاس کان تو ہیں مگر وہ ان سے سنتے نہیں، وہ جانوروں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گئے گزرے، یہ وہ لوگ ہیں جو غفلت میں کھوئے گئے ہیں۔

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَ لَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے سائے کو کس طرح پھیلا دیا ہے؟ اگر چاہتا تو اسے ٹھہرا ہوا ہی کر دیتا، پھر ہم

الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ۙ۴۵ ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ۴۶ وَ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ

نے آفتاب کو اس پر دلیل بنایا، پھر ہم نے اسے آہستہ آہستہ اپنی طرف کھینچ لیا، اور وہی ہے جس نے رات کو تمہارے لیے

لِبَاسًا وَّ النَّوْمَ سُبَاتًا وَّ جَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا ۴۷ وَ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا

پردہ بنایا، اور نیند کو راحت بنائی، اور دن کو کھڑے ہونے کا وقت، اور وہی ہے جو باران رحمت سے پہلے خوشخبری دینے والی

بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَ اَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ۙ۴۸ لِّنُحْيِۦَ بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا

ہواؤں کو بھیجتا ہے، اور ہم آسمان سے پاک پانی برساتے ہیں تا کہ اس کے ذریعے سے مردہ شہر کو زندہ کر دیں، اور اسے

وَّ نُسْقِيَهٗ مِمَّا خَلَقْنَآ اَنْعَامًا وَّ اَنَاسِيَّ كَثِيْرًا ۴۹ وَ لَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَيْنَهُمْ

ہم اپنی مخلوقات میں سے بہت سے چوپایوں اور انسانوں کو پلاتے ہیں، اور بیشک ہم نے اسے ان کے درمیان

لِيَذَّكَّرُوْا ۖ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ۵۰ (الفرقان ۴۵ تا ۵۰)

طرح طرح سے بیان کیا تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں، مگر پھر بھی اکثر لوگوں نے سوائے ناشکری کے مانا نہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے وجود اور قدرت پر دلائل بیان فرمائے کہ مختلف اور متضاد چیزوں کو وہی پیدا کر رہا ہے، تم روزانہ دیکھتے ہو کہ اللہ رب العالمین

---

[1] الاعراف ۱۷۹

صبح صادق کے بعد سورج کے طلوع ہونے تک کس طرح سایہ پھیلا دیتا ہے؟اور پھر دھوپ کے ساتھ سمٹنا اور سکڑنا شروع ہو جاتا ہے، اگر اللہ چاہتا تو اسے دائمی سایہ بنا دیتا اور سورج کی دھوپ سائے کو ختم ہی نہ کرتی، جیسے فرمایا

قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَیْكُمُ الَّیْلَ سَرْمَدًا اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَیْرُ اللّٰهِ یَاْتِیْكُمْ بِضِیَآءٍ ... ۷۱ (۱)

ترجمہ: اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم)! ان سے کہو کبھی تم لوگوں نے غور کیا کہ اگر اللہ قیامت تک تم پر ہمیشہ کے لیے رات طاری کر دے تو اللہ کے سوا وہ کونسا معبود ہے جو تمہیں روشنی لا دے؟۔

ہم نے سورج کو اس پر دلیل بنایا، یعنی اگر سورج نہ ہوتا تو سایہ نہ پہچانا جاتا کیوں کہ تمام اشیاء اپنی ضد سے پہچانی جاتی ہیں، پھر جیسے جیسے سورج بلند ہوتا ہے ہم اس سائے کو رفتہ رفتہ اپنی طرف سمیٹتے چلے جاتے ہیں یہاں تک کہ ختم ہو جاتا ہے اور اس کی جگہ رات کا گمبھیر اندھیرا چھا جاتا ہے،

عَنِ السُّدِّيِّ: قَوْلُهُ: ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَیْنَا قَبْضًا یَّسِیْرًا، يَقُولُ: قَبْضًا خَفِيًّا حَتَّى لَا يَبْقَى فِي الْأَرْضِ ظِلٌّ إِلَّا تَحْتَ سَقْفٍ أَوْ تَحْتَ شَجَرَةٍ، وَقَدْ أَظَلَّتْ مَا فَوْقَهُ

سدی آیت ''پھر ہم نے اسے آہستہ آہستہ اپنی طرف کھینچ لیا۔'' کے بارے میں کہتے ہیں آہستہ آہستہ اس کا سمیٹ لیتے ہیں حتی کہ زمین میں سایہ باقی نہیں رہتا اور وہ صرف چھت یا درخت کے نیچے ہوتا ہے حالانکہ اوپر سورج موجود ہوتا ہے۔ (۲)

اور یہ اللہ تعالیٰ کی تم پر بے پایاں رحمت اور اس کا لطف و کرم ہے کہ اس نے رات کو تمہارے لئے بمنزلہ لباس بنایا جو تمہارے وجود کو ڈھانپ لیتی ہے، جیسے فرمایا

وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰى ۱ (۳)

ترجمہ: قسم ہے رات کی جبکہ وہ چھا جائے۔

اور اسی نے نیند کو راحت و سکون کا سبب بنایا اور دن کو جی اٹھنے اور کاروبار و تجارت کا وقت بنایا، جیسے فرمایا

وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِیْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ... ۷۳ (۴)

ترجمہ: یہ اسی کی رحمت ہے کہ اس نے تمہارے لیے رات اور دن بنائے تا کہ تم (رات میں) سکون حاصل کرو اور (دن کو) اپنے رب کا فضل تلاش کرو۔

وَّجَعَلْنَا الَّیْلَ لِبَاسًا ۱۰ وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۱۱ (۵)

(۱) القصص ۷۱

(۲) تفسیرابن ابی حاتم ۲۷۰۳،۸

(۳) الیل ۱

(۴) القصص ۷۳

(۵) النبا ۱۱،۱۰

ترجمہ:اور رات کو پردہ پوش اور دن کو معاش کا وقت بنایا۔

عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اليَمَانِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ، قَالَ:بِاسْمِكَ أَمُوتُ وَأَحْيَا وَإِذَا قَامَ قَالَ:الحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ

حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بستر پر جاتے، تو فرماتے تیرے ہی نام پر سوتا اور جاگتا ہوں، اور جب صبح بیدار ہوتے تو یہ دعا پڑھتے اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں مرنے کے بعد زندہ کیا اور اسی کی طرف دوبارہ جانا ہے۔[1]

اور یہ بھی اللہ کی قدرت اور اس کا لطف و کرم ہے کہ بارش سے پہلے خنک اور بھیگی ہواؤں کو بشارت بنا کر بھیجتا ہے، جیسے فرمایا:

وَهُوَ الَّذِي يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ... ﴿۵۷﴾ [2]

ترجمہ:اور وہ اللہ ہی ہے جو ہواؤں کو اپنی رحمت کے آگے آگے خوشخبری لیے ہوئے بھیجتا ہے۔

اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ... ﴿۶۳﴾ [3]

ترجمہ:اور وہ کون ہے جو خشکی اور سمندر کی تاریکیوں میں تم کو راستہ دکھاتا ہے اور کون اپنی رحمت کے آگے ہواؤں کو خوشخبری لے کر بھیجتا ہے؟۔

پھر آسمان سے ہر طرح کے زہریلے جراثیم سے پاک پانی نازل کرتا ہے تا کہ ایک مردہ زمین کو اس کے ذریعے زندگی بخشے اور اپنی مخلوق میں سے بہت سے جانوروں اور انسانوں کو سیراب اور رزق مہیا کرے، جیسے فرمایا

وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ﴿۵﴾ [4]

ترجمہ: اور تم دیکھتے ہو کہ زمین سوکھی پڑی ہے، پھر جہاں ہم نے اس پر مینہ برسایا تو یکا یک وہ پھبک اٹھی اور پھول گئی اور اس نے ہر قسم کی خوش منظر نباتات اگلنی شروع کر دی۔

کیا ایسی بابرکت ذات جس نے تمہارے آرام وسکون کے لئے رات، معاشی ضروریات کے لئے دن اور تمہارے رزق کے لئے بارش کا انتظام فرمایا اس بات کی مستحق نہیں کہ صرف اسی کی عبادت کی جائے اور اس کی ذات وصفات اور افعال میں کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہرایا جائے،

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِنَّ الْمَاءَ طَهُورٌ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ

[1] صحیح بخاری کتاب الدعوات بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا نَامَ ۶۳۱۲،سنن ابوداودکتاب الادب بَابُ مَا يُقَالُ عِنْدَ النَّوْمِ ۵۰۴۹،جامع ترمذی ابواب الدعوات بَاب مَا جَاءَ فِي الدُّعَاءِ إِذَا انْتَبَهَ مِنَ اللَّيْلِ ۳۴۱۷، مسنداحمد۲۳۲۱۷، مسندالبزار۲۸۲۵،صحیح ابن حبان ۵۵۳۲،شعب الایمان ۴۰۷۵،السنن الکبری للنسائی ۱۰۶۲۶،سنن الدارمی ۲۷۲۸، مصنف ابن ابی شیبة۲۶۵۲۱،شرح السنة للبغوی ۱۳۱۱

[2] الاعراف۵۷

[3] النمل۶۳

[4] الحج۵

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانی پاک ہے اسے کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی۔[۱]

ہاں اگر اس کا رنگ یا بو یا ذائقہ بدل جائے تو ایسا پانی ناپاک ہے،اللہ اپنی حکمت ومشیت کے تحت بارش کے ساتھ مردہ زمین کو زندہ کر دینے کے کرشمے کو نت نئے انداز سے پے در پے ان کی نگاہوں کے سامنے لاتے ہیں تاکہ یہ ظالم کچھ نصیحت حاصل کریں کہ جس طرح اللہ تعالیٰ بارش سے مردہ زمین کو زندہ کر دیتا ہے اور اس میں سے طرح طرح کی نباتات وحشرات پیدا ہونے لگتے ہیں اسی طرح وہ مردہ انسانوں کو بھی زندہ کر دینے کی قدرت رکھتا ہے، جیسے فرمایا

...حَتّٰٓی اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّیِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَاۗءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۭ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى... ۵۷ [۲]

ترجمہ: پھر جب وہ پانی سے لدے ہوئے بادل اٹھالیتی ہیں تو انہیں کسی مردہ سرزمین کی طرف حرکت دیتا ہے اور وہاں مینہ برسا کر (اسی مری ہوئی زمین سے) طرح طرح کے پھل نکال لاتا ہے، دیکھو اس طرح ہم مردوں کو حالت موت سے نکالتے ہیں۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاۗءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ۭ اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا لَمُحْيِ الْمَوْتٰى... ۳۹ [۳]

ترجمہ: اور اللہ کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ تم دیکھتے ہو زمین سونی پڑی ہوئی ہے، پھر جونہی کہ ہم نے اس پر پانی برسایا، یکا یک وہ بھبک اٹھتی ہے اور پھول جاتی ہے یقیناً جو اللہ اس مری ہوئی زمین کو جلا اٹھاتا ہے وہ مردوں کو بھی زندگی بخشنے والا ہے۔

وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۹ [۴]

ترجمہ: وہ اللہ ہی تو ہے جو ہواؤں کو بھیجتا ہے، پھر وہ بادل اٹھاتی ہیں پھر ہم اسے ایک اجاڑ علاقے کی طرف لے جاتے ہیں اور اسی زمین کو جلا اٹھاتے ہیں جو مری پڑی تھی، مرے ہوئے انسانوں کا جی اٹھنا بھی اسی طرح ہوگا۔

وَالَّذِيْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءًۢ بِقَدَرٍ ۚ فَاَنْشَرْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۱۱ [۵]

ترجمہ: جس نے ایک خاص مقدار میں آسمان سے پانی اتارا اور اس کے ذریعہ سے مردہ زمین کو جلا اٹھایا اسی طرح ایک روز تم زمین سے برآمد کیے جاؤ گے۔

---

[۱] سنن ابوداودکتاب الطهارة بَابُ مَا جَاءَ فِي بِئْرِ بُضَاعَةَ ٦٧،جامع ترمذی ابواب الطهارة بَابُ مَا جَاءَ أَنَّ الْمَاءَ لاَ يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ ٦٦ ، سنن نسائی كِتَابُ الْمِيَاهِ بَابُ ذِكْرِ بِئْرِ بُضَاعَةَ ٣٢٧ ،سنن ابن ماجه كِتَابُ الطَّهَارَةِ وَسُنَنِهَا بَابُ الْحِيَاضِ ٥١٩

[۲] الاعراف ۵۷

[۳] حم السجدة ۳۹

[۴] فاطر ۹

[۵] الزخرف ۱۱

وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ۝ وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ۝ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۭ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ۝ [1]

ترجمہ: اور آسمان سے ہم نے برکت والا پانی نازل کیا، پھر اس سے باغ اور فصل کے غلے اور بلند و بالا کھجور کے درخت پیدا کر دیے جن پر پھلوں سے لدے ہوئے خوشے تہ بر تہ لگتے ہیں، یہ انتظام ہے بندوں کو رزق دینے کا، اس پانی سے ہم ایک مردہ زمین کو زندگی بخش دیتے ہیں (مرے ہوئے انسانوں کا زمین سے) نکلنا بھی اسی طرح ہوگا۔

مشرکین مکہ کا یہ عقیدہ تھا کہ بارش فلاں ستارے کی وجہ سے برستی ہے فرمایا کہ اکثر لوگ بارش کو اللہ کی رحمت اور اس کا فضل و کرم سمجھ کر شکر گزار ہونے کے بجائے کفر اور ناشکری کرتے ہیں،

عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الجُهَنِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: صَلَّى لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلاَةَ الصُّبْحِ بِالحُدَيْبِيَةِ عَلَى إِثْرِ سَمَاءٍ كَانَتْ مِنَ اللَّيْلَةِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: هَلْ تَدْرُونَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوا: اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: أَصْبَحَ مِنْ عِبَادِي مُؤْمِنٌ بِي وَكَافِرٌ، فَأَمَّا مَنْ قَالَ: مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللَّهِ وَرَحْمَتِهِ، فَذَلِكَ مُؤْمِنٌ بِي وَكَافِرٌ بِالكَوْكَبِ، وَأَمَّا مَنْ قَالَ: بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا، فَذَلِكَ كَافِرٌ بِي وَمُؤْمِنٌ بِالكَوْكَبِ

زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقام حدیبیہ میں ہمیں فجر کی نماز پڑھائی جب کہ رات کو بارش ہو چکی تھی، نماز سے فارغ ہونے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کیا تمہیں معلوم ہے تمہارے رب نے کیا فرمایا ہے؟ انہوں نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول خوب جاننے والا ہے، آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے فرمایا میرے بندوں میں سے بہت سے میرے ساتھ مومن ہو گئے اور بہت سے کافر ہو گئے، جنہوں نے کہا کہ صرف اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یہ بارش ہم پر برس رہی ہے وہ تو میرے ساتھ ایمان رکھنے والے اور ستاروں سے کفر کرنے والے ہوئے، اور جنہوں نے کہا کہ ہم پر فلاں فلاں ستارے کے اثر سے پانی برسایا گیا انہوں نے میرے ساتھ کفر کیا اور ستاروں پر ایمان لائے۔

وَ لَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ نَّذِيْرًا ۝ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَ جَاهِدْهُمْ

”اگر ہم چاہتے تو ہر بستی میں ایک ڈرانے والا بھیج دیتے، پس آپ کافروں کا کہنا نہ مانیں اور قرآن کے ذریعے ان سے

بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ۝ وَ هُوَ الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّ هٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ

پوری طاقت سے بڑا جہاد کریں، اور وہی ہے جس نے سمندر آپس میں ملا رکھے ہیں، یہ ہے میٹھا اور مزیدار اور یہ ہے کھاری کڑوا،

وَ جَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ۝ وَ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ

ان دونوں کے درمیان ایک حجاب اور مضبوط اوٹ کر دی، وہ جس نے پانی سے انسان کو پیدا کیا، پھر اسے

---

[1] ق ۹تا۱۱

نَسَبًا وَّ صِهْرًا ؕ وَ كَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا۝۵۴ وَ يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

نسب والااور سسرالی رشتوں والا کر دیا، بلاشبہ آپ کا پروردگار (ہر چیز پر) قادر ہے، یہ اللہ کو چھوڑ کر ان کی عبادت کرتے ہیں

مَا لَا يَنْفَعُهُمْ وَ لَا يَضُرُّهُمْ ؕ وَ كَانَ الْكَافِرُ عَلٰى رَبِّهٖ ظَهِيْرًا۝۵۵

جو نہ تو انھیں کوئی نفع دے سکیں نہ کوئی نقصان پہنچا سکیں، اور کافر تو ہے ہی اپنے رب کے خلاف (شیطان کی) مدد کرنے والا،

وَ مَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا۝۵۶ قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ

ہم نے تو آپ کو خوشخبری اور ڈر سنانے والا (نبی) بنا کر بھیجا ہے، کہہ دیجئے کہ میں قرآن کے پہنچانے پر تم سے ک

اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا۝۵۷ (الفرقان ۵۱ تا ۵۷)

وئی بدلہ نہیں چاہتا مگر جو شخص اپنے رب کی طرف راہ پکڑنا چاہے۔

ہماری مشیت اس سے قاصر نہ تھی ہم ہر بستی میں ایک متنبہ کرنے والا مبعوث فرما دیتے مگر ہم نے اپنی مشیت و حکمت سے ایسا نہیں کیا بلکہ آپ کو ہی تمام انسانوں کے لئے نذیر و بشیر بنا کر بھیجا ہے، جیسے فرمایا

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ِۨ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ... ۝۱۵۸ [1]

ترجمہ: اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)! کہو کہ اے انسانو! میں تم سب کی طرف اس خدا کا پیغمبر ہوں جو زمین اور آسمانوں کی بادشاہی کا مالک ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:أُعْطِيتُ خَمْسًا لَمْ يُعْطَهُنَّ نَبِيٌّ قَبْلِي، وَلا أَقُولُهُنَّ فَخْرًا: بُعِثْتُ إِلَى النَّاسِ كَافَّةً، الْأَحْمَرِ وَالْأَسْوَدِ، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِيرَةَ شَهْرٍ، وَأُحِلَّتْ لِي الْغَنَائِمُ، وَلَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِي، وَجُعِلَتْ لِي الْأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُورًا، وَأُعْطِيتُ الشَّفَاعَةَ، فَأَخَّرْتُهَا لِأُمَّتِي، فَهِيَ لِمَنْ لا يُشْرِكُ بِاللَّهِ شَيْئًا

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے پانچ ایسی خصوصیات عطاء فرمائی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی کو نہیں دی گئیں اور میں یہ بات فخر کے طور پر بیان نہیں کر رہا، مجھے ہر سرخ اور سیاہ کی طرف مبعوث کیا گیا ہے اور ایک ماہ کی مسافت پر رعب کے ذریعے میری مدد کی گئی ہے اور میرے لئے مال غنیمت کو حلال کیا گیا ہے جبکہ مجھ سے پہلے کسی کے لئے حلال نہیں کیا گیا اور میرے لئے روئے زمین کو سجدہ گاہ اور باعث طہارت بنادیا گیا ہے اور مجھے شفاعت کا حق دیا گیا ہے جسے میں نے اپنی امت کے لئے قیامت کے دن تک موخر کر دیا ہے اور یہ ہر اس شخص کے لئے ہے جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا ہو۔

أَخْبَرَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:وَكَانَ النَّبِيُّ يُبْعَثُ إِلَى قَوْمِهِ خَاصَّةً وَبُعِثْتُ إِلَى النَّاسِ عَامَّةً

اور جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت میں ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر نبی کو بطور خاص انہی کی قوم کی طرف بھیجا جاتا تھا جبکہ مجھے تمام

---

[1] الاعراف ۱۵۸

لوگوں کی طرف بھیجا گیا ہے۔ [1]

پس اے نبی ﷺ! کفار کی ہدایت سے مایوس ہو کر اور ان کی خواہشات کی خاطر وعظ ونصیحت کو ترک نہ کرو بلکہ اس قرآن کے ساتھ اوامرونواہی کھول کھول کر بیان کر واور اہل کفر کے لئے جو زجر و توبیخ اور وعیدیں ہیں واضح کرو، جیسے فرمایا

یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ جَاھِدِ الْکُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ وَاغْلُظْ عَلَیْھِمْ ... ۝۷۳ [2]

ترجمہ:اے نبی! کفار اور منافقین دونوں کا پوری قوت سے مقابلہ کرو اور ان کے ساتھ سختی سے پیش آؤ۔

یٰٓاَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ... ۝۶۷ [3]

ترجمہ:اے پیغمبر!جو کچھ تمہارے رب کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے وہ لوگوں تک پہنچادو اگر تم نے ایسا نہ کیا تو اس کی پیغمبری کا حق ادا نہ کیا۔

اور یہ بھی اللہ ہی کی قدرت ہے جس نے دوسمندروں کو برابر برابر جاری کر رکھا ہے،جن میں ایک کا پانی تمہارے پینے، گھریلو ضروریات اور آب پاشی کے لئے لذیذ وشیریں ہے جبکہ دوسرا پانی جو محفوظ ذخیرہ ہے سخت کھاری اور کڑوا ہے اور دونوں کے درمیان ایک حجاب حائل ہے جو انہیں گڈمڈ ہونے سے روکے ہوئے ہے،جیسے فرمایا:

مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ ۝۱۹ بَیْنَہُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ ۝۲۰ [4]

ترجمہ:دوسمندروں کو اس نے چھوڑ دیا کہ باہم مل جائیں پھر بھی ان کے درمیان ایک پردہ حائل ہے جس سے وہ تجاوز نہیں کرتے۔

...وَجَعَلَ بَیْنَ الْبَحْرَیْنِ حَاجِزًا ... ۝۶۱ [5]

ترجمہ: اور پانی کے دوذخیروں کے درمیان پردے حائل کر دیے۔

اور یہ بھی اللہ وحدہ لاشریک کی قدرت کا ادنیٰ سا کرشمہ ہے جس نے پانی کے ایک حقیر بدبودار قطرے سے متناسب جسم وجاں،خوبصورت شکل وصورت اور بہترین صلاحیتوں والا ایک جیتا جاگتا انسان پیدا کر دیا،جن میں مرد اور عورتیں ہوتی ہیں،جو انسانیت میں یکساں مگر جسمانی ونفسانی خصوصیات میں نہایت مختلف ہیں،پھر ان سے بے شمار اولاد پھیلائی اور نسب اور سسرال کے دو الگ سلسلے چلائے،بیشک اللہ رب العالمین بڑا ہی قدرتوں والا ہے اور ہر طرح کے شریک سے بالا وبرتر ہے جو یہ مشرکین کرتے ہیں،ایسی قدرتوں والے الٰہ کو چھوڑ کر لوگ آباواجداد کی تقلید اور نفسانی خواہشات کی وجہ سے ان معبودوں کی پرستش کر رہے ہیں جو ان کو نفع پہنچا سکتے ہیں نہ کسی قسم کا نقصان،جیسے فرمایا

---

[1] صحیح بخاری کِتَابُ التَّیَمُّمِ باب احدیث۳۳۵،صحیح مسلم کِتَابُ وباب الْمَسَاجِدِ وَمَوَاضِعِ الصَّلَاةَ ۱۱۶۳،مسنداحمد ۱۴۲۶۴

[2] التوبة۷۳

[3] المائدة۶۷

[4] الرحمٰن ۱۹،۲۰

[5] النمل۶۱

قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ... ﴿۷۶﴾ [1]

ترجمہ:اِن سے کہو کیا تم اللہ کو چھوڑ کر اس کی پرستش کرتے ہو جو نہ تمہارے لیے نقصان کا اختیار رکھتا ہے نہ نفع کا؟۔

اوراس پر مزید یہ کہ اللہ تعالیٰ،اس کے رسول اوراس کی نازل کردہ کتاب سے کفر کرنے والا ہر سرکش وباغی کا مددگار بنا ہوا ہے، مگر انجام کار حزب شیطان کو عبرت ناک شکست اور حزب اللہ کو غلبہ اور شوکت نصیب ہو گا، جیسے فرمایا

...وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ... ﴿۴۰﴾ [2]

ترجمہ: اور بلند وعزیز تو اللہ کا کلمہ ہی ہے۔

اے نبی ﷺ!جو راہ راست اختیار کرے ان کے لئے اللہ کی رحمت،رضاوخوشنودی اور لازوال نعمتوں سے بھری جنتوں کی بشارت دینے والااور جو روگردانی کرے انہیں عذاب جہنم سے ڈرانے والابنا کر بھیجا ہے،اور اپنی بے غرضی کے لئے بابانگ دھل اعلان کر دو کہ میں تم سے اس وعظ ونصیحت اور خیر خواہی کی کوئی اجرت نہیں مانگتامیری اجرت بس اتنی ہے کہ تم میں سے جو راہ راست اختیار کرناچاہے وہ طاغوت کی بندگی واطاعت سے تائب ہو کر اپناچہرہ اللہ رب العالمین کی طرف پھر لے۔

وَ تَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَ سَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ؕ

اس ہمیشہ زندہ رہنے والے اللہ تعالیٰ پر توکل کریں جسے کبھی موت نہیں،اوراس کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کرتے رہیں،

وَ كَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرَاۚ ﴿۵۸﴾ ِالَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَا

وہ اپنے بندوں کے گناہوں سے کافی خبردار ہے،وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان کی

فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ اَلرَّحْمٰنُ فَسْـَٔلْ بِهٖ خَبِيْرًا ﴿۵۹﴾

سب چیزوں کو چھ دن میں پیدا کر دیا ہے، پھر عرش پر مستوی ہوا،وہ رحمان ہے، آپ اس کے بارے میں کسی خبردار سے پوچھ

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَ مَا الرَّحْمٰنُ ۗ اَنَسْجُدُ لِمَا

لیں،ان سے جب بھی کہا جاتا ہے کہ رحمان کو سجدہ کرو، تو جواب دیتے ہیں رحمان ہے کیا؟ کیا ہم اسے سجدہ کریں جس کا

تَاْمُرُنَا وَ زَادَهُمْ نُفُوْرًا ﴿۶۰﴾ السجدة (الفرقان ۵۸تا۶۰)

تو ہمیں حکم دے رہا ہے اوراس (تبلیغ) نے ان کی نفرت میں مزید اضافہ کر دیا۔

اے نبی ﷺ!اس اللہ وحدہ لاشریک پر بھروسہ رکھو جو زندہ ہے اور کبھی مرنے والا نہیں، جیسے فرمایا

[1] المائدة۷۶

[2] التوبة۴۰

وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ۝۸۸ [۱]

ترجمہ:اور اللہ کے سوا کسی دوسرے معبود کو نہ پکارو اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے،ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے سوائے اس کی ذات کے۔
اس کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح وتہلیل بیان کرو،

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي رُكُوعِهِ وَسُجُودِهِ،سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي،يَتَأَوَّلُ الْقُرْآنَ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رکوع اور سجود میں یوں تسبیح کیا کرتے تھے اے اللہ!ہمارے پروردگار!ہم تیری تسبیح تیری حمد کے ساتھ بیان کرتے ہیں اے اللہ مجھے بخش دے،قرآن پرعمل کرتے ہوئے۔[۲]

اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے گناہوں سے خبر رکھنے کو کافی ہے،اس کی قدرت کمال تو یہ ہے کہ اس نے چھ دنوں میں وسیع وعریض سات زمینوں اور بغیر ستونوں کے تہ بہ تہہ بلند وبالا سات آسمانوں کو اور ان کے درمیان چاند،سورج،ستارے،سیارے،پانی کے ذخیرے سمندر اور بحر وبر کی انگنت مخلوقات کو تخلیق کر دیا،پھر آپ ہی اپنی شان کے لائق عرش عظیم پر جلوہ فرما ہو،اَلرَّحْمٰنُ کی شان کیا ہے اس کی معرفت تو اس سے پوچھو جو ذات الٰہ کا عالم اور صفات الٰہ کو جانتا ہو،پس اس کی اتباع اور اقتدا کرو،مشرکین اللہ کے سوا غیر اللہ کو سجدہ کرتے تھے اس لئے ان لوگوں سے جب کہا جاتا کہ معبودان باطلہ کے بجائے اپنے رب رحمان کو سجدہ کرو جس نے تمہیں بھوک میں کھانا اور ہر طرح کے خوف سے امن دیا ہے،جیسے فرمایا:

فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝۳ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ڏ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝۴ [۳]

ترجمہ:لہذا ان کو چاہیے کہ اس گھر کے رب کی عبادت کریں،جس نے انہیں بھوک سے بچا کر کھانے کو دیا اور خوف سے بچا کر امن عطا کیا۔
اور انواع واقسام کی نعمتوں سے نواز رکھا ہے تو ناواقفیت کی بنا پر نہیں کیونکہ رحمان کالفظ قدیم زمانے سے معروف ومستعمل تھا بلکہ طغیان جاہلیت کی بنا پر کہتے رحمان کیا ہوتا ہے،جیسے فرعون نے موسیٰ کو کہا تھا:

قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ۝۴۹ [۴]

ترجمہ:فرعون نے کہا اچھا تو پھر تم دونوں کا رب کون ہے اے موسیٰ؟۔

اور جیسے صلح حدیبیہ میں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کاتب کو معاہدے کے اوپر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھنے کو کہا تو مشرکین مکہ نے اس پر

---

[۱] القصص ۸۸

[۲] صحیح بخاری كِتَابُ الأَذَانِ بَابُ الدُّعَاءِ فِي الرُّكُوعِ ۷۹۴،صحیح مسلم كِتَابُ الصَّلَاةِ بَابُ مَا يُقَالُ فِي الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ ۱۰۸۵، مسند احمد ۲۴۶۸۵

[۳] القریش ۴،۳

[۴] طہ ۴۹

اعتراض کیا کہ ہم الرحمٰن الرحیم کو نہیں جانتے،اس لئے صرف باسمک الھم لکھو۔[۱]

ایک مقام پر فرمایا

وَهُمْ يَكْفُرُونَ بِالرَّحْمٰنِ [۲]

ترجمہ:اس حال میں کہ یہ اپنے نہایت مہربان اللہ کے کافر بنے ہوئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اس کے جواب میں فرمایا:

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۝۱۱۰ [۳]

ترجمہ: اے نبی!ان سے کہو اللہ کو پکارو یا رحمان کہہ کر جس نام سے بھی پکارو اس کے لئے سب اچھے ہی نام ہیں۔

اور کافرانہ شوخی سے کہتے کیا بس جسے تو کہہ دے اسی کو ہم سجدہ کرتے پھریں؟یہ دعوت ان کی نفرت میں الٹا اور اضافہ کر دیتی ہے۔

اس جگہ سجدہ تلاوت مشروع ہے،مسنون ہے کہ آدمی جب اس آیت کو سنے تو جواب میں کہے

زادنا الله خُضُوعًاما زاد للاعدآء نفورا

اللہ کرے ہمارا خضوع اتنا ہی بڑھے جتنا دشمنوں کا نفور بڑھتا ہے۔[۴]

تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّ جَعَلَ فِيْهَا سِرٰجًا وَّ قَمَرًا مُّنِيْرًا ۝۶۱ وَ هُوَ الَّذِيْ

بابرکت ہے وہ جس نے آسمان میں برج بنائے، اور اس میں آفتاب بنایا، اور منور مہتاب بھی، اور اسی نے

جَعَلَ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ

رات اور دن کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے والا بنایا،اس شخص کی نصیحت کے لیے جو نصیحت حاصل کرنے یا شکر

اَرَادَ شُكُوْرًا ۝۶۲ وَ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّ اِذَا

گزاری کرنے کا ارادہ رکھتا ہو، رحمان کے (سچے) بندے وہ ہیں جو زمین پر مصلحت کے ساتھ چلتے ہیں، اور جب

---

[۱] صحیح بخاری کتاب الشروط بَابُ الشُّرُوطِ فِي الجِهَادِ وَالمُصَالَحَةِ مَعَ أَهْلِ الحَرْبِ وَكِتَابَةِ الشُّرُوطِ ۲۷۳۱، ۲۷۳۲،صحیح مسلم کتاب الجهادوالسیر بَابُ صُلْحِ الْحُدَيْبِيَةِ فِي الْحُدَيْبِيَةِ۴۶۳۱ ، مسند احمد ۶۵۶، مستدرک حاکم ۲۶۵۷،صحیح ابن حبان ۴۸۷۲،السنن اکبری للنسائی ۱۱۴۴۷،السنن الکبری للبیهقی ۱۶۷۴۱،مصنف ابن ابی شیبة۳۶۸۳۹، مسند ابی یعلی ۴۷۴، مصنف عبدالرزاق ۹۷۲۰،ابن ہشام۳۱۷؍۲

[۲] الرعد۳۰

[۳] بنی اسرائیل۱۱۰

[۴] تفسیرالثعلبی۱۴۳؍۷، تفسیرالزمحشری۲۶۹؍۲، غرائب القرآن ورغائب الفرقان۲۵۳؍۵

خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ۝۶۳ وَ الَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ

بےعلم لوگ ان سے باتیں کرنے لگتے ہیں تو وہ کہہ دیتے ہیں کہ سلام ہے، اور جو اپنے رب کے سامنے

سُجَّدًا وَّ قِيَامًا ۝۶۴ (الفرقان ۶۱ تا ۶۴)

سجدے اور قیام کرتے ہوئے راتیں گزار دیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی رفعت وعظمت:

اللہ تعالیٰ نے اسی سورۃ میں تیسری مرتبہ تبارک اللہ فرمایا جو اس کی عظمت، اس کے کثرت اوصاف اور اس کے احسان وبھلائی کی وسعت پر دلالت کرتا ہے، فرمایا بابرکت ہے وہ ذات جس نے آسمان دنیا میں محفوظ خطے بنائے جسے جن یا شیاطین عبور نہیں کر سکتے، اور اس میں ایک خوب چمکتا اور دھمکتا ہوا سورج بنایا جیسے فرمایا

وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۝۱۳ [۱]

ترجمہ: اور ایک نہایت روشن اور گرم چراغ پیدا کیا۔

اور چاند کو نور بنایا، جیسے فرمایا

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا ۝۵ [۲]

ترجمہ: وہ اللہ تعالیٰ ایسا ہے جس نے آفتاب کو چمکتا ہوا بنایا اور چاند کو نورانی بنایا۔

نوح علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا تھا

اَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۝۱۵ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ۝۱۶ [۳]

ترجمہ: کیا دیکھتے نہیں ہو کہ اللہ نے کس طرح سات آسمان تہ بر تہ بنائے اور ان میں چاند کو نور اور سورج کو چراغ بنایا؟۔

وہ اللہ وحدہ لاشریک ہی ہے جس نے یہ نظام بنایا کہ رات جاتی تو دن آجاتا ہے اور جب دن جاتا ہے تو رات آجاتی ہے، دونوں بیک وقت جمع نہیں ہوتے، جیسے فرمایا

لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۭ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ۝۴۰ [۴]

ترجمہ: نہ سورج کے بس میں یہ ہے کہ وہ چاند کو جاپکڑے اور نہ رات دن پر سبقت لیجا سکتی ہے۔

یہ ہر اس شخص کے لئے ایک نشانی ہے جو نصیحت لینا چاہے یا شکر گزار ہونا چاہیے،

[۱] النبا ۱۳

[۲] یونس ۵

[۳] نوح ۱۶،۱۵

[۴] یٰسین ۴۰

يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ يَبْسُطُ يَدَهُ بِاللَّيْلِ لِيَتُوبَ مُسِيءُ النَّهَارِ، وَيَبْسُطُ يَدَهُ بِالنَّهَارِ لِيَتُوبَ مُسِيءُ اللَّيْلِ، حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا

ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ عزت وبزرگی والارات کواپنے ہاتھ پھیلاتا ہے تاکہ دن کا گنہگار توبہ کرلے اور دن کو ہاتھ پھیلاتا ہے کہ رات کا گنہگار توبہ کرلے یہاں تک کہ آفتاب پچھم سے نکلے۔ [1]

کامل مومنوں کے اوصاف بیان فرمائے کہ رحمان کے محبوب وپسندیدہ بندے وہ ہیں جو اللہ کی زمین پر غرور وتکبر سے نہیں بلکہ تواضع، فروتنی اور باوقار مہذب انداز سے چلتے ہیں، لقمان رحمہ اللہ نے اپنے بیٹے کو نصیحت کی تھی۔

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ۝ۚ ﴿۱۸﴾ [2]

ترجمہ: اور لوگوں سے منہ پھیر کر بات نہ کر نہ زمین میں اکڑ کر چل، اللہ کسی خود پسند اور فخر جتانے والے شخص کو پسند نہیں کرتا۔

...وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِۨ ﴿۲۳﴾ [3]

ترجمہ: اللہ ایسے لوگوں کو پسند نہیں کرتا جو اپنے آپ کو بڑی چیز سمجھتے ہیں اور فخر جتاتے ہیں۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:إِذَا سَمِعْتُمُ الإِقَامَةَ، فَامْشُوا إِلَى الصَّلاَةِ وَعَلَيْكُم بِالسَّكِينَةِ وَالوَقَارِ، وَلاَ تُسْرِعُوا، فَمَا أَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوا، وَمَا فَاتَكُمْ فَأَتِمُّوا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم لوگ تکبیر کی آواز سن لو تو نماز کے لئے (معمولی چال سے) چل پڑو، سکون اور وقار کو (بہرحال) لازم پکڑے رکھو اور دوڑ کر نہ آؤ پھر نماز کا جو حصہ ملے اسے پڑھ لو اور جو فوت ہو جائے اسے بعد میں پورا کرلو۔ [4]

اور اگر جاہل ان سے بدتمیزی کا برتاؤ کرنے لگیں تو یہ ان کی طرح جہالت پر نہیں اتر آتے بلکہ درگزر کر لیتے ہیں اور گندی باتوں سے اپنی زبان کو آلودہ نہیں کرتے، جیسے فرمایا

وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۡ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۡ لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ﴿۵۵﴾ [5]

ترجمہ: اور جب انہوں نے بیہودہ بات سنی تو یہ کہہ کر اس سے کنارہ کش ہو گئے کہ ہمارے اعمال ہمارے لئے اور تمہارے اعمال تمہارے لئے، تم کو سلام ہے، ہم جاہلوں کا سا طریقہ اختیار کرنا نہیں چاہتے۔

---

[1] صحیح مسلم کتاب التوبہ بَابُ قَبُولِ التَّوْبَةِ مِنَ الذُّنُوبِ وَإِنْ تَكَرَّرَتِ الذُّنُوبُ وَالتَّوْبَةُ۶۹۸۹، مسنداحمد۱۹۶۱۹، شعب الایمان ۶۶۷۳،السنن الکبری للبیہقی۲۰۷۶۶

[2] لقمان ۱۸

[3] الحدید۲۳

[4] صحیح بخاری کتاب الاذان بَابُ لاَ يَسْعَى إِلَى الصَّلاَةِ، وَلْيَأْتِ بِالسَّكِينَةِ وَالوَقَارِ ۶۳۶،صحیح مسلم کتاب المساجد بَابُ اسْتِحْبَابِ إِتْيَانِ الصَّلَاةِ بِوَقَارٍ وَسَكِينَةٍ، وَالنَّهْيِ عَنْ إِتْيَانِهَا سَعْيًا۱۳۵۹،مسند احمد ۱۰۸۹۳،السنن الکبری للبیہقی ۵۱۴۵

[5] القصص۵۵

عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ الْمُزَنِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَسَبَّ رَجُلٌ رَجُلًا عِنْدَهُ، قَالَ: فَجَعَلَ الرَّجُلُ الْمَسْبُوبُ يَقُولُ: عَلَيْكَ السَّلَامُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:أَمَا إِنَّ مَلَكًا بَيْنَكُمَا يَذُبُّ عَنْكَ كُلَّمَا يَشْتُمُكَ هَذَا، قَالَ لَهُ: بَلْ أَنْتَ وَأَنْتَ أَحَقُّ بِهِ، وَإِذَا قَالَ لَهُ: عَلَيْكَ السَّلَامُ، قَالَ: لَا بَلْ لَكَ أَنْتَ، أَنْتَ أَحَقُّ بِهِ

نعمان بن مقرن مزنی سے مروی ہے ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ کے پاس کسی دوسرے شخص کو گالی دی، جس کو گالی دی گئی تھی اس نے جواب میں یہ کہنا شروع کر دیا تجھ پر اللہ کی سلامتی ہو، رسول اللہ ﷺ نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا سنو! یقیناً تمہاری طرف سے ایک فرشتہ دفاع کر رہا ہے جب بھی وہ تمہیں گالی دیتا ہے تو فرشتہ کہتا ہے تم ہی اس گالی کے مصداق ہو بلکہ تم اس کے زیادہ حق دار ہو اور جب تم یہ کہتے ہو کہ تجھ پر اللہ کی سلامتی ہو تو فرشتہ کہتا ہے اس پر نہیں بلکہ تم پر اللہ کی سلامتی ہو اللہ تعالیٰ کی سلامتی کے اس کی نسبت تم زیادہ حق دار ہو۔[1]

ان کی راتیں لہو ولعب میں نہیں بلکہ آدھی یا تہائی رات اپنے رب کے حضور اپنے گناہوں کی بخشش اور اس کی رضا وخوشنودی کے لئے سجدے اور قیام میں گزارتے ہیں، جیسے فرمایا

اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ ﴿٢٠﴾ [2]

ترجمہ: اے نبی (ﷺ)! تمہارا رب جانتا ہے کہ تم کبھی دو تہائی رات کے قریب اور کبھی آدھی رات اور کبھی ایک تہائی رات عبادت میں کھڑے رہتے ہو اور تمہارے ساتھیوں میں سے بھی ایک گروہ یہ عمل کرتا ہے۔

تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ... ﴿١٦﴾ [3]

ترجمہ: اُن کی پہلو بستروں سے الگ رہتے ہیں اپنے رب کو خوف اور طمع کے ساتھ پکارتے ہیں۔

كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿١٧﴾ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿١٨﴾ [4]

ترجمہ: یہ اہل جنت وہ لوگ تھے جو راتوں کو کم ہی سوتے تھے اور سحر کے اوقات میں مغفرت کی دعائیں مانگا کرتے تھے۔

اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ... ؕ ﴿٩﴾ [5]

ترجمہ: کیا اس شخص کا انجام کسی مشرک جیسا ہو سکتا ہے جو اللہ کا فرماں بردار ہو، رات کے اوقات میں سجدے کرتا اور کھڑا رہتا ہو، آخرت سے ڈرتا ہو اور اپنے رب کی رحمت سے امید لگاتا ہو؟۔

وَ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ

اور جو یہ دعا کرتے ہیں اے ہمارے پروردگار! ہم سے دوزخ کا عذاب پرے ہی پرے رکھ، کیونکہ اس کا عذاب

[1] مسند احمد ٢٣٧٤٥

[2] المزمل ٢٠

[3] السجدة ١٦

[4] الذاریات ١٧، ١٨

[5] الزمر ٩

غَرَامًا ﴿۶۵﴾ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا ﴿۶۶﴾ وَ الَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا

چمٹ جانے والا ہے، بیشک وہ ٹھہرنے اور رہنے کے لحاظ سے بدترین جگہ ہے، اور جو خرچ کرتے وقت بھی اسراف کرتے ہیں

وَ لَمْ يَقْتُرُوْا وَ كَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴿۶۷﴾ وَ الَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ

نہ بخیلی، بلکہ ان دونوں کے درمیان معتدل طریقے پر خرچ کرتے ہیں، اور اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہیں پکارتے،

اِلٰهًا اٰخَرَ وَ لَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَ لَا يَزْنُوْنَ ۚ

اور کسی ایسے شخص کو جسے قتل کرنا اللہ تعالیٰ نے منع کر دیا ہو وہ بجز حق کے قتل نہیں کرتے، نہ وہ زنا کے مرتکب ہوتے ہیں،

وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿۶۸﴾ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ يَخْلُدْ فِيْهٖ

اور جو کوئی یہ کام کرے وہ اپنے اوپر سخت وبال لائے گا، اسے قیامت کے دن دوہرا عذاب کیا جائے گا اور وہ ذلت وخواری کے

مُهَانًا ﴿۶۹﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ وَ اٰمَنَ وَ عَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ

ساتھ ہمیشہ اسی میں رہے گا، سوائے ان لوگوں کے جو توبہ کریں اور ایمان لائیں اور نیک کام کریں، ایسے لوگوں کے گناہوں کو

سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۰﴾ (الفرقان ۶۵ تا ۷۰)

اللہ تعالیٰ نیکیوں سے بدل دیتا ہے، اللہ بخشنے والا مہربانی کرنے والا ہے۔

جو اپنی راست روی اور عبادات پر مغرور نہیں ہو جاتے بلکہ اپنی ساری نیکیوں اور عبادتوں کے باوجود وہ اس خوف سے کانپتے رہتے ہیں کہ کہیں ہمارے عمل کی کوتاہیاں ہمیں مبتلائے عذاب نہ کر دیں اس لئے اپنے رب کے حضور گڑگڑا کر دعائیں کرتے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہمیں جہنم کے الم ناک عذاب سے بچالے اس کا عذاب تو جان کا لاگو ہے، جبکہ جنت ٹھہرنے اور رہنے کی بہت ہی عمدہ جگہ ہے۔

...حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۷۶﴾ [1]

ترجمہ: کیا ہی اچھا ہے وہ مستقر اور وہ مقام۔

عَنِ الْحَسَنِ: {وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا} [2] الْآيَةَ: قَالَ: كُلُّ شَيْءٍ يُصِيبُ ابْنَ آدَمَ يَزُولُ عَنْهُ وَلَيْسَ بِغَرَامٍ، وَإِنَّمَا الْغَرَامُ اللَّازِمُ مَا دَامَتِ السَّمٰوَاتُ وَالْأَرْضُ

حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں ''کیونکہ اس کا عذاب چمٹ جانے والا ہے۔'' سے مراد ہے ہر وہ چیز ہے جو ابن آدم کو لاحق ہو پھر وہ زائل

---

[1] الفرقان ۷۶

[2] [الفرقان: ۶۵

ہو جائے تو وہ غرام نہیں ہے بلکہ غرام وہ ہے جو اس وقت تک باقی رہے جب تک آسمان اور زمین باقی رہے گا۔ [۱]

وہ تو بڑا ہی برا مستقر اور مقام ہے، اللہ تعالیٰ نے انہیں جو پاکیزہ رزق عطا کیا ہے اسے عیاشیوں، ناجائز اور دکھاوے کے کاموں پر خرچ کرنے کے بجائے اللہ کی رضا و خوشنودی حاصل کرنے کے لئے خرچ کرتے ہیں تو نہ فضول خرچی کرتے ہیں کہ خود ہی محتاج ہو جائیں اور نہ بخیلی پر اتر آتے ہیں کہ خرچ ہی نہ کریں بلکہ میانہ روی اختیار کرتے ہیں، جیسے فرمایا

وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿۲۹﴾ [۲]

ترجمہ: نہ تو اپنا ہاتھ گردن سے باندھ رکھو اور نہ اسے بالکل ہی کھلا چھوڑ دو کہ ملامت زدہ اور عاجز بن کر رہ جاؤ۔

جو اپنی مشکلات اور پریشانیوں میں اپنے خالق اور رازق اللہ وحدہ لاشریک کے سوا کسی اور خود ساختہ معبود کو نہیں پکارتے، جیسے لقمان رحمہ اللہ نے اپنے بیٹے کو نصیحت کی تھی۔

وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ۗ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۳﴾ [۳]

ترجمہ: یاد کرو جب لقمان اپنے بیٹے کو نصیحت کر رہا تھا تو اس نے کہا بیٹا اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا حق یہ ہے کہ شرک بہت بڑا ظلم ہے۔

اللہ کی حرام کی ہوئی کسی جان کو ناحق ہلاک نہیں کرتے، جیسے فرمایا

...وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ... ﴿۱۵۱﴾ [۴]

ترجمہ: اور کسی جان کو جسے اللہ نے محترم ٹھہرایا ہے ہلاک نہ کرو مگر حق کے ساتھ۔

وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ... ﴿۳۳﴾ [۵]

ترجمہ: قتل نفس کا ارتکاب نہ کرو جسے اللہ نے حرام کیا ہے مگر حق کے ساتھ۔

یعنی قتل تین صورتوں میں کیا جا سکتا ہے،

إما بكفر بالله بعد إسلامها أو زنا بعد إحصانهاأو قتل نفس، فتقتل بها

اسلام لانے کے بعد کوئی کفر کرے جسے ارتداد کہتے ہیں، شادی شدہ زانی کو زنا کی پاداش میں سنگسار کرنا یا قتل کے قصاص میں قتل کرنا، ان صورتوں میں حکومت وقت اس شخص کو قتل کا حکم دے گی۔

اور زنا کے مرتکب نہیں ہوتے بلکہ وہ اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں جیسے فرمایا

---

[۱] تفسیرابن ابی حاتم ۲۷۲۴،۸

[۲] بنی اسرائیل ۲۹

[۳] لقمان ۱۳

[۴] الانعام ۱۵۱

[۵] بنی اسرائیل ۳۳

اِلَّا عَلٰۤى اَزۡوَاجِهِمۡ اَوۡ مَا مَلَكَتۡ اَيۡمَانُهُمۡ ... ۚ ﴿٦﴾ [1]

ترجمہ: سوائے اپنی بیویوں کے اور ان عورتوں کے جو ان کی ملکیت میں ہوں۔

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ الذَّنْبِ أَكْبَرُ؟ قَالَ:أَنْ تَجْعَلَ لِلَّهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ ، قَالَ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ:أَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ أَنْ يَطْعَمَ مَعَكَ ، قَالَ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ:أَنْ تُزَانِيَ حَلِيلَةَ جَارِكَ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: فَأَنْزَلَ اللَّهُ تَصْدِيقَ ذَلِكَ : {وَالَّذِينَ لَا يَدۡعُونَ مَعَ اللّٰهِ إِلَٰهًا آخَرَ ,وَلَا يَقۡتُلُونَ النَّفۡسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالۡحَقِّ، وَلَا يَزۡنُونَ، وَمَنۡ يَفۡعَلۡ ذٰلِكَ يَلۡقَ أَثَامًا} [2]

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کون سا گناہ سب سے بڑا ہے؟ فرمایا یہ کہ تو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرائے حالانکہ اس نے تجھے پیدا کیا ہے، میں نے کہا اس کے بعد کون سا گناہ بڑا ہے؟ فرمایا اپنی اولاد کو اس خوف سے قتل کرنا کہ وہ تیرے ساتھ کھائے گی، میں نے پوچھا پھر کونسا؟ فرمایا یہ کہ تو اپنے پڑوسی کی بیوی سے زنا کرے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان باتوں کی تصدیق اس آیت سے ہوتی ہے، پھر آپ نے آیت تلاوت فرمائی۔ ’’(رحمٰن کے بندے وہی ہیں) جو اللہ کے ساتھ کسی اور کو نہیں پکارتے اور نہ اللہ کی حرام کردہ کسی جان کو قتل کرتے ہیں مگر حق کے ساتھ اور نہ بدکاری کرتے ہیں، یہ کام جو کوئی کرے وہ اپنے گناہ کا بدلہ پائے گا۔‘‘ [3]

عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ قَالَ:قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ: إِنَّمَا هُنَّ أَرْبَعٌ، لا تُشْرِكُوا بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ، وَلَا تَزْنُوا وَلَا تَسْرِقُوا

سلمہ بن قیس الاشجعی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے حجۃ الوداع میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار چیزوں سے منع فرمایا چار گناہوں سے بچو، اللہ کے ساتھ کسی کو شرک نہ کرو اور کسی حرمت والے نفس کو قتل نہ کرو مگر حق کے ساتھ اور زناکاری نہ کرو اور چوری نہ کرو۔ [4]

یہ کام جو کوئی کرے وہ اپنے گناہ کا بدلہ پائے گا قیامت کے روز اس کو بار بار عذاب دیا جائے گا اور اسی میں وہ ہمیشہ ذلت و رسوائی کے ساتھ پڑا رہے گا،

عِكْرِمَةَ، فِي قَوْلِهِ: وَمَنْ يَفْعَلْ ذَلِكَ يَلْقَ أَثَامًا، قَالَ: وَادِيًا فِي جَهَنَّمَ فِيهِ الزُّنَاةُ ، أَثَام

---

[1] المومنون۶

[2] [الفرقان : ۶۸

[3] صحیح بخاری کتاب تفسیرسورة البقرة بَابُ قَوْلِهِ تَعَالَى فَلاَ تَجْعَلُوا لِلَّهِ أَنْدَادًا وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۴۴۷۷،وکتاب التفسیرسورة الفرقان بَابُ قَوْلِهِ وَالَّذِينَ لاَ يَدْعُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَهًا آخَرَ وَلاَ يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالحَقِّ، وَلاَ يَزْنُونَ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَلِكَ يَلْقَ أَثَامًا ۴۷۶۱ ،صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ كَوْنِ الشِّرْكِ أَقْبَحَ الذُّنُوبِ وَبَيَانِ أَعْظَمِهَا بَعْدَهُ۲۵۷ ،جامع ترمذی ابواب تفسیرالقرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ الفُرْقَانِ۳۱۸۲،سنن نسائی کتاب المحاربه ذِكْرُ أَعْظَمِ الذَّنْبِ ۔۔۴۰۱۸،سنن ابوداودکتاب الطلاق بَابٌ فِي تَعْظِيمِ الزِّنَا۲۳۱۰، مسنداحمد۴۱۰۲

[4] مسنداحمد۱۸۹۸۹،المعجم الکبیرللطبرانی ۶۳۱۶،مستدرک حاکم ۸۰۳۳

عکرمہ آیت کریمہ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَلِكَ يَلْقَ أَثَامًا کے بارے میں قول ہے جہنم کی وہ وادیاں ہیں جن میں زانیوں کو عذاب دیا جائے گا۔ [1]

اور اللہ تعالیٰ نے گنہگاروں کو بخشش ومغفرت کی امید کی ایک کرن دکھلائی الا یہ کہ کوئی کفر وشرک سے تائب ہو کر خلوص نیت سے توبہ کر چکا ہو اور ایمان لاکر عمل صالحہ کرنے لگا ہو، جیسے فرمایا

وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۱۰﴾ [2]

ترجمہ: اگر کوئی شخص برا فعل کر گزرے یا اپنے نفس پر ظلم کر جائے اور اس کے بعد اللہ سے درگزر کی درخواست کرے تو اللہ کو درگزر کرنے والا اور رحیم پائے گا۔

اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ... ﴿۱۰۴﴾ [3]

ترجمہ: کیا ان لوگوں کو معلوم نہیں ہے کہ وہ اللہ ہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ... ﴿۴۸﴾ [4]

ترجمہ: اللہ بس شرک ہی کو معاف نہیں کرتا اس کے ماسوا دوسرے جس قدر گناہ ہیں وہ جس کے لیے چاہتا ہے معاف کر دیتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے بتایا سو آدمیوں کے قاتل نے بھی خالص توبہ کی تو اللہ نے اسے معاف فرما دیا،

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَانَ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ رَجُلٌ قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ نَفْسًا، فَسَأَلَ عَنْ أَعْلَمِ أَهْلِ الْأَرْضِ فَدُلَّ عَلَى رَاهِبٍ، فَأَتَاهُ فَقَالَ: إِنَّهُ قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ نَفْسًا، فَهَلْ لَهُ مِنْ تَوْبَةٍ؟ فَقَالَ: لَا، فَقَتَلَهُ، فَكَمَّلَ بِهِ مِائَةً، ثُمَّ سَأَلَ عَنْ أَعْلَمِ أَهْلِ الْأَرْضِ فَدُلَّ عَلَى رَجُلٍ عَالِمٍ، فَقَالَ: إِنَّهُ قَتَلَ مِائَةَ نَفْسٍ، فَهَلْ لَهُ مِنْ تَوْبَةٍ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، وَمَنْ يَحُولُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ التَّوْبَةِ؟ انْطَلِقْ إِلَى أَرْضِ كَذَا وَكَذَا، فَإِنَّ بِهَا أُنَاسًا يَعْبُدُونَ اللهَ فَاعْبُدِ اللهَ مَعَهُمْ، وَلَا تَرْجِعْ إِلَى أَرْضِكَ، فَإِنَّهَا أَرْضُ سَوْءٍ، فَانْطَلَقَ حَتَّى إِذَا نَصَفَ الطَّرِيقَ أَتَاهُ الْمَوْتُ،

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا تم سے پہلے ایک شخص تھا جس نے ننانوے خون کیے تھے، پھر اس نے اہل زمین میں سے سب سے بڑے عالم کے بارے میں پوچھا پس اس کی ایک راہب کی طرف راہنمائی کی گئی وہ اس کے پاس آیا تو کہنے لگا اس نے ننانوے جانوں کو قتل کیا ہے کیا اس کے لئے توبہ کا کوئی راستہ ہے، اس نے کہا نہیں پس اس نے اس راہب کو قتل کر کے سو پورے کر دیئے، پھر زمین والوں سے سب سے بڑے عالم کے بارے میں پوچھا تو ایک عالم کی طرف اس کی راہنمائی کی گئی اس نے کہا میں نے سو آدمیوں کو قتل کیا ہے میرے لئے توبہ کا کوئی راستہ ہے، وہ بولا ہاں ہو سکتی ہے اور توبہ کرنے سے کون سی چیز مانع ہے، تو فلاں ملک میں چلا جا وہاں کچھ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں تو بھی جا کر ان کے ساتھ عبادت کر اور اپنے ملک میں مت جا وہ برا ملک ہے، پھر وہ اس ملک کی

[1] تفسیر طبری ۱۹٫۳۰۸

[2] النساء ۱۱۰

[3] التوبۃ ۱۰۴

[4] النساء ۴۸

طرف چلا جب وہ آدھی دور پہنچا تو اس کو موت آ گئی،

فَاخْتَصَمَتْ فِيهِ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ وَمَلَائِكَةُ الْعَذَابِ، فَقَالَتْ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ: جَاءَ تَائِبًا مُقْبِلًا بِقَلْبِهِ إِلَى اللهِ، وَقَالَتْ مَلَائِكَةُ الْعَذَابِ: إِنَّهُ لَمْ يَعْمَلْ خَيْرًا قَطُّ، فَأَتَاهُمْ مَلَكٌ فِي صُورَةِ آدَمِيٍّ، فَجَعَلُوهُ بَيْنَهُمْ، فَقَالَ: قِيسُوا مَا بَيْنَ الْأَرْضَيْنِ، فَإِلَى أَيَّتِهِمَا كَانَ أَدْنَى فَهُوَ لَهُ، فَقَاسُوهُ فَوَجَدُوهُ أَدْنَى إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي أَرَادَ، فَقَبَضَتْهُ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ

اب عذاب کے فرشتوں اور رحمت کے فرشتوں میں جھگڑا ہوا رحمت کے فرشتوں نے کہا یہ توبہ کر کے اللہ کی طرف متوجہ ہو کر آ رہا تھا عذاب کے فرشتوں نے کہا اس نے کوئی نیکی نہیں کی، آخر ایک فرشتہ آدمی کی صورت بن کر آیا اور انہوں نے اس کو جھگڑا کا فیصلہ کرنے کے لئے مقرر کیا اس نے کہا دونوں ملکوں تک ناپو اور جس ملک کے قریب ہو وہ وہیں کا ہے، چنانچہ زمین کو ناپا گیا تو وہ اس ملک کے قریب تھا جہاں کا ارادہ رکھتا تھا آخر رحمت کے فرشتے اس کو لے گئے۔ [1]

اللہ جو بڑا ہی غفور و رحیم ہے خالص توبہ کرنے والے لوگوں کی برائیوں کو بھلائیوں سے بدل دے گا۔

عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَعْلَمُ آخِرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُولًا الْجَنَّةَ، وَآخِرَ أَهْلِ النَّارِ خُرُوجًا مِنْهَا، رَجُلٌ يُؤْتَى بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُقَالُ: اعْرِضُوا عَلَيْهِ صِغَارَ ذُنُوبِهِ، وَارْفَعُوا عَنْهُ كِبَارَهَا، فَتُعْرَضُ عَلَيْهِ صِغَارُ ذُنُوبِهِ، فَيُقَالُ: عَمِلْتَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا كَذَا وَكَذَا، وَعَمِلْتَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا كَذَا وَكَذَا، فَيَقُولُ: نَعَمْ، لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يُنْكِرَ وَهُوَ مُشْفِقٌ مِنْ كِبَارِ ذُنُوبِهِ أَنْ تُعْرَضَ عَلَيْهِ،

ابو ذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اس شخص کو جانتا ہوں جو سب سے آخر میں جنت میں داخل ہو گا اور سب سے آخر میں جہنم سے نکلے گا، وہ ایک شخص ہو گا جو قیامت کے دن لایا جائے گا پھر حکم ہو گا اس کے ہلکے گناہ پیش کرو اور اس کے بھاری گناہ پیش نہ کرو چنانچہ اس کے ہلکے گناہ پیش کیے جائیں گے، اور اس کو کہا جائے گا فلاں روز تو نے ایسا کام کیا تھا اور فلاں روز یہ کام کیا تھا؟ وہ کہے گا ہاں، علاوہ ازیں وہ اس بات سے بھی ڈر رہا ہو گا کہ ابھی تو بڑے گناہ پیش بھی کیے جائیں گے،

فَيُقَالُ لَهُ: فَإِنَّ لَكَ مَكَانَ كُلِّ سَيِّئَةٍ حَسَنَةً، فَيَقُولُ: رَبِّ، قَدْ عَمِلْتُ أَشْيَاءَ لَا أَرَاهَا هَا هُنَا " فَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحِكَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ

اتنے میں اس سے کہا جائے گا ہم نے تجھے ہر ایک گناہ کے بدلے ایک نیکی دی (اللہ کی یہ مہربانی دیکھ کر) وہ کہے گا اے میرے مالک! ابھی تو میرے بہت سے اعمال ایسے ہیں کہ میں انہیں یہاں نہیں دیکھ رہا، یہ بیان کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہنس پڑے، یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھیں ظاہر ہو گئیں۔ [2]

---

[1] صحیح مسلم کتاب التوبة بَابُ قَبُولِ تَوْبَةِ الْقَاتِلِ وَإِنْ كَثُرَ قَتْلُهُ ۷۰۰۸، صحیح ابن حبان ۶۱۱، شعب الایمان ۶۶۶۴، السنن الکبری للبیہقی ۱۵۸۳۶

[2] صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً فِيهَا ۴۶۷، السنن الکبری للبیہقی ۲۰۷۲

جَاءَ شَيْخٌ كَبِيرٌ هَرِمٌ قَدْ سَقَطَ حَاجِبَاهُ عَلَى عَيْنَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، رَجُلٌ غَدَرَ وَفَجَرَ، وَلَمْ يَدَعْ حَاجَةً وَلَا دَاجَةً إِلَّا اقْتَطَعَهَا بِيَمِينِهِ لَوْ قُسِمَتْ خَطِيئَتُهُ بَيْنَ أَهْلِ الْأَرْضِ لَأَوْبَقَتْهُمْ فَهَلْ لَهُ مِنْ تَوْبَةٍ؟ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أسلمتَ؟ فَقَالَ: أَمَا أَنَا، فَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:فَإِنَّ اللَّهَ غَافِرٌ لَكَ مَا كُنْتَ كَذَلِكَ، وَمُبَدِّلٌ سَيِّئَاتِكَ حَسَنَاتٍ،فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وغَدَراتي وفَجَراتي؟ فَقَالَ: وغَدَرَاتك وفَجَراتك،فَوَلّى الرَّجُلُ يُهَلِّلُ وَيُكَبِّرُ

احادیث میں ایک واقعہ مروی ہے ایک عمر رسیدہ آدمی جن کے ابرو آنکھوں پر گر چکے تھے رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کی اے اللہ کے رسول ﷺ! ساری زندگی گناہوں میں گزری ہے، کوئی گناہ ایسا نہیں ہے جس کا ارتکاب نہ کر چکا ہوں بلکہ اپنے گناہ تمام روئے زمین کے باشندوں پر بھی تقسیم کر دوں تو سب کو لے ڈوبیں کیا اب بھی توبہ قبول ہو سکتی ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تو نے اسلام قبول کر لیا ہے؟ اس نے عرض کیا ہاں میں نے اسلام قبول کر لیا ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد اللہ کے بندے اور رسول ہیں، نبی کریم ﷺ نے فرمایا جا، اللہ تعالیٰ تیری تمام برائیاں، گناہ، بدکاریاں سب کچھ معاف فرما دے گا بلکہ جب تک تو اس پر قائم رہے گا، اللہ تعالیٰ تیری برائیوں کو بھلائی سے بدل دے گا، اس نے پھر عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ کیا میری غداریاں اور بدکاریاں معاف ہو جائیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں، ہاں تمہاری ساری غداریاں اور بدکاریاں بھی، پھر تو وہ شخص خوشی خوشی واپس جانے لگا اور تکبیر و تہلیل پکارتا لوٹ گیا۔ [1]

وَ مَنْ تَابَ وَ عَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ یَتُوْبُ اِلَی اللّٰهِ مَتَابًا ۝۷۱ وَ الَّذِیْنَ لَا یَشْهَدُوْنَ

اور جو شخص توبہ کرے اور نیک عمل کرے وہ تو (حقیقتًا) اللہ تعالیٰ کی طرف سچا رجوع کرتا ہے، اور جو لوگ جھوٹی گواہی

الزُّوْرَ ۙ وَ اِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ۝۷۲ وَ الَّذِیْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ

نہیں دیتے، اور جب کسی لغو چیز پر ان کا گزر ہوتا ہے تو شرافت سے گزر جاتے ہیں، اور جب انہیں ان کے رب کے کلام کی

لَمْ یَخِرُّوْا عَلَیْهَا صُمًّا وَّ عُمْیَانًا ۝۷۳ وَ الَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ

آیتیں سنائی جاتی ہیں تو وہ اندھے بہرے ہو کر ان پر نہیں گرتے، اور یہ دعا کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! تو ہمیں

اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ۝۷۴ (الفرقان ۷۱ تا ۷۴)

ہماری بیویوں اور اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔

جو شخص گناہوں اور کوتاہیوں سے توبہ کر کے شریعت کے مطابق نیک عملی اختیار کرتا ہے وہ تو اللہ کی طرف پلٹ آتا ہے جو واقعی ہی پلٹنے کے

[1] تفسیر ابن ابی حاتم ۸/۲۷۳۵

قابل جگہ ہے،اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو جھوٹی گواہی سے لے کر کفر وشرک اور ہر طرح کی غلط چیزیں مثلاً لہو ولعب، گانا، غیبت، چغلی ،سب وشتم،قذف واستہزا،شراب پینا،ریشم کے بچھونے اور تصاویر اور دیگر بیہودہ جاہلانہ رسوم وافعال میں حاضر نہیں ہوتے،

عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَاليَوْمِ الآخِرِ فَلاَ يَدْخُلِ الحَمَّامَ بِغَيْرِ إِزَارٍ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَاليَوْمِ الآخِرِ فَلاَ يُدْخِلْ حَلِيلَتَهُ الحَمَّامَ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَاليَوْمِ الآخِرِ فَلاَ يَجْلِسْ عَلَى مَائِدَةٍ يُدَارُ عَلَيْهَا بِالخَمْرِ.

جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے تو بغیر تہمد کے حمام میں داخل نہ ہو (یعنی برہنہ نہ نہاؤ) جو شخص اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے تو وہ اپنی عورت کو حمام میں نہ بھیجے کہ وہاں بے ستری، بے حیائی اور کشف ستر ہوتا ہے، جو شخص اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ اس دسترخوان پر نہ بیٹھے جس پر شراب کادور چل رہا ہو۔[1]

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:أَلاَ أُنَبِّئُكُمْ بِأَكْبَرِ الكَبَائِرِ؟ ثَلاَثًا، قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ:الإِشْرَاكُ بِاللَّهِ، وَعُقُوقُ الوَالِدَيْنِ وَجَلَسَ وَكَانَ مُتَّكِئًا فَقَالَ أَلاَ وَقَوْلُ الزُّورِ، قَالَ: فَمَا زَالَ يُكَرِّرُهَا حَتَّى قُلْنَا: لَيْتَهُ سَكَتَ

ابوبکرہ رضی اللہ عنہ (نفیع رضی اللہ عنہ) سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں سب سے بڑا گناہ بتادوں؟ تین مرتبہ یہی فرمایا؟ صحابہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ہاں اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے فرمایا اللہ کے ساتھ شرک کرنا اور ماں باپ کی نافرمانی کرنا،اس وقت تک آپ تکیہ لگائے بیٹھے ہوئے تھے اب اس سے الگ ہو کر فرمانے لگے اور جھوٹی گواہی دینا یا فرمایا جھوٹی بات کہنا، اسے بار بار فرماتے رہے یہاں تک کہ ہم اپنے دل میں کہنے لگے کہ کاش رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اب خاموش ہوجاتے،اور یہ فرمانا تاکید اً تھا۔[2]

اور کسی فضول،لایعنی چیز پر ان کا گزر ہو جائے تو نگاہ غلط انداز تک ڈالے بغیر عزت ووقار کے ساتھ پہلو بچا کر گزر جاتے ہیں، جنہیں اگر ان کے رب کی آیات سنا کر نصیحت کی جاتی ہے تو وہ اس سے اعراض وغفلت نہیں برتتے بلکہ وہ غور اور توجہ سے سنتے اور انہیں آویزہ گوش اور حرز جان بناتے ہیں، جیسے فرمایا

اِنَّمَا یُؤْمِنُ بِاٰیٰتِنَا الَّذِیْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ ۟۱۵ السجدة[3]

ترجمہ:ہماری آیات پر تو وہ لوگ ایمان لاتے ہیں جنہیں یہ آیات سنا کر جب نصیحت کی جاتی ہے تو سجدے میں گر پڑتے ہیں اور اپنے رب کی

---

[1] جامع ترمذی کتاب الادب بَابُ مَا جَاءَ فِي دُخُولِ الحَمَّامِ۲۸۰۱

[2] صحیح بخاری کتاب الشهادات بَابُ مَا قِيلَ فِي شَهَادَةِ الزُّورِ ۲۶۵۴، وکتاب الادب بَابٌ عُقُوقُ الوَالِدَيْنِ مِنَ الكَبَائِرِ ۵۹۷۶،وکتاب الاستئذان بَابُ مَنِ اتَّكَأَ بَيْنَ يَدَيْ أَصْحَابِهِ ۶۲۷۳،صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ بَيَانِ الْكَبَائِرِ وَأَكْبَرِهَا ۲۵۹،جامع ترمذی ابواب البروالصلة بَابُ مَا جَاءَ فِي عُقُوقِ الوَالِدَيْنِ ۱۹۰۱،وابواب الشهادات بَابُ مَا جَاءَ فِي شَهَادَةِ الزُّورِ ۲۳۰۱،وابواب تفسیرالقرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ النِّسَاءِ۳۰۱۹

[3] السجدة۱۵

حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کرتے ہیں اور تکبر نہیں کرتے۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝۲ [۱]

ترجمہ: سچے اہل ایمان تو وہ لوگ ہیں جن کے دل اللہ کا ذکر سن کر لرز جاتے ہیں اور جب اللہ کی آیات ان کے سامنے پڑھی جاتی ہیں تو ان کا ایمان بڑھ جاتا ہے، اور وہ اپنے رب پر اعتماد رکھتے ہیں۔

جبکہ کافر پر اس کے برخلاف اثر ہوتا ہے۔

وَاِذَا مَاۤ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖۤ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝۱۲۴ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۝۱۲۵ [۲]

ترجمہ: جب کوئی نئی سورت نازل ہوتی ہے تو ان میں سے بعض لوگ (مذاق کے طور پر مسلمانوں سے) پوچھتے ہیں کہ کہو تم میں سے کس کے ایمان میں اس سے اضافہ ہوا؟ جو لوگ ایمان لائے ہیں ان کے ایمان میں تو فی الواقع (ہر نازل ہونے والی سورت نے) اضافہ ہی کیا ہے اور وہ اس سے دلشاد ہیں، البتہ جن لوگوں کے دلوں کو (نفاق کا) روگ لگا ہوا تھا اس کی سابق نجاست پر (ہر نئی سورت نے) ایک اور نجاست کا اضافہ کر دیا ہے اور وہ مرتے دم تک کفر ہی میں مبتلا رہے۔

جو اپنے رب حقیقی کی بارگاہ میں گڑگڑاتے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہماری بیویوں اور اولاد کو ایمان اور عمل صالح کی توفیق بخش دے، انہیں پاکیزہ اخلاق سے آراستہ کر دے، انہیں اپنا فرماں بردار اور ہمارا اطاعت گزار بنا دے جس سے دنیا و آخرت میں ہماری آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور ہمیں تقویٰ طاعت اور ایسے نیک اعمال کرنے کی توفیق عطا فرما کہ نیک لوگ خیر میں ہماری اقتدا کریں،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَوْلَهُ: هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ، يَعْنُونَ: مَنْ يَعْمَلُ لَكَ بِالطَّاعَةِ , فَتَقَرُّ بِهِمْ أَعْيُنُنَا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ آیت کریمہ ”اے ہمارے پروردگار! تو ہمیں ہماری بیویوں اور اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما۔“ کے بارے میں فرماتے ہیں ان کی مراد یہ ہے کہ ان کی اولاد ایسی ہو جو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے مطابق عمل کرے تا کہ دنیا و آخرت میں انہیں آنکھوں کی ٹھنڈک نصیب ہو۔ [۳]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِذَا مَاتَ الْإِنْسَانُ انْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهُ إِلَّا مِنْ ثَلَاثَةٍ: إِلَّا مِنْ صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ، أَوْ عِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهِ، أَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُو لَهُ

---

[۱] الانفال ۲

[۲] التوبة ۱۲۵، ۱۲۴

[۳] تفسیر ابن ابی حاتم ۲۷۴۲/۸، تفسیر طبری ۳۱۸/۱۹

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ابن آدم فوت ہوجاتا ہے تو تین کے سوا اس کے تمام اعمام منقطع ہوجاتے ہیں، صدقہ جاریہ، یا وہ علم جس کے ساتھ اس کے بعد نفع حاصل کیا جارہا ہو یا ایسا نیک بیٹا جو اس کے لیے دعا کرتا ہو۔ [1]

أُولَٰئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوا وَيُلَقَّوْنَ فِيهَا تَحِيَّةً وَسَلَامًا ﴿٧٥﴾

یہی وہ لوگ ہیں جنہیں ان کے صبر کے بدلے جنت کے بلند و بالاخانے دیئے جائیں گے جہاں انھیں دعا سلام پہنچایا جائے گا،

خَالِدِينَ فِيهَا ۚ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا ﴿٧٦﴾ قُلْ مَا يَعْبَأُ بِكُمْ رَبِّي لَوْلَا

اس میں یہ ہمیشہ رہیں گے، وہ بہت ہی اچھی جگہ اور عمدہ مقام ہے، کہہ دیجئے! اگر تمہاری دعا التجا (پکارنا) نہ ہوتی تو میرا

دُعَاؤُكُمْ ۖ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُونُ لِزَامًا ﴿٧٧﴾ (الفرقان ۷۵ تا ۷۷)

رب تمہاری مطلق پرواہ نہ کرتا، تم تو جھٹلا چکے اب عنقریب اس کی سزا تمہیں چمٹ جانے والی ہوگی۔''

اللہ تعالیٰ کے انعامات:

وہ متقین جو ہر خوف اور لالچ کے مقابلے میں راہ راست پر ثابت قدم رہے، اللہ کی حرام کردہ ہر چیز سے پرہیز کرتے رہے، اللہ تعالیٰ نے جو حدود قائم کی ہیں اس پر قائم رہے، گناہ کی ساری لذتوں اور منفعتوں کو ٹھکرا کر نیکی و راستی کے ہر نقصان اور اس کی بدولت حاصل ہونے والی ہر محرومی کو برداشت کرتے رہے، دین حق کو قائم اور سربلند کرنے کی جدوجہد میں ہر قسم کے مصائب اور تکلیفوں پر صبر کرتے رہے، اللہ تعالیٰ ان کو اس صبر کے صلہ میں جنت کی لازوال انواع واقسام کی نعمتیں، موتیوں کی طرح چمکتے ہوئے غلمان اور آراستہ محلات عطا فرمائے گا، جیسے فرمایا

وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُونٌ ﴿٢٤﴾ [2]

ترجمہ: اور ان کی خدمت میں وہ لڑکے دوڑتے پھر رہے ہوں گے جو انہی کے لیے مخصوص ہوں گے ایسے خوبصورت جیسے چھپا کر رکھے ہوئے موتی۔

وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ إِذَا رَأَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنثُورًا ﴿١٩﴾ [3]

ترجمہ: ان کے خدمت کے لیے ایسے لڑکے دوڑتے پھر رہے ہوں گے جو ہمیشہ لڑکے ہی رہیں گے تم انہیں دیکھو تو سمجھو کہ موتی ہیں جو بکھیر دیے گئے ہیں۔

[1] صحیح مسلم كِتَابُ الْوَصِيَّةِ بَابُ مَا يَلْحَقُ الْإِنْسَانَ مِنَ الثَّوَابِ بَعْدَ وَفَاتِهِ ۴۲۲۳، جامع ترمذی أَبْوَابُ الْأَحْكَامِ بَابٌ فِي الوَقْفِ ۱۳۷۶، السنن الکبری للنسائی ۶۴۴۵، مسند احمد ۸۸۴۴

[2] الطور ۲۴

[3] الدهر ۱۹

جنت کے ہر ہر دروازے پر فرشتے آداب وتسلیمات سے ان کا استقبال کریں گے، ہر طرف سلامتی ہے سلامتی ہے کی گونج ہو گی، جیسے فرمایا

دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۧ ⑩ [1]

ترجمہ: وہاں ان کی صدا یہ ہو گی کہ پاک ہے تو اے اللہ! ان کی یہ دعا ہو گی کہ سلامتی ہو اور ان کی ہر بات کا خاتمہ اس پر ہو گا کہ ساری تعریف اللہ رب العالمین ہی کے لیے ہے۔

وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۭ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ㉓ [2]

ترجمہ: بخلاف اس کے جو لوگ دنیا میں ایمان لائے ہیں اور جنہوں نے نیک عمل کیے ہیں وہ ایسے باغوں میں داخل کیے جائیں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، وہاں وہ اپنے رب کے اذن سے ہمیشہ رہیں گے، اور وہاں ان کا استقبال سلامتی کی مبارکباد سے ہو گا۔

تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ښ وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ㊹ [3]

ترجمہ: جس روز وہ اس سے ملیں گے ان کا استقبال سلام سے ہو گا اور ان کے لیے اللہ نے بڑا باعزت اجر فراہم کر رکھا ہے۔

سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ㊽ [4]

ترجمہ: ان کو سلام کہا جائے گا رب رحیم کی طرف سے۔

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ㊸ [5]

ترجمہ: اور جو لوگ اپنے رب کی نافرمانی سے پرہیز کرتے تھے انہیں گروہ در گروہ جنت کی طرف لے جایا جائے گا یہاں تک کہ جب وہ وہاں پہنچیں گے اور اس کے دروازے پہلے ہی کھولے جا چکے ہوں گے تو اس کے منتظمین ان سے کہیں گے کہ سلام ہو تم پر بہت اچھے رہے، داخل ہو جاؤ اس میں ہمیشہ کے لیے۔

وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَاۗءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ㉒ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ

---

[1] یونس ۱۰

[2] ابراہیم ۲۳

[3] الاحزاب ۴۴

[4] یٰسین ۵۸

[5] الزمر ۷۳

وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۝۲۳ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝۲۴ (۱)

ترجمہ: ان کا حال یہ ہوتا ہے کہ اپنے رب کی رضا کے لیے صبر سے کام لیتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں، ہمارے دیے ہوئے رزق میں سے علانیہ اور پوشیدہ خرچ کرتے ہیں، اور برائی کو بھلائی سے دفع کرتے ہیں، آخرت کا گھر انہی لوگوں کے لیے ہے، یعنی ایسے باغ جو ان کی ابدی قیام گاہ ہوں گے، وہ خود بھی ان میں داخل ہوں گے اور ان کے آباؤاجداد اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد میں سے جو جو صالح ہیں وہ بھی ان کے ساتھ وہاں جائیں گے، ملائکہ ہر طرف سے ان کے استقبال کے لیے آئیں گے اور ان سے کہیں گے تم پر سلامتی ہے، تم نے دنیا میں جس طرح صبر سے کام لیا اس کی بدولت آج تم اس کے مستحق ہوئے ہو، پس کیا ہی خوب ہے یہ آخرت کا گھر!۔

ایسی پاکیزہ اور امن وسکون کی جگہ میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، کیا ہی اچھا وہ مستقر اور وہ مقام ہے، اے نبی ﷺ! لوگوں سے کہو اللہ نے تمہیں اپنی عبادت اور تسبیح وتہلیل کے لئے پیدا کیا ہے، جیسے فرمایا

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ۝۵۶ (۲)

ترجمہ: میں نے جن اور انسانوں کو اس کے سوا کسی کام کے لیے پیدا نہیں کیا ہے کہ وہ میری بندگی کریں۔

اگر تم اپنے معبود حقیقی اللہ وحدہ لاشریک کو اپنی مشکلات اور پریشانیوں میں نہ پکارو، اس کی عبادت نہ کرو تو تم اللہ کے نزدیک حقیر ترین مخلوق ہو، اب جبکہ تم نے اللہ کو جھٹلا دیا ہے تو یہ نہ سمجھو کہ معاملہ ختم ہو گیا ہے، نہیں، اس کا وبال تمہارے ساتھ ہی رہے گا، بہت جلد روز آخرت تم ایسا دائمی دردناک عذاب پاؤ گے کہ جان چھڑانی محال ہو گی۔

(۱) الرعد۲۲تا۲۴

(۲) الذاریات۵۶

۷ بعثتِ نبوی

پہلا وفد حبشہ

محمد بن اسحاق کہتے ہیں ہجرت حبشہ (پانچ اور چھ بعثت نبوی) کے بعد جب رسول اللہ ﷺ کی بعثت اور دعوت کی خبریں حبش کے ملک میں پھیلیں تو

ثُمَّ قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ بِمَكَّةَ، عِشْرُونَ رَجُلًا أَوْ قَرِيبٌ مِنْ ذَلِكَ مِنَ النَّصَارَى، حِينَ بَلَغَهُمْ خَبَرُهُ مِنْ الْحَبَشَةِ فَوَجَدُوهُ فِي الْمَسْجِدِ، فَجَلَسُوا إلَيْهِ وَكَلَّمُوهُ وَسَأَلُوهُ ، وَرِجَالٌ مِنْ قُرَيْشٍ فِي أَنْدِيَتِهِمْ حَوْلَ الْكَعْبَةِ، فَلَمَّا فَرَغُوا مِنْ مَسْأَلَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا أَرَادُوا، دَعَاهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَتَلَا عَلَيْهِمْ الْقُرْآنَ، فَلَمَّا سَمِعُو الْقُرْآنَ فَاضَتْ أَعْيُنُهُمْ مِنْ الدَّمْعِ، ثُمَّ اسْتَجَابُوا لِلَّه ، وَآمَنُوا بِهِ وَصَدَّقُوهُ

ابھی آپ ﷺ مکہ مکرمہ ہی میں تشریف رکھتے تھے اور بیس(۲۰) یا بیس کے قریب عیسائیوں کا وفد ملک حبش سے آیا یہ وفد آپ ﷺ کی خبر سن کر محض آپ کو دیکھنے کے لیے آیا تھا رسول اللہ ﷺ اس وقت مسجد حرام میں تشریف رکھتے تھے ، انہوں نے وہیں رسول اللہ ﷺ سے ملاقات کی قریش کے لوگ بھی تجسس سے کھڑے ان کو بغور دیکھ رہے تھے ، وفد کے لوگوں نے آپ سے کچھ سوالات کیے جن کا آپ ﷺ نے انہیں تسلی بخش جواب دے دیا اور پھر انہیں دعوت اسلام پیش کی اور قرآن کریم سے چند آیات ان کے سامنے پڑھیں ، چونکہ یہ لوگ لکھے پڑھے ، سنجیدہ اور روشن دماغ تھے قرآن نے ان کے دلوں پر اثر کیا تو ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے ، چنانچہ انہوں نے قرآن کے کلام اللہ ہونے کی تصدیق کی اور فوراً دائرہ اسلام میں داخل ہوگئے ،

وَعَرَفُوا مِنْهُ مَا كَانَ يُوصَفُ لَهُمْ فِي كِتَابِهِمْ مِنْ أَمْرِهِ، فَلَمَّا قَامُوا عَنْهُ اعْتَرَضَهُمْ أَبُو جَهْلِ ابْن هِشَامٍ فِي نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ، فَقَالُوا لَهُمْ: خَيَّبَكُمْ اللَّهُ مِنْ رَكْبٍ! بَعَثَكُمْ مَنْ وَرَاءَكُمْ مِنْ أَهْلِ دِينِكُمْ تَرْتَادُونَ لَهُمْ لِتَأْتُوهُمْ بِخَبَرِ الرَّجُلِ، فَلَمْ تَطْمَئِنَّ مَجَالِسُكُمْ عِنْدَهُ، حَتَّى فَارَقْتُمْ دِينَكُمْ وَصَدَّقْتُمُوهُ بِمَا قَالَ مَا نَعْلَمُ رَكْبًا أَحْمَقَ مِنْكُمْ. أَوْ كَمَا قَالُوا فَقَالُوا لَهُمْ: سَلَامٌ عَلَيْكُمْ، لَا نُجَاهِلُكُمْ، لَنَا مَا نَحْنُ عَلَيْهِ، وَلَكُمْ مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ، لَمْ نَأْلُ أَنْفُسَنَا خَيْرًا

اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو ان اوصاف کی بنا پر پہچان لیا جو ان کی کتابوں میں مذکور تھے ، جب یہ لوگ ایمان کی انمول دولت حاصل کر کے مسجد حرام سے نکل کر جا رہے تھے کہ ابوجہل بن ہشام اور اس کے چند ساتھیوں نے انہیں راستہ میں روکا اور کہنے لگے اللہ تمہیں نامراد کرے تم بڑے بے وقوف اور احمق ہو اور کہا تمہارے ہم مذہب لوگوں نے تمہیں یہاں تحقیق حال کے لئے بھیجا تھا تمہارا کام تو یہ تھا کہ جو کچھ تم نے دیکھا ، سنا اور سمجھا اسے ان لوگوں تک من وعن پہنچا دو مگر تم نے تھوڑی دیر میں ہی اپنا آبائی مذہب چھوڑ دیا تم سے زیادہ بے

وقوف لوگ ہم نے کبھی نہیں دیکھے اور جو کچھ کہا، وفد کے لوگوں نے بڑے تحمل سے جواب دیا بھائیوں تم پر سلام ہے، ہم تمہارے ساتھ جہالت بازی نہیں کر سکتے ہمیں اپنے طریقے پر چلنے دو اور تم اپنے راستے پر گامزن رہو، ہم جان بوجھ کر ہدایت و بھلائی سے محروم نہیں رہ سکتے۔[1]

قرآن مجید میں اس واقعہ کی طرف یوں اشارہ کیا گیا ہے

وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۡ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۡ لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ۝۵۵ [2]

ترجمہ:اور جب انہوں نے بیہودہ بات سنی تو یہ کہہ کر اس سے کنارہ کش ہو گئے کہ ہمارے اعمال ہمارے لئے اور تمہارے اعمال تمہارے لئے، تم کو سلام ہے، ہم جاہلوں کا سا طریقہ اختیار کرنا نہیں چاہتے۔[3]

مقاطعہ بنی ہاشم

محرم سات بعثت نبوی (۶۱۷ء)

ثُمَّ أَسْلَمَ حمزة عَمُّهُ وَجَمَاعَةٌ كَثِيرُونَ، وَفَشَا الْإِسْلَامُ،يَا أَبَا طَالِبٍ، إنَّ لَكَ سِنًّا وَشَرَفًا وَمَنْزِلَةً فِينَا وَإِنَّا قَدْ اسْتَنْهَيْنَاكَ مِنْ ابْنِ أَخِيكَ فَلَمْ تَنْهَهُ عَنَّا وَإِنَّا وَاَللَّهِ لَا نَصْبِرُ عَلَى هَذَا مِنْ شَتْمِ آبَائِنَا، وَتَسْفِيهِ أَحْلَامِنَا، وَعَيْبِ آلِهَتِنَا، حَتَّى تَكُفَّهُ عَنَّا، أَوْ نُنَازِلَهُ وَإِيَّاكَ فِي ذَلِكَ، حَتَّى يَهْلِكَ أَحَدُالْفَرِيقَيْنِ، أَوْ كَمَا قَالُوا لَهُ، (ثُمَّ) انْصَرَفُوا عَنْهُ، فَعَظُمَ عَلَى أَبِي طَالِبٍ فِرَاقُ قَوْمِهِ وَعَدَاوَتُهُمْ، وَلَمْ يَطِبْ نَفْسًا بِإِسْلَامِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُمْ وَلَا خِذْلَانِهِ

سید الشہداء حمزہ رضی اللہ عنہ بن عبدالمطلب اور سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب کے یکے بعد اسلام قبول کرنے سے مشرکین کا زور ٹوٹ گیا جس سے اسلام دور دراز کے قبائل تک پھیلنے لگا اور مسلمانوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہوتا چلا گیا مسلمانوں کا زور بڑھنے لگا اور ان میں کافی قوت پیدا ہو گئی ،قریش ہر طرح کے ظلم وستم کے باوجود دین حق کا راستہ روکنے میں بری طرح ناکام ہو چکے تھے، ان کی سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا تھا کہ ان حالات میں اب وہ کیا کریں چنانچہ معاملہ طے کر کے وہ ابوطالب کے پاس آئے اور کہا اے ابوطالب! آپ ہم سب میں معمر ہیں اور مرتبہ وعزت میں بھی ہم سب سے بڑھے ہوئے ہیں، ہم نے پہلے بھی آپ سے خواہش کی تھی کہ آپ اپنے بھتیجے کو اس نئے دین کی دعوت سے روک لیں مگر آپ نے کچھ بھی نہیں کیا اور وہ کھلے عام ہمارے معبودوں کو برا بھلا اور دعوت اسلام دیتے پھر رہے ہیں، ہم نے بہت برداشت کیا مگر واللہ! اب ہمارے صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا ہے، اب ہم مزید ضبط وبرداشت نہیں کر سکتے کہ آپ کا بھتیجا ہمارے معبودوں اور آباؤ اجداد کو گمراہ کہے اور ہمیں بے عقل اور نادان گردانے، ہم آپ کو واضح طور پر آگاہ کر رہے ہیں کہ یا تو آپ انہیں اس دعوت کی تبلیغ سے روک دیں ورنہ ہم آپ سے اور ان سے مقابلہ کریں گے یہاں تک کہ ہم دونوں فریقوں میں سے ایک تباہ وبرباد ہو جائے، اس طرح دھمکی دے کر وہ لوگ واپس چلے

---

[1] ابن ہشام۳۹۲؍۱،البدایة والنهایة ۲۰۳؍۴، الروض الانف۲۴۰؍۳،عیون الاثر۱۵۰؍۱،دلائل النبوة للبیهقی۳۰۶؍۲،السیرة النبویة لابن کثیر۴۰؍۲،السیرة الحلبیة ۴۸۷؍۱

[2] القصص۵۵

[3] البدایة والنهایة۸۲؍۳

گئے،ابو طالب پر قوم کا چھوٹ جانا اور ان کا دشمن بن جانا بہت شاق گزرا اور انہی وجوہات سے نہ وہ بخوشی خاطر رسول اللہ ﷺ پر اسلام لا سکے اور نہ آپ ﷺ کی مدد سے ہاتھ اٹھا سکے،

أَنَّ قُرَيْشًا حِينَ قَالُوا لِأَبِي طَالِبٍ هَذِهِ الْمَقَالَةَ، بَعَثَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: يَا ابْنَ أَخِي، إنَّ قَوْمَكَ قَدْ جَاءُونِي، فَقَالُوا لِي كَذَا وَكَذَا، لِلَّذِي كَانُوا قَالُوا لَهُ، فَأَبْقِ عَلَيَّ وَعَلَى نَفْسِكَ، وَلَا تُحَمِّلْنِي مِنْ الْأَمْرِ مَا لَا أُطِيقُ،قَالَ: فَظَنَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَدْ بَدَا لِعَمِّهِ فِيهِ بَدَاءٌ أَنَّهُ خَاذِلُهُ وَمُسْلِمُهُ، وَأَنَّهُ قَدْ ضَعُفَ عَنْ نُصْرَتِهِ وَالْقِيَامِ مَعَهُ

جب قریش کے وفد نے یہ شکایت کی تو ابو طالب نے رسول اللہ ﷺ کو بلا بھیجا اور اے میرے بھتیجے! تمہاری قوم نے میرے پاس آکر تمہاری شکایتوں کا دفتر کھولا ہے پس میں مناسب سمجھتا ہوں کہ تم اپنی اور میری جان کے ہلاک کرنے کی بات نہ کرو اور مجھ پر میری طاقت سے زیادہ بار نہ ڈالو،رسول اللہ ﷺ کو خیال گزرا کہ ان کا چچا جو اب تک پوری قوم کے سامنے ان کا پشت پناہ بنا کھڑا تھا انہیں بے سہارا چھوڑ رہا ہے اور اب وہ ان کی پشت پناہی کرنے سے قاصر ہیں،

قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَمُّ، وَاَللَّهِ لَوْ وَضَعُوا الشَّمْسَ فِي يَمِينِي، وَالْقَمَرَ فِي يَسَارِي عَلَى أَنْ أَتْرُكَ هَذَا الْأَمْرَ حَتَّى يُظْهِرَهُ اللَّهُ، أَوْ أَهْلِكَ فِيهِ، مَا تَرَكْتُهُ،قَالَ: ثُمَّ اسْتَعْبَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَكَى ثُمَّ قَامَ،فَلَمَّا وَلَّى نَادَاهُ أَبُو طَالِبٍ، فَقَالَ: أَقْبِلْ يَا بن أَخِي، قَالَ: فَأَقْبَلَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اذْهَبْ يَا بن أَخِي، فَقُلْ مَا أَحْبَبْت، فو الله لَا أُسْلِمُكَ لِشَيْءٍ أَبَدًا

اس لئے جواباً عرض کیا اے چچا! اللہ کی قسم اگر یہ لوگ میرے دائیں ہاتھ پر سورج اور بائیں ہاتھ پر چاند لا کر بھی رکھ دیں میں تب بھی اپنے وعظ ونصیحت سے باز نہیں آؤں گا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اسلام کا بول بالا فرما دے گا یا میں خود اس راہ میں فنا ہو جاؤں، یہ کہہ کر رسول اللہ ﷺ شدت جذبات سے رو پڑے اور وہاں سے جانے کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے، جب آپ لوٹنے لگے تو ابو طالب نے رسول اللہ ﷺ کو آواز دی اور کہا اے میرے بھتیجے! تم اپنی دعوت جس کو چاہو دیتے پھرو، واللہ! میں تمہیں کسی قیمت پر کسی کے حوالہ نہ کروں گا۔[1]

جب قریش کو معلوم ہوا کہ ابو طالب ہماری انتہائی دھمکی کے باوجود رسول اللہ ﷺ کا ساتھ چھوڑنے اور انہیں دشمنوں کے حوالے کرنے کو تیار نہیں تو معاملہ نے نازک صورت اختیار کر لی۔

ثُمَّ إِنَّ الْمُشْرِكِينَ اشْتَدُّوا عَلَى الْمُسْلِمِينَ كَأَشَدِّ مَا كَانُوا حَتَّى بَلَغَ المسلمين الجهد، واشتد عليهم البلاء

مشرکین قریش کا ظلم وستم نہ صرف رسول اللہ ﷺ بلکہ اس وقت تک مسلمان ہو جانے والے لوگوں پر اس قدر بڑھا کہ ان پر عرصہ حیات تنگ ہو گیا اور انہوں نے انتقامی کاروائی کے لئے ایک دوسرے کو بھڑکایا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہر قبیلے نے اپنے میں سے ایمان لانے والوں کو سخت ترین عذاب میں مبتلا کر دیا اور ان کو دین سے برگشتہ کرنے کے لئے ہر حربہ استعمال کیا

فَلَمَّا رَأَى أَبُو طَالِبٍ عَمَلَ الْقَوْمِ جَمَعَ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَأَمَرَهُمْ أَنْ يُدْخِلُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

[1] ابن ہشام۲۶۵؍۱،الروض الانف۹؍۳

شِعْبَهُمْ، اجتمع عَلَى ذَلِكَ مُسْلِمُهُمْ وَكَافِرُهُمْ، فَمِنْهُمْ مَنْ فَعَلَهُ حَمِيَّةً، وَمِنْهُمْ مَنْ فَعَلَهُ إِيمَانًا وَيَقِينًا.

جب ابو طالب نے قریش کو صحابہ کرام رضی اللہ عنہما پر مظالم ڈھاتے دیکھا تو ابو طالب کو شدید خطرہ محسوس ہوا چنانچہ انہوں نے بنو ہاشم اور بنو عبد المطلب کو مشورے کے لئے جمع کیا اور انہیں تمام خطرات سے آگاہ کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کرنے کے لئے شعب بنی ہاشم میں جمع ہونے کا کہا چنانچہ اس پر تمام مسلمان و مشرکین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت اور ساتھ دینے کا عہد کیا، جن لوگوں نے اسلام قبول نہیں کیا تھا انہوں نے قبائلی حمیت کے پیش نظر اور مسلمانوں نے اپنے ایمان ویقین پر ساتھ دیا،

مگر ابولہب اور اس کے بیٹوں نے اپنے قبیلے کا ساتھ دینے کے بجائے قریش کا ساتھ دیا اور انہیں بنو ہاشم اور بنو عبد المطلب کے خلاف بھڑکایا، دوسری طرف قریش کی سفارت حبشہ بری طرح ناکام ہوگئی، جب وہ وفد مکہ مکرمہ پہنچا اور قریش کو علم ہوا کہ شاہ حبشہ نجاشی نے جعفر رضی اللہ عنہ بن ابی طالب اور دوسرے مسلمانوں کی حفاظت کا ذمہ لے لیا ہے تو وہ سیخ پا ہو گئے، ان پے در پے واقعات سے قریش غصہ سے بے قابو ہو گئے مگر وہ یہ بھی جانتے تھے کہ ان حالات میں اگر انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنے کی کوشش کی تو بنو ہاشم، بنو عبد المطلب اور ان کے حلیف میدان میں آجائیں گے اور پھر وادی مکہ میں خون کی ندیاں بہنے لگیں گی اور نامعلوم کب تک دونوں طرف سے یہ خون بہتا رہے گا، یہ ہولناک صورت دیکھ کر انہوں نے قتل کا ارادہ تو ترک کر دیا اور آخری کوشش کے طور پر تمام قبائل قریش وادی محصب میں خیف بنی کنانہ میں جمع ہوئے اور اس مسئلہ پر باہم مشورہ کیا، بحث و تمحیص کے بعد اکثریت نے جبکہ کچھ لوگ اس عہد و پیمان کے مخالف بھی تھے ایک تحریری معاہدہ کیا۔

أَنْ لَا يُبَايِعُوهُمْ، وَلَا يُنَاكِحُوهُمْ، وَلَا يُكَلِّمُوهُمْ، وَلَا يُجَالِسُوهُمْ، حَتَّى يُسَلِّمُوا إِلَيْهِمْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَتَبُوا بِذَلِكَ صَحِيفَةً وَعَلَّقُوهَا فِي سَقْفِ الْكَعْبَةِ ،

جب تک بنو ہاشم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنے کے لئے قریش کے حوالے نہیں کریں گے اس وقت تک بنو ہاشم اور بنو عبد المطلب سے تمام تعلقات قطع کر دیئے جائیں، نہ کوئی شخص بنو ہاشم سے نکاح کرے گا اور نہ ہی ان سے میل جول رکھے گا اور نہ ہی تجارتی معاملات کریں گے اور نہ ہی بنی ہاشم کی طرف سے کسی صلح کی پیش کش کو قبول کریں گے، چنانچہ یہ دستخط شدہ تحریر اندرون کعبہ آویزاں کر دی گئی۔[1]

وَيُقَالُ إِنَّ الَّذِي كَتَبَهَا النَّضْرُ بْنُ الْحَارِثِ وَقِيلَ طَلْحَةُ بْنُ أَبِي طَلْحَة الْعَبدَرِي

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہا جاتا ہے یہ تحریر نضر بن حارث نے لکھی تھی اور یہ بھی کہا جاتا ہے طلحہ بن ابی طلحہ العبدری نے لکھی تھی۔[2]

كَتَبَهَا: منصور بن عكرمة بن عامر بن هاشم، وَيُقَالُ: النضر بن الحارث، وَالصَّحِيحُ: أَنَّهُ بغيض بن عامر بن هاشم، فَدَعَا عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشُلَّتْ يَدُهُ

اور علامہ حافظ ابن قیم رحمہ اللہ لکھتے ہیں اس ظالمانہ اور سفاکانہ معاہدہ کو منصور بن عکرمہ بن عامر بن ہاشم نے لکھا تھا یہ بھی کہا جاتا ہے نضر بن حارث نے لکھا تھا مگر صحیح یہ ہے کہ یہ تحریر بغیض بن عامر بن ہاشم نے تحریر کی تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے حق میں بد دعا کی، جس سے

---

[1] عیون الاثر ۱۴۷/۱

[2] فتح الباری ۱۹۲/۷

اس کا ہاتھ ہمیشہ کے لئے بیکار ہوگیا۔ [1]

كَانَ ابْتِدَاءُ حَصْرِهِمْ فِي الْمُحَرَّمِ سَنَةَ سَبْعٍ مِنَ الْمَبْعَثِ

مجبوراً محرم سات بعثت نبوی میں ابوطالب نے شعب بنو ہاشم میں پناہ لی۔ [2]

بنوہاشم اور بنوعبد المطلب بن عبد مناف کے تمام لوگوں نے چاہیے وہ مسلمان تھے یا خاندانی نسبت کی وجہ سے ابوطالب کے ساتھ گھاٹی میں جمع ہوگئے۔

وَخَرَجَ أَبُو لَهَبٍ إِلَى قُرَيْشٍ فَظَاهَرَهُمْ عَلَى بَنِي هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ، وَقَطَعُوا عَنْهُمُ الْمِيرَةَ وَالْمَادَّةَ

اور ابولہب قریش سے جاملااور اس نے بنی ہاشم اور بنی عبد المطلب کے خلاف قریش کو قوت پہنچائی اور قریش نے ان دونوں خاندانوں پر کھانے پینے اور ضروریات زندگی کی تمام چیزیں بند کر دیں۔ [3]

فَلَبِثَ بَنُو هَاشِمٍ فِي شِعْبِهِمْ ثَلَاثَ سِنِينَ

بنوہاشم تین سال تک اس گھاٹی میں محصور رہے۔ [4]

فَكَانُوا لا يَخْرُجُونَ إِلا مِنْ مَوْسِمٍ إِلَى مَوْسِمٍ

محصورین صرف حرمت والے مہینوں میں گھاٹی سے باہر نکل سکتے تھے۔ [5]

اور جومسلمان گھاٹی میں نہیں جاسکتے تھے اہل مکہ نے ان پر وہ مظالم توڑے اور ان پر اتنے مصائب نازل کیے کہ الامان والحفیظ۔

اسی عرصہ میں جب رسول اللہ ﷺ اور ان کے رفقاء شعب بنو ہاشم میں محصور تھے

حِينَ ضَاقَتْ عَلَيْهِ مَكَّةُ وَأَصَابَهُ فِيهَا الْأَذَى، وَرَأَى مِنْ تَظَاهُرِ قُرَيْشٍ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ مَا رَأَى، اسْتَأْذَنَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْهِجْرَةِ ، فَأذنَّ لَهُ، حَتَّى إِذَا سَارَ مِنْ مَكَّةَ يَوْمًا أَوْ يَوْمَيْنِ لَقِيَهُ ابْنُ الدَّغِنَةِ أَخُو بَنِي الْحَارِثِ بْنِ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ مَنَاةَ بْنِ كِنَانَةَ وَهُوَ يَوْمَئِذٍ سَيِّدُ الْأَحَابِيشِ،فَقَالَ: إِلَى أَيْنَ يَا أَبَا بَكْرٍ؟قَالَ أَخْرَجَنِي قَوْمِي وَآذَوْنِي وَضَيَّقُوا عَلَيَّ، قَالَ وَلِمَ؟

اور مشرکین مکہ نے مسلمانوں پر ظلم وستم کر کے ان کا جینا حرام کر دیا تو سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے اجازت طلب کی کہ وہ ہجرت کر کے مہاجرین حبشہ سے جاملیں، آپ ﷺ نے انہیں ہجرت حبشہ کی اجازت فرما دی، لیکن جب آپ نے قریباً ایک یا دو دن کی مسافت طے کر لی تھی تو انہیں حارث بن بکر بن عبد مناۃ بن کنانہ ملے جو اس زمانے میں مکہ کے احابیش میں سب سے زیادہ معزز شخص تھے، انہوں نے پوچھا اے سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کہاں کا ارادہ ہے؟ سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے انہیں مسلمانوں پر کفار قریش کے ظلم وستم کا حال سنایا اور بتایا کہ وہ بھی

---

[1] زادالمعاد ۲۷،۳

[2] فتح الباری ۱۹۲،۷

[3] ابن سعد ۱۶۳،۱

[4] البداية والنهاية ۱۰۵،۳

[5] ابن سعد ۱۶۳،۱

مجبوراً ہجرت کر کے حبشہ جا رہے ہیں سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کی بات سن کر ابن دغنہ بولے آپ یہاں سے کہیں نہیں جائیں گے،

فَوَاللَّهِ إِنَّكَ لَتَزِينُ الْعَشِيرَةَ، وَتُعِينُ عَلَى النَّوَائِبِ، وَتَفْعَلُ الْمَعْرُوفَ وَتُكْسِبُ الْمَعْدُومَ ،ارْجِعْ فَإِنَّكَ فِي جِوَارِي، فَرَجَعَ مَعَهُ حَتَّى إذا دخل مكة قام معه ابْنُ الدَّغِنَةِ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ، إِنِّي قَدْ أَجَرْتُ ابْنَ أَبِي قُحَافَةَ فَلَا يَعْرِضْ لَهُ أَحَدٌ إِلَّا بِخَيْرٍ قَالَتْ : فَكَفُّوا عَنْهُ

اللہ کی قسم! تم تو قوم کی زینت ہو اور ہر ایک کے دکھ درد میں شریک ہوتے ہو اور مسافروں کے ساتھ اچھا سلوک کرتے ہو، آپ پچھلی باتوں کو بھول کر میرے ساتھ مکہ مکرمہ واپس چلیں میں آپ کو پناہ دیتا ہوں، چنانچہ وہ سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کو اپنے ساتھ واپس مکہ مکرمہ میں لے آئے اور ابن دغنہ نے انہیں اپنے پڑوس کے ایک خالی مکان میں ٹھرا دیا، ابو دغنہ نے کہا اے گروہ قریش! میں نے ابن ابی قحافہ رضی اللہ عنہ کو پناہ دی ہے کوئی شخص ان سے سوائے بھلائی کے دوسرا سلوک نہ کرے، قریش نے کہا ہم انہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچائیں گے،

قَالَتْ: وَكَانَ لِأَبِي بَكْرٍ مَسْجِدٌ عِنْدَ بَابِ دَارِهِ فِي بَنِي جُمَحَ فَكَانَ يُصَلِّي فِيهِ، وَكَانَ رَجُلًا رَقِيقًا إِذَا قَرَأَ الْقُرْآنَ اسْتَبْكَى قَالَتْ: فَيَقِفُ عَلَيْهِ الصِّبْيَانُ وَالْعَبِيدُ وَالنِّسَاءُ يَعْجَبُونَ لِمَا يَرَوْنَ مِنْ هَيْئَتِهِ، قَالَتْ: فَمَشَى رِجَالٌ من قريش إلى ابن الدغنة فقالوا له : يا ابن الدَّغِنَةِ إِنَّكَ لَمْ تُجِرْ هَذَا الرَّجُلَ لِيُؤْذِيَنَا، إِنَّهُ رَجُلٌ إِذَا صَلَّى وَقَرَأَ مَا جَاءَ به محمد يرق ويبكي وكانت له هيئة، ونحن نَتَخَوَّفُ.عَلَى صِبْيَانِنَا وَنِسَائِنَا وَضُعَفَائِنَا أَنْ يَفْتِنَهُمْ،فَأْتِهِ فَمُرْهُ بِأَنْ يَدْخُلَ بَيْتَهُ فَلْيَصْنَعْ فِيهِ مَا شَاءَ.

سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ بنی جمع کے جس مکان میں قیام پذیر تھے اس کے دروازے پر ایک نماز پڑھنے کے لیے مسجد بنالی اور اس میں نماز پڑھنے لگے، سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ رقیق القلب انسان تھے جب وہ نماز میں قرآنی آیات تلاوت فرماتے تو ان کی ریش آنسوؤں سے تر ہو جاتی تھی ان کی یہ حالت دیکھ کر قریش کے مرد، عورتیں اور بچے وہاں رک جاتے اور ان کی حالت دیکھ کر اور قرآنی آیات سن کر ان لوگوں کے دل پسیجنے لگے، یہ دیکھ کر بہت سے قریش مل کر ابن دغنہ کے پاس آئے اور اسے کہا اے ابن دغنہ! ہم اس شخص کو اجازت نہیں دے سکتے کہ وہ ہمیں اس طرح تکلیف پہنچائے، یہ شخص جب نماز پڑھتا ہے اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر جو نازل ہوا ہے اس میں سے تلاوت کرتا ہے تو روتا ہے جس سے اس کی ریش تک بھیگ جاتی ہے اگر سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ اس طرح اپنے مکان کے باہر نماز پڑھتے رہے تو انہیں اندیشہ ہے کہ ان کے مرد، عورتیں بلکہ بچے تک بہکنے اور اپنی تہذیب سے روگردانی کرنے لگیں گے، ہم آپ کے پاس اس لیے آئے ہیں کہ آپ اسے کہیں کہ وہ اپنے گھر کے اندر مسجد بنائے اور پھر جس طرح چاہے نماز پڑھے،

قَالَتْ: فَمَشَى ابْنُ الدَّغِنَةِ إِلَيْهِ فقال له : يَا أَبَا بَكْرٍ، إِنِّي لَمْ أُجِرْكَ لِتُؤْذِيَ قَوْمَكَ.وَقَدْ كَرِهُوا مَكَانَكَ الَّذِي أَنْتَ بِهِ، وَتَأَذَّوْا بِذَلِكَ مِنْكَ، فَادْخُلْ بَيْتَكَ فَاصْنَعْ فِيهِ مَا أَحْبَبْتَ،قَالَ: أَوْ أَرُدُّ عَلَيْكَ جِوَارَكَ وَأَرْضَى بِجِوَارِ اللَّهِ،قَالَ فَارْدُدْ عَلَيَّ جِوَارِي.قَالَ: قَدْ رَدَدْتُهُ عَلَيْكَ،قَالَتْ: فَقَامَ ابْنُ الدَّغِنَةِ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ، إِنَّ ابْنَ أَبِي قُحَافَةَ قَدْ رَدَّ عَلَيَّ جِوَارِي فَشَأْنُكُمْ بِصَاحِبِكُمْ

چنانچہ ابن دغنہ سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور ان سے کہا اے سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ! میں نے تمہیں اس لیے پناہ نہیں دی تھی کہ تم اپنی قوم کو تکلیف پہنچاؤ، وہ تمہیں گھر سے باہر نماز پڑھتے پسند نہیں کرتے اور انہیں اس سے تکلیف پہنچتی ہے آپ گھر کے اندر مسجد بنا کر جس طرح نماز پڑھتے رہیں، سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کہا اگر میں تمہاری پناہ تمہیں واپس لوٹا دوں اور اللہ کی پناہ میں چلا جاؤں تو کیسا رہے گا، ابن دغنہ نے کہا ٹھیک ہے آپ میری پناہ مجھے واپس لوٹا دیں، سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے تمہاری پناہ تمہیں لوٹا دی، ابن دغنہ کھڑا ہوا اور بلند آواز سے بولا اے گروہ قریش! ابن ابی قحافہ (سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ) نے میری پناہ مجھے لوٹا دی ہے اب تم اپنے ساتھی کے ساتھ جو سلوک چاہے کرو۔[1]

سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کی طرح سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے بھی ایسا ہی دلیرانہ رویہ اختیار کیا، اسلام لانے کے بعد انہوں نے اپنے ماموں عاص بن وائل کی پناہ کالعدم کر دی تا کہ اللہ اور اس کے رسول کی پناہ میں اسی طرح زندگی بسر کریں جس طرح دیگر بے بس مسلمان بسر کر رہے تھے اور جنہیں کوئی کافر پناہ دینے کے لیے تیار نہ تھا۔

دوسری طرف کیونکہ قریش کی جانب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کا اندیشہ تھا

فَكَانَ أَبُو طَالِبٍ إِذَا أَخَذَ النَّاسُ مَضَاجِعَهُمْ أَمَرَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاضْطَجَعَ عَلَى فِرَاشِهِ حَتَّى يَرَى ذَلِكَ مَنْ أَرَادَ به مكراً واغتيالاً له، فإذا نام النَّاسُ أَمَرَ أَحَدَ بَنِيهِ أَوْ إِخْوَتِهِ أَوْ بني عمه فاضطجعوا عَلَى فِرَاشِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمَرَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَأْتِيَ بَعْضَ فُرُشِهِمْ فَيَنَامَ عَلَيْهِ

اس لئے ابو طالب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کا یہ انتظام کیا کہ جب رات کو لوگ سونے لگتے تو ابو طالب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے مخصوص بستر پر لٹاتے تا کہ قاتلانہ حملہ کا ارادہ کرنے والے دیکھ لیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کہاں سو رہے ہیں مگر جب لوگ سو جاتے تو ابو طالب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بستر پر اپنے کسی عزیز کو سلا دیتے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کے بستر میں منتقل کر دیتے۔[2]

حرمت والے مہینوں میں جب محصورین اپنی ضروریات کی چیزیں لینے کے لئے اس گھاٹی سے باہر نکلتے تو اس دوران قریش چیزوں کے دام اس قدر بڑھا دیتے کہ مسلمانوں کے لئے انہیں خریدنا ممکن نہ رہتا، ان مہینوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھاٹی سے باہر تشریف لاتے اور لوگوں کو دعوت اسلام دے کر اپنا فرض منصبی ادا فرماتے،

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی پیدائش اسی اسیری کے زمانے میں ہوئی۔

یہ مظلومین تین سال تک ابن سعد کے بقول دو سال اس گھاٹی میں محصور و محبوس رہے یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ابو طالب اور خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے اپنا اپنا تمام سرمایہ خرچ کر ڈالا اور اس کے بعد نوبت فقر و فاقہ تک آ پہنچی، مقاطعہ نہایت شدید تھا کہ محصورین کی حالت بہت سنگین ہو گئی۔

وَسُمِعَ أَصْوَاتُ صِبْيَانِهِمْ بِالْبُكَاءِ مِنْ وَرَاءِ الشِّعْبِ، فَمِنْ قُرَيْشٍ مَنْ سَرَّهُ ذَلِكَ وَمِنْهُمْ مَنْ سَاءَهُ وَقَالَ: انْظُرُوا مَا أَصَابَ مَنْصُورَ بْنَ عِكْرِمَةَ

بھوک سے بچوں اور عورتوں کے بلبلانے اور تڑپنے کی آوازیں گھاٹی سے باہر سنائی دینے لگیں، سنگدل لوگ ان معصوم آوازوں پر خوش ہوتے

[1] البداية والنهاية ١١٧/٣

[2] ۔البداية والنهاية١٠٦/٣

اور خیال کرتے کہ ان کا حربہ آخر کار کامیاب ہو جائے گا، محمد ﷺ جو نہایت رحم دل ہیں بچوں اور عورتوں کے بلبلانے اور تڑپنے کی آوازیں سن کر خود کو قریش کے حوالے کر دیں گے یا بنو ہاشم ہی ہمت ہار جائیں گے اور محمد ﷺ کو پکڑ کر ان کے سپرد کر دیں گے، مگر قریش میں بعض تو اس پر خوش ہوتے تھے لیکن جو لوگ رحم دل تھے ان کو قریش کا یہ وطیرہ سخت ناگوار گزرا انہوں نے کہا کیا تم لوگوں نے دیکھا نہیں کہ اس سفاکانہ معاہدہ لکھنے کی وجہ سے منصور بن عکرمہ پر کیا گزری ہے؟۔[1]

يحْكى أَن الْمُؤمنِينَ جهدوا من ضيق الْحصار، حَتَّى إِنَّهم كَانُوا يَأْكُلُون الْخبط، وورق السمر وَكَانَ فِيهِمْ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقّاصٍ. رُوِيَ أَنّهُ قَالَ لَقَدْ جُعْت، حَتّى إنّي وَطِئْت ذَاتَ لَيْلَةٍ عَلَى شَيْءٍ رَطْبٍ فَوَضَعْته فِي فَمِي وَبَلَعْته، وَمَا أَدْرِي مَا هُوَ إلَى الْآنَ

اس دوران مسلمانوں نے بھوک سے مجبور ہو کر کیکر کے پتے کھا کر پیٹ کی آگ بجھائی، ان محاصرین میں سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بھی تھے وہ کہتے ہیں کہ میں سخت بھوکا تھا ایک رات اتفاق سے میرا پیر کسی تر چیز پر پڑا جو گیلی تھی میں نے اسے دیکھے بنا اٹھا کر زبان پر رکھا اور نگل گیا مجھے معلوم نہیں وہ کیا شے تھی؟۔[2]

أَنّ سَعْدًا قَالَ خَرَجْت ذَاتَ لَيْلَةٍ لِأَبُولَ فَسَمِعْت قَعْقَعَةً تَحْتَ الْبَوْلِ فَإِذَا قِطْعَةٌ مِنْ جِلْدِ بَعِيرٍ يَابِسَةٍ فَأَخَذْتهَا وَغَسَلْتهَا، ثُمّ أَحْرَقْتهَا ثُمّ رَضَضْتهَا، وَسَفِفْتهَا بِالْمَاءِ فَقَوِيت بِهَا ثَلَاثًا

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اپنا ایک اور واقعہ بیان کرتے ہیں ایک رات میں پیشاب کے لئے نکلا راستے میں مجھے اونٹ کی کھال کا سوکھا ہوا چمڑا ملا پیٹ بھرنے کے لئے میں نے اسے دھو کر جلایا اور اس کا سفوف بنا کر پانی کے ساتھ پی لیا، تین دن میں نے اسی سفوف پر گزارا کیا۔[3]

نوبت یہاں تک پہنچی ہوئی تھی کہ اگر کسی کو حاجت ہوتی تو وہ بکری کی طرح مینگنیاں کرتا تھا۔[4]

بعض لوگوں کا اپنے عزیزوں کی اس تکلیف پر دل کڑھتا تھا، وہ خفیہ طور پر کھانے پینے کی چیزیں بھیجتے،

وَقَدْ كَانَ أَبُو جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ فِيمَا يَذْكُرُونَ لَقِيَ حَكِيمَ بْنَ حِزَامِ بْنِ خُوَيْلِدِابْنِ أَسَدٍ، مَعَهُ غُلَامٌ يَحْمِلُ قَمْحًا يُرِيدُ بِهِ عَمّتَهُ خَدِيجَةَ بِنْتَ خُوَيْلِدٍ، وَهِيَ عِنْدَ رَسُولِ اللّهِ صَلّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلّمَ، وَمَعَهُ فِي الشّعْبِ، فَتَعَلّقَ بِهِ وَقَالَ: أَتَذْهَبُ بِالطّعَامِ إلَى بَنِي هَاشِمٍ؟ وَاَللّهِ لَا تَبْرَحُ أَنْتَ وَطَعَامُكَ حَتّى أفضحك بِمَكّةَ، فَجَاءَهُ أَبُو الْبَخْتَرِيّ ابْن هَاشِمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ أَسد، فَقَالَ: مَالك وَلَهُ؟ فَقَالَ: يَحْمِلُ الطّعَامَ إلَى بَنِي هَاشِمٍ

ام المومنین خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے بھتیجے حکیم بن حزام بن خویلد بن اسد نے جو فتح مکہ کے دن ایمان لائے، احسان اور صلہ رحمی جن کا فطری اور جبلی وصف تھا ایک روز خفیہ طور پر اپنی پھوپھی کو کچھ غلہ بھیجنے کے لئے غلام کے ہمراہ جا رہے تھے اور وہ رسول اللہ ﷺ کے گھر میں تھیں مگر

[1] ابن سعد ۱۶۳؍۱

[2] ابن ہشام ۳۷۷؍۱، الروض الانف ۲۱۶؍۳

[3] الروض الانف ۲۱۷؍۳، سیرۃ ابن اسحاق ۱۹۴؍۱، فقہ السیرۃ للغزالی ۱۲۸؍۱

حَتّى إنّ أَحَدَهُمْ لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الشّاةُ

[4] ابن ہشام ۳۷۷؍۱، الروض الانف ۲۱۶؍۳

ابوجہل نے کسی طرح انہیں دیکھ لیااوران پر جھپٹ پڑااورسختی سے کہامیں تجھ کو بنوہاشم کے ہاں غلہ لے جانے نہ دوں گااورتمہاری اس حرکت پرسب قبائل قریش میں تمہیں ذلیل ورسواکروں گا،اتفاق سےابوالبختری ابن ہاشم بن حارث بن اسدبھی وہیں پہنچ گیااس نے پوچھا کیابات ہے؟ابوجہل نے کہایہ بنوہاشم کے لیے غلہ لے کرجارہاہے،

فَقَالَ (لَهُ) أَبُو الْبَخْتَرِيِّ: طَعَامٌ كَانَ لِعَمَّتِهِ عِنْدَهُ بَعَثَتْ إلَيْهِ (فيه) أَفَتَمْنَعُهُ أَنْ يَأْتِيَهَا بِطَعَامِهَا! خَلِّ سَبِيلَ الرَّجُلِ، فَأَبَى أَبُو جَهْلٍ حَتَّى نَالَ أَحَدُهُمَا مِنْ صَاحِبِهِ، فَأَخَذَ (لَهُ) أَبُو الْبَخْتَرِيِّ لَحْيَ بَعِيرٍ فَضَرَبَهُ بِهِ فشجّه، ووطئه وطأ شَدِيدًا وَحَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَرِيبٌ يَرَى ذَلِكَ، وَهُمْ يَكْرَهُونَ أَنْ يَبْلُغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابَهُ، فَيَشْمَتُوا بِهِمْ

ابوالبختری نے ابوجہل سے کہااس کی پھوپھی کاغلہ اس کے پاس رکھاہواتھااس نے اپناغلہ منگوایاہےاوریہ اپنی پھوپھی کے پاس لے کرجارہاہے تیرااس میں کیاحرج ہےاس شخص کاراستہ چھوڑدو،فرعون امت ابوجہل نے یہ بات کب برداشت کرنی تھی اسے اس نرم جواب پرسخت غصہ آیا اورابوالبختری کوبرابھلاکہنےلگااورپھرنوبت زدوکوب تک پہنچ گئی،ابوالبختری نے ابوجہل کےاونٹ کی جس پروہ سوارتھاگردن پکڑکرمروڑڈالی اورایساجھٹکادیاکہ اونٹ بیٹھ گیاپھرابوجہل کی گدی پکڑکے کھینچ لیااورقریب پڑی اونٹ کی ہڈی اٹھاکرابوجہل کے سرپرایسی ضرب لگائی جس سےاس کاسرزخمی ہوگیاپھرابوالبختری نے اسے اپنے پیروں اورلاتوں سے خوب روندا،اوریہ ساری کاروائی شعب بنوہاشم میں کھڑے حمزہ رضی اللہ عنہ بن عبدالمطلب دیکھ رہے تھے،ابوجہل کومارکھانے سے زیادہ اس بات سے تکلیف پہنچی کہ یہ خبررسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اورصحابہ کرام رضی اللہ عنہم کوپہنچے گی اوروہ میری ذلت کاسن کرخوش ہوں گے۔[1]

مسلمانوں کی تکالیف اورمصائب کودیکھ کربعض رحم دل لوگوں نے اس معاہدہ کوجوقریش نے بنوہاشم کے خلاف لکھاتھاتوڑنے کاارادہ کیاجن میں سب سے پہلے ہشام بن عمروبن حارث بن مالک بن عامرتھےجوبنوعامربن لوی سے تعلق رکھتے تھےاورفتح مکہ کےوقت مسلمان ہوئے تھےکےدل میں یہ خیال پیداہواکہ افسوس ہم توسب نعمتیں کھائیں پیئیں اورہمارےعزیزواقارب دانے دانےکوترسیں اورفاقےپرفاقے کریں،

فَكَانَ فِيمَا بَلَغَنِي يَأْتِي بِالْبَعِيرِ، وَبَنُو هَاشِمٍ وَبَنُو الْمُطَّلِبِ فِي الشِّعْبِ لَيْلًا، قَدْ أَوْقَرَهُ طَعَامًا، حَتَّى إذَا أَقْبَلَ بِهِ فَمَ الشِّعْبِ خَلَعَ خِطَامَهُ مِنْ رَأْسِهِ، ثُمَّ ضَرَبَ عَلَى جَنْبِهِ، فَيَدْخُلُ الشِّعْبَ عَلَيْهِمْ ثُمَّ يَأْتِي بِهِ قَدْ أَوْقَرَهُ بَزًّا ، فَيَفْعَلُ بِهِ مِثْلَ ذَلِكَ

چنانچہ ہشام بن عمرونے یہ طریقہ اختیارکیاتھاکہ رات کےوقت اونٹ پرگیہوں لادکربنی ہاشم اوربنی عبدالمطلب کوپہنچادیاکرتاتھااوروہ اونٹ پرسےگیہوں کواتارکراونٹ کوواپس کردیتےتھےوہ پھرموقعہ دیکھ کراس پرلادکرپہنچادیتاغرضیکہ اسی طریقہ سےان کاگزارہ ہوتاتھا۔[2]

ثُمَّ إنَّهُ مَشَى إلَى زُهَيْرِ بْنِ أَبِي أُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ مَخْزُومٍ، وَكَانَتْ أُمُّهُ عَاتِكَةَ بِنْتَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَ: يَا زُهَيْرُ، أَقَدْ رَضِيتَ أَنْ تَأْكُلَ الطَّعَامَ، وَتَلْبَسَ الثِّيَابَ، وَتَنْكِحَ النِّسَاءَ، وَأَخْوَالُكَ حَيْثُ قَدْ عَلِمْتَ، لَا

[1] ابن ہشام ۳۵۳؍۱

[2] ابن ہشام ۳۷۴؍۱

يُبَاعُونَ وَلَا يُبْتَاعُ مِنْهُمْ، وَلَا يَنْكِحُونَ وَلَا يُنْكَحُ إِلَيْهِمْ؟أَمَا إِنِّي أَحْلِفُ باللَّه أَنْ لَوْ كَانُوا أَخْوَالَ أَبِي الْحَكَمِ بْنِ هِشَامٍ، ثُمَّ دَعَوْتَهُ إِلَى (مِثْلِ) مَا دَعَاكَ إِلَيْهِ مِنْهُمْ، مَا أَجَابَكَ إِلَيْهِ أَبَدًا

کچھ عرصہ بعد ہشام بن عمرو، عبد المطلب کے نواسے اور رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ کی پھوپھی عاتکہ بنت عبد المطلب کے بیٹے زہیر بن امیہ مخزومی جو فتح مکہ کے دن ایمان لائے تھے کے پاس گئے اور انہیں اپنا ہم خیال بنانے کی غرض سے کہا اے زہیر! کیا تم اس بات کو پسند کرتے ہو کہ تم تو ہر نعمت کھاؤ، اچھے کپڑے پہنو، عورتوں سے نکاح کرو اور تمہارے ماموں بنی مطلب کسی چیز کی خرید و فروخت نہ کرسکیں اور ان سے شادی بیاہ بھی نہ کرسکیں، اللہ کی قسم اگر ابوجہل کے ننھیال اس حال میں ہوتے تو وہ ہرگز ہرگز اس معاہدہ کی پرواہ نہ کرتا اور کھلم کھلا ان کی مدد کرتا،

قَالَ: وَيْحَكَ يَا هِشَامُ! فَمَاذَا أَصْنَعُ؟ إِنَّمَا أَنَا رَجُلٌ وَاحِدٌ وَاللَّهِ لَوْ كَانَ مَعِي رَجُلٌ آخَرُ لَقُمْتُ فِي نَقْضِهَا حَتَّى أَنْقُضَهَا، قَالَ: قَدْ وَجَدْتَ رَجُلًا قَالَ: فَمَنْ هُوَ؟قَالَ: أَنَا،قَالَ لَهُ زُهَيْرٌ: أَبْغِنَا رَجُلًا ثَالِثًا، فَذَهَبَ إِلَى الْمُطْعِمِ بْنِ عَدِيٍّ (بْنِ نَوْفَلِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ) ، فَقَالَ لَهُ: يَا مُطْعِمُ أَقَدْ رَضِيتَ أَنْ يَهْلِكَ بَطْنَانِ مِنْ بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ، وَأَنْتَ شَاهِدٌ عَلَى ذَلِكَ، مُوَافِقٌ لِقُرَيْشٍ فِيهِ! أَمَا وَاللَّهِ لَئِنْ أَمْكَنْتُمُوهُمْ مِنْ هَذِهِ لَتَجِدُنَّهُمْ إِلَيْهَا مِنْكُمْ سِرَاعًا، قَالَ وَيْحَكَ! فَمَاذَا أَصْنَعُ؟ إِنَّمَا أَنَا رَجُلٌ وَاحِدٌ،قَالَ: قَدْ وَجَدْتَ ثَانِيًا،قَالَ: مَنْ هُوَ؟ قَالَ: أَنَا

زہیر بن امیہ نے کہا آپ ٹھیک کہتے ہیں مگر میں اکیلا کیا کرسکتا ہوں؟ اگر مجھے کوئی اور ہم خیال مل جائے تو پھر میں اس کام کے لئے تگ و دو کروں، ہشام نے کہا ایک آدمی اور بھی ہے، زہیر نے پوچھا وہ کون ہے؟ ہشام نے کہا میں تمہارے سامنے موجود ہوں، زہیر نے کہا اب کسی تیسرے آدمی کی تلاش کی جائے، زہیر بن امیہ کو ہم خیال بنا کر ہشام بن عمرو وہاں سے اٹھے اور مطعم بن عدی کے پاس چلے گئے جن کا تعلق نوفل عبد مناف سے تھا اس طرح مطعم کا بنو ہاشم اور بنو عبد المطلب سے قریبی نسبی تعلق تھا، ہشام بن عمرو نے کہا اے مطعم! کیا تو اس بات کو پسند کرتا ہے کہ بنی عبد مناف کے دو گروہ ہلاک ہو جائیں اور تو ان کی ہلاکت میں قریش کا ساتھ دے، واللہ! اگر قریش سے تم ایسی بات چاہتے تو وہ ہرگز تمہارے ساتھ شریک نہ ہوتے اور اگر ہوتے بھی تو فوراً اس عہد کا توڑ دیتے، مطعم بن عدی نے بھی یہی کہا کہ وہ اکیلا کیا کرسکتا ہے کوئی دوسرا آدمی ہو تو وہ بھی کچھ کوشش کرے، ہشام نے کہا دوسرا ابھی تیرے پاس موجود ہے، مطعم نے کہا وہ کون ہے، ہشام نے کہا میں تمہارے ساتھ ہوں،

قَالَ: أَبْغِنَا ثَالِثًا قَالَ: قَدْ فَعَلْتُ،قَالَ: مَنْ هُوَ؟ قَالَ:زُهَيْرُ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ،قَالَ: أَبْغِنَا رَابِعًافَذَهَبَ إِلَى الْبَخْتَرِيِّ بْنِ هِشَامٍ، فَقَالَ لَهُ نَحْوًا مِمَّا قَالَ لِلْمُطْعِمِ بْنِ عَدِيٍّ، فَقَالَ: وَهَلْ مِنْ أَحَدٍ يُعِينُ عَلَى هَذَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: مَنْ هُوَ؟ قَالَ: زُهَيْرُ ابْنِ أَبِي أُمَيَّةَ، وَالْمُطْعِمُ بْنُ عَدِيٍّ، وَأَنَا مَعَكَ،قَالَ: أَبْغِنَا خَامِسًافَذَهَبَ إِلَى زَمْعَةَ بْنِ الْأَسْوَدِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ أَسَدٍ، فَكَلَّمَهُ، وَذكر لَهُ قَرَابَتَهُمْ وَحَقَّهُمْ،فَقَالَ لَهُ: وَهَلْ عَلَى هَذَا الْأَمْرِ الَّذِي تَدْعُونِي إِلَيْهِ مِنْ أَحَدٍ؟ قَالَ:نَعَمْ، ثُمَّ سَمَّى لَهُ الْقَوْمَ،فَاتَّعَدُوا خَطْمَ الْحَجُونِ لَيْلًا بِأَعْلَى مَكَّةَ، فَاجْتَمَعُوا هُنَالِكَ. فَأَجْمَعُوا أَمْرَهُمْ وَتَعَاقَدُوا عَلَى الْقِيَامِ فِي الصَّحِيفَةِ حَتَّى يَنْقُضُوهَا

مطعم نے کہا پھر تیسرا آدمی تلاش کرنا چاہیے، ہشام نے کہا وہ بھی موجود ہے، مطعم نے کہا وہ کون ہے؟ ہشام نے کہا زہیر بن امیہ مخزومی،

مطعم نے کہا تو پھر چوتھا آدمی تلاش کرنا چاہیے تا کہ کام پختہ ہو جائے، ہشام بن عمرو یہاں بھی کامیاب ہو کر ابو البختری بن ہشام کے پاس پہنچے اور اس سے بھی وہی گفتگو کی جو مطعم بن عدی سے کی تھی، اس نے کہا اور کون ہمارا شریک ہے؟ ہشام نے کہا اور بھی ہیں، ابو البختری نے کہا اور کون لوگ ہیں؟ ہشام نے کہا زہیر ابن ابی امیہ اور مطعم بن عدی اور میں بھی ان کے ساتھ ہوں ابو البختری نے کہا پھر پانچواں آدمی تلاش کرنا چاہیے، اس کے بعد ہشام زمعہ بن الاسود بن مطلب بن اسد کے پاس پہنچے اور اس سے بات چیت کی اور قرابت داری اور ان کے حقوق کا ذکر کیا، وہ بھی ہشام بن عمرو کا ہم خیال بن گیا اور کہا کیا تم نے کسی اور کو بھی اپنے ساتھ ملایا ہے؟ ہشام نے کہا ہاں اور سب لوگوں کے اتفاق کا ذکر کیا، اس طرح یہ پانچ آدمی مکہ معظّمہ کی بالائی جانب باب الحجون میں جمع ہوئے اور اس معاہدے کو توڑنے کے لئے عہد و پیمان کیا کہ کل ہم ضرور اس عہد نامہ کو پارہ پارہ کر دیں گے،

وَقَالَ زُهَيْرٌ: أَنَا أَبْدَؤُكُمْ، فَأَكُونُ أَوَّلَ مَنْ يَتَكَلَّمُ،فَلَمَّا أَصْبَحُوا غَدَوْا إِلَى أَنْدِيَتِهِمْ، وَغَدَا زُهَيْرُ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ عَلَيْهِ حُلَّةٌ، فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ: يَا أَهْلَ مَكَّةَ، أَنَأْكُلُ الطَّعَامَ وَنَلْبَسُ الثِّيَابَ، وَبَنُو هَاشِمٍ هَلْكَى لَا يُبَاعُ وَلَا يُبْتَاعُ مِنْهُمْ، وَاللَّهِ لَا أَقْعُدُ حَتَّى تُشَقَّ هَذِهِ الصَّحِيفَةُ الْقَاطِعَةُ الظَّالِمَةُ،قَالَ أَبُو جَهْلٍ: وَكَانَ فِي نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ: كَذَبْتَ وَاللَّهِ لَا تُشَقُّ ، قَالَ زَمْعَةُ بْنُ الْأَسْوَدِ: أَنْتَ وَاللَّهِ أَكْذَبُ، مَا رَضِينَا كِتَابَهَا حَيْثُ كُتِبَتْ، قَالَ أَبُو الْبَخْتَرِيِّ:صَدَقَ زَمْعَةُ، لَا نَرْضَى مَا كُتِبَ فِيهَا، وَلَا نُقِرُّ بِهِ، قَالَ الْمُطْعِمُ بْنُ عَدِيٍّ:صَدَقْتُمَا وَكَذَبَ مَنْ قَالَ غَيْرَ ذَلِكَ، نَبْرَأُ إِلَى اللَّهِ مِنْهَا، وَمِمَّا كُتِبَ فِيهَاقَالَ هِشَامُ ابْن عَمْرٍو نَحْوًا مِنْ ذَلِكَ،فَقَالَ أَبُو جَهْلٍ: هَذَا أَمْرٌ قُضِيَ بِلَيْلٍ، تُشُووِرَ فِيهِ بِغَيْرِ هَذَا الْمَكَانِ

زہیر بن امیہ نے کہا اس معاہدے کے خلاف سب سے پہلے میں آواز اٹھاؤں گا تم میری ہاں میں ہاں ملانا، دوسری صبح جب حسب دستور قریش خانہ کعبہ میں آ کر اپنی اپنی جگہ فروکش ہوئے تو زہیر بن امیہ بھی ریشمی حلہ زیب تن کر کے وہاں پہنچ گیا اور سب یاران جلسہ بھی ان کے ساتھ شریک تھے، آتے ہی پہلے بیت اللہ کا سات مرتبہ طواف کیا، پھر قریش کے مجمع میں آیا اور وعدے کے مطابق کھڑے ہو کر کہا اے اہل مکہ! یہ تو بڑے افسوس اور غیرت کی بات ہے کہ ہم تو ہر طرح کی نعمتیں کھائیں اور پیئیں، نکاح کریں اور بنو ہاشم فاقوں سے مریں، نہ ان کے ہاتھ کوئی چیز بیچی جائے اور نہ خریدی جائے، اللہ کی قسم جب تک یہ غیر منصفانہ معاہدہ جو قوم میں قطع رحمی کا سبب بنا ہوا ہے چاک نہیں کیا جائے گا میں اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھوں گا، ابو جہل جو ایک کونے میں بیٹھا ہوا تھا نے بڑی رعونت سے جواب دیا اللہ کے گھر میں آویزاں یہ عہد نامہ کبھی چاک نہیں کیا جا سکتا، زمعہ بن الاسود نے کھڑے ہو کر ابو جہل سے کہا اللہ کی قسم! تو سب سے زیادہ جھوٹا ہے یہ جانبدارانہ عہد نامہ ضرور چاک کیا جائے گا، جس وقت یہ لکھا جا رہا تھا ہم لوگ اس وقت بھی اس پر راضی نہ تھے، ابو البختری بن ہشام نے ان لوگوں کی تائید کرتے ہوئے کہا زمعہ ٹھیک کہتا ہے ہم بھی اس عہد نامے پر راضی نہ تھے، اس عہد نامہ کو فوراً چاک کر دو، مطعم نے کہا بلا شبہ یہ دونوں سچ کہہ رہے ہیں اور ابو جہل جھوٹا ہے ہم اللہ کے حضور ایسے ظلم سے توبہ کرتے ہیں جس کے واسطے یہ عہد نامہ لکھا گیا ہے، پھر ہشام بن عمرو نے بھی اس بات کی تائید کی کہ اس معاہدے کو ختم کر دینا چاہیے، ابو جہل کے یہ وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ ایسی آواز اٹھائی جائے گی بنو ہاشم کے حق میں ان

پانچوں لوگوں کی آراء سن کر وہ ہکابکارہ گیااور سنبھل کر کہا یہ تورات میں پہلے سے طے کیا ہوا منصوبہ معلوم ہوتا ہے۔[1]

أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لأَبِي طَالِبٍ: يَا عَمِّ، إِنَّ رَبِّي اللَّهَ قَدْ سَلَّطَ الْأَرَضَةَ عَلَى صَحِيفَةِ قُرَيْشٍ، فَلَمْ تَدَعْ فِيهَا اسْمًا هُوَ للَّه إِلَّا أَثْبَتَتْهُ فِيهَا،وَنَفَتْ مِنْهُ الظُّلْمَ وَالْقَطِيعَةَ وَالْبُهْتَانَ، فَقَالَ:أَرَبُّكَ أَخْبَرَكَ بِهَذَا؟قَالَ: نعم،قَالَ: فو الله مَا يَدْخُلُ عَلَيْكَ أَحَدٌ ، فَانْطَلَقَ فِي عِصَابَةٍ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ حَتَّى أَتَوُا الْمَسْجِدَ وَهُمْ خَائِفُونَ لِقُرَيْشٍ، فَلَمَّا رَأَتْهُمْ قُرَيْشٌ فِي جَمَاعَةٍ أَنْكَرُوا ذَلِكَ، وَظَنُّوا أَنَّهُمْ خَرَجُوا مِنْ شِدَّةِ الْبَلاءِ لِيُسَلِّمُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرُمَّتِهِ إِلَى قُرَيْشٍ

محرم دس بعثت نبوی کو رسول اللہ ﷺ نے ابوطالب کو خبر دی اے چچا! اس عہد نامہ کے تمام حروف کو جو ظلم، قطع رحمی اور بھتان پر مبنی تھے سوائے باسمک الھم کے علاوہ جو بطور عنوان ہر تحریر کے شروع میں لکھا جاتا تھا دیمک نے کھالیا ہے،ابوطالب نے کہا کیا یہ خبر تمہیں رب نے دی ہے؟رسول اللہ ﷺ نے فرمایاہاں مجھے میرے رب نے یہ خبر پہنچائی ہے،ابوطالب نے کہاواللہ! آپ تک کوئی نہیں پہنچ سکتا،ابوطالب نے یہ خبر دوسرے اہل خاندان سے بیان کی اور سب مل کر مسجد میں گئے جب قریش نے ابوطالب کو آتے دیکھا تو سمجھا کہ شدید قسم کی بھوک سے تنگ آ کر اب رسول اللہ ﷺ کو ہمارے حوالے کرنے آرہے ہیں،

فَتَكَلَّمَ أَبُو طَالِبٍ فَقَالَ: قَدْ جَرَتْ أُمُورٌ بَيْنَنَا وبينكم نذكرها لكم فأتوا بِصَحِيفَتِكُمُ الَّتِي فِيهَا مَوَاثِيقُكُمْ فَلَعَلَّهُ أَنْ يَكُونَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ صُلْحٌ، وَإِنَّمَا قَالَ ذَلِكَ أَبُو طَالِبٍ خَشْيَةَ أَنْ يَنْظُرُوا فِي الصَّحِيفَةِ قَبْلَ أَنْ يَأْتُوا بِهَا، فَأَتَوْا بِصَحِيفَتِهِمْ مُعْجَبِينَ، لا يَشُكُّونَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُدْفَعُ إِلَيْهِمْ، فَوَضَعُوهَا بَيْنَهُمْ، وَقَالُوا لأَبِي طَالِبٍ: قَدْ آنَ لَكُمْ أَنْ تَرْجِعُوا عَمَّا أَحْدَثْتُمْ عَلَيْنَا وَعَلَى أَنْفُسِكُمْ

ابوطالب بولے اور قریش سے کہا ایک واقعہ رونما ہوا ہے ممکن ہے وہ ہمارے اور تمہارے درمیان صلح کا ذریعہ بن جائے، یہ سن کر قریش بہت خوش ہوئے اور ان کو رسول اللہ ﷺ کے حوالے کرنے میں کوئی شک باقی نہ رہا پس اس دستاویز کو سامنے رکھ دیا گیا وہ کہنے لگے اب تمہارے ہوش ٹھکانے آئے ہیں اور تم قوم کی بات سننے پر تیار ہوئے ہو،

فَقَالَ أَبُو طَالِبٍ: إِنَّمَا أَتَيْتُكُمْ فِي أَمْرٍ هُوَ نِصْفٌ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ، إِنَّ ابْنَ أَخِي أَخْبَرَنِي وَلَمْ يَكْذِبْنِي ، أَنَّ هَذِهِ الصَّحِيفَةَ الَّتِي فِي أَيْدِيكُمْ قَدْ بَعَثَ اللَّهُ عَلَيْهَا دَابَّةً فَلَمْ تَتْرُكْ فِيهَا اسْمًا لَهُ إِلَّا لَحَسَتْهُ، وَتَرَكَتْ فِيهَا غَدْرَكُمْ وَتَظَاهُرَكُمْ عَلَيْنَا بِالظُّلْمِ،فَإِنْ كَانَ الْحَدِيثُ كَمَا يَقُولُ فَأَفِيقُوا فَلا وَاللَّهِ لا نُسَلِّمُهُ حَتَّى نَمُوتَ مِنْ عِنْدِ آخِرِنَا وَإِنْ كَانَ الَّذِي يَقُولُ بَاطِلا دَفَعْنَا إِلَيْكُمْ صَاحِبَنَا فَقَتَلْتُمْ أَوِ اسْتَحْيَيْتُمْ، فَقَالُوا: قَدْ رَضِينَا بِالَّذِي تَقُولُ

ابوطالب نے کہامیں تمہیں ایک انصاف کی بات کہتا ہوں اس کو مان لو گے تو ہمارے تمہارے درمیان صلح ہوسکتی ہے، میرے بھتیجے نے کبھی جھوٹ نہیں بولا آج اس نے یہ خبر دی ہے اور اس کی کوئی بات غلط ثابت نہیں ہوئی کہ اللہ نے تمہاری دستاویز پر دیمک کو مسلط کر دیا ہے جس نے ظلم وجور اور قرابت داروں سے قطع تعلق کی عبارتوں کو چاٹ لیا ہے آؤ اسی خبر پر فیصلہ کر لیتے ہیں،اگر محمد ﷺ نے صحیح خبر دی ہے تو جب

[1] تاریخ طبری ۳۴۲؍۲،ابن ہشام ۳۷۶؍۱،الروض الانف ۲۱۷؍۳

تک ہمارا بچہ بچہ کٹ نہیں جائے گا ہم محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو تمہارے حوالے نہیں کریں گے اور اگر یہ خبر انہوں نے غلط دی ہے تو میں اپنے بھتیجے کو تمہارے سپرد کر دوں گا پھر تمہیں اختیار ہے کہ چاہے تم انہیں قتل کر و یا شرمندہ کر کے زندہ چھوڑ دو، قریش تو رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو اللہ کا رسول ماننے کو تیار ہی نہ تھے اور نہ یہ یقین رکھتے تھے کہ ان کے پاس اللہ کی طرف سے وحی آتی ہے اور اللہ تعالیٰ قدم قدم پر ان کی رہنمائی فرماتا ہے چنانچہ انہیں یہ موقعہ غنیمت سمجھا اور انہوں نے اس پیشکش کو فوراً قبول کر لیا،

فَفَتَحُوا الصَّحِيفَةَ فَوَجَدُوا الصَّادِقَ الْمَصْدُوقَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَخْبَرَ بِخَبَرِهَا قَبْلَ أَنْ تُفْتَحَ،فَلَمَّا رَأَتْ قُرَيْشٌ صِدْقَ مَا جَاءَ بِهِ أَبُو طَالِبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا: هَذَا سِحْرُ ابْنِ أَخِيكَ وَزَادَهُمْ ذَلِكَ بَغْيًا وَعُدْوَانًا فَعِنْدَ ذَلِكَ صَنَعَ الرَّهْطُ مِنْ قُرَيْشٍ فِي نَقْضِ الصَّحِيفَةِ مَا صَنَعُوا

اسی وقت کچھ لوگوں کو اس دستاویز کا حال دیکھنے کو بھیجا انہوں نے اس دستاویز کو کھولا تو دیکھا کہ واقعی صادق المصدوق صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی خبر کے مطابق دیمک اللہ کے نام کے سوا تمام عبارت کو چاٹ چکی ہے، جب قریش نے دیکھا کہ یہ خبر جو ابو طالب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے سن کر آئے تھے سچ ثابت ہو گئی ہے تو ندامت و شرمندگی سے سب کی گردنیں جھک گئیں مگر بولے یہ تمہارے بھتیجے کے جادو کا کرشمہ ہے، یہ کہہ کر انہوں نے اس فیصلے کو ماننے سے انکار کر دیا اور پہلے سے بھی زیادہ فساد پر آمادہ ہو گئے، لیکن عہد نامہ پھاڑنے پر اتفاق کرنے والے لوگ آگے بڑھے اور اس معاہدے کو پارہ پارہ کر دیا۔[1]

ثُمَّ دَخَلَ هُوَ وَأَصْحَابُهُ بَيْنَ أَسْتَارِ الْكَعْبَةِ وَالْكَعْبَةِ فَقَالَ: اللَّهُمَّ انْصُرْنَا مِمَّنْ ظَلَمَنَا. وَقَطَعَ أَرْحَامَنَا. وَاسْتَحَلَّ مِنَّا مَا يَحْرُمُ عَلَيْهِ مِنَّا!ثُمَّ انْصَرَفُوا إِلَى الشِّعْبِ

ابو طالب اور ان کے رفقاء حرم میں پہنچے اور بیت اللہ کا پردہ پکڑ کر دعا مانگی اے اللہ! جن لوگوں نے ہم پر ظلم کیا ہے اور ہماری قرابتوں کو قطع کیا اور اللہ کی حرام کردہ چیزوں کو حلال کر لیا ان کے مقابلہ میں ہماری مدد فرما اس دعا کے بعد سب واپس گھاٹی میں چلے گئے۔[2]

وَتَلاوَمَ رِجَالٌ مِنْ قُرَيْشٍ عَلَى مَا صَنَعُوا بِبَنِي هَاشِمٍ. فِيهِمْ: مُطْعِمُ بْنُ عَدِيٍّ. وَعَدِيُّ بْنُ قَيْسٍ. وَزَمْعَةُ بْنُ الأَسْوَدِ. وَأَبُو البختري بْنُ هَاشِمٍ. وَزُهَيْرُ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ. وَلَبِسُوا السِّلاحَ ثُمَّ خَرَجُوا إِلَى بَنِي هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ. فَأَمَرُوهُمْ بِالْخُرُوجِ إِلَى مَسَاكِنِهِمْ فَفَعَلُواأَنَّ خُرُوجَهُمْ مِنَ الشِّعْبِ كَانَ فِي سَنَةِ عَشْرٍ مِنَ الْمَبْعَثِ

چنانچہ قریشیوں نے بنی ہاشم کے خلاف جو نامناسب کاروائی کی تھی اس کو ختم کرنے کے لیے مطعم بن عدی، عدی بن قیس، زمعہ بن اسود، ابوالبختری بن ہشام، زہیر بن ابی امیہ نے ہتھیار لگائے اور بنو ہاشم و بنو عبد المطلب کے پاس گھاٹی میں پہنچے اور انہیں اپنے اپنے گھروں کو جانے کی اجازت دے دی اور بنو ہاشم اور بنی عبد المطلب اپنے گھروں کو چلے گئے اس طرح اس سفاکانہ عہد نامہ کا خاتمہ ہوا، تین سال کی مسلسل مصیبت کے بعد دس بعثت نبوی کو رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم ام المومنین خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا، ابو طالب اور بنو ہاشم و بنو عبد المطلب اس گھاٹی سے باہر آئے۔[3]

---

[1] ابن ہشام۳۷۶؍۱،الروض الانف۲۱۸؍۳،عیون الآثر ۱۴۸؍۱

[2] ابن سعد۱۶۳؍۱،تاریخ طبری ۲۲۹؍۲

[3] فتح الباری۱۹۲؍۷

نبوت کی نشانی دیکھ لینے کے باوجود قریش اسلام قبول کرنے کے بجائے اپنے کفر پر اور مضبوطی سے جم گئے۔

اس روایت کی رو سے قریش کا ہر قبیلہ اس بات کا پابند تھا کہ وہ:

أَنْ لَا يُبَايِعُوهُمْ، وَلَا يُنَاكِحُوهُمْ، وَلَا يُكَلِّمُوهُمْ، وَلَا يُجَالِسُوهُمْ، حَتَّى يُسَلِّمُوا إِلَيْهِمْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کوئی شخص بنو ہاشم سے تجارت نہیں کرے گا اور کوئی شخص بنو ہاشم سے شادی بیاہ نہیں کرے گا اور کوئی شخص بنو ہاشم سے بات چیت نہیں کرے گا اور نہ ہی اس کے میل جول رکھے گا جب تک کہ وہ محمد ﷺ کو ان کے حوالے نہیں کر دیتے۔

○ بعض روایات میں ہے قریش نے بنو ہاشم کو شعب ابی طالب میں محصور کر دیا اور بعض میں ہے اپنی مصلحت کے تحت شعب بنی ہاشم میں یکجا ہوئے۔

○ بعض روایات میں محصوری کی مدت دو سال بتلائی جاتی ہے اور بعض میں تین سال۔

○ معاہدہ کے جس حصہ کو دیمک نے چاٹ لیا تھا اس میں بھی اختلاف ہے کہ وہ ابتدائی الفاظ تھے یا یہ الفاظ تو باقی رہ گئے اور اصل معاہدہ تلف ہو گیا۔

ان روایات پر کچھ سوالات ذہن میں ابھرتے ہیں مثلاً :

○ معاہدہ کی رو سے بنو ہاشم سے تجارتی لین دین، شادی بیاہ، بات چیت اور میل جول پر پابندی لگائی تھی مگر بنی ہاشم کا محاصرہ کرنے کی تو کوئی شق موجود نہیں تھی، لہٰذا اس معاہدہ کے تحت قریش کا بنو ہاشم کا محاصرہ کرنے کا تو کوئی جواز نہ تھا اور نہ ہی کوئی قبیلہ ان کا محاصرہ کرنے کا پابند تھا، چنانچہ جو شق معاہدہ میں شامل ہی نہیں تھی اس پر تمام قریش نے اتفاق کیسے عمل کر لیا۔

○ اور کیا بنو ہاشم اور بنی عبد المطلب کو گھاٹی میں محصور کر کے پہرہ بٹھا دیا گیا تھا کہ نہ کوئی اندر جا سکتا تھا اور نہ کوئی باہر نکل سکتا تھا اور نہ کوئی چیز اندر جا سکتی تھی اور نہ باہر نکل سکتی تھی تا کہ بنی ہاشم بھوک پیاس سے مر جائیں۔

○ یہ معاہدہ صرف بنی ہاشم اور اس کے حمایتی بنی عبد المطلب کے خلاف تھا دوسرے قبائل کے خلاف نہیں تھا لیکن روایت میں ہے کہ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ جن کا تعلق بنو زہرہ سے تھا بنو ہاشم اور بنی عبد المطب کے ساتھ محاصرے میں موجود تھے، وہ ان محاصرین میں کیسے شامل ہو گئے؟ اگر یہ کہا جائے وہ صرف رسول اللہ ﷺ کی محبت کی وجہ سے ان کے ساتھ تھے تو کیا سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب اور سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ بن عفان اور دوسرے مسلمانوں کو آپ ﷺ سے کوئی محبت وعقیدت نہیں تھی کہ وہ بھی سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی پیروی کرتے اور اپنی محبت کا اظہار کرتے۔

○ معاہدے کی شق کے مطابق صرف قریش پر بنو ہاشم سے تجارتی لین دین پر پابندی عائد کی گئی تھی اس طرح ارد گرد کے دوسرے قبائل اور باہر سے آئے ہوئے تاجروں پر یہ پابندی لاگو نہیں ہوتی تھی، اس صورت میں بنی ہاشم کے لیے ارد گرد کے قبائل اور باہر سے آئے ہوئے دوسرے تاجروں سے لین دین کرنے کے لیے کوئی رکاوٹ نہیں تھی کہ وہ ان سے ضرورت کی اشیا حاصل کریں اور عورتوں اور بچوں کو بھوک سے ہلکان نہ کریں، لیکن روایت میں یہ ذکر کیا گیا ہے کہ بنی ہاشم اور بنی عبد المطب تین سال تک بھوکے اس شعب میں محصور رہے۔

○ عرب کے قبائلی معاشرہ میں کسی شخص کو قتل کر دینا آسان کام نہیں تھا، قریش اگر رسول اللہ ﷺ کو قتل کر دینا چاہتے تھے تو مشاورت

کرنے کی صحیح جگہ دار الندوہ تھی جہاں قریش جمع ہو کر اپنے اہم اور اجتماعی فیصلے پوری سوچ و بچار اور بہت بحث و تمحیص کے بعد کرتے تھے اور وہی فیصلے قابل عمل بھی ہوتے تھے، دار الندوہ کے باہر کیے ہوئے فیصلے قبول نہیں کیے جاتے تھے لیکن اس مقصد کے لیے دار الندوہ میں کوئی مجلس منعقد نہیں کی گئی، لیکن بعد میں جب قریش نے سنجیدگی سے دار الندوہ میں جمع ہو کر رسول اللہ ﷺ کے قتل کا فیصلہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو ہجرت کا حکم فرمایا اور آپ ﷺ دوپہر کے وقت ہی سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے اور وہیں سے ان کو ساتھ لے کر غار حرا کی طرف روانہ ہو گئے۔

○ تین سال تک بنی ہاشم اور بنی عبد المطب کا محاصرہ کوئی معمولی واقعہ نہیں تھا اگر یہ واقعہ پیش آتا تو اس ظلم کی باز گشت پورے عرب میں گونج اٹھتی کیونکہ بنو ہاشم زائرین عمرہ و حج کی مہمان داری، ان کے لیے پانی کا بندوبست کرنا، بیت اللہ کی دیکھ بھال اور مسافروں کی خدمت کرنے پر مامور تھے، اگر وہ اپنے ان فرائض کو سرے سے ہی پورا نہ کرتے یا کوتاہی کے مرتکب ہوتے تو پورے عرب میں ہلچل پیدا ہو جاتی لیکن تاریخ میں ایسا کچھ مذکور نہیں، اور اگر بنی ہاشم اور بنی عبد المطلب منظر سے ہی غائب تھے تو ان فرائض کو کس نے سر انجام دیا تھا تاریخ میں یہ بھی کہیں نظر نہیں آتا۔

○ روایت میں بیان کیا گیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ صرف حرام مہینوں میں گھاٹی سے باہر نکل سکتے تھے یعنی سال میں صرف چار ماہ، باقی آٹھ ماہ رسول اللہ ﷺ وعظ و تبلیغ کے لیے گھاٹی سے باہر نہیں نکل سکتے تھے، دوسرے معنوں میں رسول اللہ ﷺ نے تین سالوں میں صرف ایک سال اپنا فرض منصبی سر انجام دیا اور باقی دو سال اپنی جان کے خوف سے گھاٹی میں چھپے رہے، کیا ایسا ممکن ہے کہ اللہ کا رسول جس کی حفاظت اللہ کے ذمہ ہوتی ہے اپنی جان بچانے کے لیے اپنا فرض منصبی ترک کر دے،

يَآيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ۭ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ [1]

ترجمہ: اے پیغمبر! جو کچھ تمہارے رب کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے وہ لوگوں تک پہنچا دو اگر تم نے ایسا نہ کیا تو اس کی پیغمبری کا حق ادا نہ کیا اللہ تم کو لوگوں کے شر سے بچانے والا ہے، یقین رکھو کہ وہ کافروں کو (تمہارے مقابلہ میں) کامیابی کی راہ ہر گز نہ دکھائے گا۔

اگر یہ صحیح ہے تو پھر قریش اپنے مقصد میں یقیناً میں کامیاب رہے کہ انہوں نے آپ ﷺ کو وعظ و تبلیغ سے دور کر دیا۔

ان حقائق کی روشنی میں ان مضطرب روایات پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔

حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ لَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَنَحْنُ بِمِنًى: نَحْنُ نَازِلُونَ غَدًا بِخَيْفِ بَنِي كِنَانَةَ، حَيْثُ تَقَاسَمُوا عَلَى الْكُفْرِ وَذَلِكَ إِنَّ قُرَيْشًا وَبَنِي كِنَانَةَ تَحَالَفَتْ عَلَى بَنِي هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ أَنْ لَا يُنَاكِحُوهُمْ وَلَا يُبَايِعُوهُمْ، حَتَّى يُسْلِمُوا إِلَيْهِمْ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي بِذَلِكَ، الْمُحَصَّبَ

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ہم منی میں تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہم کل خیف بنی کنانہ میں اترنے والے ہیں جس جگہ کافروں نے کفر پر قسمیں کھائیں تھیں اور یہ کہ قریش اور بنو کنانہ نے قسم کھائی کہ وہ بنو ہاشم اور بنو مطلب کے ساتھ نہ نکاح کریں گے اور نہ ہی ان کے

---

[1] المائدہ ۶۷

ساتھ خرید وفروخت کریں گے جب تک کہ وہ رسول اللہ ﷺ کو ان کے سپرد نہ کر دیں یعنی وہ جگہ وادی محصب تھی۔[1]

یہ روایت حقیقت سے قریب ترین معلوم ہوتی ہے جس میں ہے کہ مشرکین قریش کے چند لوگوں نے دار الندوہ میں نہیں بلکہ منی میں بنی ہاشم اور بنی عبد المطلب کے معاشرتی مقاطعہ پر آپس میں قسمیں کھائیں جس کے تحت بنو ہاشم سے تجارتی لین دین، شادی بیاہ اور میل جول ختم کر دیا گیا مگر اس میں ایسی کوئی شق موجود نہ تھی کہ بنو ہاشم کو خوراک نہیں پہنچانے دی جائے گی یا ان کو نظر بند کر دیا جائے گا، حلف اٹھانے والوں کی نظر میں یہ حلف کیسا ہی رہا ہو مگر یہ قریش کا معاہدہ نہیں تھا لہذا اس کے لکھنے کی نوبت بھی نہیں آ سکتی، اس سے یہ نتائج با آسانی اخذ کیے جا سکتے ہیں۔

○ یہ قبائل قریش کا کوئی اجتماعی معاہدہ نہیں تھا جو سوچ و بچار اور بحث و تمحیص سے طے پایا ہو اور اس کی کوئی مدت بھی مقرر کی گئی ہو اور پھر اس کے لکھنے کی نوبت آئی ہو۔ بنو کنانہ اور قریش کے کچھ لوگوں نے جن میں زیادہ امکان یہ ہے کہ اس میں خاندانوں کے بڑے شامل نہیں تھے بنی ہاشم کو پسپا کرنے کے لیے گھاٹی میں جمع ہو کر معاشرتی مقاطعہ کا فیصلہ کیا اور اس پر قسمیں کھائیں مگر بنو ہاشم کی محصوری کی کوئی بات نہ تھی۔

○ اس معاہدہ میں قریش کے اہم سرداروں کی تائید حاصل نہ تھی چنانچہ وہ بنو ہاشم کے خلاف اس ظلم وزیادتی کے خلاف آواز بلند کرتے رہے اور آخر کار انہی سرداروں کی کوششوں سے یہ محاذ آرائی ختم ہوئی۔

○ کیونکہ بنو ہاشم اور بنی عبد المطلب کے محاصرہ نام کی کوئی چیز نہ تھی اس لیے بنو ہاشم کے عزیز و اقارب مثلاً ہشام بن عمرو اور حکیم بن حزام اپنے عزیزوں کو ضرورت کی چیزیں پہنچاتے رہتے تھے، مگر روایات میں سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ، سیدنا عمر اور سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کا کہیں ذکر نہیں ملتا کیا انہیں رسول اللہ ﷺ سے کوئی محبت نہیں تھی۔

○ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ یہ حلف کتنا عرصہ قائم رہا اور بنو ہاشم کتنا عرصہ اس حلف کی وجہ سے پریشان رہے لیکن یہ پریشانی یقیناً محصوری اور خوراک کے نہ ملنے کی وجہ سے نہیں تھی۔

○ رسول اللہ ﷺ کی دعوت دین کے سبب قریش اور بنو کنانہ کے بطون میں سے بہت لوگ دین اسلام قبول کر چکے تھے مگر چونکہ یہ حلف صرف بنو ہاشم اور بنی عبد المطلب کے خلاف تھا لہذا باقی بطون کے مسلمان مثلاً سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب اور دوسرے لوگ اس سے قطعاً متاثر نہیں ہوئے، اس لیے اس معاشرتی مقاطعہ نے دعوت دین کے معاملہ میں مسلمانوں کے لیے کوئی رخنہ نہیں ڈالا۔

○ رسول اللہ ﷺ اور دوسرے لوگوں کے بیت اللہ میں آنے جانے یا مکہ معظّمہ میں گھومنے پھرنے پر کسی قسم کی کوئی پابندی نہیں تھی اس لیے اس تمام عرصہ میں رسول اللہ ﷺ اپنا فرض منصبی بااحسن خوبی پورا فرماتے رہے اور بنو ہاشم زائرین حج و عمرہ کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرتے رہے۔

○ بنو ہاشم ان لوگوں کے سوا جنہوں نے حلف اٹھایا تھا دوسرے لوگوں لین دین کر سکتے تھے جن پر یہ حلف لاگو نہیں ہوتا تھا۔

---

[1] صحيح مسلم كِتَابُ الْحَجِّ بَابُ اسْتِحْبَابِ النُّزُولِ بِالْمُحَصَّبِ يَوْمَ النَّفْرِ وَالصَّلَاةِ بِهِ ۳۱۷۵

○روایت میں ہے کہ ممکنہ خطرے کو بھانپ کر ابو طالب بنو ہاشم اور بنی عبد المطلب کو لے کر شعب ابی طالب میں محصور ہو گئے مگر اس نام کی کوئی جگہ مکہ معظّمہ کے ارد گرد ثابت نہیں ہے البتہ شعب بنو ہاشم ایک محلہ تھا جس میں بنو ہاشم کی ایک بڑی تعداد رہتی تھی اور یہ بھی مکہ معظّمہ سے دور دراز کوئی گھاٹی نہ تھی بلکہ مکہ معظّمہ کے دوسرے محلوں کے ساتھ واقع تھی اس لیے بچوں کے رونے کی آوازیں اہل مکہ سنتے تھے

وَسُمِعَ أَصْوَاتُ صِبْيَانِهِمْ بِالْبُكَاءِ مِنْ وَرَاءِ الشِّعْبِ

بھوک سے بچوں اور عورتوں کے بلبلانے اور تڑپنے کی آوازیں گھاٹی سے باہر سنائی دینے لگیں۔

اگر یہ محلہ مکہ مکرمہ سے دور اور الگ تھلگ ہوتا تو پھر آوازیں کیسے سنائی دیتیں۔

مضامین سورۂ الانبیاء:

اس سورۂ کی ابتدا میں دنیا کی زندگی کے زوال کی تصویر کشی کی گئی ہے، فرمایا کہ قیامت کا وقوع اور حساب کا وقت بہت قریب آ گیا ہے لیکن اس ہولناک دن سے انسان غفلت میں پڑا ہوا ہے، وہ اس کے لیے تیاری کرتے ہیں اور نہ ہی ایسے اعمال کرتے ہیں جو وہاں کام آئیں گے، ان کے سامنے جب بھی کوئی نئی آیت آتی ہے تو اس کا مذاق اڑاتے اور اسے جھٹلا دیتے ہیں، سابقہ امتوں کی طرح سرداران قریش بھی آپ ﷺ سے توحید باری تعالیٰ، بعثت بعد الموت اور رسالت پر مختلف و متضاد شکوک واعتراضات کرتے رہتے تھے، ان کے شبہات واعتراضات کو دلائل کی روشنی میں ازالہ کیا گیا، اللہ کو خالق اور رازق کی حد تک تو وہ مانتے تھے مگر موت کے بعد کی زندگی کے منکر تھے اور کہتے تھے کہ یہ تو پچھلے لوگوں کی گھڑی ہوئی کہانیاں ہیں اس کی کوئی حقیقت نہیں، زندگی بس یہی زندگی ہے مرنے کے بعد کوئی جزاء یا سزا نہیں، اس کا بڑے ہی موثر انداز میں توڑ کیا گیا، پچھلی اقوام کی طرح اہل مکہ بھی رسالت کے منکر تھے ان کا بھی یہی تصور تھا کہ انسان کبھی منصب رسالت پر فائز نہیں ہو سکتا اور کیونکہ ان کے مطالبے کے مطابق عذاب نازل نہیں ہو رہا تھا تو کہتے کہ ضرور یہ نبی جھوٹا ہے اور یہ دھمکیاں محض ہمیں مرعوب کرنے کے لئے ہی دی جا رہی ہیں، انہیں بڑی تفصیل سے سمجھایا گیا کہ نبی یا رسول انسان ہی ہوتے ہیں، ان میں الوہیت اور کسی الٰہی صفات کا شائبہ تک نہیں ہوتا بلکہ وہ ہر دم اپنی ہر چھوٹی بڑی ضرورت کے لئے رب کے محتاج ہوتے ہیں، ان کے مخالفین ہمیشہ ان کے درپے آزار رہتے ہیں مگر رب کی نصرت ہمیشہ ہی ان کے ساتھ ہوتی ہے، اور قرآن کے بارے میں کہتے تھے کہ یہ قرآن کھلا جادو ہے، کبھی کہتے یہ شعر ہے، کبھی کہتے یہ خواب پریشاں ہے، کبھی کہتے کہ یہ کسی سے سیکھا ہوا کلام ہے اور کبھی کہتے کہ یہ محمد ﷺ کا اپنا تصنیف کیا ہوا کلام ہے انہیں تنبیہ کی گئی کہ جس طرح تم ہمارے نبی برحق کے ساتھ سلوک کر رہے ہو اس کا انجام ہمیشہ عبرت ناک ہی ہوا ہے لہذا اپنی اس روش سے باز آ جاؤ، یاد رکھو رسول اللہ ﷺ جو دین پیش کر رہے ہیں وہی دین ہی سچا اور برحق ہے اور ان سے بیشتر انبیاء یہی دین پیش کرتے رہے ہیں اب اگر کچھ ہے تو صرف گمراہ لوگوں کا بنایا ہوا مجموعہ ہے، اس کے علاوہ یہ بھی یاد رکھو ہم تمہیں پہلے سے ہی بتا دیتے ہیں کہ اگر تم نے ہمارے دین برحق کو اپنا رہنما بنالیا تو دنیا و آخرت میں کامیابی و کامرانی تمہاری مقدر رہو گی، اور ہمارے نازل کردہ ہدایات سے روگردانی کرو گے تو تمہارا انجام بدتر اور سابقہ قوموں کی طرح عبرت ناک ہو گا، اس کے علاوہ اللہ کی راہ میں صدقہ وخیرات، مشکلات میں صبر، علم، نیکی اور اعمال صالح کا خصوصی ذکر کیا گیا اور ظلم وستم، کفر وشرک، اور رب کے نازل کردہ دین اسلام کا تمسخر و مذاق اڑانے کی شدید مذمت کی گئی۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اِقۡتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمۡ وَ هُمۡ فِیۡ غَفۡلَةٍ مُّعۡرِضُوۡنَ ۚ﴿۱﴾ مَا یَاۡتِیۡهِمۡ

لوگوں کے حساب کا وقت قریب آ گیا پھر بھی وہ بے خبری میں منہ پھیرے ہوئے ہیں، ان کے پاس ان کے

مِّنۡ ذِكۡرٍ مِّنۡ رَّبِّهِمۡ مُّحۡدَثٍ اِلَّا اسۡتَمَعُوۡهُ وَ هُمۡ یَلۡعَبُوۡنَ ۙ﴿۲﴾ لَاهِیَةً قُلُوۡبُهُمۡ ؕ

رب کی طرف سے جو بھی نئی نئی نصیحت آتی ہے اسے وہ کھیل کود میں ہی سنتے ہیں، ان کے دل بالکل غافل ہیں

وَ اَسَرُّوا النَّجۡوَی ٭ۖ الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡا ٭ۖ هَلۡ هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ ۚ اَفَتَاۡتُوۡنَ

اور ان ظالموں نے چپکے چپکے سرگوشیاں کیں کہ وہ تم ہی جیسا انسان ہے پھر کیا وجہ ہے جو تم آنکھوں دیکھتے

السِّحۡرَ وَ اَنۡتُمۡ تُبۡصِرُوۡنَ ﴿۳﴾ قٰلَ رَبِّیۡ یَعۡلَمُ الۡقَوۡلَ فِی السَّمَآءِ

جادو میں آجاتے ہو ،پیغمبر نے کہا میرا پروردگار ہر اس بات کو جو زمین و آسمان میں ہے بخوبی جانتا ہے،

وَ الۡاَرۡضِ ۫ وَ هُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ﴿۴﴾ (الانبیاء ا تا ۴)

وہ بہت ہی سننے والا اور جاننے والا ہے۔

قیامت سے غافل انسان:

اللہ تعالیٰ نے فرمایا اعمال کی جزا کا وقت قریب آ گیا ہے، مگر لوگ اللہ کی بارگاہ میں جوابدہی کی تیاری کرنے کے بجائے دنیا کی رنگینیوں، دلفریبیوں میں گم ہیں، جیسے فرمایا:

اَتٰۤی اَمۡرُ اللّٰهِ فَلَا تَسۡتَعۡجِلُوۡهُ ﴿۱﴾ [1]

ترجمہ: آ گیا اللہ کا فیصلہ اب اس کے لئے جلدی نہ مچاؤ۔

اِقۡتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَ انۡشَقَّ الۡقَمَرُ ﴿۱﴾ وَ اِنۡ یَّرَوۡا اٰیَةً یُّعۡرِضُوۡا وَ یَقُوۡلُوۡا سِحۡرٌ مُّسۡتَمِرٌّ ﴿۲﴾ [2]

ترجمہ: قیامت کی گھڑی قریب آ گئی اور چاند پھٹ گیا مگر ان لوگوں کا حال یہ ہے کہ خواہ کوئی نشانی دیکھ لیں منہ موڑ جاتے ہیں اور کہتے ہیں یہ تو چلتا ہوا جادو ہے۔

عَنْ سَهْلٍ، قَالَ:قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ هَكَذَا، وَيُشِيرُ بِإِصْبَعَيْهِ فَيَمُدُّ بِهِمَا

سہل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اور قیامت اتنے نزدیک بھیجے گئے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی

[1] النحل ۱

[2] القمر ۱،۲

دو انگلیوں کے اشارہ سے (اس نزدیکی کو) بتایا پھر ان دونوں کو پھیلایا (یعنی مجھ میں اور قیامت میں اب کسی نئے پیغمبر و رسول کا فاصلہ نہیں ہے اور میری امت آخری امت ہے اسی پر قیامت آئے گی)۔[1]

یعنی محمد رسول اللہ ﷺ کی بعثت اس بات کی علامت ہے کہ نوع انسانی اپنے آخری دور میں داخل ہو رہی ہے، اور وہ اپنے آغاز کی بنسبت اپنے انجام سے قریب تر ہے، ان کی ہدایت و رہنمائی کے لئے حسب حالات و ضروریات جتنا قرآن محمد رسول اللہ ﷺ پر نازل ہوتا ہے اس کو سنجیدگی اور توجہ سے سننے اور اس پر غور و تدبر کرنے کے بجائے اس طرح سنتے ہیں جیسے وہ اس سے استہزا و مذاق کر رہے ہوں، ان کے دل اپنی نجات جہنم کی فکر کے بجائے دنیاوی اغراض و مقاصد میں مستغرق ہیں، اور مکذبین خود تو گمراہ ہیں ہی دوسروں کو بھی گمراہ کرنے کے لئے سرگوشیوں میں کہتے ہیں کہ یہ شخص آخر تم جیسا ایک بشر ہی تو ہے، پہلی قوموں نے بھی اپنے رسولوں کو بشر ماننے سے انکار کیا تھا۔

۔۔۔قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۭ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا ۔۔۔ ۝۱۰ [2]

ترجمہ: انہوں نے جواب دیا تم کچھ نہیں ہو مگر ویسے ہی انسان جیسے ہم ہیں تم ہمیں ان ہستیوں کی بندگی سے روکنا چاہتے ہو جن کی بندگی باپ دادا سے ہوتی چلی آ رہی ہے۔

اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَاۗءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰي رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ۭ ۔۔۔ ۝۶۹ [3]

ترجمہ: کیا تمہیں اس بات پر تعجب ہوا کہ تمہارے پاس خود تمہاری اپنی قوم کے ایک آدمی کے ذریعہ سے تمہارے رب کی یاد دہانی آئی تا کہ وہ تمہیں خبردار کرے؟۔

فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ۔۔۔ ۝۲۴ [4]

ترجمہ: اس کی قوم کے جن سرداروں نے ماننے سے انکار کیا وہ کہنے لگو کہ یہ شخص کچھ نہیں ہے مگر ایک بشر تم ہی جیسا اس کی غرض یہ ہے کہ تم پر برتری حاصل کرے۔

قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ۝۱۵۳ مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۔۔۔ ۝۱۵۴ [5]

ترجمہ: انہوں نے جواب دیا تو محض ایک سحر زدہ آدمی ہے، تو ہم جیسے ایک انسان کے سوا اور کیا ہے۔

قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ۝۱۸۵ وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝۱۸۶ [6]

ترجمہ: انہوں نے کہا تو محض ایک سحر زدہ آدمی ہے، اور تو کچھ نہیں ہے مگر ایک انسان ہم ہی جیسا اور ہم تو تجھے بالکل جھوٹا سمجھتے ہیں۔

---

[1] صحیح بخاری کتاب الرقاق بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ كَهَاتَيْنِ ۶۵۰۳ ،صحیح مسلم کتاب الجمعة بَابُ تَخْفِيفِ الصَّلَاةِ وَالْخُطْبَةِ عن جابربن عبداللہ ۲۰۰۵

[2] ابراہیم۱۰

[3] الاعراف۶۹

[4] المومنون ۲۴

[5] الشعراء ۱۵۴

[6] الشعراء۱۸۶،۱۸۵

قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَیْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿۱۵﴾ [۱]

ترجمہ: بستی والوں نے کہا تم کچھ نہیں ہو مگر ہم جیسے چند انسان، خدائے رحمان نے ہرگز کوئی چیز نازل نہیں کی ہے تم محض جھوٹ بولتے ہو۔

جس کا حسب نسب ہے، جو تمہاری طرح کھاتا، پیتا ہے، جیسے فرمایا:

وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِی الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾ [۲]

ترجمہ: اس کی قوم کے جن سرداروں نے ماننے سے انکار کیا اور آخرت کی پیشی کو جھٹلایا جن کو ہم نے دنیا کی زندگی میں آسودہ کر رکھا تھا وہ کہنے لگے یہ شخص کچھ نہیں ہے مگر ایک بشر تم ہی جیسا، جو کچھ تم کھاتے ہو وہی یہ کھاتا ہے اور جو کچھ تم پیتے ہو وہی یہ پیتا ہے۔

اور کسب معاش کے لئے بازاروں میں جوتیاں چٹخاتا پھرتا ہے، جیسے فرمایا

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِی الْاَسْوَاقِ ... ﴿۲۰﴾ [۳]

ترجمہ: اے نبی! تم سے پہلے جو رسول بھی ہم نے بھیجے تھے وہ سب بھی کھانا کھانے والے اور بازاروں میں چلنے پھرنے والے لوگ ہی تھے۔

شادی شدہ اور صاحب اولاد ہے، جیسے فرمایا:

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ... ﴿۳۸﴾ [۴]

ترجمہ: تم سے پہلے بھی ہم بہت سے رسول بھیج چکے ہیں اور ان کو ہم نے بیوی بچوں والا ہی بنایا تھا۔

ذرا سوچو اس حیثیت کا بشر رسول کس طرح ہو سکتا ہے، اگر اللہ نے بشر رسول بھیجنا ہی تھا تو مکہ معظّمہ اور طائف کا کوئی صاحب حیثیت شخص ہونا چاہئے تھا، جیسے فرمایا:

وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰی رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿۳۱﴾ [۵]

ترجمہ: کہتے ہیں یہ قرآن دونوں شہروں کے بڑے آدمیوں میں سے کسی پر کیوں نہ نازل کیا گیا؟۔

یا کوئی فرشتہ ہونا چاہیے تھا، جیسے فرمایا:

وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الَّذِیْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۶﴾ لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۷﴾ [۶]

ترجمہ: یہ لوگ کہتے ہیں اے وہ شخص جس پر ذکر نازل ہوا ہے تو یقیناً دیوانہ ہے اگر تو سچا ہے تو ہمارے سامنے فرشتوں کو لے کیوں نہیں آتا۔

---

[۱] یٰسین ۱۵

[۲] المومنون ۳۳

[۳] الفرقان ۲۰

[۴] الرعد ۳۸

[۵] الزخرف ۳۱

[۶] الحجر ۶،۷

پھراس حقیقت کو جانتے بوجھتے تم اس سے میل جول اور قربت رکھو گے تاکہ اس کی شخصیت اور دعوت سن کر جادو کے پھندے میں پھنس جاؤ، رسول نے کہا آسمان اور زمین میں جو جلی یا مخفی بات کی جائے میرا رب اس بات کو جانتا ہے، جیسے فرمایا

اَلَمْ یَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ۷۸ [1]

ترجمہ: کیا یہ لوگ جانتے نہیں ہیں کہ اللہ کو ان کے مخفی راز اور ان کی پوشیدہ سرگوشیاں تک معلوم ہیں اور وہ تمام غیب کی باتوں سے پوری طرح باخبر ہے؟۔

جو جھوٹ تم تراشتے ہو وہ اس کو سن رہا ہے اور میری دعوت اور سچائی کی حقیقت کو بھی خوب جانتا ہے، وہ سننے والا اور دلوں کے بھید جانتا ہے، جیسے فرمایا:

...قُلْ مُوْتُوْا بِغَیْظِكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۱۱۹ [2]

ترجمہ: ان سے کہہ دو کہ اپنے غصہ میں آپ جل مرو اللہ دلوں کے چھپے ہوئے راز تک جانتا ہے۔

...یَعْلَمُ مَا یُسِرُّوْنَ وَمَا یُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۵ [3]

ترجمہ: اللہ ان کے چھپے کو بھی جانتا ہے اور کھلے کو بھی، وہ تو ان بھیدوں سے بھی واقف ہے جو سینوں میں ہیں۔

اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَیْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۳۸ [4]

ترجمہ: بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کی ہر پوشیدہ چیز سے واقف ہے، وہ تو سینوں کے چھپے ہوئے راز تک جانتا ہے۔

بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍۢ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ښ فَلْیَاْتِنَا

اتنا ہی نہیں بلکہ یہ تو کہتے ہیں کہ یہ قرآن پراگندہ خوابوں کا مجموعہ ہے بلکہ اس نے ازخود اسے گھڑ لیا بلکہ یہ شاعر ہے، ورنہ ہمارے

بِاٰیَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ۵ مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْیَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ

سامنے یہ کوئی ایسی نشانی لاتے جیسے اگلے پیغمبر بھیجے گئے تھے، ان سے پہلے جتنی بستیاں ہم نے اجاڑیں سب ایمان سے خالی تھیں،

اَفَهُمْ یُؤْمِنُوْنَ ۶ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِیْٓ اِلَیْهِمْ

تو کیا اب یہ ایمان لائیں گے، تجھ سے پہلے بھی جتنے پیغمبر ہم نے بھیجے سبھی مرد تھے جن کی طرف ہم وحی اتارتے تھے

فَسْــَٔـلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۷ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا یَاْكُلُوْنَ

پس تم اہل کتاب سے پوچھ لو اگر خود تمہیں علم نہ ہو، ہم نے ان کے ایسے جسم نہیں بنائے تھے کہ وہ کھانا نہ کھائیں

[1] التوبة۷۸

[2] آل عمران۱۱۹

[3] هود۵

[4] فاطر۳۸

الطَّعَامَ وَ مَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۝ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ وَ مَنْ نَّشَآءُ

اور نہ وہ ہمیشہ رہنے والے تھے، پھر ہم نے ان سے کئے ہوئے وعدے سچے کئے انھیں اور جن جن کو ہم نے چاہا نجات عطا فرمائی،

وَ اَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ۝ (الانبیائ ۵ تا ۹)

اور حد سے نکل جانے والوں کو غارت کر دیا۔

رسول اللہ ﷺ کی دعوت کا اثر جب پھیلنے لگا تو سرداران مکہ نے آپس میں مشورہ کیا کہ آپ ﷺ کی دعوت کو روکنے کے لئے پروپیگنڈا مہم شروع کی جائے، ہم ایسا کریں کہ جو شخص مکہ معظّمہ میں زیارت کے لئے آئے اسے آپ کے خلاف اتنا بد گمان کر دیا جائے کہ وہ اس دعوت کو سننے کے لئے آمادہ ہی نہ ہو، ویسے تو یہ مہم پورے سال ہی جاری رہتی تھی مگر اس تجویز کے بعد خاص طور پر حج وعمرہ کے زمانے میں کثرت سے آدمی پھیلا دیے جاتے تھے جو زائرین کے خیموں میں پہنچ کر ان کو خبر دار کر دیتے کہ ہمارے ہاں ایک ایسا ایسا آدمی ہے اس سے ہوشیار رہنا، اور انہیں بہکانے کے لئے کہتے کہ وہ شخص ایک بڑا جادوگر ہے جس نے ایک کلام تصنیف کر رکھا ہے، جس کے بارے میں وہ دعویٰ کرتا ہے کہ وہ اللہ کا کلام ہے، اور ساتھ ہی کہتے بس وہ کلام کیا ہے دیوانوں کی بڑ، پراگندہ خیالات کا پلندا اور شاعرانہ تخیلات کی تک بندیاں ہیں جس کا نام اس نے کلام الٰہی رکھا ہے، مگر اس مخالفانہ مہم کا حاصل کچھ نہ ہوا بلکہ تھوڑی ہی مدت میں رسول اللہ ﷺ کا نام اور آپ کی دعوت عرب کے گوشے گوشے میں پہنچ گئی، چنانچہ فرمایا یہ لوگ کلام الٰہی کے بارے میں کوئی قطعی اور جچی تلی رائے نہیں رکھتے ہر روز ایک نیا پینترا بدلتے اور نئے سے نئے الزام تراشیاں کرتے ہوئے کہتے ہیں یہ قرآن تو پریشان خواب کی طرح پراگندہ افکار کا مجموعہ ہے، بلکہ اس نے خود تصنیف کرلیا ہے، بلکہ یہ شخص شاعر ہے، جیسے فرمایا

اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ ۝۳۰ [1]

ترجمہ: کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ شخص شاعر ہے جس کے حق میں ہم گردش ایام کا انتظار کر رہے ہیں۔

اور یہ قرآن کتاب ہدایت نہیں شاعری ہے، جیسے فرمایا

وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ۭ قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ۝۴۱ [2]

ترجمہ: کسی شاعر کا قول نہیں ہے تم لوگ کم ہی ایمان لاتے ہو۔

اگر یہ اپنے دعویٰ رسالت میں سچا ہے تو صالح علیہ السلام کی اونٹنی، یا موسیٰ علیہ السلام کا عصا یا عیسیٰ علیہ السلام کی طرح کا کوئی معجزہ لا کر دکھادے، جیسے فرمایا

وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ... ۝۳۷ [3]

---

[1] الطور ۳۰

[2] الحاقۃ ۴۱

[3] الانعام ۳۷

ترجمہ:یہ لوگ کہتے ہیں کہ اس نبی پر اس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتری ؟۔

وَيَقُولُونَ لَوْلَآ أُنزِلَ عَلَيْهِ ءَايَةٌ مِّن رَّبِّهِۦ... ﴿۲۰﴾ [۱]

ترجمہ:اور یہ جو وہ کہتے ہیں کہ اس نبی پر اس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہ اتاری گئی۔

وَيَقُولُ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ لَوْلَآ أُنزِلَ عَلَيْهِ ءَايَةٌ مِّن رَّبِّهِۦٓ... ﴿۷﴾ [۲]

ترجمہ:یہ لوگ جنہوں نے تمہاری بات ماننے سے انکار کر دیا ہے کہتے ہیں کہ اس شخص پر اس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہ اتری ؟۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہم نے پچھلی قوموں کو ان کی حسب خواہش معجزات دکھائے تھے مگر وہ صریح معجزات دیکھ لینے کے باوجود ایمان نہیں لائیں اور بالآخر ہلاک کر دی گئیں، جیسے فرمایا

وَمَا مَنَعَنَآ أَن نُّرْسِلَ بِٱلْءَايَٰتِ إِلَّآ أَن كَذَّبَ بِهَا ٱلْأَوَّلُونَ ۚ وَءَاتَيْنَا ثَمُودَ ٱلنَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوا۟ بِهَا ۚ وَمَا نُرْسِلُ بِٱلْءَايَٰتِ إِلَّا تَخْوِيفًا ﴿۵۹﴾ [۳]

ترجمہ:اور ہم کو نشانیاں بھیجنے سے نہیں روکا مگر اس بات نے کہ ان سے پہلے کے لوگ ان کو جھٹلا چکے ہیں،(چنانچہ دیکھ لو) ثمود کو ہم علانیہ اونٹنی لا کر دی اور انہوں نے اس پر ظلم کیا، ہم نشانیاں اسی لیے تو بھیجتے ہیں کہ لوگ انہیں دیکھ کر ڈریں۔

اگر ہم اہل مکہ کو کوئی معجزہ دکھلادیں تو یہ بھی دعوت حق قبول کرنے کے بجائے پچھلی قوموں کی طرح تکذیب وعناد کے راستے پر بدستور گامزن رہیں گے اور سنت الٰہی کے تحت عذاب الٰہی میں پیس دیئے جائیں گے، جیسے فرمایا:

...قُلْ إِنَّمَا ٱلْءَايَٰتُ عِندَ ٱللَّهِ ۖ وَمَا يُشْعِرُكُمْ أَنَّهَآ إِذَا جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿۱۰۹﴾ [۴]

ترجمہ: اے نبی(صلی اللہ علیہ وسلم) ! ان سے کہو کہ نشانیاں تو اللہ کے اختیار میں ہیں اور تمہیں کیسے سمجھایا جائے کہ اگر نشانیاں آ بھی جائیں تو یہ ایمان لانے والے نہیں۔

إِنَّ ٱلَّذِينَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿۹۶﴾ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ ءَايَةٍ حَتَّىٰ يَرَوُا۟ ٱلْعَذَابَ ٱلْأَلِيمَ ﴿۹۷﴾ [۵]

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ جن لوگوں پر تیرے رب کا قول راست آ گیا ہے،ان کے سامنے خواہ کوئی نشانی آ جائے وہ کبھی ایمان لا کر نہیں دیتے جب تک کہ دردناک عذاب سامنے آتا نہ دیکھ لیں۔

اور اے نبی!تم سے پہلے بھی ہم انسانوں کی طرف انسان ہی کو رسول بنا کر بھیجتے رہے ہیں،اور انہی پر وحی کیا کرتے تھے کبھی کوئی فرشتہ انسانوں کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا اور نہ کوئی عورت، جیسے فرمایا

---

[۱] یونس۲۰

[۲] الرعد۷

[۳] بنی اسرائیل۵۹

[۴] الانعام۱۰۹

[۵] یونس۹۶،۹۷

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى... ﴿۱۰۹﴾ [۱]

ترجمہ: اے نبی! تم سے پہلے ہم نے جو پیغمبر بھیجے تھے وہ سب بھی انسان ہی تھے اور انہی بستیوں کے رہنے والوں میں سے تھے اور انہی کی طرف ہم وحی بھیجتے رہے ہیں۔

قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ مَلٰۗىِٕكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَىِٕنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿۹۵﴾ [۲]

ترجمہ: ان سے کہو اگر زمین میں فرشتے اطمینان سے چل پھر رہے ہوتے تو ہم ضرور آسمان سے فرشتے ہی کو ان کے لئے پیغمبر بنا کر بھیجتے۔

وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ۭ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ﴿۸﴾ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ﴿۹﴾ [۳]

ترجمہ: کہتے ہیں کہ اس نبی پر کوئی فرشتہ کیوں نہیں اتارا گیا اگر کہیں ہم نے فرشتہ اتار دیا ہوتا تو اب تک کبھی کا فیصلہ ہو چکا ہوتا پھر انہیں کوئی مہلت نہ دی جاتی اور اگر ہم فرشتے کو اتارتے تب بھی اسے انسانی شکل ہی میں اتارتے اور اس طرح انہیں اسی شبہ میں مبتلا کر دیتے جس میں اب یہ مبتلا ہیں۔

قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ۭ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۹﴾ [۴]

ترجمہ: ان سے کہو میں کوئی نرالا رسول تو نہیں ہوں، میں نہیں جانتا کہ کل تمہارے ساتھ کیا ہونا ہے اور میرے ساتھ کیا، میں تو صرف اس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو میرے پاس بھیجی جاتی ہے اور میں ایک صاف صاف خبردار کر دینے والے کے سوا اور کچھ نہیں ہوں۔

مجھ سے پہلے ابراہیم علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام تم میں مبعوث ہو چکے ہیں جن کی پیشوائی کو یہود و نصاریٰ تسلیم کرتے ہیں اور جن کی ذریت ہونے پر تمہیں فخر و ناز ہے کیا وہ تمہاری طرح انسان نہ تھے، کیا وہ کھانے پینے کی حاجت نہیں رکھتے تھے، کیا وہ رزق حلال کے لئے کوششیں نہیں کرتے تھے، کیا انہوں نے نکاح نہیں کیے تھے، ایک مقام پر فرمایا:

...فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا... ﴿۶﴾ [۵]

ترجمہ: مگر انہوں نے کہا کیا انسان ہمیں ہدایت دیں گے؟۔

یعنی ہمیشہ انسان ہی رسول بنا کر بھیجے گئے ہیں مگر ہر قوم نے بشر رسول کی تکذیب کی، اب رسول مان لیا ہے تو بشر نہیں مانتے، اگر یہ اس حقیقت سے لاعلم ہیں تو یہود و نصاریٰ جو تمہارے ہم نوا ہیں اور تمہیں مخالفت کے داؤ پیچ سکھلاتے ہیں ان سے پوچھ لیں کہ جو رسول بھیجے گئے تھے

[۱] یوسف۱۰۹

[۲] بنی اسرائیل۹۵

[۳] الانعام۸،۹

[۴] الاحقاف۹

[۵] التغابن۶

وہ انسان تھے یا فرشتہ یا کوئی اور مخلوق؟ وہ رسول بھی کھانا کھانے کے محتاج تھے، جیسے فرمایا

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ... ﴿۲۰﴾ [1]

ترجمہ: اے نبی! تم سے پہلے جو رسول بھی ہم نے بھیجے تھے وہ سب بھی کھانا کھانے والے اور بازاروں میں چلنے پھرنے والے لوگ ہی تھے۔

اور موت سے ہم کنار ہو کر راہ گیران عالم بقا بھی ہوئے، جیسے فرمایا:

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ... ﴿۳۴﴾ [2]

ترجمہ: اور اے نبی! ہمیشگی تو ہم نے تم سے پہلے بھی کسی انسان کے لئے نہیں رکھی ہے۔

اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿۳۰﴾ [3]

ترجمہ: (اے نبی (ﷺ) ! تمہیں بھی مرنا ہے اور ان لوگوں کو بھی مرنا ہے۔

پھر تاریخ سے سبق حاصل کرلو کہ اللہ نے رسولوں کے ساتھ نصرت و تائید کے جتنے وعدے کیے تھے وہ سب پورے ہوئے، اللہ نے رسولوں اور اہل ایمان کو عذاب سے بچالیا اور دعوت حق کی تکذیب اور اس کا راستہ روکنے والوں کو نیست و نابود کر دیا گیا اب اپنا انجام تم سوچ لو۔

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰﴾ وَ كَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ

یقیناً ہم نے تمہاری جانب کتاب نازل فرمائی ہے جس میں تمہارے لیے ذکر کیا، پھر بھی تم عقل نہیں رکھتے؟ اور بہت سی بستیاں

كَانَتْ ظَالِمَةً وَّ اَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿۱۱﴾ فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ

ہم نے تباہ کر دیں جو ظالم تھیں اور ان کے بعد ہم نے دوسری قوم کو پیدا کر دیا، جب انہوں نے ہمارے عذاب کا احساس

مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ﴿۱۲﴾ۭ لَا تَرْكُضُوْا وَ ارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَ مَسٰكِنِكُمْ

کرلیا تو لگے اس سے بھاگنے، بھاگ دوڑ نہ کرو اور جہاں تمہیں آسودگی دی گئی تھی وہی واپس لوٹو اور اپنے مکانات کی طرف

لَعَلَّكُمْ تُسْــَٔـلُوْنَ ﴿۱۳﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴﴾ فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ

جاؤ تاکہ تم سے سوال تو کرلیا جائے، کہنے لگے ہائے ہماری خرابی! بیشک ہم ظالم تھے، پھر تو ان کا یہی قول رہا

حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ﴿۱۵﴾ (الانبیائ ۱۰تا۱۵)

یہاں تک کہ ہم نے انھیں جڑ سے کٹی ہوئی کھیتی اور بجھی پڑی آگ (کی طرح) کر دیا۔

---

[1] الفرقان ۲۰

[2] الانبیائ ۳۴

[3] الزمر ۳۰

قدر ناشناس لوگ:

لوگو!ہم نے تمہاری طرف ایک ایسی جلیل القدر کتاب بھیجی ہے جس میں تمہارا دین،تمہاری شریعت اور تمہاری ہدایت ورہنمائی کی باتیں ہیں مگر تعجب ہے کہ تم اس اہم نعمت کی قدر نہیں کرتے،جیسے فرمایا:

وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾ [1]

ترجمہ:حقیقت یہ ہے کہ یہ کتاب تمہارے لئے اور تمہاری قوم کے لئے ایک بہت بڑا شرف ہے اور عنقریب تم لوگوں کو اس کی جوابدہی کرنی ہوگی۔

نوح علیہ السلام کے بعد کتنی ہی ظالم بستیاں ہیں جن کو ہم نے کفروشرک اور تکذیب حق کی پاداش میں پیس کر رکھ دیا،جیسے فرمایا

وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ... ﴿۱۷﴾ [2]

ترجمہ:دیکھ لو، کتنی ہی نسلیں ہیں جو نوح علیہ السلام کے بعد ہمارے حکم سے ہلاک ہوئیں۔

فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِىَ ظَالِمَةٌ فَهِىَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۴۵﴾ [3]

ترجمہ: کتنی ہی خطا کار بستیاں ہیں جن کو ہم نے تباہ کیا ہے اور آج وہ اپنی چھتوں پر الٹی پڑی ہیں، کتنے ہی کنوئیں بے کار اور کتنے ہی قصر کھنڈر بنے ہوئے ہیں۔

اوران کے بعد اور قوم کو ان کا جانشین بنایا،اس کے بعد دوسری اور پھر تیسری قوم یونہی آتی رہیں،پھر جب مکذبین نے اللہ کے رسولوں کے فرمان کے مطابق عذاب کے آثار کو آتے دیکھا اور سمجھ گئے کہ اب ہماری شامت آگئی تو پھر جان بچانے کے لئے راہ فرار ڈھونڈھنے لگے ،فرشتوں نے بطور استہزا کہا اللہ کے عذاب سے بچ کر اب کہاں جاؤ گے؟اپنے انہی خوبصورت،آراستہ اور پائیدار گھروں،دست بدست خدم وحشم اور عیش وعشرت کے سامانوں میں جاؤ جن کے اندر تم بدمست تھے،اور بطور طنز کے کہا اس عذاب کا اچھی طرح معائنہ کروتا کہ کوئی اس کی کیفیت دریافت کرے تو ٹھیک ٹھیک بیان کرسکو اور جب مکذبین عذاب میں گھر گئے تو مذمت اور افسوس سے کہنے لگے ہائے ہماری بدنصیبی!ہم اس پاکیزہ دعوت کی طرف سے غافل ہی رہے،بے شک ہم خطاوار تھے،اس طرح وہ اعتراف جرم کرتے رہے مگر اب کیا حاصل،جیسے فرمایا

قَالُوْا بَلٰى قَدْ جَاۗءَنَا نَذِيْرٌ ۙ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ښ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ كَبِيْرٍ ﴿۹﴾ [4]

ترجمہ:وہ جواب دیں گے ہاں، خبردار کرنے والا ہمارے پاس آیا تھا مگر ہم نے اسے جھٹلا دیا اور کہا اللہ نے کچھ بھی نازل نہیں کیا ہے تم بڑی گمراہی میں پڑے ہوئے ہو۔

یہاں تک کہ ہم نے ان کو بجھی ہوئی آگ کے ڈھیر کی طرح کر دیا، کوئی تاب وتوانائی اور حس وحرکت ان کے اندر نہ رہی۔

---

[1] الزخرف۴۴

[2] بنی اسرائیل۱۷

[3] الحج۴۵

[4] الملک۹

وَ مَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَیْنَهُمَا لٰعِبِیْنَ ﴿۱۶﴾ لَوْ اَرَدْنَاۤ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ

ہم نے آسمان وزمین اوران کے درمیان کی چیزوں کو کھیلتے ہوئے نہیں بنایا، اگر ہم یوں ہی کھیل تماشے کا ارادہ کرتے تو اسے

مِنْ لَّدُنَّاۤ ۖۗ اِنْ كُنَّا فٰعِلِیْنَ ﴿۱۷﴾ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَیَدْمَغُهٗ

اپنے پاس سے ہی بنالیتے اگر ہم کرنے والے ہی ہوتے، بلکہ ہم سچ کو جھوٹ پر پھینک مارتے ہیں پس سچ جھوٹ کا سر توڑ دیتا ہے،

فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ؕ وَ لَكُمُ الْوَیْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾ (الانبیاء ۱۶ تا ۱۸)

اور وہ اسی وقت نابود ہوجاتا ہے، تم جو باتیں بناتے ہو وہ تمہارے لیے باعث خرابی ہیں۔

آسمان وزمین کوئی کھیل تماشہ نہیں ہے:

ہم نے آسمان وزمین اوران کے درمیان جو کچھ ہے کھیل تماشے کے طور پر نہیں بنایا ہے، جیسے فرمایا

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا بَاطِلًا ؕ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَیْلٌ لِّلَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ﴿۲۷﴾ [۱]

ترجمہ: ہم نے اس آسمان اور زمین کو اور اس دنیا کو جو ان کے درمیان ہے فضول پیدا نہیں کر دیا ہے، یہ تو ان لوگوں کا گمان ہے جنہوں نے کفر کیا ہے اور ایسے کافروں کے لیے بربادی ہے جہنم کی آگ سے۔

بلکہ ان کو حق کے ساتھ اور حق کے لئے پیدا کیا ہے، جیسے فرمایا

وَلِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۙ لِیَجْزِیَ الَّذِیْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَیَجْزِیَ الَّذِیْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ﴿۳۱﴾ [۲]

ترجمہ: اور زمین اور آسمان کی ہر چیز کا مالک اللہ ہی ہے تاکہ اللہ برائی کرنے والوں کو ان کے عمل کا بدلہ دے اور ان لوگوں کو اچھی جزا سے نوازے جنہوں نے نیک رویہ اختیار کیا ہے۔

اور اس کے کئی مقاصد اور حکمتیں ہیں، اگر ہم کوئی کھلونا بنانے کا ارادہ کرتے تو اپنے پاس سے کچھ چیزیں بنالیتے اور اپنا شوق پورا کر لیتے، اپنی عظیم الشان کائنات بنانے کی اور پھر اس میں ذی روح اور ذی شعور مخلوق بنانے کی کیا ضرورت تھی؟

عَنْ مُجَاهِدٍ: لَوْ اَرَدْنَاۤ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا يَعْنِي: مِنْ عِنْدِنَا يَقُولُ: وَمَا خَلَقْنَا جَنَّةً وَلَا نَارًا وَلَا مَوْتًا، وَلَا بَعْثًا وَلَا حِسَابًا

مجاہد رحمہ اللہ سے روایت ہے اس آیت کریمہ ''اگر ہم یوں ہی کھیل تماشے کا ارادہ کرتے تو اسے اپنے پاس سے ہی بنالیتے۔'' کا مفہوم یہ ہے اگر ہم چاہتے تو اپنے پاس سے ان چیزوں کو بنالیتے اور جنت اور دوزخ کو موت وبعث کو اور حساب کتاب کو نہ بناتے۔ [۳]

---

[۱] ص ۲۷

[۲] النجم ۳۱

[۳] تفسیر طبری ۴۲۱/۱۸

مگر تخلیق کائنات کا ایک اہم مقصد یہ ہے کہ یہاں حق و باطل کی معرکہ آرائی ہو، خیر و شر کے درمیان تصادم رہے اور ہم حق اور خیر کو غالب اور باطل اور شر کو مغلوب کریں، اس لئے ہم باطل پر سچ کو اور جھوٹ پر خیر کو مارتے ہیں، جس سے باطل، جھوٹ اور شر خواہ کتنا ہی بڑا کیوں نہ ہو اس کا شیرازہ بکھر جاتا ہے اور چشم زدن میں نیست و نابود ہو جاتا ہے، جیسے فرمایا

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾ [۱]

ترجمہ: اور اعلان کر دو کہ حق آ گیا اور باطل مٹ گیا، باطل تو مٹنے ہی والا ہے۔

قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ ﴿۴۹﴾ [۲]

ترجمہ: کہو حق آ گیا ہے اور اب باطل کے کیے کچھ نہیں ہو سکتا۔

۔۔۔ وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ۔۔۔ ﴿۲۴﴾ [۳]

ترجمہ: وہ باطل کو مٹا دیتا ہے اور حق کو اپنے فرمانوں سے حق کر دکھاتا ہے۔

اور رب کی طرف تم جو بے سرو پا باتیں منسوب کرتے ہو یا اس کی بابت باور کراتے ہو کہ فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں، جیسے فرمایا

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾ [۴]

ترجمہ: اور یہ اللہ کے لیے بیٹیاں تجویز کرتے ہیں، سبحان اللہ! اور ان کے لیے وہ جو یہ خود چاہیں؟۔

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ﴿۲۷﴾ [۵]

ترجمہ: جو لوگ آخرت کو نہیں مانتے وہ فرشتوں کو دیویوں کے ناموں سے موسوم کرتے ہیں۔

اس کے برگزیدہ اور مقرب بندے عزیر علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں، جیسے فرمایا

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ۨ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۔۔۔ ﴿۳۰﴾ [۶]

ترجمہ: یہودی کہتے ہیں کہ عزیر اللہ کا بیٹا ہے اور عیسائی کہتے ہیں کہ مسیح اللہ کا بیٹا ہے یہ بے حقیقت باتیں ہوتی ہیں جو وہ اپنی زبانوں سے نکالتے ہیں ان لوگوں کی دیکھا دیکھی جو ان سے پہلے کفر میں مبتلا ہوئے تھے۔

یہ عقائد تمہاری تباہی و بربادی کا باعث ہیں۔

---

[۱] بنی اسرائیل ۸۱

[۲] سبا ۴۹

[۳] الشوری ۲۴

[۴] النحل ۵۷

[۵] النجم ۲۷

[۶] التوبة ۳۰

وَ لَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِؕ وَ مَنْ عِنْدَهٗ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ

آسمانوں اور زمین میں جو ہے اسی اللہ کا ہے اور جو اس کے پاس ہیں وہ اس کی عبادت سے نہ سرکشی کرتے ہیں

وَ لَا یَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ یُسَبِّحُوْنَ الَّیْلَ وَ النَّهَارَ لَا یَفْتُرُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمِ اتَّخَذُوْۤا

اور نہ تھکتے ہیں، وہ دن رات تسبیح بیان کرتے ہیں اور ذرا سی بھی سستی نہیں کرتے، کیا ان لوگوں نے

اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ یُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾ (الانبیائ۱۹تا۲۱)

زمین (کی مخلوقات میں) سے جنہیں معبود بنا رکھا ہے وہ زندہ کر دیتے ہیں۔

زمین اور آسمانوں میں جو کچھ بھی ہے، سب اللہ کی مخلوق ہے، تو اللہ اپنی مخلوق میں بعض کو بیٹی بیٹا اور بعض کو بیوی کس طرح بنا سکتا ہے، جو انگنت فرشتے اس کی بارگاہ میں ہیں وہ بھی اس کی بیٹیاں نہیں بلکہ بندے اور غلام ہیں، جیسے فرمایا

لَنْ یَّسْتَنْكِفَ الْمَسِیْحُ اَنْ یَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَ لَا الْمَلٰٓىٕكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَؕ وَ مَنْ یَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَ یَسْتَكْبِرْ فَسَیَحْشُرُهُمْ اِلَیْهِ جَمِیْعًا ﴿۱۷۲﴾ [۱]

ترجمہ: مسیح نے کبھی اس بات کو عار نہیں سمجھا کہ وہ اللہ کا ایک بندہ ہو اور نہ مقرب ترین فرشتے اس کو اپنے لیے عار سمجھتے ہیں، اگر کوئی اللہ کی بندگی کو اپنے لیے عار سمجھتا ہے اور تکبر کرتا ہے تو ایک وقت آئے گا جب اللہ سب کو گھیر کر اپنے سامنے حاضر کرے گا۔

ان کا حال تو یہ ہے کہ اپنے آپ کو مقرب سمجھ کر اللہ کی بندگی سے سرتابی کرتے ہیں اور نہ تھکتے ہیں، بلکہ شب و روز کچھ سستی کیے بغیر اس کی تسبیح وتہلیل بیان کرتے رہتے ہیں، جیسے فرمایا

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَ اَهْلِیْكُمْ نَارًا وَّ قُوْدُهَا النَّاسُ وَ الْحِجَارَةُ عَلَیْهَا مَلٰٓىٕكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا یَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَاۤ اَمَرَهُمْ وَ یَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ ﴿۶﴾ [۲]

ترجمہ: اے لوگو جو ایمان لائے ہو بچاؤ اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو اس آگ سے جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہوں گے جس پر نہایت تندخو اور سخت گیر فرشتے مقرر ہوں گے جو کبھی اللہ کے حکم کی نافرمانی نہیں کرتے اور جو حکم انہیں دیا جاتا ہے اسے بجالاتے ہیں۔

معبودان باطلہ کی تردید میں فرمایا کیا ان لوگوں کے بنائے ہوئے ارضی الٰہ ایسے ہیں کہ جو بے جان مادے میں زندگی پھونک سکیں، یہ خود تسلیم کرتے ہیں کہ اللہ کے سوا کسی کو یہ قدرت حاصل نہیں، جب زمین و آسمان کا اقتدار اللہ کے سوا کسی کی ملکیت ہے نہ اس میں کسی کا حصہ ہے، نہ اس اقتدار میں اس کا کوئی مددگار ہے، نہ اللہ کی اجازت کے بغیر کوئی اس کی بارگاہ میں سفارش کر سکتا ہے تو پھر انہیں اللہ کا شریک کیوں ٹھہراتے ہو اور کیوں ان کی بارگاہ میں رسوم عبادات بجالاتے ہو، کیوں اللہ کے عذاب کو دعوت دیتے ہو، جیسے فرمایا

قُلْ اَرَءَیْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِؕ اَرُوْنِیْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِی

---

[۱] النساء۱۷۲

[۲] التحریم۶

السَّمٰوٰتِ ۚ اَمۡ اٰتَيۡنٰهُمۡ كِتٰبًا فَهُمۡ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنۡهُ ۚ بَلۡ اِنۡ يَّعِدُ الظّٰلِمُوۡنَ بَعۡضُهُمۡ بَعۡضًا اِلَّا غُرُوۡرًا ﴿۴۰﴾ [۱]

ترجمہ: اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم)! ان سے کہو کبھی تم نے دیکھا بھی ہے اپنے ان شریکوں کو جنہیں تم اللہ کو چھوڑ کر پکارا کرتے ہو؟ مجھے بتاؤ انہوں نے زمین میں کیا پیدا کیا ہے؟ یا آسمانوں میں ان کی کیا شرکت ہے؟ (اگر یہ نہیں بتا سکتے تو ان سے پوچھو) کیا ہم نے انہیں تحریر لکھ کر دی ہے جس کی بنا پر یہ (اپنے اس شرک کے لیے) کوئی صاف سند رکھتے ہوں؟ نہیں بلکہ یہ ظالم ایک دوسرے کو محض فریب کے جھانسے دیے جا رہے ہیں۔

لَوۡ كَانَ فِيۡهِمَاۤ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبۡحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الۡعَرۡشِ

اگر آسمان و زمین میں سوائے اللہ تعالیٰ کے اور بھی معبود ہوتے تو یہ دونوں درہم برہم ہو جاتے، پس اللہ تعالیٰ عرش کا رب ہر اس

عَمَّا يَصِفُوۡنَ ﴿۲۲﴾ لَا يُسۡـَٔلُ عَمَّا يَفۡعَلُ وَ هُمۡ يُسۡـَٔلُوۡنَ ﴿۲۳﴾

وصف سے پاک ہے جو یہ مشرک بیان کرتے ہیں، وہ اپنے کاموں کے لیے (کسی کے آگے) جواب دہ نہیں اور سب (اس

اَمِ اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ قُلۡ هَاتُوۡا بُرۡهَانَكُمۡ ۚ هٰذَا

کے آگے) جواب دہ ہیں، کیا ان لوگوں نے اللہ کے سوا اور معبود بنا رکھے ہیں، ان سے کہہ دو لاؤ اپنی دلیل پیش کرو، یہ ہے

ذِكۡرُ مَنۡ مَّعِىَ وَ ذِكۡرُ مَنۡ قَبۡلِىۡ ؕ بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ۙ الۡحَقَّ فَهُمۡ

میرے ساتھ والوں کی کتاب اور مجھ سے اگلوں کی دلیل، بات یہ ہے کہ ان میں اکثر لوگ حق کو نہیں جانتے اسی وجہ سے

مُّعۡرِضُوۡنَ ﴿۲۴﴾ وَ مَاۤ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا نُوۡحِىۡۤ اِلَيۡهِ اَنَّهٗ

منہ موڑے ہوئے ہیں، تجھ سے پہلے بھی جو رسول ہم نے بھیجا اس کی طرف یہی وحی نازل فرمائی کہ میرے

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعۡبُدُوۡنِ ﴿۲۵﴾ (الانبیائ ۲۲تا۲۵)

سوا کوئی معبود برحق نہیں پس تم سب میری ہی عبادت کرو۔

حق سے غافل مشرک:

اگر آسمان و زمین میں اللہ وحدہ لاشریک کے سوا دوسرے الٰہ بھی ہوتے اور سب کا فیصلہ کائنات میں چلتا تو سب کے فیصلے آپس میں ٹکراتے جس سے کائنات کا یہ ہمہ گیر اور حکیمانہ نظام لمحوں میں درہم برہم ہو جاتا، لیکن تم دیکھتے ہو کہ کائنات کا نظام صدیوں سے ایک لگے بندھے اصول پر چل رہا ہے، جس سے صاف ظاہر ہے کہ کائنات میں صرف ایک ہی ہستی کا ارادہ اور مشیت کارفرما ہے، جو کچھ بھی ہوتا ہے صرف اسی کے حکم پر ہوتا ہے اور کوئی اس کے کام میں مداخلت نہیں کر سکتا، جیسے فرمایا:

---

[۱] فاطر ۴۰

مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۹۱﴾ [1]

ترجمہ:اللہ نے کسی کو اپنی اولاد نہیں بنایا ہے اور کوئی دوسرا الٰہ اس کے ساتھ نہیں ہے اگر ایسا ہوتا تو ہر الٰہ اپنی خلق کو لے کر الگ ہو جاتا اور پھر وہ ایک دوسرے پر چڑھ دوڑتے، پاک ہے اللہ ان باتوں سے جو یہ لوگ بناتے ہیں۔

قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗۤ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾ [2]

ترجمہ: اے نبی!ان سے کہو کہ اگر اللہ کے ساتھ دوسرے الٰہ بھی ہوتے جیسا کہ یہ لوگ کہتے ہیں تو وہ مالک عرش کے مقام کو پہنچنے کی ضرور کوشش کرتے۔

اللہ جو کائنات کے تخت سلطنت کا مالک ہے ان باتوں سے منزہ اور بالا و برتر ہے جو یہ لوگ گھڑ رہے ہیں، وہ مالک الملک ہے، اپنی سلطنت کا نظام چلانے کے لئے کسی کے آگے جواب دہ نہیں ہے اور مخلوقات اس کی بارگاہ میں جواب دہ ہیں، جیسے فرمایا

فَوَرَبِّكَ لَنَسْــَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ [3]

ترجمہ:تو قسم ہے تیرے رب کی! ہم ضرور ان سے باز پرس کریں گے کہ تم کیا کرتے رہے ہو۔

کیا اسی قدرت واختیار والے رب کو چھوڑ کر انہوں نے خود ساختہ الٰہ بنا لئے ہیں جن کے پاس کوئی قدرت یا اختیار نہیں ہے؟ اے نبی ﷺ!ان سے کہو مجھ پر نازل یہ قرآن کریم بھی موجود ہے جس میں تمام دنیا کے لوگوں کے لئے ہدایت ورہنمائی ہے اور پہلی الہامی کتابیں بھی موجود ہیں جو مجھ سے پہلی امتوں کی ہدایت ورہنمائی کے لئے نازل ہوئی تھیں، ان سب میں تو صرف ایک ہی معبود کی الوہیت و ربوبیت کا ذکر ہے، اور سب رسول اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی طرف لوگوں کو دعوت دیتے تھے،

جیسے نوح علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا:

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ...۹ ﴿۵﴾ [4]

ترجمہ:ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا اس نے کہا اے برادران قوم!اللہ کی بندگی کرو اسکے سوا تمہارا کوئی الٰہ نہیں ہے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۰ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۳ ﴿۲﴾ [5]

ترجمہ:ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا اس نے کہا اے میری قوم کے لوگو!اللہ کی بندگی کرو اس کے سوا تمہارے لیے کوئی معبود نہیں ہے، کیا تم ڈرتے نہیں ہو؟۔

ہودؑ نے بھی اپنی قوم کو یہی دعوت پیش کی،

[1] المومنون۹۱

[2] بنی اسرائیل۴۲

[3] الحجر۹۳،۹۲

[4] الاعراف۵۹

[5] المومنون۲۳

وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ۝ (۱)

ترجمہ: اور عاد کی طرف ہم نے ان کے بھائی ہود کو بھیجا اس نے کہا اے برادران قوم! اللہ کی بندگی کرو، تمہارا کوئی الٰہ اس کے سوا نہیں ہے، تم نے محض جھوٹ گھڑ رکھے ہیں۔

صالح علیہ السلام نے بھی اپنی قوم کو یہی دعوت دی تھی۔

وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ... ۝ (۲)

ترجمہ: اور ثمود کی طرف ہم نے ان کے بھائی صالح کو بھیجا اس نے کہا اے میری قوم کے لوگو! اللہ کی بندگی کرو اس کے سوا تمہارا کوئی الٰہ نہیں ہے۔

ابراہیم علیہ السلام نے بھی اپنی قوم کو توحید کی یہی دعوت دی تھی۔

وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ۭ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ (۳)

ترجمہ: اور ابراہیمؑ کو بھیجا جبکہ اس نے اپنی قوم سے کہا اللہ کی بندگی کرو اور اس سے ڈرو یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانو، تم اللہ کو چھوڑ کر جنہیں پوج رہے ہو وہ تو محض بت ہیں اور تم ایک جھوٹ گھڑ رہے ہو در حقیقت اللہ کے سوا جن کی تم پرستش کرتے ہو وہ تمہیں کوئی رزق بھی دینے کا اختیار نہیں رکھتے، اللہ سے رزق مانگو اور اسی کی بندگی کرو اور اس کا شکر ادا کرو اسی کی طرف تم پلٹائے جانے والے ہو۔

الغرض اللہ تعالیٰ نے ہر امت میں جو رسول بھی مبعوث کیا اس کی دعوت یہی تھی کہ اللہ وحدہ لاشریک کے سوا کوئی معبود برحق نہیں پس تم لوگ ہر طرف سے منہ موڑ کر اسی کی ہی بندگی کرو، جیسے فرمایا

وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ۝ (۴)

ترجمہ: تم سے پہلے ہم نے جتنے بھی رسول بھیجے تھے ان سب سے پوچھ دیکھو کیا ہم نے خدائے رحمٰن کے سوا کچھ دوسرے معبود بھی مقرر کیے تھے کہ ان کی بندگی کی جائے۔

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ... ۝ (۵)

ترجمہ: ہم نے ہر امت میں ایک رسول بھیج دیا اور اس کے ذریعہ سے سب کو خبردار کر دیا کہ اللہ کی بندگی کرو اور طاغوت کی بندگی سے بچو۔

اگر اس مسلمہ حقانیت کے باوجود بھی تم اللہ کو چھوڑ کر دوسرے معبودوں کی پرستش و اطاعت کرتے ہو تو کوئی معقول دلیل پیش کرو مگر نہ تم عقلی

---

(۱) ھود۵۰

(۲) ھود۶۱

(۳) العنکبوت۱۶،۱۷

(۴) الزخرف۴۵

(۵) النحل۳۶

دلیل پیش کر سکتے ہو نہ نقلی، پھر کیسا مذہب تم لوگوں نے اختیار کیا ہوا ہے، حقیقت یہ ہے کہ ان میں سے اکثر لوگ حق سے بے خبر ہیں اس لئے سمجھانے والے کی دعوت کو ناقابل التفات سمجھتے ہیں۔

وَ قَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۲۶﴾

(مشرک لوگ) کہتے ہیں کہ رحمٰن اولادو الا ہے، (غلط ہے) اس کی ذات پاک ہے بلکہ وہ سب اس کے باعزت بندے ہیں،

لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَ هُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ

کسی بات میں اللہ پر پیش دستی نہیں کرتے بلکہ اس کے فرمان پر کاربند ہیں، وہ ان کے آگے پیچھے کے تمام امور سے واقف ہے وہ

وَ لَا يَشْفَعُوْنَ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَ هُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَ مَنْ يَّقُلْ

کسی کی بھی سفارش نہیں کرتے بجز ان کے جن سے اللہ خوش ہو، وہ تو خود ہیبت الٰہی سے لرزاں و ترساں ہیں، ان میں سے اگر کوئی

مِنْهُمْ اِنِّيْۤ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ كَذٰلِكَ نَجْزِی الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾

(الانبیائ۲۶تا۲۹)

بھی کہہ دے کہ اللہ کے سوا میں لائق عبادت ہوں تو ہم اسے دوزخ کی سزا دیں، ہم ظالموں کو اس طرح سزا دیتے ہیں۔

مشرک کہتے ہیں فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں، جیسے فرمایا

وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ... ﴿۱۹﴾ [1]

ترجمہ: انہوں نے فرشتوں کو جو خدائے رحمان کے خاص بندے ہیں عورتیں قرار دے لیا کیا ان کے جسم کی ساخت انہوں نے دیکھی ہے؟۔

اس طرح وہ اللہ وحدہ لاشریک پر بہتان عظیم باندھتے ہیں، اللہ اپنی ذات، صفات اور افعال میں ہر طرح کے شرک سے بالاتر ہے، فرشتوں کے اوصاف کے بارے میں فرمایا کہ وہ تو اللہ کے ذی عزت بندے ہیں، اور قولاً وفعلاً ہر وقت اطاعت الٰہی میں مشغول رہتے ہیں، اللہ تعالیٰ تدبیر مملکت کے متعلق انہیں جو حکم فرماتا ہے اس سے آگے بڑھتے ہیں نہ فرمان کی خلاف ورزی کرتے ہیں اور نہ حکم کو نظرانداز کر کے اپنی خواہشات نفس کے پیچھے لگتے ہیں بس تعمیل حکم میں تیزی سے حرکت کرتے ہیں، جیسے فرمایا

وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ﴿۳﴾ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ﴿۴﴾ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ﴿۵﴾ [2]

ترجمہ: اور (ان فرشتوں کی جو کائنات میں) تیزی سے تیرتے پھرتے ہیں، پھر (حکم بجالانے میں) سبقت کرتے ہیں، پھر (احکام الٰہی کے مطابق) معاملات کا انتظام چلاتے ہیں۔

اللہ ان کے آگے پیچھے کے تمام امور سے واقف ہے، اور تم انہیں اللہ کی بیٹیاں سمجھ کر ان کی عبادت کرتے ہو تا کہ روز قیامت وہ تمہارے سفارشی ہوں، جیسے فرمایا

[1] الزخرف ۱۹

[2] النازعات ۳تا۵

...وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَاۗءِ شُفَعَاۗؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ... ﴿۱۸﴾ (۱)

ترجمہ: اور کہتے یہ ہیں کہ یہ اللہ کے ہاں ہمارے سفارشی ہیں۔

...مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى... ﴿۳﴾ (۲)

ترجمہ: ہم تو ان کی عبادت صرف اس لئے کرتے ہیں کہ وہ اللہ تک ہماری رسائی کرا دیں۔

تو تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ فرشتوں کو اللہ کی بارگاہ میں کسی قسم کا کوئی اختیار حاصل نہیں اور نہ یہ مجال ہے کہ اللہ کی مرضی کے خلاف سفارش کے لئے لب تک ہلا سکیں، اور پھر شفاعت کا سننا یا نہ سننا، شفاعت قبول کرنا یا نہ کرنا اللہ کی مرضی پر موقوف ہے، جیسے فرمایا

...مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ... ﴿۲۵۵﴾ (۳)

ترجمہ: کون ہے جو اس کی جناب میں اس کی اجازت کے بغیر سفارش کر سکے۔

وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ... ﴿۲۳﴾ (۴)

ترجمہ: اور اللہ کے حضور کوئی شفاعت بھی کسی کے لئے نافع نہیں ہو سکتی بجز اس شخص کے جس کے لئے اللہ نے سفارش کی اجازت دی ہو۔

اور وہ خشیت الٰہی سے لرزاں و ترساں رہتے ہیں اور اگر فرض محال ان فرشتوں میں سے کوئی الٰہ ہونے کا دعویٰ کرے تو ہم اسے بھی جہنم رسید کر دیں گے۔

وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَىِٕنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۶۵﴾ (۵)

ترجمہ: تمہاری طرف اور تم سے پہلے گزرے ہوئے تمام انبیاء کی طرف یہ وحی بھیجی جا چکی ہے کہ اگر تم نے شرک کیا تو تمہارا عمل ضائع ہو جائے گا اور تم خسارے میں رہو گے۔ ہمارے ہاں ظالموں کا یہی بدلہ ہے۔

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا

کیا کافر لوگوں نے یہ نہیں دیکھا کہ آسمان و زمین باہم ملے جلے تھے پھر ہم نے انھیں جدا کیا اور ہر زندہ چیز کو ہم نے

مِنَ الْمَاۗءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَجَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ ۠

پانی سے پیدا کیا، کیا یہ لوگ پھر بھی ایمان نہیں لاتے، اور ہم نے زمین میں پہاڑ بنا دیئے تا کہ مخلوق کو ہلا نہ سکے

وَجَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَجَعَلْنَا السَّمَاۗءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ښ

اور ہم نے اس میں کشادہ راہیں بنا دیں تا کہ وہ راستہ حاصل کریں، آسمان کو مضبوط چھت بھی ہم نے ہی بنایا، لی

(۱) یونس ۱۸
(۲) الزمر ۳
(۳) البقرۃ ۲۵۵
(۴) سبا ۲۳
(۵) الزمر ۶۵

وَّ هُمۡ عَنۡ اٰیٰتِہَا مُعۡرِضُوۡنَ ﴿۳۲﴾ وَ هُوَ الَّذِیۡ خَلَقَ الَّیۡلَ وَ النَّهَارَ وَ الشَّمۡسَ وَ الۡقَمَرَ ؕ

کن لوگ اسکی قدرت کے نمونوں پر دھیان نہیں دھرتے ،وہی اللہ ہے جس نے رات اور دن، سورج اور چاند کو پیدا کیا ہے،

کُلٌّ فِیۡ فَلَکٍ یَّسۡبَحُوۡنَ ﴿۳۳﴾ (الانبیائ۳۰ تا۳۳)

ان میں سے ہر ایک اپنے اپنے مدار میں تیرتے پھرتے ہیں۔

ایک حیرت انگیز انکشاف:

کیاان لوگوں نے جنہوں نے اپنے رب سے کفر کیااور عبودیت کو اس کے لئے خالص کرنے سے انکار کر دیا ہےغور و تدبر نہیں کرتے کہ ابتدا ساتوں آسمان وزمینیں باہم پیوست تھے پھر ہم نے انہیں ایک دوسرے سے جدا کیا، سائنسدان کہتے ہیں بیس ارب سال پہلے جب نہ زماں تھا نہ مکاں کہ اچانک ایک دھماکا ہوااور کائنات وجود میں آ گئی جس میں ایک سو کروڑ سے زیادہ کہکشاہیں ہیں اور ہر کہکشاں میں ایک ارب سے زیادہ ستارے ہیں۔وسیع وعریض سات آسمانوں کو تہ بر تہ بغیر ستونوں کے قائم کر دیا، جیسے فرمایا

اَللّٰهُ الَّذِیۡ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَیۡرِ عَمَدٍ تَرَوۡنَهَا ... ﴿۲﴾ [1]

ترجمہ:وہ اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں کو ایسے سہاروں کے بغیر قائم کیا جو تم کو نظر آتے ہوں۔

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَیۡرِ عَمَدٍ تَرَوۡنَهَا ... ﴿۱۰﴾ [2]

ترجمہ:اس نے آسمانوں کو پیدا کیا بغیر ستونوں کے جو تم کو نظر آئیں۔

جس میں تم کوئی کجی نہ پاؤ گے، جیسے فرمایا

... مَا تَرٰی فِیۡ خَلۡقِ الرَّحۡمٰنِ مِنۡ تَفٰوُتٍ ؕ فَارۡجِعِ الۡبَصَرَ ۙ هَلۡ تَرٰی مِنۡ فُطُوۡرٍ ﴿۳﴾ [3]

ترجمہ: تم رحمن کی تخلیق میں کسی قسم کی بے ربطی نہ پاؤ گے پھر پلٹ کر دیکھو کہیں تمہیں کوئی خلل نظر آتا ہے؟۔

اور زمین کو اپنی جگہ پر رہنے دیا، آسمان سے پانی برسایا، جیسے فرمایا

وَهُوَ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ... ﴿۹۹﴾ [4]

ترجمہ:اور وہی ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا۔

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ... ۫ ﴿۶۳﴾ [5]

ترجمہ: کیا تم دیکھتے نہیں ہو کہ اللہ آسمان سے پانی برساتا ہے۔

---

[1] الرعد۲

[2] لقمان۱۰

[3] الملک۳

[4] الانعام۹۹

[5] الحج۶۳

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً طَهُوْرًا ۝۴۸ [1]

ترجمہ: اور وہی ہے جو اپنی رحمت کے آگے آگے ہواؤں کو بشارت بنا کر بھیجتا ہے پھر آسمان سے پاک پانی نازل کرتا ہے۔

اور ہر زندہ چیز کو پانی سے پیدا کیا، جیسے فرمایا

وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَاۗبَّةٍ مِّنْ مَّاۗءٍ ۝۴۵ [2]

ترجمہ: اور اللہ نے ہر جاندار کو پانی سے پیدا کیا۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي إِذَا رَأَيْتُكَ طَابَتْ نَفْسِي وَقَرَّتْ عَيْنِي، فَأَنْبِئْنِي عَنْ كُلِّ شَيْءٍ. فَقَالَ: كُلُّ شَيْءٍ خُلِقَ مِنْ مَاءٍ قَالَ: قُلْتُ: أَنْبِئْنِي عَنْ أَمْرٍ إِذَا أَخَذْتُ بِهِ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ. قَالَ: أَفْشِ السَّلَامَ، وَأَطْعِمِ الطَّعَامَ، وَصِلِ الْأَرْحَامَ، وَقُمْ بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ، ثُمَّ ادْخُلِ الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے عرض کی اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میں جب آپ کے دیدار سے فیض یاب ہوتا ہوں تو میرا جی خوش ہو جاتا ہے اور آنکھیں ٹھنڈی ہو جاتی ہیں آپ مجھے ہر چیز کے بارے میں بتا دیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر چیز کو پانی سے پیدا کیا گیا ہے، میں نے عرض کی مجھے ایک ایسا کام بتا دیں کہ میں اس کے کرنے سے جنت میں داخل ہو جاؤں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سلام پھیلاؤ اور کھانا کھلاؤ اور صلہ رحمی کرو اور رات کو قیام کرو جب لوگ سو رہے ہوں، پھر سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ۔ [3]

اور ہر چیز کا جوڑا بنایا، جیسے فرمایا

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝۴۹ [4]

ترجمہ: اور ہر چیز کے ہم نے جوڑے بنائے ہیں شاید کہ تم اس سے سبق لو۔

وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۝۸ [5]

ترجمہ: اور تمہیں (مردوں اور عورتوں کے) جوڑوں کی شکل میں پیدا کیا۔

وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ ۝۳ [6]

ترجمہ: اسی نے ہر طرح کے پھلوں کے جوڑے پیدا کیے ہیں۔

سائنسدانوں نے یہ انکشاف کیا ہے کہ نباتات میں بھی ہر چیز جوڑا جوڑا ہے (یعنی نر اور مادہ)

اگر کوئی غور و تدبر کرے تو ہر چیز میں اللہ کی الوہیت اور اس کی وحدانیت کا نشان موجود ہے مگر وہ ہماری اس خلاقی کو نہیں مانتے۔ کسی شاعر نے

---

[1] الفرقان ۴۸

[2] النور ۴۵

[3] مسند احمد ۷۹۳۲

[4] الذاریات ۴۹

[5] النبا ۸

[6] الرعد ۳

کیا خوب کہا ہے۔

وَفي كُلِ شَيءٍ لَهُ آيَةٌ　　　تَدُلُّ عَلى أَنَّه وَاحِدٌ

ہر چیز میں اس کی نشانی ہے　　　جو اس بات کی دلیل ہے کہ اس کی ذات پاک وحدہ لاشریک ہے۔ [١]

اور ہم نے زمین میں بلند و بالا چوٹیوں والے رنگ برنگ کے ٹھوس پہاڑ جما دیے تا کہ وہ انہیں لے کر ڈھلک نہ جائے۔ جیسے متعدد مقامات پر فرمایا

وَهُوَ الَّذِيْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ... ۳ [٢]

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے یہ زمین پھیلا رکھی ہے اور اس میں پہاڑوں کے کھونٹے گاڑ رکھے ہیں۔

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ... ۱۹ [٣]

ترجمہ: ہم نے زمین کو پھیلایا اور اس میں پہاڑ جمائے۔

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ... ۱۵ [٤]

ترجمہ: اس نے زمین میں پہاڑوں کی میخیں گاڑ دیں تا کہ زمین تم کو لے کر ڈھلک نہ جائے۔

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ... ۱۰ [٥]

ترجمہ: اس نے آسمانوں کو پیدا کیا بغیر ستونوں کے جو تم کو نظر آئیں، زمین میں پہاڑ جما دیے تا کہ وہ تمہیں لے کر ڈھلک نہ جائے۔

وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۷ [٦]

ترجمہ: اور پہاڑوں کو میخوں کی طرح گاڑ دیا۔

موجودہ ارضی سائنس نے ثابت کیا ہے کہ پہاڑ سطح زمین کے نیچے گہری جڑیں رکھتے ہیں اور یہ جڑیں سطح زمین پر ان کی بلندی سے کئی گنا زیادہ گہرائی میں اتری ہوئی ہیں، لہذا پہاڑوں کی اس کیفیت کو بیان کرنے کے لیے مناسب ترین لفظ میخیں (pegs) ہی ہے کیونکہ ٹھیک طور پر گاڑی ہوئی میخوں کا اکثر حصہ زمین کی سطح کے نیچے ہی ہوتا ہے، سائنس کی تاریخ سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ یہ سائنسی تحقیق صرف ڈیڑھ صدی پہلے ۱۸۶۵ عیسوی میں اسٹرانومر رائل (برطانوی شاہی فلکیات دان) سر جارج ایئری نے پیش کی تھی جبکہ قرآن کریم نے یہ بات ساتویں صدی عیسوی میں ہی بتا دی تھی۔

اور زمین میں کشادہ راستے اور پہاڑوں میں درے رکھ دیئے تا کہ وہ ان کے ذریعے سے اپنی معاش کے مصالح و مفادات حاصل کر سکیں

---

[١] اللطائف ٢٧/١

[٢] الرعد ٣

[٣] الحجر ١٩

[٤] النحل ١٥

[٥] لقمان ١٠

[٦] النبا ٧

،اور اس حکمت و کاریگری اور اس انتظام کو دیکھ کر حقیقت تک پہنچنے کا راستہ پالیں، جیسے فرمایا

الَّذِیۡ جَعَلَ لَکُمُ الۡاَرۡضَ مَهۡدًا وَّ جَعَلَ لَکُمۡ فِیۡهَا سُبُلًا لَّعَلَّکُمۡ تَهۡتَدُوۡنَ ۚ﴿۱۰﴾ [۱]

ترجمہ: وہی نا جس نے تمہارے لیے اس زمین کو گہوارہ بنایا اور اس میں تمہاری خاطر راستے بنا دیے تا کہ تم اپنی منزل مقصود کی راہ پا سکو۔

وَ اللّٰهُ جَعَلَ لَکُمُ الۡاَرۡضَ بِسَاطًا ۙ﴿۱۹﴾ لِّتَسۡلُکُوۡا مِنۡهَا سُبُلًا فِجَاجًا ﴿۲۰﴾ [۲]

ترجمہ: اور اللہ نے زمین کو تمہارے لیے فرش کی طرح بچھا دیا تا کہ تم اس کے اندر کھلے راستوں میں چلو۔

اور ہم نے آسمان کو زمین کے لئے ایک محفوظ چھت بنا دیا، جیسے فرمایا

اَفَلَمۡ یَنۡظُرُوۡۤا اِلَی السَّمَآءِ فَوۡقَهُمۡ کَیۡفَ بَنَیۡنٰهَا وَ زَیَّنّٰهَا وَ مَا لَهَا مِنۡ فُرُوۡجٍ ﴿۶﴾ [۳]

ترجمہ: اچھا تو کیا انہوں نے کبھی اپنے اوپر آسمان کی طرف نہیں دیکھا؟ کس طرح ہم نے اسے بنایا اور آراستہ کیا اور اس میں کہیں کوئی رخنہ نہیں ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ یُمۡسِکُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا ... ﴿۴۱﴾ [۴]

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ اللہ ہی ہے جو آسمانوں اور زمین کو ٹل جانے سے روکے ہوئے ہے۔

ورنہ آسمان زمین پر گر پڑیں تو زمین کا سارا نظام تہ و بالا ہو جائے، اس کے علاوہ شیاطین کے سن گن لینے سے بھی محفوظ فرمایا، جیسے فرمایا

وَ لَقَدۡ جَعَلۡنَا فِی السَّمَآءِ بُرُوۡجًا وَّ زَیَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِیۡنَ ﴿۱۶﴾ وَ حَفِظۡنٰهَا مِنۡ کُلِّ شَیۡطٰنٍ رَّجِیۡمٍ ﴿۱۷﴾ اِلَّا مَنِ اسۡتَرَقَ السَّمۡعَ فَاَتۡبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِیۡنٌ ﴿۱۸﴾ [۵]

ترجمہ: یہ ہماری کارفرمائی ہے کہ آسمان میں ہم نے بہت سے مضبوط قلعے بنائے ان کو دیکھنے والوں کے لیے مزین کیا اور ہر شیطان مردود سے ان کو محفوظ کر دیا، کوئی شیطان ان میں راہ نہیں پا سکتا الا یہ کہ کچھ سن گن لے لے، اور جب وہ سن گن لینے کی کوشش کرتا ہے تو ایک شعلہ روشن اس کا پیچھا کرتا ہے۔

مگر لوگ ہیں کہ کائنات کی ان زبردست نشانیوں پر غور و تدبر کرنے کے بجائے لہو و لعب میں مبتلا ہیں، جیسے فرمایا

وَ کَاَیِّنۡ مِّنۡ اٰیَۃٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ یَمُرُّوۡنَ عَلَیۡهَا وَ هُمۡ عَنۡهَا مُعۡرِضُوۡنَ ﴿۱۰۵﴾ [۶]

ترجمہ: زمین اور آسمانوں میں کتنی ہی نشانیاں ہیں جن پر سے یہ لوگ گزرتے ہیں اور ذرا توجہ نہیں کرتے۔

اور وہ اللہ ہی ہے جس نے رات کو سکون کے لئے اور دن کو معاش کے لئے بنایا، اور سورج کو دن کی نشانی اور چاند کو رات کی نشانی بنایا تا کہ

---

[۱] الزخرف ۱۰

[۲] نوح ۱۹،۲۰

[۳] ق ٦

[۴] فاطر ۴۱

[۵] الحجر ١٦ تا ١٨

[۶] یوسف ۱۰۵

مہینوں اور سالوں کا حساب کیا جا سکے، جیسے فرمایا

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ۭ قُلْ هِىَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ۔۔۔ ﴿۱۸۹﴾ [۱]

ترجمہ: اے نبی! لوگ تم سے چاند کی گھٹتی بڑھتی صورتوں کے متعلق پوچھتے ہیں، کہو یہ لوگوں کے لیے تاریخوں کی تعیین کی اور حج کی علامتیں ہیں۔

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاۗءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ﴿۵﴾ [۲]

ترجمہ: وہی ہے جس نے سورج کو اجیالا بنایا اور چاند کو چمک دی کہ گھٹنے بھڑھنے کی منزلیں ٹھیک ٹھیک مقرر کر دیں تا کہ تم اس سے برسوں اور تاریخوں کے حساب معلوم کرو۔

وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ﴿۱۲﴾ [۳]

ترجمہ: دیکھو ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا ہے، رات کی نشانی کو ہم نے بے نور بنایا اور دن کی نشانی کو روشن کر دیا تا کہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کر سکو اور ماہ و سال کا حساب معلوم کر سکو۔

چاند و سورج اور دوسرے اجرام فلکی اپنے اپنے مدار میں اللہ کے مقررہ کردہ ایک خاص رفتار سے تیر رہے ہیں، جیسے فرمایا:

وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ۭ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿۳۹﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۭ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾ [۴]

ترجمہ: اور سورج، وہ اپنے ٹھکانے کی طرف چلا جا رہا ہے، یہ زبر دست علیم ہستی کا باندھا ہوا حساب ہے، اور چاند، اس کے لیے ہم نے منزلیں مقرر کر دی ہیں یہاں تک کہ ان سے گزرتا ہوا وہ پھر کھجور کی سوکھی شاخ کے مانند رہ جاتا ہے، نہ سورج کے بس میں یہ ہے کہ وہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات دن پر سبقت لے جا سکتی ہے سب ایک ایک فلک میں تیر رہے ہیں۔

یعنی سورج مسلسل گردش میں ہے، سولہویں صدی عیسوی میں پولینڈ کے ماہر نجوم نکولاس کوپرنیکس نے یہ اعلان کیا کہ سورج ساکن ہے اور زمین اس کے گرد چکر لگا رہی ہے، دنیا جب اس نظریئے کو تسلیم کر چکی تو عالم اسلام میں ایک اضطراب کی کیفیت پیدا ہوئی کیونکہ قرآن میں تو سورج کو متحرک قرار دیا گیا ہے، بعد ازاں اٹھارویں صدی میں سرفریڈرک ولیم ہرشل نے اعلان کیا کہ سورج متحرک ہے۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: يَدُورُونَ كَمَا يَدُورُ الْمِغْزَلُ فِي الْفَلْكَةِ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں یہ سب اس طرح گھوم رہے ہیں جس طرح چرخے میں تکلا گھومتا ہے۔ [۵]

---

[۱] البقرة ۱۸۹

[۲] یونس ۵

[۳] بنی اسرائیل ۱۲

[۴] یسین ۳۸ تا ۴۰

[۵] تفسیر ابن ابی حاتم ۸،۲۴۵۲

وَ مَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ؕ اَفَاۡئِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ﴿۳۴﴾ كُلُّ نَفْسٍ

آپ سے پہلے کسی انسان کو بھی ہم نے ہمیشگی نہیں دی، کیا اگر آپ مر گئے تو وہ ہمیشہ کے لیے رہ جائیں گے، ہر جاندار موت

ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَ نَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَ الْخَيْرِ فِتْنَةً ؕ وَ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۵﴾

کا مزہ چکھنے والا ہے، ہم بطریق امتحان تم میں سے ہر ایک کو برائی بھلائی میں مبتلا کرتے ہیں اور تم سب ہماری طرف لوٹائے جاؤ گے،

وَ اِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۚ

یہ منکرین تجھے جب دیکھتے ہیں تو تمہارا مذاق ہی اڑاتے ہیں، کیا یہی وہ ہے جو تمہارے معبودوں کا ذکر برائی سے کرتا،

وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۶﴾ (الانبیائ ۳۴تا۳۶)

اور وہ خود ہی رحمٰن کی یاد کے بالکل ہی منکر ہیں۔

حق و باطل کی کشمکش جاری تھی، مشرکین دعوت حق کو دبانے میں ناکام ہو چکے تھے اور محمد رسول اللہ ﷺ کی موت کی تمنا کرتے ہوئے آپس میں کہتے تھے کہ محمد (ﷺ) جس نے ہماری جماعت میں تفرقہ ڈال دیا ہے، ہمارے آباؤاجداد کے وقتوں سے پوجے جانے والے معبودوں کی شان میں گستاخیاں اور بے ادبی کرتا ہے کے بارے میں گردش زمانہ کا انتظار کرو اس کی موت کے ساتھ ہی اس کے ساتھی منتشر ہو جائیں گے جس سے اس کی دعوت اپنی موت آپ مر جائے گی اور ہماری جان چھوٹے گی، فرمایا اے نبی ﷺ! رب ذوالجلال والاکرام کی ذات کے سوا ہر نفس کو ایک وقت مقررہ پر موت کا ذائقہ چکھنا ہے، جیسے فرمایا

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿۲۶﴾ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿۲۷﴾ [1]

ترجمہ: ہر چیز جو اس زمین پر ہے فنا ہو جانے والی ہے اور صرف تیرے رب کی جلیل و کریم ذات ہی باقی رہنے والی ہے۔

اس اصول سے یقیناً تم بھی مستثنیٰ نہیں ہو، اگر آپ موت سے ہم آغوش ہوں گے تو کیا آپ کے بعد یہ لوگ ہمیشہ جیتے رہیں گے؟ جیسے فرمایا

اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿۳۰﴾ [2]

ترجمہ: (اے نبی (ﷺ)! تمہیں بھی مرنا ہے اور ان لوگوں کو بھی مرنا ہے۔

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ بنُ مَنْدَهْ: حُدِّثْتُ عن الربيع قال: رأيت أشهب ابن عَبْدِ العَزِيْزِ سَاجداً يَقُوْلُ فِي سُجُوْدِهِ: اللّٰهُمَّ أَمِتِ الشَّافِعِيَّ لاَ يَذْهَبُ عِلْمُ مَالِكٍ

ابوعبداللہ بن مندہ کہتے ہیں انہوں نے ربیع سے روایت کیا کہتے ہیں میں نے اشہب ابن عبدالعزیز کو سجدے میں دیکھا وہ سجدے میں کہہ رہے تھے اے اللہ! شافعی کو موت دے دے۔

فَبَلَغَ الشافعي فأنشأ يقول:

[1] الرحمٰن ۲۷،۲۶

[2] الزمر ۳۰

جب امام شافعی رحمہ اللہ کو اس بات علم ہوا تو انہوں نے کہا

تَمَنَّى رِجَالٌ أَنْ أَمُوتَ وَإِنْ أَمُتْ فَتِلْكَ سَبِيل لَسْت فِيهَا بِأَوْحد

کچھ لوگوں کی تمنا ہے کہ میں مرجاؤں اور اگر میں مرجاؤں تو یہ کوئی ایسا راستہ نہیں جس پر میں اکیلا ہی چلنے والا ہوں

فَقُلْ لِلَّذي يَبْغِي خِلَافَ الَّذِي مَضَى تَهَيَّأْ لأُخرى مثْلها فكَأن قَدِ

جو شخص مروجہ قانون کے خلاف چاہتا ہے اس سے کہہ دو کہ تم اس جیسی دوسری صورت حال کے لیے تیار ہو جاؤ کیونکہ وہ حالت آنے والی ہے۔ [1]

اور ہم مصائب والآم سے دوچار کر کے کبھی دنیا کے وسائل فراواں سے بہرہ ور کر کے، کبھی صحت وفراخی کے ذریعہ سے، کبھی تنگی و بیماری کے ذریعہ سے، کبھی تونگری دے کر اور کبھی فقر و فاقہ میں مبتلا کر کے تم سب کی آزمائش کر رہے ہیں تا کہ شکر گزار اور ناشکرے کھل جائیں، اور آخر کار روز محشر اعمال کی جوابدہی کے لئے تمہیں ہماری بارگاہ میں پیش ہونا ہے جہاں ہر شخص اپنے اعمال کی اچھی یا بری جزا پائے گا اور آپ کا رب بندوں پر ظلم نہیں کرتا، جیسے فرمایا

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ۭ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ؁ [2]

ترجمہ: جو کوئی نیک عمل کرے گا اپنے ہی لیے اچھا کرے گا، جو بدی کرے گا اس کا وبال اسی پر ہوگا اور تیرا رب اپنے بندوں کے حق میں ظالم نہیں ہے۔

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ؁ [3]

ترجمہ: یہ تمہارے اپنے ہاتھوں کی کمائی ہے، اللہ اپنے بندوں کے لیے ظالم نہیں ہے۔

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ؀ [4]

ترجمہ: یہ ہے تیرا وہ مستقبل جو تیرے اپنے ہاتھوں نے تیرے لیے تیار کیا ہے ورنہ اللہ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔

...وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ؁ [5]

ترجمہ: اور تیرا رب اپنے بندوں کے حق میں ظالم نہیں ہے۔

یہ منکرین حق جب تمہیں دیکھتے ہیں تو تمہارا استہزاو مذاق اڑاتے ہوئے کہتے ہیں کیا یہ ہے وہ شخص جو تمہارے معبودوں کی شان میں گستاخی کرتا ہے، اور ان کی خدائی کا رد کرتا ہے؟ جیسے فرمایا

---

[1] سير أعلام النبلاء ۸٫۲۶۷

[2] حم السجدة۴۶

[3] آل عمران ۱۸۲

[4] الحج۱۰

[5] حم السجدة۴۶

وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ﴿۴۱﴾ [1]

ترجمہ: یہ لوگ جب تمہیں دیکھتے ہیں تو تمہارا مذاق بنالیتے ہیں (کہتے ہیں) کیا یہ شخص ہے جسے اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہے۔

اور ان کا اپنا حال یہ ہے کہ خود ساختہ معبودوں کی مخالفت تو انہیں سخت ناگوار ہے مگر اپنے خالق و مالک اور رازق رب کا ذکر سن کر آگ بگولہ ہو جاتے ہیں، جیسے فرمایا

وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ؕ ﴿۱۹﴾ [2]

ترجمہ: اور یہ کہ جب اللہ کا بندہ اس کو پکارنے کے لیے کھڑا ہوا تو لوگ اس پر ٹوٹ پڑنے کے لیے تیار ہو گئے۔

خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ؕ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۳۷﴾ وَ يَقُوْلُوْنَ

انسان جلد باز مخلوق ہے، میں تمہیں اپنی نشانیاں ابھی ابھی دکھاؤں گا تم مجھ سے جلد بازی نہ کرو، کہتے ہیں کہ اگر

مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۸﴾ لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ

سچے ہو تو بتادو کہ یہ وعدہ کب ہے، کاش! یہ کافر جانتے کہ اس وقت نہ تو یہ کافر آگ کو اپنے چہروں سے

عَنْ وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ وَ لَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَ لَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۳۹﴾ بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً

ہٹا سکیں گے اور نہ اپنی پیٹھوں سے اور نہ ان کی مدد کی جائے گی، (ہاں ہاں!) وعدے کی گھڑی ان کے پاس اچانک

فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَ لَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَ لَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ

آجائے گی اور انھیں ہکا بکا کر دے گی، پھر نہ تو یہ لوگ اسے ٹال سکیں گے اور نہ ذرا سی بھی مہلت دیئے جائیں گے، اور تجھ سے

فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۱﴾ (الانبیاء ۳۷ تا ۴۱)

پہلے رسولوں کے ساتھ بھی ہنسی مذاق کیا گیا پس ہنسی کرنے والوں کو ہی اس چیز نے گھیر لیا جس کی وہ ہنسی اڑاتے تھے۔

جلد باز انسان:

کفار کے مطالبہ عذاب میں فرمایا، انسان فطری طور پر عجلت پسند اور جلد باز واقع ہوا ہے، جیسے فرمایا:

...وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ﴿۱۱﴾ [3]

ترجمہ: انسان جلد باز واقع ہوا ہے۔

اس لئے وہ جلدی مطالبہ عذاب کرنے لگ جاتا ہے، مگر اللہ تعالیٰ نہایت حلم کے ساتھ ان کو مہلت دیتا ہے ان کو مہمل نہیں چھوڑتا اور ان کے

---

[1] الفرقان ۴۱

[2] الجن ۱۹

[3] بنی اسرائیل ۱۱

لئے ایک وقت مقرر فرما دیتا ہے، جیسے فرمایا

وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۴﴾ [1]

ترجمہ: ہر قوم کے لئے مہلت کی ایک مدت مقرر ہے، پھر جب کسی قوم کی مدت آن پوری ہوتی ہے تو ایک گھڑی بھر کی تاخیر و تقدیم بھی نہیں ہوتی۔

لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۭ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۴۹﴾ [2]

ترجمہ: ہر امت کے لیے مہلت کی ایک مدّت ہے، جب یہ مدّت پوری ہو جاتی ہے تو گھڑی بھر کی تقدیم و تاخیر بھی نہیں ہوتی۔

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۶۱﴾ [3]

ترجمہ: اگر کہیں اللہ لوگوں کو ان کی زیادتی پر فوراً ہی پکڑ لیا کرتا تو روئے زمین پر کسی متنفس کو نہ چھوڑتا لیکن وہ سب کو ایک وقت مقرر تک مہلت دیتا ہے پھر جب وہ وقت آجاتا ہے تو اس سے کوئی ایک گھڑی بھر بھی آگے پیچھے نہیں ہو سکتا۔

فرمایا اگر تم اس دن کی ہولناکیوں سے آگاہ ہوتے تو جلدی نہ مچاتے، میں بہت جلد تمہیں اپنی نشانیاں دکھاؤں گا، یہ لوگ قیامت کو بعید از قیاس سمجھتے ہوئے بڑی جرات سے کہتے ہیں اگر تم اپنے دعویٰ میں سچے ہو کہ ہماری تکذیب اور نافرمانیوں پر اللہ کا عذاب نازل ہو جائے گا، قیامت ٹوٹ پڑے گی اور ہم جہنم کے ایندھن بن جائیں گے مگر ہم تو تمہاری دعوت کی تکذیب کرنے کے باوجود ایک عرصہ سے دندناتے پھر رہے ہیں مگر نہ کوئی عذاب نازل ہوتا ہے اور نہ قیامت آتی ہے تو بتلاؤ وہ عذاب کب نازل ہو گا؟ جیسے فرمایا

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾ [4]

ترجمہ: یہ کہتے ہیں اگر تم سچے ہو تو بتاؤ یہ وعدہ کب پورا ہو گا۔

کاش! ان کافروں کو اس وقت کا کچھ علم ہوتا جبکہ نہ یہ اپنے منہ آگ سے بچا سکیں گے نہ اپنی پیٹھیں، یعنی پورا جسم ہی آگ کی لپیٹ میں ہو گا، جیسے فرمایا

لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ... ﴿۱۶﴾ [5]

ترجمہ: ان پر آگ کی چھتریاں اوپر سے بھی چھائی ہوں گی اور نیچے سے بھی۔

لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ... ﴿۴۱﴾ [6]

---

[1] الاعراف ۳۴

[2] یونس ۴۹

[3] النحل ۶۱

[4] الملک ۲۵

[5] الزمر ۱۶

[6] الاعراف ۴۱

ترجمہ:ان کے لیے جہنم کا بچھونا ہو گا اور جہنم ہی کا اوڑھنا۔

سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ۝۵۰ [۱]

ترجمہ: تارکول کے لباس پہنے ہوئے ہوں گے اور آگ کے شعلے ان کے چہروں پر چھائے جا رہے ہوں گے۔

اور نہ ان کو کہیں سے مدد پہنچے گی، جیسے فرمایا

۔۔۔وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ۝۳۴ [۲]

ترجمہ: کوئی ایسا نہیں جو انہیں اللہ سے بچانے والا ہو۔

قیامت تو ان پر اچانک بلائے ناگہانی کی طرح ٹوٹ پڑے گی،اس مضمون کو متعدد مقامات پر فرمایا

يَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ۘ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ۝۱۸۷ [۳]

ترجمہ:یہ لوگ تم سے پوچھتے ہیں کہ آخر وہ قیامت کی گھڑی کب نازل ہو گی؟ کہو اس کا علم میرے رب ہی کے پاس ہے اسے اپنے وقت پر وہی ظاہر کرے گا آسمانوں اور زمین میں وہ بڑا سخت وقت ہو گا وہ تم پر اچانک آجائے گا۔

وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ۝۵۵ [۴]

ترجمہ:انکار کرنے والے تو اس کی طرف سے شک ہی میں پڑے رہیں گے یہاں تک کہ یا تو ان پر قیامت کی گھڑی اچانک آجائے یا ایک منحوس دن کا عذاب نازل ہو جائے۔

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝۶۶ [۵]

ترجمہ: کیا یہ لوگ اب بس اسی چیز کے منتظر ہیں کہ اچانک ان پر قیامت آجائے اور انہیں خبر بھی نہ ہو؟۔

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً۔۔۔ ۝۱۸ [۶]

ترجمہ: اب کیا یہ لوگ بس قیامت ہی کے منتظر ہیں کہ وہ اچانک ان پر آجائے۔

ایک مقام پر فرمایا قیامت تو آنکھ جھپکنے میں آجائے گی،

وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ۝۷۷ [۷]

---

[۱] ابراہیم۵۰

[۲] الرعد۳۴

[۳] الاعراف ۱۸۷

[۴] الحج۵۵

[۵] الزخرف۶۶

[۶] محمد۱۸

[۷] النحل۷۷

ترجمہ: اور قیامت کے برپا ہونے کا معاملہ کچھ دیر نہ لے گا مگر بس اتنی کہ جس میں آدمی کی پلک جھپک جائے بلکہ اس سے بھی کچھ کم۔
اور انہیں اس طرح یک لخت دبوچ لے گی کہ یہ نہ اس کو دفع کر سکیں گے اور نہ ان کو ایک ساعت کی ڈھیل ہی مل سکے گی کہ توبہ ہی کر لیں، رسول اللہ ﷺ کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا اے نبی ﷺ! تم سے پہلے رسولوں کا بھی مذاق اڑایا جا چکا ہے مگر پیغمبروں کا مذاق اڑانے والے خود ہی اسی چیز کے پھیر میں آ کر رہے جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے، جیسے فرمایا:

وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰٓى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا... ﴿۳۴﴾ [1]

ترجمہ: تم سے پہلے بھی بہت سے رسول جھٹلائے جا چکے ہیں مگر رسولوں نے تکذیب، تضحیک و تذلیل پر اور ان اذیتوں پر جو انہیں پہنچائی گئیں صبر کیا یہاں تک کہ انہیں ہماری مدد پہنچ گئی۔

قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَ النَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ؕ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ

ان سے پوچھئے کہ رحمٰن سے دن اور رات تمہاری حفاظت کون کر سکتا ہے؟ بات یہ ہے کہ یہ لوگ اپنے رب کے ذکر سے

مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ؕ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ وَ لَا

پھرے ہوئے ہیں، کیا ہمارے سوا ان کے اور معبود ہیں جو انہیں مصیبتوں سے بچا لیں، کوئی بھی خود اپنی مدد کی طاقت

هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ﴿۴۳﴾ بَلْ مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَآءِ وَ اٰبَآءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ؕ

نہیں رکھتا اور نہ کوئی ہماری طرف سے رفاقت دیا جاتا ہے، بلکہ ہم نے انہیں اور ان کے باپ دادوں کو زندگی کے سروسامان دیئے

اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ اَفَهُمُ

یہاں تک کہ ان کی مدت عمر گزر گئی، کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے چلے آ رہے ہیں، اب کیا

الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾ قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ ۖؗ وَ لَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ

وہی غالب ہیں؟ کہہ دیجئے! میں تمہیں اللہ کی وحی کے ذریعہ آگاہ کر رہا ہوں مگر بہرے لوگ بات نہیں سنتے

اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَ لَئِنْ مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا

جبکہ انھیں آگاہ کیا جائے، اگر انھیں تیرے رب کے کسی عذاب کا جھونکا بھی لگ جائے تو پکار اٹھیں کہ ہائے ہماری بدبختی یقیناً

ظٰلِمِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَ نَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ؕ وَ اِنْ كَانَ

ہم گناہ گار تھے، قیامت کے دن ہم درمیان میں لا رکھیں گے ٹھیک تولنے والی ترازو کو، پھر کسی پر کچھ ظلم بھی نہ کیا جائے

---

[1] الانعام ۳۴

مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ؕ وَ كَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿۴۷﴾ (الانبیائ۴۲تا۴۷)

گا،اور اگر ایک رائی کے دانے کے برابر بھی عمل ہو گا ہم اسے لا حاضر کریں گے،اور ہم کافی ہیں حساب کرنے والے۔

ذلت ورسوائی کے مارے لوگ:

اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمت کا ذکر فرمایا اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ! ان سے کہو رات کو جب تم اپنے بستروں پر آرام کر رہے ہوتے ہو اور دن میں جب تم معاش میں مصروف ہوتے ہو تو کون تمہاری حفاظت کر رہا ہوتا ہے، یعنی اللہ ہی تمہاری حفاظت کر رہا ہوتا ہے، لیکن اگر اللہ مالک الملک رات میں یا دن میں کسی گھڑی عذاب نازل یا قیامت برپا کرنا چاہے تو اس کے سوا تمہارا کون سا معبود تمہیں اللہ قادر مطلق سے بچا سکتا ہے؟ مگر یہ خود ساختہ معبودوں کے دھوکے میں اپنے رب حقیقی کی نصیحت سے اعراض کر رہے ہیں، اگر یہ اپنے دعویٰ میں سچے ہیں تو ذرا ان معبودوں کے نام تو بتلائیں جو اللہ کے مقابلے میں ان کی مدد یا عذاب سے بچانے کی قدرت رکھتے ہوں؟ حقیقت تو یہ ہے کہ جن کو یہ اپنے معبود سمجھتے ہیں اور ان کی خوشنودی کے لئے مراسم عبودیت بجالاتے ہیں انہوں نے اللہ کے مقابلے میں ان کی مدد تو کیا کرنی ہے وہ تو خود اپنی مدد کرنے اور اللہ کے عذاب سے بچنے پر بھی قادر نہیں ہیں اور نہ ہماری ہی تائید ان کو حاصل ہے، اصل بات یہ ہے کہ ان لوگوں کو اور ان کے آباؤاجداد کو ہم زندگی کا سروسامان دیے چلے گئے، لمبی عمریں دیں، جس سے ان کی زندگیاں لہو ولعب اور عیش وعشرت میں گزر گئیں، جس سے ان کی سرکشی وکفر بڑھ گیا اور شیطان نے انہیں دھوکے میں مبتلا کر دیا کہ وہ صحیح راستے پر گامزن ہیں، مگر کیا انہیں نظر نہیں آتا کہ ارض کفر بتدریج گھٹ رہی ہے اور دولت اسلام وسعت پذیر ہے، اسلام کا غلبہ عرب کے گوشے گوشے میں پھیلتا جا رہا ہے، اور چاروں طرف سے ان پر حلقہ تنگ ہوتا چلا جا رہا ہے؟

قَالَ الْحَسَنُ: ظُهُورُ الْمُسْلِمِينَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ

حسن بصری رَحِمَہُ اللّٰہُ فرماتے ہیں اس سے کفر پر اسلام کا غلبہ مراد ہے۔[1]

کفر کو سمٹتا اور اسلام کو بڑھتا ہوا دیکھ کر بھی یہ سمجھتے ہیں کہ یہ غالب آجائیں گے؟ جیسے فرمایا

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ... ﴿۴۱﴾ [2]

ترجمہ: کیا یہ لوگ دیکھتے نہیں ہیں کہ ہم اس سرزمین پر چلے آرہے ہیں اور اس کا دائرہ ہر طرف سے تنگ کرتے چلے آتے ہیں۔

ان سے کہہ دو کہ میں تو اللہ کا رسول ہوں، جو کچھ تمہارے پاس لایا ہوں اپنی طرف سے نہیں لایا، نہ میرے پاس اللہ تعالیٰ کے خزانے ہیں نہ میں غیب کا جاننے والا ہوں اور نہ میں یہ دعویٰ کرتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں بلکہ رب نے تمہاری ہدایت ورہنمائی کے لئے جو کلام مجھ پر نازل فرمایا ہے وہ تمہیں سنا کر وعظ ونصیحت کر رہا ہوں، جیسے فرمایا

قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَاۗىِٕنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّىْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ...﴿۵۰﴾ [3]

[1] تفسیر طبری ۴۹۴،۱۶، تفسیر عبدالرزاق ۳۸۶،۲

[2] الرعد ۴۱

[3] الانعام ۵۰

ترجمہ:اے محمد (ﷺ) ! ان سے کہو میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں نہ میں غیب کا علم رکھتا ہوں اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں، میں توصرف اس وحی کی پیروی کرتا ہو جو مجھ پر نازل کی جاتی ہے۔

قیامت کی ہولناکیوں سے آگاہ کر رہا ہوں، ایک سچے خیرخواہ کی طرح روز محشر کی ذلت ورسوائی اور جہنم کے دردناک عذاب پر متنبہ کر رہا ہوں مگر اللہ جن کانوں کو حق سننے سے بہرا کر دے، ہر سو بکھری نشانیاں دیکھنے کے باوجود آنکھوں پر پردے ڈال دے، حق بات قبول کرنے کے بجائے دلوں پر مہر لگا دے تو ان پر وعظ ونصیحت کا کچھ اثر نہیں ہوتا، ابھی تو یہ بڑی جرات کے ساتھ مطالبہ عذاب کر رہے ہیں لیکن اگر تیرے رب کا عذاب انہیں ذرا سا بھی چھو جائے تو اپنے ظلم وکفر کا اعتراف کرتے ہوئے کہنے لگیں گے ہائے ہماری کم بختی! بے شک ہم خطاوار تھے، جیسے فرمایا

فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝ [1]

ترجمہ: اور جب ہمارا عذاب ان پر آ گیا تو ان کی زبان پر اس کے سوا کوئی صدا نہ تھی کہ واقعی ہم ظالم تھے۔

قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝ [2]

ترجمہ:وہ پکار اٹھے پاک ہے ہمارا رب! واقعی ہم گنہگار تھے۔

میدان محشر میں انسانوں کے ذرہ ذرہ اچھے برے اعمال کا وزن کرنے کے لئے ہم ٹھیک ٹھیک تولنے والا ترازو نصب کر دیں گے، پھر کسی شخص پر ذرہ برابر ظلم نہ ہو گا، جیسے فرمایا

...وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۭ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ۝ [3]

ترجمہ:جو جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ سب اپنے سامنے حاضر پائیں گے اور تیرا رب کسی پر ذرا ظلم نہ کرے گا۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْھَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ [4]

ترجمہ:اللہ کسی پر ذرّہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا اگر کوئی ایک نیکی کرے تو اللہ اسے دو چند کرتا ہے اور پھر اپنی طرف سے بڑا اجر عطا فرماتا ہے۔

یعنی کسی شخص کی نیکیوں میں کمی کی جائے گی نہ کسی شخص کی برائیوں میں اضافہ کیا جائے گا، جس کی رائی کے دانے برابر بھی نیکی یا بدی ہو گی وہ ہم سامنے لے آئیں گے، جیسے فرمایا

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝ [5]

ترجمہ: پھر جس نے ذرہ برابر نیکی کی ہو گی وہ اس کو دیکھ لے گا اور جس نے ذرہ برابر بدی کی ہو گی وہ اس کو دیکھ لے گا۔

اور لقمان رحمہ اللہ نے اپنے بیٹے کو نصیحت فرمائی تھی

---

[1] الاعراف۵

[2] القلم۲۹

[3] الکہف۴۹

[4] النسائ۴۰

[5] الزلزال۷،۸

يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنۡ تَكُ مِثۡقَالَ حَبَّةٍ مِّنۡ خَرۡدَلٍ فَتَكُنۡ فِيۡ صَخۡرَةٍ اَوۡ فِي السَّمٰوٰتِ اَوۡ فِي الۡاَرۡضِ يَاۡتِ بِهَا اللّٰهُ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيۡفٌ خَبِيۡرٌ ﴿۱۶﴾ [۱]

ترجمہ: بیٹا! کوئی چیز رائی کے دانہ برابر بھی ہو اور کسی چٹان میں یا آسمانوں یا زمین میں کہیں چھپی ہوئی ہو اللہ اسے نکال لائے گا، وہ باریک بین اور باخبر ہے۔

اور لوگوں کے اچھے برے اعمال کا حساب لگانے کے لئے ہم کافی ہیں، جیسے فرمایا

...وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيۡبًا ﴿۶﴾ [۲]

ترجمہ: اور حساب لینے کے لیے اللہ کافی ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَنْ بَعْضِ شُيُوخِهِمْ، أَنَّ زِيَادًا، مَوْلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَيَّاشِ بْنِ أَبِي رَبِيعَةَ حَدَّثَهُمْ عَمَّنْ حَدَّثَهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ لِي مَمْلُوكِينَ يَكْذِبُونَنِي وَيَخُونُونَنِي وَيَعْصُونَنِي، وَأَضْرِبُهُمْ وَأَسُبُّهُمْ، فَكَيْفَ أَنَا مِنْهُمْ؟ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:يُحْسَبُ مَا خَانُوكَ وَعَصَوْكَ وَيُكَذِّبُونَكَ وَعِقَابُكَ إِيَّاهُمْ. فَإِنْ كَانَ عِقَابُكَ إِيَّاهُمْ دُونَ ذُنُوبِهِمْ كَانَ فَضْلًا لَكَ عَلَيْهِمْ، وَإِنْ كَانَ عِقَابُكَ إِيَّاهُمْ بِقَدْرِ ذُنُوبِهِمْ كَانَ كَفَافًا، لَا لَكَ وَلَا عَلَيْكَ، وَإِنْ كَانَ عِقَابُكَ إِيَّاهُمْ فَوْقَ ذُنُوبِهِمْ، اقْتُصَّ لَهُمْ مِنْكَ الْفَضْلُ الَّذِي بَقِيَ قِبَلَكَ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی بارگاہ نبوت میں حاضر ہو کر سامنے بیٹھے اور کہنے لگے اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میرے کچھ غلام ہیں، وہ مجھ سے جھوٹ بولتے ہیں، خیانت بھی کرتے ہیں اور میرا کہا بھی نہیں مانتے پھر میں انہیں مارتا ہوں اور برا بھلا کہتا ہوں میرا ان کے ساتھ کیا معاملہ رہے گا؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کی خیانت، جھوٹ اور نافرمانی اور تمہاری سزا کا حساب لگایا جائے گا اگر تمہاری سزا ان کے جرائم سے کم ہوئی تو وہ تمہارے حق میں بہتر ہو گی اور اگر تمہاری سزا ان کے گناہوں کے برابر نکلی تو معاملہ برابر برابر ہو جائیگا تمہارے حق میں ہو گا اور نہ تمہارے خلاف، اور اگر سزا ان کے گناہوں سے زیادہ ہوئی تو اس اضافے کا تم سے بدلہ لیا جائے گا،

فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَبْكِي بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَهْتِفُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَا لَهُ؟ مَا يَقْرَأُ كِتَابَ اللَّهِ: {وَنَضَعُ الۡمَوَازِيۡنَ الۡقِسۡطَ لِيَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ فَلَا تُظۡلَمُ نَفۡسٌ شَيۡـًٔا وَاِنۡ كَانَ مِثۡقَالَ حَبَّةٍ مِّنۡ خَرۡدَلٍ اَتَيۡنَا بِهَا وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيۡنَ} [۳] فَقَالَ الرَّجُلُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا أَجِدُ شَيْئًا خَيْرًا مِنْ فِرَاقِ هَؤُلَاءِ - يَعْنِي عَبِيدَهُ - إِنِّي أُشْهِدُكَ أَنَّهُمْ أَحْرَارٌ كُلُّهُمْ

اس پر وہ آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہی زار و قطار رونے لگا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے کیا ہوا؟ کیا یہ اللہ کی کتاب کی یہ آیت نہیں

---

[۱] لقمان:۱۶

[۲] النساء:۶

[۳] الأنبياء : ۴۷

پڑھتا "قیامت کے روز ہم ٹھیک ٹھیک تولنے والے ترازو رکھ دیں گے، پھر کسی شخص پر ذرہ برابر ظلم نہ ہو گا، جس کا رائی کے دانے برابر بھی کچھ کیا دھرا ہو گا وہ ہم سامنے لے آئیں گے اور حساب لگانے کے لئے ہم کافی ہیں۔" اس آدمی نے کہا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میں اس سے بہتر کوئی حل نہیں پاتا کہ ان سب غلاموں کو اپنے سے جدا کر دوں، اس لئے میں آپ کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ وہ سب آزاد ہیں۔ [1]

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلِمَتَانِ حَبِيبَتَانِ إِلَى الرَّحْمَنِ، خَفِيفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، ثَقِيلَتَانِ فِي الْمِيزَانِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيمِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو کلمے ہیں جو زبان پر ہلکے مگر میزان میں وزن دار ہیں اور اللہ کو بہت پیارے ہیں سبحان اللہ وبحمدہ، سبحان اللہ العظیم۔ [2]

وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَ ضِيَآءً وَّ ذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾

یہ بالکل سچ ہے کہ ہم نے موسیٰ وہارون کو فیصلے کرنے والی نورانی اور پرہیز گاروں کے لیے وعظ و نصیحت والی کتاب عطا فرمائی ہے،

الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَ هُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَ هٰذَا ذِكْرٌ

وہ لوگ جو اپنے رب سے بن دیکھے خوف کھاتے ہیں، اور قیامت (کے تصور) سے کانپتے رہتے ہیں اور یہ نصیحت

مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۰﴾ (الانبیائ۴۸تا۵۰)

اور برکت والا قرآن بھی ہم نے نازل فرمایا ہے کیا پھر بھی تم اس کے منکر ہو۔

کتاب النور:

انبیاء کا ذکر کرتے ہوئے جلیل القدر کتاب تورات کی صفات بیان فرمائی کہ تم پر نازل قرآن کریم سے پہلے ہم موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کو حق وباطل اور حلال وحرام میں فرق کرنے والی اور انسان کو سیدھا راستہ دکھانے والی روشنی اور انسانوں کو اس کا بھولا ہوا سبق یاد دلانے والا ذکر نازل کر چکے ہیں ان متقی لوگوں کی ہدایت و رہنمائی کے لئے جو غائبانہ اپنے معبود حقیقی سے ڈرتے رہتے ہیں، جیسے جنتیوں کے اوصاف میں فرمایا

مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِۨ ﴿۳۳﴾ [3]

ترجمہ: جو بے دیکھے رحمٰن سے ڈرتا تھا اور جو دل گرویدہ لئے ہوئے آیا ہے۔

---

[1] مسند احمد ۲۶۴۰۱

[2] صحیح بخاری کتاب التوحید بَابُ قَوْلِ اللهِ تَعَالَى وَنَضَعُ المَوَازِينَ القِسْطَ لِيَوْمِ القِيَامَةِ، وَأَنَّ أَعْمَالَ بَنِي آدَمَ وَقَوْلَهُمْ يُوزَنُ ۷۵۶۳، صحیح مسلم کتاب الذکر والدعاء بَابُ فَضْلِ التَّهْلِيلِ وَالتَّسْبِيحِ وَالدُّعَاءِ ۶۸۴۶، مسند احمد ۷۱۶۷، صحیح ابن حبان ۸۳۱، شعب الایمان ۵۸۵، السنن الکبری للنسائی ۱۰۵۹۷، مصنف ابن ابی شیبة ۲۹۴۱۳، مسند ابی یعلی ۶۰۹۶، شرح السنة للبغوی ۱۲۶۴

[3] ق ۳۳

إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ﴿١٢﴾ [1]

ترجمہ: جو لوگ بے دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں یقیناً ان کے لیے مغفرت ہے اور بڑا اجر۔

اور جو دنیا کی رنگینیوں میں مست ہو کر، جو ابدہی کے احساس سے عاری ہو کر زندگی نہیں گزار دیتے بلکہ جن کو ہر دم یہ دھڑ کا لگا ہو کہ ایک دن ہم نے رب کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اپنے اعمال کا حساب دینا ہے، جیسے فرمایا

فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ فَيَقُولُ هَاؤُمُ اقْرَءُوا كِتَابِيَهْ ﴿١٩﴾ إِنِّي ظَنَنتُ أَنِّي مُلَاقٍ حِسَابِيَهْ ﴿٢٠﴾ [2]

ترجمہ: اس وقت جس کا نامہ اعمال اس کے سیدھے ہاتھ میں دیا جائے گا وہ کہے گا لو دیکھو، پڑھو میرا نامہ اعمال، میں سمجھتا تھا کہ مجھے ضرور اپنا حساب ملنے والا ہے۔

اگر ہم اعمال صالحہ کریں گے تو رب کی رحمت کے مستحق ہوں گے اور اگر اس کے برعکس کیے تو جہنم ہر کٹے کافر کی گھات میں لگی ہوئی ہے، جیسے فرمایا

إِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿٢١﴾ [3]

ترجمہ: درحقیقت جہنم ایک گھات ہے۔

يَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ بِالْكَافِرِينَ ﴿٥٤﴾ [4]

ترجمہ: یہ تم سے عذاب جلدی لانے کا مطالبہ کرتے ہیں حالانکہ جہنم ان کافروں کو گھیرے میں لے چکی ہے۔

قرآن حکیم کو دو جلیل القدر اوصاف کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا اور اب یہ بابرکت ذکر ہم نے قیامت تک تمام انسانوں کی ہدایت و رہنمائی کے لئے تم پر نازل کیا ہے، جب ان لوگوں کو اعتراف ہے کہ تورات اللہ کی طرف سے نازل شدہ کتاب ہے تو حقانیت، صداقت اور نورانیت والے قرآن مجید کے منزل من اللہ ہونے سے یہ کیوں انکار کرتے ہیں۔ یعنی نہ تو یہ رسول نرالا ہے اور نہ ہی قرآن کریم پہلی مرتبہ نازل کیا گیا ہے تو پھر اس پر ایمان لا کر اپنی اخروی زندگی کی فکر کیوں نہیں کرتے۔

وَلَقَدْ آتَيْنَا إِبْرَاهِيمَ رُشْدَهُ مِن قَبْلُ وَكُنَّا بِهِ عَالِمِينَ ﴿٥١﴾ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ

یقیناً ہم نے اس سے پہلے ابراہیم کو اسکی سمجھ بوجھ بخشی تھی اور ہم اسکے احوال سے بخوبی واقف تھے، جبکہ اس نے اپنے باپ سے

وَقَوْمِهِ مَا هَٰذِهِ التَّمَاثِيلُ الَّتِي أَنتُمْ لَهَا عَاكِفُونَ ﴿٥٢﴾ قَالُوا وَجَدْنَا آبَاءَنَا

اور اپنی قوم سے کہا کہ یہ مورتیاں جن کے تم مجاور بنے بیٹھے ہو کیا ہیں؟ سب نے جواب دیا کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو انہی کی

---

[1] الملک ۱۲

[2] الحاقۃ ۲۰،۱۹

[3] النبا ۲۱

[4] العنکبوت ۵۴

لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۴﴾ قَالُوْٓا

عبادت کرتے ہوئے پایا، آپ نے فرمایا پھر تم اور تمہارے باپ داد اسبھی یقیناً کھلی گمراہی میں مبتلا رہے، کہنے لگے کیا

اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ

آپ ہمارے پاس سچ مچ حق لائے ہیں یا یوں ہی مذاق کر رہے ہیں، آپ نے فرمایا نہیں درحقیقت تم سب کا پروردگار تو وہ ہے

وَالْاَرْضِ الَّذِيْ فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا عَلٰي ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۶﴾ (الانبیائ۵۱تا۵۶)

جو آسمانوں اور زمین کا مالک ہے جس نے انہیں پیدا کیا ہے، میں تو اپنی بات کا گواہ اور قائل ہوں۔

اور موسیٰ علیہ السلام وہارون علیہ السلام سے پہلے ہم نے ابراہیم کو نبوت عطا کرنے سے قبل زمین وآسمان کی بادشاہی کا مشاہدہ کروایا اور اپنی دلیلیں الہام کی تھیں، جیسے فرمایا:

وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰي قَوْمِهٖ ... ﴿۸۳﴾ [۱]

ترجمہ: یہ تھی ہماری وہ حجت جو ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو اس کی قوم کے مقابلہ میں عطا کی تھی۔

اور ہم خوب جانتے تھے کہ وہ اس رشد کے اہل اور اپنی پاکیزگی اور ذہانت کی بنا پر اس کے مستحق ہیں، جیسے فرمایا

... اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ... ﴿۱۲۴﴾ [۲]

ترجمہ: اللہ خوب جانتا ہے کہ اپنی رسالت کس کے حوالے کرے۔

یاد کرو وہ موقع جبکہ اس نے بچپنے میں اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا تھا کہ تمہارے اپنے ہاتھوں لکڑی، پتھر اور سونے چاندی کی مختلف شکل وصورت میں تراشی ہوئی ان مورتیوں میں کیا فضیلت ہے جن کی تم یکسوئی اور انہماک سے جم کر عبادت کرتے ہو؟ قوم کے پاس ان کی پرستش کی کوئی دلیل تو تھی نہیں اس لئے جواب دیا ہم نے اپنے آباؤاجداد کو ان کی عبادت کرتے پایا ہے اس لئے ہم بھی ان کی تقلید میں پرستش کرتے ہیں، ابراہیم علیہ السلام نے کہا تم نے آباؤاجداد کی اندھی تقلید کی جو دلیل دی ہے وہ درست نہیں، حقیقت یہ ہے کہ تم اپنے معبود حقیقی کو چھوڑ کر جو تمہارا خالق، مالک اور رازق ہے ان بے جان چیزوں کی پرستش کر کے گمراہی میں پڑے ہوئے ہو اور تمہارے آباؤاجداد بھی صریح گمراہی میں پڑے ہوئے تھے، قوم نے دعوت توحید سنی ہوئی نہ تھی اس لئے ہکابکا ہو کر کہنے لگے اے ابراہیم! کیا تو ہمارے سامنے اپنے اصلی خیالات پیش کر رہا ہے یا مذاق کرتا ہے؟ ابراہیم علیہ السلام نے جواب دیا نہیں میں تم سے کوئی مذاق نہیں کر رہا بلکہ ایک ایسی چیز پیش کر رہا ہوں جس کا علم ویقین مجھے حاصل ہے اور وہ یہ کہ تمہارا معبود حقیقی یہ مورتیاں نہیں بلکہ وہ رب ہے جو زمین اور آسمانوں کا مالک اور ان کا پیدا کرنے والا ہے، میں اس بات کو تسلیم کرتا ہوں اور تمہارے سامنے گواہی دیتا ہوں کہ عبادت کے لائق اللہ وحدہ لاشریک ہے، اس کے سوا کوئی نہ رب ہے اور نہ معبود۔

[۱] الانعام ۸۳

[۲] الانعام ۱۲۴

وَ تَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾ فَجَعَلَهُمْ

اور اللہ کی قسم میں تمہارے ان معبودوں کے ساتھ جب تم علیحدہ پیٹھ پھیر کر چل دو گے ایک چال چلوں گا، پس اس نے سب کے

جُذٰذًا اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قَالُوْا

ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے، ہاں صرف بڑے بت کو چھوڑ دیا یہ بھی اس لیے کہ وہ سب اس کی طرف ہی لوٹیں، کہنے لگے

مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى يَّذْكُرُهُمْ

ہمارے خداؤں کے ساتھ یہ کس نے کیا؟ ایسا شخص تو یقیناً ظالموں میں سے ہے، بولے ہم نے ایک نوجوان کو ان کا تذکرہ

يُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِيْمُ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ

کرتے ہوئے سنا تھا جسے ابراہیم (علیہ السلام) کہا جاتا ہے، سب نے کہا اچھا اسے مجمع میں لوگوں کی نگاہوں

لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ ﴿۶۱﴾ (الانبیائ ۵۷ تا ۶۱)

کے سامنے لاؤ تاکہ سب دیکھیں۔

اور ابراہیم علیہ السلام نے ایک عزم کے ساتھ اللہ کی قسم کھا کر کہا جب تم لوگ عید یا تہوار پر باہر چلے جاؤ گے تو میں تمہاری غیر موجودگی میں ضرور تمہارے معبودوں کی خبر لوں گا اور عملاً تمہیں مشاہدہ کرا دوں گا کہ تمہارے یہ معبود محض پتھر کے بے بس ولاچار بت ہیں اور انہیں کسی قسم کی کوئی قدرت اور اختیار حاصل نہیں ہے، چنانچہ جب قوم اپنے پجاریوں اور مجاوروں سمیت اپنی عید یا تہوار منانے کے لئے شہر سے باہر چلے گئے تو ابراہیم علیہ السلام موقعہ غنیمت جان کر ان کے مرکزی مندر میں گھس گئے اور ہتھوڑے کی ضربوں سے چھوٹے چھوٹے بتوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا، جیسے فرمایا

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًاۢ بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾ [1]

ترجمہ: اس کے بعد وہ ان پر پل پڑا اور سیدھے ہاتھ سے خوب ضربیں لگائیں۔

اور پھر اپنا ہتھوڑا ان کے بڑے بت کے ہاتھ میں پکڑا کر یا کندھے پر رکھ کر اس کو چھوڑ دیا تاکہ وہ اس سے پوچھیں اور میں انہیں بتوں کی بے بسی اور لاچاری ظاہر کر کے انہیں دعوت توحید دوں، طاغوت کی بندگی سے ہٹا کر اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی اور اطاعت کی طرف ان کا رخ موڑ دوں، شام کے وقت جب قوم تھکی ہاری واپس آئی اور انہوں نے اپنے معبودوں کی اہانت اور رسوائی دیکھی تو کہنے لگے ہمارے معبودوں کا یہ حال کس نے کر دیا؟ یقیناً کوئی بڑا ہی ظالم شخص تھا، بعض لوگ جنہوں نے ابراہیم علیہ السلام کی بات سنی ہوئی تھی بولے ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو ان کا مذمت وحقارت کے ساتھ ذکر کرتے سنا تھا معلوم ہوتا ہے یہ اسی کی کارستانی ہے، مندر کے بڑے پنڈتوں نے کہا تو

---

[1] الصافات ۹۳

ابراہیم علیہ السلام کو پکڑ کر لوگوں کے سامنے لے آؤ تا کہ گواہ اس کے خلاف گواہیاں دیں اور اس کے خلاف سخت ترین کاروائی کی جا سکے تا کہ آئندہ کسی کو ایسا کرنے کی جرات نہ ہو سکے، اور یہی ابراہیم علیہ السلام چاہتے تھے۔

قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿۶۲﴾ قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا

کہنے لگے اے ابراہیم (علیہ السلام)! کیا تو نے ہی ہمارے خداؤں کے ساتھ یہ حرکت کی ہے، آپ نے جواب دیا بلکہ

فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۳﴾ فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ

اس کام کو ان کے بڑے نے کیا ہے تم اپنے خداؤں سے پوچھ لو اگر یہ بولتے چالتے ہوں، پس یہ لوگ اپنے دلوں میں قائل ہو گئے

فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾ ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ

اور کہنے لگے واقع ظالم تو تم ہی ہو، پھر اپنے سروں کے بل اوندھے ہو گئے (اور کہنے لگے کہ) یہ تجھے بھی معلوم ہے یہ

يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا

بولنے چالنے والے نہیں، اللہ کے خلیل نے اسی وقت فرمایا افسوس! کیا تم اللہ کے علاوہ ان کی عبادت کرتے ہو جو نہ تمہیں

وَّ لَا يَضُرُّكُمْ ﴿۶۶﴾ اُفٍّ لَّكُمْ وَ لِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾

کچھ بھی نفع پہنچا سکیں نہ نقصان، تف ہے تم پر اور ان پر جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو، کیا تمہیں اتنی سی عقل نہیں؟

قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَ انْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۶۸﴾ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا

کہنے لگے کہ اسے جلا دو، اور اپنے خداؤں کی مدد کرو اگر تمہیں کچھ کرنا ہی ہے، ہم نے فرما دیا اے آگ! تو ٹھنڈی پڑ جا اور

عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۶۹﴾ وَ اَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ

ابراہیم (علیہ السلام) کے لیے سلامتی (اور آرام کی چیز) بن جا! گو انہوں نے ابراہیم (علیہ السلام) کا برا چاہا لیکن ہم نے

الْاَخْسَرِيْنَ ﴿۷۰﴾ وَ نَجَّيْنٰهُ وَ لُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا

انھیں ناکام بنا دیا، اور ہم ابراہیم اور لوط کو بچا کر اس زمین کی طرف لے چلے جس میں ہم نے تمام جہان

فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ (الانبیائ ۶۲ تا ۷۱)

والوں کے لیے برکت رکھی تھی۔

چنانچہ بعض لوگ غم و غصہ میں ابراہیم علیہ السلام کو پکڑنے کے لئے دوڑے، جب وہ ابراہیم علیہ السلام کو پکڑ کر مجمع کے سامنے لائے تو بڑے پروہت

نے پوچھا اے ابراہیم! ہماری عدم موجودگی میں کیا تو نے ہمارے معبودوں کو توڑا پھوڑا اور ان کی اہانت کی ہے؟ ابراہیم علیہ السلام نے اپنے مخالفین پر حجت قائم کرنے کے لئے کہا میرا خیال یہ ہے کہ یہ سب توڑ پھوڑ کسی بات پر ناراض ہو کر ان کے بڑے بت نے کی ہے، اگر یہ ٹوٹے پھوٹے بت بولتے ہوں تو تمام حقیقت خود انہی کی زبانی سن لو یا پھر خود بڑے بت سے دریافت کر لو کہ اس نے یہ حرکت کیوں کی ہے؟ ابراہیم علیہ السلام کی یہ بات سن کر وہ اپنے ضمیر کی طرف پلٹے اور اپنے دلوں میں کہنے لگے واقعی تم خود ہی ظالم ہو کہ ایسے معبودوں کی پرستش کرتے ہو جو اپنی زبان سے حقیقت حال بیان کر سکتے ہیں اور نہ خود اپنی مدد آپ کر سکتے ہیں تو ہمیں کیا نفع یا نقصان پہنچائیں گے، مگر پھر ان کی مت پلٹ گئی اور غصہ سے بولے اے ابراہیم! تم ہمارے ساتھ ٹھٹھا اور تمسخر کر رہے ہو جبکہ تم اچھی طرح جانتے ہو کہ یہ بولنے کی قدرت نہیں رکھتے،

قَالَ قَتَادَةُ: أَدْرَكَتِ الْقَوْمَ حَيْرَةُ سُوءٍ فَقَالُوا :لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰؤُلَاءِ يَنْطِقُونَ

قتادہ کہتے ہیں اس وقت یہ لوگ درحقیقت بدترین قسم کی حیرت میں مبتلا تھے اسی وجہ سے انہوں نے ابراہیم علیہ السلام سے کہا تم جانتے ہو کہ یہ تو بولتے ہی نہیں۔ [۱]

جب مشرکین نے اپنے معبودوں کی بے بسی کا اعتراف کر لیا تو ان کی بے عقلی پر افسوس کرتے ہوئے ابراہیم علیہ السلام علیہ السلام نے کہا پھر کیا تم اللہ کو چھوڑ کر ان چیزوں کی پرستش کر رہے ہو جو تمہیں نفع پہنچانے پر قادر ہیں نہ نقصان، تف ہے تمہاری عقلوں پر اور تمہارے ان بے بس ولاچار معبودوں پر جن کی تم اللہ وحدہ لاشریک کو چھوڑ کر پرستش کر رہے ہو کیا تم کچھ بھی عقل وفہم نہیں رکھتے کہ حق وسچ کو پہچان سکو؟ جب ابراہیم علیہ السلام نے ان کی ضلالت وسفاہت کو واضح کر دیا تو وہ لاجواب ہو گئے مگر شرک سے تائب ہونے کے بجائے ابراہیم علیہ السلام کے خلاف انتہائی سخت اقدام اٹھانے پر آمادہ ہو گئے، چنانچہ انہوں نے کہا اپنے معبودوں کی حمایت اور تائید میں آگ کا ایک بڑا الاؤ دہکاؤ اور ابراہیم علیہ السلام کو اس میں جھونک ڈالو، یہ فیصلہ کر کے انہوں نے زمین میں ایک بڑا گڑھا کھودا اور اس میں لکڑیاں ڈال کر آگ لگا دی، جب آگ خوب بھڑک اٹھی تو انہوں نے ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈال دیا،

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:لَمَّا أُلْقِيَ إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي النَّارِ قَالَ: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب ابراہیم علیہ السلام کو آپ میں پھینکا گیا اس وقت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا ہمارے لیے اللہ کافی ہے اور وہی بہترین کارساز ہے۔ [۲]

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ، قَالَهَا إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ حِينَ أُلْقِيَ فِي النَّارِ، وَقَالَهَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَالُوا: {إِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ إِيمَانًا، وَقَالُوا: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ} [۳]

---

[۱] تفسیرابن ابی حاتم ۲۴۵۵،۸

[۲] مصنف ابن ابی شیبة ۲۹۵۸۸

[۳] آل عمران: ۱۷۳

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا گیا تھا تو انہوں نے کلمہ ’’ہمارے لیے اللہ کافی ہے اور وہی بہترین کارساز ہے۔‘‘ کہا تھا، اور یہی کلمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہما نے اس وقت کہا تھا جب لوگوں نے مسلمانوں کو ڈرانے کے لئے کہا تھا کہ لوگوں (یعنی قریش) نے تمہارے خلاف بڑا سامان جنگ اکٹھا کر رکھا ہے ان سے ڈرو لیکن اس بات نے ان مسلمانوں کا (جوش) ایمان اور بڑھا دیا اور یہ مسلمان بولے کہ ہمارے لئے اللہ کافی ہے اور وہی بہترین کام بنانے والا ہے۔[1]

فَإِنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَنَا :أَنَّ إِبْرَاهِيمَ لَمَّا أُلْقِيَ فِي النَّارِ، لَمْ تَكُنْ فِي الْأَرْضِ دَابَّةٌ، إِلَّا أَطْفَأَتِ النَّارَ، غَيْرَ الْوَزَغِ، فَإِنَّهَا كَانَتْ تَنْفُخُ عَلَيْهِ،فَأَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِهِ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ابراہیم علیہ السلام کو (نمرود مردود نے) آگ میں ڈالا تو اس آگ کو تمام جانور بجھانے کی کوشش کر رہے تھے مگر گرگٹ کے اور وہ اس میں پھونک مار رہا تھا اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو مار ڈالنے کا حکم فرمایا ہے۔[2]

چنانچہ اپنی سنت کے مطابق کہ ہم رسولوں اور اہل ایمان کو بچا لیتے ہیں ہم نے آگ کو حکم دیا کہ اے آگ! ابراہیم علیہ السلام پر سلامتی والی ٹھنڈی ہو جا، چنانچہ تعمیل حکم میں آگ گلزار بن گئی، مشرکین نے ابراہیم علیہ السلام کو جلانے کا ارادہ کیا مگر ہم نے انہی کو نقصان اٹھانے والوں میں سے کر دیا، اور ابراہیم علیہ السلام اور لوط علیہ السلام کو جو ابراہیم علیہ السلام پر ایمان لے آئے تھے بچا کر عراق سے سرزمین شام و فلسطین کی طرف نکال لے گئے جو دو ہزار برس تک انبیاء کا مہبط رہی ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:إِنَّ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، لَمْ يَكْذِبْ غَيْرَ ثَلَاثٍ ثِنْتَيْنِ فِي ذَاتِ اللَّهِ ، قَوْلُهُ:بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هَذَا وَقَوْلُهُ :إِنِّي سَقِيمٌ، قَالَ:وَبَيْنَا هُوَ يَسِيرُ فِي أرض جبار من الجبابرة ومعه سَارَةُ إِذْ نَزَلَ مَنْزِلًا فَأَتَى الْجَبَّارَ رَجُلٌ، فَقَالَ: إِنَّهُ قَدْ نَزَلَ بِأَرْضِكَ رَجُلٌ مَعَهُ امْرَأَةٌ أَحْسَنُ النَّاسِ،فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ فَجَاءَ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ الْمَرْأَةُ مِنْكَ؟ قَالَ: هِيَ أُخْتِي

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابراہیم علیہ السلام نے تین بار کے سوا کبھی خلاف واقعہ بات نہیں کہی ان میں دو بار کا تعلق تو اللہ تعالیٰ کی ذات سے تھا بلکہ یہ ان کے ان بڑے (بت) نے کیا (ہو گا) اور بلاشبہ میں بیمار ہوں، ابراہیم علیہ السلام ایک جابر بادشاہ کی زمین میں چل رہے تھے اور سارہ بھی آپ کے ہمراہ تھیں، آپ نے ایک جگہ پڑاؤ ڈالا تو اس جابر بادشاہ سے ایک شخص نے کہا کہ آپ کی زمین میں ایک شخص نے پڑاؤ ڈالا ہے اور اس کے پاس ایک ایسی عورت ہے جو سب لوگوں سے خوبصورت ہے اس نے آپ کی طرف پیغام بھیجا آپ اس کے پاس تشریف لے گئے، اس نے پوچھا کہ یہ عورت تمہاری کیا لگتی ہے؟ آپ نے فرمایا یہ میری بہن ہے،

قَالَ: فَاذْهَبْ فَأَرْسِلْ بِهَا إِلَيَّ ، فَانْطَلَقَ إِلَى سَارَةَفَقَالَ: إِنَّ هَذَا الْجَبَّارَ سَأَلَنِي عَنْكِ فَأَخْبَرْتُهُ أَنَّكِ أُخْتِي فَلَا

---

[1] صحیح بخاری کتاب التفسیر سورۂ آل عمران بَابُ إِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوا لَكُمْ فَاخْشَوْهُم ۴۵۶۳،مستدرک حاکم ۳۱۶۷، السنن الکبریٰ للنسائی ۱۱۰۱۵

[2] سنن ابن ماجہ کتاب الصیدبَابُ قَتْلِ الْوَزَغِ ۳۲۳۱،صحیح ابن حبان ۵۶۳۱،مسنداحمد ۲۵۸۲۷

تُكَذِّبِينِي عِنْدَهُ فَإِنَّكِ أُخْتِي فِي كِتَابِ اللَّهِ وَأَنَّهُ لَيْسَ فِي الْأَرْضِ مُسْلِمٌ غَيْرِي وَغَيْرُكِ ، فَانْطَلَقَ بِهَا إِبْرَاهِيمُ ثُمَّ قَامَ يُصَلِّي، فَلَمَّا أَنْ دَخَلَتْ عَلَيْهِ فَرَآهَا أَهْوَى إِلَيْهَا فَتَنَاوَلَهَا فَأُخِذَ أَخْذًا شَدِيدًا

اس نے کہا جاؤ اور اسے میرے پاس بھیج دو، آپ سارہ کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا اس جابر بادشاہ نے مجھ سے آپ کے بارے میں پوچھا تو میں نے اسے بتایا کہ تم میری بہن ہو لہٰذا اس کے پاس میری تکذیب نہ کرنا کیونکہ اللہ کی کتاب میں تو میری بہن ہے (دینی بہن) اور اس سرزمین میں میرے اور تمہارے علاوہ دوسرا کوئی مسلمان نہیں ہے، اس کے بعد ابراہیم علیہ السلام انہیں لے گئے، پھر کھڑے ہو کر نماز پڑھنا شروع کر دی، جب سارہ اس (ظالم بادشاہ) کے پاس گئیں اور اس نے آپ کو دیکھا تو آپ کی طرف مائل ہوا اور اس نے آپ کو پکڑنا چاہا تو وہ بہت شدت کے ساتھ جکڑا گیا،

فَقَالَ: ادْعِي اللَّهَ لِي وَلَا أَضُرُّكِ ، فَدَعَتْ لَهُ فَأُرْسِلَ، فَأَهْوَى إِلَيْهَا، فَتَنَاوَلَهَا فَأُخِذَ بِمِثْلِهَا أَوْ أَشَدَّ فَفَعَلَ ذَلِكَ الثَّالِثَةَ فَأُخِذَ [فَذَكَرَ] مِثْلَ الْمَرَّتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ ،فَقَالَ ادْعِي اللَّهَ فَلَا أَضُرُّكِ، فَدَعَتْ، لَهُ فَأُرْسِلَ، ثُمَّ دَعَا أَدْنَى حُجَّابِهِ فَقَالَ: إِنَّكَ لَمْ تَأْتِنِي بِإِنْسَانٍ، وَإِنَّمَا أَتَيْتَنِي بِشَيْطَانٍ

اس نے آپ سے کہا اللہ تعالیٰ سے میرے لیے دعا کرو میں تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچاؤں گا آپ نے اس کے لیے دعا کی تو وہ چھوٹ گیا مگر وہ پھر پکڑنے کے لیے آپ کی طرف لپکا تو پہلے ہی کی طرح یا اس سے بھی زیادہ شدت کے ساتھ جکڑا گیا اور پھر تیسری مرتبہ بھی ایسا ہی ہوا اور وہ پکڑا گیا اور اس کی تفصیل بھی پہلی دو بار کی طرح بیان فرمائی بہر حال اس نے کہا اللہ تعالیٰ سے میرے لیے دعا کریں تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچاؤں گا، سارہ نے دعا کی تو وہ چھوٹ گیا پھر اس نے اپنے قریب ترین دربان کو بلایا اور کہا تم میرے پاس کسی انسان کو نہیں بلکہ شیطان کو لے آئے ہو،

وَالْمُرَادُ بِالشَّيْطَانِ الْمُتَمَرِّدُ مِنَ الْجِنِّي وَكَانُوا قَبْلَ الْإِسْلَامِ يُعَظِّمُونَ أَمْرَ الْجِنِّ جِدًّا وَيَرَوْنَ كُلَّ مَا وَقَعَ مِنَ الْخَوَارِقِ مِنْ فِعْلِهِمْ وَتَصَرُّفِهِمْ، قَوْلُهُ فَأَخْدَمَهَا هَاجَرَ أَيْ وَهَبَهَا لَهَا لِتَخْدُمَهَا لِأَنَّهُ أَعْظَمَهَا أَنْ تَخْدُمَ نَفْسَهَا

علامہ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہاں شیطان سے مراد بڑا سرکش جن ہے اسلام سے پہلے لوگ جنات کو بہت عظیم سمجھتے تھے، اور تمام خوارق واقعات کو جنات کا تصرف قرار دیتے تھے، اس فاجر و کافر بادشاہ کے ساتھ جو جکڑے جانے اور مرگی کا دورہ پڑنے کا واقعہ پیش آیا اس کی وجہ سے اس نے یہ خلاف عادت واقعہ سارہ کی جانب منسوب کیا اور اسی تناظر میں انہیں بڑا جن قرار دیا اور تعظماً خدمت کے لیے ہاجرہ دے دی۔ [1]

أَخْرِجْهَا وَأَعْطِهَا هَاجَرَ فَأُخْرِجَتْ وَأُعْطِيَتْ هَاجَرَ فَأَقْبَلَتْ،فَلَمَّا أَحَسَّ إِبْرَاهِيمُ بِمَجِيئِهَا انْفَتَلَ مِنْ صِلَاتِهِ قَالَ : مَهْيَمْ؟ قَالَتْ: كَفَى اللَّهُ كَيْدَ الْكَافِرِ الْفَاجِرِ وَأَخْدَمَنِي هَاجَرَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ وَكَانَ : أَبُو هُرَيْرَةَ إِذَا حَدَّثَ بِهَذَا الْحَدِيثِ قَالَ: فَتِلْكَ أُمُّكُمْ يَا بَنِي مَاءِ السَّمَاءِ

اسے یہاں سے نکال دو اور اسے ہاجرہ دے دو، سارہ کو وہاں سے نکال دیا گیا اور آپ کو (خدمت کے لیے) ہاجرہ دے دی گئی، اس کے

---

[1] فتح الباری ۶،۳۳۵۸/ ۳۹۳

بعد آپ واپس تشریف لے آئیں ابراہیم علیہ السلام نے جب آپ کی آمد کو محسوس کیا تو انہوں نے نماز کو موقوف کیا اور فرمایا کیا خبر ہے؟ سارہ نے جواب دیا اس کافرو فاجر کے مکر کو اللہ تعالیٰ نے روک دیا اور خدمت کے لیے اس نے مجھے ہاجرہ دی ہے، محمد بن سرین کہتے ہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ جب حدیث کو بیان کرتے تو وہ فرماتے اے آسمان کے پانی کے بیٹو! (اے اہل عرب!) یہ ہیں وہ ہاجر جو تمہاری ماں ہیں۔ [1]

ابراہیم علیہ السلام اور کذبات ثلاثہ:

حدیث کی ایک روایت میں یہ بات آئی ہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے اپنی زندگی میں تین جھوٹ بولے، ان تینوں جھوٹوں کے بارے میں مشہور مفسر قرآن علامہ مودودی رحمہ اللہ کی دو جگہ پر لکھی گئی بحث ایک رسائل ومسائل ۳۵ تا ۳۹/ ۲ دوسرے تفہیم قرآن بسلسلہ تفسیر انبیاء حاشیہ نمبر ۶۰ سے خوبصورت اور سادہ سے انداز میں کی گئی بحث پیش کرتے ہیں۔

قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْــَٔـلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ۝۶۳ [2]

ترجمہ: اس نے جواب دیا بلکہ یہ سب کچھ ان کے اس سردار نے کیا ہے، ان ہی سے پوچھ لو اگر یہ بولتے ہیں؟۔

ابراہیم علیہ السلام نے بت شکنی کے اس فعل کو بڑے بت کی طرف منسوب کیا ہے اس سے اس کا مقصد جھوٹ بولنا نہ تھا بلکہ اپنے مخالفین پر حجت قائم کرنا چاہتے تھے، یہ بات انہوں نے اس لئے کہی تھی کہ وہ لوگ جواب میں خود اقرار کریں کہ ان کے یہ معبود بالکل بے بس ولاچار ہیں اور ان سے کسی فعل کی توقع تک نہیں کی جاسکتی، ایسے مواقع پر ایک شخص استدلال کی خاطر جو خلاف واقعہ بات کہتا ہے اس کو جھوٹ قرار نہیں دیا جاسکتا کیونکہ نہ وہ خود جھوٹ کی نیت سے ایسی بات کہتا ہے اور نہ اس کے مخاطب ہی اسے جھوٹ سمجھتے ہیں، کہنے والا اسے حجت قائم کرنے کے لیے کہتا ہے اور سننے والا بھی اسے اسی معنی میں لیتا ہے۔

۔۔۔إِنِّي سَقِيمٌ [3]

ترجمہ: اور میں بیمار ہوں۔

والا واقعہ تو اس کا جھوٹ ہونا ثابت نہیں ہوسکتا جب تک یہ ثابت نہ ہو جائے کہ ابراہیم علیہ السلام فی الواقع اس وقت بالکل صحیح وتندرست تھے اور ان کو ادنیٰ سی بھی شکایت بھی نہ تھی، یہ بات نہ قرآن میں کہیں بیان ہوئی ہے اور نہ اس زیر بحث روایت کے سوا کسی دوسری معتبر روایت میں اس کا ذکر آیا ہے۔

مولانا مودودی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ابراہیم علیہ السلام کے کذبات ثلاثہ کے مسئلے پر میں نے دو جگہوں پر بحث کی ہے ایک رسائل ومسائل ۳۵ تا ۳۹/ ۲ اور دوسرے تفہیم القرآن بسلسلہ تفسیر انبیاء حاشیہ نمبر ۶۰، فرماتے ہیں میں اس روایت کے مضمون کی صحت تسلیم کرنے میں متامل

---

[1] صحيح بخاری كِتَابُ الإِكْرَاهِ بَابُ إِذَا اسْتُكْرِهَتِ المَرْأَةُ عَلَى الزِّنَا فَلاَ حَدَّ عَلَيْهَا ۶۹۵۰، وكِتَابُ البُيُوعِ بَابُ شِرَاءِ المَمْلُوكِ مِنَ الحَرْبِيِّ وَهِبَتِهِ وَعِتْقِهِ ۲۲۱۷، و كِتَابُ أَحَادِيثِ الأَنْبِيَاءِ بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى وَاتَّخَذَ اللَّهُ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلًا ۳۳۵۸، صحيح مسلم كتاب الْفَضَائِلِ بَابُ مِنْ فَضَائِلِ إِبْرَاهِيمَ الْخَلِيلِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۶۱۴۵، سنن ابوداودكِتَاب الطَّلَاقِ بَابٌ فِي الرَّجُلِ يَقُولُ لِامْرَأَتِهِ: يَا أُخْتِي ۲۲۱۲، السنن الكبرى للنسائی ۸۳۱۶

[2] الانبیاء ۶۳

[3] الصافات ۸۹

ہوں اگر میرے ان دلائل کو دیکھ کر آپ کا اطمینان ہو جائے تو اچھا ہے اور نہ ہو تو جو کچھ آپ صحیح سمجھتے ہیں اسی کو صحیح سمجھتے رہیں، اس طرح کے معاملات میں اگر اختلاف رہ جائے تو آخر مضائقہ کیا ہے، آپ کے نزدیک حدیث کا مضمون اس لیے قابل قبول ہے کہ وہ قابل اعتماد سندوں سے نقل ہوئی ہے اور صحیح بخاری، صحیح مسلم، سنن نسائی اور متعدد دوسرے اکابر محدثین نے اسے نقل کیا ہے، میرے نزدیک وہ اس لئے قابل قبول نہیں ہے کہ اس میں ایک نبی کی طرف جھوٹ کی نسبت ہوتی ہے اور یہ کوئی ایسی معمولی بات نہیں ہے کہ چند راویوں کی روایت پر اسے قبول کر لیا جائے اس معاملے میں میں اس حد تک نہیں جاتا،

وَلَا شَكَّ أَنَّ صَوْنَ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنِ الْكَذِبِ أَوْلَى مِنْ صَوْنِ طَائِفَةٍ مِنَ الْمَجَاهِيلِ عَنِ الْكَذِبِ

جہاں تک امام رازی رحمہ اللہ گئے ہیں وہ تو کہتے ہیں کہ انبیاء کی طرف جھوٹ منسوب کرنے سے بدرجہا بہتر ہے کہ اس روایت کے راویوں کی طرف اسے منسوب کیا جائے۔ [1]

لَمَّا وَقَعَ التَّعَارُضُ بَيْنَ نِسْبَةِ الْكَذِبِ إِلَى الرَّاوِي وَبَيْنَ نِسْبَتِهِ إِلَى الْخَلِيلِ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ مِنَ الْمَعْلُومِ بِالضَّرُورَةِ أَنَّ نِسْبَتَهُ إِلَى الرَّاوِي أَوْلَى،

اور یہ کہ جب نبی اور راویوں میں سے کسی ایک کی طرف جھوٹ کو منسوب کرنا پڑ جائے تو ضروری ہے کہ وہ نبی کے بجائے راوی کی طرف منسوب کیا جائے۔ [2]

میں اس روایت کے ثقہ راویوں میں سے کسی کے متعلق یہ نہیں کہتا کہ انہوں نے جھوٹی روایت نقل کی ہے بلکہ صرف یہ کہتا ہوں کہ کسی نہ کسی مرحلے پر اس کو نقل کرنے میں کسی راوی سے بے احتیاطی ضرور ہوئی ہے اس لئے اسی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا قول قرار دینا مناسب نہیں ہے، محض سند کے اعتماد پر ایک ایسے مضمون کو آنکھیں بند کر کے کیسے مان لیں جس کی زد انبیاء علیہم السلام کے اعتماد پر پڑتی ہے؟ میں ان دلائل سے بے خبر نہیں ہوں جو اس روایت کی حمایت میں اکابر محدثین نے پیش کیے ہیں مگر میں ان کو تشفی بخش نہیں پایا ہے، جہاں تک یہ کام بڑے بت نے کیا ہے اور میں بیمار ہوں کا تعلق ہے ان دونوں کے متعلق تو تمام مفسرین و محدثین اس پر متفق ہیں کہ یہ حقیقتاً جھوٹ کی تعریف میں نہیں آتے، آپ تفسیر کی جس کتاب میں چاہیں ان آیات کی تفسیر نکال کر دیکھ لیں، اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ، عینی رحمہ اللہ، قسطلانی رحمہ اللہ وغیرہ شارحین حدیث کی شرحیں بھی ملاحظہ فرما لیں کسی نے بھی یہ نہیں مانا ہے کہ یہ دونوں قول فی الواقع جھوٹ تھے، رہا بیوی کو بہن قرار دینے کا معاملہ تو یہ ایک ایسی بے ڈھب بات ہے کہ اسے بنانے کے لیے محدثین نے جتنی کوششیں بھی کی ہیں وہ ناکام ہوئی ہیں، تھوڑی دیر کے لئے اس بحث کو جانے دیجئے کہ جس وقت کا یہ واقعہ بیان کیا جاتا ہے اس وقت سارہ رحمہ اللہ کی عمر کم از کم ۶۵ سال تھی اور اس عمر کی خاتون پر کوئی شخص بھی فریفتہ نہیں ہو سکتا (اگرچہ یہ بائبل کی کتاب پیدائش کا بیان ہے کہ مصر کے سفر کے وقت سارہ کی یہ عمر تھی) لیکن قرآن و حدیث سے بھی اس کی تائید نکلتی ہے، ایک طرف حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اسی سفر کے موقع پر مصر کے بادشاہ نے ہاجرہ کو ابراہیم علیہ السلام کی خدمت میں نذر کیا اور ان سے اسماعیل علیہ السلام پیدا ہوئے، دوسری طرف قرآن سے معلوم ہوتا ہے کہ اسماعیل علیہ السلام جب والد ماجد کے ساتھ دوڑنے

---

[1] تفسير الرازي ۱۸/۴۴۳

[2] تفسير الرازي ۲۶/۳۴۲

پھرنے کے قابل ہوگئے تو قربانی کا یادگار واقعہ پیش آیا اور اس سے متصل زمانے ہی میں ابراہیم علیہ السلام کو اسحاق علیہ السلام کی پیدائش کی بشارت دی گئی اور اس بشارت پر سارہ کو سخت اچنبھا ہوا کیونکہ وہ بہت بوڑھی (عجوزہ) تھیں، ان دونوں واقعات کے درمیان زیادہ سے زیادہ بارہ تیرہ سال کا فصل ہو سکتا ہے، اب کیا یہ باور کیا جا سکتا ہے کہ ایک عجوزہ خاتون صرف دس بارہ سال پہلے ایسی حسین نوجوان تھیں کہ مصر کا بادشاہ انہیں چھیننے کے لئے بے چین ہو گیا ہو، سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب بادشاہ سارہ کا حاصل کرنے کے درپے ہوا تو ابراہیم علیہ السلام نے آخر کس مصلحت سے کہا کہ یہ میری بہن ہیں؟ اس صورت حال میں بیوی کو بہن کہہ کر آخر کیا فائدہ حاصل ہو سکتا تھا؟ شارحین حدیث نے اس سوال کے جو جوابات دیے ہیں وہ ملاحظہ ہوں۔

اس بادشاہ کے دین میں یہ بات تھی کہ صرف شوہر والی عورتوں ہی سے تعرض کیا جائے، اس لئے ابراہیم علیہ السلام نے بیوی کو بہن اس امید پر کہا کہ وہ سارہ کو بے شوہر عورت سمجھ کر چھوڑ دے گا۔

ابراہیم علیہ السلام نے بیوی کو بہن اس لئے کہا کہ بادشاہ عورت کو چھوڑنے والا تو ہے نہیں، اب اگر میں یہ کہوں کہ میں اس کا شوہر ہوں تو جان بھی جائے گی اور بیوی بھی، اور اگر بہن کہوں تو صرف بیوی ہی جائے گی جان بچ جائے گی۔

ابراہیم علیہ السلام کو اندیشہ ہوا کہ سارہ کو بیوی بتاؤں گا تو یہ بادشاہ مجھ سے زبردستی طلاق دلوائے گا، اس لئے انہوں نے کہا یہ میری بہن ہے۔

اس بادشاہ کے دین میں یہ بات تھی کہ بھائی اپنی بہن کا شوہر ہونے کے لئے دوسروں کی بہ نسبت زیادہ حق دار ہے، اس لئے ان کو بیوی کو بہن اس امید پر بتایا کہ یہ سارہ کو میرے ہی لئے چھوڑ دے گا۔ [1]

ذرا غور کیجئے کہ ان توجیہات نے بات بنائی ہے یا کچھ اور بگاڑ دی ہے؟ آخر کس تاریخ سے یہ نادر معلومات حاصل ہوئی ہیں کہ دنیا میں کوئی دین ایسا بھی گزرا ہے جس میں بے شوہر عورت کو چھوڑ کر صرف شوہر دار عورت ہی سے تعرض کرنے کا قاعدہ مقرر ہوا؟ اور یہ ایک نبی کی سیرت و شخصیت کا کیسا بلند تصور ہے کہ وہ جان بچانے کے لئے بیوی کی عصمت قربان کرنے پر راضی ہو جائے؟ اور یہ کس قدر معقول بات ہے کہ زبردستی طلاق دلوائے جانے کے اندیشے سے بیوی کو بہن کہہ کر دوسرے کے حوالے کر دیا جائے تا کہ وہ بے طلاق ہی اس سے استفادہ کر لے؟ اور یہ کتنی دل لگتی بات ہے کہ بادشاہ بھائی کو بہن کا شوہر ہونے کے لئے زیادہ حقدار مان لے گا مگر خود شوہر ہونے کے لئے حقدار نہ مانے گا؟

اس طرح کے دلائل سخن سازیوں سے ایک مہمل بات کو ٹھیک بٹھانے کی کوشش کرنے سے کیا یہ مان لینا زیادہ بہتر نہیں ہے کہ نبی ﷺ نے ہرگز یہ بات نہ فرمائی ہوگی اور کسی غلط فہمی کی بنا پر یہ قصہ غلط طریقے سے نقل ہو گیا ہے۔ اور بیوی کو بہن قرار دینے کا واقعہ تو بجائے خود ایسا مہمل ہے کہ ایک شخص اس کو سنتے ہی یہ کہہ دے گا کہ یہ ہرگز واقعہ نہیں ہو سکتا، یہ قصہ اس وقت کا بتایا جاتا ہے جب ابراہیم علیہ السلام اپنی بیوی سارہ کے ساتھ مصر گئے تھے، بائیبل کی رو سے اس وقت ابراہیم علیہ السلام کی عمر ۷۵ برس اور سارہ کی عمر ۶۵ برس سے کچھ زیادہ ہی تھی اور اس عمر میں ابراہیم علیہ السلام کو یہ خوف لاحق ہوتا ہے کہ شاہ مصر اس خوبصورت خاتون کو حاصل کرنے کی خاطر مجھے قتل کر دے گا، چنانچہ وہ بیوی سے کہتے ہیں کہ جب مصری تمہیں پکڑ کر بادشاہ کے پاس لے جانے لگیں تو تم بھی مجھے اپنا بھائی بتانا اور میں بھی تمہیں اپنی بہن بتاؤں

[1] فتح الباري ۶،۳۹۳، عینی ۱۵،۲۴۹، قسطلانی ۵،۲۸۰

گا تا کہ میری جان بچ جائے (پیدائش باب ۱۲) تیسرے جھوٹ کی بنیاد اس صریح لغو اور مہمل اسرائیلی روایت پر ہے۔

معزز قارین قرآن مجید میں فرمایا گیا:

يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ [۱]

ترجمہ: اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ سے ڈرو اور سچے لوگوں کا ساتھ دو۔

لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۸﴾ [۲]

ترجمہ: تا کہ سچے لوگوں سے (ان کا رب) ان کی سچائی کے بارے میں سوال کرے اور کافروں کے لیے تو اس نے دردناک عذاب مہیا کر ہی رکھا ہے۔

لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ ... ﴿۲۴﴾ [۳]

ترجمہ: (یہ سب کچھ اس لیے ہوا) تا کہ اللہ سچوں کو ان کی سچائی کی جزا دے۔

یعنی ایمان کا دار و مدار سچائی پر منحصر ہے اور اللہ تعالیٰ اسی کی ہی جزا عطا فرمائے گا، جب سچائی کی اس قدر اہمیت ہے تو ایک جلیل القدر پیغمبر جنہیں خلیل اللہ کا لقب دیا گیا، جو رب کے حکم سے بولتا ہے بھلا کیسے جھوٹ میں ملوث ہو سکتا ہے، وگرنہ قرآن پاک میں تو ابراہیم علیہ السلام کو صدیق کے لقب سے نوازا گیا ہے۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۬ؕ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿۴۱﴾ [۴]

ترجمہ: اور اس کتاب میں ابراہیمؑ کا قصہ بیان کرو بے شک وہ ایک راست باز انسان اور ایک نبی تھا۔

وَ وَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ ؕ وَ يَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ وَ كُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَ جَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً

اور ہم نے اسے اسحاق عطا فرمایا اور یعقوب اس پر مزید اور ہر ایک کو ہم نے صالح بنایا، اور ہم نے انھیں پیشوا بنا دیا کہ ہمارے

يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَ اِقَامَ الصَّلٰوةِ

حکم سے لوگوں کی رہبری کریں اور ہم نے ان کی طرف نیک کاموں کے کرنے اور نمازوں کے قائم رکھنے

وَ اِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَ كَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ﴿۷۳﴾ وَ لُوْطًا اٰتَيْنٰهُ

اور زکوۃ دینے کی وحی (تلقین) کی، اور وہ سب ہمارے عبادت گزار بندے تھے، ہم نے لوط (علیہ السلام) کو بھی

---

[۱] التوبة ۱۱۹

[۲] الاحزاب ۸

[۳] الاحزاب ۲۴

[۴] مریم ۴۱

حُكْمًا وَّ عِلْمًا وَّ نَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ

حکم اور علم دیا اور اسے اس بستی سے نجات دی جہاں لوگ گندے کاموں میں مبتلا تھے، اور تھے بھی وہ بدترین گنہگار،

فٰسِقِيْنَ ﴿۷۴﴾ ۙ وَ اَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۷۵﴾ (الانبیائ ۷۴ تا ۷۵)

اور ہم نے لوط (علیہ السلام) کو اپنی رحمت میں داخل کر لیا بیشک وہ نیکو کار لوگوں میں سے تھا۔

ابراہیم علیہ السلام نے دوران ہجرت دعا کی تھی۔

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ [۱]

ترجمہ: اے پروردگار! مجھے ایک بیٹا عطا کر جو صالحوں میں سے ہو۔

فرمایا ہم نے دعا کو شرف قبولیت بخشا اور اسے اسماعیل عطا کر دیا، اس کے بعد بغیر دعا کے ہم نے اسے بڑھاپے میں بانجھ بیوی سے ایک اور بیٹا اسحاق علیہ السلام اور پوتا یعقوب علیہ السلام عطا کیا، جیسے فرمایا:

فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ﴿۷۱﴾ [۲]

ترجمہ: پھر ہم نے اس کو اسحاق علیہ السلام کی اور اسحاق علیہ السلام کے بعد یعقوب کی خوشخبری دی۔

اور سب کو نیکو کار بنایا اور نبوت سے سرفراز کر کے دنیا کا مقتدا اور پیشوا بنا دیا جو اللہ کے حکم سے خلق خدا کو دعوت اسلام پیش کرتے تھے اور ہم نے انہیں بذریعہ وحی نیک کاموں کی اور حقوق اللہ میں نماز قائم کرنے اور حقوق العباد میں زکوٰۃ دینے کی ہدایت کی تھی، چنانچہ یہ دونوں افضل کام وہ خود بھی سرانجام دیتے تھے اور لوگوں کو بھی اس کی تلقین کرتے تھے، اور وہ ہمارے عبادت گزار بندے تھے، اور لوط علیہ السلام کو ہم نے نبوت سے سرفراز کیا اور اسے عمورہ، سدوم اور آس پاس کی بستیوں کی طرف بھیجا جو فلسطین کے بحیرہ مردار سے متصل بجانب اردن ایک شاداب علاقہ تھا، یہ قوم عمل لواطت جیسے قبیح فعل میں مبتلا تھی، لوطؑ نے انہیں دعوت توحید کے ساتھ اس بدکاری اور فواحش سے روکنے کی ہر ممکن کوشش کی مگر قوم کسی طرح بھی راہ راست پر آنے کو تیار نہ ہوئی، چنانچہ ایک دن صبح کے وقت اللہ نے ان پر اپنا دردناک عذاب نازل کر دیا، ان کی بستیوں کو تلپٹ کر دیا گیا اور ان پر پکی ہوئی مٹی کے نشان زدہ پتھروں کی بارش برسائی گئی، جیسے فرمایا:

فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ مَّنْضُوْدٍ ﴿۸۲﴾ [۳]

ترجمہ: پھر جب ہمارے فیصلے کا وقت آپہنچا تو ہم نے اس بستی کو تلپٹ کر دیا اور اس پر پکی ہوئی مٹی کے پتھر تابڑ توڑ برسائے۔

فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿۷۴﴾ [۴]

ترجمہ: اور ہم نے اس بستی کو تلپٹ کر کے رکھ دیا اور ان پر پکی ہوئی مٹی کے پتھروں کی بارش برسادی۔

اور عذاب سے قبل لوط علیہ السلام اور ان کے متبعین کو راتوں رات اس بستی سے بچا کر نکال دیا اور پوری قوم کو نشانہ عبرت بنا دیا، درحقیقت وہ بڑی ہی

[۱] الصافات ۱۰۰

[۲] ھود ۷۱

[۳] ھود ۸۲

[۴] الحجر ۷۴

بری فاسق قوم تھی، اور لوط علیہ السلام کو ہم نے اپنی رحمت میں داخل کیا، صالحیت کے اعتبار سے انبیاء کرام سب سے بڑے لوگ ہیں، اس لئے صالحیت کے ساتھ ان کا وصف بیان فرمایا کہ وہ صالح لوگوں میں سے تھا، سلیمان علیہ السلام نے بھی دعا مانگی تھی۔

...وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۹﴾ [۱]

ترجمہ: اور اپنی رحمت سے مجھ کو اپنے صالح بندوں میں داخل کر۔

وَ نُوْحًا اِذْ نَادٰی مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّیْنٰهُ وَ اَهْلَهٗ

نوح کے اس وقت کو یاد کیجئے جبکہ اس نے اس سے پہلے دعا کی، ہم نے اس کی دعا قبول فرمائی اور اسے اور اس کے گھر والوں

مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِیْمِ ﴿۷۶﴾ وَ نَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ

کو بڑے کرب سے نجات دی، اور جو لوگ ہماری آیتوں کو جھٹلاتے رہے تھے ان کے مقابلے میں ہم نے اس کی مدد کی،

سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۷۷﴾ (الانبیائ۷۶،۷۷)

یقیناً وہ برے لوگ تھے پس ہم نے ان سب کو ڈبو دیا۔

نوح علیہ السلام کی دعا:

اور نوح علیہ السلام کو ہم نے نبوت سے سرفراز کیا تھا، یاد کرو جبکہ ابراہیم علیہ السلام اور لوط علیہ السلام سے پہلے نوح علیہ السلام نے ساڑھے نو سو سال تک قوم کو شب و روز کھلے اور چھپے دعوت اسلام پیش کی مگر قوم نے ان کا اور اہل ایمان کا مذاق اڑایا اور دعوت حق قبول کرنے سے انکار کر دیا ، آخر کار قوم سے مایوس ہو کر اس نے ہمیں پکارا تھا۔

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿۱۰﴾ [۲]

ترجمہ: آخر کار اس نے اپنے رب کو پکارا کہ میں مغلوب ہو چکا اب تو ان سے انتقام لے۔

قَالَ رَبِّ اِنَّ قَوْمِیْ كَذَّبُوْنِ ۚۖ ﴿۱۱۷﴾ فَافْتَحْ بَیْنِیْ وَبَیْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِیْ وَمَنْ مَّعِیَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۱۸﴾ [۳]

ترجمہ: نوح علیہ السلام نے دعا کی اے میرے رب! میری قوم نے مجھے جھٹلا دیا اب میرے اور ان کے درمیان دوٹوک فیصلہ کر دے اور مجھے اور جو مومن میرے ساتھ ہیں ان کو نجات دے۔

ایک مقام پر تفصیل سے دعا بیان فرمائی۔

وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ دَیَّارًا ﴿۲۶﴾ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ یُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا یَلِدُوْۤا اِلَّا

---

[۱] النمل۱۹

[۲] القمر۱۰

[۳] الشعرآء ۱۱۷، ۱۱۸

فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿٢٧﴾ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿٢٨﴾ [1]

ترجمہ: اور نوح علیہ السلام نے کہا میرے رب! ان کافروں میں سے کوئی زمین پر بسنے والا نہ چھوڑ اگر تو نے ان کو چھوڑ دیا تو یہ تیرے بندوں کو گمراہ کریں گے اور انکی نسل سے جو بھی پیدا ہو گا بدکار اور سخت کافر ہی ہو گا، میرے رب! مجھے اور میرے والدین کو اور ہر اس شخص کو جو میرے گھر میں مومن کی حیثیت سے داخل ہوا ہے، اور سب مومن مردوں اور عورتوں کو معاف فرما دے اور ظالموں کے لیے ہلاکت کے سوا کسی چیز میں اضافہ نہ کر۔

ہم نے اس کی دعا کو قبولیت کا شرف بخشا اور اسے، اس کے گھر والوں اور اہل ایمان کو کشتی کے ذریعہ طوفان عظیم سے نجات دی اور اس قوم کی مشرک قوم کے مقابلے میں اس کی مدد کی جس نے ہماری آیات کو جھٹلا دیا تھا، وہ بڑے برے لوگ تھے پس ہم نے ان سب کو غرق کر کے ان کے انجام تک پہنچا دیا۔

وَ دَاوٗدَ وَ سُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ

اور داؤد اور سلیمان (علیہما السلام) کو یاد کیجئے جبکہ وہ کھیت کے معاملہ میں فیصلہ کر رہے تھے کہ کچھ لوگوں کی بکریاں رات

وَ كُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ﴿٧٨﴾ فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَ كُلًّا اٰتَيْنَا

کو اس میں چر چگ گئی تھیں اور ان کے فیصلے میں ہم موجود تھے، ہم نے اس کا صحیح فیصلہ سلیمان کو سمجھا دیا، ہاں ہر ایک کو ہم نے

حُكْمًا وَّ عِلْمًا ۫ وَّ سَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَ الطَّيْرَ ؕ وَ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿٧٩﴾

حکم و علم دے رکھا تھا اور داؤد کے تابع ہم نے پہاڑ کر دیئے تھے جو تسبیح کرتے تھے اور پرند بھی، ہم کرنے والے ہی تھے،

وَ عَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿٨٠﴾

ہم نے اسے تمہارے لیے لباس بنانے کی کاریگری سکھائی تا کہ لڑائی کی ضرر سے تمہارا بچاؤ ہو، کیا تم شکر گزار بنو گے؟

وَ لِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖۤ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا

ہم نے تند و تیز ہوا کو سلیمان (علیہ السلام) کے تابع کر دیا جو اس کے فرمان سے اس زمین کی طرف چلتی ہے جہاں ہم نے برکت

فِيْهَا ؕ وَ كُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿٨١﴾ وَ مِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ

دے رکھی تھی اور ہم ہر چیز سے باخبر اور دانا ہیں، اسی طرح سے بہت سے شیاطین بھی ہم نے اس کے تابع کئے تھے

[1] نوح ۲۶تا۲۸

وَ يَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَ كُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۲﴾ (الانبیائ۸۷تا۸۲)

جو اس کے فرمان سے غوتے لگاتے تھے اور اس کے سوا بھی بہت سے کام کرتے تھے ،ان کے نگہبان ہم ہی تھے۔

اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! آپ سے پہلے ہم نے داود عَلَیْہِ السَّلَام اور سلیمان عَلَیْہِ السَّلَام کو بھی نبوت سے سرفراز کیا تھا، فرمایا یاد کرو وہ موقع جبکہ وہ دونوں ایک کھیت کے مقدمے میں فیصلہ کر رہے تھے جس میں رات کے وقت دوسرے لوگوں کی بکریاں داخل ہو کر کھیتی چگ گئیں،

عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ: كَانَ ذَلِكَ الْحَرْثُ كَرْمًا قَدْ نَبَتَتْ عَنَاقِيدُهُ

عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے روایت ہے کہ یہاں جس کھتی کاذکر ہے اس سے مراد انگوروں کی کھیتی ہے جس کے خوشے بہت ہی جھکے ہوئے تھے۔[1]

داود عَلَیْہِ السَّلَام جو پیغمبر ہونے کے ساتھ حکمران بھی تھے نے فیصلہ دیا کہ بکریاں کھیت والا لے لے تاکہ اس کے نقصان کی تلافی ہوجائے اور ہم ان کی عدالت خود دیکھ رہے تھے،اس وقت ہم نے صحیح فیصلہ سلیمان عَلَیْہِ السَّلَام کو سمجھا دیا حالاں کہ علم وحکمت ہم نے دونوں ہی کو عطا کیا تھا،

فَقَالَ: لَوْ وَلِيتُ أَمْرَكُمْ لقضيتُ بِغَيْرِ هَذَا! قَالَ:أَدْفَعُ الْغَنَمَ إِلَى صَاحِبِ الْحَرْثِ، فَيَكُونُ لَهُ أَوْلَادُهَا وَأَلْبَانُهَا وَسِلَاؤُهَا وَمَنَافِعُهَا، وَيَبْذُرُ أَصْحَابُ الْغَنَمِ لِأَهْلِ الْحَرْثِ مِثْلَ حَرْثِهِمْ، فَإِذَا بَلَغَ الْحَرْثُ الَّذِي كَانَ عَلَيْهِ، أخذه أصحاب الْحَرْثَ وَرَدُّوا الْغَنَمَ إِلَى أَصْحَابِهَا

سلیمان عَلَیْہِ السَّلَام نے داود عَلَیْہِ السَّلَام کے فیصلہ پر عرض کیا اس فیصلہ کے سوا بھی فیصلے کی کوئی صورت ہے،داود عَلَیْہِ السَّلَام نے فرمایا وہ کیا ہے؟سلیمان عَلَیْہِ السَّلَام نے عرض کیا بکریاں کچھ عرصے کے لئے کھیتی کے مالک کو دے دی جائیں اور وہ ان سے انتفاع کرے اور کھیتی بکری والے کے سپرد کر دی جائے تاکہ وہ کھیتی کی آب پاشی اور دیکھ بھال کر کے اسے صحیح کرے،جب وہ اس حالت میں آجائے جو بکریوں کے چرنے سے پہلے تھی تو کھیتی، کھیتی والے کو اور بکریاں، بکری والے کو واپس کر دی جائیں۔[2]

کیونکہ داود عَلَیْہِ السَّلَام کے فیصلے کے مقابلے میں سلیمان عَلَیْہِ السَّلَام کا فیصلہ اس لحاظ سے زیادہ بہتر تھا کہ اس میں کسی کو بھی اپنی چیز سے محروم نہیں ہونا پڑا، جبکہ پہلے فیصلے میں بکری والے اپنی بکریوں سے محروم کر دیئے گئے تھے اس لئے تسلیم کر لیا گیا،اسی طرح ایک اور فیصلہ بھی ہوا

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " كَانَتِ امْرَأَتَانِ مَعَهُمَا ابْنَاهُمَا، جَاءَ الذِّئْبُ فَذَهَبَ بِابْنِ إِحْدَاهُمَا، فَقَالَتْ لِصَاحِبَتِهَا: إِنَّمَا ذَهَبَ بِابْنِكِ، وَقَالَتِ الأُخْرَى: إِنَّمَا ذَهَبَ بِابْنِكِ، فَتَحَاكَمَتَا إِلَى دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَقَضَى بِهِ لِلْكُبْرَى، فَخَرَجَتَا عَلَى سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ فَأَخْبَرَتَاهُ، فَقَالَ: ائْتُونِي بِالسِّكِّينِ أَشُقُّهُ بَيْنَهُمَا، فَقَالَتِ الصُّغْرَى: لاَ تَفْعَلْ يَرْحَمُكَ اللَّهُ هُوَ ابْنُهَا فَقَضَى بِهِ لِلصُّغْرَى

ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا ایک دفعہ ایسا ہوا کہ دوعورتیں جنگل کی طرف اپنے چھوٹے لڑکوں کے ہمراہ جا رہی تھیں اتنے میں جنگل سے ایک خونخوار بھیڑیا نکل آیا اور ایک لڑکے کو اٹھا کر لے گیا دونوں عورتوں نے آپس میں جھگڑا کھڑا کر دیا اور

---

[1] تفسیرالبغوی۲۹۸؍۳، تفسیر طبری ۴۷۴؍۱۸

[2] تفسیرطبری۴۷۶؍۱۸

ہر عورت دوسری سے کہنے لگی کہ بھیڑ یا تمہارے لڑکے کو اٹھا کر لے گیا ہے اور یہ لڑکا میرا ہے، جب جھگڑا طول پکڑ گیا تو یہ عجیب وغریب مقدمہ بادشاہ وقت اور نبی اللہ داؤد علیہ السلام کی عدالت میں پیش ہوا، داؤد علیہ السلام نے مقدمہ کی ساری روداد کو توجہ سے سن کر اپنا فیصلہ سنایا کہ لڑکا کم عمر والی عورت کے بجائے بڑی عمر والی عورت کے حوالے کر دیا جائے، فیصلہ سن کر دونوں عورتیں عدالت سے باہر آ گئیں تو ان کی ملاقات سلیمان علیہ السلام سے ہو گئی، سلیمان علیہ السلام کے استفسار پر دونوں عورتوں نے جھگڑے کی تمام روداد اور داؤد علیہ السلام کی عدالت کا فیصلہ آپ علیہ السلام کے گوش گزار کر دیا، سلیمان علیہ السلام معاملہ کی تہہ میں پہنچ گئے کہ لڑکا اس بڑی عورت کا نہیں ہے، انہوں صحیح فیصلے کے لئے ممتا کی آزمائش کا طریقہ اختیار فرمایا کہ جس عورت کا یہ بچہ ہو گا وہ اپنی ممتا کے ہاتھوں مجبور ہو کر اسے ہلاک نہیں ہونے دے گی، اس لئے سلیمان علیہ السلام نے غلاموں کو حکم فرمایا کہ جلدی سے تیز چھری لاؤ تا کہ میں اس لڑکے کے دو ٹکڑے کر کے ان دونوں میں ایک ایک ٹکڑا تقسیم کر دوں تا کہ یہ دونوں عورتیں اس لڑکے کا ایک ایک ٹکڑا لے کر گھروں کو واپس جائیں، سلیمان علیہ السلام کی اس کاروائی کا سن کر چھوٹی عمر کی عورت کی ممتا چیخ اٹھی اور وہ جلدی سے بول اٹھی اے سلیمان علیہ السلام! اللہ تعالیٰ آپ پر رحم کرے، ایسا نہ کیجئے، بیشک یہ لڑکا میرا نہیں بلکہ اس عورت کا ہی ہے، یہ سن کر سلیمان علیہ السلام نے اپنا فیصلہ چھوٹی عمر والی عورت کے حق میں کر دیا۔[1]

تورات کی تکمیل کے لئے داود علیہ السلام پر زبور نازل ہو چکی تھی جو رب کی حمد وستائش سے معمور تھی، داود علیہ السلام سب سے زیادہ عبادت گزار اور سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کا ذکر اور تسبیح وتمجید کرنے والے تھے اور اللہ تعالیٰ نے داود علیہ السلام پر زبور کا پڑھنا آسان کر دیا تھا،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ خُفِّفَ عَلَى دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ القُرْآنُ، فَكَانَ يَأْمُرُ بِدَوَابِّهِ فَتُسْرَجُ، فَيَقْرَأُ القُرْآنَ قَبْلَ أَنْ تُسْرَجَ دَوَابُّهُ، وَلاَ يَأْكُلُ إِلَّا مِنْ عَمَلِ يَدِهِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا داود علیہ السلام پر زبور کی تلاوت آسان کر دی گئی تھی وہ اپنے چوپائیوں کے بارے میں حکم دیتے کہ ان پر زین کسی جائے، چوپائیوں پر زین کسنے سے پہلے ہی وہ تمام زبور کی تلاوت سے فارغ ہو جاتے اور آپ صرف اپنے ہاتھوں کی کمائی کھاتے تھے۔[2]

اللہ تعالیٰ کی ہر مخلوق اپنے خالق ومالک ہی کی تسبیح کرتی ہے چاہے وہ پہاڑ، پرندے، درندے، اور زمین وآسمان ہوں اللہ تعالیٰ نے پہاڑوں اور پرندوں کو داؤد علیہ السلام کے لئے مسخر کر دیا تھا، جب آپ صبح وشام اللہ تعالیٰ کی تسبیح اور حمد وثنا بیان کرتے تو ٹھوس پتھر، گونگے پرندے اور بے شعور جانور بھی اللہ قادر مطلق کے حکم سے مجازاً نہیں حقیقتاً داود علیہ السلام کی تسبیح کے ساتھ تسبیح پڑھتے، جیسے فرمایا

اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ۝۱۸ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ۭ كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ۝۱۹ [3]

---

[1] مسند احمد۸۲۸۰، صحیح بخاری کتاب احادیث الانبیاء بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى وَوَهَبْنَا لِدَاوُدَ سُلَيْمَانَ نِعْمَ العَبْدُ إِنَّهُ أَوَّابٌ ۳۴۲۷، وكِتَابُ الفَرَائِضِ بَابُ إِذَا ادَّعَتِ المَرْأَةُ ابْنًا ۶۷۶۹،صحیح مسلم کتاب الاقضیۃ بَابُ بَيَانِ اخْتِلَافِ الْمُجْتَهِدِينَ عن ابی ہریرہ ۴۴۹۵

[2] صحیح بخاری کتاب الانبیائ بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى وَآتَيْنَا دَاوُدَ زَبُورًا ۳۴۱۷

[3] ص۱۸،۱۹

ترجمہ: ہم نے اس کے ساتھ پہاڑوں کو مسخر کر دیا تھا کہ صبح و شام وہ اس کے ساتھ تسبیح کرتے تھے پرندے سمٹ آتے سب کے سب اس کی تسبیح کی طرف متوجہ ہو جاتے تھے۔

ایک مقام پر فرمایا

۔۔۔یٰجِبَالُ اَوِّبِیْ مَعَهٗ وَالطَّیْرَ۔۔۔ ﴿۱۰﴾ [۱]

ترجمہ: (ہم نے حکم دیا کہ) اے پہاڑو! اس کے ساتھ ہم آہنگی کرو (اور یہی حکم ہم نے) پرندوں کو دیا۔

ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ غیر معمولی طور پر خوش الحان بزرگ تھے،

عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ صَوْتَ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ وَهُوَ يَقْرَأُ، فَقَالَ:لَقَدْ أُوتِيَ أَبُو مُوسَى مِنْ مَزَامِيرِ آلِ دَاوُدَ فَقَالَ: لَوْ عَلِمْتُ لَحَبَّرْتُهُ لَكَ تَحْبِيرًا

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے ایک رات ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ تلاوت قرآن کر رہے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ادھر سے گزرے تو ان کی میٹھی، رسیلی آواز سن کر ٹھہر گئے اور دیر تک سنتے رہے جب وہ ختم کر چکے تو فرمایا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو داؤد علیہ السلام کی خوش الحانی کا ایک حصہ ملا ہے، عرض کی اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! اگر مجھے یہ معلوم ہوتا کہ آپ میری تلاوت کی سماعت فرما رہے ہیں تو میں خوب بنا سنوار کر تلاوت کرتا۔ [۲]

خط کشیدہ الفاظ السنن الکبری للبیہقی میں ہیں۔

اللہ قادر مطلق ہے، اپنی سلطنت میں وہ جو چاہے تدبیر کرے کوئی اس کی تدبیر کو روک نہیں سکتا، جیسے فرمایا

۔۔۔اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ۔۔۔ ﴿۵۴﴾ [۳]

ترجمہ: خبردار رہو! اسی کی خلق ہے اور اسی کا امر ہے۔

اور داؤد علیہ السلام کے ساتھ پہاڑوں اور پرندوں کی تسخیر بھی اللہ کی مشیت اور حکم سے ہی تھی، اور اللہ نے داؤد علیہ السلام کے لئے لوہے کو نرم کر دیا تھا اور انہیں تمہارے فائدے کے لئے جنگی لباس اور کنڈے دار اور ٹھیک انداز سے حلقے والی زرہ بنانے کی صنعت سکھا دی تھی جو میدان جنگ میں تمہاری حفاظت کا ذریعہ ہیں، جیسے فرمایا

۔۔۔وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِیْدَ ﴿۱۰﴾ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِی السَّرْدِ۔۔۔ ﴿۱۱﴾ [۴]

ترجمہ: ہم نے لوہے کو اس کے لئے نرم کر دیا اس ہدایت کے ساتھ کہ زرہیں بنا اور ان کے حلقے ٹھیک اندازے پر رکھ۔

پھر کیا تم اللہ کی نعمتوں پر شکر گزار ہو جو اس نے اپنے بندے داؤد علیہ السلام کے توسط سے تمہیں عطا کی؟ جیسے فرمایا:

---

[۱] سبا ۱۰

[۲] صحیح بخاری کتاب فضائل القرآن بَابُ اسْتِحْبَابِ تَحْسِينِ الصَّوْتِ بِالْقُرْآنِ ۵۰۴۸،صحیح مسلم کتاب فضائل القرآن بَابُ اسْتِحْبَابِ تَحْسِينِ الصَّوْتِ بِالْقُرْآنِ ۱۸۵۲، مسند احمد ۹۸۰۶،السنن الکبری للبیہقی ۴۷۰۸

[۳] الاعراف ۵۴

[۴] سبا ۱۱،۱۰

...وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَأْسَكُمْ ... ﴿٨١﴾ [1]

ترجمہ: اور تمہیں ایسی پوشاکیں بخشیں جو تمہیں گرمی سے بچاتی ہیں اور کچھ دوسری پوشاکیں جو آپس کی جنگ میں تمہاری حفاظت کرتی ہیں۔

اور سلیمان علیہ السلام کے لئے ہم نے تیز ہوا کو مسخر کر دیا تھا جو اس کے حکم سے سرزمین شام و فلسطین کی طرف چلتی تھی جس میں ہم نے برکتیں رکھی ہیں، چنانچہ سلیمان علیہ السلام اپنے تخت پر بیٹھ جاتے پھر جہاں جانا چاہتے ہوا آپ کو گھڑی بھر میں پہنچا دیتی، جیسے فرمایا:

فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَيْثُ اَصَابَ ﴿٣٦﴾ [2]

ترجمہ: ہم نے اس کے لئے ہوا کو مسخر کر دیا جو اس کے حکم سے نرمی کے ساتھ چلتی تھی جدھر وہ چاہتا تھا۔

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ... ﴿١٢﴾ [3]

ترجمہ: اور سلیمان کے لئے ہم نے ہوا کو مسخر کر دیا، صبح کے وقت اس کا چلنا ایک مہینے کی راہ تک اور شام کے وقت اس کا چلنا ایک مہینے کی راہ تک۔

ہم ہر چیز کا علم رکھنے والے تھے، اور شیاطین میں سے ہم نے ایسے بہت سوں کو اس کا تابع بنا دیا تھا وہ سلیمان علیہ السلام کے حکم سے موتی و جواہر نکالنے کے لئے سمندروں میں غوطے لگاتے اور اس کے سوا دوسرے کام کرتے تھے، جیسے فرمایا

... وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۭ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿١٢﴾ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ۭ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ۭ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ﴿١٣﴾ [4]

ترجمہ: اور ایسے جن اس کے تابع کر دیے جو اپنے رب کے حکم سے اس کے آگے کام کرتے تھے، ان میں سے جو ہمارے حکم سے سرتابی کرتا اس کو ہم بھڑکتی ہوئی آگ کا مزہ چکھاتے، وہ اس کے لئے بناتے تھے جو کچھ وہ چاہتا، اونچی عمارتیں، تصویریں، بڑے بڑے حوض جیسے لگن اور اپنی جگہ سے نہ ہٹنے والی دیگیں۔

ایک مقام پر فرمایا

وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ﴿٣٧﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿٣٨﴾ [5]

ترجمہ: اور شیاطین کو مسخر کر دیا اور دوسرے جو پابند سلاسل تھے۔

جو اپنی فطری سرکشی و فساد کے باوجود سلیمان علیہ السلام کے آگے سرتابی کی مجال نہیں رکھتے تھے۔

---

[1] النحل ٨١

[2] ص ٣٦

[3] سبا ١٢

[4] سبا ١٣، ١٢

[5] ص ٣٨، ٣٧

وَ اَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ

ایوب (علیہ السلام) کی اس حالت کو یاد کرو جبکہ اس نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ مجھے یہ بیماری لگ گئی ہے اور تو

اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۸۳﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّ اٰتَیْنٰهُ اَهْلَهٗ

رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے، تو ہم نے اس کی سن لی اور جو دکھ انھیں تھا اسے دور کر دیا اور اس کو اہل وعیال

وَ مِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَ ذِكْرٰى لِلْعٰبِدِیْنَ ﴿۸۴﴾ وَ اِسْمٰعِیْلَ

عطا فرمائے بلکہ ان کے ساتھ ویسے ہی اور، اپنی خاص مہربانی سے تاکہ سچے بندوں کے لیے سبب نصیحت ہو، اور اسماعیل

وَ اِدْرِیْسَ وَ ذَا الْكِفْلِ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِیْنَ ﴿۸۵﴾ وَ اَدْخَلْنٰهُمْ فِیْ رَحْمَتِنَا ؕ

اور ادریس اور ذوالکفل (علیہم السلام) یہ سب صابر لوگ تھے، ہم نے انھیں اپنی رحمت میں داخل کرلیا

اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۸۶﴾ (الانبیائ ۸۳تا۸۶)

یہ سب لوگ نیک تھے۔

آزمائش ایوب علیہ السلام:

اور یہی ہوشمندی اور حکم وعلم کی نعمت ہم نے ایوب کو دی تھی، ہم نے انہیں آزمائش میں مبتلا کیا جس سے ان کے جانور، کھیتیاں، باغات ،بیویاں، لونڈیاں، غلام اور مال ومتاع وغیرہ سب کچھ ختم ہوگیا ان مصائب میں ان کی زبان سے ہمیشہ کلمہ شکر ورضا کے سوا کچھ نہ نکلا، اللہ تعالیٰ نے آزمائش کے طور پر شیطان رجیم کو آپ پر مسلط کر دیا، شیطان نے آپ کے جسم پر پھونک ماری جس سے جسم میں جذام پھوٹ پڑا جس پر انہوں نے شہر کے ایک ویران کونے میں اپنی ایک بیوی کے ساتھ سکونت اختیار کر لی جو ان کی دیکھ بھال کے ساتھ ساتھ رزق کے لئے محنت مزدوری بھی کرتی تھیں مگر ان بدترین حالات میں ایوب علیہ السلام نے صبروشکر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا،

عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَيُّ النَّاسِ أَشَدُّ بَلاءً؟(فَقَالَ: أَشَدُّ النَّاسِ بَلَاءً الْأَنْبِيَاءُ) ثُمَّ الصَّالِحُونَ، ثُمَّ الْأَمْثَلُ، فَالْأَمْثَلُ مِنَ النَّاسِ، يُبْتَلَى الرَّجُلُ عَلَى(قَدْرِ) دِينِهِ، فَإِنْ كَانَ فِي دِينِهِ صَلَابَةٌ زِيدَ فِي بَلَائِهِ

مصعب رضی اللہ عنہ بن سعد سے مروی ہے میں نے عرض کی اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! سب سے زیادہ آزمائش کن لوگوں کی ہوتی ہیں؟ فرمایا لوگوں میں سب سے زیادہ آزمائش انبیائے کرام پر آتی ہیں، پھر نیک لوگوں پر اور پھر ان لوگوں پر جو درجہ بدرجہ ان کے زیادہ قریب ہوں، آدمی کی آزمائش اس کے دین کے بقدر کی جاتی ہے، اگر اس کے دین میں پختگی ہو تو آزمائش میں اور اضافہ کر دیا جاتا ہے۔[1]

خط کشیدہ الفاظ المعجم الکبیر للطبرانی میں ہیں۔

---

[1] المعجم الکبیر للطبرانی ۷۲۹، مسند احمد ۱۴۸۱

چنانچہ ایک لمبے عرصہ کے بعد جب ایوب علیہ السلام نے اپنے رب کو پکارا تو کوئی شکوہ یا شکایت نہیں کی بلکہ عرض کیا کہ اے میرے رب! مجھے بیماری لگ گئی ہے اور تو ارحم الرحمین ہے، ایک مقام پر فرمایا

وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ۝۴۱ [1]

ترجمہ: اور ہمارے بندے ایوب کا ذکر کر وجب اس نے اپنے رب کو پکارا کہ شیطان نے مجھے تکلیف اور عذاب میں ڈال دیا ہے۔

آغاز میں انبیاء کو کیسی ہی آزمائشوں سے سابقہ پڑا ہو مگر آخر کار انبیاء کی دعائیں معجزانہ شان کے ساتھ پوری ہوتی رہی ہیں، اللہ تعالیٰ ہمیشہ غیر معمولی طور پر نبیوں کی مدد کرتا رہا ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ایوب علیہ السلام کی دعا کو شرف قبولیت بخشا اور حکم دیا اے ایوب علیہ السلام! اپنا پاؤں زمین پر مار، تعمیل حکم میں جیسے ہی انہوں نے اپنا پاؤں زمین پر مارا زمین سے ٹھنڈے اور میٹھے پانی کا ایک چشمہ ابلنے لگا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے ایوب علیہ السلام! اس پانی کو پیو اور اس سے نہاؤ، جیسے فرمایا:

اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ۝۴۲ [2]

ترجمہ: (ہم نے اسے حکم دیا) اپنا پاؤں زمین پر مار، یہ ہے ٹھنڈا پانی نہانے کے لئے اور پینے کے لئے۔

چنانچہ تعمیل حکم میں انہوں نے پانی پیا اور نہائے جس سے فوراً ہی تمام اندرونی بیماریاں اور غسل کرنے سے تمام ظاہری بیماریاں دور ہو گئیں اس طرح اللہ تعالیٰ نے انہیں شفا کاملہ عطاء فرمائی ان کے اہل وعیال ان کو واپس لوٹا دیئے اور اپنی رحمت وکرم وفضل سے اتنے ہی اور عطاء فرمائے تاکہ اہل دانش کے لئے ایک سبق ہو کہ رب کے خزانوں میں کچھ کمی نہیں مگر وہ اپنے بندوں کو آزمانے کے لئے ضرورت سے زائد دے دیتا ہے کہ اس کا بندہ اس کا شکر گزار بنتا ہے یا یہ کہتا ہے کہ یہ سب مال ودولت اس کی تدبیر اور محنت کی وجہ سے ہے، اور کبھی مال واولاد دے کر واپس لے لیتا ہے کہ اب میرا بندہ صبر وشکر کرتا ہے یا آہ وفغاں میں مبتلا ہو جاتا ہے، اس لئے ہر حال میں صبر شکر کرنا چاہیے۔ اور پھر انہیں صرف اس کے اہل وعیال ہی نہیں دیے بلکہ اپنی خاص رحمت کے طور پر دوگنا عطا فرمائے اور اس لئے کہ یہ عبادت گزاروں کے لئے ایک سبق ہو، جیسے فرمایا:

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ۝۴۳ [3]

ترجمہ: ہم نے اسے اس کے اہل وعیال واپس دیے اور ان کے ساتھ اتنے ہی اور اپنی طرف سے رحمت کے طور پر اور عقل وفکر رکھنے والوں کے لئے درس کے طور پر۔

اور ان کی ان الفاظ میں مدح فرمائی۔

---

[1] ص ۴۱

[2] ص ۴۲

[3] ص ۴۳

إِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ۚ نِعْمَ الْعَبْدُ ۖ إِنَّهٗٓ أَوَّابٌ ﴿٤٤﴾ [1]

ترجمہ: ہم نے اسے صابر پایا، بہترین بندہ اپنے رب کی طرف رجوع کرنے والا۔

رب کریم ہی تمام کائنات کا خالق و مالک ہے، ہر طرح کی بادشاہی اسی کو زیب دیتی ہے اس کے خزانوں میں کچھ کمی نہیں وہ چاہے تو زمین اور پہاڑ سونے چاندی کے بنا دے اور درختوں پر پھلوں کے بجائے ہیرے و جواہرات اگا دے وہ اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہے بے اندازہ بخش دے اور جس کو چاہے محتاج بنا دے سب اسی کی ہی مصلحتیں ہیں وہ بہتر جانتا ہے کہ کس کو کیا اور کس قدر دینا ہے اور کس سے روک لینا ہے، کوئی اس کو روک وٹوک نہیں سکتا، کوئی مخلوق اس کی رحمت سے مستغنی نہیں، وہ ایسے ایسے راستوں سے اپنے بندوں کو نوازتا ہے جس کا وہم وگمان بھی نہیں کیا جا سکتا، جیسے فرمایا

وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ... ﴿٣﴾ [2]

ترجمہ: اور اسے ایسے راستے سے رزق دے گا جدھر اس کا گمان بھی نہ جاتا ہو، جو اللہ پر بھروسہ کرے اس کے لیے وہ کافی ہے۔

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:بَيْنَا أَيُّوبُ يَغْتَسِلُ عُرْيَانًا فَخَرَّ عَلَيْهِ جَرَادٌ مِنْ ذَهَبٍ فَجَعَلَ أَيُّوبُ يَحْتَثِي فِي ثَوْبِهِ، فَنَادَاهُ رَبُّهُ: يَا أَيُّوبُ، أَلَمْ أَكُنْ أَغْنَيْتُكَ عَمَّا تَرَى؟قَالَ: بَلَى وَعِزَّتِكَ، وَلَكِنْ لاَ غِنَى بِي عَنْ بَرَكَتِكَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک مرتبہ ایوب علیہ السلام برہنہ جسم غسل کر رہے تھے، ان پر اوپر سے سونے کی مکڑیاں گرنے لگیں تو ایوب علیہ السلام مکڑیوں کو سمیت سمیٹ کر اپنے کپڑے میں ڈالنے لگے، ایوب علیہ السلام کو ان کے پروردگار نے آواز دی اور فرمایا اے ایوب! جو چیز آپ دیکھ رہے ہیں کیا اس سے ہم نے آپ کو مستغنی نہیں کر دیا؟ انہوں نے کہا کیوں نہیں تیری عزت کی قسم! لیکن تیری نعمت کی برکات سے مستغنی نہیں ہوں۔ [3]

اور ہم نے اسماعیل علیہ السلام، ادریس علیہ السلام اور ذوالکفل علیہ السلام کو بھی منصب رسالت پر فائز کیا تھا، یہ سب نبی، اللہ کی اطاعت، اللہ کی نافرمانی، اللہ کی نعمتوں اور کفار کی اذیتوں پر صبر وشکر کرنے والے تھے اور ان کو ہم نے اپنی رحمت میں داخل کیا کہ وہ صالحین میں سے تھے۔

وَ ذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ

مچھلی والے (یونس علیہ السلام) کو یاد کرو! جبکہ وہ غصہ سے چل دیا اور خیال کیا کہ ہم اسے نہ پکڑ سکیں گے، بالآخر وہ اندھیروں

---

[1] ص ۴۴

[2] الطلاق ۳

[3] صحيح بخاری كتاب الغسل بَابُ مَنِ اغْتَسَلَ عُرْيَانًا وَحْدَهُ فِي الخَلْوَةِ، وَمَنْ تَسَتَّرَ فَالتَّسَتُّرُ أَفْضَلُ ۲۷۹،وكتاب الانبياء بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى وَأَيُّوبَ إِذْ نَادَى رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۳۳۹۱،وكتاب التوحيد الجهمية بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى يُرِيدُونَ أَنْ يُبَدِّلُوا كَلاَمَ اللَّهِ ۷۴۹۳

اَنۡ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ ۖۗ اِنِّیۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۸۷﴾ فَاسۡتَجَبۡنَا لَهٗ ۙ

کے اندر سے پکار اٹھا کہ الٰہی تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے، بیشک میں ظالموں میں ہو گیا، تو ہم نے اس کی پکار سن لی

وَ نَجَّیۡنٰهُ مِنَ الۡغَمِّ ؕ وَ كَذٰلِكَ نُـۨجِی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۸۸﴾ وَ زَكَرِیَّاۤ اِذۡ نَادٰی رَبَّهٗ

اور اسے غم سے نجات دے دی اور ہم ایمان والوں کو اسی طرح بچالیا کرتے ہیں، اور زکریا (علیہ السلام) کو یاد کرو جب

رَبِّ لَا تَذَرۡنِیۡ فَرۡدًا وَّ اَنۡتَ خَیۡرُ الۡوٰرِثِیۡنَ ﴿۸۹﴾ ۚۖ فَاسۡتَجَبۡنَا لَهٗ ۫ وَ وَهَبۡنَا لَهٗ

اس نے اپنے رب سے دعا کی اے میرے پروردگار! مجھے تنہا نہ چھوڑ تو سب سے بہتر وارث ہے، ہم نے اس کی دعا قبول فرما کر

یَحۡیٰی وَ اَصۡلَحۡنَا لَهٗ زَوۡجَهٗ ؕ اِنَّهُمۡ كَانُوۡا یُسٰرِعُوۡنَ فِی الۡخَیۡرٰتِ وَ یَدۡعُوۡنَنَا

اسے یحییٰ (علیہ السلام) عطا فرمایا، اور ان کی بیوی کو ان کے لیے درست کر دیا، یہ بزرگ لوگ نیک کاموں کی طرف جلدی کرتے

رَغَبًا وَّ رَهَبًا ؕ وَ كَانُوۡا لَنَا خٰشِعِیۡنَ ﴿۹۰﴾ (الانبیاء ۸۷ تا ۹۰)

تھے اور ہمیں لالچ طمع اور ڈر خوف سے پکارتے تھے اور ہمارے سامنے عاجزی کرنے والے تھے۔

اور یونس علیہ السلام بن متی کو بھی ہم نے منصب رسالت سے نواز کر موصل کے علاقے کی بستی نینوا کی طرف بھیجا تھا، آپ نے اپنی قوم کو پوری خیر خواہی کے ساتھ دعوت توحید پیش کی اور صراط مستقیم کی طرف بلایا کہ یہی نجات اور کامیابی کی راہ ہے اور اس راہ سے اعراض وانحراف تباہی و بربادی کا باعث ہے، جیسے فرمایا

اَتَدۡعُوۡنَ بَعۡلًا وَّ تَذَرُوۡنَ اَحۡسَنَ الۡخَالِقِیۡنَ ﴿۱۲۵﴾ [1]

ترجمہ: کیا تم بعل کو پکارتے ہو اور احسن الخالقین کو چھوڑ دیتے ہو۔

رب العالمین کی قدرتوں وطاقتوں کا بیان کیا رب کی ہر سو بکھری ہوئی نشانیاں دکھائیں، انہیں پتھر کے بے جان، عقل وشعور سے بیگانہ باطل معبودوں کی عبادت، ان پر اعتکاف کرنے، نذرانے چڑھانے اور منتیں ماننے سے روکا، ان مورتیوں کا آندھا، بہرہ اور گونگا ہونا ثابت کیا، اور اس کا رد فرمایا کہ پتھر کے یہ بے جان ٹکڑے رب کی خدائی میں تصرف کا کوئی اختیار رکھتے ہیں اس لئے ان کو مدد کے لئے پکارنے اور ان سے امیدیں وابستہ کرنے سے روکا، گزشتہ اقوام جو اپنے اعمال باطلہ کے سبب حرف غلط کی طرح مٹ گئیں اور اوراق تاریخ پر عبرت کا نمونہ بن گئیں ان کی مثالوں، ان کے کرداروں اور ان کے باطل معبودوں جن کو انہوں نے اپنے حسن ظن سے خدائی صفات دے رکھی تھیں کی بے بسی ولاچاری بیان فرمائی رحیم وکریم رب کے عفو ودرگزر کرنے کی صفت عام بیان کر کے انہیں توبہ واستغفار کرنے پر ابھارا، توحید کی راہ اختیار کر کے اور اعمال صالحہ پر انہیں جنت اور اس کی نعمتوں کی خوشخبریاں دیں اور اس راہ سے انحراف پر رب کی گرفت اور اس کے عذاب سے ڈرایا جہنم اور اس کی ہولناکیوں کو بیان کیا، لیکن قوم کے آسودہ حال لوگوں نے (کہ قوم کی قیادت بالعموم انہی کے ہاتھوں میں ہوتی

---

[1] الصافات ۱۲۵

ہے) اپنے معبودوں کی قوت وطاقت پر بھروسہ کر کے مطالبہ عذاب کر دیا اس طرح وہ لوگ عذاب الٰہی کے مستحق قرار پائے،

وَوَعَدَهُمْ بِالْعَذَابِ بَعْدَ ثَلَاثٍ

یونس علیہ السلام نے اپنی قوم کو دھمکی دی کہ تین دن کے بعد تم عذاب الٰہی کی گرفت میں آجاؤ گے۔

رب کی حکمتیں رب ہی جانے اللہ تعالیٰ کی طرف سے عذاب میں تاخیر ہوئی اور قبل اس کے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یونس علیہ السلام کو قوم کو چھوڑنے اور ہجرت کا حکم آتا جس سے ان کے لئے اپنی ڈیوٹی کی جگہ سے ہٹنا جائز ہوتا، بے صبری سے آنے والے عذاب سے پہلے دل میں یہ گمان کر کے کہ اب جبکہ رب کا عذاب آنے ہی والا ہے اگر وہ اپنا مستقر اور اپنی قوم کو چھوڑ کر چلے بھی جائیں تو رب کی ان پر گرفت نہیں ہوگی، اس حسن ظن کی بنیاد پر وہ اپنی قوم سے ناراض ہو کر ترشیش (جہاں آجکل تیونس آباد ہے) جانے کے لیے سمندر پر جا کر ایک کشتی میں سوار ہو گئے جس کشتی میں آپ سوار ہوئے وہ پہلے ہی اپنی گنجائش سے زیادہ بھری ہوئی تھی، کشتی ابھی کچھ دور ہی پہنچی تھی کہ سمندر میں چاروں طرف سے موجیں اٹھیں اور سخت طوفان آ گیا جس سے کشتی سمندر کی موجوں میں گھر گئی اور کھڑی ہو گئی، سب مسافروں کو کشتی ڈوبنے کا یقین اور اپنی موت نظر آنے لگی چنانچہ کشتی کا وزن کم کرنے کے لئے ایک آدھ آدمی کو کشتی سے سمندر میں پھینکنے کی تجویز سامنے آئی تا کہ کشتی میں سوار باقی انسانوں کی جانیں بچ جائیں، لیکن یہ قربانی دینے کے لئے کوئی تیار نہیں تھا اس لئے کشتی میں تین مرتبہ قرعہ اندازی کرنی پڑی، جس میں ہر مرتبہ یونس علیہ السلام کا نام آیا اور وہ مغلوبین میں سے ہو گئے، چنانچہ یونس علیہ السلام نے طوعاً و کرہاً اپنے آپ کو بھاگے ہوئے غلام کی طرح سمندر کی موجوں کے سپرد کر دیا، ادھر اللہ تعالیٰ کے حکم سے ایک بڑی مچھلی (غالباً وہیل مچھلی) نے آپ علیہ السلام کو ثابت ہی نگل لیا اور سمندر میں پھرنے لگی، جیسے فرمایا:

اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۴۰﴾ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۱۴۲﴾ [1]

ترجمہ: یاد کرو جب وہ ایک بھری کشتی کی طرف بھاگ نکلا، پھر قرعہ اندازی میں شریک ہوا اور اس میں مات کھائی، آخر کار مچھلی نے اسے نگل لیا اور وہ ملامت زدہ تھا۔

اب یونس علیہ السلام کو خیال آیا کہ ان سے نافرمانی سرزد ہو گئی ہے اور انہوں نے رب کے حکم کے بغیر شہر کو چھوڑ کر چلا آنے میں بے صبری اور جلد بازی کا ثبوت دیا ہے تو وہ اپنے آپ کو اس فعل پر ملامت کرنے لگے، یونس علیہ السلام جو فراغی، کشادگی اور امن وامان کی حالت میں رب کی بڑی پاکیزگی بیان کرنے والے تھے انہوں نے مچھلی کے پیٹ میں بھی رب کی عظمت و پاکیزگی، اپنے قصوروار ہونے کا اعتراف کر کے رب کے حضور توبہ کی تسبیح پڑھنی شروع کر دی۔

فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾ [2]

ترجمہ: آخر کو اس نے تاریکیوں میں سے پکارا نہیں ہے کوئی الٰہ مگر تو، پاک ہے تیری ذات، بیشک میں قصوروار ہوں۔

اللہ تعالیٰ جو دکھی دلوں اور اپنے محبوب بندوں کی پکار کو سنتا ہے نے یونس علیہ السلام کی فریاد کو سنا اور اپنی رحمت خاص فرما کر انہیں زندہ سلامت

---

[1] الصافات ۱۴۰تا۱۴۲

[2] الانبیاء ۸۷

مچھلی کے پیٹ سے باہر نکال لائے اور فرمایا جب ہمارے مومن بندے اپنی مشکلات اور پریشانیوں میں ہمیں پکارتے ہیں تو اسی طرح ہم مومنوں کو بچالیا کرتے ہیں،

عَنِ أَبِيهِ سَعْدٍ، قَالَ: مَرَرْتُ بِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ فِي الْمَسْجِدِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَمَلأَ عَيْنَيْهِ مِنِّي ثُمَّ لَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ السَّلامَ، فَأَتَيْتُ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، فَقُلْتُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، هَلْ حَدَثَ فِي الْإِسْلامِ شَيْءٌ؟ مَرَّتَيْنِ قَالَ: لَا. وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: قُلْتُ: لَا. إِلا أَنِّي مَرَرْتُ بِعُثْمَانَ آنِفًا فِي الْمَسْجِدِ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَمَلأَ عَيْنَيْهِ مِنِّي، ثُمَّ لَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ السَّلامَ. قَالَ: فَأَرْسَلَ عُمَرُ إِلَى عُثْمَانَ فَدَعَاهُ، فَقَالَ: مَا مَنَعَكَ أَنْ لَا تَكُونَ رَدَدْتَ عَلَى أَخِيكَ السَّلامَ؟ قَالَ عُثْمَانُ: مَا فَعَلْتُ

سعد بن ابو وقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں مسجد میں سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ بن عفان کے پاس سے گزرا تو میں نے آپ کو سلام کیا انہوں نے آنکھیں بھر کر مجھے دیکھا مگر میرے سلام کا جواب نہ دیا، میں امیر المومنین سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عرض کی اے امیر المومنین! کیا اسلام میں کوئی نئی چیز پیدا ہوگئی ہے؟ میں نے دوبارہ یہ عرض کی، آپ نے فرمایا نہیں، کیا بات ہے؟ میں نے عرض کی کوئی بات نہیں، البتہ میں ابھی ابھی مسجد میں سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرا میں نے انہیں سلام کیا انہوں نے مجھے آنکھیں بھر کر دیکھا مگر میرے سلام کا جواب نہ دیا، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے پیغام بھیج کر سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کو بلایا اور فرمایا کہ آپ نے اپنے بھائی کے سلام کا جواب کیوں نہ دیا،

قَالَ سَعْدٌ: قُلْتُ: بَلَى. قَالَ: حَتَّى حلَفَ وَحَلَفْتُ، قَالَ: ثُمَّ إِنَّ عُثْمَانَ ذَكَرَ، فَقَالَ: بَلَى، وَأَسْتَغْفِرُ اللَّهَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ إِنَّكَ مَرَرْتَ بِي آنِفًا، وَأَنَا أُحَدِّثُ نَفْسِي بِكَلِمَةٍ سَمِعْتُهَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَا وَاللَّهِ مَا ذَكَرْتُهَا قَطُّ إِلا تَغَشَّى بَصَرِي وَقَلْبِي غِشَاوَةٌ، قَالَ: قَالَ سَعْدٌ: فَأَنَا أُنْبِئُكَ بِهَا: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ لَنَا أَوَّلَ دَعْوَةٍ، ثُمَّ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ فَشَغَلَهُ حَتَّى قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاتَّبَعْتُهُ فَلَمَّا أَشْفَقْتُ أَنْ يَسْبِقَنِي إِلَى مَنْزِلِهِ، ضَرَبْتُ بِقَدَمِي الْأَرْضَ،

سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے جواب دیا نہیں ایسی کوئی بات نہیں، سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے کہا کیوں نہیں! حتی کہ انہوں نے بھی قسم کھائی اور میں نے بھی قسم کھائی، راوی کہتے ہیں کہ پھر سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کو بات یاد آئی تو انہوں نے اللہ تعالیٰ سے توبہ واستغفار کی اور کہا ہاں، آپ کا ابھی ابھی میرے پاس سے گزر ہوا تھا اور میں اس وقت اپنے دل میں ایک بات سوچ رہا تھا جسے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا اللہ کی قسم !میں جب بھی اس بات کو یاد کرتا ہوں تو میری آنکھوں اور دل پر پردہ چھا جاتا ہے، سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے عرض کی کہ میں وہ بات بتاتا ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے سامنے اول دعا کا ذکر فرمایا پھر ایک اعرابی آیا اور اس نے آپ کو مشغول کر دیا حتی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو گئے میں بھی آپ کے پیچھے پیچھے ہولیا، جب مجھے یہ خدشہ لاحق ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حجرے کے اندر تشریف لے جائیں گے تو میں نے زمین پر اپنا پاؤں مارا

فَالْتَفَتَ إِلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فَقَالَ:مَنْ هَذَا أَبُو إِسْحَاقَ؟ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ. قَالَ: فَمَهْ

. قَالَ: قُلْتُ: لَا وَاللَّهِ، إِلا أَنَّكَ ذَكَرْتَ لَنَا أَوَّلَ دَعْوَةٍ ثُمَّ جَاءَ هَذَا الأَعْرَابِيُّ فَشَغَلَكَ، قَالَ: نَعَمْ دَعْوَةُ ذِي النُّونِ إِذْ هُوَ فِي بَطْنِ الحُوتِ: {لَا إِلَهَ إِلا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ} [۱] فَإِنَّهُ لَمْ يَدْعُ بِهَا مُسْلِمٌ رَبَّهُ فِي شَيْءٍ قَطُّ إِلا اسْتَجَابَ لَهُ

رسول اللہ ﷺ نے میری طرف التفات کرتے ہوئے فرمایا کون ہیں، ابو اسحاق ہیں، میں نے عرض کی ہاں اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ ﷺ نے فرمایا کیا بات ہے؟ میں نے عرض کی نہیں اللہ کی قسم! کوئی بات نہیں البتہ آپ نے دعا کا ذکر فرمایا تھا پھر وہ اعرابی آ گیا اور اس نے آپ کو مشغول کر دیا، آپ ﷺ نے فرمایا ہاں، مچھلی والے پیغمبر کی دعا جو انہوں نے مچھلی کے پیٹ میں کی تھی ”نہیں ہے کوئی الٰہ مگر تو، پاک ہے تیری ذات بے شک میں نے قصور کیا۔“ جو مسلمان اپنے رب سے کسی بھی چیز کے بارے میں یہ دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا کو ضرور شرف قبولیت سے نوازتا ہے۔ [۲]

اللہ تعالیٰ نے فرمایا

فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ [۳]

ترجمہ: اب اگر وہ تسبیح کرنے والوں میں سے نہ ہوتا تو روز قیامت تک اسی مچھلی کے پیٹ میں رہتا۔

عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْوَةُ ذِي النُّونِ إِذْ دَعَا وَهُوَ فِي بَطْنِ الحُوتِ: لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ، فَإِنَّهُ لَمْ يَدْعُ بِهَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ فِي شَيْءٍ قَطُّ إِلَّا اسْتَجَابَ اللَّهُ لَهُ

سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ میں جو دعا پڑھی، ”نہیں ہے کوئی الٰہ مگر تو، پاک ہے تیری ذات بے شک میں نے قصور کیا۔“ جو مسلمان بھی اس دعا کے ساتھ کسی معاملے کے لئے دعا مانگے تو اللہ اسے قبول فرماتا ہے۔ [۴]

عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: من دَعَا بِدُعَاءِ يُونُسَ، استُجِيب لَهُ ،قَالَ أَبُو سَعِيدٍ: يُرِيدُ بِهِ {وَ كَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِينَ}

سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے یونس علیہ السلام کی دعا مانگی اس کے لیے قبول کی جائے گی ابو سعید کہتے ہیں کہ آپ کا اشارہ اس ارشاد باری کی طرف ہے ”اور اسی طرح ہم مومنوں کو بچا لیا کرتے ہیں۔“ [۵]

اور زکریا علیہ السلام کو جبکہ محراب میں کھڑے ہو کر اپنے رب کو پکارا کہ اے پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور بہترین وارث تو تو ہی ہے، یعنی تو اولاد نہ بھی دے تو کوئی غم نہیں، تیری ذات پاک وارث ہونے کے لئے کافی ہے، ایک مقام پر فرمایا

---

[۱] الأنبياء: ۸۷

[۲] مسند احمد ۱۴۶۲، جامع ترمذی أَبْوَابُ الدَّعَوَاتِ باب ۳۵۰۵، عمل اليوم والليلة للنسائی ۶۵۶

[۳] الصافات ۱۴۳، ۱۴۴

[۴] مسند احمد ۱۴۶۲، جامع ترمذی كتاب الدعوات بَاب مَا جَاءَ فِي عَقْدِ التَّسْبِيحِ بِالْيَدِ ۳۵۰۵، مستدرک حاکم ۱۸۶۲، شعب الایمان ۶۱۱، السنن الكبرى للنسائی ۱۰۴۱۷، مسند ابی یعلی ۷۷۲

[۵] تفسیرابن ابی حاتم ۸٫۲۴۶۵

قَالَ رَبِّ اِنِّیْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّیْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآىِٕكَ رَبِّ شَقِیًّا ۝۴ وَاِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآءِیْ وَكَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا فَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا ۝۵ [۱]

ترجمہ: اس نے عرض کیا اے پروردگار! میری ہڈیاں تک گھل گئی ہیں اور سر بڑھاپے سے بھڑک اٹھا ہے، اے پروردگار! میں کبھی تجھ سے دعا مانگ کر نامراد نہیں رہا، مجھے اپنے پیچھے اپنے بھائی بندوں کی برائیوں کا خوف ہے اور میری بیوی بانجھ ہے تو مجھے اپنے فضل خاص سے ایک وارث عطا کر دے جو میرا وارث بھی ہو۔

ایک مقام پر فرمایا:

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِیَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ ۝۳۸ [۲]

ترجمہ: یہ حال دیکھ کر زکریا علیہ السلام نے اپنے رب کو پکارا پروردگار! اپنی قدرت سے مجھے نیک اولاد عطا کر تو ہی دعا سننے والا ہے۔

پس ہم نے اس کی دعا کو شرف قبولیت بخشا اور اسے یحییٰ علیہ السلام عطا کیا اور اس کی بوڑھی بیوی کے بانجھ پن کا ازالہ فرما کر اسے نیک بچہ عطا فرمایا، جیسے فرمایا

فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓىِٕكَةُ وَهُوَ قَآىِٕمٌ یُّصَلِّیْ فِی الْمِحْرَابِ ۙ اَنَّ اللّٰهَ یُبَشِّرُكَ بِیَحْیٰى مُصَدِّقًۢا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَیِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِیًّا مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ۝۳۹ [۳]

ترجمہ: جواب میں فرشتوں نے آواز دی جبکہ وہ محراب میں کھڑا نماز پڑھ رہا تھا کہ اللہ تجھے یحییٰؑ کی خوش خبری دیتا ہے، وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک فرمان کی تصدیق کرنے والا بن کر آئے گا اس میں سرداری و بزرگی کی شان ہو گی، کمال درجہ کا ضابط ہو گا، نبوت سے سرفراز ہو گا اور رصالحین میں شمار کیا جائے گا۔

یٰزَكَرِیَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ۨ اسْمُهٗ یَحْیٰى ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا ۝۷ [۴]

ترجمہ: (جواب دیا گیا) اے زکریا! ہم تجھے ایک لڑکے کی بشارت دیتے ہیں جس کا نام یحییٰ ہو گا ہم نے اس نام کا کوئی آدمی اس سے پہلے پیدا نہیں کیا۔

یہ لوگ اللہ کی بارگاہ میں، الحاح وزاری کے ساتھ دعا ومناجات، نیکی کے کاموں میں سبقت، خوف وطمع کے ملے جلے جذبات کے ساتھ ہمیں پکارتے اور ہمارے سامنے عاجزی اور خشوع وخضوع، تذلیل اور انکساری کا اظہار کرتے تھے۔

وَ الَّتِیْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِیْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَ جَعَلْنٰهَا

اور وہ پاک دامن بی بی جس نے اپنی عصمت کی حفاظت کی ہم نے اس کے اندر اپنی روح پھونک دی اور خود انہیں

[۱] مریم ۵،۴

[۲] آل عمران ۳۸

[۳] آل عمران۳۹

[۴] مریم ۷

وَ ابۡنَهَاۤ اٰيَةً لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۹۱﴾ اِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمۡ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّ اَنَا رَبُّكُمۡ

اور ان کے لڑکے کو تمام جہان کے لیے نشانی بنا دیا، یہ تمہاری امت ہے جو حقیقت میں ایک ہی امت ہے اور میں تم سب کا پروردگار

فَاعۡبُدُوۡنِ ﴿۹۲﴾ وَ تَقَطَّعُوۡۤا اَمۡرَهُمۡ بَيۡنَهُمۡ ؕ كُلٌّ اِلَيۡنَا

ہوں پس تم میری ہی عبادت کرو، مگر لوگوں نے آپس میں اپنے دین میں فرقہ بندیاں کرلیں، سب کے سب ہمارے ہی

رٰجِعُوۡنَ ﴿۹۳﴾ فَمَنۡ يَّعۡمَلۡ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَ هُوَ مُؤۡمِنٌ فَلَا كُفۡرَانَ لِسَعۡيِهٖ ۚ

طرف لوٹنے والے ہیں، پھر جو بھی نیک عمل کرے اور وہ مومن (بھی) ہو تو اسکی کوشش کی بے قدری نہیں کی جائیگی،

وَ اِنَّا لَهٗ كٰتِبُوۡنَ ﴿۹۴﴾ (الانبیائ۹۱تا۹۴)

ہم تو اس کے لکھنے والے ہیں۔

اور مریم علیہا السلام جس نے حرام کے قریب جانے سے بلکہ حلال سے بھی اپنی شرمگاہ کی حفاظت کی تھی، وہ ہمہ وقت عبادت میں مشغول رہتی تھیں، ایک دن جبرائیل علیہ السلام ایک خوبصورت مرد کی شکل میں مریم علیہا السلام کے پاس آئے تو مریم علیہا السلام ڈر گئیں اور کہا

قَالَتۡ اِنِّىۡۤ اَعُوۡذُ بِالرَّحۡمٰنِ مِنۡكَ اِنۡ كُنۡتَ تَقِيًّا ﴿۱۸﴾ [1]

ترجمہ: مریم یکا یک بول اٹھی کہ اگر تو کوئی خدا ترس آدمی ہے تو میں تجھ سے خدائے رحمان کی پناہ مانگتی ہوں۔

جبرائیل علیہ السلام نے کہا

قَالَ اِنَّمَاۤ اَنَا رَسُوۡلُ رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ﴿۱۹﴾ [2]

ترجمہ: اس نے کہا میں تو تیرے رب کا فرستادہ ہوں اور اس لئے بھیجا گیا ہوں کہ تجھے ایک پاکیزہ لڑکا دوں۔

مریم علیہا السلام نے کہا

قَالَتۡ اَنّٰى يَكُوۡنُ لِىۡ غُلٰمٌ وَّلَمۡ يَمۡسَسۡنِىۡ بَشَرٌ وَّلَمۡ اَكُ بَغِيًّا ﴿۲۰﴾ [3]

ترجمہ: مریم نے کہا میرے ہاں کیسے لڑکا ہوگا جبکہ مجھے کسی بشر نے چھوا تک نہیں ہے اور میں کوئی بدکار عورت نہیں ہوں۔

جبرائیل علیہ السلام نے کہا

قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَىَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجۡعَلَهٗۤ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحۡمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمۡرًا مَّقۡضِيًّا ﴿۲۱﴾ [4]

ترجمہ: فرشتے نے کہا ایسا ہی ہوگا، تیرا رب فرماتا ہے کہ ایسا کرنا میرے لئے بہت آسان ہے اور ہم یہ اس لئے کریں گے کہ اس لڑکے کو لوگوں

---

[1] مریم ۱۸

[2] مریم ۱۹

[3] مریم ۲۰

[4] مریم ۲۱

کے لئے ایک نشانی بنائیں اور اپنی طرف سے ایک رحمت، اور یہ کام ہو کر رہنا ہے۔
فرمایا ہم نے اس کے اندر اپنی روح سے پھونکا، جیسے فرمایا

وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا... ﴿۱۲﴾ [۱]

ترجمہ: اور عمران کی بیٹی مریم کی مثال دیتا ہے جس نے اپنی شرمگاہ کی حفاظت کی تھی پھر ہم نے اس کے اندر اپنی طرف سے روح پھونک دی۔

اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰىهَآ اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ ﴿۱۷۱﴾ [۲]

ترجمہ: مسیح ابن مریم علیہ السلام اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ اللہ کا ایک رسول تھا اور ایک فرمان تھا جو اللہ نے مریم کی طرف بھیجا اور ایک روح تھی اللہ کی طرف سے (جس نے مریم کے رحم میں بچہ کی شکل اختیار کی)۔
اور یہی بات آدم علیہ السلام کے متعلق فرمائی

اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ﴿۷۱﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۷۲﴾ [۳]

ترجمہ: جب تیرے رب نے فرشتوں سے کہا میں مٹی سے ایک بشر بنانے والا ہوں، پس (اے فرشتو) جب میں اسے پورا بنالوں اور اس میں اپنی روح سے پھونک دوں تو تم اس کے آگے سجدے میں گر جانا۔
اس لئے اللہ تعالیٰ آدم علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کو مشابہ قرار دیتا ہے۔

اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ۭ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۵۹﴾ [۴]

ترجمہ: عیسیٰ کی مثال اللہ کے نزدیک آدم کی سی ہے جس کو اللہ نے مٹی سے بنایا پھر فرمایا ہو جا اور وہ ہو جاتا ہے۔
اور ہم نے مریم اور اس کے بیٹے مسیح کو دنیا بھر کے لئے نشانی بنادیا، جیسے فرمایا:

...وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا... ﴿۲۱﴾ [۵]

ترجمہ: تا کہ ہم اس لڑکے کو ایک نشانی بنادیں اپنی قدرت وعنایت کی سب لوگوں کے لیے۔
یعنی مریم اور عیسیٰ علیہ السلام دونوں نہ تو الٰہ تھے اور نہ ہی اللہ کی سلطنت میں شریک تھے بلکہ اللہ کی بے شمار نشانیوں میں سے ایک نشانی تھے، حقیقت یہ ہے کہ تمام انبیاء کا ایک ہی دین رہا ہے اور وہ ہے دین اسلام، اور تمام انبیاء کی دعوت، دعوت توحید ہی تھی،

حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْأَنْبِيَاءُ إِخْوَةٌ مِنْ عَلَّاتٍ، وَأُمَّهَاتُهُمْ شَتَّى، وَدِينُهُمْ وَاحِدٌ فَلَيْسَ بَيْنَنَا نَبِيٌّ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم انبیاء کی جماعت اولاد علات ہیں (جن کا باپ ایک اور مائیں مختلف ہوں)

---

[۱] التحریم ۱۲
[۲] النساء ۱۷۱
[۳] ص ۷۲،۷۱
[۴] آل عمران ۵۹
[۵] مریم ۲۱

ہمارا دین ایک ہی ہے، اور میرے اور ان کے بیچ میں کوئی اور نبی نہیں ہے۔ [۱]

اگرچہ احکامات شرع مختلف ہیں، جیسے فرمایا

۔۔۔لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا۔۔۔ ۴۸ [۲]

ترجمہ: ہم نے تم (انسانوں) میں سے ہر ایک کے لئے ایک شریعت اور ایک راہ عمل مقرر کی۔

اور میں تمہارا معبود حقیقی ہوں پس تم ہر طرف سے منہ موڑ کر یکسو ہو کر صرف میری عبادت کرو، مگر یہ لوگوں کی کارستانی ہے کہ وہ دین اسلام کو چھوڑ کر، عبادت رب سے منہ موڑ کر مختلف فرقوں اور گروہوں میں بٹ گئے، ایک گروہ تو کفار و مشرکین کا ہو گیا، انبیاء و رسل کے ماننے والے بھی فرقوں میں بٹ گئے کوئی یہودی ہو گیا اور کوئی عیسائی اور پھر ان کے بھی مختلف گروہ بن گئے، اور بدقسمتی سے مسلمانوں میں بھی فرقہ بندیاں پیدا ہو گئیں اور یہ بیسیوں فرقوں میں تقسیم ہو گئے اور ہر فرقہ دعویٰ کرتا ہے کہ حق اس کے ساتھ ہے اور دوسرا فرقہ باطل ہے۔

۔۔۔كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۳۲ [۳]

ترجمہ: ہر ایک گروہ کے پاس جو کچھ ہے اسی میں وہ مگن ہے۔

مگر ایک دن سب کو ہماری بارگاہ میں حاضر ہونا ہے اور ہم ٹھیک ٹھیک فیصلہ کریں گے، جو شخص اللہ وحدہ لاشریک پر، اس کے رسولوں پر، اس کی نازل کردہ کتابوں پر، فرشتوں پر، اچھی بری تقدیر پر کامل ایمان لایا اور اعمال صالحہ اختیار کیے تو اس کے اعمال اکارت نہ جائیں گے، جیسے فرمایا

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ۳۰ [۴]

ترجمہ: رہے وہ لوگ جو مان لیں اور نیک عمل کریں تو یقیناً ہم نیکوکار لوگوں کا اجر ضائع نہیں کیا کرتے۔

اور ہم سب کے نامہ اعمال تحریر کر رہے ہیں۔

وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۹۵ حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَ

اور جس بستی کو ہم نے ہلاک کر دیا اس پر لازم ہے کہ وہاں کے لوگ پلٹ کر نہیں آئیں گے، یہاں تک کہ یاجوج اور ماجوج

هُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ۹۶ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ

کھول دیئے جائیں گے اور وہ ہر بلندی سے دوڑتے ہوئے آئیں گے، اور سچا وعدہ قریب آ لگے گا اس وقت

[۱] صحیح مسلم كتاب الفضائل بَابُ فَضَائِلِ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ ۶۱۳۲، مسند احمد ۸۲۴۸، صحيح ابن حبان ۶۱۹۴، شرح السنة للبغوى ۳۶۱۹

[۲] المائدة ۴۸

[۳] الروم ۳۲

[۴] الكهف ۳۰

كَفَرُوْا ؕ يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۹۷﴾ (الانبیائ۹۵تا۹۷)

کافروں کی نگاہیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی، کہ ہائے افسوس! ہم اس حال سے غافل تھے بلکہ فی الواقع ہم قصوروار تھے۔

جلیل القدر پیغمبروں کے مختصر واقعات بیان کرنے کے بعد قیامت کا ذکر فرمایا کہ جس بستی کو ہم نے ہلاک کر دیا ہو اس کے لئے ناممکن ہے کہ وہ پھر اپنی کوتاہیوں کی تلافی کی خاطر دنیا میں پلٹ سکے، جیسے فرمایا

اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾ [۱]

ترجمہ: کیا انہوں نے دیکھا نہیں کہ ان سے پہلے کتنی ہی قوموں کو ہم نے ہلاک کر چکے ہیں اور اس کے بعد وہ پھر کبھی ان کی طرف پلٹ کر نہ آئے؟۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَجَبَ، يَعْنِي: قَدَرًا مُقدرًا أَنَّ أَهْلَ كُلِّ قَرْيَةٍ أُهْلِكُوا أَنَّهُمْ لَا يُرْجَعُونَ إِلَى الدُّنْيَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں یہ بات مقدر کر دی گئی ہے کہ جس بستی کے لوگوں کو بھی ہلاک کر دیا جائے وہ قیامت تک دوبارہ کبھی دنیا میں نہیں آئیں گے۔ [۲]

ایک وقت مقررہ پر اللہ تعالیٰ یاجوج وماجوج کو کھول دے گا اور وہ نہایت تیزی کے ساتھ ہر بلندی سے نکل کر زمین پر چھا جائیں گے اور قیامت قائم ہونے کا وقت قریب آلگے گا، جیسے فرمایا

قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ ۚ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ حَقًّا ﴿۹۸﴾ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَىِٕذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿۹۹﴾ [۳]

ترجمہ: ذوالقرنین نے کہا یہ میرے رب کی رحمت ہے مگر جب میرے رب کے وعدے کا وقت آئے گا تو وہ اس کو پیوند خاک کر دے گا اور میرے رب کا وعدہ برحق ہے، اور اس روز ہم لوگوں کو چھوڑ دیں گے کہ (سمندر کی موجوں کی طرح) ایک دوسرے سے گتھم گتھا ہوں اور صور پھونکا جائے گا اور ہم سب انسانوں کو ایک ساتھ جمع کریں گے۔

عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ، قَالَ: رَأَى ابْنُ عَبَّاسٍ صِبْيَانًا يَنْزُو بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ، يَلْعَبُونَ، فَقَالَ ابن عباس: هكذا يَخْرُجُ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ

عبیداللہ بن ابویزید سے روایت ہے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کچھ بچوں کو دیکھا جو کھیلتے ہوئے ایک دوسرے کے اوپر کود رہے تھے تو آپ نے فرمایا یاجوج وماجوج بھی اسی طرح کودتے پھلانگتے ہوئے نکلیں گے۔ [۴]

عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: كُنَّا قُعُودًا نَتَحَدَّثُ فِي ظِلِّ غُرْفَةٍ لِرَسُولِ اللَّهِ صلّى الله عليه وسلم، فَذَكَرْنَا السَّاعَةَ، فَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَنْ تَكُونَ - أَوْ لَنْ تَقُومَ - السَّاعَةُ حَتَّى يَكُونَ قَبْلَهَا

[۱] یٰسین۳۱

[۲] تفسیرابن کثیر ۳۷۲،۵، تفسیرابن ابی حاتم۲۴۶۷،۸

[۳] الکہف۹۹،۹۸

[۴] تفسیر طبری ۵۲۸،۱۸

عَشْرُ آيَاتٍ: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَخُرُوجُ الدَّابَّةِ، وَخُرُوجُ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ، وَالدَّجَّالُ، وَعِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ، وَالدُّخَانُ، وَثَلَاثَةُ خُسُوفٍ، خَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَآخِرُ ذَلِكَ تَخْرُجُ نَارٌ مِنَ الْيَمَنِ، مِنْ قَعْرِ عَدَنٍ، تَسُوقُ النَّاسَ إِلَى الْمَحْشَرِ

حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کمرے کے سائے میں بیٹھے باتیں کر رہے تھے کہ ہم نے قیامت کا ذکر کیا اور ہماری آوازیں بلند ہوئیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت اس وقت تک ہرگز نہیں آئے گی جب تک کہ اس سے پہلے دس نشانیاں ظاہر نہ ہوں، سورج کا مغرب کی جانب سے طلوع ہونا اور دابتہ الارض کا ظاہر ہونا اور یاجوج ماجوج کا ظہور ہونا اور دجال کا خروج کرنا اور عیسیٰ ابن مریم کا نزول اور دخان یعنی دھواں اور تین بڑے خسوف (زمین کا دھنسنا) ایک مشرق میں، دوسرا مغرب میں اور تیسرا جزیرۃ العرب میں اور پھر سب سے آخر میں یمن سے ایک سخت آگ اٹھے گی جو لوگوں کو محشر کی طرف ہانکے گی (علاقہ شام میں جمع کر دے گی)۔[1]

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی یاجوج ماجوج کی یورش کا ذکر کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

فَإِنَّ السَّاعَةَ كَالْحَامِلِ الْمُتِمِّ، الَّتِي لَا يَدْرِي أَهْلُهَا مَتَى تَفْجَؤُهُمْ بِوِلَادَتِهَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا

اس وقت قیامت اس قدر قریب ہوگی، جیسے پورے پیٹوں کی حاملہ کہ نہیں کہہ سکتے کب وہ بچہ جن دے، رات کو یا دن کو۔[2]

قیامت کی ہولناکیوں کو دیکھ کر مکذبین کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گے اور اپنی خطاؤں پر ندامت اور حسرت کا صاف صاف اظہار کرتے ہوئے کہیں گے ہائے ہماری کم بختی! انبیاء کرام نے ہمیں اس دن سے خبردار کیا تھا مگر ہم دنیا کی دلفریبیوں میں لگ کر اس عظیم دن کی طرف سے غفلت میں پڑے ہوئے تھے بلکہ ہم خطاکار تھے۔

اِنَّكُمْ وَ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿۹۸﴾

تم اور اللہ کے سوا جن جن کی تم عبادت کرتے ہو سب دوزخ کا ایندھن بنو گے، تم سب دوزخ میں جانے والے ہو،

لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ؕ وَ كُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۹۹﴾ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ

اگر یہ (سچے) معبود ہوتے تو جہنم میں داخل نہ ہوتے اور سب کے سب اسی میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، وہ وہاں چلا

وَّ هُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا

رہے ہوں گے اور وہاں کچھ بھی نہ سن سکیں گے، البتہ بیشک جن کے لیے ہماری طرف سے نیکی پہلے ہی ٹھہر چکی ہے وہ سب جہنم

---

[1] سنن ابوداود کتاب الملاحم بَابُ أَمَارَاتِ السَّاعَةِ ۴۳۱۱ ،مسنداحمد۱۶۱۴۱، صحیح مسلم کتاب الْفِتَنِ وَأَشْرَاطِ السَّاعَةِ بَابٌ فِي الْآيَاتِ الَّتِي تَكُونُ قَبْلَ السَّاعَةِ۷۲۸۵، سنن ابن ماجه کتاب الفتن بَابُ الْآيَاتِ ۴۰۵۵،المعجم الکبیرللطبرانی ۳۰۳۰،مصنف ابن ابی شیبة۳۷۵۴۲

[2] مسنداحمد۳۵۵۶،سنن ابن ماجه کتاب الفتن بَابُ فِتْنَةِ الدَّجَالِ، وَخُرُوجِ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، وَخُرُوجِ يَأْجُوجَ، وَمَأْجُوجَ ۴۰۸۱،مستدرک حاکم۳۴۴۸

مُبۡعَدُوۡنَ ﴿۱۰۱﴾ لَا يَسۡمَعُوۡنَ حَسِيۡسَهَا ۚ وَ هُمۡ فِیۡ مَا اشۡتَهَتۡ اَنۡفُسُهُمۡ خٰلِدُوۡنَ ﴿۱۰۲﴾

سے دور ہی رکھے جائیں گے، وہ تو دوزخ کی آہٹ تک نہ سنیں گے اور اپنی من بھاتی چیزوں میں ہمیشہ رہنے والے ہونگے،

لَا يَحۡزُنُهُمُ الۡفَزَعُ الۡاَكۡبَرُ وَ تَتَلَقّٰهُمُ الۡمَلٰٓئِكَةُ ؕ هٰذَا يَوۡمُكُمُ الَّذِیۡ

وہ بڑی گھبراہٹ (بھی) انھیں غمگین نہ کر سکے گی اور فرشتے انھیں ہاتھوں ہاتھ لیں گے کہ یہی تمہارا وہ دن ہے جس کا

كُنۡتُمۡ تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۱۰۳﴾ (الانبیائ ۹۸تا۱۰۳)

تم وعدہ دیئے جاتے رہے۔

اور اے وہ لوگو جو اللہ وحدہ لاشریک کے ساتھ دوسرے معبودوں کی عبادت کرتے ہو، بیشک تمہیں اور تمہارے معبودوں کو جہنم میں جھونکا جائے گا، جیسے فرمایا:

فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیۡ وَقُوۡدُهَا النَّاسُ وَالۡحِجَارَةُ ۖۚ اُعِدَّتۡ لِلۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۲۴﴾ [1]

ترجمہ: ڈرو اس آگ سے جس کا ایندھن بنیں گے انسان اور پتھر جو مہیا کی گئی ہے منکرین حق کے لئے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَاءَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الزِّبَعْرَى إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: تَزْعُمُ أَنَّ اللَّهَ أَنْزَلَ عَلَيْكَ هَذِهِ الْآيَةَ: {إِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ أَنْتُمْ لَهَا وَارِدُونَ} ، فَقَالَ ابْنُ الزِّبَعْرَى: قَدْ عُبدت الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالْمَلَائِكَةُ، وعُزَيرٌ وَعِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ، كُلُّ هَؤُلَاءِ فِي النَّارِ مَعَ آلِهَتِنَا؟فقَالَ:كُلُّ مَنْ أَحَبَّ أَنْ يُعْبَدَ مِنْ دُونِ اللَّهِ فَهُوَ مَعَ مَنْ عَبَدَهُ، إِنَّهُمْ إِنَّمَا يَعْبُدُونَ الشَّيَاطِينَ وَمَنْ أَمَرَتْهُم بِعِبَادَتِهِ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے عبداللہ بن الزبعری نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا تیرا خیال ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ہے ’’ بیشک تم اور تمہارے وہ معبود جنہیں تم اللہ کو چھوڑ کر پوجتے ہو جہنم کا ایندھن ہیں وہیں تم کو جانا ہے۔‘‘ عبداللہ بن الزبعری نے اعتراض کیا اگر یہ سچ ہے تو اس طرح تو صرف ہمارے ہی معبود نہیں، مسیح اور عزیر اور ملائکہ بھی جہنم میں جائیں گے کیونکہ دنیا میں ان کی بھی عبادت کی جاتی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں ہر وہ شخص جس نے پسند کیا کہ اللہ کے بجائے اس کی بندگی کی جائے وہ ان لوگوں کے ساتھ ہو گا جنہوں نے اس کی بندگی کی، یہ بزرگ اپنی عبادتیں نہیں کراتے تھے بلکہ یہ لوگ تو انہیں نہیں بلکہ شیطان کی پرستش کر رہے ہیں اسی نے انہیں ان کی عبادت کی راہ بتلائی ہے۔ [2]

اگر تم اپنے شرک سے باز نہ آئے تو وہیں تم کو جانا ہے، اگر یہ واقعی الٰہ ہوتے تو بااختیار ہوتے پھر نہ خود جہنم کے عذاب میں مبتلا ہوتے اور تمہیں بھی داخل ہونے سے روک دیتے، اب تم دونوں عابد و معبود ہمیشہ اسی عذاب میں مبتلا رہو گے، جیسے فرمایا:

لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِیۡ يَخۡتَلِفُوۡنَ فِيۡهِ وَلِيَعۡلَمَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اَنَّهُمۡ كَانُوۡا كٰذِبِيۡنَ ﴿۳۹﴾ [3]

[1] البقرة ۲۴

[2] تفسیر ابن کثیر ۳۸۰/۵، تفسیر طبری ۵۹۹/۱۸

[3] النحل ۳۹

ترجمہ: اور ایسا ہونا اس لئے ضروری ہے کہ اللہ ان کے سامنے اس حقیقت کو کھول دے جس کے بارے میں یہ اختلاف کر رہے ہیں اور منکرین حق کو معلوم ہو جائے کہ وہ جھوٹے تھے۔

شدت غم والم سے وہ پھنکارے ماریں گے اور حال یہ ہو گا کہ جہنم میں کان پڑی آواز نہ سنائی دے گی، جیسے فرمایا:

فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ﴿۱۰۶﴾ [1]

ترجمہ: جو بد بخت ہوں گے وہ دوزخ میں جائیں گے (جہاں گرمی اور پیاس کی شدت سے) وہ ہانپیں گے اور پھنکارے ماریں گے۔

رہے وہ لوگ جو دنیا میں دعوت حق پر ایمان لائے اور اعمال صالحہ اختیار کیے، ایسے لوگوں کے بارے میں اللہ وعدہ فرما چکا ہے کہ وہ اس کے عذاب سے محفوظ ہوں گے اور وہ یقیناً جہنم کے عذاب سے اس قدر دور رکھے جائیں گے کہ اس کی سرسراہٹ تک نہ سنیں گے اور وہ ہمیشہ ہمیشہ جنت کی لازوال انواع واقسام کی نعمتوں میں ہوں گے جسے کسی آنکھ نے نہیں دیکھا نہ کسی کان نے سنا ہے اور نہ کسی کے دل میں ان کے طائر خیال کا گزر ہوا ہے، جیسے فرمایا:

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ... ﴿۲۶﴾ [2]

ترجمہ: جن لوگوں نے بھلائی کا طریقہ اختیار کیا ان کے لئے بھلائی ہے اور مزید فضل۔

ایک مقام پر فرمایا

هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿۶۰﴾ [3]

ترجمہ: نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے۔

اور روز محشر اللہ کی بارگاہ میں پیشی کے وقت جبکہ میدان میں جہنم غیض وغضب سے پھٹی جارہی ہو گی، جیسے فرمایا

تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ... ﴿۸﴾ [4]

ترجمہ: شدت غضب سے پھٹی جاتی ہو گی۔

اور اس میں سے ہولناک آوازیں بلند ہو رہی ہوں گی وہ خوف وحزن کے بجائے اطمینان سے ہوں گے، جیسے فرمایا

يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۶۸﴾ [5]

ترجمہ: اے میرے بندو! آج تمہارے لئے کوئی خوف نہیں اور نہ تمہیں کوئی غم لاحق ہو گا۔

بلکہ ان کا استقبال خندہ پیشانی سے ہو گا، جنت کے آٹھوں دروازوں پر اور اس کے اندر ملائکہ بڑھ کر ان کو ہاتھوں ہاتھ لیں گے، ہر طرف سلامتی سلامتی کی آوازیں ہوں گی اور ملائکہ اہل جنت کو کہیں گے کہ یہ تمہارا وہی دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔

---

[1] ھود۱۰۶

[2] یونس۲۶

[3] الرحمٰن۶۰

[4] الملک۸

[5] الزخرف۶۸

يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ؕ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ؕ وَعْدًا عَلَيْنَا ؕ

جس دن ہم آسمان کو یوں لپیٹ لیں گے جیسے طومار میں اوراق لپیٹ دیئے جاتے ہیں، جیسے کہ ہم نے اول دفعہ پیدائش کی تھی

اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَ لَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ

اسی طرح دوبارہ کریں گے، یہ ہمارے ذمے وعدہ ہے اور ہم اسے ضرور کر کے (ہی) رہیں گے، ہم زبور میں پند ونصیحت

اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا

ے بعد یہ لکھ چکے ہیں کہ زمین کے وارث میرے نیک بندے (ہی) ہوں گے، عبادت گزار بندوں کے لیے تو اس میں

لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ؕ ﴿۱۰۶﴾ (الانبیائ ۱۰۴تا۱۰۶)

کا یک بڑا پیغام ہے۔

روز قیامت ہم تہ بہ تہہ ساتوں آسمانوں کو ان کی عظمت ووسعت کے باوجود یوں لپیٹ کر رکھ دیں گے جیسے کاتب طومار اور رجسٹر لپیٹ دیتا ہے، جیسے فرمایا

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ... ﴿۶۷﴾ [1]

ترجمہ: ان لوگوں نے اللہ کی قدر ہی نہ کی جیسا کہ اس کی قدر کرنے کا حق ہے (اس کی قدرت کا حال تو یہ ہے کہ) قیامت کے روز پوری زمین اس کی مٹھی میں ہو گی اور آسمان اس کے دست راست میں لپٹے ہوئے ہوں گے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ يَقْبِضُ يَوْمَ القِيَامَةِ الأَرْضَ، وَتَكُونُ السَّمَوَاتُ بِيَمِينِهِ، ثُمَّ يَقُولُ: أَنَا المَلِكُ

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے روز زمین اس کی مٹھی میں ہو گی اور آسمان اس کے داہنے ہاتھ میں ہو گا پھر کہے گا کہ میں بادشاہ ہوں۔[2]

اور جس طرح ہم نے مخلوق کو ابتدا میں پیدا کیا تھا اسی طرح پھر ان کو پیدا کریں گے،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: خَطَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّكُمْ مَحْشُورُونَ إِلَى اللَّهِ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا، كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيدُهُ، وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِين

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن خطبہ ارشاد فرمایا تم قیامت کے دن اللہ کے سامنے ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بے ختنہ حشر کیے جاؤ گے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ''جس طرح ہم نے شروع میں اسے پیدا کیا تھا اسی طرح ہم اسے پھر لوٹائیں گے، یہ

---

[1] الزمر ۶۷

[2] صحیح بخاری کتاب التوحید الجھمیة باب قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ۷۴۱۲

ہمارے ذمہ وعدہ ہے، یقیناً ہم ایسا ضرور کرنے والے ہیں۔‘‘[1]

اور جو ابتدا پر قادر تھا وہ اعادہ پر اس سے زیادہ قادر ہے، تمام کائنات نیست و نابود ہو جائے گی اور پھر نئے سرے سے نئے قوانین کے ساتھ بنائی جائے گی۔ ہم زبور میں نصیحت کے بعد یہ لکھ چکے ہیں کہ زمین کے وارث ہمارے نیک بندے ہوں گے، بعض اس کی تفسیر دنیا کی زمین پر اہل ایمان کا تسلط کرتے ہیں اور اس کی تائید میں یہ آیت پیش کرتے ہیں۔

۔۔۔اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۟ۙ یُوْرِثُهَا مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ۔۔۔ ﴿۱۲۸﴾ [2]

ترجمہ: زمین اللہ کی ہے، اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اس کا وارث بناتا ہے۔

لیکن یہ تفسیر قرآن کی مجموعی تعلیمات کے خلاف ہے، اگر دنیا کی زمین مراد لی جائے تو بڑی بڑی مضبوط و مستحکم حکومتیں غیر مسلموں کی ہیں کیا ان کے حکمران اللہ کے برگزیدہ بندے ہیں؟ کیا اللہ تعالیٰ نے انہیں جزائے اعمال کے طور پر حکومت عطا کی ہے؟ کیا فرعون و نمرود کو بھی اللہ تعالیٰ نے جزائے اعمال کے طور پر مضبوط سلطنتیں عطا کی تھیں، دوسری بات یہ کہ یہ تفسیر سیاق و سباق سے بھی مناسبت نہیں رکھتی، اوپر جو مضمون مسلسل چلا آرہا ہے وہ عالم آخرت میں مومنین اور کفار و مشرکین کے انجام سے بحث کرتا ہے پھر یکا یک دنیا کی زمین کا قصہ کہاں سے آگیا، اور اگر دنیا کی ہی زمین مراد لی جائے اور اللہ مومنین صالحین ہی کو دنیا کی زمین کا وارث بنا دے تو یہ عارضی تسلط ہو گا جبکہ اللہ کا وعدہ ہمیشہ کی زمین (جنت الفردوس) سے ہے،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ الْأَرْضَ یَرِثُهَا عِبَادِیَ الصَّالِحُونَ، قَالَ: أَرْضُ الْجَنَّةِ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اس آیت کریمہ ’’زمین کے وارث میرے نیک بندے (ہی) ہوں گے۔‘‘ میں زمین سے مراد ارض جنت ہے۔[3]

جیسے فرمایا:

الَّذِیْنَ یَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱﴾ [4]

ترجمہ: یہی لوگ وہ وارث ہیں جو میراث میں فردوس پائیں گے اور اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

ایک مقام پر زیادہ وضاحت سے فرمایا

وَسِیْقَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِیْنَ ﴿۷۳﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ

---

[1] صحیح بخاری کتاب التفسیرسورۂ الانبیاء بَابُ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِیدُهُ وَعْدًا عَلَیْنَا ۴۷۴۰ ،صحیح مسلم کتاب الجنة بَابُ فَنَاءِ الدُّنْیَا وَبَیَانِ الْحَشْرِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ۷۲۰۱

[2] الاعراف۱۲۸

[3] تفسیرطبری۱۸،۵۴۹،تفسیرابن ابی حاتم ۲۴۷۰، ۸

[4] المومنون۱۱

الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ ﴿۷۴﴾ [۱]

ترجمہ:اور جن لوگوں نے اپنے رب کے خوف سے تقویٰ اختیار کیا تھا وہ جنت کی طرف گروہ در گروہ لے جائے جائیں گے یہاں تک کہ جب وہ وہاں پہنچ جائیں گے تو ان کے لئے جنت کے دروازے کھول دیے جائیں گے اور اس کے منتظم ان سے کہیں گے کہ سلام ہو تم کو، تم بہت اچھے رہے، آؤ اب اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہنے کے لئے داخل ہو جاؤ، اور وہ کہیں گے کہ حمد ہے اس رب کی جس نے ہم سے اپنا وعدہ پورا کیا اور ہم کو زمین کا وارث کر دیا، اب ہم جنت میں جہاں چاہیں اپنی جگہ بنا سکتے ہیں، پس بہترین اجر ہے عمل کرنے والوں کے لئے۔

ان دونوں آیات میں زمین سے مراد جنت کی زمین ہی ہے، اسی مضمون کی ایک اور آیت ہے

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِی الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَ لَیُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِیْنَهُمُ الَّذِی ارْتَضٰى لَهُمْ وَ لَیُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ یَعْبُدُوْنَنِیْ لَا یُشْرِكُوْنَ بِیْ شَیْــٴًـا ؕ وَ مَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓىٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾ [۲]

ترجمہ:اللہ نے وعدہ فرمایا ہے تم میں ان لوگوں کے ساتھ جو ایمان لائیں اور نیک عمل کریں کہ وہ ان کو اسی طرح زمین پر خلیفہ بنائے گا جس طرح ان سے پہلے گزرے ہوئے لوگوں کو بنا چکا ہے، ان کے لئے ان کے دین کو مضبوط بنیادوں پر قائم کر دے گا جسے اللہ تعالیٰ نے ان کے حق میں پسند کیا ہے۔

یہاں خلافت کا لفظ حکومت کے معنی میں استعمال ہوا ہے جو اللہ کے امر شرعی کے مطابق اس کی نیابت کا ٹھیک ٹھیک حق ادا کرنے والی ہو، اس لئے قیام خلافت کا ثمرہ بتایا گیا کہ اللہ کا پسندیدہ دین یعنی اسلام مضبوط بنیادوں پر قائم ہو جائے گا اور اسی لئے اس انعام کو عطا کرنے کی شرط بتائی گئی کہ خالص اللہ کی بندگی پر قائم رہو جس میں شرک کی ذرہ برابر آمیزش نہ ہونے پائے، اور اللہ تعالیٰ نے یہ وعدہ سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ، سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں پورا کر دیا، خشوع و خضوع سے اللہ کی عبادت کرنے والوں کے لئے اس میں ایک بڑی خبر ہے۔

وَ مَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ اِنَّمَا یُوْحٰۤى اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ

اور ہم نے آپ کو تمام جہان والوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے، کہہ دیجئے! میرے پاس تو بس وحی کی جاتی ہے کہ تم سب کا

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ

معبود ایک ہی ہے، تو کیا تم بھی اس کی فرماں برداری کرنے والے ہو؟ پھر اگر یہ منہ موڑ لیں تو کہہ دیجئے کہ میں نے تمہیں

وَ اِنْ اَدْرِیْۤ اَقَرِیْبٌ اَمْ بَعِیْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ اِنَّهٗ یَعْلَمُ الْجَهْرَ

یکساں طور پر خبر دار کر دیا ہے، مجھے علم نہیں کہ جس کا وعدہ تم سے کیا جا رہا ہے وہ قریب ہے یا دور، البتہ اللہ تعالیٰ تو کھلی اور

---

[۱] الزمر ۷۳، ۷۴

[۲] النور ۵۵

مِنَ الْقَوْلِ وَ يَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ وَ اِنْ اَدْرِیْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ

ظاہر بات کو بھی جانتا ہے اور جو تم چھپاتے ہو اسے بھی جانتا ہے، مجھے اس کا بھی علم نہیں، ممکن ہے یہ تمہاری آزمائش ہو اور

وَ مَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۱۱﴾ قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَ رَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ

ایک مقرر وقت تک کا فائدہ (پہنچانا) ہے، خود نبی نے کہا اے رب! انصاف کے ساتھ فیصلہ فرما، اور ہمارا رب بڑا مہربان

عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ (الانبیائ ۱۰۷ تا ۱۱۲)

ہے جس سے مدد طلب کی جاتی ہے ان باتوں پر جو تم بیان کرتے ہو۔

اے نبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ! تم سے پہلے جتنے انبیاء و رسل آئے وہ خاص قوم اور خاص وقت کے لئے تھے لیکن آپ کو تمام دنیا والوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللهِ ادْعُ عَلَى الْمُشْرِكِينَ قَالَ: إِنِّي لَمْ أُبْعَثْ لَعَّانًا، وَإِنَّمَا بُعِثْتُ رَحْمَةً

ابوہریرہ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سے مروی ہے عرض کی گئی اے اللہ کے رسول صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ! آپ مشرکوں کے لیے بددعا فرمائیں آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا مجھے لعنت کرنے والا بنا کر نہیں بھیجا گیا مجھے تو رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے۔[1]

ان سے کہو میرے پاس جو وحی آتی ہے وہ یہ ہے کہ اللہ وحدہ لاشریک کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے، اس کے سوا کوئی ہستی عبادت کی مستحق نہیں، پھر کیا تم طاغوت کی بندگی سے تائب ہو کر اپنے معبود حقیقی کی بارگاہ میں سراطاعت جھکاتے ہو؟ اس کی عبودیت کو اختیار اور اس کی الوہیت کے سامنے سر تسلیم خم کرتے ہو؟ اگر وہ اس دعوت توحید کو قبول نہ کریں تو انہیں تباہ شدہ قوموں پر نازل ہونے والے عذاب سے ڈراؤ اور علی الاعلان کہہ دو کہ میں نے تم کو اللہ کے عذاب اور روز محشر اللہ کی بارگاہ میں جوابدہی سے متنبہ کر دیا ہے، جب اللہ کے عذاب کا کوڑا برسے تو یہ نہ کہنا

...مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ... ﴿۱۹﴾ [2]

ترجمہ: ہمارے پاس کوئی بشارت دینے والا اور ڈرانے والا نہیں آیا۔

اب اگر تم دعوت توحید سے منہ موڑتے ہو تو ہمارے راستے جدا جدا ہیں، تم ہمارے دشمن ہو اور ہم تمہارے، جیسے فرمایا:

فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْٓـــُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۱﴾ [3]

ترجمہ: تو کہہ دے کہ میرے لئے میرا عمل ہے اور تمہارے لئے تمہارا عمل ہے، تم میرے اعمال سے بری ہو اور میں تمہارے کرتوتوں سے بے زار ہوں۔

---

[1] صحیح مسلم کتاب الْبِرِّ وَالصِّلَةِ وَالْآدَابِ بَابُ النَّهْيِ عَنْ لَعْنِ الدَّوَابِّ وَغَيْرِهَا ۲۶۱۳

[2] المائدہ ۱۹

[3] یونس ۴۱

ایک مقام پر فرمایا:

وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿٥٨﴾ [1]

ترجمہ: اور اگر کبھی تمہیں کسی قوم سے خیانت کا اندیشہ ہو تو اس کے معاہدے کو علانیہ اس کے آگے پھینک دو یقیناً اللہ خائنوں کو پسند نہیں کرتا۔

اور ہماری تمہاری کھلی جنگ ہے، یقین جانو کہ قیامت کا جو وعدہ تم سے کیا جا رہا ہے وہ ضرور پورا ہونے والا ہے، مگر میں نہیں جانتا کہ جس عذاب کا تمہارے ساتھ وعدہ کیا گیا ہے وہ قریب ہے یا دور، اس کا علم اللہ کے پاس ہے، اور اسی کے قبضہ قدرت میں ہے میرے اختیار میں کچھ نہیں ہے، اللہ وہ باتیں بھی جانتا ہے جو باآواز بلند کہی جاتی ہیں اور وہ بھی جو تم چھپا کر کرتے ہو اور میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ وعدہ الٰہی میں تاخیر شاید تمہارے لئے ایک آزمائش ہو اور تمہیں ایک مقررہ وقت تک کے لئے ڈھیل دی جا رہی ہے، تو یہ تمہارے لئے دردناک عذاب کا باعث ہو گا، آخر کار رسول نے کہا کہ اے میرے رب! ہم میں اور ہماری قوم میں حق کے ساتھ فیصلہ کر دے اور تو ہی بہتر فیصلہ کرنے والا ہے، جیسے فرمایا:

۔۔۔رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿٨٩﴾ [2]

ترجمہ: اے رب! ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان ٹھیک فیصلہ کر دے اور تو بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔

عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا شَهِدَ قِتَالًا قَالَ: رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ

زید بن اسلم سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ! جب میدان جنگ میں تشریف لاتے تو یہ دعا پڑھتے اے میرے پروردگار! حق کے ساتھ فیصلہ کر دے۔ [3]

لوگو تم میری بابت جو مختلف باتیں بناتے ہو ان کے مقابلے میں ہمارا رب رحمان ہی مہربانی کرنے والا اور وہی مدد کرنے والا ہے۔

مضامین سورۂ الزخرف:

اہل مکہ اپنے مشرکانہ عقائد و نظریات کے سلسلہ میں جو دلائل پیش کرتے تھے اس سورۂ میں ان کے ان جاہلانہ عقائد و اوہام پر تنقید اور توحید کی عظمت کو اجاگر کیا گیا ہے۔

○ رسول اللہ ﷺ کے دائمی معجزہ روشن اور واضح کتاب کی قسم کھا کر فرمایا کہ ہم نے اسے عربی قرآن بنایا ہے تاکہ تم سمجھو اور یہ لوح محفوظ میں ہمارے پاس لکھی ہوئی اور بڑی فضیلت اور حکمت والی ہے۔

○ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ کے بارے میں فرمایا یہ بغیر ستونوں کے آسمان کی بلند نیلی چھت، یہ زمین کا ہموار فرش، یہ بلند و بالا ٹھوس پہاڑ، یہ پانی سے لبریز بہتی نہریں، یہ تاحد نظر پھیلے ہوئے سمندر، یہ آسمان سے قطرہ قطرہ برسنے والی بارش، یہ سطح آب پر رواں دواں کشتیاں اور جہاز اور یہ ہر طرح کے چوپائے جن کا گوشت کھانے کے کام بھی آتا ہے اور وہ نقل و حمل کے بہترین ذرائع بھی ثابت ہوتے ہیں، یہ سب

---

[1] الانفال ۵۸

[2] الاعراف۸۹

[3] مجموع الفتاوی لابن تیمیه۲۶۵ /۱۵

اپنے خالق اور صانع کی قدرت اور حکمت کے زندہ گواہ ہیں، تم اللہ کی ان نعمتوں سے فائدہ حاصل کرتے ہو مگر پھر بھی غیر اللہ کو اللہ وحدہ لاشریک کے ساتھ شریک کرنے پر اصرار کیے جاتے ہو۔

○مشرکین کے پاس اپنے شرک کے حق میں ایک دلیل یہ تھی کہ ہمارے آباؤاجداد اسی دین پر کاربند تھے اس کے جواب میں فرمایا کہ کسی مذہب و دین کی حقانیت کی بنیاد آباؤاجداد اور اسلاف کا تعامل نہیں، تمہارے سامنے ابراہیم علیہ السلام کی مثال موجود ہے جن کی اولاد ہونے پر ہی تمہارے سارے فخر و امتیاز کا مدار ہے اور جن کے بارے میں دعویٰ کرتے ہو کہ تم ان کی ملت اور شریعت کے پیروکار ہو کہ انہوں نے تو آباؤاجداد کی اندھی تقلید کے بجائے اپنی مشرک قوم اور آباؤاجداد کے مذہب کو بانگ دہل ٹھکرا دیا تھا کیونکہ اس میں آسمانی تعلیم کی تائید شامل نہ تھی، اس لیے تم بھی ابراہیم علیہ السلام کی طرح آباؤاجداد کے اس خلاف فطرت اور خلاف شریعت دین کو خیرباد کہہ دو اور حقیقی دین یعنی ملت ابراہیمی میں داخل ہو جاؤ۔

○ایک دلیل یہ پیش کی جاتی تھی کہ عیسائی عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کا بیٹا مان کر ان کی پوجا کرتے ہیں حالانکہ وہ انجیل کے علمبردار اور امین ہیں، اس اشکال کے ازالے کے لیے فرمایا کہ عیسیٰ علیہ السلام یا ان کے علاوہ کسی اور نبی نے کبھی نہ تو شرک کیا اور نہ ہی اپنے پیروکاروں کو شرک کی تلقین کی، ان کی تعلیم تو وہی تھی جو دنیا کے ہر نبی نے دی تھی کہ میرا رب بھی اللہ ہے

اور تمہارا رب بھی، لہذا تم اسی کی عبادت کرو، اور میدان حشر میں جب عیسیٰ علیہ السلام سے اس شرک کی بابت سوال کیا جائے گا تو آپ اس سے برات کا اعلان کر دیں گے۔[1]

اصل حقیقت یہ ہے کہ عیسائیوں نے از خود شرک کا آغاز کیا اس لیے ان کی گمراہی کو بطور دلیل پیش نہیں کیا جا سکتا۔

○مشرکین کے عقائد و نظریات کی نامعقولیت کے ذکر کے بعد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ شریر لوگوں کی شرانگیزی کی وجہ سے وحی کا سلسلہ منقطع نہیں کیا کرتا بلکہ جو لوگ اس وحی کو نہ مانیں اور اس وحی کے امین نبی کی مخالفت پر کمربستہ ہو جائیں ان کو ہلاک کر کے اللہ کی زمین کو ان کے شر سے پاک کر دیا جاتا ہے، صراحت کی گئی کہ یہ دعوائے توحید کو جزوی طور پر تسلیم کرتے ہیں یعنی زمین و آسمان، جن و انس اور اس عظیم الشان کائنات کے ہر ذرے کا خالق اللہ تعالیٰ ہی کو سمجھتے ہیں مگر اس صحیح عقیدہ میں شیطان مردود کے بہکاوے میں آ کر شرک کی آمیزش کر دیتے ہیں اور پھر انانیت اور نفس پرستی کے باعث اسی غلط عقیدے پر جم جاتے ہیں، اس شرک میں ان کے غلو کی انتہا یہ ہے کہ وہ فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں قرار دے کر ان کے مجسمے تراشتے ہیں اور زنانہ کپڑے اور زیور پہنا کر ان کی پرستش میں مشغول ہو جاتے ہیں کیا یہ وقت وہاں موجود تھے جب اللہ نے فرشتوں کو پیدا کیا تھا؟ اور انہیں علم ہو گیا کہ فرشتے عورتیں ہیں؟ حالانکہ یہ خود بیٹیوں کو اپنے لیے ننگ و عار سمجھتے ہیں اور انہیں زندہ درگور کر دینے کی تدبیریں سوچنے لگتے ہیں مگر اللہ کے لیے بیٹیاں تجویز کرتے ہیں۔

○جب انہیں اس کفر و شرک پر ٹوکا جاتا ہے تو تقدیر کو بہانہ بنا کر اپنے شرک کے لیے جواز پیدا کرنا شروع کر دیتے ہیں اور اس کی توجیہ یوں کرتے ہیں کہ اگر ہمارے اس عمل میں اللہ تعالیٰ کی رضا شامل حال نہ ہوتی تو وہ ہم کو اس شرک کی مہلت ہی کیوں دیتا؟ حالانکہ اللہ کی پسند و ناپسند معلوم کرنے کا یہ معیار اور کسوٹی نہیں اور نہ ان کے آباؤاجداد کا پشت در پشت ان نظریات پر کاربند رہنا کوئی دلیل ہے، اصل

---

[1] المائدہ ۱۱۶تا۱۱۸

دلیل اور معیار تو وحی الٰہی ہے جس کے ذریعے ہم اللہ کی پسند و ناپسند کی پہچان کر سکتے ہیں، باقی رہا معاملہ اللہ کی مشیت کا تو کیا اس دنیا میں جس قدر کام ہو رہے ہیں مثلاً زنا، قتل و غارت، چوری اور ڈکیتی وغیرہ یہ سب اللہ کی رضا کے تحت ہو رہے ہیں؟ کوئی بھی سلیم الفطرت انسان یہ بات قبول نہیں کر سکتا۔

○رسول اللہ ﷺ کی رسالت و نبوت کو تسلیم کرنے کے سلسلہ میں کفار مکہ کو یہ اعتراض تھا کہ آپ ﷺ کے پاس مال و دولت، اقتدار اور ظاہری شان و شوکت کا بھی کوئی سامان نہیں ہے، اگر اللہ نے کسی کو نبی بنانا تھا تو پھر طائف اور مکہ مکرمہ کے کسی بڑے آدمی کو بنانا چاہیے تھا اس کے جواب میں فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام کی نبوت کے اقرار سے فرار کے لیے فرعون کی دلیل بھی ایسی ہی تھی کہ اگر اللہ نے میرے پاس کوئی ایلچی بھیجنا تھا تو اسے سونے کے کنگن پہنا کر اور فرشتوں کا ایک دستہ اس کی اردلی میں دے کر بھیجتا، فرمایا اللہ تعالیٰ کی طرف سے نبوت و رسالت دینے کے لیے انسان کے پاس ان مادی اسباب کا ہونا شرط نہیں ہے۔

○اہل مکہ نے عیسائیوں کے عمل سے جو استدلال کیا اس کے جواب میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی کوئی اولاد نہیں اور نہ اللہ کے ہاں ایسا کوئی سفارشی سفارش کر سکے گا جو اللہ تعالیٰ کے عذاب اور سزا سے تم کو بچا سکے کیونکہ شفاعت کا حق اللہ تعالیٰ صرف صالحین اور نیک لوگوں کو دے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ وَ الۡکِتٰبِ الۡمُبِیۡنِ ۙ﴿۲﴾ اِنَّا جَعَلۡنٰہُ قُرۡءٰنًا عَرَبِیًّا لَّعَلَّکُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ ۚ﴿۳﴾

حم، قسم ہے اس واضح کتاب کی، ہم نے اسکو عربی زبان کا قرآن بنایا ہے کہ تم سمجھ لو ،یقیناً یہ لوح محفوظ میں ہے

وَ اِنَّہٗ فِیۡۤ اُمِّ الۡکِتٰبِ لَدَیۡنَا لَعَلِیٌّ حَکِیۡمٌ ؕ﴿۴﴾ (الزخرف ۱تا۴)

اور ہمارے نزدیک بلند مرتبہ حکمت والی ہے۔

حم، قسم ہے اس قرآن کریم کی جس کے الفاظ و معنی اور مضامین واضح اور عام فہم ہیں، جیسے فرمایا

وَلَقَدۡ یَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّکۡرِ فَہَلۡ مِنۡ مُّدَّکِرٍ ﴿۱۷﴾ [1]

ترجمہ: ہم نے اس قرآن کو نصیحت کے لیے آسان ذریعہ بنا دیا ہے پھر کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا۔

اسے محمد رسول اللہ ﷺ نے تصنیف نہیں کیا بلکہ ہم نے اسے دنیا کی فصیح و بلیغ ترین زبان عربی زبان میں نازل کیا ہے، جیسے فرمایا

بِلِسَانٍ عَرَبِیٍّ مُّبِیۡنٍ ﴿۱۹۵﴾ [2]

ترجمہ: صاف صاف عربی زبان میں۔

تاکہ تم لوگ اس کے الفاظ و معنی کو آسانی سے جانچ، پرکھ اور سمجھ سکو اور اس سے نصیحت و عبرت حاصل کرو، درحقیقت یہ لوح محفوظ میں ثبت

---

[1] القمر ۱۷

[2] الشعرائ ۱۹۵

ہے جو اللہ کے ہاں بڑی بلند مرتبہ اور حکمت سے لبریز کتاب ہے، قرآن مجید کی رفعت وعظمت کو واضح کرنے کے لیے متعدد مقامات پر فرمایا

فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿۷۵﴾ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿۷۶﴾ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿۷۷﴾ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿۷۸﴾ لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿۷۹﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾ [۱]

ترجمہ: پس نہیں میں قسم کھاتا ہوں تاروں کے مواقع کی اور اگر تم سمجھو تو یہ بہت بڑی قسم ہے کہ یہ ایک بلند پایہ قرآن ہے، ایک محفوظ کتاب میں ثبت، جسے مطہرین کے سوا کوئی چھو نہیں سکتا یہ رب العالمین کا نازل کردہ ہے۔

كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ﴿۱۱﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۱۲﴾ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ﴿۱۳﴾ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ﴿۱۴﴾ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ﴿۱۵﴾ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾ [۲]

ترجمہ: ہرگز نہیں، یہ تو ایک نصیحت ہے جس کا جی چاہے اسے قبول کرے، یہ ایسے صحیفوں میں درج ہے جو مکرم ہیں، بلند مرتبہ ہیں، پاکیزہ ہیں معزز اور نیک کاتبوں کے ہاتھوں میں رہتے ہیں۔

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾ [۳]

ترجمہ: (ان کے جھٹلانے سے اس قرآن کا کچھ نہیں بگڑتا) بلکہ یہ قرآن بلند پایہ ہے اس لوح میں (نقش ہے) جو محفوظ ہے۔

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۹۲﴾ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿۱۹۳﴾ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿۱۹۵﴾ وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۹۶﴾ [۴]

ترجمہ: یہ رب العالمین کی نازل کردہ چیز ہے، اسے لے کر تیرے دل پر امانت دار روح اتری ہے تا کہ تو ان لوگوں میں شامل ہو جو (اللہ کی طرف سے اس کی مخلوق کو) متنبہ کرنے والے ہیں، صاف صاف عربی زبان میں اور اگلے لوگوں کی کتابوں میں بھی یہ موجود ہے۔

اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ﴿۵﴾ وَكَمْ اَرْسَلْنَا

کیا ہم اس نصیحت کو تم سے اس بنا پر ہٹا لیں کہ تم حد سے گزر جانے والے لوگ ہو، اور ہم نے اگلے لوگوں

مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶﴾ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۷﴾

میں بھی کتنے ہی نبی بھیجے جو نبی ان کے پاس آیا انہوں نے اس کا مذاق اڑایا

فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸﴾ (الزخرف ۵ تا ۸)

پس ہم نے ان سے زیادہ زور آوروں کو تباہ کر ڈالا اور اگلوں کی مثال گزر چکی ہے۔

---

[۱] الواقعة ۷۵ تا ۸۰

[۲] عبس ۱۱ تا ۱۶

[۳] البروج ۲۱،۲۲

[۴] الشعراء ۱۹۲ تا ۱۹۶

کفر کاانجام بد:

اللہ نے اپنی رحمت سے صدیوں سے سخت جہالت اور پستی میں مبتلا قوم میں اپنا رسول مبعوث فرمایا،انہیں زندگی گزارنے کاصحیح راستہ اختیار کرنے، حقیقت سے اگاہ کرنے، غفلت سے بیدار کرنے، جاہلانہ ادہام کے چکروں سے نکالنے کے لئے خود اپنا جلیل القدر کلام نازل فرمایامگرخودغرض قبائلی سرداراس پاکیزہ دعوت پرغور وفکر کرنے کے بجائے اپنے مفادات اور تعصّبات کی وجہ سے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے پیچھے ہاتھ دھو کر پڑ گے،اس پاکیزہ دعوت کو روکنے اور ناکام بنانے کے لئے ایڑی چوٹی کازورلگادیا،وقت کے ساتھ ساتھ جن لوگوں میں حق قبول کرنے کی لگن وامنگ اور جستجو تھی لوگ دائرہ اسلام میں داخل ہوتے چلے گئے ویسے ویسے ان کی عداوت اور شرارتیں بڑھتی چلی گئیں یہاں تک کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو قتل کردینے کی ٹھان لی گئی،ان حالات میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کیاہم تم لوگوں سے تمہارے اعراض اور عدم اطاعت کی بناپر منہ موڑ کرانزال قرآن کاسلسلہ بند کرکے درس نصیحت روک دیں،حالاں کہ یہ تو اللہ کولطف وکرم ہے کہ وہ روگردانی کرنے والوں کے انکاراور شیطان صفت لوگوں کی شرارتوں کے باوجود انہیں نصیحت وموعطت کرنی نہیں چھوڑتا تاکہ جوان میں دعوت حق قبول کرنے والے ہیں اس پر ایمان لاکر راہ راست پر آجائیں اور جومحض اپنے فخروغروراور تعصب کی بناپر قبول نہیں کرتے ان پر حجت قائم ہوجائے،اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم!تم سے پہلے بھی ہم نے ہربستی میں نبی بھیجے ہیں جو اپنی اپنی قوموں کواللہ وحدہ لاشریک کی عبادت واطاعت کاحکم دیتے تھے،جیسے فرمایا

اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ ھٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝۵۱ [1]

ترجمہ:اللہ میرا رب بھی ہے اور تمہارا رب بھی،لہٰذا تم اسی کی بندگی اختیار کرو یہی سیدھا راستہ ہے۔

وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ ھٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝۳۶ [2]

ترجمہ:اللہ میرا رب بھی ہے اور تمہارا رب بھی،پس تم اس کی بندگی کرو یہی سیدھی راہ ہے۔

مگر ہردور کے کفار ومشرکین نے اپنے باطل معبودوں کی محبت اور ان کی خیالی طاقت وقدرت کے گھمنڈ میں ان آسمانی تعلیمات کامذاق اڑایاہومگر اللہ تعالیٰ نے انسانوں پرلطف وکرم کرتے ہوئے رسولوں کومبعوث کرنااور ان پر کتابیں اور صحیفے نازل کرنے کاسلسلہ بند نہیں کیا،

عَنْ قَتَادَةَ، {أَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا أَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُسْرِفِينَ}أَيْ مُشْرِكِينَ، وَاللَّهِ لَوْ كَانَ هَذَا الْقُرْآنُ رُفِعَ حِينَ رَدَّهُ أَوَائِلُ هَذِهِ الْأُمَّةِ لَهَلَكُوا فَدَعَاهُمْ إِلَيْهِ عِشْرِينَ سَنَةً، أَوْ مَا شَاءَ اللَّهُ مِنْ ذَلِكَ

قتادہ رَحِمَہُ اللہُ اس آیت کریمہ ’’کیاہم اس نصیحت کوتم سے اس بناپر ہٹالیں کہ تم حد سے گزرجانے والے لوگ ہو۔‘‘کے بارے میں قول ہے اللہ کی قسم!اگریہ قرآن اس وقت اٹھالیاجاتاجب اس امت کے ابتدائی لوگوں نے اسے ماننے سے انکار کردیاتھاتو وہ سب ہلاک ہوجاتے، مگر اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت وبھلائی کے ساتھ ان پر رجوع فرمایااور تکرار کے ساتھ بیس سال یاجتناعرصہ اس کی مرضی تھی انہیں اس کی طرف دعوت دی۔[3]

---

[1] آل عمران۵۱

[2] مریم۳۶

[3] تفسیرطبری۵۶۸،۲۱

پھر جولوگ باطل پرستی کے نشے اور طاقت و قوت کے گھمنڈ میں بدمست ہو کر انبیاء و مرسلین کا تمسخر اڑانے سے باز نہ آئے تو آخر کار ایک وقت مقررہ پر انہیں صفحہ ہستی سے مٹادیا گیا، پھر جب ان پر اللہ کا قہر و غضب ٹوٹ پڑا تو اللہ نے ان لوگوں کو جو تم سے تعداد، طاقت، قوت اور وسائل و اسباب میں زیادہ تھے، جیسے فرمایا

...كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ... ﴿۸۲﴾ [۱]

ترجمہ: وہ اِن سے تعداد میں زیادہ تھے، اِن سے بڑھ کر طاقتور تھے اور زمین میں اِن سے زیادہ شاندار آثار چھوڑ گئے ہیں۔

مچھروں کی طرح مسل کر ہمیشہ کے لئے نگاہ عبرت بنادیا، اللہ تعالیٰ کی یہ ہمیشہ سے سنت چلی آتی ہے کہ جو قوم اللہ کی دعوت کو تسلیم نہیں کرتی پہلے اسے ایک خاص وقت تک مہلت دی جاتی ہے مگر جب وہ قوم اپنی سرکشی سے باز نہیں آتی تو پھر صفحہ ہستی سے مٹادی جاتی ہے، جیسے فرمایا

...سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ... ﴿۸۵﴾ [۲]

ترجمہ: کیوں کہ یہی اللہ کا مقرر ضابطہ ہے جو ہمیشہ اس کے بندوں میں جاری رہا ہے۔

سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ښ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ [۳]

ترجمہ: یہ اللہ کی سنت ہے جو پہلے سے چلی آرہی ہے اور تم اللہ کی سنت میں کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔

تمہاری ہدایت و رہنمائی کے لیے پچھلی تباہ شدہ اقوام کے عبرت ناک واقعات ہم بیان کر چکے ہیں۔

وَ لَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ

اگر آپ ان سے دریافت کریں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو یقیناً ان کا جواب یہی ہو گا کہ انہیں غالب و دانا

الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ۙ﴿۹﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّ جَعَلَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ

(اللہ) ہی نے پیدا کیا ہے، وہی ہے جس نے تمہارے لیے زمین کو فرش (بچھونا) بنایا اور اس میں تمہارے لیے راستے

تَهْتَدُوْنَ ۚ﴿۱۰﴾ وَ الَّذِيْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ ۚ فَاَنْشَرْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ

کر دیئے تا کہ تم راہ پالیا کرو، اسی نے آسمان سے ایک اندازے کے مطابق پانی نازل فرمایا، پس ہم نے اس مردہ شہر کو

كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۱﴾ (الزخرف ۹تا۱۱)

وزندہ کر دیا اسی طرح تم نکالے جاؤ گے۔

اے نبی ﷺ! اگر آپ ان کفار و مشرکین سے پوچھیں کہ زمین اور آسمانوں اور ان کے درمیان جو کچھ ہے کس نے تخلیق کیا ہے تو وہ یقیناً یہی

[۱] المومن ۸۲

[۲] المومن ۸۵

[۳] الفتح ۲۳

جواب دیں گے کہ انہیں غالب و دانا اللہ مالک الملک نے ہی پیدا فرمایا ہے، جس کے اقتدار اور غلبہ کے سامنے اولین وآخرین تمام مخلوقات اپنے ظاہر و باطن کے ساتھ سرنگوں ہیں لیکن اس کی وحدانیت کو تسلیم کرنے کے باوجود یہ لوگ اس کے بیشمار شریک ٹھہراتے ہیں، جو نہ کچھ پیدا کر سکتے ہیں، نہ رزق عطا کر سکتے ہیں، نہ نفع و نقصان کے مالک ہیں اور نہ ہی زندگی و موت ان کے اختیار میں ہے، جیسے فرمایا

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ۞ ۳ [۱]

ترجمہ:لوگوں نے اسے چھوڑ کر ایسے معبود بنا لیے جو کسی چیز کو پیدا نہیں کرتے بلکہ خود پیدا کیے جاتے ہیں، جو خود اپنے لیے بھی کسی نفع یا نقصان کا اختیار نہیں رکھتے، جو نہ مار سکتے ہیں نہ جلا سکتے ہیں، نہ مرے ہوئے کو پھر اٹھا سکتے ہیں۔

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ قُلِ اللّٰهُ ۭ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۔۔ ۞ ۱۶ [۲]

ترجمہ:اِن سے پوچھو آسمان و زمین کا رب کون ہے؟ کہو اللہ، پھر ان سے کہو کہ جب حقیقت یہ ہے تو کیا تم نے اسے چھوڑ کر ایسے معبودوں کو اپنا کارساز ٹھہرا لیا جو خود اپنے لیے بھی کسی نفع و نقصان کا اختیار نہیں رکھتے؟۔

قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ۔۔۔ ۞ ۷۶ [۳]

ترجمہ:اِن سے کہو کیا تم اللہ کو چھوڑ کر اس کی پرستش کرتے ہو جو نہ تمہارے لیے نقصان کا اختیار رکھتا ہے نہ نفع کا؟۔

اسی اللہ قادر مطلق نے تمہارے لئے اس زمین کو جو ایک ہزار میل فی گھنٹہ کی رفتار سے اپنے محور پر گھوم رہی ہے، جو ۶۶۶۰۰ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے رواں دواں ہے، مگر اس کے باوجود اسے پرسکون گہوارہ کی طرح بنا دیا، اور انسانوں کی نقل و حمل کے لیے پہاڑی سلسلوں کے درمیان میں درے اور کوہستانی اور میدانی علاقوں میں دریاؤں کے قدرتی راستے بنا دیے اور روئے زمین میں قسم قسم کے امتیازی نشانات قائم کر دیے تاکہ تم ان قدرتی راستوں اور نشانات کی مدد سے کاروباری، تجارتی اور دیگر مقاصد کے لیے ایک شہر سے دوسرے شہر اور ایک ملک سے دوسرے ملک پہنچ سکو، جیسے فرمایا

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا ۔۔۔ ۞ ۵۳ [۴]

ترجمہ:وہی جس نے تمہارے لیے زمین کا فرش بچھایا اور اس میں تمہارے چلنے کو راستے بنائے۔

وَجَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ ۠ وَجَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۞ ۳۱ [۵]

ترجمہ:اور ہم نے زمین میں پہاڑ جما دیے تا کہ وہ انہیں لے کر ڈھلک نہ جائے اور اس میں کشادہ راہیں بنا دیں شاید کہ یہ لوگ اپنا راستہ

[۱] الفرقان ۳

[۲] الرعد ۱۶

[۳] المائدۃ ۷۶

[۴] طٰہٰ ۵۳

[۵] الانبیاء ۳۱

معلوم کرلیں۔

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ۝١٩ لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ۝٢٠ [1]

ترجمہ: اور اللہ نے زمین کو تمہارے لیے فرش کی طرح بچھادیا تاکہ تم اس کے اندر کھلے راستوں میں چلو۔

اسی اللہ رزاق متین نے اپنی قدرت وحکمت سے ہر علاقے کے لیے بارش کی ایک خاص مقدار مقرر فرمائی، جیسے فرمایا

وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ ۚ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۝٢١ [2]

ترجمہ: کوئی چیز ایسی نہیں جس کے خزانے ہمارے پاس نہ ہوں، اور جس چیز کو بھی ہم نازل کرتے ہیں ایک مقرر مقدار میں نازل کرتے ہیں۔

جس کے ذریعے سے وہ مردہ زمین کو جلا اٹھاتا ہے، یہ اس بات کی کھلی دلیل ہے کہ اسی طرح ایک روز اللہ تم بھی اپنی قبروں سے اسی جسم وجان کے ساتھ دوبارہ زندہ کرے گا اور تمہارے اعمال کی جزادے گا، جیسے فرمایا

وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۭ حَتّٰٓي اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَاۗءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۭ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝٥٧ [3]

ترجمہ: اور وہ اللہ ہی ہے جو ہواؤں کو اپنی رحمت کے آگے آگے خوشخبری لیے ہوئے بھیجتا ہے، پھر جب وہ پانی سے لدے ہوئے بادل اٹھا لیتی ہیں تو انہیں کسی مردہ سرزمین کی طرف حرکت دیتا ہے اور وہاں مینہ برسا کر (اسی مری ہوئی زمین سے) طرح طرح کے پھل نکال لاتا ہے، دیکھو، اس طرح ہم مردوں کو حالت موت سے نکالتے ہیں شاید کہ تم اس مشاہدے سے سبق لو۔

وَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَ الْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ ۝١٢

جس نے تمام چیزوں کے جوڑے بنائے اور تمہارے لیے کشتیاں بنائیں اور چوپائے جانور (پیدا کیے) جن پر تم سوار ہوتے ہو،

لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَ تَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ

تاکہ تم ان کی پیٹھ پر جم کر سوار ہو اکر و پھر اپنے رب کی نعمت کو یاد کرو جب اس پر ٹھیک ٹھاک بیٹھ جاؤ اور کہو پاک ذات ہے

الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَ مَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۝١٣ وَ اِنَّآ اِلٰى

اس کی جس نے ہمارے بس میں کر دیا حالانکہ ہمیں اسے قابو کرنے کی طاقت نہ تھی، اور بالیقین ہم اپنے رب کی طرف

رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝١٤ (الزخرف ۱۲تا۱۴)

لوٹ کر جانے والے ہیں۔

[1] نوح۲۰،۱۹

[2] الحجر۲۱

[3] الاعراف۵۷

وہی تو تمہارا رب ہے جس نے اپنی قدرت کاملہ سے انسانوں، حیوانات، پرندوں، نباتات، کھیتیاں، پھل پھول الغرض ہر چیز کے جوڑے بنائے، جیسے فرمایا:

...وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ... ③ [1]

ترجمہ: اسی نے ہر طرح کے پھلوں کے جوڑے پیدا کیے ہیں۔

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ㊾ [2]

ترجمہ: اور ہر چیز کے ہم نے جوڑے بنائے ہیں شاید کہ تم اس سے سبق لو۔

اور جس نے تمہارے لئے کشتیوں اور جانوروں کو سواری بنایا تاکہ تم ان کی پشت پر چڑھو اور جب ان پر بیٹھو تو اپنے پروردگار کا احسان یاد کرو جس نے ان جانوروں کو تمہارے کام پر لگادیا، اور جب ان پر سواری کرو تو کہو کہ پاک ہے وہ جس نے ہمارے لئے ان چیزوں کو تابع کردیا ورنہ ہم انہیں قابو میں لانے کی طاقت نہ رکھتے تھے، اور ایک روز یقیناً ہمیں اپنے رب کی طرف پلٹنا ہے،

أَخْبَرَهُ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ عَلَّمَهُمْ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اسْتَوَى عَلَى بَعِيرِهِ خَارِجًا إِلَى سَفَرٍ، كَبَّرَ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَذَا، وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ، وَإِنَّا إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ، اللهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ فِي سَفَرِنَا هَذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوَى، وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضَى، اللهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هَذَا، وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهُ، اللهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ، اللهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ، وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ، وَسُوءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْمَالِ وَالْأَهْلِ، وَإِذَا رَجَعَ قَالَهُنَّ وَزَادَ فِيهِنَّ:آيِبُونَ تَائِبُونَ عَابِدُونَ لِرَبِّنَا حَامِدُونَ

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی اپنے اونٹ پر سوار ہو کر کسی سفر کے لئے نکلتے تو تین مرتبہ اللہ اکبر کہتے پھر فرماتے پاک ہے وہ ذات کہ جس نے ہمارے لئے اسے مسخر فرمادیا اور ہم اسے مسخر کرنے والے نہ تھے اور ہم اپنے پروردگار کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیں، پھر یہ دعا مانگتے اے اللہ! میں تجھ سے اپنے اس سفر میں نیکی اور پرہیزگاری کا طالب ہوں اور ان اعمال کا جن سے تو خوش ہوجائے، اے اللہ! ہم پر ہمارا سفر آسان کر دے اور ہمارے لیے دوری کو لپیٹ لے، اے میرے پروردگار! تو ہی سفر کا ساتھی اور اہل وعیال کا نگہبان ہے، اے میرے معبود! ہمارے سفر میں ہمارا ساتھ دے اور ہمارے گھروں میں ہماری جانشینی فرما، اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سفر سے واپس آتے تو یہی دعا پڑھتے اور ان میں ان کلمات کا اضافہ فرماتے توبہ کرنے والے ہیں عبادت کرنے والے ہیں اور اپنے رب کی حمد کرنے والے ہیں۔ [3]

---

[1] الرعد۳

[2] الذاریات۴۹

[3] صحیح مسلم کتاب الحج بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَكِبَ إِلَى سَفَرِ الْحَجِّ وَغَيْرِهِ ۳۲۷۵،جامع ترمذی ابواب الدعوات بَاب مَا يَقُولُ إِذَا رَكِبَ دَابَّةً ۳۴۴۷،مسنداحمد۲۳۱۱

وَ جَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ۟ؕ﴿۱۵﴾ اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنٰتٍ

اور انہوں نے اللہ کے بعض بندوں کو جز ٹھہرادیا یقیناً انسان کھلا ناشکرا ہے، کیا اللہ نے اپنی مخلوق میں سے بیٹیاں تو خود رکھ

وَّ اَصْفٰىكُمْ بِالْبَنِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَ اِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا

لیں اور تمہیں بیٹوں سے نوازا، (حالانکہ) ان میں سے کسی کو جب اس چیز کی خبر دی جائے جس کی مثال اس نے (اللہ)

ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّ هُوَ كَظِيْمٌ ﴿۱۷﴾ اَوَ مَنْ يُّنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ وَ هُوَ فِي الْخِصَامِ

رحمٰن کے لیے بیان کی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے اور وہ غمگین ہو جاتا ہے، کیا (اللہ کی اولاد لڑکیاں ہیں) جو زیورات میں

غَيْرُ مُبِيْنٍ ﴿۱۸﴾ وَ جَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ

پلیں اور جھگڑے میں (اپنی بات) واضح نہ کر سکیں؟ اور انہوں نے فرشتوں کو جو رحمٰن کے عبادت گزار ہیں عورتیں قرار دے لیا،

اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَ يُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَ قَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا

کیا ان کی پیدائش کے موقع پر یہ موجود تھے؟ ان کی یہ گواہی لکھ لی جائے گی اور ان سے (اس چیز کی) باز پرس کی جائے گی،

عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۗ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۟ؕ﴿۲۰﴾ (الزخرف ۱۵تا۲۰)

اور کہتے ہیں اگر اللہ چاہتا تو ہم ان کی عبادت نہ کرتے، انہیں اس کی کچھ خبر نہیں، یہ صرف اٹکل پچو (جھوٹ باتیں) کہتے ہیں

مشرکین کا بدترین فعل:

اللہ نے جب آدم علیہ السلام کی پشت سے تمام ارواح کو نکال کر ان سے وعدہ لیا تھا کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ تو سب ارواح نے تسلیم کیا تھا کہ بیشک آپ ہمارے رب ہیں۔ مگر یہ سب کچھ جاننے کے باوجود یہودیوں نے (نعوذ باللہ) عزیر علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا مان کر اللہ کا جزو بنادیا ،عیسائیوں نے مسیح علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا مان کر اللہ کا جزو بنادیا، جیسے فرمایا

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ﴿۳۰﴾ [1]

ترجمہ: یہودی کہتے ہیں کہ عزیر اللہ کا بیٹا ہے اور عیسائی کہتے ہیں کہ مسیح اللہ کا بیٹا ہے۔

اور ان کی والدہ مریم کو اس کی بیوی تسلیم کر کے اللہ کا جزو بنالیا، کفار فرشتوں کو اس کی بیٹیاں سمجھ کر ان کی عبادت کرتے ہیں اس طرح انہوں نے بھی فرشتوں کو اللہ کا جزو بنالیا، جیسے فرمایا

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ﴿۲۷﴾ [2]

---

[1] التوبة ۳۰

[2] النجم ۲۷

ترجمہ: مگر جو لوگ آخرت کو نہیں مانتے وہ فرشتوں کو دیویوں کے ناموں سے موسوم کرتے ہیں۔

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۚ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ [۱]

ترجمہ: یہ لوگ کہتے ہیں کہ رحمن اولاد رکھتا ہے سبحان اللہ! وہ (یعنی فرشتے) تو بندے ہیں جنہیں عزت دی گئی ہے۔

حالاں کہ وہ اللہ وحدہ لاشریک ہے اور تمام مخلوق اس کے بندے ہیں اور بندگی اولاد ہونے کے منافی ہے، اور مشرکین نے اللہ کے بندوں کو ان صفات اور اختیارات کا حامل قرار دے رکھا ہے جو اللہ کے ساتھ مخصوص ہیں اور اسی تصور کے ساتھ ان سے دعائیں مانگی جاتی اور ان کی درگاہوں پر مراسم عبودیت ادا کی جاتی ہیں، حقیقت یہ ہے کہ انسان بڑا ہی ناشکرا ہے، مشرکین مکہ کا جاہلانہ خیال تھا کہ فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں اس لئے وہ لوگ فرشتوں کے عورتوں جیسے بت بنا کر اور ان کو عورتوں جیسے کپڑے اور زیورات پہنا کر ان کی پرستش کرتے تھے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا اگر خود ان کے گھر میں لڑکی کی پیدائش کی خوش خبری دی جاتی ہے تو ان کی کراہت کا یہ حال ہوتا ہے کہ سخت ناپسندیدگی اور ناراضی کے باعث ان کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے اور ان کا دل غم وحزن سے بھر جاتا ہے، اور ان کی کوشش ہوتی ہے کہ اسے جلد از جلد زندہ ہی کہیں گاڑ دیں، اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اگر اللہ کی اولاد ہوتی تو کیا ایسا ہوتا کہ خود تو اپنے لیے لڑکیاں پسند کرتا جو نرم ونازک ہوتی ہیں اور حسن وجمال میں کمی کی وجہ سے بناؤ سنگھار کے ذریعہ خوبصورتی پیدا کرنے کی کوشش کرتی ہے اور اگر کسی سے بحث وتکرار ہو تو وہ فطری حجاب کی وجہ سے اپنا مافی الضمیر بھی صحیح طریقے سے واضح نہیں کر سکتی اور تمہیں وہ قابل فخر لڑکوں سے نوازتا، پھر یہ تو بڑی بے ڈھنگی تقسیم ہے، جیسے فرمایا:

اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ﴿۲۱﴾ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ﴿۲۲﴾ [۲]

ترجمہ: کیا بیٹے تمہارے لیے ہیں اور بیٹیاں اللہ کے لیے؟ یہ تو بڑی ہی بے ڈھنگی تقسیم ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ان کی تردید کرتے ہوئے فرمایا ان لوگوں نے فرشتوں کو جو مذکر اور مونث سے مبرا ہیں عورتیں قرار دے لیا جب ہم فرشتوں کی تخلیق فرما رہے تھے کیا یہ اس وقت وہاں موجود تھے اور انہوں نے ان کے جسم کی ساخت دیکھی تھی، اپنے قول کے ضمن میں ان کے پاس کوئی علم، دلیل و برہان نہیں بلکہ محض اپنی خواہشات، آباؤ اجداد کی اندھی تقلید اور اندھی جاہلیت میں ٹامک ٹوئیاں مار رہے ہیں، اور روز محشر ان سے فرشتوں کے اللہ کی بیٹیاں ہونے کے بارے میں جوابدہی کرنی ہوگی اور انہیں مخلوق کو اللہ کا جزو بنانے کے جرم عظیم پر بدترین سزا دی جائے گی، مشرکین ہمیشہ سے اللہ تعالیٰ کی مشیت کو اپنی گمراہی کی دلیل بناتے چلے آئے ہیں اسی طرح اہل مکہ بھی انہی کے نقش قدم پر چل رہے تھے، وہ بھی فرشتوں کی عبادت کو اللہ تعالیٰ کی مشیت کو دلیل بناتے تھے اور کہتے تھے چونکہ اللہ کی مشیت کے بغیر دنیا میں کوئی کام نہیں ہوتا اس لئے ہمارا فرشتوں کی عبادت کرنا اسی لئے تو ممکن ہوا کہ اللہ نے ہمیں یہ کام کرنے دیا اگر وہ نہ چاہتا کہ ہم ان کی عبادت کریں تو ہم کیسے کر سکتے ہیں اس کے معنی یہ ہیں کہ اللہ کو ہمارا یہ کام ناپسند نہیں ہے، حالانکہ اللہ کے مشیت اس کی رضا سے مختلف چیز ہے، ہر کام یقیناً اس کی مشیت ہی سے ہوتا ہے لیکن راضی وہ انہی کاموں سے ہوتا ہے جن کا اس نے حکم فرمایا ہے، اہل مکہ معظّمہ کا اپنی گمراہی پر تقدیر سے یہ استدلال محض ان کے

---

[۱] الانبیاء ۲۶

[۲] النجم ۲۱،۲۲

دل کی تسلی تھی ورنہ اللہ تعالیٰ نے ہرامت میں رسول بھیج کر طاغوت کی پرستش سے منع فرمایا ہے، جیسے فرمایا

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ... ﴿۳۶﴾ [1]

ترجمہ: ہم نے ہرامت میں ایک رسول بھیج دیا اور اس کے ذریعہ سے سب کو خبردار کر دیا کہ اللہ کی بندگی کرو اور طاغوت کی بندگی سے بچو، اس کے بعد ان میں سے کسی کو اللہ نے ہدایت بخشی اور کسی پر ضلالت مسلط ہوگئی۔

اسی طرح یہ تیر تکے چلا کر خود کو حق بجانب قرار دیتے ہیں۔

اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ﴿۲۱﴾ بَلْ قَالُوْٓا

کیا ہم نے انہیں اس سے پہلے کوئی (اور) کتاب دی ہے جسے یہ مضبوط تھامے ہوئے ہیں، (نہیں نہیں) بلکہ یہ کہتے ہیں کہ

اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّ اِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَ كَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا

ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک مذہب پر پایا اور ہم انہی کے نقش قدم پر چل کر راہ یافتہ ہیں، اسی طرح آپ سے پہلے بھی ہم

مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ

نے جس بستی میں کوئی ڈرانے والا بھیجا وہاں کے آسودہ حال لوگوں نے یہی جواب دیا کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو (ایک راہ پر اور)

وَّ اِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ﴿۲۳﴾ قٰلَ اَوَ لَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى

ایک دین پر پایا اور ہم تو انہی کے نقش پا کی پیروی کرنے والے ہیں، (نبی نے) کہا بھی کہ اگرچہ میں تمہارے پاس اس سے بہتر

مِمَّا وَجَدْتُّمْ عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ۭ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ

(مقصود تک پہنچانے والا) طریقہ لے کر آیا ہوں جس پر تم نے اپنے باپ دادوں کو پایا، تو انہوں نے جواب دیا کہ ہم اس کے

اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۲۴﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

منکر ہیں جسے دے کر تمہیں بھیجا گیا ہے، پس ہم نے ان سے انتقام لیا اور دیکھ لے

عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۵﴾ (الزخرف ۲۱تا۲۵)

جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا؟۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا اگر قرآن مجید سے پہلے آئی ہوئی کوئی ایسی کتاب ان لوگوں کے پاس موجود ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے ان کو غیر اللہ کی عبادت

---

[1] النحل ۳۶

کرنے کا اجازت عطا فرمائی ہو تو اس کا حوالہ لائیں، مگر ایسا ہر گز نہیں ہے، ان کے پاس کسی منزل کتاب کی کوئی سند نہیں، بس یہ لوگ شب کو اونٹنی کی مانند ٹیڑھی چال چلتے ہیں، جیسے فرمایا:

اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوْا بِهٖ يُشْرِكُوْنَ ۝۳۵ [۱]

ترجمہ: کیا ہم نے کوئی سند اور دلیل ان پر نازل کی ہے جو شہادت دیتی ہو اس شرک کی صداقت پر جو یہ کر رہے ہیں؟۔

یعنی ان کے پاس ایسی کوئی دلیل نہیں ہے، ان کے پاس طاغوت کی بندگی کی صرف ایک سند ہے کہ ہم نے اپنے آباؤ اجداد کو ایک دین اور ملت پر پایا ہے اس لئے ہم آنکھیں بند کر کے انہی کے قدم بقدم چل رہے ہیں، جیسے فرمایا

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا۔۔۔ ۝۲۱ [۲]

ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ پیروی کرو اس چیز کی جو اللہ نے نازل کی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم تو اس چیز کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے۔

چنانچہ محمد ﷺ جو دعوت پیش کر رہے ہم اس پر ایمان نہیں لائیں گے، اے نبی ﷺ! ان لوگوں کا یہ رویہ کوئی انوکھی بات نہیں ہے اور نہ یہ پہلے لوگ ہیں جنہوں نے یہ بات کہی ہو، اللہ تعالیٰ نے جس بستی میں بھی اپنا رسول بھیجا وہاں کے آسودہ حال لوگوں نے جن کو دنیا کے مال و اسباب اور جاہ و منصب نے سرکش اور مغرور بنا دیا تھا اپنے مفادات کی حفاظت، اپنی چودھراہٹ قائم رکھنے اور اکل حرام اور فعل حرام کی آزادی کے لئے حق کی مخالفت میں پیش پیش اور قائم شدہ جاہلیت کو برقرار رکھنے کی کوشش میں سرگرم رہے، انہوں نے بھی ہمیشہ یہی کہا کہ ہم نے اپنے آباؤ اجداد کو ایک دین اور ملت پر پایا ہے اور ہم انہی کے نقش قدم کی تقلید کر رہے ہیں، ہر نبی نے ان کو نصیحت کی کہ کیا تم اپنے آباؤ اجداد کی طرح اسی طرح گھپ اندھیروں میں ٹھوکریں کھاتے رہو گے خواہ میں تمہیں گمراہی کے اس راستے کے بجائے راہ راست کی طرف رہنمائی کروں، مگر مشرکین نے اپنی خواہشات نفس کی پیروی میں سارے رسولوں کو یہی جواب دیا کہ جس دین کی طرف بلانے کے لئے تم بھیجے گئے ہو ہم اس پر ایمان نہیں لاتے ہیں، آخر کار ہم نے ان اڑیل ٹٹوؤں کے حق کی تکذیب کرنے اور اس کو ٹھکرانے کا ہم نے انتقام لیا اور مختلف صورتوں سے انہیں تہ و بالا کر دیا تو دیکھ لو دعوت حق کو جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہو؟ اس لئے ان لوگوں کو اپنی تکذیب پر جمے رہنے سے بچنا چاہیے کہیں ایسا نہ ہو کہ ان پر بھی وہی عذاب نازل ہو جائے جو ان پر نازل ہوا تھا۔

وَ اِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَ قَوْمِهٖٓ اِنَّنِيْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ۝۲۶

اور جبکہ ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے والد سے اور اپنی قوم سے فرمایا کہ میں ان چیزوں سے بیزار ہوں جن کی تم عبادت کرتے ہو،

اِلَّا الَّذِيْ فَطَرَنِيْ فَاِنَّهٗ سَيَهْدِيْنِ ۝۲۷ وَ جَعَلَهَا كَلِمَةًۢ

بجز اس ذات کے جس نے مجھے پیدا کیا ہے اور وہی مجھے ہدایت بھی کرے گا، اور (ابراہیم (علیہ السلام)) اسی کو اپنی اولاد میں

---

[۱] الروم ۳۵

[۲] لقمان ۲۱

بَاقِيَةً فِيْ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾ بَلْ مَتَّعْتُ هٰٓؤُلَآءِ وَ اٰبَآءَهُمْ

بھی باقی رہنے والی بات قائم کر گئے تاکہ لوگ (شرک سے) باز آتے رہیں، بلکہ میں نے ان لوگوں کو اور ان کے باپ دادوں کو

حَتّٰى جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۹﴾ وَ لَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا

سامان (اور اسباب) دیا، یہاں تک کہ ان کے پاس حق اور صاف صاف سنانے والا رسول آ گیا، اور حق کے پہنچتے ہی یہ

هٰذَا سِحْرٌ وَّ اِنَّا بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ (الزخرف ۲۶ تا ۳۰)

بول پڑے کہ یہ جادو ہے اور ہم اس کے منکر ہیں۔

اہل کتاب یہود و نصاریٰ اور قریش مکہ خود کو دین ابراہیمی سے منسوب سمجھتے تھے، ان میں سے ہر ایک اس زعم میں مبتلا تھا کہ وہ ابراہیم علیہ السلام کے طریقے پر چل رہا ہے، اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کی سنت ان کے سامنے رکھی کہ اگر تم خود کو ابراہیم علیہ السلام کا پیروکار سمجھتے ہو تو انہوں نے حق و باطل کی تمیز کیے بغیر آنکھیں بند کر کے اپنے آباؤ اجداد کی تقلید نہیں کی تھی بلکہ کھلے لفظوں میں اپنے والد اور اپنی قوم کے خود ساختہ معبودوں سے برات کا اعلان کرتے ہوئے کہا تھا کہ تم جن باطل معبودوں کی بندگی کرتے ہو میرا ان سے کوئی تعلق نہیں، جیسے فرمایا

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۡ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاۗءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ... ﴿۴﴾ [1]

ترجمہ: بے شک تمہارے لیے ابراہیم میں اچھا نمونہ ہے اور ان لوگوں میں جو اس کے ہمراہ تھے جب کہ انہوں نے اپنی قوم سے کہا تھا بیشک ہم تم سے بیزار ہیں اور ان سے جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو ہم نے تمہارا انکار کر دیا اور ہمارے اور تمہارے درمیان دشمنی اور بیر ہمیشہ کے لیے ظاہر ہو گیا یہاں تک کہ تم ایک اللہ پر ایمان لاؤ۔

ہاں میں اس اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی کروں گا جس نے مجھے پیدا کیا جو مجھے رزق عطا فرماتا ہے، جس نے مجھے اپنے دین کی سمجھ عطا فرمائی اور اس پر میری صحیح راہ نمائی بھی فرمائے گا اور اس کلمہ اخلاص لاالٰہ الااللہ کو ابراہیم علیہ السلام اپنی اولاد میں وصیت کر گئے تا کہ وہ اس کی طرف رجوع کریں۔

وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ۭ يٰبَنِيَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ [2]

ترجمہ: اسی طریقے پر چلنے کی ہدایت اس نے اپنی اولاد کو کی تھی اور اسی کی وصیت یعقوب (علیہ السلام) اپنی اولاد کو کر گیا اس نے کہا تھا کہ میرے بچو، اللہ نے تمہارے لیے یہی دین پسند کیا ہے لہٰذا مرتے دم تک تم مسلم ہی رہنا۔

چنانچہ جرات حق گوئی اور جوش توحید کا یہ بدلہ دیا کہ یہ کلمہ ہمیشہ ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں موجود رہا یہاں تک کہ خوشحالی اور سرکشی ان پر غالب آ گئی، لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کو اور ان کے آباؤ اجداد کو مٹا نہیں دیا بلکہ انہیں مختلف انواع کی شہوات سے متمتع ہونے دیا یہاں تک کہ یہی شہوات

---

[1] الممتحنة ۴

[2] البقرة ۱۳۲

ان کا مطمع نظر اور ان کا مقصد حیات بن گئیں، پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے ان کے پاس رسول بھیجا جو حق کو کھول کھول کر بیان کرتا ہے، لیکن جب دین حق ان کے پاس پہنچ گیا تاکہ لوگ اس پر ایمان لائیں اور اطاعت کریں، مگر افتراپر دازلوگوں نے سامان زیست کی فراوانی پر مغرور ہو کر سرکشی کی اور دعوت حق کو جھٹلایا اور تعصب اور بغض وعناد کی بنا پر اللہ تعالیٰ کے منزل کلام کے بارے میں کہنے لگے یہ تو کھلا جادو ہے اور ہم اس پر ایمان نہیں لاتے، جیسے فرمایا

فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۳﴾ [۱]

ترجمہ: مگر جب ہماری کھلی کھلی نشانیاں ان لوگوں کے سامنے آئیں تو انہوں نے کہا کہ یہ تو کھلا جادو ہے۔

...وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۳﴾ [۲]

ترجمہ: ان کافروں کے سامنے جب حق آیا تو انہیں نے کہہ دیا کہ یہ تو صریح جادو ہے۔

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷﴾ [۳]

ترجمہ: ان لوگوں کو جب ہماری صاف صاف آیات سنائی جاتی ہیں اور حق ان کے سامنے آجاتا ہے تو یہ کافرلوگ اس کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ تو کھلا جادو ہے۔

وَ قَالُوْا لَوْ لَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿۳۱﴾ (الزخرف ۳۱)

اور کہنے لگے یہ قرآن ان دونوں بستیوں میں کسی بڑے آدمی پر کیوں نازل نہیں کیا گیا۔

سرمایہ پرستی۔ ایک قدیم مرض:

پہلی قوموں کی طرح اہل مکہ بھی یہ ماننے کو تیار نہیں تھے کہ کوئی بشر بھی رسول ہوسکتا ہے، مگر جب قرآن نے پے درپے دلائل دے کر ان کے خیالات کا پوری طرح رد کر دیا کہ دنیا میں انسانوں کے پاس ہمیشہ بشر ہی رسول آتے رہے ہیں، جیسے فرمایا

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۳﴾ [۴]

ترجمہ: اے نبی (ﷺ) ہم نے تم سے پہلے بھی جب کبھی رسول بھیجے ہیں آدمی ہی بھیجے ہیں جب کی طرف ہم اپنے پیغامات وحی کیا کرتے تھے، اہل ذکر سے پوچھ لو اگر تم خود نہیں جانتے۔

اور انسانوں کے لئے انسان ہی رسول ہوسکتا ہے نہ کہ غیر بشر، جیسے فرمایا

قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَىِٕنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿۹۵﴾ [۵]

[۱] النمل ۱۳

[۲] سبا ۴۳

[۳] الاحقاف ۷

[۴] النحل ۴۳

[۵] بنی اسرائیل ۹۵

ترجمہ:ان سے کہو اگر زمین میں فرشتے اطمینان سے چل پھر رہے ہوتے تو ہم ضرور آسمان سے کسی فرشتے ہی کو ان کے لیے پیغمبر بنا کر بھیجتے۔

اور جو رسول بھی دنیا میں مبعوث ہوئے وہ یکا یک آسمانوں سے نہیں اتر آئے تھے بلکہ انہی انسانی بستیوں ہی میں پیدا ہوئے تھے،انہی لوگوں میں پرورش پائی تھی،اور لوگ ان کی سیرت وکردار سے خوب واقف تھے،جیسے فرمایا

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى۔۔۔ ۱۰۹ [1]

ترجمہ:اے نبی ﷺ! تم سے پہلے ہم نے جو پیغمبر بھیجے تھے وہ سب بھی انسان ہی تھے اور انہی بستیوں کے رہنے والوں میں سے تھے،اور انہی کی طرف ہم وحی بھیجتے رہے ہیں۔

انہی کی زبان بولتے تھے،اپنی ضروریات کے لیے بازاروں میں چلتے پھرتے اور اللہ کا پاکیزہ رزق کھاتے پیتے تھے،جیسے فرمایا

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ۔۔۔ ۲۰ [2]

ترجمہ:اے نبی ﷺ!تم سے پہلے جو رسول بھی ہم نے بھیجے تھے وہ بھی کھانا کھانے والے اور بازاروں میں چلنے پھرنے والے لوگ ہی تھے۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔــلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۷ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۸ [3]

ترجمہ:اے نبی ﷺ!تم سے پہلے بھی ہم نے انسانوں ہی کو رسول بنا کر بھیجا تھا جن پر ہم وحی کیا کرتے تھے،تم لوگ اگر علم نہیں رکھتے تو اہل کتاب سے پوچھ لو،ان رسولوں کو ہم نے کوئی ایسا جسم نہیں دیا تھا کہ وہ کھاتے نہ ہوں اور نہ وہ سدا جینے والے تھے۔

اور وہ بھی بال بچوں والے تھے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً۔۔۔ ۳۸ [4]

ترجمہ: تم سے پہلے بھی ہم بہت سے رسول بھیج چکے ہیں اور ان کو ہم نے بیوی بچوں والا ہی بنایا تھا۔

تو اہل مکہ نے رسول اللہ ﷺ کی تحقیر وتنقیص اور اللہ تعالیٰ پر اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ اچھا بشر رسول ہی سہی مگر اگر اللہ نے کوئی نبی بھیجنا ہی تھا یا کوئی کتاب نازل کرنی ہی تھی تو وہ دونوں بستیوں(مکہ معظّمہ وطائف) میں سے کسی ایسی شخصیت پر نازل ہوتا جو عظیم جاہ ومنصب کا حامل، کثیر المال اور اپنی قوم میں مانا ہوا بڑا آدمی ہونا چاہیے تھا،جیسے مکہ معظّمہ میں ولید بن مغیرہ اور عتبہ بن ربیعہ جیسے نامی گرامی سردار اور طائف میں عروہ بن مسعود ثقفی،عمیر بن عمرو، حبیب بن عمرو، کنانہ بن عمرو اور ابن عبد یالیل جیسے رئیس اور جاگیردار موجود ہیں،جن کو نظر انداز کر کے اللہ تعالیٰ کو نبوت جیسی سعادت کے لئے محمد بن عبداللہ ﷺ ہی ملے جن کا دامن دولت دنیا سے بھی خالی ہے اور اپنی قوم میں قیادت وسیادت کے منصب پر بھی فائز نہیں ہیں،بالکل اسی طرح جب بنی اسرائیل کی فرمائش پر اللہ تعالیٰ نے طالوت علیہ السلام کو بادشاہ

---

[1] یوسف۱۰۹

[2] الفرقان۲۰

[3] الانبیاء۷،۸

[4] الرعد۳۸

بنا کر بھیجا تو انہوں نے یہی اعتراض کیا تھا کہ وہ کمزور اور غریب آدمی ہے اور بادشاہت کے ہم زیادہ لائق ہیں، جیسے فرمایا:

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا ۚ قَالُوٓا أَنّٰى يَكُونُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ أَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ... ﴿۲۴۷﴾ [1]

ترجمہ: ان کے نبی نے ان سے کہا کہ اللہ نے طالوت کو تمہارے لیے بادشاہ مقرر کیا ہے، یہ سن کر وہ بولے ہم پر بادشاہ بننے کا وہ کیسے حقدار ہو گیا؟ اس کے مقابلے میں بادشاہی کے ہم زیادہ مستحق ہیں، وہ تو کوئی بڑا مالدار آدمی نہیں ہے۔

أَهُمْ يَقْسِمُونَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۚ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

کیا آپ کے رب کی رحمت کو یہ تقسیم کرتے ہیں؟ ہم نے ہی ان کی زندگانی دنیا کی روزی ان میں تقسیم کی ہے

وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ۗ

اور ایک کو دوسرے سے بلند کیا ہے تاکہ ایک دوسرے کو ماتحت کرلے، جسے یہ لوگ سمیٹتے پھرتے ہیں

وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ ﴿۳۲﴾ (الزخرف ۳۲)

اس سے آپ کے رب کی رحمت بہت ہی بہتر ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ان کے اعتراض کا جواب دیتے ہوئے فرمایا کیا وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے خزانچی ہیں اور ان کے ہاتھ میں اس کی رحمت کی تدبیر ہے کہ جس کو چاہیں نبوت اور رسالت عطا کر دیں اور جس کو چاہیں اس سے محروم کر دیں، جب بندوں کی معیشت اور ان کا دنیاوی رزق اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے وہی اسے اپنے بندوں کے درمیان تقسیم کرتا ہے، اور اسی نے اپنی حکمت کے تقاضے کے مطابق ان میں سے کچھ لوگوں کو کچھ دوسرے لوگوں پر مال و دولت، جاہ و منصب، عقل و فہم قوت و طاقت میں بدرجہا فوقیت دی ہے تاکہ یہ ایک دوسرے سے خدمت لیں، اگر اللہ دنیا میں سب لوگوں کو برابر کر دیتا تو کوئی کسی کا کام نہ کرتا، تو اس کی رحمت دینی جس میں سب سے اعلیٰ و افضل چیز نبوت اور رسالت ہے اس بات کی زیادہ مستحق ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہو، پس اللہ تعالیٰ زیادہ جانتا ہے کہ وہ اپنی رسالت سے کیسے سرفراز فرمائے، جیسے فرمایا

...ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ... ﴿۵۴﴾ [2]

ترجمہ: یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے دے دیتا ہے۔

اور تیرے رب کی رحمت (یعنی نبوت) اس دنیاوی دولت سے کہیں زیادہ قیمتی ہے جو ان کے رئیس سمیٹ رہے ہیں، جیسے فرمایا

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهِ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوا ۭ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ ﴿۵۸﴾ [3]

ترجمہ: اے نبی! کہو کہ یہ اللہ کا فضل اور اس کی مہربانی ہے کہ یہ چیز اس نے بھیجی ہے، اس پر تو لوگوں کو خوشی منانی چاہیے، یہ ان سب چیزوں

[1] البقرۃ ۲۴۷

[2] المائدۃ ۵۴

[3] یونس ۵۸

سے بہتر ہے جنہیں لوگ سمیٹ رہے ہیں۔

وَ لَوْ لَاۤ اَنْ یَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ یَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ

اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ تمام لوگ ایک ہی طریقہ پر ہوجائیں گے تو رحمٰن کے ساتھ کفر کرنے والوں کے

لِبُیُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّ مَعَارِجَ عَلَیْهَا یَظْهَرُوْنَ ۝۳۳ وَ لِبُیُوْتِهِمْ اَبْوَابًا

گھروں کی چھتوں کو ہم چاندی کی بنا دیتے اور زینوں کو (بھی) جن پر چڑھا کرتے، اور ان کے گھروں کے دروازے

وَّ سُرُرًا عَلَیْهَا یَتَّكِـُٔوْنَ ۝۳۴ وَ زُخْرُفًا ؕ وَ اِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ؕ

اور تخت بھی جن پر وہ تکیہ لگا لگا کر بیٹھتے، اور سونے کے بھی، اور یہ سب کچھ یونہی سا دنیا کی زندگی کا فائدہ ہے

وَ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِیْنَ ۝۳۵ (الزخرف ۳۳تا۳۵)

اور آخرت تو آپ کے رب کے نزدیک (صرف) پرہیز گاروں کے لیے (ہی) ہے۔

تم لوگ ان لوگوں کو بڑی عزت و اہمیت دیتے ہو جن کے پاس مال و دولت اور رجاہ و منصب ہو چاہے ان کا کردار کیسا ہی ہو، مگر اللہ تعالیٰ کے نزدیک دنیا کے مال و دولت اور رجاہ و منصب کی کوئی حیثیت نہیں ہے،

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كَانَتِ الدُّنْيَا (تَزِنُ) تَعْدِلُ عِنْدَ اللهِ جَنَاحَ بَعُوضَةٍ مَا سَقَى كَافِرًا مِنْهَا شَرْبَةَ مَاءٍ

سہل بن سعید سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر دنیا اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک مچھر کے برابر بھی وزنی ہوتی تو وہ اس سے کبھی کسی کافر کو پانی کا ایک گھونٹ بھی نہ پلاتا۔[1]

قوسین والا لفظ سنن ابن ماجہ میں ہے۔

اگر تمام انسانوں کا دنیا کی محبت کے باعث کفر اختیار کرنے کا اندیشہ نہ ہوتا تو ہم کفر کرنے والوں کے گھروں کی چھتیں اور ان کی سیڑھیاں جن سے وہ اپنے بالا خانوں پر چڑھتے ہیں، ان کے دروازے اور ان کے تخت جن پر وہ تکیے لگا کر بیٹھتے ہیں سب چاندی اور سونے کے بنا دیتے مگر بندوں پر اللہ تعالیٰ کی بے پایاں رحمت نے ایسا کرنے سے روک دیا، لوگو! یہ سونا چاندی، مال و دولت، جاہ و منصب تو محض دنیا کی زندگی کی عارضی چیزیں ہیں، یہ کسی انسان کی شرافت اور نفس کی پاکیزگی کی نشانی نہیں ہیں، جیسے فرمایا

زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِیْنَ وَالْقَنَاطِیْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَیْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ۝۱۴ [2]

---

[1] جامع ترمذی أَبْوَابُ الزُّهْدِ بَابُ مَا جَاءَ فِي هَوَانِ الدُّنْيَا عَلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ ۲۳۲۰،سنن ابن ماجه كِتَابُ الزُّهْدِ بَابُ مَثَلُ الدُّنْيَا ۴۱۱۰

[2] آل عمران ۱۴

ترجمہ:لوگوں کے لیے مرغوبات نفس عورتیں،اولاد،سونے چاندی کے ڈھیر،چیدہ گھوڑے،مویشی اور زرعی زمینیں بڑی خوش آئند بنادی گئی ہیں مگر یہ سب دنیا کی چند روزہ زندگی کے سامان ہیں حقیقت میں جو بہتر ٹھکانا ہے وہ تو اللہ کے پاس ہے۔

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِي الحُلَيْفَةِ، فَإِذَا هُوَ بِشَاةٍ مَيِّتَةٍ شَائِلَةٍ بِرِجْلِهَا، فَقَالَ:أَتُرَوْنَ هَذِهِ هَيِّنَةً عَلَى صَاحِبِهَا؟ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَلدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى اللَّهِ مِنْ هَذِهِ عَلَى صَاحِبِهَا، وَلَوْ كَانَتِ الدُّنْيَا تَزِنُ عِنْدَ اللَّهِ جَنَاحَ بَعُوضَةٍ، مَا سَقَى كَافِرًا مِنْهَا قَطْرَةً أَبَدًا

سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ہم ذوالحلیفہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا تو ایک مردہ بکری پیر اٹھائے ہوئے پڑی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم کیا سمجھتے ہو یہ اپنے مالک کے نزدیک ذلیل ہے، اللہ کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے البتہ دنیا اللہ کے نزدیک اس بکری سے بھی زیادہ ذلیل ہے اس کے مالک کے نزدیک اور اگر دنیا اللہ کے نزدیک ایک مچھر کے بازو کے برابر بھی نہیں رکھتی تو اللہ تعالیٰ اس میں سے ایک قطرہ پانی کا کافر کو پینے نہ دیتا۔[1]

حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي لَيْلَى: أَنَّهُمْ كَانُوا عِنْدَ حُذَيْفَةَ، فَاسْتَسْقَى فَسَقَاهُ مَجُوسِيٌّ، فَلَمَّا وَضَعَ القَدَحَ فِي يَدِهِ رَمَاهُ بِهِ، وَقَالَ: لَوْلاَ أَنِّي نَهَيْتُهُ غَيْرَ مَرَّةٍ وَلاَ مَرَّتَيْنِ، كَأَنَّهُ يَقُولُ: لَمْ أَفْعَلْ هَذَا، وَلَكِنِّي سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:لاَ تَلْبَسُوا الحَرِيرَ وَلاَ الدِّيبَاجَ، وَلاَ تَشْرَبُوا فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالفِضَّةِ، وَلاَ تَأْكُلُوا فِي صِحَافِهَا، فَإِنَّهَا لَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَلَنَا فِي الآخِرَةِ

عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ کہتے ہیں م لوگ حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ انہوں نے پانی مانگا،ایک مجوسی ان کے پاس پانی لے کر آیا جب پیالہ ان کے ہاتھوں میں رکھا تو انہوں نے اس کو پھینک دیا اور کہا کہ اگر میں اس کو ایک یا دو مرتبہ منع کر چکا ہوتا تو ایسا نہ کرتا(پیالہ کو نہ پھینکتا) میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ریشم اور دیباج نہ پہنو اور نہ سونا چاندی کے برتن میں پانی پیو اور نہ ان کی رکابیوں میں کھاؤ اس لئے کہ یہ دنیا میں کفار کا سامان ہے اور ہمارے لئے آخرت میں ہے۔[2]

اور تیرے رب کے ہاں آخرت کی لازوال انواع واقسام کی نعمتیں تو صرف ان لوگوں کے لیے ہے جو کفروشرک اور گناہوں سے اجتناب کرتے اور اپنے رب کی اطاعت پر کمر بستہ رہتے ہیں۔

---

[1] جامع ترمذی كتاب الزهد بَابُ مَا جَاءَ فِي هَوَانِ الدُّنْيَا عَلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ ۲۳۲۰،سنن ابن ماجه كتاب الزهد بَابُ مَثَلُ الدُّنْيَا۴۱۱۰

[2] صحیح بخاری كتاب الاطعمة بَابُ الأَكْلِ فِي إِنَاءٍ مُفَضَّضٍ ۵۸۳۷،۵۸۳۱،۵۶۳۳،۵۶۳۲،۵۴۲۶ ،صحيح مسلم كتاب اللباس والزينة بَابُ تَحْرِيمِ اسْتِعْمَالِ إِنَاءِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ عَلَى الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ، وَخَاتَمِ الذَّهَبِ وَالْحَرِيرِ عَلَى الرَّجُلِ، وَإِبَاحَتِهِ لِلنِّسَاءِ، وَإِبَاحَةِ الْعَلَمِ وَنَحْوِهِ لِلرَّجُلِ مَا لَمْ يَزِدْ عَلَى أَرْبَعِ أَصَابِعَ ۵۳۹۴ ،جامع ترمذی ابواب الاشربة بَابُ مَا جَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ الشُّرْبِ فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالفِضَّةِ۱۸۷۸، سنن ابن ماجه كتاب الاشربة بَابُ الشُّرْبِ فِي آنِيَةِ الْفِضَّةِ ۳۴۱۴ ،سنن ابوداودكتاب الاشربة بَابٌ فِي الشُّرْبِ فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ ۳۷۲۳

وَ مَنۡ يَّعۡشُ عَنۡ ذِكۡرِ الرَّحۡمٰنِ نُقَيِّضۡ لَهٗ شَيۡطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيۡنٌ ۝۳۶ وَ اِنَّهُمۡ

اور جو شخص رحمٰن کی یاد سے غفلت کرے ہم اس پر شیطان مقرر کر دیتے ہیں وہی اس کا ساتھی رہتا ہے اور وہ انہیں

لَيَصُدُّوۡنَهُمۡ عَنِ السَّبِيۡلِ وَ يَحۡسَبُوۡنَ اَنَّهُمۡ مُّهۡتَدُوۡنَ ۝۳۷ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَنَا قَالَ

راہ سے روکتے ہیں اور یہ اسی خیال میں رہتے ہیں کہ یہ ہدایت یافتہ ہیں، یہاں تک کہ جب وہ ہمارے پاس آئے گا کہے گا

يٰلَيۡتَ بَيۡنِىۡ وَ بَيۡنَكَ بُعۡدَ الۡمَشۡرِقَيۡنِ فَبِئۡسَ الۡقَرِيۡنُ ۝۳۸ وَ لَنۡ يَّنۡفَعَكُمُ الۡيَوۡمَ اِذۡ ظَّلَمۡتُمۡ

کاش! میرے اور تیرے درمیان مشرق اور مغرب کی دوری ہوتی (تو) بڑا برا ساتھی ہے، اور جب کہ تم ظالم ٹھہر چکے تو

اَنَّكُمۡ فِى الۡعَذَابِ مُشۡتَرِكُوۡنَ ۝۳۹ (الزخرف۳۶تا۳۹)

تمہیں آج ہرگز تم سب کا عذاب میں شریک ہونا کوئی نفع نہ دے گا۔

ذکر اللہ سے غفلت کا نتیجہ، شیطان کا تسلط:

جو شخص اللہ رب العالمین کی طرف سے انسانوں کی ہدایت ورہنمائی کے لیے نازل کردہ جلیل القدر کلام سے روگردانی کرتا ہے تو ہم اس کے لیے ایک شیطان مقرر کر دیتے ہیں جو اس شخص پر قابو پالیتا ہے اور اس کا مستقل ساتھی بن کر حق کے راستے کے درمیان حائل ہو جاتا ہے، جیسے فرمایا

وَمَنۡ يُّشَاقِقِ الرَّسُوۡلَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الۡهُدٰى وَيَتَّبِعۡ غَيۡرَ سَبِيۡلِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصۡلِهٖ جَهَنَّمَ‌ؕ وَسَآءَتۡ مَصِيۡرًا ۝۱۱۵ [1]

ترجمہ: مگر جو شخص رسول کی مخالفت پر کمر بستہ ہو اور اہل ایمان کی روش کے سوا کسی اور روش پر چلے درآں حالیکہ اس پر راہ راست واضح ہو چکی ہو تو اس کو ہم اسی طرف چلائیں گے جدھر وہ خود پھر گیا اور اسے جہنم میں جھونکیں گے جو بدترین جائے قرار ہے۔

...فَلَمَّا زَاغُوۡۤا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوۡبَهُمۡ‌ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الۡفٰسِقِيۡنَ ۝۵ [2]

ترجمہ: پھر جب انہوں نے ٹیڑھ اختیار کی تو اللہ نے ان کے دل ٹیڑھے کر دیے اللہ فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:إِنَّ الشَّيْطَانَ وَاضِعٌ خَطْمَهُ عَلَى قَلْبِ ابْنِ آدَمَ، فَإِذَا ذَكَرَ اللَّهُ خَنَسَ، وَإِذَا نَسِيَ اللَّهُ الْتَقَمَ قَلْبَهُ فَوَسْوَسَ۔

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شیطان انسان کے دل میں دھرنا مار کر بیٹھا رہتا ہے، جب انسان اللہ کے ذکر میں لگ جاتا ہے تو شیطان منہ کی کھا کر بھاگ جاتا ہے اور جب انسان غافل ہو جاتا ہے تو وہ پھر سے آجاتا ہے اور وسوسے ڈالنا شروع کر دیتا ہے۔ [3]

---

[1] النساء۱۱۵

[2] الصف۵

[3] تفسیر القرطبی ۲۰؍۲۶۲،الترغیب فی فضائل الاعمال وثواب ذلک لابن شاهين ۱۵۵

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ:إِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِي مِنَ ابْنِ آدَمَ مَجْرَى الدَّمِ

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شیطان انسان کے جسم میں خون کی طرح دوڑتا ہے۔ [۱]

اوراس کاراستہ روکنے کا بہترین نسخہ تجویز فرمایا کہ اس کے راستے بھوک اور پیاس سے بند کرو یعنی روزے رکھو۔اس کے ساتھ جھوٹے وعدے کرتا ہے،تصورات کی دنیامیں الجھاتا ہے،ایسی تجاویز دیتا ہے جوبظاہر بہت مرغوب اور طبیعت کو خوش کرنے والی ہوتی ہیں حتیٰ کہ وہ شخص واقعی اپنے اعراض کے باعث یہی گمان کرنے لگ جاتا ہے کہ وہ ہدایت یافتہ ہے،جیسے فرمایا

وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ... ﴿۲۵﴾ [۲]

ترجمہ:ہم نے ان پر ایسے ساتھی مسلط کر دیے تھے جوانہیں آگے اور پیچھے ہر چیز خوشنما بنا کر دکھاتے تھے۔

مگر روزمحشر جب سب اولین وآخرین جن وانس اللہ کے دربار میں حاضر ہوں گے اور اس شخص کو اپنے اعمال کی حقیقت کا پتا چلے گا تو شیطان بھی سامنے آجائے گا،ندامت،حسرت اور حزن وغم میں ڈوب کر اس وقت یہ کافر اس ساتھی شیطان سے برات ظاہر کرے گا اور کہے گا اے شیطان! تو اللہ کے ذکر میں غفلت کی وجہ سے مجھ پر مسلط ہوگیا اور بہت برا ساتھی نکلا،کاش! میرے اور تمہارے درمیان اتنا فاصلہ ہوتا جتنا مشرق ومغرب میں ہے لیکن اس دن اس افسوس اور اعتراف کا کوئی فائدہ نہ ہوگا،جیسے فرمایا:

وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰي يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿۲۷﴾ يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿۲۸﴾ لَقَدْ اَضَلَّنِيْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِيْ ۭ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿۲۹﴾ [۳]

ترجمہ: ظالم انسان اپنے ہاتھ چبائے گا اور کہے گا کاش! میں نے رسول کا ساتھ دیا ہوتا،ہائے میری کم بختی کاش! میں نے فلاں شخص کو دوست نہ بنایا ہوتا اس کے بہکائے میں آکر میں نے وہ نصیحت نہ مانی جو میرے پاس آئی تھی،شیطان انسان کے حق میں بڑا ہی بے وفا نکلا۔

چنانچہ اس شخص کو اس شیطان کے ساتھ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے جہنم میں ڈال دیا جائے گا اس وقت ان لوگوں سے کہا جائے گا کہ جب دنیا میں تم اپنے نفس پر ظلم کر چکے تو آج تمہارا اعتراف تمہارے لئے کچھ بھی فائدہ مند نہیں ہے،دنیا میں ظلم میں بھی تم ایک دوسرے کے ساتھی تھے اس لیے اس عذاب میں بھی ایک دوسرے کے ساتھی ہو۔

اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَ مَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۰﴾ فَاِمَّا

کیا پس تو بہرے کو سنا سکتا ہے یا اندھے کو راہ دکھا سکتا ہے اور اسے جو کھلی گمراہی میں ہو، پس اگر ہم تجھے

---

[۱] صحیح بخاری کتاب الاعتکاف بَابُ زِيَارَةِ المَرْأَةِ زَوْجَهَا فِي اعْتِكَافِهِ ۲۰۳۸، جامع ترمذی ابواب الرضاع بَابُ مَا جَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ الدُّخُولِ عَلَى الْمُغِيبَاتِ ۱۱۷۲،سنن ابوداودکتاب الصیام بَابُ الْمُعْتَكِفِ يَدْخُلُ الْبَيْتَ لِحَاجَتِهِ ۲۴۷۰،مسنداحمد ۱۲۵۹۲،صحیح ابن خزیمة ۲۲۳۳، صحیح ابن حبان ۳۶۷۱،شعب الایمان ۶۳۸۱،مصنف ابن ابی شیبة ۸۰۰۲، مسندابی یعلی ۳۴۷۰،مصنف عبدالرزاق ۸۰۶۵،شرح السنة للبغوی ۲۲۵۳

[۲] حم السجدة ۲۵

[۳] الفرقان ۲۷تا۲۹

نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا

یہاں سے لے جائیں تو بھی ہم ان سے بدلہ لینے والے ہیں، یا جو کچھ ان سے وعدہ کیا ہے وہ تجھے دکھا دیں ہم

عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿۴۲﴾ فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْٓ اُوْحِيَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۳﴾

ان پر بھی قدرت رکھتے ہیں، پس جو وحی آپ کی طرف کی گئی ہے اسے مضبوط تھامے رہیں بیشک آپ راہ راست پر ہیں،

وَ اِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَ لِقَوْمِكَ ۚ وَ سَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَ سْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ

اور یقیناً یہ (خود) آپ کے لیے اور آپ کی قوم کے لیے نصیحت ہے اور عنقریب تم لوگ پوچھے جاؤ گے، اور ہمارے ان نبیوں

مِنْ رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾ (الزخرف\۴۰تا۴۵)

سے پوچھو! جنہیں ہم نے آپ سے پہلے بھیجا تھا کہ کیا ہم نے سوائے رحمٰن کے اور معبود مقرر کئے تھے جن کی عبادت کی جائے؟۔

شیطان کے شر سے بچنے کا طریقہ:

اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے نبی ﷺ! اب کیا تم بہروں کو سناؤ گے جو حق کی آواز نہیں سن سکتے؟ یا اندھوں کو راہ راست پر چلاؤ گے جو راہ حق دیکھ نہیں سکتے یا صریح گمراہی میں پڑے ہوئے لوگوں کو راہ راست دکھاؤ گے جو ہدایت قبول نہیں کر سکتے، ایسے لوگوں کے لیے جو دعوت حق سننا ہی نہ چاہیں، جو اللہ وحدہ لاشریک کی ہر سو بکھری نشانیوں کو دیکھنا ہی نہ چاہیں، جو محض اپنے تعصّبات اور بغض وعناد میں حق بات قبول ہی نہ کرنا چاہیں شقاوت ابدی لکھ دی گئی ہے اب تو یہ دردناک عذاب کے مستحق ہو چکے ہیں، اللہ کی مشیت متقاضی ہوئی تو مکہ معظّمہ میں آپ کی آنکھوں کے سامنے یا آپ کی مکہ مکرمہ سے ہجرت کے بعد یا آپ کی موت کے بعد یعنی جب چاہیں ان پر دنیا میں ہی عذاب نازل کر دیں جس کا وعدہ ہم نے ان سے کیا ہے اور ہم اس سے عاجز نہیں ہیں بصورت دیگر عذاب اخروی سے تو وہ کسی صورت نہیں بچ سکتے، اور شیطان کی دشمنی سے بچنے کا واحد طریقہ یہی ہے کہ جو پاکیزہ کلام ہم نے آپ پر سراسر حق وصدق کے ساتھ نازل کیا ہے، اور وہ حقانیت کی سیدھی اور صاف راہ کی طرف رہنمائی کرتا ہے لہٰذا آپ اپنے افعال میں اسے مضبوطی سے تھامے رہیں یہی جنت نعیم اور راہ مستقیم کا رہبر ہے، اور نتائج کی پروا کیے بغیر اپنا فرض منصبی ادا کرتے رہیں، یہ قرآن آپ کے لئے اور آپ کی قوم کے لئے شرف وبزرگی ہے، یہ ایسی نعمت ہے جس کا اندازہ ہی نہیں کیا جا سکتا،

أَنَّهُ بَلَغَ مُعَاوِيَةَ،فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:إِنَّ هَذَا الأَمْرَ فِي قُرَيْشٍ، لاَ يُعَادِيهِمْ أَحَدٌ إِلَّا كَبَّهُ اللَّهُ فِي النَّارِ عَلَى وَجْهِهِ، مَا أَقَامُوا الدِّينَ

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ یہ امر (خلافت) قریش میں ہی رہے گا جو ان سے دشمنی کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے رسوا کر دے گا لیکن اس وقت تک جب تک دین کو قائم رکھیں گے۔ [1]

اس شرف عظیم کا احساس اگر قریش اور اہل عرب کو نہیں ہے اور وہ اس کی ناقدری کرنا چاہتے ہیں تو ایک وقت آئے گا جب انہیں اس کی جوابدہی

[1] صحیح بخاری کتاب الاحکام بَابُ الأُمَرَاءُ مِنْ قُرَيْشٍ ۷۱۳۹

کرنی ہوگی کہ آیا تم نے اس کو قائم کرکے رفعت حاصل کی اور اس سے فائدہ اٹھایا یا تم نے اس کو قائم نہیں کیا تو یہ تمہارے خلاف حجت ہو اور تمہاری طرف سے اس نعمت کی ناسپاسی گردانی جائے، تم سے پہلے ہم نے ہر بستی میں رسول بھیجے تھے اور بعض پر کتابیں اور صحیفے بھی نازل کیے تھے ان کتابوں اور رسولوں نے جو تعلیمات چھوڑیں ان میں تلاش کرکے دیکھ لو، جیسے فرمایا

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكَ خَیْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِیْلًا ﴿۵۹﴾ [1]

ترجمہ: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور اپنے اولوالامر کی اور اگر تم کسی معاملے میں آپس میں جھگڑ پڑو تو اسے اللہ اور اس کے رسول کی طرف پھیر دو اگر تم (واقعی) اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو اسی میں ہی (تمہارے حق میں) بہتری ہے اور انجام کار کے اعتبار سے بھی (یہی طریقہ) بہت اچھا ہے۔

یعنی اللہ کی کتاب جو حق و باطل کا فرق کرنے والی ہے اور رسول کی سنت سے رہنمائی حاصل کرو،

أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:أَيُّهَا النَّاسُ , إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ شَيْءٍ يُقَرِّبُكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ وَيُبْعِدُكُمْ مِنَ النَّارِ إِلَّا قَدْ أَمَرْتُكُمْ بِهِ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے لوگو! کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو تمہیں جنت سے قریب کرے اور جہنم سے تمہیں دور کرے مگر یہ کہ میں نے تمہیں اس چیز کا حکم دے دیا ہے۔ [2]

کیا خالق کائنات نے اپنی بندگی و اطاعت کے سوا کسی غیر اللہ کی بندگی کا حکم دیا تھا؟ ہر گز نہیں بلکہ اس کے برعکس ہر نبی کو دعوت توحید ہی کا حکم دیا گیا تھا

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِیْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ... ﴿۳۶﴾ [3]

ترجمہ: اور البتہ تحقیق ہم نے ہر امت میں یہ پیغام دے کر رسول بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو اور شیطان سے بچو۔

وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰی بِاٰیٰتِنَاۤ اِلٰی فِرْعَوْنَ وَ مَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ

اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے امراء کے پاس بھیجا تو (موسیٰ (علیہ السلام) نے جا کر)

اِنِّیْ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۴۶﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰیٰتِنَاۤ اِذَا هُمْ مِّنْهَا یَضْحَكُوْنَ ﴿۴۷﴾

کہا کہ میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں پس جب وہ ہماری نشانیاں لے کر ان کے پاس آئے تو وہ بے ساختہ ان پر ہنسنے لگے،

---

[1] النساء ۵۹

[2] مصنف ابن ابی شیبة ۳۴۳۳۲

[3] النحل ۳۶

وَ مَا نُرِيۡهِمۡ مِّنۡ اٰيَةٍ اِلَّا هِيَ اَكۡبَرُ مِنۡ اُخۡتِهَا ۫ وَ اَخَذۡنٰهُمۡ بِالۡعَذَابِ لَعَلَّهُمۡ

اور ہم نے انہیں جو نشانی دکھاتے تھے وہ دوسری سے بڑھی چڑھی ہوتی تھی اور ہم نے انہیں عذاب میں پکڑا تاکہ وہ

يَرۡجِعُوۡنَ ﴿۴۸﴾ وَ قَالُوۡا يٰۤاَيُّهَ السّٰحِرُ ادۡعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنۡدَكَ ۚ اِنَّنَا

باز آجائیں،اور انہوں نے کہااے جادوگر! ہمارے لیے اپنے رب سے اس کی دعا کر جس کا اس نے تجھ سے وعدہ کر رکھا ہے،

لَمُهۡتَدُوۡنَ ﴿۴۹﴾ فَلَمَّا كَشَفۡنَا عَنۡهُمُ الۡعَذَابَ اِذَا هُمۡ يَنۡكُثُوۡنَ ﴿۵۰﴾ (الزخرف۴۶تا۵۰)

یقین مان کہ ہم راہ پر لگ جائیں گے، پھر جب ہم نے وہ عذاب ان سے ہٹالیا انہوں نے اسی وقت اپنا قول واقرار توڑ دیا۔

رسول اللہ ﷺ کو تسلی دینے کے لیے موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ بیان فرمایا کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اس کے اعیان سلطنت کے پاس دعوت حق پہنچانے کے لیے بھیجا، موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کے دربار میں پہنچ کر اس سے کہا کہ میں اللہ رب العالمین کی طرف سے رسول ہوں اور انہیں طاغوت کی بندگی سے روکا اور دعوت توحید پیش کی، فرعون اور اہل دربار نے موسیٰ علیہ السلام کے رسول ہونے کی دلیل طلب کی، جس پر انہوں نے اللہ تعالیٰ کی طرف عطا کیے گئے توحید کے دلائل اور عصا اور ید بیضا دونوں معجزات پیش کیے مگر فرعون نے اپنی مضبوط سلطنت، اپنی شان وشوکت اور دولت کے نشے میں موسیٰ علیہ السلام کو حقیر سمجھا اور معجزات دیکھ کر ٹھٹھے مارنے لگا اور کہنے لگا جادو کے زور پر ایسے شعبدے تو ہم بھی دکھا سکتے ہیں، حالانکہ ان کے دل قائل ہو چکے تھے کہ موسیٰ علیہ السلام جو کچھ پیش کر رہے ہیں وہ جادو ہرگز نہیں ہو سکتے، جیسے فرمایا:

وَجَحَدُوۡا بِهَا وَاسۡتَيۡقَنَتۡهَاۤ اَنۡفُسُهُمۡ ظُلۡمًا وَّعُلُوًّا ؕ ﴿۱۴﴾ [1]

ترجمہ: انہوں نے سراسر ظلم اور غرور کی راہ سے ان نشانیوں کا انکار کیا حالانکہ دل ان کے قائل ہو چکے تھے۔

فرعون اور اس کی قوم کو راہ راست پر لانے کے لیے ہم نے پورے ملک میں ان پر یکے بعد دیگرے چھوٹے چھوٹے عذاب نازل کیے اور ہر بعد والا عذاب پہلے عذاب سے بڑھ کر تھا شاید کہ حق کی طرف مائل ہوں، جیسے فرمایا

وَلَقَدۡ اَخَذۡنَاۤ اٰلَ فِرۡعَوۡنَ بِالسِّنِيۡنَ وَنَقۡصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمۡ يَذَّكَّرُوۡنَ ﴿۱۳۰﴾ [2]

ترجمہ: ہم نے فرعون کے لوگوں کو کئی سال تک قحط اور پیداوار کی کمی میں مبتلا رکھا کہ شاید ان کو ہوش آئے۔

فَاَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمُ الطُّوۡفَانَ وَالۡجَرَادَ وَالۡقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ فَاسۡتَكۡبَرُوۡا وَكَانُوۡا قَوۡمًا مُّجۡرِمِيۡنَ ﴿۱۳۳﴾ [3]

ترجمہ: آخر کار ہم نے ان پر طوفان بھیجا، ٹڈی دل چھوڑے، سرسریاں پھیلائیں، مینڈک نکالے اور خون برسایا، یہ سب نشانیاں الگ الگ کر

---

[1] النمل ۱۴

[2] الاعراف ۱۳۰

[3] الاعراف ۱۳۳

کے دکھائیں مگر وہ سرکشی کیے چلے گئے اور وہ بڑے ہی مجرم لوگ تھے۔

اور انہوں نے ان عذابوں سے کوئی سبق حاصل نہ کیا آخر مہلت عمل ختم ہونے پر ہم نے فرعون اور اس کے سرداروں اور کمانداروں کو عذاب میں گرفتار کر لیا، جب بھی کوئی عذاب نازل ہوتا تو وہ عذاب سے عاجز ہو کر موسیٰ علیہ السلام سے گزارش کرتے کہ اے ساحر! (کیونکہ وہ موسیٰ علیہ السلام کو جادوگر سمجھتے تھے) اپنے رب کی طرف سے جو منصب تجھے حاصل ہے اس کی بنا پر ہمارے لئے اس سے دعا کر کہ وہ یہ عذاب ٹال دے، اگر یہ عذاب ٹل گیا تو ہم تجھے اللہ کا سچا رسول تسلیم کر لیں گے اور تیرے رب کی عبادت کریں گے مگر جوں ہی کہ ہم ان پر سے عذاب ہٹا دیتے وہ اپنی بات سے پھر جاتے تھے، جیسے فرمایا

وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوا يٰمُوسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ ﴿۱۳۴﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ إِلٰٓى أَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوهُ إِذَا هُمْ يَنْكُثُونَ ﴿۱۳۵﴾ [1]

ترجمہ: جب کبھی ان پر بلا نازل ہو جاتی تو کہتے اے موسیٰ علیہ السلام! تجھے اپنے رب کی طرف سے جو منصب حاصل ہے اس کی بنا پر ہمارے حق میں دعا کر، اگر اب کے تو ہم پر سے یہ بلا ٹلوا دے تو ہم تیری بات مان لیں گے اور بنی اسرائیل کو تیرے ساتھ بھیج دیں گے، مگر جب ہم ان پر سے اپنا عذاب ایک وقت مقرر تک کے لیے جس کو وہ بہر حال پہنچنے والے تھے ہٹا لیتے تو وہ یکلخت اپنے عہد سے پھر جاتے۔

وَ نَادٰى فِرْعَوْنُ فِيْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ مِصْرَ وَ هٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ

اور فرعون نے اپنی قوم میں منادی کرائی اور کہا اے میری قوم! کیا مصر کا ملک میرا نہیں؟ اور میرے (محلوں کے) نیچے یہ

مِنْ تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۱﴾ اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّ لَا يَكَادُ يُبِيْنُ ﴿۵۲﴾

نہریں بہہ رہی ہیں کیا تم دیکھتے نہیں؟ بلکہ میں بہتر ہوں بہ نسبت اس کے جو بے توقیر ہے اور صاف بول بھی نہیں سکتا،

فَلَوْ لَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ فَاسْتَخَفَّ

اچھا اس پر سونے کے کنگن کیوں نہیں آپڑے یا اس کے ساتھ پرا باندھ کر فرشتے ہی آجاتے، اس نے اپنی قوم کو بہلایا

قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ

پھسلایا اور انہوں نے اسی کی مان لی، یقیناً یہ سارے ہی نافرمان لوگ تھے، پھر جب انہوں نے ہمیں غصہ دلایا تو ہم نے ان

فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۵﴾ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّ مَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ (الزخرف ۵۱تا۵۶)

سے انتقام لیا اور سب کو ڈبو دیا، پس ہم نے انہیں گیا گزرا کر دیا اور پچھلوں کے لیے مثال بنا دی۔

---

[1] الاعراف ۱۳۴، ۱۳۵

فرعون کے دعوے:

روشن دن میں جادوگروں کی شکست اور پھران کے اعلان ایمان نے فرعون اور اس کے درباریوں کا سرتو نیچا کر ہی دیا تھا اس پر اس کی ملکہ اور ایک طاقتور سردار کا ایمان لے آنا مزید شرمندگی کا باعث تھا، پھر جب پورے ملک میں موسیٰ علیہ السلام کے پے درپے معجزات رونما ہوئے تو عوام کا عقیدہ اپنے دیوتاؤں سے متزلزل ہونے لگا، اس صورت حال کو دیکھ کر فرعون کو خطرہ لاحق ہوا کہ کہیں میری قوم موسیٰ علیہ السلام کی طرف مائل نہ ہوجائے، چنانچہ فرعون جس کو اقتدار نے فریب میں مبتلا کر دیا تھا اور اس کے مال وثروت اور لشکروں نے اس کو سرکش بنا دیا تھا نے اپنی ہزیمت کا داغ چھپانے اور موسیٰ علیہ السلام کی بے توقیری اور کمتری کو نمایاں کرنے کے لئے ایک نئی چال چلی، اس نے اپنے دربار میں سلطنت کے اعیان واکابر اور قوم کے بڑے بڑے سرداروں کو جمع کیا اور تکبر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کیا تمہیں نظر نہیں آتا کہ میں تمہارا بلند وبالا رب ہوں؟ جیسے فرمایا

فَحَشَرَ فَنَادٰی ﴿۲۳﴾ فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰی ﴿۲۴﴾ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰی ﴿۲۵﴾ (۱)

ترجمہ: اور لوگوں کو جمع کر کے اس نے پکار کر کہا میں تمہارا سب سے بڑا رب ہوں، آخر کار اللہ نے اسے آخرت اور دنیا کے عذاب میں پکڑ لیا۔

کیا تم میری عظمت اور وسیع وعریض مضبوط سلطنت کو نہیں دیکھتے کہ میں اس ملک مصر کا بادشاہ اور اس میں تصرف کرنے والا ہوں؟ اور دریائے نیل سے نکلی ہوئی یہ نہریں جو میرے محل کے نیچے بہہ رہی ہیں جن پر تمہاری ساری معیشت کا انحصار ہے کس کے حکم سے جاری ہیں؟ بتاؤ ہم میں سے کون بہتر ہے؟ میں غالب اور قوت والا بادشاہ یا موسیٰ علیہ السلام جس کے پاس نہ مال و دولت ہے، نہ اختیار واقتدار (اہل مکہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہی اعتراض کرتے تھے) جو فصیح اللسان نہیں ہے جو اپنا مافی الضمیر کو کھل کر بیان نہیں کرسکتا؟ فرعون کا یہ دعویٰ بھی جھوٹ پر مبنی تھا، موسیٰ علیہ السلام نے کوہ طور پر بارگاہ ربی میں عرض کیا تھا:

وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ﴿۲۷﴾ (۲)

ترجمہ: اور میری زبان کی گرہ سلجھادے تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں۔

اور اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی درخواست پر ان کی لکنت دور کر دی تھی،

قَالَ قَدْ اُوْتِیْتَ سُؤْلَكَ یٰمُوْسٰی ﴿۳۶﴾ (۳)

ترجمہ: فرمایا دیا گیا جو تو نے مانگا اے موسیٰ علیہ السلام۔

اگر وہ سچا ہے تو جس رب کا وہ دعویٰ کرتا اور جس کی طرف دعوت دیتا ہے اس نے امتیازی نشان اور خصوصی حیثیت کو نمایاں کرنے کے لیے اس پر سونے کے کنگن کیوں نازل نہیں کیے تاکہ وہ کنگن اور زیور سے آراستہ ہوتا یا اس کے ساتھ بادشاہوں کی طرح چوبداروں اور خدام کا دستہ ہوتا جو اس کا رعب و دبدبہ قائم رکھتے اور اس رب کی شان وشوکت کا اظہار ہوتا جس کی طرف سے وہ سفیر بن کر آیا ہے، اس نے اپنی

---

(۱) النازعات ۲۳تا۲۵

(۲) طٰہ ۲۷

(۳) طٰہ ۳۶

قوم کی عقل وفہم کو ہلکا سمجھا اور انہیں اپنا ہم سخن بنالیا، قوم خود فسق وفجور میں مبتلا تھی اس لیے فسق وفجور کی پکار پر فوراً ریجھ گئی، تباہ شدہ اقوام کی طرح جب وہ لوگ بھی اللہ کی تنبیہات پر نہ پلٹے اور اپنے کفروشرک پر جمے رہے، اللہ کی عطا کی ہوئی مہلت سے فائدہ نہ اٹھایا اور اللہ تعالیٰ کے غیض وغضب کو دعوت دی تو اللہ تعالیٰ نے ان کی پیٹھ پر عذاب کا کوڑا برسایا، اور اگلے پچھلے سارے کرتوتوں پر انہیں پکڑ لیا اور فرعون اور اس کے سرداروں کو ایک ساتھ پانی میں غرق کر کے صفحۂ ہستی سے مٹادیا،

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:إِذَا رَأَيْتَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يُعْطِي الْعَبْدَ مَا شَاءَ وَهُوَ مُقِيمٌ عَلَى مَعَاصِيهِ فَإِنَّمَا ذَلِكَ اسْتِدْرَاجٌ مِنْهُ لَهُ، ثُمَّ تَلا فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ

عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے جب تم یہ دیکھو کہ اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے کو کچھ دے رہا ہے جو وہ چاہتا ہے حالانکہ وہ بندہ گناہوں کا مرتکب ہے اور اس پر مصر ہے تو یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے لیے ڈھیل ہوتی ہے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی آیت کریمہ کی تلاوت فرمائی ''آخر کار جب انہوں نے ہمیں غضب ناک کر دیا تو ہم نے ان سے انتقام لیا اور ان کو اکٹھا غرق کر دیا۔''[1]

اور آئندہ آنے والی نسلوں کے لیے عبرت کا نشان بنادیا تاکہ ان کے احوال سے عبرت حاصل کرنے والے عبرت اور نصیحت حاصل کرنے والے نصیحت حاصل کریں۔

وَ لَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ﴿۵۷﴾ وَ قَالُوْٓا ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ؕ

اور جب ابن مریم کی مثال بیان کی گئی تو اس سے تیری قوم (خوشی سے) چیخنے لگی ہے، اور انہوں نے کہا کہ ہمارے معبود

مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ﴿۵۸﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا

اچھے ہیں یا وہ؟ تجھ سے ان کا یہ کہنا محض جھگڑے کی غرض سے ہے، بلکہ یہ لوگ ہیں جھگڑالو، عیسیٰ (علیہ السلام) بھی

عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَ جَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۵۹﴾ؕ وَ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ

صرف بندہ ہی ہے جس پر ہم نے احسان کیا اور اسے بنی اسرائیل کے لیے نشان قدرت بنایا، اگر ہم چاہتے تو تمہارے ع

مَّلٰٓئِكَةً فِي الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ﴿۶۰﴾ (الزخرف ۵۷تا۶۰)

وض فرشتے کر دیتے جو زمین میں جانشینی کرتے۔

جب آیت نازل ہوئی۔

وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾ [2]

---

[1] تفسیرابن ابی حاتم ۱۰،۳۲۸۴، المعجم الکبیر للطبرانی ۹۱۳

[2] الزخرف ۴۵

ترجمہ: تم سے پہلے ہم نے جتنے رسول بھیجے تھے ان سب سے پوچھ لو کیا ہم نے خدائے رحمٰن کے سوا کچھ دوسرے معبود بھی مقرر کیے تھے کہ ان کی بندگی کی جائے؟۔

اور رسول اللہ ﷺ نے اہل مکہ کے سامنے اس کی تلاوت فرمائی تو ایک شخص عبد اللہ ابن الزبعریٰ یا عبد اللہ بن زہیری تمیمی نے اعتراض کیا کہ ہم فرشتوں کی بھی عبادت کرتے ہیں، یہود عزیر علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا قرار دیتے ہیں، عیسائی مسیح علیہ السلام ابن مریم کو اللہ کا بیٹا قرار دے کر اس کی عبادت کرتے ہیں، پھر ہمارے معبود کیوں برے ہیں؟ کیا وہ بھی بہتر نہیں؟ اور اگر ہمارے معبود جہنم میں جائیں گے تو پھر سارے فرشتے، عزیر علیہ السلام اور مسیح علیہ السلام ابن مریم بھی جہنم میں جائیں گے، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

اِنَّكُمۡ وَمَا تَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنۡتُمۡ لَهَا وٰرِدُوۡنَ ﴿۹۸﴾ [۱]

ترجمہ: بیشک تم اور تمہارے وہ معبود جنہیں تم اللہ کو چھوڑ کر پوجتے ہو جہنم کا ایندھن ہیں وہیں تم کو جانا ہے۔

اس پر کفار کے مجمع نے ایک زوردار قہقہہ بلند کیا اور خوشی سے نعرے لگانے لگے کہ ہم نے اس دلیل سے غلبہ حاصل کر لیا ہے، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے مسیح علیہ السلام ابن مریم کی عبادت کی ممانعت اور بتوں کی عبادت کی ممانعت کو مساوی قرار دیا ہے، اور نہ فرشتوں نے اور نہ ہی نبیوں نے اور نہ ہی کسی بزرگ نے یہ کہا ہے کہ ہماری عبادت کرنا، مشکلات و مصائب میں ہمیں پکارنا، وہ لوگ تو شرک سے بیزار، اس سے روکنے والے اور اللہ کی اطاعت پر تھے، ان کے بعد گمراہوں نے انہیں معبود بنا لیا تو اس میں ان کا کیا قصور ہے اور روز قیامت وہ ان کی پرستش سے لاعلمی کا اظہار کریں گے، جیسے فرمایا:

وَاِذۡ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيۡسَى ابۡنَ مَرۡيَمَ ءَاَنۡتَ قُلۡتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوۡنِىۡ وَاُمِّىَ اِلٰهَيۡنِ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ؕ قَالَ سُبۡحٰنَكَ مَا يَكُوۡنُ لِىۡۤ اَنۡ اَقُوۡلَ مَا لَـيۡسَ لِىۡ ۚ بِحَقٍّ ؕ اِنۡ كُنۡتُ قُلۡتُهٗ فَقَدۡ عَلِمۡتَهٗ ؕ تَعۡلَمُ مَا فِىۡ نَفۡسِىۡ وَلَاۤ اَعۡلَمُ مَا فِىۡ نَفۡسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ عَلَّامُ الۡغُيُوۡبِ ﴿۱۱۶﴾ مَا قُلۡتُ لَهُمۡ اِلَّا مَاۤ اَمَرۡتَنِىۡ بِهٖۤ اَنِ اعۡبُدُوا اللّٰهَ رَبِّىۡ وَرَبَّكُمۡ ۚ وَكُنۡتُ عَلَيۡهِمۡ شَهِيۡدًا مَّا دُمۡتُ فِيۡهِمۡ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيۡتَنِىۡ كُنۡتَ اَنۡتَ الرَّقِيۡبَ عَلَيۡهِمۡ ؕ وَاَنۡتَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ شَهِيۡدٌ ﴿۱۱۷﴾ [۲]

ترجمہ: اے عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم! کیا تو نے لوگوں سے کہا تھا کہ خدا کے سوا مجھے اور میری ماں کو بھی خدا بنا لو، تو وہ جواب میں عرض کرے گا کہ سبحان اللہ! میرا یہ کام نہ تھا کہ وہ بات کہتا جس کے کہنے کا مجھے حق نہ تھا، اگر میں نے ایسی بات کہی ہوتی تو آپ کو ضرور علم ہوتا، آپ جانتے ہیں جو کچھ میرے دل میں ہے اور میں نہیں جانتا جو کچھ آپ کے دل میں ہے آپ تو ساری پوشیدہ حقیقتوں کے عالم ہیں، میں نے ان سے اس کے سوا کچھ نہیں کہا جس کا آپ نے حکم دیا تھا، یہ کہ اللہ کی بندگی کرو جو میرا رب بھی ہے اور تمہارا رب بھی، میں اسی وقت تک ان کا نگران تھا جب تک کہ میں ان کے درمیان تھا جب آپ نے مجھے واپس بلا لیا تو آپ ان پر نگران تھے اور آپ تو ساری ہی چیزوں پر نگران ہیں۔

اور اللہ تعالیٰ انبیاء اور صالحین و متقین کو جنتوں میں داخل فرمائے گا، جیسے فرمایا:

---

[۱] الانبیاء ۹۸

[۲] المائدہ ۱۱۷،۱۱۶

اِنَّ الَّذِیۡنَ سَبَقَتۡ لَهُمۡ مِّنَّا الۡحُسۡنٰٓی ۙ اُولٰٓئِكَ عَنۡهَا مُبۡعَدُوۡنَ ﴿۱۰۱﴾ لَا یَسۡمَعُوۡنَ حَسِیۡسَهَا ۚ وَهُمۡ فِیۡ مَا اشۡتَهَتۡ اَنۡفُسُهُمۡ خٰلِدُوۡنَ ﴿۱۰۲﴾ لَا یَحۡزُنُهُمُ الۡفَزَعُ الۡاَكۡبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الۡمَلٰٓئِكَةُ ؕ هٰذَا یَوۡمُكُمُ الَّذِیۡ كُنۡتُمۡ تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۱۰۳﴾ [۱]

ترجمہ: رہے وہ لوگ جن کے لیے ہماری طرف سے بھلائی کا پہلے ہی فیصلہ ہو چکا ہو گا تو وہ یقیناً اس سے دور رکھے جائیں گے، اس کی سرسراہٹ تک نہ سنیں گے اور وہ ہمیشہ ہمیشہ اپنی من بھاتی چیزوں کے درمیان رہیں گے، وہ انتہائی گھبراہٹ کا وقت ان کو ذرا پریشان نہ کرے گا اور ملائکہ بڑھ کر ان کو ہاتھوں ہاتھ لیں گے کہ یہ تمہارا وہی دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔

اللہ تعالیٰ نے اس پر فرمایا ان لوگوں کے پاس اپنے معبودوں کے بارے میں کوئی دلیل نہیں یہ لوگ محض اپنی بات کی پیچ میں بحث و تکرار کرتے ہیں، بے دلیل جھگڑا اور بے وجہ حجت بازی کرتے ہیں،

ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا ضَلَّ قَوْمٌ بَعْدَ هُدًى كَانُوا عَلَيْهِ إِلَّا أُوتُوا الْجَدَلَ، ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ وَقَالُوۡۤا ءَاٰلِهَتُنَا خَیۡرٌ اَمۡ هُوَ ؕ مَا ضَرَبُوۡهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ؕ بَلۡ هُمۡ قَوۡمٌ خَصِمُوۡنَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی قوم اس وقت تک ہلاک نہیں ہوتی جب تک بے دلیل حجت بازی اس میں نہ آ جائے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی آیت ''اور جب ابن مریم کی مثال بیان کی گئی تو اس سے تیری قوم (خوشی سے) چیخنے لگی ہے، اور انہوں نے کہا کہ ہمارے معبود اچھے ہیں یا وہ؟ تجھ سے ان کا یہ کہنا محض جھگڑے کی غرض سے ہے بلکہ یہ لوگ ہیں جھگڑالو۔'' تلاوت فرمائی۔ [۲]

اللہ تعالیٰ نے فرمایا عیسیٰ علیہ السلام تو ہمارا بندہ ہے، ہم نے انہیں اپنی مشیت وحکمت سے بغیر باپ کے پیدا کیا اور نبوت وحکمت اور علم وعمل کی نعمت سے سرفراز فرمایا اور انہیں ایسے معجزات سے نوازا جو ان سے پہلے کسی کو عطا نہیں کیے گئے تھے، جیسے فرمایا

وَرَسُوۡلًا اِلٰی بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ ۙ۬ اَنِّیۡ قَدۡ جِئۡتُكُمۡ بِاٰیَةٍ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ ۙ اَنِّیۡۤ اَخۡلُقُ لَكُمۡ مِّنَ الطِّیۡنِ كَهَیۡـَٔةِ الطَّیۡرِ فَاَنۡفُخُ فِیۡهِ فَیَكُوۡنُ طَیۡرًۢا بِاِذۡنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبۡرِئُ الۡاَكۡمَهَ وَالۡاَبۡرَصَ وَاُحۡیِ الۡمَوۡتٰی بِاِذۡنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمۡ بِمَا تَاۡكُلُوۡنَ وَمَا تَدَّخِرُوۡنَ ۙ فِیۡ بُیُوۡتِكُمۡ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لَّكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِیۡنَ ﴿ۚ۴۹﴾ [۳]

ترجمہ: (اور جب وہ بحیثیت رسول بنی اسرائیل کے پاس آیا تو اس نے کہا) میں تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس نشانی لے کر آیا ہوں، میں تمہارے سامنے مٹی سے پرندے کی صورت کا ایک مجسمہ بناتا ہوں اور اس میں پھونک مارتا ہوں وہ اللہ کے حکم سے پرندہ بن جاتا ہے، میں اللہ کے حکم سے مادر زاد اندھے اور کوڑھی کو اچھا کرتا ہوں اور اس کے اذن سے مردے کو زندہ کرتا ہوں، میں تمہیں بتاتا ہوں کہ تم کیا کھاتے ہو اور کیا اپنے گھروں میں ذخیرہ کر کے رکھتے ہو اس میں تمہارے لیے کافی نشانی ہے اگر تم ایمان لانے والے ہو۔

اور اپنی قدرت سے بغیر باپ کے پیدا کر کے بنی اسرائیل کی طرف مبعوث فرمایا اور اسی طرح اگر ہم چاہیں تو تم سے انسانوں کے بجائے فرشتے

[۱] الانبیاء ۱۰۱ تا ۱۰۳

[۲] جامع ترمذی كتاب تفسير القرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ الزُّخْرُفِ ۳۲۵۳، سنن ابن ماجه المقدمة بَابُ اجْتِنَابِ الْبِدَعِ وَالْجَدَلِ ۴۸، مسند احمد ۲۲۱۶۴، المعجم الكبير للطبرانی ۸۰۶۷، مستدرک حاکم ۳۶۷۴، شعب الايمان ۸۰۸۰

[۳] آل عمران ۴۹

پیدا کر دیں جو زمین میں تمہارے جانشین ہوں،اور ان کی طرف فرشتے رسول بنا کر بھیجتے، کوئی چیز اللہ کی قدرت سے باہر نہیں ہے اس میں تمہارے لیے کافی نشانی ہے اگر تم ایمان لانے والے ہو۔

وَ اِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَ اتَّبِعُوْنِ ؕ

اور یقیناً عیسیٰ (علیہ السلام) قیامت کی علامت ہے، پس تم (قیامت) کے بارے میں شک نہ کرو اور میری تابعداری کرو ی

هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ وَ لَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ (الزخرف ۶۲،۶۱)

ہی سیدھی راہ ہے، اور شیطان تمہیں روک نہ دے، یقیناً وہ تمہارا صریح دشمن ہے۔

اور جو قادر مطلق عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم کو بغیر والد کے وجود میں لانے کی قدرت رکھتا ہے، اس کا وہی برگزیدہ بندہ اللہ کے حکم سے مٹی کے پرندہ میں جان ڈال سکتا ہے، مردوں کو زندہ کرسکتا ہے، کوڑھی اور برص کے مریضوں کو شفا دے سکتا ہے اس کے لئے تمہیں اور تمام انسانوں کو مرنے کے بعد ان کی قبروں میں سے دوبارہ زندہ کر دینا کیا مشکل امر ہے ،اس لئے قدرت الٰہی (عیسیٰ علیہ السلام کی معجزانہ پیدائش) کو دیکھتے ہوئے وقوع قیامت میں کوئی شک وشبہ نہ کرو، اس کے بارے میں شک کرنا کفر ہے اور میری دعوت حق کو تسلیم کرلو اور اللہ کے حکم سے میری اطاعت کرو، جو میں تمہیں حکم دوں اس کی تعمیل کرو اور جس سے روک دوں اس سے اجتناب کرو یہی سیدھا راستہ ہے جو سیدھا اللہ رب العالمین کی طرف جاتا ہے، جیسے فرمایا

وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ [1]

ترجمہ: جو کچھ رسول تمہیں دے وہ لے لو اور جس چیز سے وہ تم کو روکے اس سے رک جاؤ اللہ سے ڈرو اللہ سخت سزا دینے والا ہے۔

ایسا نہ ہو شیطان تم کو اس راستہ سے گمراہ کر دے کہ وہ تمہارا ازلی کھلا دشمن ہے۔

وَ لَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَ لِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ

اور جب عیسیٰ (علیہ السلام) معجزے لائے تو کہا کہ میں تمہارے پاس حکمت لایا ہوں اور اس لیے آیا ہوں کہ جن بعض

الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوْنِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَ رَبُّكُمْ

چیزوں میں تم مختلف ہو انہیں واضح کر دوں، پس تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میرا کہا مانو، میرا اور تمہارا رب فقط اللہ تعالیٰ ہی ہے،

فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ

پس تم سب اس کی عبادت کرو، راہ راست (یہی) ہے، پھر (بنی اسرائیل) کی جماعتوں نے آپس میں اختلاف کیا،

---

[1] الحشر ۷

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ۝۶۵ (الزخرف۶۳تا۶۵)

پس ظالموں کے لیے خرابی ہے دکھ والے دن کی آفت سے۔

اور جب عیسیٰ علیہ السلام معجزات لیے ہوئے آیا تھا جو ان کی نبوت کی صداقت کا منہ بولتا ثبوت تھے تو اس نے بنی اسرائیل سے کہا تھا کہ میں تم لوگوں کے پاس شریعت موسوی اور احکام تورات کی تکمیل کے لیے آیا ہوں تا کہ جن دینی امور میں تم اختلاف کر رہے ہو ان میں جو حق ہے اسے تم پر کھول دوں لہذا تم اللہ مالک الملک سے ڈرو اور اس اکیلے کی بندگی کرو وہ جس چیز کا حکم دے اسے بجالاؤ اور جس چیز سے روک دے اس سے اجتناب کرو اور اللہ کے حکم سے میری رسالت کی تصدیق اور میری اطاعت کرو، یقیناً اللہ وحدہ لاشریک ہی میرا رب بھی ہے اور تمہارا رب بھی اس لیے طاغوت کی بندگی سے تائب ہو کر خالص اسی کی عبادت کرو یہی سیدھا راستہ کامیابی و کامرانی کی منزل پر پہنچا تا ہے، اگر اس کی اس صاف تعلیم کے باوجود گروہ بندی کرنے والوں نے اختلاف کیا، یہودیوں نے عیسیٰ علیہ السلام کی تنقیص کی اور انہیں ناجائز بیٹا قرار دیا، نصاریٰ کے ایک گروہ نے عیسیٰ علیہ السلام کو کلمۃ اللہ اور رسول ہی تسلیم کیا اور یہی جماعت حق پر تھی اور بعض نے غلو کر کے انہیں (نعوذ باللہ) اللہ کا بیٹا بنالیا اور بعض نے اس سے بھی بڑھ کر دعویٰ کیا کہ آپ ہی اللہ ہیں، اللہ وحدہ لاشریک ہر طرح کے شرک سے پاک ہے، جیسے فرمایا

۔۔۔سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۲۳ [1]

ترجمہ: پاک ہے اللہ اس شرک سے جو لوگ کر رہے ہیں۔

پس مشرکین کو جنہوں نے اس کی مخلوق کو اس کا شریک ٹھہرایا روز قیامت دردناک عذاب میں داخل کیا جائے گا۔

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝۶۶

یہ لوگ صرف قیامت کے منتظر ہیں کہ وہ اچانک ان پر آپڑے اور انہیں خبر بھی نہ ہو،

اَلْاَخِلَّاۗءُ يَوْمَىِٕذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ۝۶۷ (الزخرف۶۶،۶۷)

اس دن (گہرے) دوست بھی ایک دوسرے کے دشمن بن جائیں گے سوائے پرہیز گاروں کے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت خاص سے انہی لوگوں میں سے ان کی طرف رسول مبعوث فرمایا ہے، ان کی رشد وہدایت کے لئے اس پر جلیل القدر کتاب نازل فرمائی ہے جو طرح طرح کی مثالوں سے راہ راست کی طرف رہنمائی کرتی ہے مگر یہ لوگ محض فخر وغرور اور تعصّبات میں دعوت حق پر ایمان لانے کو تیار نہیں ہیں، کیا قیامت کی تکذیب کرنے اور اس کے بارے میں آگاہ کرنے والے کا مذاق اڑانے والے لوگ اب صرف قیامت کی گھڑی کے منتظر ہیں جو اچانک ان پر آپڑے گی اور انہیں خبر بھی نہ ہوگی، جیسے فرمایا

بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ۝۴۰ [2]

ترجمہ: وہ بلا اچانک آئے گی اور انہیں اس طرح یک لخت دبوچ لے گی کہ یہ نہ اس کو دفع کرسکیں گے اور نہ ان کو لمحہ بھر مہلت ہی مل سکے گی۔

---

[1] الحشر ۲۳

[2] الانبیاء ۴۰

مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ [1]

ترجمہ: وہ بس ایک دھماکہ ہے جو یکایک انہیں اس حالت میں دھر لے گا جب یہ (اپنے دنیوی معاملات) میں جھگڑ رہے ہوں گے، اور اس وقت یہ وصیت تک نہ کر سکیں گے اور نہ ہی اپنے گھروں کو پلٹ سکیں گے۔

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾ [2]

ترجمہ: اب کیا یہ لوگ بس قیامت ہی کے منتظر ہیں کہ وہ اچانک ان پر آجائے؟ اس کی علامات تو آچکی ہیں جب وہ خود آجائے گی تو ان کے لیے نصیحت قبول کرنے کا کونسا موقع باقی رہ جائے گا؟۔

روز محشر میں کفار و مشرکین کے احوال کے بارے میں مت پوچھو اس دن تمام دوستیاں جو دنیا میں کفر و فسق پر قائم ہیں شدید دشمنی میں تبدیل ہو جائیں گی، اس نفسا نفسی کے دن سب مشرکین ایک دوسرے کو مورد الزام ٹھہرائیں گے اور اپنی جان چھڑانے کی کوشش کر رہے ہوں گے، جیسے ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا تھا۔

وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۡ وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ [3]

ترجمہ: اور اس نے کہا تم نے زندگی میں تو اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو اپنے درمیان محبت کا ذریعہ بنالیا ہے مگر قیامت کے روز تم ایک دوسرے کا انکار اور ایک دوسرے پر لعنت کرو گے اور آگ تمہارا ٹھکانہ ہو گی اور کوئی تمہارا مددگار نہ ہو گا۔

اور صرف متقین کی دوستیاں باقی رہ جائیں گی جو دنیا میں نیکی اور رضائے الٰہی کی بنیاد پر قائم تھیں۔

يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَ لَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۶۸﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا

میرے بندو! آج تم پر کوئی خوف (وہراس) ہے اور نہ تم (بددل اور) غمزدہ ہو گے، جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے

وَ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿۶۹﴾ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَ اَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ﴿۷۰﴾

اور تھے بھی وہ (فرماں بردار) مسلمان، تم اور تمہاری بیویاں ہشاش بشاش (راضی خوشی) جنت میں چلے جاؤ،

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّ اَكْوَابٍ ۚ وَ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ

ان کے چاروں طرف سے سونے کی رکابیاں اور سونے کے گلاسوں کا دور چلایا جائے گا، ان کے جی جس چیز کی خواہش کریں

---

[1] یٰسین ۴۹،۵۰

[2]

[3] العنکبوت ۲۵

وَ تَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ وَ اَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ

اور جس سے ان کی آنکھیں لذت پائیں سب وہاں ہو گا، اور تم اس میں ہمیشہ رہو گے، یہی وہ بہشت ہے کہ تم اپنے اعمال کے

تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۲﴾ لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۳﴾ (الزخرف ۶۸ تا ۷۳)

بدلے اس کے وارث بنائے گئے ہو، یہاں تمہارے لیے بکثرت میوے ہیں جنہیں تم کھاتے رہو گے۔

اس روز متقین سے جو دنیا میں محض اللہ کی رضا کے لیے ایک دوسرے سے محبت کرتے تھے کہا جائے گا کہ اے میرے بندو! اس نفسا نفسی کے دن تمہارے لئے کوئی خوف نہیں اور نہ تمہیں کوئی غم لاحق ہو گا، تم اور تمہاری مومن بیویاں ہشاش بشاش ہو کر انواع واقسام کی لازوال نعمتوں سے بھری جنت میں داخل ہو جاؤ، جب وہ جنتوں میں داخل ہو کر گھنے درختوں کے نیچے رواں چشموں کے کنارے اونچی سجی ہوئیں مسندوں پر آمنے سامنے بیٹھیں گے تو ان کو سونے کے برتنوں میں خوش ذائقہ مرغوب کھانے، بھنے ہوئے پرندوں کا گوشت اور مختلف قسم کی شرابوں سے چھلکتے ہوئے سونے کے ساغر پیش کیے جائیں گے، ان کے علاوہ ان کے لیے ہر من بھاتی اور نگاہوں کو لذت دینے والی چیز (جس کی خوشبو اور ذائقہ بہت اچھا ہو گا) وہاں موجود ہو گی، ان سے کہا جائے گا تم اب یہاں ہمیشہ رہو گے، دنیا میں ہر طرح کی ترغیبات، ملامتوں اور مصائب کے باوجود تم جو اعمال صالحہ کرتے تھے اس کی بدولت آج تم بہشت کے وارث بنے ہو، تمہارے لئے یہاں تمام انواع واقسام کے مختلف پھل موجود ہیں، جیسے فرمایا

فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿۵۲﴾ [1]

ترجمہ: دونوں باغوں میں ہر پھل کی دو قسمیں۔

ان مزے دار اور لذیذ پھلوں کو تم چن چن کر کھاؤ گے۔

اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۷۴﴾ لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَ هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۵﴾

بیشک گناہ گار لوگ عذاب دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے، یہ عذاب کبھی بھی ان سے ہلکا نہ کیا جائے گا اور وہ اسی میں مایوس پڑے رہیں

وَ مَا ظَلَمْنٰهُمْ وَ لٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۶﴾ وَ نَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ؕ

گے، اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ یہ خود ہی ظالم تھے، اور پکار پکار کر کہیں گے کہ اے مالک! تیرا رب ہمارا کام ہی تمام کر دے،

قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ﴿۷۷﴾ لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۸﴾ (الزخرف ۷۷ تا ۷۸)

وہ کہے گا کہ تمہیں تو (ہمیشہ) رہنا ہے، ہم تو تمہارے پاس حق لے آئے لیکن تم میں اکثر لوگ حق سے نفرت رکھنے والے تھے۔

---

[1] الرحمٰن ۵۲

کفار ومشرکین کی دوزخ میں درگت:

اور گنہگاروں کو جہنم میں داخل کر دیا جائے گا اور ایک ساعت بھی انہیں ان عذابوں میں تخفیف نہ ہوگی اور وہ نجات سے مایوس وناامید ہو کر پڑے رہیں گے، جیسے فرمایا

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ كُلَّ كَفُوْرٍ ۚ ۝۳۶ [۱]

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے ان کے لیے جہنم کی آگ ہے، نہ ان کا قصہ پاک کر دیا جائے گا کہ مر جائیں اور نہ ان کے لیے جہنم کے عذاب میں کوئی کمی کی جائے گی اس طرح ہم بدلہ دیتے ہیں ہر اس شخص کو جو کفر کرنے والا ہو۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ۝۱۶۲ [۲]

ترجمہ: اسی لعنت زدگی کی حالت میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور نہ ان کی سزا میں تخفیف ہوگی اور نہ انھیں پھر کوئی دوسری مہلت دی جائے گی۔

ان پر ہم نے ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود ہی اپنے اوپر ظلم کرتے رہے، وہ اپنے رب کو پکاریں گے

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ۝۱۰۷ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ۝۱۰۸ [۳]

ترجمہ: اے پروردگار! اب ہمیں یہاں سے نکال دے پھر ہم ایسا قصور کریں تو ظالم ہوں گے، اللہ تعالیٰ جواب دے گا دور رہو میرے سامنے سے، پڑے رہو اسی میں اور مجھ سے بات نہ کرو۔

پھر جہنمی بڑی لجاجت سے مالک داروغہ سے التماس کریں گے کہ آپ اپنے رب سے دعا کریں کہ وہ ہمیں موت ہی دے دے تاکہ اس دردناک عذاب سے جان چھوٹ جائے جس میں ہم نہ صبر کر سکتے ہیں اور نہ برداشت کی قوت ہے، وہ جواب دے گا اب موت کہاں، موت کو ایک دنبے کی شکل میں تمہارے سامنے ذبح کر دیا گیا ہے، اب تم یوں ہی ہمیشہ ہمیشہ اس عذاب میں مبتلا رہو گے، مالک داروغہ کہے گا اللہ نے تمہارے پاس پے در پے رسول بھیجے، تمہاری ہدایت ورہنمائی کے لئے کتابیں نازل کیں، رسولوں نے مضبوط دلائل وبراہین سے حق کو تمہارے سامنے کھول کر رکھ دیا، اگر تم حق کی اتباع کرتے تو فوز وسعادت سے بہرہ مند ہوتے مگر دعوت حق تمہیں انتہائی ناگوار تھی، تم اپنے باطل معبودوں کی حمایت میں رسولوں کے مقابلے میں کھڑے ہوئے، دعوت حق کو روکنے کے لیے منظم تدبیریں اور سازشیں کرتے رہے، اللہ کی منزل کتابوں کا مذاق اڑاتے رہے، بار بار تلقین کے باوجود روز آخرت کا تمہیں یقین ہی نہ تھا کہ وہاں تمہارے اعمال کا حساب ہوگا، اس طرح تم لوگ اپنی بدبختی کا شکار ہو گئے، اللہ نے تم پر کوئی ظلم نہیں کیا لہذا اب اپنے اس احمقانہ انتخاب کا انجام دیکھ کر بلبلاتے کیوں ہو؟ اس الٹ جواب سے ان کے غم میں اور اضافہ ہو جائے گا۔

---

[۱] فاطر۳۶

[۲] البقرۃ۱۶۲

[۳] المومنون۱۰۸،۱۰۷

اَمۡ اَبۡرَمُوۡۤا اَمۡرًا فَاِنَّا مُبۡرِمُوۡنَ ﴿۷۹﴾ۚ اَمۡ یَحۡسَبُوۡنَ اَنَّا لَا نَسۡمَعُ سِرَّہُمۡ

کیاانہوں نے کسی کام کاپختہ ارادہ کرلیا ہے تویقین مانو کہ ہم بھی پختہ کام کرنے والے ہیں، کیاان کا یہ خیال ہے کہ ہم ان کی پوشیدہ

وَ نَجۡوٰىہُمۡ ؕ بَلٰی وَ رُسُلُنَا لَدَیۡہِمۡ یَکۡتُبُوۡنَ ﴿۸۰﴾ (الزخرف۸۰،۷۹)

باتوں کواور ان کی سرگوشیوں کونہیں سن سکتے (یقیناً ہم برابرسن رہے ہیں)، بلکہ ہمارے بھیجے ہوئے ان کے پاس ہی لکھ رہے ہیں۔

سرداران قریش اپنی خفیہ مجلسوں میں رسول اللہ ﷺ کے خلاف کوئی فیصلہ کن قدم اٹھانے کے لیے مشورے کر رہے تھے،اللہ تعالیٰ نے فرمایا کیادعوت حق کی تکذیب کرنے والوں اوراس سے بغض وعناد رکھنے والے حق کو سرنگوں کرنے کے لیے فیصلہ کن قدم اٹھانے کے لئے منظم تدبیریں اورسازشیں کر رہے ہیں، مگر وہ یہ نہ بھولیں کہ ان کی سازشوں کے مقابلے میں اللہ بھی ایسی تدبیر کر رہا ہے جو ان کی ہر تدبیر پر غالب ہے اوران کی تدبیر کو توڑ کر باطل کر کے رکھ دے گی، جیسے فرمایا:

اَمۡ یُرِیۡدُوۡنَ کَیۡدًا ؕ فَالَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا ہُمُ الۡمَکِیۡدُوۡنَ ﴿ؕ۴۲﴾ [1]

ترجمہ: کیا یہ کوئی چال چلنا چاہتے ہیں؟اگر یہ بات ہے تو کفر کرنے والوں پر ان کی چال الٹی ہی پڑے گی۔

وَمَکَرُوۡا مَکۡرًا وَّمَکَرۡنَا مَکۡرًا وَّہُمۡ لَا یَشۡعُرُوۡنَ ﴿۵۰﴾ فَانۡظُرۡ کَیۡفَ کَانَ عَاقِبَۃُ مَکۡرِہِمۡ ۙ اَنَّا دَمَّرۡنٰہُمۡ وَقَوۡمَہُمۡ اَجۡمَعِیۡنَ ﴿۵۱﴾ [2]

ترجمہ: یہ چال تو وہ چلے اور پھر ایک چال ہم نے چلی جس کی انہیں خبر نہ تھی،اب دیکھ لو کہ ان کی چال کا کیاانجام ہوا ہم نے تباہ کر کے رکھ دیا ان کو اوران کی پوری قوم کو۔

بَلۡ نَقۡذِفُ بِالۡحَقِّ عَلَی الۡبَاطِلِ فَیَدۡمَغُہٗ فَاِذَا ہُوَ زَاہِقٌ... ﴿۱۸﴾ [3]

ترجمہ: مگر ہم تو باطل پر حق کی چوٹ لگاتے ہیں جو اس کا سر توڑ دیتی ہے اور وہ دیکھتے دیکھتے مٹ جاتا ہے۔

اوراس طرح اللہ تعالیٰ حق کو ثابت کرنے اور باطل کے ابطال کے لئے اسباب اور دلائل مقرر کر دیتا ہے، کیاوہ اپنی جہالت اور ظلم کی بنا پر گمان کرتے ہیں کہ ہم ان کی خلوت میں سرگوشیوں اوران کے دلوں میں چھپے بھید نہیں جانتے؟ہاں ہاں یقیناً اللہ ان کے دلوں کے چھپے بھید اوران کی سرگوشیوں کوخوب جانتا ہے اور کراماً کاتبین ان کے تمام چھوٹے بڑے اعمال کو لکھ اور محفوظ رکھ رہے ہیں اور روز محشر جب یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش ہوں گے تو یہ نامہ اعمال ان کے ہاتھوں میں تھما دیے جائیں گے اورآپ کا رب کسی پر ظلم نہیں کرے گا۔

قُلۡ اِنۡ کَانَ لِلرَّحۡمٰنِ وَلَدٌ ٭ۖ فَاَنَا اَوَّلُ الۡعٰبِدِیۡنَ ﴿۸۱﴾ سُبۡحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ

آپ کہہ دیجئے! اگر بالفرض رحمٰن کی اولاد ہو تو میں سب سے پہلے عبادت کرنے والا ہوتا، آسمان زمین اورعرش کا

[1] الطور۴۲

[2] النمل۵۱،۵۰

[3] الانبیاء۱۸

رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَ يَلْعَبُوْا

رب جو کچھ یہ بیان کرتے ہیں اس (سے) بہت پاک ہے، اب آپ انہیں اس بحث مباحثہ اور کھیل کود میں چھوڑ دیجئے،

حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۸۳﴾ (الزخرف ۸۱ تا ۸۳)

یہاں تک کہ انہیں اس دن سابقہ پڑ جائے جن کا یہ وعدہ دیئے جاتے ہیں۔

اے نبی ﷺ! مشرکین سے کہو جنہوں نے مخلوق کو اللہ تعالیٰ کا بیٹا یا بیٹی قرار دے رکھا ہے، حالانکہ اللہ تعالیٰ کی ذات ایسی نہیں جس کا کوئی ہمسر اور جس کا کوئی کفو ہو، تمہارے یہ عقائد حقیقت کے سراسر خلاف ہیں، اگر بالفرض محال اللہ کی کوئی اولاد ہوتی تو میں محمد بن عبد اللہ ﷺ جو اس کا رسول اور مطیع و فرماں بردار بندہ ہوں سب سے پہلے اس کے اقرار اور ان کی بندگی میں سر جھکا دیتا، مگر تم دیکھ رہے ہو میں اس کا انکار کرنے والا پہلا شخص ہوں اور اس کی نفی کرنے میں سب سے زیادہ سخت ہوں، جیسے فرمایا

لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ۭ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۴﴾ [1]

ترجمہ: اگر اللہ کسی کو بیٹا بنانا چاہتا تو اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہتا برگزیدہ کر لیتا، پاک ہے وہ اس سے (کہ کوئی اس کا بیٹا ہو) وہ اللہ ہے اکیلا اور سب پر غالب۔

اللہ تعالیٰ جو آسمانوں اور زمین اور عرش کا رب ہے شریک، معاون و مددگار اور اولاد وغیرہ سے منزہ ہے جو مشرکین اس کی طرف منسوب کرتے ہیں، اے نبی ﷺ! اگر اللہ کی وحدانیت، ربوبیت، رزاقیت اور قدرتوں کے طرح طرح کے دلائل کے باوجود یہ راہ راست اختیار نہیں کرتے تو انہیں اپنے باطل عقائد و اعمال اور دنیا کی رنگینیوں میں مگن رہنے دو، ان کی آنکھیں اس دن کھلیں گی جب ان کے اپنے اعمال کے نتائج ان کے سامنے آجائیں گے اور یہ جہنم کے دائمی عذاب میں داخل کر دیے جائیں گے جس سے نکلنے کی کوئی سبیل نہ ہو گی۔

وَ هُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّ فِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۭ وَ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۴﴾

وہی آسمانوں میں معبود ہے اور زمین میں بھی وہی قابل عبادت ہے، اور وہ بڑی حکمت والا اور پورے علم والا ہے،

وَ تَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا ۚ وَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ

اور وہ بہت برکتوں والا ہے جس کے پاس آسمان اور زمین اور ان کے درمیان کی بادشاہت ہے، اور قیامت کا علم بھی اس کے پاس

وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَ لَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ

ہے اور اسی کی جانب تم سب لوٹائے جاؤ گے، جنہیں یہ لوگ اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ شفاعت کرنے کا اختیار نہیں رکھتے،

اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَ هُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ (الزخرف ۸۴ تا ۸۶)

ہاں (مستحق شفاعت وہ ہیں) جو حق بات کا اقرار کریں اور انہیں علم بھی ہو۔

[1] الزمر ۴

ایسا نہیں ہے کہ آسمانوں اور زمین کے الٰہ الگ الگ ہیں بلکہ جس طرح زمین وآسمان اور ساری کائنات کاالٰہ ایک ہی ہے،معبود بھی ایک ہی ہے،اگر ایک الٰہ نہ ہوتا اور ہر کام کے مختلف الٰہ ہوتے کوئی ہوا کا کوئی بارش کا کوئی نباتات کا کوئی زندگی اور موت کا کوئی اولاد دینے والا کوئی رزق دینے والا وغیرہ الٰہ ہوتا تو ہر الٰہ اپنی مخلوق کو لے کر الگ ہو چکا ہوتا اور اس وسیع وعریض کائنات کا نظام درہم برہم ہو چکا ہوتا، جیسے فرمایا

لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۲۲﴾ (۱)

ترجمہ:اگر آسمان وزمین میں ایک اللہ کے سوا دوسرے خدا بھی ہوتے تو (زمین اور آسمان) دونوں کا نظام بگڑ جاتا پس پاک ہے اللہ رب العرش ان باتوں سے جو یہ لوگ بنا رہے ہیں۔

اور وہ ہر چیز کا علم رکھتا ہے، ہر بھید اور مخفی معاملے کو جانتا ہے، کوئی بڑی یا چھوٹی چیز اس کی نظر سے اوجھل نہیں ہے،وہ ہر طرح کے شرک سے پاک اور بلند وبالا ہے۔

وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ ۭ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ﴿۳﴾ (۲)

ترجمہ: وہی ایک اللہ آسمانوں میں بھی ہے اور زمین میں بھی، تمہارے کھلے اور چھپے سب حال جانتا ہے اور جو برائی یا بھلائی تم کماتے ہو اس سے خوب واقف ہے۔

وہ اس عظیم الشان کائنات کا شہنشاہ ہے،اس کی ملکیت، الوہیت، ربوبیت اور صفات میں کوئی شریک یا معاون نہیں،زمین وآسمان کی تمام مخلوقات اسی ایک الٰہ کی حمد وستائش کرتی ہیں،اس کے جلال کے سامنے پست وعاجز ہیں، جیسے فرمایا

تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ... ﴿۴۴﴾ (۳)

ترجمہ:اس کی پاکی تو ساتوں آسمان اور زمین اور وہ ساری چیزیں بیان کر رہی ہیں جو آسمان وزمین میں ہیں، کوئی چیز ایسی نہیں جو اس کی حمد کے ساتھ تسبیح نہ کر رہی ہو مگر تم ان کی تسبیح سمجھتے نہیں ہو۔

وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۱۵﴾ (۴)

ترجمہ:وہ تو اللہ ہی ہے جس کو زمین وآسمان کی ہر چیز طوعاً وکرہاً سجدہ کر رہی ہے اور سب چیزوں کے سائے صبح وشام اس کے آگے جھکتے ہیں۔

وہ علام الغیوب ہے اور وہی جانتا ہے کہ قیامت کب قائم ہو گی، جیسے فرمایا

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ... ﴿۱۸۷﴾ (۵)

ترجمہ:یہ لوگ تم سے پوچھتے ہیں کہ آخر وہ قیامت کی گھڑی کب نازل ہو گی؟ کہو اس کا علم میرے رب ہی کے پاس ہے اسے اپنے وقت پر

(۱) الانبیاء ۲۲

(۲) الانعام ۳

(۳) بنی اسرائیل ۴۴

(۴) الرعد ۱۵

(۵) الاعراف ۱۸۷

وہی ظاہر کرے گا۔

دنیا میں چاہے تم حیات بعد الموت اور اعمال کی جزا کے عقیدے کا انکار کرو مگر حقیقت یہی ہے کہ روز محشر اللہ مالک یوم الدین کی بارگاہ میں اعمال کی جوابدہی کے لیے تم پیش کیے جاؤ گے اور وہ ہر ایک کو اس کے اعمال کے مطابق جزا و سزا دے گا، اللہ قادر مطلق کو چھوڑ کر یہ مشرکین جنہیں پکارتے ہیں ان کے بارے میں ان کا عقیدہ یہ ہے کہ وہ روز محشر اللہ کی بارگاہ میں ان کے حق میں سفارشی ہوں گے مگر اس کے دربار میں اس کی اجازت کے بغیر کسی کو لب تک کھولنے کی اجازت نہ ہوگی، البتہ انبیاء صالحین، متقین اور فرشتے اللہ کی اجازت سے جس کے حق میں وہ چاہے گا حق کے ساتھ سفارش کریں گے۔

وَ لَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَۙ ﴿٨٧﴾

اگر آپ ان سے دریافت کریں کہ انہیں کس نے پیدا کیا ہے؟ تو یقیناً جواب دیں گے اللہ نے، پھر یہ کہاں الٹے جاتے ہیں؟

وَ قِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٨٨﴾ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ

اور ان کا (پیغمبر کا اکثر) یہ کہنا کہ اے میرے رب! یقیناً یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان نہیں لاتے، پس آپ ان سے منہ پھیر لیں

وَ قُلْ سَلٰمٌ ؕ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٩﴾ (الزخرف ٨٧تا٨٩)

اور کہہ دیں (اچھا بھائی) سلام! انہیں عنقریب (خود ہی) معلوم ہو جائے گا۔

اور اگر تم ان سے پوچھو کہ تمہارا اور تمہارے معبودوں کا خالق کون ہے؟ تو یہ خود اقرار و اعتراف کریں گے کہ سب کو اللہ نے پیدا کیا ہے، افسوس! اس اقرار کے بعد پھر یہ غیر اللہ کی عبادت کرتے ہیں جو اس کی مخلوق ہیں اور کسی طرح کی کوئی قدرت و اختیار نہیں رکھتے، رسول ﷺ نے یہ صحیح کہا کہ اے میرے پروردگار! یہ وہ ہٹ دھرم لوگ ہیں جو ہر طرح کے دلائل کے باوجود دعوت حق پر ایمان نہیں لاتے، اے نبی ﷺ! ان جاہلوں کی سخت باتوں اور تضحیک و استہزا پر آپ کو جو اذیت پہنچتی ہے اس پر انہیں معاف کر دیں، آپ کی طرف سے ان کے لئے سلام ہی ہونا چاہیے جس کے ذریعے سے عقل مند اور اہل بصیرت جاہلوں کا مقابلہ کرتے ہیں، جیسے فرمایا

وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؗ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ؗ لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ﴿٥٥﴾ [1]

ترجمہ: اور جب انہوں نے بے ہودہ بات سنی تو یہ کہہ کر اس سے کنارہ کش ہو گئے کہ ہمارے اعمال ہمارے لیے اور تمہارے اعمال تمہارے لیے، تم کو سلام ہے، ہم جاہلوں کا سا طریقہ اختیار کرنا نہیں چاہتے۔

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿٦٣﴾ [2]

ترجمہ: رحمان کے (اصلی) بندے وہ ہیں جو زمین پر نرم چال چلتے ہیں اور جاہل ان کے منہ آئیں تو کہہ دیتے ہیں کہ تم کو سلام۔

---

[1] القصص ٥٥

[2] الفرقان ٦٣

عنقریب انہیں اپنے گناہوں اور جرائم کا دردناک انجام معلوم ہوجائے گا۔

رسول اللہ ﷺ کی قحط کے لئے دعا:

قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِنَّمَا كَانَ هَذَا، لِأَنَّ قُرَيْشًا لَمَّا اسْتَعْصَوْا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا عَلَيْهِمْ بِسِنِينَ كَسِنِي يُوسُفَ، فَأَصَابَهُمْ قَحْطٌ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب کفار مکہ کی مخالفانہ روش شدید سے شدید تر ہوتی چلی گئی تو نبی ﷺ نے دعا کی اے اللہ! یوسف کے قحط جیسے ایک قحط سے میری مدد فرما، رسول اللہ ﷺ کا خیال یہ تھا کہ جب ان لوگوں پر مصیبت پڑے گی تو انہیں اللہ یاد آئے گا اور ان کے دل نصیحت قبول کرنے کے لئے نرم پڑ جائیں گے، اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعا قبول فرمائی اور سارے علاقے میں ایسے زور کا قحط پڑا کہ لوگ بلبلا اٹھے۔[1]

اہل مکہ ہڈیاں، مردار، درختوں کے پتے، گھاس اور چمڑے کے ٹکڑے ابال کر کھانے پر مجبور ہو گئے، جس سے کفار کے خنے بہت کچھ ڈھیلے پڑ گئے بالآخر کار اس سختی اور شدت سے تنگ آ کر بعض سرداران قریش جن میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے خاص طور پر ابوسفیان کا نام لیا ہے رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور آپ سے رحم کی بھیک مانگتے ہوئے درخواست کی کہ آپ تو صلہ رحمی کی دعوت دیتے ہیں، آپ کی قوم بھوکوں مر رہی ہے، آپ اپنی قوم کو اس بلا سے نجات دلانے کے لئے اللہ سے دعا کریں اگر آپ کی دعا سے یہ عذاب ٹل گیا تو ہم آپ کی نبوت کو تسلیم کر لیں گے، سید المرسلین، رحمۃ للعالمین ﷺ کو رحم آ گیا اور آپ نے باری تعالیٰ کی بارگاہ میں التجا کی، چنانچہ بارش برسی لیکن یہ کیفیت دور ہوتے ہی ان کا کفر و عناد پھر اسی طرح عود کر آیا یہی موقع تھا جب اللہ تعالیٰ نے یہ سورۂ نازل فرمائی۔

مضامین سورۂ الدخان:

کتاب مبین کی قسم کھا کر فرمایا گیا کہ ایک خیر و برکت والی رات میں اس کو نازل کیا ہے جو کہ ساری راتوں سے افضل ہے اور اس میں اللہ رب العزت تمام اہم امور کا حکیمانہ فیصلہ صادر فرما دیتا ہے، یہ وہی رات ہے جس کے بارے میں ایک مقام پر فرمایا

إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ فِى لَيْلَةِ ٱلْقَدْرِ ۝١ [2]

ترجمہ: بے شک ہم نے اس (قرآن) کو شب قدر میں اتارا ہے۔

ایک مقام پر فرمایا:

شَهْرُ رَمَضَانَ ٱلَّذِىٓ أُنزِلَ فِيهِ ٱلْقُرْءَانُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنَٰتٍ مِّنَ ٱلْهُدَىٰ وَٱلْفُرْقَانِ... ۝١٨٥ [3]

ترجمہ: رمضان کا وہ مہینہ ہے جس میں قرآن اتارا گیا جو لوگوں کے واسطے ہدایت ہے اور رہدایت کی روشن دلیلیں اور حق و باطل میں فرق کرنے

---

[1] صحیح بخاری کتاب التفسیرسورۂ الدخان بَابُ يَغْشَى النَّاسَ هَذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ۴۸۲۱، وکتاب الادب بَابُ تَسْمِيَةِ الوَلِيدِ ۶۲۰۰، صحیح مسلم کتاب صفات المنافقین بَابُ الدُّخَانِ ۷۰۶۶

[2] القدرا

[3] البقرة۱۸۵

والا ہے۔
یعنی پندرہ شعبان نہیں بلکہ رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں سے کوئی رات جس میں قرآن نازل ہوا اور جس میں اللہ تعالیٰ اہم امور کے فیصلے فرما دیتا ہے۔

○ مشرکین مکہ کتاب مبین کو اللہ کا کلام ماننے کے بجائے رسول اللہ ﷺ کا پرانے وقتوں کے قصے کہانیاں اور کہاوتیں پر مشتمل اپنا تصنیف کردہ کلام کہتے تھے، اور کہتے تھے کہ اس کلام کے نازل ہونے کے ساتھ ہی ہم مصائب ومشکلات کا شکار ہو گئے ہیں، ان کی تردید میں فرمایا کہ یہ قرآن محمد ﷺ کا تصنیف کردہ کلام نہیں ہے بلکہ انسانیت کی فوز وفلاح اور دنیا کے لوگوں کی رحمت کے لیے اللہ تعالیٰ نے اسے نازل فرمایا ہے، نیز یہ کلام اس قادر وقیوم ذات نے نازل کیا ہے جس کو تم ہر چیز کا خالق ورازق مانتے ہو اور یہ بھی مانتے ہو کہ زندگی اور موت اسی کے اختیار میں ہے، لیکن یہ تعلیمات چونکہ تمہارے آباؤ اجداد کے باطل عقائد ونظریات کی اصلاح کرتی ہے اس لیے تم شک اور تردد میں مبتلا ہو گئے ہو، حالانکہ یہ بات ہر باشعور اور سلیم الفطرت انسان خود سوچ سکتا ہے کہ جس ذات نے تم کو وجود بخشا ہے، جو زندگی اور موت کا مختار ہے وہی اس لائق ہے تم ہر طرف سے منہ پھیر کر اس کی عبادت کرو اور اسی کو اپنا حقیقی کارساز سمجھو، اللہ تعالیٰ نے اسی حقیقت کو آگاہ کرنے اور تمہاری ہدایت ورہنمائی کے لیے انبیاء ورسل اور ان پر کتابوں کا سلسلہ جاری فرمایا۔

○ قحط کی وجہ سے بڑے بڑے دشمنان حق کی گردنیں جھک رہی تھیں اور وہ پکار رہے تھے کہ اے پروردگار! یہ عذاب ہم پر سے ٹال دے تو ہم دعوت اسلام قبول کرلیں گے، ان کے قول کی تردید کے لیے فرعون کا ذکر فرمایا کہ ہم ان پر یکے بعد دیگرے مختلف عذاب بھیجتے رہے، جب وہ کسی عذاب کا شکار ہوتے تو موسیٰ علیہ السلام کے پاس حاضر ہو کر وعدہ کرتے کہ اگر تمہارا رب اب یہ عذاب ٹال دے تو ہم دعوت ایمان قبول کرلیں گے مگر جب اللہ ایک مدت کے لیے عذاب کو ٹال دیتا تو وعدہ خلافی کرتے اور اپنے کفر وشرک پر مصر رہتے، اہل مکہ کو بتلایا کہ تمہاری کیفیت بھی ان سے مختلف نہیں ہے تم بھی ان لوگوں کی طرح نبی ﷺ کے جان کے دشمن ہو اور اس کا قتل کرنے کی منصوبہ بندی کرتے رہتے ہو، یہ واقعہ اہل مکہ کو تمثیلاً بتایا کہ جیسے ظاہری شان وشوکت اور حکومت واقتدار کے باوجود فرعون اور آل فرعون کو ذلت ورسوائی کا شکار ہونا پڑا اور قیامت تک ان کو سامان عبرت بنا دیا اگر تم لوگ دعوت اسلام کو قبول نہیں کروگے اور فرعون اور آل فرعون کی روش اختیار کروگے تو تمہارا انجام بھی ان جیسا ہی ہوگا۔

○ بعث بعد الموت کے سلسلہ میں کفار مکہ کہتے تھے کہ اگر مر کر جی اٹھنا برحق ہے تو ہمارے آباؤ اجداد میں سے کسی ایک کو زندہ کر کے دکھادو، اس بارے میں فرمایا کہ اس عظیم الشان کائنات کا نظام کوئی کھیل تماشہ نہیں کہ جب چاہا بنا لیا اور جب چاہا بگاڑ دیا، اس قادر مطلق کے ہاں ہر کام کے لیے ایک وقت متعین ہے اور ہر کام اپنے اپنے وقت پر ہو کر رہے گا، اور عقیدہ آخرت کا انکار تمہاری ہر اخلاقی برائی کا سبب ہے جن کا محاسبہ موت کے یقیناً ہوگا، اس دن کوئی عزیز کسی قریبی عزیز کے کام نہیں آئے گا اور نہ ان کو کہیں سے کوئی مدد ہی ملے گی، جب مجرم سزا پا کر جہنم میں داخل ہوں گے تو انہیں تیل کی تلچھٹ جیسا زقوم کے درخت کو کھانے کے لیے دیا جائے گا جسے کھاتے ہی وہ پیٹ میں اس طرح جوش مارے گا جیسے کھولتا ہوا پانی جوش مارتا ہے، اللہ کے حکم سے ان کے سروں پر کھولتا ہوا پانی ڈالا جائے گا اور مومن کامیاب وکامران ہو کر جنت کا حریری لباس پہن کر جنت الفردوس کے عیش وآرام میں دائمی زندگی گزاریں گے، آخر میں فرمایا کہ قرآن مجید کی یہ سیدھی سادی

باتیں تمہاری سمجھ میں نہیں آتیں یا تم سمجھ کر ان کا انکار کر رہے ہو، دونوں صورتوں میں اپنے برے انجام کا انتظار کرو وقت مقررہ پر ہر حقیقت کھل کر سب کے سامنے آجائے گی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ وَ الۡکِتٰبِ الۡمُبِیۡنِ ۙ﴿۲﴾ اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰہُ فِیۡ لَیۡلَۃٍ مُّبٰرَکَۃٍ اِنَّا کُنَّا مُنۡذِرِیۡنَ ﴿۳﴾

حم، قسم ہے اس وضاحت والی کتاب کی، یقیناً ہم نے اسے بابرکت رات میں اتارا ہے بیشک ہم ڈرانے والے ہیں،

فِیۡہَا یُفۡرَقُ کُلُّ اَمۡرٍ حَکِیۡمٍ ۙ﴿۴﴾ اَمۡرًا مِّنۡ عِنۡدِنَا ؕ اِنَّا کُنَّا مُرۡسِلِیۡنَ ۚ﴿۵﴾

اسی رات میں ہر ایک مضبوط کام کا فیصلہ کیا جاتا ہے ہمارے پاس سے حکم ہو کر، ہم ہی ہیں رسول بنا کر بھیجنے والے

رَحۡمَۃً مِّنۡ رَّبِّکَ ؕ اِنَّہٗ ہُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ۙ﴿۶﴾ (الدخان ۱ تا ۶)

آپ کے رب کی مہربانی سے، وہ ہی سننے والا جاننے والا۔

ہر طرح کے دلائل کے باوجود اہل مکہ کا خیال تھا کہ یہ قرآن محمد ﷺ کا اپنا تصنیف کردہ کلام ہے جو پرانے وقتوں کے قصے کہانیوں اور کہاوتوں پر مشتمل ہے، جیسے فرمایا:

وَ اِذَا تُتۡلٰی عَلَیۡہِمۡ اٰیٰتُنَا قَالُوۡا قَدۡ سَمِعۡنَا لَوۡ نَشَآءُ لَقُلۡنَا مِثۡلَ ہٰذَاۤ ۙ اِنۡ ہٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِیۡرُ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۳۱﴾ [1]

ترجمہ: جب ان کو ہماری آیات سنائی جاتی تھیں تو کہتے تھے کہ ہاں سن لیا ہم نے، ہم چاہیں تو ایسی ہی باتیں ہم بھی بنا سکتے ہیں یہ تو وہی پرانی کہانیاں ہیں جو پہلے سے لوگ کہتے چلے آرہے ہیں۔

وَ اِذَا قِیۡلَ لَہُمۡ مَّاذَاۤ اَنۡزَلَ رَبُّکُمۡ ۙ قَالُوۡۤا اَسَاطِیۡرُ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۲۴﴾ [2]

ترجمہ: اور جب کوئی ان سے پوچھتا ہے کہ تمہارے رب نے یہ کیا چیز نازل کی ہے تو کہتے ہیں اجی وہ تو اگلے وقتوں کی فرسودہ کہانیاں ہیں۔

قَالُوۡۤا ءَ اِذَا مِتۡنَا وَ کُنَّا تُرَابًا وَّ عِظَامًا ءَ اِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ ﴿۸۲﴾ لَقَدۡ وُعِدۡنَا نَحۡنُ وَ اٰبَآؤُنَا ہٰذَا مِنۡ قَبۡلُ اِنۡ ہٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِیۡرُ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۸۳﴾ [3]

ترجمہ: یہ کہتے ہیں کیا جب ہم مر کر مٹی ہو جائیں گے اور ہڈیوں کا پنجر بن کر رہ جائیں گے تو ہم کو پھر زندہ کر کے اٹھایا جائے گا؟ ہم نے بھی یہ وعدے بہت سنے ہیں اور ہم سے پہلے ہمارے باپ دادا بھی سنتے رہے ہیں یہ محض افسانہائے پارینہ ہیں۔

وَ قَالَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡۤا ءَ اِذَا کُنَّا تُرٰبًا وَّ اٰبَآؤُنَاۤ اَئِنَّا لَمُخۡرَجُوۡنَ ﴿۶۷﴾ لَقَدۡ وُعِدۡنَا ہٰذَا نَحۡنُ وَ اٰبَآؤُنَا مِنۡ قَبۡلُ ۙ اِنۡ ہٰذَاۤ

[1] الانفال ۳۱

[2] النحل ۲۴

[3] المومنون ۸۳،۸۲

إِلَّآ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿٦٨﴾ (۱)

ترجمہ: یہ منکرین کہتے ہیں کیا جب ہم اور ہمارے باپ دادا مٹی ہو چکے ہوں گے تو ہمیں واقعی قبروں سے نکالا جائے گا؟ یہ خبریں ہم کو بھی بہت دی گئی ہیں اور پہلے ہمارے آباو اجداد کو بھی دی جاتی رہی ہیں مگر یہ بس افسانے ہی افسانے ہیں جو اگلے وقتوں سے سنتے چلے آرہے ہیں۔

إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿١٥﴾ (۲)

ترجمہ: جب ہماری آیات اس کو سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے یہ تو اگلے وقتوں کے افسانے ہیں۔

اور اس کلام کی وجہ سے ہم پر مصائب ومشکلات کا نزول شروع ہو گیا ہے، جیسے فرمایا

قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ... ﴿١٨﴾ (۳)

ترجمہ: بستی والے کہنے لگے ہم تو تمہیں اپنے لیے فال بد سمجھتے ہیں۔

قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ... ﴿٤٧﴾ (۴)

ترجمہ: انہوں نے کہا ہم نے تو تم کو اور تمہارے ساتھیوں کو بدشگونی کا نشان پایا ہے۔

ان بات کے پیش نظر اللہ تبارک وتعالیٰ نے کتاب مبین یعنی جس کے احکامات کھلے اور واضح ہیں اور اس میں کوئی پیچیدگی نہیں ہے کی قسم کھا کر فرمایا اس کتاب کو ہم نے رمضان المبارک کی خیر کثیر وبرکت والی رات یعنی لیلۃ القدر (جو رمضان کے آخر عشرے میں طاق راتوں میں کوئی ایک رات ہے)۔

لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ﴿٣﴾ (۵)

ترجمہ: اور شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔

میں غفلت میں پڑے ہوئے لوگوں کو چونکانے کے لئے بیت العزت (آسمان دنیا) میں نازل کیا ہے پھر وہاں سے حسب ضرورت ومصلحت تئیس سالوں تک مختلف اوقات میں نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ پر اترتا رہا،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أُنْزِلَ الْقُرْآنُ جُمْلَةً وَاحِدَةً إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ، ثُمَّ أُنْزِلَ بَعْدَ ذَلِكَ فِي عِشْرِينَ سَنَةً

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے پورا قرآن لیلۃ القدر کی رات کو آسمان دنیا پر اتارا گیا اور پھر ۲۰ سالوں تک حسب حکمت مختلف اوقات میں رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ پر نازل ہوتا رہا۔ (۶)

---

(۱) النمل ۶۷،۶۸

(۲) القلم ۱۵

(۳) یٰسین ۱۸

(۴) النمل ۴۷

(۵) القدر ۳

(۶) تفسیرطبری ۵۴۷/۱۷

شَهۡرُ رَمَضَانَ الَّذِیۡۤ اُنۡزِلَ فِیۡهِ الۡقُرۡاٰنُ هُدًی لِّلنَّاسِ وَبَیِّنٰتٍ مِّنَ الۡهُدٰی وَالۡفُرۡقَانِ ... ﴿۱۸۵﴾ [١]

ترجمہ: رمضان کا وہ مہینہ ہے جس میں قرآن اتارا گیا جو لوگوں کے واسطے ہدایت ہے اور ہدایت کی روشن دلیلیں اور حق و باطل میں فرق کرنے والا ہے۔

اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰهُ فِیۡ لَیۡلَةِ الۡقَدۡرِ ۚ﴿۱﴾ [٢]

ترجمہ: ہم نے اس (قرآن) کو شب قدر میں نازل کیا ہے۔

اس کے مصنف محمد رسول اللہ ﷺ نہیں ہیں، لیلۃ القدر وہ مبارک رات ہے جس میں اللہ تعالیٰ مخلوقات کی تقدیر، ان کا وقت مقرر، وسائل زندگی، ان کے اعمال و اموال اور قوموں و ملکوں کے عروج و زوال کے حکمت پر مبنی فیصلے فرماتا ہے جس میں تغیر و تبدیلی کا امکان نہیں ہوتا، اور حکمت سے لبریز یہ فیصلے لے کر ملائکہ و روح الامین علیہ السلام اپنے رب کے اذن سے زمین پر اترتے ہیں اور سارا سال انہی فیصلوں کے مطابق عملدر آمد کرتے رہتے ہیں، اور فرمایا کہ ایک رسول کو یہ عظیم کتاب دے کر بھیجنا اللہ کی حکمت اور رحمت ہے تا کہ وہ تمہاری مادی ضروریات کے ساتھ تمہارے روحانی تقاضوں کی تکمیل کے لئے صحیح علم سے رہنمائی کرے، حق و باطل کے فرق کو کھول کھول کر بیان کرے، انہیں جہالتوں اور ظلمتوں سے نکال کر روشنی میں لائے تا کہ انہیں دنیا و آخرت کی بھلائی حاصل ہو اور اللہ ہی تمام ظاہری و باطنی امور کو جانتا ہے اور وہی انسان کو ہدایت و ضلالت، حق و باطل، خیر و شر، نیکی و بدی کا فرق بتا سکتا ہے تا کہ ان پر حجت قائم ہو جائے۔

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ مَا بَیۡنَهُمَا ۘ اِنۡ کُنۡتُمۡ مُّوۡقِنِیۡنَ ﴿۷﴾ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحۡیٖ

جو رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اگر تم یقین کرنے والے ہو، کوئی معبود نہیں اس کے سوا وہی

وَ یُمِیۡتُ ؕ رَبُّکُمۡ وَ رَبُّ اٰبَآئِکُمُ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۸﴾ بَلۡ هُمۡ فِیۡ شَکٍّ یَّلۡعَبُوۡنَ ﴿۹﴾ (الدخان ۷ تا ۹)

جلاتا ہے اور مارتا ہے، وہی تمہارا رب ہے اور تمہارے اگلے باپ دادوں کا، بلکہ وہ شک میں پڑے کھیل رہے ہیں۔

تم لوگ اس بات کا اقرار کرتے ہو کہ اللہ تعالیٰ ہی آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے، جیسے فرمایا

وَلَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ لَیَقُوۡلُنَّ اللّٰهُ ...ؕ ﴿۳۸﴾ [٣]

ترجمہ: ان لوگوں سے اگر تم پوچھو کہ زمین اور آسمانوں کو کس نے پیدا کیا ہے تو یہ خود کہیں گے کہ اللہ نے۔

قُلۡ مَنۡ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبۡعِ وَرَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ ﴿۸۶﴾ سَیَقُوۡلُوۡنَ لِلّٰهِ ... ﴿۸۷﴾ [٤]

ترجمہ: ان سے پوچھو، ساتوں آسمانوں اور عرش عظیم کا مالک کون ہے؟ یہ ضرور کہیں گے اللہ۔

چنانچہ اللہ وحدہ لاشریک ہی ان کی تدبیر کرنے اور اپنی مشیت کے مطابق ان میں تصرف کرنے والا ہے، اگر واقعی تمہیں اس کی الوہیت

[١] البقرة ۱۸۵

[٢] القدر ۱

[٣] الزمر ۳۸

[٤] المومنون ۸۷،۸۶

اور ربوبیت کا شعور و یقین ہے تو تمہیں اس پر ایمان لانا چاہیے کہ مخلوقات کا رب ہی تمہارا معبود حقیقی ہے، اور انسانوں کی صراط مستقیم پر رہنمائی کے لئے رسول اور کتاب بھیجنا اس کے رحم و کرم کا عین تقاضا ہے، اور مملوک ہونے کی حیثیت سے تمہارا یہ فرض عین ہے کہ اس کی طرف سے بھیجی ہوئی ہدایات کو مانو اور اس کے آگے سر اطاعت جھکا دو، موت و زیست اور ہر طرح کی قدرت و اختیار اسی اکیلے کے ہاتھ میں ہے، جیسے فرمایا:

...لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ... ۝۱۵۸ [1]

ترجمہ: اس کے سوا کوئی الہ نہیں ہے، وہی زندگی بخشتا ہے اور وہی موت دیتا ہے۔

وہی تمہارے مرنے کے بعد تمہیں میدان محشر میں جمع کرے گا اور تمہارے اعمال کی جزا و سزا دے گا، اگر اعمال اچھے ہوئے تو اچھی جزا ہو گی اور اگر اعمال برے ہوئے تو بری جزا ہو گی، جیسے فرمایا:

قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ... ۝۲۶ [2]

ترجمہ: کہو ہمارا رب ہمیں جمع کرے گا پھر ہمارے درمیان ٹھیک ٹھیک فیصلہ کر دے گا۔

...اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝۱۵ [3]

ترجمہ: اللہ ایک روز ہم سب کو جمع کرے گا اور اسی کی طرف سب کو جانا ہے۔

اس لئے اس کا حق ہے کہ اس کے ساتھ دوسروں کو شریک نہ کرو اور خالص اس کی بندگی و پرستش کرو، وہی اولین و آخرین کا رب، نعمتوں کی ذریعے سے ان کی تربیت کرنے والا اور ان سے سختیوں کو دور کرنے والا ہے مگر تمہارے اسلاف نے شیطان کے جھانسے میں آ کر اپنے رب حقیقی سے منہ موڑ کر گمراہی اختیار کی، اس لئے تم ان کی تقلید میں حق بجانب نہیں ہو چنانچہ تم پر لازم ہے کہ سب سے منہ موڑ کر اسی ایک اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی کرو جو تمہارا حقیقی رب ہے، اب جبکہ حق پورے دلائل و براہین کے ساتھ ان کے سامنے آ چکا ہے لیکن یہ اس پر ایمان لانے کے بجائے شک و شبہ میں غوطہ زن ہیں۔

فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَاۗءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۝۱۰ۙ يَّغْشَى النَّاسَ ۭ

آپ اس دن کے منتظر رہیں جب کہ آسمان ظاہر دھواں لائے گا جو لوگوں کو گھیر لے گا،

هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۱۱ (الدخان ۱۰، ۱۱)

یہ دردناک عذاب ہے۔

---

[1] الاعراف ۱۵۸

[2] سبا ۲۶

[3] الشوریٰ ۱۵

دھواں ہی دھواں اور کفار:

رسول اللہ ﷺ اور مومنین کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا کہ اب ان انسانیت سوز ظلم وستم کرنے والے کفار ومشرکین جو نہ رسول کے سمجھانے سے مانتے ہیں، نہ قحط کی شکل میں جو تنبیہ کی گئی ہے اس سے ہوش میں آتے ہیں،

قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِنَّمَا كَانَ هَذَا، لِأَنَّ قُرَيْشًا لَمَّا اسْتَعْصَوْا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا عَلَيْهِمْ بِسِنِينَ كَسِنِي يُوسُفَ، فَأَصَابَهُمْ قَحْطٌ وَجَهْدٌ حَتَّى أَكَلُوا العِظَامَ، فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَنْظُرُ إِلَى السَّمَاءِ فَيَرَى مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ مِنَ الجَهْدِ،

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے جب لوگوں کی کیفیت دیکھی کہ وہ سمجھانے سے نہیں مانتے توفرمایا اے اللہ! ان پر سات برس کا قحط بھیج جیسے یوسف علیہ السلام کے زمانے میں سات سال تک قحط ہوا تھا، آخر قریش پر قحط پڑا جو ہر چیز کو کھا گیا یہاں تک کہ لوگ ہڈیاں تک کھانے لگے، جب وہ آسمان کی طرف نظر اٹھاتے تو بھوک اور فاقہ کی شدت کی وجہ سے انہیں دھواں کے سوا کچھ نظر نہ آتا تھا۔[1]

ثم إن قريشا لما استعصت على رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وأبطأوا عن الإسلام، وأوغلوا في عداوة النبي وإيذائه وإيذاء أصحابه، دعا عليهم فقال :اللهمّ أعنّي عليهم بسبع كسبع يوسف، فأصابتهم سنة حتى أكلوا الجيف والميتة، والعظام، وحتى كان الواحد منهم يرى ما بينه وبين السماء كهيئة الدخان من الجوع، ثم جاء إليه أبو سفيان في ناس من قومه، فقالوا: يا محمد إنك تزعم أنك قد بعثت رحمة، وإن قومك قد هلكوا، فادع الله لهم،فدعا لهم الرؤوف الرحيم، فكشف الله عنهم ما هم فيه، فسقوا الغيث، وأطبقت عليهم سبعا، فشكا الناس كثرة المطر

جب قریش نے رسول اللہ ﷺ پر عرصہ حیات تنگ کر دیا اور آپ ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہما کی دشمنی اور ایذا رسانی میں حد سے بڑھ گئے تو رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی اے اللہ !ان پر یوسف علیہ السلام کی طرح سات برس کا قحط نازل فرمادے، اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی دعا کو قبول فرمایا اور ان پر قحط نازل فرمادیا، قحط اتنا شدید تھا کہ قریش مردار، ہڈیاں وغیرہ کھانے پر مجبور ہو گئے، یہاں تک کہ اگر ان میں کوئی آسمان کی طرف دیکھتا تو بھوک کی شدت سے اسے آسمان دھواں ساد کھائی دیتا تھا، چنانچہ ابوسفیان اپنی قوم کے چند لوگوں کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا اے محمد (ﷺ) آپ کہتے ہیں کہ آپ کو رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے اور آپ کی قوم قحط کی وجہ سے ہلاک ہو رہی ہے ان کے لیے اللہ سے دعا کریں، رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی تو اللہ تعالیٰ نے بارش برسائی جو لگا تا سات دن تک برستی رہی یہاں تک کہ کثرت بارش سے لوگ پریشان ہو گئے۔[2]

توپھر یہ لوگ قیامت کا انتظار کریں، جس دن آسمان صریح دھواں لائے گا اور (چالیس دنوں تک) سب لوگوں کو اپنی لپیٹ میں لے لے گا اور یہ قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے،

---

[1] صحیح بخاری کتاب التفسیرسورۂ الدخان بَابُ يَغْشَى النَّاسَ هَذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ۴۸۲۱ ، صحیح مسلم کتاب صفات المنافقین بَابُ الدُّخَانِ ۷۰۶۶،مسند احمد ۳۶۱۳، السنن الکبری للنسائی ۱۱۴۱۷

[2] السیرة النبویة علی ضوء القرآن والسنة۱؍۳۸۷

عَنْ أَبِي سَرِيحَةَ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غُرْفَةٍ وَنَحْنُ أَسْفَلَ مِنْهُ، فَاطَّلَعَ إِلَيْنَا، فَقَالَ: مَا تَذْكُرُونَ؟قُلْنَا: السَّاعَةَ، قَالَ:إِنَّ السَّاعَةَ لَا تَكُونُ حَتَّى تَكُونَ عَشْرُ آيَاتٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ فِي جَزِيرَةِ الْعَرَبِ وَالدُّخَانُ وَالدَّجَّالُ، وَدَابَّةُ الْأَرْضِ،

ابوسریحہ حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک بالاخانے میں تھے اور ہم نیچے بیٹھے ہوئے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری طرف جھانکا اور فرمایا تم کیا ذکر کر رہے ہو؟ ہم نے عرض کی قیامت کا ذکر کر رہے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی جبتک دس نشانیاں ظاہر نہ ہوں۔

مشرق میں زمین کا دھنسنا، مغرب میں زمین کا دھنسنا، جزیرہ العرب میں زمین کا دھنسنا، دھواں اور دجال اور زمین کا جانور

قَالَ الْمُفَسِّرُونَ هِيَ دَابَّةٌ عَظِيمَةٌ تَخْرُجُ مِنْ صدع فى الصفاوعن ا بن عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّهَا الْجَسَّاسَةُ الْمَذْكُورَةُ فِي حَدِيثِ الدَّجَّالِ

مفسرین نے کہا ہے یہ جانور بہت بڑا ہو گا جب صفا پہاڑ پھٹے گا تو یہ اس میں سے نکلے گا اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور ابن عاص سے منقول ہے یہ وہی جساسہ ہے جس کا ذکر دجال کی حدیث میں ہے۔[1]

اور اس جانور کا حلیہ اس طرح بیان کیا گیا ہے مکہ میں زمین سے ایک جانور نکلے گا ساٹھ گز لمبا، سر اس کا جیسے بیل کا اور آنکھ جیسے سور کی اور کان جیسے ہاتھی کے اور سینگ جیسے پہاڑی بکری کے، سینہ جیسے شیر کا اور کوکھ جیسے بلی کے اور دم جیسے مینڈھے کی اور رنگ جیسے چیتے کا، ہاتھ پاؤں جیسے اونٹ کے، اس کے پاس موسیٰ علیہ السلام کا عصا اور سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی، مسلمان اور کافر کو سونگھ کر بتلائے گا اور کہے گا اس کا دین سچا ہے اور سب دین جھوٹے ہیں۔[2]

جیسے فرمایا

وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ ۙ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۸۲﴾ [3]

ترجمہ: اور جب ہماری بات پوری ہونے کا وقت ان پر آپہنچے گا تو ہم ان کے لیے ایک جانور زمین سے نکالیں گے جو ان سے کلام کرے گا کہ لوگ ہماری آیات پر یقین نہیں کرتے تھے۔

وَيَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ وَطُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قُعْرَةِ عَدَنٍ تَرْحَلُ النَّاسَ تَنْزِلُ مَعَهُمْ إِذَا نَزَلُوا، وَتَقِيلُ مَعَهُمْ حَيْثُ نُزُولُ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ

یاجوج وماجوج اور سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور ایک آگ جو عدن کے کنارے سے نکلے گی اور لوگوں کو ہانک کرلے جائے گی وہ آگ لوگوں کے ساتھ رہے گی جہاں وہ اتر پڑیں گے آگ بھی اتر پڑے گی اور جب وہ دوپہر کو سو رہیں گے تو آگ بھی ٹھہر جائے گی

---

[1] شرح النوی علی مسلم ۱۸،۲۷

[2] تحفة الاخیار

[3] النمل ۸۲

اور عیسیٰ علیہ السلام کا نزول۔ ①

اور سرزنش کے طور پر انہیں کہا جائے گا یا وہ ایک دوسرے سے کہیں گے یہ ہے دردناک سزا، جیسے فرمایا:

يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ﴿١٣﴾ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿١٤﴾ ②

ترجمہ: جس دن انہیں دھکے مار مار کر نار جہنم کی طرف لے چلا جائے گا اس وقت ان سے کہا جائے گا کہ یہ وہی آگ ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھے۔

رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ﴿١٢﴾ اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَ قَدْ جَآءَهُمْ

کہیں گے اے ہمارے رب! یہ آفت ہم سے دور کر ہم ایمان قبول کرتے ہیں، ان کے لیے نصیحت کہاں ہے؟ کھول کھول

رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٣﴾ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَ قَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ﴿١٤﴾ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا

کر بیان کرنے والے پیغمبر ان کے پاس آ چکے پھر بھی انہوں نے منہ پھیرا اور کہہ دیا کہ سکھایا پڑھایا ہوا باؤلا ہے، ہم عذاب کو تھوڑا

اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ﴿١٥﴾ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ﴿١٦﴾ (الدخان ۱۲تا۱۶)

دور کر دیں گے تو تم پھر اپنی سی حالت پر آ جاؤ گے، جس دن ہم بڑی سخت پکڑ پکڑیں گے بالیقین ہم بدلہ لینے والے ہیں۔

اب عذاب الٰہی کو دیکھ کر گڑگڑا کر التجا کرتے ہیں کہ پروردگار! ہم پر سے یہ دردناک عذاب ٹال دے، ہم تمہیں وحدہ لاشریک تسلیم کرتے ہیں، تمہارے رسولوں اور ان پر نازل کتابوں پر ایمان لاتے ہیں، جیسے فرمایا

وَلَوْ تَرٰۤى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٧﴾ ③

ترجمہ: کاش تم اس وقت کی حالت دیکھ سکتے جب وہ دوزخ کے کنارے کھڑے کیے جائیں گے اس وقت وہ کہیں گے کہ کاش کوئی صورت ایسی ہو کہ ہم دنیا میں پھر واپس بھیجے جائیں اور اپنے رب کی نشانیوں کو نہ جھٹلائیں اور ایمان لانے والوں میں شامل ہوں۔

وَاَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَاۤ اَخِّرْنَاۤ اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ؕ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْۤا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ﴿٤٤﴾ ④

ترجمہ: اے نبی (ﷺ)! اس دن سے تم انہیں ڈراؤ جب کہ عذاب انہیں آ لے گا اس وقت یہ ظالم کہیں گے کہ اے ہمارے ربّ! ہمیں تھوڑی سے مہلت اور دیدے ہم تیری دعوت کو لبّیک کہیں گے اور رسولوں کی پیروی کریں گے (مگر انہیں صاف جواب دے دیا جائے گا) کہ کیا تم وہی لوگ نہیں ہو جو اس سے پہلے قسمیں کھا کھا کر کہتے تھے کہ ہم پر تو کبھی زوال آنا ہی نہیں ہے؟۔

① صحيح مسلم كتاب الْفِتَنِ وَأَشْرَاطِ السَّاعَةِ بَابٌ فِي الْآيَاتِ الَّتِي تَكُونُ قَبْلَ السَّاعَةِ،۷۲۸۷،۷۲۸۶

② الطور ۱۴،۱۳

③ الانعام ۲۷

④ ابراہیم ۴۴

اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا

بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝۲۸ [1]

ترجمہ: درحقیقت یہ بات وہ محض اس وجہ سے کہیں گے کہ جس حقیقت پر انہوں نے پردہ ڈال رکھا تھا وہ اس وقت بے نقاب ہو کر ان کے سامنے آچکی ہو گی، ورنہ اگر انہیں سابق زندگی کی طرف واپس بھیجا جائے تو پھر وہی سب کچھ کریں جس سے انہیں منع کیا گیا ہے۔

ان کو خواب غفلت سے جگانے کے لئے ہم نے کی ان کی طرف رسول مبین مبعوث کیا جس کے کردار و گفتار اور امانت و دیانت سے یہ خوف واقف تھے، رسول نے الہامی تعلیمات کو کھول کھول کر بیان کرنے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی مگر ان لوگوں نے اس کی دعوت حق پر کوئی توجہ نہ کی، اس پاکیزہ تعلیمات پر ایمان لانے کے بجائے اس کا مذاق اڑایا اور یہ کہہ کر وہ ان ساری دلیلوں، نصیحتوں اور سنجیدہ تعلیمات کو مذاق میں اڑاتے رہے کہ درپردہ کچھ لوگ قرآن کی آیتیں گھڑ گھڑ کر اسے پڑھا دیتے ہیں اور یہ شریف آدمی عام لوگوں کے سامنے انہیں پیش کر دیتا ہے، جیسے فرمایا:

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ ِۨافْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۔۔۔ ۝۴ [2]

ترجمہ: جن لوگوں نے نبی کی بات ماننے سے انکار کر دیا ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ فرقان ایک من گھڑت چیز ہے جسے اس شخص نے آپ ہی گھڑ لیا ہے اور کچھ دوسرے لوگوں نے اس کام میں اس کی مدد کی ہے۔

حالانکہ اگر کوئی شخص سکھانے پڑھانے والا ہوتا تو کبھی تو کسی کو نظر آتا اور پکڑا جاتا جبکہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا گھر آپ کے چچا ابولہب کے گھر کے ساتھ ہی ہم دیوار تھا مگر پھر بھی پروپیگنڈا جاری رہا، اور اللہ تعالیٰ نے تو دعویٰ کیا کہ اگر تم اسے انسانی کلام سمجھتے ہو تو اس جیسی چند آیات ہی بنا کر دکھاؤ مگر صدیاں گزرنے کے باوجود آج تک کوئی اس دعویٰ کے خلاف کھڑا نہ ہو سکا کیا یہ قرآن کی صداقت کی دلیل نہیں ہے، اچھا ہم اپنے رسول کی دعا سے قحط کا یہ عذاب کچھ عرصہ کے لئے موخر کر دیتے ہیں لیکن ہمیں معلوم ہے کہ تم لوگ کفر و شرک، قتل و غارت، حق تلفیوں اور بدکاریوں کو چھوڑ کر راہ ہدایت پر نہیں چلو گے، جیسے فرمایا:

وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝۷۵ [3]

ترجمہ: اگر ہم ان پر رحم کریں اور وہ تکلیف جس میں آج کل یہ مبتلا ہیں دور کر دیں تو یہ اپنی سرکشی میں بالکل ہی بہک جائیں گے۔

اس لیے قیامت کے روز تمہیں تمہاری نافرمانیوں پر دردناک عذاب سے دوچار کریں گے۔

وَ لَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ۝۱۷ اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ؕ

یقیناً ان سے پہلے ہم قوم فرعون کو (بھی) آزما چکے ہیں جن کے پاس (اللہ کا) باعزت رسول آیا کہ اللہ کے بندوں کو

[1] الانعام ۲۸

[2] الفرقان ۴

[3] المومنون ۷۵

اِنِّیْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿۱۸﴾ وَّ اَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنِّیْۤ اٰتِیْكُمْ

میرے حوالے کر دو یقین مانو کہ میں تمہارے لیے امانت دار رسول ہوں اور تم اللہ تعالیٰ کے سامنے سرکشی نہ کرو میں تمہارے

بِسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ﴿۱۹﴾ وَ اِنِّیْ عُذْتُ بِرَبِّیْ وَ رَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ﴿۲۰﴾ وَ اِنْ لَّمْ

پاس کھلی دلیل لانے والا ہوں، اور میں اپنے اور تمہارے رب کی پناہ میں آتا ہوں اس سے کہ تم مجھے سنگسار کر دو اور اگر تم

تُؤْمِنُوْا لِیْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿۲۱﴾ فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۲۲﴾

مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے الگ ہی رہو، پھر انہوں نے اپنے رب سے دعا کی کہ یہ سب گناہ گار لوگ ہیں (ہم نے کہہ دیا)

فَاَسْرِ بِعِبَادِیْ لَیْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَ اتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ

کہ راتوں رات تو میرے بندوں کو لے کر نکل، یقیناً تمہارا پیچھا کیا جائے گا، تو دریا کو ساکن چھوڑ کر چلا جا

اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۴﴾ (الدخان ۱۷ تا ۲۴)

بلاشبہ یہ لشکر غرق کر دیا جائے گا۔

قبطیوں کا انجام:

ان سے پہلے ہم فرعون کی قوم کو بھی دنیوی خوشی، خوشحالی و فراغت سے نواز چکے ہیں، ان کی ہدایت و رہنمائی کے لیے ہم نے ان کی طرف اپنے جلیل القدر پیغمبر موسیٰ علیہ السلام کو مبعوث کیا، انہوں نے فرعون اور اس کے درباریوں کو میرا پیغام پہنچایا کہ بنی اسرائیل کو ناحق غلامی سے آزاد کر دو اور انہیں میرے ساتھ جانے کی اجازت دے دو تا کہ یہ اپنے رب کی عبادت کر سکیں، جیسے فرمایا

... فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ ۙ۬ وَ لَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰیَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ؕ وَ السَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿۴۷﴾ [1]

ترجمہ: بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ جانے کے لیے چھوڑ دے اور ان کو تکلیف نہ دے ہم تیرے پاس تیرے رب کی نشانی لے کر آئے ہیں اور سلامتی ہے اس کے لیے جو راہ راست کی پیروی کرے۔

میں ایک امانت دار رسول ہوں اور رب کائنات نے مجھے جو پیغام دے کر بھیجا ہے وہی پوری امانت و دیانت کے ساتھ تمہیں پہنچا رہا ہوں، اب جبکہ اللہ نے تمہاری طرف رحمت کا ارادہ کیا ہے تو اپنی بڑائی اور سرکشی کا اظہار کرنے کے بجائے میری دعوت قبول کر لو اور راہ اللہ کے حکم سے میری اطاعت کرو، میں تمہارے سامنے اپنی رسالت کی صداقت میں ناقابل تردید دلائل پیش کرتا ہوں، جب موسیٰ علیہ السلام کو دعوت پیش کرتے ایک عرصہ ہو گیا اور فرعون مقابلے میں بدترین شکست کھانے اور بعد میں مختلف عذابوں سے حواس باختہ ہو گیا اور اسے اپنے پیروں کے نیچے سے زمین سرکتی نظر آئی تو اس نے بھرے دربار میں موسیٰ علیہ السلام کو قتل کی دھمکی دی۔

[1] طہ ۴۷

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿٢٦﴾ (١)

ترجمہ:اور فرعون نے کہا مجھے چھوڑ دو میں موسیٰ کو قتل کر دوں اور وہ اپنے رب کو پکارے میں ڈرتا ہوں کہ وہ تمہارے دین کو بدل ڈالے گا یا یہ کہ زمین میں فساد پھیلائے گا۔

جب موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کے ارادے کا علم ہوا تو انہوں نے کہا میں تمہارے سارے منصوبوں اور شرارتوں کے مقابلے میں اللہ احکم الحاکمین کی پناہ طلب کر چکا ہوں، میں نے تو ہر اس متکبر کے مقابلے میں جو یوم الحساب پر ایمان نہیں رکھتا اپنے رب اور تمہارے رب کی پناہ لے لی ہے ،اور کہا اگر تم اس دعوت کو قبول نہیں کرتے تو یہ تمہارا فیصلہ ہے اور تم نے ہی اس کی جوابدہی کرنی ہے مگر دعوت حق کا راستہ بند کرنے کے لیے مجھے قتل کرنے یا کوئی ایذا پہنچانے سے باز رہو ورنہ اس کا انجام بڑا دردناک ہو گا،فرعون اپنی دولت اور اقتدار کے نشے میں مخمور بنی اسرائیل پر ظلم ڈھاتا رہا،جب موسیٰ علیہ السلام نے دیکھا کہ دعوت حق کا اثر قبول کرنے کے بجائے قبطیوں کا کفر و عناد اور بڑھتا جا رہا ہے تو انہوں نے اللہ کی بارگاہ میں دعا کے لیے ہاتھ پھیلا دیئے اور کہا کہ اے میرے پروردگار!فرعون اور اس کی قوم نے میری ہر طرح کی کوششوں کے باوجود تیری دعوت قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے اور اب تو ہی ان کے بارے میں آخری فیصلہ فرما،جیسے فرمایا

وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓي اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰي قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٨٨﴾ (٢)

ترجمہ:موسیٰ نے دعا کی اے ہمارے رب!تو نے فرعون اور اس کے سرداروں کو دنیا کی زندگی میں زینت اور اموال سے نواز رکھا ہے،اے رب! کیا یہ اس لیے ہے کہ وہ لوگوں کو تیری راہ سے بھٹکائیں؟اے رب! ان کے مال غارت کر دے اور ان کے دلوں پر ایسی مہر کر دے کہ ایمان نہ لائیں جب تک دردناک عذاب نہ دیکھ لیں۔

اللہ تعالیٰ نے ان کی التجا قبول فرمائی اور حکم ہجرت فرمایا اے موسیٰ علیہ السلام! فرعون کی بے خبری میں بنی اسرائیل اور دوسرے اہل ایمان کو رات کی تاریکی میں مصر سے نکال کر سمندر کی طرف چل پڑو اور دیکھو گھبرانا ہرگز نہیں،فرعون اپنے لاؤ لشکر سمیت تمہارا تعاقب کرے گا جب تم سمندر پر پہنچو تو سمندر میں اپنا عصا مارنا تیرے عصا مارنے سے سمندر معجزانہ طور پر ساکن یا خشک ہو جائے گا اور اس میں خشک اور کشادہ بارہ راستے بن جائیں گے تم اطمینان سے بنی اسرائیل کو اس میں سے گزار لے جانا،جیسے فرمایا:

وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ۙ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ﴿٧٧﴾ (٣)

ترجمہ:ہم نے موسیٰ علیہ السلام پر وحی کی کہ اب راتوں رات میرے بندوں کو لے کر چل پڑ اور ان کے لیے سمندر میں سے سوکھی سڑک بنا لے،تجھے

(١) المومن٢٦

(٢) یونس٨٩،٨٨

(٣) طہ٧٧

کسی کے تعاقب کا ذرا خوف نہ ہو اور نہ ﴿ (سمندر کے بیچ سے گزرتے ہوئے) ڈر لگے۔

موسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے حکم سے بنی اسرائیل اور دیگر اہل ایمان کو رات کے ایک مقررہ وقت پر لے کر چل پڑے اور اللہ کے حکم سے سمندر کے درمیان خشک راستوں سے گزرنے لگے۔

لَمَّا جَاوَزَ هُوَ وَبَنُو إِسْرَائِيلَ الْبَحْرَ، أَرَادَ مُوسَى أَنْ يَضْرِبَهُ بِعَصَاهُ حَتَّى يَعُودَ كَمَا كَانَ، لِيَصِيرَ حَائِلًا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ فِرْعَوْنَ، فَلَا يَصِلُ إِلَيْهِمْ. فَأَمَرَهُ اللَّهُ أَنْ يَتْرُكَهُ عَلَى حَالِهِ سَاكِنًا

جب موسیٰ علیہ السلام دوسرے کنارے پر پہنچے اور چاہا کہ عصا مار کر سمندر کو رواں کر دیں تا کہ فرعون کے درمیان حائل ہو جائے اور وہ ان تک نہ پہنچ سکے تو اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی کہ اے موسیٰ علیہ السلام! سمندر کو اسی طرح ساکن رہنے دیں۔[1]

اور ساتھ ہی خوش خبری بھی سنائی کہ ہم چاہتے ہیں کہ فرعون اور اس کا لاؤ لشکر تمہارے تعاقب میں ان راستوں میں داخل ہو اور ہم انہیں وہیں غرق کر کے رہتی دنیا تک عبرت کا نشان بنا دیں۔

كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّ عُيُوْنٍ ﴿٢٥﴾ وَّ زُرُوْعٍ وَّ مَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿٢٦﴾

وہ بہت سے باغات اور چشمے چھوڑ گئے اور کھیتیاں اور راحت بخش ٹھکانے اور آرام کی چیزیں جن میں عیش کر رہے تھے،

وَّ نَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ﴿٢٧﴾ كَذٰلِكَ ۫ وَ اَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿٢٨﴾

اسی طرح ہو گیا اور ہم نے ان سب کا وارث دوسری قوم کو بنا دیا، سو ان پر نہ تو آسمان و زمین روئے اور نہ انہیں مہلت ملی،

فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَ الْاَرْضُ وَ مَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ﴿٢٩﴾ وَ لَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ

اور بیشک ہم نے (ہی) بنی اسرائیل کو (سخت) رسوا کن سزا سے نجات دی (جو) فرعون کی طرف سے

مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿٣٠﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿٣١﴾

(ہو رہی) تھی، فی الواقع وہ سرکش اور حد سے گزر جانے والوں میں تھا،

وَ لَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٢﴾ وَ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ

اور ہم نے دانستہ طور پر بنی اسرائیل کو دنیا جہان والوں پر فوقیت دی اور ہم نے انہیں ایسی نشانیاں

مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ ﴿٣٣﴾ (الدخان ۲۵ تا ۳۳)

دیں جن میں صریح آزمائش تھی۔

کتنے ہی بہترین اقسام کے پھلوں سے لدے ہوئے باغات اور میٹھے پانی کے ابلتے چشمے اور اناج سے بھرے کھیت اور رشاندار محل تھے جو وہ اس

[1] تفسیر ابن کثیر ۲۵۲/۷

دنیا میں چھوڑ گئے، کتنے ہی عیش وعشرت کے سروسامان جن میں وہ مزے کر رہے تھے ان کے پیچھے دھرے کے دھرے رہ گئے، یہ ہوا دعوت حق کی تکذیب اور رسولوں کی مخالفت کرنے والوں کا دردناک انجام، اور ہم نے بنی اسرائیل کو جو غلام بنا کر رکھے گئے تھے، جن پر ہر طرح کا ظلم وستم روا تھا جن کے بیٹوں کو فرعون کے حکم سے قتل کر دیا جاتا تھا اور بیٹیوں کو زندہ چھوڑ دیا جاتا تھا ان چیزوں کا وارث بنا دیا، جیسے فرمایا

فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ ﴿۵۷﴾ وَّ كُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِیْمٍ ﴿۵۸﴾ كَذٰلِكَ ؕ وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ ﴿۵۹﴾ [1]

ترجمہ: اس طرح ہم انہیں ان کے باغوں اور چشموں اور خزانوں اور ان کی بہترین قیام گاہوں سے نکال لائے یہ تو ہوا ان کے ساتھ ، اور (دوسری طرف) بنی اسرائیل کو ہم نے ان سب چیزوں کا وارث کر دیا۔

وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِیْنَ كَانُوْا یُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِیْ بٰرَكْنَا فِیْهَا ... ﴿۱۳۷﴾ [2]

ترجمہ: اور ان کی جگہ ہم نے ان لوگوں کو جو کمزور بنا کر رکھے گئے تھے اس سرزمین کے مشرق ومغرب کا وارث بنا دیا جسے ہم نے برکتوں سے مالا مال کیا تھا۔

جب تک وہ اقتدار پر براجمان تھے ان کی طاقت کی بڑی دھوم تھی مگر جب اللہ کے عذاب میں گرفتار ہو کر سمندر میں غرق ہوئے تو ان کی کسمپرسی کا یہ حال تھا کہ ان کے اس عبرت ناک انجام پر آسمان وزمین میں کوئی رونے والا نہ تھا اور نہ ہی انہیں ذرا سی مہلت دی گئی، یعنی ان کے ظلم وجبر کی بدولت کسی نے ان کی موت پر حزن وغم کا اظہار کیا اور نہ ان کی جدائی پر کسی کو افسوس ہوا بلکہ ان کی ہلاکت وبربادی پر خوشیاں منائیں،

عَنْ سَعِیدِ بْنِ جُبَیْرٍ قَالَ: أَتَى ابنَ عَبَّاسٍ رجلٌ فَقَالَ: یَا أَبَا عَبَّاسٍ أَرَأَیْتَ قَوْلَ اللَّهِ: {فَمَا بَكَتْ عَلَیْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِیْنَ} فَهَلْ تَبْكِي السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ عَلَى أَحَدٍ؟ قَالَ: نَعَمْ ، إِنَّهُ لَیْسَ أَحَدٌ مِنَ الْخَلَائِقِ إِلَّا وَلَهُ بَابٌ فِي السَّمَاءِ مِنْهُ یَنْزِلُ رِزْقُهُ وَفِیهِ یَصْعَدُ عَمَلُهُ، فَإِذَا مَاتَ الْمُؤْمِنُ فَأُغْلِقَ بَابُهُ مِنَ السَّمَاءِ الَّذِي كَانَ یَصْعَدُ فِیهِ عَمَلُهُ وَیَنْزِلُ مِنْهُ رِزْقُهُ بَكَى عَلَیْهِ ، وَإِذَا فُقِدَ مُصَلَّاهُ مِنَ الْأَرْضِ الَّتِي كَانَ یُصَلِّي فِیهَا وَیَذْكُرُ اللَّهَ فِیهَا بَكَتْ عَلَیْهِ، وَإِنَّ قَوْمَ فِرْعَوْنَ لَمْ تَكُنْ لَهُمْ فِي الْأَرْضِ آثَارٌ صَالِحَةٌ، وَلَمْ یَكُنْ یَصْعَدُ إِلَى اللَّهِ مِنْهُمْ خَیْرفَلَمْ تَبْكِ عَلَیْهِمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ

سعید بن جبیر سے روایت ہے ایک شخص نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کی اے ابو العباس! ارشاد باری تعالیٰ ہے ”پھر نہ آسمان ان پر رویا نہ زمین اور ذرا سی مہلت بھی ان کو نہ دی گئی۔“ تو کیا آسمان وزمین بھی کسی پر روتے ہیں؟ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہاں، مخلوقات میں سے ہر ایک کے لیے آسمان میں ایک دروازہ ہے جس سے رزق نازل ہوتا ہے اور عمل اوپر چڑھتا ہے، جب مومن فوت ہو جاتا ہے تو اس کا وہ دروزہ بند کر دیا جاتا ہے جس سے اس کا عمل اوپر جاتا اور رزق نازل ہوتا تھا، اور جب وہ اس کے عمل کو اوپر آتے ہوئے نہیں دیکھتا تو رونے لگتا ہے، اسی طرح جب وہ زمین اسے نہیں دیکھتی جس پر وہ نماز ادا کیا کرتا تھا اور اللہ کا ذکر کیا کرتا تھا تو وہ زمین بھی اس پر روتی ہے، قوم فرعون کے نہ تو زمین میں نیک آثار تھے اور نہ ان کا کوئی نیک عمل ہی اوپر جاتا تھا اس لیے ان پر نہ آسمان رویا اور نہ زمین۔ [3]

[1] الشعراء ۵۷ تا ۵۹

[2] الاعراف ۱۳۷

[3] تفسیر طبری ۳۴،۲۲

اس طرح بنی اسرائیل کو فرعون سے جو ایک مجسم عذاب تھا سے نجات دی جو حد بندگی سے تجاوز کر جانے والوں میں بڑے اونچے درجے کا آدمی تھا، اور بنی اسرائیل کو توحید کی دعوت دینے کے لیے اس وقت کی دوسری قوموں پر ترجیح دی اور انہیں ایسی کھلی نشانیاں دکھائیں جن میں صریح آزمائش تھی۔

اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۳۴﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰى وَ مَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَاْتُوْا

یہ لوگ تو یہی کہتے ہیں کہ (آخری چیز) یہی ہمارا پہلی بار (دنیا سے) مرجانا اور ہم دوبارہ اٹھائے نہیں جائیں گے، اگر تم

بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۶﴾ اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَّ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ

سچے ہو تو ہمارے باپ دادوں کو لے آؤ، کیا یہ لوگ بہتر ہیں یا تمہاری قوم کے لوگ اور جو ان سے بھی پہلے تھے ہم نے

اَهْلَكْنٰهُمْ ۫ اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَا

ان سب کو ہلاک کر دیا، یقیناً وہ گناہ گار تھے، ہم نے زمین اور آسمانوں اور ان کے درمیان کی چیزوں کو کھیل کے طور پر

لٰعِبِيْنَ ﴿۳۸﴾ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ (الدخان ۳۴تا۳۹)

پیدا نہیں کیا بلکہ ہم نے انہیں درست تدبیر کے ساتھ ہی پیدا کیا ہے، لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے۔

کفار و مشرکین حیات بعد الموت کی تردید میں یہ مہمل دلیل لاتے ہیں کہ انہوں نے مرنے کے بعد کبھی کسی کو دوبارہ زندہ ہوتے نہیں دیکھا اس لئے پہلی دفعہ مرنے کے بعد ہم بھی مٹی کے ساتھ مٹی ہو جائیں گے، حیات بعد الموت بعید از امکان اور اعمال کا حساب کتاب، جزا و سزا اور جنت و دوزخ صرف گھڑی ہوئی باتیں ہیں، حیات بعد الموت کا عقیدہ قیامت سے متعلق ہے دنیا کے متعلق نہیں ہے مگر مشرکین کٹ حجتی کے طور پر رسول اللہ ﷺ سے مطالبہ کرتے کہ اگر واقعی ہی تم اپنے دعویٰ میں سچے ہو کہ مرنے کے بعد دوسری زندگی ہو گی تو ہمارے آباؤ و اجداد کو قبروں سے زندہ کر کے دکھادو تاکہ ہمیں تمہارے دعویٰ کا یقین آجائے، اگر تم انہیں زندہ نہ کر سکے تو ہم یہ سمجھیں گے کہ تم اپنے دعویٰ میں جھوٹے ہو، اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا یہ کفار و مشرکین معمولی سے پونجی، مختصر ذرائع و وسائل اور مجد و سرداری پر اتنا اتراتے ہیں کہ اپنے رب کو بھول بیٹھے ہیں، کیا یہ لوگ قبیلہ حمیر کے بادشاہ تبع (جو قوم سبا کی ایک شاخ سے تھے اور ملک سبا پر ۱۱۵تا۳۳۰ء تک حکمران رہے، اور بعض کو بڑا عروج حاصل ہوا) سے یا ان سے پہلی طاقتور قوموں عاد و ثمود، سبا اور قوم فرعون وغیرہ سے زیادہ طاقت ور اور بہتر ہیں جن کی خوشحالی اور شوکت و حشمت کے افسانے ان کی زبانوں پر ہیں، انہوں نے بھی مادی فراغت و خوشحالی اور دنیاوی شان و شوکت کے نشے میں مخمور ہو کر اللہ کے رسول، اس کی کتاب اور حیات بعد الموت کا انکار کیا تھا، رسولوں اور ان کی پاکیزہ تعلیمات کا مذاق اڑایا تھا اور دعوت حق کو دبانے کے لئے بڑے جتن کیے تھے، اللہ تعالیٰ نے اپنی مشیت و حکمت سے ایک وقت تک انہیں سوچنے سمجھنے اور سنبھلنے کی مہلت عطا فرمائی، مگر اس مہلت سے فائدہ اٹھانے کے بجائے ان کی سرکشی اور بڑھ گئی، آخر ایک وقت مقررہ پر اللہ نے ان کے گناہوں کی پاداش میں ان پر اپنا عذاب نازل کیا تو کیا ان کی مادی خوشحالی، ذرائع و وسائل، طاقت و قوت اور دنیاوی شوکت و حشمت انہیں اللہ کے عذاب سے بچا سکی؟ ہر گز نہیں بلکہ اللہ نے

انہیں اس طرح تہس نہس کیا کہ وہ نشان عبرت ہو کر رہ گئے، چنانچہ ابھی وقت ہے ایمان لے آؤ کہیں ایسا نہ ہو جائے اسی جرم میں ہمارے جو عذاب اگلی قوموں میں آئے وہ تم پر بھی آجائیں اور انہی کی طرح تم بھی بے نام ونشان ہو کر رہ جاؤ، یہ کائنات کسی کھلنڈرے کا کھیل نہیں کہ اس نے آسمانوں اور زمین کو کھیل تماشے کے طور پر عبث اور بے فائدہ تخلیق کر دیا ہو، اور نہ ہی تمہیں بے کار وعبث پیدا کر کے چھوڑ دیا گیا ہے بلکہ ایک خالق حکیم نے اسے حق کے ساتھ اور ایک مقررہ مدت تک کے لیے تخلیق فرمایا ہے، اس مضمون کو متعدد مقامات پر بیان فرمایا

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ...ؕ ﴿۲۷﴾ (۱)

ترجمہ: اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ ان کے بیچ میں ہے بیکار تو پیدا نہیں کیا۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ (۲)

ترجمہ: کیا تم نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ ہم نے تمہیں فضول ہی پیدا کیا ہے اور تمہیں ہماری طرف لوٹ کبھی پلٹنا ہی نہیں ہے؟۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿۸۵﴾ (۳)

ترجمہ: ہم نے زمین اور آسمان کو اور ان کی موجودات کو حق کے سوا کسی اور بنیاد پر خلق نہیں کیا ہے اور فیصلے کی گھڑی یقیناً آنے والی ہے، پس اے نبی (ﷺ)، تم (ان لوگوں کی بے ہودگیوں پر) شریفانہ درگزر سے کام لو۔

اور صور پھونکنے کے بعد وہ تمہیں اعمال کی جوابدہی کے لئے تمہاری قبروں سے دوبارہ زندہ کرے گا اور اپنے بندوں کے درمیان حق کے ساتھ فیصلے فرمائے گا، مگر یہ لوگ کائنات کی تخلیق اور رسول مبعوث کرنے اور ان پر کتابیں نازل کرنے کا مقصد، روز آخرت اور اس کی سختیوں پر غور وتدبر نہیں کرتے۔

اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۰﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا وَّ لَا هُمْ

یقیناً فیصلے کا دن ان سب کا طے شدہ وقت ہے، اس دن کوئی دوست کسی دوست کے کچھ کام بھی نہ آئے گا، اور نہ ان کی

يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۲﴾ اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ

امداد کی جائے گی، مگر جس پر اللہ کی مہربانی ہوجائے، وہ زبردست اور رحم کرنے والا ہے، بیشک زقوم (تھوہر) کا درخت

الْاَثِيْمِ ﴿۴۴﴾ كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ

گناہ گار کا کھانا ہے، جو مثل تلچھٹ کے ہے اور پیٹ میں کھولتا رہتا ہے مثل تیز گرم پانی کے، اسے پکڑ لو پھر گھسیٹتے ہوئے بیچ جہنم

الْجَحِيْمِ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۸﴾ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ

تک پہنچاؤ، پھر اس کے سر پر سخت گرم پانی کا عذاب بہاؤ، (اس سے کہا جائے گا) چکھتا جا، تو تو بڑا ذی عزت اور بڑے

(۱) ص ۲۷
(۲) المومنون ۱۱۵
(۳) الحجر ۸۵

الْكَرِيْمُ ﴿٤٩﴾ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿٥٠﴾ (الدخان۴۰تا۵۰)

اکرام والا تھا، یہی وہ چیز ہے جس میں تم شک کیا کرتے تھے۔

گمراہوں کو تنبیہ:

حیات بعد از موت کوئی کھیل تماشانہیں کہ کوئی اس کا انکار کرے اور فوراً کسی مردے کو زندہ کر کے دکھادیا جائے، بلکہ اللہ رب العالمین نے اولین وآخرین کو اپنی عدالت میں جمع کرنے کے لئے ایک وقت مقرر فرمایا ہوا ہے، وہ ایسا ہولناک دن ہوگا جب کوئی عزیز قریب اپنے کسی عزیز قریب کے کچھ بھی کام نہ آئے گا اور نہ کہیں سے انہیں کوئی مدد پہنچے گی، جیسے فرمایا

فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَىِٕذٍ وَّلَا يَتَسَاۗءَلُوْنَ ﴿١٠١﴾ [1]

ترجمہ: پھر جونہی کہ صور پھونک دیا گیا ان کے درمیان پھر کوئی رشتہ نہ رہے گا اور نہ وہ ایک دوسرے کو پوچھیں گے۔

وَلَا يَسْـَٔلُ حَمِيْمٌ حَمِيْمًا ﴿١٠﴾ يُّبَصَّرُوْنَهُمْ ۭ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ مِنْ عَذَابِ يَوْمِىِٕذٍۢ بِبَنِيْهِ ﴿١١﴾ وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيْهِ ﴿١٢﴾ وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُـــْٔوِيْهِ ﴿١٣﴾ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ ثُمَّ يُنْجِيْهِ ﴿١٤﴾ [2]

ترجمہ: اور کوئی جگری دوست اپنے جگری دوست کو نہ پوچھے گا حالانکہ وہ ایک دوسرے کو دکھائے جائیں گے، مجرم چاہے گا کہ اس دن کے عذاب سے بچنے کے لیے اپنی اولاد کو، اپنی بیوی کو، اپنے بھائی کو اپنے قریب ترین خاندان کو جو اسے پناہ دینے والا تھا اور روئے زمین کے سب لوگوں کو فدیہ میں دے دے اور یہ تدبیر اسے نجات دلادے۔

اس دن کلی اختیارات اللہ مالک یوم الدین کے ہاتھ میں ہوں گے، وہ عدل وانصاف کے تمام تقاضوں کو بروئے کار لا کر مقدمات کے فیصلے صادر فرمائے گا، اس دن کسی کی مدد یا حمایت کسی مجرم کو نہ چھڑا سکے گی نہ ہی کوئی سزامیں تخفیف کرا سکے گا اور نہ ہی کوئی طاقت اللہ کے فیصلوں کو نافذ ہونے سے روک سکے گی، ہاں یہ اللہ مالک یوم الدین کے اختیار تمیزی پر موقوف ہے کہ کسی پر رحم فرما کر اس کو سزا نہ دے یا اس میں تخفیف فرمادے، جنہوں نے کفر اور شرک کا ارتکاب کیا وہ بیشک جہنم میں تیل کی تلچھٹ جیسا زقوم (تھوہر) کا درخت کھائیں گے جس کا ذائقہ بدبودار پیپ کی مانند ہوگا،

عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَوْ أَنَّ قَطْرَةً، مِنْ زَقُّومِ جَهَنَّمَ أُنْزِلَتْ إِلَى الدُّنْيَا لَأَفْسَدَتْ عَلَى النَّاسِ مَعَايِشَهُمْ

مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں اگر اس کا ایک قطرہ زمین پر گر جائے تو اہل زمین کی زندگی خراب ہوجائے۔[3]

جو اپنی حرارت وتمازت، بدمزگی اور نقصان کے باعث پیٹ میں کھولتے ہوئے پانی کی طرح جوش کھائے گا، جیسے فرمایا:

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿٤٣﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿٤٤﴾ كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿٤٥﴾ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿٤٦﴾ [4]

---

[1] المومنون۱۰۱

[2] المعارج۱۰تا۱۴

[3] تفسیر طبری۲۱؍۱۳۶

[4] الدخان۴۳تا۴۶

ترجمہ:زقوم کادرخت گناہ گار کا کھاجاہو گا،تیل کی تلچھٹ جیسا،پیٹ میں وہ اس طرح جوش کھائے گا جیسے کھولتا ہواپانی جوش کھاتاہے۔
عدل وانصاف کی عدالتی کاروائی کے بعد اللہ تعالیٰ جہنم پر مقرر فرشتوں کو حکم فرمائے گا کہ اس مجرم کو پکڑلو،

عن المنهال بن عمرو قال: إذا قال الله تعالى: {خذوه فغلوه} ابْتَدَرَهُ سَبْعُونَ أَلْفًا ملك

منہال بن عمرو سے منقول ہے جب اللہ تعالیٰ دوزخ کے فرشتوں سے یہ فرمائے گا اس کافر کو پکڑلو توستر ہزار فرشتے اسے جلدی سے اپنی گرفت میں لے لیں گے۔[1]

اورستر گز لمبی زنجیروں میں جکڑکر،گلے میں طوق ڈال کر پشت کے بل رگیدتے اورمنہ کے بل گھسیٹتے ہوئے جہنم کے بیچوں بیچ پھینک دو،اوراس کے سر پر کھولتے ہوئے پانی کو ڈالو،جیسے فرمایا:

...یُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِیْمُ ۱۹ یُصْهَرُ بِهٖ مَا فِیْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ۲۰ [2]

ترجمہ:ان کے سروں پر کھولتا ہواپانی ڈالاجائے گا جس سے ان کی کھالیں ہی نہیں پیٹ کے اندر کے حصے تک گل جائیں گے۔

وَقَدْ تَقَدَّمَ أَنَّ الْمَلَكَ يَضْرِبُهُ بِمِقْمَعَةٍ مِنْ حَدِيدٍ، تَفْتَحُ دِمَاغَهُ

فرشتےان کے سر پرلوہے کے ہتھوڑے ماریں گے جن سے ان کے دماغ پاش پاش ہوجائیں گے،یہ کھولتا ہواپانی جہاں جہاں پہنچے گا ہڈی کو کھال سے جداکردے گا یہاں تک کہ اس کی آنتیں کاٹتا ہواٹخنوں میں سے نکل جائے گا۔[3]

أَعَاذَنَا اللَّهُ تَعَالَى مِنْ ذَلِكَ

اوراسے ذلت ورسوائی کے طور پر کہاجائے گا چکھو اب اپنی کرنی کا پھل،دنیامیں توخود کو بڑامعزز اور صاحب اکرام آدمی سمجھتا تھا،اپنے اسی فخروغرور میں تونے دعوت حق کو قبول نہیں کیا تھااوراہل ایمان کو حقارت بھری نظروں سے دیکھتا تھا آج تجھ پر واضح ہوگیا کہ اللہ کے ہاں نہ عزت والے ہو نہ بزرگی والے،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ: ذُقْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْكَرِیْمُ، يَقُولُ: لَسْتُ بِعَزِيزٍ وَلا كَرِيمٍ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اس آیت کریمہ ''چکھتاجا،توتو بڑاذی عزت اور بڑے اکرام والاتھا۔'' کامفہوم یہ ہے کہ تونہ عزت والاہے اور نہ سردار۔[4]

یہی جہنم کاعذاب ہے جس سے رب تمہیں ڈراتاتھامگرتم لوگ شک وشبہ میں ڈوب کر اسے جھٹلاتے رہے،جیسے فرمایا

یَوْمَ یُدَعُّوْنَ اِلٰی نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ۱۳ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِیْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ۱۴ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا

---

[1] التخويف من النار والتعريف بحال دار البوار ۲۲۲/۱

[2] الحج ۱۹،۲۰

[3] تفسیرابن کثیر ۲۶۰/۷

[4] تفسیرابن ابی حاتم ۳۲۹۰/۱۰

تُبۡصِرُوۡنَ ۝۱۵ [۱]

ترجمہ: جس دن انہیں دھکے مار مار کر نار جہنم کی طرف لے چلا جائے گا اس وقت ان سے کہا جائے گا کہ یہ وہی آگ ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھے، اب بتاؤ یہ جادو ہے یا تمہیں سوجھ نہیں رہا ہے؟۔

اِنَّ الۡمُتَّقِیۡنَ فِیۡ مَقَامٍ اَمِیۡنٍ ۝۵۱ فِیۡ جَنّٰتٍ وَّ عُیُوۡنٍ ۝۵۲ یَّلۡبَسُوۡنَ مِنۡ سُنۡدُسٍ وَّ

بیشک (اللہ سے) ڈرنے والے امن چین کی جگہ میں ہونگے باغوں اور چشموں میں، باریک اور ریشم کے لباس پہنے ہوئے

اِسۡتَبۡرَقٍ مُّتَقٰبِلِیۡنَ ۝۵۳ کَذٰلِکَ ۟ وَ زَوَّجۡنٰہُمۡ بِحُوۡرٍ عِیۡنٍ ۝۵۴

آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے یہ اسی طرح ہے، اور ہم بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے ان کا نکاح کر دیں گے،

یَدۡعُوۡنَ فِیۡہَا بِکُلِّ فَاکِہَۃٍ اٰمِنِیۡنَ ۝۵۵ لَا یَذُوۡقُوۡنَ فِیۡہَا الۡمَوۡتَ اِلَّا الۡمَوۡتَۃَ الۡاُوۡلٰی ۚ وَ

دل جمعی کے ساتھ وہاں ہر طرح کے میووں کی فرمائشیں کرتے ہوں گے، وہاں وہ موت چکھنے کے نہیں ہاں پہلی موت

وَقٰہُمۡ عَذَابَ الۡجَحِیۡمِ ۝۵۶ فَضۡلًا مِّنۡ رَّبِّکَ ؕ ذٰلِکَ ہُوَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِیۡمُ ۝۵۷ (الدخان ۵۱ تا ۵۷)

(جو وہ مر چکے)، انہیں اللہ تعالیٰ نے دوزخ کی سزا سے بچا دیا، یہ صرف تیرے رب کا فضل ہے یہی ہے بڑی کامیابی۔

اہل کفر وفسق کے مقابلے میں اہل ایمان جو اپنے خالق ومالک پر ایمان لائے تھے، اور انہوں نے اپنا دامن کفر وفسق اور معاصی سے بچائے رکھا تھا اور دنیا میں ڈرتے ہوئے خوف ورجاء کے عالم میں اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت میں زندگی گزاری ہوگی اللہ کے فضل وکرم اور رحمت سے جنتوں میں قیام پذیر ہوں گے جہاں انہیں کوئی غم، کوئی پریشانی، کوئی خطرہ اور اندیشہ، کوئی مشقت اور تکلیف لاحق نہ ہوگی،

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُنَادِي مُنَادٍ: إِنَّ لَكُمْ أَنْ تَصِحُّوا فَلَا تَسْقَمُوا أَبَدًا، وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَحْيَوْا فَلَا تَمُوتُوا أَبَدًا، وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَشِبُّوا فَلَا تَهْرَمُوا أَبَدًا، وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَنْعَمُوا فَلَا تَبْأَسُوا أَبَدًا

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک پکارنے والا پکار کر کہے گا اے جنت کے لوگو! تمہارے لئے یہ ٹھہر چکا ہے کہ تم تندرست رہو کبھی بیمار نہیں پڑو گے، اور تمہارے لئے یہ ٹھہر چکا ہے کہ اب زندگی رہو گے اور کبھی تم پر موت نہیں آئے گی، اور سدا جوان رہو گے کبھی تم پر بڑھاپا طاری نہیں ہوگا اور اب تم ہمیشہ عیش وآرام میں رہو گے تمہیں کوئی رنج نہیں ہوگا۔ [۲]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَنِ اتَّقَى اللَّهَ دَخَلَ الْجَنَّةَ، يَنْعَمُ فِيهَا، لَا يَبْؤُسُ، وَيَحْيَا فَلَا

---

[۱] الطور ۱۳ تا ۱۵

[۲] صحیح مسلم کتاب الجنة بَابٌ فِي دَوَامِ نَعِيمِ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَقَوْلِهِ تَعَالَى وَنُودُوا أَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۷۱۵۷، جامع ترمذی ابواب تفسیر القرآن بَابٌ: وَمِنْ سُورَةِ الزُّمَرِ ۳۲۴۶، المعجم الصغیر للطبرانی ۲۱۳

يَمُوتُ، لَا تَبْلَى ثِيَابُهُ، وَلَا يَفْنَى شَبَابُهُ

اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈر جائے وہ جنت میں داخل ہو گا اس میں ہمیشہ خوش وخرم رہے گا اور کبھی پریشان حال نہ ہو گا زندہ رہے گا اور کبھی فوت نہیں ہو گا، نہ اس کے کپڑے بوسیدہ ہوں گے، اور نہ اس کا شباب کبھی ختم ہو گا۔ [١]

جنتی بڑی شان سے جنت کے سدا بہار، دل فریب باغوں میں درختوں کے گھنے سائے کے نیچے جو انواع واقسام کے پھلوں سے لدے ہوئے ہوں گے، جن کے نیچے طرح طرح کی نہریں اور چشمے بہہ رہے ہوں گے، سبز باریک و دبیز چمکیلے ریشمی کپڑے پہنے تختوں پر بڑے طمطراق سے تکیے لگائے مکمل راحت، اطمینان کے ساتھ آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے، ان کی خدمت کے لئے خوبصورت موتیوں کی طرح چمکتے ہوئے نوجوان خدمت گار کمر بستہ ہوں گے، اللہ تعالیٰ ان کا نکاح حسین وجمیل گوری گوری اور بڑی بڑی خوبصورت، رسیلی آنکھوں والی دو حوروں سے کر دے گا، البتہ شہید کو بہتر حوریں ملیں گی،

عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِلشَّهِيدِ عِنْدَ اللهِ سِتُّ خِصَالٍ: يُغْفَرُ لَهُ فِي أَوَّلِ دَفْعَةٍ، وَيَرَى مَقْعَدَهُ مِنَ الجَنَّةِ، وَيُجَارُ مِنْ عَذَابِ القَبْرِ، وَيَأْمَنُ مِنَ الفَزَعِ الأَكْبَرِ، وَيُوضَعُ عَلَى رَأْسِهِ تَاجُ الوَقَارِ، اليَاقُوتَةُ مِنْهَا خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا، وَيُزَوَّجُ اثْنَتَيْنِ وَسَبْعِينَ زَوْجَةً مِنَ الحُورِ العِينِ، وَيُشَفَّعُ فِي سَبْعِينَ مِنْ أَقَارِبِهِ.

مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے ہاں شہید کے لئے چھ انعامات ہیں خون کا پہلا قطرہ گرتے ہی اس کی بخشش ہو جاتی ہے، وہ جنت میں اپنا ٹھکانہ دیکھ لیتا ہے اور عذاب قبر سے محفوظ اور قیامت کے دن کی بھیانک وحشت سے مامون کر دیا جاتا ہے اور اس کے سر پر ایسے یاقوت سے جڑا ہوا وقار کا تاج رکھا جاتا ہے جو دنیا اور جو کچھ اس میں ہے جو دنیا اور جو کچھ اس میں ہے سے بہتر ہے اور اس کا نکاح بہتر (٧٢) بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے کر دیا جائے گا اور ستّر رشتہ داروں کے معاملہ میں اس کی سفارش قبول کی جاتی ہے۔ [٢]

موتیوں جیسی حسین اور بڑی بڑی آنکھوں والی ہم سن حوریں جن کے پاک جسم کو ان سے پہلے کسی نے نہ چھوا ہو گا، جیسے فرمایا

فِيهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿٥٦﴾ [٣]

ترجمہ: ان نعمتوں کے درمیان شرمیلی نگاہوں والیاں ہوں گی جنہیں ان جنتیوں سے پہلے کسی انسان یا جن نے چھوا نہ ہو گا۔

جو حسن وجمال کے اعتبار سے چندے آفتاب و ماہتاب ہونگی، جیسے فرمایا

كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٥٨﴾ [٤]

ترجمہ: ایسی خوبصورت جیسے ہیرے اور موتی۔

---

[١] المعجم الاوسط للطبرانی ٨٠٤٥

[٢] جامع ترمذی ابواب فضائل الجهادبَابٌ فِي ثَوَابِ الشَّهِيدِ١٦٦٣

[٣] الرحمٰن٥٦

[٤] الرحمٰن٥٨

جنتی ان کے حسن و جمال کو دیکھ کر حیرت زدہ رہ جائیں گے اور ان کی عقل مبہوت رہ جائے گی، جنتی جب کبھی بھی اپنے خادموں سے انواع واقسام کے پھل اور میوے طلب کریں گے وہ ان کے سامنے بغیر کسی مشقت اور تکلیف کے حاضر کر دیں گے، وہ ان پھلوں کے ختم ہونے اور ان کے کسی ضرر کے خوف سے مامون، ہر قسم کے تکدر سے پاک اور جنت سے نکالے جانے اور موت سے محفوظ ہوں گے، اس طرح ہر وقت راحت ولذت میں مشغول رہیں گے، دنیا میں انہیں جو موت آئی تھی اس موت کے بعد انہیں موت کا مزہ نہیں چکھنا پڑے گا،

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الخُدْرِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:يُؤْتَى بِالْمَوْتِ كَهَيْئَةِ كَبْشٍ أَمْلَحَ، فَيُنَادِي مُنَادٍ: يَا أَهْلَ الجَنَّةِ، فَيَشْرَئِبُّونَ وَيَنْظُرُونَ، فَيَقُولُ: هَلْ تَعْرِفُونَ هَذَا؟ فَيَقُولُونَ: نَعَمْ، هَذَا المَوْتُ، وَكُلُّهُمْ قَدْ رَآهُ، ثُمَّ يُنَادِي: يَا أَهْلَ النَّارِ، فَيَشْرَئِبُّونَ وَيَنْظُرُونَ، فَيَقُولُ: وهَلْ تَعْرِفُونَ هَذَا؟ فَيَقُولُونَ: نَعَمْ، هَذَا المَوْتُ، وَكُلُّهُمْ قَدْ رَآهُ، فَيُذْبَحُ ثُمَّ يَقُولُ: يَا أَهْلَ الجَنَّةِ خُلُودٌ فَلاَ مَوْتَ، وَيَا أَهْلَ النَّارِ خُلُودٌ فَلاَ مَوْتَ، ثُمَّ قَرَأَ: {وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ}[۱]، وَهَؤُلاَءِ فِي غَفْلَةٍ أَهْلُ الدُّنْيَا {وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ}[۲]

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن موت ایک چتکبرے مینڈھے کی شکل میں لائی جائے گی، ایک آواز دینے والا فرشتہ آواز دے گا کہ اے جنت والو! تمام جنتی گردن اٹھا اٹھا کر دیکھیں گے آواز دینے والا فرشتہ پوچھے گا تم اس مینڈھے کو بھی پہچانتے ہو؟ وہ بولیں گے کہ ہاں، یہ موت ہے اور ان سے ہر شخص اس کا ذائقہ چکھ چکا ہے، پھر فرشتہ آواز دے گا کہ اے اہل النار! تمام جہنمی گردن اٹھا اٹھا کر دیکھیں گے آواز دینے والا فرشتہ پوچھے گا تم اس مینڈھے کو بھی پہچانتے ہو؟ وہ بولیں گے کہ ہاں، یہ موت ہے اور ان سے ہر شخص اس کا ذائقہ چکھ چکا ہے، پھر اسے ذبح کر دیا جائے گا اور آواز دینے والا فرشتہ کہے گا اے اہل جنت! اب تمہارے لئے ہمیشگی ہے موت تم پر کبھی نہ آئے گی اور اے جہنمیو! تمہارے لئے جہنم کا عذاب دائمی ہے تم پر بھی موت کبھی نہیں آئے گی، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی "اے نبی! اس حالت میں جب کہ یہ لوگ غافل ہیں اور ایمان نہیں لا رہے ہیں انہیں اس دن سے ڈراؤ جب کہ فیصلہ کر دیا جائے گا اور پچھتاوے کے سوا کوئی چارہ کار نہ ہوگا۔"[۳]

اور اللہ اپنے فضل سے ان کو جہنم کے عذاب سے بچا دے گا اور محفوظ رکھے گا، یہ سب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہوگا اور یہی بہت بڑی کامیابی ہے،

عَنْ عَائِشَةَ:أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:سَدِّدُوا وَقَارِبُوا، وَأَبْشِرُوا، فَإِنَّهُ لَنْ يُدْخِلَ الْجَنَّةَ أَحَدًا عَمَلُهُ، قَالُوا: وَلَا أَنْتَ؟ يَا رَسُولَ اللهِ، قَالَ:وَلَا أَنَا، إِلَّا أَنْ يَتَغَمَّدَنِيَ اللهُ مِنْهُ بِرَحْمَةٍ، وَاعْلَمُوا أَنَّ أَحَبَّ الْعَمَلِ إِلَى اللهِ أَدْوَمُهُ وَإِنْ قَلَّ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا درمیانی چال اختیار کرو اور بلند پروازی نہ کرو اور عمل کرتے رہو تم میں سے کسی کا عمل اسے جنت میں نہیں داخل کر سکے گا، لوگوں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کو بھی نہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

[۱] مریم: ۳۹

[۲] مریم: ۳۹

[۳] صحیح بخاری تفسیرسورۂ مریم بَابُ قَوْلِهِ وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الحَسْرَةِ ۴۷۳۰، صحیح مسلم کتاب الجنة بَابُ النَّارُ يَدْخُلُهَا الْجَبَّارُونَ وَالْجَنَّةُ يَدْخُلُهَا الضُّعَفَاءُ ۷۱۸۱، شرح السنة للبغوی ۴۳۶۶

فرمایا نہ مجھ کو، مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنے رحمت سے ڈھانپ لے، اور جان لو کہ اللہ کا سب سے پسندیدہ عمل وہ ہے جس پر ہمیشگی کی جائے اگرچہ تھوڑا ہو۔ (۱)

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ فَارْتَقِبْ

ہم نے اس (قرآن) کو تیری زبان میں آسان کر دیا تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں، اب تو

اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ (الدخان ۵۸،۵۹)

منتظر رہ یہ بھی منتظر ہیں۔

اے نبی ﷺ! ہم نے اس قرآن کو آپ کی زبان میں جو علی الاطلاق فصیح ترین اور جلیل ترین زبان ہے، جس کے الفاظ و معانی نہایت آسان ہیں سہل بنایا ہے تاکہ یہ اپنے نفع وضرر پر غور و فکر کریں، اگر اب بھی یہ لوگ دعوت حق پر ایمان نہیں لاتے تو اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ جس بھلائی اور نصرت کا وعدہ فرمایا ہے اس کا انتظار کریں، اور وہ بھی اس عذاب کے منتظر ہیں جو ان پر نازل ہونے والا ہے۔

مضامین سورۂ الجاثیہ:

سورۂ کا آغاز توحید کے دلائل سے ہے۔

○ انسان کی اپنی جان سے لے کر آفاق میں پھیلی ہوئی تمام اشیاء کا وجود اللہ کی عظمت وجلال اور قدرت و وحدانیت کی زندہ گواہ ہیں، زمینی نباتات، حیوانات، شب و روز کا لگا بندھا نظام، پانی کے ایک حقیر قطرے سے انسان کی پیدائش اور اس کی زندگی میں پیش آنے والے مختلف مراحل پر اگر بغض و عناد اور تعصب سے بالاتر ہو کر غور و تدبر کیا جائے تو عقل سلیم اس بات کا قطعی فیصلہ دے گی کہ اس کائنات کا خالق اللہ ہی ہے، جس کی خالقیت، مالکیت، الوہیت، وحدانیت اور رزاقیت میں کوئی شریک نہیں۔

○ اس ضمن میں سلیم الفطرت انسان کو غور و تدبر کے لیے فرمایا کہ اس کائنات کی جس قدر چیزیں تمہاری شب و روز خدمت میں مصروف ہیں وہ از خود تو وجود میں نہیں آ گئیں اور نہ ہی تمہاری دیویوں یا دیوتاؤں نے انہیں تخلیق کیا ہے بلکہ وہ تو خود تمہارے ہاتھوں سے تراشے ہوئے ہیں، اور نہ ہی یہ بے مثال مربوط نظام خود بخود قائم ہو گیا ہے، اس بارے میں کوئی بھی انسان اگر سوچ و بچار سے کام لے تو اس کی عقل یہ فیصلہ دے گی کہ یہ اللہ ارحم الراحمین کا انعام ہے اور انسان کو اسی کا شکر گزار ہونا چاہیے۔

○ مشرکین دانش ہدایت اور رحمت کے سرچشمہ کلام الٰہی کا مذاق اڑاتے تھے اور اس جلیل القدر کلام کو قصے کہانیوں اور کہاوتوں کی کتاب گردانتے تھے، انہیں ملامت کی گئی کہ تم اپنی جہالت وحماقت کے سبب اللہ کے پاکیزہ کلام کا مذاق اڑاتے ہو، مگر بعد الموت اس کا انجام تمہاری تباہی و بربادی کے سوا کچھ نہیں ہے، ہاں! اگر تم لوگ اللہ کی رحمت کے امیدوار ہو تو کلام الٰہی کی تعلیمات کو اپنا کر تقویٰ کی روش اختیار کرو، اہل مکہ کہتے تھے کہ زندگی صرف یہی دنیا کی زندگی ہے اور مرنے کے بعد کوئی دوسری زندگی نہیں ہے، اس شک کے ازالہ کے لیے فرمایا تمہارا یہ

---

(۱) صحیح بخاری کتاب الرقاق بَابُ القَصْدِ وَالمُدَاوَمَةِ عَلَى العَمَلِ ۶۴۶۴، صحیح مسلم کتاب صفات المنافقین بَابُ لَنْ يَدْخُلَ أَحَدٌ الْجَنَّةَ بِعَمَلِهِ بَلْ بِرَحْمَةِ اللهِ تَعَالَى ۲۸۱۷، مسند احمد ۲۴۹۴۱

خیال اپنے تجربے اور مشاہدے کی بنیاد پر ہے کہ تم نے کوئی شخص آج تک مرنے کے بعد زندہ ہوتے نہیں دیکھا تو کیا جو چیز تمہارے مشاہدے میں نہ ہو تو کیا سوچے سمجھے بغیر اس کے وجود کا انکار کر دو گے؟

○ آخرت کے بارے میں فرمایا کہ عقل وانصاف کا تقاضا ہے کہ ہر ظالم کو اس کے ظلم وستم اور ہر فرمانبردار کو اس کی اطاعت کا صلہ ملنا چاہیے، اگر تم آخرت کی زندگی کا انکار کرتے ہو تو اس کا واضح مطلب یہ ہے کہ ظالم ومظلوم، نیکوکار وبدکار، اندھا و بینا، سننے والا اور بہرہ، روشنی وتاریکی اور رات ودن سبھی کو یکساں قرار دیا جائے حالانکہ یہ بات اللہ تعالیٰ کی حکمت کو کسی صورت گوارا نہیں، اس روز میدان محشر میں اللہ کی بارگاہ میں تو ہر شخص خوف کے مارے گھٹنوں کے بل گرا ہوا ہوگا اور اللہ رب العزت ہر انسان کے اعمال کے مطابق ہی اس کا معاملہ فرمائے گا، ان دلائل کے بعد فرمایا کہ اپنے وجود پر غور کرو اور بتاؤ کہ تمہارا یہ متناسب وجود اپنے آپ کیسے بن گیا؟ دوسری مخلوقات کے مقابلے میں تمہیں یہ عقل وشعور کس نے عطا کیا؟ یہ بہترین قابلیتیں وصلاحتیں کیسے پیدا ہوگئیں؟ تمہیں اچھائی اور برائی کی تمیز کس نے بخشی؟ یقیناً یہ کائنات اور تمہارا وجود خود بخود وجود میں نہیں آ گیا بلکہ تمہارے وجود کو تخلیق کرنے والا کوئی اور ہے، اور وہ صانع اللہ وحدہ لاشریک ہے جو تم کو عدم سے وجود میں لایا، پھر ایک وقت مقررہ پر موت دیتا ہے اور پھر موت کے بعد دوبارہ زندہ کر کے اعمال کا حساب لے گا اور اسی کے مطابق جزا دے گا آج تمہارا آخرت کی ابدی زندگی سے انکار اور مذاق تمہارے انجام کی تباہی کے لیے کافی ہے۔

○ رسول اللہ ﷺ اور آپ کے پیروکاروں کو کہا گیا کہ دشمنان حق کی ساری زیادتیاں اور ظلم وستم دراصل اللہ تعالیٰ کی شدید پکڑ سے بے خوف ہونے کی وجہ سے ہیں، اگر تم ان مصائب اور ظلم وستم پر صبر کرو گے تو تمہارا خالق تمہیں یقیناً اس کا بے بہا اجر وثواب عنایت فرمائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ تَنۡزِیۡلُ الۡکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الۡعَزِیۡزِ الۡحَکِیۡمِ ﴿۲﴾ اِنَّ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ لَاٰیٰتٍ

حم، یہ کتاب اللہ غالب حکمت والے کی طرف سے نازل کی ہوئی ہے، آسمانوں اور زمین میں ایمان داروں کے لیے یقیناً بہت

لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ؕ﴿۳﴾ وَ فِیۡ خَلۡقِکُمۡ وَ مَا یَبُثُّ مِنۡ دَآبَّۃٍ اٰیٰتٌ لِّقَوۡمٍ

سی نشانیاں ہیں اور خود تمہاری پیدائش میں اور ان جانوروں کی پیدائش میں جنہیں وہ پھیلاتا ہے، یقین رکھنے والی قوم کے لیے

یُّوۡقِنُوۡنَ ۙ﴿۴﴾ وَ اخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَ النَّہَارِ وَ مَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰہُ مِنَ السَّمَآءِ مِنۡ رِّزۡقٍ فَاَحۡیَا بِہِ

بہت سی نشانیاں ہیں، اور رات دن کے بدلنے میں اور جو کچھ روزی اللہ تعالیٰ آسمان سے نازل فرما کر زمین کو اسکی موت کے بعد

الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِہَا وَ تَصۡرِیۡفِ الرِّیٰحِ اٰیٰتٌ لِّقَوۡمٍ یَّعۡقِلُوۡنَ ﴿۵﴾ تِلۡکَ اٰیٰتُ اللّٰہِ نَتۡلُوۡہَا

زندہ کر دیتا ہے (اس میں)، اور ہواؤں کے بدلنے میں بھی ان لوگوں کے لیے جو عقل رکھتے ہیں نشانیاں ہیں، یہ ہیں اللہ کی

عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ بَعْدَ اللّٰهِ وَ اٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ۞ (الجاثیۃ:۱تا٦)

آیتیں جنہیں ہم آپ کو راستی سے سنا رہے ہیں، پس اللہ تعالیٰ اور اس کی آیتوں کے بعد یہ کس بات پر ایمان لائیں گے۔

حم، یہ کتاب قرآن مجید محمد ﷺ کی تصنیف کردہ نہیں بلکہ اس کو اللہ غفور و رحیم نے انسانوں کی ہدایت و رہنمائی کے لیے نازل فرمایا ہے جو زبردست اور حکیم ہے، اللہ وحدہ لاشریک پر ایمان لانے والوں کے لئے آسمانوں اور زمین میں بے شمار نشانیاں ہیں جو شہادت دے رہی ہیں کہ اس عظیم الشان کائنات کا خالق، حاکم اور متصرف صرف ایک اللہ ہی ہے، اور تمہاری اپنی پیدائش اور اپنے وجود کی ساخت میں اور زمین میں پھیلے ہوئے انواع واقسام کے حیوانات کی پیدائش میں ان لوگوں کے لئے بڑی نشانیاں ہیں جو اللہ وحدہ لاشریک پر ایمان لانے کے لئے تیار ہوں، اور شب و روز کے باقاعدگی سے آنے جانے اور دنوں کے چھوٹے بڑے ہونے میں اور اس بارش میں جسے اللہ آسمان سے جہاں چاہتا ہے ایک خاص مقدار میں برساتا ہے، پھر اس کے ذریعہ سے مردہ زمین میں زندگی کی لہر دوڑ جاتی ہے، اور مختلف ہواؤں کی گردش میں جس سے موسموں کی تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں، ان کے علاوہ زمین میں بکھری ہوئی بے شمار چیزیں بیانگ دھل کہہ رہی ہیں کہ کائنات میں آسمان، زمین، سورج، زمین، ہوا، پانی، نباتات اور حیوانات وغیرہ کے بہت سے الٰہ نہیں اور نہ ہی کائنات کا یہ لگا بندھا نظام خود بخود وجود میں آ گیا ہے اور چل رہا ہے بلکہ ان تمام کاموں کے پیچھے اللہ وحدہ لاشریک ہی کی حکمت ومشیت کارفرما ہے جو اس تمام نظام کو چلا رہی ہے، جیسے فرمایا:

اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِمَا یَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِیْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ وَّتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۞[1]

ترجمہ: بے شک آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں اور رات اور دن کے بدلنے میں اور جہازوں میں جو دریا میں لوگوں کی نفع دینے والی چیزیں لے کر چلتے ہیں اور اس پانی میں جسے اللہ نے آسمان سے نازل کیا ہے پھر اس سے مردہ زمین کو زندہ کرتا ہے اور اس میں ہر قسم کے چلنے والے جانور پھیلاتا ہے اور ہواؤں کے بدلنے میں اور بادل میں جو آسمان اور زمین کے درمیان حکم کا تابع ہے البتہ عقلمندوں کے لیے نشانیاں ہیں۔

یہ اللہ کی وحدانیت و ربوبیت کے دلائل ہیں جنہیں ہم تمہارے سامنے ٹھیک بیان کر رہے ہیں، اب آخر اللہ کے توحید کے معقول دلائل و براہین کے بعد بھی یہ ایمان نہیں لاتے تو اور کون سی نشانیاں ہیں جس پر یہ لوگ ایمان لائیں گے۔

وَیْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِیْمٍ ۞ یَّسْمَعُ اٰیٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰی عَلَیْهِ ثُمَّ یُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا

ویل "اور افسوس ہے ہر ایک جھوٹے گناہ گار پر، جو آیتیں اللہ کے اپنے سامنے پڑھی جاتی ہوئی سنے، پھر بھی غرور کرتا ہوا

كَاَنْ لَّمْ یَسْمَعْهَا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ۞ وَ اِذَا عَلِمَ مِنْ اٰیٰتِنَا

اس طرح اڑا رہے کہ گویا سنی ہی نہیں تو ایسے لوگوں کو دردناک عذاب کی خبر (پہنچا) دیجئے، وہ جب ہماری آیتوں میں سے

---

[1] البقرۃ ۱٦۴

شَيْـًٔا اِتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝۹ مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ ۚ

کسی آیت کی خبر پالیتا ہے تو اس کی ہنسی اڑاتا ہے، یہی لوگ ہیں جن کے لیے رسوائی کی مار ہے، ان کے پیچھے دوزخ ہے،

وَ لَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْـًٔا وَّ لَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

جو کچھ انہوں نے حاصل کیا تھا وہ انہیں کچھ بھی نفع نہ دے گا اور نہ وہ (کچھ کام آئیں گے) جن کو انہوں نے اللہ کے سوا

اَوْلِيَآءَ ۚ وَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۱۰ ؕ (الجاثیۃ ۷ تا ۱۰)

کارساز بنا رکھا تھا، ان کے لیے تو بہت بڑا عذاب ہے۔

تباہی و بربادی ہے جھوٹے، بدعمل اور غرور و تکبر میں مبتلا دنیادار لوگوں کے لئے جن کے سامنے اللہ تعالیٰ کا پاکیزہ کلام پڑھا جاتا ہے تا کہ وہ اس پر ایمان لائیں اور اپنی زندگیوں کو اس کی ہدایت کی مطابق ڈھالیں اور عذاب جہنم سے بچ کر انواع واقسام کی لازوال نعمتوں بھری جنتوں کے مستحق قرار پائیں، وہ اس دعوت کو سنتے ہیں، ان کے دل اس کی سچائی کو تسلیم کرتے ہیں مگر محض اپنے تعصّبات اور فخر وغرور میں کفر پر اس طرح ڈٹے رہتے ہیں گویا انہیں دعوت حق دی ہی نہیں گئی، اور اپنے کفر ومعصیت پر اصرار واستکبار کی وجہ سے اس قرآن کی تعلیمات میں سیدھے معنی لینے کے بجائے ٹیڑھ تلاش کرتے ہیں تا کہ اسے استہزا اور مذاق کا موضوع بنائیں،

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يُسَافَرَ بِالقُرْآنِ إِلَى أَرْضِ العَدُوِّ

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن مجید کو دشمنوں کے علاقے میں لے جانے سے منع فرمایا تھا۔[۱]

أُرَاهُ مَخَافَةَ أَنْ يَنَالَهُ الْعَدُوُّ

امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں میرا خیال ہے اس نہی کی حکمت یہ ہے کہ کہیں یہ دشمن (کافر) کے ہاتھ نہ لگ جائے (اور وہ اس کی اہانت و بے قدری کریں)۔

یہ لوگ آخرت سے بےفکر ہو کر کفرانہ روش پر سرپٹ گامزن ہیں اور انہیں ذرا بھی احساس نہیں کہ جہنم ان کی گھات میں لگی ہوئی ہے جس میں ذلت کا عذاب ان کا منتظر ہے، جیسے فرمایا

اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۝۲۱ لِّلطَّاغِيْنَ مَاٰبًا ۝۲۲ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ۝۲۳ [۲]

ترجمہ: درحقیقت جہنم ایک گھات ہے سرکشوں کا ٹھکانا جس میں وہ مدتوں پڑے رہیں گے۔

آج یہ لوگ اپنے مال و دولت، مرتبہ وحیثیت، عزت و وقار، اولاد اور اپنے مضبوط جتھے پر فخر وغرور میں مبتلا ہیں مگر روز محشر دنیا میں کمائی ہوئی دولت، مرتبہ وحیثیت اور عزت و وقار کچھ کام نہیں آئے گی، جن اولاد اور جتھے پر وہ فخر کرتے ہیں انہیں کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکیں گے، اور نہ

---

[۱] صحیح بخاری کتاب الجہادبَابُ السَّفَرِ بِالْمَصَاحِفِ إِلَى أَرْضِ العَدُوِّ ۲۹۹۰، صحیح مسلم کتاب الامارة بَابُ النَّهْيِ أَنْ يُسَافَرَ بِالْمُصْحَفِ إِلَى أَرْضِ الْكُفَّارِ إِذَا خِيفَ وُقُوعُهُ بِأَيْدِيهِمْ ۴۸۳۹، سنن ابوداودکتاب الجہاد بَابٌ فِي الْمُصْحَفِ يُسَافَرُ بِهِ إِلَى أَرْضِ الْعَدُوِّ ۲۶۱۰، مسند احمد ۵۱۷۰، مسندالبزار ۵۵۸۹، السنن الکبری للبیہقی ۱۸۲۳۹

[۲] النبا ۲۱ تا ۲۳

ہی ان کی دیویاں و دیوتا، زندہ یا مردہ بزرگ، سردار، لیڈر اور امراء و حکام جن کو دنیا میں ان لوگوں نے اپنا دوست، مددگار اور معبود بنا رکھا ہے، جن کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کے غضبناک ہونے کی پرواہ نہیں کرتے وہ اس روز انہیں نظر ہی نہیں آئیں گے، نہ انہیں جہنم کے ہولناک عذاب سے بچا سکیں گے اور نہ ہی اس میں تخفیف کرا سکیں گے۔

هٰذَا هُدًى ۚ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾

یہ (سرتاپا) ہدایت ہے اور جن لوگوں نے اپنے رب کی آیتوں کو نہ مانا ان کے لیے بہت سخت دردناک عذاب ہے،

اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيْهِ بِاَمْرِهٖ وَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ

اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے دریا کو تابع بنا دیا تاکہ اس کے حکم سے اس میں کشتیاں چلیں اور تم اس کا فضل تلاش کرو

وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ؕ

اور تاکہ تم شکر بجالاؤ، اور آسمان وزمین کی ہر ہر چیز کو بھی اس نے اپنی طرف سے تمہارے لیے تابع کر دیا ہے، جو غور کریں

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾ (الجاثیۃ ۱۱تا۱۳)

یقیناً وہ اس میں بہت سی نشانیاں پالیں گے۔''

اللہ تعالیٰ کے ابن آدم پر احسانات:

یہ قرآن لوگوں کے لیے سراسر ہدایت ہے، جیسے فرمایا:

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛۚ فِيْهِ ۛۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ﴿۲﴾ [1]

ترجمہ: یہ اللہ کی کتاب ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے، ہدایت ہے پرہیز گاروں کے لئے۔

طٰسٓ ۫ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَ كِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿۱﴾ هُدًى وَّ بُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ﴿۲﴾ [2]

ترجمہ: ط۔س۔ یہ آیات ہیں قرآن اور کتاب مبین کی، ہدایت اور بشارت ان ایمان لانے والوں کے لیے۔

تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۙ﴿۲﴾ هُدًى وَّ رَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۙ﴿۳﴾ [3]

ترجمہ: یہ کتاب حکیم کی آیات ہیں ہدایت اور رحمت نیکوکار لوگوں کے لیے۔

جو انہیں کفر و شرک کی تاریکیوں سے نکال کر ایمان کی روشنی میں لاتا ہے، جیسے فرمایا

---

[1] البقرۃ ۲

[2] النمل ۱،۲

[3] لقمان ۲،۳

هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ ﴿۹﴾ [1]

ترجمہ: وہ اللہ ہی تو ہے جو اپنے بندے پر صاف صاف آیتیں نازل کر رہا ہے تا کہ تمہیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لے آئے، اور حقیقت یہ ہے کہ اللہ تم پر نہایت شفیق اور مہربان ہے۔

رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۔۔ ﴿۱۱﴾ [2]

ترجمہ: ایک ایسا رسول جو تم کو اللہ کی صاف صاف ہدایت دینے والی آیات سناتا ہے تا کہ ایمان لانے والوں اور نیک عمل کرنے والوں کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لے آئے۔

اور جن لوگوں نے دعوت توحید پر ایمان لانے سے انکار کیا ہے ان کے لئے بڑا دردناک عذاب تیار ہے، وہ اللہ وحدہ لاشریک ہی تو ہے جس نے تمہارے لئے سمندر کو مسخر کیا تا کہ اس کے حکم اور مشیت سے کشتیاں اور بڑے بڑے جہاز اس میں چلیں اور تم تجارت، ماہی گیری، جہاز رانی اور دوسرے ذرائع سے رزق حلال حاصل کرنے کی کوشش کرو، اور تسخیر بحر کی وجہ سے جو نعمتوں تمہیں حاصل ہیں اس پر اپنے رب کا شکر ادا کرو، سورج، چاند، سیارے، ستارے وغیرہ جن کی تم سیوا کر رہے ہو وہ تو اللہ کی مخلوق ہیں اور اللہ نے ہی اپنے فضل خاص سے کائنات کی ساری ہی چیزوں کو تمہاری خدمت پر مامور کر دیا ہے، جیسے فرمایا

وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔــرُوْنَ ﴿۵۳﴾ [3]

ترجمہ: اور نعمتوں میں سے جو کچھ تمہارے پاس ہے سو اللہ ہی کی طرف سے ہے پھر جب تمہیں کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اسی سے فریاد کرتے ہو۔

سمندر اور کائنات کی دوسری مسخر چیزیں واضح اشاری کر رہی ہیں کہ کائنات کی تمام اشیا کے خالق و مالک اور مدبر و منتظم بہت سے الٰہ نہیں بلکہ ایک اللہ وحدہ لاشریک ہی ہے جس نے ان چیزوں کو ایک قانون کا پابند بنا دیا ہے، مگر ان نشانیوں سے رہنمائی وہی حاصل کرتے ہیں جو کائنات کی تخلیق اور اس کی تسخیر پر غور و تدبر کرتے ہیں۔

قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًۢا بِمَا كَانُوْا

آپ ایمان والوں سے کہہ دیں کہ وہ ان لوگوں سے درگزر کریں جو اللہ کے دنوں کی توقع نہیں رکھتے، تا کہ اللہ تعالیٰ ایک

يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَاۗءَ فَعَلَيْهَا ۡ

قوم کو ان کے کرتوتوں کا بدلہ دے، جو نیکی کرے گا وہ اپنے ذاتی بھلے کے لیے اور جو برائی کرے گا اس کا وبال اسی پر ہے،

ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۵﴾ (الجاثیۃ ۱۵،۱۴)

پھر تم سب اپنے پروردگار کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

---

[1] الحدید ۹

[2] الطلاق ۱۱

[3] النحل ۵۳

مکہ مکرمہ میں کفار کے ظلم وستم پر مسلمانوں کے لئے جہاد کا کوئی حکم نازل نہیں ہوا تھا اس لئے اہل ایمان کو تسلی دینے کے لئے فرمایا اے نبی ﷺ !مومن بندوں سے کہہ دیں کہ وہ ان لوگوں سے جو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے امید وار ہیں نہ گنہگاروں کے بارے میں سنت الٰہی سے خائف ہیں۔

وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿١٥﴾ (١)

ترجمہ: انہوں نے فیصلہ چاہا تھا (تو یوں ان کا فیصلہ ہوا) اور ہر جبار دشمنِ حق نے منہ کی کھائی۔

انتقام کی قدرت رکھنے کے باوجود عفو و درگزر سے کام لیں اور ان مشرکین کی ایذ ارسانی پر صبر وتحمل کریں،اللہ تعالیٰ روز قیامت مظلوموں کے غیر متزلزل ایمان ویقین، ظالم گروہ کی زیادتیوں سے درگزر اور صبر وتحمل کے صلے کے طور پر انہیں بہترین جزا سے بہرہ مند کرے گا،اور ان لوگوں کو جو دعوت کا مذاق اڑاتے ہیں،اہل ایمان کو مشرکانہ ملت پر پھیرنے کے لیے ان پر ظلم وستم کرتے ہیں،دعوت حق کا راستہ روکنے کی تدابیر اختیار کرتے ہیں دردناک عذاب سے دوچار کرے گا،جو کوئی عمل صالحہ اختیار کرتا ہے اس کا فائدہ اسی کو پہنچے گا اور جو کوئی برا عمل کرے گا تو وہی اس کا خمیازہ بھگتے گا، جیسے فرمایا

قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِیَ فَعَلَیْهَا ؕ وَمَاۤ اَنَا عَلَیْكُمْ بِحَفِیْظٍ ﴿۱۰۴﴾ (٢)

ترجمہ: دیکھو تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے بصیرت کی روشنیاں آ گئی ہیں،اب جو بینائی سے کام لے گا اپنا ہی بھلا کرے گا اور جو اندھا بنے گا خود نقصان اٹھائے گا میں تم پر کوئی پاسبان نہیں ہوں۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَیْهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ ﴿۴۶﴾ (٣)

ترجمہ: جو کوئی نیک عمل کرے گا اپنے ہی لیے اچھا کرے گا، جو بدی کرے گا اس کا وبال اسی پر ہو گا،اور تیرا رب اپنے بندوں کے حق میں ظالم نہیں ہے۔

پھر تم سب اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے اور وہ ہر ایک کو اس کے اعمال کے مطابق جزا دے گا۔

وَ لَقَدْ اٰتَیْنَا بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ الْكِتٰبَ وَ الْحُكْمَ وَ النُّبُوَّةَ وَ رَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ

یقیناً ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب، حکومت اور نبوت دی تھی،اور ہم نے انہیں پاکیزہ اور نفیس روزیاں دی تھیں اور انہیں دنیا

وَ فَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۶﴾ وَ اٰتَیْنٰهُمْ بَیِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْۤا اِلَّا مِنْۢ

والوں پر فضیلت دی تھی،اور ہم نے انہیں دین کی صاف صاف دلیلیں دیں، پھر انہوں نے اپنے پاس علم کے پہنچ جانے کے

بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ۙ بَغْیًۢا بَیْنَهُمْ ؕ اِنَّ رَبَّكَ یَقْضِیْ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ

بعد آپس کی ضد بحث سے ہی اختلاف برپا کر ڈالا، یہ جن جن چیزوں میں اختلاف کر رہے ہیں ان کا فیصلہ قیامت والے دن

(١) ابراہیم ۱۵

(٢) الانعام ۱۰۴

(٣) حم السجدۃ ۴۶

فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۷﴾ (الجاثیۃ ۱۶،۱۷)

ان کے درمیان (خود) تیرا رب کرے گا۔

اے نبی ﷺ! اللہ نے بنی اسرائیل میں پے در پے رسول مبعوث کیے، ان کی رشد و ہدایت کے لئے تورات و انجیل جیسی کتابیں نازل کیں، ان کتابوں کا علم و فہم، لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنے کی قوت اور نبوت عطا کی تھی، ان کو ہم نے عمدہ سامان زیست سے نوازا، ان کے زمانے کے اعتبار سے تمام قوموں پر انہیں فضیلت عطا کی تا کہ وہ شیطان کے پنجوں میں گرفتار، ظلمتوں میں ڈوبے لوگوں کو دعوت دین دیں اور دین کے معاملہ میں انہیں واضح ہدایات دے دیں، مگر انہوں نے علم پانے کے باوجود اپنے بغض و عناد کا مظاہرہ کرتے اور رجاہ و منصب کے حصول کے لیے دین میں ایسے اختلاف برپا کیے اور آپس میں ایسی گروہ بندیاں کر ڈالیں جس سے وہ اس قابل نہ رہے کہ دنیا کو اللہ کے راستے پر بلا سکیں، جیسے فرمایا

وَمَا كَانَ النَّاسُ اِلَّآ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۹﴾ [1]

ترجمہ: ابتداءً سارے انسان ایک ہی امت تھے، بعد میں انہوں نے مختلف عقیدے اور مسلک بنالیے اور اگر تیرے رب کی طرف سے پہلے ہی ایک بات طے نہ کر لی گئی ہوتی تو جس چیز میں وہ باہم اختلاف کر رہے ہیں اس کا فیصلہ کر دیا جاتا۔

وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِيَ بَيْنَهُمْ ... ﴿۱۴﴾ [2]

ترجمہ: لوگوں میں جو تفرقہ رونما ہوا وہ اس کے بعد ہوا کہ ان کے پاس علم آچکا تھا، اور اس بنا پر ہوا کہ وہ آپس میں ایک دوسرے پر زیادتی کرنا چاہتے تھے اگر تیرا رب پہلے ہی یہ نہ فرما چکا ہوتا کہ ایک وقت مقرر تک فیصلہ ملتوی رکھا جائے گا تو ان کا قضیہ چکا دیا گیا ہوتا۔

اللہ مالک یوم الدین قیامت کے روز ان معاملات کا فیصلہ فرمادے گا جن میں وہ اختلاف کرتے رہے ہیں، پھر نیکو کاروں کو بہترین جزا اور بدکاروں کو دردناک عذاب دے گا۔

ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰي شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَ لَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَ

پھر ہم نے آپ کو دین کی (ظاہر) راہ پر قائم کر دیا، سو آپ اس پر لگیں رہیں اور نادانوں کی خواہش کی پیروی میں نہ پڑیں

الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸﴾ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ وَ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ

(یاد رکھیں) کہ یہ لوگ ہرگز اللہ کے سامنے آپ کے کچھ کام نہیں آسکتے (سمجھ لیں کہ) ظالم لوگ آپس میں ایک

بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۚ وَ اللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹﴾ هٰذَا بَصَاۗىِٕرُ لِلنَّاسِ

دوسرے کے رفیق ہوتے ہیں اور پرہیزگاروں کا کارساز اللہ تعالیٰ ہے، یہ (قرآن) ان لوگوں کے لیے بصیرت کی باتیں

[1] یونس ۱۹

[2] الشوری ۱۴

وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ (الجاثیۃ۱۸تا۲۰)

اور ہدایت ورحمت ہے اس قوم کے لیے جو یقین رکھتی ہے۔

اے نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم!ہم نے تم کو دین کے ایک واضح راستے پر قائم کر دیا ہے لہذا وہی کام یعنی نیکی کا حکم کرنا اور برائی سے روکنا جو بنی اسرائیل چھوڑ چکی ہے اور ادا کرنے کے اہل بھی نہیں رہے ہیں اب آپ کے سپر کیا گیا ہے لہذا آپ وحی الٰہی کے مطابق لوگوں کو راہ راست کی دعوت دیں اور ان لوگوں کی کچھ پرواہ نہ کریں جن کی خواہشات علم کے تابع ہیں نہ علم کی پیروی کرتے ہیں، جیسے فرمایا:

اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۱۰۶﴾ [1]

ترجمہ: اے نبی(صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم) ! اس وحی کی پیروی کیے جاو جو تم پر تمہارے رب کی طرف سے نازل ہوئی ہے کیونکہ اس ایک رب کے سوا کوئی اور الہٰ نہیں ہے اور ان مشرکین کے پیچھے نہ پڑو۔

اگر آپ ان کو راضی کرنے کے لیے اللہ کے دین میں کسی قسم کار دوبدل کریں گے تو یہ اللہ تعالیٰ کے ہاں آپ کو کوئی فائدہ نہ پہنچا سکیں گے، ظالم لوگ چاہے وہ یہود، عیسائی، مجوسی، ہندو اور دہریئے وغیرہ ہوں یا ان کا کوئی بھی نام ہو ایک ملت واحدہ ہیں، یہ لوگ اہل ایمان کو زک پہنچانے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھیں گے مگر اللہ رب العالمین پرہیزگاروں لوگوں کا رفیق و کارساز ہے، یہ قرآن کریم اور ذکر حکیم ان دلائل کا مجموعہ ہے جو احکام دین سے متعلق ہیں اور جن سے انسانی ضروریات وحاجات وابستہ ہیں دنیا کے تمام انسانوں کے لئے وہ روشنی پیش کرتا ہے جس سے حق وباطل اور حلال وحرام کا فرق نمایاں ہو جاتا ہے اور دنیا و آخرت میں رحمت الٰہی کا موجب ہے، چنانچہ اب دانائی اور ہدایت عطا کر کے تمہیں آزمایا جارہا ہے کہ تم کس کا اتباع کرتے ہو کیونکہ تمہیں ان نعمتوں کی بابت حساب بھی دینا ہو گا کہ ان کا استعمال کیسے کیا گیا تھا، مگر قرآن سے ہدایت وہی لوگ پاتے ہیں جو اس کی صداقت پر ایمان لائیں اور انہی کے حق میں یہ شفا و رحمت ہے۔

اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ اجْتَرَحُوا السَّیِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ

کیاان لوگوں کا جو برے کام کرتے ہیں یہ گمان ہے کہ ہم انہیں ان لوگوں جیسا کر دیں جو ایمان لائے اور نیک کام کئے کہ ان

سَوَآءً مَّحْیَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۗ سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَ

کا مرنا جینا یکساں ہو جائے، برا ہے وہ فیصلہ وہ جو کر رہے ہیں، اور آسمانوں اور زمین کو اللہ نے بہت ہی عدل کے ساتھ پیدا کیا

لِتُجْزٰی كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾ (الجاثیۃ۲۱،۲۲)

ہے اور تا کہ ہر شخص کو اس کے کئے ہوئے کام کا پورا پورا بدلہ دیا جائے اور ان پر ظلم نہ کیا جائے۔

دعوت توحید کے بعد آخرت کے بارے میں فرمایا کیا جن لوگوں نے دعوت حق کی تکذیب کی ہے، اپنے باطل معبودوں کی عقیدت میں اس پاکیزہ دعوت کا راستہ روکنے کے ہر ممکن جتن کیے ہیں، اہل ایمان کو راہ راست سے ہٹانے کے لیے ان پر ناجائز ظلم وستم ڈھائے ہیں، ان کے

---

[1] الانعام۱۰۶

علاوہ بڑی بڑی اخلاقی برائیوں کا ارتکاب کیا ہے وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اللہ احکم الحاکمین انہیں اور ایمان لانے والوں اور اعمال صالحہ کرنے والوں کو موت وزیست میں برابر کر دے گا؟ جیسے فرمایا

لَا يَسْتَوِيٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۭ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ۝۲۰ (۱)

ترجمہ: دوزخ میں جانے والے اور جنت میں جانے والے کبھی یکساں نہیں ہو سکتے، جنت میں جانے والے ہی اصل میں کامیاب ہیں۔

کیا وہ کافروں اور فاسقوں کا اور متقین کا انجام یکساں کر دے گا؟ جیسے فرمایا

اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ڼ لَا يَسْتَوٗنَ ۝۱۸ (۲)

ترجمہ: بھلا کہیں یہ ہوسکتا ہے کہ جو شخص مومن ہو وہ اس شخص کی طرح ہو جائے جو فاسق ہو؟ یہ دونوں برابر نہیں ہو سکتے۔

ہر گز نہیں، کیا رات اور دن، اندھیرا اور اجالا برابر ہو سکتے ہیں، جیسے فرمایا:

...ۚ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ... ۝۱۶ (۳)

ترجمہ: کیا روشنی اور تاریکیاں یکساں ہوتی ہیں؟۔

کیا دھوپ اور سایہ برابر ہیں، جیسے فرمایا:

وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَــرُوْرُ ۝۲۱ (۴)

ترجمہ: نہ ٹھنڈی چھاؤں اور دھوپ کی تپش ایک جیسی ہے۔

اندھا اور بینا کبھی مساوی نہیں ہو سکتے، جیسے فرمایا

قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۭ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ۝۵۰ (۵)

ترجمہ: پھر ان سے پوچھو کیا اندھا اور آنکھوں والا دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ کیا تم غور نہیں کرتے؟۔

وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۝۱۹ (۶)

ترجمہ: اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں ہے۔

کیا اہل علم اور جاہل برابر ہو سکتے ہیں، جیسے فرمایا:

...قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۭ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝۹ (۷)

(۱) الحشر ۲۰
(۲) السجدۃ ۱۸
(۳) الرعد ۱۶
(۴) فاطر ۲۱
(۵) الانعام ۵۰
(۶) فاطر ۱۹
(۷) الزمر ۹

ترجمہ: ان سے پوچھو کیا جاننے والے اور نہ جاننے والے دونوں کبھی یکساں ہو سکتے ہیں؟ نصیحت تو عقل رکھنے والے ہی قبول کرتے ہیں۔
یہ لوگ اللہ کے عدل کے بارے میں بہت برے فیصلے کر رہے ہیں، اللہ نے تو آسمانوں اور زمین کو کھیل تماشے کے طور پر نہیں بلکہ ایک بامقصد حکیمانہ نظام کے تحت تخلیق کیا ہے اور اس لئے کیا ہے کہ نیکو کاروں کو ان کی نیکیوں کی جزا دی جائے اور ظالموں کو ان کے ظلم کی سزا دی جائے اور اللہ نیکو کاروں کو بڑھا چڑھا کر جزا عطا فرمائے گا مگر گناہ گاروں کو ان کے استحقاق سے زیادہ عذاب نہیں دیا جائے گا۔

اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَ اَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ

کیا آپ نے اسے بھی دیکھا؟ جس نے اپنی خواہش نفس کو اپنا معبود بنا رکھا ہے اور باوجود سمجھ بوجھ کے اللہ نے اسے گمراہ کر دیا

وَّ خَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَ قَلْبِهٖ وَ جَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ

ہے، اور اس کے کان اور دل پر مہر لگا دی ہے اور اس کی آنکھ پر بھی پردہ ڈال دیا ہے، اب ایسے شخص کو اللہ کے بعد کون

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾ (الجاثیۃ ۲۳)

ہدایت دے سکتا ہے۔

اے نبی کریم ﷺ! کیا آپ نے اس گمراہ شخص کو دیکھا جس نے آخرت کے دردناک عذاب سے بے پرواہ ہو کر اللہ اور رسول کے احکام کے مقابلے میں اپنی نفسانی خواہش کو اپنا معبود بنا لیا ہے، جو شب و روز اپنی اغراض و خواہشات ہر جائز و ناجائز طریقے سے پوری کرنے کی ادھیڑ بن ہی میں لگا رہتا ہے، جس چیز کی نفس نے خواہش کی اس کا ارتکاب کر گزرتا ہے، جو نہ اللہ کے حرام کیے ہوئے کو حرام کرتا ہے اور نہ اس کے حلال کیے ہوئے کو حلال، کیونکہ وہ شخص جاننے کے باوجود کہ بالآخر ایک روز مرنا ہے اور اپنے رب کی بارگاہ میں پیش ہو کر اپنے اعمال کی جوابدہی کرنی ہے خواہش نفس کا بندہ بن گیا اور اپنی گمراہی میں روز بروز زیادہ ہی بھٹکتا چلا گیا، اس لئے اللہ نے اسے ہدایت کے لائق نہ سمجھتے ہوئے گمراہی میں پھینک دیا اور ان کے کان اور دل پر مہر لگا دی اور آنکھوں پر غفلت کا پردہ ڈال دیا جس سے اس کے کان وعظ و نصیحت سننے، اس کا دل رشد و ہدایت کے سمجھنے اور ان کی آنکھیں حق کی کوئی دلیل دیکھنے سے محروم ہو گئیں، جب اس نے خود پر ظلم کیا اور ایسے اعمال اختیار کیے جو اللہ کی رحمت کے مانع تھے تو اللہ نے اس پر ہدایت کے دروازے بند کر کے گمراہی کے دروازے کھول دیئے، چنانچہ کوئی شخص اب اس کو ہدایت سے بہرہ مند نہیں کر سکتا، جیسے فرمایا

مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ۚ وَيَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۸۶﴾ [1]

ترجمہ: جس کو اللہ رہنمائی سے محروم کر دے اس کے لیے پھر کوئی رہنما نہیں ہے، اور اللہ انہیں ان کی سرکشی ہی میں بھٹکتا ہوا چھوڑے دیتا ہے۔
کیا تم اللہ کی ہر سو بکھری نشانیوں پر غور و تدبر اور تباہ شدہ اقوام کے حالات و واقعات سے عبرت حاصل نہیں کرتے تا کہ حقیقت حال تم پر آشکارا ہو جائے۔

---

[1] الاعراف ۱۸۶

وَ قَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَ نَحْيَا وَ مَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ

کیااب بھی تم نصیحت نہیں پکڑتے ،انہوں نے کہا کہ ہماری زندگی تو صرف دنیا کی زندگی ہی ہے ،ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور

وَ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۲۴﴾ (الجاثیۃ۲۴)

ہمیں صرف زمانہ ہی مارڈالتا ہے (دراصل) انہیں اس کا علم ہی نہیں ،یہ تو صرف (قیاس اور) اٹکل سے ہی کام لے رہے ہیں۔

کفار کے لئے یہ دنیا ہی سب کچھ ہے:

پچھلی تباہ شدہ اقوام کی طرح اہل عرب بھی بغیرکسی دلیل وبرہان کے آخرت کے منکر تھے ،بس ان کا ظن وگمان تھا کہ یہ دنیا کی زندگی ہی پہلی اورآخری زندگی ہے اس کے بعد کوئی زندگی نہیں جس میں جزایاسزا کا سلسلہ ہو،موت وحیات کا سلسلہ محض گردش لیل ونہار کا نتیجہ ہے ،یہ نظریہ عقلی طور پر قابل قبول نہیں،

وَيَقُولُهُ الْفَلَاسِفَةُ الدَّهْرِيَّةُ الدَّوْرِيَّةُ الْمُنْكِرُونَ لِلصَّانِعِ الْمُعْتَقِدُونَ أَنَّ فِي كُلِّ سِتَّةٍ وَثَلَاثِينَ أَلْفَ سَنَةٍ يَعُودُ كُلُّ شَيْءٍ إِلَى مَا كَانَ عَلَيْهِ. وَزَعَمُوا أَنَّ هَذَا قَدْ تَكَرَّرَ مَرَّاتٍ لَا تَتَنَاهَى، فَكَابَرُوا الْمَعْقُولَ وَكَذَّبُوا الْمَنْقُولَ، وَلِهَذَا قَالُوا {وَمَا يُهْلِكُنَا إِلا الدَّهْرُ}

علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ لکھتے ہیں جیسے فلاسفہ اورعلم کلام کے قائل بھی یہی کہتے تھے ،یہ لوگ ابتدااورانتہا کے قائل نہ تھے ،اورفلاسفہ میں سے جولوگ دہریہ اوردوریہ کہلاتا تھے وہ اس کائنات کے خالق کے ہی منکر ہیں ان کا یہ عقیدہ ہے کہ ہر چھتیس ہزار سال کے بعد زمانے کا ایک دورختم ہوتا ہے اور ہر چیز دوبارہ اپنی پہلی شکل وصورت پر لوٹ آتی ہے اوران کا یہ گمان ہے کہ ایسا بے شمار مرتبہ ہوچکا ہے ،ان لوگوں نے معقول کی بھی مخالفت کی ہے اورمنقول کی بھی تکذیب کی ہے اس لیے وہ کہتے تھے گردش زمانہ ہی ہلاک کرنے والی ہے نہ کہ اللہ۔[1]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ:قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: يُؤْذِينِي ابْنُ آدَمَ يَسُبُّ الدَّهْرَ وَأَنَا الدَّهْرُ بِيَدِي الأَمْرُ أُقَلِّبُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایااللہ تعالیٰ فرماتا ہے ابن آدم مجھے ایذا پہنچاتا ہے ،زمانے کو برا بھلا کہتا ہے یعنی اس کی طرف افعال کی نسبت کرکے اسے برا کہتا ہے ،حالانکہ (زمانہ بجائے خود کوئی چیز نہیں)میں خود زمانہ ہوں ،میرے ہاتھ ہی میں تمام اختیارات ہیں ،رات دن بھی میں ہی پھیرتا ہوں۔[2]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:وَلاَ تَقُولُوا: خَيْبَةَ الدَّهْرِ، فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ الدَّهْرُ

---

[1] تفسیرابن کثیر۲۶۹؍۷

[2] صحیح بخاری تفسیرسورۂ الجاثیہ بَابُ وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ ۴۸۲۶ ،صحیح مسلم کتاب الالفاظ من الادب بَابُ النَّهْيِ عَنْ سَبِّ الدَّهْرِ ۵۸۶۳،سنن ابوداودکتاب الادب بَابٌ فِي الرَّجُلِ يَسُبُّ الدَّهْرَ ۵۲۷۴، مسنداحمد۷۲۴۵، المعجم الاوسط ۸۸۵۶، مستدرک حاکم ۱۴۵۲۶،السنن الکبری للنسائی ۱۱۴۲۲،السنن الکبری للبیہقی ۶۴۹۳،شرح السنۃ للبغوی ۸۸۸۹

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور یہ نہ کہو کہ ہائے زمانہ کی نامرادی کیونکہ زمانہ تو اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔[1]

اس لئے اس زندگی میں جو مزے اڑا سکتے ہو اڑالو، یہی دنیاوی زندگی کی معراج ہے اس کے بعد کوئی زندگی نہیں جس میں کسی طرح کا حساب کتاب ہو آخرت، حیات بعد الموت، جنت و دوزخ دقیانوسی باتیں تھیں یعنی بابر بہ عیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست۔

وَ اِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِمْ اٰیٰتُنَا بَیِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَآىِٕنَاۤ

اور جب ان کے سامنے ہماری واضح اور روشن آیتوں کی تلاوت کی جاتی ہے تو ان کے پاس اس قول کے سوا کوئی دلیل نہیں

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝۲۵ قُلِ اللّٰهُ یُحْیِیْكُمْ ثُمَّ یُمِیْتُكُمْ ثُمَّ یَجْمَعُكُمْ

ہوتی کہ اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادوں کو لاؤ، آپ کہہ دیجئے! اللہ ہی تمہیں زندہ کرتا ہے پھر تمہیں مار ڈالتا ہے پھر تمہیں

اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ لَا رَیْبَ فِیْهِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ۝۲۶ وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

قیامت کے دن جمع کرے گا جس میں کوئی شک نہیں لیکن اکثر لوگ نہیں سمجھتے، اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کی

وَ الْاَرْضِ ؕ وَ یَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ یَوْمَىِٕذٍ یَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ۝۲۷ (الجاثیۃ ۲۵ تا ۲۷)

ہے اور جس دن قیامت قائم ہوگی اس دن اہل باطل بڑے نقصان میں پڑیں گے۔

زندگی اور موت کی حقیقت:

جب ان لوگوں کو قیامت قائم ہونے اور حیات بعد الموت کے مضبوط عقلی دلائل دیے جاتے ہیں تو لاجواب ہو کر جھٹ سے کہہ دیتے ہیں کہ اچھا اگر موت کے بعد دوبارہ زندگی ہے تو ہمارے آباؤاجداد کو زندہ کر کے دکھاؤ ہم اس بات پر ایمان لے آئیں گے، اللہ رب العزت نے فرمایا تم لوگ اپنا پیدا کیا جانا اور مرجانا تو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہو کہ تم کچھ بھی نہ تھے، جیسے فرمایا

هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ یَكُنْ شَیْـًٔا مَّذْكُوْرًا ۝۱ [2]

ترجمہ: کیا انسان پر لامتناہی زمانے کا ایک وقت ایسا بھی گزرا ہے جب وہ کوئی قابل ذکر چیز نہ تھا۔

پھر اس نے اپنی قدرت وحکمت سے تمہیں وجود بخشا، پھر وہ تمہیں ایک وقت مقررہ پر موت سے ہمکنار کر دیتا ہے تو اللہ جو خالق الارض وسماوات ہے ابتداً مخلوق کو پیدا کرنے پر قادر ہے کیا وہ دوبارہ تمہیں پیدا کرنے پر قادر نہیں ہو سکتا، حالانکہ دوبارہ پیدا کرنا پہلی دفعہ پیدا کرنے سے

---

[1] صحیح بخاری کِتَابُ الأَدَبِ بَابٌ لاَ تَسُبُّوا الدَّهْرَ ٦١٨٢،صحیح مسلم کتاب الالفاظ من الادب بَابُ النَّهْيِ عَنْ سَبِّ الدَّهْرِ ٥٨٦٦، مسنداحمد ٧٣١٣، مسندالبزار ٨٨٩٣،المعجم الاوسط ٥٥٥٢،السنن الکبری للبیہقی ٦٤٩١،مسندابی یعلی ٦٠٦٦

[2] الدھر ١

آسان تر ہے، جیسے فرمایا:

كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَ كُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ... ﴿۲۸﴾ [۱]

ترجمہ: تم اللہ کے ساتھ کفر کا رویہ کیسے اختیار کرتے ہو حالانکہ تم بے جان تھے، اس نے تم کو زندگی عطا کی، پھر وہی تمہاری جان سلب کرے گا پھر وہی تمہیں دوبارہ زندگی عطا کرے گا۔

وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ ... ﴿۲۷﴾ [۲]

ترجمہ: وہی ہے جو تخلیق کی ابتدا کرتا ہے پھر وہی اس کا اعادہ کرے گا اور یہ اس کے لیے آسان تر ہے۔

یہ دنیا تو دار عمل ہے اور دار جزا قیامت کا دن ہے جس میں کوئی شک وشبہ نہیں، جس میں اللہ تعالیٰ سب اولین وآخرین کو ان کی قبروں سے جسم وجان کے ساتھ زندہ کر کے میدان محشر میں جمع کرے گا، جیسے فرمایا

وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۙ اَئِذَا مِتْنَا وَ كُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۴۷﴾ اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ﴿۴۹﴾ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۵۰﴾ [۳]

ترجمہ: کہتے تھے کیا جب ہم مر کر خاک ہوجائیں گے تو پھر اٹھا کر کھڑے کیے جائیں گے؟ اور کیا ہمارے باپ دادا بھی اٹھائے جائیں گے جو پہلے گزر چکے ہیں؟ اے نبی (ﷺ)! ان لوگوں سے کہو، یقیناً اگلے اور پچھلے سب ایک دن ضرور جمع کیے جانے والے ہیں جس کا وقت مقرر کیا جا چکا ہے۔

اور مالک یوم الدین فرداً فرداً ہر شخص کے اعمال کا حساب کرے گا، جیسے فرمایا:

وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿۹۵﴾ [۴]

ترجمہ: سب قیامت کے روز فرداً فرداً اس کے سامنے حاضر ہوں گے۔

اچھے عمل کی اچھی جزا اور برے عمل کی بری سزا ملے گی، جیسے فرمایا

...وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۹﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۰﴾ [۵]

ترجمہ: جو اللہ پر ایمان لایا ہے اور نیک عمل کرتا ہے اللہ اس کے گناہ جھاڑ دے گا اور ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی یہ لوگ ہمیشہ ہمیشہ ان میں رہیں گے، یہ ہے بڑی کامیابی اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے اور ہماری آیات کو جھٹلایا ہے وہ دوزخ کے

[۱] البقرۃ ۲۸

[۲] الروم ۲۷

[۳] الواقعۃ ۴۷ تا ۵۰

[۴] مریم ۹۵

[۵] التغابن ۹، ۱۰

باشندے ہوں گے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور وہ بدترین ٹھکانا ہے۔
مگر یہ لوگ اس دن کی نفسانفسی اور ہولناکی کو سمجھ نہیں رہے، مگر جس روز قیامت قائم ہو گی اس دن اللہ وحدہ لاشریک، اس کے رسولوں اور ان پر منزل کی گئی کتابوں کے منکر خسارے میں پڑ جائیں گے۔

وَ تَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۫ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰۤى اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ

اور آپ دیکھیں گے کہ ہر امت گھٹنوں کے بل گری ہوئی ہو گی، ہر گروہ اپنے نامہ اعمال کی طرف بلایا جائے گا آج تمہیں

تَعْمَلُوْنَ ۝۲۸ هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ

اپنے کئے کا بدلہ دیا جائے گا، یہ ہے ہماری کتاب جو تمہارے بارے میں سچ سچ بول رہی ہے، ہم تمہارے اعمال لکھواتے

تَعْمَلُوْنَ ۝۲۹ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ

جاتے تھے، پس لیکن جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے تو ان کو ان کا رب اپنی رحمت تلے لے گا

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۝۳۰ (الجاثیۃ ۲۸تا۳۰)

یہی صریح کامیابی ہے۔

قیامت کے روز ہر گروہ گھٹنوں کے بل گرا ہو گا:

میدان حشر میں ہر شخص چاہے وہ اپنے نبی کا اطاعت گزار تھا یا مخالف شدت وعظمت، خوف ودہشت کے مارے عاجزی کے ساتھ گھٹنوں کے بل گرا ہوا اللہ مالک یوم الدین کے فیصلے کا منتظر ہو گا، ہر شخص کو پکارا جائے گا کہ آئے اور اپنا کارنامہ حیات دیکھے، جب وہ اپنا نامہ اعمال دیکھ لیں گے تو ان سے کہا جائے گا آج تم لوگوں کو ان اقوال واعمال کا ٹھیک ٹھیک بدلہ دیا جائے گا جو تم دنیا میں کرتے رہے تھے، یہ ہمارا تیار کرایا ہوا اعمال نامہ ہے جو تمہارے اوپر ٹھیک ٹھیک شہادت دے رہا ہے، جیسے فرمایا:

... وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَاۗءِ ... ۝۶۹ [1]

ترجمہ: کتاب اعمال لاکر رکھ دی جائے گی، انبیاء اور تمام گواہ حاضر کر دیے جائیں گے۔

يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَىِٕذٍۢ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ۝۱۳ [2]

ترجمہ: اس روز انسان کو اس کا سب اگلا پچھلا کیا کرایا بتا دیا جائے گا۔

اپنا نامہ اعمال دیکھ کر جس میں ہر چھوٹا بڑا اور اچھا برا عمل درج ہو گا انسان ہک دھک رہ جائیں گے اور کہیں گے، جیسے فرمایا

وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا

---

[1] الزمر ۶۹

[2] القیامۃ ۱۳

كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۭ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ۝ [١]

ترجمہ: اور نامہ اعمال سامنے رکھ دیا جائے گا اس وقت تم دیکھو گے کہ مجرم لوگ اپنی کتاب زندگی کے اندراجات سے ڈر رہے ہوں گے اور کہہ رہے ہوں گے کہ ہائے ہماری کم بختی! یہ کیسی کتاب ہے کہ ہماری کوئی چھوٹی بڑی حرکت ایسی نہیں رہی جو اس میں درج نہ ہو گی ہو، جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ سب اپنے سامنے حاضر پائیں گے اور تیرا رب کسی پر ظلم نہ کرے گا۔

جو اقوال وافعال جن نیتوں اور ارادوں کے ساتھ تم کرتے تھے اسے معزز کاتبین ہمارے حکم سے لکھتے جا رہے تھے،

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَغَيْرُهُ: تَكْتُبُ الْمَلَائِكَةُ أَعْمَالَ الْعِبَادِ، ثُمَّ تَصْعَدُ بِهَا إِلَى السَّمَاءِ، فَيُقَابِلُونَ الْمَلَائِكَةَ الَّذِينَ فِي دِيوَانِ الْأَعْمَالِ عَلَى مَا بِأَيْدِيهِمْ مِمَّا قَدْ أُبْرِزَ لَهُمْ مِنَ اللَّوْحِ الْمَحْفُوظِ فِي كُلِّ لَيْلَةِ قَدْرٍ، مِمَّا كَتَبَهُ اللَّهُ فِي الْقِدَمِ عَلَى الْعِبَادِ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَهُمْ، فَلَا يَزِيدُ حَرْفًا وَلَا يَنْقُصُ حَرْفًا، ثُمَّ قَرَأَ: {إِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ} .

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں فرشتے بندوں کے اعمال کو لکھتے ہیں اور پھر انہیں لے کر آسمانوں پر چڑھ جاتے ہیں تو دیوان اعمال کے فرشتے کراماً کاتبین کے ہاتھوں کے لکھے ہوئے ان اعمال کا، ان کے ان اعمال کے ساتھ تقابل کرتے ہیں جو ہر لیلۃ القدر میں لوح محفوظ سے ظاہر کر دیے گئے تھے اور جنہیں اللہ تعالیٰ نے بندوں کے پیدا فرمانے سے قبل ازل ہی سے ان کے بارے میں لکھ دیا تھا تو فرشتے دیکھتے ہیں کہ اس میں ایک حرف کی بھی کمی بیشی نہیں پھر انہوں نے اس آیت کریمہ کو پڑھا ”جو کچھ بھی تم کرتے تھے اسے ہم لکھواتے جا رہے تھے۔“[٢]

پھر جو لوگ دعوت حق پر ایمان لائے اور اطاعت رسول میں اعمال صالحہ کرتے رہے تھے انہیں ان کا رب اپنی رحمت یعنی انواع واقسام کی لازوال نعمتوں سے بھری جنتوں میں داخل کرے گا اور یہی صریح کامیابی ہے، جیسے فرمایا

لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝ [٣]

ترجمہ: (اس نے یہ کام اس لیے کیا ہے) تاکہ مومن مردوں اور عورتوں کو ہمیشہ رہنے کے لیے ایسی جنتوں میں داخل فرمائے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی اور ان کی برائیاں ان سے دور کر دے، اللہ کے نزدیک یہ بڑی کامیابی ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ " تَحَاجَّتِ الجَنَّةُ وَالنَّارُ، فَقَالَتِ النَّارُ: أُوثِرْتُ بِالْمُتَكَبِّرِينَ وَالمُتَجَبِّرِينَ، وَقَالَتِ الجَنَّةُ: مَا لِي لاَ يَدْخُلُنِي إِلَّا ضُعَفَاءُ النَّاسِ وَسَقَطُهُمْ، قَالَ اللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى لِلْجَنَّةِ: أَنْتِ رَحْمَتِي أَرْحَمُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ مِنْ عِبَادِي، وَقَالَ لِلنَّارِ: إِنَّمَا أَنْتِ عَذَابِي أُعَذِّبُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ مِنْ عِبَادِي، وَلِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا مِلْؤُهَا، فَأَمَّا النَّارُ: فَلاَ تَمْتَلِئُ حَتَّى يَضَعَ رِجلَهُ فَتَقُولُ: قَطْ قَطْ، فَهُنَالِكَ تَمْتَلِئُ وَيُزْوَى بَعْضُهَا إِلَى بَعْضٍ، وَلاَ يَظْلِمُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ خَلْقِهِ أَحَدًا، وَأَمَّا الجَنَّةُ: فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يُنْشِئُ لَهَا خَلْقًا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت اور دوزخ نے بحث کی، دوزخ نے کہا میں متکبروں اور ظالموں کے لئے خاص کی

[١] الکھف ٤٩

[٢] تفسیرابن کثیر٢٧/٧،التفسير المنير في العقيدة والشريعة والمنهج٢٨٦/٢٥،الأساس في التفسير٥٢٣٤/٩

[٣] الفتح٥

گئی ہوں اور جنت نے کہا مجھے کیا ہوا کہ میرے اندر صرف کمزور اور کم رتبہ والے لوگ داخل ہوں گے، اللہ تعالیٰ نے اس پر جنت سے کہا کہ تو میری رحمت ہے تیرے ذریعہ میں اپنے بندوں میں جس پر چاہوں رحم کروں اور دوزخ سے کہا کہ تو عذاب ہے تیرے ذریعہ میں اپنے بندوں میں سے جسے چاہوں عذاب دوں، جنت اور دوزخ دونوں بھریں گی، دوزخ تو اس وقت تک نہیں بھرے گی جب تک اللہ رب العزت اپنا قدم اس پر نہیں رکھ دے گا، اس وقت وہ بولے گی بس، بس، بس! اور اس وقت بھر جائے گی اور اس کا بعض حصہ بعض دوسرے حصے پر چڑھ جائے گا اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں کسی پر بھی ظلم نہیں کرے گا اور جنت کے لئے اللہ تعالیٰ ایک مخلوق پیدا کرے گا۔ [1]

وَ اَمَّا الَّذِیْنَ کَفَرُوْا ۫ اَفَلَمْ تَکُنْ اٰیٰتِیْ تُتْلٰی عَلَیْکُمْ فَاسْتَکْبَرْتُمْ وَ کُنْتُمْ

لیکن جن لوگوں نے کفر کیا تو (میں ان سے کہوں گا) کیا میری آیتیں تمہیں سنائی نہیں جاتی تھیں؟ پھر بھی تم تکبر کرتے

قَوْمًا مُّجْرِمِیْنَ ﴿۳۱﴾ وَ اِذَا قِیْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّ السَّاعَةُ لَا رَیْبَ فِیْهَا

رہے اور تم تھے ہی گناہ گار لوگ، اور جب کبھی کہا جاتا ہے کہ اللہ کا وعدہ یقیناً سچا ہے، اور قیامت کے آنے میں کوئی شک نہیں

قُلْتُمْ مَّا نَدْرِیْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّ مَا نَحْنُ بِمُسْتَیْقِنِیْنَ ﴿۳۲﴾

تو تم جواب دیتے تھے کہ ہم نہیں جانتے قیامت کیا چیز ہے؟ ہمیں کچھ یوں ہی سا خیال ہو جاتا ہے لیکن ہمیں یقین نہیں، اور

وَ بَدَا لَهُمْ سَیِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَ حَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۳﴾ (الجاثیۃ ۳۱ تا ۳۳)

ان پر اپنے اعمال کی برائیاں کھل گئیں اور جس کا وہ مذاق اڑا رہے تھے اس نے انہیں گھیر لیا۔

اور جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفر کیا تھا اللہ تعالیٰ ان سے بطور توبیخ کہے گا کیا میری آیات تم کو نہیں سنائی جاتی تھیں؟ جن میں سراسر تمہاری بھلائی ہی بھلائی تھی، یقیناً اللہ کے پیغمبروں نے اللہ کا کلام پہنچانے میں حق ادا کر دیا تھا مگر تم نے غرور و نخوت میں آ کر اللہ کی آیات کے مطیع فرمان بن جانا اپنی شان کے خلاف سمجھا اور مجرم بن کر رہے، اور جب کہا جاتا تھا کہ اللہ کا وعدہ یقیناً سچا ہے اور قیامت کے آنے میں کوئی شک شبہ نہیں تو تم پلٹ کر کہتے تھے کہ ہم نہیں جانتے قیامت کیا ہوتی ہے، ہم تو اس کے بارے میں ایک ظن و تخمین سا رکھتے ہیں مگر ہمیں یقین نہیں ہے کہ قیامت قائم ہو گی، اس وقت ان پر ان کے باطل اقوال و اعمال کی سزا ظاہر ہو جائے گی اور وہ اسی عذاب کی لپیٹ میں آ جائیں گے جس کا وہ تمسخر اڑایا کرتے تھے۔

وَ قِیْلَ الْیَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِیْتُمْ لِقَآءَ یَوْمِكُمْ هٰذَا وَ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَ مَا لَكُمْ

اور کہہ دیا گیا کہ آج ہم تمہیں بھلا دیں گے جیسے کہ تم نے اپنے اس دن سے ملنے کو بھلا دیا تھا، تمہارا ٹھکانا جہنم ہے اور تمہارا

[1] صحیح بخاری کتاب التفسیرسورۂ ق بَابُ قَوْلِهِ وَتَقُولُ هَلْ مِنْ مَزِيدٍ ۴۸۵۰، صحیح مسلم کتاب الْجَنَّةِ وَصِفَةِ نَعِيمِهَا وَأَهْلِهَا بَابُ النَّارُ يَدْخُلُهَا الْجَبَّارُونَ وَالْجَنَّةُ يَدْخُلُهَا الضُّعَفَاءُ مسند احمد ۸۱۶۴

مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۳۴﴾ ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّ غَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ

مدد گار کوئی نہیں، یہ اس لیے ہے کہ تم نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کی ہنسی اڑائی تھی اور دنیا کی زندگی نے تمہیں دھوکے میں ڈال

فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَ لَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۳۵﴾ (الجاثیۃ۴۵:۳۴،۳۵)

رکھا تھا، پس آج کے دن نہ تو یہ (دوزخ) سے نکالے جائیں گے اور نہ ان سے عذر و معذرت قبول کیا جائے گا۔

اور مجرمین سے کہہ دیا جائے گا کہ آج ہم بھی اسی طرح تمہیں بھلائے دیتے ہیں جس طرح تم اس دن کی ملاقات کو بھول گئے تھے،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:قَالَ: فَيَلْقَى الْعَبْدَ، فَيَقُولُ: أَيْ فُلْ أَلَمْ أُكْرِمْكَ، وَأُسَوِّدْكَ، وَأُزَوِّجْكَ، وَأُسَخِّرْ لَكَ الْخَيْلَ وَالْإِبِلَ، وَأَذَرْكَ تَرْأَسُ وَتَرْبَعُ؟ فَيَقُولُ: بَلَى، قَالَ: فَيَقُولُ: أَفَظَنَنْتَ أَنَّكَ مُلَاقِيَّ؟ فَيَقُولُ: لَا، فَيَقُولُ: فَإِنِّي أَنْسَاكَ كَمَا نَسِيتَنِي، ثُمَّ يَلْقَى الثَّانِيَ فَيَقُولُ: أَيْ فُلْ أَلَمْ أُكْرِمْكَ، وَأُسَوِّدْكَ، وَأُزَوِّجْكَ، وَأُسَخِّرْ لَكَ الْخَيْلَ وَالْإِبِلَ، وَأَذَرْكَ تَرْأَسُ، وَتَرْبَعُ، فَيَقُولُ: بَلَى، أَيْ رَبِّ فَيَقُولُ: أَفَظَنَنْتَ أَنَّكَ مُلَاقِيَّ؟ فَيَقُولُ: لَا، فَيَقُولُ: فَإِنِّي أَنْسَاكَ كَمَا نَسِيتَنِي،

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر حق تعالیٰ حساب کرے گا، بندے سے کہے گا اے فلاں بندے! بھلا میں نے تجھ کو عزت نہیں دی اور تجھ کو سردار نہیں کیا اور گھوڑوں اور اونٹوں کو تیرا تابع فرمان نہیں کیا اور تجھ کو چھوڑا کہ تو اپنی قوم کی سرداری بھی کرتا تھا اور چوتھائی حصہ چنگی بھی وصول کرتا تھا، بندہ عرض کرے گا ہاں میرے رب! یہ سچ ہے، بیشک تیرے یہ تمام احسانات مجھ پر تھے، سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو حق تعالیٰ فرمائے گا کیا تجھ کو میری ملاقات کا یقین تھا؟ بندہ کہے گا کہ نہیں، تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ اب میں بھی تجھ کو (جہنم میں ڈال کر) بھول جاؤں گا (یعنی تیری خبر نہ لیں گے اور تجھ کو عذاب سے نہ بچائیں گے) جیسے تو دنیا کی رنگینیوں میں مجھے بھولا رہا۔[1]

تمہارا ٹھکانا اب دوزخ ہے اور کوئی تمہاری مدد کرنے والا نہیں ہے، یہ تمہارا انجام اس لئے ہوا ہے کہ تم نے اللہ کی آیات واحکام کا مذاق بنالیا تھا اور دنیا کی چکاچوند اور لذات وشہوات نے تمہیں دھوکے میں ڈال دیا تھا، لہذا آج نہ یہ لوگ دوزخ سے نکالے جائیں گے اور نہ ان کی توبہ قبول کی جائے گی کیونکہ توبہ تو دنیا کی زندگی تک ہے، موت کے آثار شروع ہوتے ہی توبہ کا دروازہ بند ہو جاتا ہے۔

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَ لَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ

پس اللہ کی تعریف ہے جو آسمانوں اور زمین اور تمام جہان کا پالنہار ہے، تمام (بزرگی اور) بڑائی آسمانوں

وَالْاَرْضِ ۪ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۷﴾ (الجاثیۃ۴۵:۳۶،۳۷)

اور زمین میں اسی کی ہے، اور وہی غالب اور حکمت والا ہے۔

تمام حمد وستائش جیسی کہ اس کے جلال اور اس کی عظمت سلطان کے لائق ہے کائنات کے خالق ومالک ہی کے لئے ہے جو سارے جہانوں

[1] صحیح مسلم كِتَابُ الزُّهْدِ وَالرَّقَائِقِ باب الدنیاسجن للمومن وجنة للكافر۷۴۳۸،صحیح ابن حبان ۴۶۴۲،شعب الایمان ۲۶۲،شرح السنة للبغوی ۴۳۲۸

کی مخلوقات کا روزی رساں ہے، اسی کی کبریائی یعنی سلطنت اور بڑائی آسمانوں اور زمینوں میں ہے، وہ بڑی عظمت وجلال اور بزرگی والا ہے ، ہر چیز اس کے سامنے پست ہے، وہ غنی ہے اور ہر مخلوق اس کے در کی محتاج ہے،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ:الْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي، وَالْعَظَمَةُ إِزَارِي، فَمَنْ نَازَعَنِي وَاحِدًا مِنْهُمَا، قَذَفْتُهُ فِي النَّارِ

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ عزوجل فرماتا ہے بڑائی میری (اوپر کی) چادر ہے اور عظمت میری (نیچے کی) چادر ہے (یعنی یہ دونوں اس کی صفتیں ہیں) چنانچہ جو کوئی ان میں سے کسی ایک کو بھی کھینچنے کی کوشش کرے گا (میرا شریک ہونے کی کوشش کرے گا) میں اسے جہنم میں جھونک دوں گا۔[1]

وہ غالب ہے یعنی وہ کسی سے مغلوب نہیں ہوسکتا، کسی کے پاس کوئی طاقت وقوت اور اختیار نہیں جو اس کے حکمت پر مبنی فیصلوں پر روک ٹوک کر سکے، وہ حکمت والا ہے، اس نے ہر چیز کو اپنے اپنے مقام پر رکھا ہے، اس نے جو چیز بھی مشروع فرمائی حکمت کے تحت مشروع کی، جو چیز بھی پیدا کی وہ فائدے اور منفعت کے لئے پیدا فرمائی ہے۔

مضامین سورۂ الطارق:

اس سورت میں دو مضامین بیان کیے گئے ہیں۔

○ آسمان اور رات کو چمکنے والے ستارے کی قسم کھا کر فرمایا کہ اس عظیم الشان کائنات کی کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو ایک ہستی کی نگہبانی کے بغیر اپنی جگہ قائم اور باقی رہ سکتی ہو، اور پھر انسانوں کو اپنے وجود پر غور کرنے کی دعوت دی جو ابتدامیں ایک حقیر اور بدبودار پانی کی بوند تھا اور اللہ نے مختلف مراحل سے نکال کر اسے ایک تنومند، بے شمار صلاحیتوں اور قابلیتوں کا حامل انسان بنایا، جو خالق اس طرح انسان کی تخلیق کر سکتا ہے وہ یقیناً اس کو دوبارہ زندہ کرنے کی قدرت بھی رکھتا ہے، اور یہ دوبارہ زندگی اس لیے ہوگی تاکہ ہر انسان کو یہ بتایا جاسکے کہ دنیا میں اس کے اعمال پر ایک پردہ ڈالا گیا تھا اور آج ان اعمال کی جزاء اور بدلہ اس کو ملنے والا ہے اور جب اس کو سزا ملے گی تو انسان نہ اپنے بل بوتے پر بچ سکے گا اور نہ کوئی اس کی مدد ہی کر سکے گا۔

○ قرآن مجید کے برحق اور قول فیصل ہونے کا ذکر ہے، اس ضمن میں چند حقائق بیان کئے گئے مثلاً آسمان سے بارش کا برسنا اور پھر زمین سے انواع اقسام کے درختوں اور فصلوں کا اگنا، جس طرح ان سب چیزوں کو اللہ رب العالمین نے پیدا کیا ہے اسی طرح قرآن مجید اللہ کا کلام برحق ہے جو دلوں کو سیراب کرتا ہے اور ان دلوں سے اعمال صالحہ کی جو پاکیزہ فصل اگتی ہے اور اس کا بدلہ آخرت میں ملے گا، کفار ومشرکین ان حقائق کو دیکھتے اور جانتے ہوئے بھی ایمان نہیں لائیں گے اور مسلمانوں پر ظلم وستم کرنے اور دعوت حق کو جھٹلانے کی نت نئی تدبیریں کرتے رہے تو اللہ تعالیٰ ان کی تمام سازشوں کو ناکام کرنے کی ایک ہی تدبیر کرے گا اور پھر کفار کی سب چالیں دھری کی دھری رہ جائیں گی، اور ایک معین دن اللہ کی بارگاہ میں اعمال کی جوابدہی کے لئے پیش ہونا ہوگا۔

[1] صحیح مسلم کتاب البر و الصلۃبَابُ تَحْرِيمِ الْكِبْرِ ۲۶۸۰ ،سنن ابوداودکتاب اللباس بَابُ مَا جَاءَ فِي الْكِبْرِ۴۰۹۰،شعب الایمان ۷۸۰۸،المعجم الاوسط ۴۶۹۵، مسندالبزار ۸۲۷۱،مسنداحمد۹۳۵۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

وَ السَّمَآءِ وَ الطَّارِقِ ﴿۱﴾ وَ مَآ اَدۡرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ﴿۲﴾

قسم ہے آسمان کی اور اندھیرے میں روشن ہونے والے کی، تجھے معلوم بھی ہے کہ وہ رات کو نمودار ہونے والی چیز کیا ہے؟

النَّجۡمُ الثَّاقِبُ ﴿۳﴾ اِنۡ كُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا عَلَيۡهَا حَافِظٌ ﴿۴﴾ فَلۡيَنۡظُرِ الۡاِنۡسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿۵﴾

وہ روشن ستارہ ہے، کوئی ایسا نہیں جس پر نگہبان فرشتہ نہ ہو، انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے،

خُلِقَ مِنۡ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿۶﴾ يَّخۡرُجُ مِنۡۢ بَيۡنِ الصُّلۡبِ وَ التَّرَآئِبِ ﴿۷﴾ اِنَّهٗ عَلٰى رَجۡعِهٖ لَقَادِرٌ ﴿۸﴾

وہ ایک اچھلتے ہوئے پانی سے پیدا کیا گیا ہے جو پیٹھ اور سینے کے درمیان سے نکلتا ہے، بیشک وہ اسے پھیر لانے پر یقیناً قدرت

يَوۡمَ تُبۡلَى السَّرَآئِرُ ﴿۹﴾ فَمَا لَهٗ مِنۡ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ﴿۱۰﴾ (الطارق ۱تا۱۰)

رکھنے والا ہے، جس دن پوشیدہ باتوں کی جانچ پڑتال ہوگی، تو نہ ہوگا اس کے پاس کچھ زور نہ مددگار۔

قسم ہے آسمان کی اور رات کو نمودار ہونے والے کی، اور تم کیا جانو کہ وہ رات کو نمودار ہونے والا کیا ہے؟ وہ رات کو آسمان میں بے حد و حساب چمکتے ہوئے تارے اور سیارے ہیں، جو اپنے وجود سے یہ شہادت دے رہے ہیں کہ ایک قدرت کاملہ رکھنے والی ہستی نے انہیں تخلیق کر کے روشن کر دیا ہے اور پھر فضا میں معلق ایک قانون گردش کے تحت اپنے مدار میں تیرتا ہوا چھوڑ دیا ہے، جیسے فرمایا:

وَهُوَ الَّذِيۡ خَلَقَ الَّيۡلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ ؕ كُلٌّ فِيۡ فَلَكٍ يَّسۡبَحُوۡنَ ﴿۳۳﴾ [1]

ترجمہ: اور وہ اللہ ہی ہے جس نے رات اور دن بنائے اور سورج اور چاند کو پیدا کیا سب ایک ایک فلک میں تیر رہے ہیں۔

لَا الشَّمۡسُ يَنۡۢبَغِيۡ لَهَاۤ اَنۡ تُدۡرِكَ الۡقَمَرَ وَلَا الَّيۡلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِيۡ فَلَكٍ يَّسۡبَحُوۡنَ ﴿۴۰﴾ [2]

ترجمہ: نہ سورج کے بس میں یہ ہے کہ وہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات دن پر سبقت لے جا سکتی ہے، سب ایک ایک فلک میں تیر رہے ہیں۔ اور اس طرح ان کی حفاظت و نگہبانی کر رہا ہے کہ کوئی اس قانون سے سرتابی کر کے اپنے مدار سے باہر نہیں نکل سکتا، اور انسان جو اللہ کے بارے میں بڑھ بڑھ کر بولتا ہے ذرا اپنی ہستی کی طرف بھی غور کر لے کہ اسے کس طرح پیدا کیا گیا ہے، اللہ نے اسے باپ اور ماں کی ریڑھ کی ہڈی اور پسلیوں کے اندر سے نکلنے والے مادہ تولید سے پیدا کیا ہے،

عَنِ ابۡنِ عَبَّاسٍ: {يَخۡرُجُ مِنۡ بَيۡنِ الصُّلۡبِ وَالتَّرَائِبِ} صُلۡبِ الرَّجُلِ وَتَرَائِبِ الۡمَرۡأَةِ، أَصۡفَرَ رَقِيقٍ لَا يَكُونُ الۡوَلَدُ إِلَّا مِنۡهُمَا

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے اس آیت کریمہ ”جو پیٹھ اور سینے کے درمیان سے نکلتا ہے۔“ کی تفسیر میں روایت ہے پانی مرد کی پشت سے

---

[1] الانبیاء ۳۳

[2] یٰسین ۴۰

نکلتا ہے اور عورت کے سینے سے عورت کا پانی پیلے رنگ کا اور پتلا ہوتا ہے اور بچہ دونوں پانیوں سے پیدا ہوتا ہے۔[1]

پھر وہی ماں کے پیٹ میں درجہ بدرجہ اسے نشوونما دیتا ہے، اللہ ہی رحم مادر میں اس کے جسم کی ساخت اور اس کی جسمانی صلاحیتوں کا تناسب قائم کرتا ہے اور پھر ایک وقت مقررہ پر اسے ایک زندہ بچے کی شکل میں ماں کے پیٹ سے باہر نکال لاتا ہے، پھر اسے ایک تنومند جسم اور عقل وشعور سے بہرہ ور کرتا ہے، اور پیدائش سے موت تک اس کو رزق پہنچاتا اور آفات سے مسلسل نگہبانی کرتا ہے، جیسے فرمایا:

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنۡۢ بَيۡنِ يَدَيۡهِ وَمِنۡ خَلۡفِهٖ يَحۡفَظُوۡنَهٗ مِنۡ اَمۡرِ اللّٰهِ... ﴿۱۱﴾ [2]

ترجمہ: ہر شخص کے آگے اور پیچھے اس کے مقرر کیے ہوئے نگران لگے ہوئے ہیں جو اللہ کے حکم سے اس کی دیکھ بھال کر رہے ہیں۔

اب سوچو، وہ خالق جس نے تمہیں پہلی مرتبہ وجود اور زندگی بخشی ہے کیا وہ تمہیں دوبارہ پیدا نہیں کرسکتا؟ جیسے فرمایا:

وَعُرِضُوۡا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدۡ جِئۡتُمُوۡنَا كَمَا خَلَقۡنٰكُمۡ اَوَّلَ مَرَّةٍۢ ؗ بَلۡ زَعَمۡتُمۡ اَلَّنۡ نَّجۡعَلَ لَكُمۡ مَّوۡعِدًا ﴿۴۸﴾ [3]

ترجمہ: اور سب کے سب تمہارے رب کے حضور صف در صف پیش کیے جائیں گے، لو دیکھ لو، آ گئے نا تم ہمارے پاس اسی طرح جیسا ہم نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا، تم نے تو یہ سمجھا تھا کہ ہم نے تمہارے لیے کوئی وعدے کا وقت مقرر ہی نہیں کیا ہے۔

یقیناً اللہ وحدہ لاشریک تمہیں دوبارہ پیدا کرنے پر بھی قدرت رکھتا ہے اور یہ اس پر بہت ہی آسان ہے، جیسے فرمایا:

وَهُوَ الَّذِىۡ يَبۡدَؤُا الۡخَلۡقَ ثُمَّ يُعِيۡدُهٗ وَهُوَ اَهۡوَنُ عَلَيۡهِ... ﴿۲۷﴾ [4]

ترجمہ: وہی ہے جو تخلیق کی ابتدا کرتا ہے پھر وہی اس کا اعادہ کرے گا اور یہ اس کے لئے آسان تر ہے۔

دنیا کے اندر بہت سی چیزیں پوشیدہ رہتی تھیں اور لوگوں کے سامنے عیاں نہیں ہوتی تھیں، مگر پچاس ہزار سال لمبے اس دن میں ابراروں کی نیکیاں اور فاجروں کا فسق وفجور سب پوشیدہ اسرار ورموز کھل کر سامنے آجائیں گے، اور ان کی جانچ پڑتال ہوگی کہ کس شخص نے کونسا عمل کس وجہ، کس غرض، کس نیت اور کس مقصد سے کیا تھا، اس نے جو اعمال وآقوال دنیا میں چھوڑے اس کے کیا اچھے یا برے اثرات مرتب ہوئے ، فیصلہ سنایا جائے گا جس سے اچھائی یا برائی سب چہروں کے صفحات پر آشکارہ ہوجائے گی، جیسے فرمایا:

يَّوۡمَ تَبۡيَضُّ وُجُوۡهٌ وَّتَسۡوَدُّ وُجُوۡهٌ... ﴿۱۰۶﴾ [5]

ترجمہ: جبکہ کچھ لوگ سرخ رو ہوں گے اور کچھ لوگوں کا منہ کالا ہوگا۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يُنْصَبُ بِغَدْرَتِهِ يَوْمَ

[1] تفسیرابن ابی حاتم۱۰٫۳۴۱۵

[2] الرعد۱۱

[3] الکہف۴۸

[4] الروم۲۷

[5] آل عمران۱۰۶

القِيَامَةِ

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا آپ فرمایا ہر غدر (بدعہدی) کرنے والے کے سرین کے پاس جھنڈا گاڑ دیا جائے گا اور اعلان کر دیا جائے گا کہ یہ فلاں بن فلاں کی غداری ہے۔ [۱]

اس روز اللہ کی بارگاہ میں ہر شخص بے بس و بے کس ہو گا کسی میں اتنی قوت نہ ہو گی کہ اللہ کے عذاب سے بچ جائے اور نہ ہی کوئی اللہ کی اجازت کے بغیر کسی کی سفارش کر سکے گا اور نہ ہی مدد کرنے پر قادر ہو گا۔

وَ السَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ﴿۱۱﴾ وَ الْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ﴿۱۳﴾

بارش والے آسمان کی قسم، اور پھٹنے والی زمین کی قسم، بیشک یہ (قرآن) البتہ دو ٹوک فیصلہ کرنے والا کلام ہے، یہ

وَّ مَا هُوَ بِالْهَزْلِ ﴿۱۴﴾ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾ وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا ﴿۱۶﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ

ہنسی کی (اور بے فائدہ) بات نہیں، البتہ کافر داؤ گھات میں ہیں اور میں بھی ایک چال چل رہا ہوں تو کافروں کو مہلت

اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾ (الطارق ۱۱ تا ۱۷)

دے انہیں تھوڑے دن چھوڑ دے۔

قسم ہے بار بار موسم میں اور کبھی خلاف موسم بارش برسانے والے آسمان کی، اور چشمہ و نباتات اگتے وقت پھٹ جانے والی زمین کی، جس طرح آسمان سے بارشوں کا برسنا اور زمین کا شق ہو کر نباتات کو اپنے اندر سے اگلنا بے مقصد نہیں، بلاشبہ یہ قرآن حق، صادق اور واضح ہے، یہ کوئی بے ہودہ کلام نہیں، بلکہ سنجیدہ کلام ہے، کفار و مشرکین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین کو ناکام بنانے اور آباؤ اجداد کے مشرکانہ دین کی سر بلندی کے لئے طرح طرح کی چالیں چل رہے ہیں، لوگوں کو اس دعوت سے متنفر کرنے کے لئے ان کے دلوں میں شک وشبہات کے بیج بو رہے ہیں ، مسلمانوں کو ان کے دین سے پھیرنے کے لئے انسانیت سوز ظلم وستم کر رہے ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم جن کو یہ سیرت و کردار کی بنا پر صادق اور امین کہتے تھے، جس کی امانت و دیانت کے یہ خود گواہ تھے اس پر جھوٹے الزام تراش رہے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کی چالوں اور سازشوں سے غافل نہیں ہے، حق کو غالب کرنے اور ان کی تمام سازشوں کو ناکام کرنے کے لئے اللہ بھی ایک خفیہ تدبیر کر رہا ہے، اور اللہ کی تدبیر سے بہتر کس کی تدبیر ہو سکتی ہے، بالآخر یہ لوگ منہ کی کھائیں گے اور وہ نور جسے یہ اپنی پھونکوں سے بجھانے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں ہر سو پھیل کر رہے گا، اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! ان کفار و مشرکین کے لئے تعجیل عذاب کا سوال نہ کر بلکہ انہیں ذرا مہلت دے دو، اس دعوت کو روکنے کی جو کوششیں یہ کرنا چاہتے ہیں کر دیکھیں، آخر ایک روز انہیں محاسبے کے لئے اللہ کے حضور پیش ہونا ہو گا اور انہیں اپنے انجام کا علم ہو جائے گا، جیسے فرمایا

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۲﴾ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۱۸۳﴾ [۲]

[۱] صحیح بخاری کتاب الجزیۃ بَابُ إِثْمِ الغَادِرِ لِلْبَرِّ وَالفَاجِرِ ۳۱۸۸، صحیح مسلم کتاب الجہاد والسیر بَابُ تَحْرِيمِ الْغَدْرِ ۴۵۲۹، ۴۵۳۲

[۲] الاعراف ۱۸۲، ۱۸۳

ترجمہ: رہے وہ لوگ جنہوں نے ہماری آیات کو جھٹلادیا ہے، توانہیں ہم بتدریج ایسے طریقہ سے تباہی کی طرف لے جائیں گے کہ انہیں خبر تک نہ ہوگی، میں ان کو ڈھیل دے رہا ہوں، میری چال کا کوئی توڑ نہیں ہے۔

خَالِدٍ الْعَدْوَانِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ أَبْصَرَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَشْرِقِ ثَقِيفٍ، وَهُوَ قَائِمٌ عَلَى قَوْسٍ، أَوْ عَصًا حِينَ أَتَاهُمْ يَبْتَغِي عِنْدَهُمُ النَّصْرَ، قَالَ:فَسَمِعْتُهُ يَقْرَأُ: وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ حَتَّى خَتَمَهَا ، قَالَ: فَوَعَيْتُهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَأَنَا مُشْرِكٌ، ثُمَّ قَرَأْتُهَا فِي الْإِسْلَامِ،

خالد بن ابوجبل عدوانی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بازار ثقیف میں کمان یالاٹھی کے سہارے پر کھڑے دیکھا، آپ میرے پاس مدد حاصل کرنے آئے تھے میں نے وہاں آپ سے سورہ الطارق سنی، میں نے اسے یاد کرلیا درا ں حالیکہ میں ابھی مسلمان نہیں ہوا تھا پھر اللہ نے مجھے اسلام سے نواز دیا اور میں نے اسلام کی حالت میں اسے پڑھا۔ [١]

عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: صَلَّى مُعَاذٌ الْمَغْرِبَ، فَقَرَأَ الْبَقَرَةَ وَالنِّسَاءَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:أَفَتَّانٌ يَا مُعَاذُ، مَا كَانَ يَكْفِيكَ أَنْ تَقْرَأَ بِالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ، وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا؟

جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے معاذ رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ مغرب کی نماز میں سورہ البقرہ اور نساء پڑھی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر ہوئی تو فرمایا اے معاذ! تولوگوں کو فتنے میں ڈالتا ہے؟ اے معاذ تولوگوں کو فتنے میں ڈالتا ہے؟ تجھے یہی کافی تھا کہ سورہ الطارق اور سورہ الشمس اور اس جیسی سورتیں پڑھتا۔ [٢]

---

[١] مسند احمد ١٨٩٥٨، مجمع الزوائد ١١٤٨٣

[٢] السنن الکبریٰ للنسائی ١١٦٠٠

۸ بعثتِ نبوی

مضامین سورۂ یٰسین:

سورت کے شروع میں قرآن حکیم کی قسم کھا کر محمد ﷺ کی رسالت کی سچائی بیان کی گئی ہے ،پھر سورۂ میں اسلامی عقائد توحید، آخرت وغیرہ کو زوردار طریقہ پر اور پوری وضاحت سے بیان کیا گیا اور اس سلسلہ میں انسان کے اپنے وجود اور مردہ زمین جسے بارش سے زندہ کردیا جاتا ہے، گردش لیل ونہار اور شمس وقمر، کشتیاں اور جہاز جو سمندر میں رواں دواں ہوتے ہیں سے استدلات کیے گئے ہیں، پچھلے انبیاء اکرم کی طرح رسول اللہ ﷺ کی رسالت کے بارے میں بھی وہی کہا گیا جو ہمیشہ سے انبیاء کہتے چلے آرہے تھے کہ میں رب کی طرف سے ہدایت یافتہ ہوں اور تمہیں اللہ رب العالمین کے حکم سے دنیاوی فلاح اور آخروی بھلائی کی طرف دعوت ہوں اور میری ساری تگ ودو اور وعظ وتبلیغ بغیر کسی غرض اور لالچ کے ہے، میں تم سے کسی بھی طرح کا معاوضہ، عہدہ اور اقتدار نہیں مانگتا، اس کے علاوہ اللہ کی راہ میں اس کی رضاو خوشنودی کے لئے خرچ کرنے کی فضیلت، رب کریم نے جو ان گنت نعمتیں انسان کو عطا کی ہوئی ہیں ان کا شکر بجالانے کی تلقین فرمائی اور اس سلسلہ میں ترغیب دیتے ہوئے فرمایا ہم نے اپنے رحم وکرم سے تمہیں سب نعمتیں دیں ہیں تو اپنے اموال مساکین ویتیموں پر خرچ کرو اور انہیں کھانا کھلاو، مکہ میں جو کفروشرک کے علمبردار بنے ہوئے تھے اور دین کا مذاق اڑانا جن کا شیوہ تھا ان کے برے انجام کو بطور عبرت بیان کیا گیا ہے۔

قیامت کے بارے میں فرمایا کہ آج یہ لوگ قیامت کو بعید از امکان سمجھ کر اس کے متعلق سوال کرتے ہیں مگر ایک وقت مقررہ پر بس ایک دھماکا ہوگا اور اس عظیم الشان کائنات کا تمام نظام فنا ہوجائے گی، آج یہ کہتے ہیں کہ ہماری بوسیدہ ہڈیوں کو کون زندہ کرے گا، فرمایا ان کو وہی قادر مطلق زندہ کرے گا جس نے اس کائنات کا پیدا کیا ہے، جس نے زمین کی نباتات، جمادات اور خود ان کے جوڑے بنائے ہیں، پھر یہ صور کی زوردار آواز سن کر یہ اپنی قبروں سے نکل کر میدان محشر میں حاکم حقیقی کی بارگاہ میں حاضر ہوجائیں گے کراماً کاتبین کے تیار کردہ اعمال نامہ کے علاوہ ان کے اعضاء خود ان کے خلاف گواہی دیں گے، پھر اس روز نیکو کاروں کو جنت کے عیش وآرام اور بدکاروں کو جہنم کا ایندھن بنادیا جائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

یٰسٓ ۚ﴿۱﴾ وَ الۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ ۙ﴿۲﴾ اِنَّکَ لَمِنَ الۡمُرۡسَلِیۡنَ ۙ﴿۳﴾ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ؕ﴿۴﴾

یٰسین، قسم ہے قرآن با حکمت کی کہ بیشک آپ پیغمبروں میں سے ہیں، سیدھے راستے پر ہیں،

تَنۡزِیۡلَ الۡعَزِیۡزِ الرَّحِیۡمِ ۙ﴿۵﴾ لِتُنۡذِرَ قَوۡمًا مَّاۤ اُنۡذِرَ اٰبَآؤُہُمۡ

یہ قرآن اللہ زبردست مہربان کی طرف سے نازل کیا گیا ہے تاکہ آپ ایسے لوگوں کو ڈرائیں جن کے باپ دادا نہیں ڈرائے

فَہُمۡ غٰفِلُوۡنَ ﴿۶﴾ لَقَدۡ حَقَّ الۡقَوۡلُ عَلٰۤی اَکۡثَرِہِمۡ فَہُمۡ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۷﴾

گئے تھے، سو (اسی وجہ سے) یہ غافل ہیں، ان میں سے اکثر لوگوں پر بات ثابت ہو چکی ہے سو یہ لوگ ایمان نہ لائیں گے،

اِنَّا جَعَلۡنَا فِیۡۤ اَعۡنَاقِہِمۡ اَغۡلٰلًا فَہِیَ اِلَی الۡاَذۡقَانِ فَہُمۡ مُّقۡمَحُوۡنَ ﴿۸﴾ وَ جَعَلۡنَا

ہم نے ان کی گردنوں میں طوق ڈال دیئے ہیں پھر وہ ٹھوڑیوں تک ہیں جس سے انکے سر اوپر الٹ گئے ہیں، اور ہم نے

مِنۡۢ بَیۡنِ اَیۡدِیۡہِمۡ سَدًّا وَّ مِنۡ خَلۡفِہِمۡ سَدًّا فَاَغۡشَیۡنٰہُمۡ فَہُمۡ لَا یُبۡصِرُوۡنَ ﴿۹﴾

ایک آڑ ان کے سامنے کر دی اور ایک آڑ ان کے پیچھے کر دی جس سے ہم نے ان کو ڈھانک دیا سو وہ نہیں دیکھ سکتے،

وَ سَوَآءٌ عَلَیۡہِمۡ ءَاَنۡذَرۡتَہُمۡ اَمۡ لَمۡ تُنۡذِرۡہُمۡ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۰﴾ (یٰسین ۱تا۱۰)

اور آپ ان کو ڈرائیں یا نہ ڈرائیں دونوں برابر ہیں یہ ایمان نہیں لائیں گے۔

رسول اللہ ﷺ کو تسلی:

مشرکین مکہ اپنے جاہلانہ خیالات میں پوری شدت سے حیات بعد از موت اور رسول اللہ ﷺ کی رسالت کا انکار کرتے تھے، حالانکہ ابراہیم علیہ السلام، اسماعیل علیہ السلام جنہیں یہ رسول تسلیم کرتے تھے اور ان کی راہ پر چلنے کے دعوی دار بھی تھے، بشر رسول ہی تھے مگر اس کے باوجود قدیم قوموں کی طرح وہ یہ عقیدہ تسلیم کرنے کو تیار ہی نہ ہوتے تھے کہ کوئی بشر رسول بھی ہو سکتا ہے، اور کہتے تھے۔

وَیَقُوۡلُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا لَسۡتَ مُرۡسَلًا ۔۔۔ ﴿۴۳﴾ (۱)

ترجمہ: یہ منکرین کہتے ہیں کہ تم اللہ کے بھیجے ہوئے نہیں ہو۔

اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کے شرف و فضل کے اظہار کے لیے قسم کھا کر فرمایا اے نبی ﷺ! ہم یہ تصدیق کرتے ہیں کہ آپ یقیناً جملہ انبیاء و مرسلین میں شامل ہیں اور اس راستے پر ہیں جو سیدھا منزل مقصود یعنی اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی اور اکرام و تکریم کے گھر تک پہنچانے والا ہے، جیسے فرمایا:

۔۔۔ وَاِنَّکَ لَتَہۡدِیۡۤ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ﴿۵۲﴾ صِرَاطِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ۔۔۔ ﴿۵۳﴾ (۲)

ترجمہ: یقیناً تم سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کر رہے ہو، اس خدا کے راستے کی طرف جو زمین اور آسمانوں کی ہر چیز کا مالک ہے۔

---

(۱) الرعد ۴۳

(۲) الشوریٰ ۵۲،۵۳

اور یہ قرآن جسے اللہ تعالیٰ نے آپ پر نازل فرمایا ہے سراسر حکمت سے لبریز ہے، جسے دنیا کا کوئی انسان تصنیف کرنے پر قادر نہیں ہوسکتا آپ کی رسالت کی کھلی شہادت دے رہا ہے مگر اس کے باوجود جو لوگ آپ کی رسالت کے منکر ہیں وہ یقیناً بھٹکے ہوئے، گمراہ ہیں، یہ تو اللہ کی رحمت ومہربانی ہے کہ ان لوگوں کی ہدایت ورہنمائی کے رسول کو بھیجا ہے، جس پر کتاب عظیم نازل کی ہے جو زندگی کے ہر شعبے میں انسانوں کی رہنمائی کرتی ہے تا کہ لوگ ان ہدایات واحکامات کی روشنی میں پاکیزہ زندگی گزاریں اور صراط مستقیم پر چل کر دنیا وآخرت میں کامیابیوں سے ہمکنار ہو جائیں، چونکہ ایک عرصہ دراز سے (اسماعیل علیہ السلام کے بعد) ان میں براہ راست کوئی پیغمبر مبعوث نہیں کیا گیا اس لئے یہ لوگ دین حق سے بے خبر ہیں، گمراہی ان پر چھا گئی ہے، جہالت نے ان کو اندھا کر دیا ہے اور یہ اپنے اوپر اور اپنی بے وقوفی پر جگ ہنسائی کا باعث بنے ہوئے ہیں، آپ اپنے فرض منصبی کے مطابق انہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دیں، اور رب سے بے خوفی، شرک کے انجام، حدود اللہ سے تجاوز، قتل ناحق، اللہ کے کمزور بندوں پر ظلم وستم، یتیموں، بیواؤں کی حق تلفی، وعدہ خلافی وخیانت وغیرہ سے اللہ کی شدید پکڑ اور عذاب جہنم سے ڈرائیں، حالانکہ اللہ جانتا ہے کہ ان میں سے اکثر لوگ جیسے ابوجہل، عتبہ، شیبہ وغیرہ اللہ تعالیٰ کی گرفت سے بے خوفی، حق واضح ہونے کے باوجود حق سے انحراف ونفرت، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عناد ومخالفت، تعصّبات اور کبر ونخوت میں مبتلا ہو کر گمراہی کے اس مقام پر پہنچ چکے ہیں کہ آپ انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں یہ ہرگز ہرگز ایمان نہیں لائیں گے اور اپنی شامت اعمال کے نتیجے میں جنت میں داخل ہونے سے انکار کر کے جہنم کا ایندھن بنیں گے، جیسے فرمایا:

اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ [1] ﴿۹۶﴾

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ جن لوگوں پر تیرے رب کا قول راست آ گیا ہے، ان کے سامنے خواہ کوئی نشانی آجائے وہ کبھی ایمان لا کر نہیں دیتے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عداوت اور دعوت حق سے نفرت، تکبر ونخوت، تعصّبات اور ہٹ دھرمی نے ان کو اندھا کر دیا ہے جس کی وجہ سے انہیں کھلے کھلے حقائق نظر نہیں آتے، اور نہ یہ پچھلی تاریخ سے کوئی سبق لیتے ہیں اور نہ مستقبل کے نتائج پر کبھی غور وفکر کرتے ہیں اور یہی چیزان کے اور ایمان کے درمیان مانع اور حجاب ہے، آخرت کا تصور ان کے ذہنوں سے نکال دیا گیا ہے، اس وجہ سے نہ یہ نصیحت قبول کرتے ہیں اور نہ اللہ سے اپنے گناہوں کی مغفرت طلب کرتے ہیں۔

اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ

بس آپ تو صرف ایسے شخص کو ڈرا سکتے ہیں جو نصیحت پر چلے اور رحمٰن سے بے دیکھے ڈرے، سو آپ اس کو مغفرت اور باوقار اجر

وَّ اَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۱﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَ نَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَ اٰثَارَهُمْ ۗ

کی خوش خبریاں سنا دیجئے، بیشک ہم مردوں کو زندہ کریں گے اور ہم لکھتے جاتے ہیں اور وہ اعمال بھی جن کو لوگ آگے بھیجتے ہیں

وَ كُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۲﴾ (یٰسین ۱۱،۱۲)

اور ان کے وہ اعمال بھی جن کو پیچھے چھوڑ جاتے ہیں، اور ہم نے ہر چیز کو ایک واضح کتاب میں ضبط کر رکھا ہے۔

---

[1] یونس ۹۶

نامہ اعمال کی تیاری:

اے نبی اکرم ﷺ! جو لوگ اپنی ہٹ دھرمی کی بنا پر انکار و استکبار اور عناد و مخالفت پر جمے ہوئے ہیں، ان کی روش سے دل برداشتہ ہو کر اپنے کام سے غافل نہ ہو جائیں بلکہ ان ہٹ دھرموں کو چھوڑ کر اپنا فرض منصبی ادا کرتے رہیں، کیونکہ وعظ و نصیحت سے فائدہ تو اسی شخص کو ہوتا ہے جو حق کی تلاش میں سرگرداں ہوتا ہے اور جب اسے حق نظر آتا ہے تو خشیت الٰہی سے ڈر کر راہ راست اختیار کرتا ہے، یہی لوگ ہیں جو آپ کی رسالت سے فیض یاب اور آپ کی تعلیم سے تزکیہ نفس کر سکتے ہیں، تم اس کے ایمان اور نیک اعمال کے سبب گناہوں سے بخشش مغفرت اور آخرت میں اجر کریم کی بشارت دے دو، جیسے فرمایا

اِنَّ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَیْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِیْرٌ ﴿۱۲﴾ [۱]

ترجمہ: جو لوگ بے دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں، یقیناً ان کے لیے مغفرت ہے اور بڑا اجر۔

اللہ تعالیٰ نے پھر اس بات کا اثبات کیا کہ یقیناً اس زندگی کے بعد ایک اور زندگی ہے جو دائمی زندگی ہو گی، جس میں موت نہیں ہو گی، ہر شخص اس زندگی میں جن خیالات، نیتوں اور ارادوں کے ساتھ جو اعمال کرے گا اور معاشرے میں جو بھلائیاں یا برائیاں بھی اس نے پھیلائی ہوں گی اور اس کے بعد اس کی اقتدا میں لوگ وہ اعمال بجالائیں گے اس کا پورا ریکارڈ لکھا جا رہا ہے، اور ان کے مطابق جزا یا سزا سنائی جائے گی اور وہ شخص جنت یا جہنم میں داخل کر دیا جائے گا،

عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً، فَلَهُ أَجْرُهَا،وَأَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا بَعْدَهُ، مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْءٌ، وَمَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً، كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهِ، مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ

منذر بن جریر رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے اسلام میں کوئی نیک طریقہ جاری کیا (بشرطیکہ وہ کام شریعت میں موجود ہو، اگر کوئی شخص ایسا کام جاری کرے جو شریعت میں موجود نہ ہو تو یہ بدعت ہو گی خواہ وہ ظاہر میں نیک کام ہی نظر آئے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص دین میں ایسا کام رائج کرے جو دین سے نہ ہو تو وہ مردود ہے، کیونکہ اس طرح دین میں تحریف ہو جائے گی اور دین کی اصل شکل وصورت قائم نہیں رہے گی) اس کے لئے اس کا اجر بھی ہے اور اس کا بھی جو اس کے بعد اس پر عمل کرے گا بغیر اس کے کہ ان میں سے کسی کے اجر میں کمی ہو اور جس نے کوئی برا طریقہ جاری کیا اس پر اس کے اپنے گناہ کا بھی بوجھ ہو گا اور اس کا بھی جو اس کے بعد اس پر عمل کرے گا بغیر اس کے کہ ان میں سے کسی کے بوجھ میں کمی ہو۔ [۲]

---

[۱] الملک ۱۲

[۲] صحیح مسلم کتاب الزکوٰة بَابُ الْحَثِّ عَلَى الصَّدَقَةِ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، أَوْ كَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ وَأَنَّهَا حِجَابٌ مِنَ النَّارِ ۲۳۵۱، سنن نسائی کتاب الزکوٰة بَابُ التَّحْرِيضِ عَلَى الصَّدَقَةِ ۲۵۵۵، سنن ابن ماجه کتاب السنة بَابُ مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً أَوْ سَيِّئَةً ۲۰۳، مسنداحمد ۱۹۱۵۶، مسندالبزار ۲۹۶۳، المعجم الکبیرللطبرانی ۲۳۷۲، شعب الایمان ۳۰۴۸، السنن الکبری للنسائی ۲۳۴۶، السنن الکبری للبیقی ۷۷۴۱، السنن الصغیرللبیهقی ۱۲۴۷، مصنف ابن ابی شیبة ۹۸۰۳، شرح السنة للبغوی ۱۶۶۱

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِذَا مَاتَ الْإِنْسَانُ انْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهُ إِلَّا مِنْ ثَلَاثَةٍ: إِلَّا مِنْ صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ، أَوْ عِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهِ، أَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُو لَهُ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب انسان مرجاتا ہے تو سوائے تین چیزوں کے اس کے عمل کا سلسلہ ختم ہوجاتا ہے، صدقہ جاریہ جس سے اس کے مرنے کے بعد بھی لوگ فیض یاب ہوں، علم جس سے لوگ فائدہ اٹھائیں، نیک اولاد جو مرنے والے کے لئے دعا کریں۔[1]

وَ اضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۚ۝۱۳

اور آپ ان کے سامنے ایک مثال (یعنی ایک) بستی والوں کی مثال (اس وقت کا) بیان کیجئے جبکہ اس بستی میں (کئی) رسول

اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا

آئے جب ہم نے ان کے پاس دو کو بھیجا سو ان لوگوں نے (اول) دونوں کو جھٹلایا پھر ہم نے تیسرے سے تائید کی سو ان تینوں

اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ۝۱۴ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَ مَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ

نے کہا کہ ہم تمہارے پاس بھیجے گئے ہیں، ان لوگوں نے کہا تم تو ہماری طرح معمولی آدمی ہو اور رحمٰن نے کوئی چیز نازل

مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ۝۱۵ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ۝۱۶

نہیں کی، تم نرا جھوٹ بولتے ہو، ان (رسولوں) نے کہا ہمارا پروردگار جانتا ہے کہ بیشک ہم تمہارے پاس بھیجے گئے ہیں

وَ مَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝۱۷ (یٰسین ۱۳ تا ۱۷)

اور ہمارے ذمہ تو صرف واضح طور پر پہنچا دینا ہے۔

ایک قصہ پارینہ:

اے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم آپ کی رسالت کی تکذیب کرنے اور آپ کی دعوت کو ٹھکرا دینے والوں کے سامنے یہ مثال بیان کر دیں تا کہ ان کو عبرت ہو اور شاید یہ اللہ کے دردناک عذاب سے ڈر کر راہ راست اختیار کر لیں، یہ ان بستی والوں کی مثال ہے جب اس بستی میں اللہ کے کئی رسول مبعوث ہوئے تھے، اللہ تعالیٰ نے انہی میں سے اپنے دو رسولوں کو کفر و شرک، فتنہ و فساد دور کرنے اور رشد و ہدایت کی تبلیغ و دعوت کے لئے کھڑا کیا مگر وہ قوم ان کی بات تک سننے کو تیار نہ تھی انہوں نے بھی حسب سابق قوموں کی روش پر چلتے ہوئے ان کی تکذیب کی پھر اللہ ارحم الرحمین نے تیسرے رسول کو ان کی مدد کے لئے بھیجا اب تینوں رسولوں نے قوم کے لوگوں کو وعظ و تبلیغ کرتے ہوئے کہا اے لوگو! اللہ رب ارض و سماوات نے ہمیں تمہاری ہدایت و رہنمائی کے لیے رسول بنا کر بھیجا ہے، اور اس کا پیغام ہے کہ تم اس وحدہ لاشریک کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو، اور اللہ کے حکم سے ہماری اطاعت کرو، کیا تم اپنے خالق کی نافرمانی کرتے ہو جس نے تمہیں پہلے پہل مٹی سے تخلیق فرمایا اور پھر مردو

[1] صحیح مسلم کتاب الوصیة بَابُ مَا يَلْحَقُ الْإِنْسَانَ مِنَ الثَّوَابِ بَعْدَ وَفَاتِهِ ۴۲۲۳

عورت سے تمہارا سلسلہ افزائش جاری کیا، تمہاری پہچان کے لئے تمہارے خاندان اور قبیلے بنائے، تمہیں اولادیں، مال و دولت اور عزت و مرتبہ سے نوازا، جو تمہارا اور تمام جانداروں کا رزاق ہے، جو علیم و بصیر ذات جو اپنے بندوں سے بڑی محبت اور پرورش کرتا ہے اور تمہارے دکھ درد اور ضرورتوں کو جانتا ہے، اور ہر لمحے چاہے رات ہو یا دن تمہاری پکار کو بغیر کسی واسطے یا وسیلے کے سنتا اور پورا کرنے کی قدرت وطاقت رکھتا ہے، تم پر اپنی رحمت نازل کرتے ہوئے ہمیں تمہاری طرف رسول بنا کر بھیجا ہے تاکہ ہم تمہیں کفر و شرک کی دلدل سے نکال کر صراط مستقیم پر گامزن کر دیں، پس تم دعوت توحید کو قبول کرو اور اپنے خالق و مالک رب کی اطاعت کرتے ہوئے اس کی ہی عبادت کرو جس کی عبادت کرنا تم پر حق ہے ، اس پاکیزہ دعوت اور بلا مانگی ہوئی بے شمار نعمتوں پر اس رب کا شکر بجالاو اور دنیا و آخرت میں اس کی رحمتوں کے امیدوار بن جاو، تمہارے اپنے ہاتھوں سے تراشے ہوئے پتھروں کے یہ معبود جن کی تم پرستش کرتے ہو یہ تو خود اللہ کی ایک بے بس بے شعور ادنیٰ مخلوق ہے جو نہ سن سکتے نہ دیکھ سکتے اور نہ بول کر تمہاری کوئی رہنمائی کر سکتے ہیں الغرض یہ دنیا و آخرت میں تمہارے کسی کام نہیں آسکتے، تم لوگوں نے ہی اپنی جہالت و گمراہی سے ان بتوں سے الوہیت و ربوبیت کی صفات منسوب کر دی ہیں ورنہ تمہارے پاس ان کی حقانیت کی کوئی دلیل نہیں ہے، تم پہلی قوموں کے وطیرہ کی طرح اس گمراہی کی راہ پر چل کر رب حقیقی سے بغاوت اور اس کی عطا کردہ نعمتوں پر ناشکری کرتے ہو اور خود ہی رب کے قہر و غضب کو للکار رہے ہو، بھائیو! گمراہیوں کے اندھیروں میں ٹھوکریں نہ کھاو، اپنے باطل عقاید سے تائب ہو جاو اور اپنی ہر پریشانی، تکالیف و مصائب میں اپنے خالق کو پکارو اور اس سے امید اور اس پر بھروسہ کرو، اپنی زندگی گزارنے کے طریقے اور رب کی عبادات اپنی من مرضی پر نہیں بلکہ اس کے فرمانوں کے مطابق سرانجام دو چاہئے ان کی حکمتیں تمہاری سمجھ میں آئیں یا نہ آئیں جس میں تمہارا اپنا ہی فائدہ ہے، یہ دنیا تو چند روزہ ہے اور ایک وقت معین پر جس کا علم سوائے رب کے کسی کے پاس نہیں اس نے ختم ہو جانا ہے، اگر صاحب ایمان ہو جاؤ گے تو وہ رب اس دنیا میں بھی تمہیں اپنی بے بہا نعمتوں سے نوازے گا اور روز آخرت جب نفسا نفسی کا عالم ہوگا جہاں کوئی گروہ بندی، خاندان، حیثیت و مرتبہ، مال و دولت اور اولاد کچھ کام نہ آئے گی بلکہ صرف تمہارے عمل صالحہ کی قدر ہوگی اور اسی کے مطابق انعامات دیئے جائیں گے، اس وقت وہ تمہیں اپنی رحمت سے اپنی جنتوں میں داخل فرمائے گا جس میں تم عیش و نشاط کے مزے اڑاو گے، اور اگر پچھلی قوموں کی طرح اپنے باطل معبودوں پر تکیہ کرو گے تو تمہارا انجام بڑا دردناک ہوگا اللہ تعالیٰ تمہیں باعث عبرت بنا دے گا اور جہنم کی بھڑکتی ہوئی آگ تمہارا اوڑھنا بچھونا ہوگی، مگر وائے قسمت! ان لوگوں نے بھی رسولوں کی قدر نہ کی، ان کی دردمندانہ خیر خواہی کو ٹھکرا دیا، اللہ خالق کائنات نے جب سے اس عظیم الشان کائنات کو وجود میں لایا ہے، اور انسانوں کی ہدایت و رہنمائی کے لیے بشر رسولوں کا سلسلہ جاری فرمایا ہے ہر زمانے کے کفار و مشرکین کے لیے اپنے ہی جیسے ایک بشر کو رسول تسلیم کرنا مشکل ہی رہا ہے،

جیسا کہ قوم نوح کے سرداروں نے اسی بات پر نوح علیہ السلام کی رسالت کا انکار کیا تھا۔

فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰۗىِٕكَةً ښ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَاۗىِٕنَا الْاَوَّلِيْنَ ؀ [1]

ترجمہ: اس کی قوم کے جن سرداروں نے ماننے سے انکار کیا وہ کہنے لگے کہ یہ شخص کچھ نہیں ہے مگر ایک بشر تم ہی جیسا، اس کی غرض یہ ہے کہ

[1] المومنون ۲۴

تم پر برتری حاصل کرے، اللہ کو اگر بھیجنا ہوتا تو فرشتے بھیجتا یہ بات تو ہم نے کبھی اپنے باپ دادا کے وقتوں میں سنی ہی نہیں (کہ بشر رسول بن کر آئے)۔

ہود علیہ السلام کی قوم نے بھی یہی اعتراض کیا تھا۔

وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ ۙ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۳۴﴾ [1]

ترجمہ: یہ شخص کچھ نہیں ہے مگر ایک بشر تم ہی جیسا، جو کچھ تم کھاتے ہو وہی یہ کھاتا ہے اور جو کچھ تم پیتے ہو وہی یہ پیتا ہے، اب اگر تم نے اپنے ہی جیسے ایک بشر کی اطاعت قبول کر لی تو تم گھاٹے ہی میں رہے۔

قوم ثمود نے بھی صالح علیہ السلام کے بارے میں انہی خیالات کا اظہار کیا تھا

فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿۲۴﴾ [2]

ترجمہ: اور کہنے لگے! ایک اکیلا آدمی جو ہم ہی میں سے ہے کیا اب ہم اس کے پیچھے چلیں، اگر اس کا اتباع ہم قبول کر لیں تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ ہم بہک گئے ہیں اور ہماری عقل ماری گئی ہے۔

اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۡ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۡ فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا ... ﴿۶﴾ [3]

ترجمہ: کیا تمہیں ان لوگوں کی کوئی خبر نہیں پہنچی جنہوں نے اس سے پہلے کفر کیا اور پھر اپنی شامت اعمال کا مزہ چکھ لیا؟ اور آگے ان کے لیے ایک دردناک عذاب ہے، اس انجام کے مستحق وہ اس لیے ہوئے کہ ان کے پاس ان کے رسول کھلی کھلی دلیلیں اور نشانیاں لے کر آتے رہے مگر انہوں نے کہا کیا انسان ہمیں ہدایت دیں گے؟ اس طرح انہوں نے ماننے سے انکار کر دیا اور منہ پھیر لیا۔

ایک مقام پر فرمایا

... قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۭ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ... ﴿۱۰﴾ [4]

ترجمہ: انہوں نے جواب دیا تم کچھ نہیں ہو مگر ویسے ہی انسان جیسے ہم ہیں، تم ہمیں ان ہستیوں کی بندگی سے روکنا چاہتے ہو جن کی بندگی باپ دادا سے ہوتی چلی آرہی ہے۔

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۴﴾ [5]

---

[1] المومنون ۳۳،۳۴

[2] القمر ۲۴

[3] التغابن ۵،۶

[4] ابراہیم ۱۰

[5] بنی اسرائیل ۹۴

ترجمہ:لوگوں کے سامنے جب کبھی ہدایت آئی تو اس پر ایمان لانے سے ان کو کسی چیز نے نہیں روکا مگر ان کے اسی قول نے کہ کیا اللہ نے بشر کو پیغمبر بنا کر بھیج دیا؟۔

پچھلی تباہ شدہ اقوام کی طرح بستی والوں نے رسولوں کے ساتھ بحث وتمحیص کی اور وہی جواب دیا جو انبیاء ومرسلین کی دعوت ٹھکرانے والے دیتے چلے آئے ہیں،انہوں نے کہا کہ تم تو ہماری طرح کے معمولی انسان ہو،تم کو ہم پر کوئی فضیلت اور خصوصیت حاصل نہیں،تم ہماری طرح چلتے پھرتے، کھاتے پیتے،کاروبار کرتے،شادی بیاہ کرتے ہو پھر تم میں وہ کیا خاص بات پیدا ہوگئی کہ تم اللہ کے رسول بن کر آگئے ہم تم پر ایمان نہیں لائیں گے اور رسالت کی عمومیت کا انکار کرتے ہوئے کہا اللہ نے ہماری ہدایت کے لیے کچھ نازل نہیں کیا تم ہم سے جھوٹ وفریب کر رہے ہو اگر اللہ کو کوئی رسول بھیجنا ہوتا تو کسی فرشتے کو بھیجتا،رسولوں نے کہا ہمارا رب جانتا ہے کہ ہم ضرور تمہاری طرف رسول بنا کر بھیجے گئے ہیں،جیسے فرمایا

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ... ۝۵۲ [1]

ترجمہ:(اے نبی ﷺ!) کہو کہ میرے اور تمہارے درمیان اللہ گواہی کے لیے کافی ہے،وہ آسمانوں اور زمین میں سب کچھ جانتا ہے۔

اگر ہم جھوٹے ہوتے تو اللہ تعالیٰ ہمیں سرعام رسوا کر دیتا اور ہمیں فوراً سزا دے دیتا،ہمارا تم پر کوئی زور نہیں،ہمارا کام تو رب کی صراط مستقیم کی دعوت پوری امانت ودیانت اور پورے دلائل وبراہین کے ساتھ تم تک پہنچا دینا ہے،ہماری دعوت میں زور زبردستی ہرگز نہیں ان روشن اور واضح دلائل پر ایمان لانا ہے یا نہیں لانا اس کا آزادانہ فیصلہ تم نے کرنا ہے،اگر ایمان لاوگے تو اپنے فائدہ کے لئے اور اگر تکذیب کروگے تو تم ہی خسارہ اٹھانے والوں میں سے ہوگے،تمہارے ایمان لانے یا نہ لانے سے رب کی خدائی میں ذرہ بھر فرق نہیں آئے گا۔

قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَ لَيَمَسَّنَّكُمْ

انہوں نے کہا کہ ہم تم کو منحوس سمجھتے ہیں اگر تم باز نہ آئے تو ہم پتھروں سے تمہارا کام تمام کر دیں گے اور تم کو ہماری طرف

مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۱۸ قَالُوْا طَاۗىِٕرُكُمْ مَّعَكُمْ ۭ اَىِٕنْ ذُكِّرْتُمْ ۭ

سے سخت تکلیف پہنچے گی،ان رسولوں نے کہا کہ تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہی لگی ہوئی ہے ، کی

بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ۝۱۹ (یٰسین۱۸،۱۹)

ااس کو نحوست سمجھتے ہو کہ تم کو نصیحت کی جائے بلکہ تم حد سے نکل جانے والے لوگ ہو۔

انبیاء ورسل سے کافروں کا رویہ:

چنانچہ پچھلی قوموں کی طرح کچھ غریب مگر صالح فطرت لوگ ان رسولوں پر ایمان لائے ہوں گے اور اکثرت نے تکذیب کی روش اختیار کی ہوگی،اور ہمیشہ کی طرح قوم دو گرہوں میں بٹ گئی ہوگی،جیسے فرمایا:

[1] العنکبوت ۵۲

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ فَرِیْقٰنِ یَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ [۱]

ترجمہ:اور ہم نے ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو(یہ پیغام دے کر) بھیجا تھا کہ اللہ کی عبادت کرو تو یکا یک وہ دو متخاصم فریق بن گئے۔

ممکن ہے رب نے اپنی سنت کے مطابق انہیں راہ راست پر لانے کے لئے تا کہ وہ سوچیں اور شاید ایمان لے آئیں چھوٹے موٹے عذاب جیسے بارش کا رک جانا، دریاوں کا سوکھ جانا، فصلوں اور ثمرات کا پیدا نہ ہونا اور قحط سالی کا پھیل جانا، جانوروں کا مر جانا وغیرہ نازل کئے ہوں، چنانچہ تکذیب کرنے والے گروہ نے اہل ایمان و تقویٰ رسولوں سے کہا تمہارے آنے سے ہمیں کوئی خیر و برکت نہیں بلکہ مصیبتیں ہی ملی ہے، ہم تو تمہیں اپنے لئے بدشگون سمجھتے ہیں،

قوم ثمود بھی صالح علیہ السلام اور ان کے پیروکاروں کے بارے میں یہی کہتے تھے،

قَالُوا اطَّیَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ؕ قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿۴۷﴾ [۲]

ترجمہ:انہوں نے کہا ہم نے تو تم کو اور تمہارے ساتھیوں کو بدشگونی کا نشان پایا ہے، صالح علیہ السلام نے جواب دیا تمہارے نیک و بد کا سررشتہ تو اللہ کے پاس ہے اصل بات یہ ہے کہ تم لوگوں کی آزمائش ہو رہی ہے۔

فرعون کی قوم بھی موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کے بارے میں یہی کہتے تھے،

فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَیِّئَةٌ یَّطَّیَّرُوْا بِمُوْسٰی وَمَنْ مَّعَهٗ ؕ اَلَاۤ اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ [۳]

ترجمہ: مگر ان کا حال یہ تھا کہ جب اچھا زمانہ آتا تو کہتے کہ ہم اسی کے مستحق ہیں اور جب بُرا زمانہ آتا تو موسیٰ اور اس کے ساتھیوں کو اپنے لیے فالِ بد ٹھہراتے حالانکہ درحقیقت ان کی فالِ بد تو اللہ کے پاس تھی مگر ان میں سے اکثر بے علم تھے۔

اور دھمکا کر کہنے لگے اگر تم اپنی واعظ و نصیحت سے باز نہ رہے تو ہم تمہیں بڑی دردناک اور عبرت ناک سزا دیں گے اور پتھروں سے مار مار کر موت کے گھاٹ اتار کر تمہارا کام تمام کر دیں گے،

شعیب علیہ السلام کی قوم نے بھی یہی کہا تھا

قَالُوْا یٰشُعَیْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِیْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِیْنَا ضَعِیْفًا ۚ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ؗ وَمَاۤ اَنْتَ عَلَیْنَا بِعَزِیْزٍ ﴿۹۱﴾ [۴]

ترجمہ:انہوں نے جواب دیا اے شعیب! تم جو کچھ کہتے ہو اس میں سے بہت سی باتیں ہماری سمجھ میں نہیں آتیں بلاشبہ ہم تم کو اپنے درمیان (بہت ہی) کمزور پاتے ہیں، اور اگر تمہاری برادری نہ ہوتی تو ہم ضرور تمہیں سنگسار کر دیتے، ہم پر تمہارا دباؤ تو ہے نہیں۔

ابراہیم علیہ السلام کے والد نے بھی یہی کہا تھا۔

[۱] النمل ۴۵

[۲] النمل ۴۷

[۳] الاعراف ۱۳۱

[۴] ھود ۹۱

قَالَ اَرَاغِبٌ اَنۡتَ عَنۡ اٰلِـهَتِىۡ يٰۤـاِبۡرٰهِيۡمُ‌ ۚ لَـئِنۡ لَّمۡ تَنۡتَهِ لَاَرۡجُمَنَّكَ‌ وَاهۡجُرۡنِىۡ مَلِيًّا‏ ﴿۴۶﴾ [1]

ترجمہ: باپ نے کہا ابراہیم! کیا تو میرے معبودوں سے پھر گیا ہے؟ اگر تو باز نہ آیا تو تجھے سنگسار کر ڈالوں گا بس تو ہمیشہ کے لئے مجھ سے الگ ہو جا۔

رسولوں نے جواب دیا کیا تم ہماری خیر خواہی اور رب کی رحمت کو نحوست سمجھتے ہو، تمہاری نحوست تو تمہارے اپنے اعمال بد کا نتیجہ ہے جو تمہاری گردن میں لٹکا ہوا ہے، جیسے فرمایا

وَكُلَّ اِنۡسَانٍ اَلۡزَمۡنٰهُ طٰۤـئِرَهٗ فِىۡ عُنُقِهٖ‌ ؕ وَنُخۡرِجُ لَهٗ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلۡقٰٮهُ مَنۡشُوۡرًا‏ ﴿۱۳﴾ [2]

ترجمہ: ہر انسان کا شگون ہم نے اس کے اپنے گلے میں لٹکا رکھا ہے اور قیامت کے روز ہم ایک نوشتہ اس کے لیے نکالیں گے جسے وہ کھلی کتاب کی طرح پائے گا۔

اصل بات یہ ہے کہ تم لوگ حد سے گزر جانے والے ہو اور جو لوگ حد سے گزر جاتے ہیں رب کے عذاب کے مستحق بن جاتے ہیں جن کے لئے رب نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے جس میں وہ نہ جی سکیں گے اور نہ ہی انہیں موت آئے گی۔

وَ جَآءَ مِنۡ اَقۡصَا الۡمَدِيۡنَةِ رَجُلٌ يَّسۡعٰى قَالَ يٰقَوۡمِ اتَّبِعُوا الۡمُرۡسَلِيۡنَۙ ﴿۲۰﴾

اور ایک شخص (اس) شہر کے آخری حصے سے دوڑتا ہوا آیا کہنے لگا کہ اے میری قوم! ان رسولوں کی راہ پر چلو،

اتَّبِعُوۡا مَنۡ لَّا يَسۡـئَـلُكُمۡ اَجۡرًا وَّهُمۡ مُّهۡتَدُوۡنَ‏ ﴿۲۱﴾ وَ مَا لِىَ لَاۤ اَعۡبُدُ

ایسے لوگوں کی راہ پر چلو جو تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتے اور وہ راہ راست پر ہیں، اور مجھے کیا ہو گیا ہے کہ میں اس کی عبادت

الَّذِىۡ فَطَرَنِىۡ وَ اِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ‏ ﴿۲۲﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اٰلِهَةً

نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور تم سب اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے، کیا میں اسے چھوڑ کر ایسوں کو معبود بناؤں کہ اگر

اِنۡ يُّرِدۡنِ الرَّحۡمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغۡنِ عَنِّىۡ شَفَاعَتُهُمۡ شَيۡـئًا وَّلَا يُنۡقِذُوۡنِ‌ۚ‏ ﴿۲۳﴾

(اللہ) رحمٰن مجھے کوئی نقصان پہنچانا چاہے تو ان کی سفارش مجھے کچھ بھی نفع نہ پہنچا سکے اور نہ مجھے بچا سکیں،

اِنِّىۡۤ اِذًا لَّفِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ‏ ﴿۲۴﴾ اِنِّىۡۤ اٰمَنۡتُ بِرَبِّكُمۡ فَاسۡمَعُوۡنِؕ‏ ﴿۲۵﴾ (یٰسین ۲۰ تا ۲۵)

پھر تو یقیناً کھلی گمراہی میں ہوں، میری سنو! میں تو (سچے دل سے) تم سب کے رب پر ایمان لا چکا۔

---

[1] مریم ۴۶

[2] بنی اسرائیل ۱۳

ایک مسلمان کی شان:

ایک مسلمان شخص کو (جس کا نام حبیب نجار بیان کیا جاتا ہے) جو شہر سے دور دراز ایک گوشے پر رہتا تھا جب پتہ چلا کہ اس کی گمراہ قوم پیغمبروں کی پاکیزہ دعوت حق کو نہیں اپنا رہی اور رسولوں کو خطرناک دھمکیاں بھی دی جارہی ہیں تو وہ اپنے گھر سے دوڑتا ہوا آیا اور اس نے آکر اپنی قوم کو رسولوں کی حمایت اور ان کی اتباع کی ترغیب دی، قوم کے لوگ اس سے کہنے لگے کیا تو بھی اس معبود کی عبادت کرتا ہے جس کی طرف یہ مرسلین ہمیں بلا رہے ہیں؟ ان کے جواب میں وہ حق پرست مسلمان کہنے لگا اے میری قوم! وہ اللہ رب العالمین کے بھیجے ہوئے سچے رسول ہیں اس لیے ان کی اتباع و پیروی کرو، رسولوں کی راہ پر چلو جو راہ راست پر ہیں، اس راہ پر چلو جو سچ کی راہ ہے اور سیدھی اپنی منزل پر پہنچتی ہے جس میں کوئی ڈر وخوف نہیں، جس میں تمہارے لئے انعامات اور خوشخبریاں ہیں، اور پھر اس بھلائی کو دینے کے لئے وہ تم سے کسی قسم کے مال و متاع یا مرتبہ کا لالچ نہیں رکھتے، تم لوگوں سے قوم کی سرداری نہیں مانگتے بلکہ تمہیں جہنم کے اندھے گڑھوں میں گرنے سے بچانے میں تمہارے سچے خیر خواہ ہیں، اگر تم لوگ انکی دعوت کو تسلیم کرلو گے تو دنیا و آخرت میں رب کی رحمت اور بخشش تمہارے حصہ میں آئے گی، اور اے لوگو! تم خود تعصب، بے جا غرور و تکبر سے ہٹ کر سوچو آخر ہم اس اللہ کی بندگی کیوں نہ کریں؟ اور اس کی نازل کردہ ہدایات واحکامات کے تحت زندگی کیوں نہ گزاریں؟ جس نے آسمان و زمین اور ان کے درمیان جو کچھ ہے پیدا کیا ہے، جیسے فرمایا وَلَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ لَيَقُوۡلُنَّ اللّٰهُ... ﴿۳۸﴾ [۱]

ترجمہ: ان لوگوں سے اگر تم پوچھو کہ زمین اور آسمانوں کو کس نے پیدا کیا ہے تو یہ خود کہیں گے کہ اللہ نے۔

وَلَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ لَيَقُوۡلُنَّ خَلَقَهُنَّ الۡعَزِيۡزُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۹﴾ [۲]

ترجمہ: اگر تم ان لوگوں سے پوچھو زمین اور آسمانوں کو کس نے پیدا کیا ہے تو یہ خود کہیں گے کہ انہیں اسے زبردست علیم ہستی نے پیدا کیا ہے۔

جو ہمیں اور دوسری مخلوقات کو آسمانوں اور زمین سے رزق بہم پہنچاتا ہے، جیسے فرمایا:

قُلۡ مَنۡ يَّرۡزُقُكُمۡ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ... ﴿۲۴﴾ [۳]

ترجمہ: پوچھئے کہ تمہیں آسمانوں اور زمین سے روزی کون پہنچاتا ہے؟ (خود) جواب دیجئے! کہ اللہ تعالیٰ۔

مشکلات اور مصیبتوں میں ہماری دار رسی فرماتا ہے، جس کی پیدا کردہ ہر چیز اپنی مثال آپ ہے، جیسے فرمایا

الَّذِىۡۤ اَحۡسَنَ كُلَّ شَىۡءٍ خَلَقَهٗ... ﴿۷﴾ [۴]

ترجمہ: جو چیز بھی اس نے بنائی خوب ہی بنائی۔

جس میں کوئی نقص نہیں، جیسے فرمایا:

[۱] الزمر ۳۸

[۲] الزخرف ۹

[۳] سبا ۲۴

[۴] السجدۃ ۷

الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ؕ مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ؕ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ۳ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِیْرٌ ۴ [1]

ترجمہ: جس نے تہ بر تہ سات آسمان بنائے، تم رحمن کی تخلیق میں کسی قسم کی بے ربطی نہ پاؤ گے، پھر پلٹ کر دیکھو کہیں تمہیں کوئی خلل نظر آتا ہے؟ بار بار نگاہ دوڑ آؤ، تمہاری نگاہ تھک کر نامراد پلٹ آئے گی۔

کیا ان چیزوں کو تمہارے پتھر کے بے جان کے معبودوں نے پیدا کئے ہیں؟ جنہیں تم نے خود اپنی من مرضی کی شکل پر تراش کر اپنی مرضی کی صفات منسوب کی ہوئی ہیں، جو اتنے بودے اور اتنے لاچار ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ ایک ادنیٰ مخلوق مکھی تک پیدا نہیں کر سکتے اور اگر ایک مکھی ان سے کوئی چیز اٹھا کر لے جائے اس سے واپس نہیں لے سکتے، آسمان و زمین اور اس کے درمیان جو کچھ ہے کیا تخلیق کریں گے؟ جیسے فرمایا:

... وَالَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا یَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِیْرٍ ۱۳ [2]

ترجمہ: جنہیں تم اس کے سوا پکار رہے ہو وہ تو کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے بھی مالک نہیں۔

... اِنَّ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ یَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ؕ وَاِنْ یَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَیْئًا لَّا یَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ... ۷۳ [3]

ترجمہ: جن معبودوں کو تم اللہ کو چھوڑ کر پکارتے ہو وہ سب مل کر ایک مکھی بھی پیدا کرنا چاہیں تو نہیں کر سکتے بلکہ اگر مکھی ان سے کوئی چیز چھین لے جائے تو وہ اسے چھڑا بھی نہیں سکتے۔

اور نہ ہی یہ تمہاری پکار کو سن سکتے ہیں، جب سن ہی نہیں سکتے تو تمہاری مرادیں کیا پوری کریں گے؟

جیسے ابراہیم علیہ السلام نے اپنے والد سے یہی تو فرمایا تھا

اِذْ قَالَ لِاَبِیْهِ یٰۤاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا یَسْمَعُ وَلَا یُبْصِرُ وَلَا یُغْنِیْ عَنْكَ شَیْئًا ۴۲ [4]

ترجمہ: (انہیں ذرا اس موقع کی یاد دلاؤ) جبکہ اس نے اپنے باپ سے کہا ابا جان! آپ کیوں ان چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو نہ سنتی ہیں نہ دیکھتی ہیں اور نہ آپ کا کوئی کام بنا سکتی ہیں؟۔

اگر تمہارے پاس ان کی قدرت و طاقت کی کوئی کوئی دلیل ہے تو لاؤ؟ جیسے فرمایا::

... قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۱۱۱ [5]

ترجمہ: ان سے کہو اپنی دلیل پیش کرو اگر تم اپنے دعوے میں سچے ہو۔

[1] الملک ۳،۴

[2] فاطر ۱۳

[3] الحج ۷۳

[4] مریم ۴۲

[5] البقرۃ ۱۱۱

...ءَاِلٰـهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلۡ هَاتُوۡا بُرۡهَانَكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ۝۶۴ (۱)

ترجمہ: کیااللہ کے ساتھ کوئی اور الٰہ بھی (ان کاموں میں حصہ دار) ہے؟ کہو کہ لاؤ اپنی دلیل اگر تم سچے ہو۔

اَمِ اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ قُلۡ هَاتُوۡا بُرۡهَانَكُمۡ ... ۝۲۴ (۲)

ترجمہ: کیا اسے چھوڑ کر انہوں نے دوسرے الٰہ بنا لیے ہیں؟ اے نبی (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)! ان سے کہو کہ لاؤ اپنی دلیل۔

اس رب نے یہ دنیا محض کھیل تماشہ کے لئے نہیں بنائی اور نہ ہی اللہ اسے لایعنی کام کرتا ہے، جیسے فرمایا:

وَمَا خَلَقۡنَا السَّمَآءَ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا بَاطِلًا ...ؕ ۝۲۷ (۳)

ترجمہ: ہم نے اس آسمان اور زمین کو اور اس دنیا کو جو ان کے درمیان ہے فضول پیدا نہیں کر دیا ہے۔

وَمَا خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا لٰعِبِيۡنَ ۝۳۸ (۴)

ترجمہ: یہ آسمان وزمین اور ان کے درمیان کی چیزیں ہم نے کچھ کھیل کے طور پر نہیں بنادی ہیں۔

کیا تم سمجھتے ہو کہ اللہ نے تمہیں پیدا کر کے ایسے ہی چھوڑ دیا ہے اور وہ تمہارے اعمال کا محاسبہ نہیں کرے گا؟ جیسے فرمایا:

اَيَحۡسَبُ الۡاِنۡسَانُ اَنۡ يُّتۡرَكَ سُدًى ؕ ۝۳۶ (۵)

ترجمہ: کیا انسان یہ سمجھتا ہے کے اسے بیکار چھوڑ دیا جائے گا۔

ایسا نہیں ہے بلکہ یہ چند روزہ دنیا تو تمہاری امتحان گاہ ہے، تمہارے چھوٹے بڑے، چھپے ہوئے اور ظاہر اعمال لکھے جارہے ہیں کہ تم اپنے خالق کی الوہیت وربوبیت کا اقرار کرتے ہو یا نہیں، اعمالہ صالحہ اختیار کرتے ہو یا اعمال خبیثہ، اس کے شکر گزار بندے بنتے ہو یا اس کی نعمتوں کی ناشکری کرتے ہو، روز محشر وہ تمہارا نامہ اعمال تمہارے ہاتھوں میں تھما کر تم سے تمہارے اعمال کی بابت باز پرش کرے گا، اس وقت یہ بودے معبود مجھے اللہ کی گرفت سے بچانہ سکیں گے، اگر میں تمہاری طرح اندھا اور بے وقوف بن کر ان کی عبادت کرتا رہوں تو پھر میں یقیناً کھلی گمراہی میں جاگروں گا اور ہر گمراہی کا انجام جہنم ہے جو دردناک ٹھکانہ ہے، میرا ایمان تو اسی رب پر ہے جو تمہارا بھی رب ہے، جو جہانوں کا رب ہے جس کے حکم سے یہ آسمان وزمین قائم ہیں، جس کے حکم کے بغیر کچھ بھی نہیں ہوسکتا، ہر طرح کے اختیارات اور قدرتیں اسی کے پاس ہیں، اب تم جو چاہو کر گزرو لیکن میرا مخلصانہ مشورہ ہے کہ تم لوگ بھی شیطان کی راہ چھوڑ کر صراط مستقیم اختیار کرو۔

---

(۱) النمل ۶۴

(۲) الانبیاء ۲۴

(۳) ص ۲۷

(۴) الدخان ۳۸

(۵) القیامۃ ۳۶

قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ۙ﴿۲۶﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَ جَعَلَنِيْ

(اس سے) کہا گیا کہ جنت میں چلا جا، کہنے لگا کاش! میری قوم کو بھی علم ہو جاتا کہ مجھے رب نے بخش دیا اور مجھے

مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ وَ مَاۤ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ

باعزت لوگوں میں سے کر دیا، اس کے بعد ہم نے اس کی قوم پر آسمان سے کوئی لشکر نہ اتارا اور نہ اس طرح

وَ مَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾ يٰحَسْرَةً

ہم اتارا کرتے ہیں وہ تو صرف ایک زور کی چیخ تھی کہ یکایک وہ سب کے سب بجھ بجھا گئے، (ایسے) بندوں پر افسوس!

عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ

کبھی بھی کوئی رسول ان کے پاس نہیں آیا جس کی ہنسی انہوں نے نہ اڑائی ہو، کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ان سے پہلے

اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ؕ﴿۳۱﴾ وَ اِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا

بہت سی قوموں کو ہم نے غارت کر دیا کہ وہ ان کی طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے، اور نہیں ہے کوئی جماعت مگر یہ کہ وہ جمع ہو

مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾ (یٰسین ۲۶ تا ۳۲)

کر ہمارے سامنے حاضر کی جائے گی۔

حق کی پاداش میں قتل:

مشرک قوم کھلم کھلا اپنے معبودوں کی بے بسی اور لاچاری کا اعلان کیسے سن سکتی تھی اس کی زبان بند کرنے کے لئے فوراً اس مسلمان پر ٹوٹ پڑی ، کوئی ان کا ہاتھ روکنے والا نہ تھا اور اس کو حق بات کہنے کی پاداش میں اتنا ذدکوب کیا کہ وہ اس دنیا سے رخصت ہو گیا، قدردان رب نے اس کے ایمان ویقین کو قبول فرمایا اور اسے جنت میں داخل کر دیا، وہ شخص اپنی قوم کے ساتھ اتنا مخلص اور خیر خواہ تھا کہ جنت میں پہنچ کر کہنے لگا کاش! میری گمراہ قوم کو علم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ نے میرے ایمان اور اس پر استقامت کی وجہ سے میری بخشش ومغفرت کر دی اور مجھے اپنی لازوال اور انواع واقسام کی نعمتوں بھری جنت میں باعزت لوگوں کے ساتھ داخل کر دیا ہے تا کہ وہ بھی ایمان و توحید کی روش اپنائیں ،رسولوں کی پیروی کریں اور اللہ کی مغفرت اور اس کی بے بہا نعمتوں کی مستحق ہو جائیں، آخر اللہ نے اس قوم کو جن کو اپنی طاقت، قوت واختیار پر گھمنڈ تھا، جن کے دلوں میں دین حق کے خلاف جوش وخروش ،بغض وعناد تھا، جن کو اپنے معبودوں کی طاقت واختیار اور قدرت پر مکمل بھروسہ تھا ان کی سرکوبی کے لئے کوئی لشکر نازل نہ فرمایا اور نہ ہی فرشتے نازل نہیں فرمائے بلکہ ایک معمولی سے دھماکے سے نیست ونابود کر دیا، اور ان کی تہذیب وتمدن اور ان کی نسلوں کا نشان تک باقی نہ چھوڑا، اللہ رب العزت نے بندوں کے حال پر افسوس کرتے ہوئے

فرمایا ہم نے انسانوں کی رشد وہدایت کے لیے جو رسول بھی بھیجا انہوں نے ان کی دعوت کو قبول نہ کیا اور اس کی رسالت، اس کی تعلیمات اور عقیدہ آخرت کا مذاق اڑاتے اور دعوت حق کو روکنے کی کوششیں ہی کرتے رہے، جیسے فرمایا:

وَمَا يَأْتِيهِم مِّن رَّسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ⑪ [1]

ترجمہ: کبھی ایسا نہیں ہوا کہ ان کے پاس کوئی رسول آیا ہو اور انہوں نے اس کا مذاق نہ اڑایا ہو۔

مگر قیامت کے روز اللہ کا عذاب دیکھ لینے کے بعد یہ منکرین حق حسرت وندامت کا اظہار کریں گے کہ کاش! انہوں نے اللہ کے بارے میں کوتاہی نہ کی ہوتی، کاش! شیطان کے ساتھی بن کر رسول کی دعوت توحید کا مذاق نہ اڑایا ہوتا، مگر اس وقت یہ افسوس وندامت ان کے کسی کام نہ آسکے گی اور ایسے لوگ اپنے گروشیطان کے ساتھ جہنم میں ڈال دیئے جائیں گے، اور اہلیان مکہ کو دھمکی دی کہ اللہ ورسول کی تکذیب واستہزا اور معبودان باطلہ کی طاقت، قوت واختیار پر بھروسہ کی وجہ سے جس طرح پچھلی بے شمار قومیں تباہ ہوئیں اور ان کا نام ونشان بھی باقی نہ رہا اسی طرح تم لوگوں پر بھی عذاب نازل کیا جاسکتا ہے، تمہیں بھی صفحہ ہستی سے نیست ونابود کیا جاسکتا ہے اور اس کے لئے اللہ کو کوئی خاص بندوبست کرنے کی ضرورت نہیں، جس قوم کا تمہیں واقعہ سنایا گیا ہے انہیں کی طرح ایک چیخ سے تمہیں بھی صفحہ ہستی سے مٹایا جاسکتا ہے، اور جس طرح پچھلی اقوام واپس پلٹ کر دنیا میں نہیں آئیں تم بھی دنیا کی طرف کبھی پلٹ کر نہ آؤ گے؟ پھر ایک وقت مقررہ پر اولین وآخرین تمام لوگ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوں گے، جہاں عدل وانصاف کے تمام تقاضوں کے مطابق ان کے اعمال کا حساب کتاب ہوگا اور اسی کے مطابق جزا یا سزا سنائی جائے گی، جیسے فرمایا:

وَإِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ أَعْمَالَهُمْ ۚ إِنَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ⑪ [2]

ترجمہ: اور یہ بھی واقعہ ہے کہ تیرا رب انہیں ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دے کر رہے گا، یقیناً وہ اِن کی سب حرکتوں سے باخبر ہے۔

وَآيَةٌ لَّهُمُ الْأَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ أَحْيَيْنَاهَا وَأَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَأْكُلُونَ ﴿٣٣﴾

اور ان کے لیے ایک نشانی (خشک) زمین ہے جس کو ہم نے زندہ کر دیا اور اس سے غلہ نکالا جس میں سے وہ کھاتے ہیں،

وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنَّاتٍ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ وَفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ الْعُيُونِ ﴿٣٤﴾

اور ہم نے اس میں کھجوروں کے اور انگور کے باغات پیدا کر دیئے اور جن میں ہم نے چشمے بھی جاری کر دیئے ہیں

لِيَأْكُلُوا مِن ثَمَرِهِ وَمَا عَمِلَتْهُ أَيْدِيهِمْ ۖ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٣٥﴾ (یٰسین ۳۳تا۳۵)

تا کہ (لوگ) اس کے پھل کھائیں، اور اس کو ان کے ہاتھوں نے نہیں بنایا پھر کیوں شکر گزاری نہیں کرتے۔

[1] الحجر ۱۱

[2] ہود ۱۱۱

وجود باری تعالیٰ کی ایک نشانی:

کفار مکہ کو انکار و تکذیب اور مخالفت حق کے رویہ پر ملامت کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنی وحدانیت اور عقیدہ آخرت پر چند دلائل پیش کر کے غور و فکر کی دعوت دی، زمین کی روئیدگی کو دلیل کے طور پر پیش کر کے فرمایا تم لوگوں کے لئے بے جان زمین اللہ تعالیٰ کے وجود، اس کے وحدہ لاشریک ہونے، اس کی قدرت تامہ اور مردوں کو دوبارہ زندہ کرنے، حساب کتاب اور اعمال کی جزا وسزا پر ایک نشانی ہے، ہم اپنی رحمت سے آسمان سے بارش برسا کر اس مردہ زمین کو زندگی بخشتے ہیں اور اپنی قدرت سے ایک دانے اور ایک گھٹلی سے اس سے بکثرت انواع واقسام کے غلہ جات، مختلف ذائقوں، رنگوں اور خصوصیات کے لذیذ پھل، میوہ جات اور مختلف نباتات نکال لاتے ہیں، جو شب و روز ان کی اور ان کے مویشیوں کی خوراک کے کام آتے ہیں، ہم نے اس مردہ زمین میں بے شمار درخت اور خاص طور پر کثیر المنافع کھجوروں اور انگوروں کے باغ پیدا کیے ہیں، اور ہم اپنی عظیم حکمت و قدرت سے زمین کے اندر سے بعض جگہ چشمے اور نہریں رواں کر دیتے ہیں جن کا پانی ان کے باغوں، کھیتوں کو سیراب کر کے سرسبز و شاداب کرتا ہے، تاکہ یہ اس کے میٹھے پانی سے پیدا ہونے والے غلہ جات اور پھل کھائیں، کھیتوں اور باغات سے نفع حاصل کریں، یہ سب کچھ تو اللہ احکم الحاکمین اور خیر الرازقین کی قدرت سے پیدا ہو رہے ہیں، اللہ کے سوا کسی کو یہ قدرت نہیں کہ وہ ان چیزوں کو تخلیق کر سکے، اور ان میں تمہاری کوئی صنعت کاری ہے نہ ان کی کسی کاری کا عمل دخل، تو پھر جس ہستی نے تمہاری زندگی کے سروسامان کے لیے یہ سب کچھ تخلیق کیا ہے تم لوگ اس کی بے شمار نعمتوں کا شکر کیوں ادا نہیں کرتے؟ جو قادر مطلق یہ سب کچھ پیدا کر سکتا ہے کیا وہ مردوں کو دوبارہ زندہ کرنے پر قادر نہیں؟ کیوں نہیں، وہ ہر چیز پر قادر ہے، تو بغض و عناد اور تعصب سے بالاتر ہو کر سوچو تم اپنے رب کی عطا کی ہوئی ان گنت نعمتیں کھا کر دوسروں کا شکر کیوں ادا کرتے ہو؟ اپنے مالک حقیقی کے حضور پیشانی جھکانے کے بجائے جھوٹے معبودوں کے آگے کیوں سجدہ ریز ہوتے ہو جو ایک تنکا بھی پیدا کرنے کی قدرت نہیں رکھتے۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ

وہ پاک ذات ہے جس نے ہر چیز کے جوڑے پیدا کیے خواہ وہ زمین کی اگائی ہوئی چیزیں ہوں، خواہ خود ان کے نفوس ہوں

وَ مِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ ۝۳۶ وَ اٰیَةٌ لَّهُمُ الَّیْلُ ۚۖ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ

خواہ وہ (چیزیں) ہوں جنہیں یہ جانتے بھی نہیں، اور ان کے لیے ایک نشانی رات ہے، جس سے ہم دن کو کھینچ دیتے ہیں تو یکایک

فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ۝۳۷ وَ الشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ؕ ۝۳۸

اندھیرے میں رہ جاتے ہیں، اور سورج کے لیے جو مقرر راہ ہے وہ اسی پر چلتا رہتا ہے، یہ ہے مقرر کردہ غالب، باعلم اللہ تعالیٰ کا

وَ الْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ ۝۳۹ لَا الشَّمْسُ یَنْۢبَغِیْ لَهَاۤ

اور چاند کی منزلیں مقرر کر رکھی ہیں یہاں تک کہ وہ لوٹ کر پرانی ٹہنی کی طرح ہو جاتا ہے، نہ آفتاب کی یہ مجال ہے کہ

اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾ (یٰسین۳۶ تا ۴۰)

،چاند کو پکڑے اور نہ رات دن پر آگے بڑھ جانے والی ہے،اور سب کے سب آسمان میں تیرتے پھرتے ہیں۔

گردش شمس وقمر:

وہ ہستی ہر نقص سے پاک ہے جس نے نوع انسانی، زمین کی پیداوار، پانی میں رہنے والی تمام مخلوقات اور ان تمام مخلوقات کے جوڑے (نر اور مادہ) بنائے ہیں جن کو انسان جانتے تک نہیں ہیں، جیسے فرمایا

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۹﴾ [1]

ترجمہ:اور ہر چیز کے ہم نے جوڑے بنائے ہیں شاید کہ تم اس سے سبق لو۔

اللہ تعالیٰ کے وجود، اس کی یکتائی، اس کی قدرت کاملہ اور مشیت کے نفاذ کی ایک روشن دلیل یہ رات ہے جس سے ہم دن کو کھینچ دیتے ہیں تو وہ اندھیروں میں ڈوب جاتے ہیں، پھر ہم سورج کو طلوع ہونے کا حکم دیتے ہیں تو دن کا اجالا پھیل جاتا ہے، اس طرح رات اور دن برابر ایک دوسرے کے پیچھے چلے آرہے ہیں، جیسے فرمایا:

۔۔۔يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا۔۔۔ ﴿۵۴﴾ [2]

ترجمہ: جو رات کو دن پر ڈھانک دیتا ہے اور پھر دن رات کے پیچھے دوڑا چلا آتا ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۶۱﴾ [3]

ترجمہ:وہ اس لیے کہ اللہ رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل کیا کرتا ہے اور بیشک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔

مشرکین چاند و سورج اور دوسرے ستاروں کی بھی پرستش کرتے ہیں ان کو فرمایا کہ یہ چمکتا دمکتا ہوا سورج بھی الٰہ نہیں بلکہ اللہ ہی کی ایک مخلوق ہے جو ساکن نہیں بلکہ اپنے رب کے حکم سے دائمی طور پر بیس کلومیٹر فی سکینڈ کے حساب سے اپنے مستقر کی طرف رواں دواں ہے اور اس کی منزل عرش کے نیچے ہے،

عَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِأَبِي ذَرٍّ حِينَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ:أَتَدْرِي أَيْنَ تَذْهَبُ؟، قُلْتُ: اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ:فَإِنَّهَا تَذْهَبُ حَتَّى تَسْجُدَ تَحْتَ العَرْشِ، فَتَسْتَأْذِنَ فَيُؤْذَنُ لَهَا وَيُوشِكُ أَنْ تَسْجُدَ، فَلاَ يُقْبَلَ مِنْهَا، وَتَسْتَأْذِنَ فَلاَ يُؤْذَنَ لَهَا يُقَالُ لَهَا: ارْجِعِي مِنْ حَيْثُ جِئْتِ، فَتَطْلُعُ مِنْ مَغْرِبِهَا، فَذَلِكَ قَوْلُهُ تَعَالَى: {وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا ذَلِكَ تَقْدِيرُ العَزِيزِ العَلِيمِ} [4]

ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جب سورج غروب ہوا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تمہیں معلوم ہے کہ سورج کہاں جاتا ہے؟ میں نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورج جاتا ہے اور عرش کے نیچے جا کر سجدہ ریز ہو جاتا ہے اور وہاں سے

[1] الذاریات۴۹

[2] الاعراف۵۴

[3] الحج۶۱

[4] یس: ۳۸

طلوع ہونے کی اجازت طلب کرتا ہے، پھر اسے (طلوع ہونے کا) حکم دیا جاتا ہے اور عنقریب وہ وقت آئے گا کہ یہ (جاکر) سجدہ کرے گا تو وہ مقبول نہ ہو گا اور (طلوع ہونے کی) اجازت چاہے گا تو اجازت نہ ملے گی بلکہ اسے حکم ہو گا کہ جہاں سے آیا ہے وہیں واپس چلا جا اس وقت یہ مغرب سے طلوع ہو گا اور یہی اس آیت کریمہ کا مطلب ہے'' اور آفتاب اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا رہتا ہے یہ اندازہ باندھا ہوا ہے اس کا جو زبردست ہے علم والا ہے۔''[۱]

عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِهِ تَعَالَى :وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا، قَالَ:مُسْتَقَرُّهَا تَحْتَ العَرْشِ

ابو ذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ارشاد باری تعالیٰ ''اور سورج کے لئے جو مقررہ راہ ہے وہ اسی پر چلتا رہتا ہے۔'' کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا اس کا مستقر عرش کے نیچے ہے۔[۲]

سورج و چاند اور ستاروں کی گردشوں کا یہ بے داغ نظام ایک زبردست علیم ہستی نے قائم کیا ہے، اور اس نے اپنی حکمت کاملہ سے چاند کی بھی ۲۸ منزلیں مقرر کر دی ہیں، وہ روزانہ ایک منزل طے کرتا ہے اور بڑھتا ہوا بدر کامل بن جاتا ہے پھر گھٹتا ہوا جب آخری منزل پر پہنچتا ہے تو کھجور کی سوکھی ٹہنی کے مانند نظر آتا ہے، جب سے اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات تخلیق فرمائی ہے چاند کا یہ حساب پوری باقاعدگی کے ساتھ چل رہا ہے اور اس کی مقررہ منزلوں میں کبھی کوئی فرق نہیں آیا، چاند کی انہی گردشوں سے انسان مہینوں، سالوں اور اپنی عبادت کے اوقات متعین کرتے ہیں، جیسے فرمایا:

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ۭ قُلْ ھِىَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ... ١٨٩ [۳]

ترجمہ: اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! لوگ تم سے چاند کی گھٹتی بڑھتی صورتوں کے متعلق پوچھتے ہیں کہو یہ لوگوں کے لیے تاریخوں کی تعیین کی اور حج کی علامتیں ہیں۔

ھُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاۗءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ... ۵ [۴]

ترجمہ: وہی ہے جس نے سورج کو اجیالا بنایا اور چاند کو چمک دی کہ گھٹنے بڑھنے کی منزلیں ٹھیک ٹھیک مقرر کر دیں تاکہ تم اس سے برسوں اور تاریخوں کے حساب معلوم کرو۔

وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا

[۱] صحیح بخاری کتاب بدء الخلق بَابُ صِفَةِ الشَّمْسِ وَالقَمَرِ بِحُسْبَانٍ ۳۱۹۹ ، وکتاب التفسیر سورہ یٰسین بَابُ وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا ذَلِكَ تَقْدِيرُ العَزِيزِ العَلِيمِ ۴۸۰۲ ، صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ بَيَانِ الزَّمَنِ الَّذِي لَا يُقْبَلُ فِيهِ الْإِيمَانُ ۳۹۹، مسند احمد ۲۱۳۵۲

[۲] صحیح بخاری کتاب التفسیر سورہ یٰسین بَابُ وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا ذَلِكَ تَقْدِيرُ العَزِيزِ العَلِيمِ ۴۸۰۳

[۳] البقرۃ ۱۸۹

[۴] یونس ۵

عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ... ⑫ [1]

ترجمہ: دیکھو ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا ہے، رات کی نشانی کو ہم نے بے نور بنایا اور دن کی نشانی کو روشن کر دیا تا کہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کر سکو اور ماہ و سال کا حساب معلوم کر سکو۔

مدبر کائنات کے وجود کی یہ ایک بڑی دلیل ہے کہ نہ سورج کے بس میں یہ ہے کہ وہ چاند کو اپنی طرف کھینچ لے یا خود اس کے مدار میں داخل ہو کر اس سے جا ٹکرائے اور نہ رات کے بس میں ہے کہ وہ دن سے پہلے آجائے بلکہ یہ بھی ایک نظام میں بندھے ہوئے ہیں اور ایک دوسرے کے پیچھے آتے ہیں، جیسے فرمایا:

...يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا... ﴿۵۴﴾ [2]

ترجمہ: جو رات کو دن پر ڈھانک دیتا ہے اور پھر دن رات کے پیچھے دوڑا چلا آتا ہے۔

چاند ہو یا سورج یا پورا نظام شمسی سب دائمی طور پر اپنے اپنے مدار میں مقررہ رفتار سے تیر رہے ہیں اور ان کا باہمی ٹکراؤ نہیں ہوتا،

عَنْ قَتَادَةَ، {لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ} لِكُلٍّ مِنْهُمَا حَدٌّ لَا يَعْدُوهُ وَلَا يَقْصِرُ دُونَهُ، إِذَا جَاءَ سُلْطَانُ هَذَا ذَهَبَ هَذَا وَإِذَا ذَهَبَ سُلْطَانُ هَذَا جَاءَ سُلْطَانُ هَذَا

قتادہ رحمہ اللہ آیت کریمہ لَا الشَّمْسُ يَنْبَغِي لَهَا أَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا اللَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ کے بارے میں کہتے ہیں ان میں سے ہر ایک کی حد مقرر ہے جس سے وہ نہ تجاوز کر سکتا ہے اور نہ اس سے پیچھے رہ سکتا ہے، جب ایک کی بادشاہی کا وقت آتا ہے تو دوسرا چلا جاتا ہے اور جب دوسرے کی بادشاہی کا وقت چلا جاتا ہے تو پہلا آجاتا ہے۔ [3]

خالق کائنات نے یہ سائنسی نقطہ اس وقت بیان فرمایا جب زمین کو چپٹا سمجھا جاتا تھا، اس کے گول ہونے یا اس کے سیارہ ہونے یا اس کی حرکت کا کوئی تصور نہیں پایا جاتا تھا، قرآن کریم نے سورج، چاند اور زمین سب کو سیارگان قرار دیا اور کہا کہ ہر ایک کا اپنا اپنا فلک ہے اور ہر ایک کا اپنا اپنا مدار ہے اور یہ مقررہ رفتار سے تیر رہے ہیں۔

وَ اٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَ خَلَقْنَا لَهُمْ

اور ان کے لیے ایک نشانی (یہ بھی) ہے کہ ہم نے ان کی نسل کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا اور ان کے لیے اسی جیسی اور

مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَ اِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَ لَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾

چیزیں پیدا کیں جن پر یہ سوار ہوتے ہیں، اور اگر ہم چاہتے تو انہیں ڈبو دیتے پھر نہ تو کوئی ان کا فریاد رس ہوتا نہ بچائے جائیں،

اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَ مَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۴۴﴾ (یٰسین ۴۱ تا ۴۴)

لیکن ہم اپنی طرف سے رحمت کرتے ہیں اور ایک مدت تک کے لیے انہیں فائدے دے رہے ہیں۔

[1] بنی اسرائیل ۱۲
[2] الاعراف ۵۴
[3] تفسیر طبری ۵۲۰/۲۰

سمندر کی تسخیر:

اللہ نے اپنے احسان کا تذکرہ فرمایا کہ ہم نے ہی ان وسیع وعریض گہرے سمندروں کو تمہارے لیے مسخر کر دیا ہے اور ہم نے ہی بندوں کو کشتی کی نعمت اور اس کی تعلیم سے نوازا ہے تا کہ وہ مسافروں کے ساتھ ساتھ بھاری سامان کی ترسیل کر سکیں، ہم نے بحری جہازوں کے علاوہ خشکی میں سفر کرنے کے لیے دوسری چیزیں مثلاً ہوائی جہاز، ریل گاڑیاں، بسیں، کاریں اور دیگر نقل وحمل کی اشیا بھی پیدا کیں ہیں جن پر یہ سوار ہوتے ہیں، مگر ہم جب چاہیں ان کو سمندروں میں غرق کر دیں یا خشکی میں تباہ وبرباد کر دیں، پھر مشکلات وآزمائش کی اس کٹھن گھڑی میں اللہ کے سوا تمہارے معبود نہ تو تمہاری درد بھری التجائیں سن سکیں گے اور نہ ہی تمہارے کسی کام نہ آ سکیں گے، خشکی وتری کے یہ سفر تم صرف اللہ کی رحمت اور لطف وکرم سے ہی طے کر رہے ہوتا کہ اللہ نے تمہیں زندگی کی جو سانسیں عطا فرمائی ہوئی ہیں انہیں پورا کرو اور جو رزق عنایت کیا ہوا ہے اسے کھاؤ، اور جو چیزیں تمہاری خدمت کے لئے مسخر کر دی گئیں ہیں ان سے فائدہ اٹھاؤ۔

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَ مَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَ مَا تَاْتِيْهِمْ

اور ان سے جب (کبھی) کہا جاتا ہے کہ اگلے پچھلے (گناہوں) سے بچو تا کہ تم پر رحم کیا جائے، اور ان کے پاس تو ان کے

مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ

رب کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی ایسی نہیں آتی جس سے یہ بے رخی نہ برتتے ہوں، اور ان سے جب کہا جاتا ہے کہ

اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنُطْعِمُ

اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے میں سے کچھ خرچ کرو تو یہ کفار ایمان والوں کو جواب دیتے ہیں کہ ہم انہیں کیوں کھلائیں؟

مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗۤ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۷﴾ (یٰسین ۴۵ تا ۴۷)

جنہیں اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو خود کھلا پلا دیتا، تم تو ہو ہی کھلی گمراہی میں۔

کفار کا تکبر وعناد:

جب ان لوگوں کو نصیحت کی جاتی ہے کہ اللہ اور اس کے رسول اور منزل کتاب پر ایمان لاؤ، اللہ سے اپنے گناہوں کی توبہ مانگو اور اعمال صالحہ اختیار کر کے برزخ، قیامت کے احوال اور دنیاوی سزاؤں سے بچنے کی تگ ودو کرو تا کہ اللہ تم پر رحم فرمائے اور تمہیں عذابوں سے بچالے ، مگر ان کی سرکشی اور نادانی کی انتہا یہ ہے کہ اس نصیحت کو سنی ان سنی کر جاتے ہیں جس میں خود ان کا ہی فائدہ ہے، اور جب ان کے سامنے اللہ کی وحدانیت، رسول اللہ ﷺ کی رسالت کی دلیل اور گزشتہ تباہ شدہ اقوام کا کوئی عبرت ناک واقعہ بیان کیا جاتا ہے تو اس پر غور وفکر کرنے اور عبرت حاصل کرنے کے بجائے اعراض کرتے ہیں، رزق اللہ ہی عطا فرماتا ہے اگر اللہ چاہتا تو اپنے خزانوں کو تمام انسانوں میں برابر برابر تقسیم کر سکتا تھا اور اس کے خزانوں میں قطعاً کوئی کمی واقع نہ ہوتی مگر یہ اس کی حکمت ومصلحت ہے کہ کسی کو اس نے زیادہ عطا فرمایا ہوا ہے اور کسی کو کم، جس کو زیادہ عنایت فرمایا ہے اس پر ذمہ داریاں بھی زیادہ ہیں ان کو روز آخرت اس دولت کا حساب بھی دینا ہو گا کہ اللہ کے عطا کردہ

فضل کو کس راہ پر خرچ کیا گیا تھا،اگر اللہ کی راہ میں خرچ کیا گیا ہو گا تو اللہ کے وعدے کے مطابق کئی گنا بڑھ کر مل جائے گا اور اگر بے جا اصراف اور نمود و نمائش پر خرچ کیا ہو گا تو اس کا بھی حساب دینا ہو گا،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَدْخُلُ الْفُقَرَاءُ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْأَغْنِيَاءِ بِخَمْسِمِائَةِ عَامٍ نِصْفَ يَوْمٍ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مفلس جنت میں اغناء سے آدھا دن پیشتر داخل ہوں گے (امراء تو اپنا حساب دے رہے ہوں گے) اور وہ پانچ سو برس کا دن ہے۔[1]

چنانچہ جب مشرکین کو نصیحت کی جاتی کہ اللہ کے عنایت فرمائے گئے رزق سے اللہ کی رضا و خوشنودی حاصل کے لئے اپنے اعزاء و اقارب میں سے غریبوں، یتیموں اور بے کسوں پر بھی کچھ خرچ کر دیا کرو تا کہ روز آخرت کچھ زاد راہ کے کام آئے تو حق کی مخالفت اور اپنی فطری بخل سے اس کا الٹا جواب دیتے کہ ہم اپنے مال کیوں ان محتاجوں، ضرورت مندوں کے نان و نفقہ پر خرچ کریں، انہیں کیوں کھلائیں پلائیں اگر اللہ خود ان کی بہتری چاہتا تو خود ہی ان کے رزق میں اضافہ کر دیتا ہم ان کو دے کر اللہ کی مشیت کی خلاف ورزی کیوں کریں، کیا تم لوگ بالکل ہی سٹک گئے ہو کہ اتنی سی بات بھی تم لوگوں کی سمجھ میں نہیں آتی، حقیقت یہ ہے کہ یہ بیوقوف نظام دنیا کے بارے میں اتنی سے بات نہیں سمجھتے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ دنیا کھانے پینے کے لیے بنائی ہے نہ کھلانے پلانے کے لیے، یہ رنگ برنگی دنیا تو ایک امتحان گاہ ہے، یہاں کچھ لوگوں کو بھوکا رکھ کر اور کسی کو کھلا پلا کر آزمایا جا رہا ہے۔

وَ يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً

وہ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب ہو گا سچے ہو تو بتلاؤ؟ انہیں صرف ایک چیخ کا انتظار ہے جو انہیں آپکڑے گی

وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَ هُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً

اور یہ باہم لڑائی جھگڑے میں ہی ہوں گے ، اس وقت نہ تو یہ وصیت کرسکیں گے

وَّ لَاۤ اِلٰۤى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ (یٰسین ۴۸تا۵۰)

اور نہ اپنے اہل کی طرف لوٹ سکیں گے۔

حشر کی منظر کشی:

توحید باری تعالیٰ کے بعد دوسرا بڑا مسئلہ جس پر کفار اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان نزاع برپا تھا وہ آخرت کا مسئلہ تھا، وہ حیات بعد الموت ،اعمال کی جزاو سزا کے عقیدے اور جنت و جہنم کو تسلیم نہیں کرتے تھے، اس لیے محض کج بحثی اور تمسخرانہ انداز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرتے تھے کہ اچھا یہ تو بتلائیں وہ قیامت جس کے بارے میں آپ ہمیں ڈراتے رہتے ہیں کب قائم ہو گی؟ ان کے سوالوں کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے کوئی تاریخ بتلانے کے بجائے عالم آخرت کا ایک عبرتناک نقشہ ان کے سامنے پیش کر کے بتلایا کہ جس قیامت کے متعلق تم بے

---

[1] جامع ترمذی ابواب الزهد بَابُ مَا جَاءَ أَنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِينَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَائِهِمْ ۲۳۵۵ ،مسند احمد ۱۰۶۵۴،شعب الایمان ۹۸۹۷

دھڑک ہو کر سوال کرتے ہو وہ تم سے دور نہیں بلکہ قریب ہے، جیسے فرمایا:

اَللّٰهُ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ۝۱۷ [۱]

ترجمہ: وہ اللہ ہی ہے جس نے حق کے ساتھ یہ کتاب اور میزان نازل کی ہے اور تمہیں کیا خبر شاید کہ فیصلے کی گھڑی قریب ہی آ لگی ہو۔

اِنَّاۤ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۔۔۔ ۝۴۰ [۲]

ترجمہ: ہم نے تم لوگوں کو اس عذاب سے ڈرا دیا ہے جو قریب آ لگا ہے۔

اور اس طرح اچانک وارد ہو گی کہ تمہارے حاشیہ خیال میں بھی یہ تصور نہیں ہو گا کہ دنیا کے خاتمے کی گھڑی آ پہنچی ہے، بس اچانک ایک زوردار آواز بلند ہو گی پھر نہ تم لوگ کوئی وصیت کر سکو گے اور نہ تم میں گھروں کو واپس جانے کی طاقت ہو گی، بس اس آواز کے ساتھ ہی تم وہیں ڈھیر ہو کر رہ جاؤ گے، جیسے فرمایا:

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَاۤ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۷۷ [۳]

ترجمہ: اور زمین و آسمان کے پوشیدہ حقائق کا علم تو اللہ ہی کو ہے اور قیامت کے برپا ہونے کا معاملہ کچھ دیر نہ لے گا مگر بس اتنی کہ جس میں آدمی کی پلک جھپک جائے بلکہ اس سے بھی کچھ کم، حقیقت یہ ہے کہ اللہ سب کچھ کر سکتا ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ،يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:تَقُومُ السَّاعَةُ وَالرَّجُلُ يَحْلُبُ اللِّقْحَةَ، فَمَا يَصِلُ الْإِنَاءُ إِلَى فِيهِ حَتَّى تَقُومَ، وَالرَّجُلَانِ يَتَبَايَعَانِ الثَّوْبَ، فَمَا يَتَبَايَعَانِهِ حَتَّى تَقُومَ، وَالرَّجُلُ يَلِطُ فِي حَوْضِهِ، فَمَا يَصْدُرُ حَتَّى تَقُومَ

ابوہریرہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت قائم ہو جائے گی اور مرد اونٹنی دوہتا ہو گا برتن اس کے منہ تک نہ پہنچے گا کہ قیامت آ جائے گی، اور دو مرد بازار میں خرید و فروخت کر رہے ہوں گے، کپڑے کی خرید و فروخت نہ کر چکے ہوں گے کہ قیامت آ جائے گی، اور کوئی مرد اپنا حوض درست کر رہا ہوں ابھی اس کو درست کر کے واپس نہ آئے گا کہ قیامت آ جائے گی۔ [۴]

وَ نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ۝۵۱ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا

توصور کے پھونکے جاتے ہی سب اپنی قبروں سے اپنے پروردگار کی طرف (تیز تیز) چلنے لگیں گے، کہیں گے ہائے ہائے!

مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ؐ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَ صَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ۝۵۲

ہمیں ہماری خواب گاہوں سے کس نے اٹھا دیا، یہی ہے جس کا وعدہ رحمٰن نے دیا تھا اور رسولوں نے سچ سچ کہہ دیا تھا،

---

[۱] الشوریٰ ۱۷

[۲] النبا ۴۰

[۳] النحل ۷۷

[۴] صحیح مسلم کتاب الفتن بَابُ قُرْبِ السَّاعَةِ ۷۴۱۳ ،مسندابی یعلی ۶۲۷۱

اِنۡ كَانَتۡ اِلَّا صَيۡحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمۡ جَمِيۡعٌ لَّدَيۡنَا مُحۡضَرُوۡنَ ﴿۵۳﴾ فَالۡيَوۡمَ

یہ نہیں ہے مگر ایک چیخ کہ یکا یک سارے کے سارے ہمارے سامنے حاضر کر دیئے جائیں گے، پس آج کسی شخص پر کچھ

لَا تُظۡلَمُ نَفۡسٌ شَيۡــًٔا وَّلَا تُجۡزَوۡنَ اِلَّا مَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۵۴﴾ (یٰسین ۵۱ تا ۵۴)

بھی ظلم نہ کیا جائے گا اور تمہیں انہیں بدلہ دیا جائے گا، مگر صرف ان ہی کاموں کا جو تم کیا کرتے تھے۔

قیامت کا دوسرا نفخہ:

پھر جب اللہ تعالیٰ چاہے گا زمین وآسمان اور ان کے طبعی قوانین کو بدل دے گا، جیسے فرمایا:

يَوۡمَ تُبَدَّلُ الۡاَرۡضُ غَيۡرَ الۡاَرۡضِ وَالسَّمٰوٰتُ... ﴿۴۸﴾ [1]

ترجمہ: ڈراؤ انہیں اس دن سے جب کہ زمین اور آسمان بدل کر کچھ سے کچھ کر دیے جائیں گے۔

اور اللہ اسرافیل علیہ السلام کو صور پھونکنے کا حکم دے گا جس کی آواز کے ساتھ تمام جن وانس اپنے رب کی بارگاہ میں پیش ہونے کے لیے اپنی قبروں سے دنیاوی جسم وجان کے ساتھ زندہ ہو کر کھڑے ہو جائیں گے اور آواز دینے والے کی طرف بھاگے جا رہے ہوں گے، جیسے فرمایا

يَوۡمَ يَخۡرُجُوۡنَ مِنَ الۡاَجۡدَاثِ سِرَاعًا كَاَنَّهُمۡ اِلٰى نُصُبٍ يُّوۡفِضُوۡنَ ﴿۴۳﴾ [2]

ترجمہ: جب یہ اپنی قبروں سے نکل کر اس طرح دوڑے جا رہے ہوں گے جیسے اپنے بتوں کے استھانوں کی طرف دوڑ رہے ہوں۔

اور پھر قبر کے عذاب کی نسبت میدان محشر کے ہول وشدت اور تکلیف ومصیبت کو دیکھ کر حواس باختہ ہو جائیں گے اور حسرت وندامت کا اظہار کرتے ہوئے کہیں گے ہائے ہماری کم بختی! یہ کس نے ہمیں ہماری قبروں میں نیند سے اٹھا کھڑا کیا؟ پھر یا تو انہیں خود حقیقت حال کا ادراک ہو جائے گا یا اہل ایمان یا فرشتے انہیں جواب دیں گے کہ یہ تو وہی چیز ہے جس کا اللہ رحمان نے وعدہ کیا تھا اور جس کی خبر اللہ کے رسول ہمیں دیتے تھے اور ہم اسے جھٹلاتے تھے، جیسے فرمایا:

وَقَالُوۡا يٰوَيۡلَنَا هٰذَا يَوۡمُ الدِّيۡنِ ﴿۲۰﴾ هٰذَا يَوۡمُ الۡفَصۡلِ الَّذِىۡ كُنۡتُمۡ بِهٖ تُكَذِّبُوۡنَ ﴿۲۱﴾ [3]

ترجمہ: اس وقت یہ کہیں گے ہائے ہماری کم بختی! یہ تو یوم الجزا ہے (ارشاد ہو گا ہاں) یہی وہ فیصلے کا دن ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھے۔

ایک ہی زور کی آواز بلند ہو گی اور اولین وآخرین سب ہماری بارگاہ میں پیش کر دیئے جائیں گے، جیسے فرمایا:

فَاِنَّمَا هِىَ زَجۡرَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿۱۳﴾ فَاِذَا هُمۡ بِالسَّاهِرَةِ ﴿۱۴﴾ [4]

ترجمہ: حالانکہ یہ بس اتنا کام ہے کہ ایک زور کی ڈانٹ پڑے گی اور یکا یک یہ کھلے میدان میں موجود ہوں گے۔

---

[1] ابراہیم ۴۸

[2] المعارج ۴۳

[3] الصافات ۲۱،۲۰

[4] النازعات ۱۴،۱۳

...وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ؀ [۱]

ترجمہ:اور قیامت کے برپا ہونے کا معاملہ کچھ دیر نہ لے گا مگر بس اتنی کہ جس میں آدمی کی پلک جھپک جائے بلکہ اس سے بھی کچھ کم، حقیقت یہ ہے کہ اللہ سب کچھ کر سکتا ہے۔

اس دن حقیقی اقتدار صرف رحمٰن کا ہو گا، جیسے فرمایا:

اَلْمُلْكُ يَوْمَىِٕذِ الْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ۭ وَكَانَ يَوْمًا عَلَي الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ؀ [۲]

ترجمہ: اس روز حقیقی بادشاہی صرف رحمان کی ہو گی اور وہ منکرین کے لیے بڑا سخت دن ہو گا۔

اور تمام آوازیں رحمٰن کے آگے دب جائیں گی۔

يَوْمَىِٕذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ؀ [۳]

ترجمہ: اس روز سب لوگ منادی کی پکار پر سیدھے چلے آئیں گے، کوئی ذرا اکڑ نہ دکھا سکے گا اور آوازیں رحمان کے آگے دب جائیں گی، ایک سرسراہٹ کے سوا تم کچھ نہ سنو گے۔

اللہ مالک یوم الدین کفار و مشرکین اور فساق و مجرمین سے فرمائے گا آج نہ تمہاری نیکیوں میں کوئی کمی کی جائے گی نہ تمہاری برائیوں میں کوئی اضافہ کیا جائے گا بلکہ دنیا میں جس خیر و شر کا تم ارتکاب کرتے رہے ہو اس کی تمہیں جزا و سزا دی جائے گی، پس جو بھلائی پائے وہ اپنے رب کی حمد و ثنا بیان کرے اور جسے اس کے علاوہ ملے تو اسے صرف اپنے نفس کو ملامت کرنی چاہیے۔

اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ؀ۚ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ

جنتی لوگ آج کے دن اپنے (دلچسپ) مشغلوں میں ہشاش بشاش ہیں، وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں مسہریوں پر

عَلَي الْاَرَاۗىِٕكِ مُتَّكِـــُٔوْنَ ؀ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ؀ښ

تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے، ان کے لیے جنت میں ہر قسم کے میوے ہوں گے اور بھی جو کچھ وہ طلب کریں،

سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ؀ (یٰسین ۵۵تا۵۸)

مہربان پروردگار کی طرف سے انہیں سلام کہا جائے گا۔

پرہیزگار لوگوں کو بلا حساب یا ہلکا حساب لے کر جلد از جلد جنتوں میں داخل کر دیا جائے گا پھر اللہ مالک یوم الدین مجرموں کو کہے گا جن اہل ایمان اور پرہیزگار لوگوں کا تم حقارت سے مذاق اڑاتے تھے، آنکھوں ہی آنکھوں میں جن کی طرف اشارے کرتے تھے، جیسے فرمایا:

اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ؀ڮ وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ يَتَغَامَزُوْنَ ؀ڮ [۴]

[۱] النحل۷۷

[۲] الفرقان۲۶

[۳] طٰہٰ۱۰۸

[۴] المطففین۳۰،۲۹

ترجمہ: مجرم لوگ دنیا میں ایمان لانے والوں کا مذاق اڑاتے تھے جب ان کے پاس سے گزرتے تو آنکھیں مار مار کر ان کی طرف اشارے کرتے تھے۔

جن کی مفلسی کی بدولت تم قابل التفات ہی نہیں سمجھتے تھے وہ لوگ تو ہماری جنتوں میں ہشاش بشاش اور گوناں گوں نعمتوں اور راحتوں میں مشغول ہیں، وہ اور ان کی خوبصورت چہروں، آنکھوں، بدنوں اور خوبصورت سیرت والی بیویاں شاہانہ شان سے جنت کے گھنے اور ٹھنڈے سایوں والے درختوں کے نیچے خوبصورت چادروں سے مزین مسندوں پر گاؤ تکیوں پر ٹیک لگائے ہوئے کمال راحت اور طمانیت کے ساتھ اللہ کی مہمانداری سے لطف اندوز ہو رہے ہیں، ان کے موتیوں کی طرح خوبصورت نوجوان خدمت گار ان کو ہر قسم کے من پسند میوہ جات اور لذیذ پھل وغیرہ پیش کر رہے ہیں، اور جو کچھ بھی وہ تمنا کریں گے ان کو پیش کر دیا جائے گا، اور تم لوگ دنیا میں اپنے مال واسباب کے غرور میں اپنے آپ کو بڑا زیرک و دانا سمجھتے تھے یہاں کھڑے اپنے جرائم کی جوابدہی کر رہے ہو، اور فرشتے اہل جنت کو رب رحیم کی طرف سے سلام پہنچائیں گے، جیسے فرمایا:

تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚۖ وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾ [1]

ترجمہ: جس روز وہ اس سے ملیں گے ان کا استقبال سلام سے ہوگا اور ان کے لیے اللہ نے بڑا باعزت اجر فراہم کر رکھا ہے۔

وَ امْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا

اے گناہ گارو! آج تم الگ ہو جاؤ، اے اولاد آدم! کیا میں نے تم سے قول قرار نہیں لیا تھا کہ تم شیطان کی عبادت نہ کرنا

الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾ وَّ اَنِ اعْبُدُوْنِيْ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾

وہ تمہارا کھلا دشمن ہے، اور میری عبادت کرنا سیدھی راہ یہی ہے،

وَ لَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ۭ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ

شیطان نے تم میں سے بہت ساری مخلوق کو بہکا دیا کیا تم عقل نہیں رکھتے، یہی وہ دوزخ ہے

الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾ (یٰسین ۵۹ تا ۶۴)

جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا اپنے کفر کا بدلہ پانے کے لیے آج اس میں داخل ہو جاؤ۔

مجرموں کی چھانٹ:

جب سب لوگ میدان حشر میں جمع ہو جائیں گے تو اللہ تعالیٰ اہل توحید اور کفار ومشرکین سے کہیں گے کہ موت کے ساتھ ہی تمہارے سارے دنیاوی رشتے اور تعلقات کاٹ دیئے گئے ہیں، لہذا اب تم میں سے ہر شخص کو تنہا اپنی ذاتی حیثیت میں اپنے اعمال کی جوابدہی کرنی ہوگی اس لیے اب تم دونوں گروہ الگ الگ ہو جاؤ، چنانچہ اہل ایمان اور کفار ومشرکین الگ الگ گروہوں میں بٹ جائیں گے اور ہر ایک گھٹنوں کے بل

[1] الاحزاب ۴۴

گر پڑے گا جیسے فرمایا:

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿۱۴﴾ [۱]

ترجمہ:اور جس دن قیامت برپا ہو گی اس دن (سب انسان) الگ الگ گروہوں میں بٹ جائیں گے۔

۔۔۔يَوْمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ﴿۴۳﴾ [۲]

ترجمہ: اس دن لوگ پھٹ کر ایک دوسرے سے الگ ہو جائیں گے۔

پھر اللہ رب العزت مجرموں کو ڈانٹ کر کہیں گے اے اولاد آدم! کیا ہم نے عہد الست کے وقت تمہیں خبر دار نہیں کر دیا گیا تھا کہ صرف میری عبادت کرنا اور میری مخلوق میں سے کسی کو میرا شریک نہ ٹھہرانا، اور یہ کہ شیطان تمہارا کھلا دشمن ہے، اس کے حکم کی تابعداری نہ کرنا ورنہ وہ تمہیں راہ راست سے بھٹکا دے گا، ہم نے اپنے فضل و کرم سے اس وعدہ الست کی یاد دہانی اور شیطان کے خطرناک واروں سے بچانے کے لئے ہر بستی میں پیغمبر مبعوث فرمائے، تمہاری ہدایت و رہنمائی کے لیے کتابیں نازل کیں، انبیاء و مرسلین نے اپنی اپنی قوموں کو دلائل و براہین سے باور کرایا کہ صرف اللہ وحدہ لاشریک ہی کی عبادت کرو، اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں جو ہر طرح کی طاقت، قوت و اختیار کا مالک ہے، اس نے اپنی مخلوق میں سے کسی کو کوئی قوت، طاقت و اختیار نہیں سونپا، شیطان مردود نے تمہیں صراط مستقیم سے گمراہ کر دیا ہے، حقیقت کو پہچانو اور معبودان باطلہ کی پرستش سے تائب ہو کر اللہ سے مغفرت چاہو، وہ غفور و رحیم ہے اور اپنے بندوں کے گناہوں کو بخش دینا پسند کرتا ہے وہ تمہیں بخش دے گا، مگر تم لوگوں نے میرے عہد کی حفاظت کی نہ میری وصیت پر عمل کیا بلکہ رسولوں کے وعظ و نصیحت اور میری کتابوں کو جھٹلایا اور عقل کو خیر باد کہہ کر شیطان کے اطاعت گزار ساتھی بن کر دعوت حق کا راستہ روکنے کے لیے ان کے مقابل کھڑے ہو گئے، چنانچہ اپنی عہد شکنی، اللہ وحدہ لاشریک سے کفر و شرک اور دوسرے گناہوں کی پاداش میں کے لئے جہنم میں داخل ہو جاؤ، جو باغیوں اور نافرمانوں کی جگہ ہے، جس کی ہولناکی کے بارے میں پیغمبر تمہیں ڈراتے تھے مگر تم لوگ دنیا میں ہی مست رہے اور آخرت کے لئے کوئی تگ و دو نہ کی، عذاب کی شدت سے تم چیخو چلاؤ گے مگر تمہاری چیخ و پکار کو سننے والا اور مدد کرنے والا کوئی نہ ہو گا۔

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَ تُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَ تَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ

ہم آج کے دن ان کے منہ پر مہر لگا دیں گے اور ان کے ہاتھ ہم سے باتیں کریں گے، اور ان کے پاؤں گواہیاں دیں گے

بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَ لَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ

ان کاموں کی جو وہ کرتے تھے، اگر ہم چاہتے تو ان کی آنکھیں بے نور کر دیتے پھر یہ راستے کی طرف دوڑتے پھرتے

فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿۶۶﴾ وَ لَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا

لیکن انہیں کیسے دکھائی دیتا؟ اور اگر ہم چاہتے تو ان کی جگہ ہی پر ان کی صورتیں مسخ کر دیتے پھر وہ چل پھر سکتے

[۱] الروم ۱۴

[۲] الروم ۴۳

وَّ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾ (یٰسین۶۵تا۶۸)

اور نہ لوٹ سکتے، اور جسے ہم بوڑھا کرتے ہیں اسے پیدائشی حالت کی طرف پھر الٹ دیتے ہیں کیا پھر بھی وہ نہیں سمجھتے۔

اعضاء کی گواہی:

جب مجرم غیض وغضب سے پھٹتی جہنم کو اپنے سامنے دیکھیں گے جس میں داخل ہونے کا حکم دیا گیا تھا تو کانپ جائیں گے، خوف سے ان کی آنکھیں نیلی پڑ جائیں گی، اس لئے جہنم سے بچنے کے لئے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی عدالت میں قسمیں کھا کر اپنے جرائم کا اقبال کرنے سے انکار کر دیں گے، انبیاء، فرشتوں اور صالح انسانوں کی گواہی کو جھٹلائیں گے، کراماً کاتبین کے تیار کردہ نامہ اعمال کی صحت تسلیم نہیں کریں گے، اللہ تعالیٰ فرمائے گا تم نے عذاب جہنم سے بچنے کے لئے کراماً کاتبین کے تیار کردہ نامہ اعمال اور گواہوں کو جھٹلا دیا تو اب ہم تمہارے اعضاء سے ہی تمہارے اعمال کی گواہی لے لیتے ہیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ ان کے مونہوں پر مہر لگا دے گا جس سے وہ کفر وتکذیب پر مبنی اپنے اعمال کا انکار کرنے پر قادر نہیں ہوں گے، پھر اللہ تعالیٰ ان کے اعضائے انسانی کو قوت گویائی عطا فرما دے گا اور اللہ کے حکم سے ان کے ہاتھ پاؤں، آنکھیں، کان، زبان، ہونٹ اور جسم کی کھال تک سچ سچ گواہی دے گی کہ اس ظالم شخص نے تیری مرضی کے خلاف ہمیں کہاں کہاں استعمال کیا تھا، جیسے فرمایا:

تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٤﴾ [1]

ترجمہ: وہ اس دن کو بھول نہ جائیں جبکہ ان کی اپنی زبانیں اور ان کے اپنے ہاتھ پاؤں ان کے کرتوتوں کی گواہی دیں گے۔

حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٠﴾ [2]

ترجمہ: پھر جب سب وہاں پہنچ جائیں گے تو ان کے کان اور ان کی آنکھیں اور ان کے جسم کی کھالیں ان پر گواہی دیں گی کہ وہ دنیا میں کیا کچھ کرتے رہے ہیں۔

پھر ان کی زبان کھول دی جائے گی تو یہ اپنے بدن کی کھالوں سے کہیں گے۔

وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ... ﴿٢١﴾ [3]

ترجمہ: وہ اپنے جسم کی کھالوں سے کہیں گے تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی۔

ان کے اعضاء جواب دیں گے،

قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٢١﴾ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا

---

[1] النور۲۴

[2] حم السجدۃ۲۰

[3] حم السجدۃ۲۱

تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۲﴾ وَذٰلِكُمۡ ظَنُّكُمُ الَّذِيۡ ظَنَنۡتُمۡ بِرَبِّكُمۡ اَرۡدٰىكُمۡ فَاَصۡبَحۡتُمۡ مِّنَ الۡخٰسِرِيۡنَ ﴿۲۳﴾ [1]

ترجمہ: وہ جواب دیں گی ہمیں اسی اللہ نے گویائی دی ہے جس نے ہر چیز کو گویا کر دیا ہے، اسی نے تم کو پہلی مرتبہ پیدا کیا تھا اور اب اسی کی طرف تم واپس لائے جا رہے ہو، تم دنیا میں جرائم کرتے وقت جب چھپتے تھے تو تمہیں یہ خیال نہ تھا کہ کبھی تمہارے اپنے کان اور تمہاری آنکھیں اور تمہارے جسم کی کھالیں تم پر گواہی دیں گی بلکہ تم نے تو یہ سمجھا تھا کہ تمہارے بہت سے اعمال کی اللہ کو بھی خبر نہیں ہے، تمہارا یہی گمان جو تم نے اپنے رب کے ساتھ کیا تھا تمہیں لے ڈوبا اور اسی کی بدولت تم خسارے میں پڑ گئے۔

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَحِكَ، فَقَالَ: هَلْ تَدْرُونَ مِمَّ أَضْحَكُ؟ قَالَ قُلْنَا: اللهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: مِنْ مُخَاطَبَةِ الْعَبْدِ رَبَّهُ، يَقُولُ: يَا رَبِّ أَلَمْ تُجِرْنِي مِنَ الظُّلْمِ؟ قَالَ: يَقُولُ: بَلَى، قَالَ: فَيَقُولُ: فَإِنِّي لَا أُجِيزُ عَلَى نَفْسِي إِلَّا شَاهِدًا مِنِّي، قَالَ: فَيَقُولُ: كَفَى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ شَهِيدًا، وَبِالْكِرَامِ الْكَاتِبِينَ شُهُودًا، قَالَ: فَيُخْتَمُ عَلَى فِيهِ، فَيُقَالُ لِأَرْكَانِهِ: انْطِقِي، قَالَ: فَتَنْطِقُ بِأَعْمَالِهِ، قَالَ: ثُمَّ يُخَلَّى بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْكَلَامِ، قَالَ فَيَقُولُ: بُعْدًا لَكُنَّ وَسُحْقًا، فَعَنْكُنَّ كُنْتُ أُنَاضِلُ

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے کہ اتنے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہنسے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم جانتے ہو میں کس واسطے ہنسا؟ ہم نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول خوب جانتا ہے میں بندے کی گفتگو پر ہنستا ہوں جو وہ اپنے مالک سے کرے گا بندہ کہے گا اے میرے مالک! کیا تو مجھ کو ظلم سے پناہ نہیں دے چکا ہے (یعنی تو نے وعدہ کیا ہے کہ ظلم نہ کروں گا) اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہاں، فرمایا پھر بندہ کہے گا کہ میں سوائے اپنی ذات کی گواہی کے کسی کی گواہی کو اپنے اوپر جائز نہیں رکھتا، پروردگار فرمائے گا اچھا تیری ذات کی گواہی تجھ پر آج کے دن کفایت کرتی ہے اور کراما کاتبین کی گواہی، فرمایا پھر بندہ کے منہ پر مہر لگ جائے گی اور اس کے ہاتھ پاؤں سے کہا جائے گا تم بولو، وہ اس کے سارے اعمال بول دیں گے پھر بندہ کو بات کرنے کی اجازت دی جائیگی، بندہ اپنے ہاتھ پاؤں سے کہے گا چلو دور ہو جاؤ، اللہ کی مار تم پر میں تو تمہارے ہی فائدے کے لیے جھگڑا کر رہا تھا۔ [2]

ہم چاہیں تو ایک اشارے سے ان کی بینائی سلب کر لیں پھر یہ راستے کی طرف بڑھیں تو اس تک پہنچ نہیں پائیں گے لیکن یہ ہمارا حلم و کرم ہے کہ ہم نے ایسا نہیں کیا، ہم چاہیں تو ایک اشارے سے انہیں ان کے مکانوں ہی پر ان کی صورتیں بدل دیں، یعنی ہم ان کی حرکت سلب کر لیں تو پھر یہ نہ آگے چل سکیں گے نہ پیچھے پلٹ سکیں گے بلکہ پتھر کے ایک بے جان بت کی طرح ایک جگہ پڑے رہیں گے، جس شخص کو ہم لمبی عمر دیتے ہیں اس کے قویٰ اور عقل میں ضعف پیدا ہو جاتا ہے حتی کہ وہ چلنے پھرنے سے معذور ہو جاتا ہے اور اس کی سمجھ بوجھ ایک بچے کی طرح ہو جاتی ہے، اور وہ ناسمجھی کی باتیں کرنے لگتا ہے، جیسے فرمایا:

...وَمِنۡكُمۡ مَّنۡ يُّتَوَفّٰى وَمِنۡكُمۡ مَّنۡ يُّرَدُّ اِلٰۤى اَرۡذَلِ الۡعُمُرِ لِكَيۡلَا يَعۡلَمَ مِنۡۢ بَعۡدِ عِلۡمٍ شَيۡـئًا... ﴿۵﴾ [3]

[1] حم السجدۃ ۲۱ تا ۲۳

[2] صحیح مسلم كِتَابُ الزُّهْدِ وَالرَّقَائِقِ باب الدنیا سجن لمومن وجنة للکافر ۷۴۳۹، صحیح ابن حبان ۷۳۵۸، شعب الایمان ۲۶۱، السنن الکبریٰ للنسائی ۱۱۵۸۹

[3] الحج ۵

ترجمہ: اور تم میں سے کوئی بدترین عمر کی طرف پھیر دیا جاتا ہے تاکہ سب کچھ جاننے کے بعد پھر کچھ نہ جانے۔

پھر غور و تدبر کرو جو اللہ ایک پانی کے ایک حقیر قطرے سے بچے کو پیدا کر سکتا ہے، جو بہت ناتواں ہوتا ہے، پھر وقت کے ساتھ ساتھ اللہ اسے نشو نما دے کر ایک طاقت ور جوان بنا دیتا ہے، پھر جوانی سے انتہائی بوڑھا کر دیتا ہے حتیٰ کہ اس کی گفتگو میں بھی بچپنا جھلکتا ہے، ایسی عمر جب انسان معذور ہو جائے، اس کی قویٰ مختل ہو جائیں، عقل جاتی رہے، نہ کسی کو ٹھیک طرح سے پہچان سکے، نہ کسی کے ساتھ ٹھیک طرح بات کر سکے، کھانے، پینے، چلنے پھرنے، حتیٰ کہ رفع حاجت تک میں محتاج ہو جائے، کیا اس عظیم الشان کائنات کا خالق انسانوں کو دوبارہ پیدا کرنے پر قادر نہیں ہو سکتا؟

وَ مَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَ مَا یَنْۢبَغِیْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّ قُرْاٰنٌ مُّبِیْنٌ ﴿۶۹﴾

نہ تو ہم نے اس پیغمبر کو شعر سکھائے اور نہ یہ اس کے لائق ہے، وہ تو صرف نصیحت اور واضح قرآن ہے

لِّیُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَیًّا وَّ یَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِیْنَ ﴿۷۰﴾ (یٰسین ۶۹،۷۰)

تاکہ وہ ہر شخص کو آگاہ کر دے جو زندہ ہے اور کافروں پر حجت ثابت ہو جائے۔

مشرکین مکہ رسول اللہ ﷺ کی تبلیغ کو بے وزن ٹھہرانے کے لیے مختلف قسم کے بہتان لگاتے رہتے تھے، ان میں ایک بہتان یہ بھی تھا کہ آپ شاعر ہیں اور یہ قرآن اللہ تعالیٰ کا نازل کردہ کلام نہیں بلکہ آپ کی شاعرانہ تک بندی ہے، جیسے فرمایا:

بَلْ قَالُوْۤا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍۭ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚۖ فَلْیَاْتِنَا بِاٰیَةٍ كَمَاۤ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿۵﴾ [1]

ترجمہ: وہ کہتے ہیں بلکہ یہ پراگندہ خواب ہیں بلکہ یہ اس کی من گھڑت ہے بلکہ یہ شخص شاعر ہے ورنہ یہ لائے کوئی نشانی جس طرح پرانے زمانے کے رسول نشانیوں کے ساتھ بھیجے گئے تھے۔

اَمْ یَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَیْبَ الْمَنُوْنِ ﴿۳۰﴾ [2]

ترجمہ: کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ شخص شاعر ہے جس کے حق میں ہم گردش ایام کا انتظار کر رہے ہیں؟۔

اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو شاعری سے منزہ قرار دیا اور مشرکین کو سمجھایا کہ محمد رسول اللہ ﷺ تمہیں توحید و آخرت، حیات بعد از موت، میدان محشر کے احوال اور جزا و سزا کے لئے نعمتوں بھری جنت و ہولناک جہنم کی جو باتیں تمہیں سمجھاتے ہیں وہ شعر و شاعری نہیں اور نہ ہی اللہ کے پیغمبروں کو شعر و شاعری زیب دیتی ہے، بلکہ یہ اللہ کی طرف سے تمہاری رشد و ہدایت کے لئے منزل کتاب ہے، جیسے فرمایا:

لَّا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَ لَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَكِیْمٍ حَمِیْدٍ ﴿۴۲﴾ [3]

ترجمہ: باطل نہ سامنے سے اس پر آسکتا ہے نہ پیچھے سے، یہ ایک حکیم و حمید کی نازل کردہ چیز ہے۔

---

[1] الانبیاء۵

[2] الطور۳۰

[3] حم السجدة۴۲

تا کہ وہ اس کے ذریعے سے ہر سوچنے سمجھنے والے شخص کو آخرت کے حالات سے خبردار کر دے، جیسے فرمایا:

۔۔۔وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ۔۔۔ ﴿۱۹﴾ [1]

ترجمہ: اور یہ قرآن میری طرف بذریعہ وحی بھیجا گیا ہے تا کہ تمہیں اور جس کو یہ پہنچے سب کو متنبہ کر دوں۔

اور جو اللہ کی دوسری کتابوں کی طرح اس کتاب کو اللہ کی منزل کتاب تسلیم نہ کرے وہ جہنمی ہے۔

۔۔۔وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ۔۔۔ ﴿۱۷﴾ [2]

ترجمہ: اور انسانی گروہوں میں سے جو کوئی اس کا انکار کرے تو اس کے لیے جس جگہ کا وعدہ ہے وہ دوزخ ہے۔

تا کہ عقل وبصیرت رکھنے والے لوگ اس پاکیزہ کلام کے دلائل وبراہین میں غور وفکر کریں اور طاغوتی راستہ چھوڑ کر اپنی آخرت کی دائمی زندگی کی فکر کریں، اور ان لوگوں پر اتمام حجت قائم ہو جائے جن کو خواہ کتنی ہی معقولیت اور دردمندی سے دعوت حق پیش کی جائے وہ اپنے بغض وعناد، تکبر وغرور میں حقائق کو تسلیم نہیں کرتے، تا کہ روز آخرت وہ یہ عذر نہ کر سکیں کہ ہمارے پاس ہمیں ڈرانے اور خوشخبری دینے والا کوئی نہیں بھیجا گیا تھا۔

اَوَ لَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ

کیا وہ نہیں دیکھتے ہم نے اپنے ہاتھوں بنائی ہوئی چیزوں میں سے ان کے لیے چوپائے (بھی) پیدا کئے جن کے کہ یہ

لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَ ذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَ مِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿۷۲﴾

مالک ہو گئے ہیں اور ان مویشیوں کو ہم نے ان کے تابع فرمان کر دیا ہے جن میں سے بعض تو ان کی سواریاں ہیں اور بعض کا گوشت

وَ لَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَ مَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾

کھاتے ہیں، انہیں ان میں سے اور بھی بہت سے فائدے ہیں، اور پینے کی چیزیں، کیا پھر (بھی) یہ شکر ادا نہیں کریں گے؟

وَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۷۴﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ

اور وہ اللہ کے سوا دوسروں کو معبود بناتے ہیں تا کہ وہ مدد کئے جائیں، (حالانکہ) ان میں ان کی مدد کی طاقت ہی نہیں،

وَ هُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ

(لیکن) پھر بھی (مشرکین) ان کے لیے حاضر باش لشکری ہیں، پس آپ کو ان کی بات غمناک نہ کرے ہم ان کی پوشیدہ

وَ مَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۶﴾ (یٰسین ۷۱ تا ۷۶)

اور اعلانیہ سب باتوں کو (بخوبی) جانتے ہیں۔

[1] الانعام ۱۹

[2] ھود ۱۷

مویشیوں کے فوائد:

اور اللہ نے دوسری مخلوقات کے علاوہ پالتو مویشی پیدا فرمائے اور انہیں انسانوں کے لئے مسخر فرما دیا ہے جن سے تم لوگ خوش ذائقہ، حیات بخش دودھ حاصل کرتے ہو، ان کا گوشت کھاتے ہو، ان کی کھالوں سے پہننے کے لئے جوتے اور موسمی اثرات سے بچنے کے لئے خیمے تیار کرتے ہو، ان کی خرید وفروخت سے فائدے حاصل کرتے ہو، کیا ان کی یا کائنات کی دوسری مخلوقات کی پیدائش میں (نعوذ باللہ) اللہ کے ساتھ کوئی اور شامل تھا، یہ بات تم لوگ تسلیم کرتے ہو کہ تمام کائنات اور اس کے اندر جو کچھ ہے کی پیدائش میں تمہارا کوئی معبود شامل نہیں تھا تو پھر تم لوگوں نے اللہ وحدہ لاشریک کے ساتھ کیوں دوسرے معبود بنا لئے ہیں؟ منعم حقیقی کی نعمتوں کا کفران کیوں کرتے ہو؟ اللہ کو چھوڑ کر کیوں خود ساختہ معبودوں کے حضور نذر ونیاز پیش کرتے ہو؟ ان کے آستانوں یا قبروں پر کیوں چڑھاوے چڑھاتے ہو؟ ان کی قبروں پر کیوں قربانیاں کرتے ہو، کیوں ان کے لئے جانوروں کو پن کرتے ہو؟ اور ان گونگے، بہرے اندھے بے بس معبودوں سے جنہوں نے کچھ بھی تخلیق نہیں کیا، جن کے اختیار میں برائے نام بھی کچھ نہیں ان سے یہ امید بھی رکھتے ہو کہ وہ تمہاری پکار کو سن کر تمہاری دادرسی بھی کریں گے، تمہاری رسومات عبادت کی وجہ سے روزی میں برکت ڈالیں گے، اولادوں سے نوازیں گے، عزت ووقار عطا کریں گے، یاد رکھو یہ کچھ بھی نہیں کر سکتے، یہ بے جان ٹکڑے تو خود عبادت گزاروں کے محتاج ہیں، یہ تو تم لوگ ہی ان کی بارگاہیں بنا اور سجا کر ان کے حضور حاضر باش بنے ہوئے ہو، اور خود ہی انہیں اختیارات عطا فرما کر پروپیگنڈا کرتے ہو، ان کی حمایت میں لڑتے اور جھگڑتے ہو کہ یہ ایسی کرنے والے ہیں اور ویسی کرنے والے ہیں، تم لوگوں نے شیطان کے جھانسے میں الجھ کر ان کی خدائی کو قائم رکھا ہوا ہے اگر تم لوگ ان سے کنارہ کش ہو جاؤ تو ان کی خدائی ایک لمحے میں ختم ہو جائے، بہرحال تم لوگ اپنی زبانوں سے رب حقیقی کو مانو یا نہ مانو جس کے اختیار میں سب کچھ ہے، کائنات کی ہر شے جس کی حمد وستائش کر رہی ہے، تمہارے دل ان حقائق کو تسلیم کرتے ہیں مگر صرف تعصّبات، فخر وغرور، بغض و حسد سے انکار کرتے ہو، لوگوں کو اللہ کے رسول سے بدگمان کرنے کے لئے کاہن، ساحر، مجنون وغیرہ القاب دیتے ہو، دعوت حق کو زک پہنچانے کے لئے جھوٹی باتیں گھڑتے ہو، سچائی کا مقابلہ جھوٹ وفریب سے کرتے ہو، مگر جھوٹ، سچائی کے مقابلہ میں کبھی بھی سر بلند نہیں ہو سکتا، اللہ کا نام بلند ہے اور ہمیشہ بلند ہی رہے گا، جیسے فرمایا:

...وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا... ﴿٤٠﴾ [1]

ترجمہ: اور بلند وعزیز تو اللہ کا کلمہ ہی ہے۔

تم لوگ دعوت حق کو روکنے کی لاکھ کوششیں کر لو مگر ناکام ونامراد ہی رہو گے، پھر اس دنیا میں بھی ذلیل وخوار ہو گے اور آخرت میں بھی اپنا برا انجام دیکھ لو گے، اے نبی ﷺ! کفار آپ کی دعوت کا راستہ روکنے کے لیے پروپیگنڈے کا جو طوفان اٹھا رہے ہیں، اس سے تم رنجیدہ خاطر نہ ہو ہم ان کی ہر چھپی اور کھلی سب باتوں کو خوب جانتے ہیں۔

---

[1] التوبة ٤٠

اَوَ لَمْ یَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ ﴿۷۷﴾

کیا انسان کو اتنا بھی معلوم نہیں کہ ہم نے اسے نطفے سے پیدا کیا ہے؟ پھر یکایک وہ صریح جھگڑالو بن بیٹھا،

وَ ضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّ نَسِیَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ یُّحْیِ الْعِظَامَ وَ هِیَ رَمِیْمٌ ﴿۷۸﴾

اور اس نے ہمارے لیے مثال بیان کی اور اپنی (اصل) پیدائش کو بھول گیا کہنے لگا ان کی گلی سڑی ہڈیوں کو کون زندہ کرسکتا ہے؟

قُلْ یُحْیِیْهَا الَّذِیْۤ اَنْشَاَهَاۤ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَ هُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِیْمُ ﴿۷۹﴾ ۙالَّذِیْ جَعَلَ لَكُمْ

آپ جواب دیجئے! کہ انہیں وہ زندہ کرے گا جس نے اول مرتبہ پیدا کیا ہے، جو سب طرح کی پیدائش کا بخوبی جاننے

مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَاۤ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾ اَوَ لَیْسَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

والا ہے، وہی جس نے تمہارے لیے سبز درخت سے آگ پیدا کر دی جس سے تم یکایک آگ سلگاتے ہو، جس نے آسمانوں

وَ الْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰۤى اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰى ۗ وَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ ﴿۸۱﴾

اور زمین کو پیدا کیا ہے کیا وہ ان جیسوں کے پیدا کرنے پر قادر نہیں، بیشک قادر ہے، اور وہی پیدا کرنے والا دانا (بینا)

اِنَّمَاۤ اَمْرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیْـًٔا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ﴿۸۲﴾ (یٰسین ۷۷ تا ۸۲)

ہے، وہ جب کبھی کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے اسے اتنا فرما دینا (کافی ہے) کہ ہوجا، تو وہ اسی وقت ہوجاتی ہے۔

آخرت پر قوی دلائل:

اسلام کے چھ بنیادی عقائد میں پانچواں عقیدہ حیات بعد الموت ہے لیکن کفار ومشرکین اس عقیدے کو ماننے کے لئے تیار نہیں تھے،

وَقَتَادَةُ: جَاءَ أُبَي بْنُ خَلَفٍ [لَعَنَهُ اللَّهُ] إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي يَدِهِ عَظْمٌ رَمِيمٌ وَهُوَ يُفَتِّتُه وَيُذْرِيهِ فِي الْهَوَاءِ، وَهُوَ يَقُولُ: يَا مُحَمَّدُ، أَتَزْعُمُ أَنَّ اللَّهَ يَبْعَثُ هَذَا؟ فَقَالَ: "نَعَمْ، يُمِيتُكَ اللَّهُ تَعَالَى ثُمَّ يَبْعَثُكَ، ثُمَّ يَحْشُرُكَ إِلَى النَّارِ. وَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَاتُ مِنْ آخِرِ "يس": {أَوَلَمْ يَرَ الإِنْسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِنْ نُطْفَةٍ}، إِلَى آخِرِهِنَّ.

چنانچہ قتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے مشرکین مکہ کا ایک سردار عاص بن وائل یا ابی بن خلف اللہ اس پر لعنت کرے بطحاء مکہ سے ایک بوسیدہ ہڈی اٹھا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کسی مردے کی اس پرانی ہڈی کو ہاتھوں سے مسل کر اس کے ذرات کو ہوا میں اڑا دیا اور تمسخر اور استہزا کے لہجے میں کہا کیا اللہ تعالیٰ اس خاک سے انسان کو دوبارہ زندہ کرے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں اللہ تعالیٰ تجھے موت دے گا پھر تجھے زندہ کرے گا اور پھر تجھے تیرے گندے عقیدے اور بداعمالیوں کے سبب جہنم میں داخل کرے گا، اللہ تعالیٰ نے اسی وقت اس کے تمسخر اور استہزا کا جواب دیا'' یہ قیامت کا منکر انسان اپنی اصل حقیقت پر غور و تدبر نہیں کرتا کہ ہم نے اپنی قدرت کاملہ سے ماں

کے پیٹ میں پانی کے ایک بدبودار حقیر قطرے سے آہستہ آہستہ مختلف مراحل سے گزار کر اسے پیدا کیا۔‘‘[۱]

جیسے فرمایا:

اَلَمۡ نَخۡلُقۡکُّمۡ مِّنۡ مَّآءٍ مَّهِیۡنٍۙ ﴿۲۰﴾ [۲]

ترجمہ: کیا ہم نے ایک حقیر پانی سے تمہیں پیدا نہیں کیا؟۔

اِنَّا خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنۡ نُّطۡفَةٍ اَمۡشَاجٍ ۖ نَّبۡتَلِیۡهِ فَجَعَلۡنٰهُ سَمِیۡعًۢا بَصِیۡرًا ﴿۲﴾ [۳]

ترجمہ: ہم نے انسان کو ایک مخلوط نطفے سے پیدا کیا تا کہ اس کا امتحان لیں اور اس غرض کے لیے ہم نے اسے سننے اور دیکھنے والا بنایا۔

عَنْ بُسْرِ بْنِ جَحَّاشٍ الْقُرَشِيِّ قَالَ:بَزَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي كَفِّهِ، ثُمَّ وَضَعَ أُصْبُعَهُ السَّبَّابَةَ وَقَالَ: يَقُولُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: أَنَّى تُعْجِزُنِي ابْنَ آدَمَ وَقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ مِثْلِ هَذِهِ، فَإِذَا بَلَغَتْ نَفْسُكَ هَذِهِ وَأَشَارَ إِلَى حَلْقِهِ قُلْتَ: أَتَصَدَّقُ وَأَنَّى أَوَانُ الصَّدَقَةِ؟

بسر بن حجاش قرشی سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے اپنی ہتھیلی میں تھوکا پھر اس پر شہادت کی انگلی رکھ کر فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے ابن آدم کیا تو مجھے عاجز کر سکتا ہے؟ میں نے تجھے اس جیسی چیز سے پیدا کیا پھر جب ٹھیک ٹھاک درست اور چست کر دیا اور تو ذرا کس بل والا ہو گیا تو تو نے مال جمع کرنا اور مسکینوں کو دینے سے روکنا شروع کر دیا، ہاں جب دم نرخرے میں اٹکا تو کہنے لگا اب میں اپنا تمام مال اللہ کی راہ میں صدقہ کرتا ہوں، بھلا اب صدقے کا وقت کہاں؟۔[۴]

اور جب اس میں شعور و تعقل اور بحث و استدلال اور تقریر خطابات کی قابلیتیں پیدا ہو گئیں تو اپنے خالق کے منہ کو آنے لگا اور اپنی پیدائش کو بھول کر مخلوقات کی طرح ہمیں عاجز سمجھنے لگا، کیا وہ نہیں جانتا کہ ماں کے پیٹ میں کتنے مراحل سے گزار کر ہم نے اس کو پیدا کیا ہے، اس کی پیدائش سے پہلے ہی اس کی خوراک کا بندوبست کیا ہے، کس طرح ماں باپ کے دل میں اس کی محبت ڈال دی کہ وہ اسے اٹھائے اٹھائے پھرتے ہیں اور اس کی پرورش کرتے ہیں، اور اب یہ ہماری بے پناہ قدرتوں پر انگلی اٹھا کر کہتا ہے ان ہڈیوں کو کون زندہ کرے گا جب کہ یہ بوسیدہ ہو چکی ہوں، اللہ تعالیٰ نے اپنی صفات عالیہ کی دوسری دلیل بیان فرمائی کہ اس احسان فراموش سے کہو ان بوسیدہ ہڈیوں کو وہی زندہ کرے گا جس نے انہیں پہلی مرتبہ بغیر کسی نمونے کے پیدا کیا تھا اور وہ تخلیق کے ہر کام کو جانتا ہے، اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتوں کی تیسری دلیل بیان فرمائی کہ انہیں وہی اللہ زندہ کرے گا جس نے اپنی قدرت سے تمہارے لئے ہرے بھرے درخت مرخ اور عفار سے آگ پیدا کر دی اور تم اس سے اپنے چولہے روشن کرتے ہو، اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتوں کی چوتھی دلیل بیان فرمائی کہ جس ہستی نے آسمانوں اور زمین

---

[۱] تفسیر ابن کثیر ۵۹۳/۶

[۲] المرسلات ۲۰

[۳] الدھر ۲

[۴] سنن ابن ماجہ کتاب الوصایا بَابُ النَّهْيِ عَنِ الْإِمْسَاكِ فِي الْحَيَاةِ وَالتَّبْذِيرِ عِنْدَ الْمَوْتِ ۲۷۰۸، مسند احمد ۱۷۸۴۴

کو وسعت اور عظمت کے باوجود چند دنوں میں تخلیق فرمایا ہے کیا وہ اس پر قدرت نہیں رکھتا کہ ان جیسوں کو دوبارہ پیدا کر سکے ؟ کیوں نہیں، وہ ان کو دوبارہ وجود بخشنے پر قادر ہے، کیونکہ آسمانوں اور زمین کی تخلیق انسان کی تخلیق سے زیادہ مشکل اور زیادہ بڑی ہے، جیسے فرمایا

لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ [۱]

ترجمہ: آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا انسان کو پیدا کرنے کی بہ نسبت یقیناً زیادہ بڑا کام ہے مگر اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦ الْمَوْتٰى ۭ بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ [۲]

ترجمہ: اور کیا ان لوگوں کو یہ سجھائی نہیں دیتا کہ جس اللہ نے یہ زمین اور آسمان پیدا کیے ہیں اور ان کو بناتے ہوئے جو نہ تھکا، وہ ضرور اس پر قادر ہے کہ مردوں کو جلا اٹھائے؟ کیوں نہیں، یقیناً وہ ہر چیز کی قدرت رکھتا ہے۔

اور پانچویں خاص دلیل بیان فرمائی کہ وہ ماہر خلاق ہے یعنی بلاشبہ اللہ تعالیٰ تمام چھوٹی بڑی مخلوقات کو پیدا کرنے والا ہے، خواہ وہ پہلے گزر چکی ہوں یا آنے والی ہوں، سب کی سب اس کی تخلیق اور قدرت کے آثار ہیں،

وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ:إِنَّ رَجُلًا حَضَرَهُ المَوْتُ، فَلَمَّا يَئِسَ مِنَ الحَيَاةِ أَوْصَى أَهْلَهُ: إِذَا أَنَا مُتُّ فَاجْمَعُوا لِي حَطَبًا كَثِيرًا، وَأَوْقِدُوا فِيهِ نَارًا، حَتَّى إِذَا أَكَلَتْ لَحْمِي وَخَلَصَتْ إِلَى عَظْمِي فَامْتُحِشَتْ، فَخُذُوهَا فَاطْحَنُوهَا، ثُمَّ انْظُرُوا يَوْمًا رَاحًا فَاذْرُوهُ فِي اليَمِّ، فَفَعَلُوا، فَجَمَعَهُ اللَّهُ فَقَالَ لَهُ: لِمَ فَعَلْتَ ذَلِكَ؟ قَالَ: مِنْ خَشْيَتِكَ، فَغَفَرَ اللَّهُ لَهُ قَالَ عُقْبَةُ بْنُ عَمْرٍو: وَأَنَا سَمِعْتُهُ يَقُولُ ذَاكَ: وَكَانَ نَبَّاشًا

حذیفہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ ایک شخص کی جب موت کا وقت آ گیا اور وہ اپنی زندگی سے بالکل مایوس ہو گیا تو اس نے اپنے گھر والوں کو وصیت کی، جب میری موت ہو جائے تو میرے لئے بہت ساری لکڑیاں جمع کرنا اور ان میں آگ لگا دینا جب آگ میرے گوشت کو جلا چکے اور آخری ہڈی کو بھی جلا دے تو ان جلی ہوئی ہڈیوں کو پیس ڈالنا اور کسی تند ہوا والے دن کا انتظار کرنا اور (ایسے کسی دن) میری راکھ کو دریا میں بہا دینا، اس کے گھر والوں نے ایسا ہی کیا، اللہ قادر مطلق نے اس کی ساری راکھ جمع کر کے اسے زندہ کر دیا اور اس سے پوچھا تو نے ایسا کیوں کروایا تھا؟ اس شخص نے جواب دیا اے اللہ تیرے خوف سے، اللہ تعالیٰ نے اسی وجہ سے اس کی مغفرت فرما دی، اسے معاف فرما دیا، عقبہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے آپ کو یہ فرماتے سنا تھا کہ یہ شخص کفن چور تھا۔ [۳]

اس کی شان اور اس کی قدرتوں کا کمال تو یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اس کا کام بس یہ ہے کہ اسے حکم دے کہ ہو جا اور وہ ہو جاتی ہے،

---

[۱] المومن ۵۷

[۲] الاحقاف ۳۳

[۳] صحیح بخاری کتاب الانبیائ بَابُ مَا ذُكِرَ عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۳۴۵۰،وکتاب الرقاق بَابُ الخَوْفِ مِنَ اللهِ ۶۴۸۰،سنن ابن ماجہ کتاب الزھدبَابُ ذِكْرِ التَّوْبَةِ ۴۲۵۵، مسنداحمد ۲۳۳۵۳، مسند البزار ۲۸۲۲،المعجم الکبیر للطبرانی ۶۴۲ ،شعب الایمان ۶۷۶۰ ،شرح السنة للبغوی ۴۱۸۳

عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِنَّ اللَّهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى، يَقُولُ: يَا عِبَادِي كُلُّكُمْ مُذْنِبٌ، إِلَّا مَنْ عَافَيْتُ، فَسَلُونِي الْمَغْفِرَةَ فَأَغْفِرَ لَكُمْ، وَمَنْ عَلِمَ مِنْكُمْ أَنِّي ذُو قُدْرَةٍ عَلَى الْمَغْفِرَةِ، فَاسْتَغْفَرَنِي بِقُدْرَتِي غَفَرْتُ لَهُ، وَكُلُّكُمْ ضَالٌّ، إِلَّا مَنْ هَدَيْتُ، فَسَلُونِي الْهُدَى أَهْدِكُمْ، وَكُلُّكُمْ فَقِيرٌ، إِلَّا مَنْ أَغْنَيْتُ، فَسَلُونِي أَرْزُقْكُمْ، وَلَوْ أَنَّ حَيَّكُمْ، وَمَيِّتَكُمْ، وَأَوَّلَكُمْ، وَآخِرَكُمْ، وَرَطْبَكُمْ، وَيَابِسَكُمُ اجْتَمَعُوا،

ابو ذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اے میرے بندو! تم سب کے سب گنہگار ہو سوائے اس کے جسے میں عافیت عطاء کر دوں اس لئے مجھ سے معافی مانگا کرو میں تمہیں معاف کر دوں گا اور جو شخص اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ مجھے معاف کرنے پر قدرت ہے اور وہ میری قدرت کے وسیلے سے مجھ سے معافی مانگتا ہے تو میں اسے معاف کر دیتا ہوں اور کوئی پرواہ نہیں کرتا، تم میں سے ہر ایک گمراہ ہے سوائے اس کے جسے میں ہدایت دے دوں لہٰذا مجھ سے ہدایت مانگا کرو میں تم کو ہدایت عطاء کروں گا، تم میں سے ہر ایک فقیر ہے سوائے اس کے جسے میں غنی کر دوں ،لہٰذا مجھ سے غناء مانگا کرو میں تم کو غناء عطاء کروں گا، اگر تمہارے پہلے اور پچھلے زندہ اور مردہ تر اور خشک سب کے سب میرے سب سے زیادہ شقی بندے کے دل کی طرح ہو جائیں تو میری حکومت میں سے ایک مچھر کے پر کے برابر بھی کمی نہیں کر سکتے،

فَكَانُوا عَلَى قَلْبِ أَتْقَى عَبْدٍ مِنْ عِبَادِي، لَمْ يَزِدْ فِي مُلْكِي جَنَاحُ بَعُوضَةٍ، وَلَوِ اجْتَمَعُوا فَكَانُوا عَلَى قَلْبِ أَشْقَى عَبْدٍ مِنْ عِبَادِي، لَمْ يَنْقُصْ مِنْ مُلْكِي جَنَاحُ بَعُوضَةٍ، وَلَوْ أَنَّ حَيَّكُمْ، وَمَيِّتَكُمْ، وَأَوَّلَكُمْ، وَآخِرَكُمْ، وَرَطْبَكُمْ، وَيَابِسَكُمُ اجْتَمَعُوا، فَسَأَلَ كُلُّ سَائِلٍ مِنْهُمْ مَا بَلَغَتْ أُمْنِيَّتُهُ، مَا نَقَصَ مِنْ مُلْكِي، إِلَّا كَمَا لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ مَرَّ بِشَفَةِ الْبَحْرِ، فَغَمَسَ فِيهَا إِبْرَةً، ثُمَّ نَزَعَهَا، ذَلِكَ بِأَنِّي جَوَادٌ مَاجِدٌ، عَطَائِي كَلَامٌ، إِذَا أَرَدْتُ شَيْئًا، فَإِنَّمَا أَقُولُ لَهُ: كُنْ فَيَكُونُ

اور اگر وہ سب کے سب میرے سب سے زیادہ متقی بندے کے دل پر جمع ہو جائیں تو میری حکومت میں ایک مچھر کے پر کے برابر بھی اضافہ نہیں کر سکتے، اگر تمہارے پہلے اور پچھلے زندہ اور مردہ تر اور خشک سب جمع ہو جائیں اور ان میں سے ہر ایک مجھ سے اتنا مانگے جہاں تک اس کی تمنا پہنچتی ہو اور میں ہر ایک کو اس کے سوال کے مطابق مطلوبہ چیزیں دیتا جاؤں تو میرے خزانے میں اتنی بھی کمی واقع نہ ہو گی کہ اگر تم میں سے کوئی شخص ساحل سمندر سے گذرے اور اس میں ایک سوئی ڈبوئے اور پھر نکالے میری حکومت میں اتنی بھی کمی نہ آئیگی کیونکہ میں بے انتہا سخی، بزرگ اور بے نیاز ہوں میری عطاء بھی ایک کلام سے ہوتی ہے اور میرا عذاب بھی ایک کلام سے آجاتا ہے، میں کسی چیز کا ارادہ کرتا ہوں تو کن کہتا ہوں اور وہ چیز وجود میں آجاتی ہے۔[1]

فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ (یٰسین ۸۳)

پس پاک ہے وہ اللہ جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہت ہے اور جس کی طرف تم سب لوٹائے جاؤ گے۔

اپنی قدرتوں کی چھٹی دلیل بیان فرمائی کہ اللہ تبارک وتعالیٰ ہر قسم کے شرک سے پاک ہے، اس کا کوئی شریک، کوئی ساجی نہیں اور اس عظیم الشان کائنات میں اسی وحدہ لاشریک کی ہی حکومت ہے، کائنات کی تمام چیزیں اس کی ملکیت اور اس کے در کے سوالی ہیں، اور اس کے

---

[1] سنن ابن ماجه كتاب الزهد بَابُ ذِكْرِ التَّوْبَةِ ۴۲۵۷، جامع ترمذی کتاب صفة القيامة باب ۱۵۱۴، ح ۲۴۹۵، مسند احمد ۲۱۳۶۷، مسند البزار ۳۹۹۵

دست تدبیر کے تحت مسخر ہیں، جیسے فرمایا:

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ۡ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُۨ ۝ [۱]

ترجمہ: نہایت بزرگ وبرتر ہے وہ (ذات) جس کے ہاتھ میں (اس کائنات کی) بادشاہی ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

اس دنیاوی زندگی کی مقررہ سانسیں گزارنے کے بعد تمہیں موت آئے گی اور پھر جب اللہ مالک یوم الدین چاہے گا تمہیں حساب کتاب کے لئے دوبارہ جسم وجان کے ساتھ قبروں سے زندہ کرے گا اور تمہارے اعمال کے مطابق تمہیں اچھی یا بری جزا دے گا اور وہاں تمہیں کوئی پناہ دینے والا بھی نہ ہوگا۔

مضامین سورۃ اللھب:

مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں اسلام مخالف لوگوں کی کمی نہیں تھی مگر قرآن مجید میں آپ ﷺ کے چچا

اسْمُهُ: عَبْدُ الْعُزَّى بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَكُنْيَتُهُ أَبُو عُتبة. وَإِنَّمَا سُمِّيَ أَبَا لَهَبٍ لِإِشْرَاقِ وَجْهِهِ

جن کا نام عبدالعزیٰ بن عبدالمطلب اور جس کی کنیت ابوعتبہ تھی، مگر چہرے کی خوبصورتی اور سرخ وسفید رنگت کی وجہ سے ابولہب کہا جاتا تھا۔

کی مذمت کی گئی ہے، اس کی کئی وجوہات ہیں۔

نبوت کے ابتدائی دور میں جب رسول اللہ ﷺ کو دعوت اسلام عام کرنے کا حکم دیا گیا سب سے پہلے اپنے قریب ترین رشتہ داروں ،عزیزوں کو اللہ کے عذاب سے ڈرائیں تو آپ ﷺ نے قریش کو جمع کرنے کے لئے صبح کو وہ صفا پر چڑھ کر بلند آواز سے یاصباہ یاصباہ پکارا، عرب میں یہ صدا خطرے کی علامت سمجھی جاتی تھی، آپ ﷺ کی آواز پہچان کر قریش کے تمام خاندان وہاں اکٹھے ہو گئے تو آپ ﷺ نے تمام قبیلوں کو مخاطب کر کے فرمایا اے بنی ہاشم، اے بنی عبدالمطلب، اے بنی فہر ،اے بنی فلاں، اے بنی فلاں

أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَخْبَرْتُكُمْ أَنَّ خَيْلًا تَخْرُجُ مِنْ سَفْحِ هَذَا الجَبَلِ، أَكُنْتُمْ مُصَدِّقِيَّ؟ قَالُوا: مَا جَرَّبْنَا عَلَيْكَ كَذِبًا،قَالَ:فَإِنِّي نَذِيرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ،فَقَالَ أَبُو لَهَبٍ: أَلِهَذَا جَمَعْتَنَا تَبًّا لَكَ

اگر میں تمہیں خبردار کروں کہ اس پہاڑ کے پیچھے سے ایک لشکر تم پر حملہ کرنے کے لئے پوری طرح تیار ہے تو کیا تم میری تصدیق کرو گے؟ سبھی نے ایک زبان ہو کر کہا کیوں نہیں، ہم نے آپ کو کبھی جھوٹ بولتے نہیں سنا، لوگوں کا جواب سن کر آپ ﷺ نے فرمایا تو میں تمہیں تمہارے اعمال کے سبب اللہ کے آنے والے اللہ کے سخت عذاب سے خبردار کرتا ہوں، ابھی بات یہیں تک پہنچی تھی کہ ابولہب بولا تیرے ہاتھ ٹوٹ جائیں! کیا تو نے اس بات کے لئے ہمیں جمع کیا۔ [۲]

کہا جاتا ہے کہ ابولہب نے یہ گستاخی کی کہ غصہ میں آپ ﷺ کو مارنے کے لئے پتھر اٹھایا، اس کے بعد جب بھی اسے موقع ملتا وہ آپ ﷺ کو اذیت اور تکلیف پہنچانے سے گریز نہ کرتا تھا۔

كَانَتْ رُقَيَّةُ بِنْتُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ عُتْبَةَ بْنِ أَبِي لَهَبٍ، وَأُمّ كُلْثُومٍ تَحْتَ عُتَيْبَةَ، فَطَلَّقَاهُمَا بِعَزْمِ

[۱] الملک ۱

[۲] صحیح بخاری تفسیرسورۂ تبت یداابی لھب بَابُ قَوْلِهِ وَتَبَّ مَا أَغْنَى عَنْهُ مَالُهُ وَمَا كَسَبَ عن ابن عباس w ۴۹۷۲

أَبِيهِمَا عَلَيْهِمَا وَأُمِّهِمَا

نبوت سے پہلے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی دو بیٹیوں میں سے رقیہ رضی اللہ عنہا کا نکاح ابولہب کے بیٹے عتبہ سے اور ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا نکاح عتیبہ سے ہو چکا تھا مگر جب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے دعوت اسلام دینی شروع کی تو اس نے اپنے بیٹوں سے کہا کہ جب تک تم دونوں کو طلاق نہ دے دو میرا تم سے ملنا حرام ہے، چنانچہ ان دونوں نے ماں باپ کے کہنے پر اس عظیم نعمت کو ٹھکرا دیا۔[1]

ثُمَّ تَفَلَ فِي وَجْهِهِ ثُمَّ رَدَّ عَلَيْهِ ابْنَتَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّهُمَّ سَلِّطْ عَلَيْهِ كَلْبًا مِنْ كِلَابِكَ , فَأَخْبَرَهُ بِذَلِكَ وَخَرَجُوا إِلَى الشَّامِ فَنَزَلُوا مَنْزِلًا فَأَشْرَفَ عَلَيْهِمُ الرَّاهِبُ مِنَ الدَّيْرِ , فَقَالَ لَهُمْ: هَذِهِ أَرْضُ مَسْبَعَةٍ فَقَالَ أَبُو لَهَبٍ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ أَعِينُونَا هَذِهِ اللَّيْلَةَ فَإِنِّي أَخَافُ عَلَيْهِ دَعْوَةَ مُحَمَّدٍ فَجَمَعُوا أَحْمَالَهُمْ فَفَرَشُوا لِعُتَيْبَةَ عَلَيْهَا وَنَامُوا حَوْلَهُ فَجَاءَ الْأَسَدُ فَجَعَلَ يَتَشَمَّمُ وُجُوهَهُمْ ثُمَّ ثَنَى ذَنَبَهُ فَوَثَبَ فَضَرَبَهُ بِيَدَيْهِ ضَرْبَةً فَأَخَذَهُ فَخَدَشَهُ

اور اس کا بیٹا عتیبہ تو حد ہی پار کر کے گیا ایک دن اس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر تھوک دیا جو آپ پر نہیں پڑا، جس پر رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اللہ تعالیٰ سے بد دعا کی اے پروردگار! اپنے کتوں میں سے ایک کتا اس پر مسلط کر دے، اس کے بعد عتیبہ اپنے والد کے ساتھ شام روانہ ہو گیا، سفر کے دوران قافلہ نے ایک ایسی جگہ پڑاؤ کیا جہاں درندوں کی بھرمار تھی، ابولہب کو کہا گیا کہ یہاں درندوں کی بھرمار ہے، ابولہب کو رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی بد دعا کا علم تھا اسے خوب علم تھا کہ آپ کی دعا رائیگاں نہیں جائے گی اس لئے درندوں کا سن کر اسے اپنے بیٹے کی زندگی کو خطرہ محسوس ہوا تو اس نے کہا اے گروہ قریش! آج رات خبردار رہنا مجھے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی بد دعا کے بارے میں خطرہ ہے چنانچہ ساتھیوں نے درندوں سے حفاظت کے لئے رات کے وقت عتیبہ کے چاروں طرف اونٹ بیٹھا دیے اور بے فکر ہو کر سو گئے، رات کو اللہ کے حکم سے ایک شیر اس تک سونگتا ہوا پہنچا اور پلک جھپکتے ہی اپنے پنجوں سے اسے چیر پھاڑ کر رکھ دیا۔[2]

یہ ضعیف و مضطرب روایت ہے۔(مشہور واقعات کی حقیقت ۱۴۹)

ابولہب آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا قریب ترین ہمسایہ تھا، اس کے اور رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے گھر کے درمیان ایک دیوار واقع تھی، اس کے علاوہ حکم بن عاص (مروان کا والد) عقبہ بن ابی معیط، عدی بن حمراء، ابن الاصداء الہذلی بھی آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے ہمسائے تھے، مگر حق ہمسائیگی ادا کرنے کے بجائے یہ لوگ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو خوب ستاتے، کبھی یہ لوگ صحن میں پکتے سالن میں غلاظت پھینک دیتے،

يَطْرَحُ عَلَيْهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَ الشَّاةِ وَهُوَ يُصَلِّي،وَكَانَ أَحَدُهُمْ يَطْرَحُهَا فِي بُرْمَتِهِ إِذَا نُصِبَتْ لَهُ، يَخْرُجُ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْعُودِ، فَيَقِفُ بِهِ عَلَى بَابِهِ، ثُمَّ يَقُولُ: يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ، أَيُّ جِوَارٍ هَذَا! ثُمَّ يُلْقِيهِ فِي الطَّرِيقِ

کبھی نماز کی حالت میں آپ پر اوپر سے بکری کی اوجھڑی اور آنتیں پھینک دیتے، کوئی اپنے گھر کا کوڑا رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر ڈال دیتا، جب کوئی شخص ایسی چیز آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر ڈالتا تو آپ اس کو لے کر دروازے پر آتے اور ان لوگوں سے فرماتے اے بنی عبد مناف! یہ کیسی ہمسائیگی

---

[1] الروض الانف ۱۲۸/۵

[2] دلائل النبوۃلابی نعیم ۳۸۱، ۴۵۴/۱

ہے؟ پھر اس کو راستہ پر ڈال دیتے۔ [۱]

ابوسفیان کی بہن اردیٰ جو ابولہب کی بیوی تھی اور اس کی کنیت ام جمیل تھی وہ بھی کفروعناد اور سرکشی و دشمنی میں اپنے شوہر سے کسی طرح کم نہ تھی،

تَحْمِلُ الشَّوْكَ فَتَطْرَحَهُ عَلَى طَرِيقِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ يَمُرُّ

اس کا تو مستقل وطیرہ ہی یہ تھا کہ رات کو آپ کے گھر کے دروازے پر خار دار جھاڑیاں لاکر ڈال دیتی تا کہ صبح اندھیرے میں جب آپ باہر نکلیں تو وہ آپ ﷺ کے پاؤں میں چبھیں جس سے آپ کو تکلیف پہنچے۔ [۲]

عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عِبَادٍ، قَالَ:وَاللَّهِ إِنِّي لَأَذْكُرُهُ يَطُوفُ عَلَى الْمَنَازِلِ بِمِنًى، وَأَنَا مَعَ أَبِي غُلَامٌ شَابٌّ، وَوَرَاءَهُ رَجُلٌ حَسَنُ الْوَجْهِ، أَحْوَلُ ذُو غَدِيرَتَيْنِ، كُلَّمَا وَقَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى قَوْمٍ قَالَ: أَنَا رَسُولُ اللَّهِ، يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَعْبُدُوهُ، وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَيَقُولُ الَّذِي خَلْفَهُ: إِنَّ هَذَا يَدْعُوكُمْ إِلَى أَنْ تُفَارِقُوا دِينَ آبَائِكُمْ، وَأَنْ تَسْلُخُوا اللَّاتَ وَالْعُزَّى، وَحُلَفَاءَكُمْ مِنْ بَنِي مَالِكِ بْنِ أُقَيْشٍ إِلَى مَا جَاءَ بِهِ مِنَ الْبِدْعَةِ وَالضَّلَالِ،قَالَ: فَقُلْتُ لِأَبِي: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: هَذَا عَمُّهُ أَبُو لَهَبٍ عَبْدُ الْعُزَّى بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

ربیعہ سے مروی ہے میں نے نوجوانی میں اپنے والد کے ساتھ نبی کریم ﷺ کو ذی المجاز نامی بازار میں لوگوں کے مختلف قبیلوں میں جاجاکر ان کے سامنے اپنی دعوت پیش کرتے ہوئے دیکھا نبی کریم ﷺ کے پیچھے ایک بھینگا آدمی بھی تھا اس کی رنگت اجلی اور بال لمبے تھے نبی کریم ﷺ ایک قبیلے کے پاس جاکر رکتے اور فرماتے اے بنی فلاں میں تمہاری طرف اللہ کا پیغمبر ہوں میں تمہیں حکم دیتا ہوں کہ اللہ کی عبادت کرو اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ میری تصدیق کرو اور میری حفاظت کرو تا کہ اللہ کا پیغام پہنچا سکوں، نبی کریم ﷺ جب اپنی بات سے فارغ ہوتے تو وہ آدمی پیچھے سے کہتا اے بنوفلاں یہ شخص چاہتا کہ تم سے لات عزیٰ اور تمہارے حلیف قبیلوں کو چھڑا دے اور اپنے نوایجاد دین کی طرف تمہیں لے جائے اس لیے تم اس کی بات نہ سننا اور نہ اس کی پیروی کرنا، میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ یہ پیچھے والا بھینگا آدمی کون ہے لوگوں نے بتایا کہ یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا چچا ابولہب ہے۔ [۳]

اس کے علاوہ یہ آپ کو پتھر مارتا جس سے آپ کی ایڑیاں خون سے تر ہو جاتیں۔

ابولہب کے خبث نفس کا یہ حال تھا کہ رسول اللہ ﷺ کے پہلے بیٹے قاسم کے بعد جب دوسرے بیٹے عبداللہ کی وفات ہوئی تو اپنے حقیقی بھتیجے کے غم میں شریک ہونے کے بجائے خوشی خوشی قریشی سرداروں کے پہنچا اور کہا آج محمد بے نام ونشان ہو گئے ہیں۔

دور جاہلیت میں پورے عرب میں قتل وغارت اور طوائف الملوکی پھیلی ہوئی تھی، کسی شخص کے لئے اپنے خاندان اور خونی رشتہ داروں کی حمایت کے سوا جان ومال اور عزت وآبرو محفوظ نہ تھی،اس لئے صلہ رحمی کو بڑی اہمیت حاصل تھی اور قطع رحمی کو بہت بڑا گناہ تصور کیا جاتا تھا اسی وجہ سے خاندان کے کسی فرد کو کسی حالت میں دشمنوں کے حوالے نہیں کیا جاتا تھا، مگر جب قریش نے بنوہاشم اور بنی عبدالمطلب کا معاشی مقاطعہ کیا تو شعب بنوہاشم میں یہ دونوں خاندان خونی رشتہ کی بنا پر رسول اللہ ﷺ کی حمایت پر ثابت قدم رہے حالاں کہ ان میں کئی لوگ

[۱] ابن ہشام ۴۱۶/۱

[۲] ابن ہشام ۳۵۱/۱

[۳] مسند احمد ۱۶۰۲۷

مسلمان نہیں ہوئے تھے مگر تنہا ابولہب نے خاندانی آداب وروایات کے مطابق اپنے خاندان کا ساتھ نہیں دیا بلکہ تین سال تک قریش کے کندھے کے ساتھ کندھا ملا کر کھڑا رہا اور مردوں، عورتوں، بچوں اور بوڑھوں کی حالت زار پر خوش ہوتا رہا، ان وجوہات کی بنا پر اس سورۂ میں اس کا نام لے کر مذمت کی گئی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

تَبَّتۡ یَدَاۤ اَبِیۡ لَہَبٍ وَّ تَبَّ ؕ﴿۱﴾ مَاۤ اَغۡنٰی عَنۡہُ مَالُہٗ وَ مَا کَسَبَ ؕ﴿۲﴾

ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ گئے اور وہ (خود) ہلاک ہوگیا، نہ تو اس کا مال اس کے کام آیا اور نہ اس کی کمائی،

سَیَصۡلٰی نَارًا ذَاتَ لَہَبٍ ۚ﴿۳﴾ وَّ امۡرَاَتُہٗ ؕ حَمَّالَۃَ الۡحَطَبِ ۚ﴿۴﴾

وہ عنقریب بھڑکنے والی آگ میں جائے گا اور اس کی بیوی بھی (جائے گی) جو لکڑیاں ڈھونے والی ہے،

فِیۡ جِیۡدِہَا حَبۡلٌ مِّنۡ مَّسَدٍ ﴿۵﴾ ع (اللھب ۱تا۵)

اس کی گردن میں پوست کھجور کی بٹی ہوئی رسی ہوگی۔

اللہ تعالیٰ نے پیشین گوئی فرمائی کہ قریش کے سردار اور آپ ﷺ کا چچا ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ گئے اور وہ ہلاک وبرباد ہوگیا، چنانچہ یہ بات پوری ہوکر رہی، اس سورۂ کے نزول پر سات آٹھ سال ہی گزرے تھے کہ غزوہ بدر میں قریش کے ستر بڑے بڑے سردار جہنم واصل ہوگئے ، جب مکہ میں قریش کی شکست کی خبر پہنچی تو ابولہب کو اپنے ساتھیوں کے قتل کا اتنا رنج ہوا کہ ایک ہفتہ سے زیادہ زندہ نہ رہ سکا اور ان کے ساتھ جہنم میں داخل ہوگیا اس کی موت بھی بڑی عبرتناک تھی، اسے عدسیہ (طاعون کی طرح ایک گلٹی) کی بیماری ہوگئی، اس مہلک بیماری کی وجہ سے اس کے گھر والوں نے اس سے دوری اختیار کرلی، چنانچہ اس کے مرنے کے بعد تین دن تک اس کی لاش پڑی رہی اور چھوت کے خوف سے اس کا کوئی بیٹا بھی اس کے قریب نہیں گیا، اس عرصہ میں لاش سڑ گئی اور اس کی بو پھیلنے لگی اور لوگوں نے اس کے بیٹوں کو طعنے دینے شروع کیے، تو ایک روایت کے مطابق کچھ حبشیوں نے اجرت لیکر اس کی لاش اٹھائی اور انہوں نے ہی اس کو دفن کردیا۔

ایک روایت ہے کہ بیٹوں نے ایک گڑھا کھدوایا اور دور سے لکڑیوں کی مدد سے اس کی لاش کو دھکیل کر اس گھڑے میں پھینکا اور اوپر سے مٹی پتھر ڈال کر گڑھا برابر کردیا، یعنی اولاد نے دولتمند ہاشمی سردار کا عزت سے جنازہ تک نہ اٹھایا۔

ابولہب سخت بخیل اور زرپرست انسان تھا، وہ قریش کے ان چار لوگوں میں سے ایک تھا جو ایک قنطار سونے کے مالک تھے (ایک قنطار میں دوسو اوقیہ ہوتے ہیں، اور ایک اوقیہ سوا تین تولہ کا ہوتا ہے) یعنی تقریباً ۶۵۷ تولہ سونا اس کے پاس موجود تھا مگر جب اللہ نے اس پر گرفت کی تو اس کی کمائی ہوئی دولت جس نے اس کو سرکش بنا دیا تھا اس کے کام آئی اور نہ ہی اس کی اولاد، جس دین کو روکنے کے لئے اس نے سردھڑ کی بازی لگا رکھی تھی اسی دین کو اس کی اولاد نے قبول کرلیا، سب سے پہلے اس کی بیٹی درہ مکہ مکرمہ سے ہجرت کرکے مدینہ منورہ پہنچی اور اسلام قبول کرلیا، پھر فتح مکہ کے موقع پر اس کے دونوں بیٹے عتبہ اور معتب نے بھی اسلام قبول کرلیا۔

عنقریب وہ اپنی بیوی کے ساتھ جو چغلیاں کھا کر فساد کی آگ بھڑ کانے والی اور گناہ اور ظلم میں اپنے خاوند کے ساتھ تعاون کرنے والی ہے جہنم کی بھڑکتی ہوئی آگ میں داخل کیا جائے گا، وہ اپنے گلے میں ایک نفیس ہار پہنے رکھتی تھی اور کہتی تھی کہ میں اسے فروخت کر کے محمد ﷺ کی مخالفت میں خرچ کروں گی، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جہنم میں اس کے گلے میں کھجور، یا مونجھ یا اونٹ کے بالوں سے خوب مضبوط بٹی ہوئی رسی ہوگی۔

عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ:لَمَّا نَزَلَتْ {تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَب وَتبٍ}جاءَتِ الْعَوْرَاءُ أُمُّ جَمِيلٍ وَلَهَا ولوَلة، وَفِي يَدِهَا فِهْر

اسما بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا سے منقول ہے جب ابولہب اور اس کی بیوی کی مذمت میں یہ سورت نازل ہوئی تو یہ بھینگی عورت ام جمیل بنت کرب اپنے ہاتھ میں نوکدار مٹھی پتھر لئے یہ اشعار پڑھتے ہوئے تلاش میں نکلی،

مُذَمَّمًا عَصَيْنَا وَأَمْرَهُ أَبَيْنَا وَدِينَهُ قَلَيْنَا

مذمت کی ہم نے نافرمانی کی اور اس کے حکم سے انکار کیا اور اس کے دین کو قبول نہیں کیا۔

وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ وَمَعَهُ أَبُو بَكْرٍ، فَلَمَّا رَآهَا أَبُو بَكْرٍ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَدْ أَقْبَلَتْ وَأَنَا أَخَافُ عَلَيْكَ أَنْ تَرَاكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِنَّهَا لَنْ تَرَانِي، وَقَرَأَ قُرْآنًا اعْتَصَمَ بِهِ، كَمَا قَالَ تَعَالَى :وَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالآخِرَةِ حِجَابًا مَسْتُورًا، فَأَقْبَلَتْ حَتَّى وَقَفَتْ عَلَى أَبِي بَكْرٍ وَلَمْ تَرَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا أَبَا بَكْرٍ، إِنِّي أُخْبِرْتُ أَنَّ صَاحِبَكَ هَجَانِي؟ قَالَ: لَا وَرَبِّ هَذَا الْبَيْتِ مَا هَجَاكِ،فَوَلَّتْ وَهِيَ تَقُولُ: قَدْ عَلِمَتْ قُرَيْشٌ أَنِّي ابْنَةُ سَيِّدِهَا

اور رسول اللہ ﷺ سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ مسجد میں تشریف فرما تھے، اسے اس حالت میں دیکھ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! یہ آرہی ہے اور مجھے اندیشہ ہے کہ وہ آپ کو دیکھ کر کوئی بیہودگی کرے گی، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ مجھے دیکھ نہیں سکے گی، پھر آپ ﷺ نے قرآن کریم کی تلاوت شروع کر دی تا کہ اس سے بچ جائیں، خود قرآن فرماتا ہے "جب تم قرآن پڑھتے ہو تو ہم تمہارے اور آخرت پر ایمان نہ لانے والوں کے درمیان ایک (مخفی) پردہ حائل کر دیتے ہیں۔" یہ آکر سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس کھڑی ہوگئی گو آپ ﷺ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس ہی بالکل سامنے بیٹھے ہوئے تھے لیکن قدرتی حجابوں نے اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا اور وہ رسول اللہ ﷺ کو نہ دیکھ سکی، چنانچہ اس نے سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا میں نے سنا ہے کہ تمہارے ساتھی نے میری ہجو کی ہے، سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا نہیں نہیں اس گھر کے رب کی قسم! انہوں نے تو تمہاری کوئی ہجو نہیں کی ہے، (یعنی رسول اللہ ﷺ نے نہیں اللہ نے تمہاری ہجو کی ہے) یہ سن کر وہ یہ کہتی ہوئی لوٹ گئی کہ قریش جانتے ہیں کہ میں ان کے سردار کی بیٹی ہوں۔[1]

ضعیف روایت ہے۔[2]

---

[1] مستدرک حاکم ۲/۳۳۷۶، ابن ہشام ۱/۳۵۵، تفسیر ابن ابی حاتم محققا ۱۰/۳۴۷،۱۹۵۲۲، تفسیر ابن کثیر ۸/۵۱۶، تفسیر القرطبی ۲۰/۲۳۴

[2] مشہور واقعات کی حقیقت ۱۵۳

۹ بعثتِ نبوی

مضامین سورۃ القمر :

رسول اللہ ﷺ منیٰ میں تشریف فرما تھے کہ چاند دو ٹکڑے ہوگیا ایک ٹکڑا ایک پہاڑ کی طرف اور دوسرا دوسرے پہاڑ کی جانب چلا گیا اور کچھ لمحوں کے بعد پھر یہ دونوں ٹکڑے آپس میں مل گئے، اللہ تعالیٰ نے اس سورۂ میں اس حیرت انگیز واقعہ کو بیان فرما کر کئی باتیں واضح فرمائیں۔

○ یہ کہ یہ نظام کائنات ازلی وابدی اور غیر فانی نہیں ہے، اللہ کے حکم سے یہ بڑے بڑے سیارے اور ستارے کسی بھی وقت پھٹ سکتے ہیں اور اپنے مرکز سے جدا ہو کر آپس میں ٹکرا بھی سکتے ہیں اور ایک مقررہ وقت پر یہ عظیم الشان نظام تباہ وبرباد بھی ہوسکتا ہے، مگر اہل مکہ نے اس عظیم واقعہ کو جادو قرار دیا اور تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔

○ ہر طرح کے دلائل وبراہین کے باوجود اہل مکہ قیامت کے وقوع، حیات بعد الموت اور جزا وسزا کو بعید از امکان اور بعید از عقل سمجھتے تھے ،ان کے بارے میں فرمایا تم لوگ اس حقیقت کو تسلیم کرو یا نہ کرو مگر ایک وقت مقررہ پر قیامت ضرور واقع ہوگی جس کا وقت بالکل قریب آچکا ہے،

سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، صَاحِبِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ كَهَذِهِ مِنْ هَذِهِ، أَوْ: كَهَاتَيْنِ وَقَرَنَ بَيْنَ السَّبَّابَةِ وَالوُسْطَى

سہل رضی اللہ عنہ بن سعد الساعدی سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے انگشت شہادت اور درمیان والی انگلی اٹھاتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ مجھے اور قیامت کو یوں بھیجا گیا ہے۔[۱]

پھر لوگ اپنی اپنی قبروں سے نکل آئیں گے، ان کی نگاہیں جھکی ہوئی اور چہروں پر ذلت کی سیاہی چھائی ہوئی ہوگی، اور پھر یہ پکارنے والے کی آواز پر دوڑتے ہوئے میدان محشر میں جمع ہو جائیں گے، اور خود کہیں گے کہ یہ دن تو ہمارے لیے بڑا سخت ثابت ہوا ہے، ابھی اگر یہ لوگ اس عظیم خبر کو بعید از امکان سمجھتے ہیں تو قوم نوح، قوم عاد وثمود، قوم لوط اور آل فرعون بھی اس حقیقت کو تسلیم نہیں کرتے تھے، ان کے غلط عقائد ونظریات اور اعمال بد کے باعث اللہ تعالیٰ نے ان پر دردناک عذاب نازل کیا اور بعد والی اقوام کے لیے انہیں نشان عبرت بنا دیا، اگر یہ لوگ اس حقیقت کو تسلیم نہیں کریں گے اور انہی جرائم کا ارتکاب کریں گے جن جرائم کا وہ ارتکاب کرتے تھے تو ان کا انجام بھی انہی اقوام جیسا ہی ہوگا، البتہ یہ لوگ مہلت کی ان گھڑیوں سے فائدہ اٹھا کر طاغوت کی بندگی سے توبہ کر کے اعمال صالحہ اختیار کر لیں تو اللہ تعالیٰ کے دامن رحمت میں انہیں خاص جگہ دی جائے گی۔

○ اگر یہ لوگ عقائد ونظریات اور اعمال میں سابقہ مغضوب اقوام کے نقش قدم پر ہی چلیں گے تو یہ لوگ کسی امتازی سلوک کے حقدار کیوں کر ہو سکتے ہیں؟ اللہ تعالیٰ نے تو ہر دور میں لوگوں کے لیے یکساں قوانین ہی رکھے ہیں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ہم نے قرآن کریم کو ذکر کے

---

[۱] صحیح بخاری كِتَابُ الطَّلَاقِ بَابُ اللِّعَانِ ۵۳۰۱، صحیح مسلم کتاب الْفِتَنِ وَأَشْرَاطِ السَّاعَةِ بَابُ قُرْبِ السَّاعَةِ ۷۴۰۲

لیے آسان بنادیا ہے کوئی ہے جو اس سے نصیحت حاصل کرے،اور اگر یہ لوگ اپنی جمعیت وقوت کے گھمنڈ میں دعوت حق قبول نہیں کرتے تو عنقریب ان کی جمعیت شکست کھائے گی اور یہ پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑے ہوں گے۔

○سورۂ کے اختتام پر فرمایا کہ قیامت اور عذاب کامشاہدہ تو ہر انسان کرتا ہے کہ جب کوئی آدمی مرجاتا ہے یا کوئی قوم اللہ کے عذاب کاشکار ہوتی ہے تو باقی رہنے والے لوگوں کے لیے یہ مشاہدہ باعث عبرت ہوتا ہے۔

○قیامت کے روز ہر شخص کو اس کانامہ اعمال تھما کر اس کی آخری منزل کی جانب روانہ کر دیا جائے گا، کفار ومشرکین اور منافقین کے لیے دہکتی ہوئی جہنم اور مومن ومتقی کے لیے انواع واقسام کی لازوال نعمتوں بھری جنت ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَ انْشَقَّ الْقَمَرُ ﴿۱﴾ وَ اِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَ يَقُوْلُوْا سِحْرٌ

’’قیامت قریب آگئی اور چاند پھٹ گیا،یہ اگر کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو منہ پھیر لیتے ہیں اور کہہ دیتے ہیں یہ پہلے سے چلا آتا ہوا

مُّسْتَمِرٌّ ﴿۲﴾ وَ كَذَّبُوْا وَ اتَّبَعُوْۤا اَهْوَآءَهُمْ وَ كُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ﴿۳﴾ وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ

جادو ہے،انہوں نے جھٹلایا اور اپنی خواہشوں کی پیروی کی اور ہر کام ٹھہرے ہوئے وقت پر مقرر ہے،یقیناً ان کے پاس

مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ﴿۴﴾ حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا

وہ خبریں آچکی ہیں جن میں ڈانٹ ڈپٹ (کی نصیحت) ہے،اور کامل عقل کی بات ہے لیکن ان ڈراونی باتوں نے

تُغْنِ النُّذُرُ ﴿۵﴾ (القمر ۱تا۵)

بھی کچھ فائدہ نہ دیا۔

عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، سَأَلَ أَبَا وَاقِدٍ اللَّيْثِيَّ: مَا كَانَ يَقْرَأُ بِهِ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْأَضْحَى وَالْفِطْرِ؟ فَقَالَ:كَانَ يَقْرَأُ فِيهِمَا بِ ق وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ، وَاقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب سے مروی ہے ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز عید الاضحیٰ اور عید الفطر کی نماز میں کیا پڑھتے تھے؟اور انہوں نے کہا کہ آپ ان میں سورۂ ق اور سورۂ القمر پڑھا کرتے تھے۔[1]

اسی طرح بڑی بڑی محفلوں میں بھی آپ ان دونوں سورتوں کی تلاوت فرمایا کرتے تھے،

[1] صحیح مسلم کتاب صلاة العیدین بَابُ مَا يُقْرَأُ بِهِ فِي صَلَاةِ الْعِيدَيْنِ ۲۰۵۹،سنن ابوداودکتاب الصلاة بَابُ مَا يُقْرَأُ فِي الْأَضْحَى وَالْفِطْرِ ۱۱۵۴،جامع ترمذی ابواب العیدین بَابُ الْقِرَاءَةِ فِي الْعِيدَيْنِ ۵۳۴،سنن نسائی کتاب صلاة العیدین بَابُ الْقِرَاءَةِ فِي الْعِيدَيْنِ بِقَافْ وَاقْتَرَبَتْ ۱۵۶۸،سنن ابن ماجہ کتاب اقامة الصلوةبَابُ مَا جَاءَ فِي الْقِرَاءَةِ فِي صَلَاةِ الْعِيدَيْنِ ۱۲۸۲

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ، وَنَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى حَتَّى ذَهَبَتْ فِرْقَةٌ مِنْهُ، خَلْفَ الْجَبَلِ قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:اشْهَدُوا

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، حذیفہ رضی اللہ عنہ اور جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک دن رات کے وقت جبکہ چودھویں کا چاند ابھی طلوع ہوا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منٰی میں تشریف فرما تھے، یکایک چاند پھٹا اور دو ٹکڑوں میں تقسیم ہو گیا اور دونوں ٹکڑے اس طرح الگ الگ ہوئے کہ ایک ٹکڑا جبل ابی قبیس اور دوسرا ٹکڑا جبل قعیقعان کی جانب نظر آیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے فرمایا دیکھو اور گواہ رہنا۔[1]

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ:انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ قُرَيْشٌ: هَذَا سِحْرُ ابْنِ أَبِي كَبْشَةَ، قَالَ: وَقَالُوا: انْتَظِرُوا مَا تَأْتِيكُمْ بِهِ السُّفَّارُ فَإِنَّ مُحَمَّدًا لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يَسْحَرَ النَّاسَ كُلَّهُمْ قَالَ: فَجَاءَ السُّفَّارُ فَقَالُوا ذَاكَ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں چاند دو ٹکڑے ہو گیا مگر قریش نے اپنی ہٹ دھرمی اور بغض وعناد کے سبب کہا یہ ابن ابی کبشہ کا جادو ہے، لیکن ان کے سمجھداروں نے کہا مان لو کہ ہم پر جادو کیا گیا ہے لیکن ساری دنیا پر تو جادو نہیں ہو سکتا اب ملک کے دوسرے حصے سے بھی لوگوں کو آنے دو اور ان سے دریافت کرو کہ کیا انہوں نے بھی اس رات چاند کو دو ٹکڑوں کی شکل میں دیکھا تھا چنانچہ بعد میں متعدد لوگوں نے بھی اس معجزے کی تصدیق کی مگر اہل مکہ نے پھر بھی پیغام ہدایت کو قبول نہ کیا اور اعراض کی روش برقرار رکھی۔[2]

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ،أَنَّ أَهْلَ مَكَّةَ سَأَلُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُرِيَهُمْ آيَةً، فَأَرَاهُمُ القَمَرَ شِقَّتَيْنِ، حَتَّى رَأَوْا حِرَاءً بَيْنَهُمَا

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اہل مکہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مطالبہ کیا کہ آپ انہیں کوئی نشانی دکھائیں، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں چاند دو ٹکڑے ہوتے ہوئے دکھایا حتی کہ مکہ والوں نے دیکھا کہ حراء چاند کے دونوں ٹکڑوں کے درمیان ہے۔[3]

عَن ابْن عَبَّاس فِي قَوْله {اقْتَرَبت السَّاعَة وَانْشَقَّ الْقَمَر} قَالَ:اجْتمع الْمُشْركُونَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُم الْوَلِيد بن الْمُغيرَة وَأَبُو جهل بن هِشَام والعاصي بن وَائِل والعاصي بن هِشَام وَالْأسود بن عبد يَغُوث وَالْأسود بن الْمطلب وَزَمعَة بن الْأسود وَالنضْر بن الْحَرْث فَقَالُوا للنَّبِي صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ كُنْتَ صَادِقًا فَشُقَّ لَنَا الْقَمَرَ فرْقَتَيْن نصفا على أبي قُبَيْس وَنصفا على قعيقعان، فَقَالَ لَهُم النَّبِي صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِن فعلت تؤمنوا قَالُوا: نعم ،وَكَانَت لَيْلَة بدر، فَسَأَلَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

---

[1] صحیح بخاری کتاب مناقب الانصار بَابُ انْشِقَاقِ القَمَرِ ۳۸۶۹، وتفسیرسورۂ القمر بَابُ وَانْشَقَّ القَمَرُ وَإِنْ يَرَوْا آيَةً يُعْرِضُوا ۴۸۶۴،صحیح مسلم کتاب صفات المنافقین بَابُ انْشِقَاقِ الْقَمَرِ ۷۰۷۲، جامع ترمذی کتاب تفسیرالقرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ القَمَرِ ۳۲۸۵ ، مسند احمد ۴۳۶۰،صحیح ابن حبان ۶۴۹۵

[2] مسندابوداودطیالسی ۲۹۳

[3] صحیح بخاری کتاب مناقب الأنصار بَابُ انْشِقَاقِ القَمَرِ ۳۸۶۸

ربه أن يُعْطِيهِ مَا سَأَلُوا فأمسى الْقَمَر قد مثل نصفا على أبي قبيس وَنصفا عَلَى قُعَيْقِعان،وَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَادي يَا أَبَا سَلمَة بن عبد الْأسد والأرقم بن أبي الأرْقم اشْهَدُوا

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ آیت کریمہ اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ کے بارے میں کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں مشرکین جن میں ولید بن مغیرہ،ابوجہل بن ہشام،عاص بن وائل،عاص بن ہشام،اسود بن عبد یغوث،اسود بن مطلب،زمعہ بن اسود اور نضر بن حرث شامل تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جمع ہوئے اور کہا اگر تم اپنے دعویٰ نبوت میں سچے ہو تو چاند کو دو ٹکڑے کر کے دیکھادو،ایک ٹکڑا کٹ کر جبل ابی قبیس پر اور دوسرا ٹکڑا کٹ کر جبل قعیقعان پر چلا جائے،نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں تمہارے مطالبہ کو پورا کر دوں تو کیا تم اسلام قبول کر لو گے؟ انہوں نے کہا ہاں ہم ایمان لے آئیں گے،وہ چودھویں کی چاند رات تھی،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب سے دعا کی کہ ان لوگوں کے مطالبہ کے مطابق چاند کو دو ٹکڑے کر دے چنانچہ چاند دو ٹکڑے ہو گیا اور اس کا ایک ٹکڑا جبل قبیس پر اور دوسرا ٹکڑا جبل قعیقعان پر چلا گیا،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پکار کر فرمایا اے ابوسلمہ بن عبدالاسد اور ارقم بن ارقم گواہ رہو۔[1]

اللہ تعالیٰ نے فرمایا دنیا کا زیادہ وقت بیت گیا اور قیامت کی گھڑی قریب آ گئی،اور چاند جیسا عظیم کرہ شق ہو کر دو ٹکڑے ہو گیا جو اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ زمین بھی شق ہو سکتی ہے اور افلاک کا سارا نظام درہم برہم ہو سکتا ہے،جیسے فرمایا:

اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ۝۱ [2]

آ گیا اللہ کا فیصلہ،اب اس کے لئے جلدی نہ مچاؤ۔

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۝۱ [3]

ترجمہ:قریب آ گیا ہے لوگوں کے حساب کا وقت اور وہ ہیں کہ غفلت میں منہ موڑے ہوئے ہیں۔

مگر مشرکین کا حال یہ ہے کہ خواہ کوئی صریح نشانی دیکھ لیں،ان کے دل اس حقیقت کو تسلیم کر لیں مگر پھر بھی تکذیب کرتے ہیں اور پچھلی قوموں کے ہم زبان ہو کر کہتے ہیں یہ تو جادو کا کرشمہ ہے،

عَنْ سَهْلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ هَكَذَا وَيُشِيرُ بِإِصْبَعَيْهِ فَيَمُدُّ بِهِمَا

سہل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اور قیامت اتنے نزدیک بھیجے گئے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دو انگلیوں کے اشارہ سے (اس نزدیکی کو) بتایا پھر ان دونوں کو پھیلایا۔[4]

عَن أَنَس؛ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ أَصْحَابَهُ ذَاتَ يَوْمٍ، وَقَدْ كَادَتِ الشَّمْسُ أَنْ تَغْرُبَ

---

[1] الدر المنثور فی التفسیر بالماثور ۶۷۱/۷

[2] النحل ۱

[3] الانبیاء ۱

[4] صحیح بخاری کتاب الرقاق بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ كَهَاتَيْنِ ۶۵۰۳،صحیح مسلم کتاب الفتن بَابُ قُرْبِ السَّاعَةِ ۷۴۰۳

فَلَمْ يَبْقَ مِنْهَا إِلَّا شِفٌّ يَسِيرٌ فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا بَقِيَ مِنَ الدُّنْيَا فِيمَا مَضَى مِنْهَا إِلَّا كَمَا بَقِيَ مِنْ يَوْمِكُمْ هَذَا فِيمَا مَضَى مِنْهُ، وَمَا نَرَى مِنَ الشَّمْسِ إِلَّا يَسِيرًا

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو خطبہ دیا جبکہ سورج کے ڈوبنے کا وقت تھوڑا سا ہی باقی رہ گیا تھا جس میں فرمایا اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے دنیا کے گزرے ہوئے حصے میں اور باقی ماندہ حصے میں وہی نسبت ہے جو اس دن کے گزرے ہوئے اور باقی بچے ہوئے حصے میں ہے، پھر جلد ہی سورج غروب ہو گیا۔ (۱)

عَنْ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالشَّمْسُ عَلَى قُعَيْقِعَانَ بَعْدَ الْعَصْرِ، فَقَالَ: مَا أَعْمَارُكُمْ فِي أَعْمَارِ مَنْ مَضَى، إِلَّا كَمَا بَقِيَ مِنَ النَّهَارِ فِيمَا مَضَى مِنْهُ

اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک مرتبہ ہم لوگ نماز عصر کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور سورج ابھی جبل قعیقعان پر تھا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا گذشتہ امتوں کی عمروں کے مقابلے میں تمہاری عمریں ایسی ہیں جیسے دن کا یہ باقی حصہ کہ گذشتہ حصے کی نسبت بہت تھوڑا ہے۔ (۲)

عَنْ خَالِدِ بْنِ عُمَيْرٍ الْعَدَوِيِّ، قَالَ: خَطَبَنَا عُتْبَةُ بْنُ غَزْوَانَ، فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ، فَإِنَّ الدُّنْيَا قَدْ آذَنَتْ بِصَرْمٍ وَوَلَّتْ حَذَّاءَ، وَلَمْ يَبْقَ مِنْهَا إِلَّا صُبَابَةٌ كَصُبَابَةِ الْإِنَاءِ، يَتَصَابُّهَا صَاحِبُهَا، وَإِنَّكُمْ مُنْتَقِلُونَ مِنْهَا إِلَى دَارٍ لَا زَوَالَ لَهَا، فَانْتَقِلُوا بِخَيْرِ مَا بِحَضْرَتِكُمْ، فَإِنَّهُ قَدْ ذُكِرَ لَنَا أَنَّ الْحَجَرَ يُلْقَى مِنْ شَفَةِ جَهَنَّمَ، فَيَهْوِي فِيهَا سَبْعِينَ عَامًا، لَا يُدْرِكُ لَهَا قَعْرًا، وَوَاللهِ لَتُمْلَأَنَّ، أَفَعَجِبْتُمْ؟ وَلَقَدْ ذُكِرَ لَنَا أَنَّ مَا بَيْنَ مِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَصَارِيعِ الْجَنَّةِ مَسِيرَةُ أَرْبَعِينَ سَنَةً، وَلَيَأْتِيَنَّ عَلَيْهَا يَوْمٌ وَهُوَ كَظِيظٌ مِنَ الزِّحَامِ

خالد بن عمیر العدوی کہتے ہیں عتبہ بن غزوان (امیر بصرہ) نے خطبہ فرمایا جس میں انہوں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کی اور پھر فرمایا امابعد دنیا کے خاتمہ کا اعلان ہو چکا ہے، یہ پیٹھ پھیر کر بھاگی جا رہی ہے اور جس طرح برتن کا کھانا کھالیا جائے اور کناروں میں کچھ باقی لگا لپٹا رہ جائے اسی طرح دنیا کی عمر کا کل حصہ نکل چکا ہے صرف برائے نام باقی رہ گیا ہے تم یہاں سے ایسے جہان کی طرف جانے والے ہو جسے فنا نہیں، پس تم سے جو ہو سکے بھلائیاں اپنے ساتھ لے کر جاؤ، سنو ہم سے ذکر کیا گیا ہے کہ جہنم کے کنارے سے ایک پتھر پھینکا جائے جو برابر ستر سال تک نیچے کی طرف جاتا رہے گا لیکن پیندے تک نہ پہنچے گا، اللہ کی قسم! جہنم کا یہ گڑھا انسانوں سے پر ہونے والا ہے، تم اس پر تعجب نہ کرو، اللہ کی قسم! ہم نے یہ بھی ذکر سنا ہے کہ جنت کی چوکھٹ کی دو لکڑیوں کے درمیان چالیس سال کا راستہ ہے اور وہ بھی ایک دن اس قدر پر ہو گی کہ بھیڑ بھاڑ نظر آئے گی۔ (۳)

---

(۱) مسند البزار ۷۴۴۲

(۲) مسند احمد ۵۹۶۶

(۳) صحیح مسلم كِتَابُ الزُّهْدِ وَالرَّقَائِقِ باب الدنیاسجن للمومن وجنة للكافر ۷۶۳۵

ان لوگوں نے بھی قیامت پر ایمان لانے کے بجائے اپنی خواہشات نفس ہی کی پیروی کی، جیسے فرمایا:

فَاِنۡ لَّمۡ یَسۡتَجِیۡبُوۡا لَکَ فَاعۡلَمۡ اَنَّمَا یَتَّبِعُوۡنَ اَهۡوَآءَهُمۡ ...﴿۵۰﴾ [۱]

ترجمہ: اب اگر وہ تمہارا یہ مطالبہ پورا نہیں کرتے تو سمجھ لو کہ دراصل یہ اپنی خواہشات کے پیرو ہیں۔

ہر کام کی ایک غایت اور انتہا ہے، وہ کام اچھا ہو یا برا بالآخر ایک دن اس کا نتیجہ ضرور نکلے گا، اچھے کام کا نتیجہ اچھا اور برے کام کا برا، اگر اللہ کی مشیت ہو تو اس نتیجے کا ظہور دنیا میں بھی ہو سکتا ہے ورنہ آخرت میں تو یقینی ہے، ان لوگوں کے سامنے پچھلی تباہ شدہ قوموں کے عبرت ناک حالات بیان کیے جا چکے ہیں، اگر کوئی ان سے سبق حاصل کر کے شرک ومعصیت سے بچنا چاہتا ہے تو بچ سکتا ہے مگر جس کے لئے اللہ نے شقاوت لکھ دی ہو اور اس کے دل پر مہر لگا دی ہو اس کو پیغمبروں کی تنبیہات کیا فائدہ پہنچا سکتی ہیں، جیسے فرمایا:

اِنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا سَوَآءٌ عَلَیۡهِمۡ ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ اَمۡ لَمۡ تُنۡذِرۡهُمۡ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۶﴾ [۲]

ترجمہ: جن لوگوں نے (ان باتوں کو تسلیم کرنے سے) انکار کر دیا ان کے لئے یکساں ہے خواہ تم انہیں خبردار کرو یا نہ کرو۔

ایک مقام پر فرمایا:

قُلۡ فَلِلّٰهِ الۡحُجَّةُ الۡبَالِغَةُ ۚ فَلَوۡ شَآءَ لَهَدٰىکُمۡ اَجۡمَعِیۡنَ ﴿۱۴۹﴾ [۳]

ترجمہ: پھر کہو (تمہاری اس حجت کے مقابلہ میں) حقیقت رس حجت تو اللہ کے پاس ہے، بے شک اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت دے دیتا۔

ایک مقام پر فرمایا:

...وَمَا تُغۡنِی الۡاٰیٰتُ وَالنُّذُرُ عَنۡ قَوۡمٍ لَّا یُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۰۱﴾ [۴]

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لانا ہی نہیں چاہتے ان کے لیے نشانیاں اور تنبیہیں آخر کیا مفید ہو سکتی ہیں؟۔

فَتَوَلَّ عَنۡهُمۡ ۘ یَوۡمَ یَدۡعُ الدَّاعِ اِلٰی شَیۡءٍ نُّکُرٍ ۙ﴿۶﴾ خُشَّعًا اَبۡصَارُهُمۡ

پس (اے نبی) تم ان سے اعراض کرو جس دن ایک پکارنے والا ناگوار چیز کی طرف پکارے گا، یہ جھکی آنکھوں

یَخۡرُجُوۡنَ مِنَ الۡاَجۡدَاثِ کَاَنَّهُمۡ جَرَادٌ مُّنۡتَشِرٌ ۙ﴿۷﴾ مُّهۡطِعِیۡنَ اِلَی الدَّاعِ

قبروں سے اس طرح نکل کھڑے ہوں گے کہ گویا وہ پھیلا ہوا ٹڈی دل ہے، پکارنے والے کی طرف دوڑتے ہوں گے

ؕ یَقُوۡلُ الۡکٰفِرُوۡنَ هٰذَا یَوۡمٌ عَسِرٌ ﴿۸﴾ (القمر ۶ تا ۸)

اور کافر کہیں گے کہ یہ دن تو بہت سخت ہے۔

---

[۱] القصص ۵۰

[۲] البقرة ۶

[۳] الانعام ۱۴۹

[۴] یونس ۱۰۱

پس اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ !ان لوگوں کو تمام معقول طریقوں سے سمجھایا جا چکا ہے، گزشتہ قوموں کے احوال بیان کیے جا چکے ہیں جو انکارِ حق کی تکذیب کے باعث نشانِ عبرت بنا دی گئیں، ان کے حال پر چھوڑ دو اور انہیں قیامت کے انتظار میں رہنے دو، جس روز اللہ تعالیٰ کے حکم سے اسرافیل علیہ السلام صور پھونکیں گے تو یہی لوگ دہشت ناک نگاہوں کے ساتھ اپنی قبروں سے نکل کر اس طرح پھیل جائیں گے گویا وہ بکھری ہوئی ٹڈیاں ہیں، اور میدانِ محشر کی طرف دوڑتے جا رہے ہوں گے اور وہی منکرین جو دنیا میں حیات بعد الموت، حساب کتاب اور جزا و سزا کا انکار کرتے تھے جب اس ہولناکی کو دیکھیں گے تو کہیں گے کہ یہ تو بڑا بھاری، وحشت ناک، ہولناک اور بے حد سخت دن ہے، جیسے فرمایا

فَذٰلِكَ يَوْمَىِٕذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ۙ﴿۹﴾ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ﴿۱۰﴾ [1]

ترجمہ: وہ دن بڑا ہی سخت دن ہوگا کافروں کے لئے ہلکا نہ ہوگا۔

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَ قَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّ ازْدُجِرَ ﴿۹﴾ فَدَعَا رَبَّهٗۤ

ان سے پہلے قوم نوح نے بھی ہمارے بندے کو جھٹلایا تھا اور دیوانہ بتلا کر جھڑک دیا گیا تھا، پس اس نے

اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿۱۰﴾ فَفَتَحْنَاۤ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ۫﴿۱۱﴾

اپنے رب سے دعا کی کہ میں بے بس ہوں تو میری مدد کر، پس ہم نے آسمان کے دروازوں کو زور کے مینہ سے کھول دیا

وَّ فَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰۤى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۚ﴿۱۲﴾ وَ حَمَلْنٰهُ

اور زمین سے چشموں کو جاری کر دیا پس اس کام کے لیے جو مقدر کیا گیا تھا (دونوں) پانی جمع ہو گئے، اور ہم نے اسے

عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّ دُسُرٍ ۙ﴿۱۳﴾ تَجْرِیْ بِاَعْيُنِنَا ۚ جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ﴿۱۴﴾

تختوں اور کیلوں والی کشتی پر سوار کر لیا جو ہماری آنکھوں کے سامنے چل رہی تھی، بدلہ اس کی طرف سے جس کا کفر کیا گیا تھا،

وَ لَقَدْ تَّرَكْنٰهَاۤ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۵﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِیْ وَ نُذُرِ ﴿۱۶﴾

اور بیشک ہم نے اس واقعہ کو نشانی بنا کر باقی رکھا پس کوئی ہے نصیحت حاصل کرنے والا بتاؤ میرا عذاب اور میری ڈرانے والی باتیں کیسی رہیں؟

وَ لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۷﴾ (القمر ۹ تا ۱۷)

اور بیشک ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان کر دیا ہے پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے۔

دیرینہ انداز کفر:

جس طرح آج یہ مکذبین تمہاری رسالت، قیامت اور اعمال کی جزا و سزا کو جھٹلاتے ہیں، تمہیں جھوٹا اور دیوانہ کہتے ہیں، اسی طرح قوم نوح علیہ السلام بھی اپنے زعم باطل میں رسالت، قیامت، حیات بعد الموت، حساب کتاب اور اعمال کی جزا و سزا کو جھٹلا چکی ہے، انہوں نے بھی

[1] المدثر ۱۰

ہمارے بندے ورسول کو جھوٹا اور دیوانہ قرار دیا تھا، اور اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ انہیں صاف طور پر ہمارے پیغمبر کو دھمکی دی کہ اگر تو اپنی دعوت سے باز نہ آیا تو ہم تجھے سنگسار کر دیں گے، جیسے فرمایا:

قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ یٰنُوْحُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِیْنَ ﴿۱۱۶﴾ [1]

ترجمہ: انہوں نے کہا اے نوح! اگر تو باز نہ آیا تو پھٹکارے ہوئے لوگوں میں شامل ہو کر رہے گا۔

جب ہر طرح کے دلائل اور ترغیبات کے باوجود قوم دعوت حق کو قبول کرنے اور اپنے خود ساختہ معبودوں کو چھوڑنے پر آمادہ نہ ہوئی، جیسے فرمایا

وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ۙ وَّلَا یَغُوْثَ وَیَعُوْقَ وَنَسْرًا ﴿۲۳﴾ [2]

ترجمہ: انہوں نے کہا ہرگز نہ چھوڑو اپنے معبودوں کو اور نہ چھوڑو ود اور سواع کو اور نہ یغوث اور یعوق اور نسر کو۔

تو آخر کار وہ اپنی قوم سے مایوس ہو گیا اور اس نے اپنی مغلوبیت کا اعتراف کرتے ہوئے اپنے رب کو پکارا کہ پروردگار! ان کے مقابلے میں میں ناتواں وضعیف ہوں اب تو میری مدد کر اور مجھے غلبہ عطا فرما، ہم نے اس کی دعا کو شرف قبولیت بخشا اور پھر ہم نے چالیس دن تک آسمان سے موسلادھار بارش کے دروازے کھول دیئے اور دجلہ وفرات کی زمین کو پھاڑ کر چشموں میں تبدیل کر دیا اور آسمان وزمین کے پانی نے مل کر وہ کام پورا کر دیا جو قضا وقدر میں لکھ دیا گیا تھا،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ} كَثِیرٍ لَمْ تُمْطِرِ السَّمَاءُ قَبْلَ ذَلِكَ الْیَوْمِ وَلَا بَعْدَهُ، وَلَا مِنَ السَّحَابِ؛ فُتِحَتْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ بِالْمَاءِ مِنْ غَیْرِ سَحَابٍ ذَلِكَ الْیَوْمَ، فَالْتَقَى الْمَاءَانِ عَلَى أَمْرٍ قَدْ قُدِرَ

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے آیت ’’پس ہم نے آسمانوں کے دروازوں کو زور کے مینہ سے کھول دیا۔‘‘ کے بارے میں روایت ہے مُنْهَمِرٍ کے معنی بہت زیادہ کے ہیں، اس سے پہلے یا بعد میں جب بھی پانی برسا تو بادلوں سے برسا لیکن اس دن بادلوں کے بغیر ہی آسمان کے دروازے کھول دیے گئے اور ایک مقررہ فیصلے کے مطابق آسمان وزمین کا پانی باہم مل گیا۔ [3]

اور عذاب کے وقت ہم نے نوح علیہ السلام کو اس کشتی پر سوار کر دیا جو طوفان سے پہلے ہماری ہدایت کے مطابق تختوں اور کیلوں کو جوڑ کر بنائی گئی تھی اور ہماری حفاظت میں پانی پر تیر رہی تھی اور باقی قوم کو غرق کر دیا، یہ اس شخص کی خاطر بدلہ لینے کے لئے کیا گیا جس کی دعوت کی تکذیب کی گئی تھی، اور اس کشتی کو ہم نے عبرت کی داستان بنا کر چھوڑ دیا جس کا وجود ایک بلند وبالا پہاڑ پر سینکڑوں ہزاروں برس تک لوگوں کو اللہ کے غضب سے خبردار کرتا رہا، پھر کوئی ہے، جیسے فرمایا

وَاٰیَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّیَّتَهُمْ فِی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا یَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ [4]

[1] الشعراء ۱۱۶

[2] نوح ۲۳

[3] الدر المنثور ۶۷۵/۷

[4] یٰسین ۴۱، ۴۲

ترجمہ: ان کے لئے یہ بھی ایک نشانی ہے کہ ہم نے اس کی نسل کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کر دیا اور پھر ان کے لئے ویسی ہی کشتیاں اور پیدا کیں جن پر یہ سوار ہوتے ہیں۔

ایک اور مقام پر فرمایا

إِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَاءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ﴿١١﴾ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ أُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ﴿١٢﴾ [1]

ترجمہ: جب پانی کا طوفان حد سے گزر گیا تو ہم نے تم کو کشتی میں سوار کر دیا تھا تا کہ اس واقعہ کو تمہارے لئے ایک سبق آموز یادگار بنا دیں اور یاد رکھنے والے کان اس کی یاد محفوظ رکھیں۔

عَنْ قَتَادَةَ، فِي قَوْلِهِ: {وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَا آيَةً} قَالَ: أَلْقَى اللَّهُ سَفِينَةَ نُوحٍ عَلَى الْجُودِيِّ حَتَّى أَدْرَكَهَا أَوَائِلُ هَذِهِ الْأُمَّةِ

قتادہ رحمہ اللہ آیت کریمہ ''اور بیشک ہم نے اس واقعہ کو نشانی بنا کر باقی رکھا۔'' کے بارے میں کہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام کی کشتی کو جودی پہاڑی پر باقی رکھا حتی کہ اس امت کے پہلے لوگوں نے بھی اسے دیکھا تھا۔ [2]

دیکھ لو میرے رسولوں کی تکذیب کرنے اور میری نصیحت سے سبق حاصل نہ کرنے والوں پر کیسا عذاب نازل کیا اور اپنے رسولوں کے دشمنوں سے کیسا بدلہ لیا تھا، اس قرآن کو جو اعجاز و بلاغت کے اعتبار سے نہایت اونچے درجے کی کتاب ہے مگر لوگوں کی ہدایت و رہنمائی کے لئے ہم نے اس کے مطالب و معانی کو سمجھنے کے لئے ہر طالب علم پر آسان بنا دیا ہے، پھر عذاب پر اصرار کرنے کے بجائے قرآن کے دلائل و براہین اور نصیحت سے فائدہ کیوں نہیں اٹھاتے، جیسے فرمایا

كِتٰبٌ أَنْزَلْنٰهُ إِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُوا الْأَلْبَابِ ﴿٢٩﴾ [3]

ترجمہ: یہ ایک بڑی برکت والی کتاب ہے جو (اے نبی!) ہم نے تمہاری طرف نازل کی ہے تا کہ یہ لوگ اس کی آیات پر غور کریں اور عقل و فکر رکھنے والے اس سے سبق لیں۔

فَإِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ﴿٩٧﴾ [4]

ترجمہ: پس اے نبی! اس کلام کو ہم نے آسان کر کے تمہاری زبان میں اسی لئے نازل کیا ہے کہ تم پرہیزگاروں کو خوشخبری دے دو اور ہٹ دھرم لوگوں کو ڈراؤ۔

كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَ نُذُرِ ﴿١٨﴾ إِنَّآ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا

قوم عاد نے بھی جھٹلایا پس کیسا ہوا میرا عذاب اور میری ڈرانے والی باتیں، ہم نے ان پر تیز و تند مسلسل چلنے والی ہوا ایک منحوس

[1] الحاقۃ ۱۲،۱۱

[2] تفسیر طبری ۵۸۲، ۲۲

[3] ص ۲۹

[4] مریم ۹۷

فِیۡ یَوۡمِ نَحۡسٍ مُّسۡتَمِرٍّ ﴿۱۹﴾ تَنۡزِعُ النَّاسَ ۙ کَاَنَّہُمۡ اَعۡجَازُ نَخۡلٍ مُّنۡقَعِرٍ ﴿۲۰﴾ فَکَیۡفَ

دن میں بھیج دی جو لوگوں کو اٹھا اٹھا کر دے پٹختی تھی گویا کہ وہ جڑ سے کٹے ہوئے کھجور کے تنے ہیں پس کیسی

کَانَ عَذَابِیۡ وَ نُذُرِ ﴿۲۱﴾ وَ لَقَدۡ یَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّکۡرِ فَہَلۡ مِنۡ مُّدَّکِرٍ ﴿۲۲﴾ (القمر ۱۸تا۲۲)

رہی میری سزا اور میرا ڈرانا، یقیناً ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا ہے پس کیا ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا۔

یمن کے ایک معروف قبیلے عاد نے بھی قیامت، حیات بعد الموت، حشر نشر اور اعمال کی جزا و سزا، دعوت حق اور ہمارے رسولوں کو جھٹلایا اور ہماری تنبیہات کی کوئی پرواہ نہ کی، جب وہ سرکشی میں حد سے گزر گئے تو ہم نے ایک بدبختی والے دن (کہتے ہیں بدھ کے دن عذاب نازل ہوا تھا) ان پر سخت ٹھنڈی اور طوفانی ہوا بھیج دی، ایک مقام پر فرمایا:

...فِیۡۤ اَیَّامٍ نَّحِسَاتٍ... ﴿۱۶﴾ [۱]

ترجمہ: چند منحوس دنوں میں۔

ایک مقام پر فرمایا:

سَخَّرَهَا عَلَيۡهِمۡ سَبۡعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوۡمًا... ﴿۷﴾ [۲]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے اس کو مسلسل سات رات اور آٹھ دن ان پر مسلط رکھا۔

یہ طوفانی ہوا مجرموں کو جنہیں اپنی قوت وطاقت پر بڑا گھمنڈ تھا اٹھا اٹھا کر زمین پر اس طرح پٹخ رہی تھی جیسے وہ جڑ سے اکھڑے ہوئے کھجور کے تنے ہوں، اور یہ عذاب اس وقت تک جاری رہا جب تک کہ پوری قوم ہلاک نہیں ہوگئی، پس دیکھ لو مجرمین پر میرا کیسا دردناک عذاب نازل ہوا جنہوں نے ہماری تنبیہات کی کوئی پرواہ نہ کی تھی، ہم نے اس قرآن کو نصیحت کے لئے آسان ذریعہ بنا دیا ہے پھر کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟

کَذَّبَتۡ ثَمُوۡدُ بِالنُّذُرِ ﴿۲۳﴾ فَقَالُوۡۤا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُہٗۤ ۙ اِنَّاۤ اِذًا لَّفِیۡ

قوم ثمود نے ڈرانے والوں کو جھٹلایا اور کہنے لگے کیا ہمیں میں سے ایک شخص کی ہم فرماں برداری کرنے لگیں؟ تب تو ہم

ضَلٰلٍ وَّ سُعُرٍ ﴿۲۴﴾ ءَاُلۡقِیَ الذِّکۡرُ عَلَیۡہِ مِنۡۢ بَیۡنِنَا بَلۡ ہُوَ

یقیناً غلطی اور دیوانگی میں پڑے ہوئے ہوں گے، کیا ہمارے سب کے درمیان صرف اسی پر وحی اتاری گئی؟ نہیں بلکہ وہ

کَذَّابٌ اَشِرٌ ﴿۲۵﴾ سَیَعۡلَمُوۡنَ غَدًا مَّنِ الۡکَذَّابُ الۡاَشِرُ ﴿۲۶﴾ اِنَّا مُرۡسِلُوا النَّاقَۃِ فِتۡنَۃً لَّہُمۡ

جھوٹا شیخی خور ہے، اب سب جان لیں گے کل کو کہ کون جھوٹا اور شیخی خور تھا؟ بیشک ہم ان کی آزمائش کے لیے اونٹنی بھیجیں گے،

---

[۱] حم السجدۃ۱۶

[۲] الحاقۃ۷

فَارْتَقِبْهُمْ وَ اصْطَبِرْ ﴿۲۷﴾ وَ نَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ﴿۲۸﴾

پس (اے صالح) تو ان کا منتظر رہ اور صبر کر، ہاں انہیں خبردار کر دے کہ پانی ان میں تقسیم شدہ ہے ہر ایک اپنی باری پر حاضر ہو گا،

فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ ﴿۲۹﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَ نُذُرِ ﴿۳۰﴾

انہوں نے اپنے ساتھی کو آواز دی جس نے (اونٹنی پر) وار کیا اور (اس کی) کوچیں کاٹ دیں پس کیونکر ہوا میرا عذاب اور میرا ڈرانا

اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوْا كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿۳۱﴾ وَ لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ

ہم نے ان پر ایک چیخ بھیجی پس ایسے ہو گئے جیسے باڑ بنانے والے کی روندی ہوئی گھاس، اور ہم نے نصیحت کے لیے قرآن

لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۳۲﴾ (القمر ۲۳تا۳۲)

کو آسان کر دیا پس کیا ہے کوئی جو نصیحت قبول کرے۔

فریب نظر کے شکار لوگ:

حجر کے علاقے میں آباد قوم ثمود نے بھی اللہ کی تنبیہات کو جھٹلایا اور شجر و حجر اور بتوں کے پجاری تکبر سے کہنے لگے کیا ہم اپنی ہی قوم کے ایک بشر کی پیروی کریں؟ جو انسانیت سے بالاتر نہیں، اگر ہم ایک بشر کی اتباع قبول کر لیں تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ ہم بہک گئے ہیں اور ہماری عقل ماری گئی ہے، کیا ہماری رہنمائی کے لئے اللہ تعالیٰ کی نظر انتخاب اس پر پڑی ہے جس کے ساتھ کوئی بڑا جتھا نہیں، جس کی کوئی شان وشوکت نہیں، ہرگز نہیں، بشر رسول نہیں ہوسکتا، رسول کے لئے تو کوئی فرشتہ ہونا چاہیے، اور ظالمانہ حکم لگایا کہ صالح علیہ السلام جس نے رسالت کا دعویٰ کیا ہے پرلے درجے کا جھوٹا اور برخود غلط ہے، ہم نے اپنے پیغمبر سے کہا بہت جلد انہیں معلوم ہو جائے گا کہ کون پرلے درجے کا جھوٹا اور برخود غلط ہے، ہم ان کے مطالبہ پر دن دھاڑے ان کی آنکھوں کے سامنے معجزانہ طور پر پہاڑ سے برآمد ایک گابھن اونٹنی کو ان کے لئے آزمائش اور امتحان کے طور پر بھیج رہے ہیں، اب ذرا صبر کے ساتھ دیکھ کہ یہ اپنے وعدے کے مطابق ایمان کا راستہ اختیار کرتے ہیں یا تکذیب کرتے ہیں، اور ان کو واضح طور پر آگاہ کر دے کہ ایک دن یہ اونٹنی اس کنوئیں سے پانی پیئے گی اور ایک دن قوم اور اس کے جانور اس سے پانی پییں گے اور اس روز صرف وہی پانی پر آئے گا جس کی باری ہو گی اور جس کی باری نہ ہو گی اس کے لئے پانی پر آنے کی ممانعت ہو گی، جیسے فرمایا:

قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۱۵۵﴾ [۱]

ترجمہ: صالح نے کہا یہ اونٹنی ہے ایک دن اس کے پینے کا ہے اور ایک دن تم سب کے پانی لینے کا۔

چنانچہ اللہ کی اونٹنی ایک مدت تک ان کی بستیوں میں دندناتی پھری اور کسی میں اتنی جرات نہ ہوتی تھی کہ اونٹنی کے پانی کے دن کنوئیں پر آئے، مگر آخر قوم اس بندش سے عاجز آگئی اور انہوں نے اپنے قبیلے کے بدترین آدمی قدار بن سالف کو اس اونٹنی کا قصہ تمام کرنے کے لئے بلایا،

---

[۱] الشعراء ۱۵۵

قَالَ الْمُفَسِّرُونَ: هُوَ عَاقِرُ النَّاقَةِ، وَاسْمُهُ قُدَار بْنُ سَالِفٍ، وَكَانَ أَشْقَى قَوْمِهِ. كَقَوْلِهِ: {إِذِ انْبَعَثَ أَشْقَاهَا} [1].

مفسرین نے لکھا ہے کہ اسی نے اونٹنی کی کونچیں کاٹی تھیں اس کا نام قدار ابن سالف تھا اور یہ اپنی قوم میں سب سے زیادہ بد بخت تھا، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا

اِذِ انۢبَعَثَ اَشۡقٰىهَا ۝۱۲ [2]

ترجمہ: جب اس قوم کا سب سے زیادہ شقی آدمی بپھر کر اٹھا۔ [3]

اور قوم کے بڑھاوے چڑھاوے دینے پر اس نے اونٹنی کا قصہ تمام کرنے کا بیڑا اٹھالیا، اور پھر اس بد بخت نے اونٹنی کی ٹانگیں کاٹ کر اسے ذبح کر دیا، پھر دیکھ لو ہم نے ان لوگوں پر کیسا دردناک عذاب نازل کیا جنہوں نے ہماری تنبیہات کا مذاق اڑایا تھا، ہم نے ان پر بس ایک سخت چنگھاڑ اور زلزلہ بھیجا جس سے پوری قوم ایک لحظہ میں باڑے والے کی روندی ہوئی باڑھ کی طرح بھس ہو کر رہ گئی، ہم نے اس قرآن کو نصیحت کے لئے آسان ذریعہ بنادیا ہے اب ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا۔

كَذَّبَتۡ قَوۡمُ لُوۡطٍۭ بِالنُّذُرِ ۝۳۳ اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ حَاصِبًا اِلَّاۤ اٰلَ لُوۡطٍ ؕ

قوم لوط نے بھی ڈرانے والوں کو جھٹلایا بیشک ہم نے ان پر پتھر برسانے والی ہوا بھیجی سوائے لوط (علیہ السلام) کے گھر والوں کے،

نَجَّيۡنٰهُمۡ بِسَحَرٍ ۝۳۴ نِّعۡمَةً مِّنۡ عِنۡدِنَا ؕ كَذٰلِكَ نَجۡزِىۡ مَنۡ شَكَرَ ۝۳۵ وَ لَقَدۡ

انہیں ہم نے سحر کے وقت نجات دی اپنے احسان سے، ہر ہر شکر گزار کو ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں، یقیناً (لوط (علیہ السلام))

اَنۡذَرَهُمۡ بَطۡشَتَنَا فَتَمَارَوۡا بِالنُّذُرِ ۝۳۶ وَ لَقَدۡ رَاوَدُوۡهُ

نے انہیں ہماری پکڑ سے ڈرایا تھا لیکن انہوں نے ڈرانے والے کے بارے میں (شک و شبہ اور) جھگڑا کیا اور ان (لوط (علیہ السلام))

عَنۡ ضَيۡفِهٖ فَطَمَسۡنَاۤ اَعۡيُنَهُمۡ فَذُوۡقُوۡا عَذَابِىۡ وَ نُذُرِ ۝۳۷

کو ان کے مہمانوں کے بارے میں پھسلایا پس ہم نے ان کی آنکھیں اندھی کر دیں اور کہہ دیا میرا ڈرانا اور میرا عذاب چکھو،

وَ لَقَدۡ صَبَّحَهُمۡ بُكۡرَةً عَذَابٌ مُّسۡتَقِرٌّ ۝۳۸ فَذُوۡقُوۡا عَذَابِىۡ

اور یقینی بات ہے کہ انہیں صبح سویرے ہی ایک جگہ پکڑنے والے مقررہ عذاب نے غارت کر دیا پس میرے عذاب اور

---

[1] الشَّمس: ١٢

[2] الشمس ۱۲

[3] تفسیر ابن کثیر ۷/۴۷۹

وَ نُذُرِ ﴿۳۹﴾ وَ لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۴۰﴾ (القمر ۳۳تا۴۰)

میرے ڈراوے کامزہ چکھو،اور یقیناً ہم نے قرآن کو پندوواعظ کے لیے آسان کر دیا ہے پس کیا کوئی ہے نصیحت پکڑنے والا۔

ہم جنس پرستوں کی ہلاکت وبربادی:

قوم لوط نے ہماری گرفت سے بے خوف ہو کر ڈرانے والوں کی تکذیب کی اور اپنے شرک اور فواحش پر جمے رہے، جس کی پاداش میں ہم نے ان کی بستیوں کو تلپٹ کر کے نچلے کو الٹ کر اوپر کر دیا اور پھران پر نشان زدہ کھنگر پتھروں کی بارش برسائی جس سے پوری قوم نشان عبرت بن گئی،اورصرف لوط علیہ السلام اور ان کی دو بیٹیاں اس عذاب سے محفوظ رہیں، جیسے فرمایا:

فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۶﴾ [1]

ترجمہ: پھر ہم نے ان سب لوگوں کو نکال لیا جو اس بستی میں مومن تھے،اور وہاں ہم نے ایک گھر کے سوا مسلمانوں کا کوئی گھر نہ پایا۔

ان کو ہم نے اپنے رحمت اور احسان سے رات کے آخری حصہ میں بچا کر نکال دیا تھا، جیسے فرمایا

قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ ... ﴿۸۱﴾ [2]

ترجمہ: تب فرشتوں نے اس سے کہا کہ اے لوط! ہم تیرے رب کے بھیجے ہوئے فرشتے ہیں، یہ لوگ تیرا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے بس تو کچھ رات رہے اپنے اہل وعیال کو لے کر نکل جا۔

اس طرح ہم ہراس شخص کو یہ جزا دیتے ہیں جو شکر گزار ہوتا ہے، لوط نے عذاب نازل ہونے سے پہلے اپنی قوم کو ہماری سخت گرفت سے ڈرایا تھا مگر انہوں نے کچھ پرواہ نہ کی اور ہماری تنبیہات کو مشکوک سمجھ کر مذاق اڑاتے رہے، پھر جب بھیجے گئے فرشتے (جبرائیل، میکائیل اور اسرافیل علیہ السلام) خوبرو نوجوانوں کی شکل وصورت میں لوط علیہ السلام کے پاس پہنچے اور قوم کو معلوم ہوا تو قوم دیوانہ وار لوط علیہ السلام کے گھر کی طرف دوڑ پڑی،اور لوط علیہ السلام سے مطالبہ کیا کہ ان نوجوانوں کو بدفعلی کے لئے ان کے سپرد کر دیا جائے، لوط علیہ السلام نے مہمانوں کی حفاظت کے پیش نظر ان لوگوں کی بڑی منت سماجت کی، مگر لاحاصل اور پھر انہوں نے گھر میں گھس کر زبردستی مہمانوں کو نکال لینے کی کوشش کی، یہ صورت دیکھ کر جبرائیل علیہ السلام نے اپنے پر کا ایک حصہ انہیں مارا جس سے ان کی آنکھوں کے ڈھیلے باہر نکل آئے،اور پھر صبح سویرے عذاب مستقر نازل ہوا، جس نے اس بدکار قوم کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا، چکھو اب میرے عذاب اور میری تنبیہات کا مزا، ہم نے اس قرآن کو نصیحت کے لئے آسان ذریعہ بنادیا ہے پس ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا۔

وَ لَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿۴۱﴾ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا فَاَخَذْنٰهُمْ

اور فرعونیوں کے پاس بھی ڈرانے والے آئے انہوں نے ہماری تمام نشانیاں جھٹلائیں پس ہم نے بڑے غالب قوی پکڑنے

[1] الذاریات ۳۵،۳۶

[2] ھود ۸۱

اَخۡذَ عَزِیۡزٍ مُّقۡتَدِرٍ ﴿۴۲﴾ اَکُفَّارُکُمۡ خَیۡرٌ مِّنۡ اُولٰٓئِکُمۡ اَمۡ لَکُمۡ بَرَآءَۃٌ

والے کی طرح پکڑ لیا (اے قریشیو!) کیا تمہارے کافران کافروں سے کچھ بہتر ہیں؟ یا تمہارے لیے اگلی کتابوں میں چھٹکارا

فِی الزُّبُرِ ﴿۴۳﴾ اَمۡ یَقُوۡلُوۡنَ نَحۡنُ جَمِیۡعٌ مُّنۡتَصِرٌ ﴿۴۴﴾ سَیُہۡزَمُ الۡجَمۡعُ وَ یُوَلُّوۡنَ الدُّبُرَ ﴿۴۵﴾

لکھا ہوا ہے؟ یا یہ کہتے ہیں کہ ہم غلبہ پانے والی جماعت ہیں، عنقریب یہ جماعت شکست دی جائے گی اور پیٹھ دے کر بھاگے گی،

بَلِ السَّاعَۃُ مَوۡعِدُہُمۡ وَ السَّاعَۃُ اَدۡہٰی وَ اَمَرُّ ﴿۴۶﴾ اِنَّ الۡمُجۡرِمِیۡنَ فِیۡ ضَلٰلٍ وَّ سُعُرٍ ﴿۴۷﴾

بلکہ قیامت کی گھڑی ان کے وعدے کے وقت ہے اور قیامت بڑی سخت اور کڑوی چیز ہے، بیشک گناہ گار گمراہی میں اور عذاب میں

یَوۡمَ یُسۡحَبُوۡنَ فِی النَّارِ عَلٰی وُجُوۡہِہِمۡ ؕ ذُوۡقُوۡا مَسَّ سَقَرَ ﴿۴۸﴾ (القمر ۴۱ تا ۴۸)

ہیں، جس دن وہ اپنے منہ کے بل آگ میں گھسیٹے جائیں گے (اور ان سے کہا جائے گا) دوزخ کی آگ لگنے کے مزے چکھو۔

سچائی کے دلائل سے اعراض کرنے والی قوم:

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کو واضح دلائل اور بڑے بڑے معجزات کے ساتھ فرعون اور اس کی قوم کی طرف بھیجا، موسیٰ علیہ السلام نے اپنی رسالت کی حقانیت وصداقت میں انہیں نو معجزے دکھائے مگر انہوں نے ہماری ساری نشانیوں کو جھٹلا دیا، تب اللہ تعالیٰ نے ان کو ایک غالب اور قدرت رکھنے والی ہستی کی مانند عذاب کی گرفت میں لے لیا، اور بنی اسرائیل کی آنکھوں کے سامنے فرعون کو اس کے سرداروں اور لشکروں سمیت سمندر میں غرق کر دیا تو اے اہل عرب! کیا تمہارے کفار ومشرکین کچھ قوم نوح، قوم عاد، قوم ثمود اور قوم فرعون سے بہتر ہیں؟ جب ان قوموں کو جو تعداد، قوت اور وسائل میں تم سے بڑھ کر تھے کفر وشرک، تکذیب اور ہٹ دھرمی کی پاداش میں عذاب الٰہی کے مستحق ٹھہرے اور انہیں صفحہ ہستی سے مٹا دیا گیا تو تم سلامتی کی کیوں امید لگائے بیٹھے ہو؟ جیسے فرمایا:

وَ کَمۡ اَہۡلَکۡنَا قَبۡلَہُمۡ مِّنۡ قَرۡنٍ ہُمۡ اَشَدُّ مِنۡہُمۡ بَطۡشًا فَنَقَّبُوۡا فِی الۡبِلَادِ ؕ ہَلۡ مِنۡ مَّحِیۡصٍ ﴿۳۶﴾ [1]

ترجمہ: ہم ان سے پہلے بہت سی قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں جو ان سے بہت زیادہ طاقتور تھیں اور دنیا کے ملکوں کو انہوں نے چھان مارا تھا پھر کیا وہ کوئی جائے پناہ پا سکے؟۔

جب تم بھی وہی روش اختیار کرو گے تو ہم تمہیں کیوں چھوڑ دیں گے؟ یا یہ بتلاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے سابقہ صحیفوں میں تمہارے ساتھ کوئی عہد اور میثاق کر رکھا ہے کہ کفر وشرک کے ساتھ اللہ کی زمین پر جو بد اعمالیاں چاہو کرتے رہو، ہم اس پر گرفت نہیں کریں گے؟ یا ان لوگوں کا گمان باطل یہ ہے کہ کثرت تعداد اور وسائل قوت کی وجہ سے اللہ کے عذاب سے اپنا بچاؤ کر لیں گے؟ ہرگز نہیں، اور اے نبی ﷺ! ببانگ دہل اعلان کر دو بہت جلد قریشیوں کا یہ مضبوط جتھا شکست فاش کھائے گا اور یہ سب میدان میں جم کر کھڑے ہونے کے بجائے پیٹھ

---

[1] ق ۳۶

پھیر کر بھاگتے نظر آئیں گے، چنانچہ اس پیش گوئی کے سات سال بعد غزوہ بدر برپا ہونے سے پہلے جب آپ ﷺ نے ساری رات رب کے سامنے بہت الحاح وزاری کر لی اور سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ہمراہ اپنے خیمہ سے باہر تشریف لائے تو آپ ﷺ کی زبان پر یہی آیت تھی

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ۝۴۵

ترجمہ: عنقریب یہ جتھا شکست کھاجائے گا اور یہ سب پیٹھ پھیر کر بھاگتے نظر آئیں گے۔ (۱)

اور پھر جب میدان جنگ سج گیا تو قریشیوں نے تعداد اور وسائل میں بہتر ہونے کے باوجود ہزیمت اٹھائی اور ظہر سے پہلے نہتے مسلمانوں کے ہاتھوں قریشیوں کے ستر روسائے شرک اور اساطین کفر قتل ہو چکے تھے اور کئی گرفتار بھی ہوئے، فرمایا دنیا کی اس ذلت آمیز سزا کے بعد اصل سخت سزائیں تو انہیں روز قیامت کو دی جائیں گی جن کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے اور قیامت کی وہ ساعت بڑی آفت اور زیادہ تلخ چیز ہے، یہ مجرمین جن کی عقل ماری گئی ہے درحقیقت غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ کوئی قیامت نہیں، اعمال کی کوئی جزاوسزا نہیں ہے مگر میدان محشر میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے بعد جب یہ مجرمین منہ کے بل جہنم کی طرف گھسیٹے جائیں گے، جیسے فرمایا:

وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰي وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ۭ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ۝۹۷ (۲)

ترجمہ: جس کو اللہ ہدایت دے وہی ہدایت پانے والا ہے اور جسے وہ گمراہی میں ڈال دے تو اس کے بعد ایسے لوگوں کے لیے تو کوئی حامی و ناصر نہیں پا سکتا، ان لوگوں کو ہم قیامت کے روز اوندھے منہ کھینچ لائیں گے اندھے، گونگے اور بہرے ان کا ٹھکانا جہنم ہے جب کبھی اس کی آگ دھیمی ہونے لگے گی ہم اسے اور بھڑکا دیں گے۔

اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰي وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰۗىِٕكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ۝۳۴ (۳)

ترجمہ: جو لوگ اوندھے منہ جہنم کی طرف دھکیلے جانے والے ہیں ان کا موقف بہت برا اور ان کی راہ حد درجہ غلط ہے۔

وَمَنْ جَاۗءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ... ۝۹۰ (۴)

ترجمہ: اور جو برائی لیے ہوئے آئے گا ایسے سب لوگ اوندھے منہ آگ میں پھینکے جائیں گے۔

اس روز ان سے کہا جائے گا اپنے کفر کے باعث اب جہنم کے غیض وغضب اور شدت عذاب کا مزا چکھو، جیسے فرمایا

وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝۱۸۱ (۵)

ترجمہ: (جب فیصلہ کا وقت آئے گا اس وقت) ہم ان سے کہیں گے کہ لو اب عذاب جہنم کا مزا چکھو۔

---

(۱) صحیح بخاری تفسیر سورۂ القمر بَابُ قَوْلِهِ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهَى وَأَمَرُّ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ ۴۸۷۷

(۲) بنی اسرائیل ۹۷

(۳) الفرقان ۳۴

(۴) النمل ۹۰

(۵) آل عمران ۱۸۱

إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَٰهُ بِقَدَرٍ ﴿٤٩﴾ وَمَآ أَمْرُنَآ إِلَّا وَٰحِدَةٌ

بیشک ہم نے ہر چیز کو ایک (مقررہ) اندازے سے پیدا کیا ہے، اور ہمارا حکم صرف ایک دفعہ (کا ایک کلمہ) ہی ہوتا

كَلَمْحٍۭ بِٱلْبَصَرِ ﴿٥٠﴾ وَلَقَدْ أَهْلَكْنَآ أَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ﴿٥١﴾ وَكُلُّ شَيْءٍ

ہے جیسے آنکھ کا جھپکنا، اور ہم نے تم جیسے بہتیروں کو ہلاک کر دیا ہے پس کوئی ہے نصیحت لینے والا، جو کچھ انہوں نے (اعمال)

فَعَلُوهُ فِى ٱلزُّبُرِ ﴿٥٢﴾ وَكُلُّ صَغِيرٍ وَكَبِيرٍ مُّسْتَطَرٌ ﴿٥٣﴾ إِنَّ ٱلْمُتَّقِينَ

کئے ہیں سب نامہ اعمال میں لکھے ہوئے ہیں، (اسی طرح) ہر چھوٹی بڑی بات لکھی ہوئی ہے، یقیناً ہمارا ڈر رکھنے والے

فِى جَنَّٰتٍ وَنَهَرٍ ﴿٥٤﴾ فِى مَقْعَدِ صِدْقٍ عِندَ مَلِيكٍ مُّقْتَدِرٍۭ ﴿٥٥﴾ (القمر ۴۹تا۵۵)

جنتوں اور نہروں میں ہوں گے راستی اور عزت کی بیٹھک میں، قدرت والے بادشاہ کے پاس۔

اور اللہ نے کوئی بھی چیز الل ٹپ پیدا نہیں کر دی ہے بلکہ اس نے ہر چیز کی ایک تقدیر مقرر کی ہے، جیسے فرمایا

...وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهُۥ تَقْدِيرًا ﴿٢﴾ [1]

ترجمہ: جس نے ہر چیز کو پیدا کیا پھر اس کی ایک تقدیر مقرر کی۔

سَبِّحِ ٱسْمَ رَبِّكَ ٱلْأَعْلَى ﴿١﴾ ٱلَّذِى خَلَقَ فَسَوَّىٰ ﴿٢﴾ وَٱلَّذِى قَدَّرَ فَهَدَىٰ ﴿٣﴾ [2]

ترجمہ: (اے نبی ﷺ) اپنے رب برتر کے نام کی تسبیح کرو جس نے پیدا کیا اور تناسب قائم کیا جس نے تقدیر بنائی پھر راہ دکھائی۔

جس کے مطابق وہ عمل کرتی اور ایک وقت مقررہ پر ختم ہو جاتی ہے، اسی عالمگیر ضابطہ کے مطابق اس کائنات کی بھی ایک تقدیر مقرر ہے اور ایک خاص وقت میں اس نے فنا ہو جانا ہے،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: جَاءَ مُشْرِكُو قُرَيْشٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَاصِمُونَهُ فِي الْقَدَرِ، فَنَزَلَتْ: {يَوْمَ يُسْحَبُونَ فِي النَّارِ عَلَى وُجُوهِهِمْ ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ} [3]

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے مشرکین قریش نبی کریم ﷺ کے پاس تقدیر کے بارے میں جھگڑا کرنے کے لیے آئے تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی" جس روز یہ منہ کے بل آگ میں گھسیٹے جائیں گے اس روز ان سے کہا جائے گا کہ اب چکھو جہنم کی لپٹ کا مزا، ہم نے ہر چیز ایک تقدیر کے ساتھ پیدا کی ہے۔" [4]

---

[1] الفرقان ۲

[2] الاعلیٰ ا تا ۳

[3] [القمر : ۴۹]

[4] مسند احمد ۹۷۳۶، صحیح مسلم کتاب الْقَدَرِ بَابُ كُلُّ شَيْءٍ بِقَدَرٍ ۲۸۵۱، جامع ترمذی أَبْوَابُ تَفْسِيرِ الْقُرْآنِ بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ الْقَمَرِ ۳۱۵۷، سنن ابن ماجه افتتاح الكتاب في الإيمان وفضائل الصحابة والعلم بَابٌ فِي الْقَدَرِ ۸۳، تفسیر طبری ۲۲/۶۰۵، الدر

عَنِ ابْنِ زُرَارَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ- صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- أَنَّهُ تَلا هَذِهِ الْآيَةَ: **ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ. إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ** ،قَالَ: نَزَلَتْ فِي أُنَاسٍ مِنْ أُمَّتِي يَكُونُونَ فِي آخِرِ الزَّمَانِ يُكَذِّبُونَ بِقَدَرِ اللَّهِ

زرارہ نے اپنے والد سے روایت کیا ہے نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اس آیت '' اب چکھو جہنم کی لپٹ کا مزا، ہم نے ہر چیز ایک تقدیر کے ساتھ پیدا کی ہے۔'' کی تلاوت فرمائی اور فرمایا یہ آیت میری امت کے ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے جو آخر زمانے میں ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کی تقدیر کی تکذیب کریں گے۔ [1]

عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاح، قَالَ: أَتَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ وَهُوَ يَنزع مِنْ زَمْزَمَ، وَقَدِ ابْتَلَّتْ أَسَافِلُ ثِيَابِهِ، فَقُلْتُ لَهُ: قَدْ تُكُلِّمَ فِي الْقَدَرِ. فَقَالَ: أَوَ [قَدْ] فعَلُوهَا؟ قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: فَوَاللَّهِ مَا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ إِلَّا فِيهِمْ: {**ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ. إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ**}، أُولَئِكَ شِرَارُ هَذِهِ الْأُمَّةِ، فَلَا تَعُودُوا مَرْضَاهُمْ وَلَا تُصَلّوا عَلَى مَوْتَاهُمْ، إِنْ رَأَيْتُ أَحَدًا مِنْهُمْ فَقَأْتُ عَيْنَيْهِ بِأُصْبُعَيَّ هَاتَيْنِ.

عطاابن ابر رباح سے روایت ہے میں عبد اللہ بن عباس رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا کی خدمت میں حاضر ہوا جب وہ زمزم کی طرف سے آرہے تھے ان کے کپڑوں کے نچلے حصے بھیگے ہوئے تھے، میں نے عرض کی تقدیر کے بارے میں گفتگو ہو رہی ہے، انہوں نے فرمایا کیا لوگوں نے یہ بات شروع کر دی ہے؟ میں نے عرض کی جی ہاں، انہوں نے فرمایا اللہ کی قسم! یہ آیت '' اب چکھو جہنم کی لپٹ کا مزا، ہم نے ہر چیز ایک تقدیر کے ساتھ پیدا کی ہے۔'' انہی لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے، یہ اس امت کے بدترین لوگ ہیں، ان کے بیماروں کی بیمار پرسی نہ کرو ان کے مردوں کا جنازہ نہ پڑھو اگر میں ان میں سے کسی کو دیکھوں تو اپنی ان دو انگلیوں کے ساتھ اس کی آنکھیں پھوڑ دوں۔ [2]

عَنْ نَافِعٍ قَالَ: كَانَ لِابْنِ عُمَرَ صَدِيقٌ مِنْ أَهْلِ الشَّأْمِ يُكَاتِبُهُ فَكَتَبَ إِلَيْهِ مَرَّةً عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ إِنَّهُ بَلَغَنِي أَنَّكَ تَكَلَّمْتَ فِي شَيْءٍ مِنَ الْقَدَرِ، فَإِيَّاكَ أَنْ تَكْتُبَ إِلَيَّ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:سَيَكُونُ فِي أُمَّتِي أَقْوَامٌ يُكَذِّبُونَ بِالْقَدَرِ

نافع سے مروی ہے عبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا کا شام میں ایک دوست تھا جو ان سے خط کتابت کرتا رہتا تھا، عبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا نے انہیں لکھا کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ تم تقدیر کے بارے میں گفتگو کرتے ہو لہذا میری طرف آئندہ کوئی خط نہ لکھنا کیونکہ میں نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے عنقریب میری امت میں کچھ لوگ ایسے ہوں گے جو تقدیر کی تکذیب کریں گے۔ [3]

عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:كُلُّ شَيْءٍ بِقَدَرٍ حَتَّى الْعَجْزُ وَالْكَيْسُ

المنثور ۶۸۳/۷

[1] تفسیر ابن ابی حاتم ۳۳۲۱/۱۰، الدر المنثور ۶۸۳/۷، المعجم الکبیر للطبرانی ۵۳۱۶، السلسلہ الصحیحۃ ۱۵۳۹

[2] السنن الکبری للبیہقی ۲۰۸۸۰، سلسلۃ الأحادیث الصحیحۃ ۲، تفسیر ابن ابی حاتم ۳۲۲۱/۱۰، الدر المنثور ۶۸۳/۷

[3] مسند احمد ۵۶۳۹، السنن الکبری للبیہقی ۲۰۸۸۱

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر چیز تقدیر کے ساتھ ہے حتی کہ عاجزی وعقل مندی بھی۔[1]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:الْمُؤْمِنُ الْقَوِيُّ، خَيْرٌ وَأَحَبُّ إِلَى اللهِ مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِيفِ، وَفِي كُلٍّ خَيْرٌ احْرِصْ عَلَى مَا يَنْفَعُكَ، وَاسْتَعِنْ بِاللهِ وَلَا تَعْجَزْ، وَإِنْ أَصَابَكَ شَيْءٌ، فَلَا تَقُلْ لَوْ أَنِّي فَعَلْتُ كَانَ كَذَا وَكَذَا، وَلَكِنْ قُلْ قَدَرُ اللهِ وَمَا شَاءَ فَعَلَ، فَإِنَّ لَوْ تَفْتَحُ عَمَلَ الشَّيْطَانِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قوی مسلمان، ضعیف مسلمان سے بہتر اور اللہ کے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے، اور ہر مسلمان خواہ وہ قوی ہو یا ضعیف اپنے اندر نیکی و بھلائی رکھتا ہے، جو چیز تمہیں دین و آخرت کے اعتبار سے نفع پہنچانے والی ہو اس کی حرص رکھو اللہ تعالیٰ سے مدد حاصل کرو اور عاجز و درماندہ نہ ہو اگر تمہیں کوئی تکلیف پہنچے تو یہ نہ کہو کہ اگر میں ایسے کرتا تو ایسے ہوتا بلکہ کہو یہ اللہ کی تقدیر ہے اور اس نے جو چاہا کیا پس بے شک (کلمہ) ''لو'' شیطانی عمل (کا دروازہ) کھول دیتا ہے۔[2]

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كُنْتُ خَلْفَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا، فَقَالَ: يَا غُلَامُ إِنِّي أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ، احْفَظِ اللَّهَ يَحْفَظْكَ، احْفَظِ اللَّهَ تَجِدْهُ تُجَاهَكَ، إِذَا سَأَلْتَ فَاسْأَلِ اللَّهَ، وَإِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللَّهِ، وَاعْلَمْ أَنَّ الأُمَّةَ لَوْ اجْتَمَعَتْ عَلَى أَنْ يَنْفَعُوكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَنْفَعُوكَ إِلاَّ بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللَّهُ لَكَ، وَلَوْ اجْتَمَعُوا عَلَى أَنْ يَضُرُّوكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَضُرُّوكَ إِلاَّ بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللَّهُ عَلَيْكَ، رُفِعَتِ الأَقْلاَمُ وَجَفَّتْ الصُّحُفُ.

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے میں ایک مرتبہ (سواری پر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے لڑکے میں تجھے چند کلمہ سکھاؤں، تو اللہ کو یاد رکھ اللہ تجھے یاد رکھے گا، تو اللہ کو یاد رکھ اللہ کو تو اپنے آس پاس گا، اور اپنی پریشانیوں اور مشکلات میں جب مانگے تو اللہ وحدہ لاشریک سے مانگ، اور جب مدد چاہے تو اللہ سے مدد مانگ، اور جان رکھ اگر تمام امت جمع ہو کر تجھے وہ نفع پہنچانا چاہے جو اللہ نے تیری قسمت میں نہیں لکھا تو نہیں پہنچا سکتی، اور اگر سب اتفاق کر کے تجھے کوئی نقصان پہنچانا چاہیں اور تیری تقدیر میں وہ نہ ہو تو نہیں پہنچا سکتے، قلمیں خشک ہو چکیں اور دفتر لپیٹ کر رکھ دیے گئے۔[3]

حَدَّثَنِي عُبَادَةُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ عُبَادَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عُبَادَةَ، وَهُوَ مَرِيضٌ أَتَخَايَلُ فِيهِ الْمَوْتَ فَقُلْتُ: يَا أَبَتَاهُ أَوْصِنِي وَاجْتَهِدْ لِي. فَقَالَ: أَجْلِسُونِي. فَلَمَّا أَجْلَسُوهُ قَالَ: يَا بُنَيَّ إِنَّكَ لَنْ تَطْعَمَ طَعْمَ الْإِيمَانِ، وَلَنْ تَبْلُغْ حَقَّ حَقِيقَةِ الْعِلْمِ بِاللَّهِ حَتَّى تُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ

[1] مسند احمد ۵۸۹۳، السنن الکبری للبیہقی ۲۰۸۸۲،صحیح مسلم کتاب الْقَدَرِ بَابُ كُلُّ شَيْءٍ بِقَدَرٍ ۶۸۵۱،تفسیرالقرطبی۱۴۷/۱۷،الدر المنثور ۶۸۴/۷

[2] صحیح مسلم کتاب الْقَدَرِ بَابٌ فِي الْأَمْرِ بِالْقُوَّةِ وَتَرْكِ الْعَجْزِ وَالِاسْتِعَانَةِ بِاللهِ وَتَفْوِيضِ الْمَقَادِيرِ لِلَّهِ۶۷۷۴،سنن ابن ماجه افتتاح الکتاب في الإيمان وفضائل الصحابة والعلم بَابٌ فِي الْقَدَرِ ۷۹

[3] جامع ترمذی ابواب صفة القیامة باب یدخلون الجنة بغیر حساب ۲۵۱۶، مسند احمد ۲۶۶۹، مسندابی یعلی۲۵۵۶

عبادہ بن ولید بن عبادہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے میرے والد نے بیان کیامیں (اپنے والد) عبادہ کے پاس گیاوہ مریض تھے اور میرا خیال تھا کہ انہیں پیغام موت آنے والاہے، میں نے عرض کی اباجان! مجھے وصیت کریں اور میری خاطر اچھی طرح وصیت فرمائیں، انہوں نے کہا کہ مجھے بیٹھادو جب انہیں اٹھاکر بٹھادیا گیا تو انہوں نے کہامیرے بیٹے! تم اس وقت تک ایمان کاذائقہ نہیں چکھ سکتے اور اللہ تعالیٰ کے بارے میں علم کی حقیقت کو نہیں پاسکتے حتی کہ اچھی بری تقدیر پر ایمان لاؤ،

قَالَ: قُلْتُ: يَا أَبَتَاهُ وَكَيْفَ لِي أَنْ أَعْلَمَ مَا خَيْرُ الْقَدَرِ مِنْ شَرِّهِ؟ قَالَ: تَعْلَمُ أَنَّ مَا أَخْطَأَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَكَ، وَمَا أَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ. يَا بُنَيَّ إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:إِنَّ أَوَّلَ مَا خَلَقَ اللَّهُ الْقَلَمُ، ثُمَّ قَالَ: اكْتُبْ فَجَرَى فِي تِلْكَ السَّاعَةِ بِمَا هُوَ كَائِنٌ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ " يَا بُنَيَّ إِنْ مِتَّ وَلَسْتَ عَلَى ذَلِكَ دَخَلْتَ النَّارَ

میں نے عرض کی اباجان! میں یہ کیسے معلوم کروں کہ اچھی بری تقدیر کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیاخوب جان لو کہ جو تمہیں حاصل نہیں ہوسکاوہ تمہیں حاصل ہو ہی نہیں سکتا تھااور جو تمہیں حاصل ہو گیاہے وہ تم سے خطاہو ہی نہیں سکتا تھا، اے میرے بیٹے! میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سناہے بے شک اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے قلم کو پیدافرمایااور اس سے ارشاد فرمایا کہ لکھو تو اسی لمحے قلم اس سب کچھ کے ساتھ چل پڑا جو قیامت تک ہونے والا تھا، بیٹا! اگر تم فوت ہو گئے اور تمہارا یہ عقیدہ نہ ہوا تو جہنم رسید ہو جاؤ گے۔[1]

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ:كَتَبَ اللهُ مَقَادِيرَ الْخَلَائِقِ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِخَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ، قَالَ: وَعَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ

عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سناہے اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کی تقدیر کو آسمان وزمین کی پیدائش کے پچاس ہزار برس پہلے لکھااس وقت پرودگار کاعرش پانی پر تھا۔[2]

اور قیامت کو برپاکرنے کے لئے ہمیں کسی وسائل کی ضرورت نہیں پڑے گی، جب ہم کسی چیز کو کرنے کاارادہ کرتے ہیں تو بس اپنی قدرت کاکلمہ کن کہتے ہیں اور پلک جھپکتے وہ عمل پوراہو جاتاہے، ہم نے تم سے پہلے تم جیسے بہت سے مکذبین کو ہم صفحہ ہستی سے مٹاکر نشان عبرت بناچکے ہیں، انسانی تاریخ تمہارے سامنے ہے پھر ان کے عبرت ناک انجام سے تم کوئی سبق حاصل نہیں کرتے؟ انہوں نے جو بھی اعمال کیے ہیں وہ کہیں غائب نہیں ہو گئے بلکہ سب ان کے نامہ اعمال میں محفوظ ہیں، اسی طرح ہر شخص، ہر گروہ اور ہر قوم کے تمام حقیر یا جلیل اعمال، اقوال وافعال لکھے ہوئے ہیں، اور ایک وقت مقررہ پر سامنے آجائیں گے،

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:يَا عَائِشَةُ إِيَّاكِ وَمُحَقَّرَاتِ الْأَعْمَالِ، فَإِنَّ لَهَا مِنَ اللَّهِ طَالِبًا

---

[1] مسند احمد ۲۲۷۰۵

[2] صحیح مسلم کتاب القدربَابُ حِجَاجِ آدَمَ وَمُوسَى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ۶۷۴۸، جامع ترمذی ابواب القدر باب ۱۳۸۹، ح ۲۱۵۶، شرح السنة للبغوی ۶۷

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ نے مجھے فرمایا اے عائشہ رضی اللہ عنہا! صغیرہ گناہ کو بھی ہلکا نہ سمجھو اللہ کی طرف سے اس کا بھی مطالبہ ہونے والا ہے۔ [1]

اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے پرہیز کرنے والے یقیناً مختلف اور متنوع باغات اور نہروں میں ہوں گے، جو سچی عزت واکرام کی جگہ ہے، جہاں گناہ کی بات ہوگی نہ لغویات کا ارتکاب، انہیں بڑے ذی اقتدار بادشاہ کا قرب حاصل ہوگا،

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُقْسِطُونَ عِنْدَ اللَّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى مَنَابِرَ مِنْ نُورٍ، عَنْ يَمِينِ الرَّحْمَنِ عَزَّ وَجَلَّ، كِلْتَا يَدَيْهِ يَمِينٌ، الَّذِينَ يَعْدِلُونَ فِي حُكْمِهِمْ، وَأَهْلِيهِمْ وَمَا وَلُوا

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ نے فرمایا انصاف کرنے والے روز قیامت رحمان کے دائیں جانب نور کے منبروں پر جلوہ افروز ہوں گے، اور رحمان کے دونوں دست مبارک دائیں ہیں، اور ان سے مراد وہ لوگ ہیں جو اپنے فیصلے، اپنے اہل وعیال اور جس منصب پر وہ فائز ہوں عدل وانصاف کرتے ہیں۔ [2]

---

[1] سنن ابن ماجه كتاب الزهدبَابُ ذِكْرِ الذُّنُوبِ۴۲۴۳،مصنف ابن ابى شيبة۳۴۳۳۷،مسنداحمد۲۴۴۱۵

[2] مسنداحمد۶۴۹۲، صحيح مسلم كِتَابُ الْإِمَارَةِ بَابُ فَضِيلَةِ الْإِمَامِ الْعَادِلِ، وَعُقُوبَةِ الْجَائِرِ، وَالْحَثِّ عَلَى الرِّفْقِ بِالرَّعِيَّةِ، وَالنَّهْيِ عَنْ إِدْخَالِ الْمَشَقَّةِ عَلَيْهِمْ۴۷۲۱،السنن الكبرى للنسائى ۵۸۸۵

۱۰ بعثتِ نبوی

عام الحزن یعنی غم کا سال

مضامین سورۃ الرحمٰن:

اللہ تعالیٰ کے ایک صفاتی نام کے آغاز کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی نعمت کبریٰ قرآن مجید کے شرف وعظمت اور اللہ کی کتاب ہونے کا تذکرہ ہے، یہ پہلی سورت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے انسانوں اور دوسری بااختیار مخلوق جنات کو براہ راست پر جوش انداز میں خطاب فرمایا ہے، اور دونوں کو اللہ تعالیٰ کی قدرت کے کمالات، اس کے بے حد وحساب احسانات، اس کے مقابلہ میں ان کی عاجزی و بے بسی اور اس کے حضور ان کی جوابدہی کا احساس دلا کر اس کی نافرمانی کے انجام بد سے ڈرایا گیا ہے اور فرمانبرداری کے بہترین نتائج سے آگاہ کیا گیا ہے، اس سورت میں قرآنی تعلیمات کو عین رحمت اور انسانیت کے لیے سراسر ہدایت ہونے کا بھی ذکر فرمایا گیا۔

اللہ تعالیٰ کی الوہیت اور توحید کو مختصر اور تھوڑے تھوڑے الفاظ میں خوبصورت، دلکش اور دلنشین انداز میں فرمایا۔

○ اس عظیم الشان کائنات کا نظام مشیت الٰہی اور اس کی تدبیر و قدرت ہی سے چل رہا ہے، کوئی چیز اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اختیار سے باہر نہیں، اور اللہ کے سوا کوئی دوسرا نہیں جس کی کائنات میں خدائی چل رہی ہو۔

○ اس کائنات کا سارا نظام متوازن اور عدل پر قائم ہے، اور فطرت کا تقاضا ہے کہ اس نظام کے اندر رہنے والے سارے افراد اپنے حدود اختیار میں عدل و توازن کے دائرے میں رہ کر زندگی گزاریں اور توازن نہ بگاڑیں۔

○ ان چیزوں کا ذکر فرمایا جن سے جن وانس فائدہ اٹھاتے ہیں، فرمایا یہ سبھی اشیاء اللہ رب العالمین نے اپنی قدرت وحکمت سے پیدا کی ہیں اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے جن وانس کے لیے مسخر کی گئی ہیں۔

○ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اس کائنات کی ہر شئے فنا ہونے والی ہے، فنا سے مبرا صرف اللہ وحدہ لاشریک کی ذات ہے جو ازلی وابدی ہے اور کائنات کی ہر شئے اپنے وجود اور ضروریات وجود کے لیے اس کی محتاج ہے۔

○ عنقریب وہ وقت آنے والا ہے جب ہر ذی اختیار مخلوق سے اس کے اعمال کی بابت باز پرس کی جائے گی اور ان کے اعمال کے مطابق ہی ان کا انجام ہوگا، روز قیامت اللہ تعالیٰ کے خصوصی انعامات متقین کو ملیں گے، کیونکہ یہ لوگ دنیا کی زندگی میں ہر عمل اس عقیدے کی بنا پر کیا کرتے تھے کہ روز جزا ہمارا خالق ہمارے ان اعمال کا بدلہ دے گا اور ظالموں، سرکشوں اور نافرمانوں کو جو اس روز کی ملاقات کو جھٹلاتے تھے آگ کے شعلے اور دھواں ملے گا جس میں وہ سانس بھی نہیں لے سکیں گے، انہیں پینے کے لیے کھولتا ہوا پانی دیا جائے گا جو ان کی انتڑیوں کو کاٹ کر رکھ دے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلرَّحۡمٰنُ ۙ﴿۱﴾ عَلَّمَ الۡقُرۡاٰنَ ؕ﴿۲﴾ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ ۙ﴿۳﴾ عَلَّمَہُ الۡبَیَانَ ﴿۴﴾ اَلشَّمۡسُ وَ الۡقَمَرُ

رحمٰن نے قرآن سکھایا، اسی نے انسان کو پیدا کیااور اسے بولنا سکھایا ،آفتاب اور مہتاب (مقررہ)

بِحُسۡبَانٍ ۪﴿۵﴾ وَّ النَّجۡمُ وَ الشَّجَرُ یَسۡجُدٰنِ ﴿۶﴾ وَ السَّمَآءَ رَفَعَہَا وَ وَضَعَ الۡمِیۡزَانَ ۙ﴿۷﴾ اَلَّا تَطۡغَوۡا

حساب سے ہیں اور ستارے اور درخت دونوں سجدہ کرتے ہیں،اسی نے آسمان کو بلند کیااور اسی نے ترازو رکھی تا کہ

فِی الۡمِیۡزَانِ ﴿۸﴾ وَ اَقِیۡمُوا الۡوَزۡنَ بِالۡقِسۡطِ وَ لَا تُخۡسِرُوا الۡمِیۡزَانَ ﴿۹﴾ (الرحمٰن ۱تا۹)

تولنے میں تجاوز نہ کرو،انصاف کے ساتھ وزن کوٹھیک رکھو اور تول میں کم نہ دو۔

مشرکین مکہ کہتے تھے کہ فلاں شخص رسول اللہ ﷺ کو یہ کلام سکھاتا ہے اور پھر آپ اسے اللہ کی منسوب کر کے سناتے ہیں، جیسے فرمایا

وَلَقَدۡ نَعۡلَمُ اَنَّہُمۡ یَقُوۡلُوۡنَ اِنَّمَا یُعَلِّمُہٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِیۡ یُلۡحِدُوۡنَ اِلَیۡہِ اَعۡجَمِیٌّ وَّ ہٰذَا لِسَانٌ عَرَبِیٌّ مُّبِیۡنٌ ﴿۱۰۳﴾ [1]

ترجمہ:ہمیں معلوم ہے یہ لوگ تمہارے متعلق کہتے ہیں کہ اس شخص کو ایک آدمی سکھاتا پڑھاتا ہے حالانکہ ان کا اشارہ جس آدمی کی طرف ہے اس کی زبان عجمی ہے اور یہ صاف عربی زبان ہے۔

اس کے جواب میں فرمایا کہ اس عظیم الشان کلام کے مصنف محمد ﷺ نہیں بلکہ الرحمٰن نے اپنے پیغمبر پر نازل کیا اور الفاظ و معنی کی تعلیم دے کر اپنے بندوں پر رحمت کی تکمیل کی ہے،اسی نے اپنی حکمت و مشیت کے تحت انسان کو پہلے پہل اسی شکل و صورت میں مٹی سے پیدا کیا اور پھر نطفہ سے اس کا سلسلہ بڑھایا، جیسے فرمایا:

قَالَ لَہٗ صَاحِبُہٗ وَ ہُوَ یُحَاوِرُہٗۤ اَکَفَرۡتَ بِالَّذِیۡ خَلَقَکَ مِنۡ تُرَابٍ ثُمَّ مِنۡ نُّطۡفَۃٍ ثُمَّ سَوّٰىکَ رَجُلًا ﴿ؕ۳۷﴾ [2]

ترجمہ:اس کے ہمسائے نے گفتگو کرتے ہوئے اس سے کہا کیا تو کفر کرتا ہے اس ذات سے جس نے تجھے مٹی سے اور پھر نطفے سے پیدا کیا اور تجھے ایک پورا آدمی بنا کر کھڑا کیا؟۔

یٰۤاَیُّہَا النَّاسُ اِنۡ کُنۡتُمۡ فِیۡ رَیۡبٍ مِّنَ الۡبَعۡثِ فَاِنَّا خَلَقۡنٰکُمۡ مِّنۡ تُرَابٍ ثُمَّ مِنۡ نُّطۡفَۃٍ ... ﴿۵﴾ [3]

ترجمہ:لوگو! اگر تمہیں زندگی بعد موت کے بارے میں کچھ شک ہے تو تمہیں معلوم ہو کہ ہم نے تم کو مٹی سے پیدا کیا ہے پھر نطفے سے۔

---

[1] النحل ۱۰۳

[2] الکہف ۳۷

[3] الحج ۵

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ... ﴿۱۱﴾ [۱]

ترجمہ: اللہ نے تم کو مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ سے۔

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ... ﴿۶۷﴾ [۲]

ترجمہ: وہی تو ہے جس نے تم کو مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے۔

اور اللہ نے اپنی بے شمار مخلوقات میں سے انسان کو اپنے مافی الضمیر کے اظہار کے لئے عقل وشعور، فہم وادراک، تمیز وارادہ اور بولنے کی صلاحیت بخشی، اور اللہ نے سورج جو اپنے مدار پر پچیس کروڑ سالوں میں ایک چکر مکمل کرتا ہے بالکل اسی طرح جس طرح ہماری زمین ایک سال میں سورج کے گرد ایسا چکر مکمل کرتی ہے گویا سورج کا ایک سال ہمارے پچیس کروڑ سالوں کے برابر ہے اور اس سے بھی بڑے اربوں کھربوں ستاروں اور چاند کو پیدا کیا، ان کو مسخر کیا اور ان کا ایک قانون وضابطہ مقرر فرمایا جس کے تحت وہ اپنی اپنی منزلوں کی طرف رواں دواں رہتے ہیں، اور اس میں کوئی تغیر رونما نہیں ہوتا ہے، جیسے فرمایا

فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ۚ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۹۶﴾ [۳]

ترجمہ: پردہ شب کو چاک کر کے وہی صبح نکالتا ہے اسی نے رات کو سکون کا وقت بنایا ہے اسی نے چاند اور سورج کے طلوع وغروب کا حساب مقرّر کیا ہے، یہ سب اسی زبردست قدرت اور علم رکھنے والے کے ٹھیرائے ہوئے اندازے ہیں۔۔

وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ۭ [۴]

ترجمہ: اور سورج، وہ اپنے محور پر گردش کرتا ہے یہ زبردست علیم ہستی کا باندھا ہوا حساب ہے۔

سورج، چاند، تارے اور کائنات کی ہر چھوٹی بڑی شئے اپنے رب کی مطیع فرمان اور اس کے قانون کے پابند ہیں، جیسے فرمایا

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَاۗبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ...ۭ ﴿۱۸﴾ [۵]

ترجمہ: کیا تم دیکھتے نہیں ہو کہ اللہ کے آگے سربسجود ہیں وہ سب جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، سورج اور چاند اور تارے اور پہاڑ اور درخت اور جانور اور بہت سے انسان۔

یعنی کائنات کی کوئی چھوٹی بڑی چیز بھی خودمختار نہیں اور نہ ہی کسی اور کی اس کائنات میں ساجھے داری ہے، کائنات میں صرف اللہ وحدہ لاشریک کی ہی حکومت ہے، اور وہی معبود حقیقی ہے لہذا یکسو ہو کر اسی کی بندگی کرو، اور اللہ نے ہی وسیع وعریض آسمان کو ارضی مخلوقات کے لئے بغیر ستونوں کے بلند کیا، جیسے فرمایا:

[۱] فاطر ۱۱

[۲] المومن ۶۷

[۳] الانعام ۹۶

[۴] یسین ۳۸

[۵] الحج ۱۸

اَللّٰهُ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ... ﴿۲﴾ [۱]

ترجمہ:وہ اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں کو ایسے سہاروں کے بغیر قائم کیا جو تم کو نظر آتے ہوں۔

اور کائنات کے پورے نظام کو عدل وانصاف پر قائم کر دیا اور لوگوں کو عدل وانصاف کا حکم دیا، جیسے فرمایا:

لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَیِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِیْزَانَ لِیَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ... ﴿۲۵﴾ [۲]

ترجمہ:ہم نے اپنے رسولوں کو صاف صاف نشانیوں اور ہدایات کے ساتھ بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب اور میزان نازل کی تا کہ لوگ انصاف پر قائم ہوں۔

اس کا تقاضا یہ ہے کہ تم بھی عدل وانصاف کے ساتھ زندگی گزارو، اور جب وزن کرو تو انصاف کے ساتھ ٹھیک ٹھیک تولو اور ترازو میں ڈنڈی نہ مارو، جیسے فرمایا

وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِیْمِ ﴿۱۸۲﴾ [۳]

ترجمہ: پیمانے ٹھیک بھرو اور کسی کو گھاٹا نہ دو۔

وَ الْاَرْضَ وَ ضَعَهَا لِلْاَنَامِ ﴿۱۰﴾ فِیْهَا فَاكِهَةٌ وَّ النَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ﴿۱۱﴾

اور اسی نے مخلوق کے لئے زمین بچھادی جس میں میوے ہیں اور خوشے والے کھجور کے درخت ہیں اور بھس والا اناج ہے

وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّیْحَانُ ﴿۱۲﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۳﴾ (الرحمٰن۱۰تا۱۳)

اور خشبو دار پھول ہیں، پس (اے انسانوں اور جنو!) تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں، احسانات اور قدرتوں کا ذکر فرمایا جن سے جن وانس دونوں فیضیاب ہوتے ہیں فرمایا اللہ نے ہی اپنی حکمت سے زمین کو سب مخلوق کے رہنے، بسنے اور زندگی بسر کرنے کے لئے ہموار فرش کی طرح بچھایا، جیسے فرمایا:

وَاِلَى الْاَرْضِ كَیْفَ سُطِحَتْ ﴿۲۰﴾ [۴]

ترجمہ:اور زمین کو نہیں دیکھتے کہ کیسے بچھائی گئی؟۔

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ﴿۶﴾ [۵]

ترجمہ: کیا یہ واقعہ نہیں ہے کہ ہم نے زمین کو فرش بنایا۔

---

[۱] الرعد۲

[۲] الحدید۲۵

[۳] الشعراء۱۸۲

[۴] الغاشیة۲۰

[۵] النبا۶

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ۙ﴿۱۹﴾ [۱]

ترجمہ: اور اللہ نے زمین کو تمہارے لیے فرش کی طرح بچھا دیا۔

جس میں انواع واقسام کے مختلف ذائقوں، خوشبوؤں اور رنگوں والے بکثرت لذیذ پھل اور میوہ جات ہیں، اور کھجور کے اونچے درخت ہیں جن کے پھل غلافوں میں لپٹے ہوئے ہیں، اس میں تمہاری اور جانوروں کی خوراک کے لئے طرح طرح کے دانہ اور بھوسے والے اجناس ہیں، اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتیں گنوا کر پوچھا پس اے جن وانس! تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ۙ﴿۱۴﴾ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۚ﴿۱۵﴾

اس نے انسان کو بجنے والی مٹی سے پیدا کیا جو ٹھیکری کی طرح تھی اور جنات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا،

فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۶﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ۚ﴿۱۷﴾

پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ وہ رب ہے دونوں مشرقوں کا اور دونوں مغربوں کا، پس

فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۸﴾ (الرحمٰن ۱۴تا۱۸)

(اے جنو اور انسانو!) تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟۔

انسان اور جن کی پیدائش میں اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت اور کاریگری کے آثار دکھائے، انسان کی تخلیق کے بارے میں فرمایا:

اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ۭ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ... ﴿۵۹﴾ [۲]

ترجمہ: عیسیٰ کی مثال آدم کی سی ہے کہ اللہ نے اسے مٹی سے پیدا کیا۔

ایک مقام پر فرمایا کہ انسان کی تخلیق گارے سے ہوئی۔

...وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ [۳]

ترجمہ: اور اس نے انسان کی تخلیق کی ابتدا گارے سے کی۔

ایک مقام پر فرمایا کہ تخلیق کی ابتدا لیس دار گارے سے ہوئی۔

...اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾ [۴]

ترجمہ: ان کو تو ہم نے لیس دار گارے سے پیدا کیا ہے۔

ایک مقام پر فرمایا انسان کی تخلیق اس گارے سے ہوئی جس میں بو پیدا ہو گئی تھی۔

---

[۱] نوح ۱۹

[۲] آل عمران ۵۹

[۳] السجدة ۷

[۴] الصافات ۱۱

وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنۡ صَلۡصَالٍ مِّنۡ حَمَاٍ مَّسۡنُوۡنٍ [۱]

ترجمہ: ہم نے انسان کو سڑی ہوئی مٹی کے سوکھے گارے سے بنایا۔

یعنی انسان کی تخلیق مٹی کے اس گارے سے ہوئی جو پڑے رہنے کی وجہ سے لیس دار ہوگیا اور پھر اس میں بو پیدا ہوگئی تھی، یہاں فرمایا ہم نے انسان کو پہلے پہل پکی ہوئی مٹی جیسے سوکھے سڑے ہوئے گارے سے بنایا اور جن کو آگ کے بلند ہونے والے شعلے سے پیدا کیا،

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:خُلِقَتِ الْمَلَائِكَةُ مِنْ نُورٍ، وَخُلِقَ الْجَانُّ مِنْ مَارِجٍ مِنْ نَارٍ، وَخُلِقَ آدَمُ مِمَّا وُصِفَ لَكُمْ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فرشتے نور سے بنائے گئے اور جن آگ کی لو سے اور آدم علیہ السلام اس سے جو قرآن میں بیان ہوا یعنی مٹی سے۔ [۲]

پس اے جن وانس! تمہاری یہ پیدائش اور پھر تم سے مزید نسلوں کو ایک حقیر پانی جیسے ست سے چلایا، جیسے فرمایا:

ثُمَّ جَعَلَ نَسۡلَهٗ مِنۡ سُلٰلَةٍ مِّنۡ مَّآءٍ مَّهِيۡنٍ ۚ ﴿۸﴾

ترجمہ: پھر اس کی نسل ایک ایسے ست سے چلائی جو حقیر پانی کی طرح کا ہے۔

یہ تخلیق اللہ کی قدرتوں میں سے ہے، پھر کیا تم اپنے رب کے عجائب قدرت کو جھٹلاؤ گے، اللہ جو دونوں مشرق اور دونوں مغرب کا سب کا مالک و پروردگار ہے، جیسے فرمایا

فَلَاۤ اُقۡسِمُ بِرَبِّ الۡمَشٰرِقِ وَالۡمَغٰرِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوۡنَ ۙ ﴿۴۰﴾ [۳]

ترجمہ: پس نہیں، میں قسم کھاتا ہوں مشرقوں اور مغربوں کے مالک کی، ہم اس پر قادر ہیں۔

رَبُّ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذۡهُ وَكِيۡلًا ﴿۹﴾ [۴]

ترجمہ: وہ مشرق ومغرب کا مالک ہے، اس کے سوا کوئی الٰہ نہیں ہے لہذا اسی کو اپنا وکیل بنالو۔

اور اسی نے یہ حکیمانہ نظام قائم کیا ہے یعنی سورج کا گرمیوں اور سردیوں کے مقامات طلوع وغروب کے مختلف ہونے کے اعتبار سے ذکر کیا ،پس اے جن وانس! تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے؟

مَرَجَ الۡبَحۡرَيۡنِ يَلۡتَقِيٰنِ ﴿۱۹﴾ بَيۡنَهُمَا بَرۡزَخٌ لَّا يَبۡغِيٰنِ ﴿۲۰﴾

اس نے دو دریا جاری کر دیئے جو ایک دوسرے سے مل جاتے ہیں، ان دونوں میں سے ایک آڑ ہے کہ اس سے بڑھ نہیں سکتے،

---

[۱] الحجر ۲۶

[۲] صحیح مسلم كِتَابُ الزُّهْدِ وَالرَّقَائِقِ بَابٌ فِي أَحَادِيثَ مُتَفَرِّقَةٍ ۷۴۹۵، مسند احمد ۲۵۱۹۴، صحیح ابن حبان ۶۱۵۵،شعب الایمان ۱۴۱،السنن الکبری للبیہقی ۱۷۷۰۹

[۳] المعارج ۴۰

[۴] المزمل ۹

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۱﴾ يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَ الْمَرْجَانُ ﴿۲۲﴾ فَبِاَيِّ

پس اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے، ان دونوں میں سے موتی اور مونگے برآمد ہوتے ہیں، پھر تم اپنے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۳﴾ وَ لَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿۲۴﴾

رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ اور اللہ ہی کی (ملکیت میں) ہیں جہاز جو سمندروں میں پہاڑ کی طرح بلند (چل پھر رہے)

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۵﴾ (الرحمٰن ۱۹ تا ۲۵)

ہیں، پس (اے انسانو اور جنو!) تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟۔

اور یہ بھی اللہ کی قدرت کا کرشمہ ہے کہ اس نے کھاری اور میٹھے دو سمندروں کو اکٹھا چھوڑ دیا کہ باہم مل جائیں، وہ میلوں دور تک اس طرح ساتھ ساتھ چلتے ہیں مگر وہ باہم نہیں ملتے کیونکہ اللہ نے اپنی قدرت سے ان کے درمیان ایک پردہ حائل کر دیا ہے جس سے وہ تجاوز نہیں کرتے، جیسے فرمایا:

وَهُوَ الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿۵۳﴾ [1]

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے دو سمندروں کو ملا رکھا ہے ایک لذیذ و شیریں، دوسرا تلخ و شور اور دونوں کے درمیان ایک پردہ حائل ہے، ایک رکاوٹ ہے جو انہیں گڈمڈ ہونے سے روکے ہوئے ہے۔

پس اے جن و انس! تم اپنے رب کی قدرت کے کن کن کرشموں کو جھٹلاؤ گے، اور یہ اس کی شان ربوبیت ہے کہ انسان کے ذوق و شوق کی تسکین کے لئے دونوں سمندروں سے کثرت سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں، جو زیب و زینت اور حسن و جمال کا مظہر ہیں، جیسے فرمایا

وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۖ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ [2]

ترجمہ: اور پانی کے دونوں ذخیرے یکساں نہیں ہیں ایک میٹھا اور پیاس بجھانے والا ہے، پینے میں خوشگوار اور دوسرا سخت کھاری کہ حلق چھیل دے مگر دونوں سے تم تر و تازہ گوشت حاصل کرتے ہو، پہننے کے لئے زینت کا سامان نکالتے ہو، اور اسی پانی میں تم دیکھتے ہو کہ کشتیاں اس کا سینہ چیرتی چلی جا رہی ہیں تا کہ تم اللہ کا فضل تلاش کرو اور اس کے شکر گزار بنو۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ: يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ ،قَالَ: إِذَا أَمْطَرَتِ السَّمَاءُ فَتَحَتِ الْأَصْدَافُ فِي الْبَحْرِ أَفْوَاهَهَا فَمَا وَقَعَ فِيهَا مِنْ قَطْرِ السَّمَاءِ فَهُوَ اللُّؤْلُؤُ

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے آیت کریمہ ''ان دونوں میں سے موتی برآمد ہوتے ہیں۔'' کے بارے میں روایت ہے جب آسمان سے

---

[1] الفرقان ۵۳

[2] فاطر ۱۲

بارش ہوتی ہے توسیپیاں سمندر میں اپنا منہ کھول دیتی ہیں ان میں بارش کے پانی کا جو قطرہ داخل ہوجائے وہ موتی بن جاتا ہے۔[1]
پس اے جن وانس!تم اپنے رب کی قدرت کے کن کن کمالات کو جھٹلاؤ گے؟اور یہ بھی اللہ ہی کی جلیل القدر نعمت واحسان ہے کہ اس نے پانی کو ان قواعد کا پابند کیا جن کی بدولت پہاڑوں کی طرح اونچے اٹھے ہوئے اور ٹنوں وزنی جہاز سمندروں میں مختلف ضروریات کے لئے اس کا سینہ چیرتے ہوئے چلتے ہیں،پس اے جن وانس!تم اپنے رب کے کن کن احسانات کو جھٹلاؤ گے۔

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿٢٦﴾ وَّ يَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَ الْاِكْرَامِ ﴿٢٧﴾

زمین پر جو ہیں سب فنا ہونے والے ہیں صرف تیرے رب کی ذات جو عظمت اور عزت والی ہے باقی رہ جائے گی،پھر تم

فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٨﴾ يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۭ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ﴿٢٩﴾

اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟سب آسمان وزمین والے اسی سے مانگتے ہیں ہر روز وہ ایک شان میں ہے،

فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٠﴾ (الرحمٰن۲۶تا۳۰)

پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟۔

اس کائنات کی کوئی چیز لافانی اور لازوال نہیں بلکہ ایک وقت مقررہ پر فنا ہونے والی ہے،اور صرف تیرے رب کی جلیل وکریم ذات ہی ابدی اور ازلی ہے،وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا اور یہ کائنات اس کی عظمت وکبریائی پر گواہی دے رہی ہے،جیسے فرمایا:

۔۔۔كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ۔۔۔ ﴿٨٨﴾[2]

ترجمہ: ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے سوائے اس کی ذات کے۔

پھر اس کائنات کے فنا ہوجانے کے بعد جن وانسانوں کو اعمال کی جوابدہی کے لئے دوبارہ پیدا کیا جائے گا اور اس مقصد کے لئے میدان محشر میں عدل وانصاف کا اہتمام کیا جائے گا،پھر نیکو کاروں کو جنت اور بدکاروں کو جہنم میں ڈال دیا جائے گا، کیونکہ یہ بھی کمالات قدرت ہیں اس لئے فرمایا پس اے جن وانس!تم اپنے رب کے کن کن کمالات کو جھٹلاؤ گے؟وہ ساری مخلوق سے بے نیاز اور بے پایاں جودوکرم کا مالک ہے ،کائنات کی تمام مخلوقات خواہ وہ فرشتے ہوں یا انبیاء واولیا ہوں،چاندسورج ہوں یا اور کوئی مخلوق سب اپنی حوائج کے لئے اس وحدہ لاشریک کے درکے محتاج ہیں اور اپنی حاجتیں اسی سے مانگ رہے ہیں،جب سب اللہ کے درکے سوالی ہیں اور اپنی ضروریات ومشکلات خود پوری نہیں کرسکتے تو تمہاری مشکل کشائی کیا کریں گے،اور وہ ہر وقت بندوں کے امور ومعاملات کی تدبیر میں مصروف ہے،

عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، {كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ} قَالَ:يُجِيبُ دَاعِيًا وَيُعْطِي سَائِلًا أَوْ يَفُكُّ عَانِيًاقیدی کورہائی دیتا أَوْ يَشْفِي سَقِيمًا

[1] تفسیرابن ابی حاتم ۳۳۲۴؍۱۰،تفسیر طبری ۳۶؍۲۳
[2] القصص ۸۸

عبید بن عمیر سے روایت ہے ”ہر روز وہ ایک شان میں ہے۔“ کے معنی یہ ہیں اس کی شان یہ ہے کہ وہ دعا کرنے والے کی دعا کو شرف قبولیت سے نوازتا ہے، مانگنے والے کو عطا فرماتا ہے اور بیمار کو شفا بخشتا ہے۔ (۱)

پس اے جن وانس! تم اپنے رب کی کن کن صفات حمیدہ کو جھٹلاؤ گے۔

سَنَفۡرُغُ لَكُمۡ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ﴿۳۱﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

(جنوں اور انسانوں کے گروہو!) عنقریب ہم تمہاری طرف پوری طرح متوجہ ہو جائیں گے، پھر تم اپنے رب کی کس

تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۲﴾ يٰمَعۡشَرَ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ اِنِ اسۡتَطَعۡتُمۡ

کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ اے گروہ جنات و انسان! اگر تم میں آسمانوں اور زمین میں کے کناروں

اَنۡ تَنۡفُذُوۡا مِنۡ اَقۡطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ فَانۡفُذُوۡا ؕ لَا تَنۡفُذُوۡنَ اِلَّا بِسُلۡطٰنٍ ﴿۳۳﴾ فَبِاَيِّ

سے باہر نکل جانے کی طاقت ہے تو نکل بھاگو! بغیر غلبہ اور طاقت کے تم نہیں نکل سکتے، پھر اپنے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۴﴾ يُرۡسَلُ عَلَيۡكُمَا شُوَاظٌ مِّنۡ نَّارٍ ۙ وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنۡتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾

رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ تم پر آگ کے شعلے اور دھواں چھوڑا جائے گا پھر تم مقابلہ نہ کرسکو گے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۶﴾ (الرحمٰن ۳۱ تا ۳۶)

پھر اپنے رب کی نعمتوں میں سے کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟۔

وعید و تہدید کے طور پر فرمایا اے گروہ جن وانس! جو میری زمین پر بوجھ بنے ہوئے ہو میں بہت جلد تمہاری خبر لینے کے لئے فارغ ہوا جاتا ہوں یعنی جو اعمال تم نے دنیا میں کیے ہیں ان کی جزا وسزا کا مقررہ وقت قریب آ گیا ہے، آج تم قیامت، حیات بعد الموت، حشر نشر، حساب کتاب اور جنت وجہنم کو بعید از امکان سمجھ کر اس کا مذاق اڑاتے ہو مگر جب تم سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھ لو گے اس وقت ہم دیکھ لیں گے کہ ہماری کس کس قدرت اور احسانات کو تم جھٹلاتے ہو، اے گروہ جن وانس! اگر تم اللہ کی تقدیر اور قضا سے بھاگ کر کہیں جاسکتے ہو تو بخوشی چلے جاؤ مگر تم بھاگ کر کہیں نہیں جاسکتے، بعض کہتے ہیں یہ میدان محشر میں کہا جائے گا جب کہ فرشتے چاروں جانب سات سات صفیں بنائے لوگوں کو گھیرے ہوئے ہوں گے اور انسان کہے گا بھاگنے کی جگہ کدھر ہے؟ جیسے فرمایا:

يَقُوۡلُ الۡاِنۡسَانُ يَوۡمَئِذٍ اَيۡنَ الۡمَفَرُّ ﴿۱۰﴾ كَلَّا لَا وَزَرَ ﴿۱۱﴾ اِلٰى رَبِّكَ يَوۡمَئِذِ الۡمُسۡتَقَرُّ ﴿۱۲﴾ ؕ (۲)

ترجمہ: اس وقت (مارے خوف وحیرت کے) یہی انسان کہے گا کہاں بھاگ کر جاؤں؟ ہرگز نہیں، وہاں کوئی جائے پناہ نہ ہوگی، اس روز تیرے

---

(۱) تفسیر طبری ۳۹، ۲۳

(۲) القیامۃ ۱۰ تا ۱۲

رب ہی کے سامنے جا کر ٹھہرنا ہو گا۔

تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے؟ اور اگر بھاگنے کی کوشش کرو گے بھی تو جہنم کے داروغے تم پر یکے بعد دیگرے آگ کا شعلہ اور دھواں چھوڑیں گے جس کا تم مقابلہ کر سکو گے اور نہ دفع کر سکو گے اور وہ تمہیں ہانک کر واپس لے آئیں گے، اے گروہ جن وانس! تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کا انکار کرو گے۔

فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿۳۷﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۸﴾ فَيَوْمَئِذٍ

پس جب کہ آسمان پھٹ کر سرخ ہو جائے جیسے کہ سرخ چمڑہ، پس تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ اس دن کسی انسان

لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿۳۹﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ

اور کسی جن سے اس کے گناہوں کی پرسش نہ کی جائے گی، پس تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ گناہ گار صرف حلیہ سے

بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ﴿۴۱﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۲﴾

ہی پہچان لیے جائیں گے اور ان کے پیشانیوں کے بال اور قدم پکڑ لیے جائیں گے، پس تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ

یہ ہے وہ جہنم جسے مجرم جھوٹا جانتے تھے، اس کے اور کھولتے ہوئے گرم پانی کے درمیان چکر

حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿۴۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۵﴾ (الرحمٰن ۳۷تا۴۵)

کھائیں گے، پس تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟۔

حشر کا ایک منظر:

ہنگامہ عظیم کے وقت کیا ہو گا جب عالم بالا کا نظم درہم برہم ہو جائے گا، سورج اور چاند بے نور ہو جائیں گے، جیسے فرمایا

وَخَسَفَ الْقَمَرُ ﴿۸﴾ وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ[1] ﴿۹﴾

ترجمہ: اور چاند بے نور ہو جائے گا اور چاند سورج ملا کر ایک کر دیے جائیں گے۔

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ[2] ﴿۱﴾

ترجمہ: جب سورج لپیٹ دیا جائے گا۔

یہ چمکتے ستارے بکھر جائیں گے، جیسے فرمایا:

---

[1] القیامۃ ۹،۸

[2] التکویر ۱

وَإِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ﴿٢﴾ [1]

ترجمہ:اور جب تارے بکھر جائیں گے۔

اور یہ بغیر ستونوں کا بلند و بالا نیلا آسمان پھٹ پڑے گا، جیسے فرمایا:

وَانْشَقَّتِ السَّمَاءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَاهِيَةٌ ﴿١٦﴾ [2]

ترجمہ:اس دن آسمان پھٹے گا اور اس کی بندش ڈھیلی پڑ جائے گی۔

إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ ﴿١﴾ [3]

ترجمہ:جب آسمان پھٹ جائے گا۔

إِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ [4] ﴿١﴾

ترجمہ:جب آسمان پھٹ پڑے گا۔

فرشتے زمین پر اتر آئیں گے اور آسمان نار جہنم کی شدت سے پگھل کر سرخ نری چمڑے کی طرح ہو جائے گا؟ آج تم لوگ اس ہنگامہ عظیم کو بعید از امکان کہتے ہو مگر جب تم یہ سب اپنی آنکھوں سے دیکھ لو گے تو اے جن وانس! اس وقت تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے؟اس روز ہر انس وجن کے ہاتھ میں اس کا نامہ اعمال تھما دیا جائے گا جس میں اس کا ہر چھوٹا بڑا عمل لکھا ہو گا، جیسے فرمایا

وَوُضِعَ الْكِتَابُ فَتَرَى الْمُجْرِمِينَ مُشْفِقِينَ مِمَّا فِيهِ وَيَقُولُونَ يَا وَيْلَتَنَا مَالِ هَٰذَا الْكِتَابِ لَا يُغَادِرُ صَغِيرَةً وَلَا كَبِيرَةً إِلَّا أَحْصَاهَا ۚ وَوَجَدُوا مَا عَمِلُوا حَاضِرًا ۗ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ أَحَدًا ﴿٤٩﴾ [5]

ترجمہ:اور نامہ اعمال سامنے رکھ دیا جائے گا اس وقت تم دیکھو گے کہ مجرم لوگ اپنی کتاب زندگی کے اندراجات سے ڈر رہے ہوں گے اور کہہ رہے ہوں گے کہ ہائے ہماری کم بختی! یہ کیسی کتاب ہے کہ ہماری کوئی چھوٹی بڑی حرکت ایسی نہیں رہی جو اس میں درج نہ کی گئی ہو، جو جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ سب اپنے سامنے حاضر پائیں گے اور تیرا رب کسی پر ذرا ظلم نہ کرے گا۔

اور اللہ تعالیٰ خود ماضی و مستقبل کا علم رکھتا ہے اس لئے کسی انس وجن سے اس کا گناہ پوچھنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی، صرف یہ جواب طلبی ہو گی کہ جب حق و باطل، نیک و بد راہ دونوں کو واضح کر دیا گیا تھا تو پھر یہ گناہ کیوں کیے تھے؟ جیسے فرمایا

هَٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُونَ ﴿٣٥﴾ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُونَ ﴿٣٦﴾ [6]

ترجمہ: یہ وہ دن ہے جس میں وہ نہ کچھ بولیں گے اور نہ انہیں موقع دیا جائے گا کہ کوئی عذر پیش کریں۔

[1] الانفطار ۲

[2] الحاقۃ ۱۶

[3] الانشقاق ۱

[4] الانفطار ۱

[5] الکہف ۴۹

[6] المرسلات ۳۶،۳۵

ایک آیت میں مجرموں کو بولنا اور ان سے حساب لیا جانا بھی بیان ہوا ہے، جیسے فرمایا

فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ [1]

ترجمہ: قسم ہے تیرے رب کی! ہم ضرور ان سب سے پوچھیں گے کہ تم کیا کرتے رہے ہو۔

پھر تم دونوں گروہ اپنے رب کے کن کن احسانات کا انکار کرتے ہو، جس طرح اہل ایمان کے چہرے تروتازہ اور ہشاش بشاش ہوں گے، اور ان کے اعضائے وضو چمکتے ہوں گے، اس طرح مجرموں کے چہرے سیاہ اور آنکھیں نیلگوں ہوں گی،

يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ... ﴿۱۰۶﴾ [2]

ترجمہ: جبکہ کچھ لوگ سرخ رو ہوں گے اور کچھ لوگوں کا منہ کالا ہوگا۔

ذلت و مسکنت ان کے چہروں پر برس رہی ہوگی، جیسے فرمایا

وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَاۗءُ سَيِّئَةٍۢ بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷﴾ [3]

ترجمہ: اور جن لوگوں نے برائیاں کمائیں ان کی برائی جیسی ہے ویسا ہی وہ بدلہ پائیں گے، ذلّت ان پر مسلّط ہوگی، کوئی اللہ سے ان کو بچانے والا نہ ہوگا ان کے چہروں پر ایسی تاریکی چھائی ہوئی ہوگی جیسے رات کے سیاہ پردے ان پر پڑے ہوئے ہوں، وہ دوزخ کے مستحق ہیں جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ... ﴿۴۳﴾ [4]

ترجمہ: ان کی نگاہیں نیچی ہوں گی ذلت ان پر چھا رہی ہوگی۔

خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ... ﴿۴۴﴾ [5]

ترجمہ: ان کی نگاہیں جھکی ہوئی ہوں گی، ذلت ان پر چھا رہی ہوگی۔

اس لئے وہ اپنے چہروں سے ہی پہچان لیے جائیں گے، داروغہ جہنم مجرموں کی گردنوں میں طوق ڈال کر ستر ہاتھ لمبی زنجیروں میں جکڑ دیں گے، جیسے فرمایا

خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ﴿۳۱﴾ ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ﴿۳۲﴾ [6]

ترجمہ: (حکم ہوگا) پکڑو اسے اور اس کی گردن میں طوق ڈال دو، پھر اسے جہنم میں جھونک دو، پھر اس کو ستر ہاتھ لمبی زنجیر میں جکڑ دو۔

---

[1] الحجر ۹۲،۹۳

[2] آل عمران ۱۰۶

[3] یونس ۲۷

[4] القلم ۴۳

[5] المعارج ۴۴

[6] الحاقة ۳۰تا۳۲

إِذِ الْأَغْلٰلُ فِيْٓ أَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ۭ يُسْحَبُوْنَ ۝ فِي الْحَمِيْمِ ۙ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ۝ [1]

ترجمہ: جب طوق ان کی گردنوں میں ہوں گے، اور زنجیریں جن سے پکڑ کر وہ کھولتے ہوئے پانی کی طرف کھینچے جائیں گے اور پھر دوزخ کی آگ میں جھونک دیے جائیں گے۔

اور پھر پیشانی کے بالوں اور پاؤں سے پکڑ پکڑ کر منہ کے بل گھسیٹے ہوئے جہنم میں ڈال دیں گے،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا فِي قَوْلِهِ: فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْأَقْدَامِ ،قَالَ: تَأْخُذُ الزَّبَانِيَةُ بِنَاصِيَتِهِ وَقَدَمَيْهِ، وَيُجْمَعُ فَيُكْسَرُ كَمَا يُكْسَرُ الْحَطَبُ فِي التَّنُّورِ

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے آیت کریمہ ''اور ان کے پیشانیوں کے بال اور قدم پکڑ لیے جائیں گے۔'' کے بارے میں روایت ہے مجرم کو اس کی پیشانی اور قدموں سے پکڑ کر اس طرح توڑ دیا جائے گا جس طرح ایندھن توڑ کر تنور میں ڈالا جاتا ہے۔ [2]

اس وقت تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے؟ اس وقت کہا جائے گا یہ وہی جہنم ہے جس کو مجرمین جھوٹ قرار دیا کرتے تھے، وہ کبھی جحیم میں جلائے جائیں گے اور کبھی حمیم پلائے جائیں گے، یعنی جب وہ پیاس کی شدت سے مجبور ہو کر پانی مانگیں گے تو دوزخ کے کارکن ان کو زنجیروں سے کھینچتے ہوئے ایسے چشموں کی طرف لے جائیں گے جن سے کھولتا ہوا پانی نکل رہا ہو گا اور پھر جب وہاں سے پی کر فارغ ہوں گے تو پھر وہ انہیں کھینچتے ہوئے واپس لے جائیں گے اور دوزخ کی آگ میں جھونک دیں گے۔ جیسے فرمایا:

تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۝ [3]

ترجمہ: کھولتے ہوئے چشمے کا پانی انہیں پینے کو دیا جائے گا۔

وہ کھولتا ہوا پانی ان کے چہروں کو جھلس اور آنتوں و پٹھوں کو کاٹ ڈالے گا، جیسے فرمایا:

وَسُقُوْا مَاۗءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَاۗءَهُمْ ۝ [4]

ترجمہ: اور جنہیں ایسا گرم پانی پلایا جائے گا جو ان کی آنتیں کاٹ دے گا۔

عَنْ قَتَادَةَ :يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ، قَالَ:أَنَى طَبْخُهَا مُنْذُ يَوْمِ خَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ

قتادہ رحمہ اللہ نے آیت کریمہ ''اس کے اور کھولتے ہوئے گرم پانی کے درمیان چکر کھائیں گے۔'' کے بارے میں کہا ہے اسے اللہ تعالیٰ نے اس وقت سے پکایا ہے جب سے اس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا ہے۔ [5]

وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ الْقُرَظِيُّ: يُؤْخَذُ الْعَبْدُ فيحرّكُ بِنَاصِيَتِهِ فِي ذَلِكَ الْحَمِيمِ حَتَّى يَذُوبَ اللَّحْمُ وَيَبْقَى الْعَظْمُ وَالْعَيْنَانِ فِي الرَّأْسِ

[1] المومن ۷۱،۷۲

[2] تفسیر ابن ابی حاتم ۱۰؍۳۳۲۵

[3] الغاشیة ۵

[4] محمد ۱۵

[5] تفسیر طبری ۲۳؍۵۵

محمد بن کعب قرظی کا قول ہے آدمی کو پیشانی سے پکڑ کر کھولتے ہوئے شدید ترین گرم پانی میں گھسیٹا جائے گا حتی کہ اس کا گوشت پگھل جائے گا اور سر کی ہڈیاں اور آنکھیں باقی رہ جائیں گی۔ [1]

عِيَاذًا بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ،

پھر اس وقت تم قیامت، حیات بعد الموت، حساب کتاب اور جہنم کا انکار کر سکو گے۔

وَ لِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿۴۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۷﴾

اور اس شخص کے لیے جو اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرا دو جنتیں ہیں، پس تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿۴۸﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۹﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ

(دونوں جنتیں) بہت سی ٹہنیوں اور شاخوں والی ہیں، پس تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ ان دونوں (جنتوں)

تَجْرِيٰنِ ﴿۵۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۱﴾ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿۵۲﴾

میں دو بہتے ہوئے چشمے ہیں، پس تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ ان دونوں جنتوں میں ہر قسم کے میووں کی دو قسمیں

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۳﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ بَطَآىِٕنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ

ہونگی، پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ جنتی ایسے فرشوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے جن کے استر دبیز ریشم

وَ جَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿۵۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۵﴾ فِيْهِنَّ

کے ہوں گے اور دونوں جنتوں کے میوے بالکل قریب ہوں گے، پس تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ وہاں

قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَ لَا جَآنٌّ ﴿۵۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

(شرمیلی) نیچی نگاہ والی حوریں ہیں جنہیں ان سے پہلے کسی جن و انس نے ہاتھ نہیں لگایا، پس اپنے پالنے والے کی کس کس

تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۷﴾ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَ الْمَرْجَانُ ﴿۵۸﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۹﴾

نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ وہ حوریں مثل یاقوت اور مونگے کے ہوں گی، پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿۶۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۱﴾ (الرحمٰن ۴۶ تا ۶۱)

احسان کا بدلہ احسان کے سوا کیا ہے، پس اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟۔

---

[1] تفسیر ابن کثیر ۷/۵۰۰

اہل جنت کے لئے انعام واکرام:

مجرموں کے ساتھ کیے جانے والے سلوک کے بعد اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے تقویٰ شعار لوگوں کی جزا کا ذکر فرمایا کہ ہر وہ شخص جو اپنے دل میں اپنے رب کے حضور پیش ہونے کا خوف رکھتا ہو، جو سرکشی و بغاوت کی راہ اختیار کرنے کے بجائے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتا ہو، جو حرام سے بچتا اور حلال پر اکتفا کرتا رہا ہو، اور اللہ کی مقررہ حدود کو پامال نہ کرتا ہو، جو خواہش نفسی اور دنیا فانی کی لذتوں کے پیچھے پڑکر آخرت کی فکر سے غافل نہ ہو گیا ہو بلکہ آخرت کی فکر زیادہ کرتا ہو، جیسے فرمایا

وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿۴۰﴾ [۱]

ترجمہ: اور جس نے اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے کا خوف کیا تھا اور نفس کو بری خواہشات سے باز رکھا تھا۔

ایسے شخص کے لئے صلہ میں دو مخصوص باغ ہیں جس میں اس کے قصر ہوں گے جن میں وہ اپنے متعلقین اور خدام کے ساتھ رہے گا،

عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: جَنَّتَانِ مِنْ فِضَّةٍ، آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيهِمَا، وَجَنَّتَانِ مِنْ ذَهَبٍ، آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيهِمَا، وَمَا بَيْنَ الْقَوْمِ وَبَيْنَ أَنْ يَنْظُرُوا إِلَى رَبِّهِمْ إِلَّا رِدَاءُ الْكِبْرِ، عَلَى وَجْهِهِ فِي جَنَّةِ عَدْنٍ

عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ (ابوموسیٰ اشعری) سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (جنت میں) دو باغ ہوں گے جن کے برتن اور تمام دوسری چیزیں چاندی کی ہوں گے اور دو دوسرے باغ ہوں گے جن کے برتن اور تمام دوسری چیزیں سونے کی ہوں گے اور جنت عدن سے جنتیوں کے اپنے رب کے دیدار میں کوئی چیز سوائے کبریائی کی چادر کے جو اس کے منہ پر ہوگی حائل نہ ہوگی۔[۲]

اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟

أَنَّ أَبَا ذَرٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ حَدَّثَهُ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ ثَوْبٌ أَبْيَضُ، وَهُوَ نَائِمٌ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ وَقَدِ اسْتَيْقَظَ، فَقَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ قَالَ: لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، ثُمَّ مَاتَ عَلَى ذَلِكَ إِلَّا دَخَلَ الجَنَّةَ قُلْتُ: وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ: وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ قُلْتُ: وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ: وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ قُلْتُ: وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ: وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ عَلَى رَغْمِ أَنْفِ أَبِي ذَرٍّ

ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آپ سفید کپڑے پہنے ہوئے سو رہے تھے، پھر میں حاضر ہوا تو آپ بیدار ہو چکے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس بندہ نے بھی کلمہ لاالٰہ الااللہ (اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں) کو مان لیا اور پھر اسی پر وہ مرا تو جنت میں جائے گا، میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! چاہے اس نے زنا کیا ہو، چاہے اس نے چوری کی ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چاہے اس نے زنا کیا ہو چاہے اس نے چوری کی ہو، اے اللہ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! چاہے اس نے زنا کیا ہو، چاہے اس نے چوری کی

---

[۱] النازعات ۴۰

[۲] صحیح بخاری تفسیرسورۂ الرحمٰن بَابُ قَوْلِهِ وَمِنْ دُونِهِمَا جَنَّتَانِ ۴۸۷۸ ، صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ إِثْبَاتِ رُؤْيَةِ الْمُؤْمِنِينَ فِي الْآخِرَةِ رَبَّهُمْ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى ۴۴۸، سنن ابن ماجہ کتاب السنة بَابٌ فِيمَا أَنْكَرَتِ الْجَهْمِيَّةُ ۱۸۶، مسنداحمد ۱۹۶۸۲، صحیح ابن حبان ۷۳۸۶، السنن الکبری للنسائی ۷۷۱۷، مسندابی یعلی ۷۳۳۱

ہو؟؟فرمایا چاہے اس نے زنا کیا ہو چاہے اس نے چوری کی ہو،میں نے (حیرت کی وجہ سے پھر)عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ! چاہے اس نے زنا کیا ہو، چاہے اس نے چوری کی ہو؟فرمایا چاہے اس نے زنا کیا ہو چاہے اس نے چوری کی ہو اگرچہ ابوالدرداء کی ناک خاک آلودہ ہو جائے۔[1]

ان کے سرسبز وشاداب درختوں کا سایہ گنجان اور گہرا ہو گا اور ہر شاخ اور ٹہنی اعلیٰ خوش ذائقہ پکے ہوئے پھلوں سے لدی ہوئی ہو گی، اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ دونوں باغوں میں دو چشمے رواں دواں ہیں،

وَالْحَسَنِ: تَجْرِيَانِ بِالْمَاءِ الزُّلَالِ، إِحْدَى الْعَيْنَيْنِ التَّسْنِيمُ وَالْأُخْرَى السَّلْسَبِيلُ.

حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک چشمہ کا نام تسنیم اور دوسرے کا سلسبیل ہے۔[2]

وقال عطية إِحْدَاهُمَا مِنْ مَاءٍ غَيْرِ آسِنٍ وَالْأُخْرَى مَنْ خَمْرٍ لَذَّةٍ لِلشَّارِبِينَ

عطیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک چشمہ نتھرے پانی کا اور دوسرا لذت والی بے نشے شراب کا۔[3]

جنتی ان چشموں سے جہاں چاہیں گے نہریں نکال کر لے جائیں گے، اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ دونوں باغوں میں انواع واقسام کے پھل دار درخت ہوں گے اور ہر پھل صورت، ذائقے، لذت اور خوشبو کے اعتبار سے دو قسم کے ہوں گے، اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ جنتی لوگ ان گھنے سایہ دار درختوں کے نیچے، جہاں مختلف انواع کے چشمے رواں دواں ہوں گے، ان کے کنارے ایسی مسندوں پر تکیے لگائے تمکنت کے ساتھ بیٹھے ہوں گے جن کے استر دبیز ریشم کے ہوں گے، اور باغوں کی ڈالیاں پھلوں سے اتنی جھکی ہوئی ہوں گی کہ جنتی انہیں بیٹھے بیٹھے یا لیٹے لیٹے توڑ سکیں گے، یا وہ ڈالیاں ازخود ان کی طرف جھک جائیں گی جیسے فرمایا:

قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ﴿۲۳﴾ [4]

ترجمہ: جس کے پھلوں کے گچھے جھکے پڑ رہے ہوں گے۔

وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ﴿۱۴﴾ [5]

ترجمہ: جنت کی چھاؤں ان پر جھکی ہوئی سایہ کر رہی ہو گی، اور اس کے پھل ہر وقت ان کے بس میں ہوں گے (کہ جس طرح چاہیں انہیں توڑ لیں)۔

اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ ان نعمتوں کے درمیان عفیفہ، پاکدامن اور حیادار حوریں ہوں گی جو اپنے خاوندوں کے علاوہ کسی پر نگاہ نہیں ڈالیں گی، اور جن کے جسم کو ان جنتیوں سے پہلے کسی انسان یا جن نے چھوا نہ ہو گا یعنی یہ باکرہ دوشیزائیں ہوں گی اور اس

[1] صحیح بخاری کتاب اللباس بَابُ الثِّيَابِ الْبِيضِ ۵۸۲۷،صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ مَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَمَنْ مَاتَ مُشْرِكًا دَخَلَ النَّارَ ۲۷۳، مسنداحمد۸۶۸۳، السنن الکبری للنسائی ۱۰۸۹۸،شرح السنة للبغوی ۵۱

[2] تفسیر القرطبی ۱۷۸؍۱۷

[3] تفسیرالبغوی۳۴۱؍۴،تفسیرالقرطبی۱۷۹؍۱۷

[4] الحاقة۲۳

[5] الدھر ۱۴

شوہر سے پہلے کسی کے تصرف میں آئی ہوئی نہ ہوں گی، اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ یہ حوریں اپنی صفائی، خوبی اور حسن میں یاقوت اور سفیدی و سرخی میں موتی یا مونگے کی طرح ہوں گی،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:أَوَّلُ زُمْرَةٍ تَلِجُ الجَنَّةَ صُورَتُهُمْ عَلَى صُورَةِ القَمَرِ لَيْلَةَ البَدْرِ، لاَ يَبْصُقُونَ فِيهَا، وَلاَ يَمْتَخِطُونَ، وَلاَ يَتَغَوَّطُونَ، آنِيَتُهُمْ فِيهَا الذَّهَبُ، أَمْشَاطُهُمْ مِنَ الذَّهَبِ وَالفِضَّةِ، وَمَجَامِرُهُمُ الأَلُوَّةُ، وَرَشْحُهُمُ المِسْكُ، وَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ، يُرَى مُخُّ سُوقِهِمَا مِنْ وَرَاءِ اللَّحْمِ مِنَ الحُسْنِ، لاَ اخْتِلاَفَ بَيْنَهُمْ وَلاَ تَبَاغُضَ، قُلُوبُهُمْ قَلْبٌ وَاحِدٌ، يُسَبِّحُونَ اللَّهَ بُكْرَةً وَعَشِيًّا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت میں داخل ہونے والے اول گروہ کے چہرے ایسے ہوں گے جیسے چودھویں رات کا چاند، نہ تو جنت میں انہیں تھوک آئے گا نہ ناک کی ریزش نہ پاخانہ، ان کے برتن سونے کے ہونگے، ان کی کنگھیاں سونے چاندی کی، اور ان کی انگیٹھیوں میں عود سلگتا رہے گا، ان کا پسینہ مشک (جیسا خوشبودار) ہوگا اور ہر ایک کی دو دو بیویاں ہوں گی لطافت حسن کی وجہ سے ان کی پنڈلیوں کا گودا گوشت کے اوپر سے دکھائی دے گا، اہل جنت کا آپس میں کوئی اختلاف نہ ہوگا اور نہ بغض و کدورت سب کے دل ایک ہوں گے، صبح و شام اللہ کی پاکی بیان کریں گے۔[1]

عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:إِنَّ الْمَرْأَةَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ لَيُرَى بَيَاضُ سَاقِهَا مِنْ سَبْعِينَ حُلَّةِ حَرِيرٍ، وَذَلِكَ أَنَّ اللَّهَ يَقُولُ: {كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ} [2]، فَأَمَّا الْيَاقُوتُ، فَإِنَّهُ حَجَرٌ لَوْ أَدْخَلْتَهُ سِلْكًا ثُمَّ اطَّلَعْتَ لَرَأَيْتَهُ مِنْ وَرَائِهِ

عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اہل جنت کی بیویوں میں سے ہر ایک ایسی ہے کہ ان کی پنڈلی کی سفیدی ستر ستر حلوں کے پہننے کے بعد بھی نظر آتی ہے یہاں تک کہ اندر کا گودا بھی جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے جیسا کہ وہ یاقوت اور مرجان ہوں، اور فرمایا دیکھو یاقوت ایک پتھر ہے لیکن قدرت نے اس کی صفائی اور جوت ایسی رکھی ہے کہ اس کے بیچ میں دھاگہ پرو دو تو باہر سے نظر آتا ہے۔[3]

عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: وَسَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَرَوْحَةٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، أَوْ غَدْوَةٌ، خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا وَلَقَابُ قَوْسِ أَحَدِكُمْ مِنَ الجَنَّةِ، أَوْ مَوْضِعُ قِيدٍ يَعْنِي سَوْطَهُ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا وَلَوْ أَنَّ امْرَأَةً مِنْ أَهْلِ الجَنَّةِ اطَّلَعَتْ إِلَى أَهْلِ الأَرْضِ لَأَضَاءَتْ مَا بَيْنَهُمَا، وَلَمَلَأَتْهُ رِيحًا، وَلَنَصِيفُهَا

---

[1] صحیح بخاری کتاب بدء الخلق بَابُ مَا جَاءَ فِي صِفَةِ الجَنَّةِ وَأَنَّهَا مَخْلُوقَةٌ ۳۲۴۵، صحیح مسلم کتاب الجنة وصفة نعیمها بَابُ أَوَّلُ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلَى صُورَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَصِفَاتُهُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ ۷۱۴۷، مسند احمد ۸۱۹۸

[2] الرحمن: ۵۸

[3] صحیح ابن حبان ۷۳۹۶،جامع ترمذی ابواب الجنة بَابٌ فِي صِفَةِ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ۲۵۳۳،تفسیر ابن ابی حاتم محققا۱۸۷۴۸،تفسیرقرطبی ۱۸۳؍۱۷

عَلَى رَأْسِهَا خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حمید کہتے ہیں میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ سے یہ بھی روایت کرتے ہوئے سنا کہ اللہ کی راہ میں صبح وشام کو تھوڑی دیر بھی چلنا تمام دنیا و مافیہا سے اچھا ہے اور بیشک جنت میں تمہارا ایک چھوٹا سا مقام جو ایک کمان یا ایک کوڑے کے برابر ہو تمام دنیا و مافیہا سے بہتر ہے اور اگر اہل جنت میں سے کوئی عورت زمین کی طرف رخ کرے تو وہ تمام فضا کو جو آسمان اور زمین کے بیچ میں ہے روشن کر دے گی اور اس کو خوشبو سے بھرے گی اور بے شک اس کا دوپٹہ جو اس کے سر پر ہے تمام دنیا و مافیہا سے اعلیٰ و افضل ہے۔[1]

تم لوگ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے، نیکی اور اطاعت الٰہی کا صلہ جنت اور اس کی نعمتوں کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے، جیسے فرمایا

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ... ﴿۲۶﴾ [2]

ترجمہ: جن لوگوں نے بھلائی کا طریقہ اختیار کیا ان کے لیے بھلائی ہو اور مزید فضل۔

پھر اے جنو اور انسانوں! تم اپنے رب کے کن کن اوصاف حمیدہ کا تم انکار کرو گے۔

وَ مِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿۶۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۳﴾ مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿۶۴﴾

اور ان کے سوا دو جنتیں اور ہیں، پس تم اپنے پرورش کرنے والے کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ جو دونوں گہری سبز سیاہی مائل

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۵﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿۶۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

ہیں، بتاؤ اب اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ ان میں دو (جوش سے) ابلنے والے چشمے ہیں، پھر تم اپنے رب کی

تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۷﴾ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّ نَخْلٌ وَّ رُمَّانٌ ﴿۶۸﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ ان دونوں میں میوے اور کھجور اور انار ہوں گے، کیا اب بھی رب کی کسی نعمت کی

تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۹﴾ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ﴿۷۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۱﴾

تکذیب کرو گے؟ ان میں نیک سیرت خوبصورت عورتیں ہیں، پس تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ﴿۷۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۳﴾

(گوری رنگت کی) حوریں جنتی خیموں میں رہنے والیاں ہیں، پس (اے انسانو اور جنو!) تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَ لَا جَآنٌّ ﴿۷۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

جھٹلاؤ گے؟ ان کو ہاتھ نہیں لگایا کسی انسان یا جن نے اس سے قبل، پس اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کے ساتھ تم

[1] صحيح بخاری كتاب الجهادبَابُ الحُورِ العِينِ، وَصِفَتِهِنَّ يُحَارُ فِيهَا الطَّرْفُ، شَدِيدَةُ سَوَادِ العَيْنِ، شَدِيدَةُ بَيَاضِ العَيْنِ ۲۷۹۶، مسند احمد ۱۳۶۰۳

[2] یونس ۲۶

تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٥﴾ مُتَّكِئِيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّ عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿٦٦﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

تکذیب کرتے ہو؟ سبز مسندوں اور عمدہ فرشوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے، پس (اے جنو اور انسانو!) تم اپنے رب کی

تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٧﴾ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَ الْاِكْرَامِ ﴿٦٨﴾ (الرحمٰن ۶۲ تا ۷۸)

کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ تیرے پروردگار کا نام بابرکت ہے جو عزت وجلال والا ہے۔

ان دو باغوں کے علاوہ دو باغ اور ہیں جو اصحاب یمین کے لئے ہیں اور پہلے دونوں باغوں سے شرف وفضل میں کم ہیں، اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ یہ دونوں باغ کثرت سیرابی کی وجہ سے گھنے سرسبز شاداب ہیں، اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ دونوں باغوں میں دو چشمے فواروں کی طرح ابلتے ہوئے ہیں، اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ ان میں بکثرت پھل دار کھجوریں اور انار کے درخت ہیں، اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ ان نعمتوں کے درمیان خوب سیرت اور حسن وجمال میں یکتا حوریں ہیں، اپنے رب کے کن کن انعامات کو جھٹلاؤ گے؟ جو جنتی خیموں میں مستور ہوں گی،

عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:إِنَّ فِي الجَنَّةِ خَيْمَةً مِنْ لُؤْلُؤَةٍ مُجَوَّفَةٍ، عَرْضُهَا سِتُّونَ مِيلًا، فِي كُلِّ زَاوِيَةٍ مِنْهَا أَهْلٌ مَا يَرَوْنَ الآخَرِينَ، يَطُوفُ عَلَيْهِمُ المُؤْمِنُونَ

ابوبکر بن عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں کھوکھلے موتیوں کے خیمے ہوں گے جن کا عرض ساٹھ میل ہوگا اس کے ہر کنارے پر مسلمان کی ایک بیوی ہوگی، ایک کنارے والی دوسرے کنارے والی کو نہیں دیکھ سکے گی، مومن ان سب کے پاس آتا جاتا رہے گا۔[1]

ایک روایت میں ہے خیمے کی بلندی تیس میل ہوگی،

عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قَيْسٍ الأَشْعَرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:الخَيْمَةُ دُرَّةٌ، مُجَوَّفَةٌ طُولُهَا فِي السَّمَاءِ ثَلاَثُونَ مِيلًا، فِي كُلِّ زَاوِيَةٍ مِنْهَا لِلْمُؤْمِنِ أَهْلٌ لاَ يَرَاهُمُ الآخَرُونَ

عبداللہ بن قیس الاشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (جنتیوں کا) خیمہ کیا ہے ایک موتی خولدار جس کی بلندی اوپر کو تیس میل تک ہے اس کے ہر کنارے پر مومن کی ایک بیوی ہوگی جسے دوسرے نہ دیکھ سکیں گے۔[2]

پس تم لوگ اپنے رب کے کن کن انعامات کو جھٹلاؤ گے؟ ان حوروں کو جنتیوں سے پہلے کبھی کسی انسان یا جن نے چھوا نہ ہوگا، اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ وہ جنتی ایسے تختوں پر تکیے لگا کر فروکش ہوں گے جس پر سبز رنگ کی مسندیں، غالیچے اور اعلیٰ قسم کے خوبصورت منقش فرش بچھے ہوں گے، اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ بڑی برکت والا ہے تیرے رب جلیل وکریم کا نام، یعنی اس کی بھلائی بہت بڑی اور بہت زیادہ ہے، وہ بڑے جلال، بزرگی اور اپنے اولیاء کے لئے اکرام وتکریم کا مالک ہے،

[1] صحیح بخاری کتاب تفسیرسورۂ الرحمٰن بَابُ حُورٌ مَقْصُورَاتٌ فِي الخِيَامِ ۴۸۷۹، وکتاب بدء الخلق بَابُ مَا جَاءَ فِي صِفَةِ الجَنَّةِ وَأَنَّهَا مَخْلُوقَةٌ ۳۲۴۳، صحیح مسلم کتاب الجنة بَابٌ فِي صِفَةِ خِيَامِ الْجَنَّةِ وَمَا لِلْمُؤْمِنِينَ فِيهَا مِنَ الْأَهْلِينَ ۷۱۵۸

[2] صحیح بخاری كِتَابُ بَدْءِ الخَلْقِ بَابُ مَا جَاءَ فِي صِفَةِ الجَنَّةِ وَأَنَّهَا مَخْلُوقَةٌ ۳۲۴۳

عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:أَلِظُّوا بِيَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

ربیعہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ذو الجلال والاکرام سے وابستہ ہو جاؤ۔ [۱]

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے سلام پھیرنے کے بعد اس قدر بیٹھا کرتے کہ یہ کلمات پڑھ سکیں اے اللہ! تو سلامتی والا ہے تیری ہی طرف سے سلامتی ہے تو بہت بابرکت ہے اے جلال و عزت کے مالک۔ [۲]

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَلَّمَ لَمْ يَقْعُدْ إِلَّا مِقْدَارَ مَا يَقُولُ:اللهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ، تَبَارَكْتَ ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے سلام پھیرنے کے بعد صرف اتنی ہی دیر بیٹھتے تھے کہ یہ کلمات کہہ لیں ”اے اللہ! تو سلام ہے (یعنی ہر قسم کے عیب اور نقص سے پاک ہے) اور تجھی سے (لوگوں کو) سلامتی ملتی ہے، اے احترام و عزت والے! تو بابرکت ہے۔“ [۳]

عَنْ جَابِرٍ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَصْحَابِهِ، فَقَرَأَ عَلَيْهِمْ سُورَةَ الرَّحْمَنِ مِنْ أَوَّلِهَا إِلَى آخِرِهَا فَسَكَتُوا، فَقَالَ: لَقَدْ قَرَأْتُهَا عَلَى الجِنِّ لَيْلَةَ الجِنِّ فَكَانُوا أَحْسَنَ مَرْدُودًا مِنْكُمْ، كُنْتُ كُلَّمَا أَتَيْتُ عَلَى قَوْلِهِ {فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ} قَالُوا: لاَ بِشَيْءٍ مِنْ نِعَمِكَ رَبَّنَا نُكَذِّبُ فَلَكَ الحَمْدُ.

جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف آئے اور سورت رحمن شروع سے آخر تک تلاوت فرمائی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم خاموش رہے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے یہ سورت جنوں کے سامنے پڑھی تھی تو ان لوگوں نے تم سے بہتر جواب دیا جب میں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد ”تم اپنے پروردگار کی کو کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔“ پر پہنچتا تھا تو وہ اس کے جواب میں کہتے تھے اے ہمارے پروردگار ہم تیری کسی نعمت کو نہیں جھٹلاتے، حمد تیرے ہی لئے ہے۔ [۴]

هَذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ، لاَ نَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيثِ الوَلِيدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ.قَالَ ابْنُ حَنْبَلٍ: كَأَنَّ زُهَيْرَ بْنَ مُحَمَّدٍ الَّذِي وَقَعَ بِالشَّامِ لَيْسَ هُوَ الَّذِي يُرْوَى عَنْهُ بِالعِرَاقِ، كَأَنَّهُ رَجُلٌ آخَرُ قَلَبُوا اسْمَهُ، يَعْنِي: لِمَا يَرْوُونَ عَنْهُ مِنَ الْمَنَاكِيرِ.وَسَمِعْت مُحَمَّدَ بْنَ إِسْمَاعِيلَ البُخَارِيَّ، يَقُولُ: أَهْلُ الشَّامِ يَرْوُونَ عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ مَنَاكِيرَ، وَأَهْلُ العِرَاقِ

---

[۱] مسند احمد ۱۷۵۹۶، السنن الکبری للنسائی ۷۶۶۹، سنن ابن ماجہ كِتَابُ النُّعُوتِ باب ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ۷۶۶۹

[۲] مسند احمد ۲۵۵۰۷، صحیح مسلم كِتَابُ الْمَسَاجِدِ وَمَوَاضِعِ الصَّلَاةَ بَابُ اسْتِحْبَابِ الذِّكْرِ بَعْدَ الصَّلَاةِ وَبَيَانِ صِفَتِهِ ۱۳۳۵، سنن ابوداود کتاب أَبْوَابِ الْوِتْرِ بَابُ مَا يَقُولُ الرَّجُلُ إِذَا سَلَّمَ ۱۵۱۲، جامع ترمذی أَبْوَابُ الصَّلَاةِ بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا سَلَّمَ ۲۹۸، السنن الکبری للنسائی ۹۸۴۴، سنن ابن ماجہ كِتَابُ إِقَامَةِ الصَّلَاةِ، وَالسُّنَّةُ فِيهَا بَابُ مَا يُقَالُ بَعْدَ التَّسْلِيمِ ۹۲۴

[۳] صحیح مسلم كِتَابُ الْمَسَاجِدِ وَمَوَاضِعِ الصَّلَاةَ بَابُ اسْتِحْبَابِ الذِّكْرِ بَعْدَ الصَّلَاةِ وَبَيَانِ صِفَتِهِ ۱۳۳۴، سنن ابوداود کتاب الوتر بَابُ مَا يَقُولُ الرَّجُلُ إِذَا سَلَّمَ ۱۵۱۲، جامع ترمذی ابواب الصلوۃ بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا سَلَّمَ ۲۹۸، سنن نسائی کتاب الافتتاح باب الذِّكْرُ بَعْدَ الِاسْتِغْفَارِ ۱۳۳۹، سنن ابن ماجہ کتاب اقامۃ الصلوۃ بَابُ مَا يُقَالُ بَعْدَ التَّسْلِيمِ ۹۲۴

[۴] جامع ترمذی کتاب تفسیر القرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ الرَّحْمَنِ ۳۲۹۱

يَرْوُونَ عَنْهُ أَحَادِيثَ مُقَارِبَةً.

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے ہم اس حدیث کو صرف ولید بن مسلم کی روایت سے جانتے ہیں، ولید بن مسلم زبیر بن محمد سے نقل کرتے ہیں۔ ابن حنبل کا خیال ہے کہ زبیر بن محمد وہ نہیں ہوں جو شام کی طرف گئے ہیں اور اہل عراق ان سے روایت کرتے ہیں بلکہ شاید کوئی اور ہیں لوگوں نے ان کا نام بدل دیا کیونکہ لوگ ان سے منکر احادیث روایت کرتے ہیں میں نے امام محمد بن اسماعیل بخاری رحمہ اللہ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ شام کے لوگ زبیر بن محمد منکر حدیثیں روایت کرتے ہیں اور اہل عراق ان میں سے ایسی احادیث نقل کرتے ہیں جو صحت کے قریب ہوتی ہیں۔

مضامین سورۂ ھود:

یہ سورت ان سورتوں میں سے ہے جن میں تنبیہ کا انداز کچھ زیادہ شدت اور سختی لئے ہوئے ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کچھ بڑھاپے کے آثار ظاہر ہونے لگے، کچھ بال سفید ہو گئے

عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُو بَكْرٍ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا شَيّبك؟قَالَ:شَيَّبَتْنِي هُودٌ، وَالْوَاقِعَةُ، وَعَمَّ يَتَسَاءَلُونَ، وَإِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ

تو عکرمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آپ پر تو بڑھاپا آنے لگا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے سورۂ ہود، واقعہ، النبا اور سورۂ الشمس نے بوڑھا کر دیا۔[1]

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:قَالَ أَبُو بَكْرٍ: يَا رَسُولَ اللهِ قَدْ شِبْتَ،قَالَ:شَيَّبَتْنِي هُودٌ، وَالوَاقِعَةُ، وَالمُرْسَلَاتُ، وَعَمَّ يَتَسَاءَلُونَ، وَإِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی اے اللہ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ بوڑھے ہو گئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ کو سورۂ ھود، سورۂ واقعہ، سورۂ المرسلات، سورۂ النبا اور سورۂ اذا الشمس کورت نے بوڑھا کر دیا (یعنی ان میں جو قیامت کی خبریں ہیں اور عذاب کی جو آیتیں ہیں ان سے میں بوڑھا ہو گیا ہوں)۔[2]

عَنْ عَبْدِ اللهِ،أَنَّ أَبَا بَكْرٍ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا شَيَّبَكَ؟ قَالَ: هُودٌ، وَالْوَاقِعَةُ

اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ پر تو بوڑھاپا آنے لگا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے سورۂ ھود اور الواقعہ نے بوڑھا کر دیا۔[3]

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ:قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَيَّبَتْنِي هُودٌ وأَخَوَاتُهَا: الْوَاقِعَةُ، وَالْحَاقَّةُ، وَإِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ

---

[1] مسند ابی یعلی ۱۰۷

[2] جامع ترمذی کتاب تفسیر القرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ الوَاقِعَةِ ۳۲۹۷

[3] المعجم الکبیر للطبرانی ۱۰۰۹۱

سہل بن سعد رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے ایک روایت میں ہے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا مجھے سورۂ ہود اور اس جیسی سورتوں مثلاً واقعہ، الحاقہ اور اذا الشمس کورت نے بوڑھا کر دیا ہے۔ [1]

اس سورہ میں دعوت، فہمائش اور تنبیہ کو مختصر لیکن زیادہ موثر اور مدلل انداز میں بیان کیا گیا۔

○ دعوت یہ ہے کہ شرک جو ظلم عظیم ہے سے باز آجاؤ، گزشتہ گناہوں سے توبہ کرو اور غیر اللہ کی بندگی سے تائب ہو کر اپنے معبود حقیقی اللہ کے بندے بنو اور اپنی دنیاوی زندگی کا سارا نظام آخرت کی جوابدہی کے احساس پر قائم کرو، ورنہ قیامت کے روز سخت عذاب میں مبتلا ہو گے۔

○ فہمائش یہ ہے کہ اس دنیا کی ظاہری چمک دمک سے دھوکا نہ کھاؤ جیسا کہ تم سے پہلے امتوں نے دھوکا کھایا اور اس میں الجھ کر انجام بد کو پہنچے، بطور امثال قوم نوح، قوم عاد، قوم ثمود، قوم لوط، اصحاب مدین، بنی اسرائیل اور فرعون کے کرداروں کو پیش کیا گیا اس لئے تم ہوش کے ناخن لو کہیں ایسا نہ ہو جائے کہ یہ چند گھڑیوں کی زندگی آخرت میں جو ہمیشہ کی زندگی ہے تمہاری ذلت کا سامان بن جائے۔

○ تنبیہ یہ ہے کہ ہم نے تمہیں مہلت کی جو چند گھڑیاں دی ہوئی ہیں یہ صرف تمہیں سوچنے اور سنبھلنے کا موقع فراہم کرنے کے لئے ہیں ورنہ جب ہمارا عذاب نازل ہوتا ہے تو کسی قسم کا رشتہ ناطہ کام نہیں آتا بلکہ ہر طرح کے رشتے ناطے اور رابطے ختم ہو جاتے ہیں اس وقت صرف رحمت الٰہی ہی کام دیتی ہے جو رب پر ایمان لانے والوں کے لئے مخصوص ہوتی ہے۔

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو استقلال واستقامت کا حکم دیا گیا اور مومنین کو حکم دیا گیا کہ تم دائرہ دین سے ذرا بھر بھی باہر مت نکلو اور کفار کی طرف مت جھکو، نماز کے اوقات کا ذکر کیا گیا، فرمایا قرآن مجید میں مومنوں کے لیے نصیحت ہے، اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے عمل سے غافل نہیں ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اُحۡكِمَتۡ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتۡ مِنۡ لَّدُنۡ حَكِيۡمٍ خَبِيۡرٍۙ ﴿۱﴾

الف، لام، را، یہ ایک ایسی کتاب ہے کہ اس کی آیتیں محکم کی گئی ہیں پھر صاف صاف بیان کی گئی ہیں ایک حکیم باخبر کی طرف سے،

اَلَّا تَعۡبُدُوۡۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنَّنِىۡ لَـكُمۡ مِّنۡهُ نَذِيۡرٌ وَّبَشِيۡرٌ ۙ ﴿۲﴾

یہ کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت مت کرو میں تم کو اللہ کی طرف سے ڈرانے والا اور بشارت دینے والا ہوں،

وَّاَنِ اسۡتَغۡفِرُوۡا رَبَّكُمۡ ثُمَّ تُوۡبُوۡۤا اِلَيۡهِ يُمَتِّعۡكُمۡ مَّتَاعًا حَسَنًا

اور یہ کہ تم لوگ اپنے گناہ اپنے رب سے معاف کراؤ پھر اس کی طرف متوجہ رہو، وہ تم کو وقت مقرر تک اچھا سامان (زندگی)

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤۡتِ كُلَّ ذِىۡ فَضۡلٍ فَضۡلَهٗ ؕ وَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنِّىۡۤ اَخَافُ عَلَيۡكُمۡ

دے گا اور ہر زیادہ عمل کرنے والے کو زیادہ ثواب دے گا، اور اگر تم لوگ اعراض کرتے رہے تو مجھ کو تمہارے لیے ایک

[1] المعجم الکبیر للطبرانی ۵۸۰۴

عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ۝ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ ہے، تم کو اللہ ہی کے پاس جانا ہے اور وہ ہر شے پر پوری قدرت رکھتا ہے،

اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ اَلَا حِيْنَ

یادر کھو وہ لوگ اپنے سینوں کو دوہرا کئے دیتے ہیں تا کہ اپنی باتیں (اللہ) سے چھپا سکیں، یادرکھو کہ وہ لوگ جس وقت

يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَ مَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ

اپنے کپڑے لپیٹتے ہیں وہ اس وقت بھی سب جانتا ہے جو کچھ چھپاتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں، بالیقین وہ دلوں کے

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ وَ مَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَ يَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا

اندر کی باتیں جانتا ہے، زمین پر چلنے پھرنے والے جتنے جاندار ہیں سب کی روزیاں اللہ تعالیٰ پر ہیں، وہی ان کے رہنے سہنے

وَ مُسْتَوْدَعَهَا ؕ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ (ھود ۱تا۶)

کی جگہ کو جانتا ہے اور ان کے سونپے جانے کی جگہ کو بھی، سب کچھ واضح کتاب میں موجود ہے۔

تعارف قرآن کریم:

الف۔لام۔را، یہ وہ پاکیزہ وعظیم کتاب ہے جس کی آیتیں الفاظ ونظم کے اعتبار سے اتنی محکم اور پختہ ہیں کہ ان کی ترکیب اور معنی میں کوئی خلل نہیں، اور اس میں احکام وشرائع، مواعظ وقصص، عقائد وایمانیات اور آداب واخلاق کو گنجلک اور مبہم طور پر نہیں بلکہ ہر بات کو وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے، اس کتاب کی نظیر پچھلی کتابوں میں نہیں ملتی، جسے ایک حکمت والی اور تمام امور ومعاملات سے باخبر ہستی نے نازل کیا ہے، اس کی دعوت وہی ہے جو ہر پیغمبر پیش کرتا رہا ہے کہ تم اللہ وحدہ لاشریک جو تمام بحر وبر کی مخلوقات کا خالق، مالک اور رازق ہے کے سوا کسی کی بندگی واطاعت نہ کرو، جیسے فرمایا

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ۝۲۵ [۱]

ترجمہ: ہم نے تم سے پہلے جو رسول بھی بھیجا ہے اس کو یہی وحی کی ہے کہ میرے سوا کوئی الٰہ نہیں ہے، پس تم لوگ میری ہی بندگی کرو۔

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ... ۝۳۶ [۲]

ترجمہ: ہم نے ہر امت میں ایک رسول بھیج دیا اور اس کے ذریعہ سے سب کو خبر دار کر دیا اللہ کی بندگی کرو اور طاغوت کی بندگی سے بچو۔

میں اللہ کا پیغمبر ہوں اور اس کے حکم سے یہ پاکیزہ دعوت تمہارے سامنے پیش کر رہا ہوں، جو اس دعوت حق کے آگے سر اطاعت خم کر دیں اور اعمال صالحہ اختیار کریں انہیں دنیا وآخرت میں اللہ کی رحمت کی بشارت دے دوں، اور جو تکذیب کریں اور گناہوں کے ارتکاب کی جسارت

[۱] الانبیاء۲۵

[۲] النحل۳۶

کریں انہیں اللہ کے عذاب سے متنبہ کر دوں، اور یہ کہ تم خلوص نیت سے طاغوت کی بندگی واطاعت سے تائب ہو کر اپنے رب سے صغیرہ وکبیرہ گناہوں کی بخشش ومغفرت چاہو اور اعمال صالحہ اختیار کرو، اگر تم ایسا کرو گے تو دنیا کی زندگی میں وہ اپنی پاکیزہ نعمتیں تم پر برسائے گا اور برکتوں سے نوازے گا اور اہل احسان کو اپنے فضل وکرم سے نوازے گا، جیسے فرمایا:

مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا مِّنۡ ذَكَرٍ اَوۡ اُنۡثٰى وَهُوَ مُؤۡمِنٌ فَلَنُحۡيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجۡزِيَنَّهُمۡ اَجۡرَهُمۡ بِاَحۡسَنِ مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ۝۹۷ [1]

ترجمہ: جو شخص بھی نیک عمل کرے گا خواہ وہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ ہو وہ مومن، اسے ہم دنیا میں پاکیزہ زندگی بسر کرائیں گے اور (آخرت میں) ایسے لوگوں کو ان کے اجر ان کے بہترین اعمال کے مطابق بخشیں گے۔

عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُنِي وَأَنَا بِمَكَّةَ، وَهُوَ يَكْرَهُ أَنْ يَمُوتَ بِالأَرْضِ الَّتِي هَاجَرَ مِنْهَا، قَالَ:يَرْحَمُ اللَّهُ ابْنَ عَفْرَاءَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أُوصِي بِمَالِي كُلِّهِ؟ قَالَ:لاَ، قُلْتُ: فَالشَّطْرُ، قَالَ:لاَ، قُلْتُ: الثُّلُثُ، قَالَ:فَالثُّلُثُ، وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ، إِنَّكَ أَنْ تَدَعَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَدَعَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُونَ النَّاسَ فِي أَيْدِيهِمْ، وَإِنَّكَ مَهْمَا أَنْفَقْتَ مِنْ نَفَقَةٍ، فَإِنَّهَا صَدَقَةٌ، حَتَّى اللُّقْمَةُ الَّتِي تَرْفَعُهَا إِلَى فِي امْرَأَتِكَ

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے منقول ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم (حجۃ الوداع کے موقع پر) میری عیادت کو تشریف لائے میں اس وقت مکہ میں تھا اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم! اس سرزمین پر موت کو پسند نہیں فرماتے تھے جہاں سے کوئی ہجرت کر چکا ہو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ ابن عفراء (سعد بن خولہ رضی اللہ عنہ) پر رحم فرمائے، میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میں اپنے سارے مال ودولت کی وصیت کر دوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں، میں نے پوچھا پھر آدھے کی کر دوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر بھی یہی فرمایا کہ نہیں میں نے پوچھا پھر تہائی کی کر دوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں تہائی کی کر سکتے ہو اور تہائی بھی بہت ہے، اگر تم اپنے وارثوں کو اپنے پیچھے مالدار چھوڑ تو یہ اس سے بہتر ہے کہ انہیں محتاج چھوڑو کہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھریں، اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جب تم اپنی کوئی چیز (اللہ کے لئے خرچ کرو گے) تو وہ خیرات ہے یہاں تک کہ وہ لقمہ بھی جو تم اپنی بیوی کے منہ میں ڈالے گا (وہ بھی خیرات ہے اور تو اس کا بھی اجر پائے گا)۔ [2]

لیکن اگر تم مال واسباب، حیثیت ومرتبہ پر تکیہ کر کے، دنیا کی رنگینیوں میں مست ہو کر، شیطان کے جھوٹے وعدوں پر بھروسہ کر کے روگردانی، اعراض کرتے ہو تو میں تمہارے حق میں قیامت کے ہولناک دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں، ایک وقت مقررہ پر یقیناً تم سب کو اللہ کی بارگاہ میں اعمال کی جوابدہی کے لئے حاضر ہونا ہے، اگر اعمال نیک ہوں گے تو اللہ بڑھا چڑھا کر جزا دے گا اور اگر اعمال بد ہوئے تو اسی کے مطابق سزا دے گا، اور وہ اپنے دوستوں سے احسان اور دشمنوں سے انتقام پر قادر ہے، بعض لوگ غلبہ شرم وحیا کی وجہ سے قضائے حاجت اور مجامعت کے وقت برہنہ ہونا پسند نہیں کرتے تھے کہ اللہ ہمیں دیکھ رہا ہے، اس لئے ایسے موقعوں پر وہ شرم گاہ کو چھپانے کے لئے اپنے

---

[1] النحل ۹۷

[2] صحیح بخاری کتاب الوصایا باب أَنْ يَتْرُكَ وَرَثَتَهُ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَتَكَفَّفُوا النَّاسَ ۲۷۴۲، صحیح مسلم کتاب الوصیۃ بَابُ الْوَصِيَّةِ بِالثُّلُثِ ۴۲۰۹

سینوں کو دوہرا کر لیتے تھے،

مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقْرَأُ:أَلاَ إِنَّهُمْ تَثْنَوْنِي صُدُورُهُمْ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْهَا. فَقَالَ:أُنَاسٌ كَانُوا يَسْتَحْيُونَ أَنْ يَتَخَلَّوْا فَيُفْضُوا إِلَى السَّمَاءِ، وَأَنْ يُجَامِعُوا نِسَاءَهُمْ فَيُفْضُوا إِلَى السَّمَاءِ فَنَزَلَ ذَلِكَ فِيهِمْ

محمد بن عباد بن جعفر نے فرمایا میں نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا کہ آپ آیت کی قرات أَلاَ إِنَّهُمْ تَثْنَوْنِي صُدُورُهُمْ اس طرح کرتے تھے میں نے ان سے اس آیت کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ کھلی ہوئی جگہ میں حاجت کے لئے بیٹھے میں آسمان کی طرف ستر کھولنے میں، اسی طرح صحبت کرتے وقت آسمان کی طرف کھولنے میں پروردگار سے حیا کرتے تھے تو یہ آیت ان کے بارے میں نازل ہوئی۔[1]

اللہ تعالی نے ان کے ظن باطل کو بیان کرتے ہوئے فرمایا رات کے اندھیرے میں جب وہ اپنے بستروں میں اپنے آپ کو کپڑوں سے ڈھانپ لیتے ہیں اس وقت بھی وہ ان کو دیکھتا اور ان کی چھپی اور رعلانیہ باتوں کو جانتا ہے، وہ تو ایسا باریک بین ہے کہ تمہارے سینوں میں چھپے ہوئے ارادوں، وسوسوں اور سوچوں کو بھی جانتا ہے، چنانچہ جب تم اس سے چھپ نہیں سکتے تو اس غیر ضروری تکلف کا کیا فائدہ، اس آیت کا ایک مفہوم یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ جب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی دعوت کا چرچا ہوا تو بہت سے مشرکین ایسے بھی تھے جو مخالفت میں تو سرگرم نہیں تھے مگر اس دعوت سے سخت بیزار تھے، قوم نوح علیہ السلام کی طرح ان لوگوں کا رویہ یہ تھا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی بات سننے کے روادار نہیں تھے، اگر آپ سر راہ ان کے سامنے آجاتے تو دور سے ہی راستہ بدل لیتے، اگر ایسا ممکن نہ ہوتا تو کپڑے سے سر ڈھانپ لیتے تاکہ آپ انہیں مخاطب کر کے کچھ وعظ ونصیحت نہ کرنے لگیں، کہیں مجلس میں بیٹھا دیکھ لیتے تو الٹے پاؤں واپس پھر جاتے، رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے پاس سے گزرتے تو چھپنے کے لئے سینہ موڑ لیتے اور سر ڈھانپ لیتے۔ روئے زمین پر چلنے والی چھوٹی بڑی ہر مخلوق چاہے وہ انسان ہوں یا جن، چرنے والے جانور ہوں یا خونخوار درندے، ہوا میں اڑنے والے پرندے ہوں یا رینگنے والے حشرات الارض یا دریاؤں اور سمندروں کی ان گنت مخلوقات، اللہ ہر ایک کو اس کی نوعی یا جنسی ضروریات کے مطابق سامان زیست پہنچا رہا ہے، اور جس کے متعلق وہ جل شانہ نہ جانتا ہو کہ وہ کہاں رہتا ہے اور کہاں اپنی جان جان آفرین کے سپرد کر دیتا ہے، سب کچھ ایک صاف دفتر میں تفصیل کے ساتھ درج ہے، جیسے فرمایا:

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝۵۹ [2]

ترجمہ: اسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جنہیں اس کے سوا کوئی نہیں جانتا، بحر وبر میں جو کچھ ہے سب سے وہ واقف ہے، درخت سے گرنے والا کوئی پتہ ایسا نہیں جس کا اسے علم نہ ہو، زمین کے تاریک پردوں میں کوئی دانہ ایسا نہیں جس سے وہ باخبر نہ ہو، خشک وتر سب کچھ ایک کھلی کتاب میں لکھا ہوا ہے۔

اللہ نے ہر چیز کی تقدیر لکھ دی ہے، ہر چیز پر اس کی مشیت نافذ ہے اگر تم یہ گمان کرتے ہو کہ اس طرح شترمرغ کی طرح ریت میں منہ

---

[1] صحیح بخاری کتاب التفسیرسورۂ هودباب الاانهم یثنون صدورهم ۴۶۸۱

[2] الانعام۵۹

چھپا کر یا کانوں میں انگلیاں ڈال کر یا آنکھوں پر پردہ ڈال کر اور دعوت حق کو نہ سن کر تم اللہ کی پکڑ سے بچ جاؤ گے تو یہ تمہاری نادانی ہے، جیسے فرمایا

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ۭ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ۝۳۸ [1]

ترجمہ: زمین میں چلنے والے کسی جانور اور ہوا میں پروں سے اڑنے والے کسی پرندے کو دیکھ لو یہ سب تمہاری ہی طرح کی انواع ہیں، ہم نے ان کی تقدیر کے نوشتے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے، پھر یہ سب اپنے رب کی طرف سمیٹے جاتے ہیں۔

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَاۗءِ لِيَبْلُوَكُمْ

اللہ ہی وہ ہے جس نے چھ دن میں آسمان وزمین کو پیدا کیا اور اس کا عرش پانی پر تھا تا کہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے

اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۭ وَلَىِٕنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ

اچھے عمل والا کون ہے، اگر آپ ان سے کہیں کہ تم لوگ مرنے کے بعد اٹھا کھڑے کیے جاؤ گے تو ک

لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷ وَلَىِٕنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓى

افر لوگ پلٹ کر جواب دیں گے یہ تو نرا صاف صاف جادو ہی ہے، اور اگر ہم ان سے عذاب کو گنی چنی مدت تک کے لیے

اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ۭ اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ

پیچھے ڈال دیں تو یہ ضرور پکار اٹھیں گے کہ عذاب کو کون سی چیز روکے ہوئے ہے، سنو! جس دن وہ ان کے پاس آئے گا پھر

وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۸ (ھود۸،۷)

ان سے ٹلنے والا نہیں پھر تو جس چیز کی ہنسی اڑا رہے تھے وہ انھیں گھیر لے گی۔

مشرکین سوال کرتے تھے کہ آسمان وزمین کی پیدائش سے پہلے کیا تھا؟ اس کا جواب ارشاد ہوا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کمال ہے کہ اس نے چھ دنوں میں ساتوں آسمانوں اور زمین کو پیدا کر دیا اور پھر اپنی شان کے لائق ساتوں آسمانوں کے اوپر اپنے عرش پر مستوی ہوا جبکہ اس سے پہلے اس کا عرش پانی پر تھا،

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:اقْبَلُوا الْبُشْرَى يَا بَنِي تَمِيمٍ. قَالَ: قَالُوا: قَدْ بَشَّرْتَنَا فَأَعْطِنَا. قَالَ:اقْبَلُوا الْبُشْرَى يَا أَهْلَ الْيَمَنِ . قَالَ: قُلْنَا: قَدْ قَبِلْنَا، فَأَخْبِرْنَا عَنْ أَوَّلِ هَذَا الْأَمْرِ كَيْفَ كَانَ؟ قَالَ:كَانَ اللَّهُ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ، وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ، وَكَتَبَ فِي اللَّوْحِ ذِكْرَ كُلِّ شَيْءٍ قَالَ: وَأَتَانِي آتٍ فَقَالَ: يَا عِمْرَانُ انْحَلَّتْ نَاقَتُكَ مِنْ عِقَالِهَا. قَالَ: فَخَرَجْتُ فَإِذَا السَّرَابُ يَنْقَطِعُ بَيْنِي وَبَيْنَهَا. قَالَ: فَخَرَجْتُ فِي أَثَرِهَا فَلَا أَدْرِي مَا كَانَ بَعْدِي

[1] الانعام ۳۸

عمران بن حصین سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے بنی تمیم !بشارت قبول کرلو،انہوں نے عرض کی آپ نے ہمیں بشارت دی ہے تو پھر عطافرمایئے،آپ نے فرمایا اے اہل یمن!تم !بشارت قبول کرلو،انہوں نے عرض کی ہم نے اسے قبول کرلیا،آپ یہ فرمائیں کہ اس کائنات کی سب سے پہلے ابتدا کس طرح ہوئی تھی؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہر چیز سے پہلے اللہ تعالیٰ کی ذات گرامی تھی اور اللہ تعالیٰ کا عرش پانی پر تھا اور اس کر میں باہر چلا گیا اس وقت اونٹنی دور جا چکی تھی،میں اس کی تلاش میں نکلا مجھے معلوم نہیں کہ میرے بعد آپ نے کیا فرمایا تھا۔[1]

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ:كَتَبَ اللهُ مَقَادِيرَ الْخَلَائِقِ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِخَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ، قَالَ: وَعَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین کی تخلیق سے پچاس ہزار سال قبل مخلوقات کی تقدیر لکھی،اس وقت اس کا عرش پانی پر تھا۔[2]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: أَنْفِقْ أُنْفِقْ عَلَيْكَ، وَقَالَ: يَدُ اللَّهِ مَلْأَى لاَ تَغِيضُهَا نَفَقَةٌ سَحَّاءُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ، وَقَالَ: أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السَّمَاءَ وَالأَرْضَ، فَإِنَّهُ لَمْ يَغِضْ مَا فِي يَدِهِ، وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى المَاءِ، وَبِيَدِهِ المِيزَانُ يَخْفِضُ وَيَرْفَعُ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ عزوجل فرماتا ہے اے میرے بندو!(میری راہ میں) خرچ کرو تو میں تم پر خرچ کروں گا اور فرمایا اللہ کا ہاتھ بھرا ہوا ہے،رات اور دن کے مسلسل خرچ کرنے سے بھی اس میں کوئی کمی نہیں ہوتی،اور فرمایا تم نے دیکھا نہیں جب سے اللہ نے آسمان وزمین کو پیدا کیا ہے مسلسل خرچ کئے جارہا ہے لیکن اس کے ہاتھ میں کوئی کمی نہیں ہوئی،اس کا عرش پانی پر تھا اور اس کے ہاتھ میں میزان عدل ہے جسے وہ جھکاتا اور اٹھاتا رہتا ہے۔[3]

اور اس عظیم الشان تخلیق کا مقصد عبث وبلا مقصد نہیں،جیسے فرمایا

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ [4]

ترجمہ: کیا تم نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ ہم نے تمہیں فضول ہی پیدا کیا ہے اور تمہیں ہمارے طرف کبھی پلٹنا ہی نہیں ہے۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاۗءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ۭ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ

---

[1] مسند احمد ۱۹۸۷۶

[2] صحیح مسلم کتاب القدر بَابُ حِجَاجِ آدَمَ وَمُوسَى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ ۶۷۴۸ ،جامع ترمذی ابواب القدرباب ۲۱۵۶،ح ۱۳۸۹،شرح السنة للبغوی ۶۷

[3] صحیح بخاری کتاب التفسیرسورۂ ھودبَابُ قَوْلِهِ وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى المَاءِ ۴۶۸۴،صحیح مسلم کتاب الزکاة بَابُ الْحَثِّ عَلَى النَّفَقَةِ وَتَبْشِيرِ الْمُنْفِقِ بِالْخَلَفِ۲۳۰۹،شرح السنة للبغوی ۱۶۵۶

[4] المومنون ۱۱۵

النَّارِ ﴿٢٧﴾ [1]

ترجمہ: ہم نے اس آسمان اور زمین کو اور اس دنیا کو جو ان کے درمیان ہے فضول پیدا نہیں کر دیا ہے یہ تو ان لوگوں کا گمان ہے جنہوں نے کفر کیا ہے، اور ایسے کافروں کے لیے بربادی ہے جہنم کی آگ سے۔

بلکہ اس کا مقصود یہ ہے کہ انسانوں کو خلافت کے اختیارات تفویض کر اکے آزمائش کرے کہ ان میں کون ان اختیارات اور اخلاقی ذمہ داری کو احسن طور پر بجالاتا ہے، جیسے فرمایا

الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوةَ لِیَبْلُوَكُمْ اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفُوْرُ ﴿٢﴾ [2]

ترجمہ: جس نے موت اور زندگی کو ایجاد کیا تاکہ تم لوگوں کو آزما کر دیکھے تم میں سے کون بہتر عمل کرنے والا ہے اور وہ زبردست بھی ہے اور درگزر فرمانے والا بھی۔

مگر اے محمد ﷺ! اگر تم انہیں ان کا مقصد حیات سمجھاتے ہو کہ اللہ نے جنوں اور انسانوں کو اپنی کی عبادت کے لئے بھیجا گیا ہے۔

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ ﴿٥٦﴾ [3]

ترجمہ: میں نے جن وانس کو اس لئے پیدا کیا کہ وہ میری عبادت کریں۔

اور روز محشر ہر ایک کو تنہا تنہا اعمال کی جوابدہی کے لئے اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہونا ہے۔

وَكُلُّهُمْ اٰتِیْهِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فَرْدًا ﴿٩٥﴾ [4]

ترجمہ: سب قیامت کے روز فرداً فرداً اس کے سامنے حاضر ہوں گے۔

تو منکرین آخرت یہ تسلیم کرنے کے باوجود کہ آسمان وزمین کا خالق اللہ وحدہ لاشریک ہی ہے، جیسے فرمایا

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَیَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۔۔۔ ﴿٨٧﴾ [5]

ترجمہ: اور اگر تم ان سے پوچھو کہ انہیں کس نے پیدا کیا ہے تو یہ خود کہیں گے کہ اللہ نے۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَیَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۔۔۔ ﴿٦١﴾ [6]

ترجمہ: اگر تم ان لوگوں سے پوچھوں کہ زمین اور آسمانوں کو کس نے پیدا کیا ہے اور چاند اور سورج کو کس نے مسخر کر رکھا ہے تو ضرور کہیں گے کہ اللہ نے۔

---

[1] ص ۲۷

[2] الملک ۲

[3] الذاریات ۵۶

[4] مریم ۹۵

[5] الزخرف ۸۷

[6] العنکبوت ۶۱

مگر اپنے کفر و عناد اور بغض کی بنا شدت سے تکذیب کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ تو صریح جادوگری ہے، حالانکہ جس نے چھ دنوں میں عظیم الشان کائنات کی تخلیق کر دی، جس نے پہلی مرتبہ انسان کو بدبودار مٹی کے گارے سے پیدا کر دیا اور پھر نطفہ سے اس کا سلسلہ چلایا، جو اپنی ہر طرح کی مخلوقات کو رزق پہنچا رہا ہے اس کے لئے انسان کو دوبارہ پیدا کر دینا کونسا مشکل کام ہے جیسے فرمایا

وَهُوَ الَّذِي يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ وَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيْهِ... ﴿٢٧﴾ [1]

ترجمہ: وہی ہے جو تخلیق کی ابتدا کرتا ہے، پھر وہی اس کا اعادہ کرے گا اور یہ اس کے لئے آسان تر ہے۔

مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ إِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ... ﴿٢٨﴾ [2]

ترجمہ: تم سارے انسانوں کو پیدا کرنا اور پھر دوبارہ جلا اٹھانا تو (اس کے لیے) بس ایسا ہے جیسے ایک متنفس کو (پیدا کرنا اور جلا اٹھانا)۔

اور ہماری سنت ہے کہ ہم اپنے رحم و کرم سے مجرموں پر فوراً عذاب نازل نہیں کرتے بلکہ ایک مقررہ مدت تک سوچنے سمجھنے اور سنبھلنے کے لئے مہلت دیتے ہیں تو مکذبین عذاب کو ناممکن سمجھتے ہوئے کہتے ہیں کہ آخر کس چیز نے اللہ کو عذاب نازل کر دینے سے روک رکھا ہے؟ سنو! جس روز اللہ کا عذاب اچانک نازل ہو گیا تو وہ کسی کے ٹالے سے نہ ٹل سکے گا، اور وہی چیز ان کو آ گھیرے گی جس کا وہ مذاق اڑا رہے ہیں۔

وَ لَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ۚ اِنَّهٗ لَيَئُوْسٌ كَفُوْرٌ ﴿٩﴾

اگر ہم انسان کو اپنی کسی نعمت کا ذائقہ چکھا کر پھر اسے اس سے لے لیں تو وہ بہت ہی ناامید اور بڑا ناشکرا بن جاتا ہے،

وَ لَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ؕ

اور اگر ہم اسے کوئی مزہ چکھائیں اس سختی کے بعد جو اسے پہنچ چکی تھی تو وہ کہنے لگتا ہے کہ بس برائیاں مجھ سے جاتی رہیں،

اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ﴿١٠﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ

یقیناً وہ بڑا اترانے والا شیخی خور ہے، سوائے ان کے جو صبر کرتے ہیں اور نیک کاموں میں لگے رہتے ہیں، انھیں لوگوں

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿١١﴾ (ھود ۹ تا ۱۱)

کے لیے بخشش بھی ہے اور بہت بڑا بدلہ بھی۔

انسانی نفسیات کو انتہائی خوبصورتی سے بیان کیا گیا کہ اگر کبھی ہم انہیں صحت، رزق، حیثیت و مرتبہ اور اولاد سے نوازنے کے بعد اس سے چھین لیتے ہیں تو وہ بلبلا اٹھتا ہے اور اللہ کی رحمت سے مایوس و ناامید ہو جاتا ہے اور اللہ کی ناشکری کرنے لگتا ہے اور اگر اس کے برعکس مصیبت کے بعد جو اس پر آئی تھی ہم اس پر اس کی خواہشات نفس کے موافق نعمتوں کی بارش برساتے ہیں تو نعمت کے نشے میں غرور میں مبتلا ہو جاتا ہے اور سمجھتا ہے سختیوں اور تکالیف کا دور گزر گیا اب کوئی تکلیف آنے والی نہیں، پھر وہ پھولا نہیں سماتا اور دوسروں پر فخر و غرور کا اظہار

---

[1] الروم ۲۷

[2] لقمان ۲۸

کرنے لگتا ہے، مگر اس مذموم اخلاق سے بس وہ اہل ایمان محفوظ ہیں جو راحت و فراغت، تنگی و تکالیف دونوں حالتوں میں صبر و استقامت سے کام لیتے ہیں، جیسے فرمایا

اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا ۝ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا ۝ وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا ۝ اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآىِٕمُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ ۝ لِّلسَّآىِٕلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝ وَالَّذِيْنَ يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝ [1]

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ انسان بے صبرا پیدا کیا گیا ہے، جب اس پر مصیبت آتی ہے تو گھبرا اٹھتا ہے اور جب اسے خوشحالی نصیب ہوتی ہے تو بخل کرنے لگتا ہے، مگر وہ لوگ (اس عیب سے بچے ہوئے ہیں) جو نماز پڑھنے والے ہیں، جو اپنی نماز کی ہمیشہ پابندی کرتے ہیں، جن کے مالوں میں سائل اور محروم کا ایک مقرر حق ہے، جو روز جزا کو برحق مانتے ہیں، جو اپنے رب کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔

عَنْ صُهَيْبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَجَبًا لِأَمْرِ الْمُؤْمِنِ إِنَّ أَمْرَهُ كُلَّهُ خَيْرٌ، إِنْ أَصَابَتْهُ سَرَّاءُ شَكَرَ، وَإِنْ أَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ صَبَرَ، وَكَانَ خَيْرًا لَهُ، وَلَيْسَ ذَلِكَ لِأَحَدٍ إِلَّا لِلْمُؤْمِنِ

صہیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن کا بھی عجب حال ہے اس کے ہر عمل میں خیر ہے، اللہ تعالیٰ مومن کے لئے جو بھی فیصلہ فرماتا ہے اس میں اس کے لئے بہتری ہوتی ہے اگر اس کو خوشی و راحت حاصل ہوتی ہے تو اس پر اللہ کا شکر ادا کرتا ہے اس میں بھی ثواب ہے اور اگر کوئی تکلیف یا نقصان پہنچتا ہے تو صبر کرتا ہے اس میں بھی ثواب ہے، یہ امتیاز ایک مومن کے سوا کسی کو حاصل نہیں۔ [2]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا يُصِيبُ الْمُؤْمِنَ مِنْ وَصَبٍ وَلَا نَصَبٍ وَلَا هَمٍّ وَلَا حَزَنٍ وَلَا أَذًى وَلَا غَمٍّ، حَتَّى الشَّوْكَةُ يُشَاكُهَا، إِلَّا كَفَّرَ اللَّهُ مِنْ خَطَايَاهُ

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان جب بھی کسی پریشانی، بیماری، رنج و ملال، تکلیف اور غم میں مبتلا ہو جاتا ہے یہاں تک کہ اگر اسے کوئی کانٹا بھی چبھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اس کے گناہوں کا کفارہ بنا دیتا ہے۔ [3]

اور یہی وہ لوگ ہیں جن کے لئے بخشش و مغفرت بھی ہے اور ان کی بھلائیوں پر بڑا اجر بھی۔

فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَ ضَآىِٕقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْ لَآ اُنْزِلَ

پس شاید کہ آپ اس وحی کے کسی حصے کو چھوڑ دینے والے ہیں جو آپ کی طرف نازل کی جاتی ہے

---

[1] المعارج ۱۹ تا ۲۷

[2] صحیح ابن حبان ۲۸۹۶، صحیح مسلم كِتَابُ الزُّهْدِ وَالرَّقَائِقِ بَابُ الْمُؤْمِنُ أَمْرُهُ كُلُّهُ خَيْرٌ ۷۵۰۰، شعب الایمان ۴۱۶۹، المعجم الاوسط ۳۸۴۹

[3] مسند احمد ۸۰۲۷، صحیح بخاری کتاب المرضی بَابُ مَا جَاءَ فِي كَفَّارَةِ المَرَضِ ۵۶۴۱، صحیح مسلم کتاب البر والصلة بَابُ ثَوَابِ الْمُؤْمِنِ فِيمَا يُصِيبُهُ مِنْ مَرَضٍ، أَوْ حُزْنٍ، أَوْ نَحْوِ ذَلِكَ حَتَّى الشَّوْكَةِ يُشَاكُهَا ۶۵۶۸، مسند البزار ۸۲۷، مصنف ابن ابی شیبة ۱۰۸۰۶

عَلَيۡهِ كَنۡزٌ اَوۡ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَاۤ اَنۡتَ نَذِيۡرٌ ؕ

اور اس سے آپ کا دل تنگ ہے، صرف ان کی اس بات پر کہ اس پر کوئی خزانہ کیوں نہیں اترا؟ یا اس کے ساتھ فرشتہ ہی آتا،

وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ وَّكِيۡلٌ ؕ ﴿۱۲﴾ اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰٮهُ ؕ

سن لیجئے! آپ تو صرف ڈرانے والے ہی ہیں اور ہر چیز کا ذمہ دار اللہ تعالیٰ ہے، کیا یہ کہتے ہیں کہ اس قرآن کو اسی نے گھڑا ہے،

قُلۡ فَاۡتُوۡا بِعَشۡرِ سُوَرٍ مِّثۡلِهٖ مُفۡتَرَيٰتٍ وَّ ادۡعُوۡا مَنِ اسۡتَطَعۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اِنۡ كُنۡتُمۡ

جواب دیجئے کہ پھر تم بھی اسی کے مثل دس سورتیں گھڑی ہوئی لے آؤ اور اللہ کے سوا جسے چاہو اپنے ساتھ بلا بھی لو اگر تم

صٰدِقِيۡنَ ﴿۱۳﴾ فَاِلَّمۡ يَسۡتَجِيۡبُوۡا لَكُمۡ فَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّمَاۤ اُنۡزِلَ بِعِلۡمِ اللّٰهِ وَ اَنۡ

سچے ہو، پھر اگر وہ تمہاری بات کو قبول نہ کریں تو تم یقین سے جان لو کہ یہ قرآن اللہ کے علم کے ساتھ اتارا گیا ہے اور یہ کہ

لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلۡ اَنۡتُمۡ مُّسۡلِمُوۡنَ ﴿۱۴﴾ (هود ۱۲ تا ۱۴)

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، پس کیا تم مسلمان ہوتے ہو۔

مشرکین کی تنقید کی پرواہ نہ کریں:

مشرکین بطور تضحیک واستہزا مختلف قسم کے طعنہ دیتے رہتے تھے۔

وَقَالُوۡا مَالِ هٰذَا الرَّسُوۡلِ يَاۡكُلُ الطَّعَامَ وَيَمۡشِىۡ فِى الۡاَسۡوَاقِ ؕ لَوۡلَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡهِ مَلَكٌ فَيَكُوۡنَ مَعَهٗ نَذِيۡرًا ۙ ﴿۷﴾ اَوۡ يُلۡقٰٓى اِلَيۡهِ كَنۡزٌ اَوۡ تَكُوۡنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاۡكُلُ مِنۡهَا ؕ وَقَالَ الظّٰلِمُوۡنَ اِنۡ تَتَّبِعُوۡنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسۡحُوۡرًا ﴿۸﴾ [1]

ترجمہ: کہتے ہیں یہ کیسا رسول ہے جو کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے؟ کیوں نہ اس کے پاس کوئی فرشتہ بھیجا گیا جو اس کے ساتھ رہتا اور (نہ ماننے والوں کو) دھمکاتا؟ یا اور کچھ نہیں تو اس کے لئے کوئی خزانہ ہی اتار دیا جاتا یا اس کے پاس کوئی باغ ہوتا جس سے یہ (اطمینان کی) روزی حاصل کرتا، اور یہ ظالم کہتے ہیں تم لوگ تو ایک سحر زدہ آدمی کے پیچھے لگ گئے ہو۔

رسول اللہ ﷺ ان کی ان بے سروپا باتوں پر سخت کوفت محسوس کرتے، جیسے فرمایا

وَلَقَدۡ نَعۡلَمُ اَنَّكَ يَضِيۡقُ صَدۡرُكَ بِمَا يَقُوۡلُوۡنَ ۙ ﴿۹۷﴾ [2]

ترجمہ: ہمیں معلوم ہے کہ جو باتیں یہ لوگ تم پر بناتے ہیں ان سے تمہارے دل کو سخت کوفت ہوتی ہے۔

چنانچہ تسلی دیتے ہوئے فرمایا کہ اے پیغمبر ﷺ! کہیں ایسا نہ ہو کہ مشرکین کی ان باتوں پر تمہارا سینہ تنگ ہو اور جو وحی تمہاری طرف کی جارہی ہیں ان میں سے کسی چیز کو بے کم و کاست بیان کرنے سے چھوڑ دو، آپ تو محض متنبہ کرنے والے ہیں اس لئے اپنا فرض منصبی بے دھڑک

---

[1] الفرقان ۸،۷

[2] الحجر ۹۷

بجالاتے رہیں، آگے ہر چیز کا حوالہ دار اللہ ہے، وہ ان کے اعمال کو محفوظ کر رہا ہے اور پھر وہ ان کو ان اعمال کی پوری جزا دے گا، مشرکین کلام الٰہی پر ایمان لانے کے بجائے اسے رسول اللہ ﷺ کا تصنیف کردہ سمجھتے تھے، چنانچہ پہلے اللہ تعالیٰ نے چیلنج دیا کہ اگر تم اپنے دعویٰ میں سچے ہو تو اس جیسا کلام پیش کر کے دکھلا دو اور اس سلسلہ میں جس جس کی مدد لینا چاہو لے لو لیکن تم ایسا کرنے سے عاجز ہی رہو گے، جیسے فرمایا

قُلْ لَّىِٕنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰۤى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ۝۸۸ [۱]

ترجمہ: کہہ دو کہ اگر انسان اور جن سب کے سب مل کر اس قرآن جیسی کوئی چیز لانے کی کوشش کریں تو نہ لا سکیں گے چاہے وہ سب ایک دوسرے کے مددگار ہی کیوں نہ ہوں۔

اب اللہ تعالیٰ نے چیلنج دیا اگر تم پورا قرآن تصنیف کر کے پیش نہیں کر سکتے تو اس جیسی دس سورتیں ہی بنا کر پیش کر دو اور اس سلسلہ میں اللہ کے سوا اپنے تمام معبودوں کی مدد بھی حاصل کر لو ایک مقام پر فرمایا:

فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖۤ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ۝۳۴ [۲]

ترجمہ: اگر یہ اپنے اس قول میں سچے ہیں تو اسی شان کا ایک کلام بنا لائیں۔

اب اگر تمہارے معبود جن کی اس کلام میں کھلم کھلا مخالفت کی گئی ہے تو تمہارے معبودوں کو مدد کرنی چاہیے، لیکن اگر اس فیصلہ کن گھڑی میں وہ تمہاری مدد کو نہیں پہنچتے تو جان لو کہ یہ پاکیزہ کلام رسول کا تصنیف کردہ نہیں بلکہ اللہ کے علم سے نازل ہوا ہے اور یہ کہ اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں، اور اس معبود حقیقی کے سوا کوئی بندگی کے لائق نہیں ہے، پھر کیا تم اس حقیقت کو تسلیم کر کے سر تسلیم خم کرتے ہو؟

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَ زِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا

جو شخص دنیا کی زندگی اور اس کی زینت پر فریفتہ ہوا چاہتا ہو ہم ایسوں کو ان کے کل اعمال (کا بدلہ) یہیں بھر پور پہنچا دیتے ہیں

وَ هُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ۝۱۵ اُولٰٓىِٕكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ

اور یہاں انھیں کوئی کمی نہیں کی جاتی، ہاں یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے آخرت میں سوائے آگ کے اور کچھ نہیں

وَ حَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَ بٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۱۶ (ھود ۱۵، ۱۶)

اور جو کچھ انہوں نے یہاں کیا ہوگا وہاں سب اکارت ہے، اور جو کچھ اعمال تھے سب برباد ہونے والے ہیں۔

جو لوگ آخرت کی جواب طلبی کو نظر انداز کر کے محض اسی دنیا کے مالی فائدوں کے دلدادہ ہیں اور جائز و ناجائز طریقوں سے اسی دنیا کی زندگی کو بنانے کی جدوجہد میں لگے ہوئے ہیں، ان کے اچھے اعمالوں کی جزا ہم اسی دنیا میں ان کو دے دیتے ہیں اور اس میں ان کی حق تلفی نہیں کی جاتی مگر آخرت میں ایسے لوگوں کے لئے عذاب جہنم کے سوا کچھ نہیں جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے، اور ان کے عذاب میں کوئی وقفہ نہیں کیا جائے

[۱] بنی اسرائیل ۸۸

[۲] الطور ۳۴

گا جیسے فرمایا:

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۱۸﴾ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۱۹﴾ [۱]

ترجمہ: جو کوئی (اس دنیا میں) جلدی حاصل ہونے والے فائدوں کا خواہشمند ہو اسے یہیں ہم دے دیتے ہیں جو کچھ بھی جسے دینا چاہیں، پھر اس کے مقسوم میں جہنم کو لکھ دیتے ہیں جسے وہ تاپے گا ملامت زدہ اور رحمت سے محروم ہو کر، اور جو آخرت کا خواہشمند ہو اور اس کے لئے سعی کرے جیسی کہ اس کے لئے سعی کرنی چاہیے اور ہو وہ مومن تو ایسے ہر شخص کی سعی مشکور ہو گی۔

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ﴿۲۰﴾ [۲]

ترجمہ: جو کوئی آخرت کی کھیتی چاہتا ہے اس کی کھیتی کو ہم بڑھاتے ہیں اور جو دنیا کی کھیتی چاہتا ہے اسے دنیا ہی میں سے دیتے ہیں مگر آخرت میں اس کا کوئی حصہ نہیں ہے۔

ایک مقام پر یوں فرمایا:

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ﴿۷﴾ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸﴾ [۳]

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ جو لوگ ہم سے ملنے کی توقع نہیں رکھتے اور دنیا کی زندگی ہی پر راضی اور مطمئن ہو گئے ہیں اور جو لوگ ہماری نشانیوں سے غافل ہیں ان کا آخری ٹھکانا جہنم ہو گا ان برائیوں کی پاداش میں جن کا اکتساب وہ (اپنے اس غلط عقیدے اور غلط طرز عمل کی وجہ سے) کرتے رہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: تَعِسَ عَبْدُ الدِّينَارِ، وَعَبْدُ الدِّرْهَمِ، وَعَبْدُ الخَمِيصَةِ، إِنْ أُعْطِيَ رَضِيَ، وَإِنْ لَمْ يُعْطَ سَخِطَ، تَعِسَ وَانْتَكَسَ، وَإِذَا شِيكَ فَلاَ انْتَقَشَ، طُوبَى لِعَبْدٍ آخِذٍ بِعِنَانِ فَرَسِهِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، أَشْعَثَ رَأْسُهُ، مُغْبَرَّةٍ قَدَمَاهُ، إِنْ كَانَ فِي الحِرَاسَةِ، كَانَ فِي الحِرَاسَةِ، وَإِنْ كَانَ فِي السَّاقَةِ كَانَ فِي السَّاقَةِ، إِنِ اسْتَأْذَنَ لَمْ يُؤْذَنْ لَهُ، وَإِنْ شَفَعَ لَمْ يُشَفَّعْ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا دینار اور درہم (روپے پیسے) کا بندہ ہلاک ہوا چادر اور کمبل کا پجاری ہلاک ہوا اگر یہ چیزیں اسے مل جائیں تو مسرور ہوتا ہے اور اگر نہ دیا جائے تو ناخوش ہو جاتا ہے، یہ برباد اور ذلیل و خوار ہوا اگر اسے کانٹا چبھے تو کوئی نہ نکالے، اور اس شخص کے لیے بہت بڑی سعادت ہے جو اللہ کی راہ میں اپنے گھوڑے کی لگام تھامے ہوئے ہو، اس کے سر کے بال پراگندہ اور پاؤں گرد

---

[۱] بنی اسرائیل ۱۹،۱۸

[۲] الشوریٰ ۲۰

[۳] یونس ۷، ۸

آلودہوں اگر اسے (اسلامی فوج کی) پاسبانی پر مقرر ہو تو حفاظت میں پوری تندہی سے لگا رہے اور اگر فوج کے پیچھے پیچھے حفاظت کیلئے لگا دیا جائے تو لشکر کے پیچھے لگا رہے، اگر اندر آنے کی اجازت چاہے تو اجازت نہ ملے اور اگر وہ کسی کے حق میں سفارش کرے تو اس کی سفارش قبول نہ ہو۔ [1]

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَوْلُهُ: ﴿مَنْ كَانَ يُرِيدُ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا﴾ [2] الْآيَةَ، وَهِيَ مَا يُعْطِيهِمُ اللَّهُ مِنَ الدُّنْيَا بِحَسَنَاتِهِمْ؛ وَذَلِكَ أَنَّهُمْ لَا يُظْلَمُونَ نَقِيرًا، يَقُولُ: مَنْ عَمِلَ صَالِحًا الْتِمَاسَ الدُّنْيَا صَوْمًا أَوْ صَلَاةً أَوْ تَهَجُّدًا بِاللَّيْلِ لَا يَعْمَلُهُ إِلَّا لِالْتِمَاسِ الدُّنْيَا؛ يَقُولُ اللَّهُ: أُوَفِّيهِ الَّذِي الْتَمَسَ فِي الدُّنْيَا مِنَ الْمَثَابَةِ، وَحَبِطَ عَمَلُهُ الَّذِي كَانَ يَعْمَلُ الْتِمَاسَ الدُّنْيَا، وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے اس آیت کریمہ ”جو شخص دنیا کی زندگی اور اس کی زینت پر فریفتہ ہوا چاہتا ہو ہم ایسوں کو ان کے کل اعمال (کا بدلہ) یہیں بھرپور پہنچا دیتے ہیں اور یہاں انہیں کوئی کمی نہیں کی جاتی۔“ کے بارے میں روایت ہے ریا کاروں کو ان کی نیکیوں کا دنیا ہی میں بدلہ دے دیا جائے گا اس لیے کہ ان پر بھی ذرہ برابر ظلم نہیں کیا جائے گا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ جو شخص بھی نماز، روزہ یا تہجد وغیرہ کوئی عمل بھی دنیا کے لیے کرتا ہے تو میں اس کی خواہش کے مطابق اسے دنیا ہی میں اس کا صلہ ادا کر دیتا ہوں پھر اس کا وہ عمل اکارت جاتا ہے اور آخرت میں وہ نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گا۔ [3]

عَنْ قَتَادَةَ، يَقُولُ: مَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا هَمَّهُ وَسَدَمَهُ وَطِلْبَتَهُ وَنِيَّتَهُ، جَازَاهُ اللَّهُ بِحَسَنَاتِهِ فِي الدُّنْيَا، ثُمَّ يُفْضِي إِلَى الْآخِرَةِ وَلَيْسَ لَهُ حَسَنَةٌ يُعْطَى بِهَا جَزَاءً. وَأَمَّا الْمُؤْمِنُ فَيُجَازَى بِحَسَنَاتِهِ فِي الدُّنْيَا وَيُثَابُ عَلَيْهَا فِي الْآخِرَةِ.

قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں جس کا ارادہ ونیت طلب دنیا ہی ہو اللہ تعالیٰ اس کی نیکیوں کا اسے دنیا ہی میں بدلہ عطا فرما دیتا ہے اور آخرت میں ایسے شخص کے پاس کوئی ایسی نیکی نہ ہو گی جس کا اسے بدلہ دیا جائے، جبکہ مومن کو اس کی نیکیوں کا صلہ دنیا میں بھی ملتا ہے اور آخرت میں اجر و ثواب بھی اسے ضرور ملے گا۔ [4]

روز آخرت انہیں معلوم ہو جائے گا کہ آخرت سے غافل ہو کر دنیاوی ترقی کے لئے جو کچھ کیا تھا ان کے کسی کام نہ آیا اور اب ان کا سارا کیا دھرا محض باطل ہے۔

اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَ يَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَ مِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰۤى اِمَامًا

کیا وہ شخص جو اپنے رب کے پاس کی دلیل پر ہو اور اس کے ساتھ اللہ کی طرف کا گواہ ہو اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب (گواہ ہو)

---

[1] صحیح بخاری كِتَابُ الجِهَادِ وَالسِّيَرِ بَابُ الحِرَاسَةِ فِي الغَزْوِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ٢٨٨٧

[2] هود: ١٥

[3] تفسیرطبری ٢٦٣/١٥

[4] تفسیر طبری ٢٦٤/١٥

وَّ رَحۡمَةً ؕ اُولٰٓئِكَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِهٖ ؕ وَمَنۡ يَّكۡفُرۡ بِهٖ مِنَ الۡاَحۡزَابِ

جو پیشوا اور رحمت ہے (اوروں کے برابر ہو سکتا ہے؟)، یہی لوگ ہیں جو اس پر ایمان رکھتے ہیں، اور تمام فرقوں میں سے

فَالنَّارُ مَوۡعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِىۡ مِرۡيَةٍ مِّنۡهُ ۗ اِنَّهُ الۡحَقُّ مِنۡ رَّبِّكَ

جو بھی اس کا منکر ہو اس کے آخری وعدے کی جگہ جہنم ہے، پس تو اس میں کسی قسم کے شبہ میں نہ رہ، یقیناً یہ تیرے رب کی جانب

وَلٰكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۷﴾ وَمَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنِ افۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓئِكَ

سے سراسر حق ہے لیکن اکثر لوگ ایمان والے نہیں ہوتے، اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے یہ لوگ

يُعۡرَضُوۡنَ عَلٰى رَبِّهِمۡ وَيَقُوۡلُ الۡاَشۡهَادُ هٰٓؤُلَۤاءِ الَّذِيۡنَ كَذَبُوۡا عَلٰى

اپنے پروردگار کے سامنے پیش کیے جائیں گے اور سارے گواہ کہیں گے کہ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار پر

رَبِّهِمۡ ۚ اَلَا لَعۡنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۱۸﴾ الَّذِيۡنَ يَصُدُّوۡنَ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ

جھوٹ باندھا، خبردار ہو کہ اللہ کی لعنت ہے ظالموں پر جو اللہ کی راہ سے روکتے ہیں

وَيَبۡغُوۡنَهَا عِوَجًا ؕ وَهُمۡ بِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ كٰفِرُوۡنَ ﴿۱۹﴾ (ھود ۱۷ تا ۱۹)

اور اس میں کجی تلاش کر لیتے ہیں، یہی آخرت کے منکر ہیں۔

مومن کون ہیں:

ایک وہ شخص جو منکر و کافر ہے اور تاریکیوں و جہالتوں میں ڈوبا ہوا ہے، اور اس کے مقابلے میں ایک دوسرا شخص ہے جسے عقل سلیم سے اپنے وجود میں، آسمان و زمین کی ساخت میں، کائنات کے نظم و نسق میں اللہ وحدہ لاشریک کی خالقیت، مالکیت، حاکمیت اور رزاقیت کی کھلی نشانیاں نظر آرہی ہیں، اس پر مزید قرآن کریم نے اس حقیقت کی فطری و عقلی شہادت کی تائید کر دی، اور تیسرا شاہد الہامی کتاب تورات بھی جسے اللہ نے لوگوں کے لئے امام اور رحمت بنایا ہے اللہ کی خالقیت، مالکیت، حاکمیت اور رزاقیت کی تائید کرتی ہے، اور وہ شخص دعوت ایمان پر ایمان لے آتا ہے کیا یہ دونوں مومن و کافر برابر ہو سکتے ہیں؟ یعنی اللہ اور بندوں کے درمیان کسی طور پر برابر نہیں ہو سکتے، جن لوگوں کے اندر مذکورہ اوصاف پائے جائیں گے، جن لوگوں کو دلائل قائم کرنے کی توفیق عطا کی گئی ہے وہ تو رسول اللہ ﷺ اور ان پر نازل کتاب قرآن کریم پر ایمان ہی لائیں گے، اور روئے زمین پر پائے جانے والے مذاہب یہودی، عیسائی، زرتشتی، بدھ مت، مجوسی اور مشرکین و کفار وغیرہ کو ماننے والا جو بھی دعوت حق اور پیغمبر آخر الزماں پر ایمان نہیں لائے گا اس کا ٹھکانا جہنم ہے، جیسے فرمایا:

اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَالَّذِيۡنَ هَادُوۡا وَالنَّصٰرٰى وَالصّٰبِئِيۡنَ مَنۡ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمۡ

اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾ [۱]

ترجمہ: یقین جانو کہ نبی عربی کو ماننے والے ہوں یا یہودی، عیسائی ہوں یا صابی جو بھی اللہ اور روز آخر پر ایمان لائے گا اور نیک عمل کرے گا اس کا اجر اس کے رب کے پاس ہے اور اس کے لئے کسی خوف اور رنج کا موقع نہیں ہے۔

ایک مقام پر فرمایا:

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۵۰﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۵۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۵۲﴾ [۲]

ترجمہ: جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں سے کفر کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان تفریق کریں اور کہتے ہیں کہ ہم کسی کو مانیں گے اور کسی کو نہ مانیں گے اور کفر و ایمان کے بیچ میں ایک راہ نکالنے کا ارادہ رکھتے ہیں، وہ سب پکے کافر ہیں، اور ایسے کافروں کے لئے ہم نے وہ سزا مہیا کر رکھی ہے جو انہیں ذلیل و خوار کر دینے والی ہو گی، بخلاف اس کے جو لوگ اللہ اور اس کے تمام رسولوں کو مانیں اور ان کے درمیان تفریق نہ کریں ان کو ہم ضرور ان کے اجر عطا کریں گے اور اللہ بڑا درگزر فرمانے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ:وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، لَا يَسْمَعُ بِي أَحَدٌ مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ يَهُودِيٌّ، وَلَا نَصْرَانِيٌّ، ثُمَّ يَمُوتُ وَلَمْ يُؤْمِنْ بِالَّذِي أُرْسِلْتُ بِهِ، إِلَّا كَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! اس امت کے جس یہودی یا عیسائی (یا کوئی اور دین والا) نے بھی میری نبوت کی بابت سنا اور پھر مجھ پر ایمان نہیں لایا اور اس پر جس کو میں دے کر بھیجا گیا ہوں (یعنی قرآن) وہ جہنم میں جائے گا۔ [۳]

پس اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم! تمہارے رب کی طرف سے تم پر حق نازل کیا گیا ہے، اس لئے تم اس چیز کی طرف سے ادنیٰ سے شک میں مبتلا نہ ہونا، جیسے فرمایا

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ... ﴿۲﴾ [۴]

ترجمہ: یہ اللہ کی کتاب ہے اس میں کوئی شک نہیں۔

---

[۱] البقرة ۶۲

[۲] النساء ۱۵۰ تا ۱۵۲

[۳] صحیح مسلم كتاب الايمان بَابُ وُجُوبِ الْإِيمَانِ بِرِسَالَةِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى جَمِيعِ النَّاسِ، وَنَسْخِ الْمِلَلِ بِمِلَّتِهِ ۳۸۶، مسند احمد ۸۲۰۳، شرح السنة للبغوى ۵۶

[۴] البقرة ۲

الٓمّٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝[1]

ترجمہ:ا،ل،م،اس کتاب کی تنزیل بلاشبہ رب العالمین کی طرف سے ہے۔

مگر اکثر لوگ ظلم، عناد اور بغاوت کی بنا پر حق کے سامنے سر تسلیم خم نہیں کرتے، جیسے فرمایا

وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝[2]

ترجمہ: مگر تم خواہ کتنا ہی چاہو ان میں سے اکثر لوگ مان کر دینے والے نہیں ہیں۔

وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ... ۝[3]

ترجمہ:اور اے نبی(ﷺ) ! اگر تم ان لوگوں کی اکثریت کے کہنے پر چلو جو زمین میں بستے ہیں تو وہ تمہیں اللہ کے راستہ سے بھٹکا دیں گے۔

وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝[4]

ترجمہ:ان کے معاملہ میں ابلیس نے اپنا گمان صحیح پایا اور انہوں نے اسی کی پیروی کی،بجز ایک تھوڑے سے گروہ کے جو مومن تھا۔

اللہ تعالیٰ اپنی ذات گرامی کے بارے میں جھوٹ باندھنے والوں کا حال بیان فرمایا اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم اور کون ہو گا جو اللہ پر جھوٹ گھڑے کہ جن کو اللہ نے کائنات میں تصرف کرنے یا آخرت میں شفاعت کا اختیار نہیں دیا ہے،ان کی بابت یہ کہے کہ اللہ نے انہیں یہ اختیار دیا ہے یا یہ کہے کہ اللہ نے بندوں کی ہدایت کے لئے کوئی نبی ہماری طرف مبعوث نہیں کیا اور کوئی کتاب نازل نہیں کی یا یہ کہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ عظیم الشان کائنات اور مخلوقات کو عبث پیدا کیا ہے اور روز آخرت کو جھٹلائے یا نبوت کا دعویٰ کرے، روز محشر جب ایسے لوگ اپنے اعمال کی جوابدہی کے لئے رب کے حضور پیش کیے جائیں گے اور گواہ ان کے خلاف کذب وافترا پر شہادت دیں گے تو ایسے ظالم لوگ اللہ کی رحمت سے دور ہوں گے،

عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ المَازِنِيِّ، قَالَ: بَيْنَمَا أَنَا أَمْشِي، مَعَ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا آخِذٌ بِيَدِهِ، إِذْ عَرَضَ رَجُلٌ، فَقَالَ: كَيْفَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي النَّجْوَى؟ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللَّهَ يُدْنِي المُؤْمِنَ، فَيَضَعُ عَلَيْهِ كَنَفَهُ وَيَسْتُرُهُ، فَيَقُولُ: أَتَعْرِفُ ذَنْبَ كَذَا، أَتَعْرِفُ ذَنْبَ كَذَا؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ أَيْ رَبِّ، حَتَّى إِذَا قَرَّرَهُ بِذُنُوبِهِ، وَرَأَى فِي نَفْسِهِ أَنَّهُ هَلَكَ، قَالَ: سَتَرْتُهَا عَلَيْكَ فِي الدُّنْيَا، وَأَنَا أَغْفِرُهَا لَكَ اليَوْمَ، فَيُعْطَى كِتَابَ حَسَنَاتِهِ،وَأَمَّا الكَافِرُ وَالمُنَافِقُونَ، فَيَقُولُ الأَشْهَادُ: {هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ}[5]

صفوان بن محرز مازنی سے روایت ہے میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک بار ان کا ہاتھ پکڑے ہوئے چلا جا رہا تھا کہ ایک شخص سامنے

[1] السجدۃ۱،۲

[2] یوسف۱۰۳

[3] الانعام۱۱۶

[4] سبا۲۰

[5] ھود : ۱۸

آیا اور کہا کہ تم نے سرگوشی کرنے کے متعلق نبی کریم ﷺ سے کس طرح سنا ہے؟ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ فرماتے تھے روز قیامت اللہ عزوجل مومن کو اپنے نزدیک بلالے گا اور اس پر اپنا پردہ ڈال دے گا اور اسے چھپالے گا، اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا کیا تجھ کو فلاں گناہ یاد ہے؟ کیا تجھ کو فلاں گناہ یاد ہے؟ کیا تجھ کو فلاں گناہ یاد ہے؟ وہ مومن کہے گا ہاں، اے میرے پروردگار! آخر جب وہ اپنے گناہوں کا اقرار واعتراف کرلے گا، اور اسے یقین ہوجائے گا کہ بس اب وہ ہلاک ہوا، اس وقت اللہ تعالیٰ فرمائے گا میں نے دنیا میں تیرے گناہوں پر پردہ ڈالے رکھا تھا اور آج بھی میں تیری مغفرت کرتا ہوں چنانچہ اسے اس کی نیکیوں کی کتاب دے دی جائے گی، لیکن کافر اور منافق کا معاملہ ایسا نہیں ہوگا انہیں گواہوں کے سامنے پکارا جائے گا اور گواہ گواہی دیں گے کہ ''یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ باندھا تھا ،خبردار ہوجاؤ! ظالموں پر اللہ کی پھٹکار ہوگی۔''[1]

اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَ مَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ۘ يُضٰعَفُ

نہ یہ لوگ دنیا میں اللہ کو ہرا سکے اور نہ ان کا کوئی حمائتی اللہ کے سوا ہوا، ان کے لیے عذاب دگنا

لَهُمُ الْعَذَابُ ؕ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَ مَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ۝۲۰ اُولٰٓئِكَ

کیا جائے گا، نہ یہ سننے کی طاقت رکھتے تھے اور نہ دیکھتے ہی تھے ، یہی ہیں

الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَ ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝۲۱ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ

جنہوں نے اپنا نقصان آپ کرلیا اور وہ سب کچھ ان سے کھو گیا جو انہوں نے گھڑ رکھا تھا، بیشک یہ لوگ آخرت میں

هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ۝۲۲ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ اَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ

زیاں کار ہونگے، یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے کام بھی نیک کئے اور اپنے پالنے والے کی طرف جھکتے رہے، وہی

اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝۲۳ مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَ الْاَصَمِّ وَ الْبَصِيْرِ

جنت میں جانے والے ہیں جہاں وہ ہمیشہ ہی رہنے والے ہیں، ان دونوں فرقوں کی مثال اندھے، بہرے اور دیکھنے، سن

وَ السَّمِيْعِ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝۲۴ (ھود ۲۰ تا ۲۴)

نے والے جیسی ہے، کیا یہ دونوں مثال میں برابر ہیں؟ کیا پھر بھی تم نصیحت حاصل نہیں کرتے۔

پھر عالم آخرت کا بیان فرمایا وہ ائمہ ضلالت جو اللہ کے بندوں کو مکر وفریب، لالچ اور ظلم وزیادتی کر کے اور اللہ کے سیدھے راستے میں کجیاں تلاش کرتے، لوگوں کو اتباع حق سے متنفر کرتے ہیں اور قیامت اور رب کی بارگاہ میں پیش ہونے کو جھٹلاتے ہیں زمین میں اللہ کی گرفت

---

[1] صحیح بخاری کتاب المظالم بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالَى أَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظَّالِمِينَ ۲۴۴۱، مسند احمد ۵۴۳۶، المعجم الاوسط ۳۹۱۵، صحیح ابن حبان ۷۳۵۶

اور اس کے دست قدرت سے بھاگ کر کہیں جا نہیں سکتے تھے اور نہ ہی اللہ کے مقابلہ میں ان کا کوئی مددگار تھا، روز قیامت اللہ انہیں خود گمراہ ہونے اور دوسروں کو گمراہ کرنے کے سبب دوہرا عذاب دے گا، دنیا میں ان کا حق سے اعراض اور بغض اس انتہا پر پہنچا ہوا تھا کہ وہ دلائل حق کو سننے سے بہرے تھے، جیسے فرمایا

فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ﴿٤٩﴾ كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ﴿٥٠﴾ فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ﴿٥١﴾ [۱]

ترجمہ: آخر ان لوگوں کو کیا ہوگیا ہے کہ یہ اس نصیحت سے منہ موڑ رہے ہیں گویا جنگلی گدھے ہیں جو شیر سے ڈر کر بھاگ پڑے ہیں۔

اور وہ تباہ شدہ اقوام کے قصص سے عبرت حاصل کرتے اور نہ دعوت حق کو تفکر و تدبر کی نگاہ سے دیکھتے تھے کہ اس سے فائدہ اٹھا سکیں، جیسے فرمایا:

...وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّاَفْـِٕدَةً ۔ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَآ اَبْصَارُهُمْ وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ...﴿٢٦﴾ [۲]

ترجمہ: ان کو ہم نے کان، آنکھیں اور دل سب کچھ دے رکھے تھے، مگر نہ وہ کان ان کے کسی کام آئے نہ آنکھیں نہ دل۔

جیسا کہ جہنمی جہنم میں داخل ہوتے وقت اقرار کریں گے۔

وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿١٠﴾ [۳]

ترجمہ: وہ کہیں گے کاش! ہم سنتے یا سمجھتے تو آج اس بھڑکتی ہوئی آگ کے سزاواروں میں شامل نہ ہوتے۔

اور اللہ تعالیٰ ایسے ظالم لوگوں کے عذاب میں کمی نہیں بلکہ اضافہ ہی کرتا رہے گا۔

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿٨٨﴾ [۴]

ترجمہ: جن لوگوں نے خود کفر کی راہ اختیار کی اور دوسروں کو اللہ کی راہ سے روکا انہیں ہم عذاب پر عذاب دیں گے اس فساد کے بدلے جو وہ دنیا میں برپا کرتے رہے۔

عَنْ أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِنَّ اللَّهَ لَيُمْلِي لِلظَّالِمِ حَتَّى إِذَا أَخَذَهُ لَمْ يُفْلِتْهُ قَالَ: ثُمَّ قَرَأَ: {وَكَذٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرَى وَهِيَ ظَالِمَةٌ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيمٌ شَدِيدٌ} [۵]

ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ ظالم کو چند روز دنیا میں مہلت دیتا ہے لیکن جب پکڑتا ہے تو پھر چھوڑتا نہیں، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کی تلاوت کی ”اور تیرے پروردگار کی پکڑ اسی طرح ہے، جب وہ بستی والوں کو پکڑتا ہے

---

[۱] المدثر ۴۹تا۵۱

[۲] الاحقاف ۲۶

[۳] الملک ۱۰

[۴] النحل ۸۸

[۵] هود : ۱۰۲

جو (اپنے اوپر) ظلم کرتے رہتے تھے، بیشک اس کی پکڑ بڑی تکلیف دینے والی اور بڑی ہی سخت ہے۔''[۱]

یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے خود اپنی جانوں کو جہنم کا سزاوار ٹھہرایا اور دنیا میں انہوں نے اپنے باطل معبودوں، سفارشیوں اور سرپرستوں کے بارے میں جو عقائد و نظریات گھڑ رکھے تھے اور جن کی طرف لوگوں کو دعوت دیا کرتے تھے، جن کی وہ تحسین کرتے تھے وہ ان کے کچھ کام نہ آئیں گے، بلکہ ان کے معبود خود انہی سے اظہار لاتعلقی کریں گے، جیسے فرمایا:

اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ ﴿۱۶۶﴾ [۲]

ترجمہ: جب وہ سزا دے گا اس وقت کیفیت یہ ہوگی کہ وہی پیشوا اور رہنما جن کی دنیا میں پیروی کی گئی تھی اپنے پیرووں سے بے تعلقی ظاہر کریں گے، مگر سزا پا کر رہیں گے اور ان کے سارے اسباب و وسائل کا سلسلہ کٹ جائے گا۔

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَاۗىِٕهِمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۵﴾ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَاۗءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۶﴾ [۳]

ترجمہ: آخر اس شخص سے زیادہ بہکا ہوا انسان اور کون ہوگا جو اللہ کو چھوڑ کر ان کو پکارے جو قیامت تک اسے جواب نہیں دے سکتے بلکہ اس سے بھی بے خبر ہیں کہ پکارنے والے ان کو پکار رہے ہیں اور جب تمام انسان جمع کیے جائیں گے اس وقت وہ اپنے پکارنے والوں کے دشمن اور ان کی عبادت کے منکر ہوں گے۔

یقیناً یہی لوگ روز آخرت سب سے زیادہ نقصان اٹھانے والے ہوں گے، ان کے برعکس وہ سعادت مند لوگ جو دعوت حق اور رسالت پر ایمان لائے اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت میں قولاً اور فعلاً اعمال صالحہ اختیار کیے اور برائیوں سے اجتناب کیا اور یکسو ہو کر اپنے رب ہی کی عظمت کے سامنے سرافگندہ ہو گئے، اللہ کی قوت و اقتدار کے سامنے تذلل اور انکساری اختیار کی، تو یقیناً وہ جنتی لوگ ہیں جو جنت کی لازوال انواع و اقسام کی نعمتوں میں ہمیشہ رہیں گے، ان بدبختوں اور نیک بختوں دونوں گروہوں کی مثال ایسی ہے جیسے ایک آدمی تو اندھا و بہرا ہو اور دوسرا دیکھنے اور سننے والا ہو کیا یہ دونوں اشخاص کا طرز عمل اور انجام یکساں ہو سکتا ہے؟ یقیناً نہیں، جیسے فرمایا:

لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۭ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ﴿۲۰﴾ [۴]

ترجمہ: دوزخ میں جانے والے اور جنت میں جانے والے کبھی یکساں نہیں ہو سکتے، جنت میں جانے والے ہی اصل میں کامیاب ہیں۔

وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ﴿۱۹﴾ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ﴿۲۰﴾ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ﴿۲۱﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْاَحْيَاۗءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ﴿۲۲﴾ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ﴿۲۳﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۭ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا

---

[۱] صحیح بخاری تفسیر سورۂ ہود بَابُ قَوْلِهِ وَكَذَلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ القُرَى وَهِيَ ظَالِمَةٌ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيمٌ شَدِيدٌ ۴۶۸۶، صحیح مسلم کتاب البر والصلة بَابُ تَحْرِيمِ الظُّلْمِ ۶۵۸۱، مسند البزار ۳۱۸۳، شعب الایمان ۷۰۶۳، مسند ابی یعلی ۷۳۲۲

[۲] البقرة ۱۶۶

[۳] الاحقاف ۵، ۶

[۴] الحشر ۲۰

نَذِيۡرٌ ﴿۲۴﴾ [1]

ترجمہ: اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں ہے، نہ تاریکیاں اور روشنی یکساں ہیں، نہ ٹھنڈی چھاؤں اور دھوپ کی تپش ایک جیسی ہے، اور نہ زندے اور مردے مساوی ہیں، تم تو بس ایک خبردار کرنے والے ہو، ہم نے تم کو حق کے ساتھ بھیجا ہے بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر اور کوئی امت ایسی نہیں گزری ہے جس میں کوئی متنبہ کرنے والا نہ آیا ہو۔

کیا تم (اس مثال سے) کوئی نصیحت حاصل نہیں کرتے؟

وَ لَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا نُوۡحًا اِلٰی قَوۡمِہٖۤ ۫ اِنِّیۡ لَکُمۡ نَذِیۡرٌ مُّبِیۡنٌ ﴿ۙ۲۵﴾ اَنۡ لَّا

یقیناً ہم نے نوح (علیہ السلام) کو اس کی قوم کی طرف رسول بنا کر بھیجا کہ میں تمہیں صاف صاف ہوشیار کر دینے والا ہوں، کہ

تَعۡبُدُوۡۤا اِلَّا اللّٰہَ ؕ اِنِّیۡۤ اَخَافُ عَلَیۡکُمۡ عَذَابَ یَوۡمٍ اَلِیۡمٍ ﴿۲۶﴾ فَقَالَ الۡمَلَاُ الَّذِیۡنَ

تم صرف اللہ ہی کی عبادت کرو، مجھے تو تم پر دردناک دن کے عذاب کا خوف ہے، اس کی قوم کے کافروں کے سرداروں

کَفَرُوۡا مِنۡ قَوۡمِہٖ مَا نَرٰىکَ اِلَّا بَشَرًا مِّثۡلَنَا وَ مَا نَرٰىکَ اتَّبَعَکَ اِلَّا الَّذِیۡنَ ہُمۡ

نے جواب دیا کہ ہم تو تجھے اپنے جیسا انسان ہی دیکھتے ہیں، اور تیرے تابعداروں کو بھی ہم دیکھتے ہیں کہ یہ لوگ واضح طور پر

اَرَاذِلُنَا بَادِیَ الرَّاۡیِ ۚ وَ مَا نَرٰی لَکُمۡ عَلَیۡنَا مِنۡ فَضۡلٍۭ بَلۡ

سوائے نیچ لوگوں کے اور کوئی نہیں جو بے سوچے سمجھے (تمہاری پیروی کر رہے ہیں)، ہم تو تمہاری کسی قسم کی برتری اپنے

نَظُنُّکُمۡ کٰذِبِیۡنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ یٰقَوۡمِ اَرَءَیۡتُمۡ اِنۡ کُنۡتُ عَلٰی بَیِّنَۃٍ مِّنۡ رَّبِّیۡ

اوپر نہیں دیکھ رہے بلکہ ہم تو تمہیں جھوٹا سمجھ رہے ہیں، نوح نے کہا میری قوم والو! مجھے بتاؤ تو اگر میں اپنے رب کی طرف سے

وَ اٰتٰىنِیۡ رَحۡمَۃً مِّنۡ عِنۡدِہٖ فَعُمِّیَتۡ عَلَیۡکُمۡ ؕ اَنُلۡزِمُکُمُوۡہَا

دلیل پر ہوا اور مجھے اس نے اپنے پاس کی کوئی رحمت عطا کی ہو، پھر وہ تمہاری نگاہوں میں نہ آئی تو کیا یہ زبردستی میں اسے

وَ اَنۡتُمۡ لَہَا کٰرِہُوۡنَ ﴿۲۸﴾ وَ یٰقَوۡمِ لَاۤ اَسۡـَٔلُکُمۡ عَلَیۡہِ مَالًا ؕ اِنۡ اَجۡرِیَ

تمہارے گلے منڈھ دوں حالانکہ تم اس سے بیزار ہو، میری قوم والو! میں تم سے اس پر کوئی مال نہیں مانگتا میرا ثواب تو

اِلَّا عَلَی اللّٰہِ وَ مَاۤ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ؕ اِنَّہُمۡ مُّلٰقُوۡا رَبِّہِمۡ وَ لٰکِنِّیۡۤ

صرف اللہ تعالیٰ کے ہاں ہے، نہ میں ایمان داروں کو اپنے پاس سے نکال سکتا ہوں، انہیں اپنے رب سے ملنا ہے لیکن میں دیکھتا

---

[1] فاطر ۱۹ تا ۲۴

اَرٰىكُمۡ قَوۡمًا تَجۡهَلُوۡنَ ﴿۲۹﴾ وَ يٰقَوۡمِ مَنۡ يَّنۡصُرُنِىۡ مِنَ اللّٰهِ اِنۡ طَرَدْتُّهُمۡ ؕ

ہوں کہ تم لوگ جہالت کر رہے ہو، میری قوم کے لوگو! اگر میں ان مومنوں کو اپنے پاس سے نکال دوں تو اللہ کے مقابلے

اَفَلَا تَذَكَّرُوۡنَ ﴿۳۰﴾ (ھود ۲۵ تا ۳۰)

میں میری مدد کون کر سکتا ہے، کیا تم کچھ بھی نصیحت نہیں پکڑتے۔

ہم نے اولوالعزم رسول نوح علیہ السلام کو اس کی قوم کی طرف بھیجا تھا اس نے اپنی قوم کو دعوت توحید دیتے ہوئے کہا اے لوگو! میں تم لوگوں کو صاف صاف خبر دار کرتا ہوں کہ طاغوت کی پرستش سے تائب ہو کر اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی کرو، جو رب العالمین ہے، جس نے ایک مقصد کے لئے اس عظیم الشان کائنات کو تخلیق کیا ہے، جو تمہارا خالق، مالک اور رازق ہے، جو تمہاری پکاروں اور فریادوں کو سنتا اور مشکل کشائی کرتا ہے، اس کے سوا کائنات میں کسی کو کوئی قدرت واختیار نہیں ہے اس لئے وہی اکیلا بندگی واطاعت کے لائق ہے، اگر تم اس دعوت حقہ اور میری رسالت پر ایمان نہ لائے تو تم عذاب الٰہی سے بچ نہ سکو گے، مگر قوم کے سرداروں نے دعوت حقہ کی تکذیب کی اور بولے اے نوح علیہ السلام! ہماری نظر میں تو ایک عام انسان کے سوا کچھ نہیں ہو، تم ہماری طرح کھاتے پیتے، چلتے پھرتے، سوتے جاگتے اور اہل وعیال رکھتے ہو، پھر ہم کیسے تسلیم کر لیں کہ اللہ نے تمہیں رسالت سے نوازا ہے، ہم جانتے ہیں کہ ہماری قوم کے چند حقیر، کمتر اور بے حیثیت لوگوں نے بغیر غور و تدبر تمہاری پیروی اختیار کر لی ہے، اور تم ٹٹ پونجیے لوگ مال و دولت، حیثیت و مرتبہ اور خدام و حشم میں بھی ہم سے کمتر ہو تو ہم تمہاری اطاعت کیسے کر لیں، حقیقت تو یہ ہے کہ ہم تمہیں اس دعویٰ نبوت و رسالت میں جھوٹا ہی گمان کرتے ہیں، اور ہر قوم کا خوشحال طبقہ ہی اپنے دنیاوی مقاصد کے لئے ہمیشہ دعوت انبیاء کی تکذیب کرتا رہا ہے اور کمزور پیروی، جیسے فرمایا

وَ كَذٰلِكَ مَاۤ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ فِىۡ قَرۡيَةٍ مِّنۡ نَّذِيۡرٍ اِلَّا قَالَ مُتۡرَفُوۡهَاۤ ۙ اِنَّا وَجَدۡنَاۤ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمۡ مُّقۡتَدُوۡنَ ﴿۲۳﴾ [1]

ترجمہ: اسی طرح تم سے پہلے جس بستی میں بھی ہم نے کوئی نذیر بھیجا اس کے کھاتے پیتے لوگوں نے یہی کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا ہے اور ہم انہی کے نقش قدم کی پیروی کر رہے ہیں۔

اور شاہ روم ہرقل نے جب ابو سفیان رضی اللہ عنہ صخر بن حرب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات کے بارے میں سوالات کیے تو ان میں ایک سوال یہ بھی تھا۔

فَأَشْرَافُ النَّاسِ يَتَّبِعُونَهُ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ فَقُلْتُ بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ،... أَنَّ ضُعَفَاءَهُمُ اتَّبَعُوهُ، وَهُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ

اعلیٰ درجے کے لوگوں نے ان کی پیروی کی ہے یا ادنیٰ درجے کے لوگوں نے؟ تو انہوں نے یہی جواب دیا تھا کہ کمزور لوگوں نے آپ کی پیروی کی ہے، یہ جواب سن کر ہرقل نے کہا تھا پیغمبروں کے پیروکار کمزور لوگ ہی ہوتے ہیں۔ [2]

[1] الزخرف ۲۳

[2] صحیح بخاری کتاب بَدْءِ الوَحْيِ كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ ۷، صحیح مسلم كِتَابُ الْجِهَادِ وَالسِّيَرِ بَابُ كِتَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى هِرَقْلَ يَدْعُوهُ إِلَى الْإِسْلَامِ ۴۶۰۷

نوح علیہ السلام نے کہااے برادران قوم! تم میرے اخلاق وکردار اور خیالات سے انجان نہیں ہو،اور اب تو اس رب نے مجھے نبوت ورسالت عطا کر کے اپنی رحمتوں کی بارش کر دی ہے، تم لوگ اس رحمت وکرم کی چھتری کے نیچے آ کر مشاہدہ کرو تو سہی، صرف ضد وہٹ دھرمی کو اپنا شعار نہ بنالو بلکہ انصاف کرو، میں تمہارے پاس دوڑ دوڑ کر آتا ہوں اور جس ہمدردی، خیرخواہی دل جوئی دردمندی سے دعوت دیتا ہوں تم اتنا ہی دور بھاگتے ہو، اگر کوئی اور طریقہ وعظ ونصیحت کا ہے تو وہ بتاؤ، اللہ نے تمہارے دلوں میں حق وباطل کی تمیز رکھی ہے اور وہ میری دعوت حق کو تسلیم کرتے ہیں مگر تم شیطان کے ساتھی بن کر اپنی کھوکھلی انا ضد وغرور وتکبر کے خول سے باہر نہیں آنا چاہتے تو یہ تمہارا فیصلہ ہے، دین میں زور وزبردستی تو ہرگز ہرگز نہیں ہے اگر اس دعوت پر ایمان لانا ہے تو خلوص نیت سے ایمان لے آؤ اسی میں تمہاری بھلائی اور عزت وشرف ہے، اور اے برادران قوم! اپنے دماغوں سے یہ شبہ دور کر دو کہ میرا دعوائے نبوت کا مقصد مال ودولت، حیثیت ومرتبہ حاصل کرنا ہے، میں یہ کام اللہ مالک الملک کے حکم پر سرانجام دے رہا ہوں اور وہی میری اس جد وجہد کا اجر عطا فرمائے گا، قوم کے سرداروں نے مطالبہ کیا کہ تم ان کمتر وحقیر لوگوں کو اپنی مجلس سے دور کر دو تو ہم تمہاری دعوت پر غور کریں گے، نوح علیہ السلام نے فرمایا اے قوم کے لوگو! اللہ تعالیٰ نے کسی انسان کو حقیر وکمتر پیدا نہیں کیا مگر تم لوگوں نے انسانوں کے درمیان درجہ بندی کرتے ہوئے خود ساختہ غیر فطری اونچ نیچ قائم کر رکھی ہے، مذہب کی حقانیت وصداقت کو پرکھنے کے لئے پیشہ یا مال ودولت کسوٹی نہیں ہوتے بلکہ اس کے حیات بخش اصول ہوتے ہیں اگر پیشے کے اعتبار سے تم ان گنے چنے مسلمانوں کو جو اللہ مالک الارض وسماوات پر ایمان لائے ہیں، جن کا ذہن صاف ہے، جو حقیقت کو سمجھنے اور تسلیم کرنے کی استعداد رکھتے ہیں، جن کے اندر راستی صداقت پسندی موجود تھی کہ جب انہوں نے جان لیا کہ میری دعوت حق ہے تو اس حق وصداقت اور محض اللہ کی رضا کے لئے ہر چیز کو قربان کر دینے اور ہر طرح کے مصائب سہنے کے لئے تیار ہو گئے، یہ لوگ جنہوں نے دنیائے ناپائیدار کو دل لگانے کے قابل نہ سمجھا، یہ لوگ جنکی اللہ کے ہاں قدر ومنزلت ہے کو کمتر، گھٹیا اور حقیر سمجھتے ہو تو تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ پیشہ صرف پیشہ ہوتا ہے، کوئی بھی پیشہ حقیر نہیں ہوتا اور نہ ہی کوئی رزق حلال کمانے کے لئے پیشے کی وجہ سے گھٹیا بن جاتا ہے اگر مال ودولت کی وجہ سے خود کو ان سے بالا وارفع جانتے ہو تو یہ مال واسباب تمہیں میرے رب نے ہی دیا ہے وہ جس کے لئے چاہے مال واسباب میں فراوانی کر دے اور جس کا رزق چاہے نپا تلا کر دے، یہ اس کی حکمت ومشیت ہے اس میں تمہارا کوئی عمل دخل یا استحقاق نہیں ہے وہ رب جس نے تمہیں مال ومتاع اور عزت ومرتبہ سے نوازا ہے جب چاہے سب واپس لینے کی قدرت بھی رکھتا ہے اے میری قوم کے لوگو! تم لوگ مال ودولت اور جاہ واقتدار مل جانے کو عزت سمجھتے ہو، تم لوگ یہ سمجھتے ہو کہ اللہ نے تمہارے سروں پر پیدائشی طور پر عزت وعظمت کا تاج نہیں رکھ دیا ہے اور جن کو مال ودولت سے نہیں نوازا وہ پیدائشی ذلیل وحقیر ہیں، حقیقت میں ایسی بات نہیں اللہ نے جو کچھ تمہیں عطا کیا ہے اس سے تم اس کے مقرب نہیں بن گئے ہو، وہ تو آزمائش کے لئے دیا گیا ہے اور جن کو مفلسی دی ہے وہ اللہ کے مغضوب نہیں انکی بھی آزمائش ہو رہی ہے، اگر تم لوگ اپنی کفرانہ روش سے باز نہ آئے تو نقصان اٹھانے والوں میں ہو جاؤ گے، میں ان اہل ایمان کو جن میں حق کو پہچاننے کی وسعت نظر، نیک نفسی، صداقت وخودداری، قوم کے آگے صحیح دعوت کو قبول کرنے پر مصائب قبول کرنے کی فراغ حوصلگی وبلند ہمتی، اپنے بھائیوں کے لئے ایثار وقربانی کا جذبہ، راہ اللہ تکالیف پر صبر واستقامت اور اللہ کی عطا کردہ نعمتوں پر قناعت کے عمدہ اوصاف ہیں، جن کو نشست وبرخاست، عبادات، سماجی تقریبات، عام یا اجتماعی زندگی میں کسی کو کسی پر اولیت وفضیلت حاصل نہیں، جن میں اونچ نیچ کے امتیازات نہیں،

تمہاری سطحی باتوں کی وجہ سے اپنے سے دور نہیں کر سکتا یہی تو میرا جمع کیا ہوا بے بہا قیمتی سرمایہ ہیں، ان اہل ایمان کو حقیر سمجھنا اور انہیں مجھ سے دور کرنے کا مطالبہ کرنا تمہاری جہالت پر مبنی ہے، کفار کے ذہن وطریقہ کار اور مطالبات ہمیشہ ایک ہی طرح کے رہے ہیں، روسائے قریش مکہ نے بھی رسول اللہ ﷺ سے یہی مطالبہ کیا تھا کہ ان ادنیٰ طبقہ کے بے حیثیت لوگوں اور بصیرت سے محروم ضعیف الاعتقاد غلاموں کو اپنی مجلس سے دور کرو تو ہم آپ کے ساتھ بیٹھنے کو تیار ہیں، اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۵۲ [۱]

ترجمہ: اور جو لوگ اپنے رب کو رات دن پکارتے رہتے ہیں اور اس کی خوشنودی کی طلب میں لگے ہوئے ہیں انہیں اپنے سے دور نہ پھینکو ، ان کے حساب میں سے کسی چیز کا بار تم پر نہیں ہے اور تمہارے حساب میں سے کسی چیز کا بار ان پر نہیں، اس پر بھی اگر تم انہیں دور پھینکو گے تو ظالموں میں شمار ہو گے۔

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۔۔ [۲]

ترجمہ: اور اپنے دل کو ان لوگوں کی معیت پر مطمئن کرو جو اپنے رب کی رضا کے طلب گار بن کر صبح وشام اسے پکارتے ہیں اور ان سے ہرگز نگاہ نہ پھیرو۔

اور اے قوم! اگر میں ان اہل ایمان کو دھتکار دوں تو یہ اللہ کے غضب اور ناراضی کا باعث ہے کیا تم لوگ اتنی بات بھی نہیں سمجھتے؟ اب ان میں کوئی تھوڑے عمل کرتا ہے اور کہیں کمزوری دکھاتا ہے اور کوئی پورا کا پورا ڈوبا ہوا ہے تو اس کا معاملہ رب کے اختیار میں ہے۔

وَ لَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآىِٕنُ اللّٰهِ وَ لَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَ لَآ اَقُوْلُ اِنِّيْ

میں تم سے نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں، (سنو!) میں غیب کا علم بھی نہیں رکھتا، نہ یہ میں کہتا ہوں کہ میں

مَلَكٌ وَّ لَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ؕ

کوئی فرشتہ ہوں، نہ میرا یہ قول ہے کہ جن پر تمہاری نگاہیں ذلت سے پڑ رہی ہیں انہیں اللہ تعالیٰ کوئی نعمت دے گا ہی نہیں،

اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۚۖ اِنِّيْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۳۱

ان کے دل میں جو ہے اسے اللہ ہی خوب جانتا ہے، اگر میں ایسی بات کہوں تو یقیناً میرا شمار ظالموں میں ہو جائے گا،

قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ

(قوم کے لوگوں نے) کہا اے نوح! تو نے ہم سے بحث کر لی اور خوب بحث کر لی، اب تو جس چیز سے ہمیں دھمکا رہا ہے وہی

---

[۱] الانعام ۵۲

[۲] الکہف ۲۸

اِنۡ كُنۡتَ مِنَ الصّٰدِقِيۡنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ اِنَّمَا يَاۡتِيۡكُمۡ بِهِ اللّٰهُ اِنۡ شَآءَ وَ مَاۤ اَنۡتُمۡ

ہمارے پاس لے آ، اگر تو سچوں میں ہے، جواب دیا کہ اسے بھی اللہ تعالیٰ ہی لائے گا اگر وہ چاہے اور ہاں تم اسے

بِمُعۡجِزِيۡنَ ﴿۳۳﴾ وَ لَا يَنۡفَعُكُمۡ نُصۡحِىۡۤ اِنۡ اَرَدْتُّ اَنۡ اَنۡصَحَ لَـكُمۡ

ہرانے والے نہیں ہو، تمہیں میری خیر خواہی کچھ بھی نفع نہیں دے سکتی، گو میں کتنی ہی تمہاری خیر خواہی کیوں نہ چاہوں،

اِنۡ كَانَ اللّٰهُ يُرِيۡدُ اَنۡ يُّغۡوِيَكُمۡ‌ؕ هُوَ رَبُّكُمۡ ۚ وَ اِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ؕ﴿۳۴﴾

بشرطیکہ اللہ کا ارادہ تمہیں گمراہ کرنے کا ہو، وہی تم سب کا پروردگار ہے اور اسی کی طرف لوٹ جاؤ گے،

اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰٮهُ‌ؕ قُلۡ اِنِ افۡتَرَيۡتُهٗ فَعَلَىَّ اِجۡرَامِىۡ وَ اَنَا

کیا یہ کہتے ہیں کہ اسے خود اسی نے گھڑ لیا ہے؟ تو جواب دے کہ اگر میں نے اسے گھڑ لیا ہو تو میرا گناہ مجھ پر ہے اور میں

بَرِىۡٓءٌ مِّمَّا تُجۡرِمُوۡنَ ﴿۳۵﴾ (ھود ۳۱ تا ۳۵)

ان گناہوں سے بری ہوں جو تم کر رہے ہو۔

اے میری قوم! میرا یہ دعویٰ نہیں کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں کہ میں ان پر تصرف کروں، جو بات اللہ مجھے بتلا دے وہ مجھے معلوم ہو جاتی ہے اس کے علاوہ میں غیب کا علم نہیں جانتا ہوں، میں تو تمہاری طرح ایک انسان ہوں، میں نے کبھی یہ دعویٰ نہیں کیا ہے کہ میں فرشتہ ہوں اور نہ میں اس کا قائل ہوں کہ جن لوگوں کو تمہاری آنکھیں حقارت سے دیکھتی ہیں انہیں اللہ نے کوئی بھلائی نہیں دی بلکہ اللہ تعالیٰ نے تو انہیں ایمان کی صورت میں خیر عظیم عطا کر رکھا ہے، جس کی بنیاد پر وہ آخرت میں جنت کی نعمتوں سے لطف اندوز ہوں گے، ان کے باطن کا حال بھی مجھے نہیں بلکہ اللہ ہی کو اس کا علم ہے، جو ان کے انجام کی برائی کو کہے اس نے ظلم کیا اور جہالت کی بات کہی، نوح علیہ السلام کو اپنی قوم کو نصیحت کرتے ہوئے نو سو پچاس (۹۵۰) سال گزر چکے تھے آپ علیہ السلام نے قوم کو ہر پہلو سے سمجھایا بار بار شرک سے منع کیا، اللہ کی پکڑ اور اس کے عذاب سے ڈرایا مگر گنے چنے لوگوں کے سوا پوری قوم کی آنکھوں پر پردے ہی پڑے رہے، پوری قوم نے نوح علیہ السلام اور انکی نصیحت کو جھوٹ، فریب، لالچ، دیوانگی اور جنون سمجھ کر پائے حقارت سے ٹھکرا دیا اور کھلم کھلا اعلان کیا کہ اے نوح علیہ السلام! تم جھوٹے ہو، ہم تو تمہاری رسالت، دعوت اور تمہارے اکیلے رب پر ایمان لانے والے نہیں،

وَالْبَلَاءُ مُوَكَّلٌ بِالْمَنْطِقِ

اور مصیبت انسان کی گفتگو سے آتی ہے۔

چنانچہ قوم نے کہا اے نوح علیہ السلام! تم نے ہم سے جھگڑا کیا اور بہت کر لیا، اگر تم باتیں بنانے کے علاوہ کچھ کر سکتے ہو تو جس عذاب سے ہمیں ڈراتے آئے ہو تو پھر لے آؤ وہ دردناک عذاب، نوح علیہ السلام نے جواب دیا میں تو رب العالمین کا رسول ہوں، میرے اختیار میں کچھ نہیں، میرا کام اس کے پیغامات اور احکامات پوری امانت و دیانت سے تم تک پہنچا دینا ہے، یہ تو اللہ کی مشیت پر موقوف ہے کہ عذاب بھیجا جائے یا نہیں یا کب

بھیجا جائے، مگر یہ جان لو کہ اگر اس قادر مطلق نے عذاب نازل کر دیا تو تم اسے روک نہیں سکو گے بلکہ اس میں پس کر رہ جاؤ گے، اب جبکہ تم نے خود ہی رب کے عذاب کا پوری ڈھٹائی وغرور سے مطالبہ کر دیا ہے تو اب تمہاری ضد وہٹ دھرمی اور عذاب کا چیلنج دینے کے بعد اگر میرے رب نے تمہارے خلاف فیصلہ کر لیا ہو کہ اب تم لوگ اسکی رحمت کے مستحق نہیں رہے تو اب میں تمہارے لئے خیر خواہی کرنا بھی چاہوں تو لا حاصل ہے کیونکہ کوئی اس کے فیصلے کو نہیں روک یا ٹال نہیں سکتا، وہی تمہارا رب ہے اور تمام جن وانس کو اعمال کی جوابدہی کے لئے اس کی بارگاہ میں حاضر ہونا ہے، مشرکین نے اعتراض کیا کہ محمد ﷺ اس طرح کے قصے ہم پر چسپاں کرنے کے لئے گھڑا کرتا ہے، چنانچہ سلسلہ کلام کو توڑ کر اعتراض کا جواب دیا کہ اے نبی! یہ کفار ومشرکین تم پر بہتان لگاتے ہیں کہ یہ قرآن تم نے خود گھڑ کر اللہ کی طرف منسوب کر دیا ہے؟ ان سے کہو اگر میں نے یہ عظیم الشان کلام خود گھڑ کر اللہ کی طرف منسوب کر دیا ہے تو یہ میرا جرم ہے اور اس کی سزا بھی میں بھگتوں گا، اور دعوت حق ورسالت اور کلام الٰہی کی تکذیب کر کے جو جرم تم کر رہے ہو اس کا وبال تم پر ہی پڑے گا میں اس کی ذمہ داری سے بری ہوں، جیسے فرمایا

۔۔۔وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى۔۔۔[1]

ترجمہ: کوئی شخص کسی کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔

وَ اُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا

نوح کی طرف وحی بھیجی گئی کہ تیری قوم میں سے جو ایمان لا چکے ان کے سوا اور کوئی اب ایمان لائے گا ہی نہیں، پس تو ان

يَفْعَلُوْنَ ۝۳۶ وَ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَ وَحْيِنَا وَ لَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ

کے کاموں پر غمگین نہ ہو، اور ایک کشتی ہماری آنکھوں کے سامنے اور ہماری وحی سے تیار کر اور ظالموں کے بارے میں ہم

مُّغْرَقُوْنَ ۝۳۷ وَ يَصْنَعُ الْفُلْكَ ۫ وَ كُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ

سے کوئی بات چیت نہ کر وہ پانی میں ڈبو دیئے جانے والے ہیں، وہ (نوح) کشتی بنانے لگے ان کی قوم کے جو سردار ان کے پاس

سَخِرُوْا مِنْهُ ؕ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ ۝۳۸

سے گزرے وہ ان کا مذاق اڑاتے، وہ کہتے اگر تم ہمارا مذاق اڑاتے ہو تو ہم بھی تم پر ایک دن ہنسیں گے جیسے تم ہم پر ہنستے ہو،

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَ يَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝۳۹ (ھود ۳۶ تا ۳۹)

تمہیں بہت جلد معلوم ہو جائے گا کہ کس پر عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کرے اور اس پر ہمیشگی کی سزا اتر آئے۔

نوح علیہ السلام نے پشت در پشت قوم کے اجتماعی طرز عمل کو دیکھ کر نہ صرف یہ اندازہ فرمالیا کہ ان کے اندر قبول حق کی کوئی صلاحیت باقی نہیں رہی ہے بلکہ یہ رائے بھی قائم کر لی کہ آئندہ ان کی نسلوں سے نیک اور ایمان دار آدمیوں کے اٹھنے کی توقع نہیں ہے، تو انہوں نے اپنے رب

---

[1] الانعام ۱۶۴

سے التجاکی۔

قَالَ رَبِّ اِنَّ قَوْمِیْ كَذَّبُوْنِ ﴿۱۱۷﴾ فَافْتَحْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَهُمْ فَتْحًا وَّ نَجِّنِیْ وَ مَنْ مَّعِیَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۱۸﴾ [1]

ترجمہ: نوح علیہ السلام نے دعاکی اے میرے رب! میری قوم نے مجھے جھٹلا دیا اب میرے اور ان کے درمیان دوٹوک فیصلہ کر دے اور مجھے اور جو مومن میرے ساتھ ہیں ان کو نجات دے۔

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿۱۰﴾ [2]

ترجمہ: آخر کار اس نے اپنے رب کو پکارا کہ میں مغلوب ہو چکا اب تو ان سے انتقام لے۔

اب تو تجھی سے فریاد و التجا ہے،

وَ قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ دَیَّارًا ﴿۲۶﴾ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ یُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَ لَا یَلِدُوْۤا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿۲۷﴾ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَ لِوَالِدَیَّ وَ لِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا وَّ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ وَ لَا تَزِدِ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿۲۸﴾ [3]

ترجمہ: اور نوح علیہ السلام نے کہا میرے رب! ان کافروں میں سے کوئی زمین پر بسنے والا نہ چھوڑ اگر تو نے ان کو چھوڑ دیا تو یہ تیرے بندوں کو گمراہ کریں گے اور انکی نسل سے جو بھی پیدا ہو گا بدکار اور سخت کافر ہی ہو گا، میرے رب! مجھے اور میرے والدین کو اور ہر اس شخص کو جو میرے گھر میں مومن کی حیثیت سے داخل ہوا ہے، اور سب مومن مردوں اور عورتوں کو معاف فرما دے اور ظالموں کے لیے ہلاکت کے سوا کسی چیز میں اضافہ نہ کر۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام پر وحی کی کہ تمہاری قوم میں سے جن لوگوں کے نصیب میں ایمان کی انمول دولت لکھی تھی وہ حاصل کر چکے اب کوئی شخص ایمان نہیں لائے گا، اس لئے ان کے کرتوتوں پر غم کھانا چھوڑو، اب جیسے ہم تمہیں طریقہ ہدایت کریں اس کے مطابق ایک بڑی کشتی تیار کرو جس میں ہم تمام مسلم، مومن بندوں اور بندیوں کو اپنی سنت کے مطابق نجات عطا کریں گے اور اے نوح علیہ السلام! اپنی قوم کو غرق ہوتے دیکھ کر تمہارا دل پسیج نہ جائے اور ان مطالبہ عذاب کرنے والوں کے لئے رحمت کی دعا نہ کر بیٹھنا اب ہم کسی کافر کو معاف نہیں کریں گے، کشتی کی تیاری کرنے کا حکم پا کر آپ آبادی سے باہر کسی مقام پر جس جگہ کی نشان دہی کی گئی مادی اسباب لکڑی وغیرہ جمع کر کے اپنے رب کی نگرانی میں کشتی بناتے رہے یہ ایک بظاہر عجیب معاملہ تھا اور کفار ظاہر سے کس قدر دھوکا کھا رہے تھے انہیں نوح علیہ السلام کا خشکی پر کشتی تیار کرنا انتہائی مضحکہ خیز لگا چنانچہ انکو ہنسی اڑانے کا ایک موقعہ ہاتھ آ گیا جس پر وہ ہنسی میں لوٹ پوٹ ہو کر کہتے کہ لوگو! لو اب نیا کام دیکھو ہمیں سیدھی راہ پر گامزن کرنے والے بڑے میاں سٹھیا ہی گئے، دیکھو اب یہ خشکی پر کشتی چلائیں گے بھلا کبھی ایسا ہوا بھی ہے کہ خشکی پر کشتی چلے، حالانکہ خود عذاب ربی کا مطالبہ کر چکے تھے، نوح علیہ السلام کو کشتی بناتے دیکھ کر ان کے وہم و گمان میں بھی نہ آیا کہ بس اب عذاب آ ہی جائے گا، نوح

[1] الشعرآء ۱۱۸،۱۱۷

[2] القمر ۱۰

[3] نوح ۲۶تا۲۸

علیہ السلام نے کہا اگر تم ہم پر ہنستے ہو تو ہم بھی تم پر ہنس رہے ہیں بہت جلد تمہیں خود معلوم ہو جائے گا کہ کس پر وہ عذاب نازل ہوتا ہے جو ٹالے نہ ٹلے گا، بالآخر کشتی مکمل ہوتے ہی سرکشوں کی مہلت بھی ختم ہوگئی۔

حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَ فَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ

یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آ پہنچا اور تنور ابلنے لگا ہم نے کہا کہ کشتی میں ہر قسم کے (جانداروں میں سے) جوڑے (یعنی)

اثْنَيْنِ وَ اَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ

دو (جانور، ایک نر اور ایک مادہ) سوار کرا لے اور اپنے گھر کے لوگوں کو بھی، سوائے ان کے جن پر پہلے سے بات پڑ چکی ہے

وَ مَنْ اٰمَنَ ؕ وَ مَاۤ اٰمَنَ مَعَهٗۤ اِلَّا قَلِيْلٌ ۝۴۰ وَ قَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ

اور سب ایمان والوں کو بھی، اس کے ساتھ ایمان لانے والے بہت ہی کم تھے، نوح علیہ السلام نے کہا اس کشتی میں بیٹھ جاؤ اللہ ہی

مَجْرٖىهَا وَ مُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۴۱ وَ هِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۫

کے نام سے اس کا چلنا اور ٹھہرنا ہے، یقیناً میرا رب بڑی بخشش اور بڑے رحم والا ہے، وہ کشتی انھیں پہاڑوں جیسی موجوں میں

وَ نَادٰى نُوْحُ ا۟بْنَهٗ وَ كَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ

لے کر جا رہی تھی اور نوح (علیہ السلام) نے اپنے لڑکے کو جو ایک کنارے پر تھا پکار کر کہا کہ اے میرے پیارے بچے!

ارْكَبْ مَّعَنَا وَ لَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ۝۴۲ قَالَ سَاٰوِيْۤ اِلٰى جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ

ہمارے ساتھ سوار ہو جا اور کافروں میں شامل نہ رہ، اس نے جواب دیا کہ میں تو کسی بڑے پہاڑ کی طرف پناہ میں آ جاؤں گا

مِنَ الْمَآءِ ؕ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ

جو مجھے پانی سے بچا لے گا، نوح علیہ السلام نے کہا آج اللہ کے امر سے بچانے والا کوئی نہیں صرف وہی بچیں گے جن پر اللہ کا رحم

وَ حَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ۝۴۳ (ھود ۴۰ تا ۴۳)

ہوا، اسی وقت ان دونوں کے درمیان موج حائل ہوگئی اور وہ ڈوبنے والوں میں سے ہوگیا۔

اللہ تعالیٰ نے حکم دیا

فَاَوْحَيْنَاۤ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَ وَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَ فَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَ اَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ وَ لَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ۝۲۷ [1]

---

[1] المومنون ۲۷

ترجمہ: پھر جب ہمارا حکم آجائے اور وہ تنور ابل پڑے تو ہر قسم کے جانوروں میں سے ایک ایک جوڑا لے کر اس میں سوار ہو جا اور اپنے اہل وعیال کو بھی ساتھ لے سوائے ان کے جن کے خلاف پہلے فیصلہ ہو چکا ہے اور ظالموں کے بارے میں مجھ سے کچھ نہ کہنا، یہ اب غرق ہونے والے ہیں۔

طوفان نوح علیہ السلام کی پہلی ابتدائی نشانی ایک خاص تنور سے ظاہر ہوئی جس کے نیچے سے پانی کا چشمہ پھوٹ پڑا،

وَأَمَّا قَوْلُهُ: {وَفَارَ التَّنُّورُ} فَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: التَّنُّورُ: وَجْهُ الْأَرْضِ، أَيْ: صَارَتِ الْأَرْضُ عُيُونًا تَفُورُ، حَتَّى فَارَ الْمَاءُ مِنَ التَّنَانِيرِ الَّتِي هِيَ مَكَانُ النَّارِ، صَارَتْ تَفُورُ مَاءً، وَهَذَا قَوْلُ جُمْهُورِ السَّلَفِ وَعُلَمَاءِ الْخَلَفِ.

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں تنور سے مراد سطح زمین ہے یعنی زمین جوش مارتے ہوئے چشموں کی صورت اختیار کر گئی حتی کہ وہ تنور جو آگ کی جگہ ہوتی ہے وہاں سے بھی پانی پھوٹنے لگا جمہور علمائے سلف وخلف کا یہی قول ہے۔[1]

پھر اللہ کے حکم سے تند و تیز چکر دار ہوا کے بگولے اپنا کام سرانجام دینے لگے (ان ہواؤں کی خصوصیت یہ ہے کہ اس سے شدت کی بارش ہوتی ہے اور سمندر کا پانی جوش میں آجاتا ہے) اس طرح آسمان کی کھڑکیاں کھل گئیں اور تیز بارش شروع ہوگئی جو جم کر برسی اور رکنے کا نام ہی نہ لیا دوسری طرف زمین میں جگہ جگہ سے جہاں چشموں کا کوئی تصور ہی نہ تھا زوردار چشمے پھوٹنے لگے، دریاؤں کے سب سوتے پھوٹ پڑے، دجلہ وفرات اپنے کناروں کی بندش سے آزاد ہوگئے آسمان وزمین سے بے قیاس وگمان لگاتار پانی جمع ہو کر پانچ دن تک ایک مخصوص بلندی تک بڑھتا رہا جس سے ہر طرف طوفانی موجیں اچھلنے لگیں، جیسے فرمایا

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَاۗءِ بِمَاۗءٍ مُّنْهَمِرٍ ۝۱۱ۡ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَاۗءُ عَلٰٓي اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝۱۲ۚ [2]

ترجمہ: تب ہم نے موسلادھار بارش سے آسمان کے دروازے کھول دیے اور زمین کو پھاڑ کر چشموں میں تبدیل کر دیا اور یہ سارا پانی اس کام کو پورا کرنے کے لئے مل گیا جو مقدر ہو چکا تھا۔

حکم ربی کے مطابق نوح علیہ السلام نے اپنے گھر والوں، اہل مرد وعورتیں کو جو تعداد میں تھوڑے ہی تھے،

فَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: كَانُوا ثَمَانِينَ نَفْسًا مِنْهُمْ نِسَاؤُهُمْ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے نوح علیہ السلام پر ایمان لانے والے تمام مردوں اور عورتوں کی تعداد اسی (۸۰) تھی۔[3]

اور ہر قسم کا ایک ایک جوڑا (یعنی پالتو جانور جیسے گائے بھیڑ بکری گھوڑے اونٹ وغیرہ) کشتی میں سوار کر لیا تاکہ نئی زندگی کے آغاز میں کام آسکیں اور جہاں ہم اتاریں فوراً کوئی تکلیف نہ اٹھانی پڑے، نوح علیہ السلام نے اپنے والدین اور مسلمانوں سے کہا

---

[1] تفسیرابن کثیر ۳۲۰؍۴

[2] القمر ۱۲،۱۱

[3] تفسیرابن کثیر ۳۲۱؍۴

وَقَالَ ارۡكَبُوۡا فِيۡهَا بِسۡمِ اللّٰهِ مَجۡرٖٮٰهَا وَمُرۡسٰٮهَا ؕ اِنَّ رَبِّىۡ لَغَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۴۱﴾ [۱]

ترجمہ: نوح نے کہا سوار ہو جاؤ اس میں، اللہ ہی کے نام سے ہے اس کا چلنا بھی اور اس کا ٹھیرنا بھی، میرا رب بڑا غفور و رحیم ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

فَاِذَا اسۡتَوَيۡتَ اَنۡتَ وَمَنۡ مَّعَكَ عَلَى الۡفُلۡكِ فَقُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِىۡ نَجّٰٮنَا مِنَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۲۸﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَنۡزِلۡنِىۡ مُنۡزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنۡتَ خَيۡرُ الۡمُنۡزِلِيۡنَ ﴿۲۹﴾ [۲]

ترجمہ: پھر جب تو اپنے ساتھیوں سمیت کشتی پر سوار ہو جائے تو کہہ شکر ہے اس اللہ کا جس نے ہمیں ظالم لوگوں سے نجات دی، اور کہہ پرور دگار! مجھ کو برکت والی جگہ اتار اور تو بہترین جگہ دینے والا ہے۔

کشتی اللہ کے حکم سے پانی کی سطح پر رواں دواں تھی

قَامَ الْمَاءُ عَلَى رَأْسِ كُلِّ جَبَلٍ خَمْسَةَ عَشَرَ رَأْسًا

اور پانی پہاڑوں کی چوٹیوں سے بھی پندرہ ہاتھ اوپر تھا۔ [۳]

قَالَ: أَغْرَقَ الْمَاءُ الْجِبَالَ فَوْقَهَا ثَمَانِينَ مِيلًا

اور ایک قول کے مطابق اسی (۸۰) میل بلند تھا۔ [۴]

کہ اچانک نوح علیہ السلام نے دور اپنے بیٹے کو پانی میں ڈبکیاں کھاتے دیکھا جسے موجیں اٹھا اٹھا کر پٹخ رہی تھیں جس سے وہ نڈھال ہوا جاتا تھا، بیٹے کا یہ حال دیکھ کر نوح علیہ السلام برداشت نہ کر سکے اور تڑپ کر اسے پکارا اے میرے بیٹے! میرے ساتھ آ جا اپنی قوم کے حال سے سبق سیکھ، مگر اس حال میں بھی وہ بد بخت اپنے باپ کے ساتھ ملنے کو تیار نہ ہوا اور کہنے لگا میں ایک اونچے پہاڑ پر چڑھ کر طوفان بار اس سے بچ جاؤں گا، اس کے شرک میں ڈوبے ہوئے ذہن نے اب بھی نہ جانا کہ جس عذاب کا ہم نے مطالبہ کیا تھا وہ عذاب تو آ چکا ہے نوح علیہ السلام نے فرمایا یہ تیری ناعاقبت اندیشی ہے، یہ تو میرے رب کا وہ عذاب ہے جس کا تم لوگوں نے مطالبہ کیا تھا، اللہ کے مقابلے میں آج کوئی چیز پناہ دینے والی نہیں، آج تو حق و باطل کے فیصلے کا دن ہے، آج تو بس جسکو میرا رب چاہے گا بچائے گا، اسی اثنا میں وہ ایک موج کی زد میں آ گیا اور غرق ہو گیا۔

وَ قِيۡلَ يٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِىۡ مَآءَكِ وَ يٰسَمَآءُ اَقۡلِعِىۡ وَ غِيۡضَ الۡمَآءُ

فرما دیا گیا کہ اے زمین اپنے پانی کو نگل جا اور اے آسمان بس کر تھم جا، اسی وقت پانی سکھا دیا گیا اور کام پورا کر دیا گیا،

وَ قُضِىَ الۡاَمۡرُ وَ اسۡتَوَتۡ عَلَى الۡجُوۡدِىِّ وَ قِيۡلَ بُعۡدًا لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۴۴﴾ وَ نَادٰى نُوۡحٌ رَّبَّهٗ

اور کشتی "جودی" نامی پہاڑ پر جا لگی اور فرما دیا گیا کہ ظالم لوگوں پر لعنت نازل ہو، نوح علیہ السلام نے اپنے پروردگار کو پکارا

[۱] ہود ۴۱

[۲] المومنون ۲۸،۲۹

[۳] تفسیر ابن ابی حاتم ۶،۲۰۳۶

[۴] تفسیر ابن ابی حاتم ۶،۲۰۳۶

فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابۡنِیۡ مِنۡ اَهۡلِیۡ وَ اِنَّ وَعۡدَكَ الۡحَقُّ وَ اَنۡتَ اَحۡكَمُ الۡحٰكِمِیۡنَ ﴿۴۵﴾

اور کہا کہ میرے رب میرا بیٹا تو میرے گھر والوں میں سے ہے، یقیناً تیرا وعدہ بالکل سچا ہے اور تو تمام حاکموں سے بہتر حاکم ہے،

قَالَ یٰنُوۡحُ اِنَّهٗ لَیۡسَ مِنۡ اَهۡلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَیۡرُ صَالِحٍ ٭۫ۖ فَلَا تَسۡـَٔلۡنِ مَا لَیۡسَ

اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے نوح! یقیناً وہ تیرے گھرانے سے نہیں ہے، اس کے کام بالکل ہی ناشائستہ ہیں تجھے ہر گز وہ چیز نہ

لَكَ بِهٖ عِلۡمٌ ؕ اِنِّیۡۤ اَعِظُكَ اَنۡ تَكُوۡنَ مِنَ الۡجٰهِلِیۡنَ ﴿۴۶﴾ قَالَ

مانگنی چاہیے جس کا تجھے مطلقاً علم نہ ہو، میں تجھے نصیحت کرتا ہوں کہ تو جاہلوں میں سے اپنا شمار کرانے سے باز رہے، نوح نے کہا

رَبِّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُ بِكَ اَنۡ اَسۡـَٔلَكَ مَا لَیۡسَ لِیۡ بِهٖ عِلۡمٌ ؕ وَ اِلَّا تَغۡفِرۡ لِیۡ

میرے پالنہار! میں تیری ہی پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ تجھ سے وہ مانگوں جس کا مجھے علم ہی نہ ہو اگر تو مجھے نہ بخشے گا

وَ تَرۡحَمۡنِیۡۤ اَكُنۡ مِّنَ الۡخٰسِرِیۡنَ ﴿۴۷﴾ قِیۡلَ یٰنُوۡحُ اهۡبِطۡ بِسَلٰمٍ مِّنَّا

اور تو مجھ پر رحم نہ فرمائے گا تو میں خسارہ پانے والوں میں ہو جاؤں گا، فرما دیا گیا کہ اے نوح! ہماری جانب سے سلامتی

وَ بَرَكٰتٍ عَلَیۡكَ وَ عَلٰۤی اُمَمٍ مِّمَّنۡ مَّعَكَ ؕ وَ اُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمۡ

اور ان برکتوں کے ساتھ اتر، جو تجھ پر ہیں اور تیرے ساتھ کی بہت سی جماعتوں پر اور بہت سی وہ امتیں ہونگی جنہیں ہم فائدہ تو

ثُمَّ یَمَسُّهُمۡ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ﴿۴۸﴾ تِلۡكَ مِنۡ اَنۡۢبَآءِ الۡغَیۡبِ

ضرور پہنچائیں گے لیکن پھر انہیں ہماری طرف سے دردناک عذاب پہنچے گا، یہ خبریں غیب کی خبروں میں سے ہیں

نُوۡحِیۡهَاۤ اِلَیۡكَ ۚ مَا كُنۡتَ تَعۡلَمُهَاۤ اَنۡتَ وَ لَا قَوۡمُكَ مِنۡ قَبۡلِ هٰذَا ۛؕ فَاصۡبِرۡ ؕ

جن کی وحی ہم آپ کی طرف کرتے ہیں انھیں اس سے پہلے آپ جانتے تھے اور نہ آپ کی قوم، اس لیے کہ آپ صبر کرتے رہیے

اِنَّ الۡعَاقِبَةَ لِلۡمُتَّقِیۡنَ ﴿۴۹﴾ؑ (ھود ۴۴تا۴۹)

(یقین مانیئے) کہ انجام کار پرہیز گاروں کے لیے ہی ہے۔

طوفان میں سوائے چالیس یا اسی (۸۰) گھروں کے اہل ایمان کے ساری کی ساری قوم پانی میں ڈوب کر غرق ہو گئی، ان کے سب معبود جنہیں وہ مشکل کشا اور حاجت روا سمجھتے تھے اور ان کی خوشنودی کے لئے رسوم عبادات بجالاتے تھے اس برے وقت میں انکی دست گیری کو نہ آئے بلکہ ان کے ساتھ وہ بھی فنا ہو گئے، پھر جب رب نے چاہا اپنی مخلوق آسمان کو حکم دیا بس اب برسنا بند کر دو اور ایسا ہی حکم اپنی دوسری مخلوق زمین کو بھی دیا کہ اس سارے پانی کو جذب کر لے، دونوں نے فوراً حکم کی تعمیل کی، آسمان سے پانی برسنا بند ہو گیا اور زمین نے سارا پانی جذب کر لیا

،جیسے ہی پانی کم ہوا تیرتی ہوئی کشتی ایک بلند جگہ پر ٹک گئی،

عَنْ مُجَاهِدٍ: {وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ} [1] قَالَ: الْجُودِيُّ جَبَلٌ بِالْجَزِيرَةِ، تَشَامَخَتِ الْجِبَالُ يَوْمَئِذٍ مِنَ الْغَرَقِ وَتَطَاوَلَتْ، وَتَوَاضَعَ هُوَ لِلَّهِ فَلَمْ يَغْرَقْ، وَأُرْسِيَتْ سَفِينَةُ نُوحٍ عَلَيْهِ

مجاہد رحمہ اللہ آیت ''اور کشتی جودی نامی پہاڑ پر جالگی۔'' کے بارے میں فرماتے ہیں جودی الجزیرہ کے علاقے کا ایک پہاڑ ہے،اس دن جب دیگر تمام پہاڑ اپنے آپ کو غرق ہونے سے بچانے کے لیے اپنی چوٹیوں کو بلند اور لمبا کر رہے تھے تو یہ پہاڑ اللہ تعالیٰ کے سامنے تواضع وانکسار کا اظہار کر رہا تھا اس لیے غرق نہ ہوا اور اسی پر نوح علیہ السلام کی کشتی آ کر ٹھہر گئی۔ [2]

وَقَالَ قَتَادَةُ: اسْتَوَتْ عَلَيْهِ شَهْرًا حَتَّى نَزَلُوا مِنْهَا، قَالَ قَتَادَةُ: قَدْ أَبْقَى اللَّهُ سَفِينَةَ نُوحٍ، عَلَيْهِ السَّلَامُ، عَلَى الجُودِي مِنْ أَرْضِ الْجَزِيرَةِ عِبرة وَآيَةً ،حَتَّى رَآهَا أَوَائِلُ هَذِهِ الْأُمَّةِ، وَكَمْ مِنْ سَفِينَةٍ قد كَانَتْ بَعْدَهَا فَهَلَكَتْ، وَصَارَتْ رَمَادًا

اور قتادہ رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں کہ یہ کشتی اس پہاڑ پر ایک مہینہ ٹھہری رہی حتی کہ پھر لوگ اس سے اتر گئے، قتادہ رحمہ اللہ کہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اس کشتی کو نشانی اور عبرت بنا کر سرزمین الجزیرہ کے اس جودی پہاڑ کی چوٹی پر باقی رکھا حتی کہ ہماری اس امت کے ابتدائی لوگوں نے بھی اس کشتی کو دیکھا تھا حالانکہ اس کے صدیوں بعد بننے والی کتنی ہی کشتیاں تباہ وبرباد ہو کر خاک میں مل گئی تھیں۔ [3]

اور کہہ دیا گیا ظالموں، سرکشوں، نافرمانوں اور بداعمالوں کی قوم ہلاک ہوئی،نوح علیہ السلام نے جو اپنے بیٹے کو جو اس بری طرح ڈوبتے دیکھا تو اپنے دل میں قیاس کر کے کہ میرا بیٹا میرے اہل میں سے ہے رب کی طرف رجوع کیا اپنی مانگی ہوئی دعا اور رب کے فرمان کو بھول کر درخواست کی اے میرے رب! تیرا وعدہ تھا کہ میرے گھر والوں کو تو بچالے گا میرا بیٹا بھی تو میرے گھر کا فرد ہے اسے بچالے بیشک تو جو بھی فیصلہ کرتا ہے خالص علم اور کامل انصاف کے ساتھ کرتا ہے اور سچی بات یہی ہے کہ اصل حاکم تو تو ہی ہے،حاکم مطلق نے سخت الفاظ میں سرزنش کی،اے نوح علیہ السلام !میری حکمتیں تو نہیں جانتا تم تو ہر وقت بذریعہ وحی ہم سے مستفید ہوتے رہتے ہو،ہماری وحی کا انتظار کیا ہوتا تمہیں بتا تو دیا تھا کہ یہ کشتی اہل نجات کے لئے بنائی گئی ہے تمہارا پورا کنبہ نجات یافتہ نہیں بلکہ تمہاری بیوی اور لڑکا میرے عذاب میں گرفتار ہو چکے ہیں،تمہارا یہ سوال تمہارے منصب رسالت ونبوت کے شایان شان نہیں ہے،اگر وہ تمہارا بیٹا ہوتا تو یقیناً ہم اپنا وعدہ پورا کرتے مگر ہم اسے تمہارا بیٹا ہی تسلیم نہیں کرتے،اہل تو وہ ہے جس کے اعمال اچھے ہوں جو تمہارا تابع فرمان ہو تا جو تمہیں سچا جان کر تمہاری دعوت کو قبول تسلیم کرتا اور نا اہل وہ ہے جس کے اعمال اچھے نہیں جو اپنے باپ ہی کو جھوٹا جانتا ہے لہذا تمہاری اسکی پرورش کی محنت مشقت ضائع ہو گئی،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: هُوَ ابْنُهُ غَيْرَ أَنَّهُ خَالَفَهُ فِي الْعَمَلِ وَالنِّيَّةِ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ یہ بیٹا تو نوح علیہ السلام ہی کا تھا مگر اس نے اپنے عمل اور نیت سے باپ کی مخالفت کی لہذا اس کے اہل

---

[1] هود: ۴۴

[2] تفسیر طبری ۳۳۷/۱۵

[3] تفسیرابن کثیر ۳۲۳/۴

میں سے ہونے کی نفی کر دی گئی۔ [1]

ہم نے تمہیں حقیقی علم اور معرفت کی باتیں بتائی ہوئی ہیں، جسے تم اپنا بیٹا کہتے ہو اسکی محبت سے باہر نکل آؤ اور جاہلوں نادانوں بے وقوفوں والی باتیں نہ کرنے لگو، رب کی طرف سے یہ تنبیہ سن کر نوح علیہ السلام فوراً اپنے دل کے زخموں سے بے پرواہ ہو کر اپنے رب کے حضور گڑ گڑانے لگے۔

قَالَ رَبِّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَیْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَ اِلَّا تَغْفِرْ لِیْ وَ تَرْحَمْنِیْۤ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ [2] ۝۴۷

ترجمہ: نوح نے فوراً عرض کیا اے میرے رب، میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ وہ چیز تجھ سے مانگوں جس کا مجھے علم نہیں اگر تو نے مجھے معاف نہ کیا اور رحم نہ فرمایا تو میں برباد ہو جاؤں گا۔

چنانچہ جب کشتی رک گئی اور پانی زمین میں جذب ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے کشتی سے نیچے اترنے کا حکم فرمایا اور ساکنان کشتی نے دوسری بار امن وسلامتی کے ساتھ اللہ کی زمین پر قدم رکھے، اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام اور انکے ساتھیوں پر سلامتی اور برکتیں نازل فرمائیں، اللہ عالم غیب ہے دلوں کے بھید جانتا ہے فرما دیا کہ تم میں سے کچھ لوگوں کو اس دنیا کا ساز وسامان مال واسباب اور قوت دیں گے جس میں وہ رب کو بھول کر ان میں مگن ہو جائیں گے اپنی پرانی روش شرک وکفر پر لوٹ جائیں گے اور یہ تو بنیادی اصول ہے کہ جو اپنے رب کو بھولا وہ تباہ وبرباد ہوا اور جہنم میں داخل ہوا جو مشرکوں سرکشوں نافرمانوں کا ابدی ٹھکانہ ہے، اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! یہ غیب کی خبریں ہیں جو ہم تمہاری طرف وحی کر رہے ہیں، اس سے پہلے نہ تم ان کو جانتے تھے اور نہ تمہاری قوم، پس جو مصائب وشدائد تم پر بیت رہے ہیں، جن مشکلات میں تم گرفتار ہو اس پر صبر کرو اور ہمت واستقلال کے ساتھ اپنی دعوت جاری رکھو جس طرح نوح علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کا بول بالا ہوا تھا اسی طرح تمہارا اور تمہارے اصحاب بھی سربلند رہیں گے، جیسے فرمایا

اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ۝۵۱ [3]

ترجمہ: یقین جانو کہ ہم اپنے رسولوں اور ایمان لانے والوں کی مدد اس دنیا کی زندگی میں بھی لازماً کرتے ہیں اور اس روز بھی کریں گے جب گواہ کھڑے ہوں گے۔

وَ لَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِیْنَ ۝۱۷۱ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ۝۱۷۲ وَ اِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ [4] ۝۱۷۳

ترجمہ: اپنے بھیجے ہوئے بندوں سے ہم پہلے ہی وعدہ کر چکے ہیں کہ یقیناً ان کی مدد کی جائے گی اور ہمارا لشکر ہی غالب ہو کر رہے گا۔

وَ اِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ

اور قوم عاد کی طرف سے ان کے بھائی ہود کو ہم نے بھیجا، اس نے کہا میری قوم والو! اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی

[1] تفسیر عبدالرزاق ۱۹۰؍۲

[2] ہود ۴۷

[3] المومن ۵۱

[4] الصافات ۱۷۱تا۱۷۳

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ یٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَى الَّذِیْ

معبود نہیں تم صرف بہتان باندھ رہے ہو،اے میری قوم! میں تم سے اس کی کوئی اجرت نہیں مانگتا میرا اجر اس کے ذمے

فَطَرَنِیْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَ یٰقَوْمِ

ہے جس نے مجھے پیدا کیا تو کیا پھر بھی تم عقل سے کام نہیں لیتے،اے میری قوم کے لوگو! تم اپنے پالنے والے سے اپنی

اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَیْهِ یُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْكُمْ مِّدْرَارًا وَّ یَزِدْكُمْ قُوَّةً

تقصیروں کی معافی طلب کرو،اور اس کی جناب میں توبہ کرو تاکہ وہ برسنے والے بادل تم پر بھیج دے اور تمہاری طاقت پر

اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَ لَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِیْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا یٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَیِّنَةٍ وَّ مَا نَحْنُ بِتَارِكِیْۤ

اور طاقت قوت بڑھادے اور تم جرم کرتے ہوئے روگردانی نہ کرو،انہوں نے کہا اے ہود! تو ہمارے پاس کوئی دلیل تو

اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَ مَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِیْنَ ﴿۵۳﴾ (ھود ۵۰ تا ۵۳)

لایا نہیں اور ہم صرف تیرے کہنے سے اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے نہیں اور نہ ہم تجھ پر ایمان لانے والے ہیں۔

اور سرزمین یمن میں وادی احقاف میں آباد معروف قبیلہ عاد کی طرف ہم نے ان کی قوم کے ایک فرد ہود علیہ السلام کو مبعوث کیا اس نے کہا اے برادران قوم! اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی و اطاعت کرو اس کے سوا کوئی الٰہ نہیں ہے،تم نے اللہ کی ذات وصفات اور اعمال میں دوسروں کو شریک کر کے اللہ پر بہتان طرازی کر رکھی ہے،تمہارے ان معبودوں کو کسی قسم کی کوئی قدرت واختیار حاصل نہیں ہے اس لئے بندگی و پرستش کا بھی ان کو کوئی استحقاق حاصل نہیں ہے،اے برادران قوم!اس دعوت وتبلیغ اور تذکیر ونصیحت پر میں تم سے کوئی مال و دولت،حیثیت و مرتبہ کا خواہشمند نہیں ہوں میرے اس کام کی جزا تو اللہ کے ذمہ ہے جس نے اس عظیم الشان کائنات کو اور انسانوں کو پیدا کیا ہے،اور اپنی بحر وبر کی چھوٹی بڑی مخلوقات کے لئے آسمان وزمین سے رزق مہیا کرتا ہے،اللہ نے تمہیں عقل وفہم عطا فرمائی ہے کیا تم اللہ کی نشانیوں پر غور وفکر نہیں کرتے؟اور اے میری قوم کے لوگو!طاغوت کی بندگی سے تائب ہو کر اپنے رب کی بندگی کرو اور اپنے گناہوں پر توبہ و استغفار کرو جب تم اس کے بندے بن جاؤ گے تو وہ تم پر آسمان سے بکثرت بارش برسائے گا جس سے تمہاری زمینیں سرسبز وشاداب ہو کر سونا اگلنا شروع کر دیں گی،تمہارے جانور ہرا بھرا چارہ کھا کر فربہ ہو جائیں گے اور خوب دودھ دیں گے،اس طرح تمہاری موجودہ قوت وطاقت میں مزید اضافہ ہو جائے گا،جیسے نوح علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا تھا:

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ﴿۱۰﴾ یُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْكُمْ مِّدْرَارًا ﴿۱۱﴾ وَّ یُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّ بَنِیْنَ وَ یَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّ یَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ؕ ﴿۱۲﴾ [1]

ترجمہ: میں نے کہا اپنے رب سے معافی مانگو بے شک وہ بڑا معاف کرنے والا ہے،وہ تم پر آسمان سے خوب بارشیں برسائے گا،تمہیں مال

[1] نوح ۱۰ تا ۱۲

اور اولاد سے نوازے گا، تمہارے لئے باغ پیدا کرے گا اور تمہارے لئے نہریں جاری کر دیگا۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَنْ لَزِمَ الِاسْتِغْفَارَ، جَعَلَ اللَّهُ لَهُ مِنْ كُلِّ ضِيقٍ مَخْرَجًا، وَمِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا، وَرَزَقَهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا جو پابندی سے استغفار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے ہر فکر سے کشادگی ،اور ہر تنگی سے راستہ بنا دیتا ہے اور اس کو ایسی جگہ سے روزی دیتا ہے جو اس کے وہم وگمان میں بھی نہیں ہوتی۔ [1]

حكم الألباني : ضعيف ،اس کی سند میں حکم بن مصعب مجہول راوی ہے،

تاہم استغفار کی اہمیت وفضیلت قرآن واحادیث صحیحہ سے ثابت ہے اس لئے استغفار کی کثرت ہر صاحب تقویٰ کا شیوہ ہے، جیسے فرمایا

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝۲ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۝۳ [2]

ترجمہ: جو کوئی اللہ سے ڈرتے ہوئے کام کرے گا اللہ اس کے لیے مشکلات سے نکلنے کا کوئی راستہ پیدا کر دے گا اور اسے ایسے راستے سے رزق دے گا جدھر اس کا گمان بھی نہ جاتا ہو۔

اپنی طاقت وقوت کے نشے میں مغرور ہو کر اللہ کی بندگی سے روگردانی کر کے مجرم نہ بنو، قوم نے دعوت کو ٹھکراتے ہوئے ڈھٹائی سے جواب دیا اے ہود! علیہ السلام تو ہمارے پاس اپنی رسالت کی صداقت میں کوئی واضح دلیل لیکر نہیں آیا ہے اور تیرے کہنے سے ہم اپنے معبودوں کو چھوڑ کر تیری رسالت اور دعوت پر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔

اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ۭ قَالَ اِنِّىْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ

بلکہ ہم تو یہی کہتے ہیں کہ ہمارے کسی معبود کے برے جھپٹے میں آ گیا ہے، اس نے جواب دیا کہ میں اللہ کو گواہ کرتا ہوں

وَ اشْهَدُوْٓا اَنِّىْ بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝۵۴ۙ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا

اور تم بھی گواہ رہو کہ میں اللہ کے سوا ان سب سے بیزار ہوں جنہیں تم شریک بنا رہے ہو، اچھا تم سب مل کر میرے خلاف چالیں

ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ۝۵۵ اِنِّىْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَ رَبِّكُمْ ۭ مَا مِنْ

چل لو اور مجھے بالکل مہلت بھی نہ دو، میرا بھروسہ صرف اللہ تعالیٰ پر ہے جو میرا اور تم سب کا پروردگار ہے جتنے بھی

دَاۗبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۵۶ فَاِنْ تَوَلَّوْا

پاؤں دھرنے والے ہیں سب کی پیشانی وہی تھامے ہوئے ہے، یقیناً میرا رب بالکل صحیح راہ پر ہے، پس اگر تم

[1] سنن ابوداودکتاب الوتر بَابٌ فِي الِاسْتِغْفَارِ ۱۵۱۸،سنن ابن ماجه کتاب الادب بَابُ الِاسْتِغْفَارِ ۳۸۱۹

[2] الطلاق ۲،۳

فَقَدۡ اَبۡلَغۡتُكُمۡ مَّاۤ اُرۡسِلۡتُ بِهٖۤ اِلَيۡكُمۡ‌ؕ وَ يَسۡتَخۡلِفُ رَبِّىۡ قَوۡمًا غَيۡرَكُمۡ‌ۚ

روگردانی کروتوکرو، میں تمہیں وہ پیغام پہنچاچکاجودے کرمجھے تمہاری طرف بھیجا گیاتھا،میرارب تمہارے قائم مقام اورلوگوں

وَلَا تَضُرُّوۡنَهٗ شَيۡـئًا‌ؕ اِنَّ رَبِّىۡ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ حَفِيۡظٌ ۝۵۷ (ھود ۵۴ تا ۵۷)

کوکردے گااورتم اس کاکچھ بھی بگاڑنہ سکوگے،یقیناًمیراپروردگارہرچیزپرنگہبان ہے۔

تم ہماری دیویوں اوردیوتاؤں کی شان میں توہین اورگستاخی کے مرتکب ہوئے ہواس لئے ہم تویہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے معبودوں میں سے کسی نے ناراض ہوکرتیری عقل سلب کرکے تجھے جنون لاحق کردیاہےاورتونے ہذیان بولناشروع کردیاہے،ہود علیہ السلام نے کہااگرتم اپنے معبودان باطلہ کوچھوڑنے پرتیارنہیں تومیرافیصلہ بھی سن لومیں اللہ کوگواہ کرتاہوں اورتم بھی گواہ رہوکہ اللہ کے سواجن ہستیوں کوتم نے اللہ کی خدائی میں شریک ٹھہرارکھاہےاس سے میں بیزارہوں،تمہارایہ عقیدہ کہ انہوں نے میرادماغ ماؤف کردیاہےبالکل غلط ہے،مافوق الاسباب سے کسی کونفع یانقصان پہنچادینے کی انہیں کوئی قدرت نہیں ہے،اگرتمہیں میری بات کایقین نہیں ہےتوتم اورتمہارے سب معبودملکرہرممکن طریقے سے مجھے نقصان پہنچانے کی بھرپورکوشش کرلواورمجھ پرذراترس نہ کھاؤ، میرابھروسہ اللہ وحدہ لاشریک پرہےجومیرامعبودحقیقی ہےاور تمہارابھی،اسی ذات کے ہاتھ میں ہرچیزکاقبضہ وتصرف ہے،اگرتم سب مل کرمجھے مصیبت میں مبتلاکرنے کی کوشش کرواوراللہ تعالیٰ تمہیں مجھ پرمسلط نہ کرےتوتم اپنی کوشش میں کامیاب نہیں ہوسکتے،اوراگروہ تمہیں مجھ پرمسلط کردےتواس میں اس کی کوئی حکمت پنہاں ہے،بیشک میرارب جوتمہیں توحیدکی دعوت دے رہاہےیقیناًیہ دعوت ہی صراط مستقیم ہےاسی پرچل کرنجات اورکامیابی سے ہمکنارہوسکتے ہواوراس سے انحراف تباہی وبربادی کاباعث ہے،اگرتم دعوت حقہ سے روگردانی کرتے ہوتوکرلومیں وہ دعوت تمہیں پیش کرچکاہوں جس کے لئے مجھے مبعوث کیاگیاتھااس کے بعدمیری ذمہ داری ختم ہوگئی،اب جبکہ تم حق کی تکذیب کرچکے ہوتومیرارب تمہیں عبرت کانشانہ بناکراپنی حکمت ومشیت کے تحت دوسری قوم کوکھڑاکرےگاجواس کاحکم مانیں گےاورصرف اسی کی عبادت کریں گےاورتم اللہ قادرمطلق کاکچھ نہ بگاڑسکو گے یقیناًمیرارب ہرچیزپرنگران ہےوہ مجھے تمہارے مکروفریب اورسازشوں سے محفوظ رکھے گا۔

وَلَمَّا جَآءَ اَمۡرُنَا نَجَّيۡنَا هُوۡدًا وَّالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا مَعَهٗ بِرَحۡمَةٍ مِّنَّا‌ۚ وَنَجَّيۡنٰهُمۡ

اورجب ہماراحکم آپہنچاتوہم نے ہودکواوراس کے مسلمان ساتھیوں کواپنی خاص رحمت سے نجات عطافرمائی اورہم نے

مِّنۡ عَذَابٍ غَلِيۡظٍ‏ ۝۵۸ وَتِلۡكَ عَادٌ‌ ۛ جَحَدُوۡا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمۡ وَعَصَوۡا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوۡۤا

ان سب کوسخت عذاب سے بچالیا،یہ تھی قوم عاد،جنہوں نے اپنے رب کی آیتوں کاانکارکیااوراس کے رسولوں کی نافرمانی کی

اَمۡرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيۡدٍ‏ ۝۵۹ وَاُتۡبِعُوۡا فِىۡ هٰذِهِ الدُّنۡيَا لَعۡنَةً وَّيَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ‌ؕ

اورہرایک سرکش نافرمان کے حکم کی تابعداری کی،دنیامیں بھی ان کے پیچھے لعنت لگادی گئی اورقیامت کے دن بھی،

اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿۶۰﴾ (ھود ۵۸ تا ۶۰)

دیکھ لو قوم عاد نے اپنے رب سے کفر کیا، ہود کی قوم عاد پر دوری ہو۔

آخر قوم عاد نے اللہ کے عذاب سے بے خوف ہو کر مطالبہ عذاب کر دیا، پھر جب ہمارا تند و تیز آندھی کا عذاب نازل ہو گیا جو ہر چیز کو بوسیدہ کر دیتی تھی۔

مَا تَذَرُ مِنْ شَیْءٍ اَتَتْ عَلَیْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِیْمِ ؕ ﴿۴۲﴾ [1]

ترجمہ: جس چیز پر بھی وہ گزر گئی اسے بوسیدہ کر کے رکھ دیا۔

تو اس مشکل گھڑی میں ہم نے اپنے فضل و کرم اور اپنے لطف و رحم سے ہود علیہ السلام کو اور ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے تھے اس المناک عذاب سے انہیں بچالیا، یہ تھی قوم عاد، جن پر ان کے ظلم کی پاداش میں یہ عذاب نازل ہوا، جنہوں نے اپنے رب کی نشانیوں کو جھٹلایا، اس کے رسولوں کی تکذیب کی اور حق کا راستہ روکنے کے لئے ہر سرکش دشمن حق کی پیروی کرتے رہے، آخر کار اس دنیا میں بھی ان پر پھٹکار پڑی اور قیامت کے روز بھی وہ ملعون ٹھہریں گے، سنو عاد نے اپنے رب سے کفر کیا، سنو! ہود علیہ السلام کی قوم عاد اپنے کفر و شرک کی پاداش میں اللہ کی رحمت سے دور پھینک دی گئی۔

وَ اِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ

اور قوم ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا اس نے کہا کہ اے میری قوم! تم اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی

غَیْرُهٗ ؕ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَ اسْتَعْمَرَكُمْ فِیْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ

معبود نہیں، اس نے تمہیں زمین سے پیدا کیا ہے اور اسی نے اس زمین میں تمہیں بسایا ہے، پس تم اس سے معافی طلب کرو اور

تُوْبُوْۤا اِلَیْهِ ؕ اِنَّ رَبِّیْ قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ ﴿۶۱﴾ قَالُوْا یٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ

اس کی طرف رجوع کرو، بیشک میرا رب قریب اور دعاؤں کا قبول کرنے والا ہے، انہوں نے کہا اے صالح! اس سے پہلے

فِیْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَاۤ اَتَنْهٰىنَاۤ اَنْ نَّعْبُدَ مَا یَعْبُدُ

تو ہم تجھ سے بہت کچھ امیدیں لگائے ہوئے تھے، کیا تو ہمیں ان کی عبادت سے روک رہا ہے جن کی عبادت ہمارے

اٰبَآؤُنَا وَ اِنَّنَا لَفِیْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَاۤ اِلَیْهِ مُرِیْبٍ ﴿۶۲﴾ (ھود ۶۱، ۶۲)

باپ دادا کرتے چلے آئے، ہمیں تو اس دین میں حیران کن شک ہے جس کی طرف تو ہمیں بلا رہا ہے۔

اور تبوک اور مدینہ کے درمیان مدائن صالح (حجر) میں قیام پذیر قوم ثمود کی طرف ان ہی کی قوم و خاندان کے ایک فرد صالح علیہ السلام کو مبعوث

[1] الزاریات ۴۲

کیا،انہوں نے بھی نوح علیہ السلام اور ہود علیہ السلام کی طرح اپنی قوم کو دعوت توحید پیش کرتے ہوئے کہااے میری قوم کے لوگو!طاغوت کی بندگی سے تائب ہو کر اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی کرو،اللہ کے سوا زمین وآسمان میں تمہارا کوئی معبود حقیقی نہیں ہے،جس نے تمہارے جدامجد آدم علیہ السلام کو زمین کے بے جان مادوں کی ترکیب سے پیدا کیا ہے اور تمام انسان ان کے صلب سے پیدا ہوئے،اسی نے تمہیں زمین میں خلیفہ بنایا اور پھیلایا اور ظاہری وباطنی نعمتوں سے نوازا ہے۔

قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۲۴ [1]

ترجمہ:اِن سے کہو اللہ ہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا ہے اور اسی کی طرف تم سمیٹے جاؤ گے۔

اسی نے تمہیں زمین میں تمکن واقتدار عطا کیا ہے،پھر اللہ کے سوا غیر اللہ کو بندگی و پرستش کا حق کیسے حاصل ہو گیا لہذا تم اس سے اپنے کفر وشرک اور دیگر گناہوں کی بخشش ومغفرت چاہو اور خلوص نیت سے اس کی طرف پلٹ آؤ،یقیناً میرا رب تمہاری شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے۔

...وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ۱۶ [2]

ترجمہ:ہم اس کی رگ گردن سے بھی زیادہ اس سے قریب ہیں۔

اور وہ بالا وبرتر ہونے کے باوجود بغیر کسی واسطہ اور وسیلہ کے ہر پکارنے والے کی پکار کو چاہے وہ اونچی آواز میں کی گئی ہو یا دھیمی آواز میں سننے اور براہ راست مشکلات کو دور کرنے والا ہے۔

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّىْ قَرِيْبٌ ۭ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ... ۱۸۶ [3]

ترجمہ:اور اے نبی!میرے بندے اگر تم سے میرے متعلق پوچھیں تو انہیں بتا دو کہ میں ان سے قریب ہی ہوں،پکارنے والا جب مجھے پکارتا ہے میں اس کی پکار سنتا اور جواب دیتا ہوں۔

قوم نے کہااے صالح!اس دعوت سے پہلے تو ہمارے درمیان اخلاق وکردار،امانت ودیانت،ہوشمندی،ذکاوت،فراست اور سنجیدگی ومتانت میں ممتاز شخص تھا،تمہاری پروقار شخصیت کو دیکھ کر ہمیں تم سے بڑی توقعات وابستہ تھیں مگر تو ہمارے ظن وگمان کے بالکل خلاف نکلا اور توحید وآخرت اور مکارم اخلاق کا نیا راگ چھیڑ کر ہماری ساری امیدوں کو خاک میں ملا دیا،اور ہمیں ان دیوی دیوتاؤں کی پرستش سے روکنے کی کوشش کرنے لگے جن کی پرستش ہمارے باپ دادا کرتے چلے آرہے تھے؟جس طریقے کی طرف تو ہمیں دعوت دے رہا ہے اس کے بارے میں ہم کو سخت شبہ ہے،اس دعوت نے ہمارا اطمینان قلب رخصت کر رکھا ہے۔

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ

اس نے جواب دیا کہ اے میری قوم کے لوگو! ذرا بتاؤ تو اگر میں اپنے رب کی طرف سے کسی مضبوط دلیل پر ہوا

[1] الملک ۲۴

[2] ق ۱۶

[3] البقرة ۱۸۶

وَ اٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ

اور اس نے مجھے اپنے پاس کی رحمت عطا کی ہو، پھر اگر میں نے اس کی نافرمانی کر لی تو کون ہے جو اس کے مقابلے میں

عَصَيْتُهٗ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿۶۳﴾ وَ يٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ

میری مدد کرے؟ تم تو میرا نقصان ہی بڑھا رہے ہو، اور اے میری قوم والو! یہ اللہ کی بھیجی ہوئی اونٹنی ہے جو تمہارے لیے

اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْۤ اَرْضِ اللّٰهِ وَ لَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿۶۴﴾

ایک معجزہ ہے اب تم اسے اللہ کی زمین میں کھاتی ہوئی چھوڑ دو اور اسے کسی طرح کی ایذا نہ پہنچاؤ ورنہ فوری عذاب تمہیں پکڑ لے گا،

فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ذٰلِكَ وَعْدٌ

پھر بھی لوگوں نے اس اونٹنی کے پاؤں کاٹ ڈالے، اس پر صالح نے کہا کہ اچھا تم اپنے گھروں میں تین تین دن تک رہ سہہ لو،

غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿۶۵﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ

یہ وعدہ جھوٹا نہیں، پھر جب ہمارا فرمان آ پہنچا ہم نے صالح کو اور ان پر ایمان لانے والوں کو اپنی رحمت سے اسے بھی بچا لیا

مِّنَّا وَ مِنْ خِزْيِ يَوْمِىِٕذٍ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۶۶﴾ وَ اَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا

اور اس دن کی رسوائی سے بھی، یقیناً تیرا رب نہایت توانا اور غالب ہے، اور ظالموں کو بڑے زور کی چنگھاڑ نے آ دبوچا،

الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۶۷﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا اَلَاۤ اِنَّ ثَمُوْدَاۡ

پھر وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے ہوئے رہ گئے ایسے کہ گویا وہ وہاں کبھی آباد ہی نہ تھے، آگاہ رہو کہ قوم ثمود نے اپنے

كَفَرُوْا رَبَّهُمْ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿۶۸﴾ (ھود ۶۳ تا ۶۸)

رب سے کفر کیا، سن لو ان ثمودیوں پر پھٹکار ہے۔

صالح علیہ السلام نے کہا اے برادران قوم! میں نے کبھی طاغوت کی بندگی نہیں کی بلکہ ہمیشہ ہی اللہ کی ہر سو بکھری نشانیوں کو دیکھ کر اس پر ایمان ویقین رکھتا تھا، پھر اس نے اپنی رحمت سے مجھے منصب رسالت اور وحی سے نواز دیا، تمہاری خواہش کے مطابق اگر میں اپنے فرض منصبی سے روگردانی کروں اور تمہیں دعوت حق نہ پہنچاؤں تو اللہ کی پکڑ سے مجھے کون بچائے گا، اگر میں ایسا کروں تو تم مجھے خسارے میں ڈال دینے کے سوا کیا فائدہ پہنچا سکتے ہو، اور اے میری قوم کے لوگو! اللہ تعالیٰ نے تمہارے مطالبے پر اس اونٹنی کو معجزانہ طور پر تمہاری آنکھوں کے سامنے پہاڑ سے برآمد کر دیا ہے، اب اس کنوئیں سے ایک دن صرف یہ اونٹنی پانی پیئے گی اور ایک دن تمہارے مویشیوں کی باری مقرر ہے، تم پر اس کے چارے وغیرہ کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے بلکہ اللہ کی زمین میں چرنے کے لئے یہ آزاد ہو گی، اور یاد رکھنا کسی برے ارادے سے اس کو ہاتھ نہ لگانا ورنہ بہت جلد تم پر اللہ کا عذاب ٹوٹ پڑے گا، مگر قوم نے اس زبردست معجزے کے باوجود ایمان لانے سے گریز کیا اور اللہ

کے حکم کی صریح خلاف ورزی کرتے ہوئے اس اونٹنی کو ہلاک کر دیا اور اللہ کے عذاب کو للکارا، جیسے فرمایا

فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۷۷﴾ [۱]

ترجمہ: پھر انہوں نے اس اونٹنی کو مار ڈالا اور پورے تمرد کے ساتھ اپنے رب کے حکم کی خلاف ورزی کر گزرے، اور صالح سے کہہ دیا کہ لے آوہ عذاب جس کی تو ہمیں دھمکی دیتا ہے اگر تو واقعی پیغمبروں میں سے ہے۔

اس پر صالح علیہ السلام نے ان کو خبردار کر دیا کہ صرف تین دن اپنے گھروں میں اور عیش و آرام کر لو اس کے بعد تم پر عذاب نازل ہو جائے گا جس کو تم نے للکارا ہے، اور کسی غلط فہمی میں نہ رہنا تین دن کے بعد ہر حالت میں عذاب نازل ہو جائے گا، آخر کار جب عذاب نازل ہونے کی گھڑی آ گئی تو ہم نے اپنی رحمت سے صالح علیہ السلام اور تمام اہل ایمان مرد و عورت کو اس دردناک عذاب کی رسوائی اور فضیحت سے بچا لیا یعنی عذاب نازل ہونے سے پہلے ہجرت کا حکم فرما دیا، بیشک تیرا رب ہی دراصل طاقتور اور بالادست ہے، اور جن لوگوں نے حق کی تکذیب، رسالت کا انکار اور اللہ کی نشانی پر ظلم کیا تھا ان کو ایک زوردار کڑک نے دھر لیا جس سے ان کے دل پارہ پارہ ہو گئے اس کے ساتھ ہی بھونچال آ گیا جس نے سب کچھ تہ و بالا کر دیا، اور وہ اپنی بستیوں میں اوندھے منہ بے حس و حرکت پڑے کے پڑے رہ گئے کہ گویا وہ وہاں کبھی آباد ہی نہ ہوئے تھے، جیسے فرمایا:

فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۷۸﴾ [۲]

ترجمہ: آخر کار ایک دہلا دینے والی آفت نے انہیں آلیا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔

سنو! ثمود نے نمایاں نشان آ جانے کے بعد اپنے رب کا انکار کیا، سنو! قوم ثمود کو حق کی تکذیب اور طاغوت کی بندگی پر اصرار کی پاداش میں اللہ کی رحمت سے دور پھینک دیا گیا۔

وَ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ

اور ہمارے بھیجے ہوئے پیغامبر ابراہیم کے پاس خوشخبری لے کر پہنچے اور سلام کہا، انہوں نے بھی جواب میں سلام دیا

فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا رَآٰ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ

اور بغیر کسی تاخیر کے بچھڑے کا بھنا ہوا گوشت لے آئے، اب جو دیکھا کہ ان کے تو ہاتھ بھی اس کی طرف نہیں پہنچ رہے

وَ اَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ﴿۷۰﴾

تو ان سے اجنبیت محسوس کر کے دل ہی دل میں ان سے خوف کرنے لگے، انہوں نے کہا ڈرو نہیں ہم تو قوم لوط کی طرف

---

[۱] الاعراف ۷۷

[۲] الاعراف ۷۸

وَ امْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَ مِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ

بھیجے ہوئے آئے ہیں ،اس کی بیوی جو کھڑی ہوئی تھی وہ ہنس پڑی، تو ہم نے اسے اسحاق کی اور اسحاق کے پیچھے

یَعْقُوْبَ ﴿۷۱﴾ قَالَتْ یٰوَیْلَتٰۤى ءَاَلِدُ وَ اَنَا عَجُوْزٌ وَّ هٰذَا بَعْلِیْ شَیْخًا ؕ

یعقوب کی خوشخبری دی،وہ کہنے لگی ہائے میری کم بختی! میرے ہاں اولاد کیسے ہوسکتی ہے میں خود بڑھیا اور یہ میرے خاوند

اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عَجِیْبٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْۤا اَتَعْجَبِیْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ

بھی بہت بڑی عمر کے ہیں، یہ تو یقیناً بڑی عجیب بات ہے !فرشتوں نے کہا کیا تو اللہ کی قدرت سے تعجب کر رہی ہے ؟

وَ بَرَكٰتُهٗ عَلَیْكُمْ اَهْلَ الْبَیْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ﴿۷۳﴾ (ھود ۶۹ تا ۷۳)

تم پر اے اس گھر کے لوگو! اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں نازل ہوں، بیشک اللہ حمد و ثنا کا سزاوار اور بڑی شان والا ہے۔

جب اللہ تعالیٰ نے قوم لوط کو ان کے اعمال خبیثہ کے باعث صفحہ ہستی سے مٹانے اور ابراہیم علیہ السلام کو ایک بیٹا اور پوتا دینے کا فیصلہ فرمایا تو فرشتوں کو قوم لوط سے پہلے ابراہیم علیہ السلام کی طرف بھیجا، مگر طرف ہاتھ نہیں بڑھایا تو ابراہیم علیہ السلام سمجھ گئے کہ انسانی شکل وصورت میں فرشتے ہیں مگر دل میں خوف محسوس کرنے لگے کہ کہیں آپ کے گھر والوں سے یا بستی کے لوگوں سے یا خود سے کوئی ایسا قصور تو سرزد نہیں ہوگیا جس کی گرفت کے لئے فرشتے اس صورت میں بھیجے گئے ہیں، جیسے فرمایا

اِذْ دَخَلُوْا عَلَیْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾ [1]

ترجمہ: جب وہ آئے اس کے ہاں اور کہا سلام ہو تم پر، تو اس نے کہا ہمیں تم سے ڈر لگتا ہے۔

فرشتوں نے جب ابراہیم علیہ السلام کے چہرے پر خوف کے آثار محسوس کیے تو کہا اے ابراہیم علیہ السلام! ڈرو نہیں، ہمیں تو تمہیں بشارت اور قوم لوط پر عذاب کے لئے بھیجا گیا ہے ،ابراہیم علیہ السلام کی بیوی سارہ بھی پریشان ہو کر مہمانوں کے قریب کھڑی ہوئی تھی، مگر جب انہیں معلوم ہوگیا کہ ان کے گھر یا بستی پر کوئی آفت آنے والی نہیں ہے تو ان کی جان میں جان آئی اور وہ ہنس دی، بعض اس کی تفسیر یوں کرتے ہیں کہ عرب میں جب کوئی شخص کسی کی ضیافت قبول کرنے سے انکار کرتا تو یہ سمجھا جاتا تھا کہ وہ شخص مہمان کی حیثیت سے نہیں آیا بلکہ کسی برے ارادے سے آیا ہے ،اس بنا پر جب ان اجنبی مہمانوں نے کھانے میں تامل کیا تو ابراہیم علیہ السلام کو ان کی نیت پر شبہ ہونے لگا اور انہیں گمان ہوا کہ یہ کہیں کسی دشمنی کے ارادے سے تو نہیں آئے، فرشتوں نے جب ابراہیم علیہ السلام کے چہرے پر خوف کے آثار محسوس کیے تو کہا اے ابراہیم علیہ السلام! ڈرو نہیں ،ہمیں تو قوم لوط پر عذاب کے لئے بھیجا گیا ہے، قوم لوط کی ہلاکت کی خبر نے سارہ کو خوش کر دیا اور وہ ہنس پڑیں، پھر فرشتوں نے ابراہیم علیہ السلام کو اسحاق علیہ السلام جیسا جلیل القدر بیٹا اور ان کے بیٹے یعقوب علیہ السلام جیسے عالی شان پیغمبر کی بشارت دی، سارہ بانجھ تھیں اس لئے اولاد کی نعمت سے محروم تھیں ان کے لئے تو یہ ایک عظیم بشارت تھی اس لئے عورتوں کی عام عادت کے مطابق اظہار تعجب کرتے ہوئے دو عذر کیے ہائے میری

---

[1] الحجر ۵۲

کم بختی! کیا اب میرے ہاں اولاد ہو گی جب کہ میں بڑھیا پھونس ہو گئی اور میرے میاں بھی بوڑھے ہو چکے؟ یہ تو بڑی عجیب بات ہے، جیسے فرمایا

فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ۭ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۭ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ۝۲۸ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ۝۲۹ [1]

ترجمہ: پھر وہ اپنے دل میں ان سے ڈرا، انہوں نے کہا ڈریے نہیں اور اُسے ایک ذی علم لڑکے کی پیدائش کا مژدہ سنایا، یہ سن کر اس کی بیوی چیختی ہوئی آگے بڑھی اور اس نے اپنا منہ پیٹ لیا اور کہنے لگی بوڑھی، بانجھ!۔

ابراہیم علیہ السلام بھی یہ غیر متوقع طور پر یہ خوشخبری سن کر بڑے حیران ہوئے، جیسے فرمایا:

قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓي اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ۝۵۴ [2]

ترجمہ: ابراہیم علیہ السلام نے کہا کیا تم اس بڑھاپے میں مجھے اولاد کی بشارت دیتے ہو؟ ذرا سوچو تو سہی یہ کیسی بشارت تم مجھے دے رہے ہو؟۔

فرشتوں نے کہا ابراہیم کے گھر والو! یعنی فرشتوں نے ابراہیم علیہ السلام کی بیوی سارہ کو اہل بیت میں شامل کیا، ایک اور مقام پر بھی امہات المومنین کو اہل بیت کہا گیا۔

... اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ۝۳۳ [3]

ترجمہ: اللہ تو یہ چاہتا ہے کہ تم اہل بیت نبی سے گندگی کو دور کر دے اور تمہیں پوری طرح پاک کر دے۔

اللہ کے قضا و قدر پر تعجب کرتی ہو جبکہ اس کے لئے کوئی چیز مشکل ہے نہ اسے اسباب و وسائل کی ضرورت پیش آتی ہے، تم لوگوں پر تو اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہیں، تمہیں اس کی قدرت پر تعجب نہیں کرنا چاہیے، اور یقیناً اللہ اپنے تمام افعال و اقوال میں قابل تعریف اور اپنی ذات و صفات میں قابل ستائش و تعظیم ہے۔

عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: لَقِيَنِي كَعْبُ بْنُ عُجْرَةَ، فَقَالَ: أَلاَ أُهْدِي لَكَ هَدِيَّةً سَمِعْتُهَا مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقُلْتُ: بَلَى، فَأَهْدِهَا لِي، فَقَالَ: سَأَلْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ الصَّلاَةُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ البَيْتِ، فَإِنَّ اللَّهَ قَدْ عَلَّمَنَا كَيْفَ نُسَلِّمُ عَلَيْكُمْ؟ قَالَ:قُولُوا: اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، اللَّهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے مروی ہے انہوں نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے میری ملاقات ہوئی تو انہوں نے کہا کیوں نہ میں تمہیں (حدیث کا) ایک تحفہ پہنچا دوں جو میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا، میں نے عرض کیا جی ہاں مجھے یہ تحفہ ضرور عنایت فرمائیے،

---

[1] الذاریات ۲۹،۲۸

[2] الحجر ۵۴

[3] الاحزاب ۳۳

انہوں نے بیان کیا کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تھا اے اللہ کے رسول ﷺ! ہم آپ پر اور آپ کے اہل بیت پر کس طرح درود بھیجا کریں؟ اللہ تعالیٰ نے سلام بھیجنے کا طریقہ تو ہمیں خود ہی سکھادیا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یوں کہا کرو اے اللہ! اپنی رحمت نازل فرما محمد ﷺ پر اور آل محمد پر جیسا کہ تو نے اپنی رحمت نازل فرمائی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر، بے شک تو بڑی خوبیوں والا اور بزرگی والا ہے، اے اللہ! اپنی برکت نازل فرما محمد ﷺ پر اور آل محمد پر جیسا کہ تو نے اپنی برکت نازل فرمائی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر، بے شک تو بڑی خوبیوں والا اور بڑی عظمت والا ہے۔ (۱)

فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَ جَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ ﴿۷۴﴾

جب ابراہیم کا ڈر خوف جاتا رہا اور اسے بشارت بھی پہنچ چکی تو ہم سے قوم لوط کے بارے میں کہنے سننے لگے،

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ﴿۷۵﴾ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ

یقیناً ابراہیم بہت تحمل والے نرم دل اور اللہ کی جانب جھکنے والے تھے، اے ابراہیم! اس خیال کو چھوڑ دیجئے،

اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ وَ اِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ﴿۷۶﴾ (هود ۷۴ تا ۷۶)

آپ کے رب کا حکم آپہنچا ہے اور ان پر نہ ٹالے جانے والا عذاب ضرور آنے والا ہے۔

پھر جب ابراہیم علیہ السلام کی گھبراہٹ دور ہوگئی اور اولاد کی بشارت سے اس کا دل خوش ہوگیا تو اس نے قوم لوط کے معاملہ میں فرشتوں سے جھگڑا شروع کیا، جیسے فرمایا:

قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ؕ قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا ۫ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَ اَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۫ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ (۲)

ترجمہ: ابراہیم علیہ السلام نے کہا وہاں تو لوط موجود ہے، انہوں نے کہا ہم خوب جانتے ہیں کہ وہاں کون کون ہے، ہم اسے اور اس کی بیوی کے سوا، اس کے باقی سب گھر والوں کو بچالیں گے، اس کی بیوی پیچھے رہ جانے والوں میں سے تھی۔

اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کی صفات جمیلہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا حقیقت میں ابراہیم علیہ السلام بڑا حلیم اور نرم دل آدمی تھا اور ہر حال میں ہماری طرف رجوع کرتا تھا، آخر کار ہمارے فرشتوں نے اس سے کہا اے ابراہیم علیہ السلام! بحث وتکرار کا کوئی فائدہ نہیں، تمہارا رب فیصلہ کر چکا ہے اب دردناک عذاب ان لوگوں کا مقدر ہو چکا ہے جو کسی کے مجادلے سے رکے گا نہ کسی کی دعا سے ٹلے گا۔

---

(۱) صحیح بخاری كِتَابُ أَحَادِيثِ الأَنْبِيَاءِ باب ۳۳۷۰، صحیح مسلم كِتَابُ الصَّلَاةِ بَابُ الصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ التَّشَهُّدِ ۹۰۸، سنن ابوداود كِتَاب الصَّلَاةِ بَابُ الصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ التَّشَهُّدِ ۹۷۶، سنن ابن ماجه كِتَابُ إِقَامَةِ الصَّلَاةِ، وَالسُّنَّةُ فِيهَا بَابُ الصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۹۰۴، جامع ترمذی أَبْوَابُ الوِتْرِ بَابُ مَا جَاءَ فِي صِفَةِ الصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۴۸۳

(۲) العنكبوت ۳۲

وَّ قَالَ هٰذَا يَوۡمٌ عَصِيۡبٌ ﴿۷۷﴾

جب ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے لوط کے پاس پہنچے تو وہ ان کی وجہ سے بہت غمگین ہو گئے اور دل ہی دل میں کڑھنے لگے اور کہنے لگے کہ آج کا دن بڑی مصیبت کا دن ہے،

وَ جَآءَهٗ قَوۡمُهٗ يُهۡرَعُوۡنَ اِلَيۡهِ ؕ وَ مِنۡ قَبۡلُ كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ السَّيِّاٰتِ ؕ قَالَ يٰقَوۡمِ

اور اس کی قوم دوڑتی ہوئی اس کے پاس آ پہنچی، وہ تو پہلے ہی سے بد کاریوں میں مبتلا تھی، لوط علیہ السلام نے کہا اے قوم

هٰۤؤُلَآءِ بَنَاتِىۡ هُنَّ اَطۡهَرُ لَـكُمۡ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ لَا تُخۡزُوۡنِ فِىۡ ضَيۡفِىۡ ؕ

کے لوگو! یہ میری بیٹیاں جو تمہارے لیے بہت ہی پاکیزہ ہیں، اللہ سے ڈرو اور مجھے میرے مہمانوں کے بارے میں رسوا نہ کرو

اَلَيۡسَ مِنۡكُمۡ رَجُلٌ رَّشِيۡدٌ ﴿۷۸﴾ قَالُوۡا لَقَدۡ عَلِمۡتَ مَا لَنَا فِىۡ بَنٰتِكَ مِنۡ حَقٍّ ۚ

کیا تم میں ایک بھی بھلا آدمی نہیں، انہوں نے جواب دیا کہ تو بخوبی جانتا ہے کہ ہمیں تو تیری بیٹیوں پر کوئی حق نہیں ہے، اور

وَ اِنَّكَ لَتَعۡلَمُ مَا نُرِيۡدُ ﴿۷۹﴾ قَالَ لَوۡ اَنَّ لِىۡ بِكُمۡ قُوَّةً اَوۡ

تو ہماری اصلی چاہت سے بخوبی واقف ہے، لوط علیہ السلام نے کہا کاش مجھ میں تم سے مقابلہ کرنے کی قوت ہوتی یا

اٰوِىۡۤ اِلٰى رُكۡنٍ شَدِيۡدٍ ﴿۸۰﴾ (ھود ۷۷ تا ۸۰)

میں کسی زبردست کا آسرا پکڑ پاتا۔

ابراہیم علیہ السلام کو بیٹے اور پوتے کی بشارت سنا کر جب ہمارے فرشتے خوبصورت نوعمر نوجوانوں کی شکل میں لوط علیہ السلام کے پاس پہنچے، کیونکہ لوط علیہ السلام کو علم نہیں تھا کہ یہ نوجوان اللہ کے بھیجے ہوئے فرشتے ہیں اس لئے اپنی قوم کی عادت قبیحہ کے پیش نظر لوط علیہ السلام انکی آمد سے سٹپٹا گیا اور سخت خطرہ محسوس کیا اور کہنے لگا آج بڑی مصیبت کا دن ہے، جب اغلام بازی کے ان مریضوں کو علم ہوا کہ چند خوبرو نوجوان لوط علیہ السلام کے گھر آئے ہیں تو اسکی قوم کے لوگ بے اختیار اس کے گھر کی طرف دوڑ پڑے اور اپنی غلط خواہشات کو پوری کرنے کے لئے انہیں ساتھ لے جانے پر اصرار کرنے لگے، قوم لوط پہلے سے ایسی ہی بدکاریوں کے رسیا تھی، لوط علیہ السلام نے ان سے کہا بھائیو! میری قوم کی بیٹیاں موجود ہیں جو نکاح کے بعد تمہاری جنسی تسکین کے لئے پاکیزہ تر ہیں، جیسے فرمایا:

اَتَاۡتُوۡنَ الذُّكۡرَانَ مِنَ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۱۶۵﴾ وَتَذَرُوۡنَ مَا خَلَقَ لَـكُمۡ رَبُّكُمۡ مِّنۡ اَزۡوَاجِكُمۡ ؕ بَلۡ اَنۡتُمۡ قَوۡمٌ عٰدُوۡنَ ﴿۱۶۶﴾ [1]

ترجمہ: کیا تم دنیا کی مخلوق میں سے مردوں کے پاس جاتے ہو، اور تمہاری بیویوں میں تمہارے رب نے تمہارے لیے جو کچھ پیدا کیا ہے اسے چھوڑ دیتے ہو؟ بلکہ تم لوگ تو حد سے ہی گزر گئے ہو۔

---

[1] الشعراء ۱۶۵، ۱۶۶

قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۷۱﴾ لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۲﴾ (۱)

ترجمہ: لوط علیہ السلام نے (عاجز ہو کر) کہا اگر تمہیں کچھ کرنا ہی ہے تو یہ میری بیٹیاں موجود ہیں! تیری جان کی قسم اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) اس وقت ان پر ایک نشہ سا چڑھا ہوا تھا جس میں وہ آپے سے باہر ہوئے جاتے تھے۔

عَنْ مُجَاهِدٍ{هَؤُلَاءِ بَنَاتِي هُنَّ أَطْهَرُ لَكُمْ} قَالَ: لَمْ يَكُنْ بَنَاتُهُ، وَلَكِنْ كُنَّ مِنْ أُمَّتِهِ، وَكُلُّ نَبِيٍّ أَبُو أُمَّتِهِ

مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ آپ کی اپنی حقیقی لڑکیاں نہ تھیں بلکہ یہ آپ کی امت کی لڑکیاں تھیں اور ہر نبی اپنی اپنی امت کا باپ ہوتا ہے۔ (۲)

کچھ اللہ کا خوف کرو اور میرے مہمانوں کے ساتھ زیادتی اور زبردستی کر کے مجھے رسوا نہ کرو کیا تم میں کوئی سمجھدار آدمی نہیں ہے، مگر سرکشوں نے ایک جائز اور فطری طریقے کو رد کر دیا اور جواب دیا اے لوط! تجھ کو معلوم ہی ہے کہ تیری قوم کی بیٹیوں سے ہمیں کوئی رغبت نہیں ہے اور تو یہ بھی جانتا ہے کہ ہم صرف مردوں کے ساتھ بدکاری کرنا چاہتے ہیں اور کہا تم اپنے کام سے کام رکھو اور دنیا کے ٹھیکے دار مت بنو،

قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۰﴾ (۳)

ترجمہ: وہ بولے کیا ہم بار بار تمہیں منع نہیں کر چکے ہیں کہ دنیا بھر کے ٹھیکے دار نہ بنو۔

لوط علیہ السلام نے نہایت بے بسی کے عالم میں آرزو کی کہ کاش میرے اپنے پاس کوئی طاقت ہوتی یا کسی خاندان اور قبیلے کی پناہ اور مدد مجھے حاصل ہوتی تو آج مجھے مہمانوں کی وجہ سے یہ ذلت و رسوائی نہ ہوتی، میں ان بدقماشوں سے نمٹ لیتا اور مہمانوں کی حفاظت کر لیتا۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَرَحْمَةُ اللَّهِ عَلَى لُوطٍ إِنْ كَانَ لَيَأْوِي إِلَى رُكْنٍ شَدِيدٍ ،فَمَا بَعَثَ اللَّهُ مِنْ بَعْدِهِ نَبِيًّا إِلَّا فِي ذِرْوَةٍ مِنْ قَوْمِهِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی رحمت ہو لوط علیہ السلام پر کہ وہ زور آور قوم کی پناہ لینا چاہتے تھے، مراد اس سے ذات اللہ تعالیٰ عزوجل ہے، آپ کے بعد جو پیغمبر بھیجا گیا وہ اپنے آبائی وطن میں ہی بھیجا گیا۔ (۴)

قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ

اب فرشتوں نے کہا اے لوط! ہم تیرے پروردگار کے بھیجے ہوئے ہیں ناممکن ہے کہ یہ تجھ تک پہنچ جائیں پس تو اپنے گھر والوں

بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَ لَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ اِنَّهٗ

کو لے کر کچھ رات رہے نکل کھڑا ہو، تم میں سے کسی کو مڑ کر بھی نہ دیکھنا چاہیے، بجز تیری بیوی کے اس لیے کہ اسے بھی

---

(۱) الحجر ۷۲،۷۱

(۲) تفسیر طبری ۱۵،۴۲۳

(۳) الحجر ۷۰

(۴) جامع ترمذی کتاب تفسیرالقرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ يُوسُفَ ۳۱۱۶،صحیح بخاری کتاب احادیث الانبیاء بَابُ قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ إِبْرَاهِيمَ إِذْ دَخَلُوا عَلَيْهِ ۳۳۷۲،صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ زِيَادَةِ طُمَأْنِينَةِ الْقَلْبِ بِتَظَاهُرِ الْأَدِلَّةِ ۳۸۲

مُصِيْبُهَا مَآ اَصَابَهُمْ ؕ اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ؕ اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ﴿۸۱﴾ فَلَمَّا

وہی پہنچنے والا ہے جو ان سب کو پہنچے گا، یقیناً ان کے وعدے کا وقت صبح کا ہے، کیا صبح بالکل قریب نہیں، پھر جب

جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَ اَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ

ہمارا حکم آپہنچا، ہم نے اس بستی کو زیر زبر کر دیا اوپر کا حصہ نیچے کر دیا اور ان پر کنکر یلے پتھر برسائے جو تہ بہ تہ تھے،

مَّنْضُوْدٍ ﴿۸۲﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ؕ وَ مَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۳﴾ (ھود ۸۱ تا ۸۳)

تیرے رب کی طرف سے نشان دار تھے اور وہ ان ظالموں سے کچھ بھی دور نہ تھے۔

جب فرشتوں نے لوط علیہ السلام کی بے بسی اور قوم کی سرکشی کا مشاہدہ کر لیا تو بولے اے لوط علیہ السلام! گھبرانے اور پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے ہم تیرے رب کے بھیجے ہوئے فرشتے ہیں تاکہ تیری قوم پر عذاب نازل کریں، یہ لوگ ہم تک تو کیا تجھ تک بھی نہیں پہنچ پائیں گے بس تو کچھ رات رہے اپنے اہل وعیال کو لے کر جلد سے جلد اس بستی سے نکل جاؤ اور خود ان کے پیچھے رہو، اور دیکھو قوم کی آہ وبکا اور دھماکوں کی آوازوں کو سن کر تم میں سے کوئی شخص پیچھے پلٹ کر نہ دیکھے، جیسے فرمایا:

فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۵﴾ [1]

ترجمہ: لہٰذا اب تم کچھ رات رہے اپنے گھر والوں کو لیکر نکل جاؤ اور خود ان کے پیچھے پیچھے چلو، تم میں کوئی پلٹ کر نہ دیکھے بس سیدھے چلے جاؤ جدھر جانے کا تمہیں حکم دیا جا رہا ہے۔

مگر تیری بیوی ساتھ نہیں جائے گی وہ بھی اپنی قوم کے ساتھ مبتلائے عذاب ہوگی، فرشتوں نے لوط علیہ السلام کی مزید تشفی کے لئے کہا اللہ نے ان پر عذاب نازل کرنے کے لئے صبح کا وقت مقرر فرمایا ہے اور صبح ہونے ہی والی ہے، چنانچہ لوط علیہ السلام صبح ہونے سے پہلے پہلے اپنے اہل وعیال کو لے کر اس بستی سدوم سے ہجرت کر گئے، جیسے فرمایا:

... نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ﴿۳۴﴾ [2]

ترجمہ: ان کو ہم نے اپنے فضل سے رات کے پچھلے پہر بچا کر نکال دیا۔

جب لوط علیہ السلام اپنے گھر والوں کے ہمراہ بخیر وعافیت اس سرزمین سے جو زلزلوں کے اس علاقہ کے انتہائی حساس حصہ پر ہے نکل گئے تو صبح کے آثار ہوتے ہی زلزلے کی ہولناک آواز نے انہیں آدبوچا، یہ عظیم زلزلہ زمین کے ایک سو نوے میٹر کے فاصلے تک پھٹنے سے پیش آیا جس سے خوابیدہ آتش فشاں ایک ہولناک دھماکے سے پھٹ پڑا اس دھماکہ کے ساتھ، بجلی، قدرتی گیس، آتش زدگی، اور پکے ہوئے کنکر پتھر بھی اس تباہی میں شامل تھے جس نے پوری ہی بستی کو الٹ پلٹ کر زیر وزبر کر دیا اس دوران خوابیدہ آتش فشاں سے بے شمار مواد بہہ نکلا، خوفناک زلزلے اور آتش فشاں کے پھٹنے کے دھماکے سے یہ زمین بحیرہ روم سے چار سو میٹر نیچے چلی گئی اور پانی اوپر ابھر آیا اور ایک جھیل بن گئی جس کی

[1] الحجر ۶۵

[2] القمر ۳۴

گہرائی چار سو میٹر ہے، اسے بحر میت، مردار یا بحر لوط کہتے ہیں، پھر ان پر نامزد کئے ہوئے پکی ہوئی مٹی کے پتھروں کا انتہائی خطرناک مینہ برسایا،

عَنْ قَتَادَةَ، وَعِكْرِمَةَ{مُسَوَّمَةً} قَالَا: مُطَوَّقَةً بِهَا نَضْحٌ مِنْ حُمْرَةٍ

قتادہ رحمہ اللہ اور عکرمہ رحمہ اللہ کہتے ہیں وہ پتھر نوکیلے تھے جو قدرے سرخ رنگ کے تھے۔ (۱)

اور پوری قوم کو لوط علیہ السلام کی بیوی سمیت ہلاک کر کے نشان عبرت بنا دیا تا کہ رہتی دنیا تک لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ اللہ کے بنیادی قانون عدل وانصاف کو توڑنے کا انجام کیا ہوتا ہے، چنانچہ مشرکین مکہ اور دیگر مکذبین کو سوچنا چاہیے کہ حق کی تکذیب کی پاداش میں ان کا بھی یہ حشر ہو سکتا ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَنْ وَجَدْتُمُوهُ يَعْمَلُ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ، فَاقْتُلُوا الْفَاعِلَ، وَالْمَفْعُولَ بِهِ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسے تم پاؤ کہ وہ قوم لوط کا سا عمل کرتے ہیں تو فاعل اور مفعول (دونوں) کو قتل کر دو۔ (۲)

وَ اِلٰی مَدْیَنَ اَخَاهُمْ شُعَیْبًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ

اور ہم نے مدین والوں کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا

اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ وَ لَا تَنْقُصُوا الْمِكْیَالَ وَ الْمِیْزَانَ اِنِّیْۤ اَرٰىكُمْ بِخَیْرٍ وَّ اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ

تمہارا کوئی معبود نہیں اور تم ناپ تول میں بھی کمی نہ کرو میں تمہیں آسودہ حال دیکھ رہا ہوں اور مجھے تم پر گھیرنے والے دن

عَذَابَ یَوْمٍ مُّحِیْطٍ ۝۸۴ وَ یٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْیَالَ وَ الْمِیْزَانَ بِالْقِسْطِ وَ لَا تَبْخَسُوا النَّاسَ

کے عذاب کا خوف (بھی) ہے، اے میری قوم! ناپ تول انصاف کے ساتھ پوری پوری کرو، لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ

اَشْیَآءَهُمْ وَ لَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ۝۸۵ بَقِیَّتُ اللّٰهِ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۚ۬

دو اور زمین میں فساد اور خرابی نہ مچاؤ، اللہ تعالیٰ کا حلال کیا ہوا جو بچ رہے تمہارے لیے بہت ہی بہتر ہے اگر تم ایمان والے ہو،

وَ مَاۤ اَنَا عَلَیْكُمْ بِحَفِیْظٍ ۝۸۶ (ھود ۸۴ تا ۸۶)

میں تم پر کچھ نگہبان (اور داروغہ) نہیں ہوں۔

---

(۱) تفسیر طبری ۴۳۸/۱۵

(۲) سنن ابوداود كِتَاب الْحُدُودِ بَابٌ فِيمَنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ ۴۴۶۲، جامع ترمذی أَبْوَابُ الْحُدُودِ بَابُ مَا جَاءَ فِي حَدِّ اللُّوطِيِّ ۱۴۵۶، سنن ابن ماجه كِتَابُ الْحُدُودِ بَابُ مَنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ ۲۵۶۱، مستدرک حاکم ۸۰۴۷، صحیح ابن الجارود ۸۲۰

قوم شعیب علیہ السلام:

ابتدا بنی اسرائیل کی طرح یہ لوگ مسلمان ہی تھے، سامی قوم کے پیشہ کی طرح ان کا پیشہ بھی گلہ بانی تھا اور غالباً یہ دنیا کی پہلی قوم ہے جو تجارت بھی کرتی تھی جس سے ان کی تمدنی زندگی ترقی یافتہ تھی، قبائل مدین ایک منظم زندگی رکھتے تھے، مذہبی رسوم وآداب کی تلقین ومحافظت کے لئے شہر میں مذہبی عہدہ دار (کاہن) مقرر ہوتے تھے، مگر ابراہیم علیہ السلام کے چھ سات سو برس تک مشرک اور بد اخلاق قوموں کے درمیان رہنے کی وجہ سے رفتہ رفتہ ان کے عقائد میں مذموم صفات شرک، اور بد اخلاقیوں میں بد دیانتی، قتل وغارت، لوٹ مار وغیرہ دوسری بد اخلاقیاں جگہ پا چکی تھیں، یہ قوم اللہ قادر مطلق کو بھول ابلیس کے ہاتھوں میں کٹ پتلی بنی ہوئی تھی، اللہ تعالیٰ کی عبادات کو ترک کر کے ہر طرح کے شرکیہ اعمال کرنا، بتوں کی پرستش اور ان کی خوشنودی کے لئے قربانیاں کرنا ان کا مذہب بن چکا تھا، ان کے نزدیک تمام قوتوں وطاقتوں کا منبہ اللہ تعالیٰ نہیں بلکہ ان کے معبودان باطلہ تھے، ان کے سب سے بڑے معبود کا نام بعل فعور تھا، انہیں قبروں سے دوبارہ زندہ ہو کر اللہ رب کائنات کے حضور عدل وانصاف اور حساب کتاب کا کوئی خوف نہ تھا بلکہ زندگی کی چند عارضی سانسوں کو ہی سب کچھ سمجھتے اور مرنے کے بعد دوبارہ زندگی کو بعید از امکان تصور کرتے، اللہ تعالیٰ نے اپنے بے بہا خزانوں سے ان کو بہت مال واسباب سے نوازا ہوا تھا مگر لوٹ مار اور قتل وغارت کرنا مردوں کی زندگی کا معمولی پیشہ تھا اس کے باوجود دولت کی حرص وحوس میں یہ لوگ ناپ تول میں کمی بیشی کرتے، درہم ودینار میں بٹہ لگاتے، سود کھاتے، مسافروں کے راستے میں بیٹھ جاتے اور ڈرا دھمکا کر ان کا مال ومتاع زبردستی چھین لیتے اور مزاحمت پر بے گناہ مسافروں کا قتل وغارت کرتے، اس طرح علاقہ میں دہشت گردی، خونریزی پھیلا کر بدامنی پھیلاتے، قوم کی اخلاقی حالت اس درجہ پست ہو چکی تھی کہ شرفائے خاندان کی لڑکیاں انسانیت کا بدترین نمونہ تھیں اس طرح اعتقادی اور اخلاقی لحاظ سے یہ قوم تباہ وبرباد ہو چکی تھی مگر پھر بھی خود کو مدعی ایمان سمجھتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے حجاز وشام کے درمیان معان کے قریب آباد قبیلہ مدین کی طرف انہی کی قوم کے ایک فرد شعیب علیہ السلام کو مبعوث کیا، انہوں نے بھی گزشتہ انبیاء کی طرح قوم کو دعوت توحید پیش کی، اور کہا اے میری قوم کے لوگو! اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی کرو، جو تمہارا خالق ،مالک، رازق اور مشکل کشا ہے، اس لئے سارے ارباب اقتدار اور تمام الٰہوں کے سامنے ذلت سے جھکا ہوا سر اٹھاؤ، ان کی عبادات سے منہ موڑ کر صرف اللہ وحدہ لاشریک کو اپنا الٰہ اور صرف رب العالمین کو اپنا رب قرار دو، اس کی حاکمیت اور اس کے اقتدار اعلیٰ کو تسلیم کر کے اپنے خالق حقیقی کی طرف رجوع کرو، اس کے سوا زمین وآسمان میں تمہارا کوئی الٰہ نہیں ہے، اللہ کے سوا کوئی بھی عبادت کے لائق اور آقائی وفرمانروائی کا مستحق نہیں، اس لئے یکسو ہو کر اس کی ہی بندگی اختیار کرو اور اعتراف بندگی میں اپنے سر اس کے حضور جھکاؤ، صرف اپنی زبان سے آمَنَّا وَصَدَّقْنَا ہی نہ کہو بلکہ اس کی مخلصانہ اطاعت وفرمانبرداری کرو، یہ نہ دیکھو کہ تمہارا دل اور تمہاری عقل کیا کہتی ہے، تمہارے آباؤ اجداد کیا کر گئے ہیں، تمہارے خاندان وبرادری ودوست احباب کی کیا مرضی ہے، تمہارے رسم ورواج، عقیدے اور خیالات کس رنگ ڈھنگ سے چلے آئے ہیں، دعوت توحید کے بعد قوم کی نمایاں اخلاقی خرابی کا ذکر کیا کہ اے میری قوم! رزق، عزت وطاقت، ناموری اور حکومت سب کچھ اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے، اللہ تعالیٰ نے اپنے نہ ختم ہونے والے خزانوں سے تمہیں مال ودولت کی فراوانی عطا کر کے

خوش حالی دے رکھی ہے مگر اس کے باوجود تم اپنی خواہشات نفسی کی بندگی کر کے ناپ تول میں کمی بیشی کے ناجائز اور ذلیل طریقے اختیار کر کے لوگوں کا حق مارتے ہو، اس عمل بد کو اپنے لئے نقصان دہ سمجھنے کے بجائے یہ سمجھتے ہو کہ اس میں فائدہ ہی فائدہ ہے، دولت حاصل کرنے کے لئے تمہارے حرص وہوس کے رکیک جذبات ختم ہونے کا نام نہیں لیتے، دولت کی اس حرص وہوس سے بالآخر تم ہر آرام وراحت سے محروم ہو جاؤ گے اور انجام کار مزید مال ودولت کی خواہشوں کو دل میں لئے ہوئے قبروں میں پہنچ جاؤ گے اس لئے دل وعمل کی سچائی، دیانت و راست بازی اور معاملات میں عدل وانصاف اختیار کر و جو ہر چیز پر مقدم ہے، اے میری قوم! لوگوں کے ساتھ ناانصافی کرتے ہوئے لینے اور دینے کے پیمانے الگ الگ مت رکھو، ناپ تول میں ڈنڈی مت مارو یہ بدترین خیانت ہے بلکہ اس کے برعکس انصاف کے ساتھ پورا پورا ناپو اور تولو، جیسے فرمایا:

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ۝ ۱ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ۝ ۲ وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ۝ ۳ [1]

ترجمہ: تباہی ہے ڈنڈی مارنے والوں کے لئے جن کا حال یہ ہے کہ جب لوگوں سے لیتے ہیں تو پورا پورا لیتے ہیں اور جب ان کو ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو انہیں گھٹا دیتے ہیں۔

اللہ نے اس کائنات کی ہر چیز کو انصاف پر کھڑا کیا ہے اس لئے وہ تم کو بھی انصاف کرنے کا حکم دیتا ہے اور اسے انصاف کرنے والے لوگ ہی پسند ہیں، تمہاری تجارت، سیاست، اور دوسرے دنیاوی معاملات جھوٹ، بے ایمانی اور بداخلاقی کے بغیر بھی چل سکتے اور خوب پھل پھول سکتے ہیں، اپنے اس خیال بد سے نکل جاؤ کہ ایمانداری اختیار کرنے سے تمہارے معاملات زندگی برباد ہو جائیں گے، ایسا ہرگز ہرگز نہیں بلکہ اس کے برعکس رب تمہارے کاروبار اور معاملات میں برکت ڈالے گا اور انہیں خوب ترقی دے گا، اس لئے اللہ کی زمین میں نافرمانی سے بچو اور تباہی وبربادی کے اس راستہ کو ترک کر دو، لوگوں کا حق مار کر نفع اٹھانے سے اللہ کا دیا ہوا نفع تمہارے لئے حلال وطیب اور خیر وبرکت کا باعث ہے، میں نے اللہ کے حکم سے تمہیں متنبہ کر دیا ہے، اس پاکیزہ دعوت کو قبول کرنا یا نہ کرنا تمہارے اختیار میں ہے، میں تمہارے اعمال کا نگران نہیں ہوں کہ زبردستی تمہیں منواؤں۔

قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ

انہوں نے جواب دیا کہ اے شعیب! کیا تیری صلاۃ تجھے یہی حکم دیتی ہے کہ ہم اپنے باپ دادوں کے معبودوں کو چھوڑ دیں

اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ؕ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ۝۸۷ قَالَ يٰقَوْمِ

اور ہم اپنے مالوں میں جو کچھ چاہیں اس کا کرنا بھی چھوڑ دیں تو تو بڑا ہی باوقار اور نیک چلن آدمی ہے، کہا اے میری قوم!

اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَ رَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ

دیکھو تو اگر میں اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل لیے ہوئے ہوں اور اس نے مجھے اپنے پاس سے بہترین روزی دے رکھی ہے،

---

[1] المطففین ۱ تا ۳

وَ مَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَآ اَنْهٰكُمْ عَنْهُ ؕ اِنْ اُرِيْدُ

میرا یہ ارادہ بالکل نہیں کہ تمہارے خلاف کر کے خود اس چیز کی طرف جھک جاؤں جس سے تمہیں روک رہا ہوں، میرا ارادہ

اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ؕ وَ مَا تَوْفِيْقِيْۤ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ اِلَيْهِ

تو اپنی طاقت بھر اصلاح کرنے کا ہی ہے، میری توفیق اللہ ہی کی مدد سے ہے، اسی پر میرا بھروسہ ہے اور اسی کی طرف میں

اُنِيْبُ ﴿۸۸﴾ وَ يٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْۤ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَاۤ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ

رجوع کرتا ہوں، اور اے میری قوم (کے لوگو!) کہیں ایسا نہ ہو کہ تم کو میری مخالفت ان عذابوں کا مستحق بنا دے جو قوم نوح

اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ وَ مَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۹﴾ وَ اسْتَغْفِرُوْا

اور قوم ہود اور قوم صالح کو پہنچے ہیں، اور قوم لوط تو تم سے کچھ دور نہیں، تم اپنے رب سے استغفار کرو اور اس کی طرف توبہ کرو،

رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿۹۰﴾ (ھود ۸۷ تا ۹۰)

یقین مانو کہ میرا رب بڑی مہربانی والا اور بہت محبت کرنے والا ہے۔

دین ذاتی معاملہ نہیں

قوم شعیب کو اپنے نبی سے یہ گلہ تھا کہ اس کی تعلیم مسجد تک محدود کیوں نہیں، یہ نماز ان کی پوری زندگی اور اس کے رسم و رواج پر اثر انداز کیوں ہو رہی ہے؟ نماز اور نماز پڑھنے پڑھانے والوں کو کیوں لگام نہیں دی جاتی کہ وہ اپنا دائرہ کار اور حلقہ اثر مسجد تک محدود رکھیں اور اپنی سرگرمیاں ایوان حکومت اور ایوان تجارت تک نہ لے کر آئیں، یہ عجیب نماز ہوئی جو روزی کمانے کے طریقوں کو متاثر کرے! آخر نماز کا اس بات سے کیا واسطہ کہ ہم اپنے مال کس طرح کمائیں کریں اور کس طرح خرچ کریں؟ مال ہماری ذاتی ملکیت ہے، کیا انہیں تصرف میں لانے کے لئے بھی اللہ اور اس کے رسول سے پوچھنا پڑے گا کہ کس طرح سے تصرف میں لائیں، اور یہی وہ بنیادی اختلاف ہے جو ہمیشہ اہل حق اور اہل باطل کے درمیان وجہ نزاع و قتال بنا رہا ہے، دور حاضر کی اسلامی حکومتیں بھی یہی کچھ چاہتی ہیں کہ بڑی بڑی مسجدیں ہوں، بڑے بڑے دینی مدرسے اور جامعات ہوں، بڑے بڑے دینی کتب خانے اور تبلیغی مراکز ہوں اور ان میں بڑے جلیل القدر علماء اور محققین ہوں، ان کے خوبصورت جبے، عمامیں اور دستاریں ہوں اور وفادار ملازموں کی طرح ان مسجدوں اور مدرسوں کی چار دیواری میں بیٹھے رہیں، اگر ضرورت پیش آئے تو حکومت وقت کے حق میں مناسب بیان اور محتاط قسم کے فتوے صادر کر دیا کریں، رہ گیا دین کا بطور سیاسی، معاشی اور سماجی نظام کے ابھر کے سامنے آجانا بنیاد پرستی ہے، یہ ناقابل برداشت ہے، یہ سیاست ہے، یہ تو صرف جاگیر داروں، وڈیروں، کارخانہ داروں اور سرمایہ داروں کا پیدائشی اور جدی پشتی حق ہے، اس میں ملا کا کیا عمل دخل؟ اس میں کتاب و سنت کا کیا کام؟ اس میں اللہ اور رسول کا کیا کام؟ حکومت کرنا تو ایسے لوگوں کا کام ہے جو دین کو ایک طرف رکھ کر غیر ملکی آقاؤں کی آشیرباد پر اپنی قوم سے وہ سلوک کریں جو بدیسی حکمران دیسی بھیڑوں کے ساتھ کیا کرتے ہیں اور پھر اخبارات، الیکٹرانک میڈیا ان کی عبقریت کے گن گائیں، یہی وہ بات ہے جسے سیکولرازم یا لادینیت

کہتے ہیں،لادینیت دین سے انکار کا نام نہیں بلکہ دین کو دینوی معاملات سے نکال دینے کا نام ہے،چنانچہ قوم نے جواب دیا اے شعیب علیہ السلام! کیا تیری عبادت تجھے یہ سکھاتی ہے کہ ہم ان سارے معبودوں سے دستبردار ہو جائیں جن کی پرستش ہمارے آباؤاجداد کرتے چلے آئے ہیں؟ یا یہ کہ ہم اپنے مال میں اپنی منشا کے مطابق تصرف نہ کریں؟ چنانچہ قوم نے بطور استہزاوحقارت کے ساتھ شعیب علیہ السلام سے کہا ہماری قوم میں بس تو ہی تو ایک عالی ظرف اور راستباز آدمی رہ گیا ہے! اور رشد وہدایت کے سوا تجھ سے کچھ صادر نہیں ہوتا،اور رشد وہدایت کے سوا کسی چیز کا حکم نہیں دیتا،شعیب علیہ السلام نے کہا بھائیو! اللہ کی ہرسو بکھری نشانیوں کو دیکھ کر میں اس کی وحدانیت اور ربوبیت کا قائل تھا اور پھر اس نے مجھے منصب رسالت سے سرفراز فرمایا تو اس کے بعد میں تمہاری گمراہیوں اور حرام خوریوں میں تمہارا شریک حال کیسے ہو سکتا ہوں؟اور تم کبھی نہیں دیکھو گے کہ جن برائیوں سے میں تم کو روکتا ہوں خود ان کا ارتکاب کروں،میں تو جہاں تک میری طاقت اور محنت کے ساتھ بس چلے اپنے تمام افعال،اقوال،احوال میں تمہاری اصلاح کرنا چاہتا ہوں اور جو کچھ میں کرنا چاہتا ہوں اس میں میری کوئی طاقت نہیں بلکہ اس کا تمام تر انحصار رب کی توفیق پر ہے اور وہی ہو گا جو وہ چاہے گا،تدبیر بھی وہی کرتا ہے اور حکم بھی اس کا چلتا ہے،سب مخلوق اس کے حکم کے آگے بے بس اور لاچار ہے،میں اپنے تمام امور ومعاملات میں اس پر ہی بھروسہ کرتا اور اسی سے امید رکھتا ہوں،اے میری قوم! پہلی قوموں کی طرح مجھ سے مخالفت میں اور جو کچھ میں لایا ہوں اس سے بغض رکھ کر اپنی جہالت وضلالت پر ڈٹ کر اسے مٹانے پر کمر بستہ نہ ہو جاؤ،حق کو دبانے اور باطل کر سر بلند کرنے کے درپے نہ ہو جاؤ،رب کی دعوت حق کے ساتھ تمسخر نہ کرو کہیں ایسا نہ ہو جائے کہ مجھ سے مخالفت برائے مخالفت میں رب کے عذاب ورسوائی میں گرفتار ہو جاؤ جس طرح قوم نوح علیہ السلام،قوم ہود علیہ السلام،اور قوم صالح علیہ السلام نے رب کے مبعوث کئے ہوئے رسولوں کی مخالفت کی،ان سے تمسخر کیا،ان کے قتل کے درپے ہوئے اور انجام کار اپنی سرکشی اور کفر کی وجہ سے نیست ونابود ہو گئے،اور تم سے تقریباً چھ سات سو سال قبل قوم لوط علیہ السلام کا انجام جنہوں نے رب کے رسول کی تکذیب کی اور اپنے اعمال بد پر قائم رہے تم اچھی طرح جانتے ہو،اس قوم کی تباہ وبرباد شدہ بستیوں کے آثار محل ومکان کے اعتبار سے تم سے دور نہیں ہیں،ان کی بستیوں کی تباہی وویرانی دیکھ کر تم ان سے عبرت حاصل نہیں کرتے،طاغوت کی بندگی واطاعت سے تائب ہو کر اپنے معبود حقیقی سے بخشش ومغفرت چاہو اور یکسو ہو کر اس کی طرف پلٹ آؤ،اگر اپنے افعال پر نادم ہو کر اس کی طرف پلٹو گے تو اس کے دامن رحمت کو اپنے لئے وسیع پاؤ گے بیشک وہ اپنی مخلوق سے بے پایاں محبت رکھتا ہے،

عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:كَيْفَ تَقُولُونَ بِفَرَحِ رَجُلٍ انْفَلَتَتْ مِنْهُ رَاحِلَتُهُ، تَجُرُّ زِمَامَهَا بِأَرْضٍ قَفْرٍ لَيْسَ بِهَا طَعَامٌ وَلَا شَرَابٌ، وَعَلَيْهَا لَهُ طَعَامٌ وَشَرَابٌ، فَطَلَبَهَا حَتَّى شَقَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ مَرَّتْ بِجِذْلِ شَجَرَةٍ فَتَعَلَّقَ زِمَامُهَا، فَوَجَدَهَا مُتَعَلِّقَةً بِهِ؟ قُلْنَا: شَدِيدًا، يَا رَسُولَ اللهِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «أَمَا وَاللهِ لَلَّهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ، مِنَ الرَّجُلِ بِرَاحِلَتِهِ

براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے منقول ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اس شخص کے بارے میں کیا کہتے ہو جس کا اونٹ ایک بے آب وگیاہ صحرا میں جہاں نہ کھانا ہو اور نہ پینے کو پانی اور اس شخص کا کھانا اور پانی اسی اونٹ پر لدا ہوا ہو اور وہ اپنی نکیل کھینچتا ہوا بھاگ جائے،اور وہ شخص اس کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر مایوس ہو چکا ہو آخر وہ اونٹ ایک درخت کی جڑ پر گزرے اور اس کی نکیل اس جڑ سے اٹک جائے پھر وہ شخص اس

اونٹ کواس درخت سے اٹکا ہوا پایۓ؟ ہم لوگوں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ !اس شخص کو بہت خوشی ہوگی، آپ ﷺ نے فرمایا خبردار ہوجاؤ البتہ اللہ کی قسم !اللہ کو اپنے بندہ کی توبہ سے اس شخص سے زیادہ خوشی ہوتی ہے۔ [1]

عَنْ عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْيٌ، فَإِذَا امْرَأَةٌ مِنَ السَّبْيِ قَدْ تَحْلُبُ ثَدْيَهَا تَسْقِي، إِذَا وَجَدَتْ صَبِيًّا فِي السَّبْيِ أَخَذَتْهُ، فَأَلْصَقَتْهُ بِبَطْنِهَا وَأَرْضَعَتْهُ، فَقَالَ لَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:أَتُرَوْنَ هَذِهِ طَارِحَةً وَلَدَهَا فِي النَّارِ قُلْنَا: لاَ، وَهِيَ تَقْدِرُ عَلَى أَنْ لاَ تَطْرَحَهُ، فَقَالَ:لَلَّهُ أَرْحَمُ بِعِبَادِهِ مِنْ هَذِهِ بِوَلَدِهَا

ایک دوسری مثال سیدنا عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ کے پاس کچھ جنگی قیدی آئے، قیدیوں میں ایک عورت بھی تھی جس کا پستان دودھ سے بھرا ہوا تھا اور وہ دوڑ رہی تھی، اتنے میں ایک بچہ اس کو قیدیوں میں ملا اس نے جھٹ اپنے پیٹ سے لگالیا اور اس کو دودھ پلانے لگی، رسول اللہ ﷺ نے اس کا یہ حال دیکھ کر ہم لوگوں سے پوچھا کیا تم لوگ یہ توقع کرسکتے ہو کہ یہ ماں اپنے بچے کو خود اپنے ہاتھوں آگ میں پھینک دے گی؟ ہم نے عرض کیا ہرگز نہیں، جب تک اس کو قدرت ہوگی یہ اپنے بچہ کو آگ میں نہیں پھینک سکتی، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ اپنے بندوں پر اس سے بھی زیادہ رحم کرنے والا ہے جتنا یہ عورت اپنے بچہ پر مہربان ہے۔ [2]

عَنْ أَنَسٍ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ وَصَبِيٌّ فِي الطَّرِيقِ، فَلَمَّا رَأَتْ أُمُّهُ الْقَوْمَ خَشِيَتْ عَلَى وَلَدِهَا أَنْ يُوطَأَ، فَأَقْبَلَتْ تَسْعَى وَتَقُولُ: ابْنِي ابْنِي وَسَعَتْ فَأَخَذَتْهُ، فَقَالَ الْقَوْمُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا كَانَتْ هَذِهِ لِتُلْقِيَ ابْنَهَا فِي النَّارِ. قَالَ: فَخَفَّضَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: وَلاَ، اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ لَا يُلْقِي حَبِيبَهُ فِي النَّارِ

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت کے ساتھ جارہے تھے، راستہ میں ایک چھوٹا بچہ تھا جب اس بچے کی ماں نے لوگوں کو دیکھا تو اسے اندیشہ لاحق ہوا کہ کہیں اس کا بچہ روندنہ دیا جائے، وہ میرا بیٹا میرا بیٹا کہتی ہوئی دوڑی اور اپنے بچہ کو اٹھالیا، یہ دیکھ کر صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ !ممکن نہیں کہ یہ عورت اپنے بیٹے کو آگ میں ڈال دے ، رسول اللہ ﷺ نے ان کا مدعا سمجھتے ہوئے فرمایا نہیں واللہ !اللہ تعالیٰ بھی اپنے دوستوں کو آگ میں نہیں ڈالے گا۔ [3]

اگر کوئی بندہ پروردگار کے حضور حاضر ہوجائے اور اپنی لغزشوں، عظیم گناہوں کی معافی مانگ لے تو وہ حیل وحجت نہیں کرتا کہ پہلے ایسا کام کیوں کیا تھا بلکہ ایسے لوگوں کو معاف کردینا پسند کرتا ہے، ہاں اگر کوئی حد سے ہی گزر جائے اور اللہ کی زمین میں فساد پھیلانے سے باز نہ آئے تو تب وہ بادل ناخواستہ سزا دیتا ہے، پھر اس کی پکڑ بڑی ہی شدید ہوتی ہے۔

---

[1] صحیح مسلم کتاب التوبة بَابٌ فِي الْحَضِّ عَلَى التَّوْبَةِ وَالْفَرَحِ بِهَا ۶۹۵۹

[2] صحیح بخاری کتاب الادب بَابُ رَحْمَةِ الوَلَدِ وَتَقْبِيلِهِ وَمُعَانَقَتِهِ۵۹۹۹،صحیح مسلم کتاب التَّوْبَةِ بابٌ فِي سِعَةِ رَحْمَةِ اللهِ تَعَالَى وَأَنَّهَا سَبَقَتْ غَضَبَهُ ۶۹۷۸، المعجم الاوسط ۳۰۱۱،شرح السنة للبغوی ۴۱۸۱

[3] مسند احمد ۱۲۰۱۸

قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ وَ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا

انہوں نے کہا اے شعیب! تیری اکثر باتیں تو ہماری سمجھ میں ہی نہیں آتیں اور ہم تجھے اپنے اندر بہت کمزور پاتے ہیں، اگر

وَ لَوْ لَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ وَ مَاۤ اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ﴿۹۱﴾ قَالَ

تیرے قبیلے کا خیال نہ ہوتا تو ہم تجھے سنگسار کر دیتے اور ہم تجھے کوئی حیثیت والی ہستی نہیں گنتے، انہوں نے جواب دیا کہ

يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْۤ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَ اتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا

اے میری قوم کے لوگو! کیا تمہارے نزدیک میرے قبیلے کے لوگ اللہ سے بھی زیادہ ذی عزت ہیں کہ تم نے اسے پس پشت

اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۹۲﴾ وَ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا

ڈال دیا ہے یقیناً میرا رب جو کچھ تم کر رہے ہو سب کو گھیرے ہوئے ہے، اے میری قوم کے لوگو! اب تم اپنی جگہ عمل کیے جاؤ

عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ

میں بھی عمل کر رہا ہوں، تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ کس کے پاس وہ عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کر دے،

وَ مَنْ هُوَ كَاذِبٌ وَ ارْتَقِبُوْۤا اِنِّيْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ ﴿۹۳﴾ (ھود ۹۱ تا ۹۳)

اور کون ہے جو جھوٹا ہے، تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں۔

یہ سچ ہے مشرک ہمیشہ ہی کم عقل ہوتا ہے اگر اسے عقل وشعور ہوتا تو اپنے رب کی ہر سو بکھری نشانیوں کو دیکھ کر اور اس کی قدرتوں سے نہ پہچان لیتا، قوم کے لوگ جو اخلاقی لحاظ سے پست ترین درجے پر اور اپنی خباثت کی انتہا کو پہنچے ہوئے تھے، وہ اپنے تعصّبات، اپنے نفس کی بندگی اور گمراہ سوچ پر شدت سے جم چکے تھے ان کی سوچ کا انداز اس قدر بگڑ چکا تھا کہ شعیب علیہ السلام کی صاف اور سیدھی باتیں ان کی سمجھ میں ہی نہ آتی تھیں، کہنے لگے اے شعیب علیہ السلام! تیری حقوق اللہ وحقوق العباد کی دعوت، بعث بعد الموت، حشر نشر اور جنت اور دوزخ وغیرہ کی باتیں ہماری سمجھ سے بالاتر ہیں اس لئے ہم تو ان پر ایمان نہیں لائیں گے،

قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ يُقَالُ لَهُ خَطِيبُ الْأَنْبِيَاءِ

امام ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں شعیب علیہ السلام اس قدر قادر الکلام تھے کہ آپ کو خطیب الانبیاء کیا جاتا ہے۔[1]

اور حقارت سے کہا ہم جانتے ہیں کہ تیرا شمار مستضعفین میں ہوتا ہے اور تو تن تنہا ہمارے جتھے کا مقابلہ کرنے کی سکت نہیں رکھتے، تم نے ہمارے دینی و دنیاوی معاملات میں جو دخل در معقولات شروع کر رکھا ہے وہ ناقابل برداشت ہے اس بنا پر ہم تو کبھی کا تجھے سنگسار کر چکے ہوتے مگر تیرے قبیلے کی وجہ سے ہاتھ روکے ہوئے ہیں جو قبائلی عصبیت کی وجہ سے تمہارے پیچھے کھڑا ہے، ورنہ ہم میں تیری کوئی قدر و منزلت ،رفعت وعزت نہیں، یہ سن کر شعیب علیہ السلام نے کہا بھائیو! کیا تم میری قوم وقبیلہ کو اللہ سے زیادہ اہمیت وحیثیت دیتے ہو کہ تمہارے دلوں میں

[1] تفسیر طبری ۴۵۸/۱۵

میری برادری کا تو خوف ہے مگر اللہ کی کوئی عظمت نہیں جس نے تمہاری رشد وہدایت کے لئے مجھے منصب نبوت سے نوازا ہے اور اس کے حکم کو تم نے پس پشت ڈال دیا ہے، جان رکھو کہ جو کفر وشرک اور دوسرے برے اعمال تم کر رہے ہو وہ اللہ تعالیٰ سے چھپے ہوئے نہیں ہیں، جب شعیب علیہ السلام نے دیکھا کہ قوم اپنے کفر وشرک پر مصر ہے اور ان کے وعظ ونصیحت کا بھی کوئی اثر نہیں ہو رہا تو انہوں نے تھک کر کہا اے میری قوم کے لوگو! تم اپنے احوال اور اپنے دین کے مطابق عمل کرتے رہو اور میں اپنے طریقے پر چلتا رہوں گا بہت جلد تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ اللہ کے نزدیک کون جھوٹا ہے اور کس پر اللہ کی طرف سے رسوا کن اور ہمیشہ رہنے والا عذاب نازل ہوتا ہے، اب تم بھی اللہ کے فیصلے کا انتظار کرو کہ میرے ساتھ کیا ہوتا ہے اور میں بھی تمہارے ساتھ چشم براہ ہوں کہ تم پر کب عذاب نازل ہوتا ہے۔

وَ لَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا شُعَیْبًا وَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا

جب ہمارا حکم (عذاب) آپہنچا ہم نے شعیب کو اور ان کے ساتھ (تمام) مومنوں کو اپنی خاص رحمت سے نجات بخشی،

وَ اَخَذَتِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوا الصَّیْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دِیَارِهِمْ جٰثِمِیْنَ ﴿۹۴﴾

اور ظالموں کو سخت چنگھاڑ کے عذاب نے دھر دبوچا جس سے وہ اپنے گھروں میں اوندے پڑے ہوئے ہو گئے، گ

كَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا فِیْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْیَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿۹۵﴾ (ھود ۹۵،۹۴)

ویا کہ وہ ان گھروں میں کبھی بسے ہی نہ تھے، آگاہ رہو مدین کے لیے بھی ویسی ہی دوری ہو جیسی دوری ثمود کو ہوئی۔

آخر کار قوم کی فطری سرکشی وطغیان نے انہیں رب کی مکمل تکذیب پر آمادہ کر لیا اور وہ ہنستے ہوئے کہنے لگے اگر تم اپنی دعوت میں سچے ہو تو اپنی صداقت کے ثبوت میں جس آسمانی عذاب کی تم باتیں بناتے ہو اس کا کوئی چھوٹا سا ٹکڑا ہم پر گرا کر ہمیں فنا کے گھاٹ اتار دو اور ہم جانتے ہیں تم باتیں کرنے کے سوا ایسا ہرگز نہیں کر سکتے، جیسے فرمایا

فَاَسْقِطْ عَلَیْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۱۸۷﴾ [۱]

ترجمہ: اگر تو سچا ہے تو ہم پر آسمان سے کوئی ٹکڑا گرا دے۔

ہر پیغمبر کی طرح شعیب علیہ السلام نے بھی وہی جواب دیا جو ان کے پیشرو کہتے چلے آئے تھے کہ جو تدابیر اور اعمال تم کرتے پھرتے ہو میرا رب اس سے غافل نہیں، عذاب بھیجنے یا نہ بھیجنے کا فیصلہ کرنا میرا کام نہیں اور نہ میں ایسا کام کر سکتا ہوں، میں تو بذات خود کوئی حکم دینے یا منع کرنے کا بھی حقدار نہیں یہ تو اللہ تعالیٰ کا کام ہے کہ عذاب بھیجا جائے یا نہیں یا کب نازل کیا جائے، تمہارے مطالبہ عذاب پر اگر اس نے عذاب کا فیصلہ کر دیا تو تمہاری ساری طاقتیں نیست ونابود کر دی جائیں گی اور تم اپنا کچھ بھی دفاع نہیں کر سکو گے اور پھر رہتی دنیا تک عبرت کا نشان بن کر رہ جاؤ گے، مگر یہ سراسر اس کا رحم وکرم ہے کہ وہ سزا دینے میں جلدی نہیں کرتا بلکہ سوچنے اور سمجھنے کے لئے ڈھیل پر ڈھیل دیتا چلا جاتا ہے اور عمر بھر کی نافرمانیوں کو صرف ایک توبہ پر معاف کر دینے کو تیار رہتا ہے، آخر کار جب ہمارے عذاب نازل ہونے کا وقت آپہنچا تو ہم

---

[۱] الشعراء ۱۸۷

نے اپنی رحمت سے شعیب علیہ السلام اور اس کے مومن ساتھیوں کو اس بستی سے ہجرت کرنے کا حکم دے دیا اور شعیب علیہ السلام اپنے ساتھیوں سمیت یہ کہتے ہوئے بخیر وعافیت بستی سے باہر نکل گئے، جیسے فرمایا

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۹۳﴾ [۱]

ترجمہ: اور شعیب علیہ السلام یہ کہہ کر ان کی بستیوں سے نکل گیا کہ اے برادران قوم! میں نے اپنے رب کے پیغامات تمہیں پہنچا دیے اور تمہاری خیر خواہی کا حق ادا کر دیا ہے اب میں اس قوم پر کیسے افسوس کروں جو قبول حق سے انکار کرتی ہے۔

جب تمام اہل ایمان دیار کفر سے باہر نکل گے تو اللہ تعالیٰ نے دونوں قبیلوں کی طرف ان کی مانگ وخواہش وطلب کے نتیجے میں مختلف شکلوں میں عذاب بھیجے، اصحاب الایکہ نے آسمانی عذاب مانگا تھا اس لئے اللہ تعالیٰ نے ان پر آندھی بھیجی جس سے ان کی حرکتیں بند ہوگئیں، ایک بادل بھیج دیا اور وہ چھتری کی طرح ان پر چھا کر اس وقت تک آگ برساتا رہا جب تک ان کو بالکل تباہ نہ کر دیا اور اصحاب مدین کو ایک زمینی بھونچال کے ساتھ زوردار چنگھاڑ نے ان کو آلیا جس کی ہولناکی سے ان کے دل کلیجے پھٹ گئے اور پیغمبر کے خلاف چلتی ہوئی ان کی آوازیں بند ہوگئیں، جیسے فرمایا

فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ [۲]

ترجمہ: ایک دہلا دینے والی آفت نے ان کو آلیا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے کے پڑے رہ گئے۔

فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۳۷﴾ [۳]

ترجمہ: آخر کار ایک سخت زلزلے نے انہیں آلیا اور وہ اپنے گھروں میں پڑے کے پڑے رہ گئے۔

انہیں رسول اور مومنوں سے اپنی بدکلامی، دھمکیوں، رب کے راستے پر چلنے والوں کو روکنے، ستانے اور ناجائز ذرائع سے مال ودولت جمع کرنے کا نتیجہ مل گیا، صبح ہوئی تو سب لوگ جن کو اپنی طاقت وقوت پر فخر وغرور تھا، جن کے دل دولت کی حرص وہوس میں بھرتے ہی نہ تھے ،جاہ ومنصب کی وجہ سے جن کی آنکھیں انسان کو انسان نہیں سمجھتی تھیں، جو اپنی آخرت کو بھول چکے تھے، عذاب کے بعد اپنے گھروں میں اوندھے پڑے تھے گویا وہ کبھی وہاں آباد ہی نہ تھے، ان کے اجسام صرف ریت کے ڈھیر بن کر رہ گئے جن میں کوئی روح وحرکت وحواس نہ تھی، کوئی بھی چیز جن پر ان کو مان تھا ان کے کام نہ آسکی، کوئی بھی باطل معبود جنہیں وہ رب حقیقی کو چھوڑ کر پکارا کرتے تھے، جن پر انہیں بھروسہ تھا ان کے کچھ بھی کام نہ آسکے بلکہ ہلاکت وبربادی کے سوا انہیں کچھ بھی فائدہ نہ دیا، ہمیشہ کی طرح حق وباطل کے معرکے میں فتح حق کی ہوئی، سنو! مدین والے بھی قوم ثمود کی طرح کفر وشرک اور دوسری بداعمالیوں کے سبب اللہ کی رحمت سے دور پھینک دیے گئے۔

وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَ سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۶﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَا۠ئِهٖ

اور یقیناً ہم نے ہی موسیٰ کو اپنی آیات اور روشن دلیلوں کے ساتھ بھیجا تھا فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف، پھر بھی

[۱] الاعراف ۹۳

[۲] الاعراف ۹۱

[۳] العنکبوت ۳۷

فَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَ مَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ۝۹۷ يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

ان لوگوں نے فرعون کے احکام کی پیروی کی اور فرعون کا کوئی حکم درست تھا ہی نہیں، وہ قیامت کے دن اپنی قوم کا پیش رو ہو کر

فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ۭ وَ بِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ۝۹۸ وَ اُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً

ان سب کو دوزخ میں جا کھڑا کرے گا، وہ بہت ہی برا گھاٹ ہے جس پر لا کھڑے کیے جائیں گے، ان پر اس دنیا میں بھی

وَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ۝۹۹ (ھود ۹۶ تا ۹۹)

لعنت چپکا دی گئی اور قیامت کے دن بھی برا انعام ہے جو دیا گیا۔

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی واضح نشانیوں کے ساتھ جو ان کی دعوت کی صداقت پر دلالت کرتی تھیں مثلاً عصا اور ید بیضا اور دیگر معجزات جن کو اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ پر ظاہر فرمایا اور واضح دلیل کے ساتھ جو سورج کی مانند عیاں تھی سرکش فرعون اور اس کے اعیان سلطنت کی طرف بھیجا مگر انہوں نے موسیٰ علیہ السلام کی دعوت توحید کو رد کر دیا اور فرعون کے مسلک، طریقے اور اسلوب کی پیروی کی، حالانکہ فرعون کا حکم سراسر گمراہی اور رشد و ہدایت سے دور تھا، کیونکہ فرعون دنیا میں قبطی قوم کا پیش رو تھا اور وہ اپنی قوم کو ضلالت اور بد اخلاقی کی طرف دعوت دیتا تھا اور وہ اس کی اطاعت کرتے تھے اس لئے روز قیامت بھی وہ اپنی قوم کے آگے ہو گا اور اپنی قیادت میں انہیں دوزخ کی طرف لے جائے گا جہاں اسے اپنی قوم کے مقابلہ میں دو گنا عذاب دیا جائے گا، جیسے فرمایا

وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَ كُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ۝۶۷ رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ۝۶۸ [1]

ترجمہ: اور کہیں گے اے رب ہمارے! ہم نے اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کی اطاعت کی اور انہوں نے ہمیں راہ راست سے بے راہ کر دیا، اے رب! ان کو دوہرا عذاب دے اور ان پر سخت لعنت کر۔

کیسی بدتر جائے ورود ہے یہ جس پر کوئی پہنچے! دنیا میں بھی وہ اللہ کی رحمت سے دور ہو کر عذاب کے مستحق بنے اور روز قیامت بھی عذاب جہنم میں مبتلا ہوں گے، کیسا برا عطیہ ہے یہ جو کسی کو ملے۔

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ وَّ حَصِيْدٌ ۝۱۰۰

بستیوں کی یہ بعض خبریں جنہیں ہم تیرے سامنے بیان فرما رہے ہیں ان میں سے بعض تو موجود ہیں اور بعض (کی فصلیں) کٹ

وَ مَا ظَلَمْنٰهُمْ وَ لٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ

گئی ہیں، ہم نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا بلکہ خود انہوں نے ہی اپنے اوپر ظلم کیا، اور انھیں ان کے معبودوں نے کوئی فائدہ نہ

---

[1] الاحزاب ۶۸،۶۷

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۭ وَ مَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ﴿۱۰۱﴾

پہنچایا جنہیں وہ اللہ کے سوا پکارا کرتے تھے جب کہ تیرے پروردگار کا حکم آپہنچا بلکہ اور ان کا نقصان ہی انہوں نے بڑھایا،

وَ كَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَ هِيَ ظَالِمَةٌ ۭ

تیرے پروردگار کی پکڑ کا یہی طریقہ ہے جب کہ وہ بستیوں کے رہنے والے ظالموں کو پکڑتا ہے،

اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۰۲﴾ (هود ۱۰۰تا۱۰۲)

بیشک اس کی پکڑ دکھ دینے والی اور نہایت سخت ہے۔

چند انبیاء اور ان کی امتوں کے مختصر واقعات بیان فرما کر فرمایا اے نبی ﷺ! یہ چند بستیوں کی عبرتناک سرگزشت ہے جو ہم تمہیں سنا رہے ہیں تاکہ آپ اس کے ذریعے سے اپنی قوم کو ڈرائیں شاید کہ وہ عبرت حاصل کریں، ان میں سے بعض کے آثار و کھنڈرات اب بھی موجود ہیں اور بعض بالکل ہی صفحہ ہستی سے معدوم ہوگئیں ہیں اور ان کا وجود صرف تاریخ کے صفحات پر باقی رہ گیا ہے، ہم نے مختلف بستیوں پر مختلف قسم کے عذاب نازل کر کے کبھی کسی بستی پر ظلم نہیں کیا بلکہ ہر قوم نے طاغوت کی بندگی پر اصرار، دعوت حق کی تکذیب اور رسالت کا مذاق اڑا کر خود ہی اللہ کے عذاب کو للکارا، اللہ نے انہیں مہلت پر مہلت دی کہ شاید یہ پلٹ آئیں مگر اس مہلت پر وہ اور دلیر ہوگئے، پھر جب ایک وقت مقررہ پر اللہ کا عذاب ان پر نازل ہو گیا تو ان کے وہ معبود جن کی رضا و خوشنودی کے لئے رسوم عبادات بجالاتے تھے، اللہ کو چھوڑ کر جنہیں مشکل کشا، حاجت روا اور نفع و نقصان کا مالک سمجھتے تھے، جنہیں اپنی پریشانیوں اور مشکلات میں پکارا کرتے تھے، مشکل کی اس شدید ترین گھڑی میں ان کے کچھ کام نہ آسکے بلکہ فائدہ پہنچانے کے بجائے اپنی پرستش کرنے والوں کو ان کی خواہشات کے برعکس ہلاکت و بربادی کے سوا کچھ نہ دیا، اور تیرا رب جب کسی ظالم بستی کو پکڑتا ہے تو پھر اس کی پکڑ ایسی ہی شدید ہوا کرتی ہے، فی الواقع اللہ کی پکڑ بڑی سخت اور دردناک ہوتی ہے،

عَنْ أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِنَّ اللَّهَ لَيُمْلِي لِلظَّالِمِ حَتَّى إِذَا أَخَذَهُ لَمْ يُفْلِتْهُ قَالَ: ثُمَّ قَرَأَ: {وَ كَذٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ إِنَّ أَخْذَهٗ أَلِيْمٌ شَدِيْدٌ}[1]

ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ ظالموں کو ڈھیل پر ڈھیل دیتا ہے اور پھر جب ان پر گرفت کرنے پر آتا ہے تو اچانک دبالیتا ہے اور پھر مہلت نہیں دیتا، پھر آپ ﷺ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی ''اور تیرا رب جب کسی ظالم بستی کو پکڑتا ہے تو پھر اس کی پکڑ ایسی ہی ہوا کرتی ہے، فی الواقع اس کی پکڑ بڑی سخت اور دردناک ہوتی ہے۔''[2]

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ۭ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ

یقیناً اس میں ان لوگوں کے لیے نشان عبرت ہے جو قیامت کے عذاب سے ڈرتے ہیں، وہ دن جس میں سب لوگ جمع کئے جائیں

[1] هود : ۱۰۲

[2] صحیح بخاری کتاب التفسیرسورۂ هودبَابُ قَوْلِهِ وَكَذَلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ القُرَى وَهِيَ ظَالِمَةٌ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيمٌ شَدِيدٌ ۴۶۸۶، صحیح مسلم کتاب البروالصلوۃ بَابُ تَحْرِيمِ الظُّلْمِ ۶۵۸۱

لَّهُ النَّاسُ وَ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ﴿۱۰۳﴾ وَ مَا نُؤَخِّرُهٗۤ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿۱۰۴﴾

گے اور وہ، وہ دن ہے جس میں سب حاضر کئے جائیں گے، اسے ہم ملتوی کرتے ہیں وہ صرف ایک مدت معین تک ہے،

يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّ سَعِيْدٌ ﴿۱۰۵﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ

جس دن وہ آجائے گی مجال نہ ہوگی کہ اللہ کی اجازت کے بغیر کوئی بات بھی کر لے، سو ان میں کوئی بد بخت ہوگا اور کوئی

شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّ شَهِيْقٌ ﴿۱۰۶﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ

نیک بخت، لیکن جو بد بخت ہوئے وہ دوزخ میں ہوں گے وہاں چیخیں گے چلائیں گے، وہ وہیں ہمیشہ رہنے والے ہیں جب تک

السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۰۷﴾ وَ اَمَّا الَّذِيْنَ

آسمان و زمین برقرار رہیں سوائے اس وقت کے جو تمہارا رب چاہے، یقیناً تیرا رب جو کچھ چاہے کر گزرتا ہے، لیکن جو

سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ

نیک بخت کئے گئے وہ جنت میں ہوں گے جہاں ہمیشہ رہیں گے جب تک آسمان و زمین باقی رہے مگر جو تیرا پروردگار چاہے،

عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰۤؤُلَآءِ ؕ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا

یہ بے انتہا بخشش ہے، اس لیے آپ ان چیزوں سے شک و شبہ میں نہ رہیں جنہیں یہ لوگ پوج رہے ہیں، ان کی پوجا تو اس طرح

يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ وَ اِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿۱۰۹﴾ (ھود ۱۰۳ تا ۱۰۹)

ہے جس طرح ان کے باپ دادوں کی اس سے پہلے تھی، ہم ان سب کو ان کا پورا پورا حصہ بغیر کسی کمی کے دینے والے ہی ہیں۔

تاریخ کے یہ چند واقعات جو بطور عبرت کے لئے بیان کیے گئے ہیں ہر اس شخص کے لئے ایک سبق ہے جو روز محشر اللہ کی بارگاہ میں جوابدہی کا خوف رکھتا ہے، کیونکہ وہ ان واقعات پر غور و فکر کرے گا کہ وہ کیا اعمال تھے جو مکذبین کی ذلت و رسوائی کا باعث بنے اور وہ کیا اعمال تھے جو اہل ایمان کی نجات کا سبب بنے، آخرت کا وہ ایسا دن ہوگا جس میں سب لوگ اعمال کی جزا کے لئے میدان محشر میں جمع ہوں گے، جیسے فرمایا

...وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾ [۱]

ترجمہ: اور ہم تمام انسانوں کو اس طرح گھیر کر جمع کریں گے کہ (گلوں پچھلوں میں سے) ایک بھی نہ چھوٹے گا۔

وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾ [۲]

ترجمہ: ان سب کو بہر حال اکٹھا کر کے ہمارے حضور حاضر کیا جانا ہے۔

---

[۱] الکہف ۴۷

[۲] یٰسین ۳۲

اور سب خلقت کے سامنے حاکم حقیقی کی بارگاہ میں عدل وانصاف کے لئے جو عدالتی کاروائی ہو گی، قیامت قائم ہونے میں دیر کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے روز ازل سے ہی اس کے لئے ایک وقت مقرر کر رکھا ہے پھر جب وہ وقت آجائے گا تو ایک لمحے کی تاخیر نہیں ہو گی، میدان محشر میں تمام آوازیں رب رحمٰن کے سامنے پست ہوں گی، جیسے فرمایا

...وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ﴿۱۰۸﴾ [۱]

ترجمہ: اور آوازیں رحمان کے آگے دب جائیں گی، ایک سرسراہٹ کے سوا تم کچھ نہ سنو گے۔

اس پر جلال عدالت میں کسی بڑے سے بڑے انسان اور کسی معزز فرشتے کو بھی اللہ کی اجازت کے بغیر کسی کی شفاعت کرنے کی مجال نہ ہو گی ، جیسے فرمایا

یَوْمَ یَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۖ لَّا یَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ [۲]

ترجمہ: جس روز روح اور ملائکہ صف بستہ کھڑے ہوں گے، کوئی نہ بولے گا سوائے اس کے جسے رحمٰن اجازت دے اور جو ٹھیک بات کہے۔

أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، أَخْبَرَهُمَا :قَالَ:وَلاَ يَتَكَلَّمُ يَوْمَئِذٍ أَحَدٌ إِلَّا الرُّسُلُ، وَكَلاَمُ الرُّسُلِ يَوْمَئِذٍ: اللَّهُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس دن انبیاء کے علاوہ کسی کو گفتگو کی ہمت نہ ہو گی، اور انبیاء کی زبان پر بھی اس دن صرف یہی ہو گا کہ یا اللہ! ہمیں بچا لے، ہمیں بچا لے۔ [۳]

چنانچہ فیصلے کے اس روز کچھ لوگ جنہوں نے رسول کی دعوت قبول کرنے سے انکار کیا ہو گا وہ بد بخت ہوں گے اور کچھ لوگوں نے جنہوں نے دعوت حقہ پر لبیک کہا ہو گا وہ نیک بخت ہوں گے، جیسے فرمایا

...فَرِیْقٌ فِی الْجَنَّةِ وَفَرِیْقٌ فِی السَّعِیْرِ ﴿۷﴾ [۴]

ترجمہ: ایک گروہ کو جنت میں جانا ہے اور دوسرے گروہ کو دوزخ میں۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الآيَةَ {فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَسَعِيدٌ} سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللهِ، فَعَلَى مَا نَعْمَلُ؟ عَلَى شَيْءٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ، أَوْ عَلَى شَيْءٍ لَمْ يُفْرَغْ مِنْهُ؟ قَالَ: بَلْ عَلَى شَيْءٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ وَجَرَتْ بِهِ الأَقْلَامُ يَا عُمَرُ، وَلَكِنْ كُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب یہ آیت کریمہ ''سو ان میں کوئی بد بخت ہو گا اور کوئی نیک بخت۔'' نازل ہوئی تو سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! پھر ہم عمل کیوں کریں؟ کیا عمل ایک ایسی چیز کی وجہ سے کریں جس

[۱] طہ۱۰۸

[۲] النبا۳۸

[۳] صحیح بخاری کتاب الایمان بَابُ فَضْلِ السُّجُودِ ۸۰۶ ، صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ مَعْرِفَةِ طَرِيقِ الرُّؤْيَةِ ۴۵۱،مسنداحمد۷۷۱۷، مسند البزار ۷۷۹۱،صحیح ابن حبان ۷۴۲۹،السنن الکبری للنسائی ۱۱۴۲۴،مسندابی یعلی ۶۳۶۰،شرح السنة للبغوی ۴۳۴۶

[۴] الشوری۷

سے فراغت حاصل کر لی گئی ہے یا ایسی چیز کی وجہ سے جس سے فراغت حاصل نہیں کی گئی؟ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا ایک ایسی چیز کی بنیاد پر جس سے فراغت حاصل کر لی ہے اور جس کے ساتھ قلم چل چکے ہیں اے عمر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ! لیکن ہر شخص کے لیے اس کام کو آسان کر دیا جائے گا جس کے لیے وہ پیدا کیا گیا ہے۔ [۱]

جو بدبخت ہوں گے وہ دوزخ کی بھڑکتی ہوئی آگ میں جائیں گے جہاں گرمی اور پیاس کی شدت سے وہ ہانپیں گے اور پھنکارے ماریں گے، اور اسی حالت میں وہ ہمیشہ رہیں گے جب تک کہ زمین و آسمان قائم ہیں، یعنی اس موجودہ زمین کو آسمان کو بدل کر نئے قوانین کے تحت نئی کائنات بنائی جائے گی جس کو دوام اور ہمیشگی حاصل ہوگی جیسے فرمایا

يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ... ﴿۴۸﴾ [۲]

ترجمہ: ڈراؤ انہیں اس دن سے جبکہ زمین اور آسمان بدل کر کچھ سے کچھ کر دیے جائیں گے۔

الایہ کہ تیرا رب کچھ اور چاہے، یعنی اہل توحید و اہل ایمان گناہ گاروں کو اس میں سے نکال لے، جیسے فرمایا:

...قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ... [۳]

ترجمہ: اللہ فرمائے گا اچھا اب آگ تمہارا اٹھکانا ہے اس میں تم ہمیشہ رہو گے، اس سے بچیں گے صرف وہی جنہیں اللہ بچانا چاہے گا۔

بے شک اللہ کو ہر طرح کا اختیار ہے کہ وہ جو چاہے کرے، رہے وہ لوگ جو نیک بخت نکلیں گے تو وہ انواع و اقسام کی لازوال نعمتوں بھری جنت میں جائیں گے اور وہاں ہمیشہ رہیں گے، جب تک زمین و آسمان قائم ہیں الایہ کہ تیرا رب کچھ اور چاہے، یعنی دیگر جنتیوں کی طرح یہ نافرمان مومن ہمیشہ سے جنت میں نہیں رہیں ہوں گے بلکہ ابتداء میں ان کا کچھ عرصہ جہنم میں گزرے گا اور پھر انبیاء اور اہل ایمان کی سفارش سے ان کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کیا جائے گا، جیسا کہ احادیث صحیحہ سے یہ باتیں ثابت ہیں، جن گنہگاروں کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کیا جائے گا وہ ہمیشہ کے لئے ہوگا اور تمام جنتی ہمیشہ اللہ کی عطاء اور اس کی نعمتوں سے لطف اندوز ہوتے رہیں گے جس کا سلسلہ کبھی منقطع نہ ہوگا،

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُجَاءُ بِالْمَوْتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، كَأَنَّهُ كَبْشٌ أَمْلَحُ - زَادَ أَبُو كُرَيْبٍ: فَيُوقَفُ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، وَاتَّفَقَا فِي بَاقِي الْحَدِيثِ - فَيُقَالُ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ هَلْ تَعْرِفُونَ هَذَا؟ فَيَشْرَئِبُّونَ وَيَنْظُرُونَ وَيَقُولُونَ: نَعَمْ، هَذَا الْمَوْتُ، قَالَ: وَيُقَالُ: يَا أَهْلَ النَّارِ هَلْ تَعْرِفُونَ هَذَا؟ قَالَ فَيَشْرَئِبُّونَ وَيَنْظُرُونَ وَيَقُولُونَ: نَعَمْ، هَذَا الْمَوْتُ، قَالَ فَيُؤْمَرُ بِهِ فَيُذْبَحُ، قَالَ: ثُمَّ يُقَالُ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ خُلُودٌ فَلَا مَوْتَ، وَيَا أَهْلَ النَّارِ خُلُودٌ فَلَا مَوْتَ قَالَ: ثُمَّ قَرَأَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: {**وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ**} [۴] وَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى الدُّنْيَا

---

[۱] جامع ترمذی أَبْوَابُ تَفْسِيرِ الْقُرْآنِ بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ هُودٍ ۳۱۱۱

[۲] ابراہیم ۴۸

[۳] الانعام ۱۲۸

[۴] مریم: ۳۹

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا قیامت کے دن موت ایک چت کبرے مینڈھے کی صورت میں لائی جائے گی، ایک آواز دینے والا فرشتہ آواز دے گا کہ اے جنت والو! تمام جنتی گردن اٹھا اٹھا کر دیکھیں گے، آواز دینے والا فرشتہ پوچھے گا تم اس مینڈھے کو بھی پہچانتے ہو؟ وہ بولیں گے کہ ہاں یہ موت ہے اور ان سے ہر شخص اس کا ذائقہ چکھ چکا ہے، پھر فرشتہ آواز دے گا کہ اے جہنم والو! تمام جہنمی گردن اٹھا اٹھا کر دیکھیں گے، آواز دینے والا فرشتہ پوچھے گا تم اس مینڈھے کو بھی پہچانتے ہو؟ وہ بولیں گے کہ ہاں یہ موت ہے اور ان سے ہر شخص اس کا ذائقہ چکھ چکا ہے، پھر اسے ذبح کر دیا جائے گا، اور آواز دینے والا کہے گا اے جنتیو! اب تمہارے لئے ہمیشگی ہے، تم پر کبھی موت نہیں آئے گی اور اے اہل جہنم! تمہیں بھی ہمیشہ اسی طرح رہنا ہے تم پر بھی موت نہیں، ''اور ان لوگوں کو حسرت کی دن سے ڈرائیے جب ہر بات کا فیصلہ ہو جائے گا اور وہ غفلت میں پڑے ہیں ایمان نہیں لاتے۔'' اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اپنے ہاتھ مبارک سے دنیا کی طرف ارشاد فرما رہے تھے۔ [1]

حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:يُنَادِي مُنَادٍ: إِنَّ لَكُمْ أَنْ تَصِحُّوا فَلَا تَسْقَمُوا أَبَدًا، وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَحْيَوْا فَلَا تَمُوتُوا أَبَدًا، وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَشِبُّوا فَلَا تَهْرَمُوا أَبَدًا، وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَنْعَمُوا فَلَا تَبْأَسُوا أَبَدًا

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا اور منادی کرنے والا منادی کر دے گا اے اہل جنت! بے شک تم ہمیشہ تندرست رہو گے اور کبھی بیمار نہیں ہو گے، تم اب ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہو گے اور کبھی نہیں مرو گے، تم ہمیشہ ہمیشہ جوان رہو گے اور کبھی بوڑھے نہیں ہو گے، اور تم ہمیشہ ہمیشہ ناز و نعم میں رہو گے اور کبھی بدحال نہیں ہو گے۔ [2]

سید عرب و عجم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو خطاب کرتے ہوئے عامتہ الناس کو فرمایا کہ کسی مسلمان کو اس میں شک میں نہیں رہنا چاہیے کہ یہ مشرک جو معبودوں باطلہ کی پرستش کرنے، ان کی خوشنودی کے لئے رسوم عبادات ادا کرنے اور ان کو نفع و نقصان کا مالک سمجھ کر ان کو پکارنے میں لگے ہوئے ہیں، تو یہ کسی تجربے یا حقیقی مشاہدے کی بنا پر نہیں ہے بلکہ یہ لوگ بغیر کسی دلیل کے محض اپنے آباؤ اجداد کی تقلید میں ان کی پرستش کیے جا رہے ہیں اور روز قیامت ہم ان کے اعمال صلہ کچھ کمی بیشی کے بغیر پورا پورا دیں گے،

عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ فِي قَوْلِ اللَّهِ: {وَإِنَّا لَمُوَفُّوهُمْ نَصِيبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوصٍ} [3] قَالَ:مُوَفُّوهُمْ نَصِيبَهُمْ مِنَ الْعَذَابِ غَيْرَ مَنْقُوصٍ

عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم آیت کریمہ ''ہم ان سب کو ان کا پورا پورا حصہ بغیر کسی کمی کے دینے والے ہی ہیں۔'' کے بارے میں کہتے ہیں ہم

---

[1] صحیح بخاری کتاب التفسیرسورۂ کھیعص بَابُ قَوْلِهِ وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الحَسْرَةِ۴۷۳۰، صحیح مسلم کتاب الجنة بَابُ النَّارُ يَدْخُلُهَا الْجَبَّارُونَ وَالْجَنَّةُ يَدْخُلُهَا الضُّعَفَاءُ ۷۱۸۱

[2] صحیح مسلم کتاب الْجَنَّةِ وَصِفَةِ نَعِيمِهَا وَأَهْلِهَا بَابٌ فِي دَوَامِ نَعِيمِ أَهْلِ الْجَنَّةِ۷۱۵۷ ،جامع ترمذی أَبْوَابُ تَفْسِيرِ الْقُرْآنِ بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ الزُّمَرِ ۳۲۴۶

[3] ھود: ۱۰۹

انہیں ان کے عذاب کا حصہ پورا پورا دینے والے ہیں۔ [1]

وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ۭ وَ لَوْ لَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

یقیناً ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب دی، پھر اس میں اختلاف کیا گیا، اگر پہلے ہی آپ کے رب کی بات صادر نہ ہوگئی ہوتی

لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَ اِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾ وَ اِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ

تو یقیناً ان کا فیصلہ کر دیا جاتا، انھیں تو اس میں سخت شبہ ہے، یقیناً ان میں سے ہر ایک جب ان کے روبرو جائے گا تو آپ کا رب

اَعْمَالَهُمْ ۭ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ

اس کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دے گا، بیشک وہ جو کر رہے ہیں ان سے وہ باخبر ہے، پس آپ جمے رہیئے جیسا کہ آپ کو حکم دیا

وَ مَنْ تَابَ مَعَكَ وَ لَا تَطْغَوْا ۭ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾

گیا ہے اور وہ لوگ بھی جو آپ کے ساتھ توبہ کر چکے ہیں، خبردار تم حد سے نہ بڑھنا، اللہ تمہارے تمام اعمال کا دیکھنے والا ہے،

وَ لَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

دیکھو ظالموں کی طرف ہرگز نہیں جھکنا ورنہ تمہیں بھی (دوزخ کی) آگ لگ جائے گی اور اللہ کے سوا اور تمہارا

مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَ زُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ۭ

مددگار نہ کھڑا ہو سکے گا اور نہ تم مدد دیئے جاؤ گے، دن کے دونوں سروں میں نماز برپا رکھ اور رات کی کئی ساعتوں میں بھی،

اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ۭ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَ اصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ

یقیناً نیکیاں برائیوں کو دور کر دیتی ہیں، یہ نصیحت ہے نصیحت پکڑنے والوں کے لئے، آپ صبر کرتے رہیئے یقیناً اللہ تعالیٰ

لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ (هود ۱۱۰تا۱۱۵)

نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

رسول اللہ ﷺ کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا اے نبی ﷺ! آپ پر قرآن مجید نازل کرنے سے پہلے ہم موسیٰ پر بھی تورات نازل کر چکے ہیں اور اس کے بارے میں بھی بنی اسرائیل نے بہت اختلاف کیا تھا، ان میں سے کچھ لوگ اس پر ایمان لائے اور کچھ نے تکذیب کی، جس طرح آج آپ پر منزل کتاب کے بارے میں کیا جا رہا ہے، اس لئے آپ اپنی تکذیب سے بالکل نہ گھبرائیں، اگر تیرے رب کی حکمت ومشیت سے فیصلہ کرنے اور عذاب کا ایک وقت مقرر نہ ہوتا تو ان اختلاف کرنے والوں کو کبھی کا ہلاک کر چکا ہوتا، جیسے فرمایا

---

[1] تفسیر ابن ابی حاتم ۶،۲۰۸۹

وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿۱۲۹﴾ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ ... ﴿۱۳۰﴾ [۱]

ترجمہ:اگر تیرے رب کی طرف سے پہلے ایک بات طے نہ کر دی گئی ہوتی اور مہلت کی ایک مدت مقرر نہ کی جا چکی ہوتی تو ضرور ان کا بھی فیصلہ چکا دیا جاتا، پس اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) ! جو باتیں یہ لوگ بناتے ہیں ان پر صبر کرو۔

حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ کلام الٰہی کی طرف سے شک اور خلجان میں پڑے ہوئے ہیں اور روز قیامت تیرا رب ان کے درمیان عدل وانصاف کے ساتھ فیصلہ کرے گا اور ان کو وہی سزا و جزا دے گا جس کے وہ مستحق ہوں گے، یقیناً اللہ ان کے اچھے یا برے سب اعمال سے باخبر ہے، سیدھی راہ پر استقامت کی تلقین کرتے ہوئے فرمایا پس اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم !تم اور تمہارے وہ ساتھی جو کفر وبغاوت سے تائب ہو کر ایمان واطاعت کی طرف پلٹ آئے ہیں، ہمارے حکم کے مطابق ٹھیک ٹھیک راہ راست پر ثابت قدم رہو اور بندگی کی حد سے تجاوز نہ کرو جو کچھ تم کر رہے ہو اس پر تمہارا رب نگاہ رکھتا ہے، اور ان ظالموں کے ساتھ نرمی اختیار مت کرو ورنہ تم بھی ان کے ساتھ نار جہنم کے مستحق ہو جاؤ گے، اور اللہ کے سوا تمہیں کوئی ایسا ولی وسرپرست نہ ملے گا جو اللہ سے تمہیں بچا سکے اور نہ کہیں سے تم کو مدد ہی پہنچے گی، اور دیکھو اللہ کی یاد کے لئے نماز قائم کرو دن کے دونوں سروں پر اور کچھ رات گزرنے پر، بعض نے اس سے مراد صبح اور مغرب، بعض نے صبح اور عصر، بعض نے صرف عشا اور بعض نے عشاء اور مغرب دونوں کا وقت مراد لیا ہے،

وَقَدْ يُحْتَمَلُ أَنْ تَكُونَ هَذِهِ الْآيَةُ نَزَلَتْ قَبْلَ فَرْضِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ لَيْلَةَ الْإِسْرَاءِ، فَإِنَّهُ إِنَّمَا كَانَ يَجِبُ مِنَ الصَّلَاةِ صَلَاتَانِ صَلَاةٌ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، وَصَلَاةٌ قَبْلَ غُرُوبِهَا وَفِي أَثْنَاءِ اللَّيْلِ قِيَامٌ عَلَيْهِ وَعَلَى الْأُمَّةِ، ثُمَّ نُسِخَ فِي حَقِّ الْأُمَّةِ، وَثَبَتَ وُجُوبُهُ عَلَيْهِ، ثُمَّ نُسِخَ عَنْهُ أَيْضًا

امام ابن کثیر رحمہ اللہ کہتے ہیں ممکن ہے کہ یہ آیت معراج سے قبل نازل ہوئی ہو جس میں پانچ نمازیں فرض کی گئیں کیونکہ اس سے قبل صرف دو ہی نمازیں ضروری تھیں ایک طلوع شمس سے قبل اور ایک غروب سے قبل، اور رات کے پچھلے پہر میں نماز تہجد، پھر نماز تہجد امت سے معاف کر دی گئی، پھر اس کا وجوب بقول بعض آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی ساقط کر دیا گیا۔ [۲]

درحقیقت نیکیاں برائیوں کو دور کر دیتی ہیں، جیسے فرمایا

اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَآىِٕرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾ [۳]

ترجمہ:اگر تم ان بڑے بڑے گناہوں سے پرہیز کرتے رہو جن سے تمہیں منع کیا جا رہا ہے تو تمہاری چھوٹی موٹی برائیوں کو ہم تمہارے حساب سے ساقط کر دیں گے اور تم کو عزت کی جگہ داخل کریں گے۔

عَنْ أَسْمَاءَ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَقُولُ: كُنْتُ رَجُلًا إِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا نَفَعَنِي اللَّهُ مِنْهُ بِمَا شَاءَ أَنْ يَنْفَعَنِي، وَإِذَا حَدَّثَنِي أَحَدٌ مِنْ أَصْحَابِهِ اسْتَحْلَفْتُهُ، فَإِذَا حَلَفَ لِي

[۱] طہ۱۳۰،۱۲۹

[۲] احسن البیان بحوالہ ابن کثیر

[۳] النساء۳۱

صَدَّقْتُهُ، قَالَ: وَحَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ وَصَدَقَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:مَا مِنْ عَبْدٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا، فَيُحْسِنُ الطُّهُورَ، ثُمَّ يَقُومُ فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَسْتَغْفِرُ اللَّهَ، إِلَّا غَفَرَ اللَّهُ لَهُ، ثُمَّ قَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ: {وَالَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللَّهَ} [1] إِلَى آخِرِ الْآيَةِ

اسماء بن حکم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی حدیث سنتا تو اللہ تعالیٰ مجھ کو اس پر عمل کی توفیق بخشتا جس قدر چاہتا اور جب کوئی اور مجھ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کرتا تو میں اس کو قسم دیتا جب وہ قسم کھا لیتا تو مجھے یقین آجاتا، سیدنا علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے حدیث بیان کی اور سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سچ کہا ان کا کہنا ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ کوئی بندہ ایسا نہیں جو کوئی گناہ کر بیٹھے اور پھر اچھی طرح وضو کرے پھر کھڑے ہو کر دو رکعت نماز پڑھے اور پھر اللہ سے معافی چاہے اور اللہ اپنے بندے کے گناہوں کو بخش نہ دے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی ” اور جن کا حال یہ ہے کہ اگر کبھی کوئی فحش کام ان سے سرزد ہو جاتا ہے یا کسی گناہ کا ارتکاب کر کے وہ اپنے اوپر ظلم کر بیٹھتے ہیں تو معاً اللہ انہیں یاد آجاتا ہے اور اس سے وہ اپنے قصوروں کی معافی چاہتے ہیں۔“ [2]

امیر المومنین سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ بن عفان نے لوگوں کو اس طرح وضو کر کے دکھایا جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو فرمایا کرتے تھے،

ثُمَّ قَالَ: هَكَذَا رأيتُ رَسُولَ اللَّهِ يَتَوَضَّأُ وَقَالَ: مَنْ تَوَضَّأَ نَحْوَ وُضُوئِي هَذَا ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ لَا يُحَدِّثُ فِيهِمَا نَفْسَهُ،غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

پھر کہا میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی طرح وضو کیا اور فرمایا جو میرے اس وضو کی طرح وضو کرے پھر دو رکعتیں اس طرح پڑھے کہ ان میں اپنے نفس سے بات نہ کرے یعنی خشوع وخضوع کے ساتھ پڑھے تو اس کے سابقہ تمام گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔ [3]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ:الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ، وَالْجُمْعَةُ إِلَى الْجُمْعَةِ، وَرَمَضَانُ إِلَى رَمَضَانَ، مُكَفِّرَاتٌ مَا بَيْنَهُنَّ إِذَا اجْتَنَبَ الْكَبَائِرَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ نمازیں اور جمعہ دوسرے جمعہ تک اور رمضان دوسرے رمضان تک ان کے مابین ہونے والے گناہوں کو دور کرنے والے ہیں بشرطیکہ کبیرہ گناہوں سے اجتناب کیا جائے۔ [4]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ” أَرَأَيْتُمْ لَوْ أَنَّ نَهَرًا بِبَابِ أَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ فِيهِ كُلَّ

---

[1] آل عمران: ۱۳۵

[2] سنن ابوداود كتاب الوترباَبٌ فِي الِاسْتِغْفَارِ۱۵۲۱،جامع ترمذی كتاب الصلوٰة باَبُ مَا جَاءَ فِي الصَّلَاةِ عِنْدَ التَّوْبَةِ ۴۰۶، سنن ابن ماجه كتاب اقامة الصلوٰةبَابُ مَا جَاءَ فِي أَنَّ الصَّلَاةَ كَفَّارَةٌ۱۳۹۵

[3] صحيح بخاری كِتَابُ الوُضُوءِ بَابُ الوُضُوءُ ثَلاَثًا ثَلاَثًا۱۵۹،وكِتَابُ الصَّوْمِ بَابُ سِوَاكِ الرَّطْبِ وَاليَابِسِ لِلصَّائِمِ۱۹۳۴،صحيح مسلم كِتَابُ الطَّهَارَةِ بَابُ صِفَةِ الْوُضُوءِ وَكَمَالِهِ۵۳۸

[4] صحيح مسلم كتاب الطهارة بَابُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ وَالْجُمُعَةِ إِلَى الْجُمُعَةِ، وَرَمَضَانَ إِلَى رَمَضَانَ مُكَفِّرَاتٌ لِمَا بَيْنَهُنَّ مَا اجْتُنِبَتِ الْكَبَائِرُ ۵۵۲

يَوْمٍ خَمْسًا، مَا تَقُولُ: ذَلِكَ يُبْقِي مِنْ دَرَنِهِ قَالُوا: لاَ يُبْقِي مِنْ دَرَنِهِ شَيْئًا، قَالَ:فَذَلِكَ مِثْلُ الصَّلَوَاتِ الخَمْسِ، يَمْحُو اللَّهُ بِهِ الخَطَايَا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اگر کسی کے دروازے پر کوئی نہر جاری ہو اور وہ اس میں ہر روز پانچ مرتبہ نہاتا ہو تو تم کیا کہتے ہو کہ یہ (نہانا) اس کے میل کو باقی رکھے گا؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا نہیں اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! ہرگز نہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہی حال پانچ وقت کی نمازوں کا ہے، ان کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ گناہوں اور خطاؤں کو مٹا دیتا ہے۔[1]

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى عُمَرَ، فَقَالَ: امْرَأَةٌ جَاءَتْ تُبَايِعُهُ، فَأَدْخَلْتُهَا الدَّوْلَجَ، فَأَصَبْتُ مِنْهَا مَا دُونَ الْجِمَاعِ، فَقَالَ: وَيْحَكَ لَعَلَّهَامُغِيبٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ؟ قَالَ: أَجَلْ، قَالَ: فَائْتِ أَبَا بَكْرٍ، فَاسْأَلْهُ، قَالَ: فَأَتَاهُ فَسَأَلَهُ فَقَالَ: لَعَلَّهَا مُغِيبٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ؟ قَالَ: فَقَالَ مِثْلَ قَوْلِ عُمَرَ، ثُمَّ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ مِثْلَ ذَلِكَ، قَالَ:فَلَعَلَّهَا مُغِيبٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ؟،وَنَزَلَ الْقُرْآنُ: {وَأَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ}[2] إِلَى آخِرِ الْآيَةِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَلِي خَاصَّةً، أَمْ لِلنَّاسِ عَامَّةً؟ فَضَرَبَ عُمَرُ صَدْرَهُ بِيَدِهِ، فَقَالَ: لَا وَلَا نَعْمَةَ عَيْنٍ، بَلْ لِلنَّاسِ عَامَّةً، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:صَدَقَ عُمَرُرَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے ایک شخص نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کی کہ ایک عورت کچھ خریدنے کے لیے میرے پاس آئی، میں نے اسے کوٹھڑی میں داخل کر لیا اور مقاربت کے سوا سب کچھ کیا، انہوں نے کہا تجھ پر افسوس! شاید یہ ایسی عورت ہو جس کا شوہر جہاد کے لیے گھر سے باہر ہو، اس نے کہا جی ہاں، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس مسئلے کا حل تم سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس جا کر ان سے معلوم کرو، چنانچہ اس نے سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ مسئلہ پوچھا، انہوں نے بھی سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی طرح یہی فرمایا کہ شاید اس کا شوہر اللہ کے راستہ میں جہاد کی وجہ سے موجود نہ ہو گا، پھر اس شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر یہ صورت حال بیان کی، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی یہی فرمایا کہ شاید اس عورت کا خاوند جہاد کے لیے گھر سے باہر ہو گا پھر اس کے بارے میں یہ مکمل آیت کریمہ ”دن کے دونوں حصوں اور رات کے کچھ حصے میں نماز قائم کیجئے، بیشک نیکیاں گناہوں کو ختم کر دیتی ہیں۔“ نازل ہوگئی، اس آدمی نے پوچھا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کیا قرآن کریم کا یہ حکم خاص طور پر میرے لئے ہے یا سب لوگوں کے لئے یہ عمومی حکم ہے، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے سینے پر ہاتھ مار کر فرمایا تو اتنا خوش نہ ہو یہ سب لوگوں کے لئے عمومی حکم ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسکراتے ہوئے فرمایا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے سچ کہا۔[3]

یہ ان لوگوں کے لئے ایک یاد دہانی ہے جو نماز قائم کرتے ہیں، اور راہ حق میں جو تکالیف آئیں ان پر صبر کر، اللہ نیکی کرنے والوں کا اجر کبھی ضائع

---

[1] صحیح بخاری کتاب المواقیت بَابُ الصَّلَوَاتُ الخَمْسُ كَفَّارَةٌ ۵۲۸،صحیح مسلم کتاب المساجد بَابُ الْمَشْيِ إِلَى الصَّلَاةِ تُمْحَى بِهِ الْخَطَايَا، وَتُرْفَعُ بِهِ الدَّرَجَاتُ ۱۵۲۲

[2] ھود: ۱۱۴

[3] مسند احمد ۲۲۰۶

نہیں کرتا بلکہ وہ ان کے اچھے اعمال کو قبول فرماتا ہے اور ان کو ان کے اعمال کی بہترین جزا عطا فرماتا ہے۔

فَلَوْ لَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا

پس کیوں نہ تم سے پہلے زمانے کے لوگوں میں سے ایسے اہل خیر لوگ ہوئے جو زمین میں فساد پھیلانے سے روکتے، سوائے

قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَاۤ اُتْرِفُوْا فِيْهِ

ان چند کے جنہیں ہم نے ان میں سے نجات دی تھی، ظالم لوگ تو اس چیز کے پیچھے پڑ گئے جس میں انھیں آسودگی دی گئی تھی

وَ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَ مَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّ اَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

اور وہ گناہ گار تھے، آپ کا رب ایسا نہیں کہ کسی بستی کو ظلم سے ہلاک کر دے اور وہاں کے لوگ نیکو کار ہوں،

وَ لَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ لَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

اگر آپ کا پروردگار چاہتا تو سب لوگوں کو ایک ہی راہ پر ایک گروہ کر دیتا، وہ تو برابر اختلاف کرنے والے ہی رہیں گے

اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ وَ لِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ؕ وَ تَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ

بجز ان کے جن پر آپ کا رب رحم فرمائے، انھیں تو اس لیے پیدا کیا ہے، اور آپ کے رب کی یہ بات پوری ہے کہ میں جہنم

مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ (ھود ۱۱۶ تا ۱۱۹)

کو جنوں اور انسانوں سب سے پر کروں گا۔

نیکی کی دعوت دینے والے چند لوگ:

جب اللہ تعالیٰ نے گزشتہ امتوں کی ہلاکت کا ذکر فرمایا جنھوں نے اپنے رسولوں کو جھٹلایا، نیز یہ کہ ان میں سے اکثر وہ لوگ تھے جنھوں نے کتب سماویہ کے ماننے والوں سے انحراف کیا حتیٰ کہ ان لوگوں نے بھی جو کتب الٰہیہ کو ماننے والے تھے، جس کی وجہ سے گزشتہ ادیان انعدام و اضمحلال کا شکار ہو گئے، اب تباہ شدہ قوموں کی تباہی کے اصل سبب پر روشنی ڈالی گئی کہ گزشتہ امتوں میں ایسے اصحاب خیر نہیں تھے جو اہل شر اور اہل منکر کو گمراہی کی تاریکیوں سے روکتے اور بصیرت کی روشنی دکھاتے، جس کی وجہ سے رفتہ رفتہ قوموں میں زوال پیدا ہو گیا اور وہ قومیں بالآخر اللہ کے غضب کی مستحق ہوئیں، اور اگر گزشتہ امتوں میں کچھ اہل خیر نکلے بھی تو وہ نہایت قلیل التعداد تھے اور ان کی آواز اتنی کمزور تھی کہ وہ ظالموں کے شور و غوغا میں گم ہو گئی، مگر ایسے اصحاب خیر کو ہم اس وقت بچا لیا کرتے تھے جب ان کی قوموں پر عذاب نازل ہوتا تھا، اس لئے اللہ تعالیٰ نے امت مسلمہ میں ایسی جماعت کی موجودگی کا قطعی حکم فرما

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ [1]

[1] آل عمران ۱۰۴

ترجمہ: تم میں کچھ لوگ تو ایسے ضرور ہی ہونے چاہئیں جو نیکی کی طرف بلائیں، بھلائی کا حکم دیں اور برائیوں سے روکتے رہیں جو لوگ یہ کام کریں گے وہی فلاح پائیں گے۔

اور حدیث میں ہے

عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: قَامَ أَبُو بَكْرٍ فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ:يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّكُمْ تَقْرَءُونَ هَذِهِ الْآيَةَ: {يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ} [1] ، وَإِنَّا سَمِعْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ:إِنَّ النَّاسَ إِذَا رَأَوُا الْمُنْكَرَ لَا يُغَيِّرُونَهُ، أَوْشَكَ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللَّهُ بِعِقَابِهِ

قیس بن ابو حازم سے مروی ہے سیدنا ابو بکر خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے اور اللہ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا اے لوگو! تم لوگ قرآن کریم کی اس آیت کی تلاوت کرتے ہو" اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنی فکر کرو کسی دوسرے کی گمراہی سے تمہارا کچھ نہیں بگڑتا اگر تم خود راہ راست پر ہو۔" اور میں نے رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ لوگ جب برائی کو دیکھیں اور اسے نہ بدلیں تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ سب کو اپنے عذاب کی گرفت میں لے لے۔ [2]

ورنہ وہ ظالم اپنے ظلم پر قائم اور جن نعمتوں اور آسائشوں سے متمتع ہو رہے تھے انہی میں مست رہے حتیٰ کہ بے خبری میں اللہ کے عذاب نے انہیں آلیا اور ان کی جڑ کاٹ دی، تیرا رب ایسا نہیں ہے کہ بستیوں کو ناحق تباہ کر دے حالانکہ ان کے باشندے اصلاح کرنے والے ہوں ،ہم تو عتاب اس وقت نازل کرتے ہیں جب لوگ اپنی جانوں پر خود ہی ظلم کرنے لگ جائیں اور ان کے خلاف حجت قائم ہو جائے، جیسے فرمایا

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ۭ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝ [3]

ترجمہ: جو کوئی نیک عمل کرے گا اپنے ہی لیے اچھا کرے گا، جو بدی کرے گا اس کا وبال اسی پر ہو گا اور تیرا رب اپنے بندوں کے حق میں ظالم نہیں ہے۔

بے شک تیرا رب اگر چاہتا تو تمام انسانوں کو دین اسلام پر مجتمع کر کے انہیں ایک امت بنا سکتا تھا، جیسے فرمایا

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّھُمْ جَمِيْعًا ... ۝ [4]

ترجمہ: اگر تیرے رب کی مشیّت یہ ہوتی (کہ زمین میں سب مومن و فرمانبردار ہی ہوں) تو سارے اہل زمین ایمان لے آئے ہوتے۔

اس کی مشیت ایسا کرنے سے قاصر نہ تھی، مگر اس کی حکمت تقاضا کرتی ہے کہ وہ ادیان، اعتقادات، افکار و آراء میں اختلاف کرتے رہیں، راہ راست کی مخالفت کریں اور جہنم کی طرف جانے والے راستوں پر رواں دواں رہیں اور ہر کوئی اپنی رائے کو حق اور دوسرے کے قول کو گمراہی سمجھے، اور اللہ کی نافرمانیوں اور بد اعمالیوں سے صرف وہ لوگ بچیں گے جن پر تیرے رب کی رحمت ہے، ایسے لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے

---

[1] المائدة: ۱۰۵

[2] مواردالظمان ۱۸۳۷،سنن ابن ماجه كِتَابُ الْفِتَنِ بَابُ الْأَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ ۴۰۰۵

[3] حم السجدة ۴۶

[4] یونس ۹۹

رسولوں کی اطاعت اور فرمانبرداری میں لگے رہتے ہیں، پس یہی لوگ ہیں کہ ان کے لئے سعادت کو لکھ دیا گیا تھا اور عنایت ربانی اور توفیق الٰہی نے ان کو جالیا تھا، یہی لوگ فرقہ ناجیہ سے تعلق رکھتے ہیں،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:افْتَرَقَتِ الْيَهُودُ عَلَى إِحْدَى وَسَبْعِينَ فِرْقَةً ،وَافْتَرَقَتِ النَّصَارَى عَلَى اثْنَتَيْنِ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً، وَتَفْتَرِقُ أُمَّتِي عَلَى ثَلَاثٍ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً (كُلُّهَا فِي النَّارِ إِلَّا فِرْقَةً وَاحِدَةً)(قَالُوا: وَمَنْ هِيَ يَا رَسُولَ اللهِ؟)قَالَ: مَا أَنَا عَلَيْهِ وَأَصْحَابِي

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا یہود اکہتر فرقوں میں تقسیم ہوئے، نصاریٰ بہتر فرقوں میں تقسیم ہو گئے اور یہ امت تہتر فرقوں میں منقسم ہو جائے گی اور ایک فرقے کے سوا یہ تمام فرقے جہنم رسید ہوں گے، عرض کی اے اللہ کے رسول ﷺ! وہ کون لوگ ہوں گے فرمایا وہ جو اس کے مطابق عمل کریں گے جس پر میرا اور میرے صحابہ کا عمل ہے۔[1]

اس حدیث کے اجزا مختلف طرق سے لیے گئے ہیں۔

رہے دوسرے لوگ تو ان کو ان کے نفسوں کے حوالے کر دیا گیا، اسی آزمائش کے لئے تو اللہ نے انہیں پیدا کیا تھا، اور اللہ کی تقدیر اور قضاء میں یہ بات لکھی جا چکی ہے کہ کچھ لوگ ایسے ہوں گے جو جنت کے اور کچھ ایسے ہوں گے جو جہنم کے مستحق ہوں گے، اور اللہ جنت وجہنم کو انسانوں اور جنوں سے بھر دے گا،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ،عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اخْتَصَمَتِ الجَنَّةُ وَالنَّارُ إِلَى رَبِّهِمَا فَقَالَتِ الجَنَّةُ: يَا رَبِّ، مَا لَهَا لاَ يَدْخُلُهَا إِلَّا ضُعَفَاءُ النَّاسِ وَسَقَطُهُمْ ، وَقَالَتِ النَّارُ: يَعْنِي أُوثِرْتُ بِالْمُتَكَبِّرِينَ، قَالَ اللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى لِلْجَنَّةِ: أَنْتِ رَحْمَتِي أَرْحَمُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ مِنْ عِبَادِي وَقَالَ لِلنَّارِ: إِنَّمَا أَنْتِ عَذَابِي أُعَذِّبُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ مِنْ عِبَادِي، وَلِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْكُمَا مِلْؤُهَا فَأَمَّا الجَنَّةُ، فَإِنَّ اللَّهَ لاَ يَظْلِمُ مِنْ خَلْقِهِ أَحَدًا وَإِنَّهُ يُنْشِئُ لِلنَّارِ مَنْ يَشَاءُ، فَيُلْقَوْنَ فِيهَا، فَتَقُولُ:هَلْ مِنْ مَزِيدٍ، ثَلاَثًا حَتَّى يَضَعَ فِيهَا قَدَمَهُ فَتَمْتَلِئُ، وَيُرَدُّ بَعْضُهَا إِلَى بَعْضٍ ، وَتَقُولُ: قَطْ قَطْ قَطْ،وَعِزَّتِكَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا جنت اور دوزخ نے اپنے رب کے حضور میں جھگڑا کیا جنت نے کہا اے رب! کیا بات ہے کہ میرے اندر وہی لوگ آئیں گے جو کمزور اور معاشرے کے گرے پڑے لوگ ہوں گے؟ جہنم نے کہا میرے اندر تو بڑے بڑے جبار اور متکبر قسم کے لوگ ہوں گے، اس پر اللہ تبارک وتعالیٰ نے جنت سے کہا تو میری رحمت کی مظہر ہے تیرے ذریعے سے میں جس بندے پر چاہوں اپنا رحم کروں گا اور جہنم سے فرمایا تو میرے عذاب کی مظہر ہے، تیرے ذریعے سے میں جس بندے کو چاہوں سزا دوں گا، تم میں سے ہر ایک بھرنے والی ہے، فرمایا جہاں تک جنت کا تعلق ہے تو اللہ اپنی مخلوق میں کسی پر ظلم نہیں کرے گا اور دوزخ کی اس طرح سے کہ اللہ اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہے گا دوزخ کے لئے پیدا کرے گا وہ اس میں ڈالی جائے گی، جہنمیوں کی کثرت کے باوجود جہنم نعرہ بلند کرے گی

[1] صحیح ابن حبان۶۲۴۷،مجمع الزوائد ومنبع الفوائد۱۰۴۰۱،جامع ترمذی أَبْوَابُ الْإِيمَانِ بَابُ مَا جَاءَ فِيمَنْ يَمُوتُ وَهُوَ يَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ۲۶۴۱

اور کچھ مخلوق ہے (میں ابھی خالی ہوں) تین بار ایسا ہی ہوگا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس میں اپنا پاؤں رکھ دے گا، اس وقت وہ بھر جائے گی، ایک پر ایک الٹ کر سمٹ جائے گی اور پکار اٹھے گی، بس، بس، بس، تیری عزت وجلال کی قسم۔ [1]

وَ كُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَ جَآءَكَ

رسولوں کے سب احوال ہم آپ کے سامنے آپ کے دل کی تسکین کے لیے بیان فرمارہے ہیں، آپ کے پاس اس

فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَ مَوْعِظَةٌ وَّ ذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَ قُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

سورت میں بھی حق پہنچ چکا جو نصیحت و وعظ ہے مومنوں کے لئے، ایمان نہ لانے والوں سے کہہ دیجئے کہ تم اپنے طور پر عمل

اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ؕ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَ انْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَ لِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ

کئے جاؤ ہم بھی عمل میں مشغول ہیں، اور تم بھی انتظار کرو ہم بھی منتظر ہیں، زمینوں اور آسمانوں کا علم غیب اللہ تعالیٰ ہی کو ہے،

وَ الْاَرْضِ وَ اِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَ تَوَكَّلْ عَلَيْهِ ؕ وَ مَا رَبُّكَ

تمام معاملات کا رجوع بھی اسی کی جانب ہے، پس تجھے اس کی عبادت کرنی چاہیے اور اسی پر بھروسہ رکھنا چاہیے، اور تم جو کچھ

بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ (هود ۱۲۰ تا ۱۲۳)

کرتے ہو اس سے اللہ تعالیٰ بے خبر نہیں۔

اور اے محمد ﷺ! پیغمبروں کے احوال جو ہم تمہیں سنا رہے ہیں اس میں یہ حکمت پنہاں ہے تاکہ اس ذریعے سے ہم تمہارے دل کو مضبوط کر دیں اور تمہیں کامل سکون واطمینان حاصل ہو جائے، اس سورہ مقدسہ کے ذریعہ تم کو حقیقت کا علم ملا اور ایمان لانے والوں کو نصیحت اور یاد دہانی نصیب ہوئی، رہے وہ دشمنان اسلام جو دین حق اور رسالت پر ایمان نہیں لاتے، جو دلائل قائم ہو جانے کے بعد بھی راہ راست اختیار نہیں کرتے تو ان سے کہہ دو کہ تم اپنے مشرکانہ طریقہ پر کام کرتے رہو اور ہم اپنے اسلامی طریقے پر کیے جاتے ہیں، ہم پر جو کچھ نازل ہوگا تم اس کا انتظار کرو اور تم پر جو کچھ نازل ہوگا ہم اس کے منتظر ہیں، بہت جلد تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ حسن انجام کس کے حصہ میں آتا ہے اور یہ بھی معلوم ہو جائے گا کہ ظالم لوگ کبھی فلاح نہیں پاتے، اللہ علام الغیوب ہے، آسمانوں اور زمین کی سب مخفی چیزیں اور غیبی امور اس کے علم اور قبضہ قدرت میں ہیں، اور تمام معاملات اسی کی طرف رجوع کیے جاتے ہیں، پھر ایک وقت مقررہ پر وہ ہر شخص کے ساتھ اس کی حیثیت واعمال کے مطابق معاملہ کرے گا، پس اے نبی ﷺ! تو اللہ وحدہ لاشریک کی جو رب العالمین ہے، جو جہانوں کا پالنہار ہے، جو پکار کو سننے

---

[1] صحيح بخاری كتاب التوحيدبَابُ مَا جَاءَ فِي قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالَى إِنَّ رَحْمَةَ اللّٰهِ قَرِيبٌ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ۷۴۴۹، وكتاب تفسيرسورة ق بَابُ قَوْلِهِ وَتَقُولُ هَلْ مِنْ مَزِيدٍ ۴۸۵۰، صحيح مسلم كتاب الجنة بَابُ النَّارُ يَدْخُلُهَا الْجَبَّارُونَ وَالْجَنَّةُ يَدْخُلُهَا الضُّعَفَاءُ ۷۱۷۳، مسند احمد ۱۳۴۰۲

والااور جواب دینے والا ہے،جومالک یوم الدین ہے کی یکسو ہو کر بندگی کرتے رہو اور اپنے تمام معاملات میں اسی پر بھروسا رکھو، کفرو اسلام کی اس کشمکش میں دونوں گروہ جو کچھ کر رہے ہیں تیرا رب اس سے بے خبر نہیں ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ أَبُو بَكْرٍ: يَا رَسُولَ اللهِ قَدْ شِبْتَ، قَالَ: شَيَّبَتْنِي هُودٌ، وَالوَاقِعَةُ، وَالمُرْسَلاَتُ، وَعَمَّ يَتَسَاءَلُونَ، وَ {إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آپ تو بوڑھے ہو گئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورۂ ھود، سورۂ واقعہ، سورۂ مرسلات، سورۂ نبا اور سورۂ تکویر نے مجھے بوڑھا کر دیا ہے۔[1]

وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍأَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَدْ شِبْتَ، قَالَ: شَيَّبَتْنِي هُودٌ وَأَخَوَاتُهَا

اور عقبہ بن عامر سے مروی ہے ایک شخص نے عرض کی اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ بوڑھے ہو گئے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورۂ ھود اور اس جیسی دیگر سورتوں نے بوڑھا کر دیا ہے۔[2]

مضامین سورۂ یونس:

اس سورہ میں عقیدہ توحید ربوبیت اور بعثت بعد الموت کو بڑے ہی مدلل انداز سے بیان کیا گیا ہے، کلام کے آغاز میں فرمایا کہ لوگ ایک انسان کے پیغام نبوت پیش کرنے پر حیران ہیں حالانکہ ہر امت میں کوئی نہ کوئی رسول آتا رہا ہے،اور اس پاکیزہ پیغام کو ساحری کا الزام دے رہے ہیں حالانکہ جو دعوت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیش کر رہے ہیں اس میں کوئی چیز بھی نہ تو عجیب ہی ہے اور نہ سحر و کہانت ہی سے تعلق رکھتی ہے،ہمارا پیغمبر تو تمہیں دو اہم حقیقتوں سے تم کو آگاہ کر رہا ہے ایک یہ کہ اللہ نے اس عظیم الشان کائنات کو اپنی قدرت کاملہ سے تخلیق کیا ہے اور وہی اکیلا اس کا نظام چلا رہا ہے صرف وہی تمہارا معبود حقیقی ہے اس کے سوا کوئی الہ نہیں ہے،اس لیے یہ اسی کا حق ہے کہ تم ہر طرف سے منہ موڑ کر اس کی بندگی کرو اور اسی پر توکل کرو، دوسرا یہ کہ موجودہ زندگی تو بس چند گھڑیاں ہی ہیں،اپنے ازلی دشمن شیطان کے پنجے میں پھنس کر اگر اس قیمتی وقت کو اگر تم نے دنیا کی رنگینیوں میں ضائع کر دیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت قبول کر کے آخروی زندگی میں کامیاب و کامران ہونے کا سامان نہ کیا تو اس کے بعد پھر کوئی مہلت نہیں ملے گی،اس لئے مہلت کی ان چند گھڑیوں کو غنیمت جان کر ان سے فائدہ اٹھاؤ اور ہمیشہ کی زندگی کے لئے تگ و دو کرو ورنہ ہمیشہ ہمیشہ کا پچھتاوا تمہارا مقدر رہو گا، کھلی کھلی جہالتوں اور ضلالتوں کے انجام بد کو ظاہر کرنے کے لئے نوح علیہ السلام اور موسیٰ کی امتوں کے حالات بیان کر کے مشرکین پر واضح کیا گیا کہ یہ بھی ہمارے ایسے ہی پیغمبر ہیں جیسے نوح اور موسیٰ ہمارے پیغمبر تھے،اگر تم ان کی رسالت پر ایمان نہ لائے اور ہماری نازل کردہ ہدایات کی پیروی نہ کی تو تمہارا انجام بھی ان قوموں جیسا ہی ہو گا،اور جب ہمارا عذاب آجاتا ہے تو پھر نہ تو ایمان لانا معتبر ہوتا ہے اور نہ ہی توبہ قبول ہوتی ہے، مسلمانوں کو بھی خوشخبری دی گی کہ عنقریب حالات تبدیل ہوں گے اور پھر تنبیہ کی گئی کہ اللہ نے جو احکامات تم پر نازل کیے ہیں ان میں قیامت تک کوئی ترمیم نہیں ہو سکتی، جو اسے قبول کرے گا وہ

---

[1] جامع ترمذی أَبْوَابُ تَفْسِيرِ الْقُرْآنِ بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ الوَاقِعَةِ۳۲۹۷

[2] مجمع الزوائد ومنبع الفوائد ۱۱۰۷۳

اپنا ہی بھلا کرے گا اور جو اس کو چھوڑ کر غلط راہوں پر بھٹکے گا وہ اپنا ہی کچھ بگاڑے گا، اس لئے اقتدار ملنے کے بعد اگر تم بھی پہلی امتوں کی طرح بہک گئے تو عبرت کے طور پر سابقہ امتوں کے حالات بیان کر دیئے گئے ہیں، ہمارا قانون اٹل ہے پھر تمہارا انجام بھی ویسا ہی دردناک ہوگا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓرٰ ۟ تِلۡکَ اٰیٰتُ الۡکِتٰبِ الۡحَکِیۡمِ ① اَکَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنۡ

الف۔لام۔را، یہ پر حکمت کتاب کی آیتیں ہیں، کیا ان لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے ان میں سے ایک شخص

اَوۡحَیۡنَاۤ اِلٰی رَجُلٍ مِّنۡہُمۡ اَنۡ اَنۡذِرِ النَّاسَ وَ بَشِّرِ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَنَّ لَہُمۡ

کے پاس وحی بھیج دی کہ سب آدمیوں کو ڈرایئے اور جو ایمان لے آئے ان کو یہ خوشخبری سنایئے کہ ان کے رب کے پاس ان

قَدَمَ صِدۡقٍ عِنۡدَ رَبِّہِمۡ ؕ قَالَ الۡکٰفِرُوۡنَ اِنَّ ہٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِیۡنٌ ② اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیۡ

کو پورا اجر و مرتبہ ملے گا، کافروں نے کہا کہ یہ شخص تو بلاشبہ صریح جادوگر ہے، بلاشبہ تمہارا رب اللہ ہی ہے جس نے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ فِیۡ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰی عَلَی الۡعَرۡشِ یُدَبِّرُ الۡاَمۡرَ ؕ مَا مِنۡ

آسمانوں اور زمین کو چھ روز میں پیدا کر دیا پھر عرش قائم ہوا وہ ہر کام کی تدبیر کرتا ہے، اس کی اجازت کے بغیر کوئی اس کے

شَفِیۡعٍ اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ اِذۡنِہٖ ؕ ذٰلِکُمُ اللّٰہُ رَبُّکُمۡ فَاعۡبُدُوۡہُ ؕ اَفَلَا تَذَکَّرُوۡنَ ③ (یونس ۱تا۳)

پاس سفارش کرنے والا نہیں، ایسا اللہ تمہارا رب ہے سو تم اس کی عبادت کرو، کیا تم پھر بھی نصیحت نہیں پکڑتے۔

ال ر، اہل مکہ کلام الٰہی کو جادو کہتے تھے، انہیں تنبیہ کی گئی کہ یہ جادو نہیں بلکہ حکمت و دانش سے لبریز کتاب کی آیات ہیں، کیا لوگوں کے لئے یہ ایک عجیب بات ہوگئی کہ ہم نے خود انہی کی قوم کے ایک فرد کو جو نسل انسانی سے ہے، اس کو منصب نبوت و رسالت پر فائز کر دیا ہے تاکہ وہ غفلت میں پڑے ہوئے لوگوں کو جہنم کے المناک عذاب سے متنبہ کر دے، جیسے اللہ تعالیٰ نے سابقہ اقوام کا ذکر فرمایا جنہوں نے بشر رسول پر تعجب سے کہا تھا:

۔۔۔فَقَالُوۡۤا اَبَشَرٌ یَّہۡدُوۡنَنَا۔۔۔ ⑥ [1]

ترجمہ: انہوں نے کہا کیا انسان ہی ہمیں ہدایت دیں گے؟۔

ہود علیہ السلام اور صالح علیہ السلام کی قوم نے جب بشر رسول پر حیرت کا اظہار کیا تو ان کے پیغمبروں نے فرمایا تھا

[1] التغابن۶

اَوَ عَجِبۡتُمۡ اَنۡ جَآءَكُمۡ ذِكۡرٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ عَلٰى رَجُلٍ مِّنۡكُمۡ لِيُنۡذِرَكُمۡ ... ؀۶۹ [۱]

ترجمہ: کیا تمہیں اس بات پر تعجب ہوا کہ تمہارے پاس خود تمہاری اپنی قوم کے ایک آدمی کے ذریعہ سے تمہارے رب کی یاد دہانی آئی تا کہ وہ تمہیں خبردار کرے؟۔

پہلی قوموں کی طرح کفار بھی قریش بے شمار دیوی دیوتاؤں کی پرستش کرتے تھے، ہر قبیلہ کا اپنا ہی معبود تھا ہر گھر کا اپنا بت تھا، جب رسول اللہ ﷺ نے انہیں اللہ وحدہ لاشریک کی طرف دعوت دی تو انہوں نے بھی بڑی حیرت سے کہا تھا

اَجَعَلَ الۡاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۖۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیۡءٌ عُجَابٌ ؀۵ [۲]

ترجمہ: کیا اس نے سارے خداؤں کی جگہ بس ایک ہی خدا بنا ڈالا؟ یہ تو بڑی عجیب بات ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا بَعَثَ اللّٰهُ مُحَمَّدًا رَسُولًا أَنْكَرَتِ الْعَرَبُ ذَلِكَ، أَوْ مَنْ أَنْكَرَ مِنْهُمْ، فَقَالُوا: اللّٰهُ أَعْظَمُ مِنْ أَنْ يَكُونَ رَسُولُهُ بَشَرًا مِثْلَ مُحَمَّدٍ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى: {أَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا أَنْ أَوْحَيْنَا إِلَى رَجُلٍ مِنْهُمْ} [۳]

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے روایت کیا ہے جب اللہ تعالیٰ نے محمد رسول اللہ ﷺ کو رسول بنا کر مبعوث فرمایا تو تمام یا بعض عربوں نے آپ ﷺ کے رسول ہونے کا انکار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ کی شان اس سے کہیں بلند ہے کہ محمد ﷺ جیسا کوئی بشر اس کا رسول ہو، اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ ”کیا ان لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے ان میں سے ایک شخص کے پاس وحی بھیج دی۔“ نازل فرمائی۔ [۴]

اور جو صدق دل سے اس پاکیزہ دعوت پر ایمان لے آئیں ان کو رب کی خوشنودی اور لازوال انواع واقسام کی نعمتوں بھری جنت کی خوشخبری دیدے، اور یہ کہ ان کے لئے ان کے رب کے پاس سچی عزت وسرفرازی ہے؟ کیا اس کلام کی اثر پذیری کو دیکھ کر منکرین پھبتی کستے ہیں کہ یہ شخص تو کھلا جادوگر ہے، اللہ تعالیٰ نے اپنی ربوبیت، الوہیت اور عظمت بیان کرتے ہوئے فرمایا بیشک تمہارا رب وہی اللہ وحدہ لاشریک ہے جس نے ساتوں آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا،

قِيلَ: كَهَذِهِ الْأَيَّامِ، وَقِيلَ: كُلُّ يَوْمٍ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِمَّا تَعُدُّونَ

ان چھ دنوں کے بارے میں ایک قول یہ ہے کہ وہ ہمارے دنیا کے ان دنوں ہی کی طرح تھے اور دوسرا قول یہ ہے کہ ان میں سے ہر ایک دن ہماری دنیا کے ایک ہزار سال کے برابر تھا۔ [۵]

اس تخلیق کے بعد وہ کائنات کے تخت حکومت پر اپنی عظمت کے لائق جلوہ گر ہوا، جیسے فرمایا

---

[۱] الاعراف ۶۹

[۲] ص ۵

[۳] یونس: ۲ .

[۴] تفسیرطبری ۱۳؍۱۵

[۵] تفسیرابن کثیر ۲۴۶؍۴

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ ... ﴿۵۴﴾ [1]

ترجمہ: درحقیقت تمہارا رب اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا، پھر اپنے تخت سلطنت پر جلوہ فرما ہوا۔

فرمایا کائنات کی تخلیق کے بعد تھک کر وہ سو نہیں گیا، کسی نے اسے معطل نہیں کر دیا اور نہ ہی اس نے اس عظیم الشان کائنات کو دوسروں کے حوالے کر دیا ہے کہ وہ جیسا چاہیں تصرف کریں بلکہ وہی اکیلا وحدہ لاشریک ہی اس عظیم الشان کائنات کا انتظام چلا رہا ہے، اور تمام قدرتیں، تمام اختیارات اسی کے اپنے دست قدرت میں ہیں، مشرکین کا عقیدہ تھا کہ ان کے اپنے ہاتھوں سے من مانی شکلوں سے تراشے ہوئے بت اور فرشتے جن کی وہ پرستش کرتے تھے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ان کی شفاعت کریں گے اور اللہ کے عذاب سے چھڑوا لیں گے ان کے اس عقیدے کے رد میں فرمایا دنیا کی تدبیر وانتظام میں کسی دوسرے کا دخیل ہونا تو درکنار کوئی اتنا اختیار بھی نہیں رکھتا کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس کی اجازت کے بغیر کوئی شفاعت کر سکے، جیسے فرمایا

... مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ... ﴿۲۵۵﴾ [2]

ترجمہ: کون ہے جو اس کی جناب میں اس کی اجازت کے بغیر سفارش کر سکے؟۔

... اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰی وَهُمْ مِّنْ خَشْیَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿۲۸﴾ [3]

ترجمہ: وہ کسی کی سفارش نہیں کرتے بجز اس کے جس کے حق میں سفارش سننے پر اللہ راضی ہو اور وہ اس کے خوف سے ڈرے رہتے ہیں۔

ایک مقام پر فرمایا

وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِی السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِیْ شَفَاعَتُهُمْ شَیْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ یَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیَرْضٰی ﴿۲۶﴾ [4]

ترجمہ: آسمانوں میں کتنے ہی فرشتے موجود ہیں ان کی شفاعت کچھ بھی کام نہیں آسکتی جب تک کہ اللہ کسی ایسے شخص کے حق میں اس کی اجازت نہ دے جس کے لئے وہ کوئی عرضداشت سننا چاہے اور اس کو پسند کرے۔

وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ﴿۲۳﴾ [5]

ترجمہ: اور اللہ کے حضور کوئی شفاعت بھی کسی کے لیے نافع نہیں ہو سکتی بجز اس شخص کے جس کے لیے اللہ نے سفارش کی اجازت دی ہو۔

اللہ جو کائنات کا خالق ہے، وہی اس کا ہمہ وقت مدبر و منتظم ہے اور وہی تمام اختیارات کا کلی طور پر مالک ہے، لہذا تم ہر طرف سے منہ موڑ کر صرف اسی کی عبادت کرو، اسی کے بندہ و غلام بن کر رہو اور اسی کے حکم کی اطاعت اور اس کے قانون کی پیروی کرو، اب جبکہ حقیقت تم پر واضح کر دی گئی ہے تو پھر کیا تم دعوت حق پر ایمان نہ لاؤ گے۔

---

[1] الاعراف ۵۴

[2] البقرة ۲۵۵

[3] الانبیاء ۲۸

[4] النجم ۲۶

[5] سبا ۲۳

اِلَيۡهِ مَرۡجِعُكُمۡ جَمِيۡعًا ؕ وَعۡدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ اِنَّهٗ يَبۡدَؤُا الۡخَلۡقَ ثُمَّ يُعِيۡدُهٗ لِيَجۡزِىَ

تم سب کو اللہ ہی کے پاس جانا ہے، اللہ نے سچا وعدہ کر رکھا ہے، بیشک وہی پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے پھر وہی دوبارہ بھی پیدا کرے

الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالۡقِسۡطِ ؕ وَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا

گا تا کہ ایسے لوگوں کو جو کہ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے انصاف کے ساتھ جزا دے اور جن لوگوں نے کفر کیا

لَهُمۡ شَرَابٌ مِّنۡ حَمِيۡمٍ وَّ عَذَابٌ اَلِيۡمٌۢ بِمَا كَانُوۡا يَكۡفُرُوۡنَ ۝۴ هُوَ الَّذِىۡ جَعَلَ

ان کے واسطے کھولتا ہوا پانی پینے کو ملے گا اور دردناک عذاب ہوگا ان کے کفر کی وجہ سے، وہ اللہ تعالیٰ ایسا ہے جس نے

الشَّمۡسَ ضِيَآءً وَّ الۡقَمَرَ نُوۡرًا وَّ قَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعۡلَمُوۡا عَدَدَ السِّنِيۡنَ وَ الۡحِسَابَ ؕ

آفتاب کو چمکتا ہوا بنایا اور چاند کو نورانی بنایا اور اس کے لیے منزلیں مقرر کیں تا کہ تم برسوں کی گنتی اور حساب معلوم کر لیا کرو،

مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالۡحَـقِّ ۚ يُفَصِّلُ الۡاٰيٰتِ لِقَوۡمٍ يَّعۡلَمُوۡنَ ۝۵ اِنَّ فِىۡ

اللہ تعالیٰ نے یہ چیزیں بے فائدہ نہیں پیدا کیں، وہ یہ دلائل ان کو صاف صاف بتلا رہا ہے جو دانش رکھتے ہیں، بلاشبہ

اخۡتِلَافِ الَّيۡلِ وَ النَّهَارِ وَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِى السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ

رات اور دن کے یکے بعد دیگرے آنے میں اور اللہ تعالیٰ نے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں پیدا کیا ہے

لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يَّتَّقُوۡنَ ۝۶ (یونس ۴ تا ۶)

ان سب میں ان لوگوں کے واسطے دلائل ہیں جو اللہ کا ڈر رکھتے ہیں۔

وقوع قیامت کے بعد ایک وقت مقررہ پر تم سب کو میدان محشر میں اسی کی بارگاہ میں حاضر ہونا ہے، یہ اللہ کا پکا وعدہ ہے جو پورا ہو کر رہے گا، بے شک اللہ ہی نے پہلی مرتبہ انسان کو پیدا کیا ہے اور پھر وہی تمہیں دوبارہ پیدا کرے گا یعنی جو تخلیق کی ابتدا کرنے کی قدرت رکھتا ہے وہ اس کے اعادے پر بھی قادر ہے اور یہ اس کے لئے آسان تر ہے، جیسے فرمایا

وَهُوَ الَّذِىۡ يَبۡدَؤُا الۡخَلۡقَ ثُمَّ يُعِيۡدُهٗ وَهُوَ اَهۡوَنُ عَلَيۡهِ ۔۔ ؕ ۝۲۷ [1]

ترجمہ: وہی ہے جو تخلیق کی ابتدا کرتا ہے، پھر وہی اس کا اعادہ کرے گا اور یہ اس کے لیے آسان تر ہے۔

اس حقیقت کو بعید از قیاس سمجھنا درست نہیں، اور یہ اس لئے ضروری ہے تا کہ جو لوگ صدق دل سے ایمان لائیں اور اعمال صالحہ اختیار کریں ان کو پوری پوری جزا دے کر جنت کی انواع واقسام کی لازوال نعمتوں میں داخل کرے اور جو دعوت حق ورسالت کی تکذیب کریں اور طاغوت کی بندگی پر اصرار کریں انہیں جہنم میں داخل کرے جہاں وہ تکذیب کی پاداش میں کھولتا ہوا پانی پیئیں گے جو ان کے چہروں کو جھلسا کر رکھ

[1] الروم ۲۷

دے گااور انتڑیوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر دے گااور قسم قسم کے دردناک سزا بھگتیں، جیسے فرمایا:

هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ۙ﴿۵۷﴾ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖٓ اَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾ [۱]

ترجمہ: یہ ہے ان کے لیے، پس وہ مزا چکھیں کھولتے ہوئے پانی اور پیپ لہو اور اس قسم کی دوسری تلخیوں کا۔

هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿۴۴﴾ [۲]

ترجمہ: (اس وقت کہا جائے گا) یہ وہی جہنم ہے جس کو مجرمین جھوٹ قرار دیا کرتے تھے، اسی جہنم اور کھولتے ہوئے پانی کے درمیان وہ گردش کرتے رہیں گے۔

اس کی کمال قدرت اور اس کی عظیم سلطنت کی نشانی یہ ہے کہ اس نے سورج کو حرارت وتپش اور چمکنے والا اور چاند کو نور بنایا اور چاند کے گھٹنے بڑھنے کی اٹھائیس منازل کا ٹھیک ٹھیک تعین کیا، جیسے فرمایا

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿۳۹﴾ [۳]

ترجمہ: اور چاند کے لئے ہم نے منزلیں مقرر کر دیں ہیں یہاں تک کہ ان سے گزرتا ہوا وہ کھجور کی سوکھی شاخ کے مانند رہ جاتا ہے۔

فرمایا کہ سورج، چاند ستاروں کا یہ نظام خود بخود قائم نہیں ہو گیا بلکہ ہر طرح کی کجی سے پاک یہ نظام اللہ قادر مطلق نے قائم کیا ہے۔

۔۔۔ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ [۴]

ترجمہ: یہ زبردست علیم ہستی کا باندھا ہوا حساب ہے۔

تاکہ تم سورج کے ساتھ دن اور چاند کے ساتھ مہینے اور سال کا حساب معلوم کرو، جیسے فرمایا:

۔۔۔وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا۔۔۔ ﴿۹۶﴾ [۵]

ترجمہ: اور سورج اور چاند کو حساب کا ذریعہ بنایا۔

اور اسی طلوع ہلال سے حج، صیام رمضان، اشہر حرم اور دیگر عبادات کا تعین کرو، اللہ نے یہ عظیم الشان کائنات کھیل تماشہ کے طور پر نہیں بلکہ بامقصد ہی بنائی ہے، جیسے فرمایا

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاۗءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ۭ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ﴿۲۷﴾ [۶]

---

[۱] ص۵۸،۵۷

[۲] الرحمٰن ۴۴، ۴۳

[۳] یسین ۳۹

[۴] (یٰسین ۳۸)

[۵] الانعام ۹۶

[۶] ص ۲۷

ترجمہ: ہم نے اس آسمان اور زمین کو اور اس دنیا کو جو ان کے درمیان ہے فضول پیدا نہیں کر دیا ہے یہ تو ان لوگوں کا گمان ہے جنہوں نے کفر کیا ہے، اور ایسے کافروں کے لیے بربادی ہے جہنم کی آگ سے۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ [۱]

ترجمہ: کیا تم نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ ہم نے تمہیں فضول ہی پیدا کیا ہے اور تمہیں ہماری طرف کبھی پلٹنا ہی نہیں ہے؟ پس بالا و برتر ہے اللہ، بادشاہ حقیقی، کوئی الٰہ اس کے سوا نہیں، مالک ہے عرش بزرگ کا۔

اللہ اہل علم کو اپنے دلائل و براہین کھول کھول کر پیش کر رہا ہے، یقیناً رات اور دن کے ردوبدل میں، ان کے برابر جانے آنے میں، رات پر دن کا آنا، دن پر رات کا چھا جانا، ایک دوسرے کے برابر پیچھے لگا تار آنا جانا، جیسے فرمایا:

۔۔۔ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۔۔۔ ﴿۵۴﴾ [۲]

ترجمہ: جو رات کو دن پر ڈھانک دیتا ہے اور پھر دن رات کے پیچھے دوڑا چلا آتا ہے۔

اور ہر اس چیز میں جو اللہ نے زمین اور آسمانوں میں پیدا کی ہے سب اللہ کی عظمت کی منہ بولتی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو غلط بینی و غلط روی سے بچنا چاہتے ہیں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَ رَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ اطْمَاَنُّوْا بِهَا وَ الَّذِيْنَ

جن لوگوں کو ہمارے پاس آنے کا یقین نہیں ہے اور وہ دنیاوی زندگی پر راضی ہو گئے اور اس میں جی لگا بیٹھے ہیں اور جو لوگ

هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ﴿۷﴾ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

ہماری آیتوں سے غافل ہیں، ایسے لوگوں کا ٹھکانا ان کے اعمال کی وجہ سے دوزخ ہے، یقیناً جو لوگ

اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ

ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کا رب ان کو ان کے ایمان کے سبب ان کے مقصد تک پہنچا دے گا نعمت کے باغوں

فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۹﴾ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا

میں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی، ان کے منہ سے یہ بات نکلے گی "سبحان اللہ" اور ان کا باہمی سلام یہ ہوگا

سَلٰمٌ ۚ وَ اٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰﴾ وَ لَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ

"السلام علیکم" اور ان کی اخیر بات یہ ہوگی تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو سارے جہان کا رب ہے، اور اگر اللہ لوگوں پر جلدی

[۱] المومنون ۱۱۶،۱۱۵

[۲] الاعراف ۵۴

لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ؕ

سے نقصان واقع کر دیا کرتا جس طرح وہ فائدہ کے لیے جلدی مچاتے ہیں تو ان کا وعدہ کبھی سے پورا ہو چکا ہوتا، سو ہم نے

فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱﴾ (یونس ۷ تا ۱۱)

ان لوگوں کو جن کو ہمارے پاس آنے کا یقین نہیں ہے ان کے حال پر چھوڑے رکھتے ہیں کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں۔

جو لوگ وقوع قیامت، حیات بعد الموت، میدان محشر میں اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اعمال کی جوابدہی، جزاو سزا اور جنت و دوزخ کو بعید از قیاس سمجھتے ہیں وہ دنیا کی رنگینیوں اور دلفریبیوں میں گم ہو گئے ہیں، آخرت کی جوابدہی سے بے خوف ہو کر نہایت برے اخلاق و اوصاف کا اکتساب کرتے ہیں، اور جو لوگ ہماری ہر سو بکھری نشانیوں پر غور و فکر کرنے کے بجائے غفلت میں مبتلا ہیں، جیسے فرمایا

وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ [1]

ترجمہ: زمین اور آسمانوں میں کتنی ہی نشانیاں ہیں جن پر سے یہ لوگ گزرتے ہیں اور ذرا توجہ نہیں کرتے۔

قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ [2]

ترجمہ: اِن سے کہو زمین اور آسمانوں میں جو کچھ ہے اسے آنکھیں کھول کر دیکھو اور جو لوگ ایمان لانا ہی نہیں چاہتے ان کے لیے نشانیاں اور تنبیہیں آخر کیا مفید ہو سکتی ہیں۔

اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ﴿۹﴾ [3]

ترجمہ: کیا انہوں نے کبھی اس آسمان و زمین کو نہیں دیکھا جو انہیں آگے اور پیچھے سے گھیرے ہوئے ہے؟ ہم چاہیں تو انہیں زمین میں دھنسا دیں یا آسمان کے کچھ ٹکڑے ان پر گرا دیں، درحقیقت اس میں ایک نشانی ہے ہر اس بندے کے لیے جو خدا کی طرف رجوع کرنے والا ہو۔

اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۰﴾ [4]

ترجمہ: زمین اور آسمانوں کی پیدائش میں اور رات اور دن کے باری باری سے آنے میں ان ہوشمند لوگوں کے لیے بہت نشانیاں ہیں۔

ان کا آخری ٹھکانا جہنم ہو گا ان برائیوں کی پاداش میں جن کا اکتساب وہ اپنے غلط عقیدے اور غلط طرز عمل کی وجہ سے کرتے رہے، اور جن لوگوں نے ان صداقتوں کو قبول کر لیا جو اس کتاب میں پیش کی گئی ہیں یعنی ہر کام میں، ہر شعبہ زندگی میں، ہر انفرادی و اجتماعی معاملے میں انہوں نے برحق طریقہ اختیار کیا اور نیک اعمال کرتے رہے انہیں ان کا رب ان کے ایمان کی وجہ سے پل صراط جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار کی

---

[1] یوسف ۱۰۵

[2] یونس ۱۰۱

[3] سبا ۹

[4] آل عمران ۱۹۰

دھار سے زیادہ تیز ہے سے گزرنا آسان فرمادے گا اور لازوال انواع واقسام کی نعمتوں سے بھری جنتوں میں داخل فرمادے گا جہاں گھنے شاداب درختوں کے نیچے قسم قسم کی نہریں بہہ رہی ہوں گی، جہاں اہل جنت سامان عیش پر بھوکوں کی طرح نہیں ٹوٹ پڑیں گے بلکہ جس طرح دنیا میں وہ اللہ کی حمد وثنا کرتے تھے اسی طرح وہاں بھی ہر وقت اللہ کی حمد وتسبیح میں رطب اللسان ہوں گے،

عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ:إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ يَأْكُلُونَ فِيهَا وَيَشْرَبُونَ، وَلَا يَتْفُلُونَ وَلَا يَبُولُونَ وَلَا يَتَغَوَّطُونَ وَلَا يَمْتَخِطُونَ قَالُوا: فَمَا بَالُ الطَّعَامِ؟ قَالَ: جُشَاءٌ وَرَشْحٌ كَرَشْحِ الْمِسْكِ، يُلْهَمُونَ التَّسْبِيحَ وَالتَّحْمِيدَ، كَمَا تُلْهَمُونَ النَّفَسَ،

جابر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جنت والے جنت میں کھائیں گے اور پئیں گے اور تھوکیں گے نہیں اور نہ ہی پیشاب کریں گے اور نہ ہی پاخانہ کریں گے اور نہ ہی ناک صاف کریں گے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا تو پھر کھانا کدھر جائے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ڈکار اور پسینہ آئے گا اور پسینہ مشک کی طرح خوشبودار ہو گا اور ان کو تسبیح یعنی سبحان اللہ اور تحمید یعنی الحمد للہ کا الہام ہو گا جس طرح کہ انہیں سانس کا الہام ہوتا ہے۔ [1]

یعنی جس طرح بے اختیار سانس کی آمد ورفت رہتی ہے اسی طرح اہل جنت کی زبانوں پر بغیر اہتمام کے حمد وتسبیح الٰہی کے ترانے رہیں گے، وہ ایک دوسرے کو ملاقات کے وقت سلامتی کی دعا دیں گے، جیسے فرمایا

تَحِیَّتُهُمْ یَوْمَ یَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚۖ وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِیْمًا ۝۴۴ [2]

ترجمہ: جس روز وہ اس سے ملیں گے ان کا استقبال سلام سے ہو گا۔

لَا یَسْمَعُوْنَ فِیْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِیْمًا ۝۲۵ اِلَّا قِیْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ۝۲۶ [3]

ترجمہ: وہاں وہ کوئی بیہودہ کلام یا گناہ کی بات نہ سنیں گے، بس سلام ہی سلام کی آواز سنائی دے گی۔

سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝۵۸ [4]

ترجمہ: رب رحیم کی طرف سے ان کو سلام کہا گیا ہے۔

فرشتے بھی انہیں یہی دعا دیں گے۔

۔۔۔وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ یَدْخُلُوْنَ عَلَیْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۝۲۳ سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ ۔۔۔ ۝۲۴ [5]

ترجمہ: ملائکہ ہر طرف سے ان کے استقبال کے لیے آئیں گے اور ان سے کہیں گے کہ تم پر سلامتی ہو۔

---

[1] صحیح مسلم کتاب الجنة وصفة نعیمهاباَبٌ فِي صِفَاتِ الْجَنَّةِ وَأَهْلِهَا وَتَسْبِيحِهِمْ فِيهَا بُكْرَةً وَعَشِيًّا۷۱۵۲،مسندابی یعلی ۱۹۰۶

[2] الاحزاب ۴۴

[3] الواقعة ۲۵،۲۶

[4] یسین ۵۸

[5] الرعد ۲۳،۲۴

اور ان کی ہر بات کا خاتمہ اللہ رب العالمین کی تعریف پر ہو گا، کیونکہ انسانی فطرت میں جلد بازی ہے اس لئے وہ خیر طلب کرنے میں جلدی کرتا ہے اور اسی طرح وہ عذاب طلب کرنے میں بھی جلد بازی کا مظاہرہ کرتا ہے اور بے خوف ہو کر پیغمبروں سے کہتا ہے کہ لے آؤ وہ عذاب جس سے تم ہمیں ڈراتے ہو، فرمایا اگر اللہ ان کے اس مطالبہ پر جلدی عذاب نازل کر دے تو یہ کبھی کے صفحہ ہستی سے مٹا دیئے گئے ہوتے لیکن ہم مہلت دے کر انہیں سنبھلنے کا پورا پورا موقع دیتے ہیں یا یہ کہ جس طرح انسان اپنے لئے خیر و بھلائی کی دعائیں مانگتا رہتا ہے جنہیں ہم قبول کرتے ہیں اسی طرح جب انسان غصے یا تنگی میں ہوتا ہے تو اپنے لئے اور اپنی اولاد وغیرہ کے لئے بد دعائیں کرتا ہے جنہیں ہم از راہ لطف وکرم اس لئے نظر انداز کر دیتے ہیں کہ یہ زبان سے تو ہلاکت مانگ رہا ہے مگر اس کے دل میں ایسا کوئی ارادہ نہیں ہے لیکن اگر ہم انسانوں کی بد دعاؤں کے مطابق انہیں فوراً ہلاکت سے دوچار کرنا شروع کر دیں تو پھر جلد ہی یہ لوگ موت وتباہی سے ہمکنار ہو جایا کریں، جیسے فرمایا

وَيَدْعُ الْإِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ۭ وَكَانَ الْإِنْسَانُ عَجُوْلًا ۝۱۱ [1]

ترجمہ: انسان شر اس طرح مانگتا ہے جس طرح خیر مانگنی چاہیے انسان بڑا ہی جلد باز واقع ہوا ہے۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:لَا تَدْعُوا عَلَى أَنْفُسِكُمْ، وَلَا تَدْعُوا عَلَى أَوْلَادِكُمْ، وَلَا تَدْعُوا عَلَى خَدَمِكُمْ، وَلَا تَدْعُوا عَلَى أَمْوَالِكُمْ، لَا تُوَافِقُوا مِنَ اللَّهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى سَاعَةَ نَيْلٍ فِيهَا عَطَاءٌ، فَيَسْتَجِيبَ لَكُمْ

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے آپ کو بد دعا نہ دو، اپنی اولاد کو بد دعا نہ دو، اپنے خادموں کو بد دعا نہ دو اور اپنے مالوں کو بد دعا نہ دو، ایسا نہ ہو کہ وہ اللہ کی طرف سے عطاو قبولیت کی گھڑی ہو (ادھر تم کوئی بد دعا کرو کہ اللہ تعالیٰ اسے) تمہارے لئے قبول فرمالے۔[2]

وَقَالَ مُجَاهِدٌ فِي تَفْسِيرِ هَذِهِ الْآيَةِ: {وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ} هُوَ قَوْلُ الْإِنْسَانِ لِوَلَدِهِ وَمَالِهِ إِذَا غَضِبَ عَلَيْهِ:اللَّهُمَّ لَا تُبَارِكْ فِيهِ وَالْعَنْهُ،فَلَوْ يُعَجِّلُ اللَّهُ الِاسْتِجَابَةَ لَهُمْ فِي ذَلِكَ كَمَا يُسْتَجَابُ فِي الْخَيْرِ لَأَهْلَكَهُمْ

مجاہد رحمہ اللہ نے اس آیت کریمہ ''اور اگر اللہ لوگوں پر جلدی سے نقصان واقع کر دیا کرتا جس طرح وہ فائدہ کے لئے جلدی مچاتے ہیں۔'' کی تفسیر میں فرمایا ہے کہ اس کا مفہوم یہ ہے کہ انسان غصے کی حالت میں اپنی اولاد یا اہل کے لیے یہ کہہ دیتا ہے کہ اے اللہ! اس میں برکت نہ دینا اور وہ ان پر لعنت بھیجنے لگ جاتا ہے اگر اللہ تعالیٰ ان کی بد دعا کو بھی اسی طرح قبول فرمانے لگ جائے جس طرح ان کی دعا کو قبول فرماتا ہے تو انہیں ہلاک کر ڈالے۔[3]

---

[1] بنی اسرائیل ۱۱

[2] سنن ابوداودکتاب الوتربَابُ النَّهْيِ عَنْ أَنْ يَدْعُوَ الْإِنْسَانُ عَلَى أَهْلِهِ وَمَالِهِ۱۵۳۲ ،صحیح مسلم کِتَابُ الزُّهْدِ وَالرَّقَائِقِ بَابُ حَدِيثِ جَابِرٍ الطَّوِيلِ وَقِصَّةِ أَبِي الْيَسَرِ ۷۵۱۵،صحیح ابن حبان ۵۷۴۲

[3] تفسیرطبری ۱۵؍۳۴

اس لئے ہم ان لوگوں کو جو ہم سے ملنے کی توقع نہیں رکھتے ان کی سرکشی میں بھٹکنے کے لئے چھوٹ دے دیتے ہیں۔

وَ اِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖۤ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآىِٕمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا

اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ہم کو پکارتا ہے لیٹے بھی، بیٹھے بھی، کھڑے بھی، پھر جب ہم اس کی تکلیف اس

عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ یَدْعُنَاۤ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ

سے ہٹادیتے ہیں تو وہ ایسا ہو جاتا ہے کہ گویا اس نے اپنی تکلیف کے لیے جو اسے پہنچی تھی کبھی ہمیں پکارا ہی نہ تھا، ان حد سے

زُیِّنَ لِلْمُسْرِفِیْنَ مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَ لَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا

گزرنے والوں کے اعمال کو ان کے لیے اس طرح خوشنما بنادیا گیا ہے، اور ہم نے تم سے پہلے بہت سے گروہوں کو ہلاک کر دیا

ظَلَمُوْا ۙ وَ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ وَ مَا كَانُوْا لِیُؤْمِنُوْا ؕ

جب کہ انہوں نے ظلم کیا حالانکہ ان کے پاس ان کے پیغمبر بھی دلائل لے کر آئے، اور وہ ایسے کب تھے کہ ایمان لے آتے؟

كَذٰلِكَ نَجْزِی الْقَوْمَ الْمُجْرِمِیْنَ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓىِٕفَ فِی الْاَرْضِ مِنْۢ

ہم مجرموں لوگوں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں، پھر ان کے بعد ہم نے دنیا میں بجائے ان کے تم کو جانشین کیا

بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَیْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ (یونس ۱۲ تا ۱۴)

تا کہ ہم دیکھ لیں کہ تم کس طرح کام کرتے ہو۔

انسان کا حال یہ ہے کہ جب اس پر کوئی سخت وقت آتا ہے تو وہ قلق و اضطراب میں مبتلا ہو جاتا ہے، جزع فزع کرتا ہے اور کھڑے، بیٹھے اور لیٹے گڑ گڑا کر ہم کو پکارتا ہے، توبہ و استغفار کا اہتمام کرتا ہے مگر جب اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے مصیبت کا یہ کڑا وقت نکال دیتا ہے تو پھر بارگاہ الٰہی میں شکر کرنے کے بجائے دعا و تضرع سے غافل ہو جاتا ہے، جیسے فرمایا

وَاِذَاۤ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِیْضٍ ﴿۵۱﴾ [1]

ترجمہ: انسان کو جب ہم نعمت دیتے ہیں تو وہ منہ پھیرتا ہے اور اکڑ جاتا ہے اور جب اسے کوئی آفت چھو جاتی ہے تو لمبی چوڑی دعائیں کرنے لگتا ہے۔

اس قماش کے لوگوں کی مذمت میں فرمایا اس طرح شیطان نے یا انسان کے نفس نے حد سے گزر جانے والوں کے لئے انکے کرتوت خوشنما بنادیے ہیں، مگر اہل ایمان، اعمال صالحہ اختیار کرنے والے ایسے نہیں ہوتے، جیسے فرمایا

---

[1] حم السجدة ۵۱

إِلَّا الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ... ﴿١١﴾ [1]

ترجمہ:اس عیب سے پاک اگر کوئی ہیں تو بس وہ لوگ جو صبر کرنے والے اور نیکو کار ہیں۔

عَنْ صُهَيْبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:عَجَبًا لِأَمْرِ الْمُؤْمِنِ إِنَّ أَمْرَهُ كُلَّهُ خَيْرٌ، إِنْ أَصَابَتْهُ سَرَّاءُ شَكَرَ، وَإِنَّ أَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ صَبَرَ، وَكَانَ خَيْرًا لَهُ، وَلَيْسَ ذَلِكَ لِأَحَدٍ إِلَّا لِلْمُؤْمِنِ

صہیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن کی حالت پر تعجب ہے،اس کے لئے ہر الٰہی فیصلہ اچھا ہی اچھا ہوتا ہے،اسے جب کوئی تکلیف پہنچتی ہے وہ اس پر صبر واستقامت اختیار کرتا ہے تو اسے نیکیاں ملتی ہیں اور اگر اسے کوئی راحت پہنچتی ہے تو وہ شکر کرتا ہے اس پر بھی اسے نیکیاں ملتی ہیں،یہ بات مومن کے سوا کسی کو حاصل نہیں۔[2]

لوگو!تم سے پہلے اپنے اپنے زمانہ میں برسر عروج قوموں نے جب ظلم وبغاوت کی روش اختیار کی اور انبیاء کی دعوت پر ایمان نہ لائے تو ہم نے انہیں ہلاک کر دیا،ہم نے اتمام حجت کے لئے رسول مبعوث کیے،انہوں نے اپنی اپنی قوموں کو اپنی رسالت کی صداقت میں واضح نشانیاں دکھائیں مگر انہوں نے دعوت حق اور رسالت کی تکذیب کی،چنانچہ ایک مقررہ ڈھیل کے بعد انہیں نشانہ عبرت بنا دیا گیا ہم مجرموں کو اس طرح ان کے جرائم کا بدلہ دیا کرتے ہیں،ان تباہ شدہ قوموں کے بعد ہم نے تم کو ان کا قائم مقام بنایا ہے،تمہارے پاس سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہو چکے ہیں،ان پر حکمتوں سے بھری آخری کتاب نازل کر دی گئی ہے تاکہ دیکھیں تم کیسے اعمال اختیار کرتے ہو،اگر تم نے گزشتہ قوموں کے حالات سے عبرت حاصل کی اور اللہ کی آیات کی اتباع اور انبیاء ورسل کی تصدیق کی تو تم دنیا وآخرت میں نجات پاؤ گے اور اگر تم نے بھی انہی قوموں کی پیروی کی تو تم پر بھی دردناک عذاب نازل کیا جاسکتا ہے،

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:إِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، وَإِنَّ اللهَ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيهَا، فَيَنْظُرُ كَيْفَ تَعْمَلُونَ، فَاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ، فَإِنَّ أَوَّلَ فِتْنَةِ بَنِي إِسْرَائِيلَ كَانَتْ فِي النِّسَاءِ

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا سرسبز وشاداب اور شیریں ہے،اللہ تمہیں اس میں خلافت عطاء فرما کر دیکھے گا کہ تم کیا اعمال سرانجام دیتے ہو؟(رنگ وبو سے بھری اس)دنیا اور عورتوں سے ہوشیار رہو بنی اسرائیل میں سب سے پہلا فتنہ عورتوں سے شروع ہوا تھا۔[3]

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى :أَنَّ عَوْفَ بْنَ مَالِكٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ لِأَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: رَأَيْتُ فِيمَا يَرَى النَّائِمُ كَأَنَّ سَبَبًا دُلِّيَ مِنَ السَّمَاءِ فَانْتَشَطَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ دُلِّيَ فَانْتَشَطَ أَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ ذَرَعَ النَّاسُ حَوْلَ

---

[1] ھود۱۱

[2] صحیح ابن حبان ۲۸۹۶،صحیح مسلم كِتَابُ الزُّهْدِ وَالرَّقَائِقِ بَابُ الْمُؤْمِنُ أَمْرُهُ كُلُّهُ خَيْرٌ ۷۵۰۰، مسند احمد ۲۳۹۳۰، المعجم الاوسط ۳۸۴۹،شعب الایمان ۴۱۶۹،سنن الدارمی ۲۸۱۹

[3] صحیح مسلم کتاب الذکر والدعا الرقاق بَابُ أَكْثَرُ أَهْلِ الْجَنَّةِ الْفُقَرَاءُ وَأَكْثَرُ أَهْلِ النَّارِ النِّسَاءُ وَبَيَانِ الْفِتْنَةِ بِالنِّسَاءِ ۶۹۴۸،شعب الایمان ۵۰۲۹

الْمِنْبَرِ، فَفَضَلَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ بِثَلَاثِ أَذْرُعٍ إِلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ عُمَرُ: دَعْنَا مِنْ رُؤْيَاكَ لَا أَرَبَ لَنَا فِيهَا فَلَمَّا اسْتُخْلِفَ عُمَرُ قَالَ: يَا عَوْفُ رُؤْيَاكَ؟ قَالَ: وَهَلْ لَكَ فِي رُؤْيَايَ مِنْ حَاجَةٍ، أَوْ لَمْ تَنْتَهِرْنِي؟

عبدالرحمٰن بن ابو لیلیٰ سے روایت ہے عوف بن مالک نے سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ سے کہا میں نے خواب میں یہ دیکھا ہے کہ آسمان سے گویا ایک رسی لٹکائی گئی ہے جس کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اوپر اٹھالیا گیا پھر اس رسی کو دوبارہ لٹکادیا گیا اور اس کے ساتھ سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کو اوپر اٹھالیا گیا پھر منبر کے ارد گرد لوگوں کی پیمائش کی گئی تو سیدنا عمر رضی اللہ عنہ دوسرے لوگوں کی نسبت تین ہاتھ منبر کی جانب آگے بڑھ گئے، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے یہ سن کر فرمایا بس رہنے دو اپنا خواب ہمیں اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے، پھر جب سیدنا عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو انہوں نے فرمایا اے عوف رضی اللہ عنہ! وہ تمہارا خواب کیا تھا؟ انہوں نے عرض کی کیا آپ کو میرے خواب کی کوئی ضرورت ہے؟ کیا آپ نے مجھے خواب سناتے وقت ڈانٹا نہیں تھا؟

قَالَ: وَيْحَكَ إِنِّي كَرِهْتُ أَنْ تَنْعِيَ لِخَلِيفَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسَهُ فَقَصَّ عَلَيْهِ الرُّؤْيَا، حَتَّى إِذَا بَلَغَ ذَرَعَ النَّاسُ إِلَى الْمِنْبَرِ بِهَذِهِ الثَّلَاثِ الْأَذْرُعِ، قَالَ: أَمَّا إِحْدَاهُنَّ فَإِنَّهُ كَائِنٌ خَلِيفَةً، وَأَمَّا الثَّانِيَةُ فَإِنَّهُ لَا يَخَافُ فِي اللَّهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ، وَأَمَّا الثَّالِثَةُ فَإِنَّهُ شَهِيدٌ. قَالَ: فَقَالَ يَقُولُ اللَّهُ: {ثُمَّ جَعَلْنَاكُمْ خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ مِنْ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ} [1] فَقَدِ اسْتُخْلِفْتَ يَا ابْنَ أُمِّ عُمَرَ، فَانْظُرْ كَيْفَ تَعْمَلُ؛ وَأَمَّا قَوْلُهُ:فَإِنِّي لَا أَخَافُ فِي اللَّهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ فَمَا شَاءَ اللَّهُ، وَأَمَّا قَوْلُهُ:فَإِنِّي شَهِيدٌ فَأَنَّى لِعُمَرَ الشَّهَادَةُ وَالْمُسْلِمُونَ مُطِيفُونَ بِهِ

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تجھ پر افسوس ہو! تم کو تو میں نے اس لیے خواب سنانے سے منع کیا تھا کہ میں نہیں چاہتا تھا کہ تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ کو ان کے سامنے ان کی موت کی خبر سناؤ، اس کے بعد عوف رضی اللہ عنہ نے اپنا خواب بیان کرنا شروع کیا پھر جب وہ خواب بیان کرتے ہوئے لوگوں کی پیمائش کیے جانے اور اس پیمائش میں سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے تین ہاتھ کے بقدر آگے بڑھنے تک پہنچے تو آپ نے فرمایا ان تینوں ہاتھوں میں سے ایک تو خلیفہ ہونے کی طرف اشارہ ہے اور دوسرا یہ کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں کسی ملامت گر کی ملامت سے نہیں ڈرتے اور تیسرا یہ کہ وہ شہید ہیں، پھر انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "پھر ہم نے ان کے بعد لوگوں کو زمین میں خلیفہ بنایا تا کہ ہم دیکھیں کہ تم کیسے کام کرتے ہو۔" ام عمر کے بیٹے! اب تمہیں خلیفہ بنا دیا گیا ہے لہٰذا اب دیکھو کہ تم کیسے عمل کرتے ہو، خواب میں جو یہ کہا گیا ہے کہ میں اللہ کے بارے میں کسی ملامت گر کی ملامت سے نہیں ڈرتا تو یہ اسی صورت میں ہے کہ جب اللہ چاہے اور جو شہادت کی بات کہی گئی ہے تو سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کو شہادت کیسے مل سکتی ہے جبکہ مسلمان ہر وقت ان کے گرد و پیش جمع رہتے ہیں۔ [2]

وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ

اور جب ان کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں جو بالکل صاف صاف ہیں تو یہ لوگ جن کو ہمارے پاس آنے کی امید نہیں

---

[1] یونس: ۱۴

[2] تفسیر طبری ۱۵، ۳۹

لِقَآءَنَا ائۡتِ بِقُرۡاٰنٍ غَيۡرِ هٰذَاۤ اَوۡ بَدِّلۡهُ ؕ قُلۡ مَا يَكُوۡنُ

یوں کہتے ہیں کہ اس کے سوا کوئی دوسرا قرآن لائیے یا اس میں کچھ ترمیم کر دیجئے، آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) یوں کہہ دیجئے کہ مجھے یہ حق

لِىۡۤ اَنۡ اُبَدِّلَهٗ مِنۡ تِلۡقَآئِ نَفۡسِىۡ ۚ اِنۡ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوۡحٰۤى اِلَىَّ ۚ اِنِّىۡۤ اَخَافُ

نہیں کہ میں اپنی طرف سے اس میں ترمیم کر دوں بس میں تو اس کی اتباع کروں گا جو میرے پاس وحی کے ذریعے پہنچا ہے،

اِنۡ عَصَيۡتُ رَبِّىۡ عَذَابَ يَوۡمٍ عَظِيۡمٍ ۞ قُلۡ لَّوۡ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوۡتُهٗ عَلَيۡكُمۡ

اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں ایک بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ رکھتا ہوں، آپ یوں کہہ دیجئے کہ اگر اللہ کو منظور

وَلَاۤ اَدۡرٰٮكُمۡ بِهٖ ‌ۖ فَقَدۡ لَبِثۡتُ فِيۡكُمۡ عُمُرًا مِّنۡ قَبۡلِهٖ ؕ

ہوتا تو نہ میں تم کو وہ پڑھ کر سناتا اور نہ اللہ تعالیٰ تم کو اس کی اطلاع دیتا کیونکہ میں اس سے پہلے تو ایک بڑے حصہ عمر تک تم میں

اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ۞ فَمَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنِ افۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوۡ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ

رہ چکا ہوں، پھر کیا تم عقل نہیں رکھتے، سو اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا اس کی آیتوں کو جھوٹا بتلائے،

اِنَّهٗ لَا يُفۡلِحُ الۡمُجۡرِمُوۡنَ ۞ (یونس ۱۵ تا ۱۷)

یقیناً ایسے مجرموں کو اصلاً فلاح نہ ہوگی۔

کفار کی بدترین حجتیں:

مشرکین مکہ قرآن کریم کو اللہ کی طرف سے منزل نہیں بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصنیف قرار دیتے تھے جو اللہ کی طرف منسوب کر دیا گیا ہے، قریش مکہ نے جب دیکھا کہ ان کے ظلم وستم سے معاملہ بگڑ رہا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو دین پیش کر رہے ہیں وہ معاشرہ میں جڑ پکڑ رہا ہے تو انہوں نے ایک سیاسی چال چلی، انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یہ تجویز رکھی کہ آپ لوگ غیر نہیں بلکہ ہمارے بھائی بند ہیں، ہمیں آپ کی مخالفت کر کے خوشی نہیں بلکہ دکھ ہوتا ہے، آپ کے اخلاق وکردار کو دیکھ کر ہمیں توقع تھی کہ آپ بنی ہاشم کی قیادت کریں گے تو ہم سب کے وقار میں اضافہ ہوگا، چنانچہ ہماری خواہش ہے کہ آپ اپنی تعلیم کے ان حصوں میں جو ہماری پریشانی کا باعث بنتے ہیں کچھ ترمیم کر کے ہم لوگوں کے لیے قابل قبول بنا دیں کیونکہ ہماری عادات پختہ ہو چکی ہیں جس کے باعث آپ کے بتلائے ہوئے احکام کی موجودہ شکل میں لوگوں کے لیے ان پر عمل کرنا بہت مشکل ہے، اگر آپ کچھ ردوبدل کر دیں گے تو لوگوں کے لیے آپ کی باتوں کو ماننا ممکن ہو جائے گا اور اس طرح وہ آپ کا دین قبول کر لیں گے، انہی کے اس قول کے بارے میں فرمایا کہ جب انہیں اللہ تعالیٰ کی الوہیت ووحدانیت کے واضح دلائل وبراہین پیش کیے جاتے ہیں تو وہ لوگ جو حیات بعد الموت کے قائل نہیں ہیں، ڈھٹائی اور تعصب سے کہتے ہیں کہ توحید وآخرت، جزا وسزا اور قطعی اور حتمی اخلاقی پابندیوں کی بحث چھوڑو اور اس کے بجائے کوئی اور قرآن تصنیف کرو جس میں قوم کا بھلا ہو اور اگر تم اپنی دعوت کو بالکل ہی نہیں

بدلنا چاہتے تو کم از کم اتنی ہی لچک پیدا کر دو کہ ہمارے اور تمہارے درمیان کم و بیش پر مصالحت ہو سکے، یہی مضمون ایک اور مقام پر بھی فرمایا

وَإِنْ كَادُوا لَيَفْتِنُونَكَ عَنِ الَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهُ ۖ وَإِذًا لَّاتَّخَذُوكَ خَلِيلًا ﴿٧٣﴾ وَلَوْلَا أَن ثَبَّتْنَاكَ لَقَدْ كِدتَّ تَرْكَنُ إِلَيْهِمْ شَيْئًا قَلِيلًا ﴿٧٤﴾ إِذًا لَّأَذَقْنَاكَ ضِعْفَ الْحَيَاةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيرًا ﴿٧٥﴾ [1]

ترجمہ: اے محمد (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) ان لوگوں نے اس کوشش میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی کہ تمہیں فتنے میں ڈال کر اس وحی سے پھیر دیں جو ہم نے تمہاری طرف بھیجی ہے تا کہ تم ہمارے نام پر اپنی طرف سے کوئی بات گھڑو اگر تم ایسا کرتے تو وہ ضرور تمہیں اپنا دوست بنا لیتے اور بعید نہ تھا کہ اگر ہم تمیں مضبوط نہ رکھتے تو تم ان کی طرف کچھ نہ کچھ جھک جاتے، لیکن اگر تم ایسا کرتے تو ہم تمہیں دنیا میں بھی دوہرے عذاب کا مزہ چکھاتے اور آخرت میں بھی دوہرے عذاب کا پھر ہمارے مقابلے میں تم کوئی مددگار نہ پاتے۔

ان دونوں باتوں کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ! ان سے کہو مجھے یہ زیبا ہے نہ میرے لائق ہے کہ اپنی طرف سے کلام الٰہی میں کوئی تغیر و تبدل کر دوں، میں تو بس ایک رسول ہوں میرے اختیار میں کچھ نہیں ہے، میں تو اس وحی کا پیرو ہوں جو مجھ پر نازل کی جاتی ہے، جیسے فرمایا

۔۔۔ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ ۔۔ [2]

ترجمہ: میں تو صرف اس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو مجھ پر نازل کی جاتی ہے۔

قُلْ إِنَّمَا أَتَّبِعُ مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ مِن رَّبِّي ۔۔۔ ﴿٢٠٣﴾ [3]

ترجمہ: ان سے کہو میں تو صرف اس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو میرے رب نے میری طرف بھیجی ہے۔

وَاتَّبِعْ مَا يُوحَىٰ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ ۔۔۔ ﴿٢﴾ [4]

ترجمہ: پیروی کرو اس بات کی جس کا اشارہ تمہارے رب کی طرف سے تمہیں کیا جا رہا ہے۔

۔۔۔ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ ۔۔۔ ﴿٩﴾ [5]

ترجمہ: میں تو صرف اس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو میرے پاس بھیجی جاتی ہے۔

اب اگر تم دین کو قبول کرتے ہو تو پورے کے پورے کو تسلیم کرو ورنہ پورے کے پورے کو رد کر دو، جیسے فرمایا

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ادْخُلُوا فِي السِّلْمِ كَافَّةً ۔۔۔ ﴿٢٠٨﴾ [6]

[1] بنی اسرائیل ۷۳تا۷۵

[2] ۔الانعام ۵۰

[3] الاعراف ۲۰۳

[4] الاحزاب ۲

[5] الاحقاف ۹

[6] البقرة ۲۰۸

ترجمہ: اے ایمان لانے والو! تم پورے کے پورے اسلام میں آجاؤ۔

ایسا نہیں ہوسکتا کہ اپنے مطلب کا کچھ قبول کرلو اور جو تمہیں ناپسند ہو قبول نہ کرو، مزید تاکید کے طور پر فرمایا اگر میں اللہ کی نافرمانی کروں یا کلام الٰہی میں معمولی سی بھی کمی بیشی کا ارتکاب کروں تو میں یوم عظیم کے عذاب سے محفوظ نہیں رہ سکتا مجھے ایک بڑے ہولناک دن کے عذاب کا ڈر ہے، اور کہو اگر اللہ کی مشیت یہی ہوتی تو میں یہ قرآن تمہیں کبھی نہ سناتا اور اللہ تمہیں اس کی خبر تک نہ دیتا، آخر دعویٰ نبوت سے قبل چالیس سال میں تمہارے درمیان گزار چکا ہوں، میری زندگی کا کوئی پہلو تم لوگوں سے چھپا ہوا نہیں ہے، تم جانتے ہو کہ میں لکھنا پڑھنا نہیں جانتا، میں نے کبھی کسی سے درس اور تعلیم حاصل نہیں کی ہے، دوسرے تم میری امانت وصداقت کے بھی قائل رہے ہو، جب میں نے انسانوں سے کبھی جھوٹ نہیں بولا تو اب کیا میں اللہ پر افترا باندھنا شروع کر دوں کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے، شاہ روم ہرقل نے ابوسفیان اور ان کے ساتھیوں سے رسول اللہ ﷺ کی صفات دریافت کرتے ہوئے پوچھا تھا

فَهَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا قَالَ؟ قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَقُلْتُ: لَا

کیا دعویٰ نبوت سے پہلے کبھی تم نے اس پر دروغ گوئی کا الزام لگایا ہے؟ تو ابوسفیان کو باوجود دشمن اور کافر ہونے کے کہنا پڑا کہ نہیں، یہ ہے آپ ﷺ کی صداقت جو دشمنوں کی زبان سے بھی بے ساختہ ظاہر ہوتی ہے،

وَالفَضْلُ مَا شَهِدَتْ بِهِ الأَعداءُ ،الحق ماشهدت به الاعداءُ

اور خوبی وہ ہے جس کا دشمن بھی اعتراف کریں اور حق وہ ہے جس کی دشمن بھی گواہی دیں۔

تمام گفتگو کے بعد ہرقل نے نتیجہ بیان کرتے ہوئے کہا تھا

فَقَدْ عَرَفْتُ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِيَدَعَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ، ثُمَّ يَذْهَبَ فَيَكْذِبَ عَلَى اللهِ

اس سے میں نے یہ نتیجہ نکالا کہ جب وہ لوگوں کے معاملات میں تو جھوٹ نہ بولے اور اللہ پر کیوں جھوٹ وبہتان باندھ لے۔[1]

حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَلَامٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ، انْجَفَلَ النَّاسُ قِبَلَهُ، وَقِيلَ: قَدْ قَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَدْ قَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ، قَدْ قَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ ثَلَاثًا، فَجِئْتُ فِي النَّاسِ، لِأَنْظُرَ، فَلَمَّا تَبَيَّنْتُ وَجْهَهُ، عَرَفْتُ أَنَّ وَجْهَهُ لَيْسَ بِوَجْهِ كَذَّابٍ، فَكَانَ أَوَّلُ شَيْءٍ سَمِعْتُهُ تَكَلَّمَ بِهِ، أَنْ قَالَ:يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَفْشُوا السَّلَامَ، وَأَطْعِمُوا الطَّعَامَ، وَصِلُوا الْأَرْحَامَ، وَصَلُّوا بِاللَّيْلِ، وَالنَّاسُ نِيَامٌ، تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ

عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب نبی کریم ﷺ (مکہ مکرمہ سے مدینہ معظمہ) ہجرت کر کے تشریف لائے تو لوگ آپ کو دیکھنے کے لئے گئے اور کہنے لگے اللہ کے رسول ﷺ تشریف لائے، اللہ کے رسول تشریف لائے تین بار، میں بھی آپ ﷺ کو دیکھنے کے لئے گیا جب میں نے آپ کا چہرہ مبارک دیکھا تو پہچان گیا کہ یہ چہرہ کسی جھوٹے آدمی کا نہیں ہوسکتا جب میں قریب گیا تو سب سے پہلے آپ کی زبان سے یہ کلام سنا اے لوگو سلام پھیلاؤ، غریبوں مساکین کو کھانا کھلاؤ اور صلہ رحمی قائم رکھو اور راتوں کو لوگوں کی نیند کے وقت تہجد کی

[1] صحیح بخاری کتاب بدء الوحی باب كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟۷،صحیح مسلم کتاب الجهادبَابُ كِتَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى هِرَقْلَ يَدْعُوهُ إِلَى الْإِسْلَامِ عن ابن عباس رضی اللہ عنہما ۴۶۰۷

نماز پڑھا کرو تو سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔ [۱]

پھر اس سے بڑھ کر ظالم اور کون ہو گا جو ایک جھوٹی بات گھڑ کر اللہ کی طرف منسوب کرے یا اللہ کی واقعی آیات کو جھوٹا قرار دے، جیسے فرمایا

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ شَيْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ... ۝۹۳ [۲]

ترجمہ: اور اس شخص سے بڑا ظالم اور کون ہو گا جو اللہ پر جھوٹا بہتان گھڑے یا کہے کہ مجھ پر وحی آئی ہے درآں حالے کہ اس پر کوئی وحی نازل نہ کی گئی ہو یا جو اللہ کی نازل کردہ چیز کے مقابلے میں کہے کہ میں بھی ایسی چیز نازل کر کے دکھا دوں گا؟۔

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:أَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَجُلٌ قَتَلَ نَبِيًّا، أَوِ قَتَلَهُ نَبِيٌّ، وَإِمَامُ ضَلَالَةٍ

عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے روز سب سے زیادہ عذاب اس شخص کو ہو گا جس نے کسی نبی کو قتل کیا ہو گا یا نبی نے اسے قتل کیا ہو گا اور کفر و شرک کی نشر و اشاعت کرنے والا، دین میں نئی نئی بدعتیں نکالنے والا، اللہ کی زمین میں فتنہ و فساد برپا کرنے والا، ناحق قتل کرنے والا۔ [۳]

یقیناً مجرم کبھی فلاح نہیں پا سکتے۔

وَ يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَ لَا يَنْفَعُهُمْ وَ يَقُوْلُوْنَ

اور یہ لوگ اللہ کے سوا ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو نہ ان کو ضرر پہنچا سکیں اور نہ ان کو نفع پہنچا سکیں اور کہتے ہیں کہ

هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ قُلْ اَتُنَبِّـُٔوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ

یہ اللہ کے پاس ہمارے سفارشی ہیں، آپ کہہ دیجئے کہ تم اللہ کو ایسی چیز کی خبر دیتے ہو جو اللہ تعالیٰ کو معلوم نہیں، ن

فِي السَّمٰوٰتِ وَ لَا فِي الْاَرْضِ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۱۸ وَ مَا كَانَ النَّاسُ اِلَّآ

ہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں، وہ پاک اور برتر ہے ان لوگوں کے شرک سے، اور تمام لوگ ایک ہی امت کے تھے پھر انہوں

اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ؕ وَ لَوْ لَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ

نے اختلاف پیدا کر لیا اور اگر ایک بات نہ ہوتی جو آپ کے رب کی طرف سے پہلے ٹھہر چکی ہے تو جس چیز میں یہ لوگ

---

[۱] سنن ابن ماجه كتاب الطعمة باب بَابُ إِطْعَامِ الطَّعَامِ ۳۲۵۱، جامع ترمذى أَبْوَابُ صِفَةِ الْقِيَامَةِ وَالرَّقَائِقِ وَالْوَرَعِ باب حديث افشوالسلام ۲۴۸۵

[۲] الانعام ۹۳

[۳] مسند البزار ۱۷۲۸

فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿١٩﴾ (یونس ۱۹،۱۸)

اختلاف کر رہے ہیں ان کا قطعی فیصلہ ہو چکا ہوتا۔

یہ لوگ اللہ کی عبادت سے تجاوز کر کے ان کی پرستش کر رہے ہیں جو ان کو نقصان پہنچا سکتے ہیں نہ نفع، یعنی وہ معبود ہیں جن کے اختیار میں کچھ بھی نہیں، اور انہیں اللہ کے درمیان واسطہ اور وسیلہ سمجھ کر کہتے یہ ہیں کہ یہ اپنے عقیدت مندوں کو اللہ سے قریب اور سفارش کر کے ان کی ضرورتیں پوری کرا دیتے ہیں، اور بگڑی بنوا دیتے ہیں، اس غلط عقیدے کی تردید میں فرمایا اے محمد ﷺ! ان سے کہو اللہ جو علام الغیوب ہے، جس نے آسمانوں اور زمین کی ہر چیز کا احاطہ کر رکھا ہے اس کو تو اس بات کا علم نہیں ہے کہ اس کا کوئی شریک ہے یا اس کی بارگاہ میں سفارشی بھی ہوں گے، اللہ تعالیٰ ہر طرح کے شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں پاک اور بالا و برتر ہے، جیسے فرمایا

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿٦٢﴾ [1]

ترجمہ: یہ اس لئے کہ اللہ ہی حق ہے اور وہ سب باطل ہیں جنہیں اللہ کو چھوڑ کر یہ لوگ پکارتے ہیں، اور اللہ ہی بالادست اور بزرگ ہے۔

ابتداء سارے انسان ایک ہی دین اور ایک ہی طریقے پر تھے اور وہ تھا دین اسلام، بعد میں انہوں نے اپنی خواہش نفس کے مطابق مختلف عقیدے اور مسلک بنا لئے،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ بَيْنَ نُوحٍ، وَآدَمَ، عَشْرَةُ قُرُونٍ، كُلُّهُمْ عَلَى شَرِيعَةٍ مِنَ الْحَقِّ، فَاخْتَلَفُوا

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں آدم علیہ السلام اور نوح علیہ السلام کے درمیان دس صدیوں یا نسلوں کا فاصلہ ہے وہ سب کے سب شریعت حقہ پر (کاربند) تھے، بعد میں لوگوں میں اختلاف رونما ہو گیا اور بتوں وغیرہ کی پرستش کی جانے لگی۔ [2]

اور اگر تیرے رب کی طرف سے پہلے ہی ایک بات طے نہ کر لی گئی ہوتی کہ نافرمانوں کو مہلت دینی ہے اور ان کے گناہوں کی پاداش میں ان کا فوری مواخذہ نہیں کرنا تو جس چیز میں وہ باہم اختلاف کر رہے ہیں اس کا فیصلہ کر دیا جاتا، پھر مومن کامیاب رہتے اور کافر ناکام۔

وَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ لَاۤ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ

اور یہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ ان پر ان کے رب کی جانب سے کوئی نشانی کیوں نہیں نازل ہوتی؟ سو آپ فرما دیجئے کہ غیب کی خبر

لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَ اِذَاۤ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ

صرف اللہ کو ہے سو تم بھی منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں، اور جب ہم لوگوں کو اس امر کے بعد کہ ان پر کوئی مصیبت

ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْۤ اٰيَاتِنَا ؕ قُلِ اللّٰهُ

پڑ چکی ہو کسی نعمت کا مزہ چکھا دیتے ہیں تو وہ تو فوراً ہی ہماری آیتوں کے بارے میں چالیں چلنے لگتے ہیں، آپ کہہ دیجئے کہ اللہ

---

[1] الحج ۶۲

[2] تفسیر طبری ۲۷۵؍۴

اَسۡرَعُ مَكۡرًا ؕ اِنَّ رُسُلَنَا يَكۡتُبُوۡنَ مَا تَمۡكُرُوۡنَ ۝۲۱ هُوَ الَّذِىۡ يُسَيِّرُكُمۡ

چال چلنے میں تم سے زیادہ تیز ہے، بالیقین ہمارے فرشتے تمہاری سب چالوں کو لکھ رہے ہیں، وہ اللہ ایسا ہے کہ تم کو خشکی

فِى الۡبَرِّ وَالۡبَحۡرِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا كُنۡتُمۡ فِى الۡفُلۡكِ ۚ وَجَرَيۡنَ بِهِمۡ بِرِيۡحٍ طَيِّبَةٍ

اور دریا میں چلاتا ہے، یہاں تک کہ جب تم کشتی میں ہوتے ہو اور وہ کشتیاں لوگوں کو موافق ہوا کے ذریعے سے لے کر

وَّفَرِحُوۡا بِهَا جَآءَتۡهَا رِيۡحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ الۡمَوۡجُ مِنۡ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوۡۤا

چلتی ہیں اور وہ لوگ ان سے خوش ہوتے ہیں ان پر ایک جھونکا سخت ہوا کا آتا ہے اور ہر طرف سے ان پر موجیں اٹھتی چلی آتی ہیں

اَنَّهُمۡ اُحِيۡطَ بِهِمۡ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ مُخۡلِصِيۡنَ لَهُ الدِّيۡنَ ۚ لَئِنۡ اَنۡجَيۡتَنَا

اور وہ سمجھتے ہیں کہ (برے) آ گھرے، (اس وقت) سب خالص اعتقاد کر کے اللہ ہی کو پکارتے ہیں کہ اگر تو ہم کو اس سے بچالے

مِنۡ هٰذِهٖ لَنَكُوۡنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيۡنَ ۝۲۲ فَلَمَّاۤ اَنۡجٰىهُمۡ اِذَا هُمۡ يَبۡغُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ بِغَيۡرِ

تو ہم ضرور شکر گزار بن جائیں گے، پھر جب اللہ تعالیٰ ان کو بچالیتا ہے تو فوراً ہی وہ زمین میں ناحق سرکشی کرنے لگتے ہیں،

الۡحَقِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغۡيُكُمۡ عَلٰۤى اَنۡفُسِكُمۡ ۙ مَّتَاعَ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ۙ

اے لوگو! یہ تمہاری سرکشی تمہارے لیے وبال ہونے والی ہے دنیاوی زندگی کے (چند) فائدے ہیں،

ثُمَّ اِلَيۡنَا مَرۡجِعُكُمۡ فَنُنَبِّئُكُمۡ بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ۝۲۳ (یونس ۲۰ تا ۲۳)

پھر ہمارے پاس تم کو آنا ہے پھر ہم سب تمہارا کیا ہوا تم کو بتلادیں گے۔

معجزہ طلب کرنے والے:

اور یہ مکذبین تفریح طبع کے طور پر کہتے ہیں کہ اس نبی پر اس کی نبوت کی صداقت کے ثبوت کے طور پر کوئی بڑا اور واضح معجزہ کیوں نہیں دکھایا جاتا جیسے صالح علیہ السلام کی قوم ثمود کے لئے اونٹنی کے معجزہ کا ظہور ہوا، یا یہ نبی صفا پہاڑی کو سونے کا بنادے یا مکہ مکرمہ کے چاروں طرف جلی ہوئی سنگلاخ پہاڑیوں کو ختم کر کے ان کی جگہ نہریں اور باغات اگادے، یا اسی قسم کا کوئی اور معجزہ صادر کر کے دکھادے تو ہم اس کی رسالت کو تسلیم کر لیں گے،

قَالُوا: يَا مُحَمَّدُ، فَإِنْ كُنْتَ غَيْرَ قَابِلٍ مِنَّا شَيْئًا مِمَّا عَرَضْنَاهُ عَلَيْكَ فَإِنَّكَ قَدْ عَلِمْتَ أَنَّهُ لَيْسَ مِنَ النَّاسِ أَحَدٌ أَضْيَقَ بَلَدًا، وَلَا أَقَلَّ مَاءً، وَلَا أَشَدَّ عَيْشًا مِنَّا، فَسَلْ لَنَا رَبَّكَ الَّذِي بَعَثَكَ بِمَا بَعَثَكَ بِهِ، فَلْيُسَيِّرْ عَنَّا هَذِهِ الْجِبَالَ الَّتِي قَدْ ضَيَّقَتْ عَلَيْنَا، وَلْيَبْسُطْ لَنَا بِلَادَنَا، وَلْيُفَجِّرْ لَنَا فِيهَا أَنْهَارًا كَأَنْهَارِ الشَّامِ وَالْعِرَاقِ، وَلْيَبْعَثْ لَنَا مَنْ مَضَى مِنْ آبَائِنَا، وَلْيَكُنْ فِيمَنْ يُبْعَثُ لَنَا مِنْهُمْ قُصَيُّ بْنُ كِلَابٍ، فَإِنَّهُ كَانَ شَيْخَ صِدْقٍ، فَنَسْأَلُهُمْ عَمَّا تَقُولُ: أَحَقٌّ هُوَ أَمْ بَاطِلٌ،

قریش نے کہااے محمد (ﷺ)! تم تو جانتے ہو کہ کوئی شہر ہمارے شہر سے زیادہ تنگ نہیں ہو گا اور نہ ایسی پانی کی قلت ہو گی اور نہ کسی جگہ اس طرح گزارہ مشکل ہو گا جیسا کہ ہمارے اس شہر میں ہے لہذا تم اپنے اس اللہ سے جس نے تم کو نبی بنایا ہے دعا کرو کہ وہ ان پہاڑوں کو دور کر دے جنہوں نے ہمارے شہر کو تنگ کر رکھا ہے اور یہاں ایسے چشمے بہادے جیسے ملک شام میں اور عراق میں بہتے ہیں، اور ہمارے باپ دادا جو مر گئے ہیں ان کو زندہ کر دے تاکہ ہم ان سے تمہارے قول کی تصدیق کریں اور ان میں قصیٰ بن کلاب بھی زندہ ہو کر آئے کیونکہ وہ بہت سچا شخص تھا اس کی گواہی سے ہم کو معلوم ہو جائے گا کہ تم جو کہتے ہو یہ حق ہے یا باطل،

فَإِنْ صَدَّقُوكَ وَصَنَعْتَ مَا سَأَلْنَاكَ صَدَّقْنَاكَ، وَعَرَفْنَا بِهِ مَنْزِلَتَكَ مِنْ اللَّهِ، قَالُوا: فَإِذَا لَمْ تَفْعَلْ هَذَا لَنَا، فَخُذْ لِنَفْسِكَ، سَلْ رَبَّكَ أَنْ يَبْعَثَ مَعَكَ مَلَكًا يُصَدِّقُكَ بِمَا تَقُولُ، وَيُرَاجِعُنَا عَنْكَ وَسَلْهُ فَلْيَجْعَلْ لَكَ جِنَانًا وَقُصُورًا وَكُنُوزًا مِنْ ذَهَبٍ وَفِضَّةٍ يُغْنِيكَ بِهَا عَمَّا نَرَاكَ تَبْتَغِي، فَإِنَّكَ تَقُومُ بِالْأَسْوَاقِ كَمَا نَقُومُ، وَتَلْتَمِسُ الْمَعَاشَ كَمَا نَلْتَمِسُهُ، حَتَّى نَعْرِفَ فَضْلَكَ وَمَنْزِلَتَكَ مِنْ رَبِّكَ إنْ كُنْتَ رَسُولًا كَمَا تَزْعُمُ،

اور اگر ان لوگوں نے تمہاری تصدیق کی تو ہم جان لیں گے کہ بے شک تمہیں اللہ نے بھیجا ہے اور تمہاری عزت و منزلت ہم پر ثابت ہو جائے گی، اور کہنے لگے اگر تم ہمارے لیے یہ کام نہیں کر سکتے تو اپنے لیے ہی یہ کام کر لو، اپنے پروردگار سے دعا کرو کہ وہ تمہارے ساتھ کوئی فرشتہ تمہارے تصدیق کے لیے بھیجے اور تمہارے لیے تمہارا پروردگار نہریں اور باغ اور محل پیدا کر دے اور سونے اور چاندی کے خزانے عنایت کر دے تاکہ تمہیں وہ مشقت نہ اٹھانی پڑے جو اب کرتے ہو تم بازاروں میں معاش کی تلاش میں چلتے پھرتے ہو جیسا کہ ہم چلتے پھرتے ہیں، اگر یہ باتیں ہو جائیں کہ بے شک تم رسول ہو اور تمہارے لیے عزت و منزلت ہے جیسا کہ تم کہتے ہو۔[1]

اللہ تعالیٰ نے ان کے اس سوال کے جواب میں ایک مقام پر فرمایا

تَبٰرَكَ الَّذِیْٓ اِنْ شَاۗءَ جَعَلَ لَكَ خَیْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ وَیَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ۝۱۰ بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ ۣ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِیْرًا ۝۱۱ [2]

ترجمہ: بڑا بابرکت ہے وہ جو اگر چاہے تو ان کی تجویز کردہ چیزوں سے بھی زیادہ بڑھ چڑھ کر تم کو دے سکتا ہے، (ایک نہیں) بہت سے باغ جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں، اور بڑے بڑے محل، اصل بات یہ ہے کہ یہ لوگ اس گھڑی کو جھٹلا چکے ہیں اور جو اس گھڑی کو جھٹلائے اس کے لیے ہم نے بھڑکتی ہوئی آگ مہیا کر رکھی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے نبی ﷺ! ان سے کہو غیب کا مالک و مختار تو اللہ تعالیٰ ہی ہے، یعنی تمام امور و معاملات اللہ ہی کے ہاتھ میں ہیں اگر وہ چاہے تو تمہاری خواہشات کے مطابق وہ معجزے تو ظاہر کر کے دکھلا سکتا ہے لیکن اس کے بعد بھی اگر تم ایمان نہ لائے تو پھر اللہ کا قانون یہ ہے کہ وہ ایسی قوم پر عذاب نازل کر کے صفحہ ہستی سے مٹا دیتا ہے، اس لئے اس بات کا علم صرف اسی کو ہے کہ کسی قوم کے لئے اس کے مطالبہ کے

---

[1] ابن ہشام ۲۹۶؍۱، الروض الانف ۶۴؍۳

[2] الفرقان ۱۰، ۱۱

مطابق معجزے ظاہر کر دینا اس کے حق میں بہتر ہے یا نہیں، اور اسی طرح اس بات کا علم بھی صرف اللہ تعالیٰ ہی کو ہے کہ ان کے مطلوبہ معجزے اگر ان کو نہ دکھائے تو انہیں کتنی مہلت دی جائے، چنانچہ تم لوگ بھی اللہ کے فیصلہ کا انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں، اور اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے کہ تمہارا مطالبہ صرف ضد اور ہٹ دھرمی کی بنیاد پر ہے، اس لیے اگر اللہ تعالیٰ کوئی نشانی ظاہر کر بھی دے تو تم اس پر ایمان نہیں لاؤ گے، جیسے فرمایا

وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ۝ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۝ [1]

ترجمہ: اگر ہم ان پر آسمان کا کوئی دروازہ کھول دیتے اور وہ دن دہاڑے اس میں چڑھنے بھی لگتے تب بھی وہ یہی کہتے کہ ہماری آنکھوں کو دھوکا ہو رہا ہے بلکہ ہم پر جادو کر دیا گیا ہے۔

وَاِنْ يَّرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَآءِ سَاقِطًا يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ ۝ [2]

ترجمہ: یہ لوگ آسمان کے ٹکڑے بھی گرتے ہوئے دیکھ لیں تو کہیں گے یہ بادل ہیں جو امڈے چلے آ رہے ہیں۔

وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ [3]

ترجمہ: اے پیغمبر ﷺ! اگر ہم تمہارے اوپر کوئی کاغذ میں لکھی لکھائی کتاب بھی اتار دیتے اور لوگ اسے اپنے ہاتھوں سے چھو کر بھی دیکھ لیتے تب بھی جنہوں نے حق کا انکار کیا وہ یہی کہتے کہ یہ تو صریح جادو ہے۔

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ۝ [4]

ترجمہ: اگر ہم فرشتے بھی ان پر نازل کر دیتے اور مردے ان سے باتیں کرتے اور دنیا بھر کی چیزوں کو ہم ان کی آنکھوں کے سامنے جمع کر دیتے تب بھی یہ ایمان لانے والے نہ تھے، الا یہ کہ مشیّت الٰہی یہی ہو کہ وہ ایمان لائیں، مگر اکثر لوگ نادانی کی باتیں کرتے ہیں۔

لوگوں کے ضمیر کا حال یہ ہے کہ جب اللہ نے قحط سالی کے بعد بارش برسا دی جس سے شادابی آ گئی اور ان کی تکالیف دور ہو گئیں تو اس دوران اپنے خود ساختہ معبودوں کی بے بسی اور لاچاری دیکھ کر بھی یہ کفر پر جمے رہنے اور راہ راست اختیار نہ کرنے کے لئے ہزار قسم کی توجہات اور تاویلات کرنی شروع کر دیتے ہیں، جیسے فرمایا:

وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ

[1] الحجر ۱۴، ۱۵

[2] الطور ۴۴

[3] الانعام ۷

[4] الانعام ۱۱۱

لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّیُضِلَّ عَنْ سَبِیْلِهٖ ۸ [1]

ترجمہ:انسان پر جب کوئی آفت آتی ہے تو وہ اپنے رب کی طرف رجوع کر کے اسے پکارتا ہے پھر جب اس کا رب اسے اپنی نعمت سے نوازتا ہے تو وہ اس مصیبت کو بھول جاتا ہے جس پر وہ پہلے پکار رہا تھا اور دوسروں کو اللہ کا ہمسر ٹھہراتا ہے تا کہ اس کی راہ سے گمراہ کرے۔

عَنْ زَیْدِ بْنِ خَالِدٍ الجُهَنِيِّ، أَنَّهُ قَالَ:صَلَّى لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلاَةَ الصُّبْحِ بِالحُدَیْبِیَةِ عَلَى إِثْرِ سَمَاءٍ كَانَتْ مِنَ اللَّیْلَةِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: هَلْ تَدْرُونَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوا: اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: أَصْبَحَ مِنْ عِبَادِي مُؤْمِنٌ بِي وَكَافِرٌ، فَأَمَّا مَنْ قَالَ: مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللَّهِ وَرَحْمَتِهِ، فَذَلِكَ مُؤْمِنٌ بِي وَكَافِرٌ بِالكَوْكَبِ، وَأَمَّا مَنْ قَالَ: بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا، فَذَلِكَ كَافِرٌ بِي وَمُؤْمِنٌ بِالكَوْكَبِ

زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حدیبیہ میں نماز فجر پڑھائی اور رات کو بارش ہو چکی تھی، نماز سے فارغ ہونے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کی طرف منہ کیا اور پھر پوچھا جانتے ہو رات کو تمہارے رب نے کیا فرمایا ہے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول خوب جانتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے رب کا ارشاد ہے کہ صبح ہوئی تو میرے کچھ بندے مجھ پر ایمان لائے اور کچھ میرے منکر ہوئے، جس نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی رحمت سے ہمارے لئے بارش ہوئی تو وہ میرا مومن ہے اور ستاروں کا منکر اور جس نے کہا کہ فلاں تارے کی فلانی جگہ پر آنے سے بارش ہوئی وہ میرا منکر ہے اور ستاروں کا مومن۔ [2]

اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! ان سے کہو اللہ کی تدبیر اور اس کی حکمت عملی تم سے کہیں زیادہ بہتر ہے، اگر تم ایمان نہیں لاتے تو اللہ ایک وقت مقررہ تک تمہیں ڈھیل دے گا، تمہارے رزق اور نعمتوں میں بے پناہ اضافہ فرما دے گا، پھر دنیا کی رنگینیوں میں ڈوب کر جو کرتوت تم کرو گے اس کے مقررہ امین فرشتے تمہاری ہر طرح کی مکاریوں اور چالبازیوں کو قلم بند کرتے رہیں گے حتی کہ تم اچانک موت کے شکنجے میں کس دیے جاؤ گے، پھر تمہارے یہ نامہ اعمال روز محشر اللہ کی بارگاہ میں پیش کیے جائیں گے جن کا تمہیں حساب دینا ہو گا، وہ اللہ ہی ہے جس نے تم کو زمین پر چلنے کے لئے پاؤں اور سوار ہونے کے لئے اونٹ اور گھوڑے وغیرہ مہیا کیے اور سمندروں میں سفر کرنے اور باربرداری کے لئے کشتیاں اور بڑے بڑے جہاز تیار کرنے کی عقل وفہم دی، چنانچہ جب تم کشتیوں میں سوار ہو کر باد موافق پر فرحاں وشاداں سفر کر رہے ہوتے ہو اور پھر یکایک تند وتیز زناٹے دار ہوائیں چلنا شروع ہو جاتی ہیں، جس سے وہ سخت ہواؤں کے تھپیڑوں اور تلاطم خیز موجوں میں گھر جاتے ہیں، کشتی تنکے کی طرح جھکولے اور ڈگمگانے لگتی ہے اور موت ان کو سامنے کھڑی نظر آنے لگتی ہے، اس وقت کٹے سے کٹے مشرک اور سخت سے سخت دہریے جن کی فطرت میں توحید کا سبق پڑا ہوا ہے اپنے باطل عقائد کو بھول کر خشوع وخضوع سے صرف اللہ وحدہ لاشریک سے دعائیں مانگنے لگتے ہیں کہ اگر تو نے ہم کو اس بلا سے نجات دے دی تو باقی عمر ہم تیرے شکر گزار بندے بن کر رہیں گے، مگر جب وہ ان کو طوفان سے بچا کر زمین پر پہنچا دیتا ہے تو پھر وہی لوگ حق سے منحرف ہو کر گمراہی وضلالت کی وادیوں میں بھٹکنے لگتے ہیں، جیسے فرمایا

---

[1] الزمر ۸

[2] صحیح بخاری کتاب الاذان بَابُ یَسْتَقْبِلُ الإِمَامُ النَّاسَ إِذَا سَلَّمَ ۸۴۶، صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ بَیَانِ كُفْرِ مَنْ قَالَ: مُطِرْنَا بِالنَّوْءِ ۲۳۱، مسند احمد ۱۷۰۶۱، السنن الکبری للبیہقی ۳۰۳۰

وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الۡبَحۡرِ ضَلَّ مَنۡ تَدۡعُوۡنَ اِلَّاۤ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمۡ اِلَى الۡبَرِّ اَعۡرَضۡتُمۡ‌ ؕ وَكَانَ الۡاِنۡسَانُ كَفُوۡرًا ۞ [1]

ترجمہ: جب سمندر میں تم پر مصیبت آتی ہے تو اس ایک کے سوا دوسرے جن جن کو تم پکارا کرتے ہو وہ سب گم ہو جاتے ہیں، مگر جب وہ تم کو بچا کر خشکی پر پہنچا دیتا ہے تو تم اس سے منہ موڑ جاتے ہو، انسان واقعی بڑا ناشکرا ہے۔

چنانچہ مروی ہے جب عکرمہ کو خبر ملی کہ نبی کریم ﷺ نے ان کا خون مباح کر دیا ہے تو

أنه ركب البحر فأصابتهم ريح عاصف فنادى عِكْرِمَةُ: اللَّاتَ وَالْعُزَّى،فَقَالَ أَصْحَابُ السَّفِينَةِ أَخْلِصُوا فَإِنَّ آلِهَتَكُمْ لَا تُغْنِي عَنْكُمْ شَيْئًا هَاهُنَافَقَالَ عِكْرِمَةُ: وَاللهِ لَئِنْ لَمْ يُنَجِّنِي فِي الْبَحْرِ إِلَّا الْإِخْلَاصُ مَا يُنَجِّينِي فِي الْبَرِّ غَيْرُهُ، اللهُمَّ إِنَّ لَكَ عَلَيَّ عَهْدًا إِنْ أَنْتَ عَافَيْتَنِي مِمَّا أَنَا فِيهِ أَنْ آتِيَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَضَعَ يَدِي فِي يَدِهِ، فَلَأَجِدَنَّهُ عَفُوًّا كَرِيمًا

یہ مکہ مکرمہ سے فرار ہو کر ساحل پر پہنچے اور یمن جانے کے لئے ایک کشتی میں سوار ہو گئے مگر اللہ کی قدرت کہ کشتی ابھی کچھ ہی دور گئی تھی کہ تند و تیز ہواؤں نے کشتی کو گھیر لیا جس سے کشتی ڈوبنے لگی اور مسافروں کو اپنی جان کے لالے پڑ گئے، اس خطرناک موقعہ پر دوسرے مسافروں کی طرح عکرمہ نے بھی اپنے معبود لات وعزیٰ کو مدد کے لئے پکارا مگر کشتی کے ملاحوں نے کہا اس وقت لات وعزیٰ کچھ کام نہ دیں گے ایک اللہ کو پکارو وہی ہمیں اس طوفان سے نکال سکتا ہے، اسی وقت عکرمہ کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ اگر دریا میں اللہ کے علاوہ کوئی مدد نہیں کر سکتا تو خشکی میں بھی اللہ کے سوا کوئی مددگار اور حاجت روا نہیں ہو سکتا اسی وقت اپنے دل میں پکا عہد کر لیا اے اللہ! میں تجھ سے پکا عہد کرتا ہوں کہ اگر تو نے اس مصیبت سے نجات دے دی تو میں ضرور محمد رسول اللہ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر اپنا ہاتھ ان کے ہاتھ میں دے دوں گا اور یقیناً ان کو بڑا معاف کرنے والا اور درگزر کرنے والا پاؤں گا۔ [2]

چنانچہ اللہ جو بندوں کی دعاؤں کو سنتا اور پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات دیتا ہے اس نے کشتی کو بحفاظت پار لگا دیا اور عکرمہ بن ابی جہل نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر صدق دل سے اسلام قبول کر لیا۔

لوگو! دنیا کے چند ٹکڑوں اور اس کا مال وجاہ پر اللہ کی یہ ناشکری اور سرکشی پر تمہارا اپنا ہی نقصان ہو رہا ہے،

عَنْ أَبِي بَكْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَا مِنْ ذَنْبٍ أَجْدَرُ أَنْ يُعَجِّلَ اللَّهُ تَعَالَى لِصَاحِبِهِ الْعُقُوبَةَ فِي الدُّنْيَا، مَعَ مَا يَدَّخِرُ لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِثْلُ الْبَغْيِ وَقَطِيعَةِ الرَّحِمِ

ابی بکرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کوئی گناہ اس لائق نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کی سزا دنیا میں بھی جلدی دے دے اور اس

---

[1] بنی اسرائیل ٦٧

[2] السنن الکبری للنسائی ٣٥١٦، دلائل النبوۃ للبیہقی ٥٫٥٨، البدایۃ والنہایۃ ٤٫٣٤١، شرح الزرقانی علی المواہب ٣٫٤٢٤، السیرۃ النبویۃ لابن کثیر ٣٫٥٦٥

کے ساتھ ساتھ آخرت میں بھی اس کی سزا جمع رکھے جیسے کہ ظلم وزیادتی اور قطع رحمی ہے۔ [1]

تم اس دنیا فانی کے چند روزہ مزے لوٹ لو آخر کار تمہیں ہماری طرف ہی پلٹ کر آنا ہے، اس وقت ہم تمہیں تمہارے اعمال بد کی دردناک سزادیں گے۔

اِنَّمَا مَثَلُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ

پس دنیاوی زندگی کی حالت تو ایسی ہے جیسے ہم نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس سے زمین کی نباتات، جن کو

مِمَّا یَاْكُلُ النَّاسُ وَ الْاَنْعَامُ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَ ازَّیَّنَتْ وَ ظَنَّ

آدمی اور چوپائے کھاتے ہیں، خوب گنجان ہو کر نکلی، یہاں تک کہ جب وہ زمین اپنی رونق کا پورا حصہ لے چکی اور اس کی

اَهْلُهَاۤ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَیْهَاۤ ۙ اَتٰىهَاۤ اَمْرُنَا لَیْلًا اَوْ نَهَارًا

خوب زیبائش ہو گئی اور اس کے مالکوں نے سمجھ لیا کہ اب ہم اس پر بالکل قابض ہو چکے تو دن میں یا رات میں اس پر ہماری

فَجَعَلْنٰهَا حَصِیْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ

طرف سے کوئی حکم (عذاب) آپڑا سو ہم نے اس کو ایسا صاف کر دیا کہ گویا کل وہ موجود ہی نہ تھی، ہم اس طرح آیات کو صاف

لِقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَ اللّٰهُ یَدْعُوْۤا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ؕ وَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ

صاف بیان کرتے ہیں ایسے لوگوں کے لیے جو سوچتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ سلامتی کے گھر کی طرف تم کو بلاتا ہے اور جس کو چاہتا ہے

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۲۵﴾ لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَ زِیَادَةٌ ؕ وَ لَا یَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ

راہ راست پر چلنے کی توفیق دیتا ہے، جن لوگوں نے نیکی کی ہے ان کے واسطے خوبی ہے اور مزید برآں بھی، اور ان کے چہروں

قَتَرٌ وَّ لَا ذِلَّةٌ ؕ اُولٰٓىٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَ الَّذِیْنَ كَسَبُوا

پر نہ سیاہی چھائے گی اور نہ ذلت، یہ لوگ جنت میں رہنے والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، اور جن لوگوں نے بد کام کیے

السَّیِّاٰتِ جَزَآءُ سَیِّئَةٍۭ بِمِثْلِهَا ۙ وَ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ

ان کی بدی کی سزا اس کے برابر ملے گی اور ان کی ذلت چھائے گی، ان کو اللہ تعالیٰ سے کوئی نہ بچا سکے گا،

---

[1] سنن ابوداودکتاب الادب بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنِ الْبَغْيِ ۴۹۰۲،جامع ترمذی أَبْوَابُ صِفَةِ الْقِيَامَةِ وَالرَّقَائِقِ وَالْوَرَعِ باب یدخلون الجنة بغیر حساب ۲۵۱۱،سنن ابن ماجه کتاب الزهدبَابُ الْبَغْيِ ۴۲۱۱

كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

گویا ان کے چہروں پر اندھیری رات کے پرت کے پرت لپیٹ دیے گئے ہیں، یہ لوگ دوزخ میں رہنے والے ہیں،

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷﴾ (یونس ۲۴ تا ۲۷)

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

لوگو! دنیا کی یہ چند روزہ زندگی جس کی رنگینیوں میں ڈوب کر تم ہماری ہر سو بکھری نشانیوں سے غفلت برت رہے ہو اس کی مثال ایسی ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی برسایا تو زمین پر ہر طرف ہریالی چھا گئی، طرح طرح کی پیداوار نے نشو و نما پائی اور خوب سرسبز و گنجان ہو کر نکلیں جسے آدمی اور چوپائے سب کھاتے ہیں، پھر عین اس وقت جب کہ زمین کی پیداوار اپنی بہار پر تھی اور کھیتیاں بنی سنوری کھڑی تھیں اور ان کے مالک سمجھ رہے تھے کہ اب ہم ان سے فائدہ اٹھانے پر قادر ہیں ناگہاں رات کو یا دن کو ہمارا عذاب آ گیا اور ہم نے فصل کو ایسا غارت کر کے رکھ دیا کہ گویا کل وہاں کوئی پیداوار تھی ہی نہیں،

وَقَالَ قَتَادَةُ: {كَأَنْ لَمْ تَغْنَ} كَأَنَّ لَمْ تَنْعَمْ

قتادہ رحمہ اللہ آیت کریمہ ''گویا کل وہ موجود ہی نہ تھی۔'' کے بارے میں فرماتے ہیں کہ گویا وہاں کسی نعمت کا وجود ہی نہ تھا۔[1]

اللہ تعالیٰ نے اس مضمون کو متعدد مقامات پر بیان فرمایا

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَاۗءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَاۗءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ... ﴿۴۵﴾ [2]

ترجمہ: اور اے نبی! انہیں حیات دنیا کی حقیقت اس مثال سے سمجھاؤ کہ آج ہم نے آسمان سے پانی برسا دیا تو زمین کی پود خوب گھنی ہو گئی اور کل وہی نباتات بھس بن کر رہ گئی جسے ہوائیں اڑائے پھرتی ہیں۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۲۱﴾ [3]

ترجمہ: کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس کو سوتوں اور چشموں اور دریاؤں کی شکل میں زمین کے اندر جاری کیا، پھر اس پانی کے ذریعہ سے وہ طرح طرح کی کھیتیاں نکالتا ہے جن کی قسمیں مختلف ہیں، پھر وہ کھیتیاں پک کر سوکھ جاتی ہیں، پھر تم دیکھتے ہو کہ وہ زرد پڑ گئیں، پھر آخر کار اللہ ان کو بھس بنا دیتا ہے، درحقیقت اس میں ایک سبق ہے عقل رکھنے والوں کے لئے۔

اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ۭ كَمَثَلِ غَيْثٍ

---

[1] تفسیر طبری ۱۵/۵۸

[2] الکہف ۴۵

[3] الزمر ۲۱

اَعۡجَبَ الۡكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيۡجُ فَتَرٰىهُ مُصۡفَرًّا ثُمَّ يَكُوۡنُ حُطٰمًا ... ﴿۲۰﴾ [۱]

ترجمہ:خوب جان لوکہ یہ دنیا کی زندگی اس کے سوا کچھ نہیں کہ ایک کھیل اور دل لگی اور ظاہری ٹیپ ٹاپ اور تمہارا آپس میں ایک دوسرے پر فخر جتانا اور مال و اولاد میں ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوشش کرنا ہے،اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک بارش ہوگئی تو اس سے پیدا ہونے والی نباتات کو دیکھ کر کاشت کار خوش ہو گئے پھر وہی کھیتی پک جاتی ہے اور تم دیکھتے ہو کہ وہ زرد ہو گئی پھر وہ بھس بن کر رہ جاتی ہے۔

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُؤْتَى بِأَنْعَمِ أَهْلِ الدُّنْيَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُصْبَغُ فِي النَّارِ صَبْغَةً، ثُمَّ يُقَالُ: يَا ابْنَ آدَمَ هَلْ رَأَيْتَ خَيْرًا قَطُّ؟ هَلْ مَرَّ بِكَ نَعِيمٌ قَطُّ؟ فَيَقُولُ: لَا، وَاللهِ يَا رَبِّ وَيُؤْتَى بِأَشَدِّ النَّاسِ بُؤْسًا فِي الدُّنْيَا، مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَيُصْبَغُ صَبْغَةً فِي الْجَنَّةِ، فَيُقَالُ لَهُ: يَا ابْنَ آدَمَ هَلْ رَأَيْتَ بُؤْسًا قَطُّ؟ هَلْ مَرَّ بِكَ شِدَّةٌ قَطُّ؟ فَيَقُولُ: لَا، وَاللهِ يَا رَبِّ مَا مَرَّ بِي بُؤْسٌ قَطُّ، وَلَا رَأَيْتُ شِدَّةً قَطُّ

انس رضی اللہ عنہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن اہل دوزخ میں سے اس شخص کو لایا جائے گا جو دنیاداروں میں آسودہ تر اور خوش عیش تھا اسے دوزخ میں ایک بار غوطہ دیا جائے گا اور پھر اس پوچھا جائے گا کہ اے آدم کے بیٹے! کیا تو نے کبھی دنیا میں آرام بھی دیکھا تھا؟ کیا کبھی تو نے چین سے بھی گزارا تھا؟ وہ کہے گا اللہ کی قسم! کبھی نہیں اے رب!اور اہل جنت میں سے اس شخص کو لایا جائے گا جو دنیا میں سب لوگوں سے زیادہ سخت تکلیف میں رہا تھا اسے جنت میں ایک بار غوطہ دیا جائے گا اور اس سے پوچھا جائے گا اے آدم کے بیٹے!تو نے کبھی دنیا میں تکلیف بھی دیکھی؟ کیا کبھی تم پر شدت اور رنج بھی گزرا تھا؟وہ جواب دے گا اللہ کی قسم! میں نے پوری زندگی میں کبھی رنج والم کا نام بھی نہیں سنا۔[۲]

اس طرح ہم سوچنے سمجھنے والوں کے لئے اپنی نشانیاں کھول کھول کر پیش کرتے ہیں، تاکہ وہ عبرت حاصل کریں،تم اپنی جہالت اور غفلت میں اس ناپائیدار زندگی کے طلسم میں مبتلا ہو رہے ہو جبکہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے تمہیں پکار پکار کر اس طریقے کی طرف بلا رہا ہے جو اخروی زندگی میں تمہیں جنت کا مستحق بنا دے،جو ہمیشہ کی نعمتوں اور ابدی راحتوں والی جگہ ہے،

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ:إِنِّي رَأَيْتُ فِيَ الْمَنَامِ كَأَنَّ جِبْرَائِيلَ عِنْدَ رَأْسِي وَمِيكَائِيلَ عِنْدَ رِجْلَيَّ، يَقُولُ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: اضْرِبْ لَهُ مَثَلًا فَقَالَ: اسْمَعْ سَمِعَتْ أُذُنُكَ، وَاعْقِلْ عَقَلَ قَلْبُكَ، إِنَّمَا مَثَلُكَ وَمَثَلُ أُمَّتِكَ كَمَثَلِ مَلِكٍ اتَّخَذَ دَارًا ثُمَّ بَنَى فِيهَا بَيْتًا ثُمَّ جَعَلَ فِيهَا مَأْدُبَةً ثُمَّ بَعَثَ رَسُولًا يَدْعُو النَّاسَ إِلَى طَعَامِهِ، فَمِنْهُمْ مَنْ أَجَابَ الرَّسُولَ وَمِنْهُمْ مَنْ تَرَكَهُ فَاللَّهُ الْمَلِكُ، وَالدَّارُ الْإِسْلَامُ، وَالْبَيْتُ الْجَنَّةُ، وَأَنْتَ يَا مُحَمَّدُ الرَّسُولُ، مَنْ أَجَابَكَ دَخَلَ الْإِسْلَامَ، وَمَنْ دَخَلَ الْإِسْلَامَ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَمَنْ دَخَلَ الْجَنَّةَ أَكَلَ مِنْهَا

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور آپ نے فرمایا میں نے خواب میں دیکھا کہ

[۱] الحدید۲۰

[۲] صحیح مسلم کتاب صفات المافقین بَابُ صَبْغِ أَنْعَمِ أَهْلِ الدُّنْيَا فِي النَّارِ وَصَبْغِ أَشَدِّهِمْ بُؤْسًا فِي الْجَنَّةِ ۷۰۸۸، مسند احمد ۱۳۱۱۲،شرح السنة للبغوی ۴۴۰۴

جبریل علیہ السلام میرے سر کے پاس اور میکائیل علیہ السلام میرے دونوں پاؤں کے پاس ہیں، ان میں سے ایک نے دوسرے سے کہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مثال بیان کیجئے تو اس نے کہا سنیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کان سنتے ہیں اور غور فرمائیں آپ کا دل سمجھتا ہے، آپ کی اور آپ کی امت کی مثال اس بادشاہ کی سی ہے جس نے ایک محل بنایا پھر اس میں ایک گھر (کمرہ) بنایا پھر اس گھر میں ایک دستر خوان سجایا پھر ایک پیغمبر کو بھیج دیا تا کہ وہ لوگوں کو بادشاہ کی طرف سے دعوت طعام دے، تو کچھ لوگوں نے اس دعوت کو قبول کر لیا اور کچھ نے انکار کر دیا، چنانچہ (اس مثال کی وضاحت یہ ہے کہ) اللہ بادشاہ ہے اور محل اسلام ہے اور گھر جنت ہے اور اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ اللہ تعالیٰ کے پیغمبر ہیں، جو آپ کی دعوت کو قبول کرے گا وہ اسلام میں داخل ہو جائے گا جو اسلام قبول کرے گا وہ جنت میں داخل ہو جائے گا اور جو جنت میں داخل ہو گیا تو وہ اس (جنت کی انواع واقسام کی لازوال نعمتوں) سے شاد کام ہو گا۔ [۱]

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا طَلَعَتْ شَمْسٌ قَطُّ إِلَّا بُعِثَ بِجَنْبَتَيْهَا مَلَكَانِ يُنَادِيَانِ، يُسْمِعَانِ أَهْلَ الْأَرْضِ إِلَّا الثَّقَلَيْنِ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ هَلُمُّوا إِلَى رَبِّكُمْ فَإِنَّ مَا قَلَّ وَكَفَى خَيْرٌ مِمَّا كَثُرَ وَأَلْهَى

ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر دن سورج کے طلوع ہونے کے وقت اس کے دونوں جانب دو فرشتے ہوتے ہیں جو بآواز بلند انسانوں اور جنوں کے سوا سب کو سنا کر کہتے ہیں اے لوگو! اپنے رب کی طرف آؤ، جو کم ہو یا کافی ہو وہ بہتر ہے اس سے جو زیادہ ہو اور غافل کر دے۔ [۲]

ہدایت اللہ کے اختیار میں ہے جس کو چاہتا ہے راہ راست کی طرف رہنمائی کر دیتا ہے، اس کے لئے اپنی رحمت کو مختص کر دیتا ہے، جن لوگوں نے دعوت حق قبول کی اور اعمال صالحہ اختیار کیے ان کے لئے دنیا و آخرت میں بھلائی ہی بھلائی ہے، روز محشر اللہ اپنے فضل و کرم سے ان کے نیک عملوں کی جزا ایک کے بدلے سات سو تک بڑھا کر دے گا، اپنے مخصوص بندوں کو شفاعت کی اجازت بھی بخشے گا، اور ان کی شفاعت قبول بھی فرمائے گا اور پھر مزید اپنے دیدار سے بھی مشرف فرمائے گا، اور اس عظیم الشان نعمت کے مقابلے میں جنت کی تمام نعمتیں ہیچ ہوں گی، جیسے فرمایا

هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ [۳]

ترجمہ: نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے۔

کفار و مشرکین کی طرح ان کے چہرے ذلت و رسوائی اور لعنت و پھٹکار سے محفوظ ہوں گے بلکہ اہل ایمان کے چہرے تروتازہ اور روشن ہوں گے، جیسے فرمایا:

يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ... ﴿۱۰۶﴾ [۴]

---

[۱] تفسیر طبری ۱۶؍۱۵

[۲] مسند احمد ۲۱۷۲۱، شعب الایمان ۳۱۳۹

[۳] الرحمٰن ۶۰

[۴] آل عمران ۱۰۶

ترجمہ: جبکہ کچھ لوگ سرخ رو ہوں گے۔

وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ مُّسۡفِرَةٌ ۝٣٨ ضَاحِكَةٌ مُّسۡتَبۡشِرَةٌ ۝٣٩ [۱]

ترجمہ: کچھ چہرے اس روز دمک رہے ہوں گے، ہشاش بشاش اور خوش وخرم ہوں گے۔

تَعۡرِفُ فِيۡ وُجُوۡهِهِمۡ نَضۡرَةَ النَّعِيۡمِ ۝٢٤ [۲]

ترجمہ: ان کے چہروں پر تم خوشحالی کی رونق محسوس کرو گے۔

فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الۡيَوۡمِ وَلَقّٰىهُمۡ نَضۡرَةً وَّسُرُوۡرًا ۝١١ [۳]

ترجمہ: پس اللہ تعالیٰ انہیں اس دن کے شر سے بچالے گا اور انہیں تازگی اور سرور بخشے گا۔

وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۝٢٢ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝٢٣ [۴]

ترجمہ: اس روز کچھ چہرے تروتازہ ہوں گے، اپنے رب کی طرف دیکھ رہے ہوں گے۔

(اللہ تعالیٰ ہمیں بھی انہی میں شامل فرمادے)

اللہ انہیں دائمی طور پر حسن وجمال میں کامل جنت اور اس کی انواع واقسام کی لازوال نعمتوں میں داخل فرمائے گا جس پر وہ اللہ کا شکر ادا کریں گے،

عَنْ صُهَيْبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، وَأَهْلُ النَّارِ النَّارَ، نَادَى مُنَادٍ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ، إِنَّ لَكُمْ عِنْدَ اللَّهِ مَوْعِدًا يُرِيدُ أَنْ يُنْجِزَكُمُوهُ، فَيَقُولُونَ: وَمَا هُوَ؟ أَلَمْ يُثَقِّلْ مَوَازِينَنَا، وَيُبَيِّضْ وُجُوهَنَا، وَيُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ، وَيُجِرْنَا مِنَ النَّارِ قَالَ:فَيُكْشَفُ لَهُمُ الْحِجَابُ فَيَنْظُرُونَ إِلَيْهِ قَالَ:فَوَاللَّهِ مَا أَعْطَاهُمْ شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ إِلَيْهِ، وَلَا أَقَرَّ لِأَعْيُنِهِمْ

صہیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اہل جنت، جنت میں داخل ہوجائیں گے، اور دوزخی جہنم میں داخل ہوجائیں گے اس وقت ایک پکارنے والا پکارے گا کہ اے جنتیو! اللہ کے پاس تمہارا ایک وعدہ ہے اور وہ اس کو پورا کرنا چاہتا ہے، اہل جنت کہیں گے وہ کیا وعدہ ہے؟ کیا اللہ نے ہمارے اعمال بھاری نہیں کر دیئے اور ہمارے چہرے نورانی نہیں کر دیئے اور کیا ہمیں جنت میں داخل نہیں کر دیا اور جہنم سے نجات دے دی، اب بھلا کون سی نعمت باقی رہتی ہے؟ اسی وقت حجاب ہٹ جائے گا اور یہ اپنے پروردگار کے چہرہ انور کا دیدار کریں گے، واللہ! انہیں کسی چیز میں وہ لذت وسرور حاصل نہ ہوا ہوگا جو اللہ کے دیدار میں ہوگا۔ [۵]

---

[۱] عبس ۳۸، ۳۹

[۲] المطففین ۲۴

[۳] الدھر ۱۱

[۴] القیامۃ ۲۳،۲۲

[۵] مسند احمد ۱۸۹۳۵، صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ إِثْبَاتِ رُؤْيَةِ الْمُؤْمِنِينَ فِي الْآخِرَةِ رَبَّهُمْ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى ۴۴۹، جامع ترمذی ابواب الجنۃ بَابُ مَا جَاءَ فِي رُؤْيَةِ الرَّبِّ تَبَارَكَ وَتَعَالَى ۲۵۵۲، سنن ابن ماجہ کتاب السنۃ بَابٌ فِيمَا أَنْكَرَتِ الْجَهْمِيَّةُ ۱۸۷

اور جن لوگوں نے دعوت حق کی تکذیب کی اور برے اعمال کرتے رہے، ان کی برائی کا بدلہ برائی کے مثل ہی ملے گا، ذلت ومسکنت ان پر مسلط ہو گی، جیسے فرمایا:

وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ ... ﴿٤٥﴾ [1]

ترجمہ: اور تم دیکھو گے کہ یہ جہنم کے سامنے جب لائے جائیں گے تو ذلت کے مارے جھکے جارہے ہوں گے۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۬ؕ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْاَبْصَارُ ﴿٤٢﴾ مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۚ وَاَفْـِٕدَتُهُمْ هَوَآءٌ ﴿٤٣﴾ [2]

ترجمہ: اب یہ ظالم لوگ جو کچھ کر رہے ہیں اللہ کو تم اس سے غافل نہ سمجھو اللہ تو انہیں ٹال رہا ہے اس دن کے لیے جب حال یہ ہو گا کہ آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی ہیں، سر اٹھائے بھاگے چلے جارہے ہیں، نظریں اوپر جمی ہیں اور دل اڑے جاتے ہیں۔

اللہ مالک یوم الدین کے عذاب سے ان کو بچانے والا کوئی نہ ہو گا، جیسے فرمایا:

يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ اَيْنَ الْمَفَرُّ ﴿١٠﴾ كَلَّا لَا وَزَرَ ﴿١١﴾ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ الْمُسْتَقَرُّ ﴿١٢﴾ [3]

ترجمہ: اس وقت یہی انسان کہے گا کہاں بھاگ کر جاؤں؟ ہرگز نہیں، وہاں کوئی جائے پناہ نہ ہو گی، اس روز تیرے رب ہی کے سامنے جا کر ٹھہرنا ہو گا۔

نجات سے مایوس ہو کر ان کے چہروں پر رات کی تاریکی کی مانند سیاہی چھائی ہوئی ہو گی۔

يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ ۣ اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿١٠٦﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ۭ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿١٠٧﴾ [4]

ترجمہ: جب کہ کچھ لوگ سرخ رو ہوں گے اور کچھ لوگوں کا منہ کالا ہو گا، جن کا منہ کالا ہو گا (ان سے کہا جائے گا کہ) نعمت ایمان پانے کے بعد بھی تم نے کافرانہ رویہ اختیار کیا؟ اچھا تو اب اس کفران نعمت کے صلہ میں عذاب کا مزہ چکھو، رہے وہ لوگ جن کے چہرے روشن ہوں گے تو ان کو اللہ کے دامن رحمت میں جگہ ملے گی اور ہمیشہ وہ اسی حالت میں رہیں گے۔

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ﴿٣٨﴾ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿٣٩﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ﴿٤٠﴾ [5]

ترجمہ: کچھ چہرے اس روز دمک رہے ہوں گے ہشاش بشاش اور خوش وخرم ہوں گے، اور کچھ چہروں پر اس روز خاک اڑ رہی ہو گی۔

وہ دائمی طور پر عذاب جہنم میں داخل کیے جائیں گے، یعنی عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی۔

---

[1] الشوریٰ ۴۵

[2] ابراہیم ۴۳،۴۲

[3] القیامۃ ۱۰تا۱۲

[4] آل عمران ۱۰۷،۱۰۶

[5] عبس ۳۸تا۴۰

وَ يَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَ شُرَكَآؤُكُمْ

اور وہ دن بھی قابل ذکر ہے جس روز ہم ان سب کو جمع کریں گے پھر مشرکین سے کہیں گے کہ تم اور تمہارے شریک اپنی

فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَ قَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۸﴾

جگہ ٹھہرو پھر ہم ان کی آپس میں پھوٹ ڈال دیں گے اور ان کے وہ شرکا کہیں گے کہ تم ہماری عبادت نہیں کرتے تھے؟

فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنَنَا وَ بَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿۲۹﴾

سو ہمارے تمہارے درمیان اللہ کافی ہے گواہ کے طور پر کہ ہم کو تمہاری عبادت کی خبر بھی نہ تھی،

هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ وَ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ

اس مقام پر ہر شخص اپنے اگلے کئے ہوئے کاموں کی جانچ کرلے گا اور یہ لوگ اللہ کی طرف جو ان کا مالک حقیقی ہے لوٹائے

وَ ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۳۰﴾ (یونس ۲۸ تا ۳۰)

جائیں گے اور جو کچھ جھوٹ باندھا کرتے تھے سب ان سے غائب ہو جائیں گے۔

جس روز ہم روئے زمین کے تمام انسانوں اور جنوں کو میدان محشر میں جمع کریں گے، جیسے فرمایا

...فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾ (۱)

ترجمہ: اور ہم تمام انسانوں کو اس طرح گھیر کر جمع کریں گے کہ (اگلوں پچھلوں میں سے) ایک بھی نہ چھوٹے گا۔

پھر اہل ایمان اور اہل کفر وشرک دونوں کو الگ الگ ایک دوسرے سے ممتاز کر دیا جائے گا۔

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ (۲)

ترجمہ: اور اے مجرمو! آج تم چھٹ کر الگ ہو جاؤ۔

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿۱۴﴾ (۳)

ترجمہ: جس روز ساعت برپا ہو گی، اس دن (سب انسان) الگ گروہوں میں بٹ جائیں گے۔

...يَوْمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ﴿۴۳﴾ (۴)

ترجمہ: اس دن لوگ پھٹ کر ایک دوسرے سے الگ ہو جائیں گے۔

(۱) الکہف ۴۷

(۲) یٰسین ۵۹

(۳) الروم ۱۴

(۴) الروم ۴۳

پروردگار عالم ملائکہ کے جھرمٹ میں میدان محشر میں تشریف لائے گا اور عدل وانصاف کے تمام تقاضوں کو بروئے کار لاکر فیصلے چکا دے گا،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ:فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَجْمَعُ اللَّهُ النَّاسَ يَوْمَ القِيَامَةِ فَيَقُولُ: مَنْ كَانَ يَعْبُدُ شَيْئًا فَلْيَتْبَعْهُ، فَيَتْبَعُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ الشَّمْسَ الشَّمْسَ،وَيَتْبَعُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ القَمَرَ القَمَرَ وَيَتْبَعُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ الطَّوَاغِيتَ الطَّوَاغِيتَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ لوگوں کو جمع کرے گا اور فرمائے گا کہ تم میں جو کوئی جس چیز کی پوجا پاٹ کیا کرتا تھا وہ اس کے پیچھے لگ جائے، چنانچہ جو سورج کی پوجا کرتا تھا وہ سورج کے پیچھے ہو جائے گا اور جو چاند کی پوجا کرتا تھا وہ چاند کے پیچھے ہو جائے گا، اور جو بتوں کی پوجا کرتا تھا وہ بتوں کے پیچھے لگ جائے گا (اسی طرح جو اس دنیا میں جن کی پرستش کرتا ہو گا اسی کے پیچھے لگ جائے گا)۔[1]

پھر اللہ ان لوگوں سے جو اپنے معبود حقیقی اللہ وحدہ لاشریک کو چھوڑ کر غیر اللہ کی پرستش واطاعت کرتے تھے، ان کی رضاو خوشنودی کے لئے رسوم عبادات بجالاتے تھے، انہیں نفع ونقصان پہنچانے پر قادر سمجھتے ہوئے مشکلات وپریشانیوں میں ان کو پکارتے تھے فرمائے گا کہ تم اور تمہارے خود ساختہ بنائے ہوئے معبود دونوں ٹھہر جاؤ تاکہ تمہارے اور تمہارے معبودوں کے درمیان فیصلہ ہو جائے، پھر اللہ ان کے درمیان تمیز پیدا فرما دے گا، دونوں گروہوں کی امتیازی حیثیت ایک دوسرے پر واضح ہو گی، متبعین اور عقیدت مند جان لیں گے یہ تھے ہمارے وہ معبود جن کی ہم دنیا میں پرستش کرتے تھے اور ان کے معبود جان لیں گے کہ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے انہیں معبود بنائے رکھا، تو فرشتے جن کو دنیا میں دیویاں قرار دے کر پرستش کی گئی، اور تمام جن، ارواح، اسلاف، اجداد، انبیاء، اولیاء اور شہداو غیرہ جن کو اللہ کی صفات میں شریک ٹھہرا کر پرستش واطاعت کی گئی تھی اپنے متبعین، پرستاروں اور عقیدت مندوں سے بیزاری کا اظہار کرتے ہوئے کہہ دیں گے کہ تم لوگ ہماری عبادت تو نہیں کرتے تھے اور نہ ہم نے تمہیں عبادت کرنے کا حکم دیا تھا۔

كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ۝ [2]

ترجمہ: ہرگز نہیں، وہ سب ان کی عبادت کا انکار کریں گے اور الٹے ان کے مخالف بن جائیں گے۔

اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا ... ۝ [3]

ترجمہ: جب وہ سزا دے گا اس وقت کیفیت یہ ہو گی کہ وہی پیشوا اور رہنما جن کی دنیا میں پیروی کی گئی تھی اپنے پیروؤں سے بے تعلقی ظاہر کریں گے۔

حقیقت تو یہ ہے کہ تم نے شیطان مردود کی عبادت کی جس نے تمہیں شرک کی دعوت پیش کی، جیسے فرمایا:

---

[1] صحیح بخاری کتاب التوحیدبَابُ قَوْلِ اللهِ تَعَالَى وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إِلَى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۷۴۳۷،صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ مَعْرِفَةِ طَرِيقِ الرُّؤْيَةِ ۴۵۱

[2] مریم ۸۲

[3] البقرة۱۶۶

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۙ﴿۶۰﴾ [۱]

ترجمہ: آدم کے بچو! کیا میں نے تم کو ہدایت نہ کی تھی کہ شیطان کی بندگی نہ کرو وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

ہم تو اللہ تعالیٰ کو اس سے پاک اور منزہ گردانتے ہیں کہ اس کا کوئی شریک اور ہمسر ہو، اگر ہم جھوٹ بول رہے ہوں تو ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ کی گواہی کافی ہے کہ تم اگر ہماری عبادت کرتے بھی تھے تو ہم تمہاری دعاؤں، التجاؤں، پکار وفریادوں، نذرونیاز، چڑھاوے، تعریف ومدح، سجدہ ریزیوں اور آستانہ بوسیوں سے بالکل بے خبر تھے، جیسے فرمایا

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۵﴾ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۶﴾ [۲]

ترجمہ: آخر اس شخص سے زیادہ بہکا ہوا انسان اور کون ہوگا جو اللہ کو چھوڑ کر ان کو پکارے جو قیامت تک اسے جواب نہیں دے سکتے بلکہ اس سے بھی بے خبر ہیں کہ پکارنے والے ان کو پکار رہے ہیں اور جب تمام انسان جمع کیے جائیں گے اس وقت وہ اپنے پکارنے والوں کے دشمن اور ان کی عبادت کے منکر ہوں گے۔

اس وقت ہر شخص اپنے کیے کا مزا چکھ لے گا اگر اعمال اچھے ہوئے تو جزا ملے گی اور اگر اعمال برے ہوئے تو سزا ملے گی، سب اپنے حقیقی مالک کی طرف پھیر دیے جائیں گے یعنی بہتانوں کی حقیقت واضح ہو جائے گی اور اللہ کی بارگاہ میں کوئی معبود اور مشکل کشا کام نہ آئے گا۔

قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ

آپ کہئے کہ وہ کون ہے جو تم کو آسمان اور زمین سے رزق پہنچاتا ہے یا وہ کون ہے جو کانوں اور آنکھوں پر پورا اختیار رکھتا ہے

وَ مَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ يُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ مَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ

اور وہ کون ہے جو زندہ کو مردہ سے نکالتا ہے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے اور وہ کون ہے جو تمام کاموں کی تدبیر کرتا ہے؟

فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ

ضرور وہ یہی کہیں گے کہ "اللہ" تو ان سے کہیے کہ پھر کیوں نہیں ڈرتے، سو یہ ہے اللہ تعالیٰ جو تمہارا رب حقیقی ہے،

فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿۳۲﴾ كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ

پھر حق کے بعد اور کیا رہ گیا بجز گمراہی کے، پھر کہاں پھرے جاتے ہو، اسی طرح آپ کے رب کی یہ بات کہ ایمان نہ لائیں گے،

فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾ (یونس ۳۱ تا ۳۳)

تمام فاسق لوگوں کے حق میں ثابت ہو چکی ہے۔

---

[۱] یسین ۶۰

[۲] الاحقاف ۵،۶

اہل مکہ اللہ تعالیٰ کی خالقیت، مالکیت، ربوبیت اور مدبر الامور ہونے کو تسلیم کرتے تھے لیکن غیر اللہ کو اس کی الوہیت میں شریک قرار دیتے تھے، اس لئے ان پر حق واضح کرنے کے لئے فرمایا اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! ان سے پوچھو تم کو آسمان سے بارش برسا کر اور زمین سے انواع واقسام کی پیداوار اور باغات اگا کر کون رزق بہم پہنچاتا ہے؟ اگر اللہ تمہیں رزق دینا بند کر دے تو تمہارا کونسا معبود تمہیں رزق دے گا۔

اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ یَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ۔۔۔ ۲۱ [۱]

ترجمہ: یا پھر بتاؤ، کون ہے جو تمہیں رزق دے سکتا ہے اگر رحمن اپنا رزق روک لے؟۔

یہ سماعت اور بینائی کی قوتیں کس کے اختیار میں ہیں؟ اگر اللہ تمہیں ان قوتوں سے محروم کر دے تو تمہارا کونسا معبود تمہیں یہ قوتیں واپس دلادے گا۔

قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰی قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَیْرُ اللّٰهِ یَاْتِیْكُمْ بِهٖ۔۔۔ ۴۶ [۲]

ترجمہ: اے محمد (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم) ! ان سے کہو، کبھی تم نے یہ بھی سوچا کہ اگر اللہ تمہاری بینائی اور سماعت تم سے چھین لے اور تمہارے دلوں پر مہر کر دے تو اللہ کے سوا اور کونسا الٰہ ہے جو یہ قوتیں تمہیں واپس دلا سکتا ہو؟۔

کون بے جان میں جاندار کو اور جاندار میں سے بے جان کو نکالتا ہے؟ کون اس عظیم الشان کائنات کی تدبیر کر رہا ہے؟ وہ فوراً گواہی دیں گے کہ یہ تمام امور اللہ وحدہ لاشریک کے اختیار میں ہیں، تب الزامی حجت کے طور پر ان سے کہو پھر حق کو چھوڑ کر طاغوت کی بندگی کیوں کرتے ہو؟ اللہ کے ساتھ غیر اللہ کو شریک کیوں ٹھہراتے ہو؟ بے راہ روی چھوڑ کر تقویٰ اور پرہیز گاری کیوں اختیار نہیں کرتے؟ اللہ کی پکڑ سے تم ڈرتے نہیں، جب تم تسلیم کرتے ہو کہ کائنات کی ہر چیز کا خالق و مالک، مدبر، متصرف اور موت وحیات کا مالک اللہ ہی ہے تو تمہاری بندگی وعبادت کا مستحق اللہ ہی ہوا، پھر غیر اللہ کو اس کی توحید الوہیت و ربوبیت میں کیوں شریک کرتے ہو؟ جو خود اپنی ذات کے لئے کسی نفع و نقصان ، موت وحیات اور زندہ کرنے پر قادر نہیں، جیسے فرمایا:

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً لَّا یَخْلُقُوْنَ شَیْـًٔا وَّهُمْ یُخْلَقُوْنَ وَلَا یَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا یَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَیٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ۳ [۳]

ترجمہ: لوگوں نے اسے چھوڑ کر ایسے معبود بنالیے جو کسی چیز کو پیدا نہیں کرتے بلکہ خود پیدا کیے جاتے ہیں، جو خود اپنے لیے بھی کسی نفع یا نقصان کا اختیار نہیں رکھتے، جو نہ مار سکتے ہیں نہ جلا سکتے ہیں نہ مرے ہوئے کو پھر اٹھا سکتے ہیں۔

جن کا اقتدار میں کسی بھی لحاظ سے ذرہ بھر بھی حصہ اور شراکت نہیں، جو اس کی اجازت کے بغیر سفارش تک نہیں کر سکتے، اتنی سی بات تمہاری عقل وفہم میں نہیں سماتی؟ آخر تم آنکھیں بند کر کے غلط رہنمائی کرنے والوں کے پیچھے کیوں دوڑے چلے جارہے ہو؟ اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! دیکھو جس

---

[۱] الملک ۲۱

[۲] الانعام ۴۶

[۳] الفرقان ۳

طرح یہ مشرکین تمام تر اعتراف کے باوجود اپنے شرک پر قائم ہیں اور طاغوت کی بندگی سے تائب ہو کر اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی اور اطاعت کرنے کو تیار نہیں ہیں، اسی طرح تمہارے رب کی بات ثابت ہوگئی کہ وہ کھلی کھلی نشانیاں دیکھنے اور عام فہم دلیلیں سمجھانے کے باوجود ایمان نہیں لائیں گے اور خود اعتراف کرتے ہوئے کہیں گے۔

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَاۗءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۭ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧١﴾ [1]

ترجمہ: (اس فیصلہ کے بعد) وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا تھا جہنم کی طرف گروہ ہانکے جائیں گے یہاں تک کہ جب وہ وہاں پہنچیں گے تو اس کے دروازے کھولے جائیں گے اور اس کے کارندے ان سے کہیں گے کیا تمہارے پاس تمہارے اپنے لوگوں میں سے ایسے رسول نہیں آئے تھے جنھوں نے تم کو تمہارے رب کی آیات سنائی ہوں اور تمہیں اس بات سے ڈرایا ہو کہ ایک وقت تمہیں یہ دن بھی دیکھنا ہوگا؟ وہ جواب دیں گے ہاں، آئے تھے مگر عذاب کا فیصلہ کافروں پر چپک گیا۔

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَاۗىِٕكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۭ قُلِ اللّٰهُ

آپ یوں کہیے کہ تمہارے شرکاء میں کوئی ایسا ہے جو پہلی بار بھی پیدا کرے پھر دوبارہ بھی پیدا کرے؟ آپ کہہ دیجئے کہ اللہ

يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿٣٤﴾ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَاۗىِٕكُمْ

ہی پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر وہی دوبارہ بھی پیدا کرے گا، تم کہاں پھرے جاتے ہو؟ آپ کہئے کہ تمہارے شرکاء میں کوئی ایسا

مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ۭ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ

ہے کہ حق کا راستہ بتاتا ہے؟ آپ کہہ دیجئے کہ اللہ ہی حق کا راستہ بتاتا ہے، تو پھر آیا جو شخص حق کا راستہ بتاتا ہو وہ زیادہ

اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿٣٥﴾

اتباع کے لائق ہے یا وہ شخص جس کو بغیر بتائے خود ہی راستہ نہ سوجھے؟ پس تم کو کیا ہوگیا ہے کہ تم کیسے فیصلے کرتے ہو،

وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُھُمْ اِلَّا ظَنًّا ۭ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـــًٔا ۭ

اور ان میں سے اکثر لوگ صرف گمان پر چل رہے ہیں، یقیناً گمان، حق (کی معرفت) میں کچھ بھی کام نہیں دے سکتا، ی

اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٦﴾ (یونس ۳۴ تا ۳۶)

ہ جو کچھ کر رہے ہیں یقیناً اللہ کو سب خبر ہے۔

[1] الزمر ۷۱

ظن وتخمین بمقابلہ ایمان ویقین:

مشرکین کے معبودوں کی بےبسی ولاچاری اور ان کے عقائد کے کھوکھلے پن کو واضح کرنے کے لئے فرمایا اے نبی ﷺ! ان سے پوچھو جنہیں تم اللہ کا شریک گردانتے ہو کیا ان میں کوئی بغیر کسی شریک کی شراکت اور بغیر کسی معاون کی مدد کے تخلیق کی ابتدا کرتا اور پھر دوبارہ پیدا کرنے پر بھی قادر ہے؟ وہ جانتے ہیں کہ یقیناً وہ ایسا کرنے سے یکسر عاجز وکمزور ہیں، اس لئے جب وہ جواب دینے میں تامل کریں تو کہو صرف اللہ وحدہ لاشریک ہی تخلیق کی ابتدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ زندہ کر دینے پر قادر ہے، پھر تم اپنے خیر خواہ بن کر سوچتے نہیں کہ جب پیدا کرنے، آسمان وزمین سے رزق دینے اور موت دینے والا اللہ ہی ہے تو کیوں ایسی ہستیوں کی عبادت کر رہے ہو جو کچھ تخلیق کرنے سے قاصر بلکہ خود مخلوق ہیں، اے نبی ﷺ! ان منکرین سے پوچھو تم اللہ کے سوا جن جن مذہبی معبودوں اور تمدنی خداؤں کی پرستش واطاعت کرتے ہو کیا ان میں کوئی ایسا بھی ہے جو اپنے بیان اور رہنمائی یا اپنے الہام اور توفیق کے ذریعے راہ راست کی طرف رہنمائی کرتا ہو؟ جب وہ لاجواب ہو جائیں تو کہو وہ اللہ وحدہ لاشریک ہی ہے جو دلائل وبراہین اور الہام وتوفیق سے راست ترین راستے کی طرف گامزن ہونے میں مدد دیتا ہے، پھر بھلا بتاؤ جو حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے وہ اس کا زیادہ مستحق ہے کہ اس کی اطاعت کی جائے یا وہ جو اندھے اور بہرے ہونے کی وجہ سے خود راستے پر چل نہیں سکتا جب تک کہ دوسرے لوگ اسے راستے پر نہ ڈال دیں؟ جیسے فرمایا:

اَفَمَنْ یَّمْشِیْ مُكِبًّا عَلٰی وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤی اَمَّنْ یَّمْشِیْ سَوِیًّا عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۲۲ [1]

ترجمہ: بھلا سوچو جو شخص منہ اوندھائے چل رہا ہو وہ زیادہ صحیح راہ پانے والا ہے یا وہ جو سر اٹھائے سیدھا ایک ہموار سڑک پر چل رہا ہو؟۔

آخر تمہاری عقلوں کو کیا ہو گیا ہے کہ واضح دلائل کے باوجود تمہیں حق نظر نہیں آتا اور تم اس کی مخلوق کو اس کی عبادت میں شریک کر رہے ہو، حقیقت یہ ہے کہ ان میں سے اکثر لوگ محض قیاس وتصورات کے پیچھے چلے جا رہے ہیں حالاں کہ جانتے ہیں کہ دلائل کے مقابلے میں اوہام وخیالات اور ظن وگمان کوئی حیثیت نہیں رکھتا، مگر ہٹ دھرمی سے اوہام باطلہ اور ظنون فاسدہ کے پیچھے لگے ہوئے ہیں، جو اعمال یہ کر رہے ہیں اللہ ان کو خوب جانتا ہے اور وہ انہیں اس ہٹ دھرمی کی پوری پوری سزا دے گا۔

وَ مَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ یُّفْتَرٰی مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ لٰكِنْ تَصْدِیْقَ

اور یہ قرآن ایسا نہیں ہے کہ اللہ (کی وحی) کے بغیر (اپنے ہی سے) گھڑ لیا گیا ہو بلکہ یہ تو (ان کتابوں کی) تصدیق

الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ وَ تَفْصِیْلَ الْكِتٰبِ لَا رَیْبَ فِیْهِ مِنْ

کرنے والا ہے جو اس سے قبل (نازل) ہو چکی ہیں اور کتاب (احکام ضروریہ) کی تفصیل بیان کرنے والا ہے اس میں کوئی

رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۳۷ اَمْ یَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَ ادْعُوْا

بات شک کی نہیں کہ رب العالمین کی طرف سے ہے، کیا یہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ آپ نے اس کو گھڑ لیا ہے؟ آپ کہہ دیجئے

[1] الملک ۲۲

مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۸﴾ بَلْ كَذَّبُوْا

کہ پھر تم اس کے مثل ایک ہی سورت لاؤ اور جن جن غیر اللہ کو بلا سکو، بلا لو اگر تم سچے ہو، بلکہ ایسی چیز کی تکذیب کرنے

بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَ لَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ

لگے جس کو اپنے احاطہ علمی میں نہیں لائے اور ہنوز ان کو اس کا اخیر نتیجہ نہیں ملا، جو لوگ ان سے پہلے ہوئے ہیں اسی طرح

مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۹﴾ وَ مِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ

انہوں نے بھی جھٹلایا تھا، سو دیکھ لیجئے ان ظالموں کا انجام کیسا ہوا؟ اور ان میں سے بعض ایسے ہیں جو اس پر ایمان لے آئیں گے

وَ مِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَ رَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَ اِنْ

اور بعض ایسے ہیں کہ اس پر ایمان نہ لائیں گے، اور آپ کا رب مفسدوں کو خوب جانتا ہے، اور اگر

كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَ لَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْٓـُٔوْنَ مِمَّاۤ اَعْمَلُ

آپ کو جھٹلاتے رہیں تو یہ کہہ دیجئے کہ میرے لیے میرا عمل اور تمہارے لیے تمہارا عمل، تم میرے عمل

وَ اَنَا بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۱﴾ (یونس ۳۷ تا ۴۱)

سے بری ہو اور میں تمہارے عمل سے بری ہوں۔

تم لوگ کہتے ہو کہ نبی کریم ﷺ نے یہ عظیم الشان کلام خود تصنیف کر لیا ہے حالانکہ قرآن کی فصاحت و بلاغت، جو پاکیزہ تعلیمات پیش کر رہا ہے، مضامین کی عمدگی جو وہ بیان کر رہا ہے، صدیوں قبل تباہ شدہ اقوام کے عبرت ناک قصص و واقعات کو من و عن پیش کر رہا ہے اور مستقبل میں ظہور پذیر ہونے والے واقعات سے خبردار کر رہا ہے وہ ایسا نہیں ہے جو اللہ کی وحی و تعلیم کے بغیر تصنیف کر لیا جائے، جیسے فرمایا

لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ﴿۴۲﴾ [1]

ترجمہ: باطل نہ سامنے سے اس پر آ سکتا ہے نہ پیچھے سے، یہ ایک حکیم وحمید کی نازل کردہ چیز ہے۔

بلکہ یہ تو پہلے نازل شدہ کتابوں کی تصدیق و توثیق کرتا، ان میں جو تحریف، تبدیل یا تاویل کی گئی ہے اسے بے حجاب کرتا، حق و باطل کا فرق کرنے والا، حلال و حرام اور جائز و ناجائز کی تفصیل اور احکام دینیہ بیان کرتا ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ اس آخری کلام کو مالک الملک نے جو علام الغیوب ہے نے تمام دنیا کی ہدایت و رہنمائی کے لئے سید الامم ﷺ پر نازل کیا ہے، کفار و مشرکین کا دعویٰ تھا کہ یہ محمد رسول اللہ ﷺ کی تصنیف کردہ کتاب ہے چنانچہ سورۂ ھود میں چیلنج کیا گیا تھا کہ اگر تم قرآن مجید کو پیغمبر کی تصنیف سمجھتے ہو تو تم تمام جن و انس مل کر اس جیسی صرف دس سورتیں ہی پیش کرو۔

[1] حم السجدۃ ۴۲

اَمۡ یَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰىهُ ؕ قُلۡ فَاۡتُوۡا بِعَشۡرِ سُوَرٍ مِّثۡلِهٖ مُفۡتَرَیٰتٍ وَّادۡعُوۡا مَنِ اسۡتَطَعۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ ﴿۱۳﴾ (۱)

ترجمہ: کیا یہ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے یہ کتاب خود گھڑ لی ہے؟ کہو اچھا یہ بات ہے تو اس جیسی گھڑی ہوئی دس سورتیں تم بنالاؤ اور اللہ کے سوا اور جو جو (تمہارے معبود) ہیں ان کو مدد کے لئے بلا سکتے ہو تو بلا لو اگر تم (انہیں معبود سمجھنے میں) سچے ہو۔

اس مقام پر مزید تخفیف کرتے ہوئے فرمایا یہ لوگ پیغمبر پر بہتان لگاتے ہیں کہ اس عظیم الشان کلام کو اس نے خود تصنیف کر لیا ہے؟ بانگ دھل اعلان کر دو ان تمام حقائق و دلائل کے بعد بھی اگر تم اپنے دعویٰ میں سچے ہو تو اللہ وحدہ لاشریک کو چھوڑ کر دنیا بھر کے قابل ترین ادیبوں، فصحاوبلغا، اہل علم و دانش اور قلم کاروں کو اپنی مدد کے لئے جمع کر لو اور اس قرآن کی ایک چھوٹی سے چھوٹی سورۂ کے مثل بنا کر پیش کر دو، مگر اپنی زبان پر عبور رکھنے کے باوجود ان کے شاعروں اور عالموں کی گردنیں خم ہوگئیں، اور قرآن کا یہ دعویٰ قیامت تک کے لئے ہے مگر ابھی تک کوئی اہل دانش ایک سورۂ تصنیف نہیں کر سکا جو کہ قرآن کی حقانیت کی واضح دلیل ہے، جیسے فرمایا

قُلۡ لَّئِنِ اجۡتَمَعَتِ الۡاِنۡسُ وَالۡجِنُّ عَلٰۤى اَنۡ یَّاۡتُوۡا بِمِثۡلِ هٰذَا الۡقُرۡاٰنِ لَا یَاۡتُوۡنَ بِمِثۡلِهٖ وَلَوۡ كَانَ بَعۡضُهُمۡ لِبَعۡضٍ ظَهِیۡرًا ﴿۸۸﴾ (۲)

ترجمہ: کہہ دو کہ اگر انسان اور جن سب کے سب مل کر اس قرآن جیسی کوئی چیز لانے کی کوشش کریں تو نہ لا سکیں گے، چاہے وہ سب ایک دوسرے کے مددگار ہی کیوں نہ ہوں۔

فَاِنۡ لَّمۡ تَفۡعَلُوۡا وَلَنۡ تَفۡعَلُوۡا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِىۡ وَقُوۡدُهَا النَّاسُ وَالۡحِجَارَةُ ۖۚ اُعِدَّتۡ لِلۡكٰفِرِیۡنَ ﴿۲۴﴾ (۳)

ترجمہ: لیکن اگر تم نے ایسا نہ کیا اور یقیناً کبھی نہیں کر سکتے، تو ڈرو اس آگ سے جس کا ایندھن بنیں گے انسان اور پتھر جو مہیا کی گئی ہے منکرین حق کے لیے۔

موسیٰ علیہ السلام کے دور میں جادوگروں کا زور تھا چنانچہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو اس دور کے لحاظ سے معجزات عطا فرمائے جنہیں دیکھ کو مقابلے میں آئے ہوئے جادوگر بھی اللہ رب العالمین پر ایمان لے آئے، عیسیٰ علیہ السلام کے دور میں طب اور علاج معالجے کا فن عروج پر تھا چنانچہ اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کو اس وقت کے لحاظ سے معجزات عطا فرمائے جنہیں دیکھ کر ماہرین طب کو علم ہو گیا کہ عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بندے اور رسول ہیں، اسی طرح اللہ تعالیٰ نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن کریم کا معجزہ عطا فرمایا جو قیامت تک رہے گا،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَا مِنْ نَبِيٍّ مِنَ الأَنْبِيَاءِ إِلا وَقَدْ أُعْطِيَ مِنَ الآيَاتِ مَا آمَنَ عَلَى مِثْلِهِ الْبَشَرُ وَإِنَّمَا كَانَ الَّذِي أُتِيتُهُ وَحْيًا أَوْحَاهُ اللَّهُ إِلَيَّ، فَأَرْجُو أَنْ أَكُونَ أَكْثَرَهُمْ تَابِعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

(۱) هود ۱۳

(۲) بنی اسرائیل ۸۸

(۳) البقرة ۲۴

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انبیائے کرام علیہم السلام میں سے ہر ہر نبی کو ایسی نشانیاں عطا فرمائی گئیں کہ ان جیسی نشانیوں کو دیکھ کر لوگ ایمان لے آتے تھے مجھے جو نشانی عطا فرمائی گئی ہے وہ وحی (قرآن مجید) ہے جسے اللہ تعالیٰ نے میری طرف بھیجا ہے، مجھے امید ہے کہ روز قیامت تمام انبیائے کرام کے پیروکاروں کی نسبت میری اتباع کرنے والوں کی تعداد بہت زیادہ ہو گی۔ [1]

اصل یہ ہے کہ انہوں نے نہ تو اس کتاب کے غلط ہونے کی عملی طور پر تحقیق کی ہے اور قرآن جو حقیقتیں بیان کر رہا ہے نہ وہ غلط ثابت ہوئی ہیں مگر اس کو انہوں نے محض وہم و گمان کی بنیاد پر جھٹلا دیا، اسی طرح تو ان سے پہلے کے لوگ بھی از راہ جہالت و بے وقوفی جھٹلا چکے ہیں پھر دیکھ لو جب انہوں نے ظلم و زیادتی، کفرو سرکشی سے حق کو قبول نہ کیا اور ہمارے رسولوں کی تکذیب کی تو ان ظالموں کا کیا انجام ہوا، لہٰذا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کرنے والو! تم بھی ڈرو کہ کہیں تمہارا انجام بھی ان جیسی قوموں جیسا نہ ہو، تمہیں بھی اچانک عذاب نازل کر کے صفحہ ہستی سے نیست و نابود نہ کر دیا جائے، اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم! ان میں سے کچھ لوگ اس قرآن پر ایمان لائیں گے اور کچھ نہیں لائیں گے اور کفر پر ہی جان دیں گے، اور تیرا رب ان مفسدوں کو خوب جانتا ہے، جو اپنے تعصّبات، دنیاوی مفاد اور نفس کی خواہشات کی خاطر ایمان لانے سے گریز کر رہے ہیں، اگر یہ تجھے جھٹلاتے ہیں تو ان سے کج بحثیوں کی ضرورت نہیں بلکہ بانگ دھل کہہ دے کہ اگر میں اللہ پر جھوٹ گھڑ رہا ہوں تو میں اپنے اعمال کا خود ذمہ دار ہوں، جیسے فرمایا

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ [2]

ترجمہ: کہہ دو کہ اے کافرو! میں ان کی عبادت نہیں کرتا جن کی عبادت تم کرتے ہو اور نہ تم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی عبادت میں کرتا ہوں، اور نہ میں ان کی عبادت کرنے والا ہوں جن کی عبادت تم نے کی ہے اور نہ تم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی عبادت میں کرتا ہوں، تمہارے لئے تمہارا دین ہے اور میرے لئے میرا دین۔

جیسے ابراہیم علیہ السلام نے اپنی مشرک قوم سے فرمایا تھا

...اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰۗؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ... ۝ [3]

ترجمہ: ہم تم سے اور تمہارے ان معبودوں سے جن کو تم خدا کو چھوڑ کر پوجتے ہو قطعی بیزار ہیں۔

اور اگر تم کلام الٰہی کو جھٹلا رہے ہو تو اس کی ذمہ داری تم پر ہے جس کا تمہیں جواب دینا ہو گا۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَاۗءَ فَعَلَيْهَا ۭ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝ [4]

[1] شرح السنة للبغوی۳۶۱۵، صحیح بخاری كِتَابُ فَضَائِلِ القُرْآنِ بَابٌ كَيْفَ نَزَلَ الوَحْيُ، وَأَوَّلُ مَا نَزَلَ ۴۹۸۱، صحیح مسلم كِتَابُ الْإِيمَانَ بَابُ وُجُوبِ الْإِيمَانِ بِرِسَالَةِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى جَمِيعِ النَّاسِ، وَنَسْخِ الْمِلَلِ بِمِلَّتِهِ ۳۸۵، مسنداحمد۹۸۲۸

[2] الکافرون۱تا۶

[3] الممتحنة۴

[4] حم السجدة۴۶

ترجمہ: جو کوئی نیک عمل کرے گا اپنے ہی لئے اچھا کرے گا، جو بدی کرے گا اس کا وبال اسی پر ہو گا اور تیرا رب اپنے بندوں کے حق میں ظالم نہیں ہے۔

وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَ لَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۲﴾

اور ان میں بعض ایسے ہیں جو آپ کی طرف کان لگائے بیٹھے ہیں، کیا آپ بہروں کو سناتے ہیں گو ان کو سمجھ بھی نہ ہو؟

وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تَهْدِى الْعُمْىَ وَ لَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۴۳﴾

اور ان میں بعض ایسے ہیں آپ کو تک رہے ہیں، پھر کیا آپ اندھوں کو راستہ دکھلانا چاہتے ہیں گو ان کو بصیرت بھی نہ ہو؟

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْـًٔا وَّ لٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَ يَوْمَ يَحْشُرُهُمْ

یہ یقینی بات ہے کہ اللہ لوگوں پر کچھ ظلم نہیں کرتا لیکن لوگ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں، اور ان کو وہ دن یاد دلائیے

كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْۤا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ

جس میں اللہ ان کو (اپنے حضور) جمع کرے گا (تو ان کو ایسا محسوس ہو گا) کہ گویا وہ (دنیا میں) سارے دن کی ایک آدھ گھڑی

يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ؕ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ

رہے ہوں گے اور آپس میں ایک دوسرے کو پہچاننے کو ٹھہرے ہوں، واقعی خسارے میں پڑے وہ لوگ جنہوں نے اللہ کے

وَ مَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَ اِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِىْ

پاس جانے کو جھٹلایا اور وہ ہدایت پانے والے نہ تھے، اور جس کا ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیں اس میں کچھ تھوڑا سا اگر ہم آپ کو

نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى

دکھلادیں یا (ان کے ظہور سے پہلے) ہم آپ کو وفات دے دیں، سو ہمارے پاس تو ان کو آنا ہی ہے، پھر اللہ ان کے سب

مَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَ لِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِىَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ

افعال پر گواہ ہے، اور ہر امت کے لیے ایک رسول ہے، سو جب ان کا وہ رسول آ چکتا ہے ان کا فیصلہ انصاف کے ساتھ کیا جاتا

وَ هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾ (یونس ۴۲ تا ۴۷)

ہے اور ان پر ظلم نہیں کیا جاتا۔

رسول اللہ کو تسلی فرمائی کہ اے نبی ﷺ! ان میں سے بہت سے لوگ بظاہر تمہارا پاکیزہ کلام کے ساتھ کلام الٰہی بھی سنتے ہیں، مگر ان

کامقصد چونکہ طلب رشد ہدایت نہیں بلکہ تکذیب اور کمزوریاں تلاش کرنا ہے اس لئے یہ فصیح وبلیغ کلام ان کے دلوں میں گھر نہیں کرتا ،پھر کیا تو بے عقل بہروں کو سنائیگا خواہ وہ کچھ نہ سمجھتے ہوں؟ان میں سے بہت سے لوگ ہیں جو تیرے پاکیزہ اخلاق وکردار اور معاملات کو دیکھتے ہیں، مگر چونکہ وہ اپنے موروثی عقیدوں اور طریقوں کو چھوڑنا نہیں چاہتے اس لئے انہیں کوئی فائدہ نہیں پہنچتا، پھر کیا تو اندھوں کو راہ بتائے گا خواہ انہیں کچھ نہ سوجتا ہو، حقیقت یہ ہے کہ اللہ نے انسانوں کو طرح طرح کی صلاحیتیں اور قابلیتیں عطاکی ہیں، حق وباطل میں تمیز کرنے کے لئے عقل وفہم اور بصیرت سے نوازا ہے، غلط راہ پر چونکانے کے لئے ضمیر دیے مگر لوگ ان صلاحیتوں کا صحیح استعمال کرکے راہ راست اختیار نہیں کرتے تو خود ہی اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں، اللہ نے تو ان پر کوئی ظلم نہیں کیا ہے،

عَنْ أَبِي ذَرٍّ،عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيمَا رَوَى عَنِ اللهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى أَنَّهُ قَالَ:يَا عِبَادِي إِنِّي حَرَّمْتُ الظُّلْمَ عَلَى نَفْسِي، وَجَعَلْتُهُ بَيْنَكُمْ مُحَرَّمًا، فَلَا تَظَالَمُوا يَا عِبَادِي كُلُّكُمْ ضَالٌّ إِلَّا مَنْ هَدَيْتُهُ، فَاسْتَهْدُونِي أَهْدِكُمْ، يَا عِبَادِي كُلُّكُمْ جَائِعٌ، إِلَّا مَنْ أَطْعَمْتُهُ، فَاسْتَطْعِمُونِي أُطْعِمْكُمْ، يَا عِبَادِي كُلُّكُمْ عَارٍ، إِلَّا مَنْ كَسَوْتُهُ، فَاسْتَكْسُونِي أَكْسُكُمْ ، يَا عِبَادِي إِنَّكُمْ تُخْطِئُونَ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَأَنَا أَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا، فَاسْتَغْفِرُونِي أَغْفِرْ لَكُمْ، يَا عِبَادِي إِنَّكُمْ لَنْ تَبْلُغُوا ضَرِّي فَتَضُرُّونِي وَلَنْ تَبْلُغُوا نَفْعِي، فَتَنْفَعُونِي

ابو ذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے اللہ عزوجل نے فرمایا اے میرے بندو! میں نے اپنے اوپر ظلم کو حرام قرار دیا ہے اور میں نے تمہارے درمیان بھی ظلم کو حرام قرار دیا ہے تو تم ایک دوسرے پر ظلم نہ کرو اے میرے بندو! تم سب گمراہ ہو سوائے اس کے کہ جسے میں ہدایت دوں تم مجھ سے ہدایت مانگو میں تمہیں ہدایت دوں گا اے میرے بندو! تم سب بھوکے ہو سوائے اس کے کہ جسے میں کھلاؤں تو تم مجھ سے کھانا مانگو میں تمہیں کھانا کھلاؤں گا،اے میرے بندو! تم سب ننگے ہو سوائے اس کے کہ جسے میں پہناؤں تو تم مجھ سے لباس مانگو تو میں تمہیں لباس پہناؤں گا،اے میرے بندو!تم سب دن رات گناہ کرتے ہو اور میں سارے گناہوں کو بخشتا ہوں تو تم مجھ سے بخشش مانگو میں تمہیں بخش دوں گا،اے میرے بندو! تم مجھے ہر گز نقصان نہیں پہنچا سکتے اور نہ ہی ہر گز مجھے نفع پہنچا سکتے ہو

يَا عِبَادِي لَوْ أَنَّ أَوَّلَكُمْ وَآخِرَكُمْ وَإِنْسَكُمْ وَجِنَّكُمْ كَانُوا عَلَى أَتْقَى قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ مِنْكُمْ مَا زَادَ ذَلِكَ فِي مُلْكِي شَيْئًا، يَا عِبَادِي لَوْ أَنَّ أَوَّلَكُمْ وَآخِرَكُمْ وَإِنْسَكُمْ وَجِنَّكُمْ كَانُوا عَلَى أَفْجَرِ قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍمَا نَقَصَ ذَلِكَ مِنْ مُلْكِي شَيْئًا، يَا عِبَادِي لَوْ أَنَّ أَوَّلَكُمْ وَآخِرَكُمْ وَإِنْسَكُمْ وَجِنَّكُمْ قَامُوا فِي صَعِيدٍ وَاحِدٍ فَسَأَلُونِي فَأَعْطَيْتُ كُلَّ إِنْسَانٍ مَسْأَلَتَهُ مَا نَقَصَ ذَلِكَ مِمَّا عِنْدِي إِلَّا كَمَا يَنْقُصُ الْمِخْيَطُ إِذَا أُدْخِلَ الْبَحْرَ

اے میرے بندو اگر تم سب اولین وآخرین اور جن وانس اس آدمی کے دل کی طرح ہو جاؤ جو سب سے زیادہ تقوی والا ہو تو بھی تم میری سلطنت میں کچھ بھی اضافہ نہیں کر سکتے،اے میرے بندو! اگر سب اولین اور آخرین اور جن وانس اس ایک آدمی کی طرح ہو جاؤ کہ جو سب سے زیادہ بدکار ہے تو پھر بھی تم میری سلطنت میں کچھ کمی نہیں کر سکتے،اے میرے بندو! اگر تم سب اولین اور آخرین اور جن اور انس ایک صاف چٹیل میدان میں کھڑے ہو کر مجھ سے مانگنے لگو اور میں ہر انسان کو جو وہ مجھ سے مانگے عطا کر دوں تو پھر بھی میرے خزانوں میں

اس قدر بھی کمی نہیں ہو گی جتنی کہ سمندر میں سوئی ڈال کر نکالنے سے ،

يَا عِبَادِي إِنَّمَا هِيَ أَعْمَالُكُمْ أُحْصِيهَا لَكُمْ ثُمَّ أُوَفِّيكُمْ إِيَّاهَا فَمَنْ وَجَدَ خَيْرًا فَلْيَحْمَدِ اللهَ وَمَنْ وَجَدَ غَيْرَ ذَلِكَ فَلَا يَلُومَنَّ إِلَّا نَفْسَهُ

اے میرے بندو! یہ تمہارے اعمال ہیں کہ جنہیں میں تمہارے لئے اکٹھا کر رہا ہوں، پھر میں تمہیں ان کا پورا پورا بدلہ دوں گا تو جو آدمی بہتر بدلہ پائے وہ اللہ کا شکر ادا کرے اور جو بہتر بدلہ نہ پائے تو وہ اپنے نفس ہی کو ملامت کرے۔ [1]

آج یہ دنیا کی رنگینیوں اور دلفریبیوں میں مست ہو کر آخرت کی تیاری سے غافل ہیں، مگر جس روز اللہ ان کو ان کی قبروں سے زندہ کر کے میدان محشر میں اکٹھا کرے گا تو محشر کی سختیاں دیکھ کر انہیں دنیا کے سارے عیش و آرام اور لذتیں بھول جائیں گی اور آخرت کی دائمی زندگی دیکھ کر دنیا کی زندگی انہیں ایسی محسوس ہو گی گویا یہ محض ایک گھڑی بھر کے لئے ایک دوسرے کو جان پہچان کے لئے ٹھہرے تھے، جیسے فرمایا

كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ۝۴۶ [2]

ترجمہ: جس روز یہ لوگ اسے دیکھ لیں گے تو انہیں یوں محسوس ہو گا کہ (دنیا میں یا حالت موت میں) یہ بس ایک دن کے پچھلے پہر یا اگلے پہر تک ٹھہرے ہیں۔

يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَىِٕذٍ زُرْقًا ۝۱۰۲ يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ۝۱۰۳ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ۝۱۰۴ [3]

ترجمہ: اس دن جبکہ صور پھونکا جائے گا اور ہم مجرموں کو اس حال میں گھیر لائیں گے کہ ان کی آنکھیں (دہشت کے مارے) پتھرائی ہوئی ہوں گی، آپس میں چپکے چپکے کہیں گے کہ دنیا میں مشکل ہی سے تم نے کوئی دس دن گزارے ہوں گے، ہمیں خوب معلوم ہے کہ وہ باتیں کر رہے ہوں گے (ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ) اس وقت ان میں سے جو زیادہ سے زیادہ محتاط اندازہ لگانے والا ہو گا وہ کہے گا کہ نہیں، تمہاری دنیا کی زندگی بس ایک دن کی زندگی تھی۔

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ۭ كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ۝۵۵ وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ۡ فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ [4] ۝۵۶

ترجمہ: اور جب وہ ساعت برپا ہو گی تو مجرم قسمیں کھا کھا کر کہیں گے کہ ہم ایک گھڑی بھر سے زیادہ نہیں ٹھیرے ہیں، اسی طرح وہ دنیا کی زندگی میں دھوکا کھایا کرتے تھے، مگر جو علم اور ایمان سے بہرہ مند کیے گئے تھے وہ کہیں گے کہ اللہ کے نوشتے تو تم روز حشر تک پڑے رہے ہو سو

[1] صحیح مسلم کتاب الْبِرِّ وَالصِّلَةِ وَالْآدَابِ بَابُ تَحْرِيمِ الظُّلْمِ ۶۵۷۲،مسندالبزار ۴۰۵۳،شرح السنة للبغوی ۱۲۹۱

[2] النازعات ۴۶

[3] طه ۱۰۲تا۱۰۴

[4] الروم ۵۵،۵۶

یہ وہی روز حشر ہے لیکن تم جانتے نہ تھے۔

یعنی دنیا کی یہ زندگی کتنی ہی لمبی ہو آخروی زندگی کے مقابلے میں نہایت ہی مختصر ہے، جیسے فرمایا

قٰلَ كَمۡ لَبِثۡتُمۡ فِى الۡاَرۡضِ عَدَدَ سِنِيۡنَ ۝۱۱۲ قَالُوۡا لَبِثۡنَا يَوۡمًا اَوۡ بَعۡضَ يَوۡمٍ فَسۡـَٔلِ الۡعَآدِّيۡنَ ۝۱۱۳ قٰلَ اِنۡ لَّبِثۡتُمۡ اِلَّا قَلِيۡلًا لَّوۡ اَنَّكُمۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ۝۱۱۴ (۱)

ترجمہ: پھر اللہ تعالیٰ ان سے پوچھے گا بتاؤ زمین میں تم کتنے سال رہے؟ وہ کہیں گے ایک دن یا دن کا بھی کچھ حصہ ہم وہاں ٹھیرے ہیں شمار کرنے والوں سے پوچھ لیجیے، ارشاد ہو گا تھوڑی ہی دیر ٹھیرے ہو نا کاش! تم نے یہ اس وقت جانا ہوتا۔

اس وقت جن لوگوں نے حیات بعد الموت، حساب کتاب، اعمال کی جزاو سزا کو جھٹلایا تھا انہیں معلوم ہو جائے گا کہ دعوت حق کو قبول نہ کر کے وہ سخت گھاٹے میں رہے، جیسے فرمایا

وَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ۝۱۰ (۲)

ترجمہ: تباہی ہے اس روز جھٹلانے والوں کے لیے۔

...قُلۡ اِنَّ الۡخٰسِرِيۡنَ الَّذِيۡنَ خَسِرُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ وَاَهۡلِيۡهِمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الۡخُسۡرَانُ الۡمُبِيۡنُ ۝۱۵ (۳)

ترجمہ: کہو، اصل دیوالیے تو وہی ہیں جنہوں نے قیامت کے روز اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو گھاٹے میں ڈال دیا، خوب سن رکھو یہی کھلا دیوالیہ ہے۔

اگر ان لوگ نے کفر و شرک پر اصرار جاری رکھا تو پچھلی تباہ شدہ قوموں کے عذاب کی طرح ان پر بھی اچانک آسمان سے یا زمین سے، رات کو یا دن میں عذاب نازل کیا جا سکتا ہے، جیسے فرمایا

اَفَاَمِنَ الَّذِيۡنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنۡ يَّخۡسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الۡاَرۡضَ اَوۡ يَاۡتِيَهُمُ الۡعَذَابُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَشۡعُرُوۡنَ ۝۴۵ اَوۡ يَاۡخُذَهُمۡ فِىۡ تَقَلُّبِهِمۡ فَمَا هُمۡ بِمُعۡجِزِيۡنَ ۝۴۶ اَوۡ يَاۡخُذَهُمۡ عَلٰى تَخَوُّفٍ... ۝۴۷ (۴)

ترجمہ: پھر کیا وہ لوگ جو (دعوت پیغمبر کے مخالف میں) بدتر سے بدتر چالیں چل رہے ہیں اس بات سے بالکل ہی بے خوف ہو گئے ہیں کہ اللہ ان کو زمین میں دھنسا دے، یا ایسے گوشے سے ان پر عذاب لے آئے جدھر سے اس کے آنے کا ان کو وہم و گمان تک نہ ہو، یا اچانک چلتے پھرتے ان کو پکڑ لے، یا ایسی حالت میں انہیں پکڑے جبکہ انہیں خود آنے والی مصیبت کا کھٹکا لگا ہوا ہو اور وہ اس سے بچنے کی فکر میں چوکنے ہوں؟۔

اَفَاَمِنۡتُمۡ اَنۡ يَّخۡسِفَ بِكُمۡ جَانِبَ الۡبَرِّ اَوۡ يُرۡسِلَ عَلَيۡكُمۡ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوۡا لَـكُمۡ وَكِيۡلًا ۝۶۸ (۵)

---

(۱) المومنون ۱۱۲ تا ۱۱۴

(۲) المطففین ۱۰

(۳) الزمر ۱۵

(۴) النحل ۴۵ تا ۴۷

(۵) بنی اسرائیل ۶۸

ترجمہ:اچھاتو کیاتم اس بات سے بالکل بے خوف ہوکہ اللہ کبھی خشکی پرہی تم کو زمین میں دھنسادے یاتم پر پتھراؤ کرنے والی آندھی بھیج دے اورتم اس سے بچانے والاکوئی حمایتی نہ پاؤ؟۔

ءَاَمِنۡتُمۡ مَّنۡ فِی السَّمَآءِ اَنۡ یَّخۡسِفَ بِكُمُ الۡاَرۡضَ فَاِذَا هِیَ تَمُوۡرُ ۙ﴿۱۶﴾ [۱]

ترجمہ: کیاتم اس سے بے خوف ہوکہ وہ جو آسمان میں ہے تمہیں زمین میں دھنسادے اور یکایک یہ زمین جھکولے کھانے لگے؟۔

اوراگرہم آپ کی زندگی میں بعض پر کوئی عذاب بھیج دیں تو یہ بھی ممکن ہے جس سے آپ کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی،اوراگراس سے پہلے ہی آپ پرموت وارد ہوگئی تب بھی کوئی بات نہیں دنیامیں یہ کتنی ہی زندگی کیوں نہ گزارلیں بالآخران کو ہمارے پاس ہی آناہے،وہاں یہ ہمارے عذاب سے بچ نہ سکیں گے،ہم نے ہرامت میں رسول مبعوث کیاجوان کو طاغوت کی بندگی واطاعت سے روکتااوردعوت توحید پیش کرتاتھا،ایک قلیل التعدادلوگ تصدیق کرتے مگراکثریت جھٹلادیتی،جب رسول اپنافریضہ تبلیغ اداکرچکتااوررجحت پوری ہوجاتی توپھرہم پیغمبراوراس پرایمان لانے والوں کوعذاب سے بچالیتےاورتکذیب کرنے والوں کوہلاک کردیتے رہے ہیں،جیسے فرمایا

...وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِیۡنَ حَتّٰی نَبۡعَثَ رَسُوۡلًا ﴿۱۵﴾ [۲]

ترجمہ: اورہم عذاب دینے والے نہیں ہیں جب تک کہ (لوگوں کوحق وباطل کافرق سمجھانے کے لئے) ایک پیغام برنہ بھیج دیں۔

اوراس پرذرہ برابرظلم نہیں کیاجاتا۔

دوسرامفہوم یہ ہے کہ اس دن ہرامت اپنے رسول کے ساتھ پیش کی جائے گی،سب لوگوں کوان کے نامہ عمال تھمادیے جائیں گے،عدالتی کاروائی شروع ہوگی اورانصاف کے تمام تقاضے پورے کرنے کے لئے رسول اورفرشتے بطورگواہ پیش ہوں گے،اس طرح اللہ ہرامت اوراس کے رسول کے درمیان عدل وانصاف کے ساتھ فیصلہ چکادے گا،جیسے فرمایا

وَاَشۡرَقَتِ الۡاَرۡضُ بِنُوۡرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الۡكِتٰبُ وَجِایۡٓءَ بِالنَّبِیّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِیَ بَیۡنَهُمۡ بِالۡحَقِّ وَهُمۡ لَا یُظۡلَمُوۡنَ ﴿۶۹﴾ [۳]

ترجمہ:زمین اپنے رب کے نورسے چمک اٹھے گی، کتاب اعمال لاکررکھ دی جائے گی،انبیاءاورتمام گواہ حاضرکردیے جائیں گےلوگوں کے درمیان ٹھیک ٹھیک حق کے ساتھ فیصلہ کردیاجائے گاان پرکوئی ظلم نہ ہوگا۔

ترتیب کے اعتبارسے امت محمدیہ سب سے آخری امت ہے مگرروزقیامت سب سے پہلے اس کافیصلہ کیاجائے گا،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:نَحْنُ الآخِرُونَ السَّابِقُونَ يَوْمَ القِيَامَةِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم (دنیامیں) توبعدمیں آئے لیکن قیامت کے دن تمام مخلوقات سے پہلے ہمارافیصلہ

[۱] الملک۱۶

[۲] بنی اسرائیل۱۵

[۳] الزمر۶۹

کیا جائے گا۔[1]

وَ يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۴۸ قُلْ لَّاۤ اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ ضَرًّا

اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب ہوگا؟ اگر تم سچے ہو، آپ فرما دیجئے کہ میں اپنی ذات کے لیے تو کسی نفع کا اور کسی ضرر کا

وَّ لَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ؕ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً

اختیار رکھتا ہی نہیں مگر جتنا اللہ کو منظور ہو، ہر امت کے لیے ایک معین وقت ہے جب ان کا وہ معین وقت آپہنچتا ہے تو ایک

وَّ لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝۴۹ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا

گھڑی نہ پیچھے ہٹ سکتے ہیں اور نہ آگے سرک سکتے ہیں، آپ فرما دیجئے کہ یہ تو بتلاؤ کہ اگر اللہ کا عذاب رات کو آپڑے یا دن

مَّا ذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ۝۵۰ اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ؕ

کو تو عذاب میں کونسی چیز ایسی ہے کہ مجرم لوگ اس کو جلدی مانگ رہے ہیں، کیا پھر جب وہ آہی پڑے گا اس پر ایمان لاؤ گے،

آٰلْـٰٔنَ وَ قَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝۵۱ ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ

ہاں اب مانا! حالانکہ تم جلدی مچایا کرتے تھے، پھر ظالموں سے کہا جائے گا کہ ہمیشہ کا عذاب چکھو، ت

هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ۝۵۲ (یونس ۴۸ تا ۵۲)

م کو تو تمہارے کئے کا ہی بدلہ ملا ہے۔

مکذبین اللہ کے عذاب کو محال جان کر بطور استہزا پوچھتے ہیں اگر تمہاری عذاب کی یہ دھمکی جو تم ہمیں ایک عرصہ سے دے رہے ہو سچی ہے تو آخر یہ کب پوری ہوگی؟ اے نبی ﷺ! ان کو کہو میں اللہ کا رسول ہوں، میرا کام لوگوں کو پیغام حق پہنچانا اور بیان کر دینا ہے، مجھے کسی طرح کی کوئی قدرت حاصل نہیں یہاں تک کہ میں اپنے نفس کے لئے بھی نفع ونقصان کا اختیار نہیں رکھتا اور نہ مجھے اپنے بارے میں خیر وشر کی خبر ہے (جب سید الامم محمد رسول اللہ ﷺ کسی کو نفع ونقصان پہنچانے پر قادر نہیں تو انسانوں میں اور کون سی ہستی ایسی ہو سکتی ہے جو کسی کی حاجت براری اور مشکل کشائی پر قادر ہو؟ اسی طرح خود اللہ کے پیغمبر سے مدد مانگنا، ان سے فریاد کرنا، یا رسول اللہ مدد، اور

أَغِثْنِي يَا رَسُولَ اللَّهِ، ادرکنی يَا رَسُولَ اللَّهِ

وغیرہ الفاظ سے استغاثہ واستعانت کرنا کسی طرح بھی جائز نہیں ہے) تمہارے مطالبہ پر عذاب نازل ہو گیا یا نہیں ہو گیا کب نازل ہوگا اور کس صورت میں نازل ہوگا سب کچھ اللہ کی مشیت پر موقوف ہے، اللہ تعالیٰ نے ہر امت کے لئے سوچنے سمجھنے اور سنبھلنے کے لئے ایک خاص مدت

---

[1] صحیح بخاری کتاب الجمعة بَابُ هَلْ عَلَى مَنْ لَمْ يَشْهَدِ الجُمُعَةَ غُسْلٌ مِنَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ وَغَيْرِهِمْ؟ ۸۹۶، صحیح مسلم کتاب الجمعة بَابُ هِدَايَةِ هَذِهِ الْأُمَّةِ لِيَوْمِ الْجُمُعَةِ ۱۹۸۲، مسند احمد ۷۷۰۶۱

متعین فرمادی ہے جب یہ متعین مدت پوری ہوجاتی ہے اور وہ شخص یا گروہ اپنی باغیانہ روش سے باز نہیں آتا تب اللہ تعالیٰ اس پر اپنا فیصلہ نافذ فرمادیتا ہے اور پھر گھڑی بھر تقدیم ہوتی ہے نہ تاخیر، جیسے فرمایا

وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ۔۔۔ ﴿۱۱﴾ [1]

ترجمہ: حالانکہ جب کسی کی مہلت عمل پوری ہونے کا وقت آجاتا ہے تو اللہ اس کو ہرگز مزید مہلت نہیں دیتا۔

اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! ان سے کہو کبھی تم لوگوں نے یہ بھی سوچا کہ اللہ تعالیٰ کے جس عذاب کے لئے تم جلدی مچارہے ہو اگر وہ اچانک رات کو آرام کے وقت یا دن کو معاش میں مشغول ہوتے وقت نازل ہوجائے تو تم اپنے بچاؤ میں کیا کرسکتے ہو؟ آخر عذاب میں کونسی خوبی ہے جس کے لئے مجرم جلدی مچارہے ہیں؟ حالاں کہ جب اجل سر پر آپہنچے گی تو پھر یہ نامراد شخص تمنا کرے گا اے کاش! مجھ سے ساری دنیا لے کر بھی ایک ساعت عذاب سے چھٹکارا مل جائے کیا یہ لوگ اس وقت ایمان لائیں گے جب اللہ کا عذاب ان پر ٹوٹ پڑے گا؟ اور جس عذاب کے جلدی نازل ہونے کا تم تقاضا کررہے تھے اسے دیکھ کر ایمان لانا کچھ فائدہ نہیں دے گا، مگر اس وقت وہ ایمان اور عمل کی باتیں کریں گے، کہیں گے

۔۔۔ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ [2]

ترجمہ: اے ہمارے رب، ہم نے خوب دیکھ لیا اور سن لیا اب ہمیں واپس بھیج دے تاکہ ہم نیک عمل کریں ہمیں اب یقین آگیا ہے۔

فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ۭ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ [3]

ترجمہ: جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا تو پکار اٹھے کہ ہم نے مان لیا اللہ وحدہ لاشریک کو اور رہم انکار کرتے ہیں ان سب معبودوں کا جنہیں ہم شریک ٹھیراتے تھے، مگر ہمارا عذاب دیکھ لینے کے بعد ان کا ایمان ان کے لیے کچھ بھی نفع نہ ہوسکتا تھا کیوں کہ یہی اللہ کا مقرر ضابطہ ہے جو ہمیشہ اس کے بندوں میں جاری رہا ہے اور اس وقت کافر لوگ خسارے میں پڑگئے۔

جب روز قیامت اعمال کی جزا دی جائے گی تو مشرکین کو ذلیل ورسوا کرنے کے لیے کہا جائے گا کہ اب ہمیشگی کے عذاب جہنم کا مزا چکھو جس کے لئے تم جلدی مچارہے تھے، جیسے فرمایا:

يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ﴿۱۳﴾ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَاۗءٌ عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ [4]

ترجمہ: جس دن انہیں دھکے مار مار کر نار جہنم کی طرف لے چلا جائے گا اس وقت ان سے کہا جائے گا کہ یہ وہی آگ ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھے، اب بتاؤ یہ جادو ہے یا تمہیں سوجھ نہیں رہا ہے؟ جاؤ اب جھلسو اس کے اندر، تم خواہ صبر کرو یا نہ کرو تمہارے لیے یکساں ہے تمہیں ویسا

[1] المنافقون ۱۱

[2] السجدۃ ۱۲

[3] المومن ۸۴،۸۵

[4] الطور ۱۳تا۱۶

ہی بدلہ دیا جا رہا ہے جیسے تم عمل کر رہے تھے۔

تمہیں تمہارے کفر و شرک، دعوت حق و رسالت کی تکذیب اور بد اعمالیوں کی پاداش میں عذاب جہنم دیا جا رہا ہے۔

وَ يَسْتَنْۢبِــُٔوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ؕ قُلْ اِيْ وَ رَبِّيْۤ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ؔؕ وَ مَاۤ اَنْتُمْ

اور وہ آپ سے دریافت کرتے ہیں کیا عذاب واقعی سچ ہے؟ آپ فرما دیجئے کہ ہاں قسم ہے میرے رب کی! وہ واقعی سچ ہے اور تم

بِمُعْجِزِيْنَ ۝۵۳ وَ لَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ

کسی طرح اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے، اور اگر ہر جان، جس نے ظلم (شرک) کیا ہے، کے پاس اتنا ہو کہ ساری زمین بھر جائے

وَ اَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَ هُمْ

تب بھی اس کو دے کر اپنی جان بچانے لگے اور جب عذاب کو دیکھیں گے تو پشیمانی کو پوشیدہ رکھیں گے، اور ان کا فیصلہ انصاف

لَا يُظْلَمُوْنَ ۝۵۴ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

کے ساتھ ہوگا اور ان پر ظلم نہ ہوگا، یاد رکھو کہ جتنی چیزیں آسمانوں میں اور زمین میں ہیں سب اللہ ہی کی ملک ہیں، یاد رکھو کہ

حَقٌّ وَّ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۵۵ هُوَ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ

اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے لیکن بہت سے آدمی علم ہی نہیں رکھتے، وہی جان ڈالتا ہے وہی جان نکالتا ہے

وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۵۶ (یونس ۵۳ تا ۵۶)

اور تم سب اسی کے پاس لائے جاؤ گے۔

پھر یہ مکذبین طلب ہدایت کے لئے نہیں بلکہ عناد اور نکتہ چینی کے قصد سے پوچھتے ہیں کیا معاد و قیامت اور انسانوں کا مٹی کے ساتھ مٹی ہونے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا، اعمال کی جزا اور جنت و دوزخ واقعی برحق ہے؟ اے نبی ﷺ! ان سے کہو میرے رب کی قسم! یہ سراسر برحق ہے، اس میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے قیامت کے وقوع کے بارے میں دو اور مقامات پر قسم کھا کر فرمایا

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۔۔۔ ۝۳ [1]

ترجمہ: منکرین کہتے ہیں کیا بات ہے کہ قیامت ہم پر نہیں آ رہی! کہو قسم ہے میرے عالم الغیب پروردگار کی وہ تم پر آ کر رہے گی۔

زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ۔۔۔ ۝۷ [2]

ترجمہ: منکرین نے بڑے دعوے سے کہا ہے کہ وہ مرنے کے بعد ہر گز دوبارہ نہ اٹھائے جائیں گے، ان سے کہو نہیں میرے رب کی قسم تم

[1] سبا ۳

[2] التغابن ۷

ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر ضرور تمہیں بتایا جائیگا کہ تم نے (دنیا میں) کیا کچھ کیا ہے۔

اور تم اللہ تعالیٰ کو دوبارہ اٹھانے سے عاجز اور بے بس نہیں کر سکتے، جس طرح اللہ نے پہلی بار تمہیں پیدا کیا جبکہ تم کوئی قابل ذکر چیز نہ تھے اسی طرح جب تم مٹی کے ساتھ مٹی ہو جاؤ گے اس وقت بھی وہ تمہیں دوبارہ پیدا کرنے کی قدرت رکھتا ہے، وہ جب کوئی کام کا ارادہ فرماتا ہے تو اس کے لیے اسے اسباب و وسائل کی ضرورت نہیں ہوتی تو بس حکم فرماتا ہے اور وہ ہو جاتا ہے، اللہ تعالیٰ نے اس مضمون کو متعدد مقامات پر بیان فرمایا:

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿١١٧﴾ (۱)

ترجمہ: وہ آسمانوں اور زمین کا موجد ہے اور جس بات کا وہ فیصلہ کرتا ہے اس کے لیے بس یہ حکم دیتا ہے کہ ہو جا اور وہ ہو جاتی ہے۔

...اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٤٧﴾ (۲)

ترجمہ: وہ جب کسی کام کے کرنے کا فیصلہ فرماتا ہے تو بس کہتا ہے کہ ہو جا اور وہ ہو جاتا ہے۔

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ... ﴿٧٣﴾ (۳)

ترجمہ: وہی ہے جس نے آسمان و زمین کو برحق پیدا کیا ہے اور جس دن وہ کہے گا کہ حشر ہو جائے اسی دن وہ ہو جائے گا۔

اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٤٠﴾ (۴)

ترجمہ: ہمیں کسی چیز کو وجود میں لانے کے لیے اس سے زیادہ کچھ نہیں کرنا ہوتا کہ اسے حکم دیں ہو جا اور بس وہ ہو جاتی ہے۔

...اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٣٥﴾ (۵)

ترجمہ: وہ جب کسی بات کا فیصلہ کرتا ہے تو کہتا ہے کہ ہو جا اور بس وہ ہو جاتی ہے۔

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَـيْـــًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٨٢﴾ (۶)

ترجمہ: وہ تو جب کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اس کا کام بس یہ ہے کہ اسے حکم دے کہ ہو جا اور وہ ہو جاتی ہے۔

هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٦٨﴾ (۷)

ترجمہ: وہی ہے زندگی دینے والا اور وہی ہے موت دینے والا ہے وہ جس بات کا بھی فیصلہ کرتا ہے بس ایک حکم دیتا ہے کہ وہ ہو جائے اور وہ ہو

(۱) البقرۃ۱۱۷
(۲) آل عمران۴۷
(۳) الانعام۷۳
(۴) النحل۴۰
(۵) مریم۳۵
(۶) یسین ۸۲
(۷) المومن۶۸

جاتی ہے۔

جب قیامت برپا ہوگی تو اس کے ہولناک مناظر دیکھ کر ہر کافرومشرک شخص اس سے چھٹکارا پانے کے لئے زمین کا سارا سونا چاندی وغیرہ فدیہ میں دینے پر آمادہ ہوجائے گا مگر روز محشر تو صرف اعمال صالحہ ہی سرمایہ ہوں گی جو ان کے پاس نہیں ہوں گی اس لئے عذاب سے چھٹکارے کی کوئی صورت نہیں ہوگی، حیات بعد الموت کے بعد جب یہ لوگ ان تمام حقیقتوں کو من وعن اپنے سامنے دیکھیں گے جنہیں دنیا میں جھٹلاتے رہے تھے تو دل ہی دل میں ندامت وحسرت سے کہیں گے کہ کاش! میں نے رسول کی اطاعت کی ہوتی، یعنی اللہ کے رسول کی سنت کے مطابق زندگی گزری ہوتی، کاش! میں نے فلاں کو دوست نہ بنایا ہوتا، جیسے فرمایا

وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿۲۷﴾ يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿۲۸﴾ لَقَدْ اَضَلَّنِيْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِيْ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿۲۹﴾ [1]

ترجمہ: ظالم انسان اپنا ہاتھ چبائے گا اور کہے گا کاش میں نے رسول کا ساتھ دیا ہوتا، ہائے میری کم بختی، کاش میں نے فلاں شخص کو دوست نہ بنایا ہوتا اس کے بہکائے میں آکر میں نے وہ نصیحت نہ مانی جو میرے پاس آئی تھی، شیطان انسان کے حق میں بڑا ہی بے وفا نکلا۔

مگر اب کیا حاصل، اللہ تعالیٰ ان کے درمیان عدل وانصاف کے تمام تقاضوں کو پورا کر کے فیصلہ فرمادے گا، کسی پر کسی قسم کا ظلم وجور نہیں کیا جائے گا سنو! آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ وحدہ لاشریک کی ملکیت ہے، سن رکھو! ایک وقت مقررہ پر قیامت قائم ہوکر رہے گی اللہ کا وعدہ برحق ہے مگر اکثر انسان اس حقیقت سے غافل ہوکر اس کے لئے تیاری نہیں کرتے، زندگی اور موت اسی کے قبضہ قدرت میں ہے اور اسی کی بارگاہ میں ہر نیک وبد کو اعمال کی جوابدہی کے لئے فرداً فرداً حاضر ہونا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ شِفَآءٌ لِّمَا

اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک ایسی چیز آئی ہے جو نصیحت ہے اور دلوں میں جو روگ ہیں

فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَ هُدًى وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ

ان کے لیے شفا ہے اور رہنمائی کرنے والی ہے اور رحمت ہے ایمان والوں کے لیے، آپ کہہ دیجئے کہ بس لوگوں کو اللہ کے

وَ بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ

اس انعام اور رحمت پر خوش ہونا چاہیے وہ اس سے بدرجہا بہتر ہے جس کو وہ جمع کر رہے ہیں، آپ کہیے یہ تو بتاؤ کہ اللہ نے

اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّ حَلٰلًا ؕ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ

تمہارے لیے جو کچھ رزق بھیجا تھا پھر تم نے اس کا کچھ حصہ حرام اور کچھ حلال قرار دے لیا، آپ پوچھئے کہ کیا تم کو اللہ نے حکم

[1] الفرقان ۲۷تا۲۹

لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

دیا تھا یا اللہ پر افترا ہی کرتے ہو؟اور جو لوگ اللہ پر جھوٹ افترا باندھتے ہیں ان کا قیامت کی نسبت کیا گمان ہے؟

اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۶۰﴾ (یونس ۵۷ تا ۶۰)

واقعی لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا بڑا ہی فضل ہے لیکن اکثر آدمی شکر نہیں کرتے۔

اللہ تعالیٰ نے لوگوں پر اپنے احسان کا ذکر فرمایا لوگو!تمہاری ہدایت ورہنمائی کے لئے تمہارے رب کی طرف سے قرآن کریم کو نازل کر دیا ہے جو ترغیب وترہیب دونوں طریقوں سے وعظ ونصیحت کرتا ہے،یہ ایسا عظیم الشان کلام ہے جو دلوں میں توحید ورسالت اور عقائد حقہ کے بارے میں پیدا ہونے والے شکوک وشبہات کا ازالہ کرتا ہے، کفروشرک اور نفاق کی گندگی وپلیدگی کو صاف کرتا ہے،ویسے تو یہ تمام انسانوں کے لئے ہدایت ہے مگر خاص طور پر فرمایا اور جو اسے قبول کر لیں ان کے لئے رہنمائی اور رحمت ہے، جیسے فرمایا:

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾ [۱]

ترجمہ:ہم اس قرآن کے سلسلہ تنزیل میں وہ کچھ نازل کر رہے ہیں جو ماننے والوں کے لئے شفا اور رحمت ہے، مگر ظالموں کے لئے خسارے کے سوا اور کسی چیز میں اضافہ نہیں کرتا۔

۔۔۔قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ۔۔۔ ﴿۴۴﴾ [۲]

ترجمہ:ان سے کہو یہ قرآن ایمان لانے والوں کے لئے تو ہدایت اور شفا ہے مگر جو لوگ ایمان نہیں لاتے ان کے لئے یہ کانوں کی ڈاٹ اور آنکھوں کی پٹی ہے۔

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۚ فِيْهِ ۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۲﴾ [3]

ترجمہ:یہ اللہ کی کتاب ہے اس میں کوئی شک نہیں،ہدایت ہے پرہیز گاروں کے لئے۔

اے نبی ﷺ! کہو کہ اللہ کی رحمت اور فضل وکرم پر تو لوگوں کو خوشی منانی چاہیے کہ اس نے یہ عدم المثال ذکر الٰہی ان کی ہدایت ورہنمائی کے لئے نازل فرمایا ہے جو ان تمام عارضی اور فانی چیزوں سے بدرجہا بہتر ہے جنہیں لوگ سمیٹ رہے ہیں، مشرکین مکہ بعض جانوروں کو اپنے بتوں کی خوشنودی کے لیے مخصوص نام رکھ کر پن کر دیتے تھے اور پھر ان سے استفادہ حاصل کرنا حرام سمجھتے تھے،اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے اس فعل کی مذمت کی اور فرمایا اے نبی! ان سے کہو تم لوگوں نے کبھی یہ بھی سوچا ہے کہ اللہ نے جو عطاوبخشش تمہیں نصیب فرمائی ہے اس میں سے تم نے خود ہی کسی چیز کو حرام اور کسی کو حلال ٹھہرا کر حد بندیاں مقرر کر دیں،ان سے پوچھو کیا اللہ نے تم کو حلال وحرام کے قوانین وضوابط بنانے کا حکم دیا تھا یا تم اللہ پر جھوٹ گھڑ رہے ہو؟یقیناً اللہ نے ایسا کوئی حکم نہیں دیا تو فرمایا جو لوگ اللہ پر یہ جھوٹ گھڑتے ہیں ان کا کیا خیال ہے کہ

---

[۱] بنی اسرائیل ۸۲

[۲] حم السجدة ۴۴

[۳] البقرة ۲

روز قیامت اللہ ان سے کیا معاملہ فرمائے گا؟یعنی جو اللہ پر جھوٹ گھڑتا ہے وہ بدترین عذاب میں مبتلا ہوں گے، جیسے فرمایا:

وَیَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ تَرَی الَّذِیۡنَ کَذَبُوۡا عَلَی اللّٰہِ وُجُوۡہُہُمۡ مُّسۡوَدَّۃٌ ؕ اَلَیۡسَ فِیۡ جَہَنَّمَ مَثۡوًی لِّلۡمُتَکَبِّرِیۡنَ ﴿۶۰﴾ [1]

ترجمہ:آج جن لوگوں نے اللہ پر جھوٹ باندھے ہیں قیامت کے روز تم دیکھو گے کہ ان کے چہرے کالے ہوں گے، کیا جہنم میں متکبروں کے لئے کافی جگہ نہیں ہے؟۔

عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ الْجُشَمِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: رَآنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيَّ أَطْمَارٌ، فَقَالَ:هَلْ لَكَ مَالٌ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ:مِنْ أَيِّ الْمَالِ؟ قُلْتُ: مِنْ كُلِّ الْمَالِ، قَدْ آتَانِي اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنَ الشَّاءِ، وَالْإِبِلِ، قَالَ:فَلْتُرَ نِعَمُ اللَّهِ، وَكَرَامَتُهُ عَلَيْكَ،

ابوالاحوص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اس وقت میری حالت یہ تھی کہ جسم میلا کچیلا تھا بال بکھرے ہوئے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے پوچھا تمہارے پاس کچھ مال بھی ہے؟میں نے عرض کیا جی ہاں،فرمایا کس قسم کا مال ہے؟میں نے عرض کیا اونٹ، گھوڑے، بکریاں اور غلام وغیرہ الغرض ہر طرح کا مال ہے،فرمایا جب اللہ تعالیٰ نے تجھے سب کچھ عطا فرما رکھا ہے تو اس کا اثر بھی تیرے جسم پر اثرات بھی نظر آنے چاہئیں،

ثُمَّ قَالَ: هَلْ تُنْتِجُ إِبِلُ قَوْمِكَ صِحَاحًا آذَانُهَا فَتَعْمَدُ إِلَى مُوسَى فَتَقْطَعُ آذَانَهَافَتَقُولُ: هَذِهِ بُحُرٌوَتَشُقُّهَا، أَوْ تَشُقُّ جُلُودَهَاوَتَقُولُ: هَذِهِ صُرُمٌ،وَتُحَرِّمُهَا عَلَيْكَ، وَعَلَى أَهْلِكَ،قَالَ: نَعَمْ،قَالَ: فَإِنَّ مَا آتَاكَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لَكَ، وَسَاعِدُ اللَّهِ أَشَدُّ قَالَ: سَاعِدُ اللَّهِ أَشَدُّ مِنْ سَاعِدِكَ وَمُوسَى اللَّهِ أَحَدُّ مِنْ مُوسَاكَ

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا یہ بات نہیں ہے کہ تمہاری قوم کے اونٹ جب اپنے بچوں کو جنم دیتے ہیں تو ان کے کان صحیح ہوتے ہیں مگر تم لوگ استرے سے ان کے کان کاٹ دیتے ہو اور کہتے ہو کہ یہ بحیرہ ہیں،ان(کانوں)کو یا ان کی کھالوں کو کاٹ دیتے ہو اور کہتے ہو کہ یہ صرم(کان کٹے)ہیں، پھر انہیں اپنے اور اپنے اہل وعیال کے لیے حرام قرار دیتے ہو؟میں نے جواب دیا جی ہاں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہیں جو مال عطا فرمائے وہ تمہارے لیے حلال ہے،اللہ تعالیٰ کا بازو تمہارے بازو سے زیادہ مضبوط اور اللہ تعالیٰ کا استرا تمہارے استرے سے زیادہ تیز ہے۔[2]

یہ تو اللہ کا لوگوں پر فضل واحسان ہے کہ دنیا کی نعمتیں بلاتفریق مومن وکافر سب کو عطا فرماتا ہے اور فوراً مواخذہ نہیں فرماتا مگر اکثر انسان اپنے رب کی نعمتوں کا شکر ادا نہیں کرتے یا ان نعمتوں کو اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں میں استعمال کرتے ہیں یا ان میں سے بعض نعمتوں کو حرام ٹھہرا کر ان کو ٹھکرا دیتے ہیں۔

[1] الزمر۶۰

[2] مسنداحمد۱۵۸۸۷،سنن ابوداودکتاب اللباس بَابٌ فِي غَسْلِ الثَّوْبِ وَفِي الْخُلْقَانِ۴۰۶۳،سنن نسائی کتاب الزینة باب الْجَلَاجِلُ ۵۲۲۵

وَ مَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّ مَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّ لَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ

اور آپ کسی حال میں ہوں اور منجملہ ان احوال کے آپ کہیں سے قرآن پڑھتے ہوں اور جو کام بھی کرتے ہوں ہم کو سب کی

اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ وَ مَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ

خبر رہتی ہے جب تم اس کام میں مشغول ہوتے ہو ،اور آپ کے رب سے کوئی چیز ذرہ برابر بھی غائب نہیں نہ

ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَ لَا فِي السَّمَآءِ وَ لَاۤ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَ لَاۤ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۶۱﴾

زمین میں نہ آسمان میں اور نہ کوئی چیز اس سے چھوٹی اور نہ کوئی چیز بڑی مگر یہ سب کتاب مبین میں ہے ،

اَلَاۤ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا

یاد رکھو کہ اللہ کے دوستوں پر نہ کوئی اندیشہ ہے اور نہ وہ غمگین ہوتے ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور (برائیوں سے)

يَتَّقُوْنَ ﴿۶۳﴾ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ فِي الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ

پرہیز رکھتے ہیں، ان کے لیے دنیاوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی خوشخبری ہے اللہ تعالیٰ کی باتوں میں کچھ فرق ہوا نہیں

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۴﴾ وَ لَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ

کرتا، یہ بڑی کامیابی ہے،اور آپ کو ان کی باتیں غم میں نہ ڈالیں، تمام تر غلبہ اللہ ہی کے لیے ہے

هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۵﴾ (یونس ۶۱ تا ۶۵)

وہ سنتا جانتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ کو تسکین فرمائی کہ اے نبی ﷺ! تم جس دنیاوی حال میں بھی ہوتے ہو اور دعوت حق کی تبلیغ اور خلق خدا کی اصلاح میں جس تن دہی و جاں فشانی اور جس صبر و تحمل سے تم کام کر رہے ہو، اور مخالفین کو تنبیہ کی کہ دعوت حق کی راہ میں تم جو روڑے اٹکا رہے ہو، مکر و فریب کے جو جال بن رہے ہو وہ سب ہماری نظروں میں رہتے ہیں، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا الْإِحْسَانُ؟ قَالَ:أَنْ تَعْبُدَ اللَّهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ، فَإِنَّكَ إِنْ لَا تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جبرائیل علیہ السلام نے پوچھا اے اللہ کے رسول ﷺ! احسان کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا آپ ﷺ نے فرمایا اللہ کی عبادت اس طرح کر کہ گویا تو اسے دیکھ رہا ہے، اگر تو اسے نہیں دیکھ رہا تو وہ تو تجھے یقیناً دیکھ ہی رہا ہے۔[1]

آسمان اور زمین میں کوئی ذرہ برابر چیز چاہے وہ چھوٹی ہو یا بڑی تیرے رب کی نظر سے پوشیدہ نہیں اور سب کچھ ایک صاف دفتر میں درج

---

[1] مسند احمد ۹۵۰۱، صحیح بخاری کتاب الایمان باب سُؤَالِ جِبْرِيلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الإِيمَانِ، وَالإِسْلاَمِ، وَالإِحْسَانِ، وَعِلْمِ السَّاعَةِ ۵۰، صحیح مسلم كِتَابُ الْإِيمَان بَابُ الْإِيمَانُ مَا هُوَ وَبَيَانُ خِصَالِهِ ۹۷

کیا گیا ہے، جیسے فرمایا

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۗ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۗ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝۵۹ [۱]

ترجمہ: اسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جنہیں اس کے سوا کوئی نہیں جانتا، بحروبر میں جو کچھ ہے سب سے وہ واقف ہے، درخت سے گرنے والا کوئی پتہ ایسا نہیں جس کا اسے علم نہ ہو، زمین کے تاریک پردوں میں کوئی دانہ ایسا نہیں جس سے وہ باخبر نہ ہو خشک و تر سب کچھ ایک کھلی کتاب میں لکھا ہوا ہے۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ۭ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ... ۝۳۸ [۲]

ترجمہ: زمین میں چلنے والے کسی جانور اور ہوا میں پروں سے اڑنے والے کسی پرندے کو دیکھ لو یہ سب تمہاری ہی طرح کی انواع ہیں، ہم نے ان کی تقدیر کے نوشتے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ۭ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝۶ [۳]

ترجمہ: زمین میں چلنے والا کوئی جاندار ایسا نہیں ہے جس کا رزق اللہ کے ذمے نہ ہو اور جس کے متعلق وہ نہ جانتا ہو کہ کہاں وہ رہتا ہے اور کہاں وہ سونپا جاتا ہے، سب کچھ ایک صاف دفتر میں درج ہو رہا ہے۔

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝۷۰ [۴]

ترجمہ: کیا تم نہیں جانتے کہ آسمان وزمین کی ہر چیز اللہ کے علم میں ہے؟ سب کچھ ایک کتاب میں درج ہے اللہ کے لئے یہ کچھ بھی مشکل نہیں ہے۔

سنو! اللہ کے محبوب بندے وہ ہیں جو اللہ وحدہ لاشریک اور اس کے مبعوث کیے ہوئے رسولوں اور رسولوں پر نازل شدہ کتابوں اور نورانی مخلوق فرشتوں اور روز آخرت اور اچھی بری تقدیر پر کامل ایمان لائے اور جنہوں نے اللہ کی اطاعت اور معاصی سے اجتناب کر کے اللہ کا قرب حاصل کر لیا، یعنی اولیاء اللہ کی دو بنیادی صفات ہوتی ہیں ایک یہ کہ وہ اہل یقین و ایمان ہوتے ہیں اور دوسرے یہ کہ وہ اہل تقویٰ ہوتے ہیں ، ولایت کے لئے شعبدے بازی شرط نہیں، ولایت کے لئے ہواؤں میں محو پرواز ہونا، پانی پہ چلنا کوئی لازمی شرط نہیں بلکہ یہ تو اس بات کا نام ہے کہ اللہ پر ایمان ہو اور سید الانبیاء محمد رسول اللہ ﷺ کی ذات سے گہرا تعلق ہو، اتنا گہرا تعلق کہ انسان اپنے آپ کو ان کے رنگ میں رنگ دے اور اسی کو تقویٰ کہتے ہیں، قیامت کی ہولناکیوں و وحشت سے پھر وہ غمگین نہ ہوں گے بلکہ امن و سعادت اور خیر کثیر ہو گا جسے اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا، دنیا و آخرت دونوں زندگیوں میں ان کے لئے بشارت ہی بشارت ہے، یعنی دنیا میں بشارت سے مراد مومنوں کے دلوں

[۱] الانعام ۵۹

[۲] الانعام ۳۸

[۳] ھود ۶

[۴] الحج ۷۰

میں محبت ومودت، مومن کا اللہ تعالیٰ کے لطف وکرم سے بہرہ ور ہونا، اللہ تعالیٰ کا بہترین اعمال واخلاق کے راستوں کو آسان کر دینا اور برے اخلاق سے دور کر دینا اور سچے خواب،

عَنْ رَجُلٍ، مِنْ أَهْلِ مِصْرَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ، عَنْ هَذِهِ الآيَةِ {لَهُمُ البُشْرَى فِي الحَيَاةِ الدُّنْيَا} قَالَ: مَا سَأَلَنِي عَنْهَا أَحَدٌ مُنْذُ سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهَا فَقَالَ: مَا سَأَلَنِي عَنْهَا أَحَدٌ غَيْرُكَ مُنْذُ أُنْزِلَتْ، فَهِيَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ يَرَاهَا الْمُسْلِمُ أَوْ تُرَى لَهُ.

ایک مصری شخص سے منقول ہے انہوں نے ابو درداء رضی اللہ عنہ سے اس آیت " ان کے لئے دنیا کی زندگی اور آخرت میں خوشخبری ہے۔" کی تفسیر پوچھی، انہوں نے فرمایا کہ جب سے میں نے اس کی تفسیر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھی ہے مجھ سے کسی نے اس کے بارے میں نہیں پوچھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب سے یہ آیت نازل ہوئی ہے تم پہلے شخص ہو جس نے اس کی تفسیر پوچھی ہے اس بشارت سے مراد مومن کا نیک خواب ہے جو وہ دیکھتا ہے یا اسے دکھایا جاتا ہے۔ [1]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللَّهِ عِبَادًا يَغْبِطُهُمُ الْأَنْبِيَاءُ وَالشُّهَدَاءُ . قِيلَ: مَنْ هُمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَلَعَلَّنَا نُحِبُّهُمْ؟ قَالَ:هُمْ قَوْمٌ تَحَابُّوا فِي اللَّهِ مِنْ غَيْرِ أَمْوَالٍ وَلَا أَنْسَابٍ، وُجُوهُهُمْ مِنْ نُورٍ، عَلَى مَنَابِرَ مِنْ نُورٍ، لَا يَخَافُونَ إِذَا خَافَ النَّاسُ، وَلَا يَحْزَنُونَ إِذَا حَزِنَ النَّاسُ ، وَقَرَأَ:{أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ} [2]

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یقیناً کچھ اللہ کے بندے ایسے بھی ہوں گے جن پر انبیاء وشہداء بھی رشک کریں گے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! وہ کون (سعادت مند) لوگ ہوں گے تا کہ ہم بھی ان سے محبت کریں؟ فرمایا وہ لوگ جو کسی مالی لالچ یا نسبی تعلق کے بغیر ایک دوسرے سے محبت کرتے ہوں گے، ان کے چہرے نور سے (منور) ہوں گے اور وہ نور کے منبروں پر جلوہ افروز ہوں گے، جب لوگ خوف میں مبتلا ہوں گے تو انہیں کوئی خوف نہ ہوگا اور جب لوگ غم ناک ہوں گے تو انہیں کوئی غم نہ ہوگا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت کریمہ "یاد رکھو کہ اللہ کے دوستوں پر نہ کوئی اندیشہ ہے اور نہ وہ غمگین ہوتے ہیں۔" کی تلاوت فرمائی۔ [3]

اور آخرت کی بشارتوں میں اولین بشارت یہ ہے کہ موت کے وقت جب فرشتے روح قبض کرنے کے لئے آتے ہیں تو بشارت دیتے ہیں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۰﴾ نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ

---

[1] جامع ترمذی کتاب تفسیرالقرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ يُونُسَ ۳۱۰۶، مسنداحمد ۲۷۵۱۰

[2] یونس : ۶۲

[3] تفسیر طبری ۱۲۱/۱۵، سنن ابوداود أَبْوَابُ الْإِجَارَةِ بَابٌ فِي الرَّهْنِ ۳۵۲۷ عن سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب

فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ۝۳۱ [1]

ترجمہ: جن لوگوں نے کہا کہ اللہ ہمارا رب ہے اور پھر وہ اس پر ثابت قدم رہے یقیناً ان پر فرشتے نازل ہوتے ہیں اور ان سے کہتے ہیں کہ نہ ڈرو نہ غم کرو اور خوش ہو جاؤ اس جنت کی بشارت سے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے، ہم اس دنیا کی زندگی میں بھی تمہارے ساتھی ہیں اور آخرت میں بھی، وہاں جو کچھ تم چاہو گے تمہیں ملے گا اور ہر چیز جس کی تم تمنا کرو گے وہ تمہاری ہو گی۔

اور آخرت میں ان کو یہ خوشخبری ہو گی۔

اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ۝۱۰۱ لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ۝۱۰۲ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۭ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝۱۰۳ [2]

ترجمہ: رہے وہ لوگ جن کے لئے ہماری طرف سے بھلائی کا پہلے ہی فیصلہ ہو چکا ہو گا تو وہ یقیناً اس سے دور رکھے جائیں گے، اس کی سرسراہٹ تک نہ سنیں گے اور وہ ہمیشہ ہمیشہ اپنی من بھاتی چیزوں کے درمیان رہیں گے، وہ انتہائی گھبراہٹ کا وقت ان کو ذرا پریشان نہ کرے گا اور ملائکہ بڑھ کر ان کو ہاتھوں ہاتھ لیں گے کہ یہ تمہارا وہی دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔

يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۱۲ [3]

ترجمہ: اس دن جبکہ تم مومن مردوں اور عورتوں کو دیکھو گے کہ ان کا نور ان کے آگے آگے اور ان کے دائیں جانب دوڑ رہا ہو گا (ان سے کہا جائے گا کہ) آج بشارت ہے تمہارے لئے، جنتیں ہوں گی جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے یہی ہے بڑی کامیابی۔

اللہ کی باتیں بدل نہیں سکتیں، جیسے فرمایا:

۔۔۔فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ۝۴۳ [4]

ترجمہ: تم اللہ کے طریقے میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے اور تم کبھی نہ دیکھو گے کہ اللہ کی سنت کو اس کے مقرر راستے سے کوئی طاقت پھیر سکتی ہے۔

بلکہ اللہ نے جو وعدہ کیا ہے وہ حق ہے جس میں تغیر و تبدل ممکن نہیں، یہی بڑی کامیابی ہے، اے نبی ﷺ! جو نکتہ چینی یہ مشرکین تم پر اور دین

---

[1] حم السجدہ ۳۰،۳۱

[2] الانبیاء ۱۰۱تا۱۰۳

[3] الحدید ۱۲

[4] فاطر ۴۳

حق پر کرتے ہیں اس پر رنجیدہ نہ ہو، یہ باتیں ان کو عزت فراہم کر سکتی ہیں نہ آپ کو کوئی نقصان دے سکتی ہیں، بیشک عزت ساری کی ساری اللہ کے اختیار میں ہے وہ جسے چاہتا ہے عزت عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ذلیل و خوار کر دیتا ہے، جیسے فرمایا:

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ... ⑩ [1]

ترجمہ: جو کوئی عزت چاہتا ہو اسے معلوم ہونا چاہیے کہ عزت ساری کی ساری اللہ کی ہے۔

...وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ⑧ [2]

ترجمہ: عزت تو اللہ اور اس کے رسول اور مومنین کے لئے ہے مگر یہ منافق جانتے نہیں ہیں۔

اور اللہ اپنے بندوں کے اقوال کو سنتا اور تمام احوال کو جانتا ہے، کائنات کی کوئی چیز اس سے چھپی ہوئی نہیں ہے۔

اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ ؕ وَ مَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ

یاد رکھو جتنے کچھ آسمانوں میں ہیں اور جتنے زمین میں ہیں یہ سب اللہ ہی کے ہیں اور جو لوگ اللہ کو چھوڑ کر دوسرے شرکاء کی

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝٦٦

عبادت کر رہے ہیں کس چیز کی اتباع کر رہے ہیں، محض بے سند خیال کی اتباع کر رہے ہیں اور محض اٹکلیں لگا رہے ہیں،

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَ النَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ

وہ ایسا ہے جس نے تمہارے لیے رات بنائی تاکہ تم اس میں آرام کرو اور دن بھی اس طور بنایا کہ دیکھنے بھالنے کا ذریعہ ہے،

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ۝٦٧ (یونس ۶۷،۶۶)

تحقیق اس میں دلائل ہیں ان لوگوں کے لیے جو سنتے ہیں۔

آگاہ رہو! آسمان کے بسنے والے فرشتے ہوں یا زمین میں بسنے والے انسان سب کے سب اللہ کی تخلیق اور اس کی ملکیت ہیں، اور اس کے سامنے مسخر اور اس کے دست تدبیر کے تحت ہیں، کوئی مخلوق عبادت کا کچھ بھی استحقاق نہیں رکھتی اور کسی لحاظ سے بھی اللہ کی شریک نہیں بن سکتی، اور جو لوگ اللہ کے سوا کچھ اپنے خود ساختہ شریکوں کو پکار رہے ہیں وہ محض ظن و تخمین اور رائے و قیاس کی کرشمہ سازی ہے، اور ظن و گمان حق کے مقابلے میں کسی کام نہیں آتا، جیسے فرمایا:

وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ۝٢٨ [3]

ترجمہ: حالانکہ اس معاملہ کا علم انہیں حاصل نہیں ہے، وہ محض گمان کی پیروی کر رہے ہیں اور گمان حق کی جگہ کچھ بھی کام نہیں دے سکتا۔

---

[1] فاطر ۱۰

[2] المنافقون ۸

[3] النجم ۲۸

اللہ تعالیٰ نے روزانہ مشاہدہ میں آنے والی چیزوں کے ذریعے سے اپنا تعارف کرایا کہ وہ اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی کہ اس کی تاریکی میں راحت وآرام، سکون واطمینان حاصل کرو،اگرسورج کی روشنی ہمیشہ برقرار رہتی توتمہیں سکون وقرار نہ ملتااور معاشی ضروریات اور دینی ودنیاوی مصالح کے لئے دن کو روشن بنایا، گردش لیل ونہار کی یہ نشانیاں ان لوگوں کے لئے ہیں جو دل کے کانوں سے باتیں سنیں،اور یہ یقین ان کے دل میں جاگزیں ہوجائے کہ رات دن کا آنااور دنیاوی زندگی محدود عرصے کے لئے نفع اٹھانے کی غرض سے ہے یہ مستقل اور پائدار چیز نہیں ہے،حقیقت یہ ہے کہ سبھی کولوٹ کر اپنے خالق کے حضور پیش ہونا ہے۔

قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ الْغَنِيُّ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي

وہ کہتے ہیں کہ اللہ اولاد رکھتاہے،سبحان اللہ! وہ توکسی کامحتاج نہیں اس کی ملکیت ہے جوکچھ آسمانوں میں ہے اور جوکچھ

الْاَرْضِ ؕ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۭ بِهٰذَا ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۶۸

زمین میں ہے، تمہارے پاس اس پر کوئی دلیل نہیں، کیا اللہ کے ذمہ ایسی بات لگاتے ہو جس کا تم علم نہیں رکھتے،

قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ۝۶۹ؕ مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا

آپ کہہ دیجئے کہ جولوگ اللہ پرجھوٹ افترا کرتے ہیں وہ کامیاب نہ ہونگے،یہ دنیا میں تھوڑا سا عیش ہے پھر ہمارے پاس

مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝۷۰ؒ (یونس۶۸تا۷۰)

ان کوآنا ہے پھر ہم ان کوان کے کفرکے بدلے سخت عذاب چکھائیں گے۔

اہل کتاب یہود ونصاریٰ نے اپنے ظن وگمان میں کہا

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ [1]

یہودیوں نے کہاعزیز علیہ السلام اللہ کابیٹاہے اورعیسائیوں نے کہاعیسیٰ علیہ السلام اللہ کابیٹاہے۔

مشرکین نے کہافرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں۔

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ۝۵۷ [2]

ترجمہ:یہ اللہ کے لیے بیٹیاں تجویز کرتے ہیں سبحان اللہ! اوران کے لیے وہ جو یہ خود چاہیں؟۔

اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ۝۲۱ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ۝۲۲ [3]

ترجمہ: کیاتمہارے لیے تو ہوں بیٹے اور اللہ کے لیے ہوں بیٹیاں،یہ توبڑی دھاندلی کی تقسیم ہوئی۔

---

[1] التوبۃ۳۰

[2] النحل ۵۷

[3] النجم۲۱،۲۲

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ۙ﴿۲۶﴾ [1]

ترجمہ: یہ کہتے ہیں رحمان اولاد رکھتا ہے، سبحان اللہ، وہ (یعنی فرشتے) تو بندے ہیں جنہیں عزت دی گئی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے متعدد دلائل دیتے ہوئے اس کا رد فرمایا اللہ نے کسی کو بیٹا یا بیٹی نہیں بنایا ہے، سبحان اللہ! وہ تو تمام عیوب، نقائص اور کمزوریوں سے پاک ہے، اس کی طرف اولاد کی نسبت کس طرح صحیح ہو سکتی ہے، اس کی ذات کو فنا نہیں اس لئے اسے اولاد یا بیوی کی کوئی ضرورت نہیں ہے، اور آسمانوں میں بسنے والے فرشتے ہوں یا زمین میں آباد انسان ہوں سب اس کی ملک اور اس کے محتاج ہیں تو پھر اس کے مملوک اس کی اولاد کیسے بن سکتے ہیں، تم لوگ جو بغیر سوچے سمجھے اللہ کے لئے اولاد تجویز کر رہے ہو کیا تمہارے پاس اس قول کے لئے کوئی معقول دلیل ہے؟ کیا تم اللہ کے متعلق وہ بات کہتے ہو جو تمہارے علم میں نہیں ہیں؟ تمہاری اس نامعقول بات پر تو آسمان پھٹ جائیں، زمین شق ہو جائے اور پہاڑ گر جائیں، انہیں سرزنش کرتے ہوئے فرمایا

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ؕ﴿۸۸﴾ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْـًٔا اِدًّا ۙ﴿۸۹﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ۙ﴿۹۰﴾ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ۚ﴿۹۱﴾ وَمَا يَنْۢبَغِىْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ؕ﴿۹۲﴾ اِنْ كُلُّ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّاۤ اٰتِى الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ؕ﴿۹۳﴾ لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ؕ﴿۹۴﴾ وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿۹۵﴾ [2]

ترجمہ: وہ کہتے ہیں کہ رحمان نے کسی کو بیٹا بنایا ہے، سخت بے ہودہ بات ہے جو تم لوگ گھڑ لائے ہو، قریب ہے کہ آسمان پھٹ پڑیں زمین شق ہو جائے اور پہاڑ گر جائیں اس بات پر کہ لوگوں نے رحمان کے لئے اولاد ہونے کا دعویٰ کیا، رحمان کی یہ شان نہیں ہے کہ وہ کسی کو بیٹا بنالے، زمین اور آسمانوں کے اندر جو بھی ہیں سب اس کے حضور بندوں کی حیثیت سے پیش ہونے والے ہیں، سب پر وہ محیط ہے اور اس نے ان کو شمار کر رکھا ہے سب قیامت کے روز فرداً فرداً اس کے سامنے حاضر ہوں گے۔

اے محمد ﷺ! کہہ دو کہ جو لوگ اللہ پر جھوٹے افترا باندھتے ہیں وہ اخروی دائمی زندگی میں ہرگز فلاح نہیں پا سکیں گے، یہ لوگ دنیا کی چند روزہ زندگی میں عیش کر لیں، ہماری عطا کردہ نعمتوں کے مزے لوٹ لیں پھر ایک دن ان سب کو تنہا تنہا ہماری بارگاہ میں پیش ہونا ہے، پھر اس کفر کی پاداش میں جس کا ارتکاب وہ کر رہے ہیں ہم ان کو بدترین عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔

...وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ [3]

ترجمہ: اللہ نے ان پر ظلم نہیں کیا درحقیقت یہ خود اپنے اوپر ظلم کر رہے ہیں۔

وَ اتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ

اور آپ ان کو نوح (علیہ السلام) کا قصہ پڑھ کر سنائیے جب کہ انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ اے میری قوم! اگر تم کو

---

[1] الانبیاء ۲۶

[2] مریم ۸۸ تا ۹۵

[3] آل عمران ۱۱۷

مَّقَامِیْ وَ تَذْكِیْرِیْ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ فَعَلَی اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْۤا اَمْرَكُمْ وَ شُرَكَآءَكُمْ

میرا رہنا اور احکام الٰہی کی نصیحت کرنا بھاری معلوم ہوتا ہے تو میرا اللہ پر ہی بھروسہ ہے، تم اپنی تدبیر مع اپنے شرکا کے پختہ کرلو

ثُمَّ لَا یَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَیْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْۤا اِلَیَّ وَ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۷۱﴾ فَاِنْ

پھر تمہاری تدبیر تمہاری گھٹن کا باعث نہ ہونی چاہیے، پھر میرے ساتھ کر گزرو اور مجھ کو مہلت نہ دو، پھر بھی اگر

تَوَلَّیْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ ۙ وَ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ

تم اعراض ہی کئے جاؤ تو میں نے تم سے کوئی معاوضہ تو نہیں مانگا، میرا معاوضہ تو صرف اللہ ہی کے ذمہ ہے اور مجھ کو حکم کیا

مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۷۲﴾ (یونس ۷۱،۷۲)

گیا ہے کہ میں مسلمانوں میں سے رہوں۔

دس گیارہ سال سے رسول اللہ ﷺ لوگوں کو معقول دلائل کے ساتھ دعوت توحید پہنچا چکے تھے،ان کے باطل عقائد،خیالات اور طریقوں پر متنبہ کر چکے تھے مگر قوم کسی طرح اپنی گمراہیوں پر نظر ثانی کرنے کو تیار نہیں تھی بلکہ خود رسول اللہ ﷺ کے وجود کو مکہ مکرمہ میں برداشت کرنے کو تیار نہیں تھے اور آپ کی جان کے دشمن ہو رہے تھے،ان حالات میں اللہ تعالیٰ نے چند انبیاء کے حالات بطور نمونہ ذکر فرمائے اور سب سے پہلے نوح علیہ السلام کا ذکر فرمایا کہ جب انہوں نے قوم کو طویل مدت تک دلائل و براہین کے ساتھ دعوت توحید پہنچائی، جس پر قوم نے جتنی اذیتیں اور مصائب انہیں دیے انہوں نے سب کو خندہ پیشانی سے برداشت کیا، مگر قوم سرکشی پر تلی ہوئی تھی اور انہیں اپنی بستیوں میں برداشت کرنے کو تیار نہیں تھی فرمایا اے نبی ﷺ! انہیں نوح علیہ السلام کا قصہ سناؤ کہ جب نوح علیہ السلام نے ایک عرصہ دراز کی وعظ و تبلیغ کے بعد اپنی قوم سے کہا تھا کہ اے برادران قوم!اگر میرا تمہارے درمیان رہنا اور اللہ کی آیات سنا سنا کر تمہیں غفلت سے بیدار کرنا تمہارے لیے ناقابل برداشت ہو گیا ہے تو تم اپنے ٹھہرائے ہوئے شریکوں کو ساتھ لے کر ایک متفقہ فیصلہ کرلو اور جو منصوبہ تمہارے پیش نظر ہو اس کو خوب سوچ لو تا کہ اس کا کوئی پہلو تمہاری نگاہ سے پوشیدہ نہ رہے،یعنی تمہاری تدبیر واضح اور غیر مبہم ہونی چاہیے،پھر میرے خلاف اس کو عمل میں لے آؤ اور مجھے ایک لمحے کی بھی مہلت نہ دو،میرا بھروسہ اللہ پر ہے،

یہی بات ہود علیہ السلام نے بھی اپنی قوم کو فرمائی تھی۔

...قَالَ اِنِّیْۤ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْۤا اَنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِیْدُوْنِیْ جَمِیْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾ اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّكُمْ... ﴿۵۶﴾ [1]

ترجمہ: ہود علیہ السلام نے کہا میں اللہ کی شہادت پیش کرتا ہوں اور تم گواہ رہو کہ یہ جو اللہ کے سوا دوسروں کو تم نے خدائی میں شریک ٹھیرا رکھا ہے اس سے میں بیزار ہوں،تم سب کے سب مل کر میرے خلاف اپنی کرنی میں کسر نہ اٹھا رکھو اور مجھے ذرا مہلت نہ دو،میرا بھروسہ اللہ پر ہے

[1] ہود ۵۴تا۵۶

جو میرا رب بھی ہے اور تمہارا رب بھی۔

تم نے دعوت حق کی تکذیب کی اور اطاعت سے منہ موڑا، میرا دعوی نبوت کا مقصد مال و دولت یا کوئی مرتبہ حاصل کرنا نہیں تھا کہ تم مجھ پر کوئی تہمت لگا سکو، میرا اجر و ثواب تو اللہ کے ذمہ ہے اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں خود مسلم بن کر رہوں، یعنی تمام انبیاء کا دین اسلام ہی تھا گو شرائع اور مناہج متعدد رہے ہے، اور یہی بات متعدد جگہوں پر بھی فرمائی گئی ہے۔

قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ڮ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝۱۳۶ [۱]

ترجمہ: مسلمانو! کہو کہ ہم ایمان لائے اللہ پر اور اس ہدایت پر جو ہماری طرف نازل ہوئی ہے اور جو ابراہیم علیہ السلام، اسماعیل علیہ السلام، اسحاق علیہ السلام، یعقوب علیہ السلام اور اولاد یعقوب کی طرف نازل ہوئی تھی، اور جو موسیٰ اور عیسیٰ اور دوسرے تمام پیغمبروں کو ان کے رب کی طرف سے دی گئی تھی، ہم ان کے درمیان کوئی تفریق نہیں کرتے اور ہم اللہ کے مسلم ہیں۔

اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَاۗءَ... ۝۴۴ [۲]

ترجمہ: ہم نے توراۃ نازل کی جس میں ہدایت اور روشنی تھی، سارے نبی جو مسلم تھے اسی کے مطابق ان یہودیوں کے معاملات کا فیصلہ کرتے تھے اور اسی طرح ربانی اور احبار بھی (اسی پر فیصلہ کا مدار رکھتے تھے) کیونکہ انہیں کتاب اللہ کی حفاظت کا ذمہ دار بنایا گیا تھا اور وہ اس پر گواہ تھے۔

وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَهُمْ عَمَّا جَاۗءَكَ مِنَ الْحَقِّ... ۝۴۸ [۳]

ترجمہ: پھر اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! ہم نے تمہاری طرف یہ کتاب بھیجی جو حق لے کر آئی ہے اور الکتاب میں سے جو کچھ اس کے آگے موجود ہے اس کی تصدیق کرنے والی اور اس کی محافظ و نگہبان ہے لہٰذا تم اللہ کے نازل کردہ قانون کے مطابق لوگوں کے معاملات کا فیصلہ کرو اور جو حق تمہارے پاس آیا ہے اس سے منہ موڑ کر ان کی خواہشات کی پیروی نہ کرو۔

اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِيْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَيْءٍ ۡ وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝۹۱ [۴]

ترجمہ: (اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! ان سے کہو) مجھے تو یہی حکم دیا گیا ہے کہ اس شہر (مکہ معظمہ) کے رب کی بندگی کروں جس نے اسے حرم بنایا ہے اور جو ہر چیز کا مالک ہے، مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں مسلم بن کر رہوں۔

قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱۶۲ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ

---

[۱] البقرۃ ۱۳۶

[۲] المائدۃ ۴۴

[۳] المائدہ ۴۸

[۴] النمل ۹۱

الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۶﴾ (۱)

ترجمہ: کہو! میری نماز، میرے تمام مراسم عبودیت، میرا جینا اور میرا مرنا سب کچھ اللہ رب العالمین کے لئے ہے جس کا کوئی شریک نہیں، اسی کا مجھے حکم دیا گیا ہے اور سب سے پہلے سر اطاعت جھکانے والا میں ہوں۔

۔۔۔رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ؕ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ (۲)

ترجمہ: اے رب! ہم پر صبر کا فیضان کر اور ہمیں دنیا سے اٹھا تو اس حال میں کہ ہم تیرے فرماں بردار ہوں۔

رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۣ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۱﴾ (۳)

ترجمہ: اے میرے رب! تو نے مجھے حکومت بخشی اور مجھ کو باتوں کی تہ تک پہنچنا سکھایا، زمین و آسمان کے بنانے والے! تو ہی دنیا اور آخرت میں میرا سرپرست ہے، میرا خاتمہ اسلام پر کر اور انجام کار مجھے صالحین کے ساتھ ملا۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالْأَنْبِيَاءُ إِخْوَةٌ لِعَلَّاتٍ، أُمَّهَاتُهُمْ شَتَّى وَدِينُهُمْ وَاحِدٌ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم انبیاء ایسے ہیں جیسے ایک باپ کی اولاد، دین ایک اور بعض احکام جداگانہ، پس توحید میں (ہم) سب یکساں ہیں۔ (۴)

فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَ مَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَ جَعَلْنٰهُمْ خَلٰٓئِفَ وَ اَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ

سو وہ لوگ ان کو جھٹلاتے رہے پس ہم نے ان کو اور جو ان کے ساتھ کشتی میں تھے ان کو نجات دی اور ان کو جانشین بنایا اور

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾ ثُمَّ

جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ان کو غرق کر دیا، سو دیکھنا چاہیے کیسا انجام ہوا ان لوگوں کا جو ڈرائے جا چکے تھے، پھر

بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

نوح (علیہ السلام) کے بعد ہم نے اور رسولوں کو ان کی قوموں کی طرف بھیجا سو وہ ان کے پاس روشن دلیلیں لے کر آئے

فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ

پس جس چیز کو انہوں نے اول میں جھوٹا کہہ دیا یہ نہ ہوا کہ پھر اس کو مان لیتے، اللہ تعالیٰ اسی طرح حد سے بڑھنے والوں

---

(۱) الانعام ۱۶۲، ۱۶۳

(۲) الاعراف ۱۲۶

(۳) یوسف ۱۰۱

(۴) صحیح بخاری کتاب احادیث الانبیاء بَابُ قَوْلِ اللَّهِ وَاذْكُرْ فِي الكِتَابِ مَرْيَمَ إِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا ۳۴۴۳، صحیح مسلم کتاب الفضائل بَابُ فَضَائِلِ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ ۶۱۳۰، مسند احمد ۹۲۷۰

عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٧٤﴾ (یونس ۷۴، ۷۵)

کے دلوں پر بند لگا دیتا ہے۔

مگر ۹۵۰ سال شب و روز کی تمام تر کوششوں، ہر طرح کے دلائل و براہین، ہر طرح کی خوشخبریوں کے باوجود ان کی قوم نے تکذیب کا راستہ نہیں چھوڑا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہم نے اسے اور اہل ایمان کو کشتی میں سوار کر کے پانی میں غرق ہونے سے بچا لیا، جیسے فرمایا:

وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ﴿١٣﴾ [1]

ترجمہ: اور نوح کو ہم نے ایک تختوں اور کیلوں والی پر سوار کر دیا۔

اور انہی کو زمین میں جانشین بنایا اور انسانوں کی آئندہ نسل انہی لوگوں سے چلائی، اور باقی تمام قوم کو جنہوں نے ہماری دعوت کو جھٹلایا تھا طوفانی موجوں میں غرق کر دیا، پس دیکھ لو کہ جن لوگوں کو اللہ کے عذاب پر متنبہ کیا گیا تھا مگر وہ پھر بھی ایمان نہ لائے تو ان کا کیسا عبرت ناک اور رسوا کن انجام ہوا، پھر نوح علیہ السلام کے بعد ہم نے مختلف پیغمبروں کو ان کی قوموں کی طرف بھیجا، تمام پیغمبر اپنی اپنی قوم کے پاس اپنی دعوت و رسالت کی حقانیت پر واضح دلائل و معجزات لے کر آئے مگر جس پاکیزہ دعوت کو انہوں نے بغیر غور و فکر کے پہلے جھٹلا دیا تھا پھر ہر طرح کی فہمائش، تلقین اور معقول سے معقول دلیل کے بعد بھی اس پر ایمان نہ لائے، اس طرح ہم کفر و شرک کا راستہ اختیار کرنے والوں کے دلوں پر ٹھپہ لگا دیتے ہیں اور پھر انہیں کبھی راہ راست پر آنے کی توفیق نہیں ملتی، جیسے فرمایا:

وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ ... ﴿١١٠﴾ [2]

ترجمہ: ہم اسی طرح ان کے دلوں اور نگاہوں کو پھیر رہے ہیں جس طرح یہ پہلی مرتبہ اس (کتاب) پر ایمان نہیں لائے تھے۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَ هٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَا۟ىِٕهٖ بِاٰيٰتِنَا

پھر ان پیغمبروں کے بعد ہم نے موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) کو فرعون اور ان کے سرداروں کے پاس اپنی نشانیاں دے کر

فَاسْتَكْبَرُوْا وَ كَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ

بھیجا، سو انہوں نے تکبر کیا اور وہ لوگ مجرم قوم تھے، پھر جب ان کو ہمارے پاس سے صحیح دلیل پہنچی تو وہ لوگ کہنے لگے کہ

مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٦﴾ قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ؕ

یقیناً یہ صریح جادو ہے، موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ کیا تم اس صحیح دلیل کی نسبت جب کہ تمہارے پاس پہنچی ایسی بات کہتے

اَسِحْرٌ هٰذَا ؕ وَ لَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿٧٧﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا

ہو کیا یہ جادو ہے، حالانکہ جادوگر کامیاب نہیں ہوا کرتے، وہ لوگ کہنے لگے کیا تم ہمارے پاس اس لیے آئے ہو کہ ہم کو

---

[1] القمر ۱۳

[2] الانعام ۱۱۰

عَلَيۡهِ اٰبَآءَنَا وَ تَكُوۡنَ لَكُمَا الۡكِبۡرِيَآءُ فِى الۡاَرۡضِ ؕ

اس طریقہ سے ہٹا دو جس پر ہم نے اپنے باپ دادوں کو پایا ہے اور تم دونوں کو دنیا میں بڑائی مل جائے

وَمَا نَحۡنُ لَكُمَا بِمُؤۡمِنِيۡنَ ۝۷۸ (یونس۷۵تا۷۸)

اور ہم تم دونوں کو کبھی نہ مانیں گے۔

طویٰ کی مقدس وادی میں اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو خلعت رسالت سے نواز کر فرعون کے پاس جانے کا حکم فرمایا:

فَاۡتِيٰهُ فَقُوۡلَاۤ اِنَّا رَسُوۡلَا رَبِّكَ فَاَرۡسِلۡ مَعَنَا بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبۡهُمۡ ؕ قَدۡ جِئۡنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنۡ رَّبِّكَ ؕ وَالسَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الۡهُدٰى ۝۴۷ اِنَّا قَدۡ اُوۡحِىَ اِلَيۡنَاۤ اَنَّ الۡعَذَابَ عَلٰى مَنۡ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝۴۸ [۱]

ترجمہ: جاؤ اس کے پاس اور کہو کہ ہم تیرے رب کے فرستادے ہیں، بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ جانے کے لئے چھوڑ دے اور ان کو تکلیف نہ دے ہم تیرے پاس تیرے رب کی نشانی لیکر آئے ہیں اور سلامتی ہے اس کے لئے جو راہ راست کی پیروی کرے، ہم کو وحی سے بتایا گیا ہے کہ عذاب ہے اس کے لئے جو جھٹلائے اور منہ موڑے۔

اور فرمایا:

اِذۡهَبۡ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ اِنَّهٗ طَغٰى ۝۱۷ فَقُلۡ هَلۡ لَّكَ اِلٰۤى اَنۡ تَزَكّٰى ۝۱۸ وَاَهۡدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخۡشٰى ۝۱۹ [۲]

ترجمہ: فرعون کے پاس جا وہ سرکش ہو گیا ہے اور اس سے کہنا کیا تو اس کے لیے تیار ہے کہ پاکیزگی اختیار کرے! اور میں تیرے رب کی طرف تیری رہنمائی کروں تو (اس کا) خوف تیرے اندر پیدا ہو؟۔

چنانچہ تعمیل حکم میں موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام فرعون کے دربار میں پہنچے اور بھرے دربار میں فرعون اور اس کے امراء کو دعوت اسلام پیش کہ وہ طاغوت کی بندگی سے تائب ہو کر صرف اللہ رب العالمین کو اپنا رب اور الٰہ تسلیم کریں، اور آخرت کے عذاب سے ڈرایا کہ اس عارضی زندگی کے بعد ایک دوسری ابدی زندگی ہے جس میں ہر شخص نے تنہا اللہ مالک یوم الدین کے دربار میں پیش ہو کر اپنے اعمال کا حساب دینا ہے اس لئے اس کے لئے تیاری کرلو، اور اپنی رسالت کی صداقت میں موسیٰ علیہ السلام نے معجزات دکھائے اور دلائل کے انبار لگا دیے، توحید کے دلائل سن کر اور معجزات دیکھ کر فرعون اور اس کے اکابرین کے دل تو قائل ہو گئے مگر ان کا نفس ایمان پر آمادہ نہ ہوا، جیسے فرمایا:

وَجَحَدُوۡا بِهَا وَاسۡتَيۡقَنَتۡهَاۤ اَنۡفُسُهُمۡ ظُلۡمًا وَّعُلُوًّا ۔۔۔ؕ ۝۱۴ [۳]

ترجمہ: انہوں نے سراسر ظلم اور غرور کی راہ سے ان نشانیوں کا انکار کیا حالانکہ دل ان کے قائل ہو چکے تھے۔

چنانچہ فرعون نے اپنی دولت وحکومت اور شوکت وحشمت کے نشے میں مدہوش ہو کر اطاعت میں سر جھکانے کے بجائے تکبر واستکبار کا مظاہرہ کیا اور کہنے لگا یہ تو کھلا جادو ہے، موسیٰ علیہ السلام نے اس کو زجر وتوبیخ کرتے ہوئے فرمایا کیا جو پاکیزہ دعوت تمہیں پیش کر دی گئی ہے

---

[۱] طٰہٰ۴۷،۴۸

[۲] النازعات۱۷تا۱۹

[۳] النمل۱۴

اسے جادوگر دانتے ہو،؟ کیا تم معجزات اور جادو کے فرق کو نہیں سمجھتے؟ کیا تم نہیں جانتے کہ جادوگر کس سیرت و کردار کے حامل ہوتے ہیں؟اور کن مقاصد کے لئے جادوگری کرتے ہیں؟ کیا جادوگر اللہ وحدہ لاشریک اور طہارت نفس کی دعوت دیتے ہیں؟ حالانکہ جادوگر نہ دنیامیں فلاح پاتے ہیں نہ آخرت میں، دعوت حق کے مقابلے میں مشرکین پیغمبروں پر ہمیشہ تین ہی اعتراض کرتے رہے ہیں یہ کہ تم ہمیں ہمارے آباؤاجداد کے طریقوں سے پھیرنا چاہتے ہو اور دوسرے یہ کہ تم اپنی بڑائی قائم کرنا چاہتے ہو، تیسرے یہ کہ بشر رسول نہیں ہوسکتا، چنانچہ پچھلی قوموں کی طرح فرعون اور اس کے درباریوں نے بھی یہی جواب دیا کیا تو اس لئے آیا ہے کہ ہم ایک اللہ کی عبادت کریں اور اپنے آباؤاجداد کے طریقوں کو چھوڑ دیں، اور تمہاری اس دعوت کا مقصد یہ ہے کہ ہم سے جاہ وریاست چھین کر خود اس پر قبضہ کرنا اور ہمیں ہماری زمینوں سے نکال باہر کرنا چاہتے ہو ہم تمہاری دعوت کو تسلیم نہیں کرتے۔

وَ قَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِیْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِیْمٍ ﴿۷۹﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰۤی

اور فرعون نے کہا میرے پاس تمام ماہر جادوگروں کو حاضر کرو، پھر جب جادوگر آئے تو موسیٰ (علیہ السلام) نے ان سے

اَلْقُوْا مَاۤ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَلَمَّاۤ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ

فرمایا کہ ڈالو جو کچھ تم ڈالنے والے ہو، سو جب انہوں نے ڈالا تو موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ یہ جو کچھ تم لائے ہو جادو

اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۸۱﴾ وَ یُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ

ہے، یقینی بات ہے کہ اللہ اس کو بھی درہم برہم کئے دیتا ہے، اللہ ایسے فسادیوں کا کام بننے نہیں دیتا، اور اللہ تعالیٰ حق کو

بِكَلِمٰتِهٖ وَ لَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾ ع (یونس ۷۹ تا ۸۲)

اپنے فرمان سے ثابت کر دیتا ہے گو مجرم کیسا ہی ناگوار سمجھیں۔

اپنے اکابرین سے مشورہ کرنے کے بعد فرعون نے حکم دیا کہ موسیٰ علیہ السلام کے مقابلے کے لئے ملک مصر کے ہر ماہر فن جادوگر کو میرے دربار میں حاضر کرو، تعمیل حکم میں ہرکارے پورے ملک میں دوڑے اور وقت مقررہ پر ماہر فن جادوگروں کو جمع کر کے دارالحکومت میں پہنچ گئے، جادوگروں کو بلانے کے علاوہ فرعون نے اپنی رعایا کو بھی مقابلہ دیکھنے کی دعوت دی اور صرف اعلان واشتہار ہی پر اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ اس غرض سے آدمی چھوڑے گئے کہ لوگوں کو اکسا کر مقابلہ دیکھنے کے لئے لائیں، کیونکہ بھرے دربار میں جو معجزات موسیٰ نے دکھائے تھے ان کی خبر عام لوگوں میں پھیل چکی تھی اور فرعون کو یہ اندیشہ تھا کہ اس سے ملک کے باشندے متاثر ہوتے چلے جارہے ہیں، جن حاضرین دربار نے معجزے دیکھے تھے اور باہر جن لوگوں تک اس کی معتبر خبریں پہنچی تھیں ان کے عقیدے اپنے آبائی دین و دھرم پر سے متزلزل ہوئے جارہے تھے اور اب ان کے دین کا دارومدار بس اس پر رہ گیا تھا کہ کسی طرح جادوگر بھی وہ کام کر دکھائیں جو موسیٰ نے کیا ہے، فرعون اور اس کے اعیان سلطنت اسے خود ایک فیصلہ کن مقابلہ سمجھ رہے تھے ان کے اپنے بھیجے ہوئے آدمی عوام الناس کے ذہن میں یہ بات بٹھاتے پھرتے تھے کہ اگر جادوگر مقابلے میں کامیاب ہو گئے تو ہم سچے ہوں گے اور اپنے اباؤاجداد کے دین و دھرم پر قائم ودائم رہیں گے ورنہ ہمارے دین

وایمان کی خیر نہیں اس طرح فرعون نے مقابلے کی خوب تیاری کرلی۔

فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ ﴿۳۸﴾ وَّقِيلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿۳۹﴾ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۴۰﴾ [1]

ترجمہ: چنانچہ ایک روز مقررہ وقت پر جادوگر اکھٹے کر لئے گئے اور لوگوں سے کہا گیا تم اجتماع میں چلو گے؟ شاید کہ ہم جادوگروں کے دین ہی پر رہ جائیں اگر وہ غالب رہے۔

مقابلے کے میدان میں جہاں حق وباطل کا مقابلہ دیکھنے کے لئے خلقت ٹوٹی پڑ رہی تھی موسیٰ علیہ السلام نے جادوگروں سے کہا نظر کی جو شعبدہ بازیاں تم دکھانا چاہتے ہو دکھاؤ، یہ ملک کے نامی گرامی جادوگر تھے اور رہر کاروں سے سارے حالات سن کر اور اسی کے مطابق جادو تیار کر لائے تھے چنانچہ انہوں نے لوگوں کی آنکھوں پر جادو کیا اور اپنی رسیاں اور لاٹھیاں میدان میں پھنکیں جو لوگوں کو سانپ بن کر میدان میں دوڑتے اور لپکتے ہوئے محسوس ہونے لگے، جیسے فرمایا:

قَالُوْا يٰمُوْسٰۤى اِمَّاۤ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّاۤ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّاۤ اَلْقَوْا سَحَرُوْۤا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾ [2]

ترجمہ: پھر انہوں نے موسی علیہ السلام سے کہا تم پھینکتے ہو یا ہم پھینکیں، موسی علیہ السلام نے جواب دیا تم ہی پھینکو، انہوں نے جو اپنے انچھر پھینکے تو نگاہوں کو مسحور اور دلوں کو خوف زدہ کر دیا اور بڑا ہی زبردست جادو بنالائے۔

حتی کہ موسیٰ علیہ السلام بھی اپنے دل میں خوف زدہ ہو گئے۔

فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿۶۷﴾ [3]

ترجمہ: اور موسی علیہ السلام اپنے دل میں ڈر گیا۔

اسی موقع پر موسیٰ علیہ السلام نے جادوگروں سے کہا جادو وہ نہیں جو میں نے دکھایا تھا بلکہ جادو یہ ہے جو تم نے دکھایا ہے، اللہ اس فساد کو چشم زدن میں مٹادے گا اللہ قادر مطلق مفسدوں کے کام کو سدھرنے نہیں دیتا اور اللہ دلائل وبراہین سے ہمیشہ حق کو سر بلند اور باطل کو سرنگوں کرتا ہے خواہ مجرموں کو وہ کتنا ہی ناگوار ہو۔

عَنْ لَيْث -وَهُوَ ابْنُ أَبِي سُلَيْمٍ -قَالَ: بَلَغَنِي أَنَّ هَؤُلَاءِ الْآيَاتِ شِفَاءٌ مِنَ السِّحْرِ بِإِذْنِ اللَّهِ تَعَالَى، تُقْرَأُ فِي إِنَاءٍ فِيهِ مَاءٌ، ثُمَّ يَصُبُّ عَلَى رَأْسِ الْمَسْحُورِ: الْآيَةُ الَّتِي مِنْ سُورَةِ يُونُسَ: {فَلَمَّا أَلْقَوْا قَالَ مُوسَى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللَّهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللَّهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ وَيُحِقُّ اللَّهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ} وَالْآيَةُ الْأُخْرَى:

---

[1] الشعراء ۴۰،۳۸

[2] الاعراف۱۱۶،۱۱۵

[3] طه۶۷

{فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ} [۱] ، وَقَوْلُهُ {إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَى} [۲] .

لیث بن ابی سلیم رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ ان آیتوں میں اللہ کے حکم سے جادو کی شفا ہے، ایک برتن میں پانی لے کر اس پر یہ آیتیں

فَلَمَّا أَلْقَوْا قَالَ مُوسَى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ وَيُحِقُّ اللهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ

اور

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ○ وَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ○ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ

اور

إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَى

پڑھ کر دم کر دی جائیں اور جس پر جادو کر دیا گیا ہو اس کے سر پر وہ پانی بہا دیا جائے۔ [۳]

فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَ مَلَا۟ئِهِمْ

پس موسیٰ (علیہ السلام) پر ان کی قوم میں سے صرف قدرے قلیل آدمی ایمان لائے، وہ بھی فرعون سے اور اپنے حکام سے

اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ؕ وَ اِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِي الْاَرْضِ ۚ وَ اِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۸۳﴾

ڈرتے ڈرتے کہ کہیں ان کو تکلیف پہنچائے اور واقع میں فرعون اس ملک میں زور رکھتا تھا، اور یہ بھی بات تھی کہ وہ حد سے

وَ قَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا

باہر ہو جاتا تھا، اور موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ اے میری قوم! اگر تم اللہ پر ایمان رکھتے ہو تو اسی پر توکل کرو

اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً

اگر تم مسلمان ہو، انہوں نے عرض کیا کہ ہم نے اللہ ہی پر توکل کیا، اے ہمارے پروردگار! ہم کو ان ظالموں کیلئے فتنہ

لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَ نَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾ (یونس ۸۳ تا ۸۶)

نہ بنا اور ہم کو اپنی رحمت سے ان کافر لوگوں سے نجات دے۔

---

[۱] الأَعْرَافِ: ۱۱۸ - ۱۲۲

[۲] طه: ۶۹

[۳] تفسیر ابن کثیر ۲٫۶۷۱ بحوالہ ابن ابی حاتم

جادوگر توحق کو پہچان کر اہل ایمان ہو گئے اور مقابلے کے میدان میں بغیر کسی خوف کے اللہ تعالیٰ پر اپنے ایمان کا اعلان کر دیا، مگر قبطی قوم میں سچ اور جھوٹ کو دیکھنے، جاننے اور چاہنے کے باوجود فرعون جیسے ظالم وجابر بادشاہ کے ظلم کے ڈر سے کہ جس کے جور وستم کی کوئی حد نہیں تھی، اور قوم میں برسراقتدار منصب دار اور لشکروں کے سرداروں کے خوف سے کہ وہ بھی فرعون سے کم نہ تھے اس پر خطر دور میں حق کا ساتھ دینے اور علمبردار حق کو اپنا رہنما تسلیم کرنے کی جرات چند نوجوانوں کے سوا کسی نے نہ کی،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: {فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ} [۱] قَالَ: كَانَتِ الذُّرِّيَّةُ الَّتِي آمَنَتْ لِمُوسَى مِنْ أُنَاسٍ غَيْرِ بَنِي إِسْرَائِيلَ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ يَسِيرٌ، مِنْهُمُ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ، وَمُؤْمِنُ آلَ فِرْعَوْنَ، وَخَازِنُ فِرْعَوْنَ، وَامْرَأَةُ خَازِنِهِ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے اس آیت کریمہ ''پس موسیٰ پر ان کی قوم میں سے صرف قدرے قلیل آدمی آیمان لائے، وہ بھی فرعون سے اور اپنے حکام سے ڈرتے ڈرتے کہ کہیں ان کو تکلیف پہنچائے۔'' کی تفسیر میں روایت ہے بنی اسرائیل کے علاوہ فرعون کی قوم کے صرف چند لوگ ہی ایمان لائے تھے جن میں فرعون کی بیوی اور مومن آل فرعون اور فرعون کا خازن اور اس خازن کی بیوی بطور خاص قابل ذکر ہیں۔ [۲]

مگر ماؤں، باپوں اور قوم کے سن رسیدہ لوگوں کو اس کی توفیق نصیب نہ ہوئی، ان پر مصلحت پرستی اور دنیاوی اغراض کی بندگی اور عافیت کوشی چھائی رہی اور وہ حق کا ساتھ دینے پر آمادہ نہ ہوئے جس کا راستہ ان کو خطرات سے پر نظر آرہا تھا بلکہ وہ الٹے نوجوانوں ہی کو روکتے رہے کہ موسی علیہ السلام کے قریب بھی نہ جاؤ ورنہ تم خود بھی فرعون کے غیض وغضب میں مبتلا ہو جاؤ گے اور ہم پر بھی آفت لاؤ گے، فرعون نے اپنی شکست سے جھنجلا کر بنی اسرائیل کو شدید ایذائیں دینا شروع کر دیں جس پر موسیٰ علیہ السلام کی قوم کے لوگوں نے کہا:

قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْۢ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ... ﴿۱۲۹﴾ [۳]

ترجمہ: موسیٰ تیرے آنے سے پہلے بھی ہم ستائے جاتے تھے اور اب تیرے آنے پر بھی ستائے جارہے ہیں۔

موسیٰ نے قوم سے فرمایا اگر تم مسلمان ہو اور رب پر ایمان رکھتے ہو تو تمہارا بھروسہ دنیا کے وسائل اور طاقت پر نہیں بلکہ اس رب پر ہونا چاہیے جس کے ہاتھ میں تمام تدابیر ہیں جو غیر محسوس طریقہ پر عمل کرتی ہیں، اسی کو اپنا وکیل اور کارساز بناؤ وہ ہی تمہاری تکالیف دور فرمائے گا جیسے فرمایا

... فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ... ﴿۱۲۳﴾ [۴]

ترجمہ: تو اسی کی بندگی کر اور اسی پر بھروسہ رکھ۔

[۱] یونس: ۸۳

[۲] تفسیر طبری ۱۶۴/۱۵

[۳] الاعراف ۱۲۹

[۴] هود ۱۲۳

کیونکہ جو شخص اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھتا ہے اللہ اس کے لیے کافی ہو جاتا ہے، جیسے فرمایا

اَلَیۡسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبۡدَہٗ... ؁٣٦ [1]

ترجمہ: (اے نبی ﷺ) کیا اللہ اپنے بندے کے لیے کافی نہیں ہے؟۔

...وَمَنۡ یَّتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسۡبُہٗ... ؁٣ [2]

ترجمہ: جو اللہ پر بھروسہ کرے اس کے لیے وہ کافی ہے۔

وہ چند نوجوان جو فرعون کے غیض وغضب سے بے خوف ہو کر مسلمان ہوئے تھے اور موسیٰ کا ساتھ دینے پر آمادہ ہوئے تھے کہنے لگے ہم نے اللہ رب العالمین پر بھروسہ کیا بیشک بھروسہ کرنے والوں کو اسی پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے، اور دعا کرنے لگے جو اہل ایمان کے لئے ایک بہت بڑا ہتھیار بھی ہے اور سہارا بھی، رب سے فریاد کرنے لگے۔

...رَبَّنَا لَا تَجۡعَلۡنَا فِتۡنَةً لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ ؁٨٥ وَنَجِّنَا بِرَحۡمَتِكَ مِنَ الۡقَوۡمِ الۡکٰفِرِیۡنَ ؁٨٦ [3]

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہمیں ظالم لوگوں کے لیے فتنہ نہ بنا اور اپنی رحمت سے ہم کو کافروں سے نجات دے۔

یعنی اے ہمارے رب ہمیں ظالم لوگوں کے لئے فتنہ نہ بنا کہ وہ ہم پر غالب رہ کر یہ نہ سمجھنے لگیں کہ اگر یہ حق پر ہوتے اور وہ باطل پر ہوتے تو ہم پر غالب کیسے رہ سکتے تھے، اے رب ہم پر ان کے ہاتھوں عذاب مسلط نہ کرنا اور نہ اپنے پاس سے کوئی عذاب ہم پر نازل فرمانا کہ لوگ کہنے لگیں کہ اگر ہم مسلمان حق پر ہوتے تو ہم سزائیں کیوں بھگتتے یا اللہ کے عذاب ان پر کیوں اترتے، اگر یہ ہم پر غالب رہے تو ایسا نہ ہو کہ یہ کہیں ہمارے سچے دین سے ہمیں ہٹانے کے لئے کوشش کریں ہمیں ہمارے ایمان ویقین پر ثابت قدم رکھنا ان کے جور وستم کے آگے ہمیں صبر عطا فرمانا اور اے پروردگار اپنی رحمت خاص سے ان کفر وشرک قوم سے ہمیں نجات دے جنہوں نے حق کا انکار کر دیا ہے۔

وَ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلٰی مُوۡسٰی وَ اَخِیۡهِ اَنۡ تَبَوَّاٰ لِقَوۡمِکُمَا بِمِصۡرَ بُیُوۡتًا

اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) اور ان کے بھائی کے پاس وحی بھیجی کہ تم دونوں اپنے ان لوگوں کے لیے مصر میں گھر برقرار رکھو

وَّ اجۡعَلُوۡا بُیُوۡتَکُمۡ قِبۡلَةً وَّ اَقِیۡمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَ بَشِّرِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ؁٨٧

اور تم سب اپنے انہی گھروں کو نماز پڑھنے کی جگہ قرار دے لو اور نماز کے پابند رہو اور آپ مسلمانوں کو بشارت دے دیں،

وَ قَالَ مُوۡسٰی رَبَّنَاۤ اِنَّكَ اٰتَیۡتَ فِرۡعَوۡنَ وَ مَلَاَهٗ زِیۡنَةً وَّ اَمۡوَالًا

اور موسیٰ (علیہ السلام) نے عرض کیا کہ اے ہمارے رب! تو نے فرعون کو اور اس کے سرداروں کو سامان زینت اور

---

[1] الزمر ٣٦

[2] الطلاق ٣

[3] یونس ٨٥،٨٦

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ

طرح طرح کے مال دنیاوی زندگی میں دیئے، اے ہمارے رب! (اسی واسطے دیئے ہیں کہ) وہ تیری راہ سے گمراہ کریں،

رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَ اشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى

اے ہمارے رب! انکے مالوں کو نیست و نابود کر دے اور ان کے دلوں کو سخت کر دے سو یہ ایمان نہ لانے پائیں یہاں تک

يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۸۸﴾ قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا

کہ دردناک عذاب کو دیکھ لیں، حق تعالیٰ نے فرمایا کہ تم دونوں کی دعا قبول کرلی گئی، سو تم ثابت قدم رہو

وَ لَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾ (یونس ۸۷ تا ۸۹)

اور ان لوگوں کی راہ نہ چلنا جن کو علم نہیں۔

مساجد کی تعمیر کا حکم:

بنی اسرائیل قبطی قوم کے غلام تھے ان کے مکانات حکمران قوم کے گھروں سے دور مگر ایک جگہ مجتمع نہ تھے بلکہ مصر کے تمام شہروں اور قصبوں میں بٹے ہوئے تھے، مگر منف (Mamphis) سے رعمسیس تک کے علاقہ میں ان کی ایک بڑی تعداد آباد تھی جہاں وہ بڑی زبوں حالی کی زندگی گزارتے، حکومت کے تشدد اور خود بنی اسرائیل کے اپنے ضعف ایمانی کی وجہ سے ان کے ہاں نماز باجماعت کا نظام ختم ہو چکا تھا اور یہ ان کے شیرازے کے بکھرنے اور ان کی دینی روح پر موت طاری ہو جانے کا ایک بہت بڑا سبب تھا اس لئے موسیٰ کو حکم دیا گیا کہ اس نظام کو از سر نو قائم کریں اور متفرق طور پر اپنی اپنی جگہ نماز پڑھ لینے کے بجائے اجتماعی نماز ادا کریں، رب نے وحی بھیجی کہ اے موسیٰ !رب کو یاد کرنے اور اس کے حضور نیاز جبین جھکانے یعنی نماز ادا کرنے کے لئے کچھ مکانات کا بندوبست کرو اور انہیں مساجد مقرر کر لو یہ مساجد اسلام کی طاقت کا سرچشمہ ثابت ہونگی اور ان کو ساری قوم کے لئے مرکز ٹھہراؤ، اور اپنے گھروں ہی کو قبلہ بنا کر ان میں ہی بے خوف و خطر نماز قائم کرو تا کہ تمہیں عبادت کرنے کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت پیش نہ آئے جہاں تمہیں فرعون کے کارندوں کے ظلم و ستم کا ڈر ہو بلکہ مسجد میں داخل ہو کر تمہارے دل میں یہ خوف پیدا ہو کہ میں اللہ تعالیٰ کے گھر میں داخل ہو رہا ہوں، ہماری عظمت کا احساس پیدا ہو اور وہاں نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ ہمارا ذکر و اذکار کرو،

عَنْ مُجَاهِدٍ: {بُيُوتَكُمْ قِبْلَةً} [1] قَالَ: نَحْوَ الْكَعْبَةِ، حِينَ خَافَ مُوسَى، وَمَنْ مَعَهُ مِنْ فِرْعَوْنَ أَنْ يُصَلُّوا فِي الْكَنَائِسِ الْجَامِعَةِ، فَأُمِرُوا أَنْ يَجْعَلُوا فِي بُيُوتِهِمْ مَسَاجِدَ مُسْتَقْبِلَةَ الْكَعْبَةِ يُصَلُّونَ فِيهَا سِرًّا

مجاہد رحمہ اللہ نے آیت کریمہ بُيُوتَكُمْ قِبْلَةً کی تفسیر میں فرمایا ہے، بنی اسرائیل نے جب یہ خوف محسوس کیا کہ فرعون کہیں انہیں کنیسوں میں نماز ادا کرتے ہوئے قتل ہی نہ کرا دے تو انہیں یہ حکم دے دیا گیا کہ وہ اپنے گھروں ہی کو قبلہ رخ مسجدیں قرار دے لیں اور ان میں چھپ

---

[1] یونس: ۸۷

کر نماز ادا کر لیا کریں۔ [۱]

اور اپنے پیروکاروں کو ہماری طرف سے بشارت دے دو کہ ہم نے تمہاری دعائیں سن کر قبول کر لی ہیں عنقریب یہ کفر و شرک میں مبتلا قوم تباہ و برباد کر دی جائے گی اور تم سر بلند ہو کر آزادزندگی گزارو گے اور تمہیں کوئی ڈر و خوف نہ ہو گا، زمانہ قیام مصر کے بالکل آخری زمانے میں جب موسیٰ نے دیکھا کہ فرعون اور اس کی قوم پر وعظ و نصیحت کا کچھ بھی اثر نہیں ہوا اور معجزات دیکھ کر بھی ان کے اندر کوئی تبدیلی نہیں آئی تو پھر ان کے حق میں بد دعا فرمائی اے ہمارے رب! تو نے فرعون اور اس کے سرداروں کو اس دنیا کی نعمتیں مال و اولاد، حکومت کی طاقت و قوت، رعب و دبدبہ عنایت کر رکھا ہے کیا یہ اس لئے ہے کہ ان نعمتوں سے وہ تیرے بندوں کو تیری راہ اختیار کرنے سے بھٹکائیں اے میرے رب! جن نعمتوں پر وہ اتنا اترا گئے ہیں تو ان کو غارت کر دے، تباہ و برباد کر دے، اور ان کے دلوں پر دائمی مہر ثبت فرما دے کہ اب یہ ایمان کی دولت حاصل ہی نہ کر سکیں اور اگر یہ ایمان لائیں بھی تو دردناک عذاب دیکھنے کے بعد لائیں جو ان کے لئے نفع بخش نہ ہو،

نوح علیہ السلام نے بھی اپنی مشرک قوم پر بد دعا کی تھی۔

وَقَالَ نُوحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ۝۲۶ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ۝۲۷ [۲]

ترجمہ: اور نوح علیہ السلام نے کہا اے میرے رب! ان کافروں میں سے کوئی زمین پر بسنے والا نہ چھوڑ، اگر تو نے ان کو چھوڑ دیا تو یہ تیرے بندوں کو گمراہ کریں گے اور ان کی نسل سے جو بھی پیدا ہو گا بدکار اور سخت کافر ہو ہو گا۔

اللہ تعالیٰ نے جواب دیا تم دونوں کی دعا قبول کی جاتی ہے، تم دونوں بنی اسرائیل کی ہدایت و رہنمائی کے لئے تبلیغ و دعوت اور فرعون کی غلامی سے نجات دلانے کی جدوجہد جاری و ساری رکھو میرے فرامین و احکام کے مطابق میری سیدھی راہ پر چلتے رہو نماز قائم کرو اور جاہل و مشرک لوگوں کے رسم و رواج، قانون کی پیروی ہرگز نہ کرو۔

وَ جٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَ جُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّ عَدْوًا ؕ

اور ہم نے بنی اسرائیل کو دریا سے پار کر دیا پھر ان کے پیچھے پیچھے فرعون اپنے لشکر کے ساتھ ظلم اور زیادتی کے ارادہ سے چلا

حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ

یہاں تک کہ جب ڈوبنے لگا تو کہنے لگا میں ایمان لاتا ہوں کہ جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں، اس کے سوا کوئی معبود نہیں

وَ اَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝۹۰ آٰلْـٰٔنَ وَ قَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَ كُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝۹۱

اور میں مسلمانوں میں سے ہوں، (جواب دیا گیا کہ) اب ایمان لاتا ہے؟ اور پہلے سرکشی کرتا رہا اور مفسدوں میں داخل رہا،

---

[۱] تفسیر طبری ۱۷۴؍۱۵

[۲] نوح ۲۷،۲۶

فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً ؕ وَ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ

سو آج ہم تیری لاش کو نجات دیں گے تا کہ تو ان کے لیے نشان عبرت جو تیرے بعد ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ بہت سے

عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ۟ؒ (یونس ۹۰ تا ۹۲)

آدمی ہماری نشانیوں سے غافل ہیں۔

فرعون کا غرق ہونا:

اللہ تعالیٰ معجزانہ طریق پر سمندر (بحر قلزم) میں بنے ہوئے بارہ خشک راستوں سے بنی اسرائیل کو بخیر و عافیت ایک کنارے سے دوسرے کنارے پر نکال کر لے گیا، اتنی دیر تک پانی بلند پہاڑوں کی شکل میں کھڑا رہا جب تک کہ لاکھوں بنی اسرائیل (جن میں صرف جنگجوؤں کی تعداد چھ لاکھ تھی) کا مہاجر قافلہ اس میں سے گزر نہ گیا، فرعون اور اس کا لشکر بھی بنی اسرائیل کو پکڑنے کے لئے کہ شکار بس قریب ہی تھا آؤ دیکھا نہ تاؤ بنی اسرائیل کے تعاقب میں ان سمندری راستوں میں داخل ہو گیا، حالانکہ فرعون کو اتنی تو سمجھ ضرور ہو گی کہ سمندر کا اس طرح تقسیم ہو کر پہاڑوں کی طرح جم جانا اور درمیان میں کیچڑ کی جگہ خشک راستے بن جانا اور بنی اسرائیل کو راستہ دے دینا کسی عام انسان کے جادو کی طاقت ہرگز نہیں ہوسکتی، اس میں یقیناً موسیٰ علیہ السلام کے رب کی قدرت کارفرما ہے مگر اس کی فہم و فراست رب نے معطل فرما دی، اس کی زندگی کی مہلت ختم ہونے کو تھی، رب کریم اس کو ہمیشہ کے لئے عبرت کی داستان بنانے والا تھا، جب فرعون اور اس کا لشکر بنی اسرائیل کے تعاقب میں سمندر کے ان بارہ راستوں کے درمیان میں پہنچے تو اللہ تعالیٰ نے سمندر کو حسب سابق جاری ہو جانے کا حکم صادر فرما دیا جس کی تلاطم خیز موجوں نے دیکھتے ہی دیکھتے فرعون منفتاح سمیت سارے لشکر کو غرق کر دیا جبکہ دوسرے کنارے پر کھڑے بنی اسرائیل قبطیوں کے ڈوبنے کا سارا عبرتناک منظر دیکھ رہے تھے (جدید تحقیق کے مطابق یہ واقعہ ۱۴۴۷ ق م کو پیش آیا) جب فرعون منفتاح (فرعون رعمسیس ثانی کے بیٹے) کو اپنی ہلاکت کا یقین ہو گیا تو اب اسے اپنے ایمان کی پڑی، کہنے لگا میں اس رب پر ایمان لاتا ہوں جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں بیشک اس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور میں فرماں برداروں میں سے ہوں، مگر جب اللہ کی گرفت ہوتی ہے تو پھر اس وقت ایمان لانا کچھ فائدہ نہیں دیتا۔

فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَ كَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ۟ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ؕ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَ خَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ۟ [1]

ترجمہ: جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا تو پکار اٹھے کہ ہم نے مان لیا اللہ وحدہ لاشریک کو اور ہم انکار کرتے ہیں ان سب معبودوں کا جنہیں ہم شریک ٹھہراتے تھے، مگر ہمارا عذاب دیکھ لینے کے بعد ان کا ایمان ان کے لیے کچھ بھی نفع نہ ہوسکتا تھا کیوں کہ یہی اللہ کا مقرر ضابطہ ہے جو ہمیشہ اس کے بندوں میں جاری رہا ہے اور اس وقت کافر لوگ خسارے میں پڑ گئے۔

---

[1] المومن ۸۵،۸۴

اللہ تعالیٰ نے جواب دیا اب تو تو ہماری گرفت میں آچکا ہے اب ایمان لانے کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا، جب ایمان لانے کا وقت تھا اس وقت تو محض عناد وتکبر کی بنیاد پر نافرمانیوں اور فساد انگیزیوں میں مبتلا رہا اس وقت تجھے عقل نہیں آئی، اس وقت تو تو ابلیس کا بڑا سرگرم ساتھی تھا وہ تجھے چھوڑ کر کہاں چلا گیا، اس کے خوبصورت، دلفریب وعدے کیا ہوئے اور وہ تیرے بے شمار معبود کہاں گم ہو گئے جن کی تو عبادت کرتا تھا اور لوگوں کو ان کی عبادت کا حکم دیتا تھا اب تو ہم صرف تیری لاش کو ہی بچائیں گے تا کہ تجھ جیسے نافرمان اور باغی کی لاش دیکھ کر آنے والی نسلیں عبرت حاصل کریں کہ شک وشبہ میں رہ کر، ضد وہٹ دھرمی پر قائم رہ کر، غرور وتکبر سے گردن اونچی کر کے دعوت حق کو قبول نہ کرنے کا انجام کیا ہوتا ہے، اس کے ساتھ اللہ وحدہ لاشریک پر ایمان لانے والوں کے لئے بھی ایک نشانی ہے کہ ظلم وجبر، اس کی قوتیں اور طاقتیں چاہے کیسی ہی چھا جائیں مگر اللہ تعالیٰ کا کلمہ ہی سر بلند اور باطل ہمیشہ ہی سرنگوں رہتا ہے۔

۔۔۔وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا۔۔۔ ﴿۴۰﴾ [۱]

ترجمہ: اور اللہ کا کلمہ تو سر بلند ہی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ان عبرت ناک نشانیوں کو دیکھ کر بھی ائندہ نسلوں میں ایسے لوگ بھی پیدا ہوں گے جو ہماری نشانیوں سے صرف نظر کریں گے، اس دنیا اور اپنی خواہشوں کے بندے بن جائیں گے، رب وحدہ لاشریک کو بھول کر گزشتہ قوموں کی طرح بے شمار باطل معبود گھڑ لیں گے، ان کے بھی ہر علاقہ کے اپنے معبود ہوں گے، وہ بھی جاہ ومنصب اور طاقت وقوت اور مال ودولت کے نشہ میں غرق ہو کر آخرت کو بھول جائیں گے، وہ بھی ہماری پاکیزہ تعلیمات کو مٹانے پر کمربستہ ہوں گے اور شرک وکفر، فحاشی وبدکاری پھیلانے پر مسرور وشاداں ہوں گے مگر انہیں گزشتہ اقوام سے یہ سبق ضرور حاصل کر لینا چاہیے کہ اللہ وحدہ لاشریک کے سوا ہر چیز کو فنا ہے، جو مظلوموں کے ساتھ ہے اگر وہ صرف اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کریں، اس کے دین کی اشاعت ونفاذ کے لئے نکلیں، اس راہ میں جو مشکلات پیش آئیں اس پر صبر وصلواۃ کے ساتھ اس قادر مطلق سے مدد مانگیں تو وہ ہمیشہ حق کو سر بلند اور باطل کو ہمیشہ مٹا کر عبرت انگیز بنا دیتا ہے۔

(فرعون کے غرق ہونے کے بعد لوگوں کو اس کی لاش پانی میں تیرتی ہوئی ملی، جہاں سے یہ لاش ملی اس مقام کو جبل فرعون کہتے ہیں، دستور کے مطابق ہر فرعون کو قیمتی جواہرات اور ضرورت کی اشیاء کے ہمراہ علیحدہ مقبرہ میں دفن کیا جاتا تھا مگر اس فرعون کو پانی سے نکال کر عجلت میں فرعون امنحوتب کے مقبرہ میں دفن کر دیا گیا، اس مغرور ومردود فرعون منفتاح کی لاش پر سے ۱۹۰۷ء میں سر گرافٹن ایلٹ سمتھ نے اس کی ممی (مومیا) پر سے پٹیاں کھولی تھیں تو اس کی لاش پر کافی سمندری نمک لگا ہوا تھا اور ناک کے سامنے کے حصہ کے علاوہ محفوظ تھی جو مصری عجائب خانہ (قاہرہ) میں رکھی ہوئی اپنی بے بسی ولاچاری کا اعلان کرتی رہی، پھر برٹش میوزیم بھجوا دی گئی۔

وَ لَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّ رَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْا

اور ہم نے بنی اسرائیل کو بہت اچھا ٹھکانا رہنے کو دیا اور ہم نے انھیں پاکیزہ چیزیں کھانے کو دیں، سو انہوں نے اختلاف نہیں

[۱] التوبة ۴۰

حَتّٰى جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِىْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا

کیایہاں تک کہ ان کے پاس علم پہنچ گیا، یقینی بات ہے کہ آپ کا رب ان کے درمیان قیامت کے دن ان امور میں فیصلہ کرے گا

فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۹۳﴾ فَاِنْ كُنْتَ فِىْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ

جن پر وہ اختلاف کرتے تھے، پھر اگر آپ اس کی طرف سے شک میں ہوں جس کو ہم نے آپ کے پاس بھیجا ہے تو آپ

فَسْئَلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ

ان لوگوں سے پوچھ دیکھئے جو آپ سے پہلی کتابوں کو پڑھتے ہیں، بیشک آپ کے پاس آپ کے رب کی طرف سے سچی کتاب

مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۹۴﴾ وَ لَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

آئی ہے، آپ ہرگز شک کرنے والوں میں سے نہ ہوں، اور نہ ان لوگوں میں سے ہوں جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھٹلایا،

فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۹۵﴾ (یونس ۹۳ تا ۹۵)

کہیں آپ خسارہ پانے والوں میں سے نہ ہو جائیں۔

بنی اسرائیل پر اللہ کے انعامات:

فرعون کی غلامی سے نجات دے کر ہم نے بنی اسرائیل کو شام اور فلسطین کے آس پاس بہت اچھا ٹھکانا دیا اور انہیں نہایت عمدہ وسائل زندگی عطا کیے، مگر دین میں صاف صاف ہدایتوں کے باوجود انہوں نے خواہشات نفس اور اغراض کے پیچھے لگ کر دین میں اختلاف شروع کر دیا اور نئے نئے عقائد بنا کر وہ فرقوں میں تقسیم ہو گئے، ان کی وحدت پارہ پارہ ہو گئی، روز قیامت یقیناً تیرا رب ان کے اختلافات کا فیصلہ فرمادے گا، جیسے فرمایا

اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِىْ شَىْءٍ ؕ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ [1]

ترجمہ: جن لوگوں نے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور گروہ گروہ بن گئے یقیناً ان سے تمہارا کچھ واسطہ نہیں ان کا معاملہ تو اللہ کے سپرد ہے وہی ان کو بتائے گا کہ انہوں نے کیا کچھ کیا ہے۔

رسول اللہ ﷺ کے توسط سے ان لوگوں کو جو دعوت حق کے بارے میں شک وشبہ میں مبتلا تھے فرمایا اب اگر تمہیں اس قرآن کے منزل من اللہ ہونے کے بارے میں کچھ بھی شک ہو تو تورات وانجیل کے حامل منصف مزاج لوگوں سے پوچھ لو وہ اس امر کی تصدیق کریں گے کہ قرآن اسی چیز کی دعوت دے رہا ہے جو پچھلے تمام انبیاء دیتے رہے ہیں، فی الواقع تیرے اوپر رب العالمین کی طرف سے حق ہی نازل ہوا ہے، لہذا تو شک کرنے والوں میں سے نہ ہو اور ان لوگوں میں نہ شامل ہو جنہوں نے اللہ کی آیات کو جھٹلا دیا ہے ورنہ تو نقصان اٹھانے

[1] الانعام ۱۵۹

والوں میں سے ہو گا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ حَقَّتْ عَلَیْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَ لَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰیَةٍ

یقیناً جن لوگوں کے حق میں آپ کے رب کی بات ثابت ہو چکی ہے وہ ایمان نہ لائیں گے، گو ان کے پاس تمام نشانیاں پہنچ جائیں

حَتّٰى یَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِیْمَ ﴿۹۷﴾ فَلَوْ لَا كَانَتْ قَرْیَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَاۤ

جب تک وہ دردناک عذاب کو نہ دیکھ لیں، چنانچہ کوئی بستی ایمان نہ لائی کہ ایمان لانا اس کو نافع ہوتا سوائے

اِیْمَانُهَاۤ اِلَّا قَوْمَ یُوْنُسَ ؕ لَمَّاۤ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْیِ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا

یونس (علیہ السلام) کی قوم کے، جب وہ ایمان لے آئے تو ہم نے رسوائی کے عذاب کو دنیاوی زندگی میں ان پر سے ٹال دیا،

وَ مَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِیْنٍ ﴿۹۸﴾ (یونس ۹۶ تا ۹۸)

اور ان کو ایک وقت (خاص) تک کے لیے زندگی سے فائدہ اٹھانے (کا موقع) دیا۔

حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ جو کفر و معصیت الٰہی میں اتنے غرق ہو چکے ہیں کہ ان میں قبول حق کی فطری استعداد و صلاحیت ختم ہو چکی ہے اس لئے کوئی وعظ و نصیحت، کوئی دلیل و براہین ان پر اثر نہیں کرتی، اس لیے اللہ تعالیٰ کی قضا و قدر میں مقدر ہو چکا ہے کہ یہ ایمان نہیں لائیں گے، اللہ تعالیٰ نے ہر بستی میں انسانوں پر اتمام حجت کے لئے بشر رسولوں کو کھڑا کیا مگر کوئی بستی بھی ان پر اور ان کی دعوت حقہ پر ایمان نہ لائی جو ان کے لئے دنیا و آخرت میں فائدہ مند ہوتا اور ہر قوم بالآخر اپنی سرکشی، غرور و تکبر کی وجہ سے رب کے عذاب کی مستحق بنی اور انہیں عبرت کا نشان بنا دیا گیا، جیسے فرمایا:

یٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا یَاْتِیْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾ [1]

ترجمہ: افسوس! بندوں کے حال پر جو رسول بھی ان کے پاس آیا اس کا وہ مذاق ہی اڑاتے رہے۔

كَذٰلِكَ مَاۤ اَتَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۵۲﴾ [2]

ترجمہ: یونہی ہوتا رہا ہے ان سے پہلے کی قوموں کے پاس بھی کوئی رسول ایسا نہیں آیا جسے انہوں نے یہ نہ کہا ہو کہ یہ ساحر ہے یا مجنون۔

حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُرِضَتْ عَلَيَّ الأُمَمُ، فَأَخَذَ النَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الأُمَّةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ النَّفَرُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ العَشَرَةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الخَمْسَةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ وَحْدَهُ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا سَوَادٌ كَثِيرٌ، قُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ، هَؤُلاَءِ أُمَّتِي؟ قَالَ: لاَ، وَلَكِنِ انْظُرْ إِلَى الأُفُقِ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا سَوَادٌ كَثِيرٌ، قَالَ: هَؤُلاَءِ أُمَّتُكَ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے سامنے امتیں پیش کی گئیں، کسی نبی کے ساتھ تو پوری امت گزری، کسی

[1] یٰسین ۳۰

[2] الذاریات ۵۲

کے ساتھ چند آدمی گزرے، کسی نبی کے ساتھ دس آدمی گزرے، کسی نبی کے ساتھ پانچ آدمی گزرے اور کوئی نبی تنہا گزرا، اتنے میں ایک بڑا گروہ آیا میں سمجھا کہ یہ میری امت ہے، میں نے پوچھا اے جبریل علیہ السلام کیا یہ میری امت ہے؟ انہوں نے کہا نہیں یہ موسیٰ علیہ السلام اور ان کی امت ہے، آپ آسمان کے کنارے کی طرف دیکھیں میں نے دیکھا تو ایک اور بڑا گروہ تھا مجھ سے کہا گیا کہ اب دوسرے کنارے کی طرف دیکھیں دیکھا تو ایک اور بڑا گروہ ہے، مجھ سے کہا گیا یہ آپ کی امت ہے۔ [1]

البتہ ان ہزاروں قوموں میں صرف یونس علیہ السلام کی قوم جو موصل کی بستی نینوٰی میں رہتی تھی دنیا میں واحد مثال ہے کہ انہوں نے بھی دعوت حقہ اور رسول کا انکار کیا تو یونس علیہ السلام نے اپنی قوم میں اعلان کر دیا کہ فلاں دن تم پر عذاب نازل ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ کی اجازت کے بغیر خود وہاں سے چلے گئے، یونس علیہ السلام کے کہنے کے مطابق اسی گھڑی میں اللہ تعالیٰ کا عذاب بادل کی طرح امنڈ آیا، عذاب کے ابتدائی آثار دیکھ کر آشوری ڈر گئے، اور اپنے بچوں، عورتوں حتیٰ کہ جانوروں کو لیکر ایک میدان میں جمع ہو گئے اور سب کے سب لوگوں نے باطل معبودوں سے تائب ہو کر رب حقیقی کی الوہیت و ربوبیت کا اقرار کر لیا اور بارگاہ الٰہی میں عاجزی و انکساری سے توبہ واستغفار شروع کر دیا، عذاب دیکھ کر ایمان لانا نافع نہیں ہوتا لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت وحکمت سے آشوریوں کے توبہ واستغفار اور ایمان کو قبول فرمایا اور انہیں اپنے اس قانون سے مستثنیٰ کر دیا، چونکہ یونس علیہ السلام دعوت دین کی حجت قائم ہونے سے پہلے ہی بغیر اذن اللہ ہجرت کر گئے تھے اور رب کریم اس وقت اپنا عذاب نازل نہیں فرماتا جب تک اتمام حجت قائم نہ ہو جائے اس بنا پر اللہ تعالیٰ کے عدل وانصاف نے اس قوم کو عذاب دینا پسند نہ فرمایا اور ان لوگوں کی توبہ قبول فرما کر ان سے دنیاوی رسوائی کا عذاب ٹال دیا اور موت کی گھڑیوں تک دنیاوی فائدے بھی دیئے جن سے وہ بہرہ مند ہوئے،

عَنْ قَتَادَةَ، قَوْلُهُ: {فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ آمَنَتْ فَنَفَعَهَا إِيمَانُهَا إِلَّا قَوْمَ يُونُسَ لَمَّا آمَنُوا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنَاهُمْ إِلَى حِينٍ} [2] يَقُولُ: لَمْ يَكُنْ هَذَا فِي الْأُمَمِ قَبْلَهُمْ لَمْ يَنْفَعْ قَرْيَةٌ كَفَرَتْ ثُمَّ آمَنَتْ حِينَ حَضَرَهَا الْعَذَابُ فَتُرِكَتْ، إِلَّا قَوْمَ يُونُسَ لَمَّا فَقَدُوا نَبِيَّهُمْ وَظَنُّوا أَنَّ الْعَذَابَ قَدْ دَنَا مِنْهُمْ، قَذَفَ اللَّهُ فِي قُلُوبِهِمُ التَّوْبَةَ وَلَبِسُوا الْمُسُوحَ وَأَلْهَوْا بَيْنَ كُلِّ بَهِيمَةٍ وَوَلَدِهَا، ثُمَّ عَجُّوا إِلَى اللَّهِ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً. فَلَمَّا عَرَفَ اللَّهُ الصِّدْقَ مِنْ قُلُوبِهِمْ، وَالتَّوْبَةَ، وَالنَّدَامَةَ عَلَى مَا مَضَى مِنْهُمْ، كَشَفَ اللَّهُ عَنْهُمُ الْعَذَابَ بَعْدَ أَنْ تَدَلَّى عَلَيْهِمْ.

قتادہ رحمہ اللہ نے اس آیت کریمہ ’’چنانچہ کوئی بستی ایمان نہ لائی کہ ایمان لانا اس کو نافع ہوتا سوائے یونس ؑ کی قوم کے، جب وہ ایمان لے آئے تو ہم نے رسوائی کے عذاب کو دنیاوی زندگی میں ان پر سے ٹال دیا اور ان کو ایک وقت (خاص) تک کے لیے زندگی سے فائدہ اٹھانے (کا موقع) دیا۔‘‘ کی تفسیر میں لکھا ہے قوم یونس کے سوا ایسی اور کوئی قوم نہیں کہ اس نے پہلے کفر کیا ہو اور عذاب الٰہی کو دیکھنے کے بعد ایمان لائی ہو اور اسے چھوڑ دیا گیا ہو اور اس کے ایمان نے اسے نفع دیا ہو، قوم یونس نے جب یہ دیکھا کہ ان کے نبی موجود نہیں ہیں

[1] صحیح بخاری کتاب الرقاق بَابٌ: يَدْخُلُ الجَنَّةَ سَبْعُونَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ ۶۵۴۱، صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ الدَّلِيلِ عَلَى دُخُولِ طَوَائِفَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَلَا عَذَابٍ ۵۲۶

[2] یونس: ۹۸

اور اللہ کا عذاب قریب آ گیا ہے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں یہ بات ڈال دی کہ اب ان کے لیے توبہ کے سوا اور کوئی چارہ کار ہی نہیں ہے تو انہوں نے پھٹے پرانے کپڑے پہن لیے اور جانوروں کو ان کے بچوں سے الگ کر دیا اور چالیس دن اللہ تعالیٰ کے سامنے گڑگڑاتے اور فریادیں کرتے رہے، جب اللہ تعالیٰ کو معلوم ہو گیا کہ یہ لوگ اپنی سابقہ کوتاہیوں کی تلافی کے لیے صدق دل سے توبہ اور ندامت کا اظہار کر رہے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے ان کے سروں پر منڈلاتے ہوئے عذاب کو دور فرما دیا۔[1]

چنانچہ رب کریم نے فرمایا اگر دوسری قومیں بھی اپنی گمراہی سے تائب ہو کر ہمارے حضور جھک جاتیں تو ہم انہیں بھی اپنی رحمت سے معاف فرما دیتے، مگر وقت کے ساتھ ساتھ آشوریوں نے جنہوں نے اللہ کے عذاب کو اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا شرک اور بداخلاقیوں میں مبتلا ہو گئی، آشوریوں (اسیریا) کے اس وقت کے نبی ناحوم (۷۲۰ قبل مسیح تا ۶۹۸ قبل مسیح) نے انہیں راہ راست پر رکھنے کی بڑی کوشش کی مگر ان کی آنکھوں پر ابلیس نے ایسی پٹی باندھی تھی کہ وہ متنبہ نہ ہوئے، اللہ تعالیٰ نے ایک اور نبی جن کا نام صفنیاہ (۶۴۰ قبل مسیح تا ۶۰۹ قبل مسیح) بیان کیا جاتا ہے ان کی طرف مبعوث فرمایا اپنے پیشرو کی طرح انہوں نے بھی اس قوم کو ہر طور صراط مستقیم پر لانے کی جدوجہد کی مگر قوم کی آنکھیں اور کان بہرے ہو گئے، چنانچہ اللہ نے ان کے دلوں پر مہر ثبت کر دی، آخر ایک لمبی مدت تک مہلت دینے کے بعد اللہ تعالیٰ نے ۶۰۲ ق م میں میڈیا والوں کی شکل میں ان پر عذاب بھیجا، میڈیا کا بادشاہ شاہ بابل کی مدد و قوت جمع کر کے آشوریوں کے علاقوں پر چڑھ دوڑا، آشوری اتنی بڑی طاقت و قوت سے مقابلہ کی تاب نہ لا سکے اور شکست کھا کر اپنے پایہ تخت نینویٰ جو ۶۰ میل کے دور میں پھیلا ہوا تھا میں محصور ہو کر میڈیا والوں کا مقابلہ کرتے رہے مگر کب تک جب اللہ تعالیٰ نے ان کو مٹانا چاہا تو دریائے دجلہ میں طغیانی آ گئی جس سے شہر پناہ کی دیوار ٹوٹ گئی جس سے میڈیا والوں کو شہر میں داخل ہونے کا موقعہ مل گیا، میڈیا والوں نے ہزاروں آشوریوں کو تہہ تیغ کر کے پورے شہر اور آس پاس کے علاقوں کو آگ لگا دی، بادشاہ سلامت کو فرار کا موقعہ نہ مل سکا، میڈیا والوں کے ہاتھوں گرفتار ہو کر تہہ تیغ ہونا یا تنگ و تاریک زنداں میں ذلت کی زندگی گزارنا ناپسند کر کے اس نے خود ہی اپنے محل کو آگ لگا دی اور جل کر ہلاک ہو گیا، اس تباہی کے ساتھ ہی اللہ تبارک و تعالیٰ نے آشوریوں کی سلطنت اور ان کا تہذیب و تمدن ہمیشہ کے لئے عبرت نگاہ بنا دیا۔

وَ لَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِی الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِیْعًا ؕ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ

اور اگر آپ کا رب چاہتا تمام روئے زمین کے لوگ سب کے سب ایمان لے آتے، تو کیا آپ لوگوں پر زبردستی کر سکتے ہیں

حَتّٰی یَكُوْنُوْا مُؤْمِنِیْنَ ﴿۹۹﴾ وَ مَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ

یہاں تک کہ وہ مومن ہی ہو جائیں، حالانکہ کسی شخص کا ایمان لانا اللہ کے حکم کے بغیر ممکن نہیں،

وَ یَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَی الَّذِیْنَ لَا یَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ (یونس ۹۹،۱۰۰)

اور اللہ تعالیٰ بے عقل لوگوں پر گندگی ڈال دیتا ہے۔

---

[1] تفسیر طبری ۱۵ر۲۰۷

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی شدید خواہش تھی کہ سب لوگ طاغوت کی بندگی سے تائب ہو کر دین حق قبول لیں، اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! اگر تیرے رب کی مشیت یہ ہوتی کہ زمین میں سب ایک ہی دین پر کاربند اور اطاعت گزار ہی ہوں اور کفر و نافرمانی کا سرے سے کوئی وجود نہ ہو تو اللہ تعالیٰ کو ایسا کرنے کی پوری قدرت رکھتا ہے، جیسے فرمایا:

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ۝۱۱۸ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ۭ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۭ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝۱۱۹ [۱]

ترجمہ: بے شک تیرا رب اگر چاہتا تو تمام انسانوں کو ایک گروہ بنا سکتا تھا مگر اب تو وہ مختلف طریقوں ہی پر چلتے رہیں گے اور بے راہ رویوں سے صرف وہ لوگ بچیں گے جن پر تیرے رب کی رحمت ہے، اسی (آزادی انتخاب واختیار اور امتحان) کے لیے ہی تو اس نے انہیں پیدا کیا تھا اور تیرے رب کی وہ بات پوری ہوگئی جو اس نے کہی تھی کہ میں جہنّم کو جن اور انسانوں سے بھر دوں گا۔

۔۔۔اَفَلَمْ يَايْـــَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَاۗءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ۔۔۔ ۝۳۱ [۲]

ترجمہ: پھر کیا اہل ایمان مایوس نہیں ہو گئے کہ اگر اللہ چاہتا تو سارے انسانوں کو ہدایت دے دیتا؟۔

مگر یہ اس کی حکمت ومصلحت کا تقاضا ہے کہ ان میں سے بعض لوگ ایمان لائیں اور بعض لوگ کافر رہیں، پھر کیا آپ لوگوں کو مجبور کریں گے کہ وہ دعوت حقہ پر ایمان لے آئیں؟ یعنی آپ اس پر قدرت رکھتے ہیں نہ آپ کے بس میں ہے اور نہ یہ چیز غیر اللہ کے اختیار وقدرت میں ہے ،ہدایت وضلالت اللہ کے اختیار میں ہے، اس کی مشیت وارادہ کے بغیر کوئی متنفس ایمان نہیں لا سکتا اور نہ ہی راہ راست اختیار کر سکتا ہے، جیسے فرمایا:

اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝۵۶ [۳]

ترجمہ: اے نبی (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم) تم جسے چاہو اسے ہدایت نہیں دے سکتے مگر اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور وہ ان لوگوں کو خوب جانتا ہے جو ہدایت قبول کرنے والے ہیں۔

۔۔۔فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ۔۔۔ ۝۸ [۴]

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ اللہ جسے چاہتا ہے گمراہی میں ڈال دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے راہ راست دکھا دیتا ہے۔

لَيْسَ عَلَيْكَ ھُدٰھُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ۔۔۔ ۝۲۷۲ [۵]

ترجمہ: اے نبی! لوگوں کو ہدایت بخش دینے کی ذمّے داری تم پر نہیں ہے ہدایت تو اللہ ہی جسے چاہتا ہے بخشتا ہے۔

---

[۱] ھود۱۱۸،۱۱۹

[۲] الرعد۳۱

[۳] القصص۵۶

[۴] فاطر۸

[۵] البقرة۲۷۲

پس بندوں میں سے جو اس کے قبول کرنے کے قابل ہوتا ہے تو ایمان اس کے پاس پھلتا پھولتا ہے، اللہ اس کو توفیق سے نوازتا اور اس کی رہنمائی فرماتا ہے اس لئے اگر یہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے تو کیا تم خود کو ہلاک کر ڈالو گے، جیسے فرمایا

لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝ [1]

ترجمہ: اے نبی (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم)! شاید تم اس غم میں اپنی جان کھو دو گے کہ یہ لوگ ایمان نہیں لاتے۔

اللہ کا طریقہ یہ ہے کہ جو لوگ حق کے طالب بن کر اللہ کی آیات پر غور و تدبر نہیں کرتے، اللہ کے اوامر و نواہی اور اس کے نصائح و مواعظ پر کان نہیں دھرتے، تعصبات کے پھندوں سے نکلنا ہی نہیں چاہتے اور خود کو نجاستوں کا اہل بناتے ہیں تو اللہ ان کے نصیب میں یہی لکھ دیتا ہے اور وہ عذاب کے مستحق قرار پاتے ہیں۔

قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ مَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ

آپ کہہ دیجئے کہ تم غور کرو کہ کیا کیا چیزیں آسمانوں میں اور زمین میں ہیں، اور جو لوگ ایمان نہیں لاتے ان کو نشانیاں

وَ النُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝ فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ

اور دھمکیاں کچھ فائدہ نہیں پہنچاتیں، سو وہ لوگ صرف ان لوگوں کے سے واقعات کا انتظار کر رہے ہیں جو ان سے پہلے گزر

خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ قُلْ فَانْتَظِرُوْۤا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝ ثُمَّ نُنَجِّيْ

چکے ہیں، آپ فرما دیجئے کہ اچھا تو تم انتظار میں رہو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں ہوں، پھر ہم اپنے

رُسُلَنَا وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (یونس ۱۰۱ تا ۱۰۳)

پیغمبروں کو اور ایمان والوں کو بچا لیتے تھے، اسی طرح ہمارے ذمہ ہے کہ ہم ایمان والوں کو نجات دیا کرتے ہیں۔

دعوت غور و فکر:

اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! ان لوگوں کو جو معجزات کا مطالبہ کرتے ہیں ان سے کہو اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمانوں اور ان کے درمیان جو کچھ تخلیق کیا ہے انہیں تفکر اور عبرت کی آنکھوں سے دیکھو تو تمہیں ہر سو بے حد و حساب نشانیاں پھیلی ہوئی نظر آئیں گی جو اس پر دلالت کرتی ہیں کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی معبود محمود ہے، وہی صاحب جلال و اکرام اور عظیم اسماء و صفات کا مالک ہے، ذرا آنکھیں کھول کر دیکھو کیا بغیر ستونوں کے بلند و بالا آسمان اور اس کی وسعت اللہ کی نشانی نہیں ہے، کیا آسمان کے نیچے دہکتا روشن سورج اور میٹھی روشنی والا چاند اللہ کی نشانی نہیں ہے، کیا دن و رات کا اختلاف اللہ کی نشانی نہیں ہیں، کبھی دن کا چھوٹا ہونا اور کبھی راتوں کا چھوٹا ہونا کیا اللہ کی نشانی نہیں ہے، کیا مختلف موسموں کا بدلنا اور موسم کے حساب سے نباتات کا پیدا ہونا اللہ کی نشانی نہیں ہے، آسمان سے بارش کا برسنا اور اس ایک پانی سے مردہ زمین کا ہرا بھرا ہونا اور طرح طرح

---

[1] الشعراء ۳

کے نباتات اور مختلف ذائقوں، رنگوں اور خوشبو دار پھل ومیوہ جات پیدا کرنا اللہ کی نشانی نہیں ہے، دریاؤں کا بلندیوں سے بہنا اور سمندر میں کھاری پانی کے ساتھ میٹھا پانی بہنا اللہ کی نشانی نہیں ہے، کیا چھوٹی بڑی کشتیوں کا پانی پر تیرنا اللہ کی نشانی نہیں ہے، زمین پر چلنے والے پالتو جانور، جنگلوں میں طرح طرح کے درندے، بے شمار رنگ برنگے حشرات الارض، ہوا میں اڑتے رنگارنگ پرندے اور دریاؤں اور سمندروں کی مخلوقات کیا اللہ کی نشانی نہیں ہیں، مگر جو لوگ ہر طرح کے دلائل و براہین اور نشانیوں کو دیکھنے کے باوجود ایمان لانا ہی نہیں چاہتے، جن میں طلب حق اور قبول حق کی آمادگی ہی نہیں ہے، ان کے لئے نشانیاں اور دھمکیاں آخر کیا مفید ہوسکتی ہیں، اب کیا یہ لوگ اس بات کے منتظر ہیں کہ ان پر بھی اسی طرح عذاب نازل کر کے ہلاک کر دیا جائے جس طرح پچھلی قوموں کو ہلاک کیا جا چکا ہے، اگر اسی بات کا انتظار ہے تو تم اللہ کے فیصلے کا انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں، ایسے لوگوں کی آنکھیں اس وقت کھلا کرتی ہیں جب اللہ کا قہر وغضب اپنی ہولناک سخت گیری کے ساتھ ان پر ٹوٹ پڑتا ہے، جیسے فرعون نے ڈوبتے وقت اپنے ایمان کا اظہار کیا تھا۔

حَتّٰۤی اِذَاۤ اَدۡرَکَہُ الۡغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنۡتُ اَنَّہٗ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا الَّذِیۡۤ اٰمَنَتۡ بِہٖ بَنُوۡۤا اِسۡرَآءِیۡلَ وَ اَنَا مِنَ الۡمُسۡلِمِیۡنَ ﴿۹۰﴾ [۱]

یہاں تک کہ جب ڈوبنے لگا تو کہنے لگا میں ایمان لاتا ہوں کہ جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں مسلمانوں میں سے ہوں۔

اس وقت ہم اپنی سنت کے مطابق اپنے رسولوں کو اور اہل ایمان کو اس عذاب سے بچالیا کرتے ہیں، اور ہم پر یہ واجب ہے کہ مومنوں کو ہم نجات دیں گے،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَمَّا خَلَقَ اللَّهُ الخَلْقَ كَتَبَ فِي كِتَابِهِ وَهُوَ يَكْتُبُ عَلَى نَفْسِهِ وَهُوَ وَضْعٌ عِنْدَهُ عَلَى العَرْشِ إِنَّ رَحْمَتِي تَغْلِبُ غَضَبِي

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا تو اپنی کتاب میں اسے لکھا، اس نے اپنی ذات کے متعلق بھی لکھا اور یہ اب بھی عرش پر لکھا ہوا موجود ہے کہ میری رحمت میرے غضب پر غالب ہے۔ [۲]

قُلۡ یٰۤاَیُّہَا النَّاسُ اِنۡ کُنۡتُمۡ فِیۡ شَکٍّ مِّنۡ دِیۡنِیۡ فَلَاۤ اَعۡبُدُ الَّذِیۡنَ تَعۡبُدُوۡنَ

آپ کہہ دیجئے کہ اے لوگو! اگر تم میرے دین کی طرف سے شک میں ہو تو میں ان معبودوں کی عبادت نہیں کرتا

مِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ وَ لٰکِنۡ اَعۡبُدُ اللّٰہَ الَّذِیۡ یَتَوَفّٰىکُمۡ ۚۖ وَ اُمِرۡتُ

جن کی تم اللہ کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو، لیکن ہاں اس اللہ کی عبادت کرتا ہوں جو تمہاری جان قبض کرتا ہے، اور مجھ کو یہ حکم ہوا

---

[۱] یونس ۹۰

[۲] صحیح بخاری کتاب التوحید بَابُ قَوْلِ اللهِ تَعَالَى وَيُحَذِّرُكُمُ اللَّهُ نَفْسَهُ ۷۴۰۴، صحیح مسلم کتاب التوبة بَابٌ فِي سِعَةِ رَحْمَةِ اللهِ تَعَالَى وَأَنَّهَا سَبَقَتْ غَضَبَهُ ۶۹۶۹، صحیح ابن حبان ۶۱۴۳، مسند احمد ۷۵۲۸

اَنۡ اَكُوۡنَ مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۙ۝۱۰۴ وَ اَنۡ اَقِمۡ وَجۡهَكَ لِلدِّيۡنِ حَنِيۡفًا ۚ

ہے کہ میں ایمان لانے والوں میں سے ہوں،اور یہ کہ اپنا رخ یکسو ہو کر (اس) دین کی طرف کرلینا

وَ لَا تَكُوۡنَنَّ مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ۝۱۰۵ وَ لَا تَدۡعُ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنۡفَعُكَ وَ لَا يَضُرُّكَ ۚ

اور کبھی مشرکوں میں سے نہ ہونا،اور اللہ کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت مت کرنا جو تجھ کو نہ نفع پہنچا سکے اور نہ کوئی ضرر پہنچا سکے،

فَاِنۡ فَعَلۡتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيۡنَ ۝۱۰۶ وَ اِنۡ يَّمۡسَسۡكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ

پھر اگر ایسا کیا تو تم اس حالت میں ظالموں میں سے ہو جاؤ گے ،اور اگر اللہ تم کو کوئی تکلیف پہنچائے تو بجز اس کے

لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ۚ وَ اِنۡ يُّرِدۡكَ بِخَيۡرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضۡلِهٖ ؕ يُصِيۡبُ بِهٖ

اور کوئی اس کو دور کرنے والا نہیں ہے اور اگر وہ تم کو کوئی خیر پہنچانا چاہیے تو اس کے فضل کا کوئی ہٹانے والا نہیں،وہ اپنا فضل

مَنۡ يَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِيۡمُ ۝۱۰۷ (یونس ۱۰۴تا۱۰۷)

اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے نچھاور کر دے اور وہ بڑی مغفرت بڑی رحمت والا ہے۔

جس مضمون کو شروع میں بیان کیا گیا تھا اسی پر ختم کرتے ہوئے فرمایا اے نبی صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم! بانگ دھل اعلان کر دو کہ لوگو! اگر تم ابھی تک میرے دین کے متعلق کسی شک میں ہو تو سن لو کہ تم اللہ کے سوا جن خود ساختہ ہستیوں کی بندگی و اطاعت کرتے ہو میں ان کی بندگی نہیں کرتا۔

لَآ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ ۝۲ [1]

ترجمہ: میں ان کی عبادت نہیں کرتا جن کی عبادت تم کرتے ہو۔

کیونکہ نہ یہ پیدا کر سکتے ہیں اور نہ موت پر ان کو قدرت ہے اور نہ ہی مرے ہوئے کو زندہ کر سکتے ہیں،نہ یہ کسی کو رزق دے سکتے ہیں اور نہ اللہ کا عطا فرمایا ہوا رزق روک سکتے ہیں اور نہ ہی تدبیر کائنات میں ان کا کوئی اختیار ہے، بلکہ میں صرف اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی کرتا ہوں جو کائنات کا خالق و مالک اور رازق ہے، جس کے قبضے میں تمہاری موت و حیات ہے، جس نے یہ عظیم الشان کائنات تخلیق کی ہے اور اس میں صرف اسی کا حکم چلتا ہے اور یوم الدین کو اسی کی طرف تم جمع ہونے والے ہو، پس وہی اکیلا اس بات کا مستحق ہے کہ اس کی عبادت کی جائے اور اسی کے سامنے سجدہ ریز ہوا جائے، اسی سے اپنی فریادیں اور التجائیں کی جائیں اور اسی پر بھروسہ رکھا جائے، خطاب اگرچہ رسول اللہ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کو ہے مگر اصل مخاطب امت محمد یہ ہے کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں کامل ایمان لانے والوں میں سے ہوں اور مجھ سے فرمایا گیا ہے کہ میں ہر طرف سے منہ موڑ کر مکمل طور پر اس دین پر قائم ہو جاؤں اور ہرگز ہرگز ان لوگوں میں ہرگز شامل نہ ہوں جو اللہ کی ذات و صفات اس کے حقوق و اختیارات اور افعال میں دوسروں کو شریک کرتے ہیں اور یہ کہ اللہ وحدہ لاشریک کو چھوڑ کر کسی ایسی ہستی کو نہ پکاروں جو مجھے نہ

---

[1] الکافرون ۲

فائدہ پہنچا سکتی ہے نہ نقصان، جو خود اپنی زندگی وموت پر بھی اقتدار نہیں رکھتے کجا کسی اور کی زندگی وموت کے مختار ہوں، اگر میں ایسا کروں گا تو ظالموں میں سے ہو جاؤں گا، اگر اللہ تجھے کسی مصیبت میں ڈالے تو خود اس کے سوا کوئی نہیں جو اس مصیبت کو ٹال دے اور اگر وہ تیرے حق میں کسی بھلائی کا ارادہ کرے تو اس کے فضل کو پھیرنے والا بھی کوئی نہیں ہے، جیسے فرمایا:

مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْ بَعْدِهٖ... ﴿۲﴾ [۱]

ترجمہ: اللہ جس رحمت کا دروازہ بھی لوگوں کے لئے کھول دے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جسے وہ بند کر دے اسے اللہ کے بعد پھر کوئی دوسرا کھولنے والا نہیں۔

وہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اعمال سے قطع نظر کرتے ہوئے اپنے فضل سے نوازتا ہے اور وہ درگزر کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے۔

قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ

آپ کہہ دیجئے کہ اے لوگو! تمہارے پاس حق تمہارے رب کی طرف سے پہنچ چکا ہے، اس لیے جو شخص راہ راست پر آجائے

لِنَفْسِهٖ ۚ وَ مَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَ مَاۤ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۸﴾ ط

سو وہ اپنے واسطے راہ راست پر آئے گا اور جو شخص بے راہ رہے گا تو اس کا بے راہ ہونا اسی پر پڑے گا اور میں تم پر مسلط نہیں کیا گیا،

وَ اتَّبِعْ مَا يُوْحٰۤى اِلَيْكَ وَ اصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚۖ

اور آپ اس کا اتباع کرتے رہیے جو کچھ آپ کے پاس وحی بھیجی جاتی ہے اور صبر کیجئے یہاں تک کہ اللہ فیصلہ کر دے،

وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ ع (یونس ۱۰۸،۱۰۹)

اور وہ سب فیصلہ کرنے والوں میں اچھا ہے۔

اے محمد ﷺ! کہہ دو کہ لوگو تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے جلیل القدر کلام قرآن کریم آچکا ہے جو حق وباطل کے درمیان واضح فرق اور ہدایت کی طرف رہنمائی کرتا ہے، اب جو راہ راست اختیار کرے اس کی راست روی اسی کے لئے فائدہ مند ہے اور وہ روز قیامت اللہ کے عذاب سے بچ جائے گا اور جو گمراہی کی راہ اختیار کرے گا اس کا وبال اسی پر پڑے گا اور روز قیامت جہنم کے دردناک عذاب کا مستحق ہوگا، یعنی اگر کوئی راہ راست اختیار کرتا ہے تو اس سے اللہ کی طاقت میں اضافہ نہیں ہو جائے گا اور اگر کوئی کفر وضلالت اختیار کرتا ہے تو اس کی حکومت وطاقت میں کوئی فرق واقع نہیں ہوگا، اور میں ایک داعی ہوں میرا کام اہل ایمان کو خوشخبری دینا اور نافرمانوں کو اللہ کے عذاب سے ڈرانا ہے میں اس بات کا مکلف نہیں ہوں کہ تمہارے اعمال کی نگرانی کروں اور ان کا حساب کتاب رکھوں، اور اے نبی ﷺ! تم اس ہدایت کی پیروی کیے جاؤ جو تمہاری طرف بذریعہ وحی بھیجی جا رہی ہے، وہ جس چیز سے روکا جائے رک جائیں اور کسی چیز میں کوتاہی نہ کریں، اور وحی

[۱] فاطر ۲

کی اطاعت واتباع میں جو تکالیف آئیں، مخالفین کی طرف سے جو ایذائیں پہنچیں اور دعوت حق کی راہ میں جن دشواریوں سے گزرنا پڑے ان پر صبر کریں اور ثابت قدمی سے سب کا مقابلہ کریں، یہاں تک کہ اللہ آپ کے اور آپ کی تکذیب کرنے والوں کے درمیان فیصلہ کر دے اور اس کا فیصلہ کامل عدل وانصاف پر مبنی ہے جو قابل تعریف ہے۔

ابوطالب کی وفات

وَهُوَ يَوْمَئِذٍ ابْنُ بِضْعٍ وَثَمَانِينَ سَنَةً

ابوطالب کی عمراسی سال سے زیادہ ہوچکی تھی، سفا کانہ عہد نامہ پھاڑنے کے چھ ماہ بعد وہ بیمار ہو گئے تو رجب میں جب مرض نے شدت اختیار کرلیا

أَن أَبَا طَالب لما حَضرته الْوَفَاة دَعَا بني عبد الْمطلب فَقَالَ لن تزالوا بِخَير مَا سَمِعْتُمْ من مُحَمَّد وَمَا اتبعتم امْرَهْ فَاتَّبِعُوهُ وأعينوه ترشدوافقال له رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عند ذلك: تأمرهم بالنصيحة وتدعها لنفسك؟! فقال له عمه: أجل لو سألتني هذه الكلمة وأنا صحيح لها لا تبعتك على الذي تقول، ولكني أكره الجزع عند الموت وترى قريش أني أخذتها عند الموت، وتركتها وأنا صحيح

جب ابوطالب کو اپنی موت کا یقین ہو گیا تو انہوں نے بنو عبد المطلب کو بلایا اور انہیں نصیحت کی کہ تم جب تک محمد (ﷺ) کی بات مانتے رہو گے اور اس کا اتباع کرتے رہو گے تب تک بھلائی پر رہو گے، چنانچہ تم پر لازم ہے کہ ان کا اتباع وتصدیق کرو اور ان سے ہدایت حاصل کرو رسول اللہ ﷺ نے انہیں کہا آپ دوسروں کو نصیحت کر رہے ہیں اور خود کو چھوڑ رہے ہیں، تو چچا نے آپ ﷺ سے کہا اگر میں اس کلمہ کو صحیح جانتا تو جو تم کہتے ہیں اس کی اتباع کرتا مگر میں موت کے وقت یہ کہنا پسند نہیں کرتا تاکہ میرے بعد قریش یہ کہتے پھریں کہ ابوطالب نے اپنی زندگی میں تو کلمہ کا اقرار نہیں کیا لیکن موت کے خوف سے یہ کلمہ پڑھا تھا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ” اے نبی (ﷺ) تم جسے چاہو اسے ہدایت نہیں دے سکتے مگر اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور وہ ان لوگوں کو خوب جانتا ہے جو ہدایت قبول کرنے والے ہیں۔“[1]

مَشَوْا إلَى أَبِي طَالِبٍ فَكَلَّمُوهُ، وَهُمْ أَشْرَافُ قَوْمِهِ: عُتْبَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، وَشَيْبَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، وَأَبُو جَهْلِ بْنُ هِشَامٍ، وَأُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ، وَأَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، فِي رِجَالٍ مِنْ أَشْرَافِهِمْ،فَقَالُوا: يَا أَبَا طَالِبٍ، إنَّكَ مِنَّا حَيْثُ قَدْ عَلِمْتَ، وَقَدْ حَضَرَكَ مَا تَرَى، وَتَخَوَّفْنَا عَلَيْكَ، وَقَدْ عَلِمْتَ الَّذِي بَيْنَنَا وَبَيْنَ ابْنِ أَخِيكَ، فَادْعُهُ، فَخُذْ لَهُ مِنَّا، وَخُذْ لَنَا مِنْهُ، لِيَكُفَّ عَنَّا، وَنَكُفَّ عَنْهُ، وَلِيَدَعَنَا وَدِينَنَا، وَنَدَعَهُ وَدِينَهُ ،فَبَعَثَ إلَيْهِ أَبُو طَالِبٍ، فَجَاءَهُ، فَقَالَ: يَا بن أَخِي: هَؤُلَاءِ أَشْرَافُ قَوْمِكَ، قَدْ اجْتَمَعُوا لَكَ، لِيُعْطُوكَ، وَلِيَأْخُذُوا مِنْكَ، قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ ، كَلِمَةٌ وَاحِدَةٌ تُعْطُونِيهَا تَمْلِكُونَ بِهَا الْعَرَبَ، وَتَدِينُ لَكُمْ بِهَا الْعَجَمُ

[1] سیرة ابن اسحاق ۲۳۷؍۱،السیرة الحلبیة ۴۹۷؍۱

قریش کو جب اندازہ ہوا کہ ابوطالب کی رحلت کاوقت قریب آگاہے توتقریباً پچیس معززین جن میں عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ، ابوجہل بن ہشام، امیہ بن خلف، ابوسفیان بن حرب شامل تھے ابوطالب کے پاس آئے، اور کہااے ابوطالب! قریش میں آپ کاجو مرتبہ ومقام ہے وہ آپ اچھی طرح جانتے ہیں، اس وقت آپ بیماری کی جس حالت سے گزر رہے ہیں وہ بھی آپ بخوبی جانتے ہیں ہمارا خیال ہے کہ آپ اس بیماری سے جانبر نہ ہوسکیں گے، ہمارے اور محمد ﷺ کے درمیان جو معاملہ چل رہاہے اس سے بھی آپ خوب واقف ہیں اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ آپ اپنے بھتیجے کو بلائیں اور ان کے بارے میں ہم سے عہد و پیمان لیں اور ہمارے بارے میں انہیں کسی عہد و پیمان کاپابند کریں، یعنی وہ ہمیں ہمارے آبائی دین پر چھوڑ دے اور ہم انہیں ان کے دین پر چھوڑ دیں، قریش کے وفد کی بات سن کر ابوطالب نے محمد رسول اللہ ﷺ کو بلوایا، جب آپ وہاں تشریف لائے توابوطالب نے کہااے بھتیجے! یہ تمہارے قبیلہ قریش کے معززین یہاں جمع ہیں اور آپ سے یہ چاہتے ہیں کہ آپ انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیں اور آپ انہیں ان کے حال پر چھوڑ دو، چچا کی بات سن کر رسول اللہ ﷺ نے معززین قریش سے فرمایااگر میں اس سے بھی بہتر بات آپ کے سامنے پیش کروں جسے آپ قبول کرلیں توعرب وعجم کے بادشاہ بن جائیں گے اور عجم مغلوب ہوکر انہیں جزیہ پیش کریں گے۔[۱]

فَقَالَ:يَا عَمِّ إِنِّي إِنَّمَا أُرِيدُهُمْ عَلَى كَلِمَةٍ وَاحِدَةٍ، تَدِينُ لَهُمْ بِهَا الْعَرَبُ، وَتُؤَدِّي إِلَيْهِمْ بِهَا الْعَجَمُ الْجِزْيَةَ

ایک روایت ہے اپنے چچا کو مخاطب ہوکر فرمایامیں ان کے سامنے وہ بات پیش کرناچاہتاہوں جسے اگر یہ قبول کرلیں توسارا عرب ان کے زیرفرمان ہوجائے اور اہل عجم مغلوب ہوکر انہیں جزیہ اداکریں۔[۲]

قَالَ: فَبَعَثَ إِلَيْهِ أَبُو طَالِبٍ،فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال: يا بن أَخِي، هَؤُلَاءِ مَشْيَخَةُ قَوْمِكَ وَسَرَوَاتُهُمْ، وَقَدْ سَأَلُوكَ النَّصَفَ، أَنْ تَكُفَّ عَنْ شَتْمِ آلِهَتِهِمْ وَيَدَعُوكَ وَإِلَهَكَ، قَالَ: أَيْ عَمِّ، أَوَلَا أَدْعُوهُمْ إِلَى مَا هُوَ خَيْرٌ لَهُمْ مِنْهَا؟ قَالَ: وَإِلَامَ تَدْعُوهُمْ؟ قَالَ: أَدْعُوهُمْ إِلَى أَنْ يَتَكَلَّمُوا بِكَلِمَةٍ تَدِينُ لَهُمْ بِهَا الْعَرَبُ، وَيَمْلِكُونَ بِهَا الْعَجَمَ

ایک روایت ہے ابوطالب نے آپ ﷺ کو بلابھیجا جب رسول اللہ ﷺ وہاں داخل ہوئے توابوطالب نے کہااے بھتیجے! یہ ہماری قوم کے بڑے اور سردار ہیں اور انہوں نے کہاہے کہ ہم اس بات پرمتفق ہوجائیں کہ آپ ان کے معبودوں کو برابھلاکہنا چھوڑ دیں اور وہ تمہیں اور تمہارے خدا کو چھوڑ دیتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے ابوطالب سے مخاطب ہوکر کہااے چچا! آپ انہیں اس بات کی طرف کیوں نہ بلائیں جو ان کے حق میں بہتر ہے، ابوطالب نے کہا آپ انہیں کس بات کی طرف بلاناچاہتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایامیں انہیں ایک ایسی بات کی طرف دعوت دیتاہوں جسے یہ قبول کرلیں توجزیرۃ العرب ان کے زیرنگیں ہوجائے اور اہل عجم پر ان کی بادشاہت قائم ہوجائے۔[۳]

قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ ،كَلِمَةٌ وَاحِدَةٌ تُعْطُونِيهَا تَمْلِكُونَ بِهَا الْعَرَبَ، وَتَدِينُ لَكُمْ بِهَا الْعَجَم، قَالَ: فَقَالَ أَبُو جَهْلٍ: نَعَمْ وَأَبِيكَ، وَعَشْرَ كَلِمَاتٍ،قَالَ: تَقُولُونَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَتَخْلَعُونَ مَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِهِ،قَالَ:

[۱] السیرة النبوة لابن کثیر ۱۲۴،۲

[۲] مسنداحمد ۲۰۰۸

[۳] تاریخ طبری ۳۲۴،۲

فَصَفَّقُوا بِأَيْدِيهِمْ، ثُمَّ قَالُوا: أَتُرِيدُ يَا مُحَمَّدُ أَنْ تَجْعَلَ الْآلِهَةَ إلَهًا وَاحِدًا، إنَّ أَمْرَكَ لَعَجَبٌ!(قَالَ) : ثُمَّ قَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: إنَّهُ وَاللَّهِ مَا هَذَا الرَّجُلُ بِمُعْطِيكُمْ شَيْئًا مِمَّا تُرِيدُونَ، فَانْطَلِقُوا وَامْضُوا عَلَى دِينِ آبَائِكُمْ، حَتَّى يَحْكُمَ اللَّهُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ،قَالَ: ثُمَّ تَفَرَّقُوا

ایک روایت ہے کہ آپ نے فرمایااے معززین قریش!آپ لوگ صرف ایک بات قبول کرلیں توآپ عرب کے بادشاہ بن جائیں گے اورعجم آپ کے زیرفرمان ہوگا،الغرض آپ کی بات سن کرمعززین قریش سٹپٹائے اورشش وپنج میں مبتلاہوگئے کہ محمد ﷺ وہ کیابات پیش کرناچاہتے ہیں جسے قبول کرنے سے ہم عرب وعجم کے بادشاہ بن سکتے ہیں، کچھ توقف کے بعد ابوجہل نے پوچھاٹھیک ہے آپ وہ بات بتلائیں ہم ایسے دس کلمات ماننے کوتیارہیں، آپ ﷺ نے فرمایا آپ لوگ معبودان باطلہ کی پرستش چھوڑکرکلمہ لاالٰہ الااللہ کوقبول کرلیں توعرب وعجم کے مالک بن جائیں گے،یہ بات سن کروہ لوگ تالیاں پیٹنے لگے اورکہااے محمد ﷺ!آپ بڑی عجیب بات کرتے ہو،آپ توچاہتے ہی یہ ہوکہ ہم اپنے تمام معبودوں کوترک کرکے بس ایک ہی الٰہ بنالیں،یہ توبڑاعجیب معاملہ ہے،پھرایک دوسرے کومخاطب کرکے کہاواللہ!محمد توتمہاری کوئی بات ماننے کوتیارنہیں،تم لوگ اپنے آبائی دین پرمضبوطی سے جم جاؤیہاں تک کہ اللہ ہمارے اوران کے درمیان کوئی فیصلہ کردے،پھروہ گھرسے نکل کراپنی اپنی راہ پرچل پڑے۔[1]

جب ابوطالب کاآخری وقت آیاتورسول اللہ ﷺ نے کامل خیرخواہی کے ساتھ اپنی حدتک انتہائی کوشش کی کہ ہمدرداورغم گسارچچاکلمہ لاالٰہ الااللہ پڑھ لے تاکہ اس کاخاتمہ بالخیرہواورروزقیامت اللہ سے ان کی مغفرت کی سفارش کرسکیں،

أَنّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى أَبِي طَالِبٍ عِنْدَ مَوْتِهِ وَعِنْدَهُ أَبُو جَهْلٍ وَعَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي أُمَيّةَ، فَقَالَ:يَا عَمّ قُلْ لَا إلَهَ إلّا اللهُ كَلِمَةً أَشْهَدُ لَك بِهَا عِنْدَ اللهِ فَقَالَ لَهُ أَبُو جَهْلٍ وَابْنُ أَبِي أُمَيّةَ أَتَرْغَبُ عَنْ مِلّةِ عَبْدِ الْمُطّلِبِ

مروی ہے ابوطالب کی موت کے وقت رسول اللہ ﷺ ان کے گھرمیں داخل ہوئے لیکن وہاں دوسرے روٴسائے قریش کے ساتھ ابوجہل اورعبداللہ بن ابی امیہ بھی موجودتھے آپ ﷺ نے فرمایااے چچاآپ کلمہ لاالٰہ الااللہ کوپڑھ لیں تاکہ قیامت کے روزمیں اللہ کی بارگاہ میں گواہی دوں اورآپ کی شفاعت کرسکوں،ابوجہل اورعبداللہ بن امیہ کہنے لگے اے ابوطالب! کیاتواپنے باپ عبدالمطلب کے مذہب سے پھرجائے گا؟ابوطالب کی زبان سے آخرکلمہ یہی نکلاکہ میں ملت عبدالمطلب پرہی جان دیتاہوں اس طرح کفرپرہی ان کاخاتمہ ہوگیا۔[2]

أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ المُسَيِّبِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا طَالِبٍ الوَفَاةُ، جَاءَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ عِنْدَهُ أَبَا جَهْلٍ، وَعَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي أُمَيَّةَ بْنِ المُغِيرَةِ، فَقَالَ:أَيْ عَمِّ قُلْ: لا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ كَلِمَةً أُحَاجُّ لَكَ بِهَا عِنْدَ اللَّهِ " فَقَالَ أَبُو جَهْلٍ، وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ: أَتَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ عَبْدِ المُطَّلِبِ؟ فَلَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

---

[1] ابن ہشام۴۱۷؍۱، الروض الانف۱۷؍۴،عیون الآثر۱۵۲؍۱

[2] الروض الانف۱۹؍۴

وَسَلَّمَ يَعْرِضُهَا عَلَيْهِ ، وَيُعِيدَانِهِ بِتِلْكَ المَقَالَةِ، حَتَّى قَالَ أَبُو طَالِبٍ آخِرَ مَا كَلَّمَهُمْ: عَلَى مِلَّةِ عَبْدِ المُطَّلِبِ، وَأَبَى أَنْ يَقُولَ: لا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:وَاللَّهِ لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ مَا لَمْ أُنْهَ عَنْكَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ: {مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ} [۱] وَأَنْزَلَ اللَّهُ فِي أَبِي طَالِبٍ، فَقَالَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: {إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ} [۲]

سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب ابوطالب کی وفات کاوقت قریب آیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس آئے (اس وقت) ابوطالب کے پاس ابوجہل اور عبداللہ بن امیہ بھی موجود تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا اے میرے چچا! صرف ایک کلمہ لاالٰہ الا اللہ کہہ دیجئے تو میں اللہ کے ہاں اس کی وجہ سے (آپ کی بخشش کے لئے) عرض ومعروض کرنے کا مستحق ہوجاؤں گا تو ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ نے کہا اے ابوطالب تم عبدالمطلب کے دین سے پھرے جاتے ہو؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بار بار ان سے یہی کہتے رہے (کہ آپ صرف یہی ایک کلمہ پڑھ لیں) اور یہ دونوں بھی اپنی بات ان کے سامنے بار بار دہراتے رہے (کہ کیا تم عبدالمطلب کے مذہب سے پھر جاؤ گے؟) حتیٰ کہ ابوطالب نے ان سے جو آخری بات کہی وہ یہ تھی کہ (میں) عبدالمطلب کے دین پر مرتا ہوں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اس کے لئے اس وقت تک استغفار کرتا رہوں گا جب تک مجھے روکا نہ جائے، تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ”نبی اور ایمان والوں کے لئے مناسب نہیں ہے کہ مشرکین کے لئے استغفار کریں اگرچہ وہ ان کے قرابتدار ہوں جب کہ انہیں یہ ظاہر ہوچکا کہ وہ دوزخی ہیں۔“ اور خاص ابوطالب کے لیے یہ آیت نازل ہوئی جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا گیا کہ ” آپ جسے چاہیں ہدایت نہیں کرسکتے البتہ اللہ ہدایت دیتا ہے جس کے لیے وہ ہدایت چاہتا ہے۔“ [۳]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمِّهِ: قُلْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ أَشْهَدُ لَكَ بِهَا يَوْمَ القِيَامَةِ فَقَالَ: لَوْلاَ أَنْ تُعَيِّرَنِي بِهَا قُرَيْشٌ أَنَّ مَا يَحْمِلُهُ عَلَيْهِ الجَزَعُ، لأَقْرَرْتُ بِهَا عَيْنَكَ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ {إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ}.

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے چچا! لاالٰہ الا اللہ پڑھ لو میں قیامت کے دن اس کی گواہی دوں گا، ابوطالب نے کہا اگر مجھے قریش کے اس طعنے کا خوف نہ ہوتا کہ میں نے موت کی گھبراہٹ کی وجہ سے یہ کلمہ پڑھ لیا تو میں اسے کہہ کر تیری آنکھوں کو ٹھنڈی کر دیتا تو اللہ عزوجل نے یہ آیت ”آپ جسے چاہیں ہدایت نہیں کرسکتے البتہ اللہ ہدایت دیتا ہے جس کے لیے وہ ہدایت چاہتا ہے۔“ نازل فرمائی۔ [۴]

---

[۱] التوبة: ۱۱۳

[۲] القصص: ۵۶

[۳] صحیح بخاری کتاب تفسیر سورۂ القصص بَابُ قَوْلِهِ إِنَّكَ لاَ تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ ۴۷۷۲، سیرة ابن اسحاق ۲۳۸/۱

[۴] جامع ترمذی کتاب تفسیرالقرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ القَصَصِ ۳۱۸۸

قَالَ: لَمَّا مَاتَ أَبُو طَالِبٍ اسْتَغْفَرَ لَهُ رسول الله صلى الله عليه وسلم وقال: لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ حَتَّى أُنْهَى! فَاسْتَغْفَرَ الْمُسْلِمُونَ لِمَوْتَاهُمْ مِنْ الْمُشْرِكِينَ، فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ

جب ابوطالب کاانتقال ہوگیا توآپ ﷺ نے ان کی نعش سے مخاطب ہو کر کہااللہ آپ پر رحم فرمائے اور آپ کو بخش دے،جب تک اللہ مجھے منع نہ کر دے میں آپ کے لئے مغفرت کی دعا کر تا رہوں گا،یہ سن کر تمام مسلمان اپنے ان مردوں کے لئے دعائے مغفرت کرنے لگے جو شرک پر مرے تھے،اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں’’نبی اور مومنین کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ مشرکوں کی مغفرت کی دعا کیا کریں اگرچہ وہ ان کے قرابت دار ہی کیوں نہ ہوں جبکہ ان پر یہ بھی واضح ہو چکا ہے کہ مشرکین دوزخی ہیں۔‘‘[1]

عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ عَمَّكَ الشَّيْخَ الضَّالَّ مَاتَ فَمَنْ يُوَارِيهِ؟ قَالَ: اذْهَبْ فَوَارِ أَبَاكَ، وَلَا تُحْدِثَنَّ حَدَثًا حَتَّى تَأْتِيَنِي، فَوَارَيْتُهُ ثُمَّ جِئْتُ، فَأَمَرَنِي فَاغْتَسَلْتُ، وَدَعَا لِي، وَذَكَرَ دُعَاءً لَمْ أَحْفَظْهُ

سید نا علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب سے مروی ہے(جب میرے والد ابوطالب کاانتقال ہواتو) میں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ کے بوڑھے اور گمراہ چچا کاانتقال ہوگیاہے اب انہیں کون (زمین میں) چھپائے(دفن کرے) آپ ﷺ نے فرمایا جااور اپنے باپ کو (زمین میں) چھپاؤ(دفن کرو)اور میرے پاس واپس آنے سے پہلے کوئی اور کام نہ کرنا،میں ان کو دفنانے کے بعد آپ ﷺ کے پاس حاضر ہوا،پس آپ نے مجھے غسل کرنے کا حکم فرمایا پس میں نے غسل کیااور اپنے میرے لیے(صبروتحمل) دعا فرمائی لیکن وہ دعامجھے یاد نہیں۔[2]

ابوطالب کے چار بیٹے تھے طالب، عقیل،جعفر رضی اللہ عنہ،سید نا علی رضی اللہ عنہ ، کیونکہ مسلمان کافر کاوارث نہیں ہوسکتااس لیے جعفر رضی اللہ عنہ اور سید نا علی رضی اللہ عنہ اپنے والد کے چھوڑے ہوئے ورثہ کے وارث نہ ہوئے۔

عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا،وَكَانَ عَقِيلٌ وَرِثَ أَبَا طَالِبٍ هُوَ وَطَالِبٌ، وَلَمْ يَرِثْهُ جَعْفَرٌ وَلاَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، شَيْئًا لِأَنَّهُمَا كَانَا مُسْلِمَيْنِ، وَكَانَ عَقِيلٌ وَطَالِبٌ كَافِرَيْنِ

اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے عقیل اور طالب ابوطالب کے وارث ہوئے اور جعفر رضی اللہ عنہ اور سید نا علی رضی اللہ عنہ کسی چیز کے بھی وارث نہ ہوئے اس لئے کہ وہ دونوں مسلمان تھے اور عقیل اور طالب کافر تھے۔[3]

حَدَّثَنَا العَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ المُطَّلِبِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَغْنَيْتَ عَنْ عَمِّكَ، فَإِنَّهُ كَانَ يَحُوطُكَ وَيَغْضَبُ لَكَ؟ قَالَ:هُوَ فِي ضَحْضَاحٍ مِنْ نَارٍ، وَلَوْلاَ أَنَا لَكَانَ فِي الدَّرَكِ الأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ

عباس رضی اللہ عنہ بن عبدالمطلب سے مروی ہے میں نے عرض کیااے اللہ کے رسول ﷺ کیا آپ نے ابوطالب کو بھی کچھ فائدہ پہنچایا وہ

---

[1] مغازی واقدی ۱۰۷؍۳

[2] سنن ابوداودکِتَاب الْجَنَائِزِ بَابُ الرَّجُلِ يَمُوتُ لَهُ قَرَابَةٌ مُشْرِكٌ ۳۲۱۴،سنن نسائی کِتَابُ الْجَنَائِزِ بَابُ مُوَارَاةِ الْمُشْرِكِ ۲۰۰۸

[3] صحیح بخاری کِتَابُ الحَجِّ بَابُ تَوْرِيثِ دُورِ مَكَّةَ، وَبَيْعِهَا وَشِرَائِهَا، وَأَنَّ النَّاسَ فِي المَسْجِدِ الحَرَامِ سَوَاءٌ خَاصَّةً ۱۵۸۸

آپ کی حفاظت کرتے تھے اور آپ کے لئے دوسروں پر غصہ ہو جاتے تھے، آپ ﷺ نے فرمایا ہاں! وہ جہنم میں کم گہرائی پر ہیں اگر میں نہ ہوتا وہ جہنم کے سب سے پست طبقہ میں ہوتے۔[۱]

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الخُدْرِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذُكِرَ عِنْدَهُ عَمُّهُ، فَقَالَ:لَعَلَّهُ تَنْفَعُهُ شَفَاعَتِي يَوْمَ القِيَامَةِ، فَيُجْعَلُ فِي ضَحْضَاحٍ مِنَ النَّارِ يَبْلُغُ كَعْبَيْهِ، يَغْلِي مِنْهُ دِمَاغُهُ

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ کے سامنے آپ ﷺ کے چچا (ابوطالب) کا ذکر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ امید ہے قیامت کے دن انہیں میری شفاعت کچھ نفع دے جائے گی کہ وہ آگ کے درمیان درجہ میں کر دیئے جائیں گے کہ آگ ان کے ٹخنوں تک پہنچے گی جس سے ان کا دماغ کھولنے لگے گا۔[۲]

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَهْوَنُ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا أَبُو طَالِبٍ مُنْتَعِلًا بِنَعْلَيْنِ يَغْلِي مِنْهُمَا دِمَاغُهُ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جہنمیوں میں سب سے ہلکا عذاب ابوطالب کو ہو گا انہیں آگ کی دو جوتیاں پہنائی جائیں گی جس سے ان کا دماغ ابلنے لگے گا۔[۳]

ام المومنین خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی وفات

رمضان المبارک ۱۰ بعثت نبوی

وَكَانَتْ خَدِيجَةُ وَزِيرَةَ صِدْقٍ عَلَى الإِسْلامِ ، كَانَ يَسْكُنُ إِلَيْهَا

ابن ہشام کہتے ہیں ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا فروغ اسلام کے سلسلے میں انتہائی اخلاص کے ساتھ آپ ﷺ کی مدد کرتی تھیں اور مشکل حالات میں آپ ﷺ کو سکون کا سامان فراہم کرتی تھیں۔[۴]

فَكَانَ لا يَسْمَعُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ شَيْئًا يَكْرَهُهُ مِنْ رَدٍّ عَلَيْهِ وَتَكْذِيبٍ لَهُ إِلا فَرَّجَ اللَّهُ عَنْهُ بِهَا، تُثَبِّتُهُ وَتُصَدِّقُهُ، وَتُخَفِّفُ عَنْهُ، وَتُهَوِّنُ عَلَيْهِ مَا يَلْقَى مِنْ قَوْمِهِ

ایک روایت میں ہے رسول اللہ ﷺ کو مشرکین کی تردید یا تکذیب سے جو کچھ صدمہ ہوتا وہ ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس آ کر دور ہو جاتا تھا کیونکہ وہ آپ کی باتوں کی تصدیق کرتی تھیں اور مشرکین کے معاملہ کو آپ کے سامنے ہلکا کر کے پیش کرتی تھیں۔[۵]

---

[۱] صحیح بخاری کتاب مناقب الأنصار بَابُ قِصَّةِ أَبِي طَالِبٍ ۳۸۸۳

[۲] صحیح بخاری کتاب مناقب الأنصار بَابُ قِصَّةِ أَبِي طَالِبٍ ۳۸۸۵

[۳] صحیح مسلم كِتَابُ الْإِيمَانَ بَابُ أَهْوَنِ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا ۵۱۵ ،دلائل النبوة للبیهقی ۳۴۸؍۲،عیون الآثر ۱۵۳؍۱، تاریخ الخمیس ۳۰۰؍۱،السیرة الحلبیة ۴۹۵؍۱

[۴] عیون الاثر ۱۵۱؍۱،ابن ہشام ۴۱۶؍۱، دلائل النبوة للبیهقی ۳۵۲؍۲،السیر والمغازی لابن اسحاق ۲۴۳؍۱

[۵] الاستیعاب في معرفة الأصحاب ۱۸۱۹؍۴، ابن ہشام ۲۴۰؍۱،عیون الاثر ۱۱۰؍۱

مگر جب ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے ساتھ شعب بنو ہاشم سے باہر آئیں تو مسلسل تکالیف ومصائب کے باعث ان کی صحت دن بدن خراب ہوتی گئی آخر کار نکاح کے بعد پچیس سال زندہ رہ کر رمضان المبارک یا شوال دس بعثت نبوی میں ہجرت سے تین سال قبل اس عدم ہستی نما سے ہستی عدم نما کو انتقال فرما گئیں،

بعض کے نزدیک ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا بنت خویلد، ابوطالب کی وفات کے تین دن کے بعد فوت ہوئیں۔

وتوفيت خديجة رضي الله عنها بعد أبي طالب بثلاثة أيام

ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا ابوطالب کی وفات کے تین دن کے بعد فوت ہوئیں۔ [1]

وتوفيت خديجة بعده بثلاثة أيام

ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا تین دن کے بعد فوت ہوئیں۔ [2]

بعض کے نزدیک دو ماہ بعد فوت ہوئیں،

وقيل: كان بين موت أبي طالب وموت خديجة شهر وخمسة أيام

بعض کے نزدیک ابوطالب کی وفات کے ایک ماہ پانچ دن بعد ہوئی۔

وقيل: كان بين موت أبي طالب وموت خديجة شهر وخمسة أيام.

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات ابوطالب کی وفات کے ایک ماہ پانچ دن بعد ہوئی۔ [3]

تُوُفِّيَتْ خَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ سَنَةَ عَشْرٍ مِنَ النُّبُوَّةِ وَهِيَ يَوْمَئِذٍ بِنْتُ خَمْسٍ وَسِتِّينَ سَنَةً

مگر مشہور یہی ہے کہ ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا بنت خویلد کی وفات ہجرت سے تین سال قبل ۱۰ نبوی کے رمضان المبارک میں ہوئی اس وقت ان کی عمر ۶۵ سال تھی۔ [4]

ایک روایت میں ہے کہ وفات کے وقت ان کی عمر ۶۴ سال چھ ماہ تھی،

ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا جو ایک نیک و وفادار بیوی کا اعلیٰ نمونہ تھیں

وَكَانَتْ أَوَّلَ مَنْ آمَنْ باللَّه وَبِرَسُولِهِ، وَصَدَّقَ بِمَا جَاءَ مِنْهُ

جنہوں نے سب سے پہلے بلا تردد اللہ وحدہ لاشریک اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی رسالت کو تسلیم کیا اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر جو کلام نازل ہوا اس کی تصدیق کی۔ [5]

---

[1] المحبر ۱۱/۱

[2] الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۳۷/۱

[3] الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۳۸/۱

[4] ابن سعد ۱۵/۸

[5] ابن ہشام ۲۴۰/۱

ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کی بڑی فضیلت ہیں

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: أَتَى جِبْرِيلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ: هَذِهِ خَدِيجَةُ قَدْ أَتَتْ مَعَهَا إِنَاءٌ فِيهِ إِدَامٌ، أَوْ طَعَامٌ أَوْ شَرَابٌ، فَإِذَا هِيَ أَتَتْكَ فَاقْرَأْ عَلَيْهَا السَّلاَمَ مِنْ رَبِّهَا وَمِنِّي وَبَشِّرْهَا بِبَيْتٍ فِي الجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ لاَ صَخَبَ فِيهِ، وَلاَ نَصَبَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جبرائیل علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لائے اور فرمایا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! یہ خدیجہ رضی اللہ عنہا تشریف لارہی ہیں ان کے پاس ایک برتن ہے جس میں سالن یا کھانا یا کوئی مشروب ہے جب وہ آپ کے پاس آپہنچیں تو آپ انہیں ان کے رب کی طرف سے اور میری طرف سے سلام کہیں اور جنت میں موتی کے ایک محل کی بشارت دیں جس میں نہ شور وشغب ہوگا نہ درماندگی وتکان۔[1]

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ:أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِخَدِيجَةَ: إِنَّ جِبْرِيلَ أَتَانِي، فَقَالَ: بَشِّرْ خَدِيجَةَ بِبَيْتٍ مِنْ قَصَبٍ لَا صَخَبَ فِيهِ، وَلَا نَصَبَ

عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں خدیجہ رضی اللہ عنہا کو جنت میں ایسے محل کی بشارت دوں جوموتی کا ہوگا اور جس میں شوروغل اور محنت ومشقت نہ ہوگی۔[2]

قَالَ ابْنُ هِشَامٍ:أَنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أُقْرِئْ خَدِيجَةَ السَّلَامَ مِنْ رَبِّهَا،فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا خَدِيجَةُ، هَذَا جِبْرِيلُ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ مِنْ رَبِّكَ،فَقَالَتْ خَدِيجَةُ: اللَّهُ السَّلَامُ، وَمِنْهُ السَّلَامُ، وَعَلَى جِبْرِيلِ السَّلَامُ

ابن ہشام کہتے ہیں جبرائیل علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہا خدیجہ رضی اللہ عنہا کو ان کے رب کی طرف سے سلام کہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے خدیجہ رضی اللہ عنہا! یہ جبرائیل علیہ السلام ہیں جو تمہیں تمہارے رب کا سلام پہنچارہے ہیں ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا نے کہا اللہ سلام ہے اور اسی سے سلامتی ہے اور جبرائیل علیہ السلام پر بھی سلام ہو۔[3]

وَهَذِهِ خَاصَّةٌ لَا تُعْرَفُ لِامْرَأَةٍ سِوَاهَا

حافظ ابن قیم رحمہ اللہ نے لکھا ہے یہ ایک ایسی فضیلت ہے جو آپ رضی اللہ عنہ کے سوا کسی اور عورت کو میسر نہیں ہوئی۔[4]

ان کی اچانک رحلت پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہت غمگین تھے،

[1] صحیح بخاری کتاب مناقب الانصار بَابُ تَزْوِيجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَدِيجَةَ وَفَضْلِهَا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا۳۸۲۰، مسند احمد۷۱۵۶

[2] مسند احمد۱۷۵۸،المعجم الکبیر للطبرانی۱۷۶۸،مستدرک حاکم۴۸۴۸،مسند ابویعلی۶۷۹۵،مجمع الزوائد ومنبع الفوائد۱۵۲۷۲

[3] ابن ہشام۲۴۱؍۱

[4] زادالمعاد۱۰۲؍۱

وَدُفِنَتْ فِي الْحَجُونِ

آپ ﷺ نے انہیں بمقام حجون دفن کیا۔ (۱)

ونزل رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قبرها

رسول اللہ ﷺ انہیں قبر میں لٹانے کے لئے خود قبر کے اندر اترے تھے۔ (۲)

رسول اللہ ﷺ کو خدیجہ رضی اللہ عنہا سے جو تعلق وانس تھا وہ آپ عمر بھر نہ بھول سکے اور ہمیشہ ان کی تعریف فرماتے رہتے تھے۔

عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ،عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:خَيْرُ نِسَائِهَا مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَخَيْرُ نِسَائِهَا خَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ

سید ناعلی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا دنیا کی بہترین خواتین مریم بنت عمران اور خدیجہ رضی اللہ عنہا بن خویلد ہیں ۔ (۳) شعب بنی ہاشم کی محصوری کے بعد آپ وفات پا گئیں اور عائشہ رضی اللہ عنہا صدیقہ سے آپ کی شادی مدینہ منورہ میں انجام پائی،اتنا عرصہ گزر جانے کے باوجود آپ ﷺ اکثروبیشترام المومنین خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا ذکر ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے سامنے کرتے رہتے تھے، خدیجہ رضی اللہ عنہا سے آپ کو کتنی محبت تھی اس کی چند جھلکیاں ملاحظہ فرمائیں،

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ:اسْتَأْذَنَتْ هَالَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ، أُخْتُ خَدِيجَةَ، عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَرَفَ اسْتِئْذَانَ خَدِيجَةَ فَارْتَاعَ لِذَلِكَ، فَقَالَ:اللَّهُمَّ هَالَةَ،قَالَتْ: فَغِرْتُ، فَقُلْتُ: مَا تَذْكُرُ مِنْ عَجُوزٍ مِنْ عَجَائِزِ قُرَيْشٍ، حَمْرَاءِ الشِّدْقَيْنِ، هَلَكَتْ فِي الدَّهْرِ، قَدْ أَبْدَلَكَ اللَّهُ خَيْرًا مِنْهَا

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے ایک مرتبہ ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کی بہن ہالہ بنت خویلد جن کی آواز خدیجہ رضی اللہ عنہا سے بہت مشابہت رکھتی تھی تشریف لائیں اور اندر آنے کی اجازت چاہی،رسول اللہ ﷺ ان کی آواز سن کر تڑپ اٹھے اور فرمایا اللہ یہ ہالہ ہو، خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا چاہے فوت ہو چکی تھیں مگر عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی سوکن تھیں رسول اللہ ﷺ کی یہ تڑپ دیکھ کر بولیں آپ قریش کی ایک بوڑھی عورت کو اتنا یاد کرتے ہیں جسے فوت ہوئے اتنا عرصہ گزر چکا ہے اور اللہ نے آپ ﷺ کو اس سے اچھی بیوی دے دی۔ (۴)

فَغَضِبَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ:وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا أَذْكُرُهَا بَعْدَ هَذَا إِلَّا بِخَيْرٍ

عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی یہ بات سنکر رسول اللہ ﷺ سخت غصہ ہوئے، عائشہ رضی اللہ عنہا نے جب یہ صورت دیکھی تو فوراً بولیں اللہ کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے آئندہ میں ان کا ذکر بھلائی کے علاوہ کسی طرح نہ کروں گی۔ (۵)

---

(۱) الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۱۸۲۵؍۴

(۲) المختصر الكبير في سيرة الرسول صلى الله عليه وسلم ۹۲؍۱، تفسيرالقرطبى ۲۴۲؍۱۴

(۳) صحیح بخاری كتاب مناقب الانصاربَابُ تَزْوِيجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَدِيجَةَ وَفَضْلِهَا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا ۳۸۱۵ ، صحیح مسلم كتاب الفضائل بَابُ فَضَائِلِ خَدِيجَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهَا ۶۲۷۱، مسنداحمد۶۴۰

(۴) صحیح بخاری كتاب مناقب الانصار بَابُ تَزْوِيجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَدِيجَةَ وَفَضْلِهَا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا۳۸۲۱

(۵) المعجم الكبير للطبرانی ۲۳

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا ذَكَرَ خَدِيجَةَ أَثْنَى عَلَيْهَا، فَأَحْسَنَ الثَّنَاءَ، قَالَتْ: فَغِرْتُ يَوْمًا، فَقُلْتُ: مَا أَكْثَرَ مَا تَذْكُرُهَا حَمْرَاءَ الشِّدْقِ، قَدْ أَبْدَلَكَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهَا خَيْرًا مِنْهَا، قَالَ:مَا أَبْدَلَنِي اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ خَيْرًا مِنْهَا، قَدْ آمَنَتْ بِي إِذْ كَفَرَ بِي النَّاسُ، وَصَدَّقَتْنِي إِذْ كَذَّبَنِي النَّاسُ، وَوَاسَتْنِي بِمَالِهَا إِذْ حَرَمَنِي النَّاسُ، وَرَزَقَنِي اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَلَدَهَا إِذْ حَرَمَنِي أَوْلَادَ النِّسَاءِ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خدیجہ کا تذکرہ جب بھی کرتے تھے تو ان کی خوب تعریف کرتے تھے،ایک دن مجھے غیرت آئی اور میں نے کہا کہ آپ کیا اتنی کثرت کے ساتھ ایک سرخ مسوڑھوں والی عورت کا ذکر کرتے رہتے ہیں جس کے بدلے میں اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے بہترین بیویاں دے دیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے مجھے اس کے بدلے میں اس سے بہتر کوئی بیوی نہیں دی،وہ مجھ سے اس وقت ایمان لائی جب لوگ کفر کر رہے تھے اور میری اس وقت تصدیق کی جب لوگ میری تکذیب کر رہے تھے اور اپنے مال سے میری ہمدردی اس وقت کی جب کہ لوگوں نے مجھے اس سے دور رکھا اور اللہ نے مجھے اس سے اولاد عطا فرمائی جب کہ میری دوسری بیویوں سے میرے یہاں اولاد نہ ہوئی۔[1]

آپ صلی اللہ علیہ وسلم خدیجہ رضی اللہ عنہا کی ملنے والیوں اور ان کی سہیلیوں کا بھی ہمیشہ عزت واحترام فرماتے تھے،

عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ:وَإِنْ كَانَ لَيَذْبَحُ الشَّاةَ فَيُهْدِي فِي خَلَائِلِهَا مِنْهَا مَا يَسَعُهُنَّ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے جب کبھی کوئی بکری ذبح فرماتے تو اس میں سے کچھ گوشت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی سہیلیوں اور ملنے والیوں کو روانہ کر دیتے جو ان کے لئے کافی ہو جاتا۔[2]

عن عائشة، قالت :دخلت امْرَأَةٌ سَوْدَاءُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَقْبَلَ عَلَيْهَا وَاسْتَبْشَرَ بِهَا. فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَقْبَلْتَ عَلَى هَذِهِ السَّوْدَاءِ هَذَا الإِقْبَالَ؟ فَقَالَ: إِنَّهَا كَانَتْ تَدْخُلُ عَلَى خَدِيجَةَ كَثِيرًا

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے ایک مرتبہ ایک کالے رنگ کی عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کا بڑی تپاک اور مسرت سے استقبال فرمایا جب وہ واپس چلی گئی تو میں نے پوچھا اس عورت کی آمد پر آپ اس قدر خوش کیوں ہوئے؟رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ عورت اکثر وبیشتر خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا کرتی تھی۔[3]

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَاءَتْ عَجُوزٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهَا: مَنْ أَنْتِ؟قَالَتْ: أَنَا جَثَّامَةُ الْمُزَنِيَّةُ. قَالَ: بَلْ أَنْتِ حَسَّانَةُ الْمُزَنِيَّةُ، كَيْفَ حَالُكُمْ؟ كَيْفَ كُنْتُمْ بَعْدَنَا؟ قَالَتْ: بِخَيْرٍ، بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللَّهِ! فَلَمَّا خَرَجَتْ قُلْتُ:يَا رَسُولَ اللَّهِ، تُقْبِلُ عَلَى هَذِهِ الْعَجُوزِ هَذَا الإِقْبَالِ!

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ایک بڑھیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا تو کون ہے؟اس نے جواب دیا

---

[1] مسند احمد ۲۴۸۶۴

[2] صحیح بخاری کتاب مناقب الانصار بَابُ تَزْوِيجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَدِيجَةَ وَفَضْلِهَا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا ۳۸۱۶

[3] انساب الاشراف للبلاذری ۹۸،۱۷۶؍۱

میں جثامہ مرینہ ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا نہیں بلکہ تو حسانہ مرینہ ہے، پھر رسول اللہ ﷺ نے اس کی خیر وعافیت پوچھی، اس نے جواب دیا اے اللہ کے رسول ﷺ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں میں خیریت سے ہوں، عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب وہ چلی گئی تو میں نے پوچھا اے اللہ کے رسول ﷺ! یہ عورت کون ہے؟۔[1]

فَقُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، إِنَّكَ لَتَصْنَعُ بِهَذِهِ الْعَجُوزِ شَيْئًا لَا تَصْنَعُهُ بِأَحَدٍ قَالَ: إِنَّهَا كَانَتْ تَأْتِينَا عِنْدَ خَدِيجَةَ، أَمَا عَلِمْتِ أَنَّ كَرَمَ الْوُدِّ مِنَ الْإِيمَانِ

ایک دوسری روایت میں ہے ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا اے اللہ کے رسول ﷺ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں جو کچھ آپ اس بڑھیا کے لیے کر رہے تھے یہ اور کسی دوسرے کے لیے آپ نہیں کرتے، آپ ﷺ نے جواب میں ارشاد فرمایا اے عائشہ رضی اللہ عنہا! یہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کی زندگی میں ہمارے پاس آیا کرتی تھی اور عہد کو پورا کرنا بھی ایمان میں سے ہے۔[2]

اسی طرح غزوہ بدر میں جب زینب رضی اللہ عنہا بنت محمد ﷺ کے شوہر جو ابھی تک مسلمان نہ ہوئے تھے گرفتار ہو کر آئے

لَمَّا بَعَثَ أَهْلُ مَكَّةَ فِي فِدَاءِ أُسَرَائِهِمْ، بَعَثَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي فِدَاءِ أَبِي الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيعِ بِمَالٍ، وَبَعَثَتْ فِيهِ بِقِلَادَةٍ لَهَا كَانَتْ خَدِيجَةُ أَدْخَلَتْهَا بِهَا عَلَى أَبِي الْعَاصِ حِينَ بَنَى عَلَيْهَاقَالَتْ: فَلَمَّا رَآهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَقَّ لَهَا رِقَّةً شَدِيدَةً وَقَالَ: إِنْ رَأَيْتُمْ أَنْ تُطْلِقُوا لَهَا أَسِيرَهَا، وَتَرُدُّوا عَلَيْهَا مَالَهَا، فَافْعَلُوافَقَالُوا: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ،فَأَطْلَقُوهُ، وَرَدُّوا عَلَيْهَا الَّذِي لَهَا

جب اہل مکہ نے اپنے قیدیوں کے چھڑانے کے لیے فدیہ بھیجا تو آپ ﷺ کی صاحبزادی زینب رضی اللہ عنہا جو مکہ مکرمہ میں اپنے خاوند کے گھر پر تھیں اپنے شوہر کی رہائی کے لئے اپنا وہ ہار جو ان کی والدہ خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے انہیں تحفہ کے طور پر دیا تھا مدینہ منورہ روانہ کر دیا، جب وہ ہار رسول اللہ ﷺ کی نظروں کے سامنے آیا تو آپ ﷺ کو اپنی محبوب بیوی خدیجہ رضی اللہ عنہا یاد آگئیں جس سے آپ پر رقت طاری ہوگئی اور آپ ﷺ نے فرمایا اگر تم مناسب سمجھو تو زینب رضی اللہ عنہا کے قیدی کو بغیر فدیہ ہی رہا کر دو اور اس کا مال واپس کر دو، صحابہ کرام نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ! سر تسلیم خم ہے، انہوں نے ابوالعاص کو مع اس ہار کے رخصت کیا۔[3]

کیونکہ ابوطالب رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے انتہائی مددگار اور سخت حفاظت ومدافعت کرنے والے تھے اور خدیجہ رضی اللہ عنہا آپ کی خیر خواہی وغمگساری کرنے والی تھیں، ان دونوں کی وفات سے قریش کی جسارتیں بڑھ گئیں اور وہ کھل کر آپ کو تکالیف پہنچانے لگے،

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: حضرتُهم وَقَدْ اجْتَمَعَ أشرافُهم يَوْمًا فِي الحِجْر، فَذَكَرُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: مَا رَأَيْنَا مثلَ مَا صَبَرْنَا عَلَيْهِ مِنْ أَمْرِ هَذَا الرَّجُلِ قَطُّ، سفَّه أحلامَنا، وَشَتَمَ آباءَنا، وَعَابَ دِينَنا، وفرّق جماعَتنا، وسبَّ آلِهَتَنَا، لَقَدْ صَبَرْنَا مِنْهُ عَلَى أَمْرٍ عَظِيمٍ، أَوْ كَمَا قَالُوا. فبينا هُم فِي ذَلِكَ إِذْ طَلَعَ رسولُ اللَّهِ

[1] الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۱۸۱۰؍۴،أسد الغابة في معرفة الصحابة۴۸؍۷، الإصابة في تمييز الصحابة۸۵؍۸

[2] شعب الايمان۸۷۰۰

[3] ابن ہشام۶۵۲؍۱، الروض الانف ۱۶۳؍۵،سبل الھدی والرشادفی سیرۃ خیرالعباد۱۷؍۴،حیاۃ محمدﷺ۱۷۸؍۱

-صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَقْبَلَ يَمْشِي حَتَّى اسْتَلَمَ الركنَ، ثُمَّ مَرَّ بِهِمْ طَائِفًا بِالْبَيْتِ، فَلَمَّا مَرَّ بِهِمْ غَمَزُوهُ بِبَعْضِ الْقَوْلِ. قَالَ: فَعَرَفْتُ ذَلِكَ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثُمَّ مَضَى، فَلَمَّا مرَّ بِهِمْ الثَّانِيَةَ غَمَزُوهُ بمثلِها، فعرفتُ ذَلِكَ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وسلم ثم مرَّ الثَّالِثَةَ فَغَمَزُوهُ بِمِثْلِهَا، فَوَقَفَ ثُمَّ قَالَ: أَتَسْمَعُونَ يَا معشرَ قُرَيْش، أَمَا وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَقَدْ جِئْتُكُمْ بالذَّبْحِ.

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک دفعہ قریش کے بڑے بڑے لوگ حجر اسود کے پاس خانہ کعبہ میں جمع ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرنے لگے اور کہنے لگے اس شخص کے بارے میں ہمارے صبر و برداشت کی بھی کوئی مثال نہیں، اس نے ہمیں بیوقوف کہا، ہمارے آباؤ اجداد کو گالیاں دیں، ہمارے دین کو برا بھلا کہا، ہماری جماعت کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے، ہمارے معبودوں پر باتیں بنائیں ہم نے ان تمام باتوں پر صبر کیا ہے، وہ اسی قسم کی باتیں کر رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی تشریف لے آئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجر اسود کو بوسہ دے کر بیت اللہ کا طواف کرنا شروع کیا جب آپ قریش کے پاس سے گزرے تو انہوں نے آنکھوں آنکھوں میں ایک دوسرے کو اشارے کیے جس کا ناگوار اثر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پر محسوس کیا، دوسری مرتبہ وہاں سے گزرے تو انہوں نے پہلے کی طرح پھر اشارے بازی کی اور میں نے اس کا اثر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے میں دیکھا، تیسری مرتبہ گزرے تو آپ نے وہاں کھڑے ہو کر فرمایا اے گروہ قریش !تم سنتے ہو خبردار ہو جاؤ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں تمہارے پاس ذبح کے ساتھ آیا ہوں

قَالَ: فَأَخَذَتْ القومَ كلمتُه حَتَّى مَا مِنْهُمْ رَجُلٌ إِلَّا كَأَنَّمَا عَلَى رَأْسِهِ طائِرٌ وَاقِعٌ، حَتَّى إِنَّ أَشدَّهم فِيهِ وَصَاةً قَبْلَ ذَلِكَ لَيَرْفَؤُه بِأَحْسَنِ مَا يَجِدُ مِنْ الْقَوْلِ، حَتَّى إِنَّهُ لَيَقُولَ: انصرفْ يَا أَبَا الْقَاسِمِ، فَوَاللَّهِ مَا كنتَ جَهُولًا. قَالَ: فَانْصَرَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى إِذَا كَانَ الغدُ اجْتَمَعُوا فِي الحِجْر وَأَنَا مَعَهُمْ، فَقَالَ بعضُهم لِبَعْضٍ: ذَكَرْتُمْ مَا بَلَغَ مِنْكُمْ، وَمَا بَلَغَكُمْ عَنْهُ، حَتَّى إِذَا بادَاكم بِمَا تَكْرَهُونَ تَرَكْتُمُوهُ. فَبَيْنَمَا هُمْ فِي ذَلِكَ طَلَعَ عَلَيْهِمْ رسولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَثَبُوا إِلَيْهِ وثبةَ رجلٍ وَاحِدٍ، وَأَحَاطُوا بِهِ، يَقُولُونَ: أَنْتَ الَّذِي تَقُولُ كَذَا وَكَذَا؛ لِمَا كَانَ يَقُولُ مِنْ عَيْب آلِهَتِهِمْ وَدِينِهِمْ، فَيَقُولُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:نَعَمْ، أَنَا الَّذِي أَقُولُ ذَلِكَ. قَالَ: فَلَقَدْ رأيتُ رَجُلًا مِنْهُمْ أَخَذَ بمجمَع رِدَائِهِ. قَالَ: فَقَامَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ دُونَهُ، وَهُوَ يَبْكِي وَيَقُولُ: أَتَقْتُلُونَ رَجُلًا أَنْ يَقُولَ رَبِّي اللَّهُ؟

راوی کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس کلام کا ایسا اثر ہوا کہ قریش سکتہ کی حالت میں ہو گئے اور وہ شخص جو ان میں زیادہ گفتگو کر رہا تھا وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نرمی سے باتیں کرنا لگا اے ابو القاسم !اللہ کی قسم! آپ جاہل تو نہیں آپ بخیریت تشریف لے جائیں، چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے، پھر دوسرے روز یہ لوگ حجر اسود کے پاس بیت اللہ میں اکٹھے ہوئے اور میں وہیں پر تھا ان میں سے بعض نے بعض سے کہا تمہارا رویہ ان سے اور اس نے تم کو کیسا ڈانٹا اس کی ایک دھمکی میں تم نے اس کا پیچھا چھوڑ دیا، اسی اثناء میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں تشریف لائے تو آپ کو دیکھتے ہی سب کے سب یکبارگی کود پڑے اور چاروں اطراف سے گھیر لیا اور کہنے لگے تم ہی ایسا اور ایسا کہتے ہو اور ہمارے معبودوں اور ہمارے دین میں عیب جوئی کرتے ہو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں میں یہ سب کہتا ہوں، راوی کہتے ہیں میں نے دیکھا کہ ان میں سے ایک شخص (عقبہ بن ابی معیط) نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو گلے سے پکڑ لیا، سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ آپ کو چھڑانے کے لئے اٹھے اور روتے

ہوئے کہا کیا تم ایک آدمی کو اس لئے قتل کرنا چاہتے ہو کہ وہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے، تب قریش آپ ﷺ کو چھوڑ کر چلے گئے۔ (۱)

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کا بیان ہے کہ مسند ابو یعلی اور مسند البزار میں صحیح سند کے ساتھ انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَقَدْ ضَرَبُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّةً حَتَّى غُشِيَ عَلَيْهِ فَقَامَ أَبُو بَكْرٍ فَجَعَلَ يُنَادِي وَيْلَكُمْ أَتَقْتُلُونَ رجلا ان يقُول رَبِّي الله، فَتَرَكُوهُ وَأَقْبَلُوا عَلَى أَبِي بَكْرٍ

ایک دفعہ مشرکین نے رسول اللہ ﷺ کو اتنا مارا کہ آپ بے ہوش ہو گئے، سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ آئے انہیں لعن طعن کی اور فرمایا تم تباہ و برباد ہو جاؤ! کیا تم ایک شخص کو محض اس لیے قتل کر رہے ہو کہ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے؟ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو تو چھوڑ دیا مگر سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر ٹوٹ پڑے۔ (۲)

عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ، فَأَتَى الصَّرِيخُ إِلَى أَبِي بَكْرٍ، فَقِيلَ: أَدْرِكْ صَاحِبَكَ: فَخَرَجَ مِنْ عِنْدِنَا وعليه غدائر أربع، فخرج وهو يقول: أَتَقْتُلُونَ رَجُلًا أَنْ يَقُولَ: رَبِّي اللهَ؟ فَلَهَوْا عَنْهُ وَأَقْبَلُوا عَلَى أَبِي بَكْرٍ فَرَجَعَ إِلَيْنَالَا نمس شَيْئًا مِنْ غَدَائِرِهِ إِلَّا رجع معنا

اور اسماء بنت ابو بکر رضی اللہ عنہا کی روایت میں یوں ہے سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کے پاس کوئی بلانے والا آیا اور کہنے لگا اپنے دوست کو جا کر چھڑاؤ، چنانچہ سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ فوراً گھر سے نکل بھاگے ان کے بال چار لٹوں میں بٹے ہوئے تھے وہاں پہنچ کر کہنے لگے کیا تم ایک آدمی کو اس لئے قتل کرتے ہو کہ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے؟ یہ سنتے ہی انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو تو چھوڑ دیا اور سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ سے لپٹ گئے، اور ان کو اتنا زدوکوب کیا اور ان کے اس قدر بال کھینچے کہ جب ہم ان کے بالوں کو ہاتھ لگاتی تھیں تو وہ ہمارے ہاتھ میں آجاتے تھے۔ (۳)

عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَأَلْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَمْرٍو، عَنْ أَشَدِّ مَا صَنَعَ الْمُشْرِكُونَ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: رَأَيْتُ عُقْبَةَ بْنَ أَبِي مُعَيْطٍ، جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي،فَوَضَعَ رِدَاءَهُ فِي عُنُقِهِ فَخَنَقَهُ بِهِ خَنْقًا شَدِيدًا، فَجَاءَ أَبُو بَكْرٍ حَتَّى دَفَعَهُ عَنْهُ، فَقَالَ: {أَتَقْتُلُونَ رَجُلًا أَنْ يَقُولَ رَبِّيَ اللَّهُ وَقَدْ جَاءَكُمْ بِالْبَيِّنَاتِ مِنْ رَبِّكُمْ} (۴)

عروہ رضی اللہ عنہ بن زبیر سے مروی ہے میں نے ایک مرتبہ عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ کو قریش کی طرف سے سب سے سخت تکلیف کونسی پہنچی ہے؟ وہ بولے ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ حطیم میں نماز پڑھ رہے تھے کہ عقبہ بن ابی معیط نے آپ ﷺ کی گردن

---

(۱) سیرة ابن اسحاق۲۲۹/۱،ابن ہشام۲۸۹/۱، الروض الانف۵۴/۳،دلائل النبوة للبیہقی ۲۷۵/۲، السیرة الحلبیة۴۱۷/۱،خاتم النبیین ﷺ ۳۵۷/۱، سبل السلام من صحیح سیرة خیرالانام علیہ الصلاة۱۰۵/۱، السیرة النبویة لابن کثیر۴۷۱/۱

(۲) فتح الباری ۱۶۹/۷

(۳) امتاع الاسماع۳۷۷/۱،السیرة الحلبیة۴۱۷/۱،الرحیق المختوم۸۳/۱

(۴) غافر : ۲۸

مبارک میں کپڑا ڈال کر اس زور سے گلا گھونٹا کہ اگر بروقت امداد نہ ملتی تو آپ کی زندگی خطرے میں پڑ جاتی، سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اور عقبہ کو کندھوں سے پکڑ کر پیچھے کھینچا اور کہا'' کیا تم ایک آدمی کو اس لئے قتل کرتے ہو جو کہتا ہے میرا رب اللہ ہے اور وہ تمہارے رب کے پاس سے اپنی سچائی کے لئے روشن دلائل بھی ساتھ لایا ہے۔''[1]

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي عِنْدَ البَيْتِ، وَأَبُو جَهْلٍ وَأَصْحَابٌ لَهُ جُلُوسٌ، إِذْ قَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: أَيُّكُمْ يَجِيءُ بِسَلَى جَزُورِ بَنِي فُلاَنٍ، فَيَضَعُهُ عَلَى ظَهْرِ مُحَمَّدٍ إِذَا سَجَدَ؟ فَانْبَعَثَ أَشْقَى القَوْمِ فَجَاءَ بِهِ، فَنَظَرَ حَتَّى سَجَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَضَعَهُ عَلَى ظَهْرِهِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، وَأَنَا أَنْظُرُ لاَ أُغْنِي شَيْئًا، لَوْ كَانَ لِي مَنَعَةٌ، قَالَ: فَجَعَلُوا يَضْحَكُونَ وَيُحِيلُ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک دفعہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ میں نماز پڑھ رہے تھے اور ابوجہل کفار کی ایک جماعت میں بیٹھا ہوا تھا ان میں سے ایک نے کہا کیا تم اس ریاکار کو دیکھتے نہیں؟ کیسے دکھاوے کی نماز پڑھ رہا ہے، کوئی ہے جو آل فلاں کے گھر جائے اور خون میں لت پت اونٹ کی اوجھڑی اور اس کی جیر اٹھا لائے اور جب یہ سجدہ میں جائے تو اس کے کندھوں کے درمیان رکھ دے؟ قریش کا ایک بدبخت انسان اٹھا اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا تو اس نے آپ کے صلی اللہ علیہ وسلم کے کندھوں کے درمیان رکھ دیا اور مشرکین ہنسنے لگے، اور ہنستے ہنستے ایک دوسرے پر گرنے لگے

وَأَنَا قَائِمٌ أَنْظُرُ،لَوْ كَانَتْ لِي مَنَعَةٌ طَرَحْتُهُ عَنْ ظَهْرِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدٌ لاَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ، حَتَّى جَاءَتْهُ فَاطِمَةُ، فَطَرَحَتْ عَنْ ظَهْرِهِ، فَرَفَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهُ، ثُمَّ أَقْبَلَتْ عَلَيْهِمْ تَشْتِمُهُمْ،ثُمَّ قَالَ:اللَّهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ. ثَلاَثَ مَرَّاتٍ، فَشَقَّ عَلَيْهِمْ إِذْ دَعَا عَلَيْهِمْ، قَالَ: وَكَانُوا يَرَوْنَ أَنَّ الدَّعْوَةَ فِي ذَلِكَ البَلَدِ مُسْتَجَابَةٌ، ثُمَّ سَمَّى :اللَّهُمَّ عَلَيْكَ بِأَبِي جَهْلٍ، وَعَلَيْكَ بِعُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، وَشَيْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، وَالوَلِيدِ بْنِ عُتْبَةَ، وَأُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ، وَعُقْبَةَ بْنِ أَبِي مُعَيْطٍ

میں کھڑا کھڑا یہ سب کچھ دیکھ رہا تھا لیکن بے بس تھا کاش مجھ میں طاقت ہوتی اور میں اس کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کندھوں سے اتار پھینکتا، کسی نے جا کر فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حادثہ کی خبر دی، وہ دوڑتی ہوئی آئیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بدستور سجدے میں تھے، بوجھ کی وجہ سے سر نہیں اٹھا سکتے تھے، فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اس گندگی کو آپ کی پیٹھ مبارک سے اتار پھینکا، پھر ان کو برا بھلا کہنے لگیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز سے فارغ ہو کر دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے اور بلند آواز سے ان کے حق میں یوں بددعا کی، آپ کا معمول تھا کہ دعا کرتے تو تین دفعہ دعا کرتے اور جب سوال کرتے تو تین مرتبہ سوال کرتے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا الٰہی! قریش کو پکڑ لے، الٰہی! عمرو بن ہشام، عتبہ بن ربیعہ، ولید بن عتبہ، امیہ بن خلف، عقبہ بن ابی معیط اور عمارہ بن ولید کو پکڑ لے،

فَوَالَّذِي بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالحَقِّ،لَقَدْ رَأَيْتُ الَّذِينَ سَمَّى صَرْعَى يَوْمَ بَدْرٍ، ثُمَّ سُحِبُوا إِلَى القَلِيبِ

[1] صحيح بخارى كتاب أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا۳۶۷۸، وكتاب تفسير القرآن باب سُورَةُ المُؤْمِنِ ۴۸۱۵

قَلِيبِ بَدْرٍ
عبد اللہ کہتے ہیں اللہ کی قسم جس نے محمد ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا میں نے غزوہ بدر میں ان سب کو قتل ہوئے پڑے دیکھا ہے، سخت دھوپ کی وجہ سے ان کے رنگ سیاہ پڑ گئے تھے، پھر انہیں گھسیٹ کر بدر کے کنوئیں میں ڈالا گیا۔[1]
خط کشیدہ الفاظ صحیح مسلم میں ہیں۔

وَطْءُ عُقْبَةَ بْنِ أَبِي مُعَيْطٍ عَلَى رَقَبَتِهِ وَهُوَ سَاجِدٌ عِنْدَ الْكَعْبَةِ حَتّى كَادَتْ عَيْنَاهُ تَبْرُزَانِ
ایک دن جب آپ ﷺ سجدے کی حالت میں تھے عقبہ بن ابی معیط نے جو آپ کا ہمسایہ تھا آپ ﷺ کی گردن مبارک پر اپنا پاؤں رکھ دیا اور اس زور سے دبایا کہ آپ ﷺ کی آنکھیں مبارک باہر نکل آئیں۔[2]

عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ:لَمَّا نَثَرَ ذَلِكَ السَّفِيهُ عَلَى رَأْسِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَلِكَ التُّرَابَ ، دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَهُ وَالتُّرَابُ عَلَى رَأْسِهِ، فَقَامَتْ إلَيْهِ إحْدَى بَنَاتِهِ، فَجَعَلَتْ تَغْسِلُ عَنْهُ التُّرَابَ وَهِيَ تَبْكِي وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَهَا:لَا تَبْكِي يَا بُنَيَّةِ، فَإِنَّ اللَّهَ مَانِعٌ أَبَاكَ،وَيَقُولُ بَيْنَ ذَلِكَ: مَا نَالَتْ مِنِّي قُرَيْشٌ شَيْئًا أَكْرَهُهُ، حَتَّى مَاتَ أَبُو طَالِبٍ
عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ایک مرتبہ قریش کے ایک بد بخت شخص نے سامنے آ کر آپ کے سر مبارک پر مٹی ڈال دی، رسول اللہ ﷺ اسی حالت میں کہ سر پر مٹی پڑی تھی گھر تشریف لائے، آپ ﷺ کی ایک لڑکی نے اٹھ کر مٹی دھوئی اور سر دھوتے ہوئے اس تحقیر پر روتی جا رہی تھی جبکہ رسول اللہ ﷺ انہیں تسلی وتشفی دیتے ہوئے فرماتے جا رہے تھے بیٹی! رو ؤ نہیں اللہ تعالیٰ تمہارے باپ کی حفاظت فرمائے گا، آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا قریش نے میرے ساتھ کوئی ایسی بدسلوکی نہ کی جو مجھے ناگوار گزری ہو یہاں تک کہ ابوطالب کا انتقال ہوگیا۔[3]
مشرکین آپ ﷺ کے دروازے پر خون اور خون سے لت پت اوجھڑی ڈال دیتے تھے، بعض لوگ نماز کی حالت میں آپ ﷺ پر بکری کے بچہ دانی پھینک دیتے تھے، بعض لوگ جب آپ کی ہانڈی وغیرہ پکنے کے لئے چولہے پر ہوتی تو اس میں ڈال دیتے، کیونکہ یہ سارا سال ہی مصائب وآلام میں کٹا تھا اس لئے اس سال کا نام ہی عام الحزن یعنی غم کا سال رکھ دیا گیا اور اسی نام سے یہ سال مشہور ہوگیا۔
رسول اللہ ﷺ کے علاوہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بھی ظلم وستم کا نشانہ بنایا جاتا تھا

الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، قَالَ: لَقِيَهُ سَفِيهٌ مِنْ سُفَهَاءِ قُرَيْشٍ، وَهُوَ عَامِدٌ إلَى الْكَعْبَةِ، فَحَثَا عَلَى رَأْسِهِ تُرَابًا. قَالَ: فَمَرَّ بِأَبِي بَكْرٍ الْوَلِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، أَوْ الْعَاصُ بْنُ وَائِلٍ. قَالَ: فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: أَلَا تَرَى إلَى مَا يَصْنَعُ هَذَا السَّفِيهُ؟ قَالَ: أَنْتَ فعلت

[1] صحیح بخاری کتاب المغازی بَابُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى كُفَّارِ قُرَيْشٍ شَيْبَةَ، وَعُتْبَةَ، وَالوَلِيدِ، وَأَبِي جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ، وَهَلاَكِهِمْ۳۹۶۰،وکتاب الوضوباب اذاالقی علی ظهر المصلی ۲۴۰،صحیح مسلم کتاب الجهاد بَابُ مَا لَقِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَذَى الْمُشْرِكِينَ وَالْمُنَافِقِينَ۴۶۴۹

[2] الروض الانف ۳؍۵۳

[3] ابن ہشام۴۱۶؍۱، الروض الانف۱۶؍۴، عیون الآثر۱۵۱؍۱

ذَلِكَ بِنَفْسِكَ. قَالَ: وَهُوَ يَقُولُ: أَيْ رَبِّ، مَا أَحْلَمَكَ! أَيْ رَبِّ، مَا أَحْلَمَكَ! أَيْ رب، ما أحلمك!

قاسم بن محمد سے روایت ہے ایک مرتبہ سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ خانہ کعبہ کی طرف جارہے تھے کہ راستے میں قریش کے ایک احمق نے ان کے سر پر مٹی ڈال دی، اس وقت ولید بن مغیرہ اور عاص بن وائل بھی بازار میں گزر رہے تھے، سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا آپ دیکھتے نہیں اس بیوقوف نے کیا کیا ہے؟ وہ بولے اس نے کچھ نہیں کیا ہے یہ سب کچھ اپنے ساتھ تم نے خود کیا ہے، سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ بولے الٰہی! تو کتنا حوصلے والا ہے، الٰہی تو کتنا حوصلے والا ہے، الٰہی تو کتنا حوصلے والا ہے۔[1]

عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ:أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَهُ فِي ظِلِّ الْكَعْبَةِ وَقَدْ لَقِينَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ شِدَّةً شَدِيدَةً ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلَا تَدْعُو اللَّهَ لَنَا؟فَقَعَدَ وَهُوَ مُحْمَرٌّ وَجْهُهُ فَقَالَ:إِنْ كَانَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ لَيُمْشَطُ أَحَدُهُمْ بِأَمْشَاطِ الْحَدِيدِ مَا دُونَ عَظْمِهِ مِنْ لَحْمٍ أَوْ عَصَبٍ مَا يَصْرِفُهُ ذَلِكَ عَنْ دِينِهِ، وَيُوضَعُ الْمِنْشَارُ عَلَى مَفْرِقِ رَأْسِهِ فَيُشَقُّ بِاثْنَيْنِ مَا يَصْرِفُهُ ذَلِكَ عَنْ دِينِهِ، وَلَيُتِمَّنَّ اللَّهُ هَذَا الْأَمْرَ حَتَّى يَسِيرَ الرَّاكِبُ مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ إِلَى حَضْرَمَوْتَ، لَا يَخْشَى إِلَّا اللَّهَ وَالذِّئْبَ عَلَى غَنَمِهِ،وَلَكِنَّكُمْ تَسْتَعْجِلُونَ

خباب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آپ خانہ کعبہ کے سائے میں اپنی چادر پر سر رکھ کر لیٹے ہوئے تھے اور ہمیں کفار کی طرف سے بڑی تکالیف پہنچی تھی، میں نے کہا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا نہیں کرتے؟ آپ اٹھ کر بیٹھ گئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ انور غصہ سے سرخ ہو گیا اور فرمایا تم سے پہلے لوگوں کے بدن پر لوہے کی کنگھیاں چلائی جاتی تھیں اور گوشت پوست اتار کر ہڈیاں ننگی کر دی جاتی تھیں مگر اس قسم کا انتہائی ظلم بھی ان کو راہ حق سے برگشتہ نہیں کر سکتا تھا، ان کے سروں پر آرا رکھ کر دو ٹکڑوں میں چیر دیا جاتا تھا مگر اس قسم کا انتہائی ظلم بھی ان کو راہ حق سے برگشتہ نہیں کر سکتا تھا، اللہ کی قسم! یہ دین پورا ہو کر رہے گا اور ایک وقت آئے گا کہ ایک آدمی صنعاء سے حضرموت تک چلے گا اور اس کو راستے میں اللہ کے ڈر یا اپنی بکریوں پر بھیڑیئے کے ڈر کے سوا کوئی ڈر نہیں ہو گا مگر تم لوگ جلدی کرتے ہو۔[2]

ام المومنین سودہ رضی اللہ عنہا بنت زمعہ سے شادی

سودہ رضی اللہ عنہا بنت زمعہ جو لمبے قد اور بھاری جسم کی عورت تھیں، اس وجہ سے تیزی کے ساتھ چل پھر نہیں سکتی تھیں،

إنما كانت سودة زوجا لرجل من السابقين إلى الإسلام الذين احتملوا في سبيله الأذى والذين هاجروا إلى الحبشة بعد أن أمرهم النبيّ بالهجرة وراء البحر إليها

وہ اور ان کے شوہر سکران بن عمرو دعوت اسلام کے ابتدائی دور میں ہی مسلمان ہو گئے تھے، قریش کے ظلم وستم سے مجبور ہو کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

---

[1] ابن ہشام۳۷۴؍۱،الروض الانف۲۱۴؍۳،سبل الهدى والرشادفی سيرة خيرالعباد۴۱۱؍۲،السيرة الحلبية ۴۲۷؍۱،السيرة النبوة لابن كثير۶۶؍۲

[2] صحیح بخاری كِتَابُ المَنَاقِبِ بَابُ عَلاَمَاتِ النُّبُوَّةِ فِي الإِسْلاَمِ۳۶۱۲، مسند احمد ۲۱۰۵۷، صحیح ابن حبان۲۸۹۷،المعجم الكبيرللطبرانی ۳۶۴۰،شعب الايمان۱۵۱۷،مسندالحميدی ۱۵۷

کی اجازت سے اپنے دین کی حفاظت کے لئے دوسری ہجرت حبشہ میں دونوں میاں بیوی نے وطن کو خیر آباد کہہ دیا تھا۔ [۱]

وَالسَّكْرَانُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ، مَعَهُ امْرَأَتُهُ سَوْدَةُ بِنْتُ زَمْعَةَ بْنِ قَيْسٍ، مَاتَ بِمَكَّةَ قَبْلَ هِجْرَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اورسکران بن عمرو بن عبد شمس نے اپنی زوجہ سودہ بنت زمعہ بن قیس کے ساتھ حبشہ ہجرت کی، سکران کا رسول اللہ ﷺ کی ہجرت مدینہ منورہ سے قبل مکہ مکرمہ انتقال ہو گیا۔ [۲]

ایک روایت میں ہے حبشہ سے واپس آ کر ان کا شوہر جنگ جلولا میں شہادت پا چکا تھا،

مگر موسیٰ بن عقبہ، ابومعشر اور زبیر کا قول ہے کہ انہوں نے حبشہ میں وفات پائی،

السكران بْن عمرو بْن عبد شمس ابن عبد ود بْن نصر بْن مالك بْن حسل بْن عامر بْن لؤي أخو سهيل بْن عمرو، وهو من مهاجرة الحبشة، هاجر إليها ومعه امرأته سودة بنت زمعة، وتوفي هناك

سکران بن عمرو بن عبد شمس ابن ود ود نے اپنی اہلیہ سودہ بنت زمعہ کے ساتھ حبشہ کی طرف ہجرت کی اور وہیں حبشہ میں ہی وفات پائی۔ [۳]

رسول اللہ ﷺ کے گھر بار اور بال بچوں کا انتظام سب ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کی ذمہ داری تھی، اس کے علاوہ وہ ہر مشکل وقت میں آپ ﷺ کی غم خواری اور غم گساری کیا کرتی تھیں اس لئے ان کے انتقال کے بعد رسول اللہ ﷺ نہایت پریشان و غمگین تھے،

جَاءَتْ خَوْلَةُ بِنْتُ حَكِيمِ بْنِ الأَوْقَصِ السُّلَمِيَّةُ امْرَأَةُ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ إِلَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقالت: يَا رَسُولَ اللَّهِ كَأَنِّي أَرَاكَ قَدْ دَخَلَتْكَ خَلَّةٌ لِفَقْدِ خَدِيجَةَ، فَقَالَ: أَجَلْ. كَانَتْ أُمَّ العِيَالِ وَرَبَّةَ الْبَيْتِ، قَالَتْ: أَفَلا أَخْطِبُ عَلَيْكَ؟قَالَ: بَلَى فَإِنَّكُنَّ مَعْشَرَ النِّسَاءِ أَرْفَقُ بِذَلِكَ، ثُمَّ انْطَلَقْتُ إِلَى سَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ وَأَبُوهَا شَيْخٌ كَبِيرٌ، قَدْ جَلَسَ عَنِ الْمَوْسِمِ،قَالَتْ: فَحَيَّيْتُهُ بِتَحِيَّةِ أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ، وَقُلْتُ: أَنْعِمْ صَبَاحًا قَالَ: مَنْ أَنْتِ، قَالَتْ: قُلْتُ خَوْلَةُ بِنْتُ حَكِيمٍ

یہ حالت دیکھ کر عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی بیوی خولہ رضی اللہ عنہا بنت حکیم نے خدمت میں عرض کیا کیا آپ کو کسی مونس و رفیق کی ضرورت ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں، وہ میرے بچوں کی ماں اور گھر کی رکھوالی کرنے والی تھیں، انہوں نے عرض کیا کہ کیا میں آپ کی طرف سے کسی کو پیغام نکاح دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کیوں نہیں ضرور تم عورتیں اس معاملہ کو زیادہ سمجھتی ہو، چنانچہ رسول اللہ ﷺ سے اجازت حاصل کر کے وہ سودہ رضی اللہ عنہا بنت زمعہ کے گھر گئیں اور ان کے والد بہت بوڑھے ہو چکے تھے، جب وہ ان کے گھر میں داخل ہوئیں تو انہیں جاہلیت کے طریقہ پر سلام کیا صبح بخیر، انہوں نے کہا تم کون ہو؟ میں نے جواب دیا میں خولہ بنت حکیم ہوں،

قَالَتْ: فَرَحَّبَ بِي وَقَالَ: مَا شَاءَ اللهُ أَنْ يَقُولَ، قَالَتْ قُلْتُ محمد بن عبد الله بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَذْكُرُ سَوْدَةَ بِنْتَ

[۱] حياة محمد صلى الله عليه وسلم ۱/۲۰۵

[۲] ابن ہشام ۱/۳۶۸

[۳] اسد الغابة ۲/۵۰۴

زَمْعَةَ، قَالَ: كُفُؤٌ كَرِيمٌ مَاذَا تَقُولُ صَاحِبَتُكِ قَالَتْ: قُلْتُ تُحِبُّ ذَاكَ قَالَ: قُولِي لَهُ فَلْيَأْتِ ، قَالَتْ: فَجَاءَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى الله عليه وآله وَسَلَّمَ، فَمَلَكَهَا وَأَصْدَقَهَا رَسُولُ الله صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَربع مائَة دِرْهَمٍ

یہ سن کر وہ خوش ہوئے اور پوچھا کیسے آنا ہوا؟ انہوں نے فرمایا محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب نے سودہ بنت زمعہ کے لیے نکاح کا پیغام بھیجا ہے، انہوں نے جواب دیا ہاں محمد شریف کفو ہیں لیکن سودہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کرلو، سودہ رضی اللہ عنہا نے یہ پیغام قبول کرلیا الغرض تمام معاملات طے پاگئے، جب سودہ رضی اللہ عنہا کی عدت ختم ہوئی تو رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ ان کے گھر تشریف لے گئے، سودہ رضی اللہ عنہا کے والد نے انہیں آپ کے نکاح میں دے دیا اور رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ نے چار سو درہم مہر ادا فرمایا

قَالَتْ وَقَدِمَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ فَجَعَلَ يَحْثِي عَلَى رَأْسِهِ التُّرَابَ، وَقَالَ بَعْدَ أَنْ أَسْلَمَ: لَعَمْرُكَ إِنِّي لَسَفِيهٌ يَوْمَ أَحْثِي عَلَى رَأْسِي التُّرَابَ أَنْ تَزَوَّجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى الله عليه وآله وَسَلَّمَ سَوْدَةَ بِنْتَ زَمْعَةَ

نکاح کے بعد سودہ رضی اللہ عنہا کے بھائی عبد اللہ بن زمعہ جو ابھی ایمان نہیں لائے تھے کو جب نکاح کا علم ہوا تو سر پر خاک ڈال لی مگر اسلام قبول کرنے کے بعد اپنی اس حماقت پر افسوس کرتے رہے۔[1]

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:كَانَتْ سَوْدَةُ بِنْتُ زَمْعَةَ عِنْدَ السَّكْرَانِ بْنِ عَمْرٍو أَخِي سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو فَرَأَتْ فِي الْمَنَامِ كَأَنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عليه وسلم أقبل يمشي حتى وطيء عَلَى عُنُقِهَا، فَأَخْبَرَتْ زَوْجَهَا بِذَلِكَ،فَقَالَ: وَأَبِيكَ لَئِنْ صَدَقَتْ رُؤْيَاكِ لَأَمُوتَنَّ وَلَيَتَزَوَّجَنَّكِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ،

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ سے نکاح سے قبل سودہ رضی اللہ عنہا سکران رضی اللہ عنہ بن عمرو کے نکاح میں تھیں جو سہیل بن عمرو کے بھائی تھے تو انہوں نے ایک خواب دیکھا کہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ سامنے سے تشریف لارہے ہیں اور آ کر ان کی گردن کو چھوا ہے، یہ خواب انہوں نے اپنے خاوند سے بیان کیا تو انہوں نے فرمایا اگر تمہارا یہ خواب سچا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ میرا انتقال ہوجائے گا اور تمہارا نکاح رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ سے ہوگا،

ثُمَّ رَأَتْ فِي الْمَنَامِ لَيْلَةً أُخْرَى أَنَّ قَمَرًا انْقَضَّ عَلَيْهَا مِنَ السَّمَاءِ وَهِيَ مُضْطَجِعَةٌ، فَأَخْبَرَتْ زَوْجَهافَقَالَ:وَأَبِيكِ لَئِنْ صَدَقَتْ رُؤْيَاكِ لَمْ أَلْبَثْ إِلا يسيرا حتى أموت وتزوجين مِنْ بَعْدِي، فَاشْتَكَى السَّكْرَانُ مِنْ يَوْمِهِ ذَلِكَ فَلَمْ يَلْبَثْ إِلا قَلِيلا حَتَّى مَاتَ، وَتَزَوَّجَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اسی طرح ایک مرتبہ پھر خواب میں دیکھا کہ وہ سوئی ہوئی ہیں اور چاند ان کے اوپر ٹوٹ کر گرا ہے، یہ خواب بھی انہوں نے اپنے شوہر کو بتایا انہوں نے کہا کہ اگر تمہارا خواب سچا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ میں عنقریب انتقال کرجاؤں گا، چنانچہ اسی روز سکران بیمار ہوئے اور کچھ دن بعد ان کا انتقال ہوگیا اور پھر سودہ بنت زمعہ کی شادی رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ سے ہوگئی۔[2]

فَكَانَتْ أَوَّلَ امْرَأَةٍ تَزَوَّجَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ خَدِيجَةَ

---

[1] دلائل النبوة للبیہقی۴۱۱؍۲،مسنداحمد۲۵۷۶۹،المعجم الکبیرللطبرانی۴۴۵،مجمع الزوائد ومنبع الفوائد۱۵۷۸۶

[2] ابن سعد۴۵؍۸

ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بعد سب سے پہلا نکاح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انہی سے ہوا۔ (۱)

أَطْعَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَوْدَةَ بِنْتَ زَمْعَةَ بِخَيْبَرَ ثَمَانِينَ وَسْقًا تَمْرًا وَعِشْرِينَ وَسْقًا شَعِيرًا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ام المومنین سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا کو خیبر کے مال غنیمت میں سے اسی وسق کھجوریں اور بیس وسق جو یا گندم دیئے۔ (۲)

أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ:قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . حِينَ رَجَعَ مِنْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ: هَذِهِ فِي ظُهُورَ الْحُصْرِ] . قَالَ صَالِحٌ: وَكَانَتْ سَوْدَةُ تَقُولُ لا أَحُجُّ بعدها أبدا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے حجۃ الوداع سے واپسی پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ حج ظہور حضر ہے یعنی اس حج کے بعد میری ازواج مطہرات اپنے گھروں کو لازم پکڑیں اور سفر اختیار نہ کریں، اسی بنا پر ام المومنین سودہ رضی اللہ عنہا فرمایا کرتی تھیں کہ میں اس کے بعد اب کوئی حج نہیں کروں گی۔

عَنْ ابْنِ سِيرِينَ قَالَ: قَالَتْ سَوْدَةُ حَجَجْتُ وَاعْتَمَرْتُ فَأَنَا أَقَرُّ فِي بَيْتِي كَمَا أَمَرَنِي اللَّهُ. عَزَّ وَجَلَّ

ابن سیرین کہتے ہیں ام المومنین سودہ رضی اللہ عنہا نے فرماتی تھیں کہ میں نے حج اور عمرہ کر لیا ہے لہذا اب میں اپنے گھر پر ہی رہوں گی جیسا کہ اللہ عزوجل کا حکم ہے۔ (۳)

أَنَّ سَوْدَةَ بِنْتَ زُمْعَةَ وَهَبَتْ يَوْمَهَا لِعَائِشَةَ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ تَعَالَى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ لِعَائِشَةَ بِيَوْمِهَا ويوم سودة

جب ام المومنین سودہ رضی اللہ عنہا بہت بوڑھی ہوگئیں تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا کی خاطر اپنی باری کا دن ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو ہبہ کر دیا اس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے ہاں دو دن گزارتے تھے ایک دن عائشہ رضی اللہ عنہا کا اور ایک دن سودہ رضی اللہ عنہا کا۔ (۴)

ام المومنین سودہ رضی اللہ عنہا کا جود وسخا اور رفیاضی میں ایک خاص مقام تھا، ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے علاوہ وہ اس وصف میں سب سے ممتاز تھیں، انہیں درہم و دینار کوئی کوئی محبت نہ تھی جو کچھ آتا تھا اس کو اللہ کی راہ میں خرچ کر دیتی تھیں،

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عمر أن عمر بن الْخَطَّابِ بَعَثَ إِلَى سَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ بِغَرَارَةٍ من دراهم فقالت: مَا هَذِهِ؟قَالُوا: دَرَاهِمُ. قَالَتْ: فِي الْغِرَارَةِ مغل التَّمْرِ. يَا جَارِيَةُ بَلِّغِينِي الْقِنْعَ. قَالَ: فَفَرَقَتْهَا.

محمد بن عمر سے روایت ہے ایک مرتبہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب نے آپ کی خدمت میں درہموں سے بھری ہوئی ایک تھیلی بھیجی، لانے والے سے پوچھا اس میں کیا ہے؟ انہوں نے کہا درہم، فرمانے لگیں کھجور کی طرح درہم بھی اب تھیلی میں بھیجے جانے لگے؟ پھر اپنی باندی سے

---

(۱) ابن سعد ۸/۴۲، اسد الغابۃ ۷/۱۵۷

(۲) ابن سعد ۸/۴۵

(۳) ابن سعد ۸/۴۶

(۴) الانوار فی شمائل النبی المختار ۱/۶۷۲

فرمایا کہ تھال لے کر آؤ اور پھر وہ سارے کے سارے درہم اللہ کی راہ میں تقسیم کر دیے۔ (۱)

ام المومنین سودہ رضی اللہ عنہا کی طبیعت میں ظرافت و مزاح کا عنصر بھی تھا کبھی کبھی اس انداز سے چلتیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہنس پڑتے،

الأَعْمَشُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: قَالَتْ سَوْدَةُ لِرَسُولِ الله. ص: صَلَّيْتُ خَلْفَكَ الْبَارِحَةَ فَرَكَعْتَ بِي حَتَّى أَمْسَكْتُ بِأَنْفِي مَخَافَةَ أَنْ يَقْطُرَ الدَّمُ، قَالَ: فَضَحِكَ. وَكَانَتْ تُضْحِكُهُ الأَحْيَانَ بِالشَّيْءِ

اعمش ابراہیم سے نقل کرتے ہیں ام المومنین سودہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ گزشتہ رات میں نے آپ کے پیچھے نماز پڑھی ،جب آپ نے اس قدر دیر تک رکوع کیا کہ مجھے نکسیر پھوٹنے کا شبہ ہو گیا اس لیے میں دیر تک اپنی ناک پکڑے رہی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی بات سن کر مسکرا دیئے۔ (۲)

تُوُفِّيَتْ سَوْدَةُ بِنْتُ زَمْعَةَ بِالْمَدِينَةِ فِي شَوَّالٍ سَنَةَ أَرْبَعٍ وَخَمْسِينَ فِي خِلافَةِ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ

ام المومنین سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا کی وفات مدینہ منورہ میں شوال ۵۴ ہجری میں امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہما کے عہد خلافت میں ہوئی۔ (۳)

طائف کا سفر

مشرکین مکہ دعوت اسلام کو سننے اور قبول کرنا تو کجا ان کی چیرہ دستیاں بڑھتی جا رہی تھیں، جس سے نہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم محفوظ تھے اور نہ ہی کوئی مسلمان، چنانچہ

خرج إلى الطائف بعد ذلك بثلاثة أشهر وثمانية أيام

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات کے تین ماہ آٹھ دن بعد طائف روانہ ہوئے (۴)

خرج إلى الطائف بعد موت خديجة بثلاثة أشهر في ليال بقين من شوّال سنة عشر ومعه زيد بن حارثة

اور مغلطائی کے نزدیک ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات کے پورے تین ماہ بعد طائف روانہ ہوئے، ابھی شوال دس نبوی کے چند دن باقی تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ زید رضی اللہ عنہ بن حارثہ تھے۔ (۵)

فَخَرَجَ إِلَى الطَّائِفِ وَمَعَهُ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ. وَذَلِكَ فِي لَيَالٍ بَقِينَ مِنْ شَوَّالٍ سَنَةَ عَشْرٍ مِنْ حِينَ نُبِّئَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زید رضی اللہ عنہ بن حارثہ کے ہمراہ طائف روانہ ہوئے ابھی شوال دس نبوی کے چند دن باقی تھے۔ (۶)

---

(۱) ابن سعد۸؍۴۵، الإصابة في تمييز الصحابة۸؍۱۹۷،سیراعلام النبلاء۳؍۵۰۹

(۲) ابن سعد۸؍۴۴،الإصابة في تمييز الصحابة۸؍۱۹۷

(۳) ابن سعد۸؍۴۶

(۴) المحبر۱؍۱۱

(۵) الإشارة إلى سيرة المصطفى وتاريخ من بعده من الخلفا۱؍۱۳۳

(۶) ابن سعد۱؍۱۶۵

فخرج ومعه زيد بن حارثة إلى الطائف في شوال سنة عشر من النبوة يلتمس من ثقيف النصر لأنهم كانوا أخواله

یہ دیکھ کر آپ ﷺ ستائیس شوال دس بعثت نبوی (جنوری، فروری ۶۲۰ ء) کو آزاد کردہ غلام ہمراہ پاپیادہ غزوان پہاڑ پر آباد شہر طائف روانہ ہوئے جو عزیٰ بت کی قدیم عبادت گاہ تھی، یہ شہر مکہ سے جنوب مشرقی سمت ۶۵ میل کے فاصلہ پر واقع ہے اور اپنی سرسبزی وشادابی، عمدہ چراگاہ اور اپنے پھلوں خاص کر انگور، آلو بخارا، انار اور آڑو کی اعلیٰ اقسام وکثرت پیداوار کی وجہ سے مشہور ہے تاکہ قبیلہ ثقیف کو دعوت اسلام دیں اور ان سے مدد حاصل کر سکیں کیونکہ وہ رشتے میں آپ کے ماموں تھے، راستہ میں جس قبیلہ سے گزر ہوتا اسے دعوت اسلام پیش کرتے چلے گئے مگر کسی کو یہ دعوت قبول کرنے کی توفیق نہ ہوئی۔

لَمَّا انْتَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إلَى الطَّائِفِ، عَمَدَ إلَى نَفَرٍ مِنْ ثَقِيفٍ، هُمْ يَوْمَئِذٍ سَادَةُ ثَقِيفٍ وَأَشْرَافُهُمْ، وَهُمْ إخْوَةٌ ثَلَاثَةٌ: عَبْدُ يَالَيْلَ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُمَيْرٍ، وَمَسْعُودُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُمَيْرٍ، وَحَبِيبُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُمَيْرِ بْنِ عَوْفِ بْنِ عُقْدَةَ بْنِ غِيرَةَ بْنِ عَوْفِ بْنِ ثَقِيفٍ، وَعِنْدَ أَحَدِهِمْ امْرَأَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ مِنْ بَنِي جُمَحٍ، فَجَلَسَ إلَيْهِمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَاهُمْ إلَى اللَّهِ، وَكَلَّمَهُمْ بِمَا جَاءَهُمْ لَهُ مِنْ نُصْرَتِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ، وَالْقِيَامِ مَعَهُ عَلَى مَنْ خَالَفَهُ مِنْ قَوْمِهِ فَقَالَ لَهُ أَحَدُهُمْ:هُوَ يَمْرُطُ ثِيَابَ الْكَعْبَةِ إنْ كَانَ اللَّهُ أَرْسَلَكَ

جب آپ ﷺ طائف پہنچے تو آپ ﷺ ثقیف کے عمر بن عمیر ثقفی کے تین بیٹوں اور وہاں کے سرداروں عبد یالیل، مسعود اور حبیب کی مجلس میں تشریف لے گئے اور ان میں سے ایک کے پاس بنی جمح کے قبیلہ سے قریش کی ایک عورت بیٹھی ہوئی تھی آپ ﷺ نے انہیں دعوت اسلام پیش کی اور انہیں اسلام کی تائید وحمایت سے متعلق بات چیت کی اور مخالف قوم کے مقابلہ میں شانہ بشانہ میرا ساتھ دو، دونوں عمرو ڈرے ہوئے تھے اور عدم تحفظ کا شکار تھے اس لیے انہوں نے بھی اس پاکیزہ دعوت کو سننے سے سختی سے انکار کر دیا اور استہزاو تمسخر کے لہجے میں یہ الفاظ کہے، ایک بھائی نے کہا کیا اللہ نے کعبہ کا پردہ چاک کرنے کے لئے تجھے نبی بنا کر بھیجا ہے؟

وَقَالَ الْآخَرُ: أَمَا وَجَدَ اللَّهُ أَحَدًا يُرْسِلُهُ غَيْرَكَ! وَقَالَ الثَّالِثُ: وَاَللَّهِ لَا أُكَلِّمُكَ أَبَدًا. لَئِنْ كُنْتَ رَسُولًا مِنْ اللَّهِ كَمَا تَقُولُ، لَأَنْتَ أَعْظَمُ خَطَرًا مِنْ أَنْ أَرُدَّ عَلَيْكَ الْكَلَامَ، وَلَئِنْ كُنْتَ تَكْذِبُ عَلَى اللَّهِ، مَا يَنْبَغِي لِي أَنْ أُكَلِّمَكَ. فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِمْ وَقَدْ يئس من خبر ثَقِيفٍ، وَقَدْ قَالَ لَهُمْ فِيمَا ذُكِرَ لِي: إذَا فَعَلْتُمْ مَا فَعَلْتُمْ فَاكْتُمُوا عَنِّي،وَكَرِهَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَبْلُغَ قَوْمَهُ عَنْهُ، فَيُذْئِرُهُمْ ذَلِكَ عَلَيْهِ

دوسرے بھائی نے کہا کیا اللہ کو اپنی پیغمبری کے لئے تمہارے سوا اور کوئی نہیں ملا؟ تیسرے بھائی نے کہا اللہ کی قسم میں تجھ سے کلام ہی نہیں کروں گا، اگر واقعی اللہ نے تجھے اپنا رسول بنا کر بھیجا ہے تو تیرے کلام کو رد کرنا سخت خطرناک ہے، اور اگر تم اللہ کے رسول نہیں ہو تو پھر قابل خطاب اور لائق التفات نہیں، جب رسول اللہ ﷺ ان لوگوں سے بالکل ناامید ہو گئے تو آپ ﷺ وہاں سے اٹھ کھڑے ہوئے اور صرف اتنا کہا تم بھائیوں نے جو کہا سو کہا بہرحال اسے پس پردہ ہی رکھنا اور اس خیال سے آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر میری قوم میری اس ناکامی کو سنے گی تو بہت خوش ہو گی۔ [1]

---

[1] ابن ہشام ۴۱۹/۱

اور آپ کے خلاف مزید کمر بستہ ہوئیں گے۔

فأقام بالطائف عشرة أيام لا يدع أحدا من أشرافهم إلا جاءه وكلمه، وأغروا به سفهاءهم وعبيدهم يسبونه ويصيحون به، حتى اجتمع عليه الناس، وقعدوا له صفين على طريقه،فلما مر صَلّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلّمَ بين الصفين جعل لا يرفع رجليه ولا يضعهما إلا أرضخوهما أي دقوهما بالحجارة حتى أدموا رجليه صَلّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلّمَ حَتّى اخْتَضَبَتْ نعلاه بالدماء

رسول اللہ ﷺ دس دن طائف میں قیام پذیر رہے اس دوران آپ نے وہاں کے سر برآوردہ معززین سے ملاقات فرمائی اور سب کو دعوت اسلام پیش کی مگر کسی نے دعوت اسلام قبول کرنے کے بجائے طائف کے اوباش اور بازاری لڑکوں کو شہ دے دی، چنانچہ جب آپ ﷺ نے واپسی کا ارادہ فرمایا تو یہ اوباش اور بازاری لڑکے گالیاں دیتے، تالیاں پیٹتے اور شور مچاتے آپ کے پیچھے چل پڑے شور وشغب سن کر ایک جم غفیر جمع ہوگیا، پھر معاملہ آگے بڑھا اور راستے میں دوصفوں کی صورت میں بیٹھ گئے، جب سید الامم، رحمۃ للعالمین، سید الکونین ﷺ واپسی کے لیے صفوں کے درمیان سے گزرے تو قدم اٹھانے اور رکھنے کی صورت میں ان بدبختوں نے آپ ﷺ کے قدموں پر اس قدر پتھر برسائے کہ آپ کے قدموں سے خون جاری ہوگیا یہاں تک کہ آپ کے جوتے خون میں تربتر ہوگئے،

وَزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ يَقِيهِ بِنَفْسِهِ، حَتَّى لَقَدْ شُجَّ فِي رَأْسِهِ شِجَاجًا، أَنَّهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَذْلَقَتْهُ الحجارة، قعد إلى الأرض فيأخذون بعضديه فَيُقِيمُونَهُ، فَإِذَا مَشَى رَجَمُوهُ وَهُمْ يَضْحَكُونَ

زید رضی اللہ عنہ بن حارثہ آپ ﷺ کو پتھروں سے، بچانے کے لئے آپ کے آڑے آتے اس لئے ان کے سر میں بھی کئی جگہ چوٹ آئی، جب آپ زخموں کی تکلیف پر بیٹھ جاتے تو یہ بد بخت آپ کے بازو پکڑ کر دوبارہ پتھر برسانے کے لئے کھڑا کر دیتے اور آپ کی حالت پر قہقہے لگاتے، الغرض بنو ثقیف نے دعوت اسلام کو رد کر دیا اور نبی ﷺ کو شدید زخمی کر دیا، بدکردار لوگوں نے یہ سلسلہ اس وقت تک جاری رکھا جب تک طائف سے تین میل دور آپ کو ایک باغ میں جو عتبہ بن ربیعہ اور شیبہ بن ربیعہ کا تھا پناہ لینے پر مجبور کر دیا

فَعَمَدَ إِلَى ظِلّ حَبَلَةٍ مِنْ عِنَبٍ فَجَلَسَ فِيهِ، فَلَمّا اطْمَأَنّ رَسُولُ اللهِ صَلّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلّمَ قَالَ: فِيمَا ذُكِرَ لِي:

یہاں سے وہ ہجوم واپس چلا گیا تو آپ ﷺ انگور کی بیل کے سائے میں ایک دیوار سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئے، جب کچھ اطمینان ہوا تو بارگاہ ایزدی میں حزن والم اور غم وافسوس کے ساتھ دعا فرمائی جو دعائے مستضعفین کے نام سے مشہور ہے

اللّهمّ إليك أشكو ضعف قوتي وهو انى عَلَى النّاسِ يَا أَرْحَمَ الرّاحِمِينَ، أَنْتَ رَبّ الْمُسْتَضْعَفِينَ، وَأَنْتَ رَبّي إلَى مَنْ تَكِلُنِي، إلَى بَعِيدٍ يَتَجَهّمُنِي أَمْ إلَى عَدُوّ مَلّكْتَهُ أَمْرِي. إنْ لَمْ يَكُنْ بِكَ غَضَبٌ عَلَيّ فَلَا أُبَالِي وَلَكِنّ عَافِيَتَكَ هِيَ أَوْسَعُ لِي، أَعُوذُ بِنُورِ وَجْهِكَ الّذِي أَشْرَقَتْ لَهُ الظّلُمَاتُ، وَصَلَحَ عَلَيْهِ أَمْرُ الدّنْيَا وَالْآخِرَةِ مِنْ أَنْ تُنْزِلَ بِي غَضَبَكَ أَوْ تُحِلّ عَلَيّ سَخَطَكَ لَكَ العتبى حتى ترضى لَا حَوْلَ وَلَا قُوّةَ إلّا بِكَ

اے اللہ! میں تجھ سے اپنی کمزوری اور تدبیر کی کمی اور لوگوں کی بے توقیری کی شکایت کرتا ہوں، اے ارحم الراحمین تو کمزوروں کا خاص طور پر مربی و مددگار ہے اور تو ہی میرا بھی رب ہے، تو مجھے کس کے سپرد کرے گا کسی غضبناک اور ترش رو دشمن کی طرف یا کسی دشمن کی طرف

کہ جس کو تومیرے معاملے کامالک بنادیاہے،اگر تو مجھ سے ناراض نہ ہو تو پھر مجھے کسی کی بھی پرواہ نہیں؟ مگر تیری عافیت اور سلامتی میرے لئے باعث صد افتخار ہے،میں پناہ مانگتاہوں تیری بزرگ ذات کے وسیلے سے جس سے تمام ظلمتیں منور ہوئیں اور جس پر دنیاوآخرت کے معاملات ٹھیک ہوئے،میں اس سے پناہ مانگتاہوں کہ تیراغضب اور ناراضی مجھ پر اترے اور اصل مقصود تجھ ہی کوسنانااور راضی کرناہے،بندہ میں کسی شر سے پھرنے اور خیر کے کرنے کی قدرت نہیں مگر جتنی تیری بارگاہ سے عطاہوجائے۔[1]

فِلَمَّا رَآهُ ابْنَا رَبِيعَةَ عُتْبَةُ وَشَيْبَةُ وَمَا لقي تحركت له رحمهما فدعوا غلاما لهما نصرانياً يقال له عداس [وقالا لَهُ] خُذْ قِطْفًا مِنْ هَذَا الْعِنَبِ فَضَعْهُ فِي هَذَا الطَّبَقِ، ثُمَّ اذْهَبْ بِهِ إِلَى ذَلِكَ الرَّجل، فَقُلْ لَهُ يَأْكُلُ مِنْهُ،فَفَعَلَ عَدَّاسٌ، ثُمَّ ذَهَبَ بِهِ حَتَّى وَضَعَهُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ لَهُ: كُلْ، فَلَمَّا وَضَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وسلَّم يَدَهُ فِيهِ قال :بِسْمِ اللَّهِ ثم أكل

عتبہ بن ربیعہ اور شیبہ بن ربیعہ جن کے دل پتھر سے زیادہ سخت تھے دونوں باغ میں بیٹھے آپ ﷺ کی بے کسی اور مظلومیت کو دیکھ رہے تھے،آپ کی یہ درماندگی دیکھ کرخونی قرابت اور قبائلی حمیت نے جوش مارااور انہوں نے اپنے نصرانی غلام عداس کوحکم دیا کہ کچھ انگور رکھ کراس شخص کودے آؤاور ان سے کہوان میں سے کچھ ضرور کھائیں، حسب حکم عداس نے کچھ گچھے انگور لاکر رسول اللہ ﷺ کے سامنے پیش کر دیئے،رسول اللہ ﷺ نے ہاتھ بڑھایااور بسم اللہ پڑھ کرانگور کھاناشروع کیا،

ثم نظر عَدَّاسٌ فِي وَجْهِهِ ثمَّ قَالَ:وَاللَّهِ إِنَّ هَذَا الْكَلَامَ مَا يَقُولُهُ أَهْلُ هَذِهِ الْبِلَادِ،فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ أَهْلِ أَيِّ بِلَادٍ أَنْتَ يَا عَدَّاسُ وَمَا دِينُكَ؟قَالَ نَصْرَانِيٌّ، وَأَنَا رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ نِينَوَى،فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قَرْيَةِ الرَّجُلِ الصَّالِحِ يُونُسَ بْنِ مَتَّى،فَقَالَ لَهُ عَدَّاسٌ: وَمَا يُدْرِيكَ مَا يُونُسُ بْنُ مَتَّى؟

عداس نے حیران ہوکر آپ ﷺ کے چہرے مبارک کی طرف دیکھااور کہااللہ کی قسم! اس شہر میں توکوئی شخص بھی یہ جملہ کہنے والانہیں، رسول اللہ ﷺ نے اسے سے پوچھاتم کہاں کے رہنے والے ہو؟اور تمہارادین کیاہے؟ عداس نے جواب دیامیں نینوا(ملک عراق میں شہرموصل) کاباشندہ ہوں اور نصرانی ہوں،رسول اللہ ﷺ نے فرمایااس نینوا کے جہاں اللہ کے نیک بندے یونس بن متی مبعوث ہوئے تھے؟عداس نے بڑی حیرانی سے دریافت کیا آپ یونس بن متی کو کیسے جانتے ہیں؟

فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَلِكَ أَخِي، كَانَ نَبِيًّا وَأَنَا نَبِيٌّ،فَأَكَبَّ عَدَّاسٌ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ رَأْسَهُ وَيَدَيْهِ وَقَدَمَيْهِ، قَالَ يَقُولُ ابْنَاءُ رَبِيعَةَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: أَمَّا غُلَامُكَ فَقَدْ أَفْسَدَهُ عَلَيْكَ،فلما جاء عداس قالا له: ويلك يا عداس! مالك تُقَبِّلُ رَأْسَ هَذَا الرَّجُلِ وَيَدَيْهِ وَقَدَمَيْهِ؟

رسول اللہ ﷺ نے فرمایاوہ میرے دینی بھائی تھے،وہ بھی نبی تھے اور میں بھی نبی ہوں،یہ سن کرعداس رسول اللہ ﷺ پر جھک پڑاآپ کی پیشانی،ہاتھوں اور پیروں کوبوسہ دیااور کلمہ شہادت پڑھ لیا،یہ دیکھ کرابنائے ربیعہ نے آپس میں کہااس شخص نے اب ہمارے غلام کو بھی برگشتہ

[1] ابن ہشام ۴۲۰/۱،الروض الانف ۴/۲۶،دلائل النبوۃ للبیہقی المقدمۃ ۶۷،السیرۃ النبوۃ لابن کثیر ۱۵۰/۲،وسیلۃ الإسلام بالنبي علیہ الصلاۃ والسلام ۹۷/۱،امتاع الاسماع ۳۰۶/۸،شرح الشفا ۳۲۹/۲

کر دیا جب عداس یہاں سے اٹھ کر اپنے آقاؤں کے پاس پہنچا تو عتبہ اور شیبہ نے کہا تو اس شخص کے ہاتھوں اور پیروں کو کیوں بوسہ دیتا تھا؟

قَالَ: يا سيدي، مَا فِي الْأَرْضِ شئ خَيْرٌ مِنْ هَذَا لَقَدْ أَخْبَرَنِي بِأَمْرٍ مَا يَعْلَمُهُ إِلَّا نَبِيٌّ،قَالَا لَهُ: وَيْحَكَ يَا عَدَّاسُ لَا يَصْرِفَنَّكَ عَنْ دِينِكَ فَإِنَّ دِينَكَ خَيْرٌ مِنْ دِينِهِ

عداس نے کہااے میرے مالک!روئے زمین پر اس شخص سے بہتر کوئی اور نہیں،انہوں نے مجھے ایک ایسی بات بتائی ہے جسے نبی کے علاوہ اور کوئی نہیں جانتا،انہوں نے کہااے عداس! خبردار رہنا یہ شخص کہیں تجھے تیرے دین سے منحرف نہ کردے،تیرادین اس کے دین سے بہتر ہے۔[1]

جب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے کچھ افاقہ محسوس کیا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے واپس مکہ مکرمہ کا سفر جاری کر دیا۔

أَنَّ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَدَّثَتْهُ أَنَّهَا قَالَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ أَتَى عَلَيْكَ يَوْمٌ كَانَ أَشَدَّ مِنْ يَوْمِ أُحُدٍ، قَالَ:لَقَدْ لَقِيتُ مِنْ قَوْمِكِ مَا لَقِيتُ، وَكَانَ أَشَدَّ مَا لَقِيتُ مِنْهُمْ يَوْمَ العَقَبَةِ، إِذْ عَرَضْتُ نَفْسِي عَلَى ابْنِ عَبْدِ يَالِيلَ بْنِ عَبْدِ كُلاَلٍ، فَلَمْ يُجِبْنِي إِلَى مَا أَرَدْتُ، فَانْطَلَقْتُ وَأَنَا مَهْمُومٌ عَلَى وَجْهِي، فَلَمْ أَسْتَفِقْ إِلَّا وَأَنَا بِقَرْنِ الثَّعَالِبِ فَرَفَعْتُ رَأْسِي، فَإِذَا أَنَا بِسَحَابَةٍ قَدْ أَظَلَّتْنِي، فَنَظَرْتُ فَإِذَا فِيهَا جِبْرِيلُ،

ام المومنین عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا سے مروی ہے میں نے ایک بار عرض کیا اے اللہ کے رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! کیا آپ پر غزوہ احد سے بھی زیادہ سخت دن گزرا ہے؟ آپ نے فرمایا تیری قوم سے جو تکالیف مجھے پہنچیں سو پہنچیں لیکن سب سے زیادہ سخت دن وہ گزرا جس دن میں نے اپنے آپ کو عبد یالیل کے بیٹے پر پیش کیا اس نے میری دعوت کو قبول نہیں کیا میں وہاں سے نہایت غمگین اور رنجیدہ واپس ہوا،مقام قرن الثعالب میں پہنچ کر کچھ افاقہ ہوا،یکا یک میں نے جو سر اٹھایا تو دیکھا کہ ایک ابر مجھ پر سایہ کیے ہوئے ہے اور اس میں جبرائیل عَلَیْہِ السَّلام موجود ہیں،

فَنَادَانِي فَقَالَ: إِنَّ اللَّهَ قَدْ سَمِعَ قَوْلَ قَوْمِكَ لَكَ، وَمَا رَدُّوا عَلَيْكَ، وَقَدْ بَعَثَ إِلَيْكَ مَلَكَ الجِبَالِ لِتَأْمُرَهُ بِمَا شِئْتَ فِيهِمْ، فَنَادَانِي مَلَكُ الجِبَالِ فَسَلَّمَ عَلَيَّ، ثُمَّ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ، فَقَالَ، ذَلِكَ فِيمَا شِئْتَ، إِنْ شِئْتَ أَنْ أُطْبِقَ عَلَيْهِمُ الأَخْشَبَيْنِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ أَرْجُو أَنْ يُخْرِجَ اللَّهُ مِنْ أَصْلاَبِهِمْ مَنْ يَعْبُدُ اللَّهَ وَحْدَهُ، لاَ يُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا

جبرائیل عَلَیْہِ السَّلام نے وہیں سے مجھے آواز دی کہ آپ کی قوم نے آپ کو جو جواب دیا ہے وہ اللہ نے سن لیا ہے،اس وقت اللہ نے آپ کے پاس ملک الجبال(پہاڑوں کا فرشتہ)بھیجا ہے تاکہ آپ اس کو جو چاہیں حکم ارشاد فرمائیں،اتنے میں ملک الجبال نے مجھے آواز دی اور مجھ کو سلام کیا اور کہا اے محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! میں ملک الجبال ہوں،تمام پہاڑ میرے تصرف میں ہیں،اللہ نے مجھے آپ کے پاس بھیجا ہے آپ جو چاہیں مجھے حکم کریں اگر آپ حکم دیں تو ان دونوں پہاڑوں کو جن کے مابین اہل مکہ اور اہل طائف رہتے ہیں ملا دوں جس سے تمام لوگ پس جائیں،نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا نہیں،میں اللہ تعالیٰ سے امید کرتا ہوں کہ وہ ان کی نسل سے ایسے لوگ پیدا کرے گا جو صرف اللہ وحدہ لاشریک کی

[1] البداية والنهاية۱۳۶؍۳،اصابة ۳۸۶؍۴، عيون الاثر۱۵۶؍۱،السيرة الحلبية۴۹۹؍۱

عبادت کریں گے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کریں گے۔ [1]

رب کی بھیجی ہوئی اس غیبی امداد سے آپ ﷺ کا دل جو غم والم سے بھرا ہوا تھا مطمئن ہو گیا اور طبیعت جو نڈھال تھی ہشاش بشاش ہو گئی۔

رسول اللہ ﷺ نے طائف کو کیوں منتخب فرمایا:

دکتور علی محمد صلابی اپنی کتاب سیرت النبی ﷺ ۶۴۶ تا ۶۴۸/۱ میں طائف کو منتخب کرنے کے بارے میں تحریر فرماتے ہیں طائف کا علاقہ قریشی سرداروں کے لیے ایک دفاعی مرکز کی حیثیت رکھتا تھا اور انتہائی توجہ کا حامل تھا، گزشتہ زمانے میں انہوں نے طائف کی سرزمین پر قبضہ کرنے کے لیے وادی وج پر حملہ بھی کیا تھا تاکہ یہ درختوں اور کھیتوں سے بھرا زرخیز علاقہ ان کے زیرنگیں آجائے، بنو ثقیف نے خطرہ محسوس کرتے ہوئے آئندہ کے لیے قریش سے حلیفانہ معاہدہ کر لیا اور ان کے ساتھ بنو دوس کو بھی شامل کر لیا۔ [2]

علاوہ ازیں بہت سے اصحاب ثروت نے طائف میں جائیدادیں خرید رکھی تھیں اور گرمیوں کا موسم وہیں گزارتے تھے، قبیلہ بنو ہاشم، بنو عبدشمس اور بنو مخزوم طائف سے مستقل رابطہ رکھتے تھے مزید برآں بنو مخزوم کے بنو ثقیف کے ساتھ کچھ مالی مفادات بھی وابستہ تھے۔ [3]

نبی کریم ﷺ کا طائف کی طرف متوجہ ہونا ایک سوچا سمجھا پروگرام تھا اگر آپ ﷺ وہاں دعوتی مرکز قائم کرنے میں اور ایک مددگار جماعت تیار کرنے میں کامیاب ہو جاتے تو قریش چونک اٹھتے اور انہیں اپنی سلامتی اور اقتصادی مفادات براہ راست خطرے میں نظر آتے حتی کہ وہ محصور ہو جاتے اور بیرونی دنیا سے کٹ جاتے، نبی ﷺ کے اس دعوتی، سیاسی اور دفاعی اقدام سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ظاہری اسباب بروئے لا کر اسلامی مملکت یا ایک جدید طاقتور جماعت کے قیام کے خواہاں تھے جو میدان کارزار میں دشمن کو پچھاڑ سکے کیونکہ اب ایک مملکت یا طاقتور جماعت کا قیام لوگوں کو اللہ کی طرف دعوت دینے کے سلسلے میں انتہائی ضروری تھا، جب نبی ﷺ طائف پہنچے تو آپ سیدھے ان کے مرکز اقتدار میں تشریف لے گئے جہاں سے سیاسی فیصلے صادر ہوتے تھے۔ [4]

طائف کا مرکز اقتدار کہاں تھا:

بنو مالک اور احلاف پرانے زمانے سے طائف کے رہائشی تھے اسی وجہ سے انہی کا طائف پر غلبہ تسلیم کیا جاتا تھا، مذہبی اور سیاسی قیادت بھی انہی قبائل کا حاصل تھی، عبادت خانے کی دیکھ بھال کا مسئلہ ہو یا عمومی سیاست کا، خارجی تعلقات ہوں یا اقتصادی ترقی کا معاملہ درپیش ہو ان دونوں قبائل ہی کا حکم مانا جاتا تھا لیکن سرزمین طائف جو عرب کا سب سے زیادہ زرخیز اور خوبصورت علاقہ تھا وہ اس علاقے کے دفاع کرنے کی سکت نہیں رکھتے تھے، اہل طائف ہوازن، قریش اور بنو عامر سے خوفزدہ رہتے تھے کیونکہ مذکورہ قبائل طائف کو برباد کرنے یا اس پر قبضہ کرنے پر قادر تھے اسی لیے سرداران طائف نے مصالحت کی پالیسی اختیار کی اور اپنی سیاسی پوزیشن کے تحفظ کی غرض سے معاہدے کیے اور مفادات

---

[1] صحیح بخاری کتاب بدء الخلق بَابُ إِذَا قَالَ أَحَدُكُمْ: آمِينَ وَالمَلاَئِكَةُ فِي السَّمَاءِ، آمِينَ فَوَافَقَتْ إِحْدَاهُمَا الأُخْرَى، غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ ۳۲۳۱، صحیح مسلم کتاب الجهاد بَابُ مَا لَقِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَذَى الْمُشْرِكِينَ وَالْمُنَافِقِينَ ۴۶۵۳

[2] مقومات الدعیة الناجح للدلتورعلی بادحدح صفحه ۱۲۳

[3] اصول الفکرالسیاسی للتجانی عبدالقادرصفحه ۱۷۳

[4] اصول الفکرالسیاسی للتجانی عبدالقادرصفحه ۱۷۴

کی جنگ لڑی، یہ بعینہ وہی طریقہ تھا جسے قریش اپنائے ہوئے تھے، چنانچہ بنو مالک نے ہوزان سے اور احلاف نے قریش سے تعلقات قائم کیے تا کہ ان کے شر سے محفوظ رہ سکیں۔[1]

ایسی صورت حال میں جب رسول اللہ ﷺ نے طائف کا رخ کیا تو آپ ان دوطرفہ معاہدات اور تعلقات سے ہرگز غافل نہ تھے بلکہ جانتے تھے کہ طائف والوں کی کوئی ایک مرکزی طاقت نہیں، وہ ایک اندرونی معاہدے کے تحت اپنی طاقت دوحصوں میں تقسیم کیے ہوئے ہیں، ان میں سے جسے کسی بیرونی قبیلے کی حمایت حاصل ہوتی وہی زیادہ طاقتور ہوتا، عمومی لحاظ سے نبی ﷺ دونوں میں سے کسی ایک کو اپنی طرف مائل کر لیتے تو آپ کی سیاسی قوت مضبوط ہوسکتی تھی، اگر آپ بالخصوص احلاف کی حمایت حاصل کرنے میں کامیاب ہوجاتے تو آپ کا دعوتی پروگرام انتہائی کامیاب رہتا کیونکہ احلاف فوجی لحاظ سے قریش کے حلیف تھے اور یہ معاہدہ کسی مذہبی ہم آہنگی یا دینی دوستی پر مبنی نہ تھا یہ توصرف قریش کے ڈر کی وجہ سے معرض وجود میں آیا تھا لہذا انہیں اپنی طرف مائل کرنا ناممکن نہ تھا، اس غرض سے نبی ﷺ جب سرزمین طائف میں پہنچے تو سیدھے بنو عمرو بن عمیر کے ہاں گئے جو احلاف کے سردار اور قریش کے حلیف تھے اور بنو مالک کا رخ نہیں کیا جو بنو ہوزان کے تعلق دار تھے۔[2]

واپسی میں آپ ﷺ نے وادی نخلہ میں السیل الکبیر یا الزیمہ کے مقام پر چند روز قیام کیا، ایک رات آپ نماز پڑھ رہے تھے کہ نصیبین کے سات جن اس طرف سے گزرے اور کھڑے ہو کر توجہ سے تلاوت قرآن سنی اور چلے گئے، آپ ﷺ کو اس کا مطلق علم نہ ہوا، اللہ تعالیٰ نے سورہ احقاف کی آیات ۲۸ تا ۳۴ نازل فرمائیں۔

مضامین سورۂ الاحقاف:

سورت کی ابتدا قرآن کریم کی حقانیت، توحید اور حشر کے دلائل اور بتوں کی مذمت سے کیا گیا جنہیں مشرکین نے معبود بنا رکھا تھا حالانکہ وہ نہ سنتے تھے، نہ دیکھتے تھے، نہ نفع اور نقصان ان کے اختیار میں تھا اور نہ ہی وہ پرستش کرنے والوں کی دعائیں قبول کر سکتے تھے اور قیامت کے روز اپنے پرستش کرنے والوں کے منکر ہوں گے۔

○ کفار مکہ کو ان کی گمراہی اور غرور و تکبر پر خبردار کیا کہ ایسا شخص جو تمہارا محسن ہے، جو تمہیں ذلت و رسوائی اور ضلالت کی پستیوں سے نکال کر آخروی عزت و وقار کی راہ پر لانا چاہتا ہے، جو تمہیں جہنم کی دہکتی ہوئی آگ سے، بچا کر عیش و آرام کی جنتوں میں داخلے کا خواہشمند ہے تم لوگ اپنے بغض و عناد میں اس حد تک بڑھ چکے ہو کہ اس کو جلاوطن کرنے بلکہ اس کے قتل کرنے کے درپے ہو مگر اس کا انجام خود تمہارے اپنے حق میں ہی خراب ہو گا، جس پاکیزہ دعوت کو تم اپنے لیے رحمت سمجھنے کے بجائے وبال جان اور غلط تخیلات میں باطل قرار دے رہے ہو دراصل اسی دعوت میں بیان کیا گیا عقیدہ اور اعمال ہی جہنم سے نجات کا سبب ہیں، قرآن کلام الٰہی ہے اور محمد ﷺ اللہ کے سچے نبی ہیں، تمہارے جاہلانہ تخیلات ان حقائق کو اس لیے تسلیم نہیں کرتے کیونکہ اس میں تمہارے آباؤ اجداد کے گمراہ کن عقائد و نظریات اور اعمال کی مخالفت ہے۔

---

[1] اصول الفکرالسیاسی للتجانی عبدالقادرصفحہ۱۷۴

[2] اصول الفکرالسیاسی للتجانی عبدالقادرصفحہ۱۷۵

○ عقیدہ توحید کو مدلل انداز میں بیان کر کے فرمایا کہ اگر تم نے عقل و دلیل سے حقیقت کو سمجھنے کی کوشش کرنے کے بجائے تعصب اور ہٹ دھرمی سے ان حقائق کو تسلیم نہیں کرو گے تو اللہ تعالیٰ کسی اور قوم اور مخلوق کے ذریعے سے اپنے نبی کی تائید فرمائے گا اور جنات کے واقعے کو اس سلسلہ میں بطور تمثیل بیان کیا گیا۔

○ اخلاق حسنہ کے ضمن میں ایمان، عبادات، استقلال و استقامت اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کا حکم دیا گیا اور غرور و استکبار اور گمراہی کی مذمت کی گئی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ تَنۡزِیۡلُ الۡکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الۡعَزِیۡزِ الۡحَکِیۡمِ ﴿۲﴾ مَا خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ

حا میم، اس کتاب کا اتارنا اللہ تعالیٰ غالب حکمت والے کی طرف سے ہے، ہم نے آسمانوں اور زمین اور ان

وَ مَا بَیۡنَہُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَقِّ وَ اَجَلٍ مُّسَمًّی ؕ وَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا عَمَّاۤ

دونوں کے درمیان کی تمام چیزوں کو بہترین تدبیر کے ساتھ ہی ایک مدت معین کے لیے پیدا کیا ہے، اور کافر لوگ جس چیز

اُنۡذِرُوۡا مُعۡرِضُوۡنَ ﴿۳﴾ (الاحقاف ۱تا۳)

سے ڈرائے جاتے ہیں منہ موڑ لیتے ہیں۔

حامیم، اس جلیل القدر کتاب قرآن کریم کو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے اور رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا ہے، اور اللہ بڑی عزت والا اور بڑی حکمت والا ہے، اس کا کوئی فعل حکمت سے خالی نہیں ہوتا، ہم نے زمین اور آسمانوں کو اور ان کے درمیان ساری چیزوں کو عبث اور بے کار نہیں بلکہ سراسر برحق، بہترین تدبیر اور ابد الاباد کے لئے نہیں ایک متعینہ، طے شدہ مدت کے لئے پیدا کیا ہے، جیسے فرمایا

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ بِالۡحَقِّ ... ﴿۳﴾ [1]

ترجمہ: اس نے آسمان وزمین کو برحق پیدا کیا ہے۔

وَ هُوَ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ بِالۡحَقِّ ... ﴿۷۳﴾ [2]

ترجمہ: وہی ہے جس نے آسمان وزمین کو برحق پیدا کیا ہے۔

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ بِالۡحَقِّ ... ﴿۱۹﴾ [3]

ترجمہ: کیا تم دیکھتے نہیں ہو کہ اللہ نے آسمان وزمین کی تخلیق کو حق پر قائم کیا ہے؟۔

---

[1] النحل ۳

[2] الانعام ۷۳

[3] ابراہیم ۱۹

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ... ﴿۵﴾ [۱]

ترجمہ:اس نے آسمان وزمین کو برحق پیدا کیا ہے۔

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ... [۲] ﴿۳﴾

ترجمہ:اس نے آسمان وزمین کو برحق پیدا کیا ہے۔

وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ... ﴿۲۲﴾ [۳]

ترجمہ:اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین کو برحق پیدا کیا ہے۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ... ﴿۸۵﴾ [۴]

ترجمہ:ہم نے زمین اور آسمان کو اور ان کی موجودات کو حق کے سوا کسی اور بنیاد پر خلق نہیں کیا ہے۔

یعنی اس کائنات کو اللہ وحدہ لاشریک نے تخلیق فرمایا ہے،یہ کائنات ہمیشہ سے نہیں ہے اور نہ کسی حادثہ کے نتیجے میں وجود میں آگئی ہے بلکہ اس میں ہر چیز کسی خاص ڈیزائن کے تحت تخلیق کی گئی ہے اور اس کائنات کا نظام کچھ خاص حساب اور پروگرام کے مطابق چل رہا ہے اور اس کائنات کا ذرہ ذرہ بامقصد ہے۔جب خالق وہ ہے تو حکم بھی اسی کا ہوگا،جیسے فرمایا:

...اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ... ﴿۵۴﴾ [۵]

ترجمہ:خبردار رہو!اسی کی خلق ہے اور اسی کا امر ہے۔

جب وہ وقت موعود آجائے گا تو اللہ مالک الملک کے حکم سے آسمان وزمین کا یہ موجودہ طبیعی نظام درہم برہم ہوجائے گا مگر بالکل نیست ونابود نہیں ہوجائے گا،اس کے بعد اللہ تعالیٰ زمین وآسمانوں کی موجودہ ہیئت بدل دے گا اور ایک دوسرا نظام دوسرے قوانین فطرت کے ساتھ بنادے گا،اور وہی عالم آخرت ہوگا،جیسے فرمایا

یَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَیْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ... ﴿۴۸﴾ [۶]

ترجمہ:ڈراؤانہیں اس دن سے جبکہ زمین وآسمان بدل کر کچھ سے کچھ کر دیئے جائیں گے۔

مگر جن لوگوں نے اللہ کی کتاب اور اس کے رسول کی تکذیب کی ہے،جب ان کو حیات بعد الموت،حساب کتاب اور اعمال کی جزاوسزا سے ڈرایا جاتا ہے تو خود کو غیر ذمہ دار اور غیر جوابدہ سمجھ کر حقائق سے منہ موڑ لیتے ہیں اور ان پر ایمان لاکر اخروی عذاب سے بچنے کی کوشش نہیں کرتے۔

---

[۱] الزمر ۵

[۲] التغابن ۳

[۳] الجاثیة ۲۲

[۴] الحجر ۸۵

[۵] الاعراف ۵۴

[۶] ابراہیم ۴۸

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَا ذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ

آپ کہہ دیجئے! بھلا دیکھو تو جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو مجھے بھی تو دکھاؤ کہ انہوں نے زمین کا کونسا ٹکڑا بنایا ہے یا

فِي السَّمٰوٰتِ ؕ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَاۤ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۴

آسمانوں میں کونسا حصہ ہے؟ اگر تم سچے ہو تو اس سے پہلے ہی کوئی کتاب یا کوئی علم ہے جو نقل کیا جاتا ہو میرے پاس لاؤ،

وَ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗۤ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَ هُمْ

اور اس سے بڑھ کر گمراہ اور کون ہوگا؟ جو اللہ کے سوا ایسوں کو پکارتا ہے جو قیامت تک اس کی دعا قبول نہ کرسکیں بلکہ ان

عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝۵ وَ اِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّ كَانُوْا

کے پکارنے سے محض بے خبر ہوں اور جب لوگوں کو جمع کیا جائے گا تو یہ ان کے دشمن ہوجائیں گے

بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝۶ (الاحقاف ۴ تا ۶)

اور ان کی پرستش سے صاف انکار کر جائیں گے۔

اے نبی ﷺ! ان مشرکین سے کہو تم اللہ وحدہ لاشریک کو چھوڑ کر جن کے حضور رسوم عبادات بجالاتے ہو، جنہیں اپنی مشکلات اور پریشانیوں میں پکارتے ہو، جن کی خوشنودی کے لئے نذر و نیاز پیش کرتے ہو، جن سے رزق اور اولادیں مانگتے ہو کبھی تم نے ان ہستیوں کی طاقت و قدرت اور اختیار کا کوئی مظہر بھی دیکھا ہے؟ ذرا اپنی صداقت کی گواہی میں مجھے دکھاؤ تو سہی کہ انہوں نے زمین میں کیا پیدا کیا ہے؟ تم خود تسلیم کرتے ہو کہ یہ وسیع و عریض زمین اور اس میں تمام چیزیں اللہ تعالیٰ نے پیدا کی ہیں، جیسے فرمایا:

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ... ۝۲۵ [1]

ترجمہ: اگر تم ان سے پوچھو کہ زمین اور آسمانوں کو کس نے پیدا کیا ہے، تو یہ ضرور کہیں گے کہ اللہ نے۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ... ۝۳۸ [2]

ترجمہ: ان لوگوں سے اگر تم پوچھو کہ زمین اور آسمانوں کو کس نے پیدا کیا ہے تو یہ خود کہیں گے کہ اللہ نے۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ۝۹ [3]

ترجمہ: اگر تم ان لوگوں سے پوچھو زمین اور آسمانوں کو کس نے پیدا کیا ہے تو یہ خود کہیں گے کہ انہیں اسے زبردست علیم ہستی نے پیدا کیا ہے۔

یا پھر یہ بتلاؤ کہ ساتوں آسمانوں کی تخلیق و تدبیر میں ان کا کوئی حصہ ہے؟ جیسے فرمایا:

---

[1] لقمان ۲۵

[2] الزمر ۳۸

[3] الزخرف ۹

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ ... [1]

ترجمہ:اور کہو تعریف ہے اس الٰہ کے لیے جس نے نہ کسی کو بیٹا بنایا، نہ کوئی بادشاہی میں اس کا شریک ہے اور نہ وہ عاجز ہے کہ کوئی اس کا پشتیبان ہو۔

الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۲ [2]

ترجمہ:وہ جو زمین اور آسمانوں کی بادشاہی کا مالک ہے جس نے کسی کو بیٹا نہیں بنایا ہے، جس کے ساتھ بادشاہی میں کوئی شریک نہیں ہے۔

تم اس کو بھی تسلیم کرتے ہو کہ آسمانوں کی تخلیق اللہ ہی نے کی ہے اور وہی اپنی مشیت وحکمت کے تحت اس میں تدبیر کرتا ہے، جیسے فرمایا

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ... ۳ [3]

ترجمہ:حقیقت یہ ہے کہ تمہارا رب وہی اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا پھر تخت حکومت پر جلوہ گر ہوا اور کائنات کا انتظام چلا رہا ہے۔

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَاۗءِ اِلَى الْاَرْضِ ... ۵ [4]

ترجمہ:وہ آسمان سے زمین تک دنیا کے معاملات کی تدبیر کرتا ہے۔

یا پھر قرآن نازل ہونے سے پہلے کوئی الہامی کتاب یا انبیاء وصلحاء کی تعلیمات کا کوئی ایسا حصہ جو کسی قابل اعتماد ذریعہ سے پہنچا ہو یا اپنے عقائد کے ثبوت میں تمہارے پاس کوئی عقلی نقلی دلیل ہو تو وہی لے آؤ،

عَنْ مُجَاهِدٍ، {أَوْ أَثَارَةٍ مِنْ عِلْمٍ}قَالَ:أَحَدٌ يَأْثُرُ عِلْمًا

مجاہد رحمہ اللہ نے اس آیت اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ کی تفسیر میں کہا ہے یا کسی سے دلیل پیش کرو جو علم کو نقل کرتا ہو۔ [5]

اس طرح کی بھی کوئی چیز تمہارے پاس موجود نہیں کیونکہ تمام الہامی کتابیں بالاتفاق وہی توحید پیش کرتی ہیں جن کی طرف قرآن دعوت دے رہا ہے، اس طرح انبیاء وصلحا کے جتنے بچے کھچے نقوش موجود ہیں ان میں بھی کہیں اس بات کی شہادت نہیں ملتی کہ کسی نبی یا رسول نے کبھی لوگوں کو اللہ کے سوا کسی اور کی بندگی وعبادت کرنے کی تعلیم دی ہو، بلکہ ان کی دعوت تو اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی اور کفر وشرک سے روکنا تھی۔

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ... ۳۶ [6]

---

[1] بنی اسرائیل ۱۱۱

[2] الفرقان ۲

[3] یونس ۳

[4] السجدة ۵

[5] تفسیر طبری ۹۴/۲۲

[6] النحل ۳۶

ترجمہ: ہم نے ہر امت میں ایک رسول بھیج دیا اور اس کے ذریعہ سے سب کو خبردار کر دیا کہ اللہ کی بندگی کرو اور طاغوت کی بندگی سے بچو۔

...اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ... ﴿۵۹﴾ [۱]

ترجمہ: اللہ کی بندگی کرو اس کے سوا تمہارا کوئی الٰہ نہیں ہے۔

تو پھر اس شخص سے زیادہ راہ راست سے بھٹکا ہوا انسان اور کون ہوگا جو اللہ وحدہ لاشریک کو چھوڑ کر جو کائنات کا خالق ہے، جو اپنی تمام بحروبر کی مخلوقات کا رازق ہے، جو اپنی مخلوقات کی پکار کو سنتا اور جواب دیتا ہے، جس کے پاس ہر طرح کی قدرت واختیار ہے فوت شدہ اشخاص کو مدد کے لئے پکارے جن کا نہ تو ذرہ برابر تخلیق میں کوئی حصہ ہے، نہ وہ رزق بہم پہنچانے پر قدرت رکھتے ہیں اور نہ قیامت تک پکارنے والے کی پکار پر نفی یا اثبات میں کوئی کاروائی کر سکتے ہیں بلکہ ان تک پکارنے والوں کی پکار سرے سے پہنچتی ہی نہیں، نہ وہ اپنے کانوں سے سن سکتے ہیں اور نہ کسی اور ذریعہ سے ان تک یہ اطلاع پہنچتی ہے کہ کوئی انہیں مدد کے لئے پکار رہا ہے، اور روز محشر جب روئے زمین کے تمام انسان اعمال کی جوابدہی کے لئے جمع کیے جائیں گے اس وقت وہ اپنی عبادت کرنے اور اپنے پکارنے والوں کے دشمن اور ان کی عبادت کے منکر ہوں گے۔ جیسے فرمایا

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿۸۱﴾ كَلَّا ۭ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا [۲] ﴿۸۲﴾

ترجمہ: ان لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر اپنے کچھ الٰہ بنا رکھے ہیں کہ وہ ان کے پشتیبان ہوں گے، کوئی پشتیبان نہ ہوگا وہ سب ان کی عبادت کا انکار کریں گے اور الٹے ان کے مخالف بن جائیں گے۔

ایک مقام پر یوں فرمایا

وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا... ﴿۲۵﴾ [۳]

ترجمہ: اور اس نے کہا تم نے دنیا کی زندگی میں تو اللہ کو چھوڑ کر اپنے درمیان محبت کا ذریعہ بنا لیا ہے مگر قیامت کے روز تم ایک دوسرے کا انکار اور ایک دوسرے پر لعنت کرو گے۔

ایک مقام پر فرمایا

وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْـــًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَاۗءٍ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۲۱﴾ [۴]

---

[۱] الاعراف۵۹

[۲] مریم ۸۲،۸۱

[۳] العنکبوت۲۵

[۴] النحل۲۱،۲۰

ترجمہ: اور وہ دوسری ہستیاں جنہیں اللہ کو چھوڑ کر لوگ پکارتے ہیں وہ کسی چیز کے بھی خالق نہیں ہیں بلکہ خود مخلوق ہیں، مردہ ہیں نہ کہ زندہ، اور ان کو کچھ معلوم نہیں ہے کہ انہیں کب (دوبارہ زندہ کرکے) اٹھایا جائے گا۔

ایک مقام پر فرمایا

لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ۭ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَاۗءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ۭ وَمَا دُعَاۗءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۝۱۴ [1]

ترجمہ: اسی کو پکارنا برحق ہے، رہیں وہ دوسری ہستیاں جنہیں اس کو چھوڑ کر یہ لوگ پکارتے ہیں وہ ان کی دعاؤں کا کوئی جواب نہیں دے سکتے ، انہیں پکارنا تو ایسا ہے جیسے کوئی شخص پانی کی طرف ہاتھ پھیلا کر اس سے درخواست کرے کہ تو میرے منہ تک پہنچ جا حالانکہ پانی اس تک پہنچنے والا نہیں، بس اسی طرح کافروں کی دعائیں بھی کچھ نہیں ہیں مگر ایک تیر بے ہدف!۔

ایک مقام پر فرمایا:

قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ۝۲۲ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ۝۲۳ [2]

ترجمہ: (اے نبی! ان مشرکین سے) کہو کہ پکار دیکھو اپنے ان معبودوں کو جنھیں تم اللہ کے سوا اپنا معبود سمجھے بیٹھے ہو، وہ نہ آسمانوں میں ذرہ برابر چیز کے مالک ہیں نہ زمین میں، وہ آسمان وزمین کی ملکیت میں شریک بھی نہیں ہیں، ان میں سے کوئی اللہ کا مددگار بھی نہیں ہے اور اللہ کے حضور کوئی شفاعت بھی کسی کے لئے نافع نہیں ہوسکتی بجز اس شخص کے جس کے لئے اللہ نے سفارش کی اجازت دی ہو۔

وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهُمْ ۙ هٰذَا

اور انہیں جب ہماری واضح آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو منکر لوگ سچی بات کو جب کہ ان کے پاس آچکی کہہ دیتے ہیں کہ یہ

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ۭ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ

صریح جادو ہے، کیا وہ کہتے ہیں کہ اسے تو اس نے خود گھڑ لیا ہے، آپ کہہ دیجئے! کہ اگر میں ہی اسے بنا لایا ہوں تو تم

لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ۭ كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًۢا

میرے لیے اللہ کی طرف سے کسی چیز کا اختیار نہیں رکھتے، تم اس (قرآن) کے بارے میں جو کچھ سن رہے ہو اسے اللہ خوب

بَيْنِيْ وَ بَيْنَكُمْ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝۸ (الاحقاف ۸،۷)

جانتا ہے، میرے اور تمہارے درمیان گواہی کے لیے وہی کافی ہے اور وہ بخشنے والا مہربان ہے۔

---

[1] الرعد ۱۴

[2] سبا ۲۳،۲۲

ان لوگوں کو جب ہماری صاف صاف آیات سنائی جاتی ہیں اور حق ان کے سامنے آجاتا ہے تو یہ کافر کلام الٰہی کے قوت اعجاز اور قوت تاثیر کو دیکھ کر اسے جادو کے کرشمہ سے تعبیر کرتے ہیں، جیسے فرمایا

...هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ۞ [۱]

ترجمہ: یہ شخص آخر تم جیسا ایک بشر ہی تو ہے پھر کیا تم آنکھوں دیکھتے جادو کے پھندے میں پھنس جاؤ گے۔

اور پھر اس سے بھی انحراف کر کے کہتے ہیں کہ یہ پہلے وقتوں کی کہانیاں ہیں۔

وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا... ۞ [۲]

ترجمہ: کہتے ہیں یہ پرانے لوگوں کی لکھی ہوئی چیزیں ہیں جنہیں یہ شخص نقل کراتا ہے۔

کبھی کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے اسے خود تصنیف کرلیا ہے؟ جیسے فرمایا:

...اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۞ [۳]

ترجمہ: یہ کچھ نہیں ہے مگر ایک من گھڑت بات۔

وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۞ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۞ [۴]

ترجمہ: کہتے ہیں یہ پرانے لوگوں کی لکھی ہوئی چیزیں ہیں جنہیں یہ شخص نقل کراتا ہے اور وہ اسے صبح وشام سنائی جاتی ہیں، اے نبی (ﷺ)! ان سے کہو کہ اسے نازل کیا ہے اس نے جو زمین اور آسمانوں کا بھید جانتا ہے حقیقت یہ ہے کہ وہ بڑا غفور ورحیم ہے۔

ان سے کہو اگر میں نے اسے خود تصنیف کر کے اللہ کی طرف منسوب کر دیا ہے تو یقیناً جرم عظیم کیا ہے جس پر اللہ مجھے سخت ترین عذاب دے وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ۞ لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ۞ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ ۞ فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حٰجِزِيْنَ ۞ [۵]

ترجمہ: اور اگر اس (نبی ﷺ) نے خود گھڑ کر کوئی بات ہماری طرف منسوب کی ہوتی تو ہم اس کا دایاں ہاتھ پکڑ لیتے اور اس کی رگ گردن کاٹ ڈالتے، پھر تم میں سے کوئی (ہمیں) اس کام سے روکنے والا نہ ہوتا۔

ایک مقام پر فرمایا

قُلْ اِنِّىْ لَنْ يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ڏ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ۞ [۶]

[۱] الانبیاء۳

[۲] الفرقان۵

[۳] ص۷

[۴] الفرقان۵،۶

[۵] الحاقة۴۴تا۴۷

[۶] الجن۲۲

ترجمہ: کہو مجھے اللہ کی گرفت سے کوئی بچا نہیں سکتا اور نہ میں اس کے دامن کے سوا کوئی جائے پناہ پا سکتا ہوں۔
تم جس جس انداز سے قرآن کریم کی تکذیب کرتے ہو کبھی اسے جادو کبھی کہانت اور کبھی گھڑا ہو کہتے ہو اللہ ان کو خوب جانتا ہے اور وہی تمہاری مذموم حرکتوں کا تمہیں بدلہ دے گا، اللہ اس بات کی گواہی کے لئے کافی ہے کہ حکمتوں سے بھرا یہ قرآن اسی کی طرف سے نازل ہوا ہے اور وہی تمہاری تکذیب و مخالفت کا بھی گواہ ہے، اور اگر کوئی اپنی کوتاہیوں، ہٹ دھرمیوں پر شرمندہ ہو کر ایمان لے آئے اور بخشش کا طلب گار ہو تو وہ بڑا درگزر کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَ مَآ اَدْرِیْ مَا یُفْعَلُ بِیْ وَ لَا بِكُمْ ؕ

آپ کہہ دیجئے! کہ میں کوئی بالکل انوکھا پیغمبر نہیں، نہ مجھے یہ معلوم ہے کہ میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ کیا کیا جائے گا،

اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰۤى اِلَیَّ وَ مَاۤ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۟ قُلْ

میں تو صرف اسی کی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف وحی بھیجی جاتی ہے اور میں تو صرف علی الاعلان کر دینے والا ہوں، آپ کہہ

اَرَءَیْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَ كَفَرْتُمْ بِهٖ وَ شَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ عَلٰى

دیجئے! اگر یہ (قرآن) اللہ ہی کی طرف سے ہو اور تم نے اسے نہ مانا ہو اور بنی اسرائیل کا ایک گواہ اس جیسی کی گواہی بھی دے

مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَ اسْتَكْبَرْتُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۟ (الاحقاف ۱۰،۹)

چکا ہو اور ایمان بھی لا چکا ہو اور تم نے سرکشی کی ہو، تو بیشک اللہ تعالیٰ ظالموں کو راہ نہیں دکھاتا۔

پچھلی تباہ شدہ قوموں کی طرح اہل مکہ بھی یہی کہتے تھے کہ یہ کیسا رسول ہے جو تمہارے جیسا بشر ہے، جو تم کھاتے ہو وہ وہی کھاتا ہے، بیوی بچوں والا ہے اور معاش کے لئے بازاروں میں چلتا پھرتا ہے، اللہ نے اس کے ساتھ اس کی تائید کے لئے کوئی فرشتہ بھی نہیں بھیجا اور جب اس سے کسی معجزے کا مطالبہ کرتے ہیں تو وہ بھی پورا نہیں کرتا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے نبی ﷺ! ان سے کہو دنیا کی تاریخ کا میں پہلا اور نرالا رسول تو نہیں ہوں، مجھ سے پہلے متعدد رسول دنیا میں آچکے ہیں اور ابراہیم علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام کو تم اچھی طرح جانتے ہو اور ان کی ذریت پر فخر بھی کرتے ہو وہ بھی میری طرح بشر ہی تھے، میری طرح انہیں بھی دنیاوی ضروریات درپیش ہوتی تھیں، ان کے ساتھ بھی کوئی فرشتہ نہیں اترا تھا تو پھر جب میں بھی ان کی طرح ہوں اور میری دعوت بھی ان کی دعوت کے موافق ہے تو میری رسالت پر تمہیں کیا اعتراض ہو سکتا ہے؟ میں فاعل حقیقی، مختار کامل اور عالم الغیب نہیں ہوں کہ ماضی حال مستقبل مجھ پر روشن ہوں، تمہارا مستقبل تو درکنار مجھے تو اپنے مستقبل کا بھی علم نہیں، ماضی حال مستقبل کا علم تو اللہ رب العالمین کے پاس ہے جو علام الغیوب ہے، میں تو صرف اس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو میرے پاس بھیجی جاتی ہے، میرے پاس کوئی ذاتی علم یا ایسا علم جو اللہ تعالیٰ کی عطا کے بغیر ہو یا قدیم و لامحدود ہو وہ میرے پاس نہیں، میں ایک علی الاعلان متنبہ کرنے والے کے سوا اور کچھ نہیں ہوں، لہذا اگر تم میری رسالت کو مانتے ہوئے میری دعوت پر ایمان لے آؤ تو یہ دونوں جہانوں میں تمہاری

خوش نصیبی ہو گا اور اگر ٹھکراتے ہو تو تمہارا حساب اللہ کے ذمہ ہے میں نے تمہیں برے انجام سے متنبہ کر دیا ہے اور میں بری الذمہ ہوں،

أَنَّ أُمَّ العَلاَءِ،أَنَّهُ اقْتُسِمَ المُهَاجِرُونَ قُرْعَةً فطَارَ لَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ، فَأَنْزَلْنَاهُ فِي أَبْيَاتِنَا، فَوَجِعَ وَجَعَهُ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ، فَلَمَّا تُوُفِّيَ وَغُسِّلَ وَكُفِّنَ فِي أَثْوَابِهِ، دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،فَقُلْتُ: رَحْمَةُ اللَّهِ عَلَيْكَ أَبَا السَّائِبِ، فَشَهَادَتِي عَلَيْكَ: لَقَدْ أَكْرَمَكَ اللَّهُ،فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:وَمَا يُدْرِيكِ أَنَّ اللَّهَ قَدْ أَكْرَمَهُ؟فَقُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَمَنْ يُكْرِمُهُ اللَّهُ؟

ام العلا رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب مہاجرین و انصار میں بھائی چارہ کرایا گیا تو ہمارے حصہ میں عثمان بن مظعون آئے،وہ ہمارے ہاں بیمار ہوئے اور رفوت ہو گئے جب ہم ان کو کفن پہنا چکے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، تو میرے منہ سے نکل گیا اے ابو السائب! اللہ تجھ پر رحم کرے ،میری تو تجھ پر گواہی ہے کہ اللہ تعالیٰ یقیناً تیرا اکرام کرے گا،نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں کیسے معلوم ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ یقیناً اس کا اکرام کرے گا؟میں نے کہا مجھے تو اس سلسلہ میں کچھ خبر نہیں ہے میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! لیکن اور کسے نوازے گا؟

فَقَالَ: أَمَّا هُوَ فَقَدْ جَاءَهُ اليَقِينُ، وَاللَّهِ إِنِّي لَأَرْجُو لَهُ الخَيْرَ وَمَا أَدْرِي وَاللَّهِ وَأَنَا رَسُولُ اللَّهِ مَا يُفْعَلُ بِي، قَالَتْ: فَوَاللَّهِ لاَ أُزَكِّي أَحَدًا بَعْدَهُ أَبَدًا قَالَتْ: فَأَحْزَنَنِي ذَلِكَ، فَنِمْتُ، وفَرِيتُ لِعُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ عَيْنًا تَجْرِي، فَجِئْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ:ذَلِكِ عَمَلُهُ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سنو ان کے پاس تو ان کے رب کی طرف کا یقین آپہنچا اور مجھے ان کے لئے بھلائی اور خیر کی امید ہے، اللہ کی قسم! مجھے اللہ کا رسول ہونے کے باوجود علم نہیں کہ قیامت کو میرے ساتھ کیا کیا جائے گا؟اس پر میں نے کہا اللہ کی قسم اب اس کے بعد میں کسی کی برات نہیں کروں گی،انہوں نے بیان کیا کہ اس واقعہ پر مجھے بڑا رنج ہوا پھر میں سو گئی تو میں نے خواب میں دیکھا کہ عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے لئے ایک بہتا ہوا چشمہ ہے،میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ سے اپنا خواب بیان کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ ان کا عمل تھا۔[1]

اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! ان سے کہو! کبھی تم نے سوچا بھی کہ اگر یہ کلام اللہ ہی کی طرف سے ہو اور تم نے اس کا انکار کر دیا تو تمہارا کیا انجام ہو گا اور تمہیں کیسی دردناک سزائیں ملیں گی،جیسے فرمایا

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ۝۵۲ [2]

ترجمہ:اے نبی!ان سے کہو کبھی تم نے یہ بھی سوچا کہ اگر واقعی یہ قرآن اللہ ہی کی طرف سے ہو اور تم اس کا انکار کرتے رہے تو اس شخص سے بڑھ کر بھٹکا ہوا اور کون ہو گا جو اس کی مخالفت میں دور تک نکل گیا ہو؟۔

تم لوگ محض اپنی ہٹ دھرمی اور تعصّبات میں اس کلام کا انکار کرتے ہو،اپنے آپ کو دھوکہ دینے کے لیے اسے پرانے زمانے کی کہانیاں کہتے

[1] صحیح بخاری مناقب الانصارباب مقدم النبی واصحابہ المدینۃ ۳۹۲۹،وکتاب الجنائزباب الدخول علی المیت بعد الموت۱۲۴۳، مسند احمد ۲۷۴۵۷،۳۱۰۳،المعجم الکبیرللطبرانی ۳۳۷،مستدرک حاکم۳۶۹۶،السنن الکبری للنسائی۷۵۸۷،السنن الکبری للبیہقی۷۱۹۰

[2] حم السجدۃ۵۲

ہو،اللہ کے پاکیزہ کلام کو میرا من گھڑت کہتے ہو حالانکہ اس کی سچائی کی شہادت اس سے پہلے منزل کتابیں دے رہی ہوں،اس لئے بنی اسرائیل کا ایک عام آدمی (عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور اس کتاب پر ایمان لے آیا ہے، جیسے فرمایا

وَاِذَا یُتْلٰی عَلَیْهِمْ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِهٖۤ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَاۤ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِیْنَ ۝۵۳ [1]

ترجمہ: اور جب یہ ان کو سنایا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان لائے یہ واقعی حق ہے ہمارے رب کی طرف سے ہم تو پہلے ہی مسلم ہیں۔

ایک مقام پر فرمایا

قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖۤ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖۤ اِذَا یُتْلٰی عَلَیْهِمْ یَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ۝۱۰۷ وَّیَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَاۤ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ۝۱۰۸ وَیَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ یَبْكُوْنَ وَیَزِیْدُهُمْ خُشُوْعًا ۝۱۰۹ [2]

ترجمہ:اے نبی!ان لوگوں سے کہہ دو کہ تم اسے مانو یا نہ مانو جن لوگوں کو اس سے پہلے علم دیا گیا ہے انہیں جب یہ سنایا جاتا ہے تو وہ منہ کے بل سجدے میں گر جاتے ہیں اور پکار اٹھتے ہیں پاک ہے ہمارا رب! اس کا وعدہ تو پورا ہونا ہی تھا اور وہ منہ کے بل روتے ہوئے گر جاتے ہیں اور اسے سن کر ان کا خشوع اور بڑھ جاتا ہے۔

ایک اہل کتاب کے ایمان لانے کے بعد اس کے مُنَزَّلٌ مِنَ اللّٰهِ ہونے میں کوئی شک نہیں رہ جاتا لیکن تم اپنے گھمنڈ میں پڑے رہے، بیشک اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

وَ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَیْرًا مَّا سَبَقُوْنَاۤ اِلَیْهِ ؕ

اور کافروں نے ایمانداروں کی نسبت کہا کہ اگر یہ (دین) بہتر ہوتا تو یہ لوگ اس کی طرف ہم سے سبقت کرنے نہ پاتے،

وَ اِذْ لَمْ یَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَیَقُوْلُوْنَ هٰذَاۤ اِفْكٌ قَدِیْمٌ ۝۱۱ وَ مِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰۤی

اور چونکہ انہوں نے اس قرآن سے ہدایت نہیں پائی پس یہ کہہ دیں گے کہ یہ قدیمی جھوٹ ہے،اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب

اِمَامًا وَّ رَحْمَةً ؕ وَ هٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِیًّا لِّیُنْذِرَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ۖۗ وَ بُشْرٰی

پیشوا اور رحمت تھی، اور یہ کتاب ہے تصدیق کرنے والی عربی زبان میں تاکہ ظالموں کو ڈرائے اور نیک کاروں کو

لِلْمُحْسِنِیْنَ ۝۱۲ ۚ اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ

بشارت ہو، بیشک جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے، پھر اس پر جمے رہے تو ان پر نہ کوئی خوف ہو گا نہ

---

[1] القصص ۵۳

[2] بنی اسرائیل ۱۰۷تا۱۰۹

عَلَيۡهِمۡ وَ لَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ۚ﴿۱۳﴾ اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ الۡجَنَّةِ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا ۚ جَزَآءًۢ

غمگین ہونگے، یہ تو اہل جنت ہیں جو سدا اسی میں رہیں گے

بِمَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۴﴾ (الاحقاف ۱۱تا۱۴)

ان اعمال کے بدلے جو وہ کیا کرتے تھے۔

جن لوگوں نے قرآن کو کلام الٰہی تسلیم کرنے سے انکار کر دیا ہے وہ اہل ایمان کے متعلق کہتے ہیں کہ اگر یہ قرآن برحق ہوتا اور محمد ﷺ کسی صحیح بات کی طرف دعوت دے رہے ہوتے تو بلال رضی اللہ عنہ، عمار رضی اللہ عنہ، صہیب رضی اللہ عنہ، خباب رضی اللہ عنہ اور ان جیسے غربا و فقرا لوگ اسلام قبول کرنے میں ہم جیسے جہاندیدہ، ذی عزت و ذی مرتبہ پر سبقت کا شرف حاصل نہ کر سکتے تھے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا

وَ كَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعۡضَهُمۡ بِبَعۡضٍ لِّيَقُوۡلُوۡۤا اَهٰۤؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ مِّنۡۢ بَيۡنِنَا ... ﴿۵۳﴾ [۱]

ترجمہ: دراصل ہم نے اس طرح ان لوگوں میں سے بعض کو بعض کے ذریعہ سے آزمائش میں ڈالا ہے تاکہ وہ انہیں دیکھ کر کہیں کیا یہ ہیں وہ لوگ جن پر ہمارے درمیان اللہ کا فضل و کرم ہوا ہے۔

چونکہ انہوں نے کلام الٰہی سے رہنمائی حاصل نہیں کی اس لئے اپنی خجالت دور کرنے کے لئے کہیں گے کہ قرآن میں تو پرانے وقتوں کی فرسودہ کہانیاں ہیں، اس طرح وہ قرآن اور قرآن مجید پر ایمان لانے والوں کی تنقیص کرتے ہیں اور یہی تکبر ہے،

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:الْكِبْرُ بَطَر الْحَقِّ، وَغَمْط النَّاسِ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے جس کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے تکبر حق کا انکار کرنے اور لوگوں کو حقیر سمجھنے کا نام ہے۔ [۲]

اس طرح وہ جلیل ترین عطیات سے محروم ہو گئے، حالانکہ نزول قرآن سے پہلے موسیٰ پر تورات رہنما اور رحمت بن کر نازل ہو چکی ہے اور یہ قرآن اپنے سے پہلے کی تمام کتابوں کو مُنَزَّلٌ مِنَ اللّٰهِ کہتا اور ان کی تصدیق کرتا ہے اور ان کی اپنی فصیح و بلیغ عربی زبان میں نازل کیا ہے تاکہ تو کفر، فسق اور نافرمانی کا ارتکاب کرنے والوں کو عذاب جہنم اور ایمان لانے والوں اور اعمال صالحہ اختیار کرنے والوں کو بخشش اور لازوال انواع و اقسام کی نعمتوں سے بھری جنتوں کی بشارت دے دے، یقیناً جو لوگ اللہ کی وحدانیت کی گواہی دیتے ہیں پھر مرتے دم تک اس عقیدہ پر قائم رہتے ہیں، اس میں کسی باطل عقیدے کی آمیزش نہیں کرتے، اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتے بلکہ اللہ کی اطاعت پر استقامت اختیار کرتے ہیں، روز محشر انہیں کسی قسم کا کوئی خوف لاحق نہ ہو گا نہ وہ غمگین ہوں گے، جیسے فرمایا

اِنَّ الَّذِيۡنَ قَالُوۡا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسۡتَقَامُوۡا تَتَنَزَّلُ عَلَيۡهِمُ الۡمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوۡا وَلَا تَحۡزَنُوۡا وَاَبۡشِرُوۡا بِالۡجَنَّةِ الَّتِىۡ كُنۡتُمۡ تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۳۰﴾ [۳]

[۱] الانعام ۵۳

[۲] صحیح مسلم كِتَابُ الْإِيمَانَ بَابُ تَحْرِيمِ الْكِبْرِ وَبَيَانِهِ ۲۶۵

[۳] حم السجدة ۳۰

ترجمہ: جن لوگوں نے کہا کہ اللہ ہمارا رب ہے اور پھر وہ اس پر ثابت قدم رہے، ان پر یقیناً ان پر فرشتے نازل ہوتے ہیں اور ان سے کہتے ہیں کہ نہ ڈرو، غم نہ کرو اور خوش ہو جاؤ اس جنت کی بشارت سے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے۔

ایسے با کمال لوگ جنت میں داخل ہونے والے ہیں جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اپنے ان نیک اعمال کے بدلے جو وہ دنیا میں کرتے رہے ہیں۔

وَ وَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ؕ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّ وَضَعَتْهُ كُرْهًا ؕ

اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کرنے کا حکم دیا ہے، اس کی ماں نے اسے تکلیف جھیل کر پیٹ میں رکھا

وَ حَمْلُهٗ وَ فِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ؕ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَ بَلَغَ

اور تکلیف برداشت کر کے اسے جنا، اس کے حمل کا اور اس کے دودھ چھڑانے کا زمانہ تیس مہینے ہے، یہاں تک کہ جب وہ

اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْۤ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْۤ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَ عَلٰى

اپنی پختگی اور چالیس سال کی عمر کو پہنچا تو کہنے لگا اے میرے پروردگار! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر بجالاؤ

وَالِدَيَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَ اَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ؕۚ

جو تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر انعام کیا ہے اور یہ کہ میں ایسے نیک عمل کروں جن سے تو خوش ہو جائے اور تو میری اولاد کو

اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَ اِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝۱۵ اُولٰٓىِٕكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ

بھی صالح بنا، میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور میں مسلمانوں میں سے ہوں، یہی وہ لوگ ہیں جن کے نیک اعمال تو ہم

مَا عَمِلُوْا وَ نَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْۤ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ؕ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ

قبول فرما لیتے ہیں اور جن کے بعض اعمال سے درگزر کر لیتے ہیں، (یہ) جنتی لوگوں میں ہیں اس سچے وعدے کے

كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ۝۱۶ (الاحقاف ۱۶،۱۵)

مطابق جو ان سے کیا جاتا ہے۔

والدین سے بہتر سلوک:

ہم نے انسان کو ہدایت کی کہ وہ اپنے والدین کے ساتھ نیک برتاؤ کرے، اس کی ماں نے نو ماہ تک مشقت اٹھا کر اسے پیٹ میں رکھا اور مشقت اٹھا کر ہی اس کو جنا، جیسے فرمایا

وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّاۤ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَاۤ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ

لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾ [۱]

ترجمہ: تیرے رب نے فیصلہ کر دیا ہے کہ تم لوگ کسی کی عبادت نہ کرو مگر صرف اس کی، والدین کے ساتھ نیک سلوک کرو اگر تمہارے پاس ان میں سے کوئی ایک یا دونوں بوڑھے ہو کر رہیں تو انہیں اف تک نہ کہو، نہ انہیں جھڑک کر جواب دو بلکہ اسے احترام کے ساتھ بات کرو۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ۭ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۱۴﴾ [۲]

ترجمہ: اور یہ حقیقت ہے کہ ہم نے انسان کو اپنے والدین کا حق پہچاننے کی خود تاکید کی ہے، اس کی ماں نے ضعف پر ضعف اٹھا کر اسے اپنے پیٹ میں رکھا اور دو سال اس کا دودھ چھوٹنے میں لگے (اسی لئے ہم نے اس کو نصیحت کی کہ) میرا شکر کر اور اپنے والدین کا شکر بجالا، میری ہی طرف تجھے پلٹنا ہے۔

وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ... ﴿۲۳۳﴾ [۳]

ترجمہ: جو باپ چاہتے ہوں کہ ان کی اولاد پوری مدت رضاعت تک دودھ پیئے تو مائیں اپنے بچوں کامل دو سال دودھ پلائیں۔

اس لئے ماں کے ساتھ حسن سلوک کو اولیت دی گئی ہے اور باپ کا درجہ اس کے بعد فرمایا ہے،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَنْ أَحَقُّ النَّاسِ بِحُسْنِ صَحَابَتِي؟ قَالَ: أُمُّكَ، قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ أُمُّكَ، قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ أُمُّكَ، قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ أَبُوكَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور پوچھا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میرے حسن سلوک کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہاری ماں، اس نے پھر پوچھا پھر کون؟ فرمایا تیری ماں کا وہ بولا پھر کون؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہاری ماں، وہ پھر بولا پھر کون؟ فرمایا تیرے باپ کا۔ [۴]

اور اس کے حمل اور دودھ چھڑانے میں تیس مہینے لگ گئے،

عَنْ بَعْجَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْجُهَنِيِّ قَالَ: تَزَوَّجَ رَجُلٌ مِنَّا امْرَأَةً مِنْ جُهَيْنَةَ، فَوَلَدَتْ لَهُ لِتَمَامِ سِتَّةِ أَشْهُرٍ فَانْطَلَقَ زَوْجُهَا إِلَى عُثْمَانَ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ، فَبَعَثَ إِلَيْهَا فَلَمَّا قَامَتْ لِتَلْبَسَ ثِيَابَهَا بَكَتْ أُخْتُهَا فَقَالَتْ: مَا يُبْكِيكِ؟! فَوَاللَّهِ مَا الْتَبَسَ بِي أَحَدٌ مِنْ خَلْقِ اللَّهِ غَيْرَهُ قَطُّ، فَيَقْضِي اللَّهُ فِيَّ مَا شَاءَ، فَلَمَّا أُتِيَ بِهَا عُثْمَانُ أَمَرَ بِرَجْمِهَا، فَبَلَغَ ذَلِكَ عَلِيًّا فَأَتَاهُ، فَقَالَ لَهُ: مَا تَصْنَعُ؟ قَالَ: وَلَدَتْ تَمَامًا لِسِتَّةِ أَشْهُرٍ، وَهَلْ يَكُونُ ذَلِكَ؟

بعجہ بن عبداللہ جہنی سے روایت ہے ہمارے ایک شخص نے جہینہ قبیلے کی ایک عورت سے شادی کی تو اس نے پورے چھ ماہ بعد اس کے

[۱] بنی اسرائیل ۲۳

[۲] لقمان ۱۴

[۳] البقرة ۲۳۳

[۴] صحیح مسلم کتاب البر والصلة بَابُ بِرِّ الْوَالِدَيْنِ وَأَنَّهُمَا أَحَقُّ بِهِ ۶۵۰۰، صحیح بخاری کتاب الادب بَابٌ مَنْ أَحَقُّ النَّاسِ بِحُسْنِ الصُّحْبَةِ ۵۹۷۱، سنن ابن ماجه كِتَابُ الْوَصَايَا بَابُ النَّهْيِ عَنِ الْإِمْسَاكِ فِي الْحَيَاةِ وَالتَّبْذِيرِ عِنْدَ الْمَوْتِ ۲۷۰۷

بیٹے کو جنم دے دیا،اس عورت کا شوہر سید نا عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور اس نے آپ کی خدمت میں اس کا ذکر کیا، سید نا عثمان رضی اللہ عنہ نے اس عورت کو بلا بھیجا، تو وہ اپنے کپڑے پہننے کے لیے کھڑی ہوئی تو اس کی بہن رونے لگی؟ اس نے پوچھا کہ تم کیوں روتی ہو؟ اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے اپنے اس شوہر کے سوا اور کسی نے میرے ساتھ کبھی اختلاط نہیں کیا اس لیے اللہ تعالیٰ میرے بارے میں جو چاہے گا فیصلہ فرمائے گا، جب اس عورت کو سید نا عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا تو آپ نے اسے رجم کرنے کا حکم دے دیا، سید نا علی رضی اللہ عنہ کو جب یہ بات پہنچی تو وہ آپ کے پاس آئے اور فرمانے لگے کہ آپ کیا کرتے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا کہ اس عورت نے پورے چھ ماہ بعد بچے کو جنم دیا ہے تو کیا چھ ماہ بعد بچہ پیدا ہو سکتا ہے؟ سید نا علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا آپ قرآن نہیں پڑھتے؟ انہوں نے جواب دیا کیوں نہیں،

فَقَالَ لَهُ [عَلِيٌّ] أَمَا تَقْرَأُ الْقُرْآنَ؟ قَالَ: بَلَى قَالَ: أَمَا سَمِعْتَ اللَّهَ يَقُولُ وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْرًا وَقَالَ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ] حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ، فَلَمْ نَجِدْهُ بَقَّى إِلَّا سِتَّةَ أَشْهُرٍ قَالَ: فَقَالَ عُثْمَانُ: وَاللَّهِ مَا فَطِنْتُ لِهَذَا عَلَيَّ بِالْمَرْأَةِ فَوَجَدُوهَا قَدْ فُرِغَ مِنْهَا، قَالَ: فَقَالَ بَعْجَةُ: فَوَاللَّهِ مَا الْغُرَابُ بِالْغُرَابِ وَلَا الْبَيْضَةُ بِالْبَيْضَةِ بِأَشْبَهَ مِنْهُ بِأَبِيهِ، فَلَمَّا رَآهُ أَبُوهُ قَالَ: ابْنِي إِنِّي وَاللَّهِ لَا أَشُكُّ فِيهِ، قَالَ: وَأَبْلَاهُ اللَّهُ بِهَذِهِ الْقُرْحَةِ قُرْحَةِ الْأَكَلَةِ، فَمَا زَالَتْ تَأْكُلُهُ حَتَّى مَاتَ

سید نا علی رضی اللہ عنہ نے کہا کیا آپ نے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان نہیں سنا اور اس کے حمل اور دودھ چھڑانے میں تیس مہینے لگ گئے اور یہ فرمان تو مائیں اپنے بچوں کو کامل دو سال دودھ پلائیں اس طرح حمل کے لیے چھ ماہ بچتے ہیں، یہ سن کر سید نا عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ کی قسم! میں اس بات کو سمجھ نہیں سکا عورت کو میرے پاس واپس لاؤ مگر لوگ اسے رجم کر کے فارغ ہو چکے تھے، بعجہ نے کہا اللہ کی قسم! اس بچے کو اپنے باپ کے ساتھ اس قدر مشابہت تھی کہ کوے کو کوے کے ساتھ اور انڈے کو انڈے کے ساتھ بھی اس طرح مشابہت نہیں ہوتی، جب اس کے باپ نے اسے دیکھا تو کہا کہ یہ میرا بیٹا ہے اللہ کی قسم! مجھے اس کے بارے میں کوئی شک نہیں، لیکن اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو اس آزمائش میں مبتلا کر دیا کہ اس کے چہرے پر گوشت کھانے والا ایک پھوڑا نکل آیا جو اسے مسلسل کھاتا رہا حتی کہ وہ مر گیا۔ (۱)

اس احسان عظیم کے بعد ایک مومن کی دعا کا ذکر فرمایا یہاں تک کہ جب وہ اپنی پوری جوانی کو پہنچا اور پھر چالیس سال کا ہو گیا اور عقل وفہم کمال کو پہنچا، مزاج میں بردباری آ گئی تو اس نے کہا اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری نعمتوں کا شکریہ ادا کروں جو تو نے مجھے اور میرے والدین کو عطا فرمائیں، اور ایسے نیک عمل کی توفیق دے جو اپنی ظاہری صورت میں بھی ٹھیک ٹھیک تیرے قانون کے مطابق ہو اور حقیقت میں بھی تیرے ہاں مقبول ہونے کے لائق ہو اور میری اولاد کو بھی صالح بنا کر مجھے سکھ دے، میں تیرے حضور گناہ اور معاصی سے توبہ کرتا ہوں اور میں اطاعت گزار بندوں میں سے ہوں،

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ:وَكَانَ يُعَلِّمُنَا كَلِمَاتٍ وَلَمْ يَكُنْ يُعَلِّمُنَاهُنَّ كَمَا يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ:اللَّهُمَّ أَلِّفْ بَيْنَ قُلُوبِنَا، وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا، وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ، وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ، وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ، وَبَارِكْ لَنَا فِي أَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُلُوبِنَا وَأَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا، وَتُبْ عَلَيْنَا، إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ، وَاجْعَلْنَا شَاكِرِينَ لِنِعْمَتِكَ،

(۱) تفسیر ابن ابی حاتم ۳۲۹۴، ۳۲۹۳/۱۰، تفسیر المراغي ۲۶/۱۸، التفسیر المنیر في العقیدة والشریعة والمنهج ۲۶/۳۳، التفسیر الوسیط للقرآن الکریم ۹/۹۱۶، تفسیر حدائق الروح والریحان في روابي علوم القرآن ۲۷/۵۰

مُثْنِينَ بِهَا، قَابِلِيهَا وَأَتِمَّهَا عَلَيْنَا

عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو التحیات میں یہ دعا پڑھنے کی تلقین کیا کرتے تھے اے اللہ !ہمارے دلوں میں الفت ڈال اور ہمارے آپس میں اصلاح کر دے اور ہمیں سلامتی کی راہیں دکھا اور ہمیں اندھیروں سے بچا کر نور کی طرف نجات دے اور ہمیں ہر برائی سے بچا لے خواہ وہ ظاہر ہو خواہ چھپی ہوئی ہو اور ہمیں کانوں میں اور آنکھوں میں اور دلوں میں اور بیوی بچوں میں برکت دے اور ہم پر رجوع فرما یقیناً تو رجوع فرمانے والا مہربان ہے، اے اللہ! ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر گزار اور ان کے باعث اپنا ثنا خواں اور نعمتوں کا اقراری بنا اور اپنی بھرپور نعمتیں ہمیں عطا فرما۔[1]

اس طرح کے لوگوں سے ہم ان کے بہترین اعمال کو قبول کرتے ہیں اور ان کی لغزشوں، کمزوریوں اور خطاؤں کو معاف فرما دیتے ہیں، یہ لوگ جنت میں داخل ہونے والے خوش نصیبوں میں شامل ہوں گے، یہ وہ سچا وعدہ ہے جو ان سے کیا جاتا تھا۔

وَ الَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَ قَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ

اور جس نے اپنے ماں باپ سے کہا کہ تم سے میں تنگ آ گیا، تم مجھ سے یہ کہتے رہو گے کہ میں مرنے کے بعد زندہ ہو جاؤں گا

مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَ هُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ۖ

مجھ سے پہلے بھی امتیں گزر چکی ہیں، وہ دونوں جناب باری میں فریاد کرتے ہیں اور کہتے ہیں تجھے خرابی ہو تو ایمان لے آ،

اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۷﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

بیشک اللہ کا وعدہ حق ہے، وہ جواب دیتا ہے کہ یہ تو صرف اگلوں کے افسانے ہیں، وہ لوگ ہیں جن پر (اللہ کے عذاب کا)

حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا

وعدہ صادق آ گیا ان جنات اور انسانوں کے گروہوں کے ساتھ جو ان سے پہلے گزر چکے، یقیناً یہ نقصان پانے والے

خٰسِرِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَ لِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَ لِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَ هُمْ

تھے، اور ہر ایک کو اپنے اپنے اعمال کے مطابق درجے ملیں گے تاکہ انہیں ان کے اعمال کا پورے بدلے دے اور ان پر

لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَ يَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ۭ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ

ظلم نہ کیا جائے گا، اور جس دن کافر جہنم کے سرے پر لائے جائیں گے (کہا جائے گا) تم نے اپنی نیکیاں دنیا کی زندگی میں ہی

الدُّنْيَا وَ اسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ

برباد کر دیں اور ان کا فائدہ اٹھا چکے، پس آج تمہیں ذلت کے عذاب کی سزا دی جائے گی، اس باعث کہ تم زمین میں ناحق تکبر

[1] سنن ابوداود کتاب الصلاۃ بَابُ التَّشَهُّدِ ۹۶۹

فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَ بِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ﴿۲۰﴾ (الاحقاف ۱۷ تا ۲۰)

کیا کرتے تھے اور اس باعث بھی کہ تم حکم عدولی کرتے تھے۔

سعادت مند اولاد کے بعد بد بخت اور نافرمان اولاد کا ذکر فرمایا جو اپنے والدین کے ساتھ گستاخی سے پیش آتی ہے اور باپ کی ناصحانہ باتوں پر یا دعوت ایمان و عمل صالحہ پر ناگواری اور شدت غیظ کا اظہار کرتے ہوئے کہتا ہے تمہارے لئے ہلاکت ہو تم نے تو مجھے تنگ کر کے رکھ دیا ہے، ہر وقت تم مجھے یہی مجھے خوف دلاتے رہتے ہو کہ مرنے کے بعد اعمال کی باز پرس کے لئے میں پھر قبر سے زندہ نکالا جاؤں گا حالانکہ مجھ سے پہلے بہت سی نسلیں گزر چکی ہیں ان میں سے تو کوئی اٹھ کر نہیں آیا ہے، مسلمان والدین اللہ کی دہائی دے کر دردمندی سے کہتے ہیں ارے بدنصیب! ابھی وقت نہیں گزرا اپنے ان غلیظ عقائد سے تائب ہو کر حیات بعد الموت اور جزا و سزا کو تسلیم کر لے، بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے وہ ایک وقت مقررہ پر تمام لوگوں کو ان کی قبروں سے زندہ کرے گا اور سب کو میدان محشر میں جمع کر کے اعمال کی بابت سوال کرے گا اگر اعمال نیک ہوئے تو جنت ورنہ جہنم کے دردناک عذاب میں داخل کر دے گا، مگر وہ منکر حیات بعد الموت کو محال سمجھتے ہوئے تکبر سے کہتا ہے مرنے کے بعد کوئی زندہ نہیں ہوگا، اعمال کی کوئی جزا و سزا نہیں، کوئی جنت و دوزخ نہیں، یہ سب اگلے وقتوں کی فرسودہ کہانیاں ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جن پر عذاب کا فیصلہ چسپاں ہو چکا ہے، جیسے فرمایا:

قَالَ فَالْحَقُّ ۖ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿۸۴﴾ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۸۵﴾ [۱]

ترجمہ: فرمایا تو حق یہ ہے اور میں حق ہی کہا کرتا ہوں کہ میں جہنم کو تجھ سے اور ان سب لوگوں سے بھر دوں گا جو ان انسانوں میں سے تیری پیروی کریں گے۔

انہی عقائد و اعمال کے حامل جنوں و انسانوں کے جو گروہ پہلے گزر چکے ہیں روز قیامت یہ بھی انہی کے ساتھ نقصان اٹھانے والوں میں شامل ہوں گے،

عَنِ الْحَسَنِ، فِي قَوْلِهِ: وَالَّذِیْ قَالَ لِوَالِدَیْهِ اُفٍّ لَّكُمَاۤ اَتَعِدٰنِنِیْۤ اَنْ اُخْرَجَ، قَالَ: هُوَ الْكَافِرُ الْفَاجِرُ الْعَاقُّ لِوَالِدَيْهِ الْمُكَذِّبُ بِالْبَعْثِ

حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس آیت ”اور جس نے اپنے ماں باپ سے کہا کہ تم سے میں تنگ آ گیا، تم مجھ سے یہ کہتے رہو گے کہ میں مرنے کے بعد زندہ ہو جاؤں گا۔“ کا مصداق ہر وہ کافر و فاجر ہے جو اپنے ماں باپ کا نافرمان اور بعث بعد الموت کی تکذیب کرتا ہے۔[۲]

اہل خیر و اہل شر دونوں کے درجے ان کے اعمال کے لحاظ سے ہیں تاکہ اللہ ان کے اعمال کا ٹھیک ٹھیک بدلہ دے، اللہ نہ اچھے لوگوں کی نیکیاں اور قربانیاں ضائع کرے گا اور نہ برے لوگوں کو ان کی واقعہ برائی سے بڑھ کر سزا دے گا،

قَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ: دَرَجَاتُ النَّارِ تَذْهَبُ سَفَالًا وَدَرَجَاتُ الْجَنَّةِ تَذْهَبُ عُلُوًّا

---

[۱] ص ۸۵،۸۴

[۲] تفسیر طبری ۱۱۹/۲۲

عبد الرحمٰن بن زید بن اسلم کا قول ہے جہنم کے درجے نیچے کی طرف اور جنت کے درجے اوپر کی طرف جاتے ہیں۔ (۱)

پھر جب یہ کافر جہنم کے کنارے لاکر کھڑے کیے جائیں گے تو ان سے کہا جائے گا تم اپنے حصے کی نعمتیں اپنی دنیا کی زندگی میں ختم کر چکے اور ان کا لطف تم نے اٹھالیا اور انہی میں مست ہو کر تم آخرت کی فکر سے غافل ہو گئے،

وَقَدْ تَوَرَّعَ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنْ كَثِيرٍ مِنْ طَيِّبَاتِ الْمَآكِلِ وَالْمَشَارِبِ، وَتَنَزَّهَ عَنْهَا وَيَقُولُ:إِنِّي أَخَافُ أَنْ أَكُونَ كَالَّذِينَ قَالَ اللَّهُ تَعَالَى لَهُمْ وقرّعهم:أَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِي حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا

اسی آیت کے پیش نظر امیر المومنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بہت زیادہ مرغوب اور لطیف غذاؤں سے اجتناب کر لیا تھا اور فرمایا کرتے تھے مجھے ڈر ہے کہ کہیں میں ان لوگوں میں نہ ہو جاؤں جنہیں اللہ تعالیٰ ڈانٹ ڈپٹ کے ساتھ فرمائے گا تم اپنے حصے کی نعمتیں اپنی دنیا کی زندگی میں ختم کر چکے اور ان کا لطف تم نے اٹھالیا۔ (۲)

چنانچہ زمین میں جو ناحق تکبر تم کرتے رہے اور اللہ کی جو جو نافرمانیاں تم نے کیں ان کی پاداش میں آج تم کو اہانت اور رسوائی والا عذاب دیا جائے گا۔

أَجَارَنَا اللَّهُ مِنْ ذَلِكَ كُلِّهِ

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے فضل و کرم سے ان سب عذابوں سے محفوظ رکھے۔

وَ اذْكُرْ اَخَا عَادٍؕ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَ قَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَیْنِ

اور عاد کے بھائی کو یاد کرو جبکہ اس نے اپنی قوم کو احقاف میں ڈرایا اور یقیناً اس سے پہلے بھی ڈرانے والے گزر چکے ہیں

یَدَیْهِ وَ مِنْ خَلْفِهٖۤ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا اللّٰهَؕ اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۲۱﴾

اور اس کے بعد بھی یہ کہ تم سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کی عبادت نہ کرو، بیشک میں تم پر بڑے دن کے عذاب سے خوف کھاتا ہوں،

قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَاۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ كُنْتَ

قوم نے جواب دیا کیا آپ ہمارے پاس اس لیے آئے ہیں کہ ہمیں اپنے معبودوں (کی پرستش) سے باز رکھیں؟ پس اگر

مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۲۲﴾ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ﳲ

آپ سچے ہیں تو جس عذاب کا آپ وعدہ کرتے ہیں اسے ہم پر لا ڈالیں، (حضرت ہود نے) کہا (اس کا) علم تو اللہ ہی کے پاس

وَ اُبَلِّغُكُمْ مَّاۤ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَ لٰكِنِّیْۤ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ (الاحقاف ۲۱ تا ۲۳)

ہے، میں تو جو پیغام دے کر بھیجا گیا تھا وہ تمہیں پہنچا رہا ہوں لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم لوگ نادانی کر رہے ہو۔

(۱) تفسیر ابن کثیر ۲۸۴/۷

(۲) تفسیر القرطبی ۲۰۱،۲۰۲/۱۶، تفسیر ابن کثیر ۲۸۴/۷

سرداران قریش اپنی طاقت اور بڑائی کے زعم میں مبتلا تھے،اس لئے انہیں قوم عاد کا قصہ سنایا جس کے متعلق اہل عرب جانتے تھے کہ وہ اپنے زمانے کی ایک شاندار تمدن رکھنے والی طاقت ونخوت کی مالک قوم تھی فرمایا کہ ذراانہیں قوم عاد کے پیغمبر ہود علیہ السلام کا قصہ سناؤ جب کہ ہود علیہ السلام نے حضرموت کے قریب احقاف میں اپنی قوم کو خبر دار کیا تھا

وَقَالَ قَتَادَةُ: ذُكر لَنَا أَنَّ عَادًا كَانُوا حَيًّا بِالْيَمَنِ أَهْلَ رَمْلٍ مُشْرِفِينَ عَلَى الْبَحْرِ بِأَرْضٍ يُقَالُ لَهَا: الشِّحْر

قتادہ کہتے ہیں ہم سے بیان کیا گیا ہے کہ عاد یمن کا ایک قبیلہ تھا جو رہت والے علاقے میں رہتا تھااور شحر نامی جگہ میں ساحل سمندر پر تھا۔[1]

اور ایسی پاکیزہ دعوت دینے والے ہود علیہ السلام کوئی انوکھے رسول نہیں تھے بلکہ پہلے بھی پیغمبر یہ دعوت دے چکے تھے اور اس کے بعد بھی مبعوث ہوتے رہے،ان سب کی دعوت ایک ہی تھی کہ طاغوت کی بندگی واطاعت سے تائب ہو کر اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی کرو اللہ کے سوا کوئی بندگی واطاعت کا مستحق نہیں ہے،جیسے فرمایا

فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ۝۱۳ اِذْ جَاۗءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ۔۔۔ ۝۱۴ [2]

ترجمہ:اب اگر یہ لوگ منہ موڑتے ہیں تو ان سے کہہ دو کہ میں تم کو اسی طرح کے ایک اچانک ٹوٹ پڑنے والے عذاب سے ڈراتا ہوں جیسا عاد اور ثمود پر نازل ہوا تھا جب اللہ کے رسول ان کے پاس آگے اور پیچھے،ہر طرف سے آئے اور انہیں سمجھایا کہ اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو۔ اگر تم اس پاکیزہ دعوت کو قبول نہیں کرتے تو مجھے تمہارے حق میں ایک بڑے ہولناک دن کے عذاب کا اندیشہ ہے،قوم نے اس دردمندی کا یہ جواب دیا اے ہود علیہ السلام! کیا تو اس لئے مبعوث ہوا ہے کہ ہمیں بہکا کر ہمارے معبودوں سے پھیر دے جن کی ہمارے آباؤ اجداد پرستش کرتے چلے آئے ہیں؟ ہود علیہ السلام پرخلوص انداز میں طرح طرح سے وعظ ونصیحت کرتے رہے مگر لاحاصل،جب ایک عرصہ گزر گیااور تکذیب کے باوجود کوئی تبدیلی واقع نہ ہوئی تو قوم کے سرداروں نے عذاب الٰہی کو محال سمجھااور بڑی جرات کے ساتھ مطالبہ کیا اے ہود علیہ السلام علیہ السلام! اگر واقعی تو سچا ہے تو جس ہولناک عذاب سے تو ہمیں ڈراتا رہتا ہے وہ لے آؤ،اور ایسا مطالبہ ہر مشرک قوم اپنے پیغمبر سے کرتی رہی ہے جیسے فرمایا

يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۔۔۔ ۝۱۸ [3]

ترجمہ:جو لوگ اس کے آنے پر ایمان نہیں رکھتے وہ تو اس کے لئے جلدی مچاتے ہیں۔

ہود علیہ السلام نے کہا تمہارے مطالبہ کے مطابق دنیا میں تم پر عذاب نازل ہو گا یا نہیں ہو گا یا کتنی مہلت دینے کے بعد نازل ہو گا یہ اللہ کی مشیت پر منحصر ہے،میرا منصب تو یہ ہے پوری دیانت وامانت کے ساتھ اور واضح طور پر دعوت حق تمہیں پہنچادوں اس کے سوا مجھ پر کوئی اور ذمہ داری نہیں ہے،مگر میں دیکھ رہا ہوں کہ تم لوگ عقل وشعور سے کام نہیں لے رہے ہو بلکہ میری تنبیہ کو ایک مذاق سمجھ رہے ہو مگر تمہیں اندازہ نہیں کہ اللہ کا عذاب کیسا دردناک ہوتا ہے۔

[1] تفسیرطبری ۱۲۴؍۲۲

[2] حم السجدۃ ۱۳،۱۴

[3] الشوریٰ ۱۸

فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ؕ

پھر جب انہوں نے عذاب کو بصورت بادل دیکھا اپنی وادیوں کی طرف آتے ہوئے تو کہنے لگے یہ ابر ہم پر برسنے والا ہے (نہیں)

بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ؕ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ۝۲۴ تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۭ بِاَمْرِ رَبِّهَا

بلکہ دراصل یہ ابر وہ (عذاب) ہے جس کی تم جلدی کر رہے تھے، ہوا ہے جس میں دردناک عذاب ہے جو اپنے رب کے حکم

فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰۤى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِى الْقَوْمَ

سے ہر چیز کو ہلاک کر دے گی، پس وہ ایسے ہو گئے کہ بجز ان کے مکانات کے اور کچھ دکھائی نہ دیتا تھا، گناہ گاروں کے گروہ کو

الْمُجْرِمِيْنَ ۝۲۵ وَ لَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَاۤ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ وَ جَعَلْنَا لَهُمْ

ہم ایسی ہی سزا دیتے ہیں، اور بالیقین ہم نے (قوم عاد) کو وہ مقدور دیئے تھے جو تمہیں تو دیئے بھی نہیں، اور ہم نے انہیں

سَمْعًا وَّ اَبْصَارًا وَّ اَفْـِٕدَةً ۖؗ فَمَاۤ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَ لَاۤ اَبْصَارُهُمْ وَ لَاۤ اَفْـِٕدَتُهُمْ

کان آنکھیں اور دل بھی دے رکھے تھے لیکن ان کے کانوں اور آنکھوں اور دلوں نے انہیں کچھ بھی نفع نہ پہنچایا، جب

مِّنْ شَيْءٍ اِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ حَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۲۶ؒ

کہ وہ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا انکار کرنے لگے اور جس چیز کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے وہی ان پر الٹ پڑی،

وَ لَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَ صَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝۲۷

اور یقیناً ہم نے تمہارے آس پاس کی بستیاں تباہ کر دیں اور طرح طرح کی ہم نے اپنی نشانیاں بیان کر دیں تاکہ وہ رجوع کر لیں،

فَلَوْ لَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ؕ بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَ ذٰلِكَ

پس قرب الٰہی حاصل کرنے کے لیے انہوں نے اللہ کے سوا جن جن کو اپنا معبود بنا رکھا تھا انہوں نے ان کی مدد کیوں نہ کی؟

اِفْكُهُمْ وَ مَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝۲۸ (الاحقاف ۲۴ تا ۲۸)

بلکہ وہ تو ان سے کھو گئے، (بلکہ دراصل) یہ ان کا محض جھوٹ اور (بالکل) بہتان تھا۔

قوم ہود علیہ السلام کے مطالبہ عذاب کے سبب اللہ تعالیٰ نے ان پر اپنی رحمت برسانا بند کر دی جس سے خشک سالی ہو گئی، جب ایک عرصہ بیت گیا تو اللہ تعالیٰ نے ایک بادل کی شکل میں ان اپنا عذاب بھیج دیا، جب قوم ہود علیہ السلام نے دور سے اس گھنے بادل کو اپنی وادیوں کی طرف آتے دیکھا تو خوشیاں منانے لگے کہنے لگے یہ گھنا بادل چلا آ رہا ہے جو ہماری بستیوں پر خوب برسے گا اور ہماری واریوں کو سیراب کر دے گا جس سے خشک سالی دور ہو جائے گی، ہود علیہ السلام نے یا اللہ نے یا اصل صورت حال نے عملاً ان کو جواب دیا ایسا نہیں ہے بلکہ یہ وہی قہر الٰہی ہے جس کے

لئے تم جلدی مچا رہے تھے، یہ ہوا کا وہ طوفان ہے جس میں دردناک عذاب چلا آ رہا ہے، جو اللہ کے حکم سے ہر چیز کو نیست و نابود کر ڈالے گا،

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ:وَكَانَ إِذَا رَأَى غَيْمًا أَوْ رِيحًا عُرِفَ فِي وَجْهِهِ، قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ النَّاسَ إِذَا رَأَوْا الغَيْمَ فَرِحُوا رَجَاءَ أَنْ يَكُونَ فِيهِ المَطَرُ، وَأَرَاكَ إِذَا رَأَيْتَهُ عُرِفَ فِي وَجْهِكَ الكَرَاهِيَةُ،فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ مَا يُؤْمِنِّي أَنْ يَكُونَ فِيهِ عَذَابٌ؟ عُذِّبَ قَوْمٌ بِالرِّيحِ، وَقَدْ رَأَى قَوْمٌ العَذَابَ، فَقَالُوا: هَذَا عَارِضٌ مُمْطِرُنَا

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہوا یا بادل دیکھتے تو آپ کے چہرے سے فکر ظاہر ہوتا میں نے پوچھا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! لوگ تو بادل دیکھ کر خوش ہوتے ہیں کہ بارش برسے گی لیکن آپ کے چہرے پر اس کے برعکس تشویش کے آثار نظر آتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ رضی اللہ عنہا! اس بات کی کیا ضمانت ہے کہ اس بادل میں عذاب نہیں ہوگا جب کہ ایک قوم ہوا کے عذاب سے ہی ہلاک کر دی گئی، اس قوم نے بھی بادل دیکھ کر کہا تھا یہ بادل ہے جو ہم پر بارش برسائے گا۔ [۱]

عَنْ عَائِشَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهَا قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا عَصَفَتِ الرِّيحُ، قَالَ: اللهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا، وَخَيْرَ مَا فِيهَا، وَخَيْرَ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا، وَشَرِّ مَا فِيهَا، وَشَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ، قَالَتْ: وَإِذَا تَخَيَّلَتِ السَّمَاءُ، تَغَيَّرَ لَوْنُهُ، وَخَرَجَ وَدَخَلَ، وَأَقْبَلَ وَأَدْبَرَ، فَإِذَا مَطَرَتْ، سُرِّيَ عَنْهُ، فَعَرَفْتُ ذَلِكَ فِي وَجْهِهِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَسَأَلْتُهُ، فَقَالَ: لَعَلَّهُ، يَا عَائِشَةُ كَمَا قَالَ قَوْمُ عَادٍ: {فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ قَالُوا هَذَا عَارِضٌ مُمْطِرُنَا} [۲]

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب شدت کی ہوا چلتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرماتے اے اللہ! میں تجھ سے اس کی اور اس میں جو ہے اس کی اور جس کو یہ ساتھ لے کر آئی ہے اس کی بھلائی طلب کرتا ہوں اور تجھ سے اس کی اور اس میں جو ہے اس کی اور جس چیز کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے اس کی برائی سے پناہ چاہتا ہوں (یعنی یہ عذاب کا باعث نہ ہو) اور جب آسمان ابر آلود ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (کے چہر مبارک) کا رنگ بدل جاتا چنانچہ (اضطراب و گھبراہٹ کی وجہ سے ایک جگہ نہ رہتے بلکہ) کبھی گھر سے باہر نکلتے اور کبھی باہر سے اندر آتے اس طرح پھر آتے اور پھر جاتے، جب بارش شروع ہو جاتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا خوف و اضطراب ختم ہو جاتا (ایک مرتبہ) عائشہ رضی اللہ عنہا نے جب یہ (تغیر و اضطراب) محسوس کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا سبب پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ رضی اللہ عنہا! میں ڈرتا ہوں کہ کہیں

---

[۱] صحیح بخاری کتاب تفسیرسورۃ الاحقاف بَابُ قَوْلِهِ فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ قَالُوا هَذَا عَارِضٌ مُمْطِرُنَا بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهِ رِيحٌ فِيهَا عَذَابٌ أَلِيمٌ۴۸۲۹ ، صحیح مسلم کتاب صلوٰۃ الاستسقاء بَابُ التَّعَوُّذِ عِنْدَ رُؤْيَةِ الرِّيحِ وَالْغَيْمِ، وَالْفَرَحِ بِالْمَطَرِ۲۰۸۶،سنن ابوداودکتاب الادب بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا هَاجَتِ الرِّيحُ۵۰۹۸

[۲] الأحقاف : ۲۴

یہ اسی طرح نہ ہو جسے قوم ہود نے اپنی طرف بادل بڑھتا دیکھ کر خوشی سے کہا تھا کہ یہ بدلی ہم پر برسنے والی ہے۔[1]

أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَأَى سَحَابًا مُقْبِلًا مِنْ أُفُقٍ مِنَ الْآفَاقِ، تَرَكَ مَا هُوَ فِيهِ وَإِنْ كَانَ فِي صَلَاتِهِ، حَتَّى يَسْتَقْبِلَهُ، فَيَقُولُ:اللَّهُمَّ إِنَّا نَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا أُرْسِلَ بِهِ ، فَإِنْ أَمْطَرَ قَالَ: اللَّهُمَّ سَيْبًا نَافِعًا مَرَّتَيْنِ، أَوْ ثَلَاثًا، وَإِنْ كَشَفَهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَلَمْ يُمْطِرْ حَمِدَ اللَّهَ عَلَى ذَلِكَ

ایک اور روایت میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کبھی آسمان کے کسی کنارے سے ابر اٹھتا دیکھتے تو اپنے تمام کام چھوڑ دیتے اگرچہ نماز میں ہوں اور یہ دعا پڑھتے اے اللہ! میں تجھ سے اس برائی سے پناہ چاہتا ہوں جو اس میں ہے،اور اگر برس جاتا تو دو مرتبہ یا تین مرتبہ یہ دعا پڑھتے اے اللہ! جاری اور فائدہ دینے والا پانی عنایت فرما پس اگر بادل کھل جاتا تو اللہ عزوجل کی حمد کرتے۔[2]

اللہ تعالیٰ نے اس تند و تیز ہوا کو ان پر سات رات اور آٹھ دن مسلسل مسلط رکھا، جیسے فرمایا

سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝۷ [3]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے اس کو مسلسل سات رات اور آٹھ دن ان پر مسلط رکھا (تم وہاں ہوتے تو) دیکھتے کہ وہ وہاں اس طرح بکھرے پڑے ہیں جیسے وہ کھجور کے بوسیدہ تنے ہوں۔

جب عذاب ختم ہوا تو ان کے رہائشی مکانات کے سوا وہاں کوئی انسان نظر نہ آتا تھا ہوا نے ان کے مویشیوں، ان کے مال ومتاع اور خود ان کو نیست ونابود کر کے رکھ دیا تھا، مجرموں کو ان کے جرم وظلم کے سبب ہم اس طرح بدلہ دیا کرتے ہیں، ہم نے ان کو مال ودولت، طاقت اور زمین کے ایک بڑے حصہ پر اقتدار واختیار عطا کیا تھا جبکہ تمہارا دائرہ اقتدار تو شہر مکہ کی مختصر حدود کے اندر رہی ہے، قوم ہود علیہ السلام کو ہم نے ان کی سماعت، ان کی بصارت اور ان کے اذہان میں کسی قسم کی کمی نہ کی تھی کہ یہ کہا جاتا کہ انہوں نے کم علمی اور علم پر قدرت نہ رکھنے اور عقل میں کسی خلل کی وجہ سے حق کو ترک کر دیا مگر انہوں نے کانوں سے حق نہ سنا، آنکھوں سے اللہ کی نشانیوں کو نہ دیکھا، اور دل ودماغ سے سوچ کر صحیح فیصلے نہ کیے، کیونکہ انہوں نے اللہ کی آیات کا انکار کیا تھا اس لئے یہ چیزیں ان کے کچھ کام نہ آئیں اور وہ اسی چیز کے پھیر میں آ گئے جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ یہ وہ طوفانی ہوا تھی جو جس چیز پر سے گزر جاتی تھی اسے نیست ونابود کر دیتی تھی، جیسے فرمایا

وَفِيْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ۝۴۱ مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ۝۴۲

[4] ترجمہ: اور (تمہارے لئے نشانی ہے) عاد میں، جب کہ ہم نے ان پر ایک ایسی بے خیر ہوا بھیج دی کہ جس چیز پر بھی وہ گزر گئی اسے بوسیدہ کر کے رکھ دیا۔

[1] صحیح مسلم کتاب صلوٰۃ الاستسقاء بَابُ التَّعَوُّذِ عِنْدَ رُؤْيَةِ الرِّيحِ وَالْغَيْمِ، وَالْفَرَحِ بِالْمَطَرِ ۲۰۸۵

[2] سنن ابن ماجہ کتاب الدعاء بَابُ مَا يَدْعُو بِهِ الرَّجُلُ إِذَا رَأَى السَّحَابَ وَالْمَطَرَ ۳۸۸۹، السنن الکبری للنسائی ۱۸۴۳، مصنف ابن ابی شیبۃ ۲۹۲۲۳

[3] الحاقۃ ۷

[4] الذاریات ۴۱،۴۲

ایک مقام پر فرمایا

فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٦٦﴾ [1]

ترجمہ: اس طرح ہم نے ان کے انجام کو اور اس زمانے کے لوگوں اور بعد کی آنے والی نسلوں کے لئے عبرت اور ڈرانے والوں کے لئے نصیحت بنا کر چھوڑا۔

اے اہل مکہ! آنکھیں کھول کر اپنے گرد و پیش پر نظر دوڑاؤ اور مکہ اور شام کے درمیان ثمودیوں کی بستیوں اور اہل یمن اور اہل مدین کی قوم سبا کو دیکھو، ، قوم لوط کا علاقہ جو اب بحیرہ لوط کہلاتا ہے وہ بھی تمہارے تجارتی راستے میں پڑتا ہے، ان کے علاوہ اور بہت سی قوموں کو ان کے باطل عقائد اور تکذیب حق کے باعث صفحہ سے مٹادیا، ہم نے انہیں گمراہی کے گھور اندھیروں سے نکالنے کے لئے ان کی طرف رسول مبعوث کیے، انہیں بار بار اور طرح طرح سے سمجھایا شاید کہ وہ کفر و شرک سے تائب ہو کر ہماری طرف پلٹ آئیں مگر انہوں نے ہماری نشانیوں اور آیات کی کوئی پرواہ نہ کی اور اپنے معبودوں کی قوت و اختیارات پر تکیہ کر کے ان کی پرستش میں لگے رہے، آخر ایک وقت مقررہ پر ہم نے ان پر اپنا عذاب نازل کر دیا، مگر جن معبودوں کو وہ تقرب الٰہی کا ذریعہ اور وسیلہ سمجھ کر پرستش کرتے تھے، جن کی مشکل کشائی اور حاجت روائی کے دعویدار تھے، جن کی خوشنودی کے لئے نذرانے اور چڑھاوے چڑھائے جاتے تھے، اس سخت ترین وقت میں کوئی مشکل کشا، کوئی حاجت روا ان کی مدد کو نہ پہنچا بلکہ ان قوموں کے ساتھ ہی نیست و نابود ہو گئے، جو خود ساختہ عقائد اور جھوٹ انہوں نے گھڑ رکھے ان کا یہ المناک انجام ہوا۔

وَ اِذْ صَرَفْنَاۤ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ

اور یاد کرو! جبکہ ہم نے جنوں کی ایک جماعت کو تیری طرف متوجہ کیا کہ وہ قرآن سنیں، پس جب (نبی کے) پاس پہنچ گئے

قَالُوْۤا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ وَ لَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٢٩﴾

تو (ایک دوسرے سے) کہنے لگے خاموش ہو جاؤ، پھر جب پڑھ کر ختم ہو گیا تو اپنی قوم کو خبردار کرنے کے لیے واپس لوٹ گئے،

قَالُوْا يٰقَوْمَنَاۤ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا

کہنے لگے اے ہماری قوم! ہم نے یقیناً وہ کتاب سنی ہے جو موسیٰ (علیہ السلام) کے بعد نازل کی گئی ہے جو اپنے سے پہلی کتابوں

لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْۤ اِلَى الْحَقِّ وَ اِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٣٠﴾ يٰقَوْمَنَاۤ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ

کی تصدیق کرنے والی ہے جو سچے دین کی اور راہ راست کی رہنمائی کرتی ہے، اے ہماری قوم! اللہ کے بلانے والے کا کہا مانو،

اللّٰهِ وَ اٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَ يُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٣١﴾ وَ مَنْ

اس پر ایمان لاؤ تو اللہ تمہارے گناہ بخش دے گا، اور تمہیں المناک سزا سے پناہ دے گا، اور جو شخص اللہ کے بلانے والے کا

[1] البقرۃ ٦٦

لَا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَ لَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءُ ؕ

کہانہ مانے گا پس وہ زمین میں کہیں (بھاگ کر اللہ کو) عاجز نہیں کرسکتا اور نہ اللہ کے سوا اور کوئی مددگار ہوں گے

اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۲﴾ (الاحقاف ۲۹ تا ۳۲)

یہ لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:مَا قَرَأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْجِنِّ، وَلا رَآهُمْ، انْطَلَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَائِفَةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ عَامِدِينَ إِلَى سُوقِ عُكَاظٍ، وَقَدْ حِيلَ بَيْنَ الشَّيَاطِينِ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، وَأُرْسِلَتْ عَلَيْهِمُ الشُّهُبُ، قَالَ: فَرَجَعَتِ الشَّيَاطِينُ إِلَى قَوْمِهِمْ، فَقَالُوا: مَا لَكُمْ؟ قَالُوا: حِيلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، وَأُرْسِلَتْ عَلَيْنَا الشُّهُبُ، قَالَ: فَقَالُوا: مَا حَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ إِلا شَيْءٌ حَدَثَ، فَاضْرِبُوا مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا، فَانْظُرُوا مَا هَذَا الَّذِي حَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ،

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنوں کو نہ قرآن پڑھ کرسنایا اور نہ انہیں دیکھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت کے ساتھ بازار عکاظ کی طرف تشریف لے جارہے تھے جبکہ شیاطین کے لیے آسمانی خبریں سننے سے رکاوٹ پیدا کردی گئی تھی اور ان پر شہاب ثاقب کو مسلط کردیا گیا تو شیاطین اپنی قوم کے پاس آئے تو قوم نے پوچھا کیا ہوا؟ انہوں نے جواب دیا کہ ہمارے لیے آسمان کی خبریں سننے کی راہ میں رکاوٹ پیدا کردی گئی ہے اور ہم پر شہاب ثاقب مسلط کردیے گئے ہیں

قوم نے کہا تمہارے اور آسمانی خبروں کے درمیان رکاوٹ اسی لیے پیدا کردی گئی ہے کہ کوئی خاص واقعہ رونما ہوا ہے لہذا مشرق ومغرب میں جاکر اس واقعے کا سراغ لگاؤ اور دیکھو کہ تمہارے اور آسمانی خبروں میں رکاوٹ کا سبب کیا ہے،

قَالَ: فَانْطَلَقُوا يَضْرِبُونَ مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا يَبْتَغُونَ مَا هَذَا الَّذِي حَالَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ؟ قَالَ: فَانْصَرَفَ النَّفَرُ الَّذِينَ تَوَجَّهُوا نَحْوَ تِهَامَةَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ بِنَخْلَةَ عَامِدًا إِلَى سُوقِ عُكَاظٍ، وَهُوَ يُصَلِّي بِأَصْحَابِهِ صَلاةَ الْفَجْرِ، قَالَ: فَلَمَّا سَمِعُوا الْقُرْآنَ، اسْتَمَعُوا لَهُ، وَقَالُوا: هَذَا وَاللَّهِ الَّذِي حَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، قَالَ: فَهُنَالِكَ حِينَ رَجَعُوا إِلَى قَوْمِهِمْ، فَقَالُوا: يَا قَوْمَنَا {اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا يَّهْدِيْۤ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ} [1] الْآيَةَ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَلَى نَبِيِّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: {قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ} [2] وَإِنَّمَا أُوحِيَ إِلَيْهِ قَوْلُ الْجِنِّ

جنات مشرق ومغرب میں پھیل گئے تا کہ اس واقعے کا سراغ لگائیں جس کی وجہ سے ان کے لیے آسمان کی خبریں سننے سے رکاوٹ کھڑی کردی گئی ہے، ان کی ایک جماعت جو تہامہ کی طرف آئی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچی جبکہ آپ سوق عکاظ کی طرف جانے کے لیے مقام نخلہ میں تشریف فرما تھے اور اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ نماز فجر ادا فرما رہے تھے، جب انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن مجید کی تلاوت

---

[1] الجن: ۲

[2] الجن: ۱

کرتے ہوئے سنا تو کان لگا دیے اور کہنے لگے اللہ کی قسم! یہی ہے وہ چیز جس کی وجہ سے تمہیں آسمان کی خبریں سننے سے منع کر دیا گیا ہے، جب وہ اپنی قوم کے پاس گئے تو کہنے لگے ''اے ہماری قوم کے لوگو! ہم نے ایک بڑا ہی عجیب قرآن سنا ہے راہ راست کی طرف رہنمائی کرتا ہے اس لیے ہم اس پر ایمان لے آئے ہیں اور اب ہم ہر گز اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کریں گے۔'' اسی موقع پر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر یہ آیات نازل فرمائیں ''اے نبی (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم) کہو، میری طرف وحی بھیجی گئی ہے کہ جنوں کے ایک گروہ نے غور سے سنا۔'' اور جنوں کی اس بات سے نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو بذریعہ وحی مطلع کیا گیا۔[1]

ایک روایت میں ہے جب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم طائف والوں سے مایوس ہو کر مکہ مکرمہ کی طرف جا رہے تھے کہ رات ہو گئی اور آپ نے مکہ کے قریب وادی نخلہ میں قیام فرمایا، وہاں عشا یا فجر یا تہجد کی نماز میں قرآن مجید کی تلاوت فرما رہے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے نصیبین کے سات یا نو جنوں کی ایک جماعت کو آپ کی طرف پھیر دیا تا کہ وہ قرآن کو سنیں، جب وہ اس جگہ پہنچے جہاں تم نماز میں سورۂ الرحمان کی تلاوت کر رہے تھے، جب انہوں نے اللہ تعالیٰ کے پاکیزہ کلام کو سنا تو آپس میں کہنے لگے خاموش ہو جاؤ اور خوب توجہ سے اس جلیل القدر کلام کو سنو، جیسے جیسے انہوں نے قرآن کو سنا اس نے ان کے دلوں کو مسخر کر لیا، جب آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نماز سے فارغ ہوئے تو وہ قوم کی خیر خواہی کے لئے متنبہ کرنے والے بن کر واپس پلٹے، اور جا کر کہا اے ہماری قوم کے لوگو! ہم نے ایک پاکیزہ کلام سنا ہے جو موسیٰ کے بعد نازل ہوا ہے (یعنی وہ پہلے تورات اور دوسری آسمانی کتابوں پر ایمان رکھتے تھے، اور انہوں نے محسوس کیا کہ قرآن بھی وہی تعلیم دے رہا ہے جو انبیاء دیتے چلے آئے ہیں تو وہ اس پر ایمان لے آئے) یہ کلام اپنے سے پہلے منزل کتابوں کی تصدیق کرتا، اعتقادی واخباری مسائل میں حق کی جانب رہبری اور اعمال میں راہ راست دکھاتا ہے، جو اللہ تعالیٰ اور اس کی جنت تک پہنچاتا ہے، قرآن کی مدح وتوصیف اور اس کا مقام ومرتبہ بیان کرنے کے بعد نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی رسالت پر ایمان لانے کی دعوت دی، اے ہماری قوم کے لوگو! اللہ وحدہ لاشریک کی طرف بلانے والے کی دعوت حق پر لبیک کہو اور اس پر ایمان لے آؤ، اللہ جو غفور ورحیم ہے، جو اپنے بندوں کے گناہوں کو بخش دینا پسند کرتا ہے تمہارے گناہوں سے درگزر فرمائے گا اور تمہیں جہنم کے عذاب الیم سے بچا دے گا، جنوں نے کہا یا اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور جو کوئی اللہ کے داعی کی بات کو تسلیم نہ کرے وہ زمین کی وسعتوں میں گم ہو کر اللہ کو عاجز نہیں کر سکتا اور نہ اس کے کوئی ایسے حامی وسرپرست ہیں کہ اللہ کے عذاب سے اس کو بچا لیں، ایسے لوگ کھلی گمراہی میں پڑے ہوئے ہیں۔ چنانچہ اپنی قوم کے جنوں کی یہ دعوت حق جنوں کے لیے موثر ثابت ہوئی اور اکثر جن حق کی طرف مائل ہو گئے اور گروہ در گروہ بارگاہ نبوی میں حاضر ہو کر اسلام قبول کر لیا، یعنی جنوں میں نصیحت کرنے والے تو ہیں لیکن ان میں پیغمبر نہیں ہیں اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے جنوں میں سے کوئی پیغمبر نہیں بھیجا، جیسے فرمایا

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ... ﴿۱۰۹﴾ [2]

[1] مسند احمد ۲۲۷۱، دلائل النبوۃ للبیہقی ۲۲۵/۲، صحیح بخاری كِتَابُ الأَذَانِ بَابُ الجَهْرِ بِقِرَاءَةِ صَلاَةِ الفَجْرِ ۷۷۳، صحیح مسلم كِتَابُ الصَّلَاةِ بَابُ الْجَهْرِ بِالْقِرَاءَةِ فِي الصُّبْحِ وَالْقِرَاءَةِ عَلَى الْجِنِّ، جامع ترمذی أَبْوَابُ تَفْسِيرِ الْقُرْآنِ بَاب وَمِنْ سُورَةِ الْجِنِّ ۳۳۲۳، السنن الکبری للنسائی ۱۱۵۶۰، مستدرک حاکم ۳۸۵۷

[2] یوسف ۱۰۹

ترجمہ:اے نبی (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) ! تم سے پہلے ہم نے جو پیغمبر بھیجے تھے وہ سب بھی انسان ہی تھے اور انہی بستیوں کے رہنے والوں میں تھے اور انہی کی طرف ہم وحی بھیجتے رہے ہیں۔

وَمَآ اَرۡسَلۡنَا قَبۡلَكَ مِنَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ اِلَّآ اِنَّهُمۡ لَيَاۡكُلُوۡنَ الطَّعَامَ وَيَمۡشُوۡنَ فِى الۡاَسۡوَاقِ... ﴿۲۰﴾ [1]

ترجمہ:اے نبی (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) ! تم سے پہلے جو رسول بھی ہم نے بھیجے تھے وہ سب بھی کھانا کھانے والے اور بازاروں میں چلنے پھرنے والے لوگ ہی تھے۔

اور ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں فرمایا:

...وَجَعَلۡنَا فِىۡ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالۡكِتٰبَ... ﴿۲۷﴾ [2]

ترجمہ:اور اس کی نسل میں نبوت اور کتاب رکھ دی۔

یعنی ابراہیم علیہ السلام کے بعد جو بھی انبیاء مبعوث ہوئے وہ تمام کے تمام ابراہیم علیہ السلام کی نسل سے ہی مبعوث ہوئے۔ ایک مقام پر اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

يٰمَعۡشَرَ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ اَلَمۡ يَاۡتِكُمۡ رُسُلٌ مِّنۡكُمۡ يَقُصُّوۡنَ عَلَيۡكُمۡ اٰيٰتِىۡ وَيُنۡذِرُوۡنَكُمۡ لِقَآءَ يَوۡمِكُمۡ هٰذَا ۔ ﴿۱۳۰﴾ [3]

ترجمہ: اے گروہ جن وانس! کیا تمہارے پاس خود تم ہی میں سے وہ پیغمبر نہیں آئے تھے جو تم کو میری آیات سناتے اور اس دن کے انجام سے ڈراتے تھے؟۔

تو اس سے یہاں دونوں جنسوں کا مجموعہ مراد ہے اور اس کا مصداق ان میں سے ایک جنس یعنی انسان مراد ہے۔

رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خود بھی جنوں کی طرف دعوت حق پہنچانے کے لئے تشریف لے گئے،

عَنْ عَامِرٍ، قَالَ: سَأَلْتُ عَلْقَمَةَ هَلْ كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ شَهِدَ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْجِنِّ؟ قَالَ: فَقَالَ عَلْقَمَةُ، أَنَا سَأَلْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ فَقُلْتُ: هَلْ شَهِدَ أَحَدٌ مِنْكُمْ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْجِنِّ؟ قَالَ: لَا وَلَكِنَّا كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللهِ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَفَقَدْنَاهُ فَالْتَمَسْنَاهُ فِي الْأَوْدِيَةِ وَالشِّعَابِ. فَقُلْنَا: اسْتُطِيرَ أَوِ اغْتِيلَ. قَالَ: فَبِتْنَا بِشَرِّ لَيْلَةٍ بَاتَ بِهَا قَوْمٌ فَلَمَّا أَصْبَحْنَا إِذَا هُوَ جَاءٍ مِنْ قِبَلَ حِرَاءٍ.

عامر سے مروی ہے میں نے علقمہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کیا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے ساتھ لیلۃ الجن میں تھے تو علقمہ نے کہا میں نے عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے پوچھا کیا تم میں سے کوئی لیلۃ الجن میں رسول اللہ کے ساتھ تھا؟ تو انہوں نے کہا کہ نہیں لیکن ایک رات ہم رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے ساتھ تھے ہم نے رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو نہ پایا تو ہم نے آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو پہاڑی وادیوں اور کھائیوں میں تلاش کیا ہم نے کہا کہ آپ کو جن لے گئے یا کسی نے دھوکہ سے شہید کر دیا بہرحال ہم نے وہ رات بدترین رات والی قوم کی طرح گزاری جب ہم نے صبح

[1] الفرقان۲۰

[2] العنکبوت۲۷

[3] الانعام۱۳۰

کی تو آپ حرا کی طرف سے تشریف لائے

قَالَ: فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللهِ فَقَدْنَاكَ فَطَلَبْنَاكَ فَلَمْ نَجِدْكَ فَبِتْنَا بِشَرِّ لَيْلَةٍ بَاتَ بِهَا قَوْمٌ. فَقَالَ: أَتَانِي دَاعِي الْجِنِّ فَذَهَبْتُ مَعَهُ فَقَرَأْتُ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ قَالَ: فَانْطَلَقَ بِنَا فَأَرَانَا آثَارَهُمْ وَآثَارَ نِيرَانِهِمْ وَسَأَلُوهُ الزَّادَ فَقَالَ: لَكُمْ كُلُّ عَظْمٍ ذُكِرَ اسْمُ اللهِ عَلَيْهِ يَقَعُ فِي أَيْدِيكُمْ أَوْفَرَ مَا يَكُونُ لَحْمًا وَكُلُّ بَعْرَةٍ عَلَفٌ لِدَوَابِّكُمْ. فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:فَلَا تَسْتَنْجُوا بِهِمَا فَإِنَّهُمَا طَعَامُ إِخْوَانِكُمْ

ہم نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ! ہم نے آپ کو گم پایا اور آپ کو تلاش کیا اور آپ ﷺ کو نہ ڈھونڈ سکے ہم نے رات اس طرح گزاری جیسے کوئی قوم سخت بے چینی میں رات گزارتی ہے، آپ ﷺ نے فرمایا میرے پاس جنات کی طرف سے بلانے والا آیا میں اس کے ساتھ چلا گیا اور میں نے ان کے سامنے قرآن کی تلاوت کی، فرمایا پھر وہ ہمیں اپنے ساتھ لے گئے اور ہمیں اپنے جنات کے نشانات اور آگ کے نشانات دکھائے، جنات نے آپ ﷺ سے اپنے کھانے کی چیزوں کے بارے میں سوال کیا تو آپ ﷺ نے ان سے فرمایا ہر وہ ہڈی جس کو اللہ کے نام کے ساتھ ذبح کیا گیا ہو تمہارے ہاتھوں میں آتے ہی وہ گوشت کے ساتھ پر ہو جائے گی اور ہر مینگنی تمہارے جانوروں کی خوراک ہے، پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہڈی اور مینگنی سے استنجانہ کرو کیونکہ یہ دونوں تمہارے بھائیوں کا کھانا ہیں۔ [1]

اَوَ لَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ لَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ

کیا وہ نہیں دیکھتے کہ جس اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور ان کے پیدا کرنے سے وہ نہ تھکا، وہ یقیناً مردوں کو زندہ

بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ۭ بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۳۳ وَ يَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ

کرنے پر قادر ہے؟ کیوں نہ ہو؟ وہ یقیناً ہر چیز پر قادر ہے، وہ لوگ جنہوں نے

كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ۭ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ۭ قَالُوْا

کفر کیا جس دن جہنم کے سامنے لائے جائیں گے (اور ان سے کہا جائے گا کہ) کیا یہ حق نہیں ہے؟ تو جواب دیں گے کہ

بَلٰى وَ رَبِّنَا ۭ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝۳۴ (الاحقاف ۳۴،۳۳)

ہاں قسم ہے ہمارے رب کی! (حق ہے) (اللہ) فرمائے گا اب اپنے کفر کے بدلے عذاب کا مزہ چکھو۔

اور حیات بعد الموت، حساب کتاب اور اعمال کی جزا کے ان مکذبین کو یہ سجھائی نہیں دیتا کہ جس اللہ نے آسمانوں اور زمین کی عظمت ان کی وسعت اور ان کی تخلیق میں مہارت کے باوصف کسی مشقت کے بغیر ان کو تخلیق کر دیا، جیسے فرمایا

---

[1] صحیح مسلم کتاب الصلاۃ بَابُ الْجَهْرِ بِالْقِرَاءَةِ فِي الصُّبْحِ وَالْقِرَاءَةِ عَلَى الْجِنِّ ۱۰۰۷، جامع ترمذی ابواب تفسیرالقرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ الْأَحْقَافِ ۳۲۵۸

وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَیۡنَہُمَا فِیۡ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ٭ۖ وَّمَا مَسَّنَا مِنۡ لُّغُوۡبٍ ﴿۳۸﴾ [۱]

ترجمہ: ہم نے زمین اور آسمانوں کو اور ان کے درمیان کی ساری چیزوں کو چھ دنوں میں پیدا کر دیا اور ہمیں کوئی تکان لاحق نہ ہوئی۔

کیا اتنی کامل قدرتوں اور قوت والا رب اس پر قادر نہیں ہے کہ مردوں کو دوبارہ ان کی قبروں سے زندہ کر دے؟ جیسے فرمایا

لَخَلۡقُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ اَکۡبَرُ مِنۡ خَلۡقِ النَّاسِ وَلٰکِنَّ اَکۡثَرَ النَّاسِ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۵۷﴾ [۲]

ترجمہ: آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا انسان کو پیدا کرنے کی بہ نسبت یقیناً زیادہ بڑا کام ہے مگر اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں۔

کیوں نہیں، وہ اعمال کی جزا کے لئے جنوں اور انسانوں کو دوبارہ پیدا فرمائے گا یقیناً وہ ہر چیز کی قدرت رکھتا ہے، جس روز یہ مکذبین آگ کے سامنے لائے جائیں گے اس وقت ان سے پوچھا جائے گا دنیا میں جب تمہیں حیات بعد الموت، حساب کتاب اور اعمال کی جزا و سزا کے بارے میں تلقین کی جاتی تھی تو تم شدت سے اس کا انکار کرتے تھے، دعوت حق کو جادوگر دانتے تھے، اب جبکہ تم دوبارہ زندہ ہو چکے ہو، اپنے اعمال کا حساب دے کر عذاب جہنم کے مستحق قرار پا چکے ہو اور اب دوزخ تمہارے سامنے ہے اب بتاؤ کیا یہ حق نہیں ہے؟ کیا یہ جادو ہے یا تم دیکھ ہی نہیں رہے ہو؟ کہیں گے ہاں ہمارے رب کی قسم! یہ واقعی حق ہے، مگر اس وقت یہ اعتراف بے فائدہ ہو گا، اللہ فرمائے گا اچھا تو اب اپنے کفر کے بدلے عذاب جہنم کا مزا چکھو۔

فَاصۡبِرۡ کَمَا صَبَرَ اُولُوا الۡعَزۡمِ مِنَ الرُّسُلِ وَ لَا تَسۡتَعۡجِلۡ لَّہُمۡ ؕ

پس (اے پیغمبر!) تم ایسا صبر کرو جیسا صبر عالی ہمت رسولوں نے کیا اور ان کے لیے (عذاب طلب کرنے میں) جلدی نہ کرو،

کَاَنَّہُمۡ یَوۡمَ یَرَوۡنَ مَا یُوۡعَدُوۡنَ ۙ لَمۡ یَلۡبَثُوۡۤا اِلَّا سَاعَۃً مِّنۡ نَّہَارٍ ؕ

یہ جس دن اس عذاب کو دیکھ لیں گے جس کا وعدہ دیئے جاتے ہیں تو (یہ معلوم ہونے لگے گا کہ) دن کی ایک گھڑی ہی (دنیا میں)

بَلٰغٌ ۚ فَہَلۡ یُہۡلَکُ اِلَّا الۡقَوۡمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ﴿۳۵﴾ (الاحقاف ۳۵)

ٹھہرے تھے، یہ ہے پیغام پہنچا دینا، پس بدکاروں کے سوا کوئی ہلاک نہ کیا جائے گا۔

نبی اکرم ﷺ کو صبر کی تلقین:

اللہ رب العزت نے کفار و مشرکین کے ناروا رویہ پر رسول اللہ ﷺ کو صبر کی تلقین کی کہ مصائب والم کے سامنے سینہ سپر ہونا عالی مرتبہ، بلند ہمت پیغمبروں کی سنت رہی ہے، چنانچہ جس طرح انہوں نے تکذیب کرنے والوں کی مخالفت اور طرح طرح کی اذیتوں پر صبر کیا اسی طرح آپ بھی صبر کریں، انہیں دعوت حق دیتے رہیں، اللہ تعالیٰ سے اپنی امت کے لئے ہدایت کے طلب گار رہیں اور ان کے معاملہ میں

---

[۱] ق ۳۸

[۲] المومن ۵۷

جلدی نہ کریں، جیسے فرمایا

وَذَرْنِي وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيلًا ﴿١١﴾ (۱)

ترجمہ: ان جھٹلانے والے خوشحال لوگوں سے نمٹنے کا کام تم مجھ پر چھوڑ دو اور انہیں ذرا کچھ دیر اسی حالت میں رہنے دو۔

فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿١٧﴾ (۲)

ترجمہ: پس چھوڑ دو اے نبی! ان کافروں کو اک ذرا کی ذرا ان کے حال پر چھوڑ دو۔

چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رب کے حکم کی تعمیل میں ایسا صبر کیا کہ آپ سے پہلے کسی نبی نے ایسا صبر نہیں کیا، مکذبین نے آپ پر مصیبتوں کے پہاڑ توڑ دیے، اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت کا راستہ روکا، محاربت اور عداوت میں جو کچھ ان کے بس میں تھا کر ڈالا مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم دعوت حق بیان فرماتے رہے، دعوت حق کی تکذیب کرنے والوں کے خلاف جہاد کرتے رہے، پھر اس راہ میں جو تکالیف اور اذیتیں آپ کو پہنچیں ان پر صبر کرتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو زمین پر اقتدار سے سرفراز فرمایا، اللہ قادر مطلق نے آپ کے دین کو تمام ادیان پر اور آپ کی امت کو تمام امتوں پر غالب کر دیا، فرمایا جس روز یہ مکذبین قیامت کے ہولناک عذاب کو دیکھ لیں گے جس کا انہیں خوف دلایا جا رہا ہے تو انہیں یوں معلوم ہو گا کہ جیسے دنیا میں دن کی ایک گھڑی بھر سے زیادہ نہیں رہے تھے، جیسے فرمایا

كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا عَشِيَّةً أَوْ ضُحَاهَا ﴿٤٦﴾ (۳)

ترجمہ: جس روز یہ لوگ اسے دیکھ لیں گے تو انہیں یوں محسوس ہو گا کہ (دنیا میں یا حالت موت میں) یہ بس ایک دن کے پچھلے پہر یا اگلے پہر تک ٹھیرے ہیں۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَأَنْ لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُونَ بَيْنَهُمْ ... ﴿٤٥﴾ (۴)

ترجمہ: اور جس روز اللہ ان کو اکٹھا کرے گا تو (یہی دنیا کی زندگی انہیں ایسی محسوس ہو گی) گویا یہ محض ایک گھڑی بھر آپس میں جان پہچان کرنے ٹھیرے تھے۔

ہم نے دعوت حق پہنچا کر ان پر حجت قائم کر دی ہے پھر کیا اللہ کے نافرمانوں اور اس کی حدود پامال کرنے والوں کے سوا اور کوئی ہلاک ہو گا۔

فَقَالَ لَهُ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ: كَيْفَ تَدْخُلُ عَلَيْهِمْ. يَعْنِي قُرَيْشًا. وَهُمْ أَخْرَجُوكَ؟فَقَالَ: يَا زَيْدُ إِنَّ اللَّهَ جَاعِلٌ لِمَا تَرَى فَرَجًا وَمَخْرَجًا وَإِنَّ اللَّهَ نَاصِرٌ دِينَهُ وَمُظْهِرٌ نَبِيَّهُ

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طائف سے مکہ مکرمہ کے قریب پہنچے تو زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اے اللہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم! اہل مکہ نے آپ کو نکالا ہے اب ہم کس طرح داخل ہوں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے زید! اللہ تعالیٰ اس مصیبت سے رہائی کی کوئی سبیل ضرور پیدا فرمائے

---

(۱) المزمل ۱۱

(۲) الطارق ۱۷

(۳) النازعات ۴۶

(۴) یونس ۴۵

گااور اللہ ہی اپنے دین کا حامی اور مددگار ہے اور یقیناً وہ اپنے نبی کو سب پر غالب فرمادے گا۔[1]

ثُمَّ انْتَهَى] إِلَى حِرَاءٍ. ثم بعث إلى الأخنس بن شريق فقال: هل أنت مجيري حتى أبلغ رسالة ربي؟فقال: إن الحليف لا يجير على الصريح، فقال الرسول: ائت سهيل بن عمرو،فقال: إن بنى عامر بن لؤيّ لا تجير على بنى كعب،فَأَرْسَلَ رَجُلا مِنْ خُزَاعَةَ إِلَى مُطْعِمِ بْنِ عَدِيٍّ: أَدْخُلُ فِي جِوَارِكَ؟فَقَالَ: نَعَمْ. وَدَعَا بَنِيهِ وَقَوْمَهُ فَقَالَ: تَلَبَّسُوا السِّلاحَ وَكُونُوا عِنْدَ أَرْكَانِ الْبَيْتِ فَإِنِّي قَدْ أَجَرْتُ مُحَمَّدًا،فَقَامَ مُطْعِمُ بْنِ عَدِيٍّ عَلَى رَاحِلَتِهِ فَنَادَى: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ إِنِّي قَدْ أَجَرْتُ مُحَمَّدًا، فَلَا يَهِجْهُ أَحَدٌ مِنْكُمْ، فَدَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَطَافَ بِالْبَيْتِ وَصَلَّى عِنْدَهُ، ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى مَنْزِلِهِ والمطعم بن عدي وَوَلَدُهُ مُحْدِقُونَ بِهِ بِالسِّلَاحِ حَتَّى دَخَلَ بَيْتَهُ

پھر آپ نے غار حرا میں پہنچ کر بنوخزاعہ کے ایک شخص کے ذریعے اخنس بن شریق کے پاس پیغام بھیجا کہ کیا میں آپ کی پناہ میں مکہ آسکتا ہوں کہ اللہ کا پیغام پہنچاسکوں؟اخنس نے جواب دیا میں قریش کا حلیف ہوں اس لئے میں آپ کو پناہ دینے سے معذرت خواہ ہوں، پھر رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے یہی پیغام سہیل بن عمرو کے پاس بھیجا،اس نے جواب دیا میں بنوعامر بن کعب کے مقابلہ میں پناہ نہیں دے سکتا، پھر رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے یہی پیغام مطعم بن عدی کے پاس بھیجا کہ کیا میں آپ کی پناہ میں مکہ آسکتا ہوں؟مطعم نے پناہ دینے کی حامی بھر لی،اس نے اپنے بیٹوں اور قوم کے لوگوں کو بلا کر حکم دیا کہ وہ ہتھیار لگا کر حرم کے دروازے پر کھڑے ہو جائیں میں نے محمد (صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ) کو پناہ دی ہے،اور مطعم بن عدی خود بھی اونٹ پر سوار ہو کر حرم کے پاس آ کر کھڑا ہوا اور پکار کر کہا اے گروہ قریش!میں نے محمد (صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ) کو پناہ دی ہے کوئی ان سے تعرض نہ کرے،رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حرم میں تشریف لائے اور طواف کر کے دو رکعت نماز ادا فرمائی اور مطعم بن عدی اور اس کے اسلحہ سے لیس بیٹوں کے حلقہ میں اپنے گھر تشریف لے گئے۔[2]

علامہ زرقانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اخنس اور سہیل کے عذر قابل اعتراض ہیں کیونکہ اگر وہ پناہ دینے کے اہل نہ ہوتے تو رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ان سے پناہ ہی نہ مانگتے اور آپ اچھی طرح اپنی قوم کے احوال وعادات جانتے تھے،عامر اور کعب دونوں بھائی تھے،ان کا باپ لوی تھا اور عامر سہیل کا جد امجد تھا لہذا بنو عامر اور بنو کعب دونوں ایک دوسرے کو پناہ دے سکتے تھے۔[3]

رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کا بنوخزاعہ کے ایک شخص کا انتخاب اور اسے مطعم بن عدی کے پاس بھیجنا آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی انتہائی اعلیٰ سیاسی بصیرت، تاریخی شعور اور رشاندار سیاسی حکمت عملی پر مبنی تھا،اس حکمت وبصیرت سے آگاہی کے لیے اس تفصیل کو جاننا ضروری ہے،دراصل مطعم بن عدی ان دنوں بنونوفل کے سردار تھے اور بنونوفل کا جد اکبر نوفل تھا اور نوفل عبد المطلب کا مخالف تھا،

لما هلك المطلب بن عبد مناف، وكان العاضد لعبد المطلب والذاب عنه والقائم بأمره، وثب نوفل بن عبد مناف على أركاح كانت لعبد المطلب. وهي الساحات والأفنية. فغلب عليها، واغتصبه إياها. فاضطرب عبد المطلب

---

[1] ابن سعد۱۶۵؍۱،زادالمعاد۳۰؍۳

[2] ابن ہشام ۳۸۱؍۱،ابن سعد ۱۶۵؍۱، زادالمعاد۳۰؍۳،امتاع الاسماع۱۸۱؍۹

[3] محمدرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لصادق عرجون ۳۲۴؍۲

لذلك، واستنهض قومه معه، فلم ينهض كبير أحد منهم، فكتب إلى أخواله من بني النجار، من الخزرج،قالوا: فقدم عليه منهم جمع كثيف، فأناخوا بفناء الكعبة وتنكبوا القسي وعلقوا التراس، فلما رآهم نوفل، قال: لشر ما قدم هؤلاء. فكلموه. فخافهم، ورد أركاح عبد المطلب عليه،والله ما رأينا بهذا الوادى (أحداأحسن وجها، ولا أتمّ خلقا، ولا) أعظم حلما،

ایک مرتبہ نوفل نے (اپنے بھتیجے) نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے دادا عبد المطلب کے محلہ پر حملہ کیا اور ان کے گھروں اور زمینوں پر قبضہ کرلیا،عبد المطلب نے پریشانی میں اپنی قوم سے مدد طلب کی مگر کوئی سردار مدد کے لیے نہ آیا تب انہوں نے اپنے ماموں بنونجار کے قبیلہ خزرج کو قصیدہ لکھ بھیجا،جس کے نتیجے میں خزرج کی ایک بڑی جماعت کعبے کے صحن میں آن اتری اور وہ گلے میں ڈھالیں آویزاں کیے اپنی کمانوں پر ٹیک لگا کر کھڑے ہو گئے،جب نوفل نے دیکھا تو بولا یہ تو کسی لڑائی کے لیے آئے ہیں،جب اس نے ان سے گفتگو کی تو ڈر گیا اور عبد المطلب کے مکانات اور زمینیں واپس کر دیں،اس صورت حال کو دیکھ کر طاقتور اور عزت دار بنوخزاعہ والوں نے کہا اللہ کی قسم!ہم نے اس وادی میں عبد المطلب سے خوبصورت،صحت منداور بردبار شخص نے دیکھا

ولقد نصره أخواله من الخزرج، ولقد ولدناه كما ولدوه- وأن جده عبد مناف لابن حبي بنت حليل بن حبشية سيد الخزاعة- ولو بذلنا له نصرنا وحالفناه انتفعنا به وبقومه وانتفع بنا. فأتاه وجوههم، فقالوا: يا أبا الحارث، إنا قد ولدناك كما ولدك قوم من بني النجار، ونحن، بعد، متجاورون في الدار، وقد أماتت الأيام ما كان يكون في قلوب بعضنا على قريش من الأحقاد، فهلم، فلنحالفك. فأعجب ذلك عبد المطلب وقبله وسارع إليه فأجابهم إلى حلف،

ان کے ننھیال خزرج نے ان کی مدد کی ہے اور جس طرح خزرج ان کے ننھیال ہیں اسی طرح ہم بھی ان کے ننھیال ہیں کیونکہ ان کے دادا عبد مناف ہمارے سردار حلیل بن حبشیہ کی بیٹی جیٰ کے بیٹے ہیں، کیا ہی اچھا ہو کہ ہم آپس میں حلیف بن جائیں،ایک دوسرے کی مدد کریں اور فائدہ حاصل کریں،چنانچہ بنوخزاعہ کے سردار عبد المطلب کے پاس آئے اور کہا اے ابو الحارث!جس طرح بنونجار سے آپ کا تعلق ہے کہ وہ آپ کے ننجیال ہیں اسی طرح ہم بھی آپ کے ننھیال سے تعلق رکھتے ہیں اور پھر ہم ایک دوسرے کے پڑوسی بھی ہیں،پرانے دن نکل گئے اور دلوں سے کینے نکل گئے،آیئے!ہم آپس میں ایک دوسرے کے حلیف بن جائیں،عبد المطلب کو یہ بات پسند آئی اور انہوں نے اس مشورے کو قبول کرلیا۔ [1]

کیونکہ بنونوفل اور عبد شمس نے اس معاہدے کو اپنے مفادات کے خلاف سمجھتے تھے اس لیے اس میں شریک نہ ہوئے۔اب جبکہ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے بنوخزاعہ کے ایک شخص کو بنی نوفل کے سردار کے پاس بھیجنے کے لیے منتخب کیا تو یہاں درحقیقت مذکورہ تاریخی واقعات کی طرف اشارہ کرنا اور عبد المطلب اور بنوخزاعہ کے درمیان معاہدے کی یاد دہانی کرنا مقصود تھا جو بنونوفل اور بنوشمس کے خلاف طے پایا تھا،اور مقصد یہ تھا کہ لوگ سمجھ لیں کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم مکہ مکرمہ میں کمزور بن کر بیٹھے نہیں رہیں گے بلکہ بنوخزاعہ سے تعلقات استوار کریں گے یا خزرج سے مدد مانگیں گے جیسے آپ کے دادا عبد المطلب نے کیا تھا،اور رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم درحقیقت مطعم بن عدی سے اس لیے پناہ حاصل کرنا چاہتے تھے

---

[1] انساب الاشراف للبلاذری۷۱/۱

کہ اس کی طرف سے آپ ﷺ کو ڈرانے اور دھمکانے کا سلسلہ رک جائے، اور مطعم بن عدی آپ ﷺ کی حمایت کسی مہربانی اور نیکی کے جذبے سے نہیں کر رہا تھا بلکہ وہ تو صرف اپنے مفاد اور پوزیشن مستحکم کرنے کے لیے کر رہا تھا اور قریش نبی ﷺ کو بنو نوفل کے پہرے میں جاتے خاموشی سے اس لیے دیکھ رہے تھے کہ وہ بنو نوفل کی تلواروں سے خائف نہ تھے بلکہ وہ بنو خزاعہ کی تلواروں اور خزرج کے تیر کمانوں سے خائف تھے۔ [1]

رسول اللہ ﷺ نے اس دور کے رواج کے مطابق پناہ تو ضرور حاصل کی مگر اس پناہ کی بنا پر آپ ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دعوت و تبلیغ کے کام میں کوئی فرق نہیں پڑا، رسول اللہ ﷺ نے مطعم بن عدی کے اس احسان کو یاد رکھا اور اسی احسان کے بدلے غزوہ بدر کے دن اسیران بدر کی بابت آپ نے یہ ارشاد فرمایا تھا

لَوْ كَانَ الْمُطْعِمُ بْنُ عَدِيٍّ حَيًّا ثُمَّ كَلَّمَنِي فِي هَؤُلاءِ النَّتْنَى لتركتهم له

اگر آج مطعم بن عدی زندہ ہوتا اور پھر مجھ سے ان لوگوں کے بارے میں کچھ کلام کرتا تو میں اس کی رعایت سے ان سب کو یک لخت چھوڑ دیتا۔ [2]

مطعم بن عدی نے پناہ دی تو حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے ان کی اس جرات وجانبازی یا یوں تذکرہ کیا۔

أَجَرْتَ رَسُولَ اللَّهِ مِنْهُمْ فَأَصْبَحُوا عَبِيدَكَ مَا لَبَّى مُهِلٌّ وَأَحْرَمَا

تم نے رسول اللہ ﷺ کو مکہ والوں سے پناہ دی وہ تمہارے غلاموں کی طرح سہم کر رہ گئے۔ جب تک احرام باندھے جائیں گے اور صدائے لبیک پکاری جائے گی تمہاری جرات کو داد دی جاتی رہے گی۔

فَلَوْ سُئِلَتْ عَنْهُ مَعَدٌّ بِأَسْرِهَا وَقَحْطَانُ أَوْ بَاقِي بَقِيَّةِ جُرْهُمَا

اگر قبیلہ معد (قریش) قحطان اور بنو جرہم کے بچے کھچے افراد سے مطعم کے بارے میں پوچھا جائے

لَقَالُوا هُوَ الْمُوفِي بِخُفْرَةِ جَارِهِ وَذِمَّتِهِ يَوْمًا إِذَا مَا تَذَمَّمَا

تو وہ پکار اٹھیں گے وہی تو ایسا باوفا ہے کہ جب کسی کو پناہ دے دے یا کسی کا ذمہ اٹھالے تو اپنی پناہ اور ذمے کا بہت پاس رکھتا ہے۔ (ابن ہشام ۱/۳۸۰)

اور البداية والنهاية میں یہ شعر یوں ہیں۔

فَلَوْ كان مجد مخلد اليوم واحد من النَّاس نجي مَجْدُهُ الْيَوْمَ مُطْعِمَا

اگر آج کسی شخص کو اس کی بزرگی اور نیک نامی نجات دے سکتی تو وہ مطعم بن عدی ہوتا

أَجَرْتَ رَسُولَ اللَّهِ مِنْهُمْ فَأَصْبَحُوا عِبَادَكَ مَا لَبَّى مُحِلٌّ وَأَحْرَمَا

---

[1] اصول الفکرالسیاسی للتجانی عبدالقادرصفحہ۱۸۰

[2] صحیح بخاری کِتَابُ المَغَازِي باب ۴۰۲۴،سنن ابوداود کِتَاب الْجِهَادِ بَابٌ فِي الْمَنِّ عَلَى الْأَسِيرِ بِغَيْرِ فِدَاءٍ ۲۶۸۹،عیون الاثر۱/۱۵۷

اے مطعم! تونے رسول اللہ ﷺ کو لوگوں سے تحفظ دلایا تو سب تیرے ایسے مطیع ہو گئے کہ تیری اجازت کے بغیر کسی نے نہ تلبیہ پکارا اور نہ احرام باندھا

فَلَوْ سُئِلَتْ عَنْهُ مَعَدٌّ بِأَسْرِهَا وَقَحْطَانُ أَوْ بَاقِي بَقِيَّةِ جُرْهُمَا لَقَالُوا هُوَ الْمُوفِي بِخُفْرَةِ جَارِهِ وذمته

پس اگر مطعم کے بارے میں بنو معد، بنو قحطان اور بنو جرہم کے باقی ماندہ قبائل سے پوچھا جائے تو وہ کہیں گے اپنے پڑوسی سے عہد نبھانے والا اور ذمہ داری عائد ہونے کی صورت میں اسے پورا کرنے والا تھا

يوماً إذا ما تجشما وَمَا تَطْلُعُ الشَّمْسُ الْمُنِيرَةُ فَوْقَهُمْ عَلَى مِثْلِهِ فيهم أعز وأكرما إباءً إِذَا يَأْبَى وَأَلْيَنَ شِيمَةً

اور اس سے زیادہ عزت و شرف کے مالک شخص پر آج تک روشن سورج طلوع نہیں ہوا وہ عزت نفس اور اچھی طبیعت کا مالک ہے

وَأَنْوَمَ عَنْ جَارٍ إِذَا اللَّيْلُ أَظْلَمَا قُلْتُ وَلِهَذَا

اور جب رات کا اندھیرا چھا جائے تو وہ پڑوسی سے برا سلوک نہیں کرتا۔[1]

طفیل رضی اللہ عنہ بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ کا قبول اسلام

وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلَى مَا يَرَى مِنْ قَوْمِهِ، يَبْذُلُ لَهُمْ النَّصِيحَةَ، وَيَدْعُوهُمْ إِلَى النَّجَاةِ مِمَّا هُمْ فِيهِ. وَجَعَلَتْ قُرَيْشٌ، حِينَ مَنَعَهُ اللَّهُ مِنْهُمْ، يُحَذِّرُونَهُ النَّاسَ وَمَنْ قَدِمَ عَلَيْهِمْ مِنْ الْعَرَبِ ،كَانَ الطُّفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو الدَّوْسِيُّ يُحَدِّثُ أَنَّهُ قَدِمَ مَكَّةَ، وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَا فَمَشَى إِلَيْهِ رِجَالٌ مِنْ قُرَيْشٍ، وَكَانَ الطفيل رَجُلًا شَرِيفًا شَاعِرًا لَبِيبًا

رسول اللہ ﷺ اپنی قوم سے ایسی تکالیف اٹھانے کے باوجود ان کی نصیحت کے خواہاں رہتے تھے اور ان کی نجات کے خواستگار تھے اور قریش کا یہ قاعدہ تھا کہ وہ ہر ایک آنے والے کو جو مکہ معظّمہ میں آتا رسول اللہ ﷺ کی طرف سے اس قدر بہکاتے تھے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے قریب بھی نہ آتا اور نہ آپ کا کلام سننا پسند کرتا، طفیل رضی اللہ عنہ بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے کہ وہ مکہ معظّمہ میں آئے اور رسول اللہ ﷺ وہیں مقیم تھے، قریش کے چند آدمی خاص طور پر ان کے پاس آئے، طفیل رضی اللہ عنہ بن عمرو عرب کے مشہور قبیلہ دوس کے سردار، شاعر اور دانش مند آدمی تھے

قَالُوا لَهُ: إِنَّكَ قَدِمْتَ بِلَادَنَا، وَإِنَّ هَذَا الرَّجُلَ وَهُوَ الَّذِي بَيْنَ أَظْهُرِنَا فَرَّقَ جَمَاعَتَنَا، وَشَتَّتَ أَمْرَنَا، وَإِنَّمَا قَوْلُهُ كَالسِّحْرِ يُفَرِّقُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَابْنِهِ، وَبَيْنَ الْمَرْءِ وَأَخِيهِ، وَبَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهِ، وَإِنَّمَا نَخْشَى عَلَيْكَ وَعَلَى قَوْمِكَ مَا قَدْ حَلَّ عَلَيْنَا، فَلَا تُكَلِّمْهُ وَلَا تَسْمَعْ مِنْهُ،قَالَ: فَوَاللَّهِ مَا زَالُوا بِي حَتَّى أَجْمَعْتُ أَنْ لَا أَسْمَعَ مِنْهُ شَيْئًا، وَلَا أُكَلِّمَهُ حَتَّى حَشَوْتُ فِي أُذُنَيَّ حِينَ غَدَوْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ كُرْسُفًا، فَرَقًا مِنْ أَنْ يَبْلُغَنِي شَيْءٌ مِنْ قَوْلِهِ.

مشرکین مکہ کہنے لگے (جیسے ہر آنے والے کے کانوں میں یہ بات ڈالتے تھے) تو ہمارے علاقہ میں آیا ہے اور یہ آدمی (محمد ﷺ)

[1] البداية والنهاية ۳/۱۶۹

جو ہمارے پاس ہے اس نے ہماری جمعیت کو پراگندہ کر دیا ہے اور ہمارے ہر کام کو تقسیم کر رہا ہے، اس کی بات میں جادو جیسا اثر ہے وہ اپنے کلام سے انسان اور اس کے باپ کے درمیان، ایک انسان اور اس کے بھائی کے درمیان، ایک انسان اور اس کی بیوی کے درمیان تفریق ڈال دیتے ہیں اور ہمیں تمہارے اور تمہاری قوم کے متعلق بھی وہی خطرہ ہے جس سے ہم دوچار ہو رہے ہیں اس لئے ہماری نصیحت ہے کہ نہ تو ان سے ملیں اور نہ ان کی کوئی بات سنیں، چنانچہ وہ کہتے ہیں اللہ کی قسم! وہ برابر میرے پیچھے لگے رہے یہاں تک کہ میں نے مصمم ارادہ کرلیا کہ وہ نہ تو محمد ﷺ سے کوئی بات کروں گا اور نہ ہی کوئی گفتگو سنوں گا چنانچہ میں نے اپنے کانوں میں روئی ٹھونس لی کہ مبادا کوئی ایسی بات ان کے کانوں میں نہ پڑ جائے جس سے ان کا آبائی دین خراب ہو جائے اور وہ معبودوں کے قہر و غضب کا شکار ہو جائیں، مگر اللہ کی مشیت کے آگے کس کی چلتی ہے وہ جسے چاہتا ہے ہدایت عطا فرما دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے گمراہ کر دیتا ہے،

قَالَ: فَغَدَوْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يُصَلِّي عِنْدَ الْكَعْبَةِ، فَقُمْتُ قَرِيبًا مِنْهُ، فَأَبَى اللَّهُ إِلَّا أَنْ يُسْمِعَنِي بَعْضَ قَوْلِهِ، فَسَمِعْتُ كَلَامًا حَسَنًا فَقُلْتُ فِي نَفْسِي: وَاثُكْلَ أُمِّيَاهُ، وَاللَّهِ إِنِّي لَرَجُلٌ لَبِيبٌ شَاعِرٌ، مَا يَخْفَى عَلَيَّ الْحَسَنُ مِنَ الْقَبِيحِ، فَمَا يَمْنَعُنِي أَنْ أَسْمَعَ مِنْ هَذَا الرَّجُلِ مَا يَقُولُ؟ فَإِنْ كَانَ مَا يَقُولُ حَسَنًا قَبِلْتُ، وَإِنْ كَانَ قَبِيحًا تَرَكْتُ

ایک دن جب میں صبح کے وقت حرم میں گیا جہاں رسول اکرم ﷺ نماز ادا فرما رہے تھے، اللہ کا کرنا یہ ہوا کہ طفیل رضی اللہ عنہ کے کانوں سے ٹھونسی ہوئی روئی نکل گئی جس سے اللہ کا پاکیزہ کلام ان کے کانوں میں پہنچا، وہ اس کلام کی پاکیزگی، الفاظ کی شیرینی اور مضامین کی گہرائی میں ڈوب گئے، انہوں نے اپنے دل میں کہا میری ماں مرے! واللہ میں ماہر فن شاعر ہوں، مجھ سے کلام کا حسن و قبح پوشیدہ نہیں، پھر میرے لئے اس شخص کی بات سننے میں کیا حرج ہے؟ وہ جو کلام پیش کرتے ہیں اگر وہ بھلا ہے تو میں اسے قبول کرلوں گا اور اگر ایسا نہیں ہے تو چھوڑ دوں گا

قَالَ: فَمَكَثْتُ حَتَّى انْصَرَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى بَيْتِهِ، فَتَبِعْتُهُ حَتَّى إِذَا دَخَلَ بَيْتَهُ دَخَلْتُ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا مُحَمَّدُ! إِنَّ قَوْمَكَ قَدْ قَالُوا لِي: كَذَا وَكَذَا، فَوَاللَّهِ مَا بَرِحُوا يُخَوِّفُونِي أَمْرَكَ حَتَّى سَدَدْتُ أُذُنَيَّ بِكُرْسُفٍ لِئَلَّا أَسْمَعَ قَوْلَكَ، ثُمَّ أَبَى اللَّهُ إِلَّا أَنْ يُسْمِعَنِيهِ، فَسَمِعْتُ قَوْلًا حَسَنًا، فَاعْرِضْ عَلَيَّ أَمْرَكَ، فَعَرَضَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْإِسْلَامَ، وَتَلَا عَلَيَّ الْقُرْآنَ

یہ سوچ کر وہ وہیں رکے رہے، جب رسول اللہ ﷺ گھر کی طرف لوٹے تو یہ بھی ان کے پیچھے پیچھے چل پڑے، جب رسول اللہ ﷺ گھر میں داخل ہوئے تو یہ بھی اندر داخل ہو گئے اور عرض کیا اے محمد ﷺ! آپ کی قوم نے مجھ سے ایسا ایسا بیان کیا تھا اور اللہ کی قسم! وہ مجھے تمہارے معاملہ میں خوف دلاتے رہے آخر میں نے روئی سے اپنے کان بند کر لیے تاکہ میں آپ کا کلام نہ سن سکوں لیکن اللہ نے مجھے آپ کا کلام سنا ہی ڈالا اور بہت ہی اچھا کلام سنایا آپ کس چیز کی طرف دعوت دیتے ہیں وہ بیان کریں؟ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اسلام کی تبلیغ فرمائی اور کلام اللہ سے کچھ آیات سنائیں،

ایک روایت میں ہے

ثُمَّ قرا اعوذ بِاللَّه من الشَّيْطَان الرَّجِيم بِسم الله الرَّحْمَن الرَّحِيم قل هُوَ الله أحد الله الصَّمد إِلَى آخرهَا ثمَّ قَرَأَ قل

أعوذ برَبّ الفلق

آپ ﷺ نے سورۂ اخلاص اور معوذتین کی تلاوت فرمائی۔[1]

فَلَا وَاللَّهِ مَا سَمِعْتُ قَوْلًا قَطُّ أَحْسَنَ مِنْهُ، وَلَا أَمْرًا أَعْدَلَ مِنْهُ، فَأَسْلَمْتُ وَشَهِدْتُ شَهَادَةَ الْحَقِّ

اسلام سے دور وہی رہ سکتا ہے جس کے دل میں کجی ہو ورنہ اسلام کی حقانیت کو تسلیم اور اس کی تعلیمات کو قبول کیے بغیر کوئی چارہ نہیں چنانچہ طفیل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں اللہ کی قسم! میں نے قرآن کریم سے بہتر کبھی کوئی کلام سنا ہی نہیں تھا اور نہ ان سے بہتر عدل والی بات کبھی سنی تھی چنانچہ میں نے فوراً صدق دل سے دعوت اسلام کو قبول کرلیا اور میں نے حق کی گواہی دی، قریش کو ایسے شخص کا مسلمان ہونا نہایت ہی شاق گزرا،

وَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ؛ إِنِّي امْرُؤٌ مُطَاعٌ فِي قَوْمِي، وَإِنِّي رَاجِعٌ إِلَيْهِمْ، فَدَاعِيهِمْ إِلَى الْإِسْلَامِ، فَادْعُ اللَّهَ لِي أَنْ يَجْعَلَ لِي آيَةً تَكُونُ عَوْنًا لِي عَلَيْهِمْ، فِيمَا أَدْعُوهُمْ إِلَيْهِ، فَقَالَ:اللَّهُمَّ اجْعَلْ لَهُ آيَةً، قَالَ: فَخَرَجْتُ إِلَى قَوْمِي حَتَّى إِذَا كُنْتُ بِثَنِيَّةٍ تُطْلِعُنِي عَلَى الْحَاضِرِ، وَقَعَ نُورٌ بَيْنَ عَيْنَيَّ مِثْلُ الْمِصْبَاحِ، قُلْتُ: اللَّهُمَّ فِي غَيْرِ وَجْهِي إِنِّي أَخْشَى أَنْ يَظُنُّوا أَنَّهَا مُثْلَةٌ وَقَعَتْ فِي وَجْهِي لِفِرَاقِي دِينِهِمْ،قَالَ: فَتَحَوَّلَ فَوَقَعَ فِي رَأْسِ سَوْطِي كَالْقِنْدِيلِ الْمُعَلَّقِ، وَأَنَا أَنْهَبِطُ إِلَيْهِمْ مِنَ الثَّنِيَّةِ حَتَّى جِئْتُهُمْ، وَأَصْبَحْتُ فِيهِمْ

طفیل رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ! میری قوم میری بات مانتی ہے، میں ان میں پہنچ کر اسلام کی تبلیغ کروں گا آپ اللہ سے دعا فرمائیں کہ وہ مجھے کوئی ایسی نشانی عطا فرمادے جو میری تبلیغ میں میری معین ومددگار ثابت ہو، ان کی اس درخواست پر رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی اے اللہ! کوئی نشانی عطا فرما، پھر میں اپنی قوم میں واپس آیا جب میں اپنے علاقہ کے ٹیلے پر پہنچا تو میری دونوں آنکھوں کے مابین چراغ کی مانند ایک نور چمکنے لگا، یہ دیکھ کر میں نے اللہ سے دعا کی اے اللہ! یہ نور میرے چہرے کے علاوہ کسی اور جگہ ظاہر ہو کیونکہ مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں موجودہ نور سے میری قوم والے یہ نہ سمجھ لیں کہ ان کا دین چھوڑ دینے کی وجہ سے میری جسمانی ہیئت میں تبدیلی ہوگئی ہے ، فرماتے ہیں اللہ نے ان کی دعا قبول فرمائی اور وہ نور میری پیشانی سے ہٹ گیا اور قندیل کی طرح میرے کوڑے کے سرے پر نمودار ہو گیا، روایت ہے

فَكَانَتْ تُضِيءُ فِي اللَّيْلَةِ الْمُظْلِمَةِ،يُقَالَ لَهُ ذُو النُّورِ

جب اندھیری رات ہوتی تو یہ کوڑا اسی طرح روشن ہوجاتا اسی وجہ سے طفیل رضی اللہ عنہ ذی النور یعنی نور والے کے لقب سے مشہور ہوئے۔

چنانچہ جب میں بلندی سے نیچے اتر رہا تھا حتی کہ میں ان کے پاس پہنچا جب میں پہنچا تو صبح ہوگئی

فَلَمَّا نَزَلْتُ، أَتَانِي أَبِي، وَكَانَ شَيْخًا كَبِيرًا، فَقُلْتُ: إِلَيْكَ عَنِّي يَا أَبَتِ، فَلَسْتَ مِنِّي، وَلَسْتُ مِنْكَ،قَالَ: لِمَ يَا بُنَيَّ؟ قُلْتُ: قَدْ أَسْلَمْتُ وَتَابَعْتُ دِينَ مُحَمَّدٍ قَالَ: يَا بُنَيَّ فَدِينِي دِينُكَ، قَالَ فَقُلْتُ: اذْهَبْ فَاغْتَسِلْ وَطَهِّرْ ثِيَابَكَ، ثُمَّ تَعَالَ حَتَّى أُعَلِّمَكَ مَا عَلِمْتُ،قَالَ: فَذَهَبَ فَاغْتَسَلَ وَطَهَّرَ ثِيَابَهُ، ثُمَّ جَاءَ فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ الْإِسْلَامَ، فَأَسْلَمَ

جب میں نیچے پہنچ گیا تو میرے پاس میرا باپ آیا وہ بوڑھا آدمی تھا میں نے اسے کہا اے میرے والد! آپ مجھ سے دور رہیں کیونکہ اب نہ

[1] الخصائص الکبری ۱٫۲۲۶

میں آپ کا ہوں اور نہ آپ میرے ان کے والد نے حیران ہو کر کہا اے میرے پیارے بیٹے! کیا ہو گیا؟ طفیل رضی اللہ عنہ نے کہا میں مسلمان ہو گیا ہوں اور دین محمد کی اتباع میں آ چکا ہوں، والد نے کہا تو بیٹے میرا بھی وہی دین ہے جو تیرا ہے، میں نے کہا اچھا جاؤ اور غسل کرو، نئے کپڑے پہنو پھر میرے پاس آؤ تا کہ میں تمہیں وہ سکھاؤں جو میں نے سیکھا ہے، کہتے ہیں وہ گئے اور غسل کیا اور اپنے کپڑے پاک کیے پھر میرے پاس آئے اور میں نے اس کے سامنے اسلام کو پیش کیا اور انہوں نے اسلام قبول کر لیا

ثُمَّ أَتَتْنِي صَاحِبَتِي، فَقُلْتُ لَهَا: إِلَيْكِ عَنِّي فَلَسْتُ مِنْكِ وَلَسْتِ مِنِّي.قَالَتْ: لِمَ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي؟ قُلْتُ فَرَّقَ الْإِسْلَامُ بَيْنِي وَبَيْنَكِ، أَسْلَمْتُ وَتَابَعْتُ دِينَ مُحَمَّدٍ قَالَتْ: فَدِينِي دِينُكَ، قَالَ: قُلْتُ: فَاذْهَبِي فَاغْتَسِلِي، فَفَعَلَتْ ثُمَّ جَاءَتْ فَعَرَضْتُ عَلَيْهَا الْإِسْلَامَ فَأَسْلَمَت، فَقَالَتْ: بِأَبِي أَنْتَ أَتَخَافُ عَلَى الصِّبْيَةِ مِنْ ذِي الشَّرَى شَيْئًا؟ قُلْتُ: لا. أَنَا ضَامِنٌ لِمَا أَصَابَكِ

پھر میری بیوی آئی میں نے اس سے کہا تو یہاں سے چلی جا تیرا میرا کسی قسم کا کوئی تعلق نہیں ہے، میرے ماں باپ تجھ پر قربان یہ کیوں؟ میں نے کہا اسلام نے میرے اور تمہارے درمیان حد فاصل پیدا کر دی ہے میں مسلمان ہو چکا ہوں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کو اختیار کر لیا ہے، وہ کہنے لگی تیرا دین ہی میرا دین ہے، میں نے کہا اچھا جاؤ پہلے غسل کر واس نے ایسا ہی کیا پھر واپس آئی میں نے اس پر اسلام پیش کیا اور وہ مسلمان ہو گئی، استھانوں کے رکھوالوں اور پجاریوں نے بتوں کی طاقت و قوت کے بے شمار افسانے لوگوں میں پھیلا رکھے تھے تا کہ لوگ ان سے مرعوب رہیں اور ان کے حضور چڑھاوے وغیرہ چڑھاتے رہیں اور ان کی جیب بھرتی رہے، اسی وجہ سے ان کی بیوی نے پوچھا میرے دین تبدیل کرنے سے مجھے اپنے قبیلے کے بت ذی الشرٰی سے تو کوئی خطرہ نہ ہو گا؟ طفیل رضی اللہ عنہ نے کہا ہرگز نہیں، یہ بے بس مجسمے تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے میں اس کا ذمہ لیتا ہوں،

ثُمَّ دَعَوْتُ دَوْسًا إِلَى الْإِسْلَامِ، فَلم يجبهُ إِلَّا أَبُو هُرَيْرَةَ،قَدِمَ طُفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو الدَّوْسِيُّ وَأَصْحَابُهُ، عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ دَوْسًا عَصَتْ وَأَبَتْ، فَادْعُ اللَّهَ عَلَيْهَا، فَقِيلَ: هَلَكَتْ دَوْسٌ، قَالَ: اللَّهُمَّ اهْدِ دَوْسًا وَأْتِ بِهِمْ

پھر میں نے قبیلہ دوس کو دعوت اسلام پیش کی مگر اس قبیلہ کے ایک سلیم الفطرت شخص ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے سوا سب نے اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا مگر طفیل رضی اللہ عنہ بن عمرو دوسی اپنے ساتھیوں کے ساتھ دوبارہ رسول مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! قبیلہ دوس کے لوگ سرکشی پر اتر آئے ہیں اور اللہ کا کلام سننے سے انکار کرتے ہیں، آپ ان پر بددعا فرمائیں، مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی اے اللہ دوس کو ہدایت دے اور مسلمان بنا کر یہاں بھیج۔[1]

ثُمَّ قَالَ: ارْجِعْ إِلَى قَوْمِكَ فَادْعُهُمْ إِلَى اللَّهِ، وَارْفُقْ بِهِمْ، فَرَجَعْتُ إِلَيْهِمْ، فَلَمْ أَزَلْ بِأَرْضِ دَوْسٍ أَدْعُوهُمْ إِلَى اللَّهِ، ثُمَّ قَدِمْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَيْبَرَ، فَنَزَلْتُ الْمَدِينَةَ بِسَبْعِينَ أَوْ ثَمَانِينَ بَيْتًا مِنْ دَوْسٍ، ثُمَّ لَحِقْنَا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَيْبَرَ، فَأَسْهَمَ لَنَا مَعَ الْمُسْلِمِينَ

[1] صحیح بخاری کتاب الجهاد بَابُ الدُّعَاءِ لِلْمُشْرِكِينَ بِالهُدَى لِيَتَأَلَّفَهُمْ ۲۹۳۷

پھر طفیل رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا کہ اپنے قبیلہ میں جا کر انہیں محبت اور نرمی سے اسلام کی تبلیغ کرو چنانچہ واپس آ کر انہوں نے حسب ہدایت تبلیغ اسلام کا کام شروع کر دیا، اب دعائے نبوی کی برکت سے طفیل رضی اللہ عنہ کی تبلیغ نے بڑا اثر کیا اور قبیلہ دوس کے بیشتر لوگوں نے اسلام قبول کر لیا، غزوہ خیبر کے زمانے میں دوس کے اسی (۸۰) خاندان اپنے وطن سے ہجرت کر کے مدینہ طیبہ چلے آئے، ان میں طفیل رضی اللہ عنہ بن عمرو اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے۔ [۱]

---

[۱] زادالمعاد۵۴۶؍۳،ابن ہشام۳۸۲؍۱ ،الروض الانف۲۲۶؍۳ ،عیون الآثر۱۶۲؍۱، دلائل النبوۃ للبیہقی ۳۶۰؍۵، ابن سعد۱۷۹؍۴، الاستیعاب فی معرفة الاصحاب ۷۶۱،۷۶۰؍۲،السیرة النبویة لابن کثیر ۷۲؍۲